ایک قصہ نوٹ قیمتی ایکہ اور ہر جلد اخبار کلان ۱۵۰ اور ۱۵۰ ورق ۱۹ الف آباد کا کشمیری دوشیزہ کی کہانی سچی سچی سوانح عمری ہے جو کہ حرکت نکاح ہوئی ہے جو کہ بھرا ہوا ہے جو کہ ایک سو روپیہ انعام دیا جاوے گا المشتہر گرین دوس ایجنٹ لاہور

ڈاکٹر حسن خان ڈنٹسٹ انارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں۔

دانتوں کا مصنوعی فی ہوئنس عمدہ نصف اونس ۸ روپے

نادر جنتری

بابت سنہ ۱۸۹۵ء

پیسہ اخبار کی نادر جنتری جس کا سکہ تمام اردو خوان دنیا میں بیٹھ چکا ہے سنہ ۱۸۹۵ء کی لئے زیر طبع ہے اور عنقریب تیار ہونے والی ہے خریداروں کی درخواستیں موصول ہو رہی ہیں جنتری ہر سال بیسیوں نئے قابل مضامین درج کئے گئے ہیں جو اگلے سالوں میں جنتری میں حسب دستور نقل کئے جا سکتے ہیں

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

اشتہارات

باجلاس دیوان رام سنگھ صاحب تحصیلدار پشین

بنام { بہادر خان ولد ... سکنہ بازار ... ستان مدعا علیہ

دعوے معہ

قدر مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ روپوش ہے اور باوجود تلاش کے پتہ سکونت اسکا نہیں ملتا اس لئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ تاریخ ۹ دسمبر ۹۴ء کو حاضر عدالت ہوکر پیروی مقدمہ نہ کریگا تو بموجب دفعہ (۱۰۰) ضابطہ دیوانی تجویز مقدمہ یکطرفہ عمل میں آویگی۔

باجلاس سردار محمد رحیم خان صاحب نائب تحصیلدار پشین

مدعی { محمود ولد نامعلوم سکنہ غدا ... دوزی } بنام { مدعا علیہ

دعوے معہ

قدر مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ روپوش ہے اور باوجود تلاش کے کچھ مدعا علیہ کا نہیں ملتا اس لئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ مسمی تاریخ ۹ دسمبر ۹۴ء کو حاضر عدالت ہوکر پیروی مقدمہ نہیں کریگا تو بموجب دفعہ (۱۰۰) ضابطہ دیوانی یکطرفہ عمل میں آویگی۔

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی باجلاس شیخ ایزد بخش صاحب منصف درجہ دوم پرگنہ اشنغر ضلع ہزارہ

مدعی { رلدہ موسی رام قوم برہمن ... مقام گلوٹا کل تحصیل اشنغر } بنام { ولد یا لوزات برہمن ساکن ... موضع جبہہ تحصیل اشنغر } مدعا علیہ

دعوے ۱۰۰ روپیہ

قدر مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے مقدمہ دیوانی ہذا میں پیش نہیں ہوتا اس لئے یہ اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ تاریخ ۲۰ دسمبر ۹۴ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہوکر جواب دہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔

بعدالت دیوانی اجلاس باولہ سول جج صاحب منصف درجہ دوم ٹھالہ ضلع گورداسپورہ

مدعی ولد دیارام ذات کہتری ... ساکن ... مدعا علیہ ولد جوان ذات جٹ ساکن ... موضع چوہدریوالہ تحصیل ٹھالہ مدعا علیہ

دعوے ۱۰۰ روپے

مدعی ... اور رپورٹ پیادہ کے پایا جاتا ہے کہ مدعا علیہ کہیں بار ... گیا ہوا ہے ٹھیک پتہ معلوم نہیں ہوسکا لہذا یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ ضابطہ دیوانی دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ اصالتاً یا وکالتاً بتاریخ ... دسمبر ۹۴ء کو حاضر عدالت نہ ہوگا تو اسکی نسبت کارروائی ...

ضرورت ہے ایک لائق ماشکی بنڈل سے اوپر کی جماعتوں کو پڑھا سکتا ہو۔ فارسی بھی جانتا ہو۔ انٹرنس پاس اور تجربہ کار کو ترجیح ہوگی وغیرہ کا فیصلہ خط و کتابت سے ہوسکتا ہے۔

مرزا احمد بیگ ڈاگٹ وجنرل سرجنٹ ہسپتال

کارخانہ پنجاب سپورٹس ورکس

بسرپرستی جناب لیفٹننٹ گورنر بہادر پنجاب۔ مہاراجہ صاحب جموں و کشمیر۔ مہاراجہ صاحب ملک میسور۔ مہاراجہ صاحب ٹراونکور۔ مہاراجہ صاحب کپورتھلہ۔ حضور ٹھاکر صاحب گونڈال کاٹھیاوار۔ لارڈ رابرٹس اف قندہار۔ سابق کمانڈر انچیف افواج ہند سے لیکر ہزارہا سول و ملٹری افسروں نے ہمکو اسناد و سارٹیفکیٹ دیئے اور اس سال کی نمائش پنجاب میں ہمکو سب سے اول نمبر کا ڈپلوما ملا ہے ہمارے ساخت اب تعریف کی محتاج نہیں۔ نقول اسناد و سارٹیفکیٹ درستگی کے واسطے نمونہ جات منگوا کر دیکھ لیجئے۔

سامان کرکٹ۔ کرکٹ بیٹ شقی فی عدد ۴ سٹمپ کین بنڈل فی عدد ۱۲ بال کین فی عدد ۱۲ بریسٹ کین بیٹ شقی فی عدد ۱۲ بیٹ شقی فی سٹ ۱۲ بیٹ شقی فی سٹ ۱۲ بیٹ شقی فی سٹ

جھکو اس بات کی طرف سے اپنی آنکھین بند کرنے سے کچھہ فایدہ نہین ہے کہ جن صورتون مین زمین پر قبضہ ہوتا ہے انکے متعلق اور کاشتکارون کی حالت کے متعلق اب ہی ایسے نہایت اہم مسائل موجود ہین جو تصفیہ کے محتاج ہین ایسی خرابیان ہین جو آبادی کی افزونی اور زمین کی بابت سرمایہ کے صرف کرنے کی روز افزون ضرورتون کے ساتھہ پیدا ہوتی ہین اور جو بغیر لحاظ کے انکا انتظام نہ کیا جاوے اور وہ روکی نہ جاوین تو ان شخصون کی قوتون کو کم زور کر دیتی ہین جو اپنی آزادی کے محفوظ رکھنے کے لئے جدوجہد کرتے ہین اور سالکان اور تقابضان کے درمیان ناپسندیدہ تعلقات پیدا کرتی ہین۔ تم اسبات پر یقین کرلو کہ گورنمنٹ ان مسئلون کو ہمدردی اور نیز احتیاط کے ساتھہ حل کریگی اور اپنے نزدیک مین اسبات کا دعویٰ کرسکتا ہون کہ گورنمنٹ نے اس قسم کی ہمدردی اور احتیاط اس رزولیوشن مین ظاہر کی ہے جو اس نے حال مین جنگلات کے انتظام کے باب مین جاری کیا ہے جس کی جانب میرے آنریبل مشیر سوائے سیکڈ انل نے اسقدر وقت اور توجہ صرف کی ہے۔ کوئی گورنمنٹ لوگون کے اس فرقہ کی پریشانی کو بے پروائی کی نگاہ سے نہین دیکھہ سکتی ہے جس نے یہان پنجاب مین امن اور ترائی کے وقت اکثر اوقات اپنے تمن سالمت کے حق مین مثل ریزہ کی ہڈی کے ثابت کیا ہے۔

مین آپ سے تعلیم کے شائستہ بنانے والے نتیجون کی نسبت گفتگو کرنا چاہتا تہا مگر مین نے اب بڑی دیر تک آپ کی سامعہ خراشی کی ہے اور مجھکو اس کے واسطے کوئی دوسرا موقع لینا پڑیگا۔ مین اب چند الفاظ زمانہ گذشتہ کی نصیحتون کو زمانہ آیندہ کے فرایض کے ساتھہ ملانے کے لئے کہنا چاہتا ہون۔ اے راجگان و والیان ملک مین آپ کو اس معاملہ مین گورنمنٹ انگریزی کا شریک کرنا چاہتا ہون۔ گورنمنٹ انگریزی ہندوستان کے باشندون کی خیرخواہی کی نسبت اپنا استحقاق فخر کے ساتھہ اپنے انتظام کے انصاف اور بے ریائی اور خیراندیشی پر مبنی کرتی ہے آپ یقین کرلین کہ آپ اس سے زیادہ مستحکم بنیاد پر بھروسہ نہین کرسکتے ہین۔ لوگ یہ بات کہا کرتے تھے کہ وہ ایک سخت روشنی تہی جو ایک تخت پر گرتی تھی وہ اب ہر ایک حکمران کے ہر ایک فعل پر گرتی ہے بلکہ ین کہہ سکتا ہون کہ وہ گورنمنٹ کے ہر ایک عہدہ دار کے فعل پر گرتی ہے۔ مین کچھہ بھی نکتہ چینی کا دشمن نہین ہون اور اگرچہ مین خیال کرتا ہون کہ جو نکتہ چینی گورنمنٹ ہند کی نسبت کیجاتی ہے اسکا کچھہ حصہ مبنا کافی عذر اور شاید بعض اوقات ناواقفیت اور تعصب پر مبنی ہوتا ہے تاہم مین آپ سے یہ بات کہتا ہون کہ گو تم بے ایمانہ اور رذالت آمیز گفتگو کی جیسی ہی حقارت کیون نہ کرو لیکن تم کو اس نکتہ چینی سے جو ایمانداری اور راستبازی کے ساتھہ کیجاوے بچنے کی توقع نہین کرنی چاہئے۔ بجائے انجام دینے فرض کے تفریح مین مصروف رہنا۔ جو آدمی عوام کے فائدہ کے واسطے صرف کرنی چاہئے اسکو اپنے حظ نفس مین صرف کرنا اور ان موقعون کو فراگوش کرنا جو اعلیٰ مرتبہ قدیمی خاندان اور دولت کثیر کے باعث سے آتے ہین۔ یہ باتین اس زمانہ مین لوگون کی نظر غور سے نہین بچ سکتی ہین اور خود ان کی سزا ان کے ساتھہ اس عام ملامت

مین مل جاویگی جسکی نسبت مجھہ پر یہ کہنا فرض ہے کہ وہ اس کی مستحق ہونگی۔ مجھکو اس بات کے معلوم ہونے سے خوشی حاصل ہوئی کہ پنجاب کے والیان ملک کے درمیان ایسے سردار بھی ہین جنہون نے اپنی ذمہ داریون کو سمجھہ لیا ہے اور جنہون نے اپنی ریاستون کے انتظام مین ایک ایسی نظیر ظاہر کی ہے کہ ہم مین سے ہر ایک شخص اس سے نصیحت پکڑ سکتا ہے اور مجھکو بہروسہ ہے کہ جو عمدہ بیج انہون نے بویا ہے وہ بارآور ہوگا پر آپکو کچھہ ہتیارون سے کام دینے کے لئے طلب نہین کیا ہے بلکہ مین آپ سے ایک مقابلہ کی استدعا کرتا ہون اور وہ ایسا مقابلہ ہے جس مین آپ کو کسی ایک رقیب کو ہی مغلوب کرنا نہین ہے بلکہ تمام دنیا کے مقابلہ مین دوڑنا ہے۔ آپ بہت سے فواید کے ساتھہ اس دوڑ مین روانہ ہونگے یعنی ایک نہایت سیراب ملک۔ مستعد اور جفاکش رعایا۔ ذاتی اقبال غیر ملکین مین امن اور اگر آپ اور آپ کی رعایا چاہے تو گہر پر بھی امن موجود ہے۔ پس کیا آپ میری اس استدعا پر عمل کرنے مین خطا کرینگے؟ بہرکیف مین نے حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے نایب السلطنت ہونے کی حیثیت سے اپنا یہ فرض ادا کردیا ہے کہ جہان تک مضبوطی کے ساتھہ مجھہ سے ہوسکا مین نے اس فرض کو آپ کے روبرو ظاہر کردیا جو حضور عمدوحہ کی وفادار رعایا ہونے کی حیثیت سے حضور عمدوحہ کی طرف سے اس حصہ مین جس کے ساتھہ وہ نہایت محبت رکھتی ہین آپ کے ذمہ واجب ہے یعنی یہ کہ آپ کو رہبت باندہین اور امن امان کی وہی فتوحات حاصل کرین جنہون نے حضور ممدوحہ کے عظیم الشان عہد سلطنت کو دوسرے مقامات مین ممتاز اور ہمیشہ کے واسطے قابل یادگار بنادیا ہے۔

سفارشون کا نتیجہ

ابھی چند روز کا عرصہ گذرا کہ ضلع کہنڈوا مین ایک شخص منشی احسن اللہ صاحب کی پاس جگہ اندون ضلع کھنڈوا مین منتقل ہوئی کہ پنجاب کے والیان ملک کے درمیان ایسے سردار بھی ہین جنہون نے اپنی ذمہ داریون کو سمجھہ لیا ہے اور جنہون نے اپنی ریاستون کے انتظام مین ایک ایسی نظیر ظاہر کی ہے کہ ہم مین سے ہر ایک شخص اس سے نصیحت پکڑ سکتا ہے اور مجھکو بہروسہ ہے کہ جو عمدہ بیج انہون نے بویا ہے وہ بارآور ہوگا پر آپکو کچھہ ہتیارون سے کام دینے کے لئے طلب نہین کیا ہے بلکہ مین آپ سے ایک مقابلہ کی استدعا کرتا ہون اور وہ ایسا مقابلہ ہے جس مین آپ کو کسی ایک رقیب کو ہی مغلوب کرنا نہین ہے بلکہ تمام دنیا کے مقابلہ مین دوڑنا ہے۔ آپ بہت سے فواید کے ساتھہ اس دوڑ مین روانہ ہونگے یعنی ایک نہایت سیراب ملک۔ مستعد اور جفاکش رعایا۔ ذاتی اقبال غیر ملکین مین امن اور اگر آپ اور آپ کی رعایا چاہے تو گہر پر بھی امن موجود ہے۔ پس کیا آپ میری اس استدعا پر عمل کرنے مین خطا کرینگے؟ بہرکیف مین نے حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے نایب السلطنت ہونے کی حیثیت سے اپنا یہ فرض ادا کردیا ہے کہ جہان تک مضبوطی کے ساتھہ مجھہ سے ہوسکا مین نے اس فرض کو آپ کے روبرو ظاہر کردیا جو حضور عمدوحہ کی وفادار رعایا ہونے کی حیثیت سے حضور عمدوحہ کی طرف سے اس حصہ مین جس کے ساتھہ وہ نہایت محبت رکھتی ہین آپ کے ذمہ واجب ہے یعنی یہ کہ آپ کو رہبت باندہین اور امن امان کی وہی فتوحات حاصل کرین جنہون نے حضور ممدوحہ کے عظیم الشان عہد سلطنت کو دوسرے مقامات مین ممتاز اور ہمیشہ کے واسطے قابل یادگار بنادیا ہے۔

سفارشون کا نتیجہ

ابھی چند روز کا عرصہ گذرا کہ ضلع کہنڈوا مین ایک شخص منشی احسن اللہ صاحب کی پاس جگہ اندون ضلع کھنڈوا مین منتقل ہوئی کہ پنجاب کے والیان ملک کے درمیان ایسے سردار بھی ہین جنہون نے اپنی ذمہ داریون کو سمجھہ لیا ہے اور جنہون نے اپنی ریاستون کے انتظام مین ایک ایسی نظیر ظاہر کی ہے کہ ہم مین سے ہر ایک شخص اس سے نصیحت پکڑ سکتا ہے اور مجھکو بہروسہ ہے کہ جو عمدہ بیج انہون نے بویا ہے وہ بارآور ہوگا پر آپکو کچھہ ہتیارون سے کام دینے کے لئے طلب نہین کیا ہے بلکہ مین آپ سے ایک مقابلہ کی استدعا کرتا ہون اور وہ ایسا مقابلہ ہے جس مین آپ کو کسی ایک رقیب کو ہی مغلوب کرنا نہین ہے بلکہ تمام دنیا کے مقابلہ مین دوڑنا ہے۔ آپ بہت سے فواید کے ساتھہ اس دوڑ مین روانہ ہونگے یعنی ایک نہایت سیراب ملک۔ مستعد اور جفاکش رعایا۔ ذاتی اقبال غیر ملکین مین امن اور اگر آپ اور آپ کی رعایا چاہے تو گہر پر بھی امن موجود ہے۔ پس کیا آپ میری اس استدعا پر عمل کرنے مین خطا کرینگے؟ بہرکیف مین نے حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے نایب السلطنت ہونے کی حیثیت سے اپنا یہ فرض ادا کردیا ہے کہ جہان تک مضبوطی کے ساتھہ مجھہ سے ہوسکا مین نے اس فرض کو آپ کے روبرو ظاہر کردیا جو حضور عمدوحہ کی وفادار رعایا ہونے کی حیثیت سے حضور عمدوحہ کی طرف سے اس حصہ مین جس کے ساتھہ وہ نہایت محبت رکھتی ہین آپ کے ذمہ واجب ہے یعنی یہ کہ آپ کو رہبت باندہین اور امن امان کی وہی فتوحات حاصل کرین جنہون نے حضور ممدوحہ کے عظیم الشان عہد سلطنت کو دوسرے مقامات مین ممتاز اور ہمیشہ کے واسطے قابل یادگار بنادیا ہے۔

دوست اور رفیق والیٔ افغانستان وارد ہے۔ ہز ہائنس امیر صاحب نے جشن پچھلی بیماری سے شفا پانے کی خبر سننے سے ہم سب نہایت خوش ہوئے تھے ایمانداری کے ساتھ سال بسال کے عہدنامہ کے فرمانبردار رہنے کا یقین کیا ہے۔ ایک غیر محدود سرحد کی مشکلات کسی قدر دور ہو گئی ہیں اور میں امید کرتا ہوں کہ افغان اور انگریزی عہدہ داروں کی کوششوں سے جو کامل اتفاق اور یکدلی کے ساتھ کام کر رہے ہیں وہ بہت جلد الکل رفع دفع ہو جاویگی۔ ہماری غرض اور ارادہ ان پہاڑیوں کے لوٹیرا اور ناتربیت یافتہ شمندوں کے ساتھ جو ہماری سرحدی سرحد پر واقع ہیں۔ اپنے تعلقات کو اس طرح پر مرتب دیکھنے کا ہے کہ اس کے ساتھ امن امان اور جان و مال کی حفاظت قائم رہے جس کی بہت اصرار سے ہمارے عہدنامہ کے فرائض اور ہدایت کی ہدایتیں ہم کو مجبور کرتی ہیں اور ان کے ملک کا نام و نشان ان کے ہاتھ میں چھوڑ دیں اور ان کو پوری پوری خود مختاری اور اپنے اندرونی معاملات میں اپنی دستورات کی پیروی کرنے کی نسبت نہایت کامل آزادی دیں۔ مجھکو اس بات کے کہنے کی حاجت نہیں ہے کہ وزیرستان کے باشندوں کے اچھے اور نرمظ کے ساتھ پیش ہونے سے مجھکو نہایت خوشی حاصل ہوئی ہے لیکن مجھکو امید ہے کہ یہ اول دور ہو جائینگے اور گورنمنٹ موصوف کسی مزاحمت کے اپنے منزل مقصود پر پہنچے۔ دن بہادری سے جو حد کے اس مصیبت زدہ ملک میں قائم کرنے میں کیا کام وہ کر رہا ہے بالغ ہونے کو ہے ہم کو اس اقرار سے خوشی حاصل ہوئی ہے کہ ہمیشہ کی کسی خواہش سے خاص مقصد سے ضلع [illegible] کی اپنے اس مستحکم ارادہ کو ظاہر کرتا ہوں کہ آزادانہ اور مصلحت آمیز ہمسایوں سے دوستانہ تعلقات کے حاصل کرنے کی جو [illegible] کرے۔

پھر یہ ہمارے لئے ایک ایسی بات ہے جس کی ہم صرف پنجاب کی سرحد پر نہیں بلکہ دور دراز مغربی سرحد میں ہم ایران اور افغانستان کے ساتھ اپنے رعب و دبدبہ کی حفاظت اور تاج کے ممکن وقار سبب کے قائم کرنے کی غرض سے کمیشن بھیج رہے ہیں۔ جو معاہدے ہمارے ہمسایوں کے ساتھ ہوئے ہیں ان کے ذریعہ سے ہماری سرحد کے فیصلہ کا اور دونوں ملکوں کے معاملہ ہائے تجارتی کے سہولت سے بجارت کو ترقی دینے کا بندوبست کیا گیا ہے جو ہم نے خاص کر ہاتھ میں آمد و رفت کے معاملہ میں ان شرائط کا جو ہمکو ہمارے ہم سایہ اپنی آزادی کے قائم رکھنے واسطے ضروری کرنے ہیں گو ہماری نظر میں وہ بہت ضروری معلوم ہوں اس فخر حاصل ہوا ہے کہ تبت کے ساتھ تجارت چلانے کرنے سے معاہدہ ہو گیا ہے اور ہمارے دلیر رفیق و ہمالیوں کے [illegible] دوستانہ [illegible] کی ہے۔

[illegible] حفاظت حدود ہندوستان کا ایک [illegible] تمام دنیا میں قومیں تناسب عدد کا [illegible] ہم بھی ہر ہم بھی ہندوستان میں کر رہے [illegible] اس کے بہت سے ہر مل منفضلی [illegible] سے بڑی ہے ملک اپنی سرحد کو قائم ہوا

دیکھ سکیں۔ یہ ایک ایسی کارروائی ہے کہ اگر کامیابی کے ساتھ وہ انجام کو پہنچ جاوے تو اسکا نتیجہ ضرور امن ہوگا اور جو شخص وہاں موجود ہیں وہ سب اس دلی امید میں میرے شریک ہونگے کہ جو عمدہ آثار نسبت آئندہ کے ہیں نے آپ کے روبرو بیان کئے ہیں وہ بدستور بغیر تاریک ہونے کے قائم رہینگے۔ پس اگر ایسا ہوگا تو ہم اپنے موقعوں کو کس طرح پر کام میں لاوینگے اگر گذشتہ بیس برس کے اندر پنجاب کی تاریخ سے ایک یقینی علامت اسبات کی ظاہر ہوتی ہے کہ عام خوشحالی و آسودگی کی ترقی دینے کے واسطے کیا کیا جا سکتا ہے۔ میں نے اس معاملہ کے متعلق بعض نہایت عجیب نقشوں کو جانچا ہے لیکن میں اس موقعہ پر ان کی زیادہ تر تفصیل نہیں بیان کر سکتا۔ ایک ملک کی آسودگی میں علی العموم مندرجہ ذیل امور سے افزودگی ہوتی ہے "

(۱) ان مخفی خزانہ دولت کو جو اس میں موجود ہیں کارآمد بنانے سے

(۲) ہر ایک شخص کو زمین کے پیداوار یا اپنے ملک کی پیداوار میں اپنے واجبی حصہ کی نسبت تمامنیت دینے سے اور

(۳) شائستگی میں ہمیشہ تیز قدم بڑھانے سے۔ بذریعہ تعلیم کے جہالت کے دور کرنے اور عاقلانہ اور منصفانہ قوانین کی مستحکم اور بے طرفدارانہ عمل درآمد سے بدعملی اور جرم کے روکنے سے

ایک ایسے ملک کی ترقی پر غور کرنے میں جیسا کہ یہ ملک ہے ہم بالطبع اول زراعت کی حالت پر نظر ڈالتے ہیں۔ پنجاب میں رقبہ مزروعہ ۱۸۶۳ء کے بعد ۱۹۰۰۰۰۰۰ ایکڑ سے ۲۶۰۰۰۰۰۰ ایکڑ تک بڑھ گیا ہے کوئی شخص اس افزودگی کی وقعت کی نسبت کلام نہیں کر سکتا ہے جس سے صوبہ کی آمدنی اور گورنمنٹ کا محاصل بڑھ گیا ہے۔ میں رقبہ مزروعہ کی بیشی کیجانب توجہ مائل کرتا ہوں جبکہ لحاظ کرتے تمام ممکن نہایت کے ۵۰ فیصدی سے کم نہیں بیان کیا جا سکتی ہے حالانکہ اس کے مقابلہ میں مالگذاری کی بیشی ایک کروڑ پچانوے لاکھ سے دو کروڑ بیالیس لاکھ تک یعنی قریب ۳۵ فیصدی سے زیادہ نہیں ہے یہ کسی قدر ثبوت اسبات کا ہے کہ گورنمنٹ رعایا کے مطالب کیجانب سے بے پروا نہیں رہی ہے میں نے خود اپنی آنکھ سے سرکاری عہدہ داروں اور لوگوں کے درمیان دوستانہ فیلنگ کی مثالیں دیکھی ہیں جن سے مجھکو اس بات پر یقین کرنے کی ترغیب ہوتی ہے کہ پنجاب کمیشن کے عہدہ دار اس پالیسی کی روایتوں کی قدرشناسی کرتے ہیں جو ہمیشہ مہری لارنس اور جان لارنس کے ناموں کے ساتھ یادگار رہے گی اور ان کے قائم رکھنے کے واسطے خیرخواہی کے ساتھ کوشش کرتے ہیں اور اگر ہم یہ بات دریافت کریں کہ یہ بیشی کس طرح پر حاصل ہوئی ہے تو اسکا جواب تلاش کرنے کے لئے کچھ بہت دور جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آب پاشی ان صورتوں میں جو اس ملک میں رائج ہیں زراعت کے حق میں سب سے اول ضروری ہے ۱۸۶۳ء میں صرف ۱۰۰۰۰۰۰ ایکڑ سر زمین تھی اور اب ۲۸۵۰۰۰۰۰ ایکڑ مزروعہ ہیں۔ میں ان ذریعوں کو بیان نہیں کر سکتا جن سے یہ بڑا نتیجہ حاصل ہوا ہے مگر ہر چناب کے ہیڈورکس کے دیکھنے کے بعد جسکے ذریعہ سے چند رسنیں

میں جبکہ وہ بخوبی جاری ہو جاویگی کل قطع ایک ایسی زمین کا مثل ایک شگفتہ باغ کے ہو جائیگا۔ میں اس ہوشیاری اور کامل درستی کی نسبت جو صرف ان عمارات میں ہے نہیں بلکہ کاشتکاروں کی آسائش میں بھی ظاہر کی گئی ہے۔ تعریف کا ایک لفظ کہنے پر باز نہیں رہ سکتا ہوں۔ لیکن اگر آب پاشی سب سے اعلیٰ چیز ہے جس کی ضرورت ہے تو اصلی خصوصیت ان فصلوں کی جو اس کے ذریعہ سے پیدا کر سکتے ہیں نہیں حاصل ہوگی اگر وہ ان بازاروں میں نہ پہنچ سکیں جہانکہ وہ فروخت کیجاویں سیکین اور خاصکر پختہ سڑکیں صوبہ کے تمام حصوں میں تعمیر ہو گئی ہیں لیکن بلاشبہ ہم آہنی سڑکوں کو اس باب میں خاص ذریعہ ترقی کا سمجھتے ہیں۔ میں یقین کرتا ہوں کہ قریب ۱۸۶۳ء کا ذکر ہے جبکہ پہلی ریلوے یعنی لاہور اور امرتسر کے درمیان جسکا فاصلہ ۳۰ میل کا تھا جاری کی گئی تھی۔ اب ریلوں کی تعداد ۲۰۰۰ ہے جو میں امید کرتا ہوں کہ بہت جلد بڑھ جاویگی اور ہماری سرحد سے بہت آگے بھی اور کراچی کے بڑے بندرگاہوں کے راستہ سے پہنچی جاتی ہے تاکہ یورپ کے بازاروں میں وہ واجبی اور خاطر خواہ شرائط پر مقابلہ کرے "

مجھکو اسقدر مہلت نہیں ہے کہ میں اپنی دلیل کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کروں لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ میں اس بات کے ظاہر کرنے کے لئے تھوڑا بہت بیان کر چکا ہوں کہ صوبہ کے خزانہ دولت کی ترقی اور اسکے کاشتکاروں کے مطالب کی جانب سے غفلت نہیں کی گئی ہے اور میں یہ خیال کرتا ہوں کہ کوئی شخص اس بات سے انکار کریگا کہ عمدہ قوانین کے جاری کرنے اور نیز اس قسم کی انصاف کی عدالتوں کے قائم کرنے سے جو سب کے واسطے کھلی ہوئی ہیں لوگوں کے حقوق کو جبر یا دست درازی سے محفوظ رکھنے میں بڑی ترقی ہوئی ہے اور زیادہ منظم حیثیت پیدا ہو گئی ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ اب یہ بات تسلیم کی جاتی ہے کہ جس حالت میں قانون اپنے حکم کی نافرمانی کے انسداد کے واسطے کافی زبردست ہے تو وہ ان شخصوں کی حمایت اور رہنمائی کرتا ہے جو اس کے ساتھ شریک ہونا پسند کرتے ہیں۔ میں اس بات کے دیکھنے سے خوش ہوں کہ مذہبی معاملات میں بھی باہمی اتفاق کا جوش قائم ہوتا جاتا ہے جیسا کہ اس محراب سے ظاہر ہوتا تھا جو امرتسر میں سیمرے جانے کے موقع پر ہندوؤں اور مسلمانوں نے بالاتفاق بنائی تھی۔ ہم اس جوش کو مبارک سمجھتے ہیں نہ اس وجہ سے کہ قانون اس قدر زبردست نہیں ہے کہ وہ ہنگامہ بازی کو روک سکے یا کہ ہم اپنے جانشینان سیاق کی بہ نسبت متحکم طور پر اور بے طرفداری کے ساتھ اس کے عملدرآمد پر کمر ہمت باندھے ہیں بلکہ اس وجہ سے کہ ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اسکے ذریعہ سے مشکلات کو واجبی طور پر اور ایمانداری کے ساتھ اور مستقل طریقہ میں حل کرنے کا نہایت عمدہ موقع حاصل ہوتا ہے جو دونوں فریق کے حق میں باعث رضامندی ہوگا "

اسلامیات

قسطنطنیہ سے ایک خط

جناب عزت مآب مولوی محبوب عالم صاحب سلمہ الرحمن

پس از اتحاف تحیات خلوص آیات بجناب عزت مآب راہ ورسم مکارمت شعار شوق بلند بگشایم۔ دیرجہ زمانہ اختصاص وتوددر دل دارم بنمایم جزئیات حقائق فروتفصیلات معالی گستر شمامکہ بزاہرات بدائع علوم مشحونند درخاطر بنوال انتظار اطلاع واشتیاق ماپرتومی بخشائند۔ وآں مقالات کہ بخلوص ومودت شما درحق پادشاہ فاروق جاہ ما ودرحق دولت علیہ عثمانی خلدہا اللہ گذاشتہ آمند۔ دردلہائے ماسرور دمن بسیار حاصل آوردند۔ ایں حالات بالطبع برائے شما دردل صفوت تمائے ما چراغ محبت رابرافروخت۔ بنابریں بچنیں شوق ومحبت تقدیم نمودن ایں نامہ را بجناب علوتمیت انتساب آرزومگر فتم ؛

خورشید سحر تاب جہاں فروز اسلام کہ باشوکت وعظمت از خاور ستان فرخندہ نشان ترتیش بظہور آمد ومثل آں گشت۔ ہمہ آفاق عالم رامنور ساخت۔ وآں دلہارا کہ درنصحت آباد است بسعادت سرمدی و سہادت ازلی مظہر آفاقند وفرخہا افشاند ؛

آنانکہ بسوق ہدایت ازلی وہمالت تقدیر سبحانی ازاں انوار مبین مستنیر واقع شدند۔ وبچشمہائے دلہارا زاں لمعۂ قدسی تمثائے الٰہی وعلمی داوند۔ ودرونی وعقلی بشاہراہ سلامت واقبال پانہادہ اند۔ وبرمقتضائے "وانما المومنون اخوۃ" بیک دیگر تا ازکنجہائے ژرف دل براللہ دوستی بستہ اند۔ ودستہائے تودر بیک دیگر بستہ کہ ایں تعلقہائے مقدس ودرضمیرہائے مصافات تحمیت بصیر مستخبر آئینہ پائیدار ماند۔ ہزاراں سپاس ومنت آں ایزد یکجہاں راکہ دشما بدیں منہاج موہوب الابتہاج مستقیم درآمدیم ؛ وبایں شرف جہاں قیمت سعادتمند وشادمان فرمودہ شدیم۔ بنابریں ما وشما وہمہ مسلمانان ہندوستان یکزبان ویکجہت ویکرنگ ویکدل ویکدین ویک وجود ویک جانیم۔ اے مسلمانان ہا وشما درشرافت اختصاص ودوداد باستان قدسی نشان خلافت گہربای وامامت بحظمی نیز براریم۔ نیرازہ بندایں تعلقہا معنوی۔ وسبب یگانہ چنیں تحملات وسعادات اسلامی دررویے زمین صاحب البقعتین المبارکتین۔ حامی شرع منیف نبوی خلیفہ حمید پشیم مصطفوی۔ حافظ دین مبین احمدی مستفیض نور محمدی متبوع معظم اہل اسلام سرور سلاطین عظام۔ پادشاہ غازی عنوان۔ سلطان معبد الحمید خانست۔ محامد ومکارمش درصفحات بیان نگنجد۔ محاسن ومعالیش ازدائرۂ تصویر وتقریر بیرونست۔ خاصہ شیمہ ازاد ہمانش گربزبان آورد بسباحۂ بحر سجدہ بگذارد۔ وعصر ہر تبین وشرمندہ نوازہائے سعادت تمائے دلدہر گوشہ ممالک عثمانی را تمتشا دنمود۔ ہاریکی بیدادہ عدم راگرفت۔ آنان کہ ہمہ کمالات آدمی رانمونہ ما بجیات جاودانہ بجمال شہنشاہ مقدس ونبیہ ومایہ ناز نظر بلند یافتند۔ آنان کہ بہ سرشہنشاہ پاک رامثال تشخص پذیر جویند۔ بدیدار پادشاہ فلک بارگاہ گردوں نہاد مالکہ بیدارند۔ پرتوفشانی آفتاب عالم آرا نجاد کہ بوحدت حمشہ پاش ونظر وبادعظمت وبلندی ازاوصد درجہ بالا۔ بنظرہ فائق نمایش ارزندہ سالہ خیرہ ساز چشمان برایا واقع آمدہ بود کہ آن جناب خلافت پناہ خورشید ہمال مطلع وحیم سلطنت عثمانی راشرف غرض اُس سے متعلق ہے اُس بات کے واسطے معذرت کرنے کی کچھ احتیاج نہیں ہے کہ میں نے آپ سے اس مقام پر مجھ سے ملنے کی استدعا کی تاکہ ہم ایک دوسرے کو بالمشافہ دیکھ سکیں اور اس بڑے کام میں بات ملاویں جسمیں ہم ہیں۔ ہر ایک کے ذمہ فرائض اور ذمہ واریاں واجب ہیں یعنی یہ کہ جہاں تک ہم سے ہو سکے پنجاب کے امن اور آسودگی اور ترقی کو استحکام دیں اب میں بہ سرعام وہ بات کہنا چاہتا ہوں کہنے کا مجھکو آپ میں سے بعض صاحبوں سے پرائیویٹ طور موقعہ ملا ہے یعنی یہ کہ مجھکو اسبات سے نہایت رضامندی خوشی حاصل ہوتی ہے کہ میں یہاں اپنے گرد پنجاب کے خیرخواہ سرداروں اور شریفوں کو جمع دیکھتا ہوں جو ان شخصوں کے جنہوں نے اُس گذشتہ نسل میں جسکا میں نے ذکر کیا ہے خطرہ کے وقت ہمکو مدد دی تھی اور ان شخصوں کے جنہوں نے بہت سے برسوں سے اپنی خیرخواہی اور جانفشانی اور وفاداری سے ہماری فوج میں اپنے تئیں کسی سے دوسرے درجہ پر ثابت نہیں کیا ہے اور ان شخصوں کے قائم مقام ہیں جو میں یقین کرتا ہوں کہ حالت ضرورت ہماری ملکہ معظمہ یعنی قیصر ہند کی سلطنت کی حفاظت میں ہمارے ساتھ شانہ بشانہ سا تھ دینگے ؛

ہنوز وہ زمانہ نہیں آیا ہے جب کہ ہم ایک قوم کی جنگی جرات کو ناچیز سمجھ کر نظر انداز کردیں۔ جبکہ میں نے سرحد کے گرد سفر کیا اور اُن قلعوں کو دیکھا جو بالفعل کثیر اُس کی حفاظت کے واسطے تعمیر کئے گئے ہیں تو مجھکو اس بات کا ضرور خیال ہوا کہ صرف ایک چیز ایسی ہے جسکی ہمارے سرداروں کو امکان الفتح بنانے کے واسطے زیادہ تر ضرورت ہے یعنی اُن کی حفاظت کے لئے بہادر آدمیوں کی۔ ہم نے یہاں بہادر شخصوں کے گروہ میں کل امپیریل سروس ٹروپس کی اُن عمدہ رجمنٹوں کو دیکھا ہے جنکو پنجاب کے سرداروں اور والیان ملک نے خاص اس مقصد کے واسطے بہرتی کیا ہے کہ دنیا پر اپنے اس مستحکم ارادہ کو ثابت کردیں کہ وہ سلطنت کی حفاظت میں ہمارے شریک ہونا چاہتے ہیں۔ ہمیں یہ مسرت بخش فرض کہ میں حضور ملکہ معظمہ کیخدمت میں اُس فوج کی بہادرانہ وضع داری کی نسبت رپورٹ کروں جو میں نے یہاں دیکھی ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ حضور ملکہ معظمہ ہند وستان کے سرداروں اور والیان ملک کی خیرخواہانہ جانفشانی کی ایسی نشانیوں کی کیسے پیچ دل سے قدرشناسی فرماتی ہیں میں بطور تمہید کے ایک لفظ کہنا چاہتا ہوں یعنی ہم اس غرض سے طاقتور ہونا چاہتے ہیں کہ ہم امن کے ساتھ رہیں۔ ہمارا ارادہ ملک گیری کا اور ہماری خواہش اپنی حدود کو بڑھانے کی اور بجز اسکے ہماری کوئی خواہش نہیں ہے کہ ہم اپنے ہمسایوں کے ساتھ محبت واتحاد کو ترقی دیں ؛

انگلستان کے وزیر اعظم کی حال کی ایک اسپیچ سے آپ کو معلوم ہوا ہوگا کہ اس بات کی سرگرمی کرنے کی امید ہے کہ ایسا وقت قریب آتا جاتا ہے جبکہ ایشیا میں روس اور انگلستان کے مطالب ٹکرے کھائینگے یہ کام اندیشہ دور ہو جائیگا۔ میں اس بات کے کہنے کی جرات کرسکتا ہوں کہ جو شخص ہندوستان سے بے تعلق رہتا ہوا سکو اس سے زیادہ ترکوئی خوش آئند خبر نہیں سنا جاسکتی ہے جو کہ یہ ایک بڑا فائدہ حاصل ہے کہ ہمارا ایک

فرمودہ بود۔ دیروز دوش ہنگام جلوس ہمایوں شان متصادف واقع گشتہ است۔ باشرف ایں عید شادی آور۔ ہمہ عثمانیاں درہر سو مزید شادمانی اجرا نمودند۔ ازمراسم بہترین مبارکبادی خلائق دوشادوش بود۔ درانگلستانہائے مسرت طاسچہ فلک پرفروش۔ اہالی ہرجا نادی سرور بستہ ودستہائے تودر بیکدیگر پیوستہ ؎

وقت فیروز جلوس شاہ اعظم رو نمود — عالم اسلام با ایں عید ملی شاد کام
بڑ طرف ہر خانہ با آئین شادی پرچراغ — در زمیں گوئی فرود آمد سما با خیر اں

ہر جامع دہر سناره و ہر راه و ہر کاشانه وہمہ موسسات امیری بفانوسہائے رنگارنگ وبچراغہائے دلپذیر منور ساختہ شد وہر صنعت آتشین کہ بطور بدیع ونظر فریب بالاگرفتے شکل مناره آتشین بستے۔ فی الجملہ شہر شہیر ما دوش بچشم مردم از فردوس بریں نشان داد انبساط دلہائے شوقا شوق را وراں شب غائت نبود۔ وآثار فیض بار شہر آئین را نہائت ؛

خداوند تعالی وجود بہبود معالی نمود آں شہنشاہ اعظم دسرمایۂ اشواق ہمرا بہ تندرستی تام تا بقرنہائے قیامت باورنگ اقبال خلافت شرف بخشا بفرماید ؛

ایں نامۂ شوق آگین کہ بسوق محبت بزرگ دل بجناب معالی نصاب فرستادم۔ درجریدہ گزیدہ شما اگر جائے یابد بعد ازیں نیز سلسلہ آثار مودت تولی نمائد۔ باقی محبت ؛

ازمتشیان باب عالی۔ عبد القادر زادہ۔ حسین ہاشم

دربار لاہور میں حضور وائسرائے کی سپیچ

مندرجہ ذیل ترجمہ اُس اسپیچ کا ہے۔ جو حضور وائسرائے بہادر نے ۳۰ نومبر ۱۸۹۴ء کو لاہور کے دربار میں فرمائی تھی۔ اور جسکو کہ ہم نے پچھلے ہفتہ میں درج کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ مگر بوجہ عدم گنجائش درج نہ کرسکے :-

اے راجگان ووالیان ملک وسرداران پنجاب۔ میں خیال کرتا ہوں کہ یہ بات کہی گئی ہے کہ ہم آج یہاں جمع ہونے سے ایک گذشتہ نسل کے دستور کو پھر تازہ کرتے ہیں۔ یہ ایک عین طبعی امر نہیں ہے کہ لوگوں کے خیالات اُس تجویز کی جانب مائل ہوں جو میس پرس سے زیادہ عرصہ گذرا نہ اس شہر میں ایک دربار منعقد کرنے کی نسبت کیگئی تھی لیکن جس کا عملدرآمد آں صورتوں میں نہ ہوسکا جنکا سمجھ پر ایک رنج آمیز اثر پیدا ہوتا ہے اور جنکی نسبت میں اس بات کے دیکھنے سے خوش ہوں کہ ملک کے اکثر حصوں میں انکی بات کیجاتی ہے۔ اگرچہ ایک نسل میں بہت سی تبدیلیاں ظہور میں آتی ہیں تاہم میں خیال کرتا ہوں کہ اس کا اس بات پر کچھ اثر نہیں ہوا ہے جو کہ خاص غرض ایک ایسے مجمع کے طلب کرنے کی تھی اور اب بھی ہے یعنی یہ کہ یہ امر نہائت مفید اور مناسب اور بکار آمد ہے کہ جو شخص ایک عام کوشش میں مصروف ہیں وہ باہم جمع ہوں اور خود اسبات کا اندازہ کریں کہ وہ کس قسم کے لوگوں کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ بہرکیف میرے جانشیان سابق کا بھی دستور رہا ہے۔ جنہوں نے ہمیشہ پنجاب میں دربار منعقد کئے ہیں اور میرا بھی اب یہی مقصد ہے۔ میں پچھلے ہفتوں کے اندر اپنے سہ کاری فرض کے انجام دینے میں آپ کے تمام صوبہ میں ادھر سے اُدھر گذرا ہوں اور میرے نزدیک مجھکو آپ سے جنکی ایک بڑی

پر سکتے۔ بیشک جب چاروں طرف سے ہماری سلطنت کی حدود مقرر ہو جائیں گی تو پھر کسی آئندہ فساد کا اندیشہ نہ رہیگا۔ بشرطیکہ ہم زیادہ ملک گیری کی آرزو سر سے نکال دیں۔ گو مدبران گورنمنٹ انگریزی پہلے بھی اس حکمت عملی کو ظاہر فرما چکے ہیں لیکن ہز اکسیلنسی نے حال میں زیادہ وضاحت سے اس کی تائید کر دی ہے کہ گورنمنٹ انگریزی کو توسیع مملکت کی ہوس باقی نہیں۔ مگر کیا کیا جاوے بعض کمبخت ہمسائے شاہ تھیبا کی طرح چین سے بیٹھنے نہیں دیتے۔ پھر اگر بدامی امن رکھنے کے لئے اُن کا ملک شامل کر لیا جاوے تو اس میں گورنمنٹ اپنے کلیہ قاعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتی ؛

والیان ریاست کو چونکہ خصوصیت کے ساتھ دربار میں طلب کیا گیا تھا اور تقریر میں روئے سخن انہیں کی جانب تھا حضور وائسرائے نے اُن کی پشتینی وفاداری اور دوستی کی تعریف کر کے جو ہر حال میں ایک متربہ بات تھی اُن کی موجودہ نوجوں کی تعریف کی کہ جن کا ریویو ایک روز پیشتر آپ دیکھ چکے تھے۔ جہاں والیان ریاست کی تعریف کی انہیں ساتھ ہی ایک نہایت دوستانہ اور مشفقانہ نصیحت بھی دی کہ انہیں واجب ہے کہ ریاست کے محاصل جو رعایا کی بہبودی اور سرسبزی کے لئے وقف ہیں والیان ریاست کو اپنی ذات کے عیش اور تن پرستی پر صرف نہیں کر دینے چاہئے۔ یہ ایک بات ہے کہ جو ہم بار بار بڑے ادب اور محبت کے ساتھ دیسی والیان ریاست کی خدمت میں عرض کر چکے ہیں۔ لیکن ان میں سے کتنے ہیں جو ایسے سنتے ہیں۔ اور رعایا کی گاڑھی محنت کی کمائی کو اپنے فلک نما محلوں اور شاندار قیاموں میں اڑانے سے باز آتے ہیں۔ گو یہ نصیحت اس وقت صرف پنجاب کے والیان ریاست کو مخاطب کر کے کہی گئی تھی تاہم یہ تمام ہند کے دیسی والیان ریاست کے لئے حرز جان بنانے کے قابل ہے۔ اس کے ساتھ ہی وائسرائے بہادر نے نکتہ چینی کے قدم سے اخبارات کی طرف بھی توجہ فرمائی۔ آپ نے نکتہ چینی کو بعض اوقات ناواقفی اور غلط رائے اور تعصب پر بھی محمول فرمایا کہ جس کی کم و بیش صحت سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا۔ ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ ہم نکتہ چینی کو پسند کرتے ہیں۔ ہمارے حال میں اخبارات کی ہرگز اس میں کسر شان نہیں ہے۔ بعض اوقات رائیں کسی نہ کسی وجہ سے جادۂ صلاح سے منحرف ہو جاتی ہیں۔ مگر بخلاف اس کے نازک مزاج والیان ملک کو سمجھایا کہ اخبارات کی نکتہ چینی سے انہیں گریز نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بقول حضور وائسرائے کے آج کے زمانے میں اخبارات نکتہ چینی سے بچا نہیں جا سکتا ؛

ایک معقول حصہ اس تقریر کا پنجاب کی نسبتی سرسبزی کی حالت بیان کرنے پر مشتمل تھا کہ جس میں بتلایا گیا تھا گزشتہ تیس سال میں اس صوبے نے جہاں پچاس فی صدی اوسط پیداوار میں ترقی کی ہے سرکاری محاصل میں صرف ۴۰ فی صدی ترقی کی ہے۔ جس کا مطلب دوسرے لفظوں میں یہ ہو سکتا ہے کہ مالکان اراضی تیس سال پیشتر کی نسبت اب کہیں زیادہ آسودہ ہیں۔ ہم نہایت ادب کے ساتھ حضور وائسرائے کی خدمت میں عرض کرنا چاہتے ہیں کہ بظاہر یہ صورت نہیں ہے۔ گو سرکاری افسروں کی رپوٹیں ایسا ظاہر کرتی ہوں۔ شائد بعض بڑے بڑے مالکان اراضی آسودہ ہونگے۔ لیکن چونکہ اس صوبے میں خود کاشت ہی زیادہ تر کیجاتی ہے اس لئے کاشتکاروں کی حالت روز بروز ابتر ہو رہی ہے۔ اور جس مصیبت سے ایک معمولی کاشتکار سال کے بارہ مہینے پورے کرتا ہے اس کا قصہ حضور انور کے گوش حق نیوش تک کبھی نہیں پہنچا۔ اور پہنچے کس طرح جبکہ حضور کے محصل یعنی تحصیلدار صاحبان جس طرح ہو سکتا ہے زمیندار سے لگان وصول کر کے خزانے میں داخل کر دیتے ہیں۔ وہ ہرگز اس قسم کی تفصیل نہیں لکھتے کہ فلاں زمیندار یا نمبردار کو کتنا پٹوایا اور فلاں کو کس طرح حوالات میں دے کر لگان وصول کیا۔ یہ قصہ طویل ہے۔ اس لئے ہم اس کا یہاں حوالہ دینے سے معافی چاہتے ہیں ؛

قانون اور انتظام انگریزی کی تعریف میں جو کچھ فرمایا اس سے بھی زیادہ کہا جا سکتا ہے۔ اگر ہمیں قانون سے کچھ شکایتیں ہیں تو صرف مجروی اور اس کے طریق عمل سے ہیں ورنہ قانون کی ہمیں دل سے عزت منظور ہے۔ اور اس کے لئے ہم سرکار کے بیدام حلقہ بگوش ہیں۔ امرتسر میں ہندو مسلمانوں نے جو دروازہ وائسرائے بہادر کے خیر مقدم کے لئے متحد چندے سے بنوایا تھا اس پر آپ نے خوشنودی کا اظہار فرمایا۔ اس میں کیا شک ہے کہ ہندو مسلمانوں کا اتفاق بہت عمدہ بات ہے۔ مگر ایک آدم آہنی محراب بل کر بنا دینا کوئی بھی اس امر کا ثبوت نہیں ؛

ہر چند کہ اس نامور تقریر میں کوئی خاص واقعات مذکور نہیں تاہم بحیثیت مجموعی تقریر بہت عمدہ اور صاف صاف ہے۔ جیسی کہ ایک وائسرائے ہند کو ایسے موقعہ کے لئے کہنی موزوں تھی۔ اور دربار کی شوکت اور موجودہ پر امن حکومت کی مقتضی تھی ؛

مقدمہ حملہ شادیوں میں عدالت ڈویژنل جج سے ملزم حافظ علی ہاسپٹل اسسٹنٹ کی اپیل خارج ہو گئی۔ عدالت اپیل نے فیصلہ لکھتے ہوئے یہاں ملزم کی سزا بحال رکھنا مناسب سمجھا وہاں ساتھ ہی یہ بھی ضروری سمجھا کہ اس سے سزا بڑھ نہیں سکتی۔ فیصلے کی نقل دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جج صاحب نے اس امر کو تسلیم کر لیا ہے کہ بیشک سول سرجن نوعمر اور ناتجربہ کار آدمی تھا اور ہاسپٹل اسسٹنٹ تجربہ کار قدیم خدمت اٹھائیس سال کا نیک چلن ملازم تھا۔ اس کے پاس فوجی اور سول افسروں کی خوشنودی مزاج اور عمدہ کارگذاری کی کئی لیکر سندات موجود ہیں۔ وہ یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ سول سرجن نے اپنے تمام معاملوں میں ہاسپٹل اسسٹنٹ پر ثابت کر دیا کہ اس کو اس سے ناخوشی ہے۔ وہ یہ بھی لکھتے ہیں کہ ہاسپٹل اسسٹنٹ نے وہاں سے تبدیل کئے جانے کی درخواست بھی کی۔ پھر جج صاحب یہ بھی مانتے ہیں کہ سول سرجن طیش میں آکر باوجود دو شخصوں کے ہاسپٹل اسسٹنٹ کو زور سے قابو کر لینے کے بھی اسے بید سے مارتا گیا جو اس کے رتبہ کے خلاف تھا۔ اور ان سب صورتوں کے ہوتے ہوئے ہاسپٹل اسسٹنٹ کا ایک سو روپے جرمانہ معاف نہیں ہو سکتا۔ بلکہ بڑھایا اس لئے نہیں جاتا کہ پہلے کئی مہینے مقدمہ کی کشمکش میں اسے بہت تکلیف ہو چکی ہے اور شائد اس کی نوکری بھی جاتی رہے۔ اس فیصلے میں عدالت اپیل نے عدالت ابتدائی پر بھی ایک الزام لگایا ہے کہ اس نے ڈاکٹر فنکس سول سرجن کے ذاتی چال چلن پر بلاوجہ ایسے ریمارک کئے کہ جن کی ضرورت نہیں تھی۔ لیکن ابتدائی عدالت کی روئیداد سے معلوم ہوتا ہے کہ سول سرجن کی شہادت کو غیر معتبر اور مصنوعی ثابت کرنے کے لئے فنکس صاحب کی نسبت جو کچھ لکھا گیا ہے وہ ہرگز غیر متعلق نہیں۔ اس ہزار کے بحال رہنے پر انسپکٹر جنرل صاحب سول ہسپتالہائے پنجاب نے ہاسپٹل اسسٹنٹ کو موقوف کر دیا ہے۔ اور اس کی اٹھائیس سال کی قابل پنشن نیک نام ملازمت کو غارت کر دیا ہے انسپکٹر جنرل صاحب تمام مقدمہ کی روئیداد ملاحظہ کریں اور دیکھیں کہ ملزم نے اگر اپنے افسر سے دفعہ کیا تو کس طرح اشتعال میں آکر کیا۔ اور وہ کتنا پرانا اور خدمت گزار ملازم تھا کیا اسے ابھی تک کافی سزا نہیں مل چکی۔ اور کیا اس کی پنشن کا حق بھی زائل ہو سکتا ہے۔ انصاف مجسم ہز آنریبل سر ڈینس فٹز پیٹرک بہادر خود اس مظلوم کے کاغذات منگوا کر دیکھیں ؛

ہز سویز نے دنیا کے جغرافیہ میں ایک بہت بڑا انقلاب پیدا کر دیا ہے۔ انگلستان کی ڈاک جواب جبرالٹر سی گذرتی ہے فوراً بحیرہ روم سے ہو کر براہ آبنائے سویز بحر قلزم سے بحر عرب میں آجاتی ہے وہ ۱۸۶۷ء سے پیشتر تمام برّ اعظم افریقہ کے اوپر اور راس امید کے پرے سے گھوم کر بحر ہند میں آیا کرتی تھی اور یہ ولایت کی ڈاک جواب پندرہ بیس روز آتی ہے اس وقت تین ماہ اور چھ چھ ماہ میں آیا کرتی تھی۔ جبکہ ابھی دو خانی جہاز رانی کا ظہور بھی نہیں ہوا تھا۔ اب بھی اگر ہز سویز بند کیجائے تو اسی پہلے راستہ سے کم از کم ڈیڑھ ماہ میں انگریزی جہاز ہندوستان میں پہنچ سکتے ہیں۔ اس ہز سے نہ صرف انگریزی سلطنت ہندوستان میں مضبوط ہو گئی ہے۔ بلکہ یہ نہایت دوسری قوموں کے بحری تجارت کو بھی بہت ترقی ہوئی ہے خاکنائے سویز کو جس عقلمند انجینر نے کاٹ کر آبنا بنایا اس کا نام ایم ڈی لیسپ زمانہ میں مشہور ہے۔ حال میں ۷ دسمبر کو اس نامور شخص نے دنیا سے رحلت کی۔ مگر سخت بیصبت اور تکلیف کی حالت میں۔ آج سے دس سال پیشتر اگر یہ مرتا تو آج سے کتنی زیادہ عزت اور آسودگی پیچھے چھوڑ جاتا۔ جب آبنائے سویز کی کامیابی سے اُسے دنیا میں بہت بڑی عزت حاصل ہوئی تو اس نے ایک اسی قسم کے آبنا خاکنائے پناما میں کاٹنی چاہی۔ مگر اس کام میں نہ صرف اسکی دولت ہی گئی۔ بلکہ عزت بھی گئی۔ اور پیرس میں قید ہونا پڑا۔ ہاں۔ انسانی فانی! تو ابھی کا۔ یا یہوں سے کبھی سیر نہیں ہو سکتا۔ تیری آنکھ جو قناعت سے بھی پُر ہو سکتی تھی صرف خاک گور کو پُر کرتی پڑتی ہے ؛

دربار لاہور کے موقع پر پولیس نے جو تشدد کیا ہے اسکو سب اخبارات کسی نہ کسی پیرایہ میں ظاہر کر رہے ہیں۔ سول ملٹری کا ایک نامہ نگار بہت ٹھیک لکھتا ہے جب وہ اپنا نتیجہ یہ بیان کرتا ہوا لکھتا ہے کہ یہ کانسٹبل اپنے ہمرنگ اور ہم رتبہ لوگوں سے

معقول کفالتیں دے ؛

سینٹ پیٹرزبرگ ۱۲ دسمبر۔ اخبار نووریمیا بیان کرتا ہے کہ روس بلغستان کے ساتھ زیادہ تر موافقت کے ہونے سے خوش ہوگا۔ بشرطیکہ یہ فائدے اس سے حاصل ہوں وہ طرفینی ہوں اور سلطنت برطانیہ ایشیا میں روس کی دوست ہو اور یورپ میں اس کی پالیسی کی مزاحمت کرنے سے باز رہے ؛

لنڈن ۱۲ دسمبر۔ اخبار ٹائمز نے بے لگاؤ ذریعوں سے ان خبروں کی تصدیق کی ہے جو اس ہولناک خونریزی کی نسبت مشہور ہیں جو ترکی سپاہیوں سے مقام سیسیون واقع آرمینیا میں کرنے کی نسبت منسوب کیجاتی ہیں۔ لارڈ کمبرلے نے ایک سخت احتراض گورنمنٹ ٹرکی کے پاس بھیجا ہے۔ جن سپاہیوں نے یہ خونریزی کی تھی وہ ذکی پاشا کے تحت میں تھے۔ جو احکام اس عہدہ دار نے جاری کئے تھے وہ ایسے سخت تھے کہ خود سپاہیوں نے ان کی تعمیل کرنے میں تامل کیا۔ اسکی باوجود بموجب گاؤں کے گاؤں نیست و نابود کر دئے گئے۔ اس کے بعد سلطان ٹرکی نے ذکی پاشا کو خطاب دیا ہے ؛

لنڈن ۱۲ دسمبر۔ ثابت ہو گیا ہے کہ ذکی پاشا کو جو خطاب سلطان المعظم کی طرف سے ملا ہوا ہے وہ جون گزشتہ سے۔ اسے ان معاملات آرمینیا سے کچھ واسطہ نہیں ؛

لنڈن ۱۲ دسمبر۔ ریوٹر کے کارسپانڈنٹ نے مقام ہردشما سے بذریعہ تار برقی کے یہ خبر بھیجی ہے کہ مارشل لیگیٹ کے پاس سے مراسلات آئے ہیں جن میں ان مختلف لڑائیوں کی تفصیل بیان کی گئی ہے جو صوبہ منچوریا میں ہوئی ہیں۔ جو گروہ فوج کے ملک کے دیکھنے بھالنے کے لئے بھیجے جاتے ہیں ان کا مقابلہ کثرت سے چینی فوج کے ساتھ ہوتا ہے۔ جاپان کے دستہ فوج اب مقام ایتنگ کو واپس آ رہے ہیں جہاں کہ دریائے یالو کی فوج کا ہیڈ کوارٹر قائم کیا گیا ہے ؛

سوم ۱۲ دسمبر۔ جنوبی ملی میں برابر زلزلے آتے ہیں اور اس وقت تک ۸۶ آدمی ہلاک اور ۶۰۰ مجروح ہوئے ہیں ؛

نیویارک سے خبر پہنچی ہے کہ سفیران اضلاع متحدہ امریکہ مقیم چین جاپان نے ان ملکوں میں صلح کرانے کا انتظام کر دیا ہے۔ چنانچہ اس ارادی سے ایک پورے اختیارات والا سفیر چین سے جاپان کو روانہ ہوگا ؛

ٹائمز نے ایک شنگھی کا تار چھاپا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جاپانی صلح ماننے والے نہیں۔ انہوں نے چین کو صلح کی شرائط قبول کرنے سے پیشتر حد درجہ تک ذلیل کرنے کا ارادہ کر لیا ہے ؛

سلطان المعظم کی خاص درخواست کے مطابق انگریزی اور امریکن سفیر اس کمشن کے ہمراہ جائینگے جو آرمینیا کے گزشتہ واقعات کی تحقیقات کے لئے باب عالی نے مقرر کی ہے ؛

ایم فوڈینڈ ڈی لیسپس مشہور نہر سویز کے کھودنے والے انجنیر نے ۷ دسمبر کو انتقال کیا ؛

(لاہور و پنجاب)

دہلی میونسپلٹی نے اپنے ایڈریس میں حضور وائسرائے سے یہ باتیں طلب کی ہیں۔ (۱) ہمارا شہر جو مدت تک ہندوستان کا دارالخلافہ رہا ہے اب بھی صوبے کا یا تمام ملک کا دارالخلافہ بنایا جاوے۔ (۲) واٹر ورکس کے لئے جو ہمنے قرضہ گورنمنٹ سے ۴ فی صدی سود پر لیا ہو جسے پندرہ برس کے بعد گورنمنٹ ہم کو ۲½ فی صدی سے بدل لیا ہے ہم سے ۳½ فی صدی سود لیا جاوے (۳) نہر کا پانی جو شہر سے دور چلا گیا ہے شہر کے قریب ہو جاوے۔ کیونکہ اس سے شہر میں بیماری زیادہ ہو گئی ہے ؛

۳۰ دسمبر کو دہلی میں کسی قدر بارش ہوئی ؛

ایام دربار میں نواب صاحب بہاولپور نے ایک یورپین دوکان سے ایک چاندی کی میز خریدی ؛

لاہور میں موسم دو تین روز سے بہت سرد ہو گیا ہے ؛

لاہور آریہ سماج کے پچھلے سالانہ جلسے پر دیانند اینگلو ویدک کالج کی مدد کے لئے دس ہزار روپیہ نقد اور پانچ ہزار روپے کا وعدہ چندے کا ہوا ؛

مڈل سکول پنجاب یونیورسٹی کا امتحان جنوری سے شروع ہو کر ۲ مارچ رہے گا ؛

سردار محمد حیات خاں صاحب جہلم کے ڈویژنل اکسٹرا جج مقرر ہوئے ؛

بابو لچھمن سنگھ ہیڈ کلرک تپ دق سے انتقال کیا ؛

مسٹر ہیمن میونسپل سکرٹری کو نوٹس استعفا دیا اور مسٹر انیڈرسن بارک سارجنٹ چمن اس کی جگہ سکرٹری مقرر ہوا ؛

شملہ اور کوئٹہ سے برف باری کی خبریں آئیں ؛

نارتھ ویسٹرن ریلوے کی کل آمدنی یکم اپریل سے ۱۷ نومبر گزشتہ تک ۱۹۳۴۶۵۹ روپے ہوئی۔ جو سال گزشتہ کے اسی عرصے سے ۱۳۲۰۴۳۱ روپے زیادہ ہے ؛

ہفتہ مختتمہ یکم دسمبر میں لاہور میں پیدائش ۱۵ لڑکے ۴۸ لڑکیاں یعنی ۳۵ ہندو۔ ۱۹ مسلمان۔ ۲ حلال خور ہوئے۔ اور اموات ۴۶ مرد۔ ۵۷ عورتیں یعنی ۲۰ ہندو۔ ۶۶ مسلمان اور ۷ حلال خور ہوئے۔ بوجہ حادث مرگ۔ ۲ بخار۔ ۴ تپ دق۔ ۶ دمہ۔ ۱۳ نومولود ؛

لاہور میں پروفیسر برٹ واکر نے غبارہ اڑانے کا اشتہار دیا۔ ٹکٹ بھی تقسیم کئے۔ لیکن غبارہ اچھی طرح نہ بھر گیا۔ اور تماشبین بھی تھوڑے جمع ہوئے۔ اس لئے غبارے کا اڑانا ملتوی رہا۔ حقیقت یہ ہے کہ غبارے کا اڑانا عوام الناس دور سے بھی ایسا ہی دیکھ لیتے ہیں جیسے ٹکٹ لینے والے قریب سے دیکھتے ہیں۔ اس لئے بہت کم لوگ ٹکٹ لیتے ہیں ؛

راولپنڈی کے بھائی بوٹا سنگھ سوداگر کو سریشٹھ نتی پاٹ شالا میں ہزار روپے کے خرچ سے قائم کرنے پر لاٹ صاحب نے ایک طلائی گھڑی عنایت کی ؛

کوچہ وچھووالی لاہور میں جوا باز انسپکٹر صاحب نے ڈولی میں بیٹھ کر پکڑے تھے ان کو ایک ایک ماہ قید کی سزا ہوئی ؛

وائسرائے کے استقبال میں صرف عمران میونسپلٹی ہی سٹیشن کے اندر جانے سے محروم نہ رہے بلکہ بہت معزز انگریزوں کو بھی یہی شکایت ہے۔ اخبارات کے وقائع نگاروں کو ٹکٹ نہیں ملا اور ان سے کہا گیا کہ جس طرح جا سکیں چلے جائیں۔ اخبار پاؤنیئر کا وقائع نگار ریلوے پولیس افسر کے ہاتھ سے بے عزت ہو کر نکالا جانے کو تھا لیکن اتفاق سے گورنمنٹ کا نائب سکرٹری آ گیا اور اس نے اسے بچا دیا ؛

کرایہ کی گاڑی کا ایک گھوڑا اکثر محنت سے دوشنبہ کے دن لاہور میں ٹھنڈی سڑک پر یکایک گر کر مر گیا ؛

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ ۱۴ دسمبر ۱۸۹۴ء

حضور وائسرائے کی دربار لاہور کی سپیچ

لاہور کا دربار منعقد ہونے سے پیشتر جو کوشش اور تیاری اس دربار کے عظیم الشان اور پر شوکت بنانے کے لئے کی گئی ہے وہ ناظرین سے پوشیدہ نہیں۔ اور یہی تیاری اور عظمت اس بات کا پتہ دیتی تھی کہ لاہور کا دربار ایک نہایت ضروری دربار ہوگا۔ اور اس میں وائسرائے ہند بنفس نفیس مملکت کی کسی بہت بڑی مصلحت کو پیش کرینگے کہ جو اس سرحدی صوبے یا تمام ہندوستان کے حق میں معلوم ہوتی ہوگی۔ لیکن جب دربار اس جلال و جبروت سے منعقد ہوا اور ہز ایکسیلنسی نے اپنی سپیچ پڑھی دیکھا کہ یہ سپیچ زبانی یاد نہیں پڑھی گئی تھی بلکہ چھپی ہوئی پڑھی گئی تھی۔ اور یقیناً اخبار ڈیلیور ہونے سے پیشتر دیجا چکی تھی۔ کیونکہ سول ملٹری گزٹ میں دو گھنٹے بعد چھپی ہوئی پائی گئی۔ تو حاضرین دربار اور تمام منتظر ملک پر کھلا کہ ہر چند کہ حضور انور کی سپیچ بہت صاف اور مطلب خیز ہے۔ تاہم اس میں کوئی خاص بات بھی نہیں تھی کہ لارڈ ڈوفرن بہادر کی پٹیالہ والی سپیچ میں نہ تھی کہ جس کے لئے کوئی خاص عالی شان دربار نہیں کیا گیا تھا۔ تاہم اس میں لارڈ ڈوفرن بہادر نے مملکت کی ایک بہت بڑی مصلحت کا اعلان کیا۔ یعنی امپیریل گورنمنٹ کی سرحدی ریاست کو افواج تیار کرنے کی صلاح دی تھی کے لئے والیان ریاست کو افواج تیار کرنے کی صلاح دی گئی تھی نہ اس دربار میں لارڈ لینسڈون بہادر کی آگرہ والی سپیچ کی ہم پلہ ہی کوئی ضروری مقصد تھا کہ جس میں ہندو مسلمان کے فسادوں پر ایک زبردست رائے ظاہر کی گئی تھی۔ تاہم حضور وائسرائے ہند کی یہ نہایت ضروری تقریر تھی اور ضروری موقعہ پر فرمائی گئی تھی جس قدر باتیں اس میں بیان کی گئی ہیں ان کو نہایت وقعت اور تائید حاصل ہوگی۔

پہلے تو لارڈ ایلگن بہادر نے اس دربار کے انعقاد کے باعث بیان فرماتے ہوئے ایک بالکل طرز سے اپنے والد کے اس سے قبل تیس سال پنجاب میں ایک عالیشان منعقد کرنے کے ارادے اور اس کے نامکمل رہ جانے درد ناک واقعہ کی طرف اشارہ کر کے خود اس ارادے کرنے کی ضرورت بیان کی۔ سچ ہے اگر مدبر نتوانند کنند۔ اسی لئے تو لوگ لائق اولاد کی آرزو کیا کرتے ہیں۔

چونکہ بدنصیبی سے چند روز پیشتر [illegible] کے متعلق ایک افسوسناک تصادم ہو گیا تھا حضور اس کا ذکر کرنا بھی ضروری سمجھا اور سرحدیہ زبردی کی نسبت جو کچھ فرمایا اس پر کوئی دو اہل الرائے اختلاف

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان (دربار)

۔۔۔ ۱۵ دسمبر کی صبح کو حضور وائسرائے کی گاڑی دہلی سٹیشن پر پہنچی جو خوب سجا ہوا تھا۔ ہز ایکسلنٹ گورنر پنجاب بمعہ اعلیٰ افسران و نواب صاحب دوجانہ وغیرہ ولیو ہاؤس سٹیشن پر حاضر تھے۔ لاٹ صاحب نے دیسی اور یورپین معززین کو حضور وائسرائے سے ملایا۔ پھر میونسپلٹی نے ایڈریس پیش کیا۔

۔۔۔ ۱۶ دسمبر کو حضور الٹرائے اور وائسرائے بیگم معہ ہمراہیوں کے صاحب کو دیکھنے کو گئے۔ ۷ کی دوپہر کو ہمایوں کا مقبرہ۔ نظام الدین اولیا اور پرانا قلعہ ملاحظہ کیا۔ شام کو ٹاؤن کی پارٹی میں شریک ہوئے جو سائے دہلی کی طرف سے دی گئی تھی۔ جہاں دہلی کے جواہرات اور صنعت کے کام کی دکانیں بھی تھیں۔ اس کے بعد آتشبازی کا تماشا ہوا۔ حضور وائسرائے بیگم نے زنانہ ہسپتال کا ملاحظہ کیا۔ اور شام کو حضور وائسرائے کی جماعت کلکتہ کو براہ کانپور۔ الہ آباد و ریوا روانہ ہوگئی۔

۔۔۔ صاحب پریذیڈنٹ کشمیر ریاست کے جدید انتظام شروع کرانے کو ۱۲ دسمبر کو جموں پہنچ گئے۔

۔۔۔ مسٹر اردن پولیٹیکل ایجنٹ جھالاواڑ نے ہسال فراوطلب کی۔

۔۔۔ مہاراجہ صاحب کوٹہ نے کپتان ہین سنٹرل انڈیا ہارس کی ۱۳ تین سال کے لئے گورنمنٹ ہند سے مانگیں۔

۔۔۔ سر کے شیشادری آئر دیوان میسور، مہاراجہ صاحب کے شمالی دورے میں ہمراہ ہونگے۔

۔۔۔ مسٹر ڈون نے انگلستان سے واپس آکر گرنل میکنزی سے کونسل کا چارج لے لیا۔ اور ۱۵ دسمبر تک برار کے دورے پر جائینگے۔ سردار الہام بھی اسی وقت تک دورہ پر نکلیں گے۔

۔۔۔ ۱۵ دسمبر کو صاحب گورنر بمبئی کراچی سے بمبئی پہنچے۔

۔۔۔ راجہ صاحب ناھہ نے گورنمنٹ کی خدمت میں درخواست گذرانی کہ ان کی افواج سے جنگ وزیرستان میں خدمت لیجاوے۔ یہ درخواست منظور نہیں ہوئی۔

۔۔۔ مہاراجہ صاحب کشمیر دربار لاہور سے ۱۵ دسمبر کو جموں واپس پہنچے۔

۔۔۔ مہاراجہ صاحب میسور چھ ہفتہ اپنے دارالخلافہ سے سفر پر ضرور جائینگے۔ پہلے پونہ جائینگے۔ وہاں سے الہ آباد ہوتے ہوئے کلکتہ پھر ریاست کو واپس ہونگے۔

[سرحد]

۔۔۔ دانو سے خبر پہنچی ہے کہ محسود ملکوں نے اطلاع دی ہے کہ قبائل نے گورنمنٹ کی شرائط کو مان لیا ہے اور ۳۱ دسمبر تک شرائط کو پورا کر دینے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ خبر اتنی جلدی پہنچی ہے کہ قابل اعتبار ہو سکتا ہے۔ تاہم اگر یہ صحیح ہے تو ہم ملتوی کر دیگی۔

۔۔۔ مجموعی کچھ سے خبر نہیں پہنچی ہیں کہ وزیری کافی گرام میں قلعہ بنا رہے ہیں۔ ۔۔۔ بچے اور عورتیں دور بھیجدی ہیں۔ کہ جس سے صلح معلوم ہوتی ہے۔

۔۔۔ ۱۵ دسمبر کو دانو سے خبر پہنچی کہ انگریزی کشمر کے قاصد پر محسودی کو بلاتے ہوئے کیمپ سے تین میل کے فاصلے پر وزیروں کے ایک گروہ نے حملہ کر کے لوٹ لیا۔

۔۔۔ خبر ہے کہ ملا پاوندہ محسود ملکوں کی مدد کر رہا ہے کہ گورنمنٹ کی شرائط مان لے۔ اور ہمارے ماکن کو اسی امر کی مدد کے لئے گیا ہے۔ اس سے پہلے خبر پہنچی تھی کہ اس کے لوگوں نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا ہے۔

۔۔۔ ۱۵ دسمبر کی صبح کو وادی کونار کی حد بندی کا مشن جلالی آباد میں پہنچ گیا۔ جہاں امیر صاحب کے سپہ سالار نے بمعیت ایک ترپ سواروں کے ایک میل پر استقبال کیا۔ مسٹر اڈنی نے اپنے فریق کے افسروں کی سپہ سالار سے ملاقات کرائی اور پھر مشن جمرود ہی سپہ سالار جلال آباد کے ہمیں ہی ہو کر کینو نکہ خیمہ گاہ کی طرف جو امیر صاحب کے نئے محل اور باغ کے باہر ہے روانہ ہوا۔

۔۔۔ اس وقت تک امیر صاحب کابل کے انگلینڈ جانے کی نسبت گورنمنٹ ہند کو سرکاری طور پر کوئی اطلاع نہیں ملی۔ تاہم غالب سمجھا جاتا ہے کہ حبیب اللہ خاں امیر صاحب کے بجائے انگلستان جائینگے۔

۔۔۔ کپتان میکمان نے اب افغان بلوچ سرحد بندی کا کام دو مندی سے چمن تک ہاتھ میں لے لیا ہے۔ جو ۱۵ دسمبر تک غالباً چمن تک پہنچ جائیگا۔

۔۔۔ وزیریوں نے اگر ہماری شرائط منظور نہ کیں تو ۱۵ دسمبر تک ضرور ہماری فوجیں ہنوں۔ جنڈولہ اور دانہ سے وزیری علاقے میں داخل ہو جائینگی۔

[عام خبریں]

۔۔۔ چھاؤنیوں کے قانون پر غور کرنے کے لئے ایک کمیٹی جنوری میں بمقام کلکتہ فراہم ہو کر مسودہ تیار کریگی۔ موجودہ قانون میں کسی قدر اصلاح اور ترمیم ابھی سے درج ہو چکی ہے۔

۔۔۔ افسوس ہے کہ ۲ نومبر کو لارڈ کنگسلے صاحب بی نے جج سمال کاز کورٹ الہ آباد و سکرٹری ویش کمانفرنس کا انتقال ہو گیا۔

۔۔۔ عبدالواحد خاں ایک افغان سوداگر نے آسٹریلیا کے مقام ایڈیلیڈ میں ایک مسجد کو چھ سو پونڈ دے کر فک الرہن کرایا تھا کہ جسکے چھڑانے سے وہاں کے غریب مسلمان ناجائز تھے۔ اور ایک شخص حاجی ملا مہربان نے مسٹر گارڈن اوپی کے پاس پانسو پونڈ میں اُسے گرو کر دیا تھا۔ اسپر انجمن اسلام نے اس سوداگر کو تہنیت نامہ دیا۔

۔۔۔ بابو جگو بندلال برادر مہاراجہ دربھنگا چین لا بجائے مسٹر ٹریلائی کے سال آئندہ کے لئے شریف کلکتہ ہوا۔

۔۔۔ بمبئی کے بڑے بڑے یورپین سوداگروں اور قانون پیشہ لوگوں کے دو ڈپوٹیشن حضور وائسرائے کی قانونی کونسل کے ممبر کی خدمت میں اس درخواست کے ساتھ حاضر ہوئے کہ ہمیں ایک ہائی کورٹ قائم کیا جاوے مگر قانونی ممبر نے جو رائے ظاہر کی وہ اس تجویز کے موافق نہیں تھی۔

۔۔۔ کلکتہ میں ڈاکہ کے مقدموں کی ایک نمائش ۲۰ دسمبر کو بنگالہ کی فلیٹیکل سوسائٹی کی طرف سے بنگالہ کے فائن آرٹس کے کمروں میں ہوگی۔ سلاٹ صاحب بنگالہ اس کے افتتاح کی رسم ادا کرینگے۔

۔۔۔ برہما کے ایک یورپین ڈپٹی کمشنر مسٹر پینل معطل کئے گئے۔ اور جب جانشین مسٹر ڈیوڈسن چارج لینے کو آیا تو صاف چارج دینے سے انکار کیا۔

۔۔۔ کرنل ملیس انسپکٹر جنرل امپیریل سروس افواج گوالیار سے بھوپال کو دورہ پر روانہ ہوئے۔ یکم فروری تک بمبئی۔ بنگلور۔ حیدرآباد۔ بھاؤلپور۔ جودھپور۔ بیکانیر۔ جے پور۔ الوار اور بھرتپور میں فوجی کلمعائنہ کرینگے۔

[ممالک غیر]

۔۔۔ سینٹ پیٹرزبرگ ۱۵ دسمبر۔ جنرل گورکو جو بوجہ اپنے ظلم کے ہر دلعزیز نہیں تھا اُس کے بجائے گونٹ شوویلاف پولینڈ کا گورنر زار روس نے مقرر کیا۔ اس تغیر سے امید پڑتی ہے کہ نئے زار کے خیالات زیادہ آزاد ہونگے۔

۔۔۔ روم ۱۵ دسمبر۔ چیمبر آف ڈیپوٹیز دیوان دکھلا میں سینر بلاکمہ نے بیان کیا کہ اٹلی کا ارادہ فوراً تک ٹرپلی کا نہیں ہے۔ سوڈان کے متعلق ہیرونی کارروائی کرنے کے لئے انگلستان سے ابھی کوئی قرارداد نہیں ہوئی۔ کسالا کا قبضہ افریقہ میں اٹلی اور انگریزی پالیسی پاش ڈال سکتا ہے۔ بعد وسط افریقہ اور بحیرہ روم کے مابین آمدورفت کے مسئلے کے اتنی مدت تک کہ یہ راستہ ٹرکی اور عراق کے قبضے میں ہے۔

۔۔۔ آرمینیا کے معاملات کے متعلق جو کشمکش تجویز ہوا ہے اُس میں امریکہ کا کونسل بھی شامل ہے۔ جسپر فرانس کے اخبارات ناراض ہو رہے ہیں کہ امریکہ کو کہاں سے یورپ کی طاقت تنبیہ کا حق حاصل ہو گیا۔

۔۔۔ روس کے نئے قرضہ کی آمدنی صرف ریلوں کے واسطے صرف ہوگی۔

۔۔۔ بیرن کوسل جدید سفیر فرانس لندن میں متعین ہوا۔

۔۔۔ برلن ۱۵ دسمبر۔ اینٹی ریوالیوشنری بل جو افغان امن کی روک تھام کے لئے جو مسودہ قانون جرمنی کی پارلیمنٹ میں پیش ہونے والا تھا وہ اتنا سخت نہیں جتنی امید تھی۔ بڑی بڑی دفعات کے رہے موجودہ انتظام کے خلاف سازش کے جرم کرنے۔ سختی کی ترغیب دینے۔ مذہب اور شہنشاہت پر حملہ کرنے اور شادی اور امن کو بدنام کرنے کے لئے جرمانہ یا قید کی سزا تجویز کی گئی ہے۔ اسی منشا کے مطبوعہ کاغذات کی مسطبی بھی اس مسودہ میں درج ہے۔

۔۔۔ کنسٹینٹی نوپل ۱۵ دسمبر۔ پھر افواہ گرم ہو رہی ہے کہ دربار چین پیکن چھوڑنے کی تیاریاں کر رہا ہے۔

۔۔۔ پیرس ۱۵ دسمبر۔ جو فوج فرانس سے مڈغاسکر کی مہم پر بھیجی جانے والی ہے وہ ایسے وقت روانہ ہوگی کہ اپریل کے مکہ کو ساحل مڈغاسکر پر پہنچ جاوے۔ اور اسی وقت پایہ تخت کو روانہ ہو جاوے۔ کہ اکتوبر تک ساحل پر لوٹ آوے۔

۔۔۔ فرانس کے چیمبر سے مڈغاسکر کی مہم کے لئے خرچ کی منظوری بڑی گرمجوشی کے ساتھ ہو گئی۔ اور سرکار کی طرف سے بیان کیا گیا کہ فرانس مڈغاسکر پر بھی ایسا ہی اختیار پیدا کرنا چاہتا ہے جیسا کہ اس وقت ٹیونس پر ہے۔

۔۔۔ تین روسی جنگی جہاز چین کو روانہ کئے گئے۔

۔۔۔ لندن ۱۵ دسمبر۔ خبر ہے کہ ڈوئر نمبر ۱۹ ہزار سپاہ کے باطوم کو روانہ کی گئی ہے کہ روس کی چھاؤنیوں سرحد آرمینیا پر مقیم رہے۔ خیال ہے کہ یہ آرمینیا کی گزشتہ شورش کا نتیجہ ہے۔

۔۔۔ چین ایک سال سے بارہ لاکھ پونڈ کا قرضہ لندن سے لینے والا ہے۔ ساڑھے چار فیصدی سود پر۔

۔۔۔ لندن ۱۵ دسمبر۔ جو خبریں تاریخی کی مقام یوکو ہاما سے آئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں لوگوں کو یہ یقین ہے کہ اگر لڑائی اس وقت ختم ہو جاوے گی تو جاپان ۴۰ کروڑ سکہ ین کا ہرجہ اور اس ملک کی سپرد گی قبول کریگا جو اس وقت جاپانی فوج کے قبضے میں ہے اگر خلاف اس کے لڑائی جاری رہیگی تو جو شرائط پیش کی جائیں گے وہ بہت زیادہ وسیع ہونگے۔ جاپانی اس وقت تک التوا جنگ کو منظور نہیں کرینگے کہ چین صلح کے باب میں نامہ و پیام کرے اور یکین لوگ کے حوالے کر دے۔ یا جاپانیوں کے دعووں کے پورا کرنے کے واسطے دوسری

حفظِ صحت

استفسار

۹۳۔ کثرتِ نیند۔ میرے ایک دوست کو نیند اس قدر ہے کہ کچھ بیان نہیں کیا جاتا۔ کبھی ہی ملیہ ہوا کہ آنکھیں بند ہو جاتی ہیں۔ خصوصاً حفظ فضیحتوں میں عموماً نمازیں سو جایا کرتے ہیں۔ گویا افیونی کی سی حالت ہے۔ اگرچہ وہ صاحب بڑے صوفی و نمازی ہیں۔ خدا معلوم یہ کیا شکایت ہے (غلام حسین ہوشیار پور)۔

۹۴۔ ناسور ران۔ میری عورت کو داہنی ران پر پہلے ایک گول اور سخت سا ورم پیدا ہوا تو میں خیال کرتا رہا کہ شاید ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ مگر ورم قریباً دس بارہ ماہ تک اندر ہی اندر پکتا رہا۔ پھر وہ پھوٹ گیا تو اس میں سے قریباً دو سیر کا لہو نکلا اور پھر پھوٹنے کے ۵ یا ۶ روز بعد اس میں سے چھوٹے چھوٹے ریزے ہڈیوں کے ایک ماہ تک نکلتے رہے۔ اب ہڈیوں کے ریزے نہیں نکلتے اور پانی تھوڑا تھوڑا ہر وقت جاری رہتا ہے اور ٹانگ بہت کمزور ہو گئی ہے۔ ڈاکٹروں نے اس کا نام ناسور رکھا ہے۔ ہر چند علاج کیا گیا اب تک فائدہ نہیں ہوا۔ کوئی صاحب اس کا مجرب علاج تحریر کریں۔ (قاضی دولت بخش کاتب ملازم پیسہ اخبار)۔

۹۵۔ میرے ایک دوست نے مجبور کیا کہ میں بھی ایک تکلیف آپ کو دل جو در اصل کا رونا اب ہے۔ دوست مذکور کی ناک کے دونوں نتھنوں میں سدے ہیں جس سے قوت شامہ بالکل مدار دہے۔ سانس کی آمد و رفت دقت سے ہوتی ہے۔ آپ کے ناظرین اخبار میں سے کوئی صاحب مجرب علاج جانتے ہوں تو براہ عنایت مذہبہ آپ کے لاثانی اخبار کے مطلع فرماویں۔ (۱۵۴۵ خیدار پیسہ اخبار)۔

۹۶۔ بالوں کی صحت۔ میری عمر بھی ۴۰ برس کی ہے مگر میری ڈاڑھی کے بال زیادہ تر سرخ ہو گئے ہیں اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاید عنقریب سفید ہو جائیں۔ برائے مہربانی مشتہر کیجئے کہ کیا کوئی صاحب ایسی مجرب دوا بتلا سکتے ہیں کہ اس کے لگانے یا کھانے سے موجودہ بال سیاہ ہو جائیں اور آئندہ جو بال جڑ میں سے پیدا ہوں وہ سرخ نہ نکلیں بلکہ اندر سے سیاہ نکلیں۔ میں نہایت مشکور ہوں گا (ضمیر الدین ۱۴ سوداگر۔ از مقام بلند شہر)۔

علاج

۱۲۰۔ بھائی پیسہ اخبار ۲۷۔ اکتوبر ۱۸۹۳ء بجواب استفسار علاج ۱۱۵ کا نام حفظ صحت ایک نسخہ مجرب ارسال خدمت ہے۔ انشاء اللہ مریض کو ضرور صحت ہو گی۔ خطمی نائے رومی یعنی پاکھان ۴ تولے۔ برگ حنا تازہ مقدار کفایت۔ ان دونوں کو باہم پیس کر حسب قاعدہ اناث ہر دو کف دست و پا پر بعہ انگلیوں کے لگائی جاوے۔ بعد دو گھنٹے کے آب سرد سے دھو ڈالیں۔ خدا میں شیائے گرمی سے پرہیز لازم ہے۔ تین روز صبح و شام استعمال کر کے نتیجہ سے اطلاع فرماویں۔ (۲۴۴۴ از کلکتہ)۔

۱۲۱۔ علاج یرقان۔ تلی کے تیل میں ادھی کی کوئل کر کے تیل بدن پر ملنے سے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔ دو گھنٹوں کے آنے میں ایسا ہوا نمک ملا کر بدن پر ملنے سے انشاء اللہ العزیز فائدہ ہو گا۔ (محمد حسام الدین)۔

۱۲۱۔ علاج دمہ۔ جنہ جھینگر کو بھون کر اس میں جلا کر ان کا سفوف بنا کر ۱۰ ماشے روزانہ ہر وقت کھانے سے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہو گا۔ (۲۴۴)۔

شعر و سخن

بقیہ کانپور کا ہیضہ

(از جناب منشی نور الحق صاحب سہارنپوری۔ بواسطہ پیسہ اخبار)

ٹوٹے ہوئے گھڑے کا بھی ملتا نہ تھا پتا — مجبور تھے اسیر نہ ہوں کا ذکر کیا
بلکہ خدا کے گھر میں بھی چھوٹا نہ اک گھڑا — ہوتی تھی آبخور لوں پہ فقیروں کی فاقہ
بعضوں کو آبخور بھی ہوتے نہ تھے نصیب — بے نی تخہ بھی جلتے تھے اکثر بہت غریب
بیہوں فروش شہر کے نزدار ہو گئے — صدہا مریض ان کے خریدار ہو گئے
پیسے کے جو کہ آٹھ تھے اب چار ہو گئے — ان چار کے ہزاروں طلبگار ہو گئے
پایا جو خانہ خراب اس روزگار میں — بیہوں فروش ہو گئے لاکھوں میں چار میں
نایاب اس قدر ہوئے کپڑا کاغذی — بازار میں نہ ملتے تھے زنہار کاغذی
سو سو تلاش کرتے تھے دو چار کاغذی — لاتے تھے ڈھونڈھ ڈھونڈھ کے بیمار کاغذی
بیہوں نہ چونکہ ملتے تھے ہر بار پیاس میں — چھلکے ہی چوس لیتے تھے بیمار پیاس میں
مسجد کے آستانے میں دو تین ہر گھڑی — عاشق خدا کے دین کے شوقین ہر گھڑی
شاگردوں کو یہ کرتے تھے تلقین ہر گھڑی — رکھو زباں پہ سورۂ یٰسین ہر گھڑی
جاؤ مکاں سے اپنے کہیں دور دور تم — اس کے سبب سے کھاؤ گے طعنے ضرور تم
کرنی ہو پار سلگی تو یٰسین سیکھ لو — کھانکی بلغمی تو یٰسین سیکھ لو
منظور ہو مٹھائی تو یٰسین سیکھ لو — حصبہ میں دوائی تو یٰسین سیکھ لو
رومال رومیوں کا تو چادر ہے جامنا — رکھ لیویں پہلے پاس کریں جبا دانا
جس مرتبہ جو جائیں بلانے کے واسطے — آتے ہیں تب غسل دلانے کے واسطے
آتے تھے جو چادریں ہی اٹھانے کے واسطے — کرتے تھے بھی باتیں روٹیاں کھانے کے واسطے
ایسی موافقت ہوئی اس روزگار کی — راتوں دعائیں کرتے تھے ہیضے بخار کی
کتنی ہی ہو مریض کو تکلیف جاں کنی — اس سے دو چند ہوتا ہے اکثر بھی دل غنی
ظاہر میں گو دکھاتے ہیں ہر دم فروتنی — باطن میں یہ کہ کھائیے ہم روٹی روغنی
مر جاوے گر مریض تو جھگڑا تمام ہو — اس کو بھی چین ہووے اور اپنا بھی کام ہو
تھی موت ہیضہ والوں کی ہر آن فال میں — بیمار ہوئے تو پڑے ہسپتال میں
زندہ رہے تو فکر رہی آنے ڈال میں — گر مر گئے تو پڑ گیا کنبہ وبال میں
آتے ہیں رونے پیٹنے والے ہزارہا — (بہ زبان)
فاقے کے مارے جیب کٹانے ہزارہا
جو مرنے والا تھا وہ گیا اپنی جان سے — اب ڈولیوں کی مار ہوئی خاندان سے
دو تین وقت پہلے کے بھوکے مکان سے — آ بیٹھے بے بلائے ہوئے میہمان سے
دو چار روز وقت میں کھاتے ہیں روٹیاں — چالاکیوں سے گھر کی بچاتے ہیں روٹیاں
کھانے کو ایک وقت کا گھر ہو نہ چونچہ غم — بالکل بھی موت والے کے گھر ہو نہ چونچہ غم
یہ ناول تو تلک زدہ دلوں کی پردہ کہانیاں جس پیارے کی جاتیں کچھ کچھ پردہ فروسی دیکھائی ہیں گراں ہیں کہ اپنے لفظوں میں کچھ اسی بات اپنی سے چاہتی ہے بیتی۔ ناظرین داستان کی ہوشربا دلچسپ پر کاوٹ دلنا شوٹے ہوئے آتی اور اشتہار ہیں جن رسلے والوں کے کاموں میں استعانی ہے۔ ناول بھی جرگسی ہاس نصیب کی نامراد یوں اصلی مرتع ہے بالکل اسی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے۔ ہر دعوے کے ساتھ کہہ سکتے ہیں۔ کہ یہ ناول دیکھ کر ممکن نہیں کہ آپکا دل خاطر ہیں آئے بلکہ بالکل سچا ناول ہے اور یہی سبب ہے کہ نہایت کامیاب ہے دلچسپی اسقدر کہ بغیر ختم کتاب آپ سے نہیں چھوٹ سکتی قیمت علاوہ محصولڈاک عہ

المشتہر منیجر حسین تار ہتھم پیام یار لکھنو چوک

بال اڑانے کا عجیب پوڈر

یہ پوڈر گرم پانی سے لگانے سے

دم بھر میں بالکل بال اڑا دیتا ہے اور طرفہ یہ کہ جلد کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتا قیمت فی بکس ۸ رتین بکس ایک روپیہ آٹھ آنہ (ہر صیغہ) چھ بکس دو روپیہ آٹھ آنہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے طلب فرمائیے

جلال الدین و منیر خان ڈنٹسٹ

مصنوعی دانتوں کے مضبوط اور خوبصورت دانت لگانے والے اور کل امراض متعلقہ دانتوں کے علاج کرنے والے نامور کلی لاہور

ہومیو پیتھک دوائی خانہ

یہ عظیم الشان ہومیو پیتھک دوائی خانہ جس کو انگلینڈ جرمنی اور امریکہ کے دوائی خانوں سے تعلق ہے صوبہ بہار میں اپنا ثانی نہیں رکھتا اس کی سچائی کے ثبوت میں اس دیار کے رؤساء کے سرٹیفکٹ جو فہرست قیمت ادویات کے ساتھ شامل ہیں کافی ہیں۔ دریافت طلب کتاب مذکور بلا قیمت ارسال ہوگی اس کارخانے سے جس زبان میں خط وغیرہ آتا ہے اسی زبان میں جواب لکھا جاتا ہے نسخہ شفا و اسرار فن ہومیو پیتھک میں ہو نامی کتاب ہے لیتھ ثانی دیکر یہ رسالہ مفت تیار ہے۔

المشتہر گھوس کمپنی ہومیو پیتھک دوائی خانہ

محلہ مراد پور ملاقہ ہاکمی پور

مہربانی فرما کر اسے دیکھئے

فسانہ محمود

زبان کی خوبی۔ محبت کا نتیجہ۔ عشق کا اثر۔ شجاعت۔ بہادری۔ وفاداری۔ یار باشی۔ عقیدہ غیبیان ہونی چاہئیں وہ سب اس ناول میں موجود ہے۔ کوہ فضا عاشق نرالے انداز کا عاشق۔ معشوقوں کا گرویدہ ایسا جو اس کو دل کر دیوے۔ پسند کرتا ہوں صاحبان کو خریداری منظور ہو بلا وعدہ رقم بیت کریں۔ قیمت فی جلد ۱۲ار

المشتہر پنڈت پرتاب نرائن آغا مالک اخبار ہمدرد

شرح تعزیرات ہند میں صاحب

یہ شرح اردو زبان سے اردو زبان میں بڑی محنت اور ذکاوت سے تیار کی گئی ہے میں صاحب کی شرح مستند ہے حرف بحرف اختتام دفعہ پر اول تا میں صاحب کا ترجمہ ہے پھر دیگر نامور مصنفین تعزیرات ہند کی کتب سے بھی امداد لی گئی ہے چنانچہ ان اصحاب کے گرامی قید میں درج ہیں۔ سورگن صاحب۔ ہیملٹن صاحب۔ ہیڈلے صاحب۔ وڈاب صاحب۔ اور قانون آرکے بالڈ صاحب ولیمی صاحب و اصول بار کی صاحب وغیرہ وغیرہ اسکے علاوہ بہت سے انگلستان و ہائی کورٹ کلکتہ و بمبئی مدراس والہ آباد و فیصلجات چیف کورٹ پنجاب تا بہبئی کی انتخاب کر کے شامل کیگئی ہیں۔ کاغذ چھپائی خوبصورت شائقین قانون ایک ایک جلد ہیت جلد منگا کر اس سے فائدہ اٹھائیں جسم ایک ہزار ۸ صفحے قیمت عہ

محصولڈاک چھ روپیہ

المشتہر۔ مہتمم پیسہ اخبار لاہور

یکصد روپیہ انعام

ایک قطعہ فوٹ تعویتی ایکہزار روپیہ حسب اعلان مورخہ ۱۹۲۱ء آباد کلکتہ ہے اور جس کی بکری سی ہو چکی ہے اور بحرف انکار پیش کی گئی ہو گیا ہے محفل اسکا بیان اسکو روپیہ انعام ہوا جاوید المشتہر گنیش داس ایم گھمن

کلیمنٹس ٹانک

طاقت کی نہایت مفید اور مجرب دوائی دو پیسے بہترین مشروطیوں کی آزمائش طلب کرد مفت ارسال قیمت فی بوتل عہ تین بوتل معہ بوتل عہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے طلب فرمائیے

ڈاکٹر کلین خان ڈنٹسٹ مارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرنے اور نئے دانت لگاتے ہیں دانتوں کا منجن فی اونس عہ رلفف اونس

مرقع عجم

یادگار قصہ اہل ایران کے حالات معلوم کرنے ہیں قابل اور بے نظیر ہے ترکمان و خان و عرب و ترک و فرنگ وغیرہا اقوام شمائل و خیالات و عادات نہایت ظرافت و رنگینی سے بیان کئے ہوئے ہیں عبارت مقفیٰ مسجع ذو معنی ہونے کے علاوہ اردو الفاظ پر حاوی و عرب الامثال کا مجموعہ ہے کہ مطالعہ سے بھی انسان کو سیری نہو لطف مطالعہ پر موقوف ہے

کاغذ عمدہ رنگین ۸۰۰ صفحہ قیمت معہ محصول دو روپے چھ آنہ

حصہ اول منتخبات باقری

(عبرت و نصائح نادرہ) مع مکمل بیان عہ

صفر میاں قیمت مع محصول عہ

مرقع تصویری

اردو نثر مقفیٰ مرصع مدلل تصویروں کی تاریخ ہے قیمت مجلد عہ

رسالہ ثبوت کثرت ازدواج

اس میں بحوالے حضرات یورپ کے قرآن کو ثابت کیا ہے کہ ایک سے زیادہ عورتیں نکاح کرنا کیسے خلاف نہیں ہے قیمت مجلد عہ

المشتہر محمد باقر سیکرٹری ترکش کانسل جنرل نیو دسٹرکٹ ضلع بلیسی (ٹیکساس)

اشتہارات

گشتہ مہا جسب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی احلاسی پیرزادہ مولوی محمد عزیز صاحب ایم اے ڈسٹرکٹ جج بہاولپور

بمقابل ولد اولاد ال قوم کتھری ساکن [illegible] ضلع گورداسپور

زاین عنکہ ولد دیوا عنکے ذات جٹ ساکن [illegible] ضلع گورداسپور

موضع بڑھی حال ضلع گورداسپور

دعوی عاقہ برحوے تسلک وحساب ہی

علیہ مدعا تعمیل سمن سے گریز کرتا ہے اور روپوش ہے۔ لہٰذا اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر تم ۱۸ دسمبر ۹۴ء کو حاضر عدالت ہا ہو کر جواب ہی دہی نہ کروگے تو تمہاری نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی ؛

الاسی منشی محمد محبوب علیصاحب منصف صدر انبالہ

[illegible] پرگنہ جیوہ سود چانگنہ انبالہ نام موضع ولد کا ذات قوم جٹ ساکن موضع بلانہ [illegible] موضع بلانہ تحصیل انبالہ مدعا علیہ

دعوے بسلغ لف

صاحبہ مدعیہ دو دفعہ تمن تمہارے نام تمہارے مسکن پر جاری ہوئے مگر تمن پر بوجود نہ پائے اور مدعا تعمیل سمن پہلے نہی کرتے رہے اب حسب درخواست مدعیہ یہ اشتہار پیسہ اخبار لاہور میں شایع کیا جاتا ہے اب اگر تم [illegible] ۱۸۹۴ء [illegible] ۵ ضرعدالت ہو کر پیروی نکروگے تو تمہاری نسبت کارروائی [illegible] عمل میں آویگی خواہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر سروی مقدمہ کی کرو ۱۹ نومبر ۱۸۹۴ء

نارتھ ویسٹرن ریلوے

یکم دسمبر ۹۴ء سے مسافر گاڑیون کے اوقات حسب ذیل ہونگے جو ڈاون یا پسنجر ٹرین ہیں کے ۱۰ بجکے ۱۰ منٹ پر پشاور سے روانہ ہو کر شام کو ۴ بجے لاہور پہونچتی تھی اب شب کے ۱۱ بجے روانہ ہو کر شب کے ساڑھے سات بجے لاہور اور حسب دستور حال دن کو ۳ بجے امبالہ پہونچیگی ؛

آپ پاسنجر گاڑی حال کے مطابق امبالہ سے رات کے ساڑھے نو بجے روانہ ہوگی مگر لاہور بجائے سوا سات کے صبح ساڑھے پانچ بجے اور راولپنڈی میں بجائے شب کے ۷ بجکے ۴۲ منٹ کی شام کو ۵ بجکے ۱ منٹ پر اور پشاور بجائے رن کے ۲ بجکے ۳۵ منٹ کے ایک بجے پہونچا کریگی ؛

لاہور کراچی کی شاخ پر ڈاون پاسنجر بجائے صبح ۷ بجے کے ساڑھے چھ بجے روانہ ہو کر شام کو ۴ بجکے ۲۰ منٹ پر ختم ہوگی۔ اور کمسڈ ٹرین جو اب رات کے سوا دس بجے روانہ ہوتی ہے اوک ہوتی ہوئی کوئٹہ کے ڈاون میل سے جا ملیگی ؛

آپ پاسنجر ملتان سے صبح کو نو بجکے ۲۵ منٹ پر روانہ ہو کر شام کو ۴ بجکے ۵۰ منٹ پر لاہور اور اب عنقریب کوئٹا اب میل (ڈاک گاڑی) کو جا ملتا ہے۔ اوک سے رات کو ۹ بجکے ۴۰ منٹ پر روانہ ہو کر دوسرے دن صبح ۵ بجکے ۵۰ منٹ پر لاہور پہونچیگا ؛

آپ ٹرین صبح ۱۰ بجکے ۱۰ منٹ پر لائلپور سے روانہ ہو کر کوئٹا ہوتی ہوئی ڈاون ٹرین صبح ۹ بجے کوئٹا سے کوئٹہ ہوتی ہوئی آویگی ؛

مفصل اوقات درمیانی اسٹیشنون کی اوقات معلوم کرنے کیلئے اسٹیشن ماسٹران سے دریافت کریں

بحکم

ڈبلیو جے جیمز لین قائمقام ٹریفک سپرنٹنڈنٹ

۲۳ نومبر ۹۴ء لاہور

سپرنٹنڈنٹ

نادر جنتری بابت سنہ ۱۸۹۵ء

پیسہ اخبار کی نادر جنتری جس کا سکہ تمام اردو خوان دنیا میں بیٹھ چکا ہے سنہ ۱۸۹۵ء کے لئے زیر طبع ہے اور عنقریب تیار ہوگی خریداروں کی درخواستیں درج رجسٹر ہو رہی ہیں جنتری میں امسال بھی سینکڑوں نئی اور قابل دید مضامین درج کئے گئے ہیں جو اگلے سالوں میں اردو کی دوسری جنتریوں میں حسب دستور نقل کئے جائینگے ؛

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

چار روپے مین سر سے پیر تک بچنے کی آسان کتاب

اس سے سستا اور سوت نہین مل سکتا

پانچ روپے مین یونی فارم اٹینگ ایبور ٹس

آج ہم ایک بکس فاہ پلک پنچ کا خانہ نہیں مہیا کرکے اشتہا دیتے ہین بکس نقلی ولایتی اسٹیل کا سیاہ وارنش کیا ہوا جس مین منہ دیکھ لیجئے اور وارنش پر سنہری بوٹہ کی تحریرین عجب لطف دیتی ہین مضبوط ایسا کہ آپ دونون پاؤن رکھکر کھڑے ہو جائے خوبصورت ایسا



کہ ایک بکس منگانے کے بعد اپنے احباب کو بھی ضرور منگانا پڑیگا کارآمد ایسا کہ آپ زیل مین دیکھئے سی معلوم ہوگا جو شیلکس مین ہیں

لمبائی (۱۲) انچ

خود امتیاز کرین کسقدر زاید اور نفیس اشیا بکس کے ہمراہ ہین قیمت صرف پانچ روپیہ ؛ جاودگی دوات مع سیاہی ایک ہولڈر گاہ (۲) پین درجن (۱) پنسل سیاہ عمدہ (۲) پنسل رنگین (۲) پنسل نیلا کیا جاقوتا (۱) قلم واسطے عمدہ (۲) پاکٹ بک ایک کاغذ سادہ پاکٹ (۱) لفافہ سادہ ایکسو لیٹر کلپ (۱) رجسٹر سیاہی نیلا کیا (۱) جاقوتراش نمبر ۱ والد (۱) الپجابیٹ ۱ (۱) لاکھ بتی (۱) صابون (۱) رومال (۱) پاکٹ آئینہ (۱) فنیس کا بٹن سیٹ (۱) عطر ولایتی شیشی ایک پتہ ایس۔ ای بی بخشی اینڈ کو نمبر ۲۷ اگینڈ ٹالاب کلکتہ

سارھے پانچ روپے مین مفت

ایک نکل سلور کا چین۔ ایک نکل سلور کی پنسل عمدہ ایک قطب نما ایک رومال کنارہ دار۔ ایک شیشی ولایتی عطر ایک سٹ بٹن قمیض جرمن سلور کا۔ ایک پاکٹ آئینہ ایک برقی انگوٹھی جس کے پہننے سے کل بیماریان دور بھاگتی ہیں۔ خرچ ڈاک خریدار ؛

بچونکہ اونی رنگین بہت خوبصورت اور نرم پانچ گز کا سوٹ جس کے خالص اونی ہونے کی ضمانت کی جاتی ہے بہت ہی کم قیمت چیز عمدہ تفصیل۔ ایک ٹوپی۔ ایک کوٹ۔ ایک کلابند۔ ایک موزہ ایک گارٹر موزہ باندھنے کا۔ قیمت نمبر اول جا بروپیہ نمبر دوم تین روپیہ فی ڈٹ بچون کی عمر ضرور لکھنا چاہیے ؛

پتہ۔ ایس۔ ای بی بخشی اینڈ کو کمیشن ایجنٹ نمبر ۲۷ اگینڈ ٹالاب کلکتہ

پیرایہ مین تیار کی گئی تہی۔ مگر پھر بھی فتوی کارکنان انجمن کی مطلب کے موافق نہین تہا۔ اگر اسوقت بھی کارکنان انجمن راستی پر آجاتے اور اپنی غلطی کو تسلیم کر لیتے۔ تو مجھے اتنی تکلیف نہ کرنی پڑتی کہ یہ سارا واقعہ مشتہر کرون۔ الغرض فتوی مذکور ایک بڑے نام جلسہ عام مین پیش ہوا۔

اس جلسہ مین مولوی خلیفہ حمید الدین صاحب صدر انجمن تھے اور فتوی سنانے کے بعد مین حیران ہوا۔ کہ جلسہ مذکور نے انجمن کے موجودہ کارروائی کو جائز قرار دیا۔ اور یہ تجویز پاس کی گئی۔ کہ موجودہ مدیتامی کا نام ذدا بدل کر مدیتامی و مساکین رکہا جاوے اور باقی کارروائی حسب دستور رہے۔ اس تجویز کے بعد مین نے صاحب صدر انجمن سے عرض کی۔ کہ آپ بعد نے فتوی یہ تجویز شرعاً جائز اور درست ہے۔ تو انہون نے ہان کہنے مین تامل کیا۔ اور از سر نو مباحثہ شروع ہوا۔ الغرض یہ امر دوسرے جلسہ عام پر رکہا گیا۔ جس جلسہ مین یہ امر فیصل ہوا۔ (اسکی شمولیت کے واسطے مین بھی دفتر انجمن مین پہنچا اور وقت معین سے ڈیڑھ گہنٹہ تک انتظار کر کے مین سوء چند دیگر ممبہ صاحبان کے واپس چلا آیا۔ اس خیال سے کہ اب جلسہ مذکور نہین ہوگا اور کسی دوسری تاریخ پر ملتوی کر دیا جاویگا مگر ۲۸ اگست ۱۸۹۴ء کو سندرجہ ذیل چٹھی دفتر انجمن سے مجھے موصول ہوئی۔

۲۷ سمہ ۸۴ - ۲۸ اگست ۱۸۹۴ء۔ بگرامی خدمت صاحب ایگزامینر انجمن۔ اسلام علیکم۔ جلسہ عام منعقدہ ۱۹ اگست ۱۸۹۴ء" (یہ وہی جلسہ تہا۔ جسکا مین نے اوپر ذکر کیا۔ سنیے جسکے واسطے مین حاضر ہوا تہا۔ اور وقت معین کے ڈیڑہ گہنٹہ بعد تک انتظار کر کے سوء چند دیگر اصحاب کے واپس چلا آیا تہا) کی رو سے دذا بغرض اطلاع و تعمیل ارسال خدمت ہے (۱) حسب قرارداد جلسہ سابقہ مدیتامی کے مصارف والا معاملہ پیش ہوا۔ سکرٹری نے استغفاء جس مین انجمن کی کارروائی جو ابتدء سے اس مد کی آمد و خرچ کے متعلق ہو رہی۔ مفصلاً درج تہی موفتوی صاحب صدر انجمن پہر پڑہا۔ کارروائی انجمن کی نسبت جو مدیتامی سے تعلق رکہتی ہے جو اعتراض ہوئے انکو پہر بتفصیل سنایا گیا غرضیکہ اس ضروری امر کے ہر پہلو پر کامل غور و پرداخت کے بعد یہ بات تسلیم کی گئی۔ کہ مدیتامی۔ یتامی و مساکین طلباء کی امداد کے واسطے ہی قرار دی گئی تہی۔ اور اس لئے انجمن کی کارروائی جو اس مد کی نسبت آجتک ہوتی رہی ہے درست اور صحیح ہے۔ مگر چونکہ الفاظ مدیتامی سے (جو انجمن کی اصطلاح مین یتامی و مساکین طلبا کے واسطے موضوع ہوئی ہے اور جس کا مین ثبوت انجمن کے عمل سے مل رہا ہے) یتامی کی خصوصیت کا شبہ پیدا ہوتا ہے۔ اسلئے آیندہ اس مد کا نام مد یتامی و مساکین طلبہ رکہا جاوے اور اسکی آمد و خرچ کی صورت بحال رہے"۔

میری رائے مین انجمن کے کارکنان کی یہ ساری کارروائی ناجائز اور خلاف شرع ہے۔ جیسا کہ فتوی مین درج ہے۔ انجمن کو اختیار نہین ہے کہ اپنی اصطلاحین نکالکر شرع کو دہوکہ دہاوے بلکہ کارکنان انجمن کا فرض ہے۔ کہ علاوہ ان نقودات کے جو یتامی کے واسطے آتی ہین۔ آمد زکوۃ کو بہی صرف یتامی پر خرچ کرے کیونکہ صرف اسی صورت مین زکوۃ دینے والے کو زیادہ سے زیادہ ثواب مل سکتا ہے۔ مین خود انجمن کا ہمدرد صرف اسی لئے ہون کہ اس نے ایک یتیم خانہ قایم کیا ہے۔ مگر جب مین نے یتیم خانہ کی حالت دیکہی۔ تو مجھے جس مظلوم بچون اور انجمن کے کارکنان کے فرائض منصبی سے پہلوتہی کرنے پر نہایت افسوس آیا۔ اصل تو یہ بڑی عجیب بات ہے۔ کہ انجمن کے یتیم خانہ کے قواعد کچھ ایسے عجیب معلوم ہوتے ہین۔ کہ جس سے کارکنان انجمن کو پورا اختیار ہے۔ کہ وہ کسی غریب یتیم بچے کو اگر انکی مرضی نہو۔ تو نامنظور کر سکتے ہین۔ اور واقعی یتیم بچے کو اگر انکی مرضی نہو۔ تو داخل کر سکتے ہین۔ موجودہ اہالیان یتیم خانہ مین نصف ایسے بچے ہین۔ جو شرعاً یتیم نہین۔ اور جو صرف کسی کارکن کی سفارش وغیرہ سے داخل یتیم خانہ ہوئے ہین۔ مجھے یاد ہے کہ ایک دفعہ مین سکول کے ایک اعلے ملازم کے پاس بیٹہا ہوا تہا کہ ایک اعلے رکن انجمن صاحب تشریف لائے۔ اور خلوت مین فرمانے لگے۔ کہ میرے گانون سے ایک لڑکا پڑہنے کے واسطے آیا ہے۔ اور چونکہ انجمن کے یتیم خانہ مین وہ ابہی داخل نہین ہو سکتا آپ اسکے واسطے ایک وظیفے کی سفارش کر دین۔ کمیٹی مین مین منظور کرا دونگا۔ پس اسی طرح سے انجمن کی بہت سی کارروائی ہوتی ہے۔ اور یہ ان کارروائی سے ایک ہے جسپر مجھے اعتراض ہے۔ اور جسکے متعلق مین یتیم مذکور کا خرچ خوراک وغیرہ یا وظیفہ پاس کرنے پر مجبور کیا جاتا ہون دوم یتیم خانہ کی عمدہ پرداخت کا حال سنئے۔ یتیم خانہ طفلان مین میرے وقت مین قریباً پینتیس ۳۵ لڑکے تہے۔ ان سب لڑکون کی خوراک کا خرچ پچاس روپیہ ماہوار سے کبہی زیادہ نہین ہوتا تہا حالانکہ ان دنون مین آجتک جیسی ارزانی ہی نہین تہی۔ آپ خود خیال فرمالین کہ جن ۳۵ لڑکون کی خوراک کا خرچ شہر لاہور مین پچاس روپیہ ماہوار تک ہو۔ انکا کیا حال ہوگا انکی شکل دیکہنے سے سخت رقت پیدا ہوتی ہے۔ رنگ زرد چہرہ سرجہایا ہوا۔ نیک سلوک کے آثار شکل سے نمایان حالانکہ انجمن کی مدیتامی مین کافی روپیہ ہے۔ مگر کارکنان انجمن ان بیچارون کی حالت کو درست کرنے کی بجائے کالج کو ایک اور درجہ بڑہاوین گے۔ کیونکہ کالج کے نام سے تو ان کی شہرت ہوتی ہے کہ فلان فلان آدمی کی کوشش سے لاہور مین ایک کالج قایم ہے۔ جو علیگڈہ کالج کا ہمپایہ ہے مگر یتیم خانے کی حالت اندرونی کو کون آکر دیکہے گا۔ اور انکو شاباش کہکر چیکا ہو رہے گا یہ یتیم خانہ کا ٹہیک ٹہیک جزوی نقشہ کینچکر دکہاؤن۔ مگر ان دنون مجہے فرصت نہین۔ اگر یہی حال رہا۔ تو کسی وقت ان بیچارون کی خاطر کوشش کرونگا۔ یتیم خانہ زنانہ مین دو چار لڑکیان ہین۔ ان مین سے اکثر ممبہ صاحبان کے گہرون مین نوکرون کا کام بہی کرتی رہی ہین۔ مگر مجہے معلوم نہین کہ آجکل بہی اسی حالت مین ہین یا نہین چونکہ ان کی حالت ہر ایک شخص کو دیکہنے کا موقعہ نہین ملتا۔ آپ ان کی حالت کا خود ہی اندازہ کر لین۔ مگر اتنا مجہے معلوم ہے کہ جو لڑکیان گہرون مین بطور نوکر کام کرتی ہین۔ ان سے بہت برا سلوک ہوتا رہا ہے۔ کیونکہ انکا پرسان حال کوئی نہین۔ مجھے یہ بہی شک ہے۔ کہ سب لڑکیان واقعی یتیم محتاج مدد ہین۔

۲۵ نومبر ۱۸۹۴ء سردار خان

— کوئٹہ مین یادگار سینڈیمن صاحب اونکابت قایم ہوگا اس وقت تک ۶۰ ہزار روپیہ جمع ہوا ہے جس مین سے صرف پندرہ ہزار یورپین نے دیا۔

جرایم اور قانون

— جالندہر مین پہر ایک یورپین نے کالے آدمی کو اپنے موٹر بازو دکہائی۔ ۱۳ تاریخ کو ایک کم سن لڑکا رئیس اعظم جالندہر کا گاڑی ہانکتا ہوا چلا آرہا تہا کہ ایک صاحب بہادر نے اپنی ٹم ٹم پر سے ایک چابک کا ہاتہ رسید کیا۔ یہ لڑکا نہایت سلیم الطبع اور خوش اطوار سنا جاتا ہے اور کوئی بات اسکی طرف سے ایسی نہین ہوئی جس سے صاحب بہادر کا جامہ سے باہر ہونا واجبی سمجہا جائے۔ اسپر بہی اوس لڑکے کے بڑے بہائی نے جو بیرسٹر ہین یہ خواہش ظاہر کی ہے کہ وہ یورپین معذرت کر لے۔ مگر ہنوذ اسکی بہی کوئی ایسی اُمید سامنے نظر نہین آتی۔ بیشک آجکل ڈیسیون کے مقابل مین معذرت انگریزون کے واسطے بہت بڑی سزا ہے۔ جسکو چاہا پہٹکار بتائی اور دو چار نے معذرت کے لکہدئے اور وہ بہی اس سے زیادہ نہین۔ مین افسوس کرتا ہون کہ میرے ہاتہ سے فلان کو یہ صدمہ پہنچا۔

— دفتر پیسہ اخبار کا ایک کاتب لاہور سے سیالکوٹ کو مین مین سوار جا رہا تہا۔ اُسی گاڑی مین تین بدمعاش آ بیٹہے اور حقہ پلایا جسمین چرس تہی۔ وہ بیہوش ہو گیا۔ اور اُسکی جیب مین جو پچیس روپے تھے وہ نکالکر لے گئے۔ تعجب ہے کہ ناواقف لوگ ناواقفون کے حقے پی لیتے ہین۔

— قانون عمر رضامندی کا ایک مقدمہ حال مین سہارنپور کے سشن جج کی عدالت مین پیش ہے لڑکی کی عمر ۹-۱۰ سال ہے جسنے پہلے شکائت اپنے شوہر کی زبردستی کی کی تہی مگر اب منکر ہے کہ میرے شوہر نے مجہے کچھ نہین کہا۔ تاہم جج نے شوہر کو تین سال قید کی سزا دی۔

— اب پارسل کے ذریعہ سے زہر خورانی بہی شروع ہوئی ہے باہر سے کسی نے علیگڈہ مین مولوی لطف اللہ صاحب کے نام پارسل بہیجا جس مین شربنی تہی اور لکہا کہ مولود کا تبرک ہے۔ ضرور کہائے گا۔ فرستندہ کا نام فرضی تہا چنانچہ اونہون نے کہائی اور بُری حالت ہوگئی۔ بارے بہت دنون کے بعد صحت ہوئی۔ پولیس نے شبہ پر مقدمہ بہی چلایا۔

— الہ آباد ہائی کورٹ نے ایک یورپین ریلوے گارڈ کو دو سال یورپین ریلوے گارڈ کی کم سن لڑکی پر بدنیتی سے حملہ کرنے کے جرم مین پانچ سال قید سخت کی سزا دی ہے۔ شاید آیندہ ہندوستانی عورتون پر یورپین گارڈون کے بدنیتی سے حملہ کرنے مین یہ واقعہ نظیر قرار دیا جائے۔

— اسسٹنٹ ماسٹر اجودہیا مسمی پرمیشر چندر سرکار کو، سال اور مہاوبو سنگہ بلنگ کلرک کو ۵ سال کی قید بے تاریخ کے ٹکٹ فروخت کرنے کے مقدمہ مین ہوئی۔

— پولس نے اب حد سے زیادہ پاؤن پہیلا دیے ہین۔ چنانچہ ہے کہ اخبار نویس صاحب ریاض کے ساتہ پولس نے۔ زیر بیان کی۔ ایڈیٹر اخبار سے اور پولس سے رنجش تہی راہ چلتے پکڑ لیا۔ اور جرمانہ کرا دیا۔

— مسمی بدرالدین کو جسنے میان جلال دین ساکن باغبانپورہ پر قاتلانہ حملہ کیا تہا ۴ کو اجلاس سشن سے ۱۰ برس کی قید سخت کی سزا ہوئی۔

مراسلات

عہدہ سب انجمن حمایت اسلام لاہور سے کیوں مستعفی ہوا؟

نمبر دوم

میرے رقعہ مورخہ ۳۰ اگست ۱۸۹۳ء کے جواب میں مندرجہ ذیل چٹھی دفتر انجمن سے موصول ہوئی۔ تجمل حسین شریف صاحب سیکرٹر انجمن اسلامیہ لاہور بحسب ہدایت مجلس منعقدہ ۱۳ ستمبر ۱۸۹۳ء جس میں آپکے استعفاء پیش کیا گیا۔ مندرجہ ذیل گوشوارہ کرتا ہوں اور بھی دیری کی بابت معافی چاہتا ہوں جو مجلس موصوف کی بہانت کی تعمیل میں ہوئی۔ وجہ صرف یہ ہے کہ مین تاریخ کو لاہور سے گیا تھا اور یکم اکتوبر کو واپس آکر بیمار ہو گیا۔ آپ نے جو وجوہات استعفاء میں تحریر فرمائی ہیں وہ قابل مین انجمن کی دلی خواہش ہے آپکو مفصل اور مدلل تحریر دین انجمن کا جواب انکی نسبت رائے حسب ذیل ہے:۔

۱ انجمن نے مدیتامی کے بارے مین فتوی اور حکم شرع کے بالکل خلاف عمل کیا ہے۔

۲ ہم نہیں انجمن کے جن بعض کا روائیون سے آپکو اختلاف ہے تفصیل تحریر فرماوین اور اطلاع دین کہ وہ کون کون سی کارروائیاں ہین کہ جسب انجمن کے دستے تو اسد عام انجمن مین ایک تا عدہ شائع ہو دے۔ جسنے انجمن کافی خیال کرلی رہی ہے اور اسے اب تک خیال نہیں ہوا اور نہ دلایا گیا کہ یہ قاعدہ کافی نہین۔ اسواسطے چاہتے ہے کہ آپ خلاف ورزی انجمن کے متعلق کا مسودہ تیار فرما کر رسالہ کرین انجمن اسپر غور کرنے کے واسطے آیا وہ ہے۔

۳ انجمن کے حساب و کتاب مین بیشک اصلاح کا سوال آپ کو کب نہین دیا گیا۔

۴ کہ جواب سے جلدی مطلع فرماوین گے۔ والسلام۔

المعین بحسن سیکرٹری"

مدلل جواب یا ۱۴ اکتوبر کو دیا گیا۔ جسکے جواب مین مین نے چند کاغذات طلب کئے مگر مجھے جواب ملا کہ کاغذ نقول آپکو نہین مل سکتین۔ انجمن کے دفتر مین اگر ان کاغذات کا ملاحظہ کر سکتے ہین مگر مین نے پھر کہا کہ جنرل سیکرٹری صاحب کو ان کاغذات کی نقل سے دینے کا کونسی حق حاصل ہے۔ تہاہم مین خاموش رہا۔ اور فرصت نکالکر خود دفتر انجمن مین حاضر ہو کر بقول ضروری کرلیا۔ اب بیشتر مین امور ان مندرجہ بالا کی تشریح شروع کرون۔ مین عرض کرنا چاہتا ہون کہ جو کچھ مین تحریر کرچکا ہون۔ یا آگے چل کر کہونگا وہ قیاسی یا اصلاحی نہین ہے۔ بلکہ مبنی شہادت ہے جسکے ثبوت مین تحریری یا تقریری ثبوت پیش کر سکتا ہون سواسطے اگر اس تحریر مین کسی صاحب کو کسی امر مین اختلاف ہو وہ ظاہر کرین جسکا کافی جواب دیا جاویگا۔ وجوہات مندرجہ استعفاء کی مفصل اور مدلل تشریح جو انجمن نے طلب کی ہے ہم شروع کرتا ہون۔ وجہ اول دوبارہ فتوی شرع۔ انجمن کی لحاظ تخصیص و تعین رقومات آمدنی تین حصون مین الگ الگ کرتا ہے۔ اول مد کا نام عام اغراض ہے وہ تمام رقومات تعلیم کے تعین سے یا بلا تعین آتی ہین۔ شامل کی جاتی ہین۔ اور نیز جو رقومات محض چندہ ماہوار کے نام سے آتی ہین وہ بھی اسی مین داخل کیجاتی ہین۔ دوسری مد مکان ہے۔ جسمین صرف وہ رقومات شامل ہین جو لفظ مکان کو تعین سے دیجاتی ہین اور تیسری مد یتامی ہے جسکے دو حصے ہین ایک مدیتامی اور دوسرا زکوۃ و کہال قربانی۔ مدیتامی مین صرف وہ رقومات شامل ہوتی ہین جنکی تخصیص یتامی یا مدیتامی سے کیجاتی ہے (مین یہان مناسب سمجھتا ہون۔ کہ ناظرین کی توجہ الفاظ یتامی اور مدیتامی کیطرف دلاؤن۔ کیونکہ آگے چلکر اسکی ضرورت پڑیگی) اور زکوۃ اور کہال کی آمد جو بہت قلیل ہوتی ہے۔ دوسری مد مین جمع کیجاتی ہے۔ انجمن کے اخراجات بھی بالفصل تین قسم کی ہین۔ اول تعلیم جسمین تعلیم نسوان بھی شامل ہے۔

دوم اخراجات دربارہ شکست و ریخت و کرایہ مکانات اور سوم یتیم خانہ۔ یہان پر یہ بیان کرنا ضروری ہے۔ کہ انجمن کے آمد مین زیادہ تر رقومات یتامی اور مدیتامی کی تخصیص سے آتی ہین۔ اور دو سال سے پہلے اکثر ایسی رقمین مدعام اغراض مین جمع ہوتی رہین مگر گزشتہ سال سے کوشش کیجاتی ہے۔ کہ ایسی رقمین مدعام اغراض مین جمع نہ ہوجاوین۔ جب ماہ دسمبر ۱۸۹۳ء مین مین محاسب انجمن مقرر ہوا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ تعلیم کو بہت سے اخراجات مدیتامی سے دیے جاتے ہین۔ حالانکہ یتیم خانہ متعلق انجمن کی عمر و پرداخت کافی طور پر نہین ہوتی۔ اسپر مین نے مدیتامی کے ناجائز مصرف پر اعتراض کیا۔ اور بہت ردوکد کے بعد جسکی پوری تفصیل ہدیہ ناظرین کرونگا۔ فتوی حاصل کیا گیا۔ جو درج کرتا ہون۔ ۲ ہو ہذا

صورت استفتا

"از صاحب صدر انجمن حمایت اسلام بمنجملہ اغراض انجمن ایک غرض یہ ہے کہ مال زکوۃ یا ایسے مال سے جو اصحاب تاوین اس غرض کے واسطے عطا فرماوین۔ لاوارث مفلس یتیم مسلمان بچون کی پرورش اور تربیت کا انتظام اور مفلس بچون کی تعلیم مین حتے الوسع امداد دینا۔ غرض مستذکرۃ الصدر کے مطابق انجمن کی زیر نگرانی ایک یتیم خانہ قایم ہے جس مین لاوارث مفلس یتیم بچے داخل ہو کر پرورش اور تربیت پا رہے ہین۔ ان کے سوا چند اور یتیم بھی ہین جو قواعد یتیم کے رو سے یتیم خانہ مین داخل ہونے کا استحقاق تو نہین رکھتے۔ مگر انکو وظیفہ۔ فیس اور کتب وغیرہ کی امداد سے جو انجمن دیتی ہے اسلامیہ مدرسہ اور کالج مین تعلیم پاتے ہین۔ علاوہ برین چند مفلس بچے بھی ہین جنپر یتیم کا اطلاق نہین ہو سکتا۔ مگر انکے والدین بسبب ناداری اور مفلسی کے انکو تعلیم نہین دلا سکتے۔ ایسے بچے بھی وظیفہ فیس اور سامان تعلیم کی امداد سے اسلامیہ مدرسہ اور کالج مین تعلیم پاتے ہین۔ ان تینون قسم کے یتیم اور مفلس بچون کے اخراجات مدیتامی سے جو آمدنی کی ایک مد ہے دیے جاتے ہین۔ اس مد مین زکوۃ۔ کہال قربانی۔ آٹا اور اور عطیات (جنکو نسبت عطا کنندگان نہین بتانے کہ زکوۃ ہے یا غیر زکوۃ مگر یتامی کے نام سے دیتے ہین) کی آمدنی جمع ہوتی ہے اس مد کی آمدنی کو اس طرح پر انجمن ابتدا سے خرچ کرتی آئی ہے اور اسکو اپنی غرض نمبر ۳ مستذکرۃ الصدر کے مقتضا کے مطابق جس کا مسلمانون کو علی العموم اور معاونین کو علی الخصوص علم ہے جائز اور درست سمجھتی ہے۔ اور اپنے اس خیال کے موافق بحث یعنی تخصیص اخراجات سالانہ مین بھی جو ہر سال جلسہ عام سے منظور ہوتا ہے مدیتامی کے ذیل مین منظور کرتی رہی ہے علاوہ بآن اس فنڈ کا آمد و خرچ اطلاع عام کے لئے بذریعہ سالانہ شائع ہوتا رہتا ہے اور اسپر کوئی اعتراض نہین ہوا۔

مجلس منعقدہ ۳۰ مارچ ۱۸۹۳ء مین ایک معزز رکن مجلس مسمی صوف نے یہ اعتراض اوٹھایا ہے کہ مجلس مسلمان بچون کی تعلیم پر جیسا کہ انجمن کا دستور ہے مدیتامی خصوصاً علیحدہ سے جو اس مد مین یتامی کے نام سے آتی ہین خرچ کرنا جائز نہین لہذا حسب قرار داد مجلس مذکور آپ سے استفتاء کرتا ہون کہ آیا انجمن کا مجوزہ طریق کارروائی جو اس فنڈ سے تعلق رکھتا ہے شرعاً جائز ہے یا نہین۔

المستفتی خاکسار شمس الدین سیکرٹری"

مین یہان پر یہ بھی ظاہر کرنا چاہتا ہون کہ مجلس مذکور نے یہ بھی فرمایا ہے کہ صورت استفتاء مین مجھ سے بھی مشورہ لیا جاوے چنانچہ جب یہ استفتاء میرے ملاحظہ کے واسطے آیا۔ تو مین نے اسپر اعتراض کیا۔ کیونکہ شرع کو بحث اور دستور و جواز انجمن کے علم و تعین سے کوئی تعلق نہین تہا۔ اور اسواسطے ان باتون کی دہکی کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ علاوہ ازین اسمین چند ایسے غلط فہمیان بھی نہین ہین۔ اگر اسکے جلسے مین جسمین مین حاضر ہو سکا۔ یہ صورت استفتاء درست اور صحیح قرار دی گئی۔

استفتاء مذکورہ بر خلیفہ حمید الدین صاحب قاضی لاہور نے مندرجہ ذیل فتوی صادر فرمایا۔

"یہ ظاہر ہے کہ یتامی و مساکین شرعاً مصرف زکوۃ نہین۔ مال زکوۃ و صدقہ وغیرہ جو بمجمل طور پر بھیجنے والے نے بھیجا۔ اور مصرف معین نہ کیا ہو وہ ان سب پر خرچ ہو سکتا ہے لیکن وہ رقم جسمین بھیجنے والے نے تصریح کردی ہو کہ خاص یتامی پر صرف کیا جاوے اس رقم کو مساکین پر خرچ کرنا شرعاً جائز نہین ہے انجمن بھیجنے والے کی وکیل ہے اور وکیل کو خلاف مرضی موکل صرف کرنا جائز نہین ہے علاوہ اسکے وہ یتیم لڑکے جو بالغ ہو جاتے ہین شرعاً وہ یتیم نہین رہتے اور مساکین مین داخل ہو جاتے ہین خواہ یتیم خانہ مین رہتے ہین

الیتیم اسم لمن مات ابوہ قبل الحلم قال علیہ السلام لا یتم بعد الحلم و ترجمہ یتیم اس لڑکے کا نام ہے جسکا باپ قبل البلوغ مرجائے رسول اللہ صلعم نے فرمایا ہے کہ بلوغ کے بعد یتیمی نہین رہتی آئندہ مناسب یہ ہے کہ مدیتامی کو دیا نہ کیا جاوے اور اسکا نام مد یتامی و مساکین طلبہ اور کہا جاوے اور جو رقم خصوصیت کے ساتھ یتیمون کے لئے بھیجی جاوے وہ خاص یتیمون پر خرچ کی جاوے چونکہ یتامی کے اخراجات وسیع ہین اور اسمین گہبت زیادہ ہے اس مین کوئی حرج نہوگا اصل اس مسئلہ کا یہ ہے کہ احادیث مین صدقات کے بلحاظ مصرف کے ثواب مختلف ہین جسب ایک شخص خاص قسم کا ثواب حاصل کرنا چاہتا ہے اور مصرف معین کرتا ہے تو انجمن کو جو اسکی وکیل ہے اسکے برخلاف خرچ کرنا درست نہین ہے اکثر رقمین انجمن مین مدزکوۃ مین آتی ہین اور بھیجنے والے مصرف معین نہین کرتے ایسی رقمین یتامی و مساکین دونون پر خرچ ہو سکتی ہین" خلیفہ حمید الدین عفی عنہ قاضی لاہور"

حالانکہ صورت استفتاء مذکورہ بڑی کوشش سے ایسا مجمل

ممکن ہو سکتی ہے۔ اسی غرض سے ہم نے جہاں تک ممکن ہوا اخبار کا حجم بڑھایا۔ کاغذ نہایت کم قیمت صرف کیا اور تحریر جتنی ممکن ہو سکی باریک کر دی۔ غرض اس تمام کاوش سے یہ تھی کہ پیسہ اخبار میں کثرت کے ساتھ ہر قسم کے مضامین اور خبریں درج ہو جایا کریں۔ لیکن اس پر بھی یہ حال ہے کہ باوجودیکہ ضروری مضامین اور خبریں نہایت مختصر کر کے درج کی جاتی ہیں پھر بھی بہت سی چھوٹ جاتی ہیں۔ مگر نامہ نگاروں کے مراسلہ خطوط تکاذوسواں حصہ بھی اخبار میں درج نہیں ہو سکتا۔ اور اکثر کئی ضروری اور مفید عام کالم شامل نہیں کئے جاتے۔

ہماری شکایت تو یہ ہے کہ اخبار کو نہایت مفید اور ہر شخص کے ہر گھرانے کے لئے کارآمد بنانے کے واسطے ہمیں حجم بڑھانے کی ضرورت ہے۔ جو ایسی قلیل قیمت میں ممکن نہیں۔ مگر ہمارے ناظرین میں سے ایک کثیر جماعت ہم سے لگاتار شکایت کر رہی ہے کہ اخبار کی تحریر بہت خفی ہے۔ کسی قدر جلی ہونی چاہیئے۔ اس شکایت کو رفع کرنے سے نتیجہ یہ نکلیگا کہ مضامین اتنے بھی کم درج ہو سکا کرینگے۔ بجائیکہ ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ مضامین موجودہ صورت سے دوچند کر دیئے جائیں۔ ساتھ ہی یہ صاحب صلاح دیتے ہیں کہ اخبار کی ضخامت بھی بڑھا دیجاوے۔ مگر ہمیں اس بارے میں اس وجہ سے تامل ہے کہ اشاعت کی مقدار کم ہو جائیگی۔

نظر بحالات بالا اس مشکل کو حل کرنا اور بھی مشکل معلوم ہوتا ہے۔ تاہم ہم چند تجاویز اپنے روشن ضمیر ناظرین کی خدمت میں پیش کر کے ان کا جواب چاہتے ہیں۔ اگر کسی خاص امر پر کثرت رائے حاصل ہو گئی تو ہمیں اس کے اختیار کرنے میں ذرہ بھی عذر نہیں ہوگا۔ اور اگر کسی امر پر ناظرین کی ایک کثیر تعداد کا اتفاق نہوا تو پھر مجبوراً پیسہ اخبار اسی حالت میں رہیگا۔

اوّل:۔ کیا اخبار کا حجم بڑھایا جاوے۔ یا اسے روزانہ کیا جاوے۔ دونوں صورتوں میں اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ خریدار کم نہ ہو جائیں۔ بالفعل ساڑھے چھ ہزار کے قریب اشاعت کی مقدار ہے۔ روزانہ کی قیمت بارہ روپے سالانہ ہے کم کیا ہو سکتی ہے اس صورت میں جو فائدہ صرف یہ ہوگا کہ بہت سے نفع مضامین کہ جن کی تفصیل اخیر میں درج کی جاتی ہے درج ہو سکیں گے۔ اور نیز ہمارا روزانہ چھپ جانیگی۔ ہفتہ وار رکھ کر پھر اس قدر بڑھانا چاہیئے کہ روزانہ کے تمام مفید عام مضامین ایک معقول مقدار میں چھپ جایا کریں۔ اس صورت میں قیمت پانچ چار روپے سالانہ معہ محصول ڈاک ہونی چاہیئے۔ لیکن اگر روزانہ پیسہ اخبار کا چھپنا منظور کیا جاوے۔ تو موجودہ ہفتہ وار پرچہ اسی صورت سے قائم رہیگا۔ اس میں اسی طرح ہفتہ بھر کے مضامین درج ہو آئینگے اور اسی طرح دو روپے پر ہر شخص کو مل سکیگا۔ اس سے فائدہ یہ ہوگا کہ اس پرچے کی اشاعت حال کی نسبت کم ہوگی۔

دوم:۔ کیا اخبار کا نام بھی بدل دینا چاہیئے۔ اس کے متعلق ہمارے پاس سینکڑوں خطوط پہنچتے رہتے ہیں۔ ہمارے مہربان فرمایا کرتے ہیں کہ ایسے اچھے اخبار کے لئے پیسہ اخبار کا نام موزوں نہیں۔ اس کا نام معارف اخبار ہونا چاہیئے۔ تاکہ قیمتی پرچہ چونکہ پیسہ سے کسی قدر زیادہ ہے اس لئے بھی نام موزوں نہیں کے حقیقت یہ ہے کہ اس نام میں بڑی سادگی اور صفائی ہے

اور اخبار شروع سے ہی اس نام سے موسوم ہے جو بصورت روزانہ ہو جانے کے ایک پرچہ نی پیسہ کے قریب قریب ہی پڑے گا۔

سوم:۔ کیا مندرجہ ذیل سب مضامین مجوزہ بالا مفید اور یا روزانہ پرچہ میں علاوہ موجودہ مضامین کے درج کئے جایا کریں (۱) ایک سلسلہ وار اعلیٰ درجے کا دلچسپ ناول۔ (۲) چھوٹے فسانے۔ (۳) سلسلہ مضامین زراعت و باغبانی۔ (۴) سلسلہ مضامین صنعت و حرفت و تجارت۔ (۵) سلسلہ مضامین خانہ داری متعلق بہ نسوان۔ (۶) تمام مصوبات ہند کے سرکاری گزٹ۔ (۷) ہر قسم کے استفسار کا کالم۔ اور اس کے علاوہ کئی چھوٹے مفید مضامین کے درج کئے جائیں گے جو بالفعل بوجہ قلت گنجائش کے درج نہیں ہو سکتے۔

اس وقت ہم تمام ناظرین سے بڑے ادب کے ساتھ درخواست کرتے ہیں کہ ان میں سے جتنے بزرگوار ہمیں اپنی رائوں سے اطلاع بخشینگے ہمیں اتنی ہی سہولیت پیسہ اخبار کی اصلاح کرنے میں حاصل ہوگی۔ اور اس کے بعد اگر معلوم ہوا کہ کوئی فیصلہ ہونا ممکن ہے تو ہم سب صاحبوں کی خدمت میں ایک ایک کارڈ اخبار میں ملفوف کر کے بھیجدیں گے کہ جس پر دستخط کر کے وہ ہمارے پاس بھیجدیں۔ تاکہ ۱۹۰۹ء کے شروع سے ہم نئی تجویز پر کاربند ہو سکیں۔ اگر اس کا جواب دینے میں بہت سے اصحاب نے کوتاہی کی تو سمجھا جاویگا کہ یہی طرز دل پسند ہے۔

ممبری پارلیمنٹ کے لئے آنریبل ہندوستانی اُمیدوار

انگلستان کی پارلیمنٹ میں جتنے ہندوستانی ممبر زیادہ شریک ہوں ہمارے لئے اتنی ہی خوشی کی بات ہے کیونکہ وہ ہر نوع معاملات ہند پر پارلیمنٹ کو زیادہ متوجہ کرینگے۔ مسٹر دادا بھائی نوروجی کی کامیابی دیکھ کر ایک دوسرے پارسی جنٹلمین بھاونگری بھی ممبری پارلیمنٹ کے لئے مقابلہ کرنے کو ولایت گئے ہیں۔ مگر بخلاف ان کے کنسرویٹو فریق کے ممبر ہونگے۔ اور غالباً بعض کے معاملات ہندوستان میں مسٹر دادا بھائی کا مقابلہ کریں گے۔ مگر ظاہر پوزیشن معلوم ہوتا ہے مسٹر بھاونگری بھی ایک تعلیم یافتہ اور ذی قابلیت آدمی ہے اس کی یہ بات بعید معلوم ہوتی ہے کہ ہندوستان کی اصلی ممبری کے امور سے مخالفت کرے۔ اب حال میں معلوم ہوا ہے کہ اہل اسلام ہندوستان کے حقوق کی محافظت کی غرض سے مولوی رفیع الدین احمد بیرسٹر ایٹ لا جو کئی سال سے انگلستان میں رہتے ہیں پارلیمنٹ کی ممبری کے امیدوار ہوئے ہیں۔ مولوی رفیع الدین پہلے بمبئی کی کسی اسلامیہ انجمن کے نائب پریذیڈنٹ تھے ولایت میں جا کر بیرسٹری کا امتحان دیا اور لورپول مسلم انسٹیٹیوٹ کے نائب پریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ آپ مولوی حافظ عبدالکریم صاحب کی غیر حاضری میں حضور ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کو ہندوستانی منشی کا کام بھی کرتے رہے۔ چنانچہ ولایت کے ایک رسالے میں ملکہ معظمہ کا اردو خط انہوں نے ہی نقل کیا تھا۔ کچھ عرصہ بعد مولوی رفیع الدین احمد فسٹنظر جاگیر حضور سلطان اعظم کی

شریف حضوری سے فیضیاب ہوئے۔ حال ہی میں خلیج لکی کے متعلق انگریزی مشنر کے ہمراہ بصرہ جانے کا ارادہ کیا تھا۔ ایک مرتبہ ولایت کے ایک رسالے میں ایک مضمون لکھا تھا کہ مسلمانوں کی دلجوئی کی انگریزوں کو کس قدر ضرورت ہے یہ سب امور مولوی رفیع الدین کے حق میں ہیں اور نیابت کرتے ہیں کہ اگر یہ پارلیمنٹ میں ممبر منتخب ہو گئے تو ضرور اچھا کام کرینگے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ یہ ہندوستان کے سب سے لائق معاملہ دانوں میں سے ہیں۔ لیکن اگر سید محمود یا سید امیر علی یا مسٹر طیب جی یا نواب مہدی علی جیسے آدمی ولایت میں جا کر پارلیمنٹ کی ممبری کے لئے مقابلہ کرنے سے رہے تو کیا وجہ ہے کہ مولوی رفیع الدین احمد کی کوششوں سے ہمیں ہمدردی نہ

نیویارک سے مسٹر محمد الگزینڈر رسل وب ہمیں اطلاع دیتے ہیں کہ ہم پنجاب اور ہندوستان کے مسلمانوں میں مشتہر کر دیں کہ جو لوگ اُن کے امریکہ میں اشاعت اسلام کے کام کو ہندوستان میں بدنام کر رہے ہیں وہ جہنم سدھارتے ہیں۔ دراصل انہیں یہ بات سُنکر صدمہ ہوگا کہ دن بدن اشاعت اسلام کے کام میں بڑی ترقی ہو رہی ہے اور وب صاحب کی یہ خدمت کو سراہا ہو رہی ہے۔ گو بوجہ سرمایہ قلیل ہونے کے وہ اپنا اخبار "مسلم ورلڈ" جاری نہیں رکھ سکے۔ تاہم بہت لوگ اُن کے ذریعہ سے مسلمان ہو رہے ہیں۔

سادھو ویکانند صاحب امریکہ سے ہندوستان کے اخبارات میں مشتہر کراتے ہیں کہ ہر چند کہ امریکہ میں علمی ترقی اور تہذیب کا زمانہ عروج کا ہے۔ تاہم اہل ہند کی نسبت ان لوگوں کے خیالات بڑے غلط ہیں۔ امریکہ کے مدارس میں بچوں کو جو کتابیں پڑھائی جاتی ہیں اُن میں ہندوؤں کی بدہیئت اور وحشیانہ صورتیں بنائی گئی ہیں۔ کیا جب یورپ اور امریکہ کے بچے یہ باتیں دیکھتے ہیں تو بڑے ہو کر اُنکے خیالات کیسے ہونگے۔

انتظام کیمپ کے لئے لاہور کے دو سابق سرشتہ داران ڈپٹی کمشنر و حال تحصیلداران پنجاب یعنے فقیر سید افتخار الدین اور منشی لچھمی نارائن بترہ تعینات کیمپ راجگان پنجاب اور کیمپ وائسرائے کے انتظام کے لئے مقرر کئے گئے تھے۔ ان دونوں صاحبوں کا انتظام قابل تعریف تھا۔

نیشنل کانگرس کے عہدہ پریسیڈنٹی کے لئے امسال آنریبل مسٹر رحمت اللہ سیانی۔ مسٹر حمید اللہ بیرسٹر اور مسٹر عبدالرسول دھرسی کے نام گردانے کے بعد پارلیمنٹ کے ایک ممبر وب قرار دیئے گئے۔ ان وب صاحب کا نام ہندی کانگرس میں کم سُنا گیا ہے۔ مگر اس میں شک نہیں کہ انگلستان میں بہت سے معقول آدمیوں کو دن بدن کانگرس کے اکثر اغراض سے ہمدردی ہوتی جاتی ہے۔ وب صاحب بھی انہیں میں سے ایک ہونگے۔

...ی ہے۔ اور اسے تھکی کے ساتھ جلسہ برخاست ہوا۔ اور ...یشنل لبریز شکست خوردوں کو واپس آ گئے۔ اس ...شبہ نہیں کہ یہ اچھا موقع ہے کہ والیان سٹیٹ ...ے ساتھ ایسا برتاؤ کیا گیا جو سراسر ان کی عزت ...کا باعث ہے۔ یہی محکمہ ہے جو خاص و عام باشندگان ...رف سے وکیل و وکلائے مقدمہ کا حکم رکھ سکتا ہے۔ لہذا ...قوں پر وکالت کے خیر مقدم کے لئے اقدام کا سب ...ل ہستی اگر کوئی ہے تو ایجوکیشنل ہے۔ اس گورنمنٹ ...روئی باعث سخت بددلی و ناخوشی ممبران سوسیٹی ...وجب ہستی بے خاص و عام ہوگئی؟

...مسال کانگریس سوسیٹی سے ہی خصوصیت نہیں بلکہ ...گہ دربار اور فلڈ سٹیشن وغیرہ کے انتظام میں ...بہت ہی مساعی سے تقسیم کئے گئے ہیں جو ان ...کو بخوبی انجام گزار رہے ہیں جو پیشتر کے دربارون کے متعلق ...ل کر لیا کرتے تھے۔ مگر امسال کامیاب نہ ہوسکے؟

...سرائے بہاولپور کا کیمپ بڑا وسیع ہے جس کے دونوں ...دور تک انگریزی اور ریاستوں کی فوجیں پڑی ہیں ...ک مقام کی خوبی اور تیاری دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے ...ں کے ہجوم نے اس سرحدی دربار کی شوکت بہت ...دی ہے؟

والیان ریاستہائے دیسی کے کیمپ تلوکہ کے پاس کی ...ہیں بلحاظ ریاستوں کی نسبتی منزلت کے قائم ہیں۔ ...ہیں سب سے بڑا کیمپ، مہاراجہ صاحب پٹیالہ کا ہے ...کی ڈیوڑھی کو خوب سجایا گیا ہے۔ اور شوفین مہاراجہ صاحب ...انسٹریگل کیمپ کی طرح بجلی روشنی کا بھی انتظام کیا ہے ...ے لاہور کے لوگ جوق جوق ہر شب دیکھنے رہے ہیں ...رے درجہ پر نواب صاحب بہاولپور کا کیمپ ہے۔ پہلے ...واب صاحب بوجہ علالت طبع کے وقت مقررہ پر لاہور ...اشریف نہ لائے اور جب تاریخوں کی بوچھاڑ کے ...آئے تو ان کے کیمپ میں کسی قدر روشنی آئی۔ لیکن ...لی برقی روشنی کے سامنے بہاولپور کی مٹماتی لالٹینیں ...قدر پھیکی رونق تھیں۔ اس کے بعد جینڈ کا کیمپ تھا ...ل مثل کیمپ کی ڈیوڑھی ایسی بنائی گئی تھی کہ جسپر لوگ ...تھے لیکن عام لوگوں کو معلوم نہیں کہ سب ریاستوں ...زیادہ قیمتی اسباب اور چاندی سونے کی کرسیاں اسی ...ت کے پاس ہیں۔ اس کے بعد ناجہ۔ کپورتھلہ اور ...ی۔ فرید کوٹ۔ ناہن۔ چمبہ۔ اور سوکیت کے کیمپ ترتیب ...گئے۔ سوکیت کا کیمپ بہت ہی چھوٹا اور کم حیثیت تھا۔ ...ریاست کی آبادی بھی بہت کم ہے۔ لیکن نام اتنی ...نہیں کہ چند خیمے اور قناتیں بھی نہ فراہم کر سکے۔ بہرحال ...کا کیمپ دیکھ کر ہر شخص کو خیال ہوتا تھا کہ اس ...کو دربار لاہور کے لئے تکلیف دینے کی ضرورت ہی ...خواہ مخواہ ریاست کو دوسرے ہمعصر رئیسوں کی نظر میں ...ہر کیا گیا۔ مگر ہمیں کیا معلوم ہے کہ اس میں حکام ...کوئی مصلحت ہوگی ریاست کے پاس تو میں تو

کہیں سوا کوئی سواری بھی نہیں تھی۔ باقی ریاستوں کے کیمپ معمولی تھے۔ البتہ مہمن کے کیمپ کے سجانے میں راجہ صاحب کی دانش مندی اور سلیقہ شعاری کے خیالات ظاہر تھے۔

ایک جگہ چند نامی آدمی اس دربار کی مصلحت کی نسبت باتیں کر رہے تھے۔ ایک سوال کرتا تھا کہ سرکار نے کیوں اس دربار میں بجائے والیان ریاست کو طلب کیا ہے۔ خواہ مخواہ ان کے لاکھوں روپے نمود اور اخراجات پر صرف ہو جائینگے۔ دوسرے نے جواب دیا کہ اگر یہاں یہ روپیہ صرف نہ ہوتا تو کسی دوسری عیاشی میں ہمارے رئیس صرف کر دیتے بہرحال غریب رعایا کے کام نہ آتا۔ ایک تیسرے نے کہا کہ سرکار نے خلاف معمول والیان ریاست کو گارڈ آف آنر بھی دیا ہے۔ پاس سے ایک آفیسر بولا کہ ہاں ان سب کے استقبال کے اخراجات کے لئے پچیس سو روپیہ بھی منظور ہوا ہے۔ ایک آفیسر بول اٹھا کہ یہ فضول گفتگو ہے۔ یہ عالیجاہ والیان ریاست ہیں۔ انہیں روپے کی کیا پرواہ ہے۔ ان غریب پنشنر فوجی افسروں کی طرف خیال کیجئے کہ جو بذریعہ ڈپٹی کمشنروں کے مختلف اضلاع سے حضور وائسرائے کے سلام کے لئے بلائے گئے ہیں۔ ان کو کرایہ اور سفر خرچ اپنی گرہ سے خرچنا شاید گراں گزرا ہوگا۔ ایک دوسرے شخص نے جواب دیا کہ ہرج ہی کیا ہے۔ بادشاہ وقت کا سلام کسی خوش نصیب کو نصیب ہو۔ ہم مشرقی آدمی بادشاہ کو دیوتا سمان سمجھتے ہیں۔ ان کے درشن ہی کافی ہیں۔ کیا پرواہ ہے اگر وہ ہمارے مغربی بادشاہوں کی طرح داد و دہش کے معاملے میں فیاض نہیں مگر ہمارے تو بادشاہ ہیں۔ اس لئے یہ ساری باتیں ناتجربہ کاری کا نتیجہ ہیں۔ ان قدر باتیں سن کر ہم علیحدہ ہو گئے۔ اور پھر اور کئی قسم کی باتیں سنیں جن میں سے بعض آئندہ ہفتہ میں لکھی جائینگی

محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا عہدہ پریسیڈنٹ

امسال بھی حسب معمول ڈسمبر کی تعطیلات میں محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس بمقام علیگڈھ منعقد ہوگا۔ اور لاہور کے مسٹر شاہ دین صاحب بیرسٹر میمبر مجلس بنائے جائینگے۔ اندیشہ ہے کہ شائد اس سال کی کانفرنس میں سال گزشتہ کی طرح کامیابی نہ ہو۔ کیونکہ نہ تو امسال نواب بزرگ سید صاحب مسلمانوں کی قسمت کا فیصلہ ہی سنائیں گے جو پچھلے سال وہ سنا چکے ہیں۔ نہ مسٹر محمود سال گزشتہ کی طرح کسی بڑے تحقیقانہ مضمون کو پیش کرنے والے ہیں۔ نہ نواب محسن الملک صاحب جیسے خوش تقریر اور پرمغز میمبر مجلس ہی ہیں۔ ہمیں خوشی ہوتی ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ ایجوکیشنل کانفرنس کے زیادہ جلسوں میں پنجاب ہی سے پریسیڈنٹ لئے گئے ہیں۔ لیکن ساتھ ہی شکایت بھی ہوتا ہے کہ انتخاب پریسیڈنٹ کو تمام ہندوستان پر کیوں اضافت نہیں کیا جاتا ہم نے صرف کانفرنس کی اغراض کی خاطر وسائل پر نقطہ اختلاف ظاہر کیا تھا کہ سردار محمد حیات خاں صاحب سی۔ ایس۔ آئی کو دربار پریسیڈنٹ بنانے سے یہاں ایک طرف کانفرنس کی رونق بڑھنے کا اندیشہ ہے دوسری طرف ثابت کرنا ہے کہ ہندوستان بھر میں اس عہدہ کے لائق کوئی دوسرا مسلمان نہیں ملتا۔ مگر امسال وجہ ایک اور بھی بڑا اہم فرض منصبی نظر آتا ہے۔ اور ہمارا فرض منصبی ہے اس کے دردناک اظہار کرنے کے مجبور کرتا ہے کہ امسال کا انتخاب پریسیڈنٹ مسلمانوں کی ایجوکیشنل کانفرنس کی کسی نہج سے قدر بڑھانے والا نہیں۔ مسٹر شاہ دین ایک عام۔ نئے اور نوجوان بیرسٹر ایل۔ ایل۔ بی۔ لاہور کے بار میں وہ بہت ہی جونیئر ہیں اور وکالت میں صرف تین سال کے قریب کام کیا ہے۔ کیا لاہور بار کے تمام وہ لوگ کہ جن کے ساتھ وہ کام کرتے ہیں اور ان میں سے مخلوط غیر قوم کے لوگ اس ایجوکیشنل کانفرنس کی نسبت کیا خیال کرینگے۔ کیا ہندوستان کے مسلمانوں میں سندھ کے مسٹر حسن علی جیسا سا تجربہ کار وکیل نہیں ملتا کہ جس نے حیدرآباد کالج جیسی عظیم الشان تعلیمگاہ قائم کی ہو۔ کہ جس کے کاموں کی عزت سرکار اور رعایا کے دلوں میں یکساں ہو۔ کیا پٹیالہ کے وزیر اعظم مدبر الملک خلیفہ سید محمد حسن جیسا فاضل۔ تجربہ کار اور معزز شخص کوئی نہیں ملتا۔ جس نے مسلمانوں کی تعلیم اور ہمدردی میں مدت سے دلچسپی ظاہر کر رکھی ہے۔ کیا حیدرآباد کا ہفت زبان مولوی سید علی بلگرامی جو نہ صرف ہندوستان میں اول درجے کا زبان دان۔ فاضل اور مسلمانوں میں سنسکرت اور عربی کا عالم ہے بلکہ قانون کا مڈلسٹ اور آرٹس کا گریجوایٹ بھی ہے اور دولت حیدرآباد کا وزیر تعلیم ہے ایجوکیشنل کانفرنس کا پریسیڈنٹ نہیں بن سکتا۔ وہ لٹریچر میں مسلمانوں کی بہتری میں انٹرسٹ لینے والے حیدرآباد کے سر آسمانجاہ۔ ٹونک کے صاحبزادہ عبداللہ خاں میرٹھ کے حاجی عبدالکریم سی۔ ایس۔ آئی۔ بہار کے نواب سر عبدالغنی اور آرکاٹ کے صاحب ہیں جو خوشی سے ایجوکیشنل کانفرنس کے پریسیڈنٹ بنتے۔ پنجاب میں خان بہادر ڈپٹی برکت علیخاں صاحب بلحاظ مسلمانوں کی تعلیم میں بہت انٹرسٹ لینے اور راجہ جہانداد خاں صاحب خان بہادر چیف آف دی گکھڑ کیمیائی نوجوان ایک عالم مسلمان اور اول درجے کے خاندانی رئیس ہونے کے ایجوکیشنل کانفرنس کی پریسیڈنٹی کے لئے باعث فخر ہو سکتے ہیں اور ان کے علاوہ ایک چاس آدمی نام ہندوستان کے سربرآوردہ مسلمانوں کے پیش کئے جا سکتے ہیں جو ایک نہ ایک خصوصیت سے اس قومی کانفرنس کے عہدہ صدارت کو عمدگی سے پُر کر سکتے ہیں۔ بہ نسبت ایک نوعمر اور تجربہ کار گریجوایٹ کے۔ معلوم نہیں سید صاحب نے اس انتخاب میں کیا مصلحت دیکھی ہے ہم نے ذمہ داری سے اپنی رائے ظاہر کر دی ہے۔ امید ہے کہ مسٹر شاہ دین اس کا برا نہیں مانینگے۔ سر سید کیوں نہیں اجازت دیتے کہ ان کی نسبت رائے طلب کریں۔ اس ذریعہ سے بہت اچھی طرح ایجوکیشنل کانفرنس کو ہر سال ایک اچھا پریسیڈنٹ مل سکتا ہے جو کانفرنس کا اعتبار قوم میں بڑھا دے

پیسہ اخبار میں آؤ کیا اصلاح ہو سکتی ہے؟

یقین ہے کہ ہمارے مہربان ناظرین کو اس امر کے تسلیم کرنے میں تو کوئی شبہ باقی نہیں ہوگا کہ ہم اپنے اخبار میں اس قدر مضامین درج کرنا چاہتے ہیں کہ جس قدر ہمارے اخبار میں

پیسہ اخبار

لاہور یوم شنبہ۔ یکم دسمبر ۱۹۲۴ء

لاہور میں حضور وائسرائے کی آمد

حضور وائسرائے کا لاہور میں استقبال۔ اقامت۔ ملاقاتیں اور وائسریگل دربار اس ہفتے کے بڑے بڑے معاملات ہیں کہ جن پر تمام لوگوں کی توجہ مصروف ہو رہی ہے۔ ان کے تفصیلی حالات تو اگلے ہفتے میں نذر ہوں گے کیونکہ حضور وائسرائے کل یہاں سے تشریف لیجائیں گے مگر چند ادھر اُدھر کے خیالات ذیل میں پیش ہوتے ہیں

حضور وائسرائے لاہور میں وقت مقررہ پر تشریف لائے اور حسب قرارداد سابقہ شہر میں سے گزر کر براہ انارکلی کو تشریف فرما ہوئے۔ جلوس میں پندرہ سو کے قریب یورپین اور دیسی سوار اور تین ہزار پیدل ہوگا۔ پیدلوں کی گورکھوں کی رجمنٹیں شامل تھیں جو اُن کے گزرنے سے پہلے سڑک کے گرد دو رویہ صف آرا تھیں۔ حضور کے آنے سے تین گھنٹے ماقبل بازار کی آمد و رفت بند کر دی گئی تھی۔ صرف گورکھوں کے پیچھے سے لوگ بازار سے گزرتے تھے۔ مگر بازار کی ایک طرف سے دوسری طرف گزرنا کسی بشر کا کام نہیں تھا۔ سُنا گیا ہے کہ آریا کالج کا ایک پروفیسر ایک جگہ سے گزرنے لگا جسے ایک بکھڑ گورکھے سپاہی نے بندوق کا کندہ ایسا مارا کہ وہ بیہوش ہو کر گرا۔ اچھا ہوتا اگر بجائے تین گھنٹے کے آدھ گھنٹہ پیشتر سڑک بند کی جاتی۔

وائسرائے بہادر کے سٹیشن پر پہنچنے کے وقت ممبران میونسپلٹی کو سٹیشن کے اندر جانے کی اجازت نہ ملی اور اُن کی اس قسم کے سلوک سے توہین یا ذلت سمجھی گئی وہ سول اینڈ ملٹری گزٹ کے ذیل کے پیراگراف سے عیاں ہے:۔

"۲۴ نومبر کی صبح کو ٹاؤن ہال میں ممبران میونسپلٹی جمع ہوئے اور یہ تجویز قرار پائی کہ ۲۶ نومبر کو وائسرائے حضور میں پریسیڈنٹ ایڈریس پڑھے۔ یہاں تک تو خیریت تھی۔ لیکن جب پریسیڈنٹ یعنی ڈپٹی کمشنر صاحب ممبروں کو ٹکٹ تقسیم کئے اور اُن کو یہ معلوم ہوا کہ جو ممبر صرف احاطہ ریلوے تک جانے کی اجازت ہے اور شہر کے اندر ہم لوگ نہ جانے پائینگے تو اس وقت ایک عجیب بیدلی اُن لوگوں میں پھیلی اور ہر ایک نے نہایت شدت کے ساتھ زبان شکایت کھولی۔ بعض نے اُن میں سے یہ بھی ارادہ کیا کہ وائسرائے کے سلام کو بالکل نہ جائیں۔ ایک ممبر انتہائے غم و غصہ میں ٹکٹ پھینک کر چلا

لاہور و پنجاب

وائسرائے ۲۶ نومبر کو نو بجے لاہور میں وقت مقررہ پر پہونچے۔ اسٹیشن کے باہر میونسپلٹی کی طرف سے ٹریفک دیا گیا۔ ۳ کو دربار ہوا۔ اور کل شب کو جانے بھی رہیں ۵ کو دلی پہونچینگے اور ۶ کو واپس بھی روانہ ہو جائینگے۔

مٹی کے تیل سے بھڑوں کا چھتہ جلانے کی کوشش میں کوتوالی انارکلی کے قریب مورانے رسالہ کے پہاڑ میں ۲۴ کو آگ لگ گئی اسی ہنگامہ میں ایک بنئے کا زیور کئی سو روپیہ کسی نے اُٹھا لیا۔ کوئی نئی بات نہیں ہے آگ

۲۱ کی شب کو موچی دروازہ میں ایک قصاب کے مکان میں لیمپ کے ٹوٹنے سے آگ لگی۔ ایک ہزار کے قریب نقصان ہوا +

وادی خیبر سے سات ہزار وزیری بارہ حملہ ور لوگ گزرے اور ۱۰ ہزار وزیری (مع ۲ سو بنا دقول) کے دانو پر دھمکی دے رہے ہیں ایک اونٹ اور ۲۶ کو کیمپ سے چوری جاتا رہا +

۲۲ کو دہلی میں خفیف سا زلزلہ معلوم ہوا نقصان بہت کم +

میونسپل کمیٹی انبالہ نے ۱۰ ہزار روپیہ نہر کے لئے گورنمنٹ سے قرض مانگا ہے +

پشاور میں ایک سوداگر نے ایک دیسی رنگا ندار سے چرٹ مانگا اور اس کے انکار پر دو فیر اپنی بندوق سے اسے مارے مگر قسمت سے وہ بال بال بچ گیا۔ ما کو سولجر نفیس تھا مگر اس سے کیا اس کا جرم خفیف ہو سکتا ہے +

بنوں کے تریب وزیروں کے جمع ہونے میں بہت مبالغہ کیا گیا تھا اور حقیقت فی الحال کوئی خطرہ کا موجب نہیں ہے +

وائسرائے نے اپنی تشریف آوری کی یادگار قایم کرنے کے لئے دربار صاحب امرتسر میں ایک ہزار روپیہ دیا +

کوہ مری سے لاہول پر بہت سخت برف باری ہوئی ہفتہ گزشتہ شملہ میں تھرمامیٹر کا پارہ ۳۷ درجہ پر تھا

۱۹ کی شب کو رنگوں کے کیمپ سے کسی نے کمال چوری جاتا رہا +

۴ ہزار مسعود وزیروں کے دانو پر جمع ہونے کی خبر گرم ہے چونکہ اس وقت تک وزیروں نے کوئی اظہار ارادہ اطاعت و منظوری شرائط نہیں کیا۔ لہٰذا توجہ ہے کہ عنقریب برف باری اور شدت سردی سے پیشتر مہم طیار کیجائے +

دہلی میں جو اٹیچر رئیس وائسرائے کو دیا جائیگا اُسکے ضمنہ توجہ کی لاگت پانسو روپیہ ہے +

لاہور میں ۲۹ کو اور ۳۰ کو دربار کی تعطیل عام تھی

آنریبل جارج کرزن ممبر پارلیمنٹ لندن سے کابل آنے والے ہیں دھکے سے کابل تک راہ میں حیضہ وغیرہ کا انتظام ہوا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ ملکہ معظمہ اور وائسرائے کی طرف سے امیر کابل کی عیادت اور تیز اس غرض سے آتے ہیں کہ اگر ضرورت ہے پائیں تو امیر کو افغانستان جا دلانے کا مشورہ دیں +

وائسرائے ۲۲ نومبر نصف شب کو پشاور سے روانہ ہوئے +

بڑی لگن (جیسا کہ پہلے شایع ہو چکا ہے) امرتسر نہیں آئیں بلکہ ان کی صاحبزادیاں ۱۲ کو صبح معمولی ریل میں پہونچیں +

دہلی میں بھی موقع تشریف بری وائسرائے پر روشنی و آتشبازی وغیرہ کے خرچ کے لئے رؤسائے دہلی نے چندہ دیا ہے +

نوشہرہ اور پشاور کے درمیان دن کے وقت ریل کی ٹرک پر وائسرائے کی اسپیشل ٹرین کے سامنے ایک بڑا پتھر پڑا ہوا تھا بعض کا قول ہے کہ دبا گیا اور ریل ٹھہر گئی۔ بعض روایت ہے کہ ریل نے اسپر ٹکر آکر صدمہ اٹھایا۔ اسٹیج اس میں بھی اختلاف کرایا کسی نے شرارت سے گھما کر رکھا تھا یا بابست ٹرین سے گر گیا تھا +

۱۹ کو کلو اور راولپنڈی میں خوب بارش ہوئی اور شالو پہاڑیوں پر ۱۹ اور ۲۰ کو برف پڑی +

لاہور میں کئی روز سے ابر رہتا ہے۔ دربار میں بارش کی پیشگوئی لوگوں کی فایدہ پوری ہو کر رہے تجربہ سے ثابت ہوا ہے کہ جب تو ہیں کثرت سے چلتی ہیں ضرور برستا ہے +

نواب صاحب بہاولپور نے دہلی کی جامع مسجد کی مرمت کے لئے ۱۴ ہزار روپیہ عنایت فرمایا (آخرین)

جھیرہ میں ہندوؤں اور مسلمانوں نے تجویز کیا ہے ایکشن یعنی ممبران نو کل سیٹ گورنمنٹ کو کثرت رائے پر منتخب کرنے کا حق پبلک سے واپس لینے اور خود اپنی تجویز سے مقرر کرنے کی درخواست کیجائے +

ہندوؤں سے تین ہزار وزیریوں اور اقوام ٹوری اور داؤدی کے کانوگرم پر بقصد حملہ و انو جمع ہونے کی خبر آئی ہے ملا پاوندا پھر بدستور زور پر ہے اور چاہتا ہے کہ گورنمنٹ کے ساتھ جو معاہدہ ہوا اس میں اس سے بھی مشورہ لیا جاوے +

پچھلے دنوں میں علاقہ کلو میں بخار کی یہ کثرت رہی کہ ایک ایک گھر سے آٹھ آٹھ دس دس آدمی چل بسے۔ صرف ان کو ٹھیوں میں جو جاڑوں اور دریائے ستلج کے درمیان واقع ہیں جیٹھ مہینہ کے اندر اکیس ہزار سے کم آدمی نہ مرے ہونگے +

سرحد وزیرستان پر برفباری کے آثار نمایاں ہیں بارش بھی ہو چکی ہے +

پنجاب کونسل نے اپنی سالیانہ کی ہے کہ گورنمنٹ فیصلہ کو جاری رکھے کہ ہندوستانی کو بھی ملازمت کری جاہیئے کہ اپنی زبان سے

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

ڈیہا جھیل کی رپورٹ مکمل ہوگئی۔ اس میں ہنوز ۳ سو فیٹ پانی باقی ہے +

۸ نومبر کو اے پور میں راج کنور کالج کا جلسہ تقسیم ڈگریوں سے ہوا +

کرنل ۱۲ اس فشنر نواب رامپور کے فوجی مشیر مقرر ہوئے +

نوجوان مہاراجہ گنگا سنگھ بیکانیر سیو کالج اجمیر سے فراغت حاصل کرکے اپنے دارالریاست کو گئے عنقریب مسند نشین ہونگے آنریبل صاحبزادہ پولیٹیکل ایجنٹ اپنے ملک کا دورہ کر رہے ہیں +

منڈے میں ہیضہ موقوف ہے مگر اکباب اور زنگون میں ہیضہ +

بیگم بھوپال کیلئے ایک گاڑی جو برقی قوت سے چلتی ہے ولایت سے آئی تھی لیکن چونکہ ہندوستان میں بہت عرصہ کے بعد پہنچی لہذا بیگم صاحب نے اس کے لینے سے انکار کیا۔ لالہ محمد ساہن داس نے اس کو خرید لیا ہے لیکن ہنوز اس کے چلانے کی ترکیب کسیکو معلوم نہیں ہوئی +

حیدرآباد سندھ سے روہڑی تک ریلوے کی شاخ بننے کا کام عنقریب شروع ہونیوالا ہے اور کوٹری پر دریائے انڈس کا پل بنایا ہوگا +

مہاراجہ کوچ بہار شروع دسمبر میں ولایت سے آجائینگے +

منڈے میں ٹریڈ ڈے کا کام فروری سے شروع ہوگا اور ۱۸۹۵ء میں جاری ہوجائیگی +

مہاراجہ گوالیار اختیارات پانے پر عہدہ دیوان تو فراکر اسکا نام ریفنیکر ٹری ریاست رکھینگے +

راجپوتانہ کی دیسی ریاستوں میں ڈاک خانوں کی معرفت منی آرڈر کی فروخت جاری ہے +

مدراس جنت متعینہ اپر برہما میں پچھلے دنوں میں بڑی سخت گرمی اور سرکشی پھیلی ہوئی تھی +

سول فلٹری میں ایک مراسلت چھپی ہے کہ شاخ گودام ریلوے سے ملا دیجائیگی اور اس کے اصراف میں مہاراجہ گائیکوار بہت دینگے +

۲۲ نومبر کو جبکی ہوڑا کے گودام میں آگ لگی۔ بہت سخت نقصان ہوا مگر تمام عمارت اور چیزوں کا بیمہ کرایا ہوا تھا یہ آگ ہنوز بجھی بھی نہ تھی کہ بمبئی پور کے کارخانے میں آگ لگی اور بہت نقصان ہوا۔ مگر اسکا بھی بیمہ تھا +

میونسپلٹی رنگون سے رعایا سخت ناخوش اور شاکی ہے اور کسی قسم کا ٹیکس نہیں چاہتی لوگ چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ خود میونسپلٹی مقرر کرے +

غنا سیم سے ۴ دن تک برما کی ایک کشتی مع چار آدمیوں کے دریائے ایراوتی پر غائب رہی تھی۔ اور دس روز سے آدمیوں کو کھانا ملا تھا۔ شاہجہان نامی جہاز نے دیکھکر ان آدمیوں کو اپنے جہاز میں لے لیا۔ ایک شخص شدت گرسنگی سے قریب المرگ تھا +

پاگل خانہ رنگون سے ۷۰ پاگل دوا علاج کے واسطے لیورپول بھیجے گئے +

واپسی ۲ دسمبر کو کرنال ۹ کو کانپور ۱۰ کو گوند ٹھہرہ ۱۱ کو ۱۵ کو کلکتہ پہونچینگے +

ہندوستان کے ملک جنوبی میں ۲۰ تاریخ سے بارش بالکل موقوف ہے +

۴ دسمبر کو سر چارلس ایٹ کلکتہ پہونچینگے +

مہاراجہ جودھپور انجینٹ گورنر جنرل سے ملکر کوہ آبو سے واپس اپنے شہر میں آگئے +

کنور مہاراجہ جسلمیر سیو کالج اجمیر میں تعلیم کے لئے داخل ہوئے +

ہندوستانی چھ امیدوار جو سول سروس میں پاس ہوچکے ہیں اُن کو ایک سال ولایت میں اور رہنا ہوگا +

ریاست جودھپور میں چوک مہاراجہ صاحب کے شکار کے لئے بصرف ہزارہا روپیہ سالانہ پالے گئے ہیں اسقدر کثرت سے ہوگئے ہیں کہ رات کو شہر میں گھسکر لوگوں کے دیوڑے توڑ ڈالتے ہیں اور آدمیوں پر حملے کرتے ہیں لوگ بہت پریشان ہیں اور اہالیان دربار کو عرضیاں بھی دی گئی ہیں تھوڑے سے امرتسر میں کیوں نہیں بھجوا دئے جاتے جہاں لوگوں کے پلے ہوئے خوکوں کو شکاری مار ڈالتے ہیں +

مسٹر جسٹس امیر علی جج ہائی کورٹ کلکتہ ماہ فروری سے ۶ ماہ کی رخصت لینگے +

ایسٹرن بنگال ریلوے پر بلگچھی کے قریب بابو چندناتھ بزجی ڈپٹی مجسٹریٹ اور ڈپٹی کلکٹر کلکتہ ریل سے کٹ کر مر گئے +

۲۵ کو کلکتہ میں پہرا ایک پن چکی میں آگ لگی +

ایک بڈھی مس کارنیلا سورابجی نے ریاست بروڈا میں وکالت شروع کی ہے۔ ہندوستان اور انگلستان دونوں میں یہ پہلی مثال ہے +

لکھنو میں نلوں سے گندہ کیچڑ سا پانی آنے اور بالکل بند ہوجانے کی تمام شکایت ہے +

سررشتہ تعلیمات سرکار نظام کے انتظام کے لئے جو مجلس مقرر ہوئی ہے اس مجلس کے اراکین نواب عماد جنگ بہادر ڈاکٹر اگھورناتھ صاحب چٹوپادھیا۔ شمس العلما مولوی میر مہدی علی صاحب بلگرامی مسٹر ہوڈسن اور اس کے سوا ناظم صاحب تعلیمات مقرر ہوئے ہیں +

افسوس کی بات ہے کہ مدرسہ عربیہ دیوبند کی مجلس شوریٰ کے ممبروں میں ناچاقی پیدا ہوگئی ہے جس کے تصفیہ کے لئے ۲۸ - اکتوبر کو ایک جلسہ عام ہوا تھا۔ تمام ہندوستان کے عربی مدارس میں بھی اس مدرسہ پر سے آدھے حصے فیس پر علم پڑھایا جاتا ہے اور طلبہ کو وظیفہ بھی دیا جاتا ہے +

پنڈت سورج نرائن سب جج بارابنکی نے چرائی ہوئی میں اپنے خرچ سے ایک سنسکرت کا مدرسہ کھولا ہے جو ان فیس یہ علم پڑھایا جاتا ہے اور طلبہ کو وظیفہ بھی دیا جاتا ہے +

کلکتہ میں طلبہ کے واسطے وہاں کے امرا نے ایک بورڈنگ ہوس بنوایا ہے جس میں فیس نہیں لی جاتی +

اجودھیا میں ایک سنسکرت لائبریری کھلی +

مہاراجہ صاحب بنارس بوجہ علالت مدراس نہ جاسکے بمبئی سے راہ واپسی لی تھی +

ممالک غیر

امریکا کے تحریک مصالحت پر جاپان نے بعد تفکر یہ جواب دیا کہ چین بلاواسطہ اس معاملہ میں ہم سے فرخ استکر ہے بندرگاہ آردر سے ۲۰ میل پر ۱۸ نومبر کو پہرا ایک سخت جنگ چین و جاپان کے درمیان ہوئی۔ جاپان نے شکست کھائی اور تین سو آدمی اُس کے مارے گئے اور چین کے صرف سو۔ ۲۰ کو جاپانیوں نے چار بار حملہ کیا مگر چینیوں نے پس پا کر دیا چینیوں کے ہزاروں آدمی مارے گئے اور زخمی ہوئے اور جاپانیوں کا بھی بہت نقصان ہوا +

ایک جاپانی جہاز میں جسپر ۲ سو فوج پلٹن اور ۷ سو قلی تھے آگ لگ گئی اور بالکل جلگیا۔ جانوں کی حفاظت کا بڑا عمدہ بندوبست کیا گیا تھا چنانچہ صرف ۴ قلی جلے باقی دوسرے جہازوں کی کشتیوں کے ذریعہ بچ گئے +

ٹنکنگ کے قلعہ میں بلاٹن کی فوج پر فوج لوگوں نے حملہ کیا اور بعد جنگ بسیار کے جس میں ۲۹ فوج قتل اور ۱۱۲ مجروح ہوئے۔ قابض ہوگئے۔ راجہ کا تمام خزانہ بھی فوج لوگوں کے ہاتھ چڑھا اور راجہ لبوک اور اس کے بیٹے نے بھی خود کو ڈوچ لوگوں کے حوالہ کردیا +

اٹلی کے پچھلے زلزلہ سے شہر سمی نزا قریب قریب تباہ ہوگیا اور اُس کے ۱۲ باشندے جان سے مرگئے اور ۵۰ سخت چوٹ آئی اسیطرح پالمی بالکل برباد ہوگیا اور ۱۵ باشندے مرے اور ۵۰ زخمی ہوئے۔ صرف سمپر کہ جو کے مکانات کے تلے سے اسوقت تک دو سو سے زیادہ لاشیں نکھود کر نکالی گئی ہیں سسلی سے شمالی مشرقی جانب خصوصاً ملازو کے قریب ابھی تک زلزلہ کا زور باقی ہے +

مولوی رفیع الدین احمد ولایت میں ممبری پارلیمنٹ کے امیدوار ہیں +

نارروس کی شادی پرسوں ہوگی ۲۰ نومبر کو قرارداد مشرقی افریقہ میں قوم وحشی کے مضبوط دارالریاست کو جرمنوں نے لڑکر قبضہ کرلیا۔ ۴۰ جرمنی مقتول اور مجروح ہوئے +

چین میں منادی ہوئی کہ جو چینی جاپان کا سکہ یا جاپان کے کارخانہ کی بنی ہوئی کوئی شے استعمال کریگا سزائے موت کا مستوجب ہوگا +

مصارف جنگ چین کے لئے باشندگان کینیڈا نے ڈیڑھ لاکھ روپیہ چندہ دیا۔ ایک سوداگر نے ۹ لاکھ روپیہ دیا +

چین نے ۱۰ کروڑ ٹیل ہرجانہ علاوہ مصارف جنگ کے جاپان کو دینا منظور کیا ہے +

سیونیا میں ۷ روئی کے جہازوں میں آگ لگی۔ ۴ جہاز گھاٹے جل گئے +

جاپانی فوج ظفر یاب قلعہ آردر سے جہاز پر سوار ہوگئی ہے یہ معلوم نہیں کہ کس طرف کی عازم ہے +

پرنس آف ویلس اسی ہفتہ میں غالباً انگلستان کو جائینگے لیکن پرنسس وسی ہی میں موسم سرما بسر کرینگے +

اوڈیسہ سے دو جہاز فوج دلاڈیوسٹاک کو روانہ ہوئی +

حفظ صحت

استفسار

۸۶۔ زخم کہنہ:۔ میرے بھائی منشی مسماۃ احمد کے پیر میں عرصہ بہ سال سے ایک زخم ہے۔ جس کی کیفیت حسب ذیل ہے۔ تپ شدید کے باعث پیر میں گلٹی سے ران تک اس شدت کا درد پیدا ہوا کہ تمام رگ دپٹھے سخت ہو گئے اور پیر سمٹ کر رہ گیا۔ ۳ ماہ تک انگریزی دیوانی دواؤں کی نالش سے درد میں کمی ہوئی لیکن سختی جھاسا بنہ گئی۔ اس اثنا میں ملکوکا بھرتا اور بید درگنائیں۔ بابا جی کی دوائیں لگانے سے موقع ملا۔ ہو کر دو سوراخ ہو گئے۔ جن میں سے نیلگوں بودا پانی بہنے لگا۔ مجھ بڑا ایک جرّاح کی رائے سے سوا بالشت طولانی اور اسی قدر عمیق شگاف ڈالا گیا اور بقدر ۳ پاؤ کے گوشت ناقص کاٹا گیا۔ دس ماہ کی کوشش میں زخم مندمل ہو گیا لیکن ایک گوشے میں پچھلے کی جانب باوجود کوشش بلیغ کے زخم بے مطلق اندمال نہ پایا۔ تب علی التواتر ۹ ماہ تک دوسرے جرّاح اور دو ڈاکٹروں کا معالجہ وقتاً فوقتاً کیا گیا۔ بے حد کوشش کی مگر زخم کی صورت بگڑتی گئی۔ آخر کار شہر کے تمام جرّاحوں کی کمیٹی قرار دے کر ہر ایک سے مجدداً کانہ رائے طلب کی گئی۔ بنجملہ اُن کے دو جرّاحوں نے علاج کے واسطے بیڑا اٹھایا اور چھ ماہ تک صرف مرہم پٹی سے کام لیا۔ مگر مطلقاً سود مند نہ ہوا۔ اس لئے اُنہوں نے پیچھے کاٹنے۔ ذنا شگاف دیا تو ایک بڑا کیڑا ہاتھی کا اور کچھ چھوٹے چھوٹے بچے بھی نکلے۔ ایک سال میں زخم بھی خشک ہو گیا اور پیر بھی سیدھا ہو گیا۔ ڈیڑھ ماہ تک بالکل صحت رہی۔ اس کے بعد دفعتہً بڑا آبلہ پڑ کر ٹوٹا اور نیلا پانی بہنے لگا جس کے ساتھ ایک آور نکلا۔ اس کے بعد سے اس وقت تک دو دو چار چار روز زخم خشک رہتا ہے اور پھر کھل جاتا ہے اور اس کے اندر سے مختلف الالوان رقیق پانی بہا کرتا ہے۔ کوئی صاحب مجرب علاج تحریر فرماویں۔ (المستدعی خورشید احمد)۔

تحصیل قصور میں ایک خاکروب عورت کے مرد ہو جانے کی خبر جو پہلے ہی دن میں ایک مبتذل نامہ نگار نے درج کرائی تھی اور بہت سے لوگوں نے اُسے خلاف واقع سمجھا تھا۔ اسپر ایک صاحب ممتاز الاخبار میں چھپواتے ہیں کہ یہ کوئی عجیب بات نہیں بلکہ ایک واقعی مرض ہے جسکا تمام بطریق ہے چنانچہ کیسر عظم سے ہر طب یونانی کی معتبر کتاب ہے وہ یہ عبارت نقل کرتے ہیں، اور درخواست کرتے ہیں کہ یہ بیان اخبار میں آپ درج کیا جاوے۔ "جان نوٹ۔ بعضی عورتوں کو کبھی اس قسم کے نسخہ کے نزدیک نایدگر گشت ظاہر ہو جاتا ہے اور کبھی یہ نیا قابل جو عورتوں کو دونوں جانب لب اندام نہانی کے ہوتی ہے۔ اور اوسکو عربی میں بظر کہتے ہیں۔ بڑی ہو جاتی ہے۔ اور کبھی کوئی شے مثل آلہ تناسل کے ظاہر ہوتی ہے چنانچہ جماع نہیں ہونے دیتی اور کبھی کبھی ایسی عورت دوسری عورت کے ساتھ جماع بھی کر لیتی ہے۔ ایسی عورت کو ظرامہ کہتے ہیں اور قرس ایک گوشت ہے جو فرج میں اوگتا ہے اور اندر لنگ میں زیادہ اور سرما میں کم ہو جاتا ہے اور اکثر مرد ایسی امراض کا اُن عورتوں کو ہوتا ہے جنکا ختنہ نہ کیا گیا ہو (میرے خیال میں جنکی غذا غلیظ ہو) اور یہودیوں کے ایک گروہ مثل اڈیوینس اور جالینوس وغیرہ نے ایسے بیمار دیکھے ہیں۔ مگر بقاس نے انکار کیا ہے"

ہمعصر میونسپل سرونٹ لاہور سے ہمعصر ست دھرم پرچار ..... نے ایک مقدمے کا حال نقل کرنے پر جو کہ مدراس ای میں پیش ہوا ظاہر کیا ہے کہ مقدمہ مذکور کے دوران میں معلوم ہوا کہ ایک برہمن تعلیم یافتہ کی ایک فاحشہ عورت سے آشنائی تھی۔ عورت کے مرنے کے بعد اسکے بھائی نے ایک بڑی رقم کے ترکہ کی بنا پر برہمن نہ ہونے پر عورت کا وارث بنکر دعویٰ کیا۔ ہمارے برہمن دوست نے جواب دیا کہ ترکہ مرضی ہے۔ صرف اس خیال سے لکھا تھا کہ آشنائی باہمی قائم رہے۔ دوران تحقیقات میں سچ کے دوبدو معلوم ہوا کہ عورت گو فاحشہ تھی تاہم ایسی ذی عزت تھی کہ ایک گوجیٹ۔ سکول ماسٹر۔ ایک زراعت کے کالج کے گوجیٹ ایک ہیوٹیکل سکول کے پنڈت اور ایک اول درجہ کے وکیل نے بیدٹرک کو ہی دی۔ کہ دے اُسکے یہاں پاک بیت سے بات چیت کرنے جایا کرتے تھے۔ ہمارا ہمعصر پوچھتا ہے۔ کہ ایسے آدمی لڑکوں کو اخلاق کا کیا سبق دے سکتے ہیں۔ ہمارا ہمعصر کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے یہ کہنے سے نہیں رُک سکتے کہ ہمارا اپنا صوبہ الہ آباد میں اکثر ڈپٹی انسپکٹر قائم کرتا ہے۔ صوبے کے سلوکین پر عام نظر ڈالنے سے معلوم ہوگا کہ اکثر حاضرین میں بدچلن استاد سرشتہ تعلیم کی بدنامی کے باعث ہوتے ہیں جب گڑ دیا ہی ہلاہل ہو جاوے تو لگنے کا خدا ہی حافظ ہے۔ لیکن مشکل تو یہ ہے کہ موجودہ انتظام کے مطابق اس بات کا پتہ ہی لگنا مشکل ہے۔ کہ استاد کیسا نکلے گا۔ ذہنی لیاقت کی جانچ کے لئے تو نسولی موجود ہے لیکن اخلاق کی پڑتال کیونکر ہو سکے جس قسم کا تعلق کہ اب ہی آجاریہ اور روپیا ہنیوں کا موجودہ انتظام کے مطابق ہے اُس سے کبھی بھی آئندہ آچاریوں کے اچرنوں کی پڑتال نہیں ہو سکتی جبتک کہ طریقہ تعلیم میں ترمیم نہیں ہوتی اور اخلاقی تعلیم پر زیادہ زور نہیں دیا جاتا تب تک اس نقص کا رفع ہونا بالکل ناممکن معلوم ہوتا ہے۔

جرائم اور قانون

برودہ کمشن۔ ماہ نومبر کو برودہ کمشن جو مسٹر اپٹ نائب کمشنر بندوبست برودہ کی رشوت ستانی کے مقدمات کی تفتیش کر رہی ہے اسکی کارروائی کا یہ سوان دن تھا۔ مسٹر پرنسیم استغاثہ کی طرف سے اور مسٹر گیڈنی ملزم کی جانب سے پیروکار تھے۔ کل ۳۶ جرم ملزم پر قائم ہیں۔ جن میں سے یہ پڑھکر سنایا گیا کہ تم نے اپنی ہمشیرہ گوہر لال نانا بھائی کی معرفت ۱۴ مارچ ۱۸۹۴ء کو ایک شخص امبا لال کھیر اج سے ناجائز طور پر اس بہانہ پر کہ تم اپنی سرکاری حیثیت میں اس سے رعائت کرو گے چھ سو روپیہ رشوت لی۔ اور چھ سو روپیہ مابعد لینے کا وعدہ کیا۔

مقدمہ حملہ ضلع شاہ پور جس میں حافظ علی اسسٹنٹ سرجن کو بجرم مسٹر فنکس سول سرجن کو جوتے مارنے کے ایک سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی ہے ملزم نے جو ہنوز ملازمت سے معطل ہے اپیل چیف کورٹ میں دائر کر دیا ہے۔

چار مذہبی سپاہیوں کے مقدمہ کی سماعت جو جرم قتل میں ماخوذ ہیں ۱۵ نومبر کو عدالت سیدنالہ سیشن جج جہلم میں ہوئی۔ لالہ رہنگوان اور شیخ محمد الدین پلیڈران کی طرف سے اور سرکاری وکیل استغاثہ کیطرف سے پیش ہوئے بہت سی شہادتیں پیش ہوئی ہیں اسلئے مقدمہ بہت طول ہوگا۔

نثور کا مقدمہ تخریف و جبر۔ منڈ ضلع راج شاہی بنگال میں ڈپٹی کلکٹر گنگا گوبند سرکار اسسٹنٹ سرجن ٹھوڑنے وہاں کے راجہ جوگیندر ناتھ رائے اور اسکے بیٹے اور ایک ملازم پر تقدمہ دائر کیا ہے جو سشن سپرد ہو گیا ہے۔ مستغیث کے بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ راجہ جوگیندر ناتھ نے مجھے خانگی معالجہ کے لئے پچاس روپے ماہوار کا نوکر رکھا تھا۔ کچھ دن بعد ایک روز زنانہ میں علاج کے لئے مجھے بلایا۔ راجہ خود مجھے اپنے بیٹے کی بیٹھک خانہ تک لے گیا۔ اور باپ بیٹے نے کچھ بات کر کے کہدیا کہ اسوقت نہیں پھر بلایا جاویگا۔ دروازہ پر دربان نے ڈاکٹر کو باہر جانے سے روکا۔ دو آدمی اور آگئے اور ڈاکٹر کو پکڑ کر ایک کمرہ کیطرف لے گئے جہاں ایک نشی جلد دوات لیکر حاضر تھا۔ اسنے کہا جان کی خیر چاہتے ہو تو کنور صاحب کے نام پانچ ہزار روپیہ قرضہ لینے کا ایک نسک اور ایک چٹھی اس مطلب کی لکھدو۔ ڈاکٹر نے اتنا قرضہ درکار ہے لکھدو۔ ڈاکٹر نے مجبوراً مان لیا۔ جب رہا ہو کر گھر آیا تو وکیلوں سے مشورہ لیکر چیف کورٹ کو اطلاع دے دی۔ دانوبر کو مقدمہ کی پہلی پیشی ہوئی ہے۔ بنگالیوں اس مقدمہ کی بڑی دھوم ہے۔ مستغیث کیطرف سے مسٹر چودھری بیرسٹر بابو مہندر ناتھ سیتال وکیل سرکاری۔ اور کئی اور وکیل اور ملزم کی طرف سے مسٹر ڈیلمو سی بانرجی مگارتھ وکلا ان صاحبان کے کئی دوسرے وکلا کے پیروکار ہیں۔ مقدمہ مسٹر پریٹ سشن جج بمعیت دو یورپین اسیسروں کے کر رہا ہے۔

لاہور میں دربار کی تیاریاں سرور شور سے ہو رہی ہیں سوالیان ریاست آگئے ہیں۔ انتظام میں ذمہ دار افسر گرمجوشی سے مصروف ہیں کسی دوسرے موقع پر ایک انتظار صاحب انگلیہ ڈنل پولیس کیطرف سے شائع ہوتا ہے جسمیں انتظام عام کے لئے تمام ضروری ہدایتیں درج ہیں۔

اور ڈیڑھ ہزار کی جمعیت اُن کی کمک کے لئے علیحدہ کمین میں رہی۔ اس نے ثابت کر دیا کہ وزیری ملکوں کی بات پر آئندہ اعتبار کرنا مشکل ہے۔ ساتھ ہی سونے پر سہاگے کا کام ہو گیا جبکہ وزیروں کی فوج ایسی کے تمام سپاہی جو درہ کوہاٹ میں عینات تھے فرار ہو گئے۔ اور ہر آن خبریں گرم ہیں کہ وزیری ایک دوسرا حملہ کرنے کی تیاریاں کر رہے ہیں۔ وجہ اس حملے کی سوائے اس کے کچھ نہیں بتلائی جاتی کہ انہیں یہ حد بندی کا کام منظور نہیں اور وہ اپنی آزادی میں مخل سمجھتے ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی خبر ہے کہ گورنمنٹ انگریزی بجائے سختی کے اُن سے ملائمت سے پیش آنا چاہتی ہے۔ گو دانو میں ہماری جمعیت تین ہزار کے قریب ہے اور باقی تمام سرحد کی چوکیاں بھی مضبوط ہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ ہر کی نسبت اگر دشمن گرد دیئے سے مرے تو بہت اچھا ہے۔ علاوہ اس کے وزیرستان کی کسی ایک قوم سے لڑنا باقی تمام قوموں کو بدظن اور برگشتہ کر دیگا۔ کیونکہ ان لوگوں کی لڑائیاں مذہبی جنگوں کے لباس میں ہوتی ہیں۔ اور مذہبی معاملات میں یہ سب ایک دوسرے سے شریک ہو جاتے ہیں۔ اس لئے خواہ مخواہ ہند کی ایسی ننگی کے وقت جبکہ اس بھڑوں کے چھتے کو چھیڑنا ٹھیک نہیں گو شمال مغربی سرحد پر دور تک پھیلا ہوا ہے۔ اور ساتھ ہی نیک میر صاحب کی صحت کی حالت ایسی ناقابل اطمینان ہے اور روس کی منہ زور فوجیں ایک ناتجربہ کار نوجوان وزیر کے اشارے کی منتظر ہیں۔

پونہ کے فساد کا خاتمہ

پونہ میں فساد ہو بھی اور رفع بھی ہو گیا۔ مفسد آتے رہے اور جاتے بھی ہو گئے۔ اور بیشک گورنمنٹ کے اقبال کے سامنے ایسی مفسدہ پردازی کے ٹھہرنے کی کیا مجال ہے۔ جج صاحب نے کئی تاریک مقدمے کی تحقیقات کر کے فیصلہ دیا کہ ہندو اس فساد میں بالکل بے قصور ہیں۔ صرف مسلمانوں نے فساد میں پیشدستی کی ہے۔ بیشک مسلمان تعداد میں ہندوؤں سے بہت کم ہیں۔ دولت اور رتبے میں کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ مسجد کی سیڑھیوں پر ان کا امام مارا گیا۔ اور مسجد کے درودیوار کو پُرجوش ہندوؤں نے گرایا اور اگر پولیس نہ روکتی تو مسجد کو زمین کے برابر کر دیتے لیکن پھر بھی پیشدستی مسلمانوں نے کی ہے۔ واردات کے ایسے وقت مسجد میں ضرور فساد کی نیت سے موجود تھے۔ جب پولیس نے ہندوؤں کو مسجد کے روبرو باجا بجانے سے روکا تو بھی ہندوؤں نے ان کی تعمیل کی تھی اور نہ الگ ہی کیا تھا کہ مسلمان لاٹھیاں تان کر نکل پڑے۔ اگر ہندو فساد کی نیت سے آتے تو ان کا ہجوم اس سے کہیں بڑھا ہوا کہ جتنا اس گنپتی کے جلوس کے ہمراہ تھا۔ جلوس بہت بڑا دولتمند اور معزز حکام رس بزرگ رئیس تھا کیا کسی کے خیال مسلمانوں کی نسبت کیسے ہی ہوں وہ فسادیوں کے ساتھ رہنے سے ضرور پرہیز کرتا۔ ان وجوہات سے ثابت ہوتا ہے کہ جس طرح ظاہر ہے کہ مسلمانوں نے پیشدستی کی اور ہندو بالکل بے قصور تھے۔ اس مرکز میں ہندوؤں پر ظلم کیا۔ اس لئے تمام ہندو ملزم رہا کئے گئے۔ یہ فیصلہ سن کر تمام بنگالی اخبارات جج صاحب کی دانشمندی اور تعریف کے گن گا رہے ہیں۔ امرتا بازار پتریکا اور ٹریبیون جیسے اخبارات کہ جنہوں نے کسی انگریز کی خوبی کو کبھی تسلیم نہیں کیا اس جج کی تعریف میں رطب اللسان ہیں۔ ہم بھی نہایت خوش ہیں کہ مغز آدمیوں کی عزت بچ گئی۔ لیکن یہ کوئی نہیں پوچھتا کہ وہ آدمی جو مارا گیا ہے وہ از خود کیسے مر گیا۔ کیا اس کے قاتلوں کو کوئی سزا نہیں مل سکتی؟ کیا فساد کی رات ربیع الاول کی بارھویں شب نہیں تھی کہ جسے مسلمان مقدس سمجھ کر راتوں مسجد میں مولود اور قرآن پڑھنے میں مصروف رہتے ہیں۔ ہمیں اس امر کا مطلق خیال نہیں کہ پونہ کے فساد کا فیصلہ انگریزی رائج کے بدترین فیصلوں سے شمار ہوگا اور لارڈ ہیرس گورنر بمبئی کو گالیاں دیجاتی ہیں۔ بلکہ اس بات کا زیادہ خیال ہے کہ گورنمنٹ پر مسلمانوں کی طرفداری اور ہندوؤں سے حکم کھلا دشمنی کرنے کا الزام دیا جاتا ہے کہ جو بالکل بے بنیاد ہے۔ ٹریبیون لکھتا ہے "صرف پندرہ گزشتہ سالوں سے ہندو شکوہ کرتے رہے ہیں کہ حکام ان سے اچھا سلوک نہیں کرتے۔ گذشتہ دو کلکٹروں جیسے حکام اپنی ہندوؤں سے ناراضگی اور مسلمانوں کو ان کے بجائے بھرتی کرنے کو وزنہ نہیں چھپاتے۔ اس سے تعلیم یافتہ گروہوں میں بے اطمینانی پھیل گئی ہے۔ اور یہ فرض نہیں کیا جا سکتا کہ یہ بے اطمینانی دور تک نہیں پھیلی۔۔۔۔ یہ باتیں جو ظاہر بہت خفیف نظر آتی ہیں انہوں نے ہندوؤں کے دلوں پر ظاہری ظلم و جبر کے کاموں سے زیادہ گہرا اثر کیا ہے۔ ہندوؤں کی مذہبی رسوم اور رواجات میں دخل دینا تو ہم انہیں نہایت جائز حصے میں رحم کرتے ہو۔ گورنمنٹ خود اس امر کو سمجھتی جاتی ہے لیکن گورنمنٹ کی قدرتی نیک نیتی اور عقلمندی پر اس کے نوکل افسروں اور جملہ سیاحت کے گورنروں کا غرور اور لاپرواہی غالب آگیا ہے۔ یہ بالکل اور نہایت مہمل اور بیہودہ الزام ہے کہ گورنمنٹ کے افسر مسلمانوں کی رعایت کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو جب سے کہ مختلف محکمہ گورنمنٹ ریزولیوشن مشتہر کر چکی ہیں کہ مسلمانوں کو بھی ملازمتوں میں نسبتی حصہ دیا جاوے اب تک کئی زیادہ مسلمان دفتروں میں موجود ہوتے۔ مگر کوئی ہمیں بتلائے کہ کس افسر نے اس ریزولیوشن پر کبھی توجہ کی ہے فرق ہندو اور مسلمانوں میں اگر ہے تو اتنا ہے کہ فریق اول تعلیم یافتہ زیادہ ہے۔ وہ اپنے حقوق اور اعلیٰ ملازمت طلب کرتا ہے اور گورنمنٹ کے افسروں کی کارروائیوں پر نکتہ چینی کرنے لگا ہے۔ فریق ثانی جاہل زیادہ ہے۔ اپنے حقوق کم سمجھتا ہے۔ اپنی بہتری اسی میں دیکھتا ہے کہ حکام گورنمنٹ کی خوشنودی حاصل کرتا رہے۔ فریق اول نے ایسے افسروں کو بدنام کرنے اور اپنے مقصودوں میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ضروری سمجھا کہ ان ضروں کا مدمقابل بن جائے اور ان کی بدنامی کرتا رہے۔ ورنہ بالکل بہتان ہے کہ سرکار مسلمانوں کی طرفدار ہے۔ بقول اس اخبار کے لارڈ ہیرس کی تقریروں سے ہوا کہ مسلمانوں کی طرفداری ثابت ہوتی ہے۔ اور ہندوؤں کی توہین۔ کیا طرفداری اسی کا نام ہے کہ انہیں پٹوا دیا جاوے۔ بہت سے زخمی ہو جاویں۔ ایک جان سے جاوے۔ ان کی مسجدیں ہیچ نتی کی جاویں۔ اور پھر ہم انہیں مفسد پردازی کا متہم کیا جاوے۔ ہم لارڈ لیمنگٹن سے بصد ادب جناب میر صاحب سکرٹری آف سٹیٹ سے نتیجہ نکالتے تھے کہ گورنمنٹ ہند ایسے فساد سچ مچ روکنا چاہتی ہے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ یہ خیال غلط تھا۔

گورنمنٹ ہند نے آٹھ سات سال کا عرصہ گزرا ہے مسٹر کک ایڈیٹر سن کو حجاج مکہ معظمہ کو ہندرجہ تک لیجانے کا ٹھیکہ دیا تھا۔ کک اینڈ سن بہت بڑے ٹورسٹ کارخانے کے مالک ہیں۔ کچھ مدت گزری ہے ان کے انتظام کی شکایت عام تھی۔ چنانچہ پیسہ اخبار میں بھی دو تین سال قبل کئی ایسی شکایات شائع ہوئیں۔ کہ جہیز ڈاس کک ایڈیٹر سن نے پیسہ اخبار کو متواتر نالش کے نوٹس دیئے۔ مگر آخر غلط فہمی رفع ہو گئی۔ لیکن اکثر حجاج اور بمبئی کے دوسرے لوگوں کی چہ حجاج کی آمد و رفت سے تعلق رکھتے ہیں یہ شکایت ہی کہ اس کک اینڈ سن سے یہ ٹھیکہ لے لیا جاوے۔ گورنمنٹ ہند بہت دنوں سے اس بات پر غور کر رہی تھی۔ چنانچہ حال میں اس کا خاتمہ ہو گیا۔ حجاج کے سفر بحری کا ٹھیکہ گورنمنٹ نے واپس لے لیا حقیقت میں حاجیوں کی تکلیف کا خاتمہ صرف اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ بمبئی میں ایک زبردست انجمن کے کارکن حاجیوں کو دلالوں کے پنجے سے چھڑا لے۔ جہاز کا انتظام کرا دے اور معزز شخص سمجھا دینے کی خدمت اختیار کریں۔

آنریبل راجہ رام پال سنگھ جو نیشنل کانگرس کے بہت بڑے معاون اور خیر خواہ ملک شمار ہوتے ہیں اس میں شک نہیں کہ ہندو ذہن کے بڑے پکے ہیں۔ وہ پنجاب میں دورہ کر کے میموریل والایت کو بھجوا رہے ہیں کہ انتخاب ممبران ہندوستان اور انگلستان دونوں مقامات میں ایک ہی وقت میں ہوا کرے۔ مگر صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے تمام ہندوستان کی اوکل گورنمنٹوں کے فیصلوں کے مطابق ہوم آفس کے اس منظور شدہ ریزولیوشن کو نامنظور کر دیا تھا۔ جبکہ مسٹر مگلیڈ سٹون کی گورنمنٹ سے یہ سلوک کیا گیا تو اب آرکس لبرل بارڈیکل وزیر سے امید اس کی منظوری کی ہو سکتی ہے۔ اور اب جبکہ ایک معقول تعداد ہندو مسلمانوں کی ممبر سروس سے کامیاب ہونے لگی ہے جیسا کہ اس سال ہو میں آیا ہے تو ابھی کوئی امید نہیں رہی کہ پرنشل اسٹیٹ امتحان سول سروس ہندوستان میں منعقد ہونے ہوگی۔

گزشتہ سے پیوستہ ہفتے کے پرچہ میں ہم نے ترکی کے دربار کے متعلق جس سوال کو دریافت کیا تھا اس میں درج تھا کہ ایک تزریبی مجسٹریٹ کی گاڑی دیکھنے قید کی گئی۔ ٹرمپوں نے اس کو ہمارے ہوٹل سے لکھتے ہوئے غلط لکھ دیا ہے کہ ایک تزریبی مجسٹریٹ دو ہفتے قید رکھا گیا۔

گورنمنٹ گزٹ ہند میں اعلان دیا گیا ہے کہ ایک انوج کمیٹی دہلی اس ۱۹۱۰ء کے دسمبر کے پہلے ہفتہ سے منعقد آنا شروع ہوگی اس کمیٹی کے دائرے گورنمنٹ ہند کی ذیل کی پالیسیت کو نسل جو اختیار ان انوج پر رکھتے تھے وہ منسوخ ہو جائیگا۔ بغرض سہولیت انتظام انتظام فوج بنگال ہمگال کمانڈ انچیف پنجاب کمانڈ پر مشتمل ہوگی۔ چاروں کمانڈر انچیف بنگال پنجاب بمبئی اور مدراس ہر کمانڈ ایک ممبر

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ۔ ۲۴ نومبر ۱۹۱۹ء

(لاہور و پنجاب)

لاہور سے رخصت ہو کر ۳ ڈسمبر کو وائسرائے کرنال ۵ کو دہلی اور ۶ کو کانپور پہنچینگے۔ ۸ کو دہلی سے روانہ ہونگے ؛

دہلی میں بارش ہونے اور موسم بدل جانے سے بخار تو جاتا رہا مگر کھانسی اور نمونیا دوات الریہ کا بڑا زور ہے ؛

بیرکوا جالی پور کشمیر اور راولپنڈی کے مغربی کنارے پر تار گھر جاری ہوئے ہیں۔ اور چھنگا گلی۔ ڈونگا گلی۔ گرجھیال کا لابلاغ خیر اگلی۔ نتھا گلی۔ شینھ بوریں۔ تھوہا اور زیارت کے تار گھر بند ہو گئے ؛

۳ نومبر کو لیڈی الگن نے کراچی میں ڈفرن ہسپتال کا بنیادی پتھر اپنے ہاتھ سے قائم کیا ؛

لاہور میں تمام سول افسر وائسرائے کے استقبال کو ساڑھے آٹھ بجے سے پیشتر سٹیشن پر پہنچ جائینگے۔ اس کے بعد کوئی گاڑی پلیٹ فارم کے اندر نہ آنے پائیگی۔ اور دربار میں بغیر ٹکٹ کے کوئی جانے نہ پائیگا۔

غیر سرکاری معتبرین لاہور و سیالکوٹ اور سول افسران پنجاب کے سوا دیگر ۸ ٹکٹ ہونگے جن میں اخبارات کے وقائع نگار بھی شامل ہیں۔ سول کیمپ میں چند خیمے باہر کے بوسیین مہمانوں کو بھی مل سکیں گے ؛

وزیرستان کمشن کے مجروح سپاہی اور افسر اچھے ہوتے جاتے ہیں ؛

پشاور میں ڈپٹی کمشنر نے حکم دیا ہے کہ جس راستے سے وائسرائے گزریں اس کے مکانات پر سبز قلعی ہو۔ اور جن لوگوں کو مقدور نہیں وہ سبز کاغذ سامنے کے رخ پر چسپاں کر لیں۔ اس سے غرض پشاور کی حالت سرسبز ظاہر کرنا ہے حالانکہ در اصل اس کے خلاف ہے جولائی سے بارش بالکل نہیں ہوئی اور سبزہ وغیرہ کی کثرت ہے ؛

جموں کے قریب ستواری میں ۱۴ نومبر کو مہاراجہ صاحب کشمیر نے اس فوج کو ایک ہزار تمغے تقسیم کئے جس نے شنراناگر میں کارہائے نمایاں کئے تھے ؛

راولپنڈی میں دو ریلوے ملازموں کے پاؤں انجن سے کٹ گئے اور دونوں اس صدمے سے مر گئے ؛

جانی خیل کے قریب ۶ ہزار وزیری جمع ہیں اور لڑائی پھر ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔ فوج کمک کا انتظام برابر جاری ہے ؛

کراچی اور پیل کے درمیان ۲۰ میل کے فاصلے تک دوہری لائن بصرف ۱۴۶۳۲۱ روپے کے تیار کرنے کی اجازت سکریٹری آف سٹیٹ نے دے دی ہے ؛

۲ نومبر کو ساڑھے تین بجے وائسرائے ملتان پہنچے۔ دھوم دھام بہت کم تھی ؛

دیوالی کے بعد راولپنڈی کے ایک مندر میں پولیس نے ۱۰ قمار باز گرفتار کئے۔ اور محافظ مندر نے پولیس پر مداخلت بیجا کا دعوی کیا ہے ؛

کراچی سے واپس ہو کر لیڈی الگن صاحبہ ۲۰ نومبر کو سیر کے لئے امرتسر پھر گئیں۔ اس مرتبہ بوجہ ناسازی طبیعت اچھی طرح سیر نہ کر سکی تھیں ؛

موقع دربار میں ۱۱ ریاستی ہند لاہور میں ہونگے۔ جن کی آتو اپ سلامی ۱۷ سے ۱۹ تک ہیں۔ جس روز وائسرائے سے اور ۲۱ کو اپنے ان سے ملاقات کریں گے۔ ۱۰ سے زیادہ توپیں چلینگی ؛

۱۲ نومبر کو دہلی میں صبح ۶ بجے زلزلہ آیا۔ اور کچھ شور بھی معلوم ہوا۔ لیکن تین چار سیکنڈ رہا۔ صرف ایک مکان کی دیوار گرنے کی رپوٹ آئی ہے ؛

۱۴۔ اور ۱۵ کو تلہ کی پہاڑیوں پر سخت برفباری ہوئی ؛

ہوتی میں جو پشاور کے قریب ہے اس مہینے کے شروع میں آگ سے تمام بازار جل گیا۔ کئی لاکھ کا مالی نقصان ہوا۔ ۱۰ و ۹۔ آدمی جل کر مر گئے اور ۵ زیر علاج ہیں ؛

پنجاب میں محکمہ کسٹمز سے مچھروں کی خریداری بکثرت ہو رہی ہے۔ ۲۳ پنجاب پلٹن راولپنڈی سے سپیشل ٹرین میں وزیرستان کو بتاریخ ۱۰ نومبر روانہ ہوئی ؛

راولپنڈی میں قلعہ کہنہ گر اکر نئی دکانیں بنالی جائینگی۔ ایک سکھ نے معہ اپنے قبائل کے مذہب اسلام قبول کیا۔ دیوالی کی رات کو چراغ روشن کرنے میں ایک لڑکی کے کپڑوں میں آگ لگ گئی اور صبح کو مر گئی ؛

۱۹۲۰ء سے میڈیکل کالج لاہور میں داخل ہونے کے لئے ایف اے کی شرط ہونے والی ہے ؛

ڈپٹی کمشنر امرتسر نے حکم دیا ہے کہ جب تک پچھلے کاغذات صاف نہوں اسسٹنٹ کمشنر اتوار کے دن بھی کچہری کیا کریں۔ (اخبار عام) ؛

دہلی میں ایک ہندو نے علاوہ آتشزدگی کھلوں کے ایک کل ایجاد کی ہے جس میں تھوڑے سے پانی میں سے چند سیکنڈ میں کئی گیلن پانی گرم ہوتا ہے۔ ایں ہم عنایت است ؛

۲ کو ساڑھے چار بجے وائسرائے راولپنڈی اور ۵ کو بوقت نصف شب روانہ ہو کر ۱۹ کو صبح ۹ بجے پشاور پہنچے اور ۲۲ کو شب کے وقت یہاں سے بھی کوچ کیا ؛

ضلع لاہور کے فوجی افسروں کے لئے ۲۴ گھنٹہ دربار کے ہینگے۔ آدھی ہندوستانی اور آدھی یورپین افسروں کے لئے ؛

وزیریوں کو شرائط منظور کرنے کی یکم ڈسمبر تک مہلت دی گئی ہے۔ غالباً شرطیں یہی ہونگی کہ جو روپیہ اور بندوقیں وغیرہ وہ مچرلے گئے ہیں واپس دیدیں۔ اور بستم پنجاب پلٹن کے ۵ ہزاری سپاہیوں کو حوالے کر دیں ؛

یکم ڈسمبر سے پنجاب ریلوے کے اوقات میں پھر تغیر ہوگا ؛

شملہ میں دیوالی پر امسال قمار بازی کی اجازت نہیں دی گئی۔ بہت اچھا ہوا ؛

لاہور کے جنیوں نے بانجھ دو سو روپے کے ان بد نصیب دکانداروں کے لئے چندہ کیا ہے جو کیمپ دربار میں دکانیں رکھنے پر مجبور کئے گئے ہیں۔ حکام کو اپنے کام کے ساتھ رعایا کے نقصان کا بھی خیال چاہیئے ؛

لاہور میں ہفتہ گذشتہ ۲۰ اکتوبر اور ۲ نومبر میں بہ ترتیب ۱۰۵ اور ۳ لڑکے ۳۰ اور ۴ لڑکیاں۔ ۳۸۵ اور ۳۹ ہندو۔ ۲۷۵ اور ۴ مسلمان۔ ۲ اور ۴ ہلال خور پیدا۔ اور ۸۱ اور ۵۵ مرد ۴۵ اور ۹ عورتیں (۸۶ اور ۴ مسلمان ۲۷ اور ۳۳ ہندو۔ ۳ اور ۱ ہلال خور) فوت ہوئے۔ مجارے ۱۰۶ اور ۸۹ مرد ۱۰۵ اور ۹ وغیرہ ؛

۲۰ نومبر کو راجہ صاحبان سوکیت اور چمبہ ۲۱ کو سرمور ناہن۔ فرید کوٹ اور فرید کوٹ ۲۲ کو کپورتھلہ ناجہ اور جیند۔ ۲۳ کو نواب صاحب بہاولپور اور مہاراجہ صاحبان پٹیالہ اور کشمیر داخل لاہور ہونگے ؛

وزیرستان کی لڑائی

سر مورٹیمر ڈیورینڈ نے پچھلے سال کے اسی مہینے میں امیر عبد الرحمن خاں والی کابل سے جو فیصلہ نسبت حد بندی مابین ہندوستان و افغانستان کے کیا تھا اس میں امیر صاحب نے علاوہ سوات باجور اور چترال سے کسی قسم کا واسطہ اور تعلق نہ رکھنے کے یہ بھی تسلیم کر لیا تھا کہ وزیرستان گورنمنٹ ہند کے قبضے میں رہے۔ اور اسی زمانے سے طے پا چکا تھا کہ اس حد بندی کے لئے ایک انگریزی کمشنر بمعیت ایک افغانی کمشنر کے جگہ حال پہنچ کر فیصلہ کرے۔ دونوں گورنمنٹوں کی بہت سی خط و کتابت اور غور و فکر کے بعد آخر کار وہ وقت آیا تھا کہ ہماری طرف سے کمشنر صاحب پشاور بطور افسر کمشن کے سرحد بندی کو آگے بڑھے۔ لیکن واپس آ گئے۔ اصل وجہ پیش آنے کی تو فارن آفس کو معلوم ہوگی لیکن سرکاری بیان ہے کہ امیر صاحب نے اپنے تمام مقام کو کافی ہدایات نہیں دی تھیں۔ مگر غیر سرکاری حلقوں میں مشہور ہے کہ انگریزی اور افغانی کمشنروں میں غلط فہمی کی وجہ سے انگریزی کمشنر سملہ کو لوٹ گئے۔ اور افغانی کمشنر کابل کو ابھی کمشن کے تصفیہ کی بابت دونوں گورنمنٹوں میں خط و کتابت ہو رہی تھی کہ وزیرستان کی ایک قوم محسود وزیریوں نے جو اس حد بندی کو شب کی نظر سے دیکھتی تھی ایک ملا کی ترغیب سے ہماری فوج پر حملہ کر دیا۔ کہ جس کا نتیجہ ۳ نومبر کی خونخوار جنگ تھی۔ کہ جس میں گو دشمن کے بھی پاؤں اکھڑ گئے مگر ہمارے بھی بہت آدمی کام آئے۔ لڑائی کی سختی اس سے عیاں ہے کہ ہمارے مقتولوں اور مجروحوں میں کئی ایک انگریز اور دیسی افسر بھی تھے ؛

اب دوسرا انگریزی کمشنر معہ ہمراہیوں کے وانوہی میں خیمہ زن ہے کہ جہاں وزیریوں نے انگریزی فوج پر حملہ کیا ہے۔ یہاں سے چالیس میل شمال مشرق کی جانب جہاں گول اور کندر ندیاں ملتی ہیں زار میلان کے میدان میں مقام دومندی ہے کہ جہاں سے متحدہ کمشن حد بندی کا کام شروع کریگی۔ یقین تھا کہ امیر صاحب کابل جب انگریزی کمشنر کے ہمراہ دومندی میں آ جائیگا تو وزیری ملک اس انتظام کو منظور کرینگے اور کسی کو اس کام میں مزاحم نہونے دیں گے۔ لیکن ملا پاوندہ کی تحریک نے جس طرح دو تین ہزار وزیری لڑنے مرنے کو تیار

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— مسٹر جسٹس نائیٹ مہاراجہ گوالیار بعض اصول اختیارات مہاراجہ صاحب چھوڑ کر سررشتہ تعلیم ریاست مذکور تعلق رہینگے۔

— فساد پونہ کے فیصلے سے اس شہر میں نام نہاد اضی پھیل رہی ہے۔ وہ ہندو جو اشتعال ایام فساد میں مسلمانوں پر حملہ آور ہوئے اور سخت شدید کے مجرم تھے اب جیسا کہ اس کی رائے میں مجرم ثابت ہوئے کمیشن نے ان کو بھی رہا کر دیا۔ مسلمانوں میں نہایت مبتذل پھیل رہی ہے۔ تبھی اگر سزا ہو جاتی تو دہشت بھی ہو جاتی۔

— جس انگریز کو پونا میں مجسٹریٹ نے فریب اور ڈاکے کے جرم میں بری کر دیا تھا اسپر حال میں پھر ایک جرم اسی طرح کا قائم ہوا ہے۔ گرکی (پونہ) کی فرج قلعہ کے ایک انگریز نے ڈاک گاڑی کے آگے لیٹ کر ۱۱ نومبر کو خودکشی کی۔ اس کی بندوق پر یہ الفاظ لکھے ہوئے پائے گئے "لیوسی داس کا نام ہے) آرام سے سو جاؤ"۔

— ایک انجینر نے کالکا سے شملہ تک براہ وادی گری اور بستی بچانے کی تجویز پیش کی ہے۔ اگر یہ جاری ہو گئی تو سوا چار گھنٹہ رہ جائیگا۔ اور علاوہ مسافروں اور ڈاک کے کارکن اور شمال بھی پریشانی میں بہت آسانی ہوگی۔

— ہوبلی اور بنگلور کے درمیان ایک مکسڈ ٹرین پٹری سے اتر گئی۔ کسی کے چوٹ نہیں آئی۔ دو چار روز رستہ بند رہا۔

— کلکتہ میں ایک سوسائٹی اس غرض سے قائم ہوئی ہے کہ بہبودہ قیدیوں کی اس طرح مدد کرے کہ وہ جائز طور پر اپنا ذریعہ معاش حاصل کریں۔ گورنمنٹ سے بھی اس سوسائٹی کو مدد ملیگی۔

— دلارام کوٹھی ناسک شروع سال سے جو مدرسہ نسواں قائم ہوا ہے اس میں طالبعلم عورتوں کی ضرورت ہے۔

— بمبئی کے مہاجنوں نے اتفاق کیا ہے کہ شراب بالکل نہ استعمال کی جائے اور بہت سی تدبیریں اور نیز مسلمانان بمبئی اور سورت ان کے شریک ہو گئے ہیں۔ اور اس گروہ کی تعداد بہت بڑھتی جاتی ہے۔ انہوں نے خفیہ مخبر مقرر رکھے ہیں۔ جس کسی کو شراب پیتے دیکھتے ہیں اس کو سخت مجرمانہ کرتے ہیں اور برادری سے خارج کر دیتے ہیں۔

— سنگرامپیٹ میں ۳۰ مال گزشتہ ریل کی سڑک پر کسی نے دو بڑے پتھر رکھ دیئے تھے لیکن خوش قسمتی سے کچھ نقصان نہیں پہنچا۔ تحقیقات ہو رہی ہے۔

— کیم جنوری سے مدراس ریلوے کا کرایہ بڑھنے والا ہے یعنی ہر میل پر جو کی مسافر گاڑی کا حساب فی میل نیم آنہ ہو جائیگا۔

— شہر آگرہ میں خطوط وغیرہ گم ہونے کی خبر سے فسادات اور ان کا الزام چوڑھوں پر آنا۔ صاف جواب دیدیا کرنے کے بعد کہ تمہارے خط کا پتہ نہیں چلتا۔ آخر کار ایک روز بہت سے خط نا لائے حسین اگر ہوئے ملنے آئے۔ اور وہ ایک چٹھی رسالہ کا کام ثابت ہوا۔ جس کا بیان ہے کہ سیکڑوں خط تقسیم کے لئے جمع کئے ہوئے ہیں ایک ایک میں کسی کی تین تین تقسیم ہو سکتے۔ لہذا ہر ایسا ایسا۔ اب تحقیق طلب یہ بات ہے کہ کہیں ان چٹھی رسانوں نے ایسا کرتے ہوں۔

— رنگون سے سوئیل پر گایونگاک میں ہیضہ پھیلا ہوا ہے ایک دن میں ۲۸ موتیں ہوئیں۔

— ڈفرن ہسپتال کراچی کے لئے گورنمنٹ بمبئی نے ۳ ہزار سالانہ وظیفہ دینا منظور کیا۔

— ۱۱ نومبر کو بمبئی سے ایک پارسل کسی شخص نے پونہ کو روانہ کیا۔ وہ کھولا جا کر اس صندوق سے اس قدر تعفن پھیلا کہ پولیس کو صندوق کھولنا پڑا۔ اس میں سے ایک خانہ زاد سالہ نوجوان مسلمان لڑکے کی لاش برآمد ہوئی۔ فرستندہ اور محرر مرسل الیہ دونوں کے نام فرضی ہیں۔ تحقیقات ہو رہی ہے۔

— ایسٹ انڈین ریلوے پر نواڈی اور گنجک کے درمیان جہاں ریل کو دو انجن ایک آگے اور ایک پیچھے لگتے ہیں آگے کے انجن کا ایک پہیہ سڑک سے اتر گیا۔ پیچھے کا انجن ریل کو واپس لوٹا لے گیا اور سڑک کئی گھنٹوں تک بند رہی۔

— مہاراجہ جیسور ۹ دسمبر کو روانہ ہو کر ۱۰ کو کلکتہ پہنچینگے۔ راہ میں پوناہ میں قیام ہوگا

— شروع دسمبر میں نواب وقار الامرا دورہ پر پہنچینگے اور سکچر اور گلبرگہ کو بھی جائینگے۔ حافظ احمد ضاحل جن کو خطاب نواب سکندر نواز جنگ ملا ہے اور جو سابق میں وزیر ریاست بھوپال بھی رہ چکے ہیں افضل حسین کی جگہ چیف جسٹس ہونے والے ہیں۔ حمید اللہ خاں بیرسٹر نواب عماد نواز جنگ کی جگہ ہوم سکرٹری ہونگے اور ابھی تبدیل و تغیر ہونے والا ہے۔

— ۱۱ نومبر کو مدراس کے پتلی گھر میں ۳۰۰ ملازم جمع ہوئے پولیس کا بھی مقابلہ کیا۔ ۴ بجے تک نہایت شور و شر رہا۔

— مسٹر ای پی چیمین اسسٹنٹ ایجنٹ گورنر جنرل لندن مقرر ہوئے۔

— ایبرہام کے ایک مجسٹریٹ نے ایک مقدمہ میں سر عدالت اپنی کرسی سے اٹھ کر ایک گواہ کے بال پکڑ کر اس کو ادھر ادھر کھینچا۔ اسی طرح اور برہما کے مجسٹریٹ نے بھی ایک مالک عورت کے سر میں جو بحیثیت گواہ آئی تھی مارا اور وہ بیہوش ہو گئی۔ سخت افسوس کی بات ہے۔

— مسٹر گریے الہ آباد سے جھانسی نہ جائینگے۔

— بنگال آسام ریلوے کا کام قریب الختام ہے۔ فی یوم نصف میل تیاری کا اوسط ہے۔ ماہ اپریل میں جاری ہو جائیگی۔

— اپر برہما سول پولیس سے ادھر ۷ سو یا ۸ سو آدمی تخفیف کئے گئے اور ادھر اور ادھر برہما میں اسی قدر زیادہ کرنے پڑے۔ کثرت آبادی اور نیز زیادتی جرائم اس کی وجہ بیان کیجاتی ہے۔

— الہ آباد میں عنقریب گندہ پانی صاف کرنے کا کام شروع ہوگا۔

— ہندوؤں نے لفٹنٹ گورنر کو درخواست دی ہے کہ پانی مسجد تک گنگا کو ناپاک کریگا۔

— پونہ میں ایک یورپین فوجی فیصلے سے تنگ ہو کر بھاگ چل گیا اور واپس لانے سے اجل کا شکار ہوا۔

— گورنمنٹ بمبئی سے درخواست کی گئی تھی کہ اڈل کو ریاضت مثل دیگر اہاتی وغیرہ کے لازمی کر دیجائے۔ گورنمنٹ نے غور کامل تصفیہ کیا کہ ہنوز ایسی ضرورت معلوم نہیں ہوتی۔

— جس افسر جہاز نے جہاز پر ایک لڑکے کو مارا تھا اس کو مجسٹریٹ کلکتہ نے ڈاکٹری گواہی پر کہ وہ بیماری سے مرا ہے بری کر دیا۔

(ممالک غیر)

— شاہ چین معہ وزرا روانہ پیکن سے عازم سنجھو علاقہ گیا۔

— ولیعہد اپنے باپ کے قدم بقدم چلے اور ہیئت حسن تا قائم رکھنے کا ارادہ کیا ہے۔

— فرنچ مسیو امیگر ہیڈ باغ جلد ٹرانسوال والا ہے اور اس دیہات میں آباد کرنے کے لئے ۱۰ ہزار فرانسیسی کنبے لیجائے گا۔

— مرغ کبوتر علاقہ پرشس کی اور پیچھے تک علاقہ روس کی سرحد مقررہ ہوئی ہے۔ پرشیا اور فرانس سے فسادی اور مرغاب سے روسی علیحدہ ہو جائینگے۔

— ہوا اور مین (امریکہ) میں ۴۸ ہزار گھنٹے ریل کے لگ سے جل گئے۔ کثر جن میں سے مرد پوں جانے کو تھے۔

— زار روس کی شہزادی انیس کی ۱۴ نومبر کو ہو گئی۔

— معلوم نہیں ہوتا کہ یورپ کی سلطنتیں چین و جاپان میں بیچ بچاؤ کریں۔ اور اگر کریں بھی تو جاپان جب تک قلعہ آدر پر قبضہ کر لے گا کسی کی سنتے والا نہیں ہے۔ لیکن اب چین بھی خوب ہاتھ مار رہا ہے اور قلعہ آدر کی حفاظت میں بہت سرگرم ہے۔

— زار مرحوم کی لاش ۱۳ نومبر کو بذریعہ سپیشل ٹرین سلیمت پیٹرسبرگ پہنچی۔ ۱۴ کو دفنائی گئی۔

— لانبیرو میں ایک بڑی ہولناک گشتوں پر جنہوں نے نکون محصول کی مخالفت ورزی کی تھی ایک جنگی جہاز سے توپ چلائی گئی جس سے ۲۰ آدمی مر گئے۔

— ایک جہاز ۳ نومبر کو بمبئی سے چل کر ۱۴ کو بندر عدن پہنچ گیا اور کرنل ان میں ڈاک تقسیم ہو گئی۔

— آب اندلس جاپان میں ۲۲ ساعت برکو زلزلہ سے ۲۰۰ آدمی اور ۳ ہزار مکانات ضائع ہو گئے۔

— تبت کے حد جنگ تنگ لنگ میں چینیوں کو فتح نصیب ہوئی۔ جاپانیوں کو میلوں تک عقب کر کے بھگا دیا اور ان کا بہت نقصان کیا۔

— جنرل وی سالق کا مذاق فوج چین متعینہ کوریا پیکن میں قتل کیا گیا اور وہ اور چینی جنرلوں سے اختلاف رکھتے تھے۔

— خبر ہے کہ آرمینیا میں قوم باغی بلوچ نے ۱۰ ہزار مسلمانوں کو مار ڈالا اور سینکڑوں عورتوں کو بے حرمت کیا۔ لیکن بعض اخبار اس خبر کی تکذیب بھی کرتی ہیں۔

— پرنس آف ویلز اور ملکہ معظمہ اپنے مشی عبد الکریم کی ایسٹ ان کے مکان پر تشریف لے جا رہے ہیں۔

— لندن میں ہوا کو خیس۔ سڑکوں پر سخت طغیانی ہے۔ کئی اضلاع میں سخت نقصان اور بہت سا مال دریا برد ہو گیا۔

— جنوبی اٹلی میں بہت سخت زلزلہ آیا۔ اس وقت تک سات سو لاشیں نکالی گئی ہیں۔ بہت سے مجروح ہونے کی خبر ہے۔ [illegible]

— آرمینیا میں کردوں کی [illegible] سلطنت ٹرکی [illegible] حملے میں تجویز کر رہا ہے۔

حفظِ صحت

استفسار

۸۴۔ فارش:۔ میرے ایک بھائی کے بہت خارش ہے اور چونکہ وہ اس سال محتاری کا امتحان دینے والے ہیں اس وجہ سے بہت پریشان ہیں (الطاف حسین ولد حافظ بقا حسین وکیل عدالت ملدنہ شہر)

[پیسہ اخبار کے کئی گزشتہ پرچوں میں خارش کے کم از کم بیس نسخے عمدہ عمدہ علاج درج ہو چکے ہیں۔ اعادہ کی حاجت نہیں۔ ایڈیٹر]

۸۵۔ پھولہ:۔ میری آنکھ میں مجھ سال سے بوجہ چیچک جانے کے پھولہ پڑ گیا ہے کہ جسے انگریزی میں سلائی کہتے ہیں۔ اس آنکھ سے دھندلا نظر آتا ہے۔ بہت علاج کئے آرام نہیں ہوا۔ (امام الدین سکول ماسٹر کوٹلی امیر علی)

علاج

۱۱۳۔ نسخہ داد دھمل برائے مشتہری ارسال ہے۔ بجز اس نسخے کے صحت ہونا ناممکن ہے۔ ۱۳ سال بندہ علاج کرتا رہا کسی کے علاج سے فائدہ نہیں ہوا۔ اس نسخے سے مجھے صحت ہوئی اور بھی بہت لوگوں کو صحت ہوئی۔ شیشم کی چھال آنار پختہ۔ اونٹ کے لینڈ سے نیم ہضم پختہ۔ ناریل نیم آنار پختہ گندم پاؤ پختہ۔ روغن سیاہ سرشف (سرسوں) نیم پاؤ پختہ۔ ان سب کو کسی برتن لگی میں ڈال کر پنسال جنبر سے روغن نکال کر مریض لگاوے۔ صحت ہو جاوے گی۔ (غلام محمد محرر بھاٹک گزر نگلل ضلع ہوشیار پور)

۱۱۴۔ عقرب گزیدہ کے واسطے بے نظیر چسکلے:۔ برگ مدار کا پانی دونوں نتھنوں میں ٹپکا دیں فی الفور آرام ہو جاویگا۔ (دیگر) ہول کی پتیاں حقہ میں نوش کرا دیں (دیگر) مکڑی کا جالہ جو سفید سا روپیہ کے برابر ہوتا ہے حقہ میں نوش کرا دیں (خاکسار حاکم الدین مستری۔ شکارپور)

۱۱۵۔ علاج کانی فوطہ:۔ آپ کے ۳ نومبر ۹۶ء کے اخبار گوہر بار میں کسی صاحب نے فوطہ کے بڑھ جانے کا علاج دریافت کیا تھا لہذا گزارش ہے۔ بھنگ سبز اور لوہے چون یا سوڈ مساوی وزن لیکر کوٹ کر گرم کر کے باندھنے سے چار پانچ دن میں ہی بفضل خدا شفا ہو جاتی ہے۔ کئی دفعہ کا آزمایا ہوا نسخہ ہے۔ ہر روز نیا لیپ تیار کیا جاوے۔ اور جب تک بالکل آرام نہ ہو جاوے دن رات باندھے رہنا چاہئے۔ (حکیم امانت علی شاہ۔ از سارو کے)

۱۱۶۔ کانی فوطہ:۔ استفسار ۱۰۳ پیسہ اخبار مطبوعہ ۳ نومبر ۹۶ء کے متعلق ہسپتال کی معرفت پانی نکلوانا مفید ہے۔ ایک دیدک حکیم کی رائے ہے۔ ۱۰۰ ہمسی لائق دیدک حکیم کا قول ہے کہ ساہتر ایک تولہ ساگر گوند ایک تولہ۔ سروی مصطگی ایک تولہ۔ کندر ایک تولہ۔ مصری ایک تولہ۔ خوب کھرل میں باریک کر کے ۔ ماشہ خوراک۔ ایک ہفتہ کا رہ ہو گیا۔ مالش نیم کے پتے ۲ تولے۔ روغن کنجد ۲ تولے۔ تیل میں جب پتے گرم کرنے سے جل جاویں۔ تو فوطوں کے واسطے دن میں دو دفعہ وہ تیل لگانا مفید ہے۔ (راہ رکھا ہوا پکڑ ڈاکخانہ کراچی)

۱۱۷۔ دورہ دردسر۔ ۲۹ ستمبر کے پیسہ اخبار میں ایک صاحب شملہ سے علاج دردِ سر دریافت کرتے ہیں۔ پس بندہ بھی ایک نسخہ جو آزمودہ ہے بھیجتا ہے۔ گھاس دب کی کسی قدر نرم پتیاں لیں اور ان کو قدرے پانی سے چھڑک کر کوٹ کر ان میں سے کوٹ کر اس کا پانی نکالیں۔ پھر اس پانی کو قدرے سرسوں کا تیل ملا کر ناک میں اطور نسوار چڑھائیں امید ہے کہ خدا تعالےٰ صحت بخشیگا۔ (فرید احمد ۳۴۱۲)

شعر و سخن

شہر آشوب

ہیں پریشان روتے ہیں سب کہ کرانے لگ گئے
سنگدل ظلم و ستم کر کے دہائی دینے لگ گئے
رنج سہنے لگ گئے درد و الم کھانے لگ گئے
اہل ثروت ہیں زدوم اور در بدر پھرنے لگ گئے
غوض ہیں جی رام کے اٹھ تاننے لگ گئے
آگے ملک غیر سے جو پرورش پانے لگے
گندم و دانی تمکل و دوپ کو جانے لگ گئے
کاٹتی ہیں دو رنجی کھا کے مندی سال بات
سونا و قرض یک پوری پہنے لگ گئے
اہل صنعت گھر میں بیٹھے پیٹنے چھاتی لگی
بانی مکتب ہوئے مدرسے پڑھانے لگ گئے
کام جن کا تھا عدالت وقت شاہان قدیم
جائے وہ جنگل میں اب ریوڑ چرانے لگ گئے
کام تھا جن کا جہانبانی ابھی تھے دونوں
گانگے اندھے مرتبے کو کرنے کرانے لگ گئے
محفل آرا میں تھے جو مطربان خوش نوا
ابر ہم دیسی زبانوں پر ہیں چھلنے لگ گئے
غرب سے تا شرق گیٹ پیٹ کا بھالا ہو گیا
دفتروں میں بیٹھ کر تمامیں چلانے لگ گئے
ہیں برہنہ سر سیہ فام آگئے جنگل سے
دل کشور جیکلائن ہاتھ آنے لگ گئے
کیا ضرورت ہے جو عالم آئیں ملک غیر سے
حکمت مشی ہیں اپنے گھر کمانے لگ گئے
جاہ غفلت نے چڑھایا ہے دیسیوں کو وہ نشہ
ڈھانپ کر مسینیئے روئے سیانے لگ گئے
دیکھ کر یہ بیٹھی چھپری سے کاٹتا اپنا گلا
مدح خوانی چھوڑ حال اپنے سنانے لگ گئے
شاعروں کو سوجھتے مضمون بد بختی مگے
آدمی زادوں کو ہیں بندر نچانے لگ گئے
یا الٰہی یہ ہے کیا الٹا زمانہ آگیا
ہیں کمینے و پنجنیے عہدے پانے لگ گئے
دہ کے حکام زماں کو رشوتیں اوڑا لیں
اشرف اپنی بیچ کر گھر بار کھانے لگ گئے
ارذل و اسفل ہیں اہل دولت و جاہ و حشم
بیٹھ کر گوشے قسمت اپنی آزمانے لگ گئے
دیکھ دوراں کی پلٹ اہل علوم اہل فنون
فقط سر کو دیکھ صاحب سر ہلانے لگ گئے
جب کسی حضار نے عرض ڈالی کچھ سوا
گردنی دینے کو چپراسی بلانے لگ گئے
حال تو کیا پوچھتے آنکھیں دکھانے لگ گئے
بادشاہ وقت کی جب ہے نظر الطاف کی
کیوں رعیت کے ثمین عامل ستانے لگ گئے

حیف ہے صد حیف مفتی ایسی بد تر زیست پر
خاک میں جو مل گئے اچھے ٹھکانے لگ گئے

انعامی مقابلہ

دو تاریخی نام معلوم کرنے کے مقابلے کے واسطے بہت سے صحاب کے خط وصول ہوئے۔ جن میں سے ہر ایک میں کئی کئی ایسے نام درج تھے۔ مگر مولوی عبد الصمد خاں صاحب طالبعلم بھوپال کو بوجہ بہت زیادہ صحیح تاریخی نام بھیجنے کے چار روپے کا انعام دیا گیا۔ اور انہیں کے ناموں سے دو نام پسند بھی کئے گئے۔ کیونکہ بحیثیت مجموعی ان کے جواب بہتر تھے۔ ذیل میں ان خطوط میں سے اکثر نام بغرض آگاہی ناظرین درج کئے جاتے ہیں۔ جن میں بعض سال حال کے نام بعض اصحاب کے بھیجے ہوئے بھی ہیں:۔

اسمائی سنہ ۱۱ اھ:۔ مشیر علیخاں۔ عفت علیخاں۔ مستقی علیخاں۔ فتح علی۔ محمد سیدار بخت۔ محمد یاور بخت۔ تصدق اللہ خاں۔ علیم شیر خاں۔ سلح نور خاں۔ الفت الحسن خاں۔ شیر فگن خاں۔ محمد حمیت علیخاں۔ محمد نبوت علی خاں۔ عثمان خاں۔ اقامت حسن خاں۔ محمد محبت حسن خاں۔ محمد مودت حسن خاں۔ تفضل حسین خاں۔ محمد بشیر اللہ خاں۔ محمد اکتفا اللہ خاں۔ محمد اتقا اللہ خاں۔ محمد حیات الحسن خاں۔ غلام احمد الدین۔ غیور الدین۔ رمضان حسین۔ انظار الحسین۔ محمد حسین الغنی عالم یار خاں۔

اسمائی سنہ ۱۲ اھ:۔ عصمت اللہ خاں۔ ثنا علیخاں۔ محمد حمایت علیخاں۔ ستار خاں۔ مکرمت خاں۔ عثمان خاں۔ شیر فگن خاں۔ شہنشاہ خاں۔ محمد امیر علیخاں۔ بخشش علی۔ محمد اکتفا اللہ خاں۔ محمد اکتفا اللہ خاں۔ بشیر الحسن خاں۔ محمد ہدایت الحسن خاں۔ محمد مظفر۔

اسمائی سنہ ۱۳ اھ:۔ نظر محمد خاں۔ نبی خضر خاں۔ فضل الرحمن خاں۔ لطف محمد خاں۔ غلام آصف خاں۔ خورشید حسین حسین خاں۔ غلام احمد حسن خاں۔ انتظام بخش عظیم حیدر خاں۔ محمد احمد خاں۔ منظور الٰہی خاں۔ غلام ثنا فی خاں۔ ناظم امیر خاں۔ محمد فرخ میر خاں۔ شفاعت حسن خاں۔ محمد ریاض الحق خاں۔ محمد رضا الحسن خاں۔ مظفر حبیب خاں۔ رمضان علیخاں۔

اسمائی سنہ ۱۴ اھ:۔ ظہیر حسین خاں۔ محمد غالب حسن خاں۔ ناظر محمد خاں۔ عظیم الدین حسین خاں۔ محمد رضا الحسن خاں۔

معلومات کا ست

——— سوا میل افریقہ مقصوصاً علاقہ سمالی کی گاؤں کے بیل نہیں ہوتے۔ اگر ہوں بھی تو شاذ و نادر و دو تین آدمیوں کے (رسید جملہ شاہ)

——— قدرتاً تلی مرغ کی دشمن مانی گئی ہے۔ مگر عمدن ہر مرغ بلیوں کو مارتی ہیں (۱۲)

——— اسی سو دس لاکھ انڈے ہر روز لندن میں آتے ہیں (۱۲)

——— سینٹ پال کے گرجے کے بڑے گھنٹے کا وزن ۱۶۸۰ پونڈ ہے۔ (۱۲)

——— سنہ ۱۶۰۰ء میں انگلینڈ میں آلو نہیں تھے۔ اب سالانہ پیداوار کی قیمت ایک کروڑ ۶۰ لاکھ پونڈ ہے۔ اور سارے یورپ کی پیداوار ۱۶ کروڑ پونڈ تک ہو جاتی ہے۔ (۱۲)

——— برطانیہ کلاں میں ۴ لاکھ آدمی ایسے ہیں۔ جن کے پیشے براہ راست سمندر سے تعلق رکھتے ہیں۔ (۱۲)

——— تخمینہ لگایا گیا ہے کہ ولایت میں ہر سال ۱۵ لاکھ پونڈ کی دیا سلائی بنتی ہے (۱۲)

——— بینک آف انگلینڈ کے نوٹ کو اگر بل دے کر اس کی رسی بنائی جاوے تو اس کے سرے پر ۳۲۹ پونڈ وزن لٹک سکتا ہے۔ (۱۲)

——— ہندوستان میں لوہے کا کام بہت قدیم سے ہوتا چلا آیا ہے۔ سنہ ۱۵۰۰ قبل مسیح تک کا پتہ چلتا ہے۔ دہلی میں قطب صاحب کی لاٹ یہ کچھ کندہ ہے جس سے وہ سنہ قبل مسیح کی ثابت ہوتی ہے اور اکثر فولادی اوزار زمین کے نیچے سے ۴ ہزار برس قبل مسیح کے ملے ہیں۔ مدراس پریسی اور اوڈیسہ وغیرہ میں بھی بہت پرانے چیز بنے لوہے کی موجود ہیں۔

——— پنجاب میں سال گزشتہ سب سے زیادہ خون شاہ میں اور اس سے کم ضلع جہلم میں ہوئے۔

——— نیویارک کے بازار میں ایک لیڈی بتا کہ پینے کا پانی بکتا ہے۔

——— ہندوستان کی چائے فارس میں بکثرت بکتی ہے۔

——— نرخ بمقابلہ لندن وہاں فی پونڈ ارکم ہے۔

——— حضور ملکہ معظمہ کو کھیل اور تماشے کا بہت شوق ہے۔

پیسہ اخبار

نمبر ۴۶ | یوم شنبہ - ۲۴ نومبر ۱۸۹۶ء مطابق ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۱۴ھ موافق ۱۲ - اگھن سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۳

مذاق

ایک گورنمنٹ پلیڈر صاحب کو بروقت ہالدار زخم سیاہ بوستین کی ٹوپی اوڑھ رہتا تھا۔ اور سے ایسا معلوم ہوتا کہ گنجا نہیں۔ ایک دفعہ ہوا سے ٹوپی اڑ گئی۔ ایک بچہ نے کہا "ابا جھوٹ کہا تھا ٹوپی اڑ گئی۔" اور اس کے سر کو دیکھ کر سب ہنسنے لگے۔ عقلمند بھی سب کے ساتھ ہنسنے لگا۔ سو بار سے زیادہ خیال کرنے کی بات ہے کہ جب خدا کی دی ہوئی قدرتی ٹوپی کو ہنسی اڑا سکتا تو اس بناوٹی ٹوپی کو کب سنبھال سکتا ہوں۔ اور ہم کچھ غصہ آتی ہے۔

حال میں ایک ستی فوج کے دیسی کمان افسر نے جو ڈوگرا تھا ایک ہندوستانی فرقہ کے کلرک کو جو سول صاحب کی خدمت میں فلاں معاملے کی رپورٹ لکھ کر بھیج رہا تھا۔

کلرک "بہت اچھا حضور"

کمان افسر "جو لکھا ہے سنا دو"

کلرک "حضور نوٹس ملنا کہ انعقد دی....."

کمان افسر "معلوم نہیں درست ہے۔ مگر ہمارے نام سے پہلے چھدی کیا ہے؟"

کلرک "حضور ہمیشہ ایسا ہی کرتے ہیں۔ قاعدہ ہے"

کمان افسر "نہیں۔ ہم فوج کے کمان افسر ہیں۔ چھدی نہیں ہیں"

کلرک "حضور فرمنوں میں ہمیشہ یہی لکھا کرتے ہیں"

کمان افسر "اچھا اگر یہی قاعدہ ہے تو تم نے چھدی ہی لکھا ہے تو ہم مرد ہیں۔ ہمیں چھدی لکھا کرو۔ چھدی عورتیں ہوتی ہیں"

ایک عقلمند ہندی ایک ہاتھ سے گروجی منڈوا رہا تھا جب نزدیک پہنچے تو بال گروجی کی ہیئت کذائی دیکھ کر ہنسنے لگے۔

زمیندار "عورت کے کپڑے پہنے ہو مگر گروجی نہیں لکھتے تو نہیں"

گروجی "ہاں بالکل ہے ذہیات الفاظ"

زمیندار "عورتیں بھی کھڑی ہوتی ہیں۔ مرد بھی کھڑے ہوتے ہیں۔ تم کیا ہو"

گروجی "ہم تو ہیں ہی کھڑے ہونے والے"

زمیندار "عورتیں بیٹھ بھی جاتی ہیں۔ ہم زمیندار کیا جائیں؟"

مشہور ہے کہ سکھوں کے زمانہ میں کسی دولتمند کو گرفتار کر کے سو چابک کا جرمانہ بھاڑ لیتے۔ جب وہ روپیہ ادا کرتا تو اس سے کیا تصور کرتے؟ کہ خواہ مخواہ گرفتار کر کے سو چابک کھانے سے بہتر ہے کچھ روپیہ دے دینا۔

عجیب عجیب باتیں

تاروں سے آگ کا برسنا۔ ٹلہ گاؤں کے تاروں سے تند رو اور آندھی کے وقت چنگاریاں نکلتی ہوئی کثرت لوگوں نے دیکھی ہونگی لیکن ستمبر کو دیہاتیس اور بلوگ کے درمیان تاروں سے اس کثرت کے ساتھ آگ گرتے ہوئے دیکھی گئی جیسے مینہ برستا ہے۔

عجیب ستارہ۔ ایک سجری افسر کا بیان ہے کہ لین برس میں ۲۶۔ اگست کی رات کو اس نے آسمان پر ایک شعلہ نکلتا ہوا دیکھا۔ اور وہ روشنی ایک گول حلقے میں پھیل گئی۔ اور اس حلقے کے درمیان سے ایک نارنجی رنگ کی روشنی نمودار ہوئی۔ وہ پھیل کر بالکل بجھی ہو گئی اور یہ کیفیت ۵ منٹ کے بعد نظر سے غائب ہو گئی۔ اسی طرح ۲۰۔ اگست کو ہیفنیہ کے قریب ایک گنبد آگ کے سبز رنگ گول چکر میں گھومتی ہوئی زمین کی طرف آ رہی تھی ۱۹ جولائی کو بویال کے قریب آگ اور دھوئیں کا تسلسل بوجھ کے وقت زمین کی طرف آتا نظر آیا اور یکایک موقوف ہو گیا یا ۵ منٹ کے بعد ایک نہایت زور کی آواز سننے میں آئی اور کوئی چیز آگ کا بھرا ہوا نظر آیا اور دریا میں گر پڑا۔ اس وقت بھی ایسی آواز ہوئی۔ اسی طرح کرپٹی کے قریب بھی کئی مرتبہ لوگوں نے دیکھا اور ایک دفعہ یہ روشنی پتھر پر گری تو اس کو ریزہ ریزہ کر دیا۔ سنا ہے یہ گرہ زمین کی علمی ہے۔

گیارہ برس کی نیند۔ ٹینیسی میں ایک عورت اپنے ناجائز بچے کے مارنے میں ماخوذ ہونے کے خوف سے کسی مقام میں چھپی ہوئی تھی اور دہاں خوف سے یا ضعف سے اسے غشی کی سی کیفیت طاری ہو گئی۔ چند روز تک اس کا چرچا رہا۔ پھر لوگ بھول بھال گئے۔ گیارہ برس کے بعد اب وہ عورت سوتی ہوئی پکڑی گئی۔ چہرے کی رنگت ضعف کامل مردے کی طرح ہے جسم بالکل سرد۔ دل کی حرکت اس قدر ضعیف ہے کہ بہت دقت سے معلوم ہوتی ہے۔ بدن سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہے۔ سوا گوشت کے کچھ باقی نہیں۔ وقتاً فوقتاً آلات کے ذریعہ سے دودھ اس کے معدہ میں پہنچایا جاتا ہے۔

غشی کے کرشمے۔ برسٹل میں ایک عکاس کی دکان پر ایک شخص آیا۔ عکاسی کی تصویر پسند کی اور اس سے اس کا نام و نشان دریافت کیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ تصویر خریدنی اور اس کے علوم کرنے کو اشتہارات دیئے اور بہت کوشش بے سود کی۔ تمام عمر اس نے شادی نہ کی۔ اور پانچ برس ہوئے جب انتقال کیا۔ چار ہزار روپیہ اس گم نام لیڈی کے لئے وصیت کر گیا۔ اگر سات برس کے اندر اس کا پتہ لگ جائے تو اس کو دیا جائے۔ اس کے علاوہ وہ بھی روپیہ اس کی تلاش میں خرچ کرنے کے لئے الوگوں کو دے گیا۔

خبر

ایک شخص نے اپنے ہمسایہ کے گھر میں جا کر اس کی بیوی کو مارا۔ اس کے شوہر نے اس پر نالش کی۔ مجسٹریٹ نے مدعا علیہ سے پوچھا "تم نے اس کی بیوی کو کیوں مارا؟" اس نے جواب دیا "میں نے نہیں مارا۔ میرا ہاتھ مارا ہے"

مجسٹریٹ "ہاتھ کو سزا دی جائے گی"

مدعا علیہ "ہاتھ میرے جسم کا حصہ ہے"

مجسٹریٹ "تو تم کو سزا ملے گی"

مدعا علیہ "میں نے کہا نہ میرا ہاتھ مارا ہے"

مجسٹریٹ "ہاتھ کو سزا ملے گی"

مدعا علیہ "ہاتھ کو سزا ملے گی تو میرا ہاتھ کاٹ لیجئے"

مجسٹریٹ "ہاتھ کاٹنے کی سزا نہیں ہے"

مدعا علیہ "تو پھر ہاتھ کو سزا کیسے ملے گی؟"

مجسٹریٹ "ہاتھ کو سزا نہیں ملے گی۔ تم کو سزا ملے گی"

مدعا علیہ "میں نے مارا نہیں۔ ہاتھ نے مارا ہے"

مجسٹریٹ "ہاتھ تمہارا ہے"

مدعا علیہ "ہاتھ میرا ہے۔ مگر میں نے مارا نہیں"

مجسٹریٹ "تم نے ہاتھ سے مارا ہے"

مدعا علیہ "ہاتھ سے مار

تندرستی ہی دنیا کی بادشاہت ہے

محبت۔ عزت۔ دولت اور حکومت سے اکیاعت بھی دلکو خوشی نہیں ہو سکتی جب بیماری ہو

آپ عرصہ سے ملاحظہ فرماتے ہیں کہ مینیجر کبھی خاص و عام کے خطوط (جنمیں وینیریل امراض کا ذکر ہو) بطور سرٹیفکیٹ شائع نہیں کرتا کیونکہ ایسی ناشایستہ اور خلاف تہذیب حرکت عقلاً بیہودہ اور قانوناً جرم ہے۔ اگرچہ یہ پریکٹس آج کل خوب ترقی پذیر ہے اور چند ناعاقبت اندیش اسپر مفتخر ہیں۔ مگر سلیم العقل اشخاص ایسے فعل کو بنظر حقارت دیکھتے اور نہایت قبیح خیال کرتے ہیں۔ ہماری غرض آپکی سچی خدمت کرنے سے ہے نہ آپ کی پردہ افشائی سے۔ الحمدللہ کہ آج تک ایسا ہی ظہور میں آیا۔

پس اب ہمنے ان اشخاص کی تسلی کیواسطے (جنہوں نے اکثر لغو ادویات پر اپنا روپیہ ضائع کیا ہوگا اور نئی خریداری سے خائف ہونگے) آیندہ ہر ایک پارسل کے ہمراہ قسم کا چھپا ہوا فارم روانہ کرنے کا انتظام کیا ہے۔ خدانخواستہ اگر ہماری دوائی سے فائدہ نہ ہو تو اس قسم کے فارم کی حلفاً خانہ پوری کر کے ارسال کر دیں تو قیمت بذریعہ منی آرڈر واپس کیجائے گی۔ ہر ایک بیماری کی بوجہ اور موجودہ تکالیف کی مفصل اطلاع دینی چاہیئے۔

آتشک کی پڑیاں	جدید آتشک کا علاج ۴۸ پڑیاں	عدد	۴
مرہم دافع آتشک	آتشک کے زخم پر لگانیکے واسطے شیشی	عدد	۴
عرق مرکب	فساد خون و زہر تعصبی آتشک گنٹھیا خارش کیواسطے شیشی خورد	عدد	۴
		عظیم شیشی کلاں	ملے
عرق دافع سوزاک و قرحہ	اندرونی استعمال کے واسطے شیشی		ملے
دوائی پچکاری ای سوزاک	سوزاک کے کیورٹیو انجکشن پچکاری کے واسطے		۱۴
دوائی پچکاری ای قرحہ	سوزاک کے کیورٹیو انجکشن پچکاری کے واسطے		۴

روغن دافع ورم مفاصل و درد عصبی	بیرونی مالش کے واسطے شیشی		۴
عرق طحال	تلی کیواسطے خوراک	عدد	۴
			ملے
اسپیشر یہ پلز	دافع کثرت احتلام جریان منی	۴۰ گولی عدد	۸۰ گولی
			ملے
ایفرڈونیاک مکسچر	مقوی معدہ۔ دافع ضعف اعصاب۔ ضعف دماغ و رعشہ۔ فی شیشی۔		ملے
نروائٹ ٹانک پلز	علاج نامردی و کم طاقتی کمزوری ۴۰ گولی۔		۴
کاف مکسچر	نزلہ و زکام کا اعلیٰ علاج فی شیشی		۴

بچوں کا پیٹنٹ علاج	جاڑے خشک پرگانے کیواسطے		۴
بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل	دماغ اور بینائی کو طاقت ایک چھٹانک		۱۲
ڈائیریہ پوڈر	دافع اسہال و پیچش جو پرہیزی کے باعث ہو		۱۲
کیوفار استھما	ضیق النفس دمہ کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی۔		۴
کالرا کیور	ہیضہ کا علاج ہر دو قسم کو اس دوائی کا گھر میں موجود رکھنا لازمی ہے فی شیشی		۱۲
عرق کونین	بخار کی دنیہ کا سستہ علاج		۴

المشتہر

محمد امام الدین مینیجر ڈکٹوریہ کیمیکل ہال بازار امرتسر (پنجاب)

دواخانہ شفاء

حکیم خیر الدین رحیم بخش

گولڈ میڈلسٹ گورنمنٹ پنجاب و ایڈورڈ میڈلسٹ

کے صدر اور ڈنر میں خریدار ہے

پرچہ ترکیب استعمال ہر دوا ارسال خط ہوتا ہے

پندرہ شہادتیں بطور مشتے نمونہ خروارے

جناب خان بہادر ڈاکٹر سید میر شاہ صاحب ایل۔ایم۔ایس اسسٹنٹ سرجن پروفیسر میڈیسن گورنمنٹ کالج لاہور (ترجمہ از خط انگریزی ۲۰ جولائی ۱۹۰۵ء) میں تصدیق کرتا ہوں کہ میں نے رحیم نزدین ٹانک بڑی کثرت موقعوں پر مریضوں کو دیکر تجربہ کیا۔ معلوم ہوا کہ یہ گولیاں نہایت مفید ہیں خصوصاً ضعف باہ اور اعصاب کے لئے میرے اتنا تیر ہونے کے علاوہ فائدہ میں دیر پا ہیں۔

جناب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ صاحب اسسٹنٹ سرجن ترنتارن ضلع امرتسر۔ آپکی تیار کردہ گولیاں برائے تقویت باہ و دماغ میں نے اکثر مریضوں کو دیکر تجربہ کیا بہت مفید پائیں۔ درحقیقت باہ و دماغ کے لئے عمدہ گولیاں ہیں

جناب ڈاکٹر بلی رام صاحب انچارج شفاخانہ ہماری ضلع امرتسر۔ آپ کا تیار کردہ سفوف تریاق آتشک کے مریضوں کے لئے بلا تکلیف فائدہ مند ثابت ہوا۔

جناب ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ نارتھ ایسٹرن ریلوے۔ میں نے آپکے اشتہار کو دیکھکر دوائی خضاب اور عرق دافعہ سوزاک مختلف مریضوں کے لئے منگوایا خضاب کا استعمال کیا مجرب ہے اور عرق دافعہ سوزاک بارہا بہت سے مریضوں پر آزمایا گیا۔ میرے تجربہ میں بہت ہی فائدہ مند اور مفید ثابت ہوا

جناب بابو متھرا داس صاحب ہڈ ماسٹر از مقام کانپور (۱۴ ستمبر ۱۹۰۵ء) آپکا سفوف تریاق ایک آتشک کے مریض کو دیا گیا اسکو جسقدر فائدہ ہوا کہ درد اعضا بالکل کم ہے۔ پھنسیاں وغیرہ جو تھیں وہ بالکل اڑ گئیں۔

جناب لالہ الیشر داس صاحب اورسیر آف بنگال ریلوے (۷ جون ۱۹۰۵ء) (اتحہ) آپ کا خضاب بعد استعمال نہایت عمدہ پایا۔ جس قدر لیبل کروں بھیجا ہے۔ ہمیشہ عندالضرورت آپ کو تکلیف دیا کروں گا۔

جناب جی ایچ پرائس صاحب ہیڈ سپرنٹنڈنٹ سٹی پولیس امرتسر۔ (ترجمہ انگریزی) مہر اپریل ۱۹۰۵ء۔ براہ مہربانی ایک اور شیشی عرق کہانفی کی جسے کہ چھوڑ کر دو روز ہوئے آپ سے لی تھی بھیجدیں اس سے مجھکو اور میری فیملی کو بہت فائدہ ہوا۔ میں اب اور کسی دوائی کا استعمال نہیں کرنا چاہتا۔

جناب لالہ منا لال صاحب ڈپٹی انسپکٹر از مقام تھانہ ٹوشام ضلع حصار (۱۴ اپریل ۱۹۰۵ء) درد شیطلی خضاب ارسال جناب پہنچا۔ استعمال کیا دراصل مجرب ہے اور مجکو ہمیشہ کے لئے اس کا استعمال منظور ہے۔ دو شیشی اور ارسال فرمادیں۔

جناب نواب رضا علیخاں صاحب قزلباش ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس ریاست دہر میو ملک گجرات۔ سابق اسکے ایک عجمی جب باہ پینے جیسم نزدین ٹانک پڑھی از راہ مہربانی دو ڈبی اور چیز دائسطے روانہ فرمادیں۔ واقعی یہ گولیاں روشنائی چشم کے واسطے عمدہ ہیں۔

جناب خلیفہ عبدالرحیم صاحب از نیلی چہاونی کیمبل آلمٹ ملیٹری (۱۴ جون ۱۹۰۵ء) آپکی شیشی عرق طلاق بذریعہ ولیو پے ہمیں ارسال فرمادیں سابقہ بھی آپ سے منگایا گیا تھا نہایت مجرب پایا۔

جناب غلام علی صاحب از عمادپور ضلع انبالہ۔ آپ کی دوائی اکسیر منشہ سے مجھکو بڑا فائدہ ہوا۔ ایک شیشی کلاں اور مرحمت فرمایئے۔

جناب منشی لعل صاحب محرر شوالیاں ضلع گرم گنڈ ریاست پٹیالہ۔ آپ کے عرق سوزاک سے میری ایک دست کو کلی فائدہ ہوگیا۔

جناب پنڈت موہن لعل صاحب منصرم عدالت قصبہ سنش نج بہادر از مقام بریلی مجھکو آپ کی جب ڈیابیطس نے بڑا فائدہ دیا ایک بکس اور ارسال فرمایئے۔

مشتہر شیخ خیر الدین رحیم بخش سوداگران کٹرہ گھنیاں۔ امرتسر ملک پنجاب

دواخانہ شفاء الملک حکیم محمد حسن قرشی وغیرہ لاہور

بفضلہ تعالیٰ یہ کارخانہ ۱۸۷۶ء سے برابر کامیابی کے ساتھ جاری ہے اور یہ شرطیہ تا حصول صحت ادویات بھی دی جاتی ہیں۔ مندرجہ ذیل ادویات کے علاوہ ہر ایک قسم کی

جوب خیری

الی گولیوں نے کثیر الفوائد اور سریع التاثیر ہونے میں جس قدر شہرت ہندوستان کے سرکاری اضلاع اور دیسی ریاستوں میں شرق سے غرب تک اور جنوب سے شمالی تک حاصل کی ہے اپنے استعمال کی عام سفارش کی ہے (۱) ہر قسم بخار کی حفظ صحت کی شرطیہ ضامن (۲) عام جسمانی کمزوریوں کی دافع اور مقوی بدن (۳) اعصاب کو طاقت و تندرستی۔ سرعت انزال۔ خوابِ منی کثرت احتلام کو دور کرنیوالی (۴) جانی کی غلط کاریوں اور بے اعتدالی کے نقصانوں کی مزیل (۵) کثرت مجامعت اور دیگر خواہش سے ناکارہ شدہ نوجوان کی معین (۶) مدرسے طالبعلم اور سکول ماسٹروں اور استحان کے امیدواروں۔ وکلا اور عام معاملہ کرنیوالوں کے دماغ کی خادم (۷) پیران ہشتاد سالہ کے ضعف اور اعضاء کیواسطے عصاکبیری۔ فی بکس ۴۸ گولی عہ

روغن طلا

کمزوری اعصاب کیواسطے جوانی کی غلط کاریوں سے ہوا کرتا ہے اگر جوب خیری کا استعمال کیساتھ ہر قوت مل فائدہ تھوڑی فی شیشی (عہ)

عرق طحال

تلی کیلئے نہایت مفید۔ ملاک الطحال میں کثرت سے اسکا استعمال ہوا ہے پرانی بیماری کیجاتھ میں عرق اور جوب خون استعمال کریں قیمت فی شیشی عہ

حب ذیابیطس

پیشاب کا بار بار آنا۔ تشنگی لاغری بدن اعضا کمزوری کے فیصہ میں بیظیر ثابت ہوئی ہے۔ قیمت فی بکس ۲۰ گولی ضمہ

حب قبض کشا

قبض کیلئے نہایت سریع فائدہ پہنچنے والی ہیں۔ بکس ۲۴ گولی ۱۲ر

روغن و جوب برائے دفع المفاصل

روغن ملنے کیلئے عہ جوب کھانیکے لئے عہ ر

روغن درد کان

کان بہتی ہو یا خشک قے کرتا ہوا ایک قطرہ ڈالنے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے اور پھر درد کبھی نہیں ہوتے یا قیمت فی شیشی (۱۰)

جوہر عشبہ

ہر قسم کے امراض مزمن کیواسطے نہایت مفید ہے۔ آشنگ (خواہ کسی قسم کا ہو) خارش۔ درد گنٹھیہ پھوڑا پھنسی سوزاک حلی۔ ضعف معدہ۔ درد اعضا (جو کہ شتہ پارہ وغیرہ کے استعمال سے عارض ہو) فساد خون۔ داد۔ بدہضمی۔ خارش چہرہ یا بدن کا سیاہ ہو جانا وغیرہ آپ ایسی اجزا شامل ہیں کہ صفراوی اور سوداوی طبیعت والوں کے لئے مفید پڑتا ہے اور لطف یہ کہ خوش ذائقہ و لذیذ ہے تیار شدہ عرق عشبہ کی نسبت قیمت میں اور ذائقہ اور فسلید مالین رہیا۔ قیمت فی شیشی کلاں ۴ خورد عہ

روغن دافع سوزاک و قرحہ

اس سے ۲۴ گھنٹہ کے اندر جلن۔ پیپ پیشاب کا بار بار آنا بند ہو جاتا ہے اور ہفتہ کے اندر صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے قیمت بہت کم فی شیشی۔ عہ

پکٹورل بام

کہانسی خشک تر اور کالی کہانسی نزلہ۔ زکام۔ سینہ آشنگ بیٹھ جانا غیر امراض کیلئے ازحد مفید ہے قیمت شیشی خورد ۱ر کلاں ۲ر چھوٹا عہ

حب بواسیر

خونی ہو یا بادی دائمی قبض مسوں کے درد کو بہت جلد فائدہ ایکہفتہ میں صحت کلی ہو جاتی ہے فی بکس ۳۶ گولی۔ قیمت ۴ر عصب

حب ممسک

ان سے ضعف یا قبض نہیں ہوتا فی گولی (۴ر) فی بکس ۱۵ر

حیات پوڈر

درد گردہ۔ یرقان۔ درد کمر بالخصوص درد گردہ کا دورہ دور ہو جاتا ہے قیمت فی شیشی۔ (عہ)

سرمہ خیزی

حالہ۔ دُھندہ آشوب چشم۔ پھولا۔ سرخی وغیرہ وغیرہ عوارضات چشم کیلئے اکسیر حکم رکھتا ہے۔ رطوبات عامہ کی فلاحیت کر دیتی ہے قیمت فی تولہ (۴)

مرہم خارش

خشک ہو یا تر سہ روزہ استعمال سے دور ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲

منجن دانتوں کا

دانتوں کے فوائد اور انکی ضرورت کا ہر ایک قابل سواک کے ہمراہ استعمال کرنے سے عام بیماریوں خون بہنا ہو دانت ہلتے ہوں۔ درد کرتے ہوں وغیرہ وغیرہ سے بچا رہتا ہے بڑی خوبی یہ کہ دانت موتی کی طرح خوبصورت اور مضبوط ہو جاتے ہیں اور کرم خوردہ دانتوں کو صحیح ہے قیمت فی بکس (۲)

بخار نوبتی عرق

ملائی عرق ۱۸۸۷ء سے ایجاد ہوا ہے چار خوراک سے تپ دور ہو جاتا ہے ایک شیشی چار خوراک کو کافی ہوتی ہے قیمت فی شیشی ۱۲

سارٹیفکیٹ

ادویات بخلافیت مل سکتی ہیں۔ ہر ایک فرمائش کی تعمیل بذریعہ ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی۔ محصول ڈاک کمیشن وغیرہ بذمہ خریدار ہوگا۔

از مقام ہوشیارپور علاقہ پٹیالہ ۱۰ جون ۱۸۹۴ء) جناب رائے صاحب ڈاکٹر لیس بہادر عطر سنگھ صاحب اسسٹنٹ سرجن پارسل ایک بکس جوب خیری راقم نے آپ سے منگوایا تھا اسکے میرے ایک دوست کو انفلوئنزا ہو گیا تھا اب میرے ایک عزیز کو غلط کاری دستانی کی وجہ سے ایک بکس کی اور ضرورت ہے لہذا ایک بکس بہ تعجیل قیمت ۱۲ کی آپ بذریعہ وی پی روانہ فرمائیں۔ دانتوں کے بہار میں حسب قیمت ۱۲ کی آپ بذریعہ وی پی روانہ فرمائیں۔ دانتوں کے بہار میں حسب قیمت ۱۲ کی آپ بذریعہ وی پی روانہ فرمائیں۔ اور تجربہ سے نتائج لکھوایا جاویگا۔

از مقام جیتھ ہوشیارپور ڈاکخانہ ڈاکخانہ ساور ضلع امرتسر حال رخصتی ساور ۱۲ جون ۱۸۹۴ء جناب ہورال صاحب پوسٹماسٹر آگے آپکی دوا منگوائی اس سے میرے دوست کو فائدہ ہے مہربانی کر کے ایک ڈبیا جوب خیری بھیجی ڈیڑھ روپیہ بذریعہ ایک روپیہ کی گولی مسک بھیجی فی گولی دو آنہ اور دو روپیہ ۱۵ کی بجائے وی پی پارسل کے روانہ فرماویں۔

از مقام تھانہ والی ڈاکخانہ گھوڑا نوالہ ضلع جہلم جناب عبداللہ خان پٹواری ۱۴ جون ۱۸۹۴ء آنریبل جناب حبیب خیری اور مرہم عیسیٰ جو آپ سے منگوائی تھی استعمال سے فائدہ ہوا ہے میری ایک بہن دوست کی آنکھوں کا درد کافی ہے بھیجنا بھیجیں بذریعہ وی پی ایبل ایک روپیہ کا سرخ خیری بھیجنے صدر رسال فرماویں۔

از مقام سارن ملک سنگال ۱۵ جولائی ۱۸۹۴ء جناب سید محمد شیخ صاحب ڈاکٹر اسسٹنٹ سرجن ایک شیشی عرق طحال ہمراہ بھیجنا ہے حلد مرحمت فرماویں کیونکہ آپکے عرق طحال سے بہت فائدہ ہوا ہے۔

حاذق یونانی شیخ نظام الدین حکیم

...زرگ کے ۳۰ سال قریبات متواترہ سے کثر امراض کے معالجہ سے محض فضل ... کمال حاصل ہوا ہے اور نہ انسانی حیات مستعار سب قابل اعتماد ... ضروری سمجھ کر کہے انہی پاک پروردگار کے الطاف بیشمار کا اظہار ہے اور نہ ... کا اقرار ہے کہ خالق تمام امراض الادویہ ہر مرض کیواسطے دوا اور ... اور مطلقاً فرمودہ قرینہ کا نہ ہونا یا احتیاط کامل استعمال دوا میں غلط ... لاحقہ جسمانی زوجین سے پیدا ہوں ان امراض امراض طرفین کے ... ج کہ اس کریم نے مرد و عورتین کو ایسی حالت میں کہ بچہ ہو ... کا انتظام ہے جسقدر نحوست کا تجربہ ہوا ہے وہ کردن بیا ... شیئہ کہنا اولیٰ نہیں ممبادا چونکہ اکثر امراض مادر و رسوبات کا ... ہیں کہ اس معالجہ شرطیہ کو بلا شرط بھی کر دیا جائے ...

عام کے لئے فیض عام ہو جائے اشتہار معالجہ بطریق سادہ مشتہر ... جس کو ہر شخص حسب پسند خاطر خواہ علاج کرا سکتا ہے۔ عزیزم مکرم ... خرچ مندرجہ ذیل ہے مگر ہدیہ دار عازم خرچ دو چند ہے باحر ... اور فائدہ اٹھائیں شرط یہ ہے کہ ایک تنخواہ یا آمد ایکماہ دو ... کا حق الخدمت سپرد ہے اور نہ واپس کیا جائے شرطیہ مالیہ ... ہو چند تنخواہ یا آمد دو ماہ لکھدی جائے شرط اولاد ہونیکے ... بھی ایسے والد جو شخص اس امت خدا اور سوء ... کہا جائے اگر نہ ہوا تو صحت پانے ... اور غیرہ ہم دیکھ کر بھی یقین کامل نہ آئے تو ... شرط کامیابی اولاد ہونے کے واجب الوصول ... کر نامہ ابد جو ہے شہادتی شرطیہ خواہ ... فائی ہو پیچھے پچھتاؤ گے ہاتھ ملتے رہ جاؤ گے اولاد کا ... بنا قام محل کب لاکھوں سے انسان نہیں ہو اگر اولاد نہیں تو مال ... گھر اس لعل بے بہا سے سونا نہیں کیا ... ہتر نہیں ۔

... ہے کہ جس میں ضرر نہیں ۔ گناہ بے ثمر ہے کہ جسکا ثمر نہیں

امراض شرطیہ مندرجہ ذیل

نمبر	نام مرض	نمبر	نام مرض	نمبر	نام مرض
۱	جریان	۱۳			
۲	غلط کاری	۱۴			
۳	گنٹھیہ	۱۵			
۴	سفیدی آنکھ	۱۶			
۵	ضعف بصر	۱۷			
۶	سل	۱۸			
۷	نقوہ	۱۹			
۸	بواسیر	۲۰			
۹	کاسور	۲۱			
۱۰	بواسیر خونی	۲۲			
۱۱	ذیابیطس	۲۳			
۱۲	ضعف ہضم	۲۴			
۱۳		۲۵			
۱۴		۲۶			
۱۵		۲۷			
۱۶		۲۸			
۱۷		۲۹			
۱۸		۳۰			
۱۹		۳۱			
۲۰		۳۲			
۲۱		۳۳			
۲۲		۳۴			
۲۳		۳۵			
۲۴		۳۶			

حاذق الدین حکیم یونانی امرتسر بازار کیوری ...

پسندیدہ اخباری رائے

...

کروائرز فیزنز کی مشہور عالم جیبی گھڑیاں

ان کی وضعداری ان کی پائیداری اور ارزانی قیمت اور خوبصورتی ان کی دن بدن زیادہ ہر دلعزیزی کا کافی ثبوت ہیں ہندوستان میں ہر ایک گھڑی فروش سے ملنگی گھڑی پر اوپر کا لکھا ہوا نام ہونا چاہیئے ورنہ نقلی ہوگی ہندوستان میں ایجنٹ کمپنی اینڈ کمپنی لمیٹڈ میڈرسٹریٹ روڈ ہیں ۔

اور پنجاب میں اس کے علاوہ سب قسم کی گھڑیاں علی سنگھ برادران ... نوٹ گرام امرتسر کی دکان سے ملتی ہیں مفصل فہرست قیمت انگریزی ... اردو ایک پیسے کا کارڈ بھیجکر منگوا کر ملاحظہ فرمائیں اور ہر ... ارزاں فروشوں سے محتاط رہیں پتہ یاد رکھنا چاہیئے خریدار ...

اشتہار نیلام لکڑی

واقعہ ۲۴ نومبر ۱۹۰۸ء بروز سنیچر بوقت ایک بجے دن کے ... چوب سرکاری شاہدرہ میں قریب بیس ہزار مکعب فٹ لکڑی ... قسم دیودار کیل چرائی شدہ متلاً سلیپر دیودار جرکار آمد ... ہیں) و دیگر قسم سلیپر دیودار سلیپر کیل و لکڑی بالن قسم دیودار کیل وغیرہ ... نیلام ہوگی جسکو خریداری منظور ہو تاریخ و وقت مقررہ پر حاضر ہو کر ... بولی دیوے ۔ الراقم ۱۰ نومبر ۱۹۰۸ء

مشتہر آر ای ایل ۔ مکنٹاش صاحب بہادر کنسرویٹر جنگلات ... ڈویژن

مرقع عجم

... قصۂ اہل ایران سے حضائل معلوم کرنے میں مائل دیدہ ... ترکمان و افغان و عرب و ترک و فرنگ و غیرہا اقوام شمائل و خیالات و عادات ... نہایت ظرافت و رنگینی سے بیان کئے ہوئے ہیں عبارت مقتضی صحیح ... معنی ہونے کے علاوہ اردو الفاظ پر صاف و ضرب الامثال کا مجموعہ ... ہے کہ مکرر سیر پڑھنے سے انسان کو سیری نہو لطف مطالعہ پر موقوف ہے ... کاغذ عمدہ طبع عمدہ قیمت معہ محصول دو روپیہ چار آنہ

حصہ اول نقیحات باقری

... عمدہ مصالح زنانہ و مردانہ ... معہ فرہنگ قیمت معہ محصول ...

مرقع نیچری

اردو نثر مکرر ... نیچریوں کی تاریخ ہے قیمت مجلد ...

رسالہ ثبوت کرت ازدواج

... اس میں حکمائے عقلاء ... کے نزدیک ایک سے زیادہ عورت سے نکاح کرنا مرکب فطرت ... کیسی ہی نہیں ہے قیمت مجلد ... کتب مذکورہ بذریعہ ویلیو پی ایبل ...

اے مرغ سحر عشق زپروانہ بیاموز * کان سوختہ را جان شد و آواز نیامد + این مدعیان در طلبش بے خبرانند * آن را کہ خبر شد خبرش باز نیامد + یہ ہفتے مونہ از طرفدارے انگریزی مصنفون کی غلط بیانیون کی نظیرین ہین۔ مگر ہمارے اہل ملک انہی مصنفون کی تحریرات کو سند پیش کرتے ہین اور اپنی پر زور تقریرون مین کو انکے رنگ آمیز فقرون سے جلا دیتے ہین۔ شیکسپیر کی تصنیفات والٹر سکاٹ کے ناولون بیکن کے مضامین کو تو حرز جان بنا کر کہین اور سعدی جامی اور امام غزالی کی تصنیفات کو ردی مین پہینکین۔ والد شیکسپیر کی ساری تصنیفات کو سعدی کے ایک شعر کے عوض بہی نہ خریدون ؎ شمع مردہ کجا شمع آفتاب کجا * شیکسپیر کی تو اب قدر ہونے لگی اور سعدی تو خود ہی پیشین گوئی کر گیا۔

سے بچہ کار آید دگل بستنے۔ از گلستان من ببر و رستے * گل ہمین پنج روز و شش باشد * این گلستان ہمیشہ خوش باشد

مین نے یہ چند ایک نظیرین بطور نمونہ پیش کی ہین اور ان مصنفون کی غلط بیانیون کی تردید کا ارادہ کیا۔ انشاء اللہ فرصت ملی تو واضح طور پر انگریزی مصنفون کی افترا پردازیان انکی جائینگی۔ مگر اسوقت میری اہل ملک سے یہ التجا ہے کہ وہ آنکہین کہولین اور انگریز مصنفون کی راؤن کو نہ دہرائین تسلیم نہ کرتے جائین۔ انکی غلطیون کی جانچ کرین اور انہین پیش کرین۔ کیونکہ اس سے نہ صرف ہمارا ہی فائدہ منصور ہے بلکہ انگلستان کا ہی فائدہ ہے۔ ہم سے بہتان منع ہونگے اور انکے خیالات فاسد رفع ہونگے * راقم۔ محمد دین۔ بی۔ اے کلاس مشن کالج لاہور

انتقال پُر ملال

کیا ماجرا کہ ہین کہ تاب تم نہین * ہین نالہائے صور جریر قلم نہین

ہے ہے کیا سانحہ جان گزا ہے۔ اُف اُف کیا حادثۂ روح فرسا ہے کہ ۲۶۔ اکتوبر جمعہ کو نالہ پرمیشری سہائے صاحب بی۔ اے سابق ہیڈ ماسٹر ہیملن سکول لاہور جو علمی اور اخلاقی لیاقتون مین اپنی نظیر آپ ہی تہے۔ اٹہتی جوانی مین اس دنیائے فانی سے رہگرائے عقبیٰ ہوئے۔ سکول کے بچے بچے کا دل جوانمرگ الفت سے باغ باغ تہا۔ اب ہجرت سے داغ داغ ہے۔ دعا ہے کہ خدائے وہاب العطایا انکے نونہال خوانون کو صبر عطا فرمائے۔ اور آن مرحوم کو سعید ہی بہشت کی راہ دکہائے۔ آمین ثم آمین

آن نوبہار گلشن کون و مکان برفت * بر باد رفت باغ ماند و خود از بوستان برفت

او از جہان ببرد و جہانے ازو ببرد * جان جہان بشد چو آن جہان جہان برفت

برقامت کشیدہ غلافش کہ کاہ شد * آتش کشان کشان بسر کہکشان برفت

از چشمہائے خون فشان جہانیان * حقابہ بحر قلزم این ہندوستان برفت

آن آسمان زمین چو بزیر زمین بشد * و احسرتا بزیر زمین آسمان برفت

از ماہی تا بماہ ہمہ درد و آہ نام * آن آہ را رسا بسپہر زبان برفت

حیف آن مہ زمین بمہ چرخ داغ داد * خورشید اگر نشد آن خود پنہان برفت

بود آن فلک جناب ازان بر فلک شد * نے بوفا کسار ازین خاکدان برفت

منشی بفکر سال وفاتش ہے گر بست * ناگہ زدل برآمدہ و بر زبان برفت

۱۰۳۱ + ۳۰۰ + ۳۴ + ۱۰۴ + ۴۴ + ۵۴ = ۶۰۹

دنفکر دل بنیم دم و جان شد چہ گو بہت * از رفتن اش جہا ہین ناتوان برفت

آن ۵۹ جہان ۵۹ برفت کہ در جستجوئے او * بر آسمان نالہ و آہ فغان برفت

بخشیدہ ثبات اکرم کن نبات زانکہ * صبر از برفت کوکب و پیر جوان برفت

با فقر و بے مرام شد اندر رضا مخلد * پر میشری سہائے چو زباغ جہان برفت

منشی رام منشی ٹیچر انچیسن سکول ۱۹۰۶

انعامی سوالات حل طلب

مندرجہ ذیل سوالات کے سب سے عمدہ اور صحیح حل کرنے والے دو شخصون کو پورے چار ہفتہ بعد ایک انعام دو روپیہ کا اور ایک ایک روپیہ کا دیا جاویگا۔

۵۔ فردوسی نے شاہ محمود کی تکمیل کی مذمت مین جو شعر ذیل شاہنامہ مین لکہا ہے اسکا مطلب کیا ہے۔ کف زنان محمود علی تہا۔

۴ اندر نہ آمد سہ اندر چہارہ * ۱ ایک دو سے بن چہ ام ہین جو ۲۔ ۳۔ ۴۔ ۵۔ ۶۔ اومیون پر تقسیم کئے جانے کے بعد ایک باقی رہتا ہے۔ لیکن ۷ پر پورے تقسیم ہو جاتے ہین۔ تعداد اصول کی کیا ہوگی

حضرت مرزا صاحب سلام کہتے ہیں ایسی بیہودہ اور فاش غلطیاں جاتی ہیں کہ عجب آتا ہے کہ انگریزی مصنف کیسی دلیری سے ان بیاد واقعات کو پیش کرتے ہیں اور انکے زود اعتقاد اہل ملک بی خوشی سے ان براعتبار کلی دھرے ہیں۔ دروغ گو کم بر روئے ان کی تصدیق انگریزی مصنفوں کی غیر محققانہ اور غیر تحقیقات سے پوری پوری ثابت ہوتا ہے۔ اصل بھی نہایت کہ انگریزی مصنفوں نے کہا ہے اس سے صاف صاف ہے کہ انہوں نے کس قدر پھیڑا اسکے اصول کو سمجھا اور ہیں نے یوں کے ذہن میں کیسے ناجائز نصب دیا اور ہوئی سے کام لیا ہے۔ بلا کوئی شخص یہ قیاس کر سکتا ہے شخص جسے عربی زبان سے ذرا بھی مس نہ ہوا ہو جو چیز اسلام کے مخالف خیالات کا حامی ہو اور جسکے معاملات کا بھروسہ صرف ایک آدھ تواریخ ہو وہ باقی اسلام کی سوانح عمری سکے یا گرے سے عربی کی شد بد بھی ہو؟ کیا یہ ممکن ہے کہ وہ کتاب کا ترجمہ لکھ سکے جب کہ اس کا یہ بین ورمایہ ہوگا کہ وہ ارکان اسلام پر نکتہ چینی کرے تو اسلام کے کاس کے ہاتھ میں اس قدر زور لگانا پڑیگا۔ عموماً یہ خیال کیا جاتا ہے کہ مسلمان جو قرآن مجید کے ترجمہ کرنے سے ہچکچتے ہیں۔ تو اسکی وجہ یہ ہے وہ اپنی عیوب کو ایک غیر زبان میں ڈھانپنا چاہتے ہیں ہیں قرآن مجید کا ترجمہ ہونے سے کچھ علاقہ نہیں۔ ہاں یہ خیال رکھنا ترجمہ ایک زبان کے خیالات کو ایک دوسری زبان میں کرنا ہوتا ہے جس سے کہ مطلب کا پورا پورا اسلوب ادا ہو اور کے ہوئے اصل کتاب کی خبر نہ پڑے۔ وہ کتاب کرنے عرب کے فصیح اور بلیغ رکیک ہو سکے تو ایک سے چھوٹی آیت اس جیسی بنانے لاؤ اور اس چیلنج کا کوئی جواب دینے والا نہ ملا تو بادہ کلام ہی انگریزی جیسی کے لحاظ سے جیسی کم ظرف زبان میں کہاں ادا ہو سکتا ترجمہ اگر کوئی مسلمان ہی جسنے اصل کو سمجھا ہو جسکے دل میں اس نے اپنی کو محکم کر متمکن کیا ہو اور اس کو اپنے افضل و اکرم سے ممتاز کیا ہو ایسا صاحب دل لاؤ اور ہم تیار ہیں کہ قرآن مجید اس کے ترجمہ کو ہیں اور کہیں کو اس مہاک۔ کلام کو ہیں عربی سے کسی دوسری زبان میں منتقل کرنا ہم سے بہت نہ ہو سکے گا کہ ایک انگریز کے ترجمے پر اعتبار کریں یا کسی یونیورسٹی کی تعلیم یافتہ کے ہاتھ کو تسلیم کریں۔ جیب بھی رحمتہ اللہ علیہ سے کسی نے پوچھا کہ آپ قرآن مجید کا ترجمہ فارسی میں کیوں نہیں کرتے؟ فرمایا "ہم بھی استاد را دستہ ہیست" ہمیں ایک عربی دل کی ضرورت ہے۔ عرب کے رہنے والے کے دل کی نہیں بلکہ ایک عربی دل کی۔

بہادر عالم جسکا دل و جان زندگی سے دارد ہو رنگ جب صورت را ہوا سباب سے راہ ہم وہ ہیں کہ تصویر کو بھی خوش ہو جائیں۔ ہماری آنکھیں جمال حقیقی کی خوگر ہیں کے بعد جیں نہیں آتا ایک سے جب دو ہوئی ہیں ہیں! اسلئے رقصد پر جان ہیچ ہیں ہم ہیں مشتاق سخن اور اس میں ہیں ہیں ہی

۵۰ کے قریب گورکھے کام آئے اور یورپین اور دو ہندوستانی افسر مارے گئے۔ دو تین یورپین افسر اور کئی سپاہی مجروح ہوئے۔ دشمن کے مقتولوں میں وادی غیر۔ عبدالرحمن خیل اور محسود وزیریوں کے آدمی پائے گئے۔ کمیشن کی ہمراہی جمعیت کو کمک بھیجی گئی۔ لیکن سرحدی دشمن کی طرف سے دوبارہ مقابلے میں آنے کی کوئی توقع نہیں۔ تاہم قابل تحقیقات یہ امر ہے کہ آیا ان سرحدی وحشیوں کو ہم نے سچ مچ آزمودہ کیا تھا یا اُن اکثر حملوں نے بلاوجہ شورہ پشتی سے ہمارے جنگ آزمودہ اور قواعد دان افسروں اور فوج کو تہ تیغ کر دیا۔

کیا یہ خبر صحیح ہے کہ امرتسر میں گزشتہ دیوالی کے موقعہ پر ایک دربار منعقد ہوا تھا جس میں دیسی شرفا ایک طرف اور یورپین دوسری طرف نشست رکھتے تھے۔ مگر چند دیسی معززین دوسری طرف بھی جا بیٹھے کہ جہاں یورپینوں کی نشست تھی۔ لینگ صاحب ڈپٹی کمشنر نے پولیس سے کہ دیا کہ دیسیوں کو اِدھر سے اُٹھا دو۔ ایک دیسی نوجوان اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر نے وہاں بیٹھنے پر اصرار کیا جس کو ایک پولیس انسپکٹر نے زور سے پکڑ کر نکال دیا کہ جس پر اس بیچارے کی بہت دلگیری ہوئی۔ اور ایک دو سرے دیسی شریف کی جو آنریری مجسٹریٹ بتلایا جاتا ہے گاڑی کہیں بے موقع کھڑی تھی اُس کو دو گھنٹے کے لئے صاحب ڈپٹی کمشنر کی کوٹھی پر قید کیا گیا۔ اگر یہ صحیح ہے تو کیا ہز آنر اس کی کیفیت دریافت فرمائینگے؟

---

۲۹ ستمبر گزشتہ کو بٹالہ میں انسداد مسکرات کے لئے انجمن بنواہ عام قائم ہوئی جس کے قیام کا جلسہ ماسٹر رگھوناتھ صاحب بی اے نے مشن سکول کے احاطے میں منعقد کیا۔ بابو سنگھی صاحب ہیڈ ماسٹر ہائی سکول ثالثہ پریسیڈنٹ قرار پائے۔ صاحب سکرٹری نے خوشی کے ساتھ ظاہر کیا کہ انجمن کا تمام خرچ چھ ماہ کے لئے سردار بیتا سنگھ صاحب آہلووالیہ مالک کارخانہ نمبرے کا سرمہ نے نہایت فیاضی کے ساتھ ادا کرنا منظور فرمایا ہے۔ منشی محمد بخش صاحب تحصیلدار پریسیڈنٹ اور سردار بیتا سنگھ صاحب اور ڈاکٹر میراں بخش صاحب عطار وائس پریسیڈنٹان قرار پائے۔ ہمیں یقین ہے کہ عہدہ دار صاحبان خود تو استعمال مسکرات سے بالکل متنفر ہونگے۔

دیوان وارث اسلام۔ سید ناظر حسین ناظم جیسی نظم اردو موزون کرتے اور جیسی اُن کی طبیعت نظم کے لئے موزون ہے محتاج بیان نہیں۔ حال میں اُنہوں نے مرثیۂ سلام۔ رباعیات اور غزلیات منقبت پر مشتمل جو دیوان لکھا ہے اُسکی شمسی صاحب نقشہ نویس کنگسٹن پریس لاہور نے بصحت طبع کیا ہے اور قیمت ۱؎ اُنہیں سے مل سکتا ہے۔

تہذیب۔ منشی عبدالرحمن صاحب منشی رکوچہ لال کنہیا سوداگر لاہور نے یہ کتاب ۱۴۴ صفحے پر مضامین اخلاق و آداب و تصوف و شریعت پر مشتمل بغرض افادہ و صفائی باطن ناظرین تصنیف کی ہے اس میں حقوق العباد۔ وقت کی قدر۔ دنیا کی حالت۔ عیب جوئی کی مذمت۔ تجارت کا فائدہ۔ مسلمانان عرب اور ہند کی صنعت کا مقابلہ۔ قانون قدرت کی اطاعت۔ حفظ صحت۔ پردہ مستورات وغیرہ کئی ایسے مضامین مفید عام ہیں اور قوم کو ترقی کرنیکی ترغیب دی گئی ہے قیمت عہ

مراسلات

مرض سل اور اُس کے بُرے اثر

جناب ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔ ایک میڈیکل جرنل میں لکھا ہے کہ انسان سے بالتخصیص ہندوستان میں مرض سل کا اثر سب سے بہت بڑھ جاتا ہے۔ چنانچہ ایک شخص جو مرض سل سے بیمار تھا۔ اور بوجہ نہایت کمزوری کے کوئی طاقت کا کام نہیں کر سکتا تھا۔ اوسکے اقارب نے اوسکو مرغیخانہ کا نگہبان مقرر کر دیا۔ چند شخص دن بدن کمزور ہوتا جاتا تھا۔ اور بار بار بیمار ہو گیا تھا جسکو مرغیان وغیرہ کھا جاتی تھیں۔ چند ہفتہ بعد مرغیوں میں موت پہلی۔ آقا نے ایک مرغی کو لیکر شفاخانہ حیوانات میں بھیجدیا۔ ڈاکٹر ہوارڈ صاحب وٹیرنری سرجن نے معلوم کیا۔ کہ پھیپھڑے اور جگر میں بہت سے ٹیوبرکل وانمنڈ کے برابر ہو گئے ہیں۔ جنکا رنگ نہوڑ زردی مائل تھا۔ خود مرغیوں میں دیکھنے سے معلوم ہوا۔ کہ اوس میں بہت سے کرم موجود ہیں۔ اس بات کو سنکر آقا نے تمام مرغیان ذبح کروا ڈالیں اور ایک گہرا گڑھا کھدوا کر دفنوا دیں۔ اور مرغیخانہ میں واقعہ مغسولہ ادویہ چھڑک دیں۔ آفرین ایسے شخص کی ہمت پر کہ خلق اللہ کا نقصان گوارا نہ کر کے اپنا نقصان کیا۔ ورنہ اور آدمی ضرور مرغیوں کو بازار میں بیچ ڈالتا جس سے اکثر آدمی بیمار ہوتے۔ اس بات سے صاف ظاہر ہے کہ اس قسم کی بیماریاں حیوانوں سے انسانوں میں بھی آسکتی ہیں۔ اسواسطے میونسپل کمیٹیوں کو جنکا یہ خاص فرض ہے بڑا خیال رکھنا چاہیے۔ کہ حیوانات کی صورت جو کہ آجکل ہر ایک ضلع و تحصیل میں تبنیات ہیں۔ ملاحظہ ہوا کریں نیز گوالے اور حلوائی وغیرہ جو دودھ وغیرہ فروخت کرتے ہیں۔ اونکے بھی جانوروں اور دودھ کا ملاحظہ ہونا ضروری ہے۔ تاکہ وہ مبتلائے مرض جانوروں کے دودھ بیچنے میں احتیاط کریں۔ علاوہ اسکے ان لوگوں میں یہ ایک بڑی بیماری قباحت ہے کہ جس روز دودھ کم بکتا ہے تو اوس باسی دودھ کو دوسرے روز تازہ دودھ میں ملا کر بیچنا شروع کرتے ہیں۔ یا دہی جما کر کم قیمت پر فروخت کرتے ہیں غریب لوگ ارزان سمجھکر خرید کر کے استعمال میں لاتے ہیں اور مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اور بعض اوقات انہیں صورات سے ایسے متعدی امراض پیدا ہو کر پھیل جاتے ہیں۔ کہ جنکا بعد میں تدارک کرنا محال ہو جاتا ہے۔ پس ان امور کا انتظام اول حالات میں بدرجہ احسن تکمیل کو پہنچ سکتا ہے۔ کہ اگر ہماری لوکل سیلف گورنمنٹ پوری توجہ اسطرف مبذول فرماوے اور جب کوئی شخص مرتکب اس قسم کی بے احتیاطی کا ہو۔ تو اوسکو بغیر سزا دینے یا دلوانے کے چھوڑا نہ جاوے۔ تاکہ آیندہ کے لئے دیگر اشخاص کو نصیحت ہو۔ راقم۔ دعاگو کوٹورام وٹیرنری اسسٹنٹ

انگریزی مصنف اور انکی تحقیقات و اتفاقات

گر بلند بروز شہود چشمہ چشمہ آفتاب راچہ گناہ ۔ بدراست کہ چشم جہان بین کور بہتر کہ آفتاب سیاہ۔

پیسہ اخبار کے پرچہ ۱۸۔ اکتوبر میں ایک مضمون چیفنیاڈیلی میل کے درج تھا جس میں صاف طور پر یہ دکھایا گیا ہے کہ انگریزی مصنف جنکی تصنیفات بڑے اعتبار کی نظر سے دیکھی جاتی ہیں اور جنکی تحقیقات اور صحت واقعات پر بڑا وثوق ظاہر کیا جاتا ہے۔ بعض دفعہ کمی واقفیت سے ایسی ایسی بحث غلطیاں کر جاتے ہیں کہ وہ اتنی ساری عزت کو خاک میں ملا دیتی ہیں اور انکی حیثیت نظر دقیق بین میں ایک معمولی و قابل نگار سے زیادہ نہیں ہوتی ہوتا ہے۔ ہم مانتے ہیں کہ انگریز تحقیقات علمی میں دیگر اقوام دنیا سے کہیں آگے بڑھے ہوئے ہیں مگر یہ تحقیقات صرف وہاں تک ہی ہیں جہاں تک کہ واقعات خارجی باطن اور نیک نیتی سے ہوتی ہے۔ جہاں تک کہ واقعات کو انکی ذات یا قوم سے کوئی تعلق نہیں ہوتا مثلاً سائنس کے دقایق کے واضح کرنے میں اسوقت انگلستان کے نیچرلسٹ بیدار مغز عالم لگے ہیں اور اسکو دن بدن بڑے جوش اور ہمت سے پورا کر رہے ہیں۔ جب کوئی نیا مسئلہ پیش ہوتا ہے تو سارے یورپ اسکو شک پر کہتا ہے۔ کوئی نئی کتاب اسکے متعلق لکھی تو ساری نظریں اس پر جھک پڑتی ہیں۔ اور بڑی باریک بینی سے اسکے حسن و قبح کی جانچ ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص جزوی وہ کیسی ہی معمولی کیوں نہ ہو اور لیاقت کا ہو کسی دوسری قوم کا ہو سے انکا تعلق نہیں یا اگر ہے تو ایسا کہ وہ انکی مدحت کو رد نہیں رکھتے اور اسکی مذمت کو پسند کرتے ہیں غال لکھے تو اس کتاب کا بڑے پتاک سے خیر مقدم کہا جاتا ہے۔ اور کسی کو ہول کرنیکا اتنا خیال نہیں آتا کہ دیکھیں تو اسنے واقعات صحیح لکھے ہیں یا نہیں۔ بلکہ اگر کہیں کہیں کوئی تعریف کی بات نظر آجاتی تو تاریخ ہند رعایت سے منسوب کیا جاتا ہے۔ کسی انگریز مورخ کی تاریخ ہند پڑھو ہر ایک نے یہی کوشش کی ہے کہ اورنگ زیب کی نیک خصلتوں کو تاریک کر کے اس کی مردانہ زندگی کو ایک خوفناک صورت میں دکھایا ہے۔ اسکی بہادری اور شجاعت کو ظلم کہا گیا ہے۔ اور اسکے خیال حفظ امن کو تعصب اور بدگمانی سے تعبیر کیا ہے۔ اگر یہ ممکن ہے کہ ہم ایک شخص کی خصلت کو صحیح خیالات سے جانچ سکتے ہیں تو اورنگ زیب کی خصلت کو معلوم کرنے کے لئے رقعات عالمگیری سے بہتر کتاب اور کوئی نہیں۔ یہ رقعات بادشاہوں کے نام نہیں جسے ظاہرداری کا شبہ ہو بلکہ یہ اسکے بیٹوں کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ انہیں پابندی احکام الٰہی و رعایت حقوق رعایا مرکب اخلاق حسنہ ایسے واضح طور پر پدر امانہ شفقت اور تادیب سے جتائے گئے ہیں کہ کس کا کلیجہ ایک ایک فقرہ دل حق پسند کے لئے نشتر کا کام کرتا ہے۔ اگر انصاف کی نظر سے دیکھا جائے تو سارے مسلمان بادشاہوں میں سے اورنگ زیب کا نظیر کوئی نہ ملے گا۔ مگر انگریز مورخ اسی اولوالعزم بادشاہ کو ایک متعصب جابر خود پسند اور بدگمان لکھیں گے۔ یہ تو واقعات تواریخ ہوئے اور انہیں سینکڑوں سال گذر گئے انکی درستی یا غلطی موجودہ حالت پر کوئی اثر نہیں کر سکتی۔ اسلئے ہم انگریزی مورخوں کی تواریخی غلط بیانیوں پر اگر دھیان نہ بھی کریں تو چنداں ضرر نہیں۔ مگر غضب تو یہ ہے کہ نہ صرف تواریخی واقعات میں ہی تصرف کیا ہے

ی بہبودی اور مرفہ الحالی مطلوب ہے تو اُن کو واجب ہے
اپنی گری ہوئی حالت اور غیروں کی دست نگری سے جس
ج سے ہو سکے اپنا خلاصی کرائیں۔ ہماری رائے میں یہ
صورت اسی وقت ممکن ہے کہ سب ایجادی اور قوت
محنت سے کام لیا جائے۔ اپنے ہی ملک کے سرمایہ سے
صنعت و حرفت کے کارخانجات جاری کئے جاویں اور
ہی ملک کے روپے سے تجارتی کمپنیاں قائم کیجاویں
ہی ملک کے لوگ اُن کے منتظم و مہتمم ہوں۔ گو ابتدا
راہ شاندار نہ ہو کیونکہ اس سے کوئی ہرج متصور نہیں ہے
ریاضی اور فرائض منصبی کا قدم قدم پر لحاظ ہو۔
یہ دیکھو کہ تھوڑے ہی عرصہ میں چاروں طرف برسے
کارخانے دکھائی دیتے ہیں یا نہیں۔ جہاں ہزاروں
عزت و آبرو کے ساتھ اپنی قوت پیدا کرتے نظر
اپنے ملک کی پیداوار جس پر ہی ملک
کیا اور پس ماندہ نفع سے غیر ممالک میں فرنت
باہر دولت کے چشمے زمینے پر قدم رکھتا ہے۔ رفتہ رفتہ
کرتے ہوئے تجارت میں لوگ ماہر ہو جائینگے
ہر ملک سے کسی بات میں دب نہیں سکتے۔ اس
ان کی خود بخود بھلی قدر و منزلت ہوگی۔ مہذب
سے بھی یہ صحیح معنوں میں مستحق ہوں گے۔
حالت بھی سدھرے گی اور ملکی حقوق بھی جو آج
ملک مانگنے سے نہیں ملتے بہت سہل حاصل ہو
گے کیونکہ تجارت کا اقتدار زبردست ہوتا ہے۔
ہندوستان کے تجارت میں پیچھے رہ جانیکا
یہ بھی ہے کہ تجارت کے علاوہ تشخص
رہے اور خاص خاص فرقوں نے تجارت کو اپنی
سمجھ لی۔ غیروں کو اس طرف رجوع ہونے سے
ملک منعوں کیا۔ جن لوگوں نے پیچھے کرنا چاہا
کو اپنے خیال آدمیوں سے بھی کافتہ اور عملی
نصیب نہیں ہوئی۔ اب وہ وقت ہے
ہمتی کی باتوں کو دل سے نکالدیں اور
کے لئے کمر ہمت چست باندھیں۔ اور نفع کا
کے شوق میں سب کام مستعدی سے کریں
اس بات سے لگا لینا چاہئے کہ غیر ممالک کے
سے ہمارے ملک میں جال پھیلائے ہوئے
چار کے باغات۔ کہیں نیل کے کارخانے۔
ریل اور سن اور روئی کے کھیت۔ کہیں مونگ
کی کوشش۔ کہیں کچھ اور کہیں کچھ۔ اگلے
اسی کے متعلق کچھ اور لکھیں گے اور یہ
کہ ہندوستان میں پرمنفعت کارخانے
کچھ مشکل بات نہیں ہے ؛

استفسار قابل توجہ گورنمنٹ پنجاب

اگر ہمارے ان سے ایک معزز ہندو جنٹلمین لاہور سے ایک
استفسار بھیجتے ہیں اور تائید کے ساتھ درخواست کرتے ہیں
کہ اسے ایڈیٹر ہمدرد میں کالم میں جگہ دیجائے۔ چنانچہ ہم اس لحاظ سے
کہ استفسار واقعی ضروری ہے سرخ حسین فخر پیرٹک بہادر پاتا ہے
گورنمنٹ پنجاب کی طرف متوجہ کرتے ہیں کہ اُن کی حکومت میں اس قسم
کی بے اعتنائی رعایا نہایت تعجب کی نظر سے دیکھتی ہے۔ وہ
استفسار یہ ہے :-

استفسار

(۱) جبکہ گورنمنٹ نے قاعدہ مقرر کر رکھا ہے کہ کوئی پبلک سرونٹ یا
درست اظہار میں سرکاری ملازم کسی غیر سرکاری کارخانے کا
منتظم و مہتمم یا حصہ دار یا مالک نہ ہو گا کیا وجہ ہے کہ سررشتہ تعلیم
پنجاب کا ایک ملازم بطور پارٹنر ایک انگریزی اور ایک اردو اخبار کا
مالک و مہتمم و ایڈیٹر ہو۔ کیا گورنمنٹ نے کوئی خاص اجازت
دی ہوئی ہے ؟

(۲) ہومی الیہ نکمٹ بک کمپنی کا بھوپیندر کلرک ہے اور اسکو
ماہوار تنخواہ بھی ملتی ہے تو کیا پبلک سرونٹ نہیں ہے۔
جبکہ نکمٹ بک کمپنی کی آمدنی گورنمنٹ کی کتابوں کے کاپی
رائٹ (حفاظت حقوق) سے آتی ہے اور چھاپہ خانہ والے کے
منافع پر بواسطہ ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم سکرٹری آف سٹیٹ
سے ہوتے ہیں جیسے محکمہ پبلک ورکس کے ٹھیکیداروں کے
بواسطہ ایگزیکٹو انجینر سکرٹری آف سٹیٹ سے ہوتے ہیں
جبکہ یہ امر بخوبی ظاہر ہے کہ یہ آمدنی خالص گورنمنٹ کی آمدنی ہے
اور یہ روپیہ ہزارہا خاندانوں میں داخل ہوتا ہے اور نہ ہوں سے
سومی الیہ کو تنخواہ ملتی ہے تو کیا خاص وجہ ہے کہ اسے سرکاری
ملازم یا پبلک سرونٹ نہ کہا جائے ؟

(۳) ہومی الیہ جس انگریزی اخبار کا مالک و مہتمم اور ایڈیٹر ہے
وہ خالص پولیٹیکل پرچہ ہے جس کا فرض منصبی پولیٹیکل معاملات
میں درک دینا۔ گورنمنٹ کی پالیسی کی تائید اور تردید۔ خاصہ
خلائق کے معاملات پر نکتہ چینی۔ ریاستوں کے معاملات پر اپنی
رائے وغیرہ وغیرہ کہا اس حالت میں یہ پرچہ خالص سوشل یا
مذہبی یا اضافی کہلا سکتا ہے ؟

(۴) ہومی الیہ پنجاب ایجوکیشنل کانفرنس کا بھی تنخواہ دار ملازم ہے
جس انجمن کو سرکار کے خزانہ عامرہ سے ہزار روپے امداد ملتی ہے
گویا یہ انجمن جیسے اور امدادی مدرسے ہیں ایسے ہی ہے ؟

ہومی الیہ پنجاب ایجوکیشنل کانفرنس کے ممبر ہیں۔ رسالہ انگریزی کا
ایڈیٹر بھی ہے کیا ایک شخص اس قدر کاموں کو سنبھالے وہ
سرکاری ملازم رہ سکتا ہے ؟

(۵) کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ ہومی الیہ کا اردو پرچہ کن کن
میونسپل کمیٹیوں کے نام جاتا ہے اور ان کمیٹیوں سے کتنی کمیٹی
کتنے کتنے پرچے خریدے جاتے ہیں اور روپیہ کس مد میں سے دیا
جاتا ہے۔ نیز اس پرچہ میں کوئی اور بھی خصوصیت ہے۔ سوائے
اس کے کہ یہ سوال ملٹری گزٹ کا اردو انتخابہ ہوتا ہے یا گورنمنٹ کا
کوئی خاص حکم ہے یا مقامی حکام یا افسران بالادست کی سچی کی
تحریک کا یہ نتیجہ ہے کیونکہ اس سے بدرجہا اچھے اچھے مروجہ اخبار موجود ہیں

(۶) کیا گورنمنٹ ہند کو یہ معلوم ہے کہ سومی الیہ کے انگریزی
اخبار کی پچاس کاپیاں ممالک مغربی و شمالی و اودھ کی گورنمنٹ
خریدتی ہے۔ کیا یہ کاپیاں ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم ممالک مغربی و
شمالی کی معرفت تقسیم نہیں ہوتیں اور کیا سپرنٹنڈنٹ سٹیشنری
کلکتہ ان کاپیوں کی قیمت گورنمنٹ کے حساب میں محسوب نہیں
کرتا۔ کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ کبھی کوئی سرکار سررچارلس ہوٹ
کی گورنمنٹ کی جانب سے کشمیروں کے نام اس پرچہ کی خریداری
کی نسبت جاری ہوا تھا ؟

(۷) کیا گورنمنٹ ہند اس امر کو روا رکھتی ہے کہ ایک ایسے
انگریزی پرچے کی سرپرستی کرے جس کا کام ایک فرقے یا ایک
ملک کے باشندوں کی آپس میں نفاق کی صورت پیدا کرنا ہو
اور ان میں مغائرت قائم کرانا ہو۔ مثلاً بظاہر مسلمانوں اور مسلمانوں
کی مصنوعی حمایت کے بہانے سے ہندوؤں۔ بنگالیوں اور
دکھنیوں کو گالیاں دینا۔ نہیں نہیں بالفعل وغیرہ ظاہر کرنا۔ ایک
ملکی مجمع کا مسخر اڑانا۔ وقتاً فوقتاً ملکی معاملات میں خلاف حاضر
فرقوں کی جانبدار کرنا۔ ریاستوں کے معاملات میں دخل بے
راہ زنی آرا۔ ملبار پر سر سر افواہ لگانا۔ بغیر خواہ مخواہ ہندوستان
کو سرکش قرار دینا ہو۔ وغیرہ وغیرہ ؟

(۸) کیا گورنمنٹ کو معلوم ہے کہ پبلک کا اس انگریزی پرچہ
کی نسبت کیا خیال ہے اور یہ پرچہ کس قدر پڑھا جاتا ہے ؟

(۹) کیا گورنمنٹ نے کوئی خاص حکم نافذ فرمایا ہے کہ ایک
سرکاری یا پبلک سرونٹ ایسے پرچے لگائے ؟

مستفسر۔ ایک ہندو

اگزینڈر ثالث زار روس آخر کار اس مہلک بیماری سے
جانبر نہ ہو سکا کہ جس میں کچھ عرصے سے مبتلا تھا۔ اور دنیا سے ایک
شخص اٹھ گیا کہ جس کے نیک و بد کا اثر یورپ اور ایشیا کو بہت وقت
مدتوں تک پہنچتا رہے گا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ بجائے سلطنت کی وسعت حکومت
کی خود اختیاری اور فوجی طاقت کی عظمت کے آج زار روس دنیا
میں سب تاجداروں سے بڑا ہوتا ہے۔ زار الگزینڈر ثالث نے
اپنی مدت حکومت میں باوجود ایک عظیم الشان مہم چھیڑنے اور موجود
ہونے کے دنیا کو امن کی نعمت سے محروم نہیں ہونے دیا۔ کیا
وسط ایشیا میں اور کیا سرحدات جرمنی و آسٹریا و ترکی پر کوئی معتدبہ
شعلہ نہیں بھڑکنے دیا۔ اس لئے اگر امن دوست شہنشاہ
کہا جاوے تو بیجا نہیں۔ وہ تندرست تھا۔ زبردست تھا۔ اس نے
جرمنوں اور یہودیوں کو تکلیف کے ساتھ اپنی قلمرو سے نکال دیا۔
وسط ایشیا میں سلطنت بڑھانے میں کوتاہی نہ کی۔ نیہلسٹوں کی
بیخ کنی میں مستعد رہا۔ لیکن بیرونی جنگ سے پرہیز کیا۔ کہتے ہیں
کہ اپنے باپ کے زمانے میں شپکہ درہ کے جنگ روم و روس میں
ایک فوج کی کمان پر تھا۔ وہاں لڑائی کا جو ہیبت ناک سماں اس نے
دیکھا اس نے ہمیشہ کے لئے اسے لڑائی کی حکمت عملی سے بیزار کر
دیا۔ زار ہمیشہ سے ترکی کے دشمن چلے آتے ہیں مگر سکندر موصوم
ایسا کم تھا ؛

حدشمال مغربی پر ۲ نومبر کو علی الصباح دشمن نے دو تین ہزار
کی جمعیت کے ساتھ وزیرستان کمیشن کی فوج پر حملہ کیا۔ آدھے
گھنٹے تک سخت لڑائی جاری رہی۔ آخر دشمنوں نے شکست کھائی
اور سو سے زیادہ مقتول و مجروح چھوڑ گئے۔ لیکن ہماری طرف بھی

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ۔ ۱۰ نومبر ۱۸۹۴ء

(لاہور و پنجاب)

——— افواج ہز رکمیشن سرحدی وزیرستان سے ۲۲۔ اکتوبر کو نالہ کرکن پر باوجود حفاظت تمام وزیری آلات پیمائش۔ ایک ٹٹو اور بہت سی چیزیں چھوڑ لے گئے۔ پھر ۲۴ کو رات کے وقت دانومیں چھاؤنی پر چار فیر کئے۔ ایک نائک زخمی ہوا اور کئی برٹش افسر بال بال بچ گئے۔ اس کے بعد بھی کئی دفعہ بندوقیں چلیں۔ برابر چھیڑ چھاڑ جاری ہے۔ فوج ہزاری باغ اور پٹیالہ کو تیار رہنے کا حکم ہوا ہے۔ اگر ضرورت ہوئی تو طلب ہوگی۔ ۲۸ کی شب کو پھر کئی فیر وزیریوں نے سر کئے۔

——— میر محمد خاں والی قلات ۲۹۔ اکتوبر کو معہ اپنے بھائی اور پولیٹیکل ایجنٹ کے دہلی کوئٹہ ہوئے تاکہ وہاں ہفتہ آئندہ میں شریک دربار ہوں۔ ۱۹ ضرب اتوار اپ سلامی مقرر ہیں اور اس دربار میں خطاب جی۔ سی۔ آئی۔ ای عطا ہوگا۔

——— نومبر کو صبح ۸ بجے مسٹ لفٹنٹ گورنر پنجاب۔ ۲۴ کو ہمراہ کشمیر اور لارڈ ہیرس۔ ۲۵ کو جنرل ریکنیزی۔ ۲۶ کو وائسرائے ۹ بجے ۲۷ کو سرجارلس کراسٹوریٹ لاہور پہنچ گئے اور اسی روز وائسرائے روسائے ہند سے ملینگے۔ ۲۹ کو میانمیر میں قواعد اور ۳۰ کو دربار ہوگا۔

——— نویں پلٹن سکھ متعینہ کوئٹہ کی عنقریب بدلی ہونے والی ہے۔

——— ۲۸۔ اکتوبر کو امرتسر کے سٹیشن پر ایک تیسرے درجے کی گاڑی پٹری سے اتر گئی۔ کئی گھنٹے تک رستہ بند اور لوگ رکی رہی۔

——— امرتسر کے میلہ مویشیاں کی گرم بازاری ہے۔ قریب دو ہزار گھوڑوں اور خچروں کے اور کئی ہزار مویشی آئے ہیں۔ مگر بیوپاری کو نفع بہت تجویز قرار پائی ہے کہ جلسہ دربار لاہور میں ایک ہزار روپے کی آتشبازی اور ایک ہزار روشنی اور ڈیڑھ ہزار محراب اور دیگر سامان آرائش میں صرف کیا جائے۔

——— لاہور میں بخار کی شکایت چلی جاتی ہے میونسپلٹی کو نین تقسیم کرنے سے ثواب عظیم حاصل کر رہی ہے۔

——— علاقہ کلو میں ٹائیفس بخار اور اس سے اموات کی بہت کثرت ہے۔

——— امیر کابل کو روز بروز افاقہ ہوتا جاتا ہے۔ مگر ہنوز ضعف بہت ہے۔ حبیب اللہ جان معاملات ریاست میں ہاتھ بٹاتے ہیں۔ جنرل غلام حیدر خاں اسمار کو روانہ ہوئے۔ اس صحت کی خوشی میں صاحبزادہ حبیب اللہ جان نے بشرط منظوری امیر بڑی شہروں میں روشنی کرنے کی تجویز کی ہے۔

——— راولپنڈی میں ایک دوبرس کی لڑکی دو دو گرین کونین کی ۳ گولیاں کھا جانے سے مر گئی۔

——— فیروزپور اور لدھیانہ کے درمیان ڈاکوؤں نے پولیس کا لباس پہن کر مسافروں کی گاڑیاں اور اکے روک لئے اور تلاشی الیون کے حیلے سے سامان کھولنا شروع کیا۔ اتنے میں اصل پولیس بھی موقعہ پر اتفاق سے آگئی۔ دونوں میں لاٹھی چلی۔ پولیس تھوڑی تھی مغلوب اور زخمی ہوئی۔ ڈاکو بھاگ گئے مگر بالآخر ان کا سراغ لگ گیا۔

——— مہاراجہ کشمیر بکھم اور وائسرائے ۲۷ سمبر کو لاہور سے رخصت ہوئے۔

——— خبر ہے کہ سکھر اور کوئٹہ کے درمیان ریلوے میں کوئی سرنگ مخدوش ہے۔ لہذا وائسرائے نے کوئٹہ جانا ملتوی کر دیا ہے لیکن ہنوز پروگرام میں کچھ تبدل نہیں ہوا۔

——— لاہور میں قدیم عجائب خانہ کے پاس خیر مقدم وائسرائے کی ایک بڑی محراب بنائی جائیگی۔

——— گلو میں بخار کی بہت کثرت ہے۔ منڈی کے شمالی قصبات میں مونوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔

——— ۳۰ نومبر صبح ساڑھے پانچ بجے فوج وزیرستان کمشن پر ۲ یا ۳ ہزار دشمن حملہ آور ہوئے۔ آدھے گھنٹے تک بہت سخت تلوار چلتی رہی۔ آخر دشمن نے شکست کھائی اور سو سے زیادہ مقتول اور بہت سے مجروح ساتھیوں کو چھوڑ کر بھاگ گئے اور تعاقب کر کے منتشر کر دیئے گئے۔ مقتولین و مجروحین تین قوموں کے شناخت ہوئے ہیں۔ محسود عبدالرحمن خیل اور وادی خیسر کے فوج سرکاری کا ایک یورپین لفٹنٹ اور دو ہندوستانی افسر اور ۷ گورکھے مارے گئے اور ۱ یورپین اور ۳۲ گورکھے اور دو پنجاب انفنٹری کے سپاہی زخمی ہوئے۔ اور تعاقب کی فوج میں سے ۲۵ مارے گئے اور ۲۰ زخمی ہوئے۔ دشمن کے ۲۵۰ کے قریب مارے گئے۔

——— ایبٹ آباد اور مری کے رستہ میں ایک لاش کئی دن کی پڑی ہوئی اور آدھی کوتوں اور کتوں کی کھائی ہوئی ملی۔ معلوم ہوا کہ ایک بنیا کچھ روپے لئے ہوئے کالا باغ سے آرہا تھا۔ کسی نے اسے مار ڈالا۔

——— وزیری چندولا حملہ آور ہونے کے لئے جمع ہو رہے ہیں۔

——— خیسر پر دشمن کے دو ہزار آدمی اور جمع ہو گئے ہیں عنقریب شاید پھر حملہ کریں۔

——— ۳۰ نومبر کو وائسرائے کوئٹہ پہنچے۔ اور رات کو لیوی ہوا۔

——— شنبہ و یکشنبہ کو دہلی میں کم اور انبالہ میں بہت زیادہ بارش ہوئی۔ لاہور میں بھی دو ایک روز اچھا برسا۔ مگر ترشح مطلق نہیں ہوا۔

——— ۴۔ اکتوبر کو انبالہ کلی سے جانب جنوب دن کو ۹ بجے آگ لگی مگر بھانہ قریب تھا بجھالی گئی۔ پھر بھی چار پانچ ہزار روپے کا نقصان ہو گیا۔ سنا ہے کہ مٹی کے تیل سے نوکر لوگ بھڑوں کے چھتے جلاتے تھے۔

——— کپتان گاڈفری کپتان ینگ ہسبنڈ کی جگہ گلگت میں اور کپتان فریچ گاڈفری کی جگہ اسسٹنٹ دوم ریزیڈنٹ کشمیر مقرر ہوئے۔

——— انبالہ کا مدرسہ ہنود و مسلمانان ترقی پذیر ہے۔ گورنمنٹ سے ۹۰۰ روپے سالانہ کی امداد ہوتی ہے۔ اور حال میں مہاراجہ صاحب پٹیالہ نے پانسو روپے مرحمت فرمائے۔

——— ڈسٹرکٹ بورڈ فیروزپور شرل دیگر یا سہنائے قرب و جوار کے لوگوں کو شادی کے مصارف بیجا کم کرنے کی ترغیب دینے کی کوشش کر رہا ہے۔

——— ٹیکے کا قانون میونسپلٹی دلہوزی تک نافذ ہو گیا ہے۔

——— بٹالہ میں جب سے بخار کا زور ہوا ہے ۷۰۰ سے زیادہ موتیں ہو چکی ہیں۔

——— سیالکوٹ میونسپلٹی کے ممبر شپ کے دو مقابل امیدوار مرزا غلام احمد اور محمد غلام احمد دونوں ایک دوسرے پر ناجائز وسیلوں سے ووٹ حاصل کرنے کا الزام لگا رہے ہیں۔

——— راولپنڈی میں ایک ہندو دیوالی کے دن جوئے میں ۱۰ ہزار روپے نقد علاوہ اپنی بیوی کے زیور کے ہار دوسرے دن ۱۰ بجے تک اس کا پتہ نہیں چلتا کہ وہ کہاں گیا اور کیا ہوا۔ شاید خودکشی کر لی۔

ہندوستان کی تجارت اور ہندوستان میں تجارت (نمبر ۲)

پچھلے نمبر میں ہم اپنے ناظرین کو دکھلا چکے ہیں کہ ہندوستان کی تجارت اور ہندوستان میں تجارت کے معنوں میں زمین آسمان کا فرق ہے اور قریباً کل تجارت والوں نے جو کاہے گاہے اردو اخبارات میں تجارت کے مضمون پر خامہ فرسائی کیا کرتے ہیں اس فرق کو کبھی محسوس نہیں کیا۔ ہم نے پچھلے نمبر میں ظاہر کر دیا ہے کہ ہم اپنا پیٹ کاٹ کر تجارت کرتے ہیں۔ عملی طور پر ظاہر ہے کہ تیل اور ریشہ دار پیداوار ہماری اصلی تجارت رہ گئی ہے جس سے ہم غیر ممالک کی اشیا سے تبادلہ کرتے ہیں۔ اگر غور سے دیکھا جائے تو اس قسم کی تجارت لوگوں کو مفلس قلاش بنا دیتی ہے۔ پھر مصیبت کا یہیں تک خاتمہ نہیں ہے آگے چل کر معلوم ہوتا ہے کہ اہل ہند کو بے خبر اور مجہول پا کر غیر ممالک کے تجار اور اولاد آدم نہیں قسم قسم کے کارخانجات کھولتے جاتے ہیں جس سے کل کے پورا ہونے کی مشکل سے صورت دکھائی دیتی ہے۔ انگریزی میں ایک مثل مشہور ہے کہ تہیدست انتخاص اچھے گاہک نہیں ہوتے۔ اس لئے غریب ہندوستانی روز بروز غیر ممالک کے لوگوں کی نظروں میں حقیر ہوتے جاتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ نہ ان میں ہمت ہے نہ علم۔ علم کی تحصیل کا مطلب انہوں نے محرری سمجھ رکھا ہے اور ہمت کا نتیجہ خانہ جنگی یا مقدمہ بازی۔ ہندوستان کی غریبی اور مفلسی کا ثبوت اس سے صاف ظاہر ہے کہ عرصے سے بجائے انگریزی مال کے زیادہ تر جرمنی اور امریکہ کا مال آتا ہے اور روز مرہ کھپا چلا جاتا ہے۔ نقصہ یہ کہ اب خاص وجوہات سے انگریزی مال کی نسبت یہ کسی قدر سستا پڑتا ہے۔ پس مفلس ہندوستان جہاں دیکھتا ہے کہ کون سی شے زیادہ خوبصورت۔ دیرپا۔ کارآمد اور خوبی بنی ہوئی ہے۔ کیونکہ مفلسی کا خاصہ دیگر ہے۔ غریب آدمی ہمیشہ سستی چیز کا خریدار ہوتا ہے۔ دانا آدمی اس ثبوت کو بدست دیکھ کر ہندوستان کی مفلسی کی پالیسی ہیں۔ اگر کسی ملک تجارت کے سلسلے سے زیادہ افلس اور بےچینی تو وہ ملک ہندوستان ہے۔ اہل ہند کو اگر

سب روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— مہاراجہ و مہارانی کچ بہار لندن میں ہیں شروع ڈسمبر میں ہندوستان آجائیں گے ۔

— سیشن نے تمام ہندو ملزموں کو جو فساد پونا میں گرفتار تھے اس بنا پر کہ کامل ثبوت نہ پہنچنے پر کہ ملزم مسجد کے اندر گرفتار ہوئے ہیں رہا کر دیا ۔

— آبپاشی دہلی میں ہفتہ بدستور پھیلا ہوا ہے ۔

— ۹ نومبر کو لکھنؤ میں عورتوں کی ہلی درجوں کی تقسیم کے واسطے ایک مجلس قرار پائی ہے ۔ لفٹننٹ گورنر اور چیف کمشنر اس کے پریسیڈنٹ اور ممبران خاندان شاہی و دیگر معزز تعلقہ داران اودھ اس کے ممبر ہیں ۔ ماہ جنوری میں افتتاح مدرسہ قرار پایا ہے ۔ مہارانی بڑودہ نے پچیس ہزار روپیہ کوٹھی اس مجلس کے لئے وقف کر دی ہے ۔

— طغیانی جون پور کے مصیبت زدہ لوگوں کے واسطے چندہ جمع کیا جا رہا ہے اور سخت ضرورت ہے ۔ ہمارے ہندوستانی بھائیوں کو ہمدردی سے کام لینا چاہئے ۔

— پچھلے ہفتے میں سدرن مرہٹا ریلوے پر سور ضلع ستارا میں سٹیشن کے قریب لائن پر کسی نے دو بڑے بڑے پتھر رکھ کر اس کی دو پٹری جا بجا توڑ دیں ۔ پتھروں کی ٹیک لگا دی تاکہ ریل کے زور سے سرک نہ جائیں ۔ اتفاق سے چونکہ یہ کام دن کے وقت کیا گیا تھا ڈرائیور نے دیکھ کر بہت ہوشیاری کے ساتھ چند گز کے فاصلے پر ریل کو روک لیا ورنہ ضرور مسافر پیچھے اور گاڑی لائن سے اتر جاتی ۔ دو مہاتمائی لڑکے اس جرم کے قریب پکڑے گئے ہیں ۔

— ملکوں میں اور منڈالی سے اوپر ملک اور ایراوتی کے ضلع نصبات میں ہیضہ پھیلا ہوا ہے ۔ ماہ گذشتہ میں روزمرہ ۳۱ سے ۳۲ تک موتیں منڈالی میں ہوئیں ۔ اور رنگون میں ۲۵ سے ۳۰ تک کا اوسط روزانہ ہے ۔

— بڑے دن کے بعد مہاراجہ میسور کلکتہ آنے والے ہیں ۔

— سر چارلس کراسٹھوئیٹ یکم ڈسمبر کو الہ آباد پہنچیں گے ۔

— مہاراجہ دھولپور علاقہ میسور میں شکار کا شکار کھیل رہے ہیں نومبر آئندہ میں اوٹکمنڈ کو واپس آئینگے ۔

— خلیج بنگال میں طوفان بہت شدت سے ہے ۔ جہاز روک گئے ہیں ۔ مدراس کی سمت سے کلکتہ آنے والے جہازوں کا اندیشہ ہے ۔

— منڈالی میں انسپکٹر ریلوے پولیس کو ایک مسافر پر حملہ مجرمانہ کی سزا میں ایک آنہ جرمانہ ہوا ۔

— برسات کے اکثر بڑے بڑے شہروں کی آب و ہوا آجکل بہت خراب ہے ۔

— لارڈ ہیرس آخر نومبر میں میسور جائینگے ۔

— دہلی اور لکھنؤ کے درمیان ہیضہ پھیلا ہوا ہے ۔

— شاہجہاں پور کے قریب جو ریل کی سڑک ٹوٹ گئی تھی ہر چند مرمت ہو گئی ہے لیکن ہنوز ریل برابر جاری نہیں ہے ۔

— بنارس میں شنبہ گذشتہ کو پھر خوب بارش ہوئی اور ہنوز جاری ہے ۔ الہ آباد ۔ اندور ۔ بھوپال ۔ حیدرآباد ۔ مدراس وغیرہ اکثر مقامات سے برابر بارش کی شکایت چلی آتی ہے ۔

— مسٹر جیمس کمشنری سندھ سے واپس آ گئے ۔ بلیسیڈ نہیں ہونگے ۔

— مسٹر فرگ کے قاتلوں میں سے ایک شخص جس کو پولیس گرفتار کیا چاہتی تھی ٹوٹگور سے لاری تھی رنگون کے قریب جہاز سے دریا میں کود پڑا ۔

— ہنگلی سے اچلینگر تک سیکھ جاٹریوں کے لئے سڑک اور سرائے بنانا نظام حیدرآباد نے منظور فرمایا اور بجٹ اور تخمینہ کا حکم دیا ہے ۔

— ایک یورپین کپتان گارڈن بجرم مختلف دست چالاکیوں کے بازار پونا میں گرفتار ہوا ۔

— ۵ ڈسمبر کو مہاراجہ گوالیار کو اختیارات ریاست دیئے جائینگے اور کونسل ٹوٹ جائیگی ۔ پریسیڈنٹ کونسل مشیر مہاراجہ صاحب بہادر ہند دیوان بہادر قائم رہینگے ۔ اور دیگر ممبران کونسل کے عہدوں کے نام بھی نائب دیوان و سکرٹری وغیرہ کے ساتھ بدلے جائینگے اور بعض قدیم و ضعیف اہلکاران ریاست کو جواب قابل نوکری نہیں رہے ہیں اس انتظام جدید میں پنشن دی جائیگی ۔

— سر اس کی طرح بنگال میں بھی تاڑی پر محصول لئے جانے کی تجویز ہے ۔

— انسپکٹر جنرل پولیس کی رپورٹ پر گورنمنٹ ممالک مغربی و شمالی اودھ نے مقامات ذیل کے انتظام کی تعریف کی ہے ۔ آگرہ ۔ سہارنپور ۔ بنارس ۔ اٹاوہ ۔ مین پوری ۔ الہ آباد ۔ جھانسی ۔ مرزاپور ۔ لکھنؤ ۔ ہردوئی ۔ سلطان پور ۔ پرتاب گڈھ اور بارہ بنکی ۔ اور مقامات ذیل کے انتظام کو بہت خراب بتایا ہے ۔ مظفر نگر ۔ بلند شہر ۔ متھرا ۔ ایٹہ ۔ بستی ۔ بلیا ۔ سیتاپور ۔ اور اوناؤ ۔

— بمبئی سے کسی نے پونا میں ایک پارسی کو اس کے عزیز کی علالت اور پھر اس کی موت کا تار دیا ۔ اس کے اقربا خصوصاً متوفی کی نوجوان زوجہ نے بہت اپنا برا حال کیا ۔ اور جب وہ سب لوگ پونا سے بمبئی کے سٹیشن پر پہنچے تو وہ عزیز جس کے مرنے کی خبر ان کو وہاں ملی تھی صحیح و تندرست سٹیشن پر ان کے لینے کے لئے موجود تھا ۔

— مہاندری نامی جہاز کے کپتان پر تعداد مقررہ سے زیادہ حاجیوں کو جدہ سے لانے پر سو روپے جرمانہ ہوا ۔

— جودھپور میں محکمہ آبرسانی قائم ہونے والا ہے ۔ کئی لاکھ روپے کی منظوری ہوئی ہے ۔

— حیدرآباد میں لوگوں کا خیال ہے کہ مسٹر لیڈن اب ریذیڈنسی حیدرآباد پر واپس نہ آئینگے ۔

— مہاراجہ گنگا نگر مہاراجہ صاحب ۱۲ اکتوبر کو لندن سے روانہ ہوئے ۔ ۱۰ نومبر تک بمبئی پہنچ جائینگے ۔

— بطرف مشد و فوج حیدرآباد کے ۳۰ افسر کیشنہ گزشتہ کو ایک عرضداشت دے کر حضور میں گئے اور اپنی مصیبت بیان کی کسی قدر خاموشی کے بعد حضور نے وعدہ فرمایا کہ ہم تمہارے معاملے میں غور کرینگے ۔ اور اس طرح متوقع کر کے انہیں رخصت کیا ۔

— لائسنس کی فیس بڑھ جانے سے کلکتہ میں بہت سی دکانیں شراب ولائتی کی بند ہو گئیں ۔

— بھوپال کی نسبت ضیا الحق نے ایک اور پمفلٹ شائع کیا ہے جس میں وزیر ریاست پر نہایت سخت بدتہذیبی کے ساتھ حملہ کیا ہے ۔ بعض اردو اخبارات اس امر سے متفق ہیں کہ وزیر صاحب کے اوردوں کے ظلم سے بھوپال کی رعایا بہت پریشان اور نالاں ہے ۔

(ممالک غیر)

— زار روس کی حالت روز بروز ابتر ہوتی گئی پھیپھڑا خراب ہو گیا ۔ کھانسنا میں خون آنے لگا ۔ ملکہ روس نے پرنس آف ویلز اور شہزادی کو نہایت ضروری تار کے ذریعہ لیوڈیہ بلایا ۔ ملکہ روس کی شادی بھی بیٹوں کے ہو گئی ۔ اور آخر کار یکم نومبر کو تمام کو اسٹیٹ اپارٹمنٹ پر لیوڈیہ میں انتقال کیا ۔ پرنس اور پرنسس آف ویلز کو یہ خبر وائسرائے پر ریل میں معلوم ہوئی ۔ نعش سینٹ پیٹرسبرگ کو روانہ ہو کر وہاں مدفن کی جائیگی ۔

— جاپان نے قلعہ پورٹ آرتھر پر قبضہ کر لیا ۔ اور جنرل نوگی بھی چینیوں نے فوج جاپان سے پھر شکست کھائی اور پسپا ہو گئے ۔

— ۳۱ اکتوبر کو فرانس کے اکثر اضلاع میں نہایت سخت طوفان باد و باراں آیا ۔ کئی پل ۔ مکانات اور کارخانے بہ گئے ۔ لاکھوں ملازمین کارخانجات بیکار ہو گئے ۔ بحیرہ میں بھی قریب قریب یہی کیفیت ہوئی ۔

— شمال مشرقی ساحل آسٹریلیا پر جزیرہ گریٹ بیریر کے قریب جہاز ویرایا چان سے ٹکرا کر بالکل تباہ ہو گیا ۔ ۱۱۱ مسافر اور ۲۴ جہاز والے ڈوبے ۔ جن میں سے صرف ۲۶ بچ گئے ۔

— چینی فراریوں کے ایک گروہ نے مختلف سرحدات روس پر حملہ کیا اور آلات جنگ لوٹ لئے ۔ ۶۰ فراری مارے گئے ۔

— زار روس کی وفات پر فرانس کے وفاتر داخلہ خارجہ وغیرہ میں بھی ہڑتال ہوئی ۔ ملکہ معظمہ نے اپنی اور تمام اہل وفاداری رعایا کی طرف سے روس کے خاندان شاہی کے نام تعزیت کی تار برقی روانہ کی ۔

— سکندر سوم شہنشاہ روس کے بیٹے نکولس دوم تخت نشین اور نکولس کے بھائی گرینڈ ڈیوک جارج تاجہ ہونے اور اولاد نکولس دوم کے ولیعہد بنائے گئے ۔

— جاپانی فوج نے فنگنگ چنگ پر بھی قبضہ کر لیا ۔ اس فوج کے قریب آتے ہی چینی فوج مقام مذکور سے سینگ کو بھاگ گئی ۔ چینیوں نے کنلنچنگ قبضہ فوج جاپان سے پھر چھین لیا ۔ اس میں تین ہزار جاپانی مارے گئے ۔

— فرانس اور سپین کا سکہ بین عنقریب جنگ چھڑا چاہتی ہے ۔

— مالک اخبار ٹائمس نے انتقال کیا ۔

— پرنس اور پرنسس ویلز ۱۴ نومبر کو لیورپول پہنچے ۔

— نکولس دوم کی تخت نشینی پر اس تمام یورپ میں تحسین سمجھی گئی ۔ ہر چند یہ معلوم نہیں کہ اس شہنشاہ کا میلان طبع کس طرف ہے لیکن آثار قرائن نہایت طغیان سے کہ رہے ہیں کہ اگرچہ ان کی شادی ایک دختر شہزادی سے ہوئی ہے جو لیکن فرانس کے ساتھ وہی رابطہ رکھتی ہے ۔ لیکن والد مرحوم کے زمانے میں رہا ہے ۔

— فوج جنگ یامن ایک مقام تک بڑھ گئی ہے ۔

— فنگنگ چنگ رقبہ ۵ ۔ میل ۔ ۵ ۔ میل ۔ ۵ ۔ میل ۔ جس اور جہت سے حملہ ہو ۔ چینی بھاگ کر پہلے گھر بھتے جاپانیوں کے ہاتھ لگا ۔

— دلائی لامہ تبت و چین سخت جھڑی ہے کہ تبت کو اپنے شہزادوں کی کمال تک اطاعت کرنی چاہیے ۔ بعض دوسرے ممالک کے سوا

حفظِ صحت

دو بے نظیر نسخے

مندرجہ ذیل دو نسخے جناب مولانا حکیم مولوی نورالدین صاحب سابق طبیب خاص مہاراجہ صاحب جموں مہربانی فرما کر بغرض رفاہ عام بھیجتے ہیں۔ مولانا صاحب فرماتے ہیں کہ یہ دو بے نظیر نسخے ہیں اور ہم ایسا ہی یقین رکھتے ہیں ناظرین ان سے مستفید ہوں۔ ایڈیٹر۔

جناب ایڈیٹر صاحب السلام علیکم ..... دو بے نظیر نسخہ مرسل خدمت ہیں۔

۱۰۶- اولاد زندہ نہ رہتی ہو۔ جس کے اولاد زندہ نہ رہتی ہو۔ جیسے جناب ۱۹۱۰ء نے مودی گڈھیانہ سے لکھا ہے۔ پوست ہلیلہ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ فلفل دراز۔ فلفل۔ زنجبیل۔ رکت مٹی۔ پرسیاوشاں۔ خون سیاوشاں۔ منڈی۔ برگ نخ۔ جل نیم۔ پچھان بید۔ پتیسر۔ چاکسو۔ گیرو۔ صندل سفید یہ ادویہ باریک پیس کر شہد میں ملا کر گولی بقدر دو رتی۔ ایام حمل سے مربیہ حمل والی تا تولد بچہ۔ بلکہ تا ترک شیر کھاوے۔ امر بہتر ہے کہ میاں بی بی سال یا ماہ تک باہم صحبت نہ کریں۔ اور مردان ایام میں لوہے چوں یا گشتہ آہن کھاتا رہے اور جماع سے پرہیز رکھے۔ اور عورت بعد ایام حیض اگر حمل نہ ہو تو بھی سفوف مرادہ دندان فیل ۳ رتی۔ ناگ کیسر ۲ رتی ہر ماہ میں ایک ہفتہ کھاتی رہے۔

۱۰۷- چھبیل کا علاج ۱- اور دوسرا نسخہ چھبیل کا عوض ہے۔ یہ دونوں دوائیں تجربہ شدہ اور صحیح ہیں۔ اکوتہ چھبیل کا نہایت مجرب نسخہ عوض ہے۔ کوئی صاحب سیکھلا۔ اپر بہما سے اس کا مجرب علاج طلب کرتے ہیں۔ جست کا پھول صاف ۲ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ دونوں کو ملا کر لوہے کے برتن میں آگ پر رکھیں۔ جب پانی کی طرح دونوں دوائیں حل ہو جاویں تو آگ سے اتار لیں۔ جب سرد ہو جاویں پھر آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی ہو جاویں اتار لیں۔ جب سرد ہو جاویں پھر آگ پر رکھیں۔ جب پھر پانی کی طرح ہو جاویں تو پھر اتار لیں۔ جب سرد ہونے کو ہوں تو جلد جلد املی کر لیں اور کانچ کے برتن میں ڈال لیں یہ دوائی پانی میں گھس کر چھبیل پر لگائیں۔ تمام پنڈلی پر چھبیل ہو تو ۳ ماشہ دوائی کافی ہے۔ اسی کے مطابق حسب ضرورت طلا کریں۔ یہ دوائی اس مرض میں اکسیر ہے۔ علاوہ بریں غرض ہے کہ جب کسی دوائی سے چھبیل جاتا ہے تو بعد صحت بھی اس مقام پر سوت سیر کے میں گھس کر نکلتے رہیں تاکہ وہ مقام مضبوط ہو جاوے۔

۱۰۸- بچوں کا زندہ نہ رہنا۔ حفظ صحت صفحہ ۲۷۰ اکتوبر ۱۹۱۲ء رقم ۱۹۱۰ء ۱۲ سودی ضلع گڈھیانہ کا خط درج ہے۔ جواباً عرض ہے کہ یہ ضرور اٹھرا کی بیماری ہے اور بچوں کی والدہ کی کمزوری ہے۔ ان کو چاہئے کہ کتاب اختیار تولید مطبوعہ دفتر پیسہ اخبار کا مطالعہ فرماویں اور انتظام کریں کہ وہ لیڈی کچھ عرصہ خاوند سے جدا رہے۔ تب جو اولاد ہوگی ضرور زندہ رہیگی۔ مؤلف کتاب ہذا۔

اصلاح ۱۰۳- اکتوبر کو چھبیل کا علاج درج تھا۔ اس میں کرمالکا پانی ۱۰ قطرہ ۲ دو دھ ۲۵ قطرہ تھا۔ از راہ مہربانی ہر دو شیاء یعنی کرمالکا پانی بجائے ۱۰ قطرہ ۱۰ قطرہ اور نیز دودھ ۲۵ قطرہ بھی بجائے ۵۰ قطرہ کے لکھ دیں۔ اگر فرق ہو تو کسی قطرہ کا ہے۔ اسی طرح کچھ فرق نہیں۔ عمدہ نسخہ ہے۔ (لوالکی)

شعر و سخن

بچوں کو زیور پہنانے کی خرابیاں

بچوں کے واسطے ہے یہ زیور وبال جاں — پہنانا جب یہ اُن کو تو پھر آفت کہاں
اک معرض تلف میں پڑی جان ناتواں — ہر دم ہے خوف مال کا اور جان کا زیاں
خطرے میں جن کا بچہ ہو کب اُن کو چین ہے
آنکھیں اُدھر لگی ہیں جدھر نورِ عین ہے

کب تک وہ نورِ چشم کو زیرِ نظر رکھیں — کب تک وہ اُس کے ہاتھ کی گلی کی خبر رکھیں
کب تک وہ اُس کی انگلیوں کھلا رو کر رکھیں — کب تک وہ اپنی جان کو یوں پُرخطر رکھیں
ہے مال دوستوں کا جو چوکے وہ ایک دم
پردے میں دوستی کے ہوئی دشمنی ستم

نوکر رکھیں اگر ہیں کوئی صاحب اقتدار — ہر لحظہ تاکہ وہ رہے بچے سے ہوشیار
زیور کا سیم و زر کے جو دیکھے وہ نابکار — اک روز اُس کے واسطے بچے کو ڈالے مار
پیٹو سرا اپنا یا اُسے پھانسی پہ کھینچ دو
بچہ تو جان سے گیا جو چاہو سو کرو

قسمت سے مل گیا کوئی نوکر بھی باوفا — لالچ بھی اُس نے زیور و زر کا نہ کچھ کیا
لیکن کبھی ذرا سا جو غافل وہ ہو گیا — بچہ کہاں تھا پھر کوئی عیار لے اُڑا
اب اُس دست قہر ہے اور جان ناتواں
دریا میں پھینک دے یا جھٹکائے اُسے کنواں

بچوں کی اپنے تم کو ہے زینت کا گر خیال — اُن کے گلے میں ڈالو نہ زیور کا یہ وبال
زینت کے واسطے میں بہت فضل و کمال — جن سے کہ وہ جہان کا ہو حاصل نہیں خلال
علم و ہنر سے خوب مزین انہیں کرو
فضل و کمال سے بھی متین انہیں کرو

چاندی سے ہو وہ چاند سا اُن کا بدن سیاہ — سونے سے سخت نقطہ چکوں کے لگیں آہ
بوجھل جواہرات کریں کان کو تباہ — نازک گلوں میں طوق ہو اللہ کی پناہ
وہ نازنین پاؤں اور اُن میں کڑے کڑے
پھر کپڑے اُس پہ دیکھو تو سب میلے اور سڑے

وہ ننھے ننھے بچوں کی نازک کلائیاں — گہنے کا اُن پہ آ کے پڑے بار جب گراں
پہلی ہی اُن میں پھر وہ ہیں مرتبیاں کہاں — چوٹیں جو اِس سے لگتی ہیں بھی ہیں سہی کہاں
پہنا کے زیور اُن کو جو بھیجہ ابناتے ہو
پھر اُن کو اُن کی خاک میں تم کیوں ملاتے ہو

کپڑا بدن پہ ہو نہ ہو زیور ضرور ہو — سے جائے وصوب جسم کا جو کچھ کہ نور ہو
بچے کی جان جائے پہ زیور نہ دور ہو — سوچو ذرا کہ تم تو بڑے ذی شعور ہو
جس سے ضرر ہو جسم کا اور جان کا خطر
اُس رسم کو روا نہ رکھو جان بوجھ کر

اِس رسم بد کو چھوڑ دو سب کے اتفاق — بچوں پہ رحم کھاؤ نہ اِس میں کرو نفاق
گو مختلف ہوں آپ کے اِس نے سو مذاق — تبدیل کی یہ بات مانو سب بہ وفاق
گہنے سے اپنے بچے کو دینا نہ تم ضرر
گہنے بغیر کتنے ہیں سے خوش خُلق و خوبتر

مولوی فضل الدین صاحب پلیڈر چیف کورٹ نے جو پیشہ صاحب ثروت دوں کی شادی کی تقریب پر اپنے ہندو اور مسلمان دوستوں کو پُر تکلف دعوتیں دی تھیں قطع نظر اِس کے آپ نے دانشمندانہ فیاضی سے اُس خوشی کے موقع پر قومی تعلیم کا بھی فراموش نہیں کیا۔ یعنی مدرسۃ العلوم علیگڈھ۔ انجمن حمایت اسلام کالج۔ انجمن نعمانیہ اور انجمن اسلامیہ لاہور کو ۲۰۰ روپیہ عطا کیا۔

معلومات کا سکت

— خفیہ پولیس ہندوستان میں سب سے پہلے شہنشاہ اورنگ زیب نے رواج دی۔

— شاہ اٹلی بھی اپنے والد کی طرح ایک وقت کھانا کھاتے ہیں۔

— جنٹر پریس اکاؤنٹ ڈیپارٹمنٹ کا تخمینہ ہے کہ حال ہندوستان میں چاندی پانچ ارب ۱۰۰ کروڑ روپے کی اور سونا ۸۰ کروڑ کا موجود ہے۔

— پریسیڈنٹ ریاستہائے متحدہ (امریکہ) اور پرنس آف ویلز کو چوپدستی کا بڑا شوق ہے۔ پرنس نے ۱۷۰ فرضی چوب دستیاں جمع کی ہیں۔ اکثر ان میں سے ہندوستان کی ہیں اور ایک اِس قدر وزنی ہے کہ کام میں نہیں لائی جا سکتی۔ نیویارک کے ایک ڈاکٹر کے پاس ۵۰ لاکھ ڈالر سے زیادہ کی قیمتی چھڑی ہے۔ ۲ پونڈ سونا اِس کی مُوٹھ پر صرف ہوا ہے۔ ۶۵ ہیرے جڑے ہیں۔ اور ایک نہایت عمدہ گھڑی لگی ہے۔

— کوہستان دھنگلات علاقہ شمالی ہند میں ایک وحشی قوم کھونڈ نامی ۳ لاکھ کے قریب ہے جو محض نباتات پر بسر کرتی ہے اور تیر کمان اور ایک خاص قسم کے تبر سے ہر ایک درند کا مقابلہ کرتی ہے۔

— دستی رومال سب سے پہلے ۱۵۰۰ء میں اٹلی کی ایک عورت نے ایجاد کیا تھا اور وہاں بہت جلد اس نے رواج پایا پھر شاہ ہنری دوم کے محل میں اس کا استعمال شروع ہوا۔ اس زمانے کے رومال بڑے تکلف کے ساتھ بنائے جاتے تھے۔ ہنری سوم کے زمانے میں رومال میں خوشبو لگانے کا رواج ہوا۔ ۱۶۰۰ء میں اس کا رواج جرمنی میں شروع ہوا لیکن اوائل اوائل شہزادوں اور امرا کے سوا کوئی اور نہیں رکھتا تھا۔ ۱۶۹۵ء میں ڈریسڈن میں قانونی اعلان کیا گیا کہ ہر شخص اس کا استعمال نہ کرے۔ مگر رفتہ رفتہ یہاں تک رواج پھیل گیا کہ اب غریب سے غریب بھی رومال رکھتا ہے۔

— پشتہ انگلستان میں عربی گھوڑے کارآمد بالکل نہیں سمجھے جاتے تھے لیکن اب رواج بڑھتا جاتا ہے۔ ۱۹۱۱ء سال گزشتہ میں ۹ لاکھ سے زیادہ حجاج مکہ معظمہ کو گئے تھے۔

— شاہ فارس نے ابو ہریرہ رضؓ کو بھی مات کر دیا۔ تین ہزار بلیاں اُن کے یہاں پلی ہوئی ہیں۔ ایک بلے پر بہت محبت ہے اس کا نام بارخاں رکھا ہے۔ اُن کی رکابی میں یہ بلا اُن کے ساتھ کھانا کھاتا ہے۔

— امریکہ کے مشہور موجد مسٹر ایڈیسن نے یہ بات تحقیق کی ہے کہ اگر آدمی رات دن میں کسی وقت نہ سوئے تو زندہ رہ سکتا ہے۔

— سکندر نے جب اس زمانے کی معلوم تمام روئے زمین کو فتح کر لیا تو اس خیال پر کہ اب میرے لئے کوئی ملک فتح کرنے کو باقی نہ رہا اُس کے آنسو نکل پڑے تھے۔

— شاہ پرشیا کو مصوری میں بڑا دخل ہے۔ اب سے ۱۰ سال نے ایک دستی تصویر جال میں ایک اونٹ اور ایک گدھے کی کھینچی تھی جو طہران میں عام طور پر دیکھی گئی۔ اور بڑی داد و واہ ہوئی۔

پیسہ اخبار

نمبر ۴۲ | یوم شنبہ ۱۰ نومبر ۱۸۹۴ء مطابق ۱۱ جمادی الثانی سنہ ۱۳۱۲ھ موافق ۲۸ کاتک سمت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

لنڈن میں پاگل - لنڈن میں ۹ پاگل خانے اور ۱۱ ہزار پاگل ہیں - ان کا سالانہ خرچ ۴۰ لاکھ پونڈ ہے - ۱۷۰۰ سو ملازم ان کی تیمارداری کے واسطے مقرر ہیں - ان کے سوا پانچ ہزار پاگل ہمیشہ کام کرتے رہتے ہیں - پانچوں پاگل خانوں میں مختلف کارخانے ہیں - بڑھئی کے بنانے والے - درزی وغیرہ کا کام ہوتا ہے - ہر ایک کے متعلق کھیت ہیں جہاں غلہ اور مختلف اقسام کی ترکاریاں پیدا ہوتی ہیں - سال گزشتہ میں ان کھیتوں سے ۱۵ ہزار پونڈ کی پیداوار ہوئی - پھیلہ اور رختوں کے تختے - دو کھیل کے میدان اور گرجا وغیرہ جدا ہیں - محکمہ کمسریٹ کا خرچ ایک لاکھ پونڈ سالانہ کا ہے - جہاں ۱۰ لاکھ پونڈ گوشت - ۴۰۰ لاکھ پونڈ روٹی - ۳۰۰ لاکھ پونڈ آٹا - ۲۵۰ پونڈ آلو اور ۱۰ لاکھ بوتل دودھ صرف ہوتا ہے - بجلی اور گیس روشنی - پانی کا کھینچنا - کھانا پکانا - کپڑے دھونا - معدنی پانی شراب نکالنا وغیرہ یہ سب کام پاگلخانوں میں ہوتے ہیں ؛

امریکہ میں ۱۰ لاکھ اور چین میں ۲ کروڑ ۵۰ لاکھ چھڈ باز ہیں ؛

سنہ ۱۸۹۱ء اپریل - مئی وجون سال حال میں پنجاب میں باہر سے ۱۰۰ من ہلدی آئی اور ۶۷۰ من نیل اندر آیا اور ۱۴۸۰ من باہر گیا ؛

سنہ ۱۸۹۲ء میں کابل کے ساتھ صوبہ پنجاب کی تجارت میں ۱۰ لاکھ کی کمی ہوئی - اور سنہ ۱۸۹۱ء میں پنجاب کی تجارت کشمیر کے ساتھ بالمقابلہ تمام تجارت بیرونی صوبہ مذکور کے فی صدی ۵۰۱۱ نافعت ہوئی تھی مگر سنہ ۱۸۹۲ء میں اور سنہ ۱۸۹۳ء تک کم ہو گیا ؛

بابت متعلقہ میونسپلٹی شملہ کے پھل اور پھول کی فروخت کا سالانہ آملی ۱۰ ہزار روپئے سے زائد ہوتی ہے ؛

ناردھ ویسٹرن ریلوے کی آمدنی یکم اپریل سے ۱۳ - اکتوبر تک ۱۶۲۷۰۰ روپئے ہوئی - بمقابلہ اسی مدت سال گزشتہ کے ۱۰۶۹۰۰ روپئے کا اضافہ ہوا ؛

صوبہ مدراس میں ۲۲ لاکھ ۵۰ ہزار مسلمان اور ۳ کروڑ ۴۰ لاکھ ہندو ہیں - مالابار میں فی صدی ۳۰ مسلمان ہیں ؛

مہاراس سٹینڈرڈ بینک رافریقہ ہے ۴۰ سال کے عرصہ میں سنہ ۱۸۶۴ء سے سنہ ۱۹۰۴ء تک ۶۲۵۰۰۰ پونڈ کا ہیرا بار ہو گیا - اور باوجود اس کثرت کے ہیرا کی قیمت کم نہیں ہوئی سنہ ۱۸۶۴ء میں فی قیراط ایک پونڈ تھا - سنہ ۱۹۰۴ء میں ایک پونڈ ۷ شلنگ ۹ پنس ؛

سنہ ۱۸۶۴ء سے اس وقت تک سپین میں ۱۰ بادشاہ اور سنہ ۱۸۷۱ء سے سنہ ۱۸۷۳ء تک ۴ بادشاہ تخت پر بیٹھے - اور سنہ ۱۸۷۳ء سے اگلستان میں ۲ بادشاہ گزرے اور سنہ ۱۸۹۴ء یعنی سال حال وفات پیٹر اعظم سے روس میں ۱۲ بادشاہ گزر گئے اور باقی جو موجود ہیں ان میں سے بھی کوئی ایک عمر طبعی

مذاق

ایک سرشتہ میں دو شخص امیدواری کرتے تھے - اتفاق سے دونوں کا رنگ سیاہ تھا - مگر ایک کا کسی قدر چھیکا دوسرے کا تیز - ایک مرتبہ ایک جگہ خالی ہوئی - افسر سررشتہ نے دونوں کو بلا کر شخص اول سے پوچھا کہ کہو میاں تم دونوں میں سینیئر بڑا کون ہے ؟ اس نے کہا کہ حضور تمام باتوں میں تو میں ہی سینیئر ہوں - مگر ایک خاص بات میں یہ مجھ سے بڑھے ہوئے ہیں - پوچھا - وہ کیا ؟ - جواب دیا کہ صاحب ان کا رنگ مجھ سے بھی زیادہ شوخ ہے - افسر اس ظرافت سے بہت خوش ہوا اور فوراً اس کی تقرری کی رپورٹ کی ؛ (سعید الحق از قصبہ ماری ضلع سیتاپور)

ایک زمیندار اپنے ساہوکار کے ہاں سے ایک ہمیانی روپیوں کی چرا لایا لیکن گرہ نہ کھول سکا - درحقیقت ہمیانی کی گرہ رازدار ہوتی ہے اور عام لوگ آسانی سے نہیں کھول سکتے جب کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آئی تو اسی ساہوکار کے ہاں چلا گیا اور اس کے نقصان پر اظہار افسوس کے بعد کہا کہ خاطر جمع رکھئے جس کمبخت نے چرائی ہے وہ بھی گرہ نہ کھول سکیگا - شاہ جی بولے کہ مجھ سے ایسی کیا پڑی ہے کہ گرہ ہی کھولے - دراتی یا چاقو سے کاٹ دیگا - زمیندار ہنس پڑا اور وہاں ہاں کرتا اٹھ کھڑا ہوا - دروازہ میں کہا - "الحمد للہ - آپ کا جوتا اور آپ ہی کا سر" ؛ (دول سنگھ سکول ماسٹر)

ایک سپاہی ایک سردار کے پاس گیا - اس سے گھوڑا مانگا - کچھ مدت کے بعد سردار صاحب نے گھوڑا یاد فرما دیا جس کے خصیے بھاری تھے - سپاہی نے کہا "یہ نہیں کوئی اور دو" - انہوں نے وہی دیا - ایک دن سردار صاحب باغ میں سیر کرنے کے لئے گئے - سپاہی کو خبر ہوئی - یہ بھی گھوڑے کے گلے میں گھنٹا باندھ کر ان کے راستہ میں چلا گیا جب سردار صاحب واپس آئے تب سپاہی بھی اینٹیں ہلا ہلا کر گھنٹے بجانے لگا - جب سردار صاحب نزدیک آئے تو انہوں نے پوچھا کہ "سپاہی سے کیا کہتا ہے" - وہ دونوں ہاتھ جوڑ کر کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا کہ سردار صاحب گھوڑے کا پیچھا بھاری تھا اور آگا ہلکا - اس لئے اینٹیں ڈالتا ہوں تاکہ وزن برابر ہو جاوے - سردار صاحب ہنسے اور گھوڑا تبدیل کر دیا - (فضہ نصیر حیدرآباد) ؛

ایک لڑکے نے اپنے ہم جماعت سے کہا کہ تم کس ملک کی مولی ہو - اس نے جواب دیا کہ میں اپنے باپ کے باغ کی مولی ہوں (جہانداد ہاشمی سیالکوٹ) ؛

عجیب عجیب باتیں

بندر تمباکو پیتا ہے - بندر ایسا جانور ہے کہ انسان کے کام کو بہت جلد سیکھ لیتا ہے - اکثر بندروں کو لوگ نشہ پینا سکھا دیتے ہیں اور وہ اس کے عادی ہو جاتے ہیں - ایک شخص نے بندر کو افیون پینا سکھایا تھا جب اس کو معمول پر افیون نہ ملتی تو اس کو جمائیاں آتیں اور بعینہ ویسی ہی بری حالت ہوتی جیسے انسان کی عمل نہ ملنے سے ہوتی ہے - پیرس کے بندر خانہ میں چوکیدار اکثر بندروں کو سگار پیتے ہوئے دیکھ کر تعجب کیا کرتا تھا - آخر کار اس نے چند لڑکوں کو کچھ پیسا جو روز ان بندروں کے لئے سگار لایا کرتے تھے - اور چوکی نہیں میں ان کا چالان کیا ؛

عجیب زرہ - پروفیسر لاس نے دو زرہ بکتر تازہ ایجاد تیار کئے ہیں - جن میں امتحان سے ثابت ہوا کہ نہ گولی اثر کر سکتی ہے اور نہ خنجر اور چھرا کام کر سکتا ہے - ان میں سے ایک ۱۲ - انچ مربع اور ۱۰ - انچ دبیز اور ۲۰ پونڈ وزن دار ہے - دوسرا ۱۲ - انچ مربع ۱۴ - انچ سے از ۱۰ - انچ موٹا ہے اور وزن اس بکتر سے جو پہلے ایجاد کیا تھا ۲ پونڈ کم ہے ؛

عورت کا مرد ہونا - علاقہ الپائن میں ایک لڑکی لارنز پہلے مدرسہ میں اس کے بعد میڈیکل کالج میں اپنی جوانی تک تعلیم پاتی رہی - ایک یاد داشت کا خوصہ گزرا کہ اس نے خود کو مرد ظاہر کیا اور دو تین مفتوحہ ہوئے کہ ایک عورت کے ساتھ شادی کی اور فوجی ملازمت میں اس کا نام درج ہوا - یہ لڑکا عورتوں میں ان کا ہمجنس بن کر اس عرصہ دراز تک جانا آتا رہا - دبنے تکلفی سے ملتا رہا - چہرہ اس کا عورتوں کے چہرے سے مشابہ تھا اور داڑھی مونچھ کا کوئی نشان نہ تھا - اگر ایک عورت سے اس عشق ہو جاتا تو شادی بھی اس سے کر لیتا - مگر ظاہر نہ کرتا - مگر معلوم ہوا کہ اس کے والدین نے اس کا نام بعد الوفات لڑکیوں میں درج رجسٹر کس درج کرا دیا ؛

عجیب جنون - پیرس میں ایک نہایت حسین عورت اس جرم میں گرفتار ہوئی کہ رستہ میں جو شخص اس کو نظر آتا تھا اس سے پٹ جاتی تھی اور مرمت ہوتی تھی - بعض کم بخت مردوں نے پولیس میں اس کی شکایت کی - ایک کانسٹبل اس کے مکان پر بھیجا گیا - اس کے ساتھ بھی وہی سلوک ہوا - سب کمشنر آئی کچہری میں جب پہنچی تو اس کے ساتھ بھی اس نے وہی کارروائی کرنے کی بہت کوشش کی لیکن اس سے باز رکھی گئی - مجسٹریٹ نے جرمانہ مقرر کیا - گھوڑی کا کام کرنے سے انکار کر دیا - گھوڑی کا مالک گھوڑے کی جگہ گاڑی میں جوتنا شروع کیا گیا ہے - مگر اس وحشی جانور سے کام کرنے

تندرستی ہی دنیا کی بادشاہت ہے

تمام گورنمنٹوں کو معلوم ہے کہ محمد امام الدین ہمدرد کی دواؤں کا کارخانہ ۱۸۸۶ء سے امرتسر میں قائم ہے اور اسکی تمام دوائیں اچھی اور خالص ہیں۔

ڈاکٹر اے آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۵ اگست ۱۸۸۶ء

امرتسر کے بعد یورپین نے ایک بڑے شہر میں کوئی اپنا دواخانہ نہیں کھولا اور اسی وجہ سے کہ ہندوستان میں ایسی دوائیں نہیں ملتیں جو یورپین کے لئے مفید ہوں۔ میں نے ہمدرد کی دواؤں کا امتحان کیا ہے اور ان کو بہت اچھا پایا ہے۔ میں ان کو یورپین کے لئے بلا تامل تجویز کرتا ہوں۔

ڈاکٹر ایچ ڈی ایچ ایم ایس ایسٹ انڈیا ریلوے امرتسر ۱۸ مارچ ۱۸۸۶ء

ڈاکٹر ڈی ایم سنگلے

کچھ حضرات ایسے بھی ہیں جو خود اپنی تعریف آپ کرنے سے نہیں چوکتے۔ کچھ ایسی سفید پوش اور ان کی خود ستائی ایسی بھلی معلوم ہوتی ہے کہ وہ خود اپنے منہ میاں مٹھو بننے پر بھی کفایت نہیں کرتے اور ہمسایہ یعنی سے دوسروں پر منہ آتے ہیں۔ ایسے حاسد ہر کسی کو بھی کھاتے ہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ وہ دیار فقدان ہے اور اصل جاہل بھی ظاہر ہے اول مرتبہ من ملا تو ما تو ملا کا نسخہ تھا اور امرت دھارا میں اگر کوئی دوائی کا کوئی اچھا خاصا اس کی ترقی کو دیکھ کر اور بھی بعض لوگوں نے ہماری تقلید کی۔ اور تقدیم اور پیشہ ستی کر کے ملک میں ایسا نظام

محمد عبدالحکیم خان ایڈیٹر و مہتمم امرت دھارا

پرچہ ہذا کے متعلق تمام خط و کتابت اسی پتہ پر کرنی چاہیئے

ہمارا کام چاہیئے ہیں۔ ہم تمام لوگوں کی طرح ہیں کرتے ہمارا اصل مقصد کہ ما تعارفوا کا تعارف سے کام۔ نہ لین تحریر ہماری تعریف لوگوں سے کرائے دلیل لوگوں نے یہ طریق اختیار کر کے ایک سہل اشتہار کا طریقہ نکالا ہے۔ کچھ ہمارا کوئی مشکل نہیں کہ ہم اس شخص کو اشتہار دینا شروع کر دیں جس کی شہادت کو ہم نے بنیاد بنا کر تعریف کی ہے اور یہ بھی

حبوب خیری

ان گولیوں نے کثیر الفواید اور سریع التاثیر ہونے میں جس قدر شہرت ہندوستان کے سرکاری اضلاع اور ریاستوں میں غرق سے غرب تک، اور جنوب سے شمالی تک حاصل کی ہے اپنے استعمال کی عام سفارش کی ہے (۱) ہر قسم بخار کی حفظ صحت کی شرطیہ ضامن (۲) عام جسمانی کمزوریوں کی دافع اور مقوی بدن (۳) اعصاب کو طاقت و پختہ دماغی سرعت انزال۔ جریان منی کثرت احتلام کو دور کرنیوالی (۴) جانی کی غلط کاریوں اور بے احتیاطی کے نقصوں کی مزیل (۵) کثرت مجامعت اور دیگر فواحش سے ناکارہ شدہ نوجوان کی معین (۶) مدرسہ کے طالبعلم اور سکول ماسٹروں اور امتحان کے امیدواروں۔ وکلا اور عام مطالعہ کرنیوالوں کے دماغ کی خادم (۷) پیرانہ سالہ کے ضعف اور اعضا کیواسطے عصا پیری۔ فی بکس ۴۰ گولی عہ

روغن طلا

کمزوری عضو کیواسطے جوانمام جوانی کی غلط کاریوں سے ہوگیا ہو اسکا جسم رکھتا ہے اگر حبوب خیری کا استعمال اسکو ساتھ ہی توڈل فایدہ ہوتا ہے فی شیشی (عہ)

عرق طحال

اس کی کیلئے نہایت مفید۔ ملاکہ شلغم میں کرکے پینے سے اسکا استعمال ہوا ہے پرانی بیماری کیواسطے عرق اور حبوب دونوں استعمال کریں قیمت شیشی عہ

حب ذیابیطس

پیشاب کا بار بار آنا تشنگی لاغری بدن اعضا سکتی کے لیے میں بے نظیر ہیں قیمت فی بکس ایکسو گولی

حب قبض کتا

قبض کیلئے نہایت سریع فائدہ پہنچانے والی ہیں ممکن ۴ گولی ۱۲

روغن حبوب برائے جمیع الامراض

روغن مالش کیلئے عہ جسم کیواسطے

روغن سرو کاں

ہم پہنچی ہوا بانظر کے ذکر کیا ہوا ایک قطرہ سے نور آلام ہو جاتا ہے اور پھر درد کبھی نہیں ہوتے فی شیشی (۱۰ر)

جوہر عشبہ

یہ مرکب امراض دل کیواسطے نہایت مفید ہے آشک (خواہ کسی قسم کا ہو) خفقان۔ درد گھنٹہ پہوڑا پھنسی سوداج حلق۔ ضعف معدہ۔ درد اعضا (جو کہ شدہ پارہ وغیرہ کے استعمال سے عارض ہو) فساد جوش۔ داد۔ بدبو۔ خارش جسم یا بدن کا سیاہ ہو جانا وغیرہ امیں ایسی جراثیل ہیں کہ صفراوی اور سوداوی طبیعت والوں کے لئے مفید پڑتا ہے اور لطف کہ خوش ذایقہ ولایتی کے تیار شدہ عرق عشبہ کی نسبت قیمت میں ارزاں اور فسلید میں زیادہ۔ قیمت فی شیشی کلان عہ خورد

روغن دافع سوزاک و قرحہ

اس سے ۳۶ گھنٹہ کے اندر جلن۔ پیپ۔ پیشاب کا بار بار آنا بند ہو کر اور ایکہفتہ کے اندر صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے قیمت بہت کم فی شیشی۔

پکٹورل بام

کہانسی خشک تر اور کالی کہانسی نزلہ۔ زکام۔ دمہ آواز کا بیٹھ جانا گلہ امراض کیلئے از حد مفید ہے قیمت شیشی خورد (۱) کلان چار چند عہ

حبوب طحال

جگر اور طحال کے امراض کو یہ گولیاں از حد مفید ہیں فی بکس ۴۰ گولی (۱۲ر)

حب بواسیر

خونی ہو یا بادی دائمی قبض مسون کے درد کو بہت جلد فایدہ دیکر صحت کلی ہو جاتی ہے فی بکس ۳۶ گولی۔ قیمت عہ ۴ر

حب مسک

ان سے ضعف یا قبض نہیں ہوتا فی گولی (۴ر) فی بکس (۱۵ر)

حیات پوڈر

درد گردہ۔ ریگ شانہ۔ درد مثانہ بالخصوص درد گردہ کا دورہ ہو تو ہر حالت میں فی شیشی۔ (عہ)

سرمہ خیری

جالہ۔ حبہ آشوب چشم۔ پہولا۔ شعری وغیرہ عوارضات چشم کیواسطے اکسیر ہے حکم کہا ہے سد اللہ عام کی فاطر قیمت کم رکھی گئی ہے فی تولہ (عہ)

منجن دانتون کا

دانتوں کے مواد اور رانکی ضرور کار آمد پکٹورل مسواک کے ہمراہ استعمال کرنے سے عام بیماریوں جو دانتوں میں ہوتا ہے دور کرنے ہوں وغیرہ وغیرہ سے بچا رہے بڑی خوبی یہ کہ دانت موتیکی طرح خوبصورت اور مضبوط ہو جاتے ہیں اور کرم خوردہ دانتوں از حد مفید ہے قیمت فی بکس (۸)

سارمنگ ط

ان سے کچھ رغبت ہے۔ مگر مدرسہ نفرت ظاہر کرتا ہے۔
(علی محمد طالب علم ایف اے کلاس ملیگڈھ)

انتقال: کل وقت ۳ بجے کے ۱۲ اکتوبر کو نشی احمد جان صاحب
اکسٹرا اسسٹنٹ مشنہ بہاولپور دہلی نے اس عالم سے انتقال فرمایا
اس لائق۔ ہوشیار اور ہر دل عزیز افسر کی وفات حسرت آیات سے
ہر کہ و مہ ہندو اور مسلمان کو نہایت قلق ہے چنانچہ ۱۲ اکتوبر کو تمام
دفاتر اور عدالت ہائے ضلع منشی صاحب مرحوم کی وفات کے
باعث بند رہے۔ آجکل یہاں بخار کی نہایت کثرت ہے۔ وجہ
یہ معلوم ہوتی ہے کہ صفائی کا انتظام درست نہیں ہے محلوں کے
گلی کوچوں میں نجاست کے ڈھیر پڑے رہتے ہیں (میاں محمد کاکے
سبی (بلوچستان)۔ شہر میں چیچک کی کثرت ہے۔ کل رات کو
چوروں نے ایک دہرم سال کو نقب لگائی۔ جو کچھ ہاتھ لگا لے نکلے۔
تین بجا تھا اور ہی گنے گئے تھے ہاتھ پیرے۔ کہ مالک مکان جاگ
پڑے تھے۔ مگر فریب دے کے شام کے ایک بڑھیا نے پیپل کے پیچھے
سر رکھ کر خود کشی کی۔ باعث یہ تھا کہ ایک دکاندار نے اس کا
زیور روپیہ چرا لیا تھا۔ نقش کہ تین دن تک لاش نکالی گئی۔ گرچہ
وفنانے پڑا تھا۔ کے بعد آگ لگی سر الگ تھا اور باقی جسم الگ۔ پولیس
تفتیش میں ہے۔ جس حوالدار کی گارد سے خزانہ بھی ہے پہرہ دار فن
نہری رائفل چوری گئی۔ نہیں اسکو ماہ اور سپاہی کو چار ماہ قید
ہوئی۔ ایک گھر ہی پیپل کے نیچے کھل گیا۔ جو کچھ فاصلہ تک انجن کے
(ہمراہ دوڑتا گیا۔ تھا۔ (راج معدنی بورڈ ۱۳ ستمبر)

سبی (بلوچستان) ۱۲ اکتوبر کو سیشن سے ایک شخص
متعلق ہوا۔ قاتل کا پتا نہ لگا۔ پولیس تفتیش میں ہے لوڑالائی لائین پر
چند دن سے چوری ہوتی تھی۔ ۱۲ اکتوبر کو ۱۲ بجے دن کے اس
سپاہی کو جس نے پلٹن نمبر ۱۲ لوڑالائی سے ۱۲ روپیہ چرایا تھا۔ دو سال

کی قید ملی۔ اور حوالدار بری ہوا (۱۳ اکتوبر)

ـــ کنکھل ضلع سہارنپور سے ایک مہاجن شکایت کرتے ہیں
کہ وہاں کی چوکی پولیس کا انتظام ٹھیک نہیں۔ لوگوں کو وارداتوں
کی رپورٹ تک لکھوانے میں دقت ہوتی ہے۔

ـــ بابو موتی رام صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ محکمہ جنگلات بہاں ڈویژن
انبالہ چوڑے اچھے آدمی ہیں۔ ۱۲ اکتوبر کو دو شکاری پر سوار ہو کر کہ
جنکو مراجیاں کہتے ہیں دریائے ستلج سے گذرنے لگے۔ منجدھار
میں پہنچکر کہا ان بابو صاحب الٹ گئے۔ مگر زندگی باقی تھی کہ ایک
مرتبہ اوپر کو دریوں ہوا تھا پڑا گیا۔ کنارہ سے ہیراک لوگ کود کر انہیں
بچا لائے۔ بابو صاحب نے اس بڑے سے بچ جانے پر کہ غریبوں کو بہت
خیرات کی (میاں شام سنگھ مقام پنہانہ ضلع ہوشیارپور)

خوفناک حادثہ۔ ۱۲ اکتوبر کو قریباً ۱۰ بجے صبح ایک نوجوان شخص جو عرصہ
دو ماہ سے ملازم ریلوے آر۔ ایم۔ آر۔ ریلوائی فیروزپور سٹیشن
فاضلکا میں انجن صفائی کرنے پر تھا بقضائے الٰہی انجن پر سے گر
کر انجن مذکور سے کٹ گیا جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے قضائے
نے ہی اوسکو اس ملازمت کے واسطے سفارش کی تھی۔ حالانکہ اوس
کا چچا بھی اوسوقت اوس انجن کا جواہ اوسکا قاتل بلکہ عزرائیل سمجھا
جاتا ہے۔ ڈرائیور مگر موت کی آگے کسکے چارہ ہے (خاکسار گرنتھی فاضلکا)

خانہ خدا پر سخت حملہ۔ ۱۲ ضلع شاہ آباد محلہ چک ٹولی میں ایک
مسجد اہلحدیث واحناف کی شرکت میں تعمیر ہو رہی تھی فریقین ناتمام
ہی مسجد میں نماز پنجگانہ پڑھنے لگے تھے کہ احناف نے اہلحدیث کو
مسجد سے بیدخل کرنے پر آمادہ ہو کر نماز سے روک دیا اہلحدیث
نے محکمہ زمینداری میں چارہ جوئی کر کے دیوانی میں دعوی رجوع
کیا منصفی سے ڈگری ہوئی اور اپیل سے بھی حکم بحال رہا اسی
اثنا میں احناف نے اپنے اکابر کے مشورہ سے دیوانی میں اوس
خانہ خدا کے ڈھا دینے کا دعوی رجوع کر دیا کہ اونچا ہے بانس نہ بجے
بانسلی آہ نڑا یہ کیسا قیامت خرانجام ہے۔ جسکی نظیر شاید
اسکے پہلے دنیا میں نہیں ہوئی ہوگی۔ آج ۱۲ اکتوبر ۱۹۰۷ء کو
خود گھر والے زمین و آسمان کے بادشاہ نے اپنے گھر کی آپ مدد
کی اور اپنے گھر مسجد کے ڈھانے کا دعوی ایک منصف مزاج ہندو
حاکم کی قلم سے ڈسمس کرا دیا (شیخ محمد ہادی)

حمالک متوسط۔ تپ و لرزہ تو اجکل عالمگیر ہے لیکن ممالک
غربی و شمالی میں شاید اس سال کوئی مقام ہیضہ سے بچا ہو۔
خطوط و اخبارات سے ہر جگہ اس کی شکایت اور فریاد پائی جاتی
ہے بڑے تعجب کا مقام ہے کہ برعکس ممالک کے یہاں ہیضہ متعلق
نہیں آیا۔ کمی بارش کی شکایت البتہ کسی کسی مقام پر سنی جاتی ہے
(راقم مسافر)

ـــ مسٹر گرین وڈ صاحب سکرٹری ڈسٹرکٹ بورڈ ضلع سیالکوٹ
کی خدمت میں عرض ہے کہ جو سڑک ریلوے سٹیشن پورہ کر غوط
فتح گڑھ اور وہاں سے نارووال کو جاتی ہے اسپر گڑھی دولت
نہیں۔ جس سے موسم گرما میں مسافروں کو سخت تکلیف ہوتی
ہے (سکندر اعظم خاں سوہرگ)

ـــ ضلع روہتک قصبہ جہجر میں بسبب بدلو دار ہونے اقتصاب نے
اپنی زوجہ مسماۃ سکینہ کی گردن میں چھری پھیر دی جس سے
خون نکل آیا مسمی بدلو دار ہونے کی سزا بھگت کر بہانہ جہجر میں

رپورٹ کرائی اور ایک حوالدار اور دو کنسٹبل کو تحقیقات کیواسطے
ہمراہ لے آئی پولیس نے قصابیوں کے بیانات لے کر
تحقیقات شروع کی اور شام کو بدلو قصاب اور اوسکی بیوی
مسماۃ سکینہ وہانہ میں لے گئے مسماۃ سکینہ زندہ بدلو اپنے
جہجر میں موجود ہے اور بدلو حوالات میں ہاں ہی کچھ مقدمہ نہیں
ہوا۔ یہ کہنے پولیس چالان کرتی ہے یا نہیں (ایک اہل شہر)

افسوس۔ سید حسن شاہ صاحب محدث رام پوری نے
بتاریخ ۱۲ صفر ۱۳۲۵ھ رحلت کی آپ کی ذات جامع الصفات
سے رام پور کو رونق تھی ایسے برگزیدہ صفات انسان کہاں
پیدا ہوتے ہیں اس واقعہ کا صدمہ جہاں تک ہو۔ تھوڑا ہے
اہل رام پور ہی پر کچھ موقوف نہیں بلکہ جو کوئی شخص شاہ صاحب
مغفور سے واقف ہے اس خبر کو سنکر کف افسوس ملے گا۔
راقم مغموم

ـــ سیالکوٹ سے ایک عرض صاحب مرزا صاحب
قادیانی کی پیشین گوئی کے متعلق ایک لمبی چوڑی مذیل نظم بھیجی
ہیں جسمیں سے صرف چند مصطر بطور نمونہ درج کیجاتی ہیں۔

کیسی گذری کیا ہوا مرزا جی (اکتوبر کی سات) ہاں کہاں کہ تھا آپکا
مرزا جی (اکتوبر کی سات) ظرف ۱۲ ہے ابھی زندہ خدا کے فضل سے
سلطان بیگ ۱۲ اور تھی تیری قضا مرزا جی (اکتوبر کی سات) اسم
بڑھنے کا تاریخ کے ہامش ہے کیا فرمائے وہ کیا خدا شامل میں تہا مرزا
جی (اکتوبر کی سات) ظرف ۱۲ (ہاں) ہاں دن تو اکاگو جے میں
نشانہ گیا ۱۲ تو سیخو نکا ہذا مرزا جی (اکتوبر کی سات) ظرف ۱۲ تھی
ستمبر کی چیٹی کی ہی سہا ہی بقدارہ ۱۲ اپہ اب تک کر دیا مرزا جی
(اکتوبر کی سات) فاضل ۱۲ آدمی بوڑھا ہو جوں جوں حرص ہوتی ہے
جوان ۱۲ ہنی اسی کی مقتضا مرزا جی (اکتوبر کی سات) سات اکتوبر والا
الہام ۱۲ تہا مرض عشق النساء کا ابتدا رہی ہے تجھے ۱۲ یہکو یہ ثابت
ہو امرزا جی (اکتوبر کی سات) ظرف ۱۲ (راقم مرزا جی رسالکوٹ

ضلع فیروزپور۔ امسال بیلہ دسہرہ تحصیل مقتسر ضلع فیروزپور
از سر نو مجوز ہو کر چندہ جمع کر کے رام لیلا کی گئی۔ رہ بیہ کل تین سو
پچاس جمع ہوئے ہیں۔ چونکہ دن تھوڑے باقی رہ
تھا اور ہر آہی نہ تیار ہو سکیں صرف نابوت سے تیار کرکے کو
گئے۔ الا ہجوم مردان و زنان بچن وغیرہ اور آتشبازی کا سامان اچھا
ہو گیا۔ فاضلکا میں کچھ دنوں سے چل رہی ہے بخار کی شکایت
کثرت سے ہے۔ اگرچند ایام تک بارش نہ ہوئی تو اندیشہ بیماری
کی زیادتی کا ہے ۱۲ الراقم۔ آپکا بانی زمند گوہر خاں سمہ ۵۰۶

ـــ ضلع اٹاوہ اور کانپور میں گذشتہ ہفتہ سے برابر بارش
ہو رہی ہے۔ بیماری کا تو نام و نشان کہیں نہیں رہا ہے
مگر فصل کپاس اور باجرہ کا بہت نقصان ہوا اور ہو رہا ہے
مکانات بہت گر رہے ہیں۔ خلق اللہ بہت واویلا مچا
رہی ہے۔ اگر چند روز یہی حال رہا تو ہر گانوں مٹی کا لوندہ
بن جائے گا۔ اس مصیبت کے وقت میں بہت سے
بے فکر آدمی اس طرف آنا گیت بہت گاتے ہیں
دفتاب سنڈیکیٹ اور سمہ ۱۲

ـــ لکھنؤ میں ۱۲ کمار کھ اور ۱۲ سمہ ۱۲ روز بروز بڑھتی جاتی
ہے ۱۲

[illegible] ہے پر منحصر ہے۔ جس داخلہ میں اس کے علاوہ سالانہ چندہ مقرر کیا گیا ہے اور امدادی چندہ جو صرف اس مہینے میں ایک اضافی چندہ لیا جائے جس میں کسی ممبر کے ہاں شادی قرار پائی مثلاً جو فیل ہونے کے موافق حسب ضابطہ ممبر طلب کیا جاوے گا۔

۱ روپیہ ماہوار تاریخ داخلہ سے دس برس کے بعد تنسیل حاصل کیا جاوے گا

۲ " " ۸ " "

۳ " " ۶ " "

۴ " " ۴ " "

۵ " " ۳ " "

۶ " " ۲ " "

۷ " " ۱ " "

اس روپیہ کا امدادی چندہ دینا مقرر کیا گیا ہے اس کی ادائی سے [illegible] بعد آئندہ جب کسی ممبر کے ہاں شادی وقوع پذیر ہو گی تو اس کو ادا کرنا ہو گا۔ اور اگر مدت مذکورہ کے اندر تنسیل نہ ہو سکے تو [illegible] بھی لے سکتا ہے۔ جمعہ گذرنے سے قبل کسی کو کوئی چندہ ادا کرنا [illegible] ضمنی قواعد کے ملاحظہ سے پورا پتہ لگ سکتا ہے۔ جو چھپنے کے [illegible] شائع کئے جاویں گے۔ فضل محمد صاحب خزانچی مدرسہ دلکشا ہیں وہ براہ مہربانی اس صاحب کو جو کوئی روپیہ بطور چندہ [illegible] کے پتہ پر ارسال فرماویں کیونکہ ڈاکخانہ جات کے [illegible] کے لئے [illegible] ہے۔

(المشتہر) میر حسین احمد خزانچی انجمن ہذا

علمائے فرنگی محل اور آبائی مشہور عالم کا انتقال

جناب مولوی عنایت اللہ صاحب کے انتقال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] ہی رہ گیا۔ مگر ہائے افسوس اس کے عروج [illegible] صدمہ سے بچ جاتا ہے یہاں تک کہ وہ بھی [illegible] ہو گیا۔ [illegible] جن میں ہر شخص کی دلی [illegible] ہے پیشہ ہو گیا ہے بلکہ یوں کہنا زیادہ مناسب ہے کہ جو فرق آفتاب آسمان [illegible] ہوتا تھا اور جس کے نور سے تمام عالم فائض تھا ایک [illegible] تک تاریک و زوال میں ڈوب جاتا ہے۔ [illegible] ہر شخص [illegible] ہے۔ [illegible] جہلیان حور تمثال کا جلوہ اور کمالات صاحب کمال کا [illegible] تھا ایک [illegible] گورہیں سو رہا ہے) بھلا کسے یہ [illegible] حالات کو دیکھ کر [illegible] ہوں [illegible] ہو [illegible] ہے۔ [illegible] برف اور پانی سے رو رہا ہے۔ اس کے غم کی [illegible] عبرت اور [illegible] کے آثار پائے جاتے ہیں [illegible] کو [illegible] ہے۔ [illegible] کرتی ہیں ناظرین کو عبرت ہو گی کہ آخر اس [illegible] کیا ہے۔ افسوس ہے اس حال افسوس سے آگاہ کرنا ہوں کہ وہ شہر [illegible] ہے [illegible] العلم اور دار العلماء رہتا۔ یا وہ شہر جہاں [illegible] سلطنت کے صاحب کمال موجود تھے۔ وہ شہر جس کی [illegible] اہل [illegible] شجاعی اور اہل شہر کی [illegible] ہی پر دنیا [illegible] تک [illegible] تھی یعنی لکھنؤ [illegible] ہی [illegible] خصوصاً وہ محلہ جو اپنا آپ ہی نظیر تھا جس میں علم [illegible] وقت پر [illegible] زمان پیدا ہوئے تھے اس [illegible] جید [illegible] فانی اور [illegible] میں وہاں گزرتے تھے وہ محلہ کہ جس کو کوئی وہ شخص جس سے [illegible] پڑی ہو گی یا کچھ بھی ذوق رکھتا ہو گا ضرور [illegible] ہو گا وہ محلہ کہ جس کی شہ نشینوں کی طوق بڑے بڑے [illegible] کی گردنوں کو جھکا دیتا ہے یعنے فرنگی محل جہاں ہر قسم کے [illegible] کمال تھے اس کی واقعیت ہر شخص کو ضرور ہوئی۔ اب اس کا نظر دیکھئے [illegible] وہ محلہ جہاں مجمع کا مجمع علماء کا نظارہ تھا۔ جہاں طالبان علوم کی غول کے غول عشق کے عشق مثل تیر [illegible] دل کے بازاروں سے اور کوچوں کو گھیر لیتے تھے اس میں اب اگر دیکھا جائے تو مشکل سے پندرہ بیس آدمی نکلینگے [illegible] سال ہوئے گیا ہوں [illegible] جبھری میں یہاں اکیس موتیں ہوئیں جن میں سب لائق لوگ مرے۔ غیر ان کے معمولہ کا وقت گذر گیا حال کے موت جو کہ اپنے فضل و کمال میں سم باسمی اور اپنا آپ ہی نظیر تھے علم اور فن کے پورے پورے مہارت [illegible] کسی بات میں [illegible] نہ تھا [illegible] مولوی حاجی حافظ فضل اللہ صاحب جو اس وقت منطق میں فرد تھے کوئی عالم تھا جو منطق میں اس کا مقابل ہوتا۔ میں اوصاف انہیں [illegible] ہوں کیونکہ اخبار کے اخبار روزگار ہیں فرض یہ کرتا ہے روزگار اور خود [illegible] کیننگ کالج کے مولوی [illegible] تھے آپ کے والد ماجد رحمت اللہ صاحب ریاضی میں [illegible] اور مصروف ہیں آپ کے چچا مولوی رحمت اللہ صاحب بھی بہت بڑے ریاضی دان تھے اور نامی علماء سے تھے [illegible] رحمت اللہ [illegible] (انہیں کا سلسلہ) اور آپ کا خاندانی یہ فضل تھا کہ خود بھی بہت بڑے عالم اور بیس [illegible] شاگردان کے بہت ہیں کیونکہ فہرست ان کی جو فضل العلماء مولوی محمد نعیم صاحب سے معلوم ہوئے تو کئی جزو کی کتاب تھی اور پھر بھی مجبوراً مختصر کرنا پڑا۔ ۱۴ ربیع الثانی [illegible] بروز شنبہ کو مطابق ۱۴ - اکتوبر ۱۹۱۰ء کے وقت ۷ بجے شب کے انتقال فرمایا۔ صرف لکھنؤ کی حالت پر افسوس نہیں ہے بلکہ تمام ہندوستان اس افسوس میں شریک ہے۔ خیال کرنا چاہئے کہ کیسی حالت ہے مسلمان ہیں اور پھر عالموں کا [illegible] کا انتقال گویا زخم پر نمک کا کام دیتا ہے۔ سچ کہو دس بیس [illegible] رکاب گنج مولوی انوار صاحب کے [illegible] میں قریب اپنے [illegible] مولوی مراد اللہ صاحب کے دفن ہوئے جنازہ کے ساتھ [illegible] کا ہجوم تھا۔ پھر بھی بہتوں کو افسوس شرکت نہ ہونے کا ہوا۔ ہر شخص مزاج اخلاق سے [illegible] غارت تھی خواہ چھوٹا ہو خواہ بڑا ہو خواہ غریب ہو خواہ امیر ہر ایک ہی خلق سے ملتے تھے ۶۹ برس کا سن ہوا اور علم مولوی رحمت اللہ صاحب اور مولوی عبدالحلیم صاحب سے حاصل کیا اور بیعت طریقہ قادریہ شمس العلماء مولانا حافظ شاہ محمد عبدالرزاق صاحب سے تھے۔ مولانا کے صاحبزادہ مولوی حافظ حاجی شاہ محمد عبدالوہاب صاحب نے فاتحہ خوانی پڑھائی +

اب دیکھنے کو ان کے قائم مقام کون ہوتا ہے تمنا ہے کہ جناب [illegible] مولوی عنایت اللہ صاحب جو کہ کم عمری میں لائق اور فارغ التحصیل ہیں۔ ان کی محنت کے عوض میں اس عہدہ پر مستقل ہوں۔ ضرور ان کی محنت کا خیال حکام مدارس کو ہونا چاہئے فقط +

راقم - ا - ا - ایم - از لکھنؤ فرنگی محل +

قابل توجہ گورنمنٹ عالیہ

امید پیٹر صاحب پیرہ خبار لاہور تسلیم گذار ہیں کہ یہ گورنمنٹ ہمیں سب کچھ [illegible] ہندوستانی رعایا و ملازمان سرکاری کے [illegible] ایک بڑی شکایت ہے وہ یہ کہ اکثر تعلقات میں باوجود [illegible] کم ہونے کے کام بہت زیادہ ہے علاوہ اس کے نہایت [illegible] یعنے صبح کے چھ بجے کوئی محرر یا منشی آتا ہے آدھ رات کے دس بجے تک کام میں لگا رہتا ہے پھر بھی کوئی پوچھنے والا نہیں کوئی تعطیل تو ہے ہی نہیں امید کیجاتی ہے کہ اس بات پر حضور گورنمنٹ عالیہ ضرور فرماویگی۔ اور جہاں سے [illegible] تعلقات کو رہائی کی صورت ہو گی + (راقم - ش - سرخ - ہ - خیر خواہ گورنمنٹ عالیہ)

استعفا

میرے مہربان ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار سلمہٗ۔ السلام علیکم۔ انجمن محمدیہ روی مسلمان لاہور میں میرا نام بطور نائب میر مجلس قرار دیا گیا تھا مگر چونکہ اس کی کارروائی پر مجھے اطمینان نہ ہونے سے مؤسسین میں اُسے شامل کرنا یا نہ کرنا اختیار کرنا یا نہ ہونا اور ہر خاص و عام کو اطلاع دیتا ہوں کہ کوئی صاحب میرے خیال پر اس میں شامل نہ ہوں [illegible] نفع نقصان کو خود دیکھ لیں۔

بندہ امیر شاہ خان بہادر اسسٹنٹ سرجن - لاہور [illegible]

(جناب سید صاحب خان بہادر کی یہ رائے ہے۔ مگر ناظرین مطلع رہیں کہ انجمن کی کارروائی سنٹر خاطر خواہ طریق پر [illegible] ہے (ایڈیٹر)

نیکی بہ از گناہ لازم

کچھ عرصہ ہوا کہ ایک مسلمان صاحب سرکاری ملازمت میں ایک معزز عہدہ پر تھے میں اس [illegible] کیونکہ مسلمان [illegible] میں ملازم ہیں اس زمانے میں جبکہ اول اول ترقی [illegible] پر مکان کو نشر نصیب ہوئے تھے۔ اس مضمون کا خط لکھا کہ یہاں کے بعض اہل ہنود اس کوشش میں ہیں کہ آپ یہاں سے [illegible] جائے۔ اگر آپ کا اس میں کچھ نقصان مقصود ہو تو کوشش [illegible] سمجھ لیں۔"

ناظرین سخت متعجب ہوں گے جب انہیں یہ بتلایا جائے کہ [illegible] نیکی کے عوض میں بدلہ سے خبردار رہنا۔ کہ کیا اچھا [illegible] اُس کی اصلی جنم بھومی رانی کھیت میں ایک معزز ہندو کے نام واپس بھیج دی گئی بچہ کہ یہ صاحب اور ہندو جانتے تھے اس لئے بڑی چھٹی ایک اور ہندو صاحب کے پاس بھی پہنچی اگرچہ ان آخر الذکر صاحب نے کوشش کی کہ اس معاملہ کا [illegible] ہو مگر کامیاب نہ ہو سکا۔ یہ معاملہ [illegible] نہ رہا بلکہ رانی کھیت کے تمام مسلمانوں میں بھی ظاہر ہو گیا +

اب ناظرین ایڈیٹر پیسہ اخبار سے یہ التماس ہے۔ کہ آپ ایک دو منٹ کے لئے اپنے [illegible] چار سے خبردار ہونے کی پوزیشن [illegible] ہیں عرض کر کے [illegible] اپنی رائے دیں کہ آیا اس خبردار ہونے کو کہاں تک [illegible] پہنچا ہو گا اور یہ کہ اس کا [illegible] کرنا

انتقال سے سلطنت کابل میں انقلاب عظیم کا اندیشہ ہے۔ اس کے دونوں بیٹوں میں سے کسی میں عبدالرحمن خاں کے نصف کے برابر بھی حکومت اور انتظام کی قابلیت نہیں۔ حبیب اللہ جان اگر انگریزوں کا طرفدار ہے تو نصراللہ بان روسیوں کا ہوا خواہ کہا جاتا ہے۔ شاید ایسے وقت میں روسی اپنا رسوخ سرحد پر قائم رکھنے کے لیے زور دینا چاہیں تو انگریزوں کو ایوب خاں جیسے تجربہ کار جنرل سے کام لینا پڑے۔ قطع نظر ان انتظامی خرابیوں کے ایک بہت بڑی مصیبت افغانستان کے حق میں امیر عبدالرحمن خاں کے انتقال سے واردہو سکتی ہے کہ اس امیر نے افغانستان میں جس جنگی اور اصلاحی طاقت کی بنیاد رکھی ہے وہ ناتمام پڑی رہیگی۔ انیسویں صدی میں انگلستان کی دوستی اور مساعدت سے افغانستان ایسا کوہستانی اور یورپ کی تہذیب سے دور افتادہ ملک جو ترقی ساخت سلحہ جنگ۔ و تربیت افواج و انتظام ملک و سوسائٹی اصلاح میں کر سکا ہے وہ کوئی چھوٹی سی بات نہیں۔ اب اس بات کی عظمت پر نظر کرنے سے یقین ہو سکتا ہے کہ خداوند کریم کو منظور ہے کہ افغانستان کی حالت کو بدل دے اور اس کو ایک چھوٹی سی ایشیائی ریاست کے پایہ سے مستحکم ایک مستقل یورپین سلطنت کے درجہ تک پہنچا دے چنانچہ امیر عبدالرحمن نے اس کام کی تکمیل کا ذریعہ قرار دیا گیا۔ اب اگر امیر تو اس سمین سے موت دھیجہ کرے تو اندیشہ ہے کہ یہ سب کام ادھورا رہ جائیگا۔ اس سے تعجب نہیں ہے کہ شخصیت ایزدی اس سے اس کام کی تکمیل کرنے کی مہلت دے کہ جو اس کے ذمہ سپرد ہوا ہم پارہا ہے۔ ہماری نظر میں یہ خیال معقول معلوم ہوتا ہے کہ جبکہ یہ سب کام خدا کا ہے تو خدا جس کسی آدمی شخص سے ہاتھ میں اس کو رکھے گا وہی اس کی تکمیل کریگا۔ مگر جبکہ ہم تاریخ میں اس کی کوئی نظیر نہیں پاتے تو مانا پڑتا ہے کہ خداوند تعالیٰ کی یہ عادت نہیں ہے۔ دنیا کی تاریخ میں بعض بڑے بڑے کام کرنے والوں نے جب اپنے مشن کو پورا کر لیا ہے تو انہیں اٹھا لیا گیا ہے۔ یہ ہمارا خیال امیر عبدالرحمن خاں کے کام کی نسبت ہے۔ اور بالفرض اگر امیر اس مرض سے جانبر نہ ہو سکے تو جس حالت پر کہ وہ اپنا کام ایک حد تک ختم کر چکا ہے۔

اب دیکھنا چاہئے کہ اگر امیر اس مرض سے جانبر نہ ہو سکا تو کیسا انقلاب پیش نظر ہے۔ میری دوستی جو گورنمنٹ ہند کے ساتھ ہے وہ یقین دلاتی ہے کہ انگریز فوراً بلا کسی تامل یہ تکلیف کے شہزادہ حبیب اللہ جان کو افغانستان کا امیر بنا دینگے۔ لیکن یا تو حبیب اللہ جان کی ناتجربہ کاری یا کسی دوسرے مدعیہ امارت کی کوشش سے ممکن ہے افغانستان ایک خونناک خانہ جنگی کا سین نظر آوے کہ جو انگریزی اسلحہ کی مدد کے بغیر ختم نہ ہو سکے۔ افغان عبدالرحمن خاں کے سایہ میں بہتیری کی نسبت زیادہ تربیت یافتہ سپاہی ہو گئے ہیں اور پہلے سے اچھا بھی اچھی استعمال کرتے ہیں۔ پھر اگر ان کے مقابلے کے لئے گورنمنٹ کو بھی زیادہ طاقت خرچ کرنی پڑے تو کوئی ہی بات نہیں۔ اس قسم کے خیالات اس میں شک نہیں کہ امیر عبدالرحمن خاں کے انتقال کے خبر کے ساتھ فارن آفس اور گورنمنٹ ہند کے دل میں بھی ضرور آئے ہونگے۔ مگر تاہم ہم انہیں منحوس سمجھ کر رد کر دیتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ امیر صاحب ابھی بہت دنوں تک زندہ رہ کر افغانستان اور ہندوستان کی بہتری کو زیادہ مضبوط

مراسلات

شادی فنڈ پنجاب

پنجاب ہندو کشب سبھا یگ ہنڈارہ حقیقت ہندو یتیم بچوں اور بیوؤں کے واسطے ایک عمدہ ہنڈار جاری ہو گیا ہے۔ جس کی بدولت ممبر کے دفعتاً مر جانے سے اس کے نادار بیوی بچوں کو فاقہ کشی اور گداگری سے نجات مل سکتی اور پرورش ہو سکتی ہے۔ اسی طرح انجمن ہر ملی عیال و اطفال مسلمانان نفوذ ویگی یتیم بچوں اور بیوہ عیالی کی دستگیر ہے بلکہ خود ممبر کے واسطے نجات مصیبت مدد و معاون ہے۔ بہرحال ہر دو انجمنوں کے بانی ہر ملک کے دلی شکریہ کے مستحق ہیں۔ انہوں نے فی الواقع نہایت دور اندیشی کی راہ سے قومی فلاح و بہبودی کی بنا قائم کی۔ شاید کان پنجاب کے سربرآوردہ بڑا احسان کیا ہے۔

جس مبارک اصول پر یہ انجمنیں قائم کی گئی ہیں وہ ایک مشہور رسم یعنی دستار بندی کا دستور ہے۔ جو ہمارے ملک میں قدیم سے جاری ہے۔ چونکہ یہ رسم رشتہ داروں اور دوستوں ایک محدود اور اپنے ہی بین دین کا معاملہ ہے۔ اگر ایسی بندوں کو ایسے موقع پر کسی شخص کی طرف سے کچھ اضافہ مل جائے تو اس کی ادائگی ان پر فرض ہو جاتی ہے۔ اور جس حالت میں گھر سے کچھ ہوا بھی برآمد ہوتا ہے اور کبھی ہی صاحب جاہ بھی ہو جاتا ہے۔ بلکہ بعض اوقات ایسے موقع کے لوگوں میں رشتہ داروں کی باہم کشمکش پیدا اور ان میں ہو جاتی ہے۔ اس شے کے ایک کے لحاظ سے مذکورہ بالا انجمنوں کی برابری ہرگز نہیں کر سکتی۔ ان انجمنوں میں داخل ہو کر ممبر کو بہت کم ادا کرنا پڑتا ہے اور یہ ممبروں کو مستقل مدد مل جاتی ہے اور اضافہ وغیرہ کا کوئی دعویٰ نہیں رہتا۔

رسم دستار بندی سے تو صرف پس ماندوں کی امداد مقصد ہے مگر اس سے بدرجہا زیادہ قبنول کا رواج ہمارے ملک میں بیاہ شادیوں پر پایا جاتا ہے۔ جو اخراجات فصلہ شادیوں کے واسطے باہمی امداد کے طور پر ہوا کرتی ہے۔ ہر شادی والا قرضی کو اپنے خاندان میں کسی نہ کسی شادی کے انعقام کا ضرور موقع ملتا ہوگا۔ اور اوسکو معلوم ہوگا کہ مناسب اور واجبی اخراجات کس قدر نکل پڑتے ہیں اور اسوقت قبنول امداد جنسی کا کیسا کام دے جاتا ہے۔ واقعی قبنول کا دستور مفید اور قابل قدر ہے۔ اس سے ہمارا بوجھ بہت کچھ ہلکا ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کی آمدنی اخراجات کو مشکل سے پورا کر سکتی ہے اور کسی زمانہ ایسے اشخاص کی تعداد تو بے فیصدی سے زیادہ ہے۔ ان کو اگر قبنول کا سہارا نہ ہو تو کبھی حالت اور بھی ابتر ہو جاتا ہے۔ جن لوگوں کی آمدنی اخراجات کو پورا کرتی ہے وہ بھی اگر موقع پر چندے تو قرض لیکر اور اپنی جائداد علیحدہ کرنے کے سوا چارہ نہیں۔ چنانچہ اکثر اشخاص کی تباہی اور دیوالیہ کا باعث شادیوں کے اخراجات ہیں۔ پنجابی مثل مشہور ہے۔ "جنج نا نہیں کنجری نچدی تے ٹبر نچ مریا"۔

یہاں اعتراض ہو سکتا ہے کہ یہ سب فضول خرچی کا نتیجہ ہے اصلاح کے ہم بھی قائل ہیں لیکن ایسے ناعاقبت اندیش مصارف کو روکنے سے اور کفایت شعار کے مدنی والے لوگوں کی حالت پر غور فرمائیے۔ اسکے علاوہ ہر ایک قوم میں بجائے خود کچھ نہ کچھ اخراجات شادی پر ضرور دیا جا رہا ہے۔ بلکہ بعض اقوام نے مقدار خرچ مقرر کر دیا ہے۔ اور تواریخ و تہذیب سے بھی یہ بات ثابت ہو سکتی ہے۔ لیکن فی زمانہ جن اخراجات بیجا نے اختیار کر لیا ہے انکا کیا علاج ہے؟ اگر ہر رسم فضول کو بھی اخراجات شادی کا معاون سمجھ کر ترک کر دیں۔ اور بلا خرچ مہمانی بارات شادی ہونے والے زمانہ کا انتظار کریں تو ہماری حالت دن بدن تباہی اور مرنے کے بعد ہمارے عزیز و اقارب کی آئندہ شود مادر گیتی۔ اخراجات لازمی تصور کئے جاتے ہیں عموماً خوشی و خوشحالی برادری کا جمع ہونا اور ان کی مدارات ۲۲ دن کی پابندی دستور کے سوا ان کا بھی ہمدردی و ہمدردی کے ساتھ ہونا۔ اور ہر ایک کا اپنی حیثیت کے موافق ساز و سامان کرنا وغیرہ وغیرہ ایسی چیزیں ہیں جو ہمارے ملک کے واسطے ضروری ہیں۔ اگر ہر رسم فضول کو ترک کر دیا جائے تو ان کے بدلے ہمارے ملک میں کوئی نئی رسم ایجاد ہو جائے گی۔ اور ہر ایک شخص کو اس کی پابندی کرنی پڑیگی۔ اور اس کے ترک کرنے سے ہر ایک کو ملامت ہوگی۔ اور ہر ایک شخص کو اس کی پابندی کرنی پڑیگی۔ اور اس کے ترک کرنے سے ہر ایک کو ملامت ہوگی۔ اور ہر ایک شخص کو اس کی پابندی کرنی پڑیگی۔

سبھا ایک بندوبست ہے جس سے ہر ایک عیال و اطفال کی صورت فضل قائم کیجائے تو اشتعلگان پنجاب کو فائدہ پہنچے اور عزیزوں کی نیر باری سے نجات ملنے کی بہت کچھ امید ہو سکتی ہے۔ بڑی خوشی کا مقام ہے کہ لالہ بدری داس صاحب رئیس گوجرانوالہ جیسے پنجاب کے اکابر رؤسا میں سے اور ہمارے لائق پنڈت آسانند صاحب اور اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور ہمارے لائق رئیس کا ہنوواں سردار جھانڈا سنگھ اور جیونداصاحب نے مجوزہ چندے کے متعلق ایک کمیٹی مقرر کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ اور اپنی تعلیم یافتہ نوکری وغیرہ سے آزاد اور مشہور آدمی ہیں کہ فنڈ بندوبست قائم ہو گا۔ کے قواعد اور ضوابط مرتب ہو کر جلوگیا یاں بہت سے عزیز اعلیٰ تعلیم یافتہ اصحاب کی خدمت میں اغراض مطلوبہ ارسال کی گئی ہیں۔ اکثر صاحبان نے اس کو بہت پسند کیا ہے اور اپنی اپنی رائے دربارہ تجویز فوائد سے شکریہ فرمایا ہے لیکن سنا جاتا ہے کہ ایک نے سے رسم فضول کی مخالفت ظاہر فرمائی ہے۔ مقولہ ہے کہ زر قبنول سے فضول اخراجات شادی ہے۔ اس کی مذمت میں ہم التماس کرتے ہیں کہ حضرت غلط ہے۔ قبنول میں کوئی ذخیرہ ایسی مقررہ نہیں ہے قبنول کو بند و بست کر کے جائز رکھا گیا ہو اور اگر آپ یہ کہ اس زندگی بدولت گھر لوگ باسترش سے سبکدوش اور دیوانی جائدادوں میں کسی مقدمات ہو کر ہماری کمر ٹوٹ جائے تو یہ امر دیگر ہے۔

اسکو بھی تو اور مذکورہ کے نیچے کا سرچشمہ ہے۔ بہت سے سبھا کے عہدہ کے لئے گئے ہیں فنڈ کا نام شادی فنڈ پنجاب ہے۔ ہر شخص کو بلا لحاظ مذہب و ملل ہمدردی کا حق حاصل ہر مذہب کے ہر فرد کی کو اپنی اپنی قومی رسوم فضول کو ایک ذمہ۔ ایک چندہ ادا کرنے پر ایک شادی پر قبنول چندے ادا کرنے والے ممبروں کے اختیار میں ہیں جس مدت معینہ میں ادا کیا جائے اس سے کم ہی نہیں

کی تجارت کو ترقی ہوگی تو قلیل طور پر انگلستان کے کارخانجات کو دوہرا رونق حاصل ہوگی۔ ہندوستان اپنی زراعت اور صنعت کو ترقی دینے کے لئے خواہ مخواہ انگلستان سے کلیں منگوائیگا اور جوں جوں ہندوستان کو زیادہ نفع ہوتا جائیگا ویسے ہی خریداری کی قوت بڑھتی جائیگی اور اس سے انگلستان کو سراسر فائدہ مقصود ہے۔ یہ محض تنگ خیال ہے کہ ہندوستان ہر قسم کی کلیں وغیرہ منگوا کر پھر ہمیشہ کے لئے خاموش ہو جائیگا تجارت کا اصل اصول یہ ہے کہ جو شے جس ملک کی پیداوار ہو جہاں زیادہ افراط سے ہوتی ہے یا جہاں آسانی اور کفایت سے بن سکتی ہے وہاں سے وہ شے لے کر اس کے معاوضہ میں اپنے ملک کی وہ اشیا جو اسکو ضرورت کو پورا کرکے بچ رہتی ہیں نفع سے دیا کرتے ہیں۔ یورپ کے ممالک میں دیکھ سکتے ہیں کہ تجارت کی باہم کیسی گرم بازاری رہتی ہے جبکہ تجارت کا سلسلہ دنیا کے ساتھ جاری ہو گیا تو تنگ چشمی سے کام نہیں چلتا۔ یہ ظاہر ہے کہ ہندوستان کی ترقی تجارت اور مرفہ الحالی کے ساتھ ملک کی سرکاری آمدنی میں بھی خیال توفیر ہو سکتی ہے جس کی کمی کی وجہ سے گورنمنٹ کو ہمیشہ شکایت رہتی ہے اور جس کی کشائش کی وجہ سے بہت سے مفید اور ضروری کام اٹکے رہ جاتے ہیں۔ جس کام میں انگلستان کی گورنمنٹ اور رعایا سے ملک کا سراسر فائدہ ہو اس کی طرف کون ایسا ہوگا جو نہیں چاہیگا۔ دیسی تجارت صرف ملک کی قوم کی دولت کو زیادہ ہی نہیں بڑھاتی بلکہ یہ لوگوں کے دماغی قویٰ کو بھی خوب قیدکتا ہے۔ تجارت میں لوگوں کی عقل، فہم و فراست۔ دانشمندی۔ دور اندیشی۔ نکتہ دانی اور عقلمندی دیکھی جاتی ہے۔ تجارت میں پڑ کر انسان کے ذاتی اوصاف کھلتے ہیں۔ چال چلن۔ ایمانداری اور اخلاق کا بھرا پورا اندازہ ہو جاتا ہے۔ تجارت میں انسان کو وہ آزادی حاصل ہوتی ہے کہ جس کا قوم کی بہبودی و اندرونی دونوں حالتوں پر اثر پڑتا ہے اور آنے والی نسلوں کے حوصلے اس سے بڑھتے ہیں۔ اس میں سچی بہادری پیدا ہوتی ہے۔ مگر باوجود سب باتوں کے ہم یہ کہنے سے باز نہیں رہ سکتے کہ ہمارے ملک میں تجارت کے معنی ٹھیک طور پر نہیں سمجھے گئے۔ ہمیشہ اس بات کو ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ جس لفظ کے معنی تجارت ہے اُسے ہرگز کوئی جاہل آدمی نہیں کر سکتا۔ تجارت و علم آپس میں لازم و ملزوم ہیں جو پڑھا لکھا نہیں یا چھوٹی دکانوں پر جھوٹ سچ بول کر بیچ لینے کے معنی تجارت نہیں ہے۔ تجارت کا ایک بیچ علم ہے اور اب آجکل کے مدرسوں میں معمولی کتابیں پڑھ لینے سے حاصل نہیں ہو سکتا اور نہ باتوں میں سمجھانے سے سمجھ میں آسکتا ہے تاوقتیکہ سب ویسے ہی سامان مہیا نہ ہوں۔

اس امر کو خوب یاد رکھنا چاہیئے کہ "ہندوستان کی تجارت" "ہندوستان میں تجارت" کا مفہوم ہرگز ہرگز ایک نہیں اور اس دھوکے نے بڑے بڑوں کو گمراہ کیا ہوا ہے۔ دونوں کلمات میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ ہندوستان کی تجارت میں ہندوستانی کمپنیوں کا بہت بڑا باعث یہی ہے کہ وقتاً فوقتاً ہندوستان میں تجارت کی حوصلہ افزائی کیجاتی ہے اور اس کی ترقی کی سبیلیں نکالی جاتی ہیں۔ مگر ہندوستان کی تجارت کی جانب سے سخت غفلت طور میں آتی ہے اور بہت ہی کم ایسے دانا اور دماغ کے اشخاص نظر آتے ہیں جو اس بات کی تہ پر غور کریں۔ عام فہم افراد میں یوں کہا جاتا ہے کہ ہندوستان ایک ایسی منڈی ہے جہاں غیر ممالک کے تجار آکر آزادانہ بیوپار کرتے ہیں اور اس تجارت میں ان کو بہر طرح کی سہولتیں دیجاتی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بہت ہی تھوڑی تجارت ایسی رہ جاتی ہے جسے فی الحقیقت ہندوستان کی تجارت کہہ سکتے ہیں، اور وہ ہندوستان یا ہندوستان میں یا ہندوستان کے ساتھ کیجاتی ہے۔ مگر پھر یہ نہ سمجھا جائے کہ یہ تجارت ہرگز اس قسم کی نہیں ہے کہ ممالک غیر اپنے ملک کی پیداوار اسے دیں اور اس کی پیداوار کو معاوضہ میں لیں۔ اگر ایسا ہوتا تو واقعی ہم ہندوستان کی تجارت کے نام سے موسوم کرتے۔ اور اس میں سب کا یکساں فائدہ مقصود ہوتا۔ مگر غیر ممالک یورپ کے تجاروں کو بوجہ اپنے قوی جہاز سامان باربرداری وغیرہ دینے کے زیادہ منافع رہتا۔ سالانہ رپورٹوں میں جو تجارت ہند دکھلائی جاتی ہے ان میں ہندوستان کی تجارت اور ہندوستان میں تجارت دونوں کو ظاہر پیش کیا جاتا ہے۔ مگر اصل پوچھو تو اس وقت تجارت ہند کی حقیقت حال یہ ہے کہ بڑے بڑے بیوپار اور کارخانجات مثلاً جہاز۔ جہاز رسن۔ چارسن وغیرہ اہل یورپ کے روپے سے چلتے ہیں۔ ملک غیر کے مالدار خاصہ سود پیدا کر دیتا دیتے ہیں اور منافع کثیر اٹھاتے ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ یہاں کے بڑے بڑے کارخانوں کے اہتمام بھی وہ یہیں ہی ہیں۔ ہندوستان ان سے صرف مزدوری کا کسی قدر فائدہ اٹھاتا ہے جس کی شرح بہت کم ہوتی ہے۔ اور یہ کوئی بڑا تعریف کے لائق کام نہیں ہے۔ یا یہاں کے بیوپاری دلالی مال یا دلالت والوں کے مال سے بغور کمشن خلوص فروشی اور زرد فروشی میں کچھ کما لیتے ہیں جس کی آخر میں اوسط ایک گماشتہ کی شرح سے زیادہ نہیں پڑتی۔

"ہندوستان کی تجارت" سے ہو کر کچھ زراعت کے متعلق رہ جاتی ہے۔ مثلاً غلہ، تیل، ناجیل، سرسوں وغیرہ۔ لیشو (روئی وغیرہ) اور اسی طرح کی کسی قدر اصلی اور خام پیداوار۔ اب غور سے دیکھا جائے تو ان کی تجارت میں بہت کچھ ہندوستانی کے ہاتھ سے نکل چکی ہے۔ اور یہی سمجھی جاتی ہے۔ انگریزی سوداگر ہر ہے کھیتوں پر جا کر دیہاتی پیداوار کو خرید کر ساری کا سودا کر لیتے ہیں بلکہ دو دو چار چار سال کا ٹھیکہ کر لیتے ہیں جس کے دوسرے الفاظ میں یہ معنی ہیں کہ ممالک غیر کے سوداگر ہندوستانیوں کو صرف اپنے مال کا مزدور سمجھ اور رکھوالے بنا لیتے ہیں۔ انہیں تجارت سے بالکل محروم کر دیتے ہیں۔ جو تجارت کے کارخانے اور فائدے ہیں ان میں پڑ کر انسان کسی کام کا بنتا ہے وہ ان کے ہاتھ سے قبل از وقت ہی جمع جاتے ہیں۔ پھر صرف یہ رہ جاتا ہے کہ مال کاٹ کر ان کے گماشتوں کو تولا کر دو اور دام لے لو۔ اگر فصل ماری گئی اور نقصان ہوا تو زمیندار کے سر۔ انگریزی سوداگروں کا یہ کلام ہے کہ جس بھاؤ سے سودا کر لیا ہے اسی بھاؤ سے جتنا مال دوگے لے لینگے اور روپے حوالے کر دینگے۔ بعض احباب خیال کرتے ہونگے کہ یہ روپیہ ہی منافع میں سمجھنا چاہئے لیکن یہ بات نہیں ہے۔ اگر ایسا بھی ہوتا تو کسی قدر اطمینان کا موجب تھا۔ جو خام پیداوار ہمارے ملک سے جاتی ہے تھوڑی ہی مدت بعد وہ چیزیں بدل کر یہاں آجاتی ہے اور ایک کے دس لے کر بھی پیچھا نہیں چھوٹتا۔ نفع در نفع کرکے سونٹ جاتے ہیں۔ آئے دن یہی سننے میں آتا ہے کہ جاپا ممالک غیر کے روپے سے کارخانے قائم ہوتے ہیں جن کا اہتمام بھی ان ہی کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ مگر ہم ہیں کہ کروٹ تک نہیں بدلتے۔ اگر کوئی چھوٹا موٹا کارخانہ کھڑا بھی کیا تو علم تجارت اور صنعت سے کورے ہونے کے باعث اور کچھ قوت متفقہ سے کام نہ لے سکنے کے سبب سب کام ادھورا رہ جاتا ہے یا

ملک کی اندرونی و بیرونی تجارت ہماری کم ہمتی، خیالات باطل اور غفلت کے باعث نزدیک نزدیک ہاتھ سے نکل چکی ہے اگر کچھ دنوں یہی حال رہا تو سوائے برائے نام کے اور کچھ نظر نہیں آتا۔ مگر باوجود اس بات کے اب تک ہوش سنبھالنے کے قابل اطمینان آثار نہیں پائے جاتے۔ ایک ایسا شخص جس نے پہلے کبھی بیوپار کیا ہو۔ کلکٹر۔ مجسٹریٹ وغیرہ کی سیرٹ کی ہو کبھی ایسے دکان مقابلہ میں جاتے تو وہ حیران رہ جاتا ہے کہ تجارت کا یہاں کچھ کھٹکا نہیں ہے۔ ہندوؤں کے کارخانے اور بھری دکان دیکھ کر رنگ ہو جاتا ہے اور سمجھ لیتا ہے کہ ہندوستانی بڑے بڑے مالدار ہیں مگر جب وہاں کے منیجر باتیں کرتے بکتے ہیں کہ یہ سارا ظہور اور رونق ممالک غیر کے تجاروں کی ہے۔ بہت کم حصہ اس میں ہندوستانیوں کا ہے تو اسے بہت ندامت اور پشیمانی معلوم ہوتی ہے۔

امیر عبدالرحمن خان والی کابل

آجکل اتفاقات زمانہ سے ایشیا اور یورپ کے بیچ میں ہونے کی وجہ سے یعنی زار الگزینڈر ثالث اور امیر عبدالرحمن خان کے بیچ میں ہونے کی وجہ سے ہمارے ملک کو بھی بہت کچھ فکر کرنی پڑی۔ امیر کابل کی بیماری کی خوفناک صورت سے ظاہر ہے کہ پچھلی ہفتہ میں اس کی موت کی خبر سب ایک انگریزی اخبار نے شائع کر دی۔ موت اور حیات خدائے تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔ مگر قرائن سے جو ہمارے سامنے موجود ہیں معلوم ہو سکتا ہے کہ امیر کی موت زندگی کی نسبت بہت سی پولیٹیکل تشویش کی محرک ہو سکتی ہے۔ زار کے مرنے سے سلطنت روس میں کسی قسم کی معمولی اندرونی یا بیرونی انقلاب کا اندیشہ نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ سلطنت روس کی حالت ہر جگہ پیشہ سی کرنے کی ہے۔ یہ کہیں کچھ کھو بیٹھا ہے اندیشہ ہے۔ لیکن امیر عبدالرحمن خان کے

پیسہ اخبار

لاہور - یوم شنبہ - ۲۷ - اکتوبر ۱۸۹۴ء

تصدیق صاحب پوسٹماسٹر لاہور

مبلغ تین سو کتیس روپے بارہ آنے چار پائی سالانہ ۱۲ ۸ ۳۵۸
منیجر صاحب پیسہ اخبار لاہور سے محصول یکشنبی ۲۰ ۱۰ کاپی اخبار ۱۲ ۸
۱۰ اکتوبر ۱۸۹۴ء وصول پائے بوسط ڈاک بذریعہ پوسٹ ماسٹر لاہور
۲۰ ۱۰ کاپی بذریعہ ڈاک تقسیم ہوتی ہیں - کل ایجنٹ وغیرہ
غیر وغیرہ متفرق پرچے اس کے علاوہ ہیں - منیجر +

ہندوستان کی تجارت

ہندوستان میں تجارت

اخبارات کو طاقت اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ ساکن دلوں کو متحرک اور متحرک گروہوں کو ساکن کر سکتے ہیں۔ اتنا اس کا میلان طبع جس قوی سے ہے بدل سکتے ہیں۔ نہیں دیکھ سکتے۔ سچائی سے کام کرتے رہیں۔ جو بات لاکھوں کروڑوں کے منہ سے حاصل نہیں ہو سکتی اس کو یہ دم بھر میں کر دکھلاتے ہیں۔ جو اشخاص اپنی رائے کو ذریعہ جاہ و حشمت اور زر جیسی شے کی طمع سے ظاہر نہیں کرتے انہیں یہ اپنی پُرزور تحریروں سے قوم کی ناک بنا دیتے ہیں۔ پس ایسی طاقت کا اگر ناجائز استعمال کیا جائے تو کس قدر افسوس کی بات ہے اور اگر ایسی طاقت کو ملک اور قوم کی بھلائی کی غرض نہ لگایا جائے تو بھی کتنی شرم کا موجب ہے +

اس وقت جس قدر ہم اپنے ملک میں تنگی تجارت محسوس کرتے ہیں اس سے ہر ایک شخص واقف ہے۔ اسی وجہ ہے کہ ہم یہاں تک ہو سکتا ہے اس پر کچھ نہ کچھ لکھتے رہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس کی توجہ کو اس طرف برابر منعطف کرتے رہیں تاکہ ایک دن سیدھے رستے تک جاویں۔ پرسے لکھے آدمیوں اور نسلوں کی بہبودی کا اگر کوئی صحیح ذریعہ ہو سکتا ہے تو یہ کہ وہ آزادانہ کاروبار میں داخل ہو کر ملک کی ترقی اور ملک کے اخلاق کی ترقی کے باعث ہوں۔ ہم جانتے ہیں کہ فی زمانہ ایسی آزاد کوئی چیز نہیں ہے جس کی ترقی کی توقع کی جا سکے کہ تو سیع تجارت اور ازدیاد کاروبار سے ہو۔ یہ مسلمہ ہے کہ اس پر ہر مذہب و ملت کے آدمی خواہ وہ ہندوستان کے رہنے والے ہوں یا انگلستان کے رہنے والے ہوں یا دیشن اور صدق نیت سے متفق ہو سکتے ہیں۔ اگر ہر میں ہر شخص کا فائدہ ہے نقصان کسی کا نہیں۔ اگر ہر

لاہور و پنجاب

— امیر کابل سخت بیمار ہیں لیکن ان کی بہت ہی نازک و خوفناک حالت بیان کرنا مبالغہ ہے - کمانڈر انچیف نے دورہ کے لیے شملہ سے اپنی روانگی کی تاریخ بوجہ علالت شدید امیر عبدالرحمن کے ملتوی کر دی تھی لیکن پھر دوبارہ مقرر ہوئی - امیر کو سیلان دم تقرس و رگردہ کی بیماری ہے +

— اسمال راولپنڈی میں بوجہ ناانتفاقی دفساد ہنود ڈالیلا نہیں نکلی +

— لاہور آریہ سماج کے مناقشہ کا اثر راولپنڈی میں بھی پہنچ گیا ہے +

— علی پور کے ڈاکخانہ سے ۹۰۰ روپیہ چوری گیا تو بیدر اور ایک کلرک دستگیر ہوا قید ہیں +

— لیڈی ڈاکٹر ہملٹن ملازمت امیر کابل سے اس شرط پر ہوئیں کہ اپنی مستقل جگہ سپرنٹنڈنٹ وفرن اسپتال کلکتہ سے مستعفی ہو گئیں +

— ہنزا والوں نے امیر کابل سے انگریزوں پر حملہ آوری کے لیے مدد چاہی تھی لیکن امیر صاحب نے ہر قسم کی مدد سے انکار قطعی کیا +

— سنا گیا ہے کہ امیر عبدالرحمن خان نے اپنی نازک حالت دیکھکر سردار ہائی ہمراہ اپنے صاحبزادہ حبیب اللہ جان اور انکا برسلطنت کو طلب کیا اور برٹش گورنمنٹ کے ساتھ ہمیشہ خیر خواہ برتاؤ رکھنے کی وصیت کی +

— افواہ ہے کہ خلیفہ لیسرلے کا گورنر ہونا ملتوی رہیگا - ایڈنبرا نڈرسن نے بھی اخبار ارادہ فسخ کر دیا ہے +

— امرت سر کے ایک متمول بنیے نے تشریف آوری وائسرائے کی یادگار میں شہر کے لئے ایک جنتی گھنٹہ گھر کی تعمیر قائم کرنے کی تجویز کی ہے ۱۲ ماہ حال کو اور تشریف لیجائینگے اور عرصہ دن کے وقت وہاں قیام رہیگا - ہند و سبھا اور انجمن اسلامیہ اور بیرونجات کی جانب سے شہر میں محرابیں تعمیر کیجائینگی صبح نو بجے اسٹیشن پر پہنچینگے - ۱۰ بجے گاڑی سے اتریں گے پہلے دربار صاحب دیکھینگے - اس کے بعد ٹاؤن ہال جائینگے - وہاں میونسپلٹی کی جانب سے ایڈریس پیش ہوگا - امرتسر کی کشمیر اکابر شہر کا سلام کرینگے وہاں سے کارخانہ قالین دیکھتے ہوئے بذریعہ رام باغ ریلوے اسٹیشن پر پہنچکر ٹرین مخصوص میں ۲ بجے روانہ ہو جائینگے - آمد و رفت کی صورتوں پانچ ہیں +

— کہتے ہیں کہ سر عبدالرحمن خان کے انتقال کی افواہ جس وقت اڈنبرا میں گورنر کابل کے پاس باغمندوں نے اپنا استقبال شروع کر دیا اور حفاظت کے بدرقہ کے لئے تار دیا لیکن کوئی بدرقہ نہیں پہنچا اور نہ اس کی کوئی ضرورت ہے +

— کراچی میں تشریف آوری وائسرائے کے موقعہ پر کل آرائش اور جوالوں وغیرہ کا صرف میونسپلٹی نے اپنے ذمہ لیا ہے ۱۰ نومبر کو یہی ہوگی - ۱۲ بجے گورنمنٹ ہاؤس میں ایڈریس پیش ہونگے +

— بخارا میں ہیضہ باوجود یکہ کم ہو گیا ہے - مگر اب بھی بہت ہے +

— جہلم میونسپلٹی میں بجائے فضل الٰہی صاحب کے لالہ فتح چند وکیل مقرر کیے گئے اس عذر پر کہ جو لوگ میونسپل کمیٹی کے ممبر ہیں انکا کام یہ ہے کہ اس کے ممبر نہ ہونے چاہئیں فضل الٰہی نے کمشنر کے اس حکم کی اپیل گورنمنٹ کو دائر کی ہے +

— سر ہنری برائن کا خط موضوعہ ۱۳ اکتوبر کابل سے گورنمنٹ آف انڈیا کے نام آیا جس میں وہ لکھتے ہیں کہ آج میں نے امیر کو دیکھا ہر چند پہلے سے اب حالت اچھی ہے لیکن مرض بہت خوفناک اور ضعف بہت ہو گیا ہے +

— میجر امرے پولیٹیکل افسر سردار ایوب خان مقرر ہوئے +

— پنجاب امپیریل سروس ٹروپس دربار لاہور میں شامل آئینگے - ناہر، پٹیالہ، جیند، کپورتھلہ، لینسرس ۱۸ نومبر اور بہاولپور فرید کوٹ ۱۹ کو داخل لاہور ہونگے اور یکم دوم پلٹن پٹیالہ اور پلٹن فرید کوٹ ۱۰ کو پلٹن جیند ناہ - کپورتھلہ اور سرمور سپرس ۱۵ کو اور پلٹن بہاولپور ۱۷ نومبر کو +

— سکھر میونسپلٹی نے بموقعہ تشریف آوری وائسرائے تاج محل نومبر قریب ڈیڑھ میل تک روشنی کرنے کے لئے چھ سو روپیہ کے خرچ کا اندازہ کیا ہے - نیز راہ میں تین محرابیں نصب کرنے کی میونسپلٹی نے آتشبازی کے لئے ایک ہزار روپیہ دیا ہے +

— کرنل گولڈ سبری کمشنر ملتان مجسٹریٹ جالندھر فیروزپور کو بدلے گئے - اور ان کی جگہ سیمور فیس مقرر ہوئے +

— جن دوکانداروں کو چاندنی چوک دہلی کے چبوترہ پر بیٹھنے کی ممانعت کی گئی ہے انہوں نے چندہ جمع کر کے وکیل کیا ہے حاکم کی رائے ہے کہ ان دوکانداروں کو نئے بازار میں جہاں رکھنے کا اور جو دوکانیں بالفعل بازار مذکور میں ہیں انکو جامع مسجد کے پاس اٹھ جانے کا حکم دیا جاوے +

— لاہور سے چند میل جانب مغرب ۱۴ اکتوبر کو کسیقدر بارش ہوئی +

— نفٹ گورنر ممالک مغربی و شمالی بھی شریک ہونے کے لئے آئینگے +

— ۲۷ نومبر کو لاہور پہنچینگے +

— ہنگام تشریف آوری وائسرائے کوئٹہ ریلوے اسٹیشن کی آرائش وغیرہ کے لئے حکام ریلوے نے ہزار روپیہ کا صرف منظور کیا ہے +

— فرید کوٹ میں دو سٹور ساہنڈوں کے ہاتھ سے نخاسہ ایک ہندوستانی کی اپیل آگئی جو محض اتفاقی بیان کی جانی ہے - مقتدل کی درخواست کو خوبصورتی سے نباہ کر معاملہ رفع دفع کرا دیا گیا ہے +

— تشریف آوری وائسرائے بجلہ مصاف کے واسطے دلی فنڈ دہلی سے بارہ سو روپیہ صرف ہونگے +

— حافظ علی اسسٹنٹ شاہپور سول سرجن کو جو تاخیر کے جرم میں مجسٹریٹ شاہپور نے ۱۰۰ روپیہ جرمانہ کیا - فرم اپیل کرنے والا ہے +

— جنرل غلام حیدر خان کمانڈر انچیف سرحد افغانستان سے کابل کو فی الفور طلب ہوئے ہیں +

— دربار لاہور کے دنوں میں والیان ملک کے خیمہ ہائے سکھ میدان میں نصب ہوئے ہیں +

— راولپنڈی کے قریب ایک شخص کی لاش کھلکر گری +

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— شاہزادہ فرخندہ حمید ڈھرک بھوپال ریاست بھوپال کے افتتاح کے لئے گئے اس پر بگھی گورنر جنرل کا ریاست ہے کہ کو بہت ہی خفیف سزا دی گئی۔ عبور دریائے شور کے لائق تھا +

— منڈلے میں تجارت کی حالت بہت ابتر اور پریشان دینے والی ہے +

— نفٹنٹ گسن جو حیدر آباد (سندھ) سے کچھ روپیہ لیکر فرار ہو گیا تھا گرفتار کر لیا گیا ہے +

— ہندوستان میں جو لوگ تعلیم جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں ان کی گرفتاری کا ایک جدید قانون زیر غور ہے +

— بمبئی میں کانگریس کمیٹی کی وجہ صدر عطیانی گرفتار ہو گئے ہیں۔ مقدمہ شروع ہو گیا ہے جو غالباً ۱۰ دن تک ختم ہو جائیگا۔ اس پر کی کی ہے +

— حیدر آباد میں ہیضہ شروع ہے +

— مشہور ہے کہ نواب صاحب رامپور بھی دربار دہلی میں شریک ہونگے۔ ماہ نومبر میں ہمارا حضور صاحب کی عمر ۱۰ برس کی ہو جائیگی۔ کیا عجب کہ اختیارات ریاست دے دیں۔ دربار میں نظام حیدر آباد کے آنے کی بھی خبر مشہور ہے +

— قلعام سے اڈیسن تک چوڑی لائن کی ریل کا کام عنقریب شروع ہونے والا ہے +

— راجہ صاحب پرتابگڈھ نے پانچ ہزار اور رانی صاحبہ نے دو ہزار روپیہ مدرسہ سنسکرت بھیجا دیا +

— اودیپور ریلوے کا اسٹیشن اودیپور نہیں ہوگا۔ بلکہ مذکور سے ۷ میل کے فاصلہ پر ہوگا +

— ممالک متحدہ شمالی ۱۹۲۳ء میں اگست و ستمبر کی کثرت بارش سے تل کی زراعت کو بہت نقصان پہنچا۔ امسال چہارم حصہ زمین میں تل بویا گیا تھا +

— نارتھ ویسٹرن ریلوے بنگال ریلوے کی شاخ ترہوت پر ڈاکہ گاڑی بالسٹ ٹرین سے لڑ گئی تین قلی اسیوقت مر گئے۔ ۱۰ اکثر مسافروں کے بہت چوٹ آئی لیکن شکر ہے کہ کسی پر ہمیں کے چوٹ نہیں لگی +

— رنگون سے تیس میل پر ہماکے ایک ایڈورڈ کمپنی کا ساتھ آدمیوں کی جماعت نے زخمی کیا۔ صرف ڈھائی ہزار روپیہ نقد و جنس لوٹ لیا +

— ساحل دریائے ایراوتی ہنز دا پر ٹوٹ گیا۔ کچھ مکانات وغیرہ بہہ گئے۔ اور ایک جہاز کو بہت سخت نقصان پہنچا +

— ایک جہاز میکلر سن نام ۷ راہ حال کو مدراس سے کلکتہ کو روانہ ہوا۔ راہ میں قلیوں کو کوئلہ خانہ صاف کرنے کا حکم دیا گیا تھا کرنے کے بعد ایک قلی وہیں پڑ کر سو رہا۔ کسی کو اس کی خبر نہ ہوئی اور بند کر دیا گیا۔ چوتھے دن جب کلکتہ میں وہ دروازہ کھولا گیا تو قلی بیہوش ملا۔ ہسپتال میں زیر علاج ہے +

— ایسٹ انڈین ریلوے کا ایک یورپین ٹکٹ کلکٹر اسٹیشن ہلدی بار کسی مسافر سے کرایہ سامان کی رعایت کے عوض اجرت لیتے ہوئے میں گرفتار ہو گیا۔ مقدمہ کو خارج کر کے ریلوے کمپنی پر ۱۰۰ روپیہ جرمانہ کیا گیا +

— دامپر لئے ۱۵ ہزار کوئلہ بیچ جسے فوراً کلکتہ ہو گئے +

— نارتھ ویسٹرن ریلوے کی ایک خارج بطرف راست کاپور سے ملائی جائیگی اور گوگرا کا پل بنایا جائیگا۔ کام عنقریب اور بہت تیزی کیساتھ ہونیوالا ہے +

— لارڈ برکن ہیڈ نے لنکن میں جو اب ایڈریس پیش ہونے پر بیان کیا کہ جو لوگ برٹش گورنمنٹ کو کسی خاص قوم کی طرفداری سے متہم کرتے ہیں سخت نادان ہیں برٹش گورنمنٹ اس بات سے بالکل بری ہے +

— گورنمنٹ انڈیا نے بالآخر قصد کیا کہ ریزرویشن لوگ بشکل فوج میں داخل کئے جائینگے اور نہ کوئی رجمنٹ ایسی بنائی جائیگی جس میں محض بھی لوگ رکھے جائیں +

— پشیر جو شاہ خریدہ ایسرلے دربار میں پڑھا جانا تھا حضور نظام کو پڑھے رکھتے تھے لیکن خیفت ہے کہ پڑھے دربار میں یہ دستور توڑ دیا گیا اور خریطہ جو دوبارہ تقرری کونسل میکنزی تمام مقام رزیڈنٹ تھا پیش کیا +

— کاپاٹ (برما) میں ہیضہ شروع ہے +

— مشہور ہے کہ نواب جہانگیر صاحب بھی دربار دہلی میں شریک ہونگے۔ ماہ نومبر میں نواب صاحب کی عمر ۱۰ برس کی ہو جائیگی۔ کیا عجب کہ اختیارات ریاست دے دیں۔ دربار میں نظام حیدر آباد کے آنے کی بھی خبر مشہور ہے +

— قلعام سے اڈیسن تک چوڑی لائن کی ریل کا کام عنقریب شروع ہونے والا ہے +

— راجہ صاحب پرتابگڈھ نے پانچ ہزار اور رانی صاحبہ نے دو ہزار روپیہ مدرسہ سنسکرت بھیجا دیا +

— اودیپور ریلوے کا اسٹیشن اودیپور نہیں ہوگا۔ بلکہ مذکور سے ۷ میل کے فاصلہ پر ہوگا +

— ممالک متحدہ شمالی ۱۹۲۳ء میں اگست و ستمبر کی کثرت بارش سے تل کی زراعت کو بہت نقصان پہنچا۔ امسال چہارم حصہ زمین میں تل بویا گیا تھا +

— نارتھ ویسٹرن بنگال ریلوے کی شاخ ترہوت پر ڈاکہ گاڑی بالسٹ ٹرین سے لڑ گئی تین قلی اسیوقت مر گئے۔ ۱۰ اکثر مسافروں کے بہت چوٹ آئی لیکن شکر ہے کہ کسی پر ہمیں کے چوٹ نہیں لگی +

— رنگون سے تیس میل پر ہماکے ایک ایڈورڈ کمپنی کا ساتھ آدمیوں کی جماعت نے زخمی کیا۔ صرف ڈھائی ہزار روپیہ نقد و جنس لوٹ لیا +

— ساحل دریائے ایراوتی ہنز دا پر ٹوٹ گیا۔ کچھ مکانات وغیرہ بہہ گئے۔ اور ایک جہاز کو بہت سخت نقصان پہنچا +

— ایک جہاز میکلر سن نام ۷ راہ حال کو مدراس سے کلکتہ کو روانہ ہوا۔ راہ میں قلیوں کو کوئلہ خانہ صاف کرنے کا حکم دیا گیا تھا کرنے کے بعد ایک قلی وہیں پڑ کر سو رہا۔ کسی کو اس کی خبر نہ ہوئی اور بند کر دیا گیا۔ چوتھے دن جب کلکتہ میں وہ دروازہ کھولا گیا تو قلی بیہوش ملا۔ ہسپتال میں زیر علاج ہے +

— ایسٹ انڈین ریلوے کا ایک یورپین ٹکٹ کلکٹر اسٹیشن ہلدی بار کسی مسافر سے کرایہ سامان کی رعایت کے عوض اجرت لیتے ہوئے میں گرفتار ہو گیا۔ مقدمہ کو خارج کر کے ریلوے کمپنی پر ۱۰۰ روپیہ جرمانہ کیا گیا +

ممالک غیر

— پی اینڈ او کمپنی سے چین نے دو جہاز گوالیار اور سورت نامی خرید کئے ہیں +

— اردو کے مرض میں مبتلا ہیں حالت روز بروز بہتر اور امید زندگی منقطع ہوتی جاتی ہے کہ جاپان میں صحت کی امید نہیں ہوتی ہیں کہ اردو اور دوسرے شہزادے بھی بہت بیمار ہیں +

— ۲ اکتوبر کو انڈیا آفس میں سیکرٹری آف اسٹیٹ عرصہ دراز تک لیبر پارٹی کی خوفناک بیماری کے متعلق بحث کرتے رہے اسی طرح شملہ میں بھی اسی طرح ہو رہا ہے +

— انگلستان کی اس تجویز میں کہ چین و جاپان میں مصالحت کرادی جائے یورپ کی کوئی طاقت شریک ہونا نہیں پسند کرتی +

— مشہور ہے کہ جاپانیوں نے پورٹ آرتھر پر قبضہ کر لیا +

— اس لشکر سے کہ روس اور انگلستان کے درمیان بمقدمہ ایران جو کشمکش ہو رہی ہے اس میں خلل واقع ہو گورنمنٹ روس نے کرنل یانوف کی فوج کو واپسی شاہ خزہ سے واپس بلا لیا +

— جزیرہ ہانگ کانگ میں ۱۸۴۳ء سے آمدنی ہو رہی ہے آتی ہے۔ ایک تاریخ میں بیٹے ۱۰ ستمبر کو کوئی چینی جہاز غرق ہو گئے کئی گنتیاں ابھی نکالکر برآمد نہ ہو سکیں۔ بہت سی جانیں ضائع ہوئیں۔ ترے دخانی جہاز ٹکرانے اور کنارہ پر پہنچے جانے سے بال بال بچ گئے۔ جنکی میں بھی کئی مکانات بہہ کر چھپر اوٹ گئے اور بہت نقصان ہوا +

— ملک منچوریا نے اسپین سین روس و جنگ جمع مفاصلہ کے دور سے سخت تکلیف اٹھائی۔ اب بفضلہ خیریت ہے +

— بالوسے جانب شمال چین و جاپان میں چھ ایک بڑی زلزلہ کی تفصیل ہنوز معلوم نہیں +

— فرانس سے ۱۵ ہزار آدمی میڈیگیسکر کو جانے والے ہیں +

— ۴۰ دخانی جہاز گورنمنٹ نے کرایہ کئے ہیں +

— کنارہ نیوفاؤنڈ لینڈ پر یکم اکتوبر کو اس زور کی آندھی چلی کہ چار جہاز اپنا لنگر توڑ کر بھاگ گئے اور ایسی خوفناک حالت میں ہو گئے کہ کسی مدد پہنچنا دشوار ہو گیا +

— صوبہ ریوڈوسل اور قریب کے چار ضلاع میں باشندوں نے گورنمنٹ سے سخت بغاوت رہتیا کی ہے +

— ۴ ہم فرانس کی تعداد فوج قبول بعضے ۷ ہزار اور بقول بعضے ۱۲ ہزار سنی جاتی ہے۔ لیکن ۱۰ ہزار پر گمان غالب ہے +

— برٹش گورنمنٹ نے گورنمنٹ پرتگال سے درخواست کی ہے کہ گوا کی بیمایش کی اجازت برٹش سروے ڈیپارٹمنٹ کو دیجائے +

— قسطنطنیہ کے میڈیکل کالج کے طلبہ گورنمنٹ کی خلاف ورزی کے جرم میں گرفتار کئے گئے ہیں +

— یورپ میں یہ خیال پھیلتا جاتا ہے کہ غلبہ جاپان تسلیم کر لیا گیا ہے۔ اور چین ابھی تک بہت غالب ہے ہزار سنیا سے ۴ ہزار فوج ۲۵ ہزار تک چین دوانہ ہو چکی ہے۔ لیکن مقام مقصود کا نام بہت مخفی رکھا گیا ہے +

— کاؤنٹ اتوئی مسٹر جاپانی نمائندہ قائم کرنے کے لئے کوریا کو روانہ ہو

حفظِ صحت

استفسار

۹۹۔ جمیل :- آپ کے مفید اخبار کے صحت کے کالم میں بہت سے سہل اور عمدہ نسخے مختلف امراض کے دیکھ کر اس خاکسار کو بھی ہمت ہوئی کہ اپنے مرض کی بابت کچھ دریافت کرے۔ سندھی دوستو ٹانگوں میں قریب پانچ چھ سال سے مرض اکزیما Eczema ہو رہا ہے جس کو پنجاب میں شاملہ جمیل یا جمیلا کہتے ہیں اور ممالک مغربی و شمالی میں آکزیما۔ اس عرصے کے اندر اندر بہتیرے سیکڑوں قسم کی ادویات ہندوستانی و انگریزی ہیرونی و اندرونی علاج کے واسطے آزمائیں مگر کسی سے اس مرض کا استیصال نہ ہوا۔ بعض ادویات سے مرض میں تخفیف ہو جاتی ہے اور زخم کچھ عرصے کے واسطے خشک ہو جاتے ہیں۔ مگر پھر زخم ہرے ہو جاتے ہیں۔ اور کھجلی اس قدر شدت سے ہوتی ہے کہ کھجاتے کھجاتے زخم پڑ جاتا ہے اور پانی بہنے لگ جاتا ہے۔ اگر کوئی صاحب اس مرض موذی کا عمدہ تجربہ نسخہ بذریعہ پیسہ اخبار ظاہر فرما دیں گے تو بہت ہی احسان ہوگا۔ سینے ہندوستان اور اس ملک میں صدہا آدمی اس مرض میں مبتلا دیکھے ہیں اور بھگت سکے کو مٹ ارشد سکتا۔ اپر برہما ہ

۱۰۰۔ معصوم بچوں کا مرنا :- میری شیر خوار کی اولاد دو یا تین ماہ کی ہو کر مر جاتی ہے اور اب ایک لڑکا ۴ ماہ کا ہو کر مر گیا ہے۔ بخار اور کھانسی بھی ہو جاتی ہے۔ مہربانی کر کے آپ مفید پیسہ اخبار مشتہر کر دیں کہ جو صاحب اس مرض کا مجرب نسخہ جانتے ہوں پیسہ اخبار میں شائع فرما دیں۔ نہایت مہربانی ہوگی۔ یہ کیا مرض اکھڑا ہے؟ اور آیا متعدی ہے یا موروثی ہے؟ ضلع فرید کوٹ۔

۱۰۱۔ کثرتِ خونِ حیض :- میرے ایک ہمسائے کی عورت کو قریب ایک سال سے کثرتِ خونِ حیض سے ازحد تکلیف ہے کہ کپڑا سو سو گھنٹے کرتا ناغہ ہو رہی ہے۔ بہتیرے انگریزی یونانی علاج کیے کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ اگر کوئی صاحب برائے خدا وندی کوئی مجرب نسخہ آپ کے اخبار میں تحریر فرما دیں تو غنایت سے بعید نہ ہوگا۔ پیشتر ازیں لقوہ کا علاج دریافت کیا گیا تھا لیکن تاہنوز کسی صاحب نے جواب نہیں دیا۔ ر۔ ر۔ انسپکٹر ریلوے۔ زکوٹ پور

علاج

۱۰۱۔ علاجِ مارگزیدہ :- بنظر نفاذ عام عرض کرتا ہوں کہ مارگزیدہ کا علاج جو میں نے اور میرے بہت احباب نے تجربہ کیا ہے اور آج تک بھی خطا نہیں کیا وہ یہ ہے۔ کتھا پینی ۲ سیر ایک تولہ سیاہ مرچ ۷ ماشے پیس کر شیشہ میں نکال رکھ چھان کر۔ مارگزیدہ کو پلا دیں۔ اگر قریب الہلاکت اور بیہوش ہوگا تو فوراً ہوش آ جائیگا۔ پھر ایک یا دو گھنٹے کے وقفے سے دو دفعہ پلانے سے بالکل اچھا ہو جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ میرے دوست اور مہربان شیخ اقبال حسن وکیل ریاست بیکانیر بھی اس کا تجربہ کر چکے ہیں اور اپنے خود بھی مارگزیدہ پر اس کا تجربہ کیا ہے اور نیز مجھ کو اس کے اور بہت سے اشخاص نے آ کر بیان کیا ہے۔ راقم ابو القاسم ہواری)

۱۰۲۔ عقرب گزیدہ :- ہم نے بھی ایک عقرب گزیدہ کے علاج کا تجربہ کیا ہے۔ اس کو دو تا تین پیسہ اخبار کرتے ہیں۔ کچھ جس وقت ڈنک مارے اسی وقت بشرطیکہ چھوٹے اس کو مار کر اس کے زخم پر باندھ دیا جائے ایک آن واحد میں زہر کا نور ہو کر فوراً آرام ہو جاتا ہے (منشی عبد الغنی خاں اہلمد ملازم

شعر و سخن

(نتیجہ فکر جناب تاور بادشاہ صاحب المتخلص بہ بادشاہ متوطن ٹرمباڈی ملک مدراس)

(برائے پیسہ اخبار)

بے علم و ہنر کوئی نوکر نہیں ہوتا — افلاس کا پابند ہنر ور نہیں ہوتا
گر رنگ نفاق اپنے دلوں پر نہیں ہوتا — کیا پھر یہ ہمیں اقبال میسر نہیں ہوتا
مانا کہ عروج آج یہ غیروں کے لیے ہے — کوشش جو کریں ہم بھی کیونکر نہیں ہوتا
کوشش نہ کریں آؤ کریں شکوۂ قدرت — خوش اس سے کبھی خالق اکبر نہیں ہوتا
وہ کونسا مجمع ہے کہ ہو خیر کی صورت — وہ کونسی ہے بزم یہاں شر نہیں ہوتا
کب جاری سحر ہم پہ نہ ہونے تک ہے — سید کبھی زہراؑ مقدر نہیں ہوتا
خود آنکھ سے ہم دیکھتے ہیں اپنا تنزل — غم ہے یہی غم ہم کو دگر نہیں ہوتا
ہمدردی و الفت ہوئی معدوم یہاں تک — غمخوار برادر کا برادر نہیں ہوتا
اے بادشہ خستہ موزوں جو دل میں — زیبا سخن تیرا سوز نہیں ہوتا

ایضاً

ہیئتِ علم و ہنر پر اگر مدار رہے — ہماری پھر وہی عزت رہے وقار رہے
ہر ایک قوم میں ہے اتفاق ہم میں نفاق — وہ بات ہار رہے ہے جو ذلیل خوار رہے
جو ہوشیار تھے مدت سے آج ہیں غافل — جو تدبروں سے تھے غافل وہ ہوشیار رہے
عجب نہیں جو ملے دین ترک دنیا ہی — کمال یہ ہے کہ دنیا میں بیدار رہے
ہو عین دین حقیقت میں اسکی سب دنیا — جو دین کے لئے دنیا کا خوشگوار رہے
خدا ہی دیتا ہے برکت ہماری حرکت میں — ہمیشہ محنت پیہم سے کیوں گریز رہے
غرور و کبر بشر کے لئے نہیں زیبا — ہوا ہے خاک سے سید انوں کا خاکسار رہے
رفاہ قوم ہے بے بادشاہ مدنظر — نہاں ہی بات بھلا کس کو ناگوار رہے

نظم از مولوی حافظ نذیر احمد صاحب جلسہ انجمن حمایت اسلام لاہور

خدا شاہد ہے کہ دل میں مری کچھ بھی شرارت ہو — مگر دیکھا نہیں جاتا کہ اپنی قوم غارت ہو
طبیعت ہے مری مجھ سے تحمل ہو نہیں سکتا — کہ دنیا میں مسلمانوں کی ذلت ہو مہانت ہو
گھلا کرتا ہوں اس غم میں کہ بیڑا ڈوبا جاتا ہے — کرا ہل نہیں مجھ سے کوئی تقدیم خدمت ہو
مسلمانوں کی حالت دیکھ کر میرا دم الٹتا ہے — الٰہی دشمنوں کی بھی نہ ایسی بدتر گت ہو
کہاں سلطنت اور وہ حکومت وہ جہانداری — معاذ اللہ خدا ہو جائیں گر انکی یہی حشمت ہو
کہاں مفلسی یا کسی یہ ذلت و خواری — کہ اپنی قوم کو خود نام سے اپنے ندامت ہو
مسلمانوں کی بھی توفیق دو یارب کہ گھر گھر میں — تجارت ہو تجارت ہو تجارت ہو تجارت ہو
ترقی قوم ہوں اس بات کے بے کہ لوگوں کو — اراوت ہو عقیدت ہو مری باتوں کی بیعت ہو
کوئی قابل نہیں مجھ سے کوئی تقدیم خدمت کا — کوئی گردیدہ و رسوا و خوار سر ہمت ہو
بھی سلسلہ عرض ہو گر کسی پر پیسے کچھ کر دوں — توجہ ڈال دوں تو رفع بسمل کی یہی حالت ہو
تعلیفات نخل جاری ہیں میری ہر برس ہوتے — قبول خلق و جلب منفعت سو خاص نسبت ہو
نصیحت دے رہے لفظوں میں ہر دم آزادی — وہ مرفوع القلم کیا ہو وہ محکوم شریعت ہو
کئی اولاد کی درخواست لکھ میری اس آدی — کشائش کا کوئی ملکہ تا روزِ میں معیت ہو
گر چاہوں ان دشواریوں کو ہم کاروں — کھول دل پر تو جائی دشمنوں میں انس و الفت ہو
فیض سیاہیں چینی جاتیں نہاں کیں پیش آئیں — ہر اک حاجت نے برلانکی تو پھر مجھ کو قدرت ہو
زیادہ مجھ کو گر ایسے جو خواہاں ہو تقرب کا — وسیلہ مجھ کو ٹھہرائے اگر مفتاق دنیا ہو
نہ مانا ہوں کہ ہے مسجد مرکاسہ گدائی کا — مجھ دعوت میں جانا فرض ہو اور نوکر سنت ہو
تقاضا ہے نزول تکبیر ولی ہر جماعت کی — مری ہو موت گر میں ہوا ہوں یا جماعت ہو
تباہی جو ہوئی ہے مسلمانوں پہ وہ آئے — مجھ کیا چاہئے ہے میں ہوں مسجد ہو مامت ہو

کمال دینداری کی صفت سے متصف لیکن
رکھاوے کا تقدس ہو نمائش کی عبادت ہو

معلومات کا سلسلہ

— بھی دو پڑھنے والی الفاظ "ام" یا "ابا" جو مینے دو عدد ہندسوں سے مرکب ہے؟

— کلو کے زمیندار شاکی ہیں کہ کثرت بارش سے کہیں کوئی پھول نظر نہیں آتا۔ لہٰذا امسال شہد نہ ہوگا؟

— لیمنگٹن اور وارک کے رستوں میں ایک بلوط کا درخت ہے جو خاص انگلستان میں بیان کیا جاتا ہے اور تین یا چار سو برس کا بتلایا ہے

— جھانسی سے ۸ میل پر ایک مربع مینار بنا ہوا ہے جس کے پتھر پر انگریزی اور اردو میں لکھا ہے کہ یہ ناف ہندوستان ہے لیکن یہ مینار قدیم نہیں بلکہ شیشہ کا بنا ہوا ہے؟

— گزشتہ ۱۰۰ برس میں فرانس کے ۱۰ لاکھ سپاہیوں کی جانیں جنگ میں کام آئیں؟

— نوجوان سلطان عبد العزیز والی مراکو کوئی کام بغیر مشورہ اپنی والدہ کے نہیں کرتے۔ اس لیے اُن کی والدہ پولیٹیکل معاملات میں بہت دخیل ہیں اور جتنا لوگ اُن سے ڈرتے ہیں سلطان سے نہیں ڈرتے۔ اور انہیں کی عزت بھی زیادہ کرتے ہیں۔ سودت حسن ظاہری و معنوی دونوں سے مالا مال ہیں؟

— دہلی میں ایک شخص ہے جو محض قصہ خوانی سے اپنی پیدا کرتا ہے اور یہی اُس کا پیشہ ہے۔ سات روپے یومیہ دلاتا ہے گورنمنٹ کے لیتا ہے؟

— برٹش خاندان شاہی کے شہزادوں کی شادی بجز اوسط بعمر ۲۹ سال اور شہزادیوں کی بعمر ۲۶ سالہ ہوئی ہے؟

— ستاروں کا ٹمٹمانا خرابی موسم کی علامت ہے؟

— مہاراجہ میسور کو علم موسیقی کے ساتھ ایک خاص دلچسپی ہے۔ اور کئی دفعہ سے انگریزی باجہ بہت بجاتے ہیں

— کل پانچ پارسی آنجہانی انڈین سول سروس کے ممبر تھے؟

— شاہ جرمن اپنی سواری کی گاڑی میں اس کثرت سے برقی لیمپ لگاتے ہیں کہ رات کے وقت گاڑی روشنی کا ایک کوہ رواں معلوم ہوتا ہے۔ گھوڑوں کے گلے میں بھی ایک ایک لیمپ معلق کیا جاتا ہے؟

— ایک شخص نے برٹش گورنمنٹ کی کل آمدنی سر سری طور پر ایک سکینڈ کی تین لاکھ سے زیادہ معلوم کی؟

— کافور پیشتر سماٹرا۔ بورنیو۔ اور دیگر جھصص ایسٹ انڈیز سے آیا کرتا تھا۔ مگر اب جاپان اور فارموسا سے آتا ہے۔ اس کا درخت سدا بہار اور خوش نما ہوتا ہے اور بہت برسوں تک قائم رہتا ہے۔ سفید پھول اور سرخ پھل لگتا ہے۔ اس کی جڑوں یا جڑوں کا پانی سے بھاپ نکالا جاتا ہے۔ دو لاکھ پونڈ کا کافور سالانہ جاپان سے باہر بھیجا جاتا ہے۔ ملک میں ابھی ۷۰۔۸۰ برس سے کافور نکالا جانے لگا ہے۔ گراب اس کے نئے درخت لگائے جا رہے ہیں اور ۲۰۔۳۰ برس کے بعد بہت کافور پیدا ہونے لگیگا؟

— گورنمنٹ کالج لاہور کی عمارت میں گورنمنٹ کا دو لاکھ سے زائد لگا ہے صرف گھڑی کے مینار پر ۲۰ ہزار روپے کی لاگت لگی ہے لیکن افسوس ہے کہ اب کہ گورنمنٹ بزعم کفایت شعاری چند

پیسہ اخبار

نمبر ۴۲ | یوم شنبہ ۲۷ اکتوبر ۱۸۹۸ء مطابق ۲۶ ربیع الثانی ۱۳۱۶ھ موافق ۱۴ کاتک ۱۹۵۵ بکرمی | جلد ۱

واقفیت علمہ کے لئے شمار و اعداد

روس کی آبادی اور اس کی آبادی بیشک بہت کثیر ہے۔ لیکن اس میں پادری۔ اُمرا اور جنگی پیشے کے لوگ جس نسبت سے ہیں وہ البتہ تعجب انگیز ہے:-

اُمرا و شرفا	۱۷۲۷۲۵۴
پادری	۶۹۵۹۰۵
شہری آبادی	۷۱۹۶۰۰۵
دہقان	۶۳۸۴۰۲۹۱
جنگی اقوام	۴۷۶۷۷۰۳
غیر ملک کے باشندے	۱۵۳۱۲۵

انگلستان کی دولت۔ اس کا اندازہ مکس کی آمدنی سے ہو سکتا ہے۔ پارسال انگلستان میں ۹۰ ہزار ۸۹۸ آدمیوں کی توفیہ سو پونڈ سے سالانہ آمدنی کی زائد آمدنی تھی کہ جیسا انہوں نے ٹیکس دیا۔

تعداد آمدنی	تعداد ٹیکس دینے والوں کی
۱۰۰ سے ۲۰۰ تک	۱۶۴۹۲۸
۲۰۰ سے ۳۰۰ تک	۱۱۱۷۱۵
۳۰۰ سے ۴۰۰ تک	۴۰۰۲۴۸
۴۰۰ سے ۵۰۰ تک	۱۹۵۸۳
۵۰۰ سے ۶۰۰ تک	۱۲۴۸۴
۶۰۰ سے ۷۰۰ تک	۸۰۶۰
۷۰۰ سے ۸۰۰ تک	۴۹۹۲
۸۰۰ سے ۹۰۰ تک	۴۲۷۹
۹۰۰ سے ۱۰۰۰ تک	۲۱۹۵
۱۰۰۰ سے ۲۰۰۰ تک	۱۳۳۱۴
۲۰۰۰ سے ۳۰۰۰ تک	۴۰۴۴
۳۰۰۰ سے ۴۰۰۰ تک	۱۹۵۰
۴۰۰۰ سے ۵۰۰۰ تک	۱۱۷۴
۵۰۰۰ سے ۱۰۰۰۰ تک	۲۰۹۸
۱۰۰۰۰ سے ۵۰۰۰۰ تک	۱۱۴۷

مٹی کا تیل۔ سالانہ رپورٹ سے معلوم ہوا کہ ہندوستان میں مٹی کا تیل اچھا سستا اور بروقت ہوتا جاتا ہے اور روس سے کثرت سے نکلنے لگا ہے سنہ ۱۸۹۲ء میں ایسا تھا کہ امریکہ اور روس سے برابر ۳ کروڑ گیلن تیل آیا لیکن سال گزشتہ ۱۰ لاکھ گیلن تیل ہندوستان آیا اور امریکہ سے صرف ایک کروڑ ۲۰ لاکھ گیلن تیل کا نرخ گھٹا دیا ہے لیکن روس سے مقابلہ ہے شوار ہو گیا ہے اس لئے کہ روس کو باطوم سے تیل باہر بھیجنے میں بہت آسانی ہے۔ یہ بات امریکہ کو میسر نہیں۔ بدیں وجہ باطوم سے تیل کے نمونے ایک روس نے پیرس میں بھیجے ہیں۔ [illegible]

مذاق

آقا (نوکر سے) "ارے غلام جا۔ اس مکان میں جھاڑو سے کوڑا وغیرہ جو کچھ ہو صاف کر کے باہر پھینک دینا"۔

نوکر تھوڑی دیر میں واپس آکر "حضور مینے جھاڑو دے کر کوڑا تو سب باہر پھینک دیا لیکن وغیرہ کو بہت تلاش کیا اس کا پتہ نہیں ملا"۔ (راقم رم۔ ان۔ ق)

عظیم الشان ہومیوپیتھک دوائی خانہ جس کو انگلینڈ جرمن اور امریکہ کے دوائی خانوں سے تعلق ہے ہندوستان بھر میں اپنا نظیر نہیں رکھتا۔ اس کی سچائی کی ثبوت میں اس چار کے روسا کے سرٹیفکیٹ و فہرست قیمت ادویات کے ساتھ شامل ہیں کافی ہے۔ ہر وقت طلب کتاب مذکور بلا قیمت ارسال کی جاتی ہے اس کارخانے سے جس زبان میں خط وغیرہ آتا ہے اسی زبان میں جواب لکھا جاتا ہے۔ نسخہ کا اظہار مفصل فن ہومیوپیتھک میں جو نامی کتاب ہے اس کا ثانی ہو کر ایک رسالہ ہضمہ تیار ہے۔

المشتہر گھوس کمپنی ہومیوپیتھک دوائی خانہ۔ محلہ مراد پورہ۔ خلاف بانکی پور

عقل اور حافظہ کو بڑھانیکا مجرب اکسیر

ذکر کیسا ہی کند ذہن یا کمزور دماغ طالبعلم آدمی یا لوکا کیوں نہ ہو اور طالبعلم جو چھوٹی عمر میں یاد داشت کمزوری کے باعث پڑھنے میں کچھ ترقی نہ کرتا ہو دو ہفتے میں اور ادھر بھول گئے اور وہ ایکدم جو تمام دن دفتر کے کاموں میں مشغول رہتی ہیں اور کمزور دماغ ہو کر ذلیل کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور وہ صاحب جو بڑھاپے کی کمزوریوں کے باعث یا تپ دق یا سل یا سوزاک یا ریشہ وغیرہ اور اور قسم کی بیماریوں سے کمزور دماغ ہو کر کم حافظہ یا بھول جانا سوچنے یا فکر کرنے پر ہو جاتے ہیں ایک ہفتے کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے اور کسی قسم کی دماغی بیماری یا کمزوری نہیں رہتی قیمت صرف ۱۰ روپیہ ایک سیر ہے۔ حضرت کا مجرب نسخہ ہے جو آزمائش کے بعد پبلک کے فائدہ کے لئے شہر کیا گیا المشتہر پنڈت کاکا رام شرما زمیندار سیالکوٹ منڈی (پنجاب)

نشتر

ایک دلکش سچا ناول

جن تو فلک زدہ دلوں کی پر درد کہانیاں جس پیرائے میں بھی کچھ نہ کچھ مزہ ضرور ہی دیجاتی ہیں مگر ان سچین گروپ والے لکھنؤ میں کچھ بات ہی اور ہوتی ہے جو اپنی ہی بیتی بیان کرنے والی ہماری دنیوں پر ان کی دلی حسرتوں کی بدولت زمانے بھر کا درد و داغ لئے ہوئے آتی اور تشریح بن کر سننے والوں کے کلیجوں میں اتر جاتی ہے یہ ناول بھی جو کسی پاس نصیب کی نامراد دیوی کا اصلی مرقع ہے بالکل اسی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے ہم ہوئے کیا کہہ سکتے ہیں کہ یہ ناول دیکھ کر کس نہیں کہ آنکھوں تا دامن تر نہ ہو کہ اصل سچا ناول ہے اور یہی سب ہے کہ قیمت کا حرف نہیں ہے دلچسپی کا اندازہ اسی سے کر لیجئے کہ صرف چند گھنٹوں میں ہی ہزار کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔

المشتہر ناظر حسین انصاری مہتمم بیمار یار لکھنؤ

صدہا سرٹیفکیٹ موجود ہیں اطلاع آنے پر مفت ارسال ہوگے

المشتہر پیلی کراٹیب بٹالوی سدروازہ نولاہی۔ چوک متی لاہور

نئی بخش ڈنٹسٹ انارکلی لاہور

دندان کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں۔ دانتوں کے متعلق دوائیاں اور بخن بھی موجود ہیں۔

کریسنٹ

ہنسی کا انجن۔ مذاق کی کل۔ ہوٹل کیوتھ بنانے کا آلہ۔ آتش کا پرکالہ۔ قیمت پیشگی ایک روپیہ دس آنے سالانہ رعوتہ کا پوسٹ مفت لیجئے ضرور منگوائیے

المشتہر منیجر اخبار کریسنٹ مراد آباد

جادو کی کتاب

ہر مرتبہ صفحہ کے نشان سے ملاقات کر ہزاروں گوئی اور نازنین مضمون کہ بے لکھے نہ رہے اور تم ان کی نظر سے غائب رہو ہزار کوس سے جس کو بلاؤ تمہارے پاس چلا آوے۔ کل حال اور مستقبل بیگانہ تمہکو کل امراض مہلک کو صرف عملیات کے ذریعہ صحت کلی۔ کل عیب تم خود کر سکتے ہو۔ مثلاً پانی برسانا منہ سے آگ نکالنا آگ میں جلنا اور لپٹے کا نہ جلنا۔ جسم میں پانی پھیلانا۔ سانپ وغیرہ وغیرہ نظر آنا پانی سے آگ پیدا کرنا وغیرہ وغیرہ ہمارا بیٹھ میں چراغ کا جلتا رہنا۔ ہاتھ میں کھجوروں پھر جانا اور پانی کا دودھ بنانے کے کاسے دودھ کا جاری ہونا۔ کا بند رہنا۔ سانپ کتے اور بہت سے جانوروں کی شکل میں نظر آنا علاوہ ان سب اوصاف کے اپنے دوست دشمن کو کوس سے ملنا اور اس جس سے چاہے ملاقات کرنا وغیرہ وغیرہ کرنا فقیر کے ہاتھ کے پیسے کا واپس آجانا۔ مرتے مرتے پھر جی اٹھنا وغیرہ وغیرہ جلانے کی ترکیبوں کے علاوہ بہت سی باتیں درج ہیں۔ ایسی عجیب کہ ان کے طریقے میں دیکھ کر دنگ ہو جاتا ہے۔ انسان عملیات سے سب کچھ کر سکتا ہے بشرطیکہ وہ محنت کرے خدا نے حضرت انسان کو فوق العادت قوتیں دی ہیں۔ بادلوں کو ہٹانے کے تحت حرف تک پہنچ جاتے ہیں۔ ہمارا نام دیکھ کر صاحب کتاب کو پوسٹ کارڈ اپیل طلب کرو اس کتاب کی قیمت صرف ۱۰ روپیہ صرف کر سکے بھی اور بخشش ہمارا پھر کر بھی مسائل بہت سے سیکھیں۔

قیمت صرف ۱۰ روپیہ

المشتہر منیجر طلسم ستارہ سہند مراد آباد

اخبار ستارہ ہند

یہ ہفتہ وار اخبار کئی سال سے جاری ہے اور ہر ہفتہ کو بروز اتوار ضرور شائع ہوتا ہے قیمت صرف تین روپیہ سالانہ ہے اس کے خریدار ایک نہایت خوبصورت اور بافائدہ کتاب مفت پاتے ہیں جو قیمت سے کئی گنا زیادہ ہے سو پیسہ پوسٹیج ہمیں بھیج کر نمونہ کا پرچہ طلب کرو۔

المشتہر اخبار ستارہ ہند مراد آباد

مقدمہ حملہ مجرمانہ شاہ پور

بعدالت منشی اعجاز نبی صاحب مجسٹریٹ درجہ اول ضلع شاہ پور
مقدمہ فوجداری نمبر ۔ ۱۸۹۴ء

قیصر ہند بصورت ڈاکٹر فنک سول سرجن شاہ پور ۔۔۔۔۔۔ مدعی
حافظ علی ہاسپٹل اسسٹنٹ نوشہرہ ۔۔۔۔۔۔ مدعی علیہ

(بقیہ نقل اظہار ڈاکٹر فنک سول سرجن شاہ پور)

یہ سرکاری لفافہ جسکو ڈاکخانہ نے بینگ کر دیا۔ میں نے مدعی علیہ کو بھیجا تھا عرضی مدعی علیہ مورخہ ۲ اکتوبر ۱۸۹۳ء پڑھ دی گئی۔ حکم بابت منشی گرفتاری مشتبہ ہیں۔ یہ حکم میں نے ہی جاری کیا ہوگا۔ یہ حکم بابت منشی گرفتاری فیس کے ہے۔ جو مدعی علیہ کو دوسرے ہفتہ میں واپس مجاز دیا گیا اور ڈسٹرکٹ کے بل میں محسوب ہوا۔ ڈاکٹ مورخہ ۔ اکتوبر ۱۸۹۳ء دیوان چند محرر کا لکھا ہوا ہے اور میرے دستخط ہیں۔ لفظ برطرفی محرر کی اپکا دے ہے۔ کیونکہ میں نے زبانی مضمون اوسے بتا دیا تھا لفظ بلفظ نہیں لکھوایا۔ جب دستخط کے لیے محرر نے ڈاکٹ پیش کیا تو لفظ برطرفی قلم زن کر کے اوسکی جگہ میں نے تنزل بنا دیا تھا۔ اگر میں لفظ بلفظ لکھواتا تو پہلے ہی لفظ برطرفی درج نہ ہوتا۔ جب مدعی علیہ کا بیان اس مقدمہ حوالہ آمدنی کی نسبت اسٹنٹ سرجنل کے یہاں پیش ہوا تو صاحب موصوف نے مجھے مدعی علیہ پر جرمانہ قائم کرنے کے لیے کہا چنانچہ میں نے کیا۔ اور پھر مدعی علیہ کا جواب اس جرمی کی بابت میں نے جانا۔ مجھے یاد ہے کہ مدعی علیہ کی درخواست میرے پاس آئی کہ اس جرم کی بابت اپنا بیان لکھوانے کے لیے اسٹنٹ سرجنل کے پاس جائے کی مجھکو رخصت دیجائے۔ مگر یہ یاد نہیں کہ یہ درخواست قبل میرے ڈائٹ مورخہ ۱۰ مارچ ۱۸۹۳ء کے آئی یا بعد جسمیں میں نے مدعی علیہ کے جرائم کی تفصیل پیش کی تھی۔ اس مقدمہ کا فائل میرے دفتر کے متعلق ہے اور بالفعل داخل عدالت ہے میں نے دیکھا اور میں اقرار کرتا ہوں کہ وہ اصلی اور صحیح ہے اور اس مقدمہ کی بابت کل کاغذات اوس میں ہیں۔ اس واقعہ کے چند روز بعد کپاؤنڈر کو مدعی علیہ سے چارج لے لینے کی بابت میں نے حکم دیا۔ اور میں نے یہ بھی کہا تھا کہ اگر چارج دینے میں مدعی علیہ انکار کرے تو تم پولس سے استغاثہ کرنا۔ مگر مجھے اوس کپاؤنڈر کا نام ابھی طرح یاد نہیں ہے جو مدعی علیہ کی جگہ میں نے بھیجا تھا۔ میں یقین کرتا ہوں کہ مجھے اختیار حاصل ہے کہ بوقت ضرورت اگر کوئی آدمی میسر نہ آئے تو سمیات کو کپاؤنڈر کے تفویض میں حوالہ کروں اگرچہ اس قسم کا کوئی صریح قانون نہیں ہے۔ تمام سرکلر اسٹنٹ سرجنل کے جو میری تقرری سے جاری ہوئے ہیں میں جانتا ہوں۔ اور ضرورت ہوتی ہے تو قدیم سرکلروں کا حوالہ دیتا ہوں۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ میری تقرری سے پہلے عرصہ پنج سالہ میں جتنے سرکلر جاری ہوئے ہیں میں سب سے واقف ہوں مگر میں نے پانچ برس سے پہلے کے سرکلروں کا بھی کبھی حوالہ دیا ہوگا۔ بیشک سمیات کے سرکلروں کا یہی منشا ہے کہ سمیات کسی کپاؤنڈر کی سپردگی میں نہیں دیے جا سکتے لیکن یہ ممانعت اوس صورت کو حاوی نہیں ہے جبکہ کوئی ہاسپٹل اسسٹنٹ میسر نہ آتا ہو۔ اتفاقیہ حالتوں میں میں خیال کرتا ہوں کہ مجھے بالخصوص اختیارات اسسٹنٹ سرجنل ہاسپٹل اسسٹنٹ کو معطل کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ مگر فوراً بعد معطلی رپورٹ بھیجنا چاہئے۔ میں نے بوقت ملاحظہ اسپتال ۴ جون ۱۸۹۳ء کو مدعی علیہ سے اسپتال خالی کرنے کے لیے کہا۔ اسسٹنٹ سرجنل کا حکم جو نامہ مدعی علیہ ہے یہ نہیں تھا کہ وہ اسپتال کی چار دیواری کے باہر نہ جائے بلکہ اوس سے مراد یہ تھی کہ نوشہرا ہی میں رہے۔ مجھکو کے فائل سے ثابت ہے کہ مدعی علیہ کو اسپتال سے نوشہرے کی بابت حکم سنایا گیا تھا۔

سوال:۔ تم نے مسمی چنتو ملازم جیلخانہ کو کوری چوک کب مارا تھا؟ وکیل مدعی علیہ نے اس سوال کی ضرورت پر قانون شہادت کے سیکشن ۱۴۳ کا بند ۲ کو صحت گردان کر بیان کیا کہ حملہ مجرمانہ کے مقدمہ میں اس امر کی تنقیح مناسب ہے کہ مدعی فسادی اور بدچلن ہے اگر اوسکی بدمزاجی ثابت ہوئی تو اوسکا بیان بحیثیت شہادت پایہ اعتبار سے گر جائیگا۔ وکیل مدعی نے اس بنا پر اس سوال کے جواب میں کلام کیا کہ محض اس سوال سے مدعی کا چال چلن انداز نہیں ہو سکتا دوسرے یہ کہ مدعی نے دوسرے شخص کو مارا لہذا اس مقدمہ میں اوسکی شہادت غیر معتبر نہیں ہو سکتی۔ اسکے سوا سوالات بابت چال چلن مدعی جو اوسکی شہادت کو غیر معتبر کر سکتے ہیں۔ محض سیکشن ۱۴۶ قانون شہادت کے مطابق جائز ہو سکتے ہیں۔ عدالت:۔ چونکہ یہ الزام ایسا ہے کہ اگر سچ نہیں ثابت ہوا۔ تاہم مقدمہ ہذا میں بے اعتباری شہادت کو عدالت کے نزدیک بہت کم یا بالکل تاثیر نہیں کر سکتا (دیکھو نقرہ ۲ دفعہ ۱۴۶ قانون شہادت) لہذا میں اس سوال کی اجازت نہیں دیتا اور دوسرے سوالوں کو بھی جو وکیل مدعی علیہ کرنا تجویز کرتا ہے ناجائز ٹھہراتا ہوں (دستخط) اعجاز نبی مجسٹریٹ درجہ اول، ۱۷ جولائی ۱۸۹۴ء

سوال:۔ کیا اسسٹنٹ سرجنل نے سب چیر پہاڑ گرد باری اصل اسسٹنٹ سرجن کے کرنے پر اعتراض کیا تھا جسکا تم پابند لازم تھا؟

عدالت:۔ میں اس سوال کی بھی اجازت نہیں دیتا اسلیے کہ فائدہ نہاں اسے کچھ اگلوانا نہیں ہے (دستخط) اعجاز نبی مجسٹریٹ، بجواب سوال:۔ تمہاری تنویت کیا ہے؟

اس سوال پر بھی وکیل مدعی نے عذر کیا مگر عدالت نے حسب دفعہ ۱۴۶ فقرہ ۲ قانون شہادت جائز رکھا۔

جواب:۔ میں یورشین ہوں۔

اسکے بعد وکیل مدعی علیہ نے سوال کیا کہ کیا تمہارے یہاں دوسرے قوم میں شادی درست ہے جبکہ تم اینگلو انڈین یورشین نہیں ہیں۔ کیا اس سے تم قوم سے خارج کر دیے جاتے ہو۔ کیا تم نے اپنا مذہب اسلیے بدلا کہ تم انگلستان کی لڑکی سے شادی کرنا چاہتے تھے۔

میں مارڈو کیسیفکیٹ سمجھتا ہوں۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے سومن سے اوس خط کو پڑھکر مجھے سنانے کے لیے کہا ہو جو اوس نے مرغیوں کے لئے میرے حکم سے روانہ کیا تھا۔ گو کل چند کپاؤنڈر کو اسپتال نوشہرہ سے میں نے ۲۳ مارچ ۱۸۹۳ء کو صدر میں رکھنے کے لئے طلب کیا۔ اور اوسکی جگہ گنیش داس کو بھیجا۔ مجھے علم نہ تھا کہ گنیش داس دیوان چند محرر کا بھائی ہے۔ نہ مجھے یہ معلوم ہے کہ میرا اردلی بنا چند میرے غریب دیوان چند کا باپ ہے۔ نہ میں یہ جانتا ہوں کہ روپ چند ویکسینیٹر دیوان چند کا دوسرا بھائی ہے۔

سوال:۔ بعد اس واقعہ کے مدعی علیہ کی کارروائیوں کی کوئی اطلاع تمکو گنیش داس نے دی کہ یا تم نے اوسے کوئی ہدایت کی تھی۔ کہ اگر مدعی علیہ ہمارے خلاف کوئی کارروائی عمل میں لائے تو اوس کا وہ کا ظار رکھے۔ اور نیز اس بات کی خبر لگائے کہ کون کون شخص مدعی علیہ کی طرف سے گواہی دینے والے ہیں اور کون کون شخص ہمارے گواہ ہو سکتے ہیں؟

وکیل مدعی نے اس سوال پر بھی عذر کیا مگر عدالت نے حسب دفعہ ۱۴۶ قانون شہادت جائز رکھا۔ (دستخط) اعجاز نبی مجسٹریٹ درجہ اول
۱۷ جولائی ۱۸۹۴ء

(بقیہ مضمون صفحہ چار کالم سوم)

(۴) ۹ پارچہ ۔ سطرح لکھے سے ۔۔ ہوتے ہیں ۹/۴ ۹۹۔
(۵) پاپ کرے (یعنے گناہ کرے) تو پاپ کا پھل (یعنے اپنے کرو کے پاپ کا) پاپ کرنے گت ہوا (یعنے پاپ کرنے سے نجات ہوگی) دوسرا مصرعہ صاف ہے۔

انعامی مقابلہ ۲۶ جنوری:۔ اس میں جتنے حروف وغیرہ کے شمار کی نسبت جوابات آئے ہیں سب ایک دوسرے سے مختلف ہیں مگر منشی غلام نبی صاحب ملازم ڈاکخانہ سفیری پنجاب لائن نے اغلاط کی غلطیاں سب سے زائد اور صحیح بتائیں اور شیخ نصیرالدین احمد صاحب انصاری ساکن ستارہ ضلع بجنور نے اکثر حروف وغیرہ بہت فصاحت اور صحت کے ساتھ کیا لہذا دونوں صاحبوں کو نصف نصف انعام یعنی ایک ایک روپیہ دفتر سے دیا گیا (اطلاع آنے پر کہ نقد بالصورت کتب لے دیا جائیگا)

سید احمد شاہ صاحب تحصیلدار علاقہ ڈیرہ اسمٰعیل خان تبدیل ہو گئے ہیں۔ یہاں وہ فریفتہ تو دس ماہ سے اس قلیل عرصہ میں انکی کارروائی اور خدمات سرکار بہت عمدہ رہے ہیں تھوڑے سے ہی عرصہ میں تالیف قلوب سے کل علاقہ کو اپنے شیدا بنا لیا۔ ہر فریق بلکہ ہر فرد بشر انکا مداح ہے سب کو انکی جدائی کا سخت رنج ہے۔ بجا یہ سرکاری جو عرصہ سے چلی آتی ہے اور واللہ اعلم صاحب تحصیلدار سابق بھی یوں ہی چھوڑ کر چلے گئے تھے شاہ صاحب موصوف نے آتے ہی نہایت آسانی سے وصول رکے داخل خزانہ کر دی۔ غرضیکہ دیانت، لیاقت، محنت، حسن اخلاقی میں بیعدیل تھے۔ راقم ناظر از ملتان

۔۔۔ میاں حاجی چراغ الدین صاحب مرحوم تاجر کتب لاہور کی تاریخ وفات ارسال خدمت ہے۔ امید ہے کہ آپ بادہ نوازش اسکو اپنے آئندہ پرچہ اخبار میں درج کرینگے۔ والسلام

جب چراغ الدین کا مسکن ہوا جنت کا باغ
رہ گیا فرقت کا انکے سب دلوں پر سخت داغ
فکر جب میں نے کیا از بہر تاریخ وفات
آئی ہاتف سے ندا "گل ہو گیا" ۱۳۱۲ھ

نیازمند ولی اللہ انگلش ماسٹر اسلامیہ سکول لاہور مورخہ ۳۰ جون

نوٹ:۔ اخبار ہمدرد ہند مطبع منشی چند پنسی لاہور میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جسمیں تحریر ہے کہ منشی ہادی سنگھ نے سیالکوٹ سے واپس آکر سب پوسٹماسٹر کو تحصیلدار صاحب کھڑک کے بیان پر دو دفعہ بولا جب وہ نہ آیا تو بذریعہ رقعہ نامہ نگار کا نام دریافت کیا۔ مجھے پرخاش ایک جلد کیا گیا ہے۔ آپ اسکی تردید چھاپکر ممنون فرماویں کہ تو مجھکو منشی نے بولا اور نہ رقعہ کسیکا میرے پاس پہنچا (راقم رحم علی سب پوسٹماسٹر ڈاکخانہ ثروت)

مالیر کوٹلہ:۔ ۴ ستمبر کو نواب صاحب لوہارو دسپرنٹنڈنٹ ریاست مالیر کوٹلہ کو تشریف لیگئے۔ ۵ سے تک متواتر بارش ہوئی۔ ہمت مکانات پختہ و خام سربسجود ہو گئے اور ٹپکنے سے کوئی نہیں بچا۔ موم جو

...ور اور درخت سب اسمیں شامل ہیں۔ بیشک یہ علم ...ل کی وسیع اور پر حکمت مخلوقات پر روشنی ڈالتا ہے اور ...حقیقی خصوصیت کاملہ اور حکمت بالغہ کو ظاہر کرتا ہے اور اسی وجہ ...چسپ اور مفید ہونے میں بھی کچھ کلام نہیں لیکن مذکورہ ...بالجی سے جہاں تک دیکھا گیا ہے سکول کے لڑکے ...زیادہ اٹھاتے ہیں۔ اسکے دو تین باعث ہیں۔ اول کسی ...درخت کی بیالوجی سمجھنے کے لئے اوس جانور یا درخت کا موجود ...ضروری ہے۔ کیونکہ صرف لفظوں سے اوسکی بناوٹ وغیرہ ...طرح نہیں سمجھ سکتا۔ اور نہ ہی ذہن میں مدت تک قائم ...سکتا ہے۔ لیکن مکمل جانور اور درخت ہر ایک جگہ نہیں مل سکتے۔ ...ہی سکیں۔ تو کوئی مدرس ایسا سمجھانے کی کوشش ...مدرس کتاب سے عبارت پڑھانا ہی کافی سمجھتے ہیں ...علم بالکل رو کھا پھیکا معلوم ہوتا ہے۔ دوم۔ پہلی تین چار ...ہماری قومی نہیں اکثر ایسی ہیں جنکو اکثر طلبا پہلے ہی سے ...کچھ توجہ سے نہیں پڑھتے۔ برعکس اسکے چھٹی ساتویں ...ایسی گہری اور دقیق پائی جاتی ہیں۔ جن کو ...طلبا باوجود ایک واقف استاد کے اچھی طرح نہیں سمجھ ...واسطے وہ ایسے حالات سے کچھ رغبت نہیں رکھتے۔ سوم۔ ...ہی اس علم کا مذاق نہیں ہے۔ وہ کتابی عبارت کے ...ادا دینے کے سوا اور کچھ نہیں کرتے۔ گو آجکل اکثر مدرس ...سند رکھتے ہیں جہانتک اونہیں علمی تعلیم کا ڈھنگ بتلایا جاتا ہے ...شاید سو میں سے ایک کرتا ہو۔

...پہلو کو دیکھنے سے میرے خیال میں اخلاقی تاریخی طبعی مضامین ...زیر بحث اردو سلسلہ میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔ ...واسطے ایک پتھ دو کاج کہلانے کے مستحق ہیں۔ اور اگر ...ترجیح دیجائے تو بیجا نہ ہوگا۔ یعنے ایک تو موجودہ صورت ...کی نسبت اخلاقی یا تاریخی حالات زیادہ دلچسپ اور موثر ...طلبا انکو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں اور پھر ساتھ ہی اخلاقی ...میں از حد ضرورت ہے۔ جہانتک میرا تجربہ ہے میں کہ ...طلبا کے اخلاق اور صحت پر بہت کم توجہ کیجاتی ہے مدرسوں ...نگہ ہوتی۔ حالانکہ ہمارے لڑکے مشن کے روبرو پٹے کھنے ...نکلیں۔ اور سچ پوچھئے تو مدرس جیسے ہیں۔ ایسے ممتحن بہت ...طلبا کے اخلاق اور صحت کا بھی امتحان کریں اور اسکی بابت ...بار پرس کریں۔ آیا وہ اپنے طلبا کے چال چلن کی کس ...کرتے ہیں۔ صحت کا کیونکر خیال رکھتے ہیں۔ گو ان دونو ...زیادہ نہ سہی لڑکوں کے والدین ہو سکتے ہیں لیکن سکول ...صحت اور اخلاق کی حفاظت کرنا مدرسوں کا فرض سمجھا ...مدرس ناواقف والدین کو ہی ان باتوں کیطرف ...سکتے ہیں۔ سکولوں میں ورزش کا سامان سرکاری طور پر ...لڑکے خوشی سے کرکٹ کھیلتے ہیں۔ جنٹشاک پیریلل بار ...کرتے ہیں۔ لیکن پھر بھی زیادہ تر لڑکے اس سے ...کیونکر مجبوری نہیں ہے۔ دل چاہا سیر کو ...تاریک کوٹھڑی میں ہی تمام کردی۔ اخلاق کی یہ ...آجکل کے طلبا استاد کے سامنے جھوٹ بولنے کو ...نہیں سمجھتے۔ جسکی وجہ یہ ہے کہ اوستاد اونکی

ایسی غلطیوں پر بہت کم دھیان دیتے ہیں۔ زیادہ تر افسوس ...ہے کہ بعض مدرسوں کا اپنا چال چلن بہت ناگفتہ بہ ہوتا ہے۔ ...کو خویشتن گم است کرا رہبری کند۔ ایسے مدرس بہت سے معصوم ...اور ہونہار بچوں کی بیخ کنی کا باعث ہوتے ہیں۔

غرض اسمیں کچھ شک نہیں کہ دیسی طلبا کے اخلاق اور صحت میں بہت اصلاح درکار ہے۔ اور اسکا باعث والدین اور مدرسوں کی غفلت اخلاقی اور صحت کی کتابوں کا کم ہونا ہے اور اسکا تدارک کم و بیش ہمارے اختیار میں ہے۔ کیا ہی اچھا ہو اگر اردو کے سلسلہ میں اخلاق اور حفظ صحت کا کافی پارٹ رکھا جائے کیونکہ جسقدر پایا جاتا ہے وہ عملی طور پر کوئی فائدہ ظاہر کرنے کے لئے بہت کم ہے۔ اخلاقی اصلاح کے لئے بہادر مونژ اور عبدالستار ہو سکتے ہیں۔ ایسے ناول جو مسیح کی عظمت جھوٹ کی برائی بچپن کی شادی اور شراب خوری کے مضر نتائج صحت کی برکت اور بیماری کی خواری مناسب پیرایہ میں ظاہر کرتے ہیں۔ اگر سکولوں میں رواج دیئے جائیں تو ہرگز بیجا نہ ہوگا۔ مضمون طویل ہوا جاتا ہے۔ میں نے جس وضاحت جو کچھ بیان کیا ہے۔ اوسکی یہ غرض ہے کہ دیسی طلبا کے چال چلن اور تندرستی کو اچھی حالت میں رکھنے کے لئے دیسی کتب کا ہونا ضروری ہے۔ جسکے پڑھنے سے طلبا پر بخوبی روشن ہو جائے کہ نیک چلنی اور تندرستی اونکی زندگی کا روح رواں ہے۔ کیونکہ مروجہ سلسلہ کتب اردو میں ایسی باتوں کی بہت کمی ہے۔ رہا یہ امر کہ استاد اصلاح کیجائے کہ موجودہ اردو کتابوں سے بجائے کم کرکے اوسکی بجائے اخلاقی اور تواریخی مضامین جو طلبا پر انکی حیاتیات اور ضرورت کے مطابق ہوں کافی مقداریں داخل کئے جائیں۔ حفظ صحت کے متعلق ہزارہا باتیں آسان اور عام فہم عبارت میں لکھی جا سکتی ہیں جس سے ہمارے طلبا بہت فایدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ایک بات اور ہے وہ سن لیجئے اور بس عام لوگ جانتے ہیں کہ قانون کی ناواقفیت کا عذر کسی قانونی خلاف یا جرم میں سماعت نہیں ہو سکتا اور مناسب سزا سے نہیں بچا سکتا لیکن پھر بھی ایسے شخص بہت کم ہیں جو شوق سے اپنے فایدے کے لئے کوئی قانونی کتاب مطالعہ کرتے ہیں۔ اگر ایک سوٹی سی پیدنا قانون کی کتاب جسمیں نہایت ضروری اور معمولہ قوانین درج ہوں پرائمری یا کم از کم مڈل میں سبق بجائے اور ہسٹری یا اردو کے ساتھ سمجھی جائے تو کیا حرج ہے۔ میں دیکھوں گا کہ میرے مضمون کی تائید یا تردید میں کسقدر مدرس قلم اٹھاتے ہیں۔ الراقم۔ ایک مدرس

قسطنطنیہ کا افسوسناک زلزلہ اور اظہار ہمدردی

(از نامہ نگار کہ معظمہ)

امید ہے کہ ہندوستان کے تمام وہ اخبارات جنکو انسانی ہمدردی سے کچھ بھی حصہ ملا ہے ضرور ہمارے اس خیال کی تائید کرینگے۔

میرے کرم فرما اڈیٹر پیسہ اخبار۔ السلام علیکم۔ میں خیال کرتا ہوں۔ کہ قسطنطنیہ کے زلزلہ کے مفصل حالات ہندوستان کے اخبارات کو ضرور پہنچے ہونگے۔ میں اپنے مافی الضمیر کو اسوقت نہایت مختصر الفاظ میں عرض کرنے کی اجازت مانگتا ہوں۔ اس سال مختلف مقامات پر یونان وغیرہ میں بہت سخت زلزلے آئے مگر قسطنطنیہ کے زلزلہ کی مثال کسی جگہ کی زمین نے ایسی بیجا حرکت نہیں کی جس سے ایسا نقصان ہوا ہو جیسا کہ استنبول کے زلزلہ سے لوگوں کی جان و مال کا ضرر ہوا۔ جسقدر زیادہ مرتبہ ہوا اہلی وضعین اسی قدر تک برابر زمین کانپتی اوقات بتی ہی۔ ان تین دن میں ہزارہا مکانات اور دوکانات مسجدیں اور سرکاری عمارتوں کے دیواریں شق ہو گئی اور اسمارات کی تعداد اور مالی نقصان کو بوا اندازہ کو باوجود بے انتہا کوشش تحقیق کے کوئی مورخ نہ ہر سکا۔ تمام شہر کے باشندے تین روز تک کھلوں سے نکل کر باغوں اور خیموں میں رہے۔ جسمیں کسی قدر اطمینان ہوا اور لوگ اپنے برباد شدہ مکانات اور اسباب کی طرف متوجہ ہوئے تو وہ سرا سر اندیشہ اول سے زیادہ مصیبت ناک ہوا۔ اور اس اخیر زلزلہ میں بہت مکانات بے نشان ہو گئے۔ اکثر بازار اور دکانیں منہدم ہو کر راہ چلنے والوں کو روکنے لگے۔ ہزارہا بندگان خدا ایک آن میں بے خانماں ہو گئے جنمیں اس سلطان المسلمین بھی ایک رات سے زیادہ دریا میں آگیٹے پر رہے غرض قسطنطنیہ کے زلزلہ کا حال استقدر افسوسناک اور دردانگیز واقعہ ہے کہ اسکے مفصل حالات بیان کرنے کیواسطے بہت ہی دقت کی ضرورت ہے۔ یہ وحشت ناک خبر جسوقت تمام دنیا کو معلوم ہوئی ہی ایک نہایت مضطربانہ حالت کیساتھ اہل پڑ گئی۔ خیر خواہان ملک نے اور جلیل القدر عہدہ داروں نے سلطان اعظم کی خیریت دیافت کرنیکی غرض سے تعزیتی تار بھیجنے شروع کئے۔ ان تاروں کے جواب دوسرے دن صبح کو ملے اور اس تاخیر کیوجہ بیان کیگئی کہ تعزیت خانہ جو قسطنطنیہ کی ممتاز عمارات میں شمار کیا جاتا تھا پہلے ہی دن کے زلزلہ میں ایسا بیکار ہو گیا تھا کہ تمام دفتر وغیرہ وہاں سے منتقل کرنے پڑے۔ قسطنطنیہ کی تمام عمارات اور مساجد و مدارس اور بازاروں کی از سر نو تعمیر یا درستی کا اندازہ دو لاکھ پچاس ہزار لیرہ عثمانی کیا گیا ہے۔ استنبول کے مصیبت زدہ باشندوں کیواسطے دنیا کے اکثر حصہ میں نہایت گرمجوشی کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا گیا۔ اور بعض ممالک میں بہت ہی زیادہ سے چندہ جمع ہو رہا ہے قسطنطنیہ میں ایک خاص مجلس اس چندہ کے جمع کرنے اور خرچ کرنے کیواسطے مقرر کیگئی ہے جسکے میر مجلس صدر اعظم دولتلو جو اپنا سارا وقت اور جہد اس خدمت میں روانہ فرما رہے ہیں۔ ہندوستان کی فیاضانہ ہمدردی اور فوج کی مہمانداری اور دلگیری اسی بات کی مقتضی ہے کہ جہانتک ہو سکے اسوقت استنبول کے مفلوک الحال اور بے خانماں باشندوں کی امداد کیجائے۔ گو ہندوستان کے اہل اسلام کی موجودہ حالت ہرگز اس قابل نہیں کہ اونکی طرف سے اس قسم کے چندوں کی درخواست کیجائے مگر پھر بھی وہ آئے دن کسی نہ کسی چندہ کی بابت ضرور مستدعی ہوتے ہیں اور اونکی جیبوں سے ضرور کچھ نہ کچھ ایسے موقعوں پر نکلتا رہتا ہے اور سچ پوچھئے تو وہ ایک حد تک اسکے عادی ہو گئے ہیں۔ اگر اسوقت بھی اپنی عادت کے موافق خوب سخاوت کے جوش میں آکر سیقدر استنبول کے دیوانوں کے واسطے ہمت کر جائیں تو یونانیوں اور بلقانوں کے باشندوں سے دو ہاتھ قدم آگے ہی رہیں گے۔ ایسا کیا بلکہ ہندوستان کے مسلمانوں کی دلجوئی یقین دلاتی ہے کہ وہ ضرور اسطرف توجہ کرینگے۔ یاد دلانا اور تصویروں کے نصب کرنے میں ہزارہا روپیہ ہو صرف چند گھنٹوں کی واہ واہ کیواسطے آپ نہایت کشادہ دلی سے مرحمت فرماتے ہیں۔ کیا۔ لوگ جو ہر طرح واجب الرحم ہیں

مراسلات

نئی ریلوں پر ضروری استفسار کا جواب

جناب اڈیٹر صاحب پیسہ اخبار۔ بعد سلیمو وضع ہو کہ آپکے اخبار مطبوعہ ۸ ستمبر میں کسی صاحب نے بعنوان مرقومہ بالا استفسار احوال کیا ہے۔ جسکا جواب بعد معائنہ نقشہ مجوزہ جدید ریلوے حسب ذیل ہے کچھ عرصہ بعد جسکی نقد ایک سال سے کم نہ سمجھنا چاہئے بی۔ بی اور سی۔ آئی ریلوے کی ایک جدید شاخ غالباً جاور ہ سٹیشن سے متہر کو جاری ہوگی۔ وہ گنڈ ہارا اور خاص جہالرا پاٹن سے گذرتی ہوئی مقام بارہ علاقہ کوہٹہ اور قوالی خاص کو تقاطع کرتی ہوئی یہ ہتھور سے لائین کو عبور آ ٹے کر کے متہرا جا پہنچے گی۔ متہرا سے تخمیناً قریبی۔ میل۔ بارہ پونے دو سو میل جہالرا پاٹن سوا دو سو میل اور جاورہ سوا تین سو میل فاصلہ پر واقعہ ہوگا مقام بارہ سے خاص کوہٹہ غربی سمت کو بائیس میل اور ایک دوسری شاخ سے۔ جو بارہ اسٹیشن سے علیحدہ ہو کر تقاطع کرتی ہوئی پنجاب کی طرف سرے پر جا ملے گی۔ خاص بوندی پچاس میل کے قریب جدا ریجاوے گی۔ ملک ہاڑوتی کے سیاحوں کو یہ ہیل گذرگاہ ہوگی۔ راقم محمد عبید اللہ فرحتی از سیتا مڑھ الوہ ۱۶ ستمبر ۱۸۹۴ء

سورج گرہن

جناب مکرم اڈیٹر صاحب۔ یہ سورج گرہن جو ۱۵ اسوج سمت ۱۹۵۱ کو مطابق ۲۹ ستمبر ۱۸۹۴ء کو ہونے والا ہے اسکی بسط مختلف مقامات کے پنڈتوں کی مختلف رائیں ہیں۔ چنانچہ جودھ پور کی پتری میں اسکا وجود سوا گھنٹہ اور اتر سر کی پتری میں نصف گرہن کا سوا دو گھنٹہ تک ہونا لکھا ہے۔ لیکن ہم نے بغرض فایدہ انام اسکی تحقیق کے واسطے بڑی غور اور سعی کے بعد دریافت کیا ہے۔ کہ اسکا وجود شمالی ہند اور پنجاب میں مطلق نہیں۔ یعنے یہ گرہن اُن ممالک کے سوا جو ۴ درجہ عرض جنوبی تک واقعہ نہیں۔ باقی تمام ممالک میں کسی جگہ بھی نظر نہیں آئیگا۔ پس میں آپ سے اسکے اندراج کی نسبت ملتمس ہوں۔ کہ برائے تعمیل بدستور سابق اپنے اخبار پیش بہا میں درج فرما کر مجھے ممنون فرماویں۔ تاکہ لوگوں کو اسکی انتظار میں وقت صرف نہ کرنا پڑے۔

نقشہ سورج گرہن جو ۱۵ اسوج سمت ۱۹۵۱ مطابق ۲۹ ستمبر ۱۸۹۴ء ہوگا

گہنا نظر آئے گا	نام ممالک
نصف کے قریب	جزایر لوریفو۔ سیشیز۔ ساٹرا۔ جنوبی ملایا۔ جنوبی حصہ لنکا۔ زنگبار۔ کانگو۔ انگولا۔ نیگیلا۔ برازیل۔ ہیرو۔ بولویا۔
نصف سے کم چوتھائی کے برابر	انام۔ سیام۔ لوئیر برما۔ پانڈی چری۔ میسور۔ مدراس گوا۔ ابی سینیا۔ وسط فرنیلہ کا جنوبی حصہ۔ مغربی افریقہ فلکہ الہنڈسٹ کے نیچے۔ گی آنا۔ وانی زویلا۔ کولمبیا
ایک انگل کے قریب	بمبئی میں دوپہر کے وقت ایک انگل کے قریب نظر آئیگا اور دوپہر لگانے سے اور اُن مقامات میں بھی جو اس عرض جنوبی میں ہیں۔

راقم آپکا دعا گو پنڈت آتمارام جوتشی قصبہ رامداس ضلع امرتسر

اڈیٹر پیسہ اخبار کیخدمت میں ایک ضروری عرض

تعلیم۔ مجھے ایک سال سے پیسہ اخبار کی خریداری کا فخر حاصل ہے۔ نہ فقط میں بلکہ میرے تمام احباب اس بات کے معترف ہیں کہ جسقدر خوبیاں اخبار کے لیے ہونی ضرور ہیں سب کچھ اسمیں موجود ہیں یہ اخبار گویا آپ اپنا نظیر ہے۔ اخبار پہنچنے کے دو روز تک گاہی بصیغہ ڈاک چین ہیں جاتی ہیں اور اس شہر کے معدودے چند خریدار ہیں ۵ وعدہ وصل چوں شود نزدیک ہ آتش شوق تیز تر گردد۔ مگر ایک کونسی حکایت ہے تو فقط اسبات کی ہے کہ حروف اسکے بالکل باریک ہیں اوقت مطالع دماغ پر زور پڑنے کے کسے علاوہ ایک نوع کی کمزوری پیدا ہوجاتی ہے جس سے اخبار کے پورے پورے مضامین پڑھا ہی ہونے کے لئے طبیعت نہیں چاہتی۔ اور بعض مقامات میں باریکی کیوجہ سے حروف مشکوک ہی نظر آتے ہیں۔ غرض یہ شکایت فقط اس رسیدہ اشخاص کی ہے بلکہ اکثر جوان لوگ بھی کہتے ہیں کہ ایسے باریک حروف کے مطالع سے قوت بصارت میں خلل آجانے کا اندیشہ ہے۔ چنانچہ ۱۱ اگست کے پیسہ اخبار میں کسی ڈاکٹر صاحب کا مضمون جسکا عنوان (صحت العین) ہے اس قول کا موید ہے۔ پس اڈیٹر صاحب سے گذارش ہے کہ حتی الامکان آپ جلد اس شکایت کو دور کریں دوسرے اخباروں کی طرح اس اخبار کے لئے بھی ایک مترسط حجم کا حرف کافی ہے۔ ہاں اگر آپ کو یہ خیال ہے کہ اس سے کاغذ کے مصارف بڑھ جائیں گے موجودہ قیمت پر اخبار دینا نہ ہوسکے گا تو بے شک آپ قیمت میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ کیا آپ کے ناظرین اخبار ایسے ہٹ دھرم اور بے انصاف ہیں کہ باوجود اسقدر رعایت کے آپ سے تخفیف چاہیں یا اضافہ قیمت سے ملکیت انکار کر بیٹھیں۔ نہیں ہرگز نہیں۔ آپ اور مہربانی فرما کر اس بیانامہ کو پیسہ اخبار کے کسی گوشہ میں جگہ دیجئے پھر دیکھئے کہ کتنے ناظرین اس رائے سے متفق ہوتے ہیں ۵ ہے جسقدر جگانا دل سراغ ہے ۵ کچھ تو قصد کر بتری ہمت کو کیا ہوا۔ راقم قادر بادشاہ متخلص بادشاہ ازدوا بنہاڑی ۵

پیسہ اخبار۔ خط پیسہ اخبار کا ایسے آسانی سے سمجھا گیا ہے۔ کہ اس چھوٹے سے اخبار میں بہت سے مضمونوں کی گنجائش ہوسکے۔ اور زیادہ پیسے کیوجہ سے کبھی کبھی پچیدہ پرچوں کی چھپائی بھدی ہو جاتی ہے۔ مگر ہم ہر طرح کوشش کر رہے ہیں کہ اسکی اصلاح ہوجاوے۔ آپ تو خاشا اللہ انگریزی جانتے ہیں آپ دیکھتے نہیں کہ انگریزی اخبارات کو باریک حروف کے مقابلہ میں اردو کے باریک حروف کو کیا نسبت ہے اضافہ قیمت کی نسبت آپ کے شایان شان ہے کیونکہ آپ "بادشاہ" ہیں مگر عام اور متوسط الحال لوگ شاید زیادہ قیمت نہ دے سکیں اور اگر تین چوتھائی خریدار بھی زیادہ قیمت دینے کی حامی ہو لیں تو ہم بہت سی اصلاحیں کر کے اپنے آپ کو بہت مفید ثابت کر سکتے ہیں ۵

پنجاب یونیورسٹی اور اسکے ابتدائی اردو کتب کا سلسلہ

اردو کتب کا وہ سلسلہ جسکی بنیاد کرنل ہالرائڈ صاحب بہادر سابق ڈائریکٹر سررشتہ تعلیم نے ڈالی تھی اور جسکو ڈاکٹر لائٹنر صاحب نے بطور پروعدہ کر دیا تھا کہ اس سلسلہ میں یہ کتابیں ہونگی تمت بالخیر کو پہنچ چکا ہے۔ اگرچہ اس وعدہ کی تکمیل میں اندازہ تاخیر ہوئی اور شاید کوئی وجہ ہوگی۔ اس سلسلہ میں اردو لٹریچر کی کتابیں آٹھ قرار دیگئی ہیں چونکہ ٹرل تک آٹھ جماعتیں ہوتی ہیں اسلئے غالباً ہر ایک جماعت میں اسی نمبر کی کتاب پڑھانا مناسب خیال کیا گیا ہوگا۔ لیکن آجکل کی سکیم آف سٹڈی کے مطابق یہ آٹھ کتابیں پرائمری میں ہی ختم کرائی جاتی ہیں مڈل کے لئے علیحدہ اردو کورس بنائے گئے ہیں اب اصل مطلب شروع کرنے سے پہلے دو باتوں کا خیال رکھنا چاہئے۔ اول طلبا پرائمری کی لیاقت کہاں تک ہوتی ہے دوم طلبا میں اخلاق اور صحت کی کسقدر نزدرت ہے۔ ان آٹھ کتابوں کے علاوہ مبتدی بچوں کو اردو کا قاعدہ پڑھایا جاتا ہے۔ اور مناسب ہے کہ قاعدہ ہی سے مطلب شروع کیا جائے ۵

کسی زبان کا قاعدہ یا ابجد اور سکا بنیادی پتھر ہوتا ہے جسقدری کہ اوس زبان کا ابجد اور حرکات سکنات سکھلاتا ہے اور ساتھ ہی تھوڑے سے کافی الفاظ اور چھوٹے چھوٹے جملے اوسکے سامنے پیش کرتا ہے۔ لیکن ہر ایک زبان کے سیکھنے میں دو فایدے ہوتے ہیں اور یہ بھی ہیں اول الفاظ سے زبان کی مافیت دوم وہ الفاظ اپنی تخمینی ترکیب سے طالبعلم کے دل میں کوئی پاک اور مفید خیال پیدا کر سکیں جس طرح ہر کتاب کا صرف یہ مقصود ہے کہ اوس سے صرف الفاظ کا ذخیرہ طالبعلم کے دل میں جمع ہوجائے وہ اپنا فرض ادا ہوا ادا کرتی ہے۔ اردو قاعدہ میں لفظوں کی ترکیب میں تو کوئی اعتراض ہو ہی نہیں سکتا لیکن فقرات کی ترتیب میں ایک ہی فایدہ مدنظر رکھا گیا ہے دوسرے پر کم توجہ دیگئی ہے نکتہ آیا۔ بلی گئی۔ طاؤ وٹا۔ مکندرام کو بلاؤ۔ آج ہے خوب کہیر کہانی۔ . . . . وغیرہ"

اس قسم کے فقرے دوسرے فایدے سے بالکل مہرا ہیں اور اسلئے بیجا اور بیفایدہ ہیں مقابلہ حق کہ۔ خدا سے ڈر۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔ علم بڑی دولت ہے۔ ماں باپ کا ادب کرو۔ جو کہ زیادتی کے ساتھ روحانی اور اخلاقی مفاد سے بھی پُر ہیں گو دوسرے قسم کے بھی یہی قاعدہ مذکور میں موجود ہیں۔ لیکن کیا ہی بہتر ہو کہ ایسے تمام فقرات جو ایک بیٹھ دو گاہ کا کام نہ دیں بلا تامل خارج کئے جائیں اور اوسکی جگہ صرف ایسے جملے داخل کئے جائیں جنپر یہ عنوان شامل حال ہو سکے چند خوش بود کہ برآید بساک کرشمہ دو کار ۵

اب اردو کی آٹھ کتابوں پر الگ الگ بحث کرنی تو طویل ہوگی یہاں ہر ایک کتاب کی مختصر فہرست مطالب لکھی جاتی ہے جس سے ناظرین کو ہوگا کہ یہ کتابیں کہاں تک بیک کرشمہ دو کار کی مصداق ہیں ۵

اردو کی پہلی۔ کہانا پک رہا ہے۔ پسنہاری آٹا پیس رہی ہے۔ بنیے کی دوکان۔ . . . وغیرہ وغیرہ ۵

" دوسری۔ جانور۔ درخت۔ وقت اور موسم۔ کچھ اخلاقی حال

" تیسری۔ چوپائے۔ پرندے۔ کیڑے۔ درخت۔

" پانچویں۔ جانور۔ درخت۔ کچھ تاریخی مواخلاقی مضامین

" چھٹی۔ جانور۔ درخت۔ دہات۔ ظہورات طبعی۔ کچھ تاریخی

اور اخلاقی حال جسمیں نظم بھی شامل ہے۔

" ساتویں۔ بیالوجی۔ جمادات۔ زمین۔ کچھ تاریخی اور اخلاقی مضمون نظم۔

" آٹھویں۔ جانور یعنے کیڑے۔ ظہورات طبعی زراعت کے طریقے۔ دہات۔ کچھ تاریخی حالات ۵

اس فہرست کو سرسری نظر کے ساتھ دیکھنا سے معلوم ہوتا ہے کہ ان آٹھ کتابوں میں زیادہ تر بیالوجی بھری ہے اور بیالوجی سوا باقی چند اخلاقی تاریخی اور طبعی وغیرہ مضمون ہیں جو کہ ہر ایک جس علم میں جانداروں کی ہستی کا بیان ہوتا ہے اوسے انگریزی میں بیالوجی کہتے ہیں۔ انسان۔ حیوانات۔ پرندے۔ کیڑے۔

حرص سے بڑھ جاتی ہے ؛

ایک بزرگ ایک قصہ بیان کرتے ہیں۔ کسی گاؤں کی حدود میں ایک نابینا درویش رہتے تھے۔ وہاں ہاتھی کبھی نہیں آتا تھا۔ ایک دفعہ اتفاقاً ایک ہاتھی کا اُدھر سے گزر ہوا۔ شوق سے ہاتھی دیکھنے کو گاؤں سے باہر نکل آئے۔ بے چارے نابینا درویشوں کو بھی اس عجیب الخلقت جانور کے دیکھنے کا شوق گدگدایا۔ مگر اندھے دیکھ کس طرح سکتے تھے۔ آخر یہ قرار پایا کہ وہ ان میں سے ہر ایک کو دونوں ہاتھوں سے ہاتھی کو ٹٹول لینے دے۔ چنانچہ تھا زندہ دل درویش پہلے درویش کو ہاتھی کی چاروں ٹانگیں ٹٹول لینے کے بعد الگ کر کے کہ دیا کہ یہی ہاتھی تھا۔ دوسرے کو کان کا سونڈ اور تیسرے کو کان اور چوتھے کو پیٹ۔ اسی طرح جدا جدا اعضا پر ہاتھ پھیرنے دیئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہر درویش نابینا اپنے وہم میں سمجھنے لگا کہ اس نے ہاتھی دیکھ لیا ہے۔ لیکن جب مسجد میں آکر ایک دوسرے سے تذکرہ بیان کرنے لگا تو کسی کا بیان دوسرے سے نہیں ملتا تھا مگر ہر ایک کو اپنے بیان کے صحیح ہونے پر ویسا ہی یقین تھا جیسا کہ دوسرے کو اپنے بیان کی صحت پر۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آپس میں بحث سے تکرار اور تکرار سے جوتی پیزار تک نوبت پہنچ گئی۔ یہ بزرگ اس قصے سے نتیجہ یہ نکالتے ہیں کہ ہم لوگ ہیں اور اپنے اپنے مذاہب کی صحت کی نسبت ویسا ہی یقین رکھتے ہیں جیسا کہ یہ اندھے رکھتے تھے۔ بجالیکہ ان کو ہاتھی کی نسبت ایک علم حاصل کر چکے تھے۔ ہر مذہب کو اپنے ہی علم کے صحیح ہونے کا دعوی تھا۔ ہم بھی خدا کی خوشنودی کی تلاش میں تگ و دو کر رہے ہیں سب کی تگ و دو مجاہدانہ قسم کی ہے۔ کوئی صنم میں ہے۔ کوئی تثلیث میں اور کوئی وحدت میں۔ مگر ہر شخص اسی خدا کی کرتا ہے خواہ اس کی عبادت کا کیسا نرالا ہے خواہ دوسروں کو کیسا بیہودہ معلوم ہوتا ہو۔ اور خود اسی بات کا قائل ہے کہ وہ خدا ہی کی پرستش کرتا ہے ؛

مذہب کو ہم اوپر ایک راستے سے تشبیہ دے چکے ہیں۔ راستوں کے لکھنے کے بعد راستے کی تمثیل ذرہ اور واضح کرتے ہیں۔ دنیا کے تمام مذاہب کے پیرو ایک دائرے کے مختلف نقاط پر بیٹھے ہیں۔ ان سب کی غرض خاتمی ہی حاصل کرنے کی ہے جو دائرے کے مرکز تک پہنچنے سے حاصل ہو سکتی ہے۔ سب لوگ ہر طرف سے دائرے کے مرکز کی طرف دوڑ رہے ہیں۔ مگر ہر ایک اپنے ہمسایہ مذہب والے سے ترچھے راستے میں چلتا دیکھ کر تعجب کرتا ہے کہ اس منزل مقصود پر کس طرح پہنچیگا۔ بجالیکہ لازمی امر ہے کہ ہر ایک کو اپنا راستہ چل کر ہی ضرور اس کو اسی مرکز پر پہنچنا ہے جس کا ہمسایہ پہنچنے والا ہے۔ بشرطیکہ وہ راستہ سیدھا ہے نہ بیچ۔ جس طرح کہ مکہ معظمہ سے مختلف ملکوں کے مسلمان مشرق کی طرف مسجد کرتے ہیں اور کئی ملکوں کے مغرب کی طرف۔ غرض دونوں کی

صرف ایک کعبہ سے ہے ؛

بلبل شیراز نے ایک نصیحت کو حکایت کے پیرایہ میں کس خوبصورتی سے قلمبند کیا ہے۔ حضرت ابراہیم ہمیشہ کسی مہمان کے ساتھ کھانا کھایا کرتے۔ ایک مرتبہ پورا ہفتہ کوئی مہمان نہ آیا۔ خلیل اللہ کب تنہا کھانا گوارا کرتے تھے۔ خود جنگل کی طرف مہمان کی تلاش میں نکلے۔ ایک پیر مرد صفید ریش مل گیا۔ اس کو ہمراہ لے کر گھر پہنچے۔ دسترخوان بچھا کر کھانا رکھا گیا۔ مگر بوڑھے نے بلا بسم اللہ پڑھنے کے کھانا شروع کر دیا۔ حضرت ابراہیم کو جب معلوم ہوا کہ یہ شخص ایماندار نہیں گبر ہے۔ تو اسے کھانے سے اٹھا دیا۔ الہام نے خداوند تعالی کی طرف سے پیغام دیا کہ او اے خلیل اللہ۔ میں نے جس شخص کی اسی برس تک خبر گیری کی کہ وہ بوڑھا ہو گیا۔ اس کی ایک وقت کی روٹی کا تجھے انتظام کرنا پڑا اور تجھ سے نہو سکا۔ یہ حکایت اس قدر مطلب بیان کرتی ہے کہ جو کئی کتابوں میں نہیں سما سکتا ؛

تم جو اپنے سے غیر مذہب کے بھائی سے دکھ کیونکہ تم سب ایک باپ ابو البشر کی اولاد ہو) اس وجہ سے کاوش یا تعصب کرتے ہو کہ وہ تمہارے مذہب کا نہیں۔ تمہارے پاس اس بات کا کیا ثبوت ہے کہ تمہارا ہی مذہب خدا کی طرف سے ہے۔ کیونکہ جیسی دلائل تمہارے پاس ہیں ویسی ہی اس کے پاس ہیں۔ جیسا اعتقاد تم کو ہے ویسا ہی اس کو ہے۔ خدا نے تمہارے ہاتھ میں کونسا قبالہ یا دستاویز دی رکھی ہے کہ تم ہی اس کے پیارے بندے ہو۔ ہاں اگر تم کو اپنے مذہب کی سچائی کا یقین ہے تو وہ تمہارے حق میں مفید ہے اور جتنے تم اس کے پابند اور اپنی قوم کے خیر خواہ رہو وہ تمہاری سعادت ہے۔ بیشک تم اس طریقے کو حق الیقین کے مرتبہ کو پہنچا دو تو تم کو اسی ذریعے فلاح حاصل ہوگی۔ مگر خدا کو بلا وجہ تم سے کوئی طرفداری نہیں ہے۔ اور نہ کسی دوسرے مذہب والے سے عداوت۔ پھر اس مثال میں تم کیوں خداوند کریم کی پیروی نہیں کرتے۔ تمہارا کام ہر شخص سے نیکی اور انصاف سے پیش آنا ہے۔ پھر اگر کوئی شخص برا کرتا ہے تو پہلے تو اس قانون کی عادم تعمیل میں سوسائٹی اسے سزا دیگی۔ اور جو سوسائٹی کی سزا سے وہ بدکردار بچ گیا تو اس کا ضمیر اسے ملامت کریگا۔ اسے کبھی تسکین قلبی اور سچی راحت حاصل نہوگی۔ اور بالفرض وہ ان سب کی پروا نہ کرے تو حکم الحاکمین اس کے کردار کی سزا دیگا۔ لیکن تمہاری ذاتی کاوش کسی شخص سے بدسلوکی کرنے کا بہانہ نہ بنے۔ حضرت عمر رض جیسے با اختیار شخص پر جب کسی اہل مقدمہ نے شکایت پیش کی تو آپ نے اس خیال سے اس کا مقدمہ کسی دوسرے قاضی کے پاس بھیج دیا کہ شاید ذاتی مخاصمت کا خیال انصاف کے راستے میں حائل نہو ؛

بعض بدنیت انگلو انڈین اخبارات دیسی اخبارات پر شکایت کرنا اپنا فرض سمجھتے ہیں اور ہر دو سرکار اور ملکی افسران انگریزی کو کہ جن سے سرکار مرکب ہے اکساتے رہتے ہیں کہ دیسی اخبارات سے آزادی چھین لیجاوے۔ کیونکہ یہ ہمیشہ افسروں کی غلطیوں اور سرکاری کارروائیوں پر نکتہ چینی کرتے اور بغاوت پھیلاتے رہتے ہیں یہ اخبارات جو بات بات میں دیسیوں سے بے وفائی اور سوءنیتی منسوب کرتے ہیں ذرہ اس سبق کو یاد رکھیں جو حال ہی میں سب سے بڑے زندہ جنرل لارڈ رابرٹس نے کپڑے کے تحصول درآمد کے بحث کے موقعہ پر ہوس آف لارڈز میں پڑھ کر سنایا تھا ہم پہلے لکھ چکے ہیں کہ لارڈ رابرٹس نے صفائی سے کہ دیا کہ اگر ہندوستان کی حکومت کا حصر ہمارے چند سپاہیوں اور تھوڑی سی توپوں پر آ رہے تو ہمیں دس روز بھی ملک سنبھالنا مشکل ہو جاوے۔ لیکن یہ ہندوستانیوں کا اعتبار گورنمنٹ انگریزی کی نیک نیتی کی نسبت ہے کہ جس کی وجہ سے انہیں ہمیں پورا بھروسہ ہے۔ ہمارا ایک کلکٹر جو فرانس اور جرمنی کے صوبوں کے برابر ضلعوں پر جو حکومت کرتا ہے تو اس کا باعث یہی ہے کہ رعایا کو اس کی نیک نیتی پر بھروسہ ہے۔ اسی ضمن میں لارڈ رابرٹس نے بنگال کے مہاراجہ سر جتیندر موہن ٹیگور کی ایک چٹھی کا خلاصہ پڑھ کر سنایا جس میں مہاراجہ صاحب نے انہیں لکھا تھا کہ اگر ہندوستان میں پولیٹیکل اصلاح کے لئے شور و شغب ہوتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اہل ہند کو انگریزوں کی ایمانداری پر پورا بھروسہ ہے۔ اگر یہ معلوم ہو جائے کہ انگریز ایمانداری کے ساتھ اپنی حکومت کے نقص سننا نہیں چاہتے تو پھر موت کی خاموشی ملک پر چھا جائے۔ جو ہر طرح سے گورنمنٹ کے لئے مضر ہے لارڈ رابرٹس نے اس چٹھی کے حرف حرف سے اپنا اتفاق ظاہر کیا مگر یہ انگلو انڈین اخبارات ممکن نہیں کہ دیسیوں کے حسب حقوق کے کسی اظہار کو نیک نظر سے دیکھ سکیں ؛

ہم ہر روز دیکھتے ہیں کہ فلاں والی ریاست کی تمام پرتاپ فوج انگریز افسر لے چابک سے خبر لی۔ اور فلاں مہاراجہ صاحب فلاں سٹیشن پر بھاگتی گاڑی میں تھرڈ کلاس میں بمشکل سوار ہو سکے بجالیکہ انہوں نے ایک فرسٹ کلاس گاڑی برابر روکرانی تھی فلاں مہاراجہ صاحب کے کوچبان کو میرٹھ کے کنٹونمنٹ مجسٹریٹ نے بے تحاشا گاڑی چلانے پر پانچ روپے جرمانہ کیا اور مہاراجہ نے کلب میں جا کر چپکے سے خود ادا کر دیا کیونکہ اس وقت وہ کوچ بکس پر بیٹھے تھے۔ یا فلاں رئیس کو فلاں جگہ سلامی اٹھانی پڑی کیونکہ انہیں وجہ سے پتے نشست ملی۔ وجہ ان سب نکبتوں اور بے عزتیوں کی یہ ہے کہ یہ والیان ملک اپنی دارالریاستوں سے نکل کر یورپ اور عیش پرستی کے لئے وہاں مارے مارے پھرتے ہیں کہ جہاں ان کے رتبہ کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ اگر یہ سب رئیس اپنی اپنی راج دھانیوں میں رہ کر اپنی رعایا کی خبر داری اور اس کی بہبودی کی فکر میں مصروف رہا کریں تو سوائے اس کے کہ نیٹیو گورنمنٹ انہیں ہز ہائینس کر کے مخاطب کرے یا ان کی رعایا ان کی تہ دل سے عزت کرتی رہے وہ اور کچھ نہیں سنیں گے اور جو گھوڑ دوڑ اور تھیٹر کے جلسوں میں شریک ہونے کے لئے ریاست سے باہر اپنی نیچر کے انگریزوں سے ارتباط بڑھاتے پھرتے ہیں وہ پچھتائینگے اور جو لاکھ کے اس قول کو یاد کرینگے "مرد گرد چہ بود جو لاف کھائے" ؛

پیسہ اخبار

لاہور ریویو مشنبہ ۲۹ ستمبر ۱۸۹۴ء

لاہور و پنجاب

— شملہ میں ۱۰ اکتوبر کو گورنر جنرل اور کونسل کی نمائش ہوگی +

— مسٹر ایچ ایس ہائنس ہفتہ سے واپس آ کر رزیڈنٹ کشمیر کا چارج آخر اکتوبر یا شروع نومبر میں حاصل کرینگے +

— کالکا اور ہوڑہ کے درمیان تعلمت لوگوں کی روانگی کے بیشتر تیسرے اور انٹر درجہ کا کرایہ ریل کم ہو جائیگا +

— کرایہ کی گاڑیاں اور یکے ابھی سے رئیسوں نے اپنے آدمی لاہور میں بھیجکر اکٹھا کرنے شروع کر دیئے ہیں سردار کے دنوں میں میٹنگ کرایسی بڑی قلت ہو گی +

— شملہ اور نواح شملہ میں اب موسم صاف ہے آثار بارش بالکل نہیں پائے جاتے +

— انبالہ میں دوا فروشی کے میلہ میں چند شخص دہشت پر چڑھے ہوئے سیر دیکھ رہے تھے شاخ وزن سے ٹوٹ پڑی دو کے بہت سخت چوٹ آئی جن میں سے ایک ہسپتال میں مر گیا دو آدمی اور میلہ میں مرے +

— شہر انبالہ میں پانی کا کام ترقی پر ہے۔ غلہ بازار کے حوض کا چبوترہ تیار ہو گیا۔ پہلے جا بجا ۹ نل قایم کرنے کی تجویز ہوئی تھی مگر اب انجینیر کے مزخ کی وجہ سے صرف ۴ نل قایم کرنیکا ارادہ ہے اس سے لوگوں میں بہت خوشی پھیل رہی ہے۔ جنہوں نے زر کثیر چندہ میں دیا ہے +

— کرنل بارٹر کو راولپنڈی میں ہونگے +

— امرتسر کے قریب مجیٹھا میں ایک پرائیویٹ اسکول جاری ہوا ہے جس میں مڈل تک پڑھایا جاتا ہے +

— دہلی شہتلہ اجمیر ریلوے کی تعمیر کے لئے کلکٹری کا ہٹ نے آسودہ لوگوں سے دس ہزار طلب کی ہے +

— دہلی اور امرتسر کے علاقہ میں کثرت باران سے بہت کو نقصان پہنچا اور شاہ پور ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں بارش کی ضرورت ہے +

— سر جن جنرل راٹس پریسیڈنٹ میڈیکل بورڈ انوپا آنریبل ہوئے اور انکی جگہ سرجن کرنل کلیگھان مقرر ہوئے +

— لاہور میں دن کو بہت گرمی اور رات کو بھی زور سے کسیقدر سردی ہوتی ہے شہر میں بخار کی کثرت ہے شاید اس کی وجہ لوگوں کا رات کو صحن میں سونا ہے +

— یکم نومبر کو شہر بازار میں ایک کنجر اور ایک پٹھان میں کسی خفیف سی بات پر گفتگو ہونا سنا جاتا تھا کہ ایک ضرب میں پٹھان زمین پر گرا اور مر گیا۔ کنجر گرفتار رہا +

— بابو ہنیش چندر مددار پریسیڈنٹ پوریٹی اسوسیشن لاہور سنگ گذیدہ کا علاج معلف کرتے ہیں +

— راوالپنڈی ضلع جہلم میں رات کو وقت لوگوں کے گھروں پر بڑی غنبھاری ہوتی ہے۔ پولس بد معاشوں کا اسوقت تک گرفتار کرنے سے عاجز ہے خوش اعتقاد اسے جنات کا کام سمجھتے ہیں +

— ڈاکٹر نجات ریاست کشمیر ڈائمنڈ انگریزی کمپنی تھا ۱۵ ستمبر سے شامل کئے گئے +

— مسٹر لارنس کمشنر راولپنڈی ۲۵ ستمبر کو سرینگر سے جموں میں پہنچا حضرت ورائیجان سے ملکے ہوئے روانہ ولایت ہو گئے +

— عشرہ گذشتہ کو نارووال (سیالکوٹ) میں اُن ۲۱ شیعہ میں سے جنہوں نے ایک سکھ کو مارا اور پولس کو دھکا دیا تھا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے چار کو دو دو ماہ کی قید سخت اور پانچ کو اس روپیہ جرمانہ اور دو کو ایک ایک ماہ کی قید سخت اور پچیس پچیس روپیہ جرمانہ کی سزا دی۔ باقی گیارہ کو بری کر دیا جرم اپیل کا ارادہ کرتے ہیں +

— سر جارج ٹھامسن افغانستان پر جنگ بالفعل موقوف ہے +

— بہاولپور ۲ نومبر روز جہار شنبہ بعد دو پہر ولیعہد ریاست بہاولپور کے مکان میں قیام ہوگا۔ دوسرے روز قلعہ کہنہ اور عیدگاہ ملاحظہ فرما کر شام کو روانہ ہو جائینگے +

— گلوشاہ (سیالکوٹ) کا میلہ مویشیان پانچ برس کے بعد سال بھر بمقتضائے گورنمنٹ پنجاب شروع ہوا +

— طغیانی دریائے جہلم سے بندگاہ دین خان کو بڑا نقصان پہنچا حصار ایکڑ زمین تباہ ہو گئی۔ اور بہت سے کنوئیں خراب ہو گئے +

— پنڈی میں بخار کی بہت کثرت ہے +

— دو کاشتکار موضع مونا دان علاقہ لاہور کے اس جرم میں گرفتار ہوئے کہ بغیر لائسنس فولادی بھاٹ اپنے قبضہ میں رکھتے تھے +

— علاقہ لاہور اور فیروزپور میں جو ہے برابر زمانہ آئندہ سال سے زراعت کو تباہ کر رہے ہیں مگر ہنوز اس کا انسداد کسی طرح پر عمل میں نہیں آیا +

— سنا گیا ہے کہ دریائے جہلم میں ایک کشتی معہ ۱۲۰ آدمیوں کے غرق ہو گئی صرف ۱۳ آدمی بچے +

— دہلی میں جو ایک سادھو اور ایک دھوبی ایک نوجوان لڑکی کو خوا مخواہ کرکے بہکا لانے کے جرم میں گرفتار ہو کر سزایاب ہوئے تھے ہائیکورٹ اپیل پر اُن کو عدالت سشن نے بالکل بری کر دیا +

— ایک بد معاش ایک تلی کے لڑکے پر (جو جاندی کے کڑے تھوڑے دن پہننے تھا) کچھ دن رکھوا کر اپنے ہمراہ لیجا۔ بہاولپور کے باہر برف کے کہتوں کے پاس غیر آباد مقام دیکھ اُس لڑکے کو زمین پر شکیدیا اور اُس کے کڑے اتار کر بھاگ گیا +

— دہلی میں بارش موقوف ہوں کو دھوپ سخت اور گرمی زیادہ ہوتی ہے مگر رات کو خنکی رہتی ہے۔ بخار پھیلا ہوا ہے +

— انجمن حمایت اطفال مسلمانان لاہور نے بھی امداد ڈاکٹر شیخ عبداللہ مرحوم کی بیوہ کو راولپنڈی میں ۱۰۷ روپیہ کی دی سکاش انجمن نصرۃ المسلمین بھی اس میں شریک ہوتی تو امداد کسیقدر زیادہ ہوتی۔ لاہور کے ہندو کمٹمنٹ نے خاطر خواہ ترقی کی ہے +

— حافظ غلام سرور صاحب جو سال گذشتہ کے جواب دینے والوں کے امتحان ایم اے انگریزی میں اول رہے تھے کلکٹر سٹ سکالرشپ لیکر ۲۲ ستمبر کو ولایت کو بغرض ترقی تعلیم روانہ ہو گئے +

— لاہور سے دو نوجوان مسلمان طالب علم بیرسٹری اور انجنیری کی تعلیم کیلئے ۲۱ ستمبر کو ولایت روانہ ہوئے +

— لاہور گورنمنٹ کالج کے دیوان ٹیک چند صاحب بی اے نے جو سرکاری خرچ پر ولایت تعلیم پانے گئے تھے امتحان مولی سروس میں کامیابی حاصل کی جسپر مبارکباد ہے +

— لاہور میں منادی کیگئی کہ دوکاندار سڑک پر سامان رکھنے کے لئے سرکاری محصولے باٹ رکھیں ورنہ سزایاب ہونگے +

کل بنی نوع آدم کی برادری

ایک بزرگ کا قول ہے اور نہایت صحیح قول ہے کہ جو شخص کسی دوسرے مذہب کی طرف تعصب یا حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ جاہل ہے۔ کیونکہ دنیا میں جتنے بڑے بڑے مذہب ہیں اُن سب میں اخلاقی تعلیم اعلیٰ درجہ کی ہے خواہ اُن میں سے بعض میں اس وقت بعض باتیں بگڑ کر بہت مکروہ صورت اختیار کر چکی ہیں۔ لیکن جب اُن کے بانیوں کی اصل غرض اور اُن کے سلسلہ کے اصول کی طرف دیکھا جاتا ہے تو شک نہیں رہتا کہ وہ کسی حکمت پر مبنی تھا کہ جو شخص یہ صورت اختیار کر بیٹھا ہے۔ اور چونکہ ہر شخص سب باتوں کو نہیں جان سکتا اس لئے کسی کو حق حاصل نہیں ہے کہ اپنے سوائے دوسروں کے مذہب کو تعصب اور حقارت کی نظر سے دیکھے صرف اس لئے کہ ان میں ایسی پسندیدہ اصل نہیں ہیں جو خود اُس کے مذہب میں ہیں بجا لیکہ ممکن ہے کہ اُس اعتقادی کے سوائے باقی تمام اخلاقی اور روحانی باتیں ان دونوں مذاہب کے ایک ہی سرچشمہ سے نکلی ہوں۔ گو سیالیں ایک کے دوسرے کے سرچشمے کی دھار اب گندھلی ہو گئی ہے اور خس و خاشاک میں رُک گئی ہے +

ایک مشہور مثل ہے کہ سچی باتیں سب جگہ تسلیم کیجاتی ہیں۔ مشرق میں ہوں یا مغرب میں۔ اس لئے کیا وجہ ہے کہ ان بڑے بڑے ریفارمروں۔ مجتہدوں۔ پیغمبروں نے کہ جن کے مذہب آج دنیا میں رائج ہیں اور سخت سے سخت امتحان اٹھائے ہیں اُن مذاہب میں عالمگیر اخلاق مسائل کی پابندی کی تہ کی رکھی ہو۔ جب یہ بات ہے تو کوئی مذہب توہین کے قابل نہیں۔ خواہ اصلاح کا محتاج ہو۔ لیکن مذہب بجائے خود کیا ہے صرف ایک راستہ ہے اب یہ سیر چل کر منزل مقصود تک پہنچنا تمہارا کام ہے۔ اگر تم راستے میں بھٹک جاؤ۔ یا ایسی سستی اختیار کرو کہ تمہارا ساتھی چلنے کو نہ چاہے تو راستہ خود بخود تم کو اٹھا کر منزل مقصود پر نہیں پھینک دیگا۔ اس لئے بہت کچھ حصر تمہاری اپنی نیک کوششوں پر بذریعہ مذہب کے نجات پانے کا ہے اور جیسے نیک کوشش ایک مسلمان کر سکتا ہے ویسی ہی ایک ہندو اور عیسائی اور موسائی سب کر سکتے ہیں۔ غرض خاص مذہب کا اجارہ نیک کام کرنے کا نہیں۔ بلکہ خدا کے خدا کو سب مخلوق یکساں عزیز ہے۔ جو شخص نیک کام کرتا ہے خدا کے ہاں اُس کی مخلوقات کی وقعت اُس کی نوعیت میں

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— پنجاب میں رفع فساد تو ہو گیا مگر ہنوز فوج شب و روز مسلح رہتی ہے۔ ہندو مسلمان روز قرار ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ہری رام چندر پونا کا نامی تاجر بمبئی کر ضمانت پر رہا ہوا اس فساد میں بڑے بڑے معقول ہندو شریک تھے۔ فرعون خانہ میں ایک خاص کمیٹی اس کی تحقیقات کریگی۔ ۳۰ لاکھ روپیہ سے زائد ہندوؤں نے چندہ جمع کیا ہے۔ ایک سو آدمیوں کا بڑا پولیس جس کا ہیڈ کوارٹر لاہور ہوگا تشکیل ہو رہا ہے۔ تعینات ہیڈ نیوٹ الوا ہے +

— نظام حیدرآباد کی منتخب گورنمنٹ دربار لاہور میں طلبی کی خبر بے اصل ہے +

— سر حد کرم چکپنی اور شمزئی چھاؤنیوں کی چل گئی +

— سر جارج سکس اسٹہوٹ لفٹنٹ گورنر ممالک غربی و شمالی کے دورہ غربی کا پروگرام بمبئی تار سے ۷ نومبر کو مراد آباد، ۲۰ نومبر کو لاہور، ۳۰ دسمبر کو اٹک، ۳ دسمبر کو بڑا حصہ ڈیرہ دون روڈ گی اور اطراف میں صرف ہوگا۔ ۱۰ جنوری کو آگرہ پہنچینگے +

— بمبئی میں مویشیوں کا مرض بہت پھیلا ہوا ہے۔ کچھ سالوتری مقرر ہوا اور اطلاع کیلئے بھیجے گئے +

— سوائے سڑک طغیانی سے سیالدہ اسٹیشن کے قریب جو دریا بہتا ہے کلکتہ کے پرانا مین کہڑی اور سیلدہ بہت کے واقع ہے۔ ریل کی سڑک ٹوٹ گئی ہے اور سیالدہ تک دریان ریل برابر نہیں جاتی +

— شاہجہانپور کے قریب دریائے گراسے پار مسافروں کو اتارنے کا انتظام ہوا ہے کہ درجہ اول و دوم کے مسافر ہر وقت پار کر دئے جاتے ہیں اور تیسرے درجہ کے صرف دن کو +

— پٹن میانی کے قریب ایک کشتی جس میں سو سے زیادہ آدمی اور عورتیں سوار تھے ۱۸ راہ حال کو دلدل میں غرق ہو گئی صرف ۱۳ بچے +

— دریائے گومتی کی طغیانی سے لکھنؤ و اطراف میں جان کا نقصان زیادہ نہیں ہوا لیکن مال کا نقصان بے شمار ہوا۔ بہت سے قصبہ مکانات اور مواشی تباہ ہو گئے ہیں۔ لکھنؤ کے باغبانوں کی امداد کی فکر کر رہے ہیں۔ امید ہے کہ گورنمنٹ بھی ان ستمدیدہ بیچاروں کی دستگیری فرمائے گی۔ ۲۰ ہزار روپیہ کے علاوہ خان عظیم سے کسی طرح کی طغیانی کم نہیں ہے +

— ہفتہ وار یکشنبہ سالم کو کلکتہ میں اسقدر زور کا ابر آیا کہ کئی حصہ شہر غرق ہو گیا۔ اکثر مقامات پر کمر کمر پانی تھا۔ بڑی بڑی بھلیاں خشکی پر کھڑی گاڑیاں مٹیا برج تین روز تک غرقاب رہا۔ کھولا کے بہت سے کارخانجات مسمار ہو گئے۔ گاڑیاں اور ٹرام جو سے کا رستہ بند رہا قریب پندرہ بیس تاریخ کو اس سے بھی زیادہ جزر مدکا اندیشہ ہے +

— غرہ اپریل ۱۹۲۵ء سے بنگلور میں ایشن اسٹاف کے افسر کی تعریف شروع ہو جائیگی +

— انگاپور کے قریب ایک جیل کا بند ٹوٹا اور اس کا سیلاب سے جیل کا اکثر حصہ بہہ گیا۔ باوجودیکہ ایک ہندستی والا پہلے سے تعین کر دیا گیا تھا۔ مگر جیوت مالی گاڑی پہنچی وہ سوتا تھا گاڑی دریا میں ڈوبا گیا۔ سیوت مر گیا۔ سردار شخص اسے مجروح ہوئے ہیں پتہ ابھی نہیں۔ ہندستی والا قید ہے +

— کہنا اپر برہما میں بہت سے نامی ڈاکو گرفتار ہوئے ہیں جنہوں نے پچھلے ۱۰ مہینے سے اس علاقے میں بہت سر اٹھا رکھا تھا۔ ان میں دو ڈاکو گرفتاری میں مزاحمت کرنے کے سبب سے مارے گئے +

— مسٹر فی سی پلاوڈن ۵ اکتوبر کو حیدرآباد سے روانہ ہونگے +

— مسٹر کٹے بورڈ میمبر نگمنٹ نے دریائے ہمبتر کا پل بنانے سے انکار کیا مگر اس شرط پر کہ مسافروں پر محصول لگانے کی ان کو اجازت دیجائے میونسپلٹی اس کام کو منظور کریگی۔ اس سے آدھا مصارف ذریعہ چندہ اور آدھا گورنمنٹ سے قرض لیکر ادا ہو جائیگا۔ زمیندار کا حصہ ساحل نصف لاگت چندہ کر کے دینے کو مستعد ہیں +

— دو جاپانی افسر فوج ہند کی ترکیب کی تحقیقات کرتے ہوئے اس تک پہنچے ہیں +

— طغیانی گومتی سے لکھنؤ میں اگرچہ بہت نقصان ہوا بنسبت کے دونوں کارخانوں میں پانی بھرا ہوا تھا۔ برف کے ڈھیر سے تمام ہو گئے حسین آباد کا بارسب گر گیا اور ایک حصہ ریلوے سٹیشن کا بہہ گیا جہاں جہاں پانی بھرا ہے اب وہاں سخت بدبو آتی ہے کہ قابل برداشت نہیں بخار اور ہیضہ کا بھی اندیشہ ہے موتی محل کے گودام میں بہت تو کا نقصان ہوا مصیبت زدگان کی امداد کیلئے چندہ جمع کرنیکو ایک کمیٹی بنائی گئی ہے مسٹر علیمان سیکرٹری ہیں +

— پولس نے ۱۲ کابلی گرفتار کئے ہیں جو کلکتہ میں رہتے تھے۔ اور ڈاک گاڑی میں دم دم جا کر ڈاکہ ڈالا کرتے تھے +

— ایسٹ انڈین ریلوے پر مٹیہ اور باقی پور کے درمیان مسافر گاڑی کا ایک پورا تجربہ کار ڈرائیور انجن پر چڑھا ہوا سگنل کے گارڈ کے انتظار کو دیکھ رہا تھا کہ دوسری ٹیری پر ایک گاڑی کا کھلا ہوا دروازہ ٹیرے زور سے اس کے سر میں لگا اور فوراً مر گیا +

— مسٹر آربرتھن قائم مقام ایجنٹ گورنر جنرل بنارس مقرر ہوئے شروع دسمبر میں مسٹر ہیلی رخصت لینگے ان کی جگہ محکمہ خوراکی ڈوگیتی کا کام ڈاکٹر ہیتج کرینگے +

— کرنل دیلی پولیٹیکل ایجنٹ اودیپور اور کرنل ٹریور ایجنٹ گورنر جنرل راجپوتانہ ریاست اودیپور کے متعلق امور پر وائسرائے سے گفتگو کرنے کے لئے شملہ آئے ہوئے ہیں +

— وسطی صوبجات میں غلہ کا نرخ اترتا چلا ہے۔ امدادی کام بند کیا جاتا ہے

— حسین آباد کے ابرائے طغیانی گومتی سے برباد شدہ لوگوں کی امداد میں چار ہزار روپیہ دیا میونسپلٹی بھی مدد کریگی +

— گوہنا جھیل اب ۳۰۰ فٹ عمیق باقی ہے۔ اور چھوٹے سرے پر دو میل لمبی اور نصف میل چوڑی ہے۔ ۸۰۰ یا ۹۰۰ فٹ تہ میں دلدل ہے بند بالکل مضبوط ہے +

— ممالک مغربی و شمالی دادوہ میں ہیضہ کا اب کہیں جوڑ باقی نہیں +

— طغیانی گومتی کے زمانہ میں حکام لکھنؤ کے ایک نامی خوطہ زن کو ہمیشہ طیار رکھتے تھے تاکہ جب کوئی شخص بہتا ہوا نظر آئے وہ فوراً کود کر اس کی مدد کرے چنانچہ بہت سے آدمیوں کی اس نے جان بچائی +

— برما میں کثرت واردات کی وجہ سے ٹبے چاتو کی ممانعت کی تجویز ہے مگر چھپ کھنگر کی بنا ہے کہ یہ ناممکن ہے اسلئے کہ یہ چاقو سے جائز کاموں میں آتا ہے +

— بکم خان کانسٹیبل پولس آگرہ کو ذاد پر پڑوسی کو قتل کرنے کے جرم میں ایک دسمبر کا سشن نے قتل کا حکم دیا ہے گرفتار کیا خانہ تلاشی پر اسکے کپڑوں پر خون کے

ممالک غیر

— پنگ ٹیک پر ہونے گذشتہ کی لڑائی میں قریب دو ہزار چینی مارے گئے۔ اور بہت سے زخمی ہوئے قیدیوں میں ۲ چینی جنرل ہیں گیدی کی ایک ایک ہزار گارد وہ جاپان کو روانہ کئے جاتے ہیں۔ اس جنگ میں فوج جاپان سے چینی فوج ۲۰ ہزار زائد تھی۔ ۵ صرف چیانگ فوج بھاگتے وقت باقی ۱۰ ہزار قتل اور مجروح اور قید ہوئی۔ جاپانی ۷۰۰ مجروح اور ۴۰ مقتول ہوئے اس لڑائی میں جاپانیوں کو بہت سے اسلحہ جنگ اور دیگر سامان ہاتھ لگا۔ اور پنگ ٹیک پر قابض ہو گئے +

— تحقیقات سے انفلوئنزا کا انسان تبا کو سے زائد ثابت ہوا۔ ایک کپ دودھ ہو سکتی ہے۔ کہ شراب جیسی مضرشے کی حمایت نہ ہو اور انفلوئنزا کی ہو +

— برٹش گورنمنٹ نے جہاز اسلام گجرات کر گرفتار کر لیا۔ جاپان زیر جاپان کی اس ذمہ داری پر کہ یہ چینی اغراض کے کام میں نہ لایا جائیگا رہا کر دیا +

— رکابانی نے جس کا نام غالباً فرین ہے ہوئے ہونگے گلاسکو یونیورسٹی میں حکمت و فلسفہ میں امتحان ایل۔ آر۔ سی۔ پی پاس کیا +

— دریائے ولگا میں درمیان چھینوں اور جاپانیوں کے بحری جنگ ہوئی ۸۰ جاپانی قتل اور مجروح ہوئے اور ان کے تین جنگی جہازوں کو بڑا صدمہ پہنچا۔ جاپانیوں نے چینیوں کے چار توپی جہاز غرق کر دئے جن میں سے ایک پر سوار لوگ بچ کر نکل گئے۔ اور تین میں آگ لگ گئی ۱۸ ہزار جاپانی فوج آگے بڑھنے کا حکم ہوا +

— روسی اخبار لکھ رہے ہیں کہ اس وقت میں یورپ کی ہر طاقت کا وقت آ چکا ہے +

— گورنمنٹ نارس نے گورنمنٹ ہندستان کو لکھا ہے کہ ۱۸ ستمبر سے تیس روز کی معافی کے بعد چمڑا اور کھالیں ملاقہ سے باہر جانے کی قطعی ممانعت ہوگی +

— ولایت کے اخبارات رقمطراز ہیں کہ گرہنا جھیل کی موجودہ زدہ ریاست کے ہندو کی امداد باشندگان انگلستان کو بھی چندہ کیسا تھ کرنی چاہئے +

— ۲۱ اگست ہانگ کانگ دریائے کنٹن میں کشتیوں میں بڑے زور کی آگ لگی۔ سینکڑوں کشتیاں اور ایک ہزار آدمی تباہ ہو گئے +

— نارروس جاپان میں گرنے سے ماہر برآمد نہیں ہوئے +

— خلیج مانچوریا میں ایک کشتی ہوا کے جھونکے سے الٹ گئی ۳۰ آدمیوں میں سے صرف ۵ بچے +

— گورنمنٹ جاپان کو روپیہ بے شمار رسد روانہ کر رہی ہے

— صحت امرتسر کی انسٹرنگی کی خبر ۱۵ ستمبر کے پیسہ اخبار میں درج ہو چکی ہے ۲۰۰ قصبوں سے زائد اور ہزار آدمی اور ۱۵ اگست و ستمبر کے درمیان جل گئے۔ آگ کیا تھی قہر الٰہی تھا +

— لنڈن ۲۲ ستمبر دو ہزار فوج جاپان ساحل چیلیوپر ۱۲ راہ حال کو پہنچی اور فوراً صیوں کو روانہ ہو گئی +

— لنڈن ۲۴ ستمبر دوسرے لی ہنگ خینگ نے اسٹیٹ پریز خاصندی نظر بر کی تھی کہ جنگ چند روز کے لئے موقوف ہو کر کوریا کے متعلق اہم کوئی امر قرار دینے کے لئے گفتگو کر لی جائے مگر جاپان نے اس تجویز سے انکار کیا +

حفظِ صحت

استفسار

۷۳۔ درد سر۔ میرے گھر میں دو تین کا درد سر ہر وقت بیٹھیوں و پیشانی میں ایسی سخت تکلیف سے ہوا کرتا ہے کہ بین و دنیائی خبر تک نہیں رہتی۔ دورے کا کوئی وقت یا دن مقرر نہیں۔ ہفتہ دو ہفتہ یا اس سے بھی کم و بیش عرصے میں ہو جاتا ہے۔ صحت کا کوئی معین وقت ہے۔ دو تین چار گھنٹے یا دو تین روز کے بعد۔ دو صرف آنکھ لگ جانے سے خود بخود رفع ہو جاتا ہے۔ ہر دو کنپٹیوں میں مثل سانپ یا بارہ کے پھڑکتا ہے بلکہ شدت درد سے دیواروں سے سر ٹکرانے لگتی ہے تکلیف کا کچھ بیان نہیں ہو سکتا۔ ہر چند علاج یونانی و ڈاکٹری صدا لیپ و مالشیں وغیرہ کی گئیں مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اس کی التماس ہے کہ اگر پیسہ اخبار کے معزز ناظرین میں سے کوئی اس بارے میں تیر بہدف نسخہ سے بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرمائینگے تو خدا کے نزدیک ثواب عظیم پائینگے اور صحت یاب ہونے پر بیکانا دس روپے بذریعہ ایڈیٹر پیسہ اخبار مرسل خدمت صاحب نسخہ ہونگے۔ (دف۔ ر ازکوہ سملہ)

۷۴۔ میرے لڑکے کی جس کی عمر ۷ یا ۸ سال کی ہے بعد روٹی کھانے کے بوقت دوپہر عضلات پیلے اور سست پڑ جاتے ہیں۔ سر میں بہت درد بھی رہتا ہے۔ کوئی صاحب جو کہ تجربہ کار طبیب یا ڈاکٹر ہونے والا ہو موجب علاج مذہ پیسہ اخبار کے ہو کرے نہایت احسانمند اور ممنون ہونگا (خاکسار ۲۰۴ ازلدھیانہ)

علاج

۹۰ معجب گزیدہ کا فوری علاج۔ عرصہ تک آپ کے اخبار میں بچھو کے کاٹے کے بہت سے علاج چھپتے رہے اور میں ان کا برابر ملاحظہ کرتا رہا۔ دو نسخے ضرور مجرب ہونگے اور شہروں سے باشندگان تو نہیں سے مل سکتے ہونگے۔ مگر دیہات اور جنگل کے رہنے والے یہ دوائیں کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں۔ ٹوٹکا وہ ہوتا ہے جو فوراً مل سکے اور آدھ منٹ میں پوری صحت کر دے۔ چنانچہ بچھو کا ایسا ہی علاج درج ذیل کیا جاتا ہے اور کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ آدھے منٹ میں شرطی پورا پورا آرام کر دیتا ہے۔ لطف یہ ہے کہ ہینگ لگے نہ پھٹکری جس جگہ بچھو نے کاٹا ہو اس جگہ کے اردگرد کوئی دوسرا آدمی انگلی پھیرتا رہے اور جدھر کو درد کی لہر جاوے ادھر بھی اسی طرح انگلی پھیرے۔ امید ہے کہ صرف بفضل خدا آدھے منٹ کے اندر اندر پوری صحت حاصل ہو جائیگی میں یقین کرتا ہوں کہ اسی طرح اکثر صاحبان کو مختلف بیماریوں کے مجرب علاج آتے ہونگے مگر وہ بھی میری طرح غفلت یا لاپروائی سے آپ کو لکھنے میں تامل کرتے ہیں۔ دراصل ان کو ایسا نہیں کرنا چاہئے بلکہ ان کا فائدہ ہونا چاہئے کہ انسان کے فائدہ کے واسطے ایسے ایسے ٹوٹکے جو خود ان کے آزمودہ ہوں آپ کے اخبار میں درج کرا دیں۔ (ایک خیر خواہ عالم)

۹۱۔ ابالا ہوا پانی۔ آجکل موسم بخار کا ہے۔ سو اسطے وسطے صفر و احتیاط دوائی وغیرہ عرض ہے کہ اس موسم میں اگر ابالا ہوا پانی پیا جاوے تو بیماری ہوگا جس کو بخار آتا ہو اگر اس کو بھی چند روز ابالا پانی پیا جاوے تو بھی رہا ہوگا۔ واضح ہو کہ ملک چین میں بخار نہیں ہوتا۔ وجہ ظاہر ہے کہ وہاں پانی تو لوگ چائے پیتے ہیں۔ (ابالا ہوا پانی۔ دام رکھا ایسکٹر ڈاکٹر انجات)

شعر و سخن

نصیحت کے پیرایہ میں صبح کی بہار

(از قلم منشی رام سہائے صاحب تمنا ایڈیٹر نظم اخبار لکھنؤ)

اٹھو نہ اب روئے خواب دیکھو سحر کا نقشہ شباب دیکھو
رخ عزیزاں کی آب دیکھو تجلی آفتاب دیکھو

اداسی چہرے کی دور کر دو ہوائی سحر لوگوں کو خبر دو
مکاں میں بھی نور بھر دو سپہر کی آب و تاب دیکھو

جو رات کا ٹاٹ سمٹ گیا ہے مرض مریضوں کا گھٹ گیا ہے
ہر ایک بستر سمٹ گیا ہے صبح کا انقلاب دیکھو

ہٹاؤ تکیہ سے اپنے سر کو کرو تو سیدھا ذرا کمر کو
اٹھاؤ اوپر ذرا نظر کو وہ سر پہ ہے آفتاب دیکھو

مندرجہ عنوان نام کی ایک عجیب و غریب اور مفید عام کتاب ۲۸۰ صفحہ پر چھپکر تیار ہوئی ہے کہ جس میں مصنف ڈاکٹر مشہور الدین نے تمام رکال رنج و تکالیف آفات و حادثات زمانہ کو جو قوقاً فوقاً غافل و نادان انسان ہوتے ہیں نہایت خوش اسلوبی کیساتھ بطرح معما کی جوابات لکھکر نتایج اور علاج و ذرائع کے بیان کیا ہے کتاب میں صحت کو تین حصہ پر منقسم ہے حصہ اول میں انسانی طبیعت مزاج اور عادات سے پاک و صاف نیز اور جو مخرام بننے کے طریق بتلائے ہیں حصہ دوم میں نیک کے مرتبہ کے معاملات تحقیق کیے اور خلاف تہذیب کا رد و ابطال بہر بحث کرکے کونسی خرم فارغ البال کا قاعدہ خوشحال زندگی بسر کرنے کی ضد اسپر درج کی ہیں حصہ تیسرا میں حفظان صحت جسمانی کے متعلق تمام ہدایات اسطرح بیان کیے ہیں کہ جن کو ہر انسان بلا تامل اور اکر کے بغیر ڈاکٹر کو بلائے علاج کرسکتا ہے

المشتہر غلام رسول ہیڈ ماسٹر سکول مہتمم انجمن چنیوٹ

ڈاکٹر کلن خان ڈنٹسٹ نارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں

دانتوں کا مجن فی ہونس ۸ر رصف ہونس ۸ر

علم مسمرزم پر ایک نادر کتاب

موسومہ بہ

زندہ کرامات

مصنفہ نے یہ علم سال کے اپنی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اسکا دعوے ہے اگر ایک ماہ کے اندر بہت فائدہ کو علم مسمرزم نہ سیکھ جائے تو آجائے تو وہ اپنے روپیہ واپس کردینگے بلکہ ہمیں ہر شخص قبول کیا جاتا ہے

مندرجہ ذیل ناول کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملینگے۔

سرِ دلبران

ناول کی اصل غرض یہ ہوتی ہے کہ دلچسپ قصے کے پیرائے میں کوئی ایسا نکتہ اخلاق سبق اس خوبی کیساتھ پھیلایا جائے کہ لوگوں کو اُس کا علم حاصل ہونے کی بھی خبر نہ ہو اور نتیجہ ایک ایسا مفید ہو جائے کہ جو وعظ و نصیحت کی کئی مجلدات سے نہ ہو سکے درحقیقت قدیم ہندوستان یونان عرب وغیرہ ممالک میں فرضی قصے اور افسانہ یا فرضی حیوانات کی فرضی کہانیاں لکھنے اور سب میں ناول کی بھرمار کرنے سے غرض یہی ہوتی ہے کہ دلچسپ اور پر مذاق قصے کے پیرایہ میں بڑے بڑے اخلاقی مذہبی معاشرتی اور پولیٹیکل نتائج پیدا کئے جائیں آجکل ہندوستان میں شادی بیوگان کی ترویج کی بڑی ضرورت ہے اور جو شخص اس ایسے مفید اور نیک کام کی ترویج میں کامیاب ہو جاوے وہ ملک پر بہت بڑا احسان کریگا۔ اس لئے کارخانہ پیسہ اخبار لاہور نے یہ ناول خفیہ پولیس کے افسر میں بھی مذاق کی چاشنی کے ساتھ قلمبند کرایا ہے حصہ اول فنی تحریر کے ساتھ چھپ چکا ہے حصہ دوم بھی چھپکر تیار ہو گیا ہے

بقیہ صرف چند روز

سرِ دلبران حصہ دوم بھی چھپکر تیار ہو گیا ہے

بقیہ صرف چند روز

ناول عیار یا ایک خفیہ پولیس کا افسر

جس نے ایک غیر معمولی سراغ رسانی کی قابلیت سے ایک بہت بڑی جعلسازی کا طلسم کو توڑ کر ایک قابل رحم لڑکی کو ہمیشہ کی تباہی سے بچایا قیمت ۱۰ عدد

ناول زن مرید

(ولیم مارک تمہاری طلبی ہے)

اس مجموعہ ناول میں ایک بانکا رنگیلا بانکن مرید انگریز اپنے ظریفانہ حالات لکھتا ہے جس میں اس نے ایک بڑے درجہ کی مذمت کو خود پسند مرید کی غلامی کی ہے

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملینگے

غم غلط کرنے کا عجیب و غریب نسخہ

یہ نسخہ لطیفے حصہ اول۔ مشرقی اور مغربی مذاق کے نہایت مزہ دار چٹکلے مصالحہ دار لطیفے دیئے گئے ہیں سچے اور جی ہنسانیکا فیصلہ ہم آپ ہی پر چھوڑ دیتے ہیں۔ ہماری تعریف سے یہ نسخہ سوا پاسنہ ہی ہو سکتے ہیں اور نہ گھٹ سکتے ہیں طبیعت مرجھائی ہو تو ضرور شگوفے کھلائے۔ غم غلط کرنے کے لئے نہایت مفید نسخہ ہے پہلا ایڈیشن چھپتے ہی دست بدست ختم ہو گیا۔ دوسری مرتبہ بتدریج چھپتے ہیں۔ قیمت ۸ر

لطیفے حصہ دوم۔ بشرح صدر قیمت ۸ر

لطیفے حصہ سوم۔ بشرح صدر (زیر طبع) قیمت ۸ر

عقل اور حافظہ کو بڑھانیکا مجرب اکسیر

خواہ کیسا ہی کند ذہن یا کمزور دماغ غافل طبع آدمی یا لڑکا کیوں نہ ہو اور دماغ بالطبع جو چھوٹی عمر میں یا دامی کمزوری کے باعث پڑھنے میں کچھ ترقی نہ کرتا ہو۔ اِدھر سے سنا اور اُدھر بھول گئے اور وہ اپنا کچھ وقت دن و فکر دیگر کے کاموں میں مشغول رہتے ہیں اور کمزور دماغ ہو کر ذیل کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور وہ صاحب جو بڑھاپے کی کمزوریوں کے باعث یا زلہ یا زکام یا سر درد یا ریشہ وغیرہ اور آئے دن طرح طرح کی بیماریوں سے کمزور دماغ ہو کر کم سننے یا کم سمجھنے یا کم نظر آنے لگتے ہیں ایک ہفتے کے استعمال سے کمی فائدہ ہو جاتا ہے اور کسی قسم کی دماغی بیماری یا کمزوری نہیں رہتی قیمت صرف ۸ آنہ ہے یہ ایک سیدھا صاف مجرب نسخہ ہے جو آزمائش کے بعد چلک کے فائدہ مند ہونے کو شہرت دیا گیا۔ المشتہر پنڈت نکا رام شرما زمیندار لکوٹ سٹی (پنجاب)

نشتر

ایک دلکش۔ سچا ناول

یوں تو فلک کنندہ دلوں کی پر درد کہانیاں جس پیرائے میں کبھی جاتی ہیں کچھ نہ کچھ مزہ ضرور ہی دکھاتی ہیں مگر ان میں اگر دینے والے مظلوم میں کچھ بات ہی اور ہوتی ہے جو اپنی ہی بیتی بیان کرنے والوں کی دلی حسرتوں کی بدولت زمانے بھر کا درد زائر لئے ہوئے آتی اور نشتر بن کر سننے والوں کے کلیجوں میں اتر جاتی ہے یہ ناول بھی جو کسی یاس نصیب کی نامراد یونیکا اصلی مرقع ہے بالکل اسی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے ہم دعوے کیساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ناول دیکھ کر کس نہیں کہ یہ ناول نالہ بن کے دھر یہ کا بالکل سچا ناول ہے اور یہی سب سے کہ قیامت کا موثر ہے

دلچسپی بقدر کہ بغیر ختم کتاب آپ سے نہیں چھوٹ سکتی قیمت علاوہ محصول عہ

المشتہر نثار حسین نثار مہتمم پیام یار۔ لکھنؤ چوک

مینیجر اخبار کرنیل مراد آباد

کرنیل

بقلم زار نقوی مدیر

ہنسی کا انجن۔ مذاق کی کل۔ لوٹن کبوتر۔ بنانے کا آلہ۔ آتش کا پرکالہ۔ قیمت پیشگی ایک روپیہ دس آنے سالانہ۔ نمونہ کا پرچہ مفت ملیگا ضرور منگائیے

المشتہر مینیجر اخبار کرنیل مراد آباد

کلید حب

بقلم حکیم سید محمد نقوی مدیر

یعنی

علمیات کا ڈھیر

علمیات کے ذریعہ انسان اپنی تندرستی قائم رکھ سکتا ہے عمر بڑھا سکتا ہے اولاد ہو سکتی ہے جس کے اولاد نہ جیتی ہو کہ بچے زندہ رہ سکتے ہیں درد زہ کی تکالیف آناً فاناً میں دفع ہو سکتی ہیں۔ تمام بیماریوں کا علاج ہو سکتا ہے۔ بہت پیچیدہ مسائل پر بیت جن دیو پری کو سونہ بیلے کے ہیں۔ اپنے خرد و بزرگوں بیماری بی بی اور محبت جگر پاروں کی روحوں کو دیکھ سکتے ہو۔ روزگار مل سکتا ہے۔ گئی ہوئی ذکری ہاتھ آ سکتی ہے تجارت میں منافع و برکت ہو سکتی ہے جس کو جی چاہے ملاقات ہو سکتی ہے مقدمات میں کامیابی ممکن ہے۔ وہ کونسا کام ہے جو عمل کے ذریعہ نہیں ہو سکتا اور وہ کون بشر ہے کہ علمیات کے فائدے نہیں جانتا ہے اور وہ کون شخص ہے کہ جس کی طبیعت میں عمل کا شوق نہیں۔ مگر ترکیب ٹھیک معلوم ہونے سے اثر ایسا نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں کا اعتقاد اور سے پھر جاتا ہے۔ اور عامل لوگ ہزار ہا روپیہ لیکر اور برسوں غلامی کر آکر بھی ایک حرف نہیں بتاتے مگر مدت سے ہمارا خیال تھا۔ کہ کہیں سے ایسے عمل ہاتھ لگیں جن سے عام لوگ فائدہ اٹھا لیں۔ اور علمیات کی سچائی کا ثبوت دیں۔

چنانچہ ایک عامل نے اپنے استاد کامل کے نہایت مجربہ اور آزمودہ اور کراماتی علمیات کو مرتب ترتیب کر کے ہمارے حوالہ کیا اور اُس مجموعہ کا نام کلید حب رکھا ہم نے صرف نفع خاص عام نیت۔ ارمغان رکھی آخر کتاب میں ہلاک اور تکلیف دہ بیماریوں کے قابل قدر نسخے بھی درج ہیں ایسی نایاب کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے

المشتہر مینیجر مطبع کرنیل مراد آباد

اخبار ستارہ ہند

یہ ہفتہ وار اخبار ملکی معاملات پر کمال آزادی سے بحث کرتا اور بغرض رفاہ عام قیمت صرف تین روپیہ سالانہ پیشگی اسکے خریدار کو ایک نہایت خوبصورت اور بالتصویر سیرے کی مفت ملتی قیمتی فاسفٹ دیجاتی ہے۔ وی پی سے اپیل طلب کرو

المشتہر مینیجر اخبار ستارہ ہند۔ مراد آباد

ڈاکٹر بنی بخش ڈنٹسٹ انارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں۔ دانتوں کے متعلق دوائیاں اور مسلن موجود ہیں

نہیں لاتے ۔

فریق اول اس مسئلے کو ایک بڑا اہم مذہبی مسئلہ جانتا ہے اور اسکے منکر کو سماج سے خارج کرتا ہے۔ لیکن دوسرے کی رائے میں وہ فروعی مسئلہ ہے ۔

اگرچہ حلال و حرام کا انکار درحقیقت بڑا بھاری گناہ کرنا ہے مگر جس چیز کے عدم امتناع و امتناع میں پوری وضاحت نہ ہو بلکہ شبہہ ہو وہ اختلافی مسئلہ ہوگا جسپر کسی فریق کو یہ حق حاصل نہیں ہو سکتا کہ اپنے مخالف رائے والے کو مذہب یا سوسائٹی سے خارج کرے۔ اور اس سے ظاہر ہے کہ آریا سماج میں جن لوگوں نے اس مسئلے کی وجہ سے دوسرے فریق کو سماج کے اصولوں سے پھر جانے کا الزام دیکر بدنام کرنا شروع کیا ہے وہ سخت غلطی پر ہے اور اس کا ایسا کرنا سماج کی ترقی کو روکنے کی صورت میں سخت جرم کا مرتکب ہوتا ہے ۔

خیر کچھ ہی ہو میرے لئے ان فریقوں کا یہ معاملہ بہت دلچسپ تھا اور میں نے اسکی متعلقہ تحریرات کو خواہ وہ کسی کیطرف سے کیوں نہ نکلیں بڑی غور اور توجہ سے پڑھا۔ گوشت کے امتناع ماننے والوں میں سے ایک شخص نے ابھی چند ماہ گزرے ہیں کہ ایک رسالہ شائع کیا ہے۔ جس میں اس نے ان سب تحریرات پر جو طرفین کی طرف سے شائع ہوئیں۔ بڑی خوبی اور انصاف کے ساتھ بحث کی ہے اور اپنے فریق مخالف کے اعتراضوں کے جواب دیکر بڑی متانت کے ساتھ اپنے دعوے کو اپنی مذہبی کتب کے ذریعہ ثابت کیا ہے۔ اس رسالے سے ہمیں ایک یہ فایدہ بھی ہوا ہے کہ اس سے ہم پر پنڈت لیکھرام صاحب کی اپنی مذہبی واقفیت اور بیباک نیتی کی قلعی کھل گئی ہے کیونکہ گوشت کے امتناع کو وید اور دیگر قابل اعتبار کتب کے جن حوالوں سے اس نے ثابت کیا ہے۔ ان کا وہ مطلب اور وہ معنی ہرگز نہیں ہو سکتے۔ جو اس نے بیان کئے ہیں۔ بلکہ اسکے ان حوالوں سے اسکے زعم کے خلاف گوشت خوری کا عدم امتناع نکلتا ہے پنڈت صاحب کی عربی و فارسی بیاقت تو چھپی ہوئی نہیں ہے کیونکہ انہوں نے جو کتب مسلمانوں کے خلاف میں تالیف کی ہیں ان سے ہر ایک کو ان کی بیہودہ گوئی اور نالیاقتی کا پورا ثبوت مل چکا ہے۔ مگر اس رسالے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے مذہبی کتب سے بھی ناآشنا محض ہیں یا دانستہ حق بات کو چھپاتے ہیں۔ اور ان میں سے خواہ کوئی سی بات کیوں نہ ہو۔ پنڈت صاحب کا دعوے بہ دعوائی آریا پبلک کے لئے باعث ندامت ہے ۔

گوشت خوری کے عدم امتناع کے ثبوت میں جو مکمل رسالہ نکالا گیا اور جسکا ذکر ہو رہا ہے۔ میری رائے میں بہت عمدہ طریق سے لکھا گیا ہے اور اسکی دلایل فریق مخالف کو بولنے اور لکھنے سے روک دینے والی ہیں چنانچہ عملی طور پر اسکا ثبوت موجود ہے کیونکہ طرف ثانی نے اسکے نکلنے کے بعد اپنے منہ پر سکوت کا برقعہ پہن لیا ہے اور میں یقین کرتا ہوں کہ اب ان کے پاس کوئی ایسی عقلی و نقلی دلیل موجود نہیں جو ایک انصاف پسند آدمی کے سامنے پیش کی جا سکے ۔ راقم۔ مقیم پنجاب کا ایک مسلمان ۔

حضرت داغ کی شاعری

پیارے اڈیٹر۔ تسلیم ۴ جولائی کے پیسہ اخبار میں حضرت داغ کے تین قطعات تاریخ پر جو انہوں نے مواقع شیرانگنی حضرت نظام پر فی البدیہہ کہے تھے اعتراض دیکھکر مجھے بھی مترجم صاحب کے فہم و فراست پر سخت افسوس ہوا۔ بھلا جس شخص کو عبارت اردو لکھنے کی مہارت نہ ہو وہ استاد ان زمان کے کلام بلاغت نظام پر جرأت اعتراض کرے۔ یہ اندھیر نہیں تو اور کیا ہے۔ صرف انجد خواں ہونے اور گنتی گرنے سے کوئی شاعری اور تاریخ کوئی کی حقیقت کو نہیں پہنچتا۔ اگر معترض صاحب کو شغف اور علم ہوتا تو وہ ایک مادہ تاریخ پر بھی اعتراض نہ کر سکتے۔ سمجھا ایک مصرعہ بھی نہیں صرف حرفوں کے عدد جوڑ کر اعتراضات دھر بیٹھے ہیں۔ اور دعوی یہ کہ چند قطعات تواریخ ایسی ہیں۔ جسمیں اصلاح کی بہت کم گنجایش خیال کیجاتی ہے۔ کاش آپ اعتراض کے ساتھ ساتھ اصلاح بھی دیدیتے تو حضرت داغ آپکے بہت ممنون ہوتے اور اہل کمال میں بھی آپ کی بڑی آؤ بھگت ہوتی۔ میں تو اس تحریر کو ہیچ سمجھکر اب تک خاموشی اختیار کئے تھا۔ خیال تھا کہ شعرا نکتہ سنج خود سمجھ لیں گے۔ مگر ۱۲ اگست کے شمس الاخبار میں بھی کسی نے یہی راگ چھیڑا ہے۔ لہذا ان واقعوں کی جلد خبر لینی واجب ہوئی ملاحظہ فرمائیے اور داد دیجئے ۔

مصرعہ داغ ؎ یہ ہی مچا پکارا آصف نے شیر مارا ۱۳۱۱ھ

اس مصرعہ میں ۳۰ عدد کی کمی ہے جو کل پانچ کے بڑھانے سے پوری ہو جاسکتی ہے۔ اعتراض کے قبل ذرا یہ بھی تو سمجھ لیا ہوتا کہ مصرعہ کے کہا سنے ہیں یا مچا پکارا سے کیا مطلب ہے۔ بے سمجھے بوجھے اعتراض کرنا کونسی دانائی ہے۔ حضرت داغ نے کبھی غلطی نہ کی ہوگی۔ اسلئے مصرعہ لامحالہ یہ ہے ع۔ یہ ہی مچا پکارا ایک صف نے شیر مارا ۱۳۱۱ھ داغ کا دوسرا مصرعہ ؎ ایک درجن شیر مارے آکے آصف جاہ نے ۱۳۱۱ھ مادہ تاریخ میں ۹ عدد کی زیادتی ہے۔ غالباً تحریر میں کوئی حرف زائد ہو گیا ہوگا۔ ذرا سے تامل سے ظاہر ہو سکتا ہے کہ اصل مصرعہ یوں ہے ؎ ع ایک درجن شیر مارا آکے آصف جاہ نے ۱۳۱۱ھ شیر محدود ہے اور بہ صورت واحد بھی ہے۔ اسلئے اگر فعل بھی واحد استعمال کریں تو کوئی ہرج نہیں۔ آتش لکھنوی فرماتے ہیں ع لاکھوں نر بخیر تیرے گیسو شمار کے تھے ؎ ع سینکڑوں آزاد ہے پابند اک زنجیر کا۔ یہاں بھی وہی بات ہے ؎ داغ کا تیسرا مصرعہ یہ نیزہ واں شیر ہی صید ہوا ۱۳۱۱ھ معلوم ہوا کہ آپ لوگ گنتی کرنے میں بڑے شتاق ہیں لفظ کی تحقیق سے غرض نہیں معنے سے مطلب نہیں۔ جو جو حرف چھاپے ہیں نظر آئے اوسی سے کام ہے چاہے وہ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ بیشک علم کے بھی یہی معنے ہیں۔ میں نے بھی ایک شیر کی تاریخ کہی ہے۔ اسمیں تو آپکے نزدیک کوئی غلطی نہ ہوگی ذرا ملاحظہ فرمائیے ؎ شور سرور مارے جنگل میں ۱۳۱۱ھ حضرت تیر ہوا ں نے پڑھئے تیروا ں بہ حذف ہائے ہوز پڑھئے۔ یہ لفظ ہر دو طرح صحیح ہے۔ اسے پہلے کی تاریخ بھی ملاحظہ فرمائیے ؎ گیارواں بارہواں دھار الکھیہ ؛ تعجب ہے آپ نے اسپر کیوں نہیں اعتراض جمایا۔ یہ بھی تو من قبیل تواریخ

جوانی دیوانی۔ اس نام کا ایک رسالہ لاہور کے زبدۃ الحکما حکیم غلام نبی صاحب مصنف رسالہ مہیضہ و رسالہ دافع آتشک وغیرہ نے مرتب کر کے چھاپا ہے جسمیں نہایت خوفناک مرض جلق کے عیوب اور پوست کندہ حالات درج ہیں۔ رسالہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نامراد عادت جسمیں "جوانی دیوانی" کے نشہ میں مست ہو کر نا تجربہ کار نوجوان گرفتار ہوتے ہیں درحقیقت بیشمار خوفناک امراض کی مولد اور زندگی کے تلخ کرنے والی ہے۔ تعجب یہ ہے کہ عورتیں مرد یکساں اس میں مبتلا ہوتے ہیں۔ گھروں میں نوکرانیوں سے اور مدرسوں میں بچوں کو ہم مکتبوں سے یہ بری عادت کا سبق ملتا ہے۔ ہم شرم اور تہذیب کی خاطر اس مکروہ کی قباحتوں تک بچوں سے بیان نہیں کرتے سر اسٹلے کی پرایک لکچر میں بیان کرتے ہیں۔ کاش ان بچوں کو جلق اغلام اور کفرت جماع وغیرہ میں سے کسی پر ایک عام جلسہ میں علانیہ طور پر لکچر دلوا کر اور شرم و حیا کو بالائے طاق رکھکر اسکی توضیح و تشریح کیجاوے اور بدنتائج ظاہر کئے جائیں تو دنیا دنگ رہ جائے اور ہزاروں جانیں موت کا شکار ہونے سے بچ جائیں۔ اس کتاب کی قیمت ۱ ہے اور حکیم صاحب سے مل سکتی ہے ۔

تاریخ وفات میاں حاجی چراغدین صاحب مرحوم رئیس لاہور

قبلہ عالم! میں نے اپنے ایک مہربان کے مہربان میاں چراغدین صاحب آنجہانی تاجر کتب لاہور کی سال وفات کی اردو فارسی دو تاریخیں کہی ہیں۔ جو کہ ذیل میں درج ہیں۔ اگر مناسب ہو اپنے اخبار کے شعر و سخن کے کالم میں درج فرما کر ممنون فرماویں ۔

(۱) ستم عظیم ہے ستم اجل چراغدین ہوا ۔ غضب غضب ہے غضب اجل چراغدین

یہ روح فرسا ہر اہل دین کی آنکھوں میں ہے جہاں اندھیرا ۔ چراغ دین بجھا کیا چراغ دین بجھا کہی یہ منشی نے یار اندر سال تاریخ ۔ سرور دین بے کس پکار کہ ہائے واویلا ۔ مصرعہ ثانی کے ہندسوں میں سنہ الیف الف کا ہندسہ جمع کرنے سے ۱۳۱۲ھ حاصل ہوتے ہیں (۲) ہم سخاوت و ہم کرم میں ثانی حاتم طائی ۔ ازین جہاں در بجا گذشت گزینہ مدام بگفت ہاتف غیبی بخاطر غمگین ۔ نماند چشمہ کہ ابر ۔ اگر ۔ چراغ دین چو شد داخل بہشت برین ؛ نوٹ چراغ دین کو بہشت برین کے ہندسوں میں شامل کرنے سے ۱۳۱۲ھ حاصل جمع ہوتا ہے ۔

چشمہ کے ہندسے تفریق کرنے سے ۱۳۱۲ھ سال وفات ہوتا ہے ۔

مصرعہ۔ لکھو نوشیرواں نوشیرواں آج ۱۳۱۱ھ اعتراض یہ ہے کہ قول شاعر کو مادہ تاریخ میں شامل کرنا درست نہیں۔ بجا ارشاد ہوا مگر استعداد علمی کے ساتھ فہم و فراست بھی تو آپ کو پرلے درجہ کی ہوگی ہے۔ اس حالت میں سمجھاؤں کسے۔ جناب من یہاں کہیں صرف قول شاعری نہیں بلکہ عبارت مادہ تاریخ کا یہ ایک جزو اعظم بھی یہی ہے۔ مطلب یہ کہ۔ اے نوشیرواں لکھو نوشیرواں آج۔ خیال کام الزائم۔ سید تبارک حسین۔ برق۔ از شہر کلکتہ

جس ایک نوجوان رات کے پچھلے پہر جب بارش آئی۔ تو جھونپڑی سے اٹھ کر چلا۔ پاس کنواں تھا۔ اس میں گر کر مر گیا۔ (۳) ضلع سرگودہا تحصیل سرگودہا میں چچیرے بھائیوں میں زمین کی بابت نزاع ہوا۔ ایک طرف پانچ بھائی تھے۔ دوسری طرف صرف ایک۔ ان پانچوں نے اسکو پکڑ کر گھر پر لے جا کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ مقدمہ زیر تحقیقات ہے۔ (از نظر حسین مدرس مدرسہ سیالکوٹ)

ہمارا ہیضہ: ہیضہ:۔ یہاں چار پانچ یوم سے ہیضہ کی بیماری شروع ہے۔ پانچ چھ کیس ہر روز ہو جاتے ہیں۔ ایسا سخت ہیضہ کہ جنکو ہوا ہے انہیں سے ایک بھی نہیں بچا (سردار بہادر سنگھ، متعہد)

مقدمہ بلوہ: مقدمہ بلوہ میں جو بروز عشرہ محرم ہوا تھا کیس کی خوجوں کا چالان ہو گیا۔ مقدمہ عدالت صاحب مجسٹریٹ ضلع میں ہے (از قلعہ سوبہا سنگھ سیالکوٹ)

چناب و ناگ کا: چناب کا عجیب حال ہو رہا ہے۔ پہلے دریا نے تمام اراضی غرقاب کر دی تھی اور قریب ہو گیا تھا۔ اب پھر دریا دور جا رہا ہے اور دو میل شہر سے دور ہو گیا ہے۔ یعنے لاکھوں روپیہ کا نقصان کر کے دریا اپنی اصلی جگہ چلا گیا ہے (صاحبہ تہ شاہ)

طاعونہ چلاں: میں فصل تربوزہ موٹھ کو ٹڈی نے نقصان پہنچایا۔ فصل کم ہونے سے فصل خشک ہے۔ موضع بہکر جو سکھوں کے وقت کا پورانا شہر تھا دریائے سندھ سے آباد گر گیا ہے۔ (از نائی کانونیشہ ہے (سمہ ۳۶۱۶)

بجلی گری: قصبہ کالو زمیں ۳۱۔ اگست کو ۱ بجے دن کے ایک کسان قوم کار انگیت پر فصل کی نگرانی کے لئے جھونپڑی پر بیٹھا تھا۔ اور چند کسان بھی کھیت میں کام کر رہے تھے کہ بارش شروع ہو کر ایک دم بجلی گری۔ جو جھونپڑی میں بیٹھا تھا۔ وہ مر گیا۔ تو آدمی سخت مجروح ہوئے جنمیں سے چار قریب مرگ ہیں۔ اور پانچ کو کم صدمہ پہنچا ہے (نور محمد خاں۔ ۲ ستمبر)

وفات حسرت آیات: ۔ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۶ء بوقت ۳-۱۲ بجے صبح حامی الحرمین الشریفین منشی چراغ الدین صاحب تاجر کمیشن وسابق میونسپل کمشنر لاہور نے مرض درد اعصاب سے انتقال کیا۔ مرحوم ایک بڑے ہر دلعزیز اور فخر طبع بزرگوار تھے۔ خلائے پس ماندگان یعنے بیان سراج الدین آپکے فرزند اور منشی تاج الدین بی۔ اے آپکے داماد کو صبر جمیل عطا کرے (دعید الدہ)

رسال طلبع راولپنڈی: ۔ (۱) ایک شخص نے اپنی صورت کے جوڑ کھینچنے کے واسطے روپیہ مانگے۔ اسنے نہ دئے۔ اسپر اسے قصہ آباد اور اپنی صورت کو جان سے مار ڈالا (۲) یہاں ایک ہمراہ آدمی ہے بلند آواز اُسے بالکل سنائی نہیں دیتی اور بہت بجلیات بخوبی سن سکتا ہے (۳) ڈھوک بلند خانہ بسال ضلع راولپنڈی میں ٹی۔ مڑک ماڈی اٹک ریلوے کا کام نہایت سرعت سے ہو رہا ہے۔ سیٹھ ٹل مل اینڈ کمپنی ٹھیکہ داران کے جوش مسالہ ہونے کے باعث بڑی دور دور سے آدمی آکر کام کرتے ہیں۔ گویا یہاں ہر روز میلہ لگا رہتا ہے۔ لیکن باوجود اسکے ڈھوک ہذا میں کوئی ڈاکخانہ نہیں۔ سیٹھ صاحب (مینجنگ ٹل مل کمپنی کی علی ہمتی کے سبب نہایت ممنون و مشکور ہیں کہ وہ اپنا خاص آدمی ڈاکخانہ جہاں سے کہ نزدیک سنگھ کے لوگوں میں تقسیم کرتے ہیں۔ کیونکہ خوب ہو گر یہاں ڈاک کا کچھ انتظام کیا جاوے۔ (۴) مول چند اقبال، ضلع سرگودھا (۱) کل دہات میں سب جگہ بارش بہت ہو گئی ہے اور حالت فصل خریف عمدہ ہے۔ فصل ہر قسم کے کاشت کی تیاری ہو رہی ہے۔ (۲) تمام ضلع میں عموماً خفیف سی بخار کی شکایت تھی جو بارش ہونے سے بہت کم ہو گئی ہے (۳) قصبہ کلا نور ضلع سرگودھا میں چودہ آدمیوں پر حواب چھونپڑی میں جنگل کے اندر بارش کے بچاؤ کے واسطے بیٹھے تھے بجلی گری انمیں سے ایک شخص قوم تلی مر گیا۔ دو شخص سخت زخمی ہوئے (ایک کی امید زندگی منقطع ہے) آدمیوں کو خفیف خفیف صدمہ پہنچا محفوظ ایک بھی نہ رہا (۴) موضع مگرانہ تحصیل سرگودھا کے ایک برہمن کو چند اشخاص موضع گرداوڑی نے کلہاڑیوں سے پرسنے بڑنے کر ڈالا۔ پولیس نے فوراً تحقیقات کر کے قاتلوں کو پکڑ لیا ہے مقدمہ عدالت میں ہے (متعہد اداس کا ہنور)

ارتکاب قتل: ۔ ایک شخص حمید ولد حیات جو سڑک ریلوے جماعت مزدوران نمبر ۴ پر کام کرتا تھا۔ شب جمعہ ۲۸۔ اگست کو کسی نے مار ڈالا۔ تحقیقات میں پولیس مصروف ہے۔ ہنوز قاتل کا پتہ نہیں (سرائے کالا۔ ۹ ستمبر)

بڑی مہارانی صاحبہ کا انتقال: ۔ ۱۰ ستمبر کو گوالیار کی بڑی مہارانی صاحبہ بیمار ہو گئیں۔ ریگیش چوتھی رات کو دو بجے ریاست کے کل کام دس روز تک بند ہونگے۔ ازاں بعد تین دن کے لئے ہڑتال ہو گئی (نثار حسین گردیزی ۱۰ ستمبر)

الہ آباد: (۱) سننا جاتا ہے کہ اب الہ آباد میں ہیضہ ہی ہیضہ ہے۔ بہادر نے کرم فرمایا اور میونسپل بورڈ کا جمعیت ہونے (۲) بڑی خوشی کی بات ہے کہ قصبہ میو آمٹہ ضلع الہ آباد کہ جسمیں اب تک کوئی انگریزی تعلیمی اسکول قائم نہ ہوا تھا۔ اب بسعی و کوشش جناب شیخ محمد نصیر الدین صاحب رئیس الاعظم الہ آباد جنہوں نے اپنے جیب خاص سے مبلغ چھ سو روپیہ سالانہ گورنمنٹ کی نذر کیا ہے۔ انگریزی اسکول یکم ستمبر ۱۹۳۶ء سے کھولا گیا ہے۔ مبارک ہو سکنان قصبہ و گرد و نواح کے لوگوں پر ۹ (دفتر فوج احمد۔ الہ آباد۔ ۹ ستمبر)

عجیب الخلقت: ۔ (۱) مقام میسور مدون نامی باغ میں ایک گساہیں کے لڑکا ہوا جسکے چار ہاتھ چار پاؤں ایک پیٹ دو سر تھے مگر مردہ نکلا (۲) چنلدرگ میں بارش مطلق نہیں اب تک کہیں بیج بویا نہیں گیا۔ کھیتیاں ہنجر پڑی ہیں۔ اہل مزروع آسمان ہی کو آنکھ لگائے بیٹھے ہیں ضدا ہی فضل کرے (علی احمد)

ایک شاد ہو گی کرامات: ۔ بہائی (۱) ہم نام اس نامی مہاتما ساد ہو سجادہ نشین مقام ہر سال رشیہ پور تحصیل و ضلع جھنگ کی موت کا وقت قریب آیا تو چیلوں نے چارپائی سے اتار کر بجو جب رسم ہندو مہاتما شروع کی۔ سادھو جی نے کہا۔ ابھی میرے مرنے میں تین دن باقی ہیں۔ جمعہ کے روز جب چار ساد ہو امد اس دہم سال میں آئینگے۔ اور ان چار چیلے کے درختوں سے ایک گر جائے گا تو میں مر جاؤنگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا (خیر خواہ عام)

غبن: ۔ خبر ہے کہ خزانہ صدر سے ۱۰۰۰ کا بعلی چک وصول کیا گیا کوئی انکار ہی گرفتار ہیں (راقم ہر گھر ضلع کرنال)

مراسلات

آریہ سماج لاہور کی پارٹیاں

بیس سال ڈیڑھ سال سے اس سماج کے حالات مختلف اخبارات اور کتب سے جو کسی نہ کسی پارٹی کیطرف سے شائع ہوتی رہی ہیں میں پڑھ رہا ہوں۔ اتفاق کی برکت سے جس شان و شوکت کے ساتھ اسکا کام چل رہا تھا کوئی فریق کو میری رائے کے ساتھ اتفاق نہ ہو مگر اسمیں ضرور کمی ہو گئی ہے۔ جسکا سخت افسوس ہر ایک شخص کو ہے جو اپنے ہموطنوں یا بنی آدم کا خیر خواہ ہے۔ سال کے قریب زمانہ گزرتا ہے ایک رسالہ میری نظر سے گزرا جسمیں ایک پارٹی کے کسی شخص نے لاہور سماج میں تفرقہ پڑنے کے حالات اور اس کی وجوہات لکھی تھیں۔ جسمیں انہوں نے مستحکم دلیلوں اور صحیح جوابوں سے ہر ایک بات کا پورا پورا ثبوت لکھا تھا گو اس وقت جبکہ میں نے اس رسالے کو پڑھا ہے۔ میں نے ان دلائل اور جوابوں کو وہ رتبہ نہیں دیا تھا جو میں نے اب اوپر کی تحریر میں اپنی بہتری ظاہر کیا ہے۔ مگر اب ضرور یہ خیال ہے۔ جسکا میں نے اظہار کیا اور اسکی وجہ یہ ہے کہ آجتک اس فریق کیطرف سے جس نے اس رسالے میں تفرقہ ڈالنے کا الزام جو تو می ہی خواہوں کے واسطے نہایت سخت جرم ہے لگایا گیا تھا کوئی بھی ایسی مدلل تحریر نہیں نکلی جو اسکے مندرجہ حالات کو غلط یا دلائل کو کمزور ثابت کرنے کا کام دے سکے۔ اور یہ امر ہر ایک سمجھدار انسان کے واسطے اس یقین دلانے کے لئے کافی ہے کہ طرف ثانی پر جو الزام اسمیں لگائے گئے ہیں وہ درست اور صحیح ہیں اگرچہ اس امر کے جواب میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایسی باتیں ہیں جنکا کوئی جواب دیا جا سکے۔ مگر جہاں تک میں خیال کرتا ہوں کوئی آدمی جسنے گہری نظر سے اس رسالے کو پڑھا ہوا اس جواب کو تسلیم نہیں کر سکتا۔ بلکہ ہر حالت میں ہر ایک سمجھدار انسان کی رائے میں یہ امر ان مہاتما لوگوں کے واسطے جو عرصے تک اس سماج اور کالج کے کاروبار میں شامل رہے ہیں۔ اور اب ایک علیحدہ سماج کے سرگرم عہدہ دار اور ایک اتنے نئے سکول کے مہتمم ہیں۔ چیپر تفرقہ ڈالو ہی الزام عائد ہوتے ہیں جو انہوں نے دیانند اینگلو ویدک سکول اور کالج پر لگائے ہیں اور جنکی وجہ سے انہوں نے اس سکول کو جاری کیا ہے سخت ملامت کے قابل ہے۔

اسی رسالے سے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ گو اصلی وجوہات وہ ہیں جو اس رسالہ کے مصنف نے بیان کی ہیں مگر بیان ہر ایک مذہبی مسئلے کی آڑ میں نفاق کا بیج بویا جاتا ہے۔ اور وہ گوشت خواری کے استعمال و عدم استعمال کا ایک خود بھی مسئلہ ہے۔ یعنے ایک فریق گوشت کھانے کو گناہ اور پاپ سمجھتا ہے۔ اگرچہ انمیں سے بعض مہاتما خود یہ گناہ کرتے اور بار بار کہنے کے باوجود اپنی کمزوری سے گناہ پر اصرار کرتے ایک بڑے بھاری جرم کے مرتکب ہوتے ہیں۔ دوسرا فریق اسکے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں سمجھتا اور کھانے والوں کو گناہ کا مرتکب نہیں جانتا۔ گو اس فریق میں بعض ایسے لوگ بھی ہیں۔ جو اسے استعمال میں

مرزا صاحب کا نہ تو اتنا بھی علم غیب نہیں تھا کہ وہ نہیں پہلے ... میں فوت کر دیتا۔ اس کے علاوہ دوسرا الہام مرزا صاحب ... ہوا جبکہ ساری دنیا پر ان کی قلعی کھل گئی ... تو یہ بات بھی ... ہو جاتے تو ایک بات ... مرزا صاحب کی مثال مرزا صاحب کے آخری ... ہے کہ ایسے لائق آدمی ... ہیں ہیں۔ ہمیں سخت افسوس ہے کہ ایسے لائق آدمی ... ہیں ہیں ہیں

ہے اس قدر ہندوستان کی اور کوئی قوم نہیں۔ بلکہ یہ کہنا بیجا نہ ہوگا اگر کہہ دیا جائے کہ پارسی تہذیب اور تعلیم میں اور قوموں سے بہت ترقی کر چکے ہیں۔ کسی ملک یا قوم کی ترقی کا دارومدار زیادہ تر اس قوم کی سوشل حالت پر منحصر ہے۔ اور اس پہلو میں جو کچھ پارسیوں نے ترقی کی ہے وہ لائق تحسین و ہمدردی کے لئے بالکل نمونہ اور قابل تقلید ہے۔ پارسی لیڈیاں اعلیٰ درجے کی تعلیم یافتہ اور اصول خانہ داری کی ماہر ہوتی ہیں۔ ان کی تعلیم و تربیت کا نتیجہ یہ ہے کہ پرورش اولاد میں جو ضروری باتیں ہیں وہ پارسی قوم کے بنانے میں بڑی مدد دیتا ہے۔

سب سے بڑی قومی خوبی پارسیوں میں یہ ہے کہ لفظ حب الوطن کے مفہوم سے بخوبی آگاہ ہیں۔ پیشے کے لحاظ سے ان لوگوں نے انگریزی حکومت میں اس کام کو پسند کیا کہ جو سب سے زیادہ معزز اور سب سے زیادہ سہولیت سے دولت پیدا کرنے کا ذریعہ ہے۔ ان لوگوں نے تجارت کو بطور ایک خصوصیت کے اختیار کر لیا ہے۔ پچھلے سو سال پیشتر جب بمبئی کی بندرگاہ سے جہاز تجارت کو تمام ہندوستان پر صوبہ گجرات میں خوش نصیبی سے سمندر کے کنارے پر انہوں نے اقامت اختیار کی۔ اور غالباً یہی سمندر کے کنارے پر رہنے کی وجہ انہیں تاجر بنانے کا باعث معلوم ہوتی ہے۔ جو پارسی لکھ کھرب تاجر ہیں اور ان سے کم تاجر ہیں۔ شاذ و نادر ہی قوم کے اور ملازمت پیشہ ہونگے۔ تجارت میں جو ترقی پارسیوں نے کمائی ہے وہ بھی ہندوستان میں بمثال ہے۔ سر جمشید جی جیجی بھائی بی کے پارسی بیرونٹ اور کروڑپتی کہ جن کے خاندان کو بحال رکھنے کے لئے گورنمنٹ ہند نے خاص ایکٹ پاس کیا ہے۔ اسی قوم کے فخر ہیں۔ قومی ہمدردی کی وجہ سے پارسیوں میں جو فیاضی نے ان کی قوم میں کوئی گدا گر نہیں چھوڑا جو بازار میں بھیک مانگے۔ ان کے کئی مدرسے۔ غریب خانے اور مسافر خانے ہمیشہ محتاجوں کے لئے وقف ہیں۔ بلکہ پارسیوں کی فیاضی تمام قوام پر عام ہونے میں کسی کو شک نہیں ہو سکتا جب کہ بمبئی جیسے بڑے شہر میں ہسپتال پارسیوں کی فیاضی کی یادگار ہیں۔ شاید یہ بات سب سے زیادہ عجیب ہوگی کہ صرف ایک لاکھ پارسی آبادی میں سے جو ہندوستان میں ہیں کوئی ایک بھی دواخانہ عورت) نہیں ہے۔ چونکہ یہ لوگ بہت شیدا ہیں باوجود انگریزی طرز معاشرت میں تربیت کرنے کے قومی لباس کی علامات کو ہاتھ سے نہیں دیا۔ عورتیں پردہ نہیں کرتیں تاہم غیر مردوں سے خلا ملا میں زیادہ دلیر نہیں ہوتیں۔ بس ان رنڈی بن کا پہننا نہیں ہے۔ جناب نوجوان پارسی عورت نوروت نے انگریزی نظم میں ایسا کمال پیدا کیا تھا کہ انگریز اس کی تصنیف کی تعریف کرتے ہیں۔ مردوں میں آنریبل مسٹر دادا بھائی ممبر پارلیمنٹ کے چیف ہندوستانی ممبر اور مسٹر ہرام جی سیکلیٹیر انڈین سیکلیٹیر ہندوستان کے مشہور سوشل ریفارمر پارسیوں کی مثال ہیں۔

پارسیوں کی شائستگی سے دیگر اقوام کم از کم دو سبق حاصل کر سکتی ہیں۔ اوّل یہ کہ تجارت کو قومی شعار مثل اہل انگلستان کے قرار دیں۔ دوم سوشل اصلاح کہ جس پر کسی قوم کی قسمت کا فیصلہ منحصر ہوتا ہے پارسیوں کی طرح عورتوں اور مردوں میں یکساں مروج کریں۔ اور با آنہمہ آبائی مذہب کو نہ چھوڑیں خواہ وہ آتش پرستی ہی ہو۔

رسول اینڈ ملٹری گزٹ کا آجکل بمشکل کوئی پرچہ گزرتا ہوگا جس میں دیسی زبان کے اخبارات کی عیب چینی نہ کی گئی ہو۔ اور پنڈت گوپی ناتھ کے مقدمے کے فیصلے کے بعد اس قسم کی تحریریں دیسی پریس کی نسبت اور بھی زیادہ سخت اور متواتر ہو گئی ہیں۔ دیسی اخبارات سے ایسے مختلف وقتوں پر مضمون ترجمہ یا اختصار کر کے چھاپا ہے کہ جن میں سرکار یا انگریزی افسروں کی نسبت کسی قسم کی نکتہ چینی ہو۔ بلکہ بعض دفعہ دیسی مطابع کی نسبت نہایت ذلیل جھوٹ لکھنے سے نہیں باز آتا جیسا کہ کسی پچھلے پرچے میں رینلڈس کے ناولوں کے ترجمے کی بابت لکھ چکا ہے۔ اس سے اس کی غرض یہ ہوتی ہے کہ دیسی پریس کو یورپین حکام کی نظر میں بدنام کرے۔ لیکن تمام انگریزی حکام ایسے نادان نہیں جو اس کے چکمے میں آجاویں۔ دانا افسر تو کل ہیں کہ اگر دیسی پریس اپنے ذرائع سمجھنے لگے تو اتنی ہی سلطنت انگریزی ہندوستان میں زیادہ مستقل ہو جائیگی۔ یہ اخبار بخلاف اس کے۔ کچھ نہیں سکتا کہ ہندوستانی ذرہ بھی سلف رسپکٹ (اپنی عزت آپ کرنا) اور اپنے فوائد اور فرائض کی سمجھ حاصل کرنے لگے ہیں۔ کسی پچھلے پرچہ میں پیسہ اخبار میں ایک مضمون مسلمانوں کی مسجدوں اور ہندوؤں کے مندروں کو سرکاری امداد بخلاف عیسوی گرجوں کے گورنمنٹ کی طرف سے دیئے جانے کے متعلق شائع ہو چکا ہے۔ یہ دیسیوں کا خیر خواہ اخبار فقط اس تمام آرٹیکل کا ترجمہ چھاپ کر لکھتا ہے کہ ایک دیسی اخبار کو یہ دانشمندانہ خیال پیدا ہوا ہے۔ لیکن خواہ سول اینڈ ملٹری گزٹ اس گہری محبت سے جو اسے دیسیوں سے ہے اس قسم کے مخلصانہ خیالات لکھتا ہے تاہم ایک طرح سے وہ دیسی اخباروں کی ایسی خدمت کرتا ہے کہ جس کے لئے انہیں اس کا مشکور ہونا چاہیئے۔ کیونکہ جو مضمون بوجہ اردو دیں پھنچنے کے حکام کی نظر سے نہیں گزر سکتے شائد اس طرح گزر جاتے ہوں۔ لیکن یہ اخبار شکر جب ہونگے جبکہ بجائے ایک درنکو اخبار لکھنے کے اس اخبار کا نام بھی لکھ دے کہ جس سے استفادہ کرتا ہے۔

لفٹنٹ کرنل گولڈ سبیری صاحب رخصتی کمشنر انبالہ و سپرنٹنڈنٹ مجسٹریٹ جالندھر جو تین ماہ کی رخصت پر تھے قبل از انقضائے معیاد رخصت بہاڑ سے چھاؤنی جالندھر میں آ گئے ہیں۔ ناظرین سے پوشیدہ نہیں کہ منشی جمال الدین سابق کوتوال چھاؤنی جو اب ایک یا زیادہ مقدمات میں حوالات میں ہیں گولڈ سبیری صاحب کے فیورٹ اور نہایت منظور نظر تھے جیسا کہ کئی منشوں سے ثابت ہوتا ہے۔ مگر ان کے جالندھر سے جانے کے ایک ہفتہ عشرہ بعد اُنپر مقدمات دائر ہو گئے کہ جو بھی زیر تجویز ہیں۔ یقینی امر ہے کہ ان مقدمات میں اہلکاروں اور دوسرے لوگوں کی شہادتیں لی جائینگی۔ لیکن جالندھر چھاؤنی والوں کو یہ معلوم ہونا کہ گولڈ سبیری صاحب پھر اسی چھاؤنی میں تعینات ہونگے یا کم از کم دوران مقدمات میں ان کا جالندھر میں رہنا اس میں شک نہیں کہ طبعی طور پر آزادانہ تحقیقات کے حق میں سد راہ ہونے کا اندیشہ پیدا کر سکتا ہے گو صاحب کو اس امر کا خیال بھی نہ ہو۔ چونکہ صاحب بہادر رخصت پر ہیں اگر ہز آنر سر ڈینس فٹز پیٹرک مہربانی فرما کر محض انصاف کے خیال سے انہیں کسی دوسری جگہ یا ایام رخصت بسر کرنیکا ایما کر دیں تو چھاؤنی والوں کو انصاف راستی میں کسی شکایت نہ رہیگی اور گولڈ سبیری صاحب کو بھی اس امر کے ناگوار گزرنے کی بھی کوئی وجہ نہیں۔

ایک کرمفرما لکھتے ہیں کہ مولوی رحیم بخش صاحب پرائیویٹ سکرٹری ہز ہائینس نواب صاحب بہاولپور کی جو بڑے لائق تعلیم یافتہ اور مدبر شخص ہیں اور جو ریاست کو خوش نصیبی سے ایک نہایت قیمتی اہلکار ملے ہوئے ہیں تنخواہ میں نواب صاحب نے ترقی کر دی ہے۔ حقیقت میں سو پچاس روپے کی ترقی تو بجائے خود کوئی قابل ذکر امر نہیں لیکن یہ بات البتہ کام کی ہے کہ نواب صاحب نے ان کی خدمات کی قدر معلوم کر لی ہے۔

انجمن نعمانیہ لاہور کا ایک ڈیپوٹیشن جس میں مولوی تاج الدین صاحب مہتمم عدالت۔ حافظ چراغ الدین و حاجی چراغ الدین صاحب ٹھیکہ دار شریک ہیں۔ اپنے خانگی کاروبار کو چھوڑ کر انجمن کی اغراض کے لئے چندہ فراہم کرنے کے واسطے ۲ ستمبر کو سفر پر روانہ ہوئے۔ انجمن کے استحکام کے لئے مکان کی اشد ضرورت ہے کہ جس نے ان اصحاب کو اس قومی گدا گری کے سفر پر مجبور کیا جو یقین ہے کہ بامراد لوٹیں گے۔

ایک صاحب شکایت کرتے ہیں کہ چونی منڈی محلہ سوداں میں ایک شخص نے بلا نقشہ داخل کئے اور بلا منظوری میونسپل کمیٹی اپنے مکان کی عمارت کا کام شروع کر دیا ہے اور سہ منزلہ ٹھاکر کوچے کی طرف ڈھائی گز کے قریب بڑھا کر دیا ہے جس سے اہل محلہ کو سخت تکلیف ہے کیونکہ ہوا رک گئی ہے چنانچہ ایک محلہ والے نے جو معزز شخص ہے میونسپل کمیٹی میں مفصل حالات لکھ کر درخواست پیش کی مگر اب تک کچھ توجہ نہیں ہوئی جبکہ ذرہ ذرہ سے چھوٹوں اور شیخ رکھ بینے پر ہلو بار باند صاحب تا ہے تو بتنے بڑے ماجرے سے کمیٹی کا بے خبر رہنا تعجب ہے امید ہے کہ اہل محلہ کی درخواست پر جلد توجہ کی جائیگی۔

پچھلے ہفتہ میں مرزا صاحب قادیانی کی پیشینگوئی کے غلط نکلنے کی خبر چھاپ چکے ہیں۔ اگر اتفاقاً مرزا صاحب کی پیشینگوئی صحیح بھی ہو جاتی تو بہت سے خوش اعتقادوں اور عام لوگوں کے ٹھوکر کھانے کا اندیشہ تھا۔ مرزا صاحب بجائے اس کے کہ پیشینگوئی کے غلط نکلنے پر اقرار ندامت کرتے کہ یہ کام خدا ہی کے سپرد رہے انہوں نے ایک اشتہار چھاپ کر دعویٰ کیا ہے کہ حقیقت میں انہیں ہی فتح ہوئی ہے۔ وہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ عبداللہ اتھم صاحب نے کسی وقت دل میں اسلام کی صداقت تسلیم کی ہوگی دس مہینے ان کے الہام کی شرط کے مطابق جو نہ گزرے انہیں نہیں مارا۔ کیا

پیسہ اخبار

لاہور- یوم شنبہ- ۱۵- ستمبر ۹۴ء

پارسیوں نے سچ مچ ترقی کی ہے

انگریزی راج کی بدولت ہندوستان میں تعلیم- شائستگی عزت اور دولت میں بہت ترقی ہو رہی ہے لیکن باوجود اس ترقی کے بعض قومیں بحیثیت مجموعی بعض دوسری قوموں سے بہت آگے بڑھ گئی ہیں- عام طور پر مسلمانوں سے ہندو بہت آگے بڑھ گئے ہیں- لیکن بنگالی ہندو بمقابلہ تمام دیگر حصص ہند کے ہندوؤں سے تعلیم اور ترقی کے میدان میں آگے بڑھے ہوئے ہیں- ان لوگوں میں ایم اے اور بی اے درجنوں اور کوسوں سے نہیں بلکہ سینکڑوں ہزاروں سے شمار ہوتے ہیں- عورتیں صرف ایم اے تک ہی نہیں پڑھتیں بلکہ پریم چند رائے چند سکالر شپ کے مقابلے میں مردوں پر سبقت لے گئی ہیں- بنگالی گھروں میں خاص خواہ مادری زبان میں اخبارات پڑھے جاتے ہیں اور تعلیم یافتگی کے آثار آتے ہیں- یہاں تک کہ بہت سے خاندانوں میں بنگالی کو انگریزی زبان ماں کے دودھ میں گھول کر پلا دی جاتی ہے- اور ہر بنگالی کثرت کے ساتھ تمام ہندوستان کے دیگر باشندوں کی نسبت زیادہ سرکاری ملازمت میں شامل ہیں- انڈین کونسل کی بھی اور لیجسلیٹو کونسل کی ممبری اور کمشنری سے لے کر تمام عہدے ہر قسم کے رکھتے ہیں- اور علوم و فنون میں کیمبرج اور آکسفورڈ کی یونیورسٹیوں میں امتحانات مقابلہ میں انگریزوں سے بڑھ جاتے ہیں-

مگر غور کے ساتھ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ بنگالیوں کی ترقی میں ابھی بہت کسر ہے- شہروں میں بنگالیوں نے بہت ترقی کی ہے- مگر تمام بنگالہ کے دیہات تقریباً جاہل بنگالیوں سے بھرے پڑے ہیں- بعض عورتوں نے بہت پڑھا ہے لیکن اکثر بالکل جاہل ہیں- اور خانہ داری کے انتظام میں انہیں بہت کم سلیقہ ہے- مرد کے مرد فلاں سے علمی لیاقت حاصل کرتے ہیں مگر اس کے بعد فلاں اختیار کر لیتے ہیں- لیکن ایک اور قوم بھی ہندوستان میں ہے جو کہ ان سے بھی شائستگی اور ترقی میں بہت بڑھی ہوئی ہے- اور اس سے ہماری مراد پارسیوں سے ہے-

یہ لوگ گو آبادی میں اس ملک میں چند ہزار سے زیادہ نہیں- اور دراصل اس ملک کے اصلی باشندے بھی نہیں- بلکہ چھ سو سال کے قریب عرصہ گزرا کہ یہ نواح بمبئی اور ساحل گجرات پر ایران سے بھاگ کر آئے ہیں- لیکن اس وقت دنیا کی ترقی یافتہ

لاہور و پنجاب

آیندہ سے پالکی گاڑی سے کوچمینوں کو لاہور میں وردی پہننے کا حکم ہوا ہے +

لاہور میں ہندوؤں کے مرگھٹ کی سڑک بڑھائی جائیگی

۲۲۱ روپیہ کی منظوری ہوئی ہے +

جو سامان بطور جہیز شادی صدر لاہور میں داخل ہوگا اسپر محصول نہ لیا جائیگا +

گلوشاہ ضلع سیالکوٹ کا لیا ۱۷ سے ۲۲ ماہ حال تک رہیگا- مویشی وغیرہ کسی قسم کا محصول نہ لیا جائیگا +

ولی میں اکثر مکانوں کا پانی بوجہ قلت کہار سے ہو گیا ہے لہذا اجا بنانکے قایم کر دئے گئے ہیں +

ڈاکٹر فتح چند سول سرجن گوجرانوالہ قائمقام خان بہادر ڈاکٹر رحیم خان کے لاہور میں مقرر ہوئے +

دلی میں میلہ گلفروشان ۵ تاریخ کو ہوا- بارش خوب ہو رہی ہے مکانات گر رہے ہیں- کوچہ بلی ماران میں ایک مکان گرا دو لڑکے دب گئے مگر زندہ برآمد ہوئے +

لالہ جے دیال اور لالہ سنت رام مضفان کا تبادلہ ملتوی رہا- لالہ راجہ رام منصف اونہ رخصت پر جاتے ہیں ان کی جگہ منشی محمد اشرف امیدوار کام کرینگے +

خزانہ ریاست مظفر آباد (کشمیر) سے ۲۲ ہزار روپیہ غائب ہے اور خزانچی کا بھی پتہ نہیں +

خطاب جی سی آئی ای خان قلات کو کوئٹہ میں پایا جائیگا +

وزیرستان شمالی کیواسطے ڈیرہ ہزارہ ڈویژن اور ایک ہزار چمڑ کا انتظام کیا گیا ہے ایک مہینہ کا سامان ساتھ کیا جائیگا اور ایک مہینہ کا فاصلہ رہیگا +

رابرٹسن صاحب برٹش ایجنٹ گلگت ۱۲ اکتوبر کو واپس ہونگے +

ہو کر اپنی خدمت پر چلے جائینگے +

خبر ہے کہ افواج ہند و پنجاب کیلئے ۵ مقامات مرمتی مستری منتخب ہوئے ہیں +

کرنل گرسی ہفتہ آیندہ میں ڈائرکٹر جنرل ریلوے کا چارج حاصل کرینگے +

راجہ صاحب محمود آباد بفعل ضلع میں ہیں +

ملتان میں بارش اسوقت تک اعتدال کیا ہوئی +

لاہور میں دو کانداروں کے پیسے نہیں بنتے- یہ امر قابل اعتراض ہے +

بمبئی بارش سے شملہ سے کالکا تک گاڑی کی سڑک بہہ خراب ہو گئی +

جہلم آباد اور نوشہرہ کے درمیان ریل کی سڑک بارش سے خراب ہے +

کمانڈر انچیف مدراس بھی دربار لاہور میں لائے گئے +

سر سالزبرگ نے امیر صاحب سے پہلی ملاقات کی گرداب جو کہ ۱۲ میں خالباً کوئی جواب نہیں ملا +

امبالہ میں سہ شنبہ کو خوب مینہ برسا- پارہ ۹۰ درجہ تک گر گیا- اور ایسی سخت ہوا چلی تھی کہ شروع ستمبر ۲ خرما اکتوبر معلوم ہوتا تھا +

پشاور میں ایک مولوی حال میں آئے تھے اور کہتے تھے کہ حقہ پینے کی ممانعت قرآن سے ثابت ہے لہذا جو لوگ پیتے ہیں کافر ہیں میں اس بات کو ثابت کرتا ہوں اور جنکا جی چاہے بحث کرے- مگر چونکہ سخت ہوا کا تھا- لہذا وہ بمباٹ سے روکے گئے اور پولیس ان کی حرکات کی نگران رہی +

ڈونیز ڈلہوزی سڑک پر تین آدمی ٹھوکر کا ایک حصہ گرنے سے دبکر مر گئے- اور گیٹ ڈلہوزی حفظ کیا گیا ہے کہ رات کو مطلقاً اور دن کو بھی جب ہیبہ برف ہو مسافر نہ روانہ کرے +

منڈی سے جانب شمال ۱۲ فٹ برف ہوگا بڑا زور ہے +

ضلع ہوشیارپور میں شیخ نے ایک دھوبن عورت کی نسبت پھانسی کا حکم دیا جو ایک لڑکے کو زہر دینے کے جرم میں ماخوذ ہے- باوجودیکہ زہر خورانی کا کوئی گواہ نہیں ہے (سول)

فیض محمد نامی ایک پٹھان سپاہی پشین میں دیوانہ ہو گیا دو آدمیوں کو بندوق سے مار کر بھاگا- پولس نے تعاقب کیا ان میں سے دو کے گھوڑے گولی سے ہلاک کئے- ایک مکان میں آگ لگا دی- ایک پہاڑی پر گھیر لیا گیا ہے مگر دھمکی دیتا ہے کہ جو سامنے آئیگا مارا جائیگا- پولس کو حکم ہوا ہے کہ اگر یہی حالت رہی تو بندوق سے مار ڈالیں +

کمانڈر انچیف اس دورہ میں دس مرتبہ سالہ اور بیالہ کوٹ جائینگے +

انسپکٹر جنرل کیولری کا دورہ ۱۰ تا ۱۶ اکتوبر بمقام ۲۱ سیالکوٹ ۲۲ جہلم- ۲۳ گوجرانوالہ- ۲۴ نومبر پشاور- ۱۲ نومبر مردان- ۱۷ راولپنڈی ۲۲ لاہور +

مشہور ہے کہ امیر صاحب کی رائے میں رقبہ بندی بجائے اسٹمر کے بابوست شروع ہونی چاہئے +

مہاراجہ کپورتھلہ مسوری میں آخر ماہ حال تک قیام کرینگے

وادی پشاور میں دو قطعہ گذشتہ کو سخت بارش ہوئی جس سے ہیضہ کا خوف ہے +

شملہ میں سہ شنبہ گذشتہ کو دن بھر بڑی زور سے مینہ برسا راہ عزوجوان سے ۱۱ بجے تک باران کا اوسط ۲۷- انچ سے زائد ہے +

دریائے ستلج کی گذشتہ طغیانی میں دو قصبے بالکل زیر ہو گئے تحصیل سوہنی پت ضلع دہلی کے ایک قصبہ میں ایک عورت کسی عزیز کے یہاں مہمان گئی مذبور ظالمانہ اور نفرتی بہت سا پینے تھی میزبان نے زیور کی لالچ سے عورت کو ہلاک کیا +

سیالکوٹ میں ایک چوہڑی رسان نے قریب ایک سو خطوط کے ضایع کر دئے اور گرفتار ہوا تحقیق ہو رہی ہے +

ایک ڈاکیہ جو سرحد چمبہ میں ڈاک کی تھیلی لیکر بھاگ گیا تھا علاقہ گورداسپور میں گرفتار ہوا ۱۰ سال قید سخت اور سو روپیہ جرمانہ کی سزا پائی +

۹ بجے سے لاہور میں اتوار کے روز سے ایک دو قسم خطوط وغیرہ ڈاکخانہ تقسیم کیا کریگا اور جنہیں بھی تقسیم ہوا کریگی پہلی دلیوری ساڑھے آٹھ بجے صبح دوسری ساڑھے آٹھ بجے ہوگی

لاہور بھاٹی دروازہ میں ایک سکھ نے ایک مسلمان عورت کو ایسا زخمی کیا کہ امید زیست باقی نہیں +

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

کرنل ہتھارٹن پولیٹیکل ایجنٹ ٹونک عنقریب ایک اعلیٰ عہدہ پر ترقی پانیوالے ہیں +

مسٹر ہاکوڈن سررشتہ محنت حیدرآباد اپنے مقابلہ کرنل سکریسی کو چارج سپرد کرکے بمبئی سے لاہور واپس ہوئے +

ایک کورٹ ریلوے کی بلڈنگ مذہ ۱۰ لاکھ تعلیم جاری ہوگئی ہے +

ریاست ریاست پر چرچا ہو رہا ہے +

ریلوے اسٹیشن ہونے پر ہندو مسلمان گورنمنٹ کو دعا دیتے ہیں +

آگرہ میں ایک گیا کہ ایک سپرنٹنڈنٹ پولیس کی سائیکل سے ٹکرا گیا +

ہندوستان ریل سے کسی نے چوری لیا۔ پولیس کے ہوا سے ہندوستان

گورنمنٹ کی فضائی سے چوری سے ۱۰ ہزار

سال ہوگئی اور پل ٹوٹ گیا نظر پڑتا کا بازار بہ گیا ساہور پل

ہیضہ خطرناک ہو گیا۔ کہ ہر بانک کا بازار ہو گیا پولیس ہسپتال

بھی اور پل کو نقصان پہنچا۔ سر ٹیلر کا ڈاک خطرہ ہو گیا

تمام بازار کا صفایا ہو گیا اور پل بھی ٹوٹ گیا۔ دو پہر بانک کا بازار

سیلاب اور پل کو بہت صدمہ پہنچا۔ بیطرح پھٹن ہوئے کا پل ۔ اور

پل ایک بھی ٹوٹ گیا ہے۔ اور خطرہ ہے۔ اطلاعات پڑتاب ہو گئی

آدمی کوئی تلف نہ ہوا +

مینی کی سال میں جن لوگوں کی حکومت اب باقی نہیں

ہے بحکم گورنمنٹ ہند ان کو طریق کے نوش جب خاندان

گئے ہیں اور جو لوگ مستحق پنشن ہیں ان کو علیحدگی کی اجازت

دی گئی ہے۔ اس تخفیف سے ۴۰ ہزار روپیہ سالانہ کی کفایت گورنمنٹ

کو ہوگی +

بمبئی میں آنکھل موت کا اوسط معمولی درجہ پر ہے +

علاقہ سورت میں دریا کی گزشتہ طغیانی سے صرف چند مکانات

کا نقصان ہوا +

راجہ صاحب بھونگی راجپوتانہ کو گورنمنٹ ہند سے خطاب

کے سی ایس آئی ملا +

گزشتہ ہوا علاقہ راجپوتانہ میں خوب بارش ہوئی اور

زراعت کو بہت فائدہ پہنچا +

نوروز ہوئے جس ملازم راجہ صاحب کہیڑا نے راجپوتانہ

کے استقبال کیا تھا شاہی فرزند صاحب کے آدمیوں نے

گورنمنٹ سے کچھ انعام پایا۔ اسی کی کسی میں اس کا ایک ہاتھ بھی

کٹ گیا ہے جس کی تحقیقات کے لئے آنریبل

مسٹر ہیں +

بنگلور میں گرفتاری ایک سپاہی کو مارنے کا جیل خانہ ہوا

پولیس نے گرفتاری کی +

گورنمنٹ ہند نے اسپیشل جنرل مسٹر ہیمک سی ایس

آئی کو فوجداری ہے اس ریاست کی ڈاک ہزار روپیہ ماہوار تنخواہ

حضرت ۵ برس تک بحال رہیں +

چینی جہاز چینگ چو جو سنگاپور سے آیا بندرگاہ رنگون سے

اخبار تین دن تک مرغلیہ کیلئے روکا گیا۔ اگر گورنمنٹ نے حکم جاری

کر جہاز کو روانہ کر دیا۔ ۔ ۔

حفظِ صحت

علاج

۸۴۔ عتیق الرحم (جواب استفسار نمبر ۷۵)۔ نسخہ ٹنکچر دلی ای ان ایونی ٹا ایک ڈرام۔ ایمونی یرو مائیٹم ۲۰ گرین۔ ٹنکچر سک ۱۰ بوند۔ پانی ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک دن میں تین دفعہ صبح دوپہر شام کھانے کے وقت پلائیں اور الیکٹرسٹی یعنی ناریلی پشت پر سر تک مرتب لگائیں۔

۸۳۔ نکہت (جواب استفسار نمبر ۷۶) ہمیں کہ آپ نے تحریر فرمایا کئی علاج پہلے بھی پیسہ اخبار میں چھپ چکے ہیں لیکن مجھ کو کسی سے فائدہ نہیں ہوا۔ ہر مرتبہ آپ کی طرف سے نئے نسخے ملتے رہے اور ہر مرتبہ مجالس میں تقریر کرنے سے گفت جاتی رہتی ہے۔

۸۴۔ کلدودانہ (جواب استفسار نمبر ۷۷)۔ اسٹرائکنائن ہیل مرین ۱۰ گرین۔ کیلے ایک ڈرام ہر روز صبح دوپہر شام کھانے سے پہلے ہمیشہ کھائیں سادی غذا مستعمل رکھیں۔ چربی روغنی اجسام کسٹر آئل کے بغیر کھانا نہ کھائیں۔ ٹرپنٹائن ۲ ڈرام ملا کر نوش فرمایا کریں۔ سبکدوش دانے نکل جائینگے اور پھر دوبارہ پیدا نہ ہونے پائیں تو اس کے لئے نسخہ یہ ہے۔ آف سٹیل ۱۵ بوند۔ سلفیٹ آف مگنیشیا نصف ڈرام۔ انفیوژن کوشیا ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک تین دفعہ دن میں ہر روز نوش فرمایا کریں۔ چالیس روز تک پرہیز رہیں۔ کچے گوشت سے پرہیز کریں۔

۸۵۔ تاشکند (جواب استفسار نمبر ۷۹)۔ مریض کو گرم پانی میں ایک گھنٹہ تک بٹھایا کریں۔ کھل کر پاخانہ ہو۔ پھر بدن کو پونچھ کر مرکیوریل آئنٹمنٹ ۲ ڈرام ملا کر ٹانگوں سے پنڈلیوں تک مالش کریں۔ سوا سیر کے وزن پر تیسرے روز شکم پر نافہ کے نیچے چوتھے روز پھلائی پر پانچویں روز بغلوں میں اور چھٹے روز گردن پر نقطوں کی طرح آرام ہو جاتا ہے۔

۸۶۔ نو اسپیر (جواب استفسار نمبر ۶۲)۔ نو اسپیر کے علاج کے لئے میرے پاس مریض صاحب تشریف لاویں۔ بغیر دستکاری شفایابی ممکن نہیں دو تین ہفتہ میں دل و جان سے کوشش کر کے دستکاری کے ذریعہ علاج کر دونگا۔

۸۷۔ نگر سے (جواب استفسار نمبر ۶۲)۔ اب لکھے بذریعہ نشتر چھیلکر معالجہ ہو سکتا ہے۔ مگر ایک یعنی کہنہ مرض ہونے سے دو پردہ ایسا سخت ہو جاتا ہے کہ ادویات کا لگانا کارگر نہیں ہوتا۔ اگر مریض صاحب چاہیں تو میرے پاس تشریف لاویں ہمت دل و جان سے اس کا معالجہ کر دیا جائیگا۔

۸۸۔ تقطیر البول (جواب استفسار نمبر ۵۸)۔ نسخہ ٹو ایکوٹ ہائیڈرو کلورک ایسڈ ۱۰ بوند۔ ٹنکچر آف سٹیل ۱۰ بوند۔ ٹنکچر نکس وامیکا ۱۰ بوند۔ لائیکور سٹرکنیا ۴ بوند۔ پانی ایک اونس۔ ایسی ایک خوراک دن میں تین دفعہ صبح دوپہر اور شام کے وقت پلاویں۔ غذا عمدہ مقوی کھلاویں پانی کم پلاویں بدن کپڑا پہناویں۔ اور سر دھلا۔ وماغی محنت سے بچاویں

دلمحکم بند لودیانہ۔ اہل فٹ کلاس اسسٹنٹ سرجن

تصدیق۔ بحوالہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۲۴۔ اگست ۱۹۰۶ء میں بہت خوشی سے لکھتا ہوں کہ میں نے آپ کے نسخے کا آپ کے دست کرم خاص صاحب نے بھیجا تھا اور جس سے اپنے ازراہ ہمدردی اور بغاء عام شہرت کیا اور نفع پر جو بتلائے مرض مہیب سے مجھ کو بچایا اور مجھ کو کیسوں میں کامیابی ہوئی۔ یہاں حکیموں اور ڈاکٹروں نے بھی اس نسخے کو پسند کیا۔ محمد الدین اتش محلہ کا

شعر و سخن

رباعیات حیرت خیز عبرت انگیز انقلاب زمانہ

[مرسلہ برائے پیسہ اخبار]

(مصنفہ سید نظیر حسن صاحب انصاری۔ رئیس ہابن ضلع متھرا)

دیکھو سب کاروان چلے جاتے ہیں — جانے والوں کو ساتھ لئے جاتے ہیں
سونے والو اٹھو اگر جانا ہے — ہی کوچ کا وقت قافلے جاتے ہیں

کرتا ہے ہر کوئی بست سال درجمع — دولت اسباب زیور و گوہر جمع
اس تھوڑی سی زندگی کو آخر ساماں — کچھ عمر ابد کے واسطے بھی کر جمع

ہر چشم کو رنج و غم سے گریاں دیکھا — ہر قلب کو مضطر و پریشاں دیکھا
سچ ہے اس عالم پر آفت میں نظیر — ہم نے کسی دل کو بھی نہ شاداں دیکھا

جھگڑے ہیں جہاں کے فرغت نہوئی — کچھ کم دنیا میں آہ غفلت نہوئی
اپنی آنکھوں سے سیکڑوں لوگوں کو — مرتے دیکھا۔ مگر کچھ عبرت نہوئی

ہو جاتا ہے اک زمانہ ہم دم میں — سوتے ہیں وہ قبر میں جو کل تھے ہم میں
انسان کو مرض تلف نہیں ہر دم — کچھ دم کا بھروسا نہیں اس عالم میں

جلسے و مکاں و بزم احباب کہاں — جنت و کہاں و حور و خواب کہاں
مرقد میں سوا خاک و خشت کیا ہے — دشمع کہاں و فرش سنجاب کہاں

ہے ہات کہ جائے بقا جاک ہوا — پر خوں دل دردمند غمناک ہوا
ہو گل کیسا تر ابدن نازک تھا — افسوس یہ جسم نازنیں خاک ہوا

عبرت کی جگہ ہے کارگاہ دنیا — دیکھو یہ حال ہے اشتباہ ہوں کا
راحت سے کل اپنی باگاہوں میں رہے — اک خانۂ تار آج رہنے کو ملا

اک روز سفر جہاں سے کرنا ہوگا — کس حسرت و یاس سے گزرنا ہوگا
معلوم نہیں کہ کب اجل آئیگی — کس خاک پہ کس زمیں پہ مرنا ہوگا

ایسے تئیں بیخودی سے سرشار ہوئے — دنیا میں غرض ایک دم کو ہشیار ہوئے
آکر رہ میں آنکھ غفلت سے کھلی — جب سونے کا وقت آیا تو بیدار ہوئے

دور رونق و فخر خاندان بھی نہ رہا — دور حشمت روح و جسم جہاں بھی نہ رہا
افسوس کہ دنیا میں عدم والوں کا — اب بغیر مزار کچھ نشاں بھی نہ رہا

گلزار میں گل بہار دکھلاتے ہیں — کیسی نزاکت دل و جگر پاتے ہیں
لیکن افسوس گلشن دنیا میں — آتے ہی بہار پھول مرجھاتے ہیں

وحشی ہی نہیں کہ ہر زماں کیسی ہے — فریاد یہ دنیا سہاں کیسی ہے
کس گل پہ پڑا ہے بست گلچیں قضا — پر سوز صدائے بلبلاں کیسی ہے

پھر کہنہیں اب ظلی پر آنیوالے — کیا جلد چلے گئے یہ جانیوالے
آتے ہیں عزیز دفن کرنے کے لئے — مٹی دیتے ہیں خاک میں ملانیوالے

معلومات کا کشت

——— سوائے شملہ کے سب اضلاع پنجاب میں ڈسٹرکٹ بورڈ ہیں۔

——— ہندوستان میں کل ۱۹ پورٹ ٹرسٹ یعنی انتظام بندرگاہ کی کمیٹیاں ہیں۔ یعنی بمبئی کلکتہ۔ رنگون مدراس و کراچی۔

——— پرنس البمارک ہنوز اچھی طرح تندرست نہیں ہوئے۔ سر کمر کسی قدر جھک گئی ہے اور رفتار میں بھی آہستگی آگئی ہے۔ کئی برس سے دمہ میں مبتلا تھے۔ اب افاقہ ہے۔

——— فرانس میں خصوصاً پیرس میں بائیسکل کا چلانا روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ وہاں کی سڑکیں اس سواری کے مناسب کہی جاتی ہیں۔ اس کا موجد اب پرنیٹس اور سال رواں میں ۳۵ لاکھ ہے۔

——— پنجاب میں ننھیال ۱۰۳۲۴۰۰ ایکڑ رقبہ میں ہوئی بوئی جاتی ہے۔

——— خود کشی پیرس میں بدستور کثیر الوقوع ہے۔

——— شیر خوار شاہ سپین کا مشاہرہ ایک لاکھ پچاس ہزار اشرفی سالانہ ہے۔

——— جاپانی دنیا میں سب سے زیادہ مچھلی کھانے والے ہیں۔

——— آسام کے باغات چائے میں ۱۹۰۲ء میں ۳۱۴۰۰۰۰ آدمی مستقل ۹۶۰۰۰ عارضی اور ۱۹۰۳ء میں ۳۴۵۰۰۰ مستقل اور ۹۸۰۰۰ عارضی ملازم تھے۔

——— اکبر کے زمانے میں ۵۲ ہندو معزز عہدہ ہائے فوجی و ملکی پر ممتاز تھے۔

——— شاہ جہاں کو طلائی کنگن پہنے ہوئے لوگوں نے دیکھا۔

——— پرنس آف ویلز ہمیشہ پہنتے ہیں۔ مرحوم سیکرٹ ہر وقت پہنے رہتے بازو پر باندھے رہتے ہیں۔ علی ہذا القیاس ان کے صاحبزادے بھی۔ پیر ہمارے پرانی وضع کے ہندوستانی رؤسا کو کڑے پہننے پر تیز کیوں کہا جاتا ہے؟

——— ڈنمارک میں ایک بیچ عورت نے ۱۲۱ برس بیماری کی حالت میں صرف دودھ کے قطروں پر گزارہ کیا اور کرامی)؟

——— لکھنؤ کے قریب ایک گاؤں میں ہیضہ کی حالت میں آٹھ سال ہوئے ایک شخص پانچ سال سے نہیں گیا۔ (صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ ایڈیٹر)؟

——— کریام علاقہ ٹوشہر میں ایک زمیندار کے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا جو مردہ ہے جس کی نسل سے اس وقت ۲۰ کس بستے ہیں اور تندرست موجود ہیں۔ دوم؟

انعامی سوالات

چار روپے کا انعام

دو تاریخی ناموں کی ضرورت ہے۔ ایک [illegible] دوسرا [illegible] دونوں میں فاعل مفعول نام ہونا ضروری ہے۔ اوّل میں [illegible] ہو تو بہتر ہے۔ دوسرے میں نام ہیں قدر مختصر ہو بہتر ہے اور نہ [illegible] کو ترجیح ہے۔ اگر سنہ ہجری کا نام اچھا اور مختصر ہو گا بھی قابل ہوگا۔ نی نام دو روپے انعام دیا جائیگا۔ صاحبان خوش طبع آزمائی کریں۔ اور نام آخر اکتوبر تک دفتر پیسہ اخبار لاہور میں ارسال فرمائیں۔

پیسہ اخبار

نمبر ۳۶ | یوم شنبہ ۱۵ ستمبر ۱۸۳۶ء مطابق ۱۴ ربیع الاول ۱۲۵۲ھ موافق ۳ کنوار سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

ہندوستان کی معدنی پیداوار جب تک انگریز ہندوستان میں نہ تھے۔ کوئی چیز سونے کی کان تھی اور نہ کوئلے کا استعمال کوئی جانتا تھا۔ سونا مدت سے پیدا ہوتا ہے اور سال بسال بڑھتا جاتا ہے پہلے جہازوں میں بھر بھر کا کوئلہ صرف ہوتا تھا۔ اب کارخانوں کی کثرت سے کوئلے کی ضرورت بھی اسی طرح زیادہ ہوتی جاتی ہے اور باہر سے آنا کم ہوتا جاتا ہے۔ ہندوستان کے مختلف بندگاہوں پر جہاں پہنچے نکلستان سے کوئلہ آتا تھا اب بنگال سے جاتا ہے ۱۸۳۵ء میں بنگال سے ولیتی کوئلہ چار ہزار ٹن کو نکلا گیا اور ۱۸۳۶ء میں ۱۲ ہزار سو ۵۵ ٹن۔ ۱۸۳۵ء میں کوئلہ بندرگاہوں پر بنگال سے ۹۹۶۵۸۳ روپے اور ۱۸۳۶ء میں ۱۲۹۸۷۳۷۔ روپے کا نکلا۔ ۱۸۳۵ء میں ۲۰۵۸۳۱ روپے کا کوئلہ فروخت ہوا۔ ۱۸۳۶ء میں کانوں سے ۱۸۳۵ء میں ایک لاکھ ٹن نمک برآمد ہوا۔ ۱۸۳۶ء میں ۱۲ لاکھ ۱۸۳۵ء میں ۱۰ لاکھ

تدرستی ہی دنیا کی بادشاہت ہے

تین گواہی دیتا ہون کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے مین بڑا لائق اور ماہر ہے اور اوسکی تمام ادویات اچھی اور خالص ہین +

ڈاکٹر اے آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۔ ۱۵ اگست ۱۸۸۶ء +

امرتسر کے ایک مقامی یورپین نے ایک دفعہ مجھے کہا کہ امرتسر مین کوئی اپھا دواساز نہین ہے اور ابھی اوس کو کچھ عرصہ نہ ہوا تو مین نے معلوم کیا کہ اوس صاحب کا یہ کہنا کہاتک صحیح ہے مین نے یہانکے ایک خود فہم فارماسیوٹیکل کیمیسٹ اور ڈرگسٹ کی آزمایش کرلی۔ اوسکی کودوا بنانے مین لائق نہ پایا۔ ایک دفعہ مینے امرتسر کے ایک لائق وکیل کے واسطے بنچورا آیوڈائی ایتھیر یا کہا کہ کیمیسٹ نہ جاتا ہے مجھے خوشی تھی سے امرتسر کا ایک عزیزی مجسٹریٹ نے مسٹر محمد امام الدین ڈسپنسنگ کیمسٹ سے ملاقات کرائی جس کو کہ مین نے امریکہ بہادر نے دوائی لینے مین پورا آرام پایا یہ کیمسٹ مین نے صحیح محمد امام الدین مین نسخون کے صحیح بنانے اور صفائی کو نزدیک دیکھنے اور دواسازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی اور مسٹر محمد امام الدین نے مجھے کہا کہ ہمکو جو چیزہ ادویات بہت سی بیماریون کے واسطے اپنی تیار کردہ ہین اور مجھے اوس نے یہ بھی بتادیا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح سے بنائی جاتی ہین مین نے اون اجزاء کو معلوم کرکے پوری تسلی کرلی کہ یہ ادویات ہین جو لنڈن۔ اور فرانس کے بڑے بڑے عالم ڈاکٹر مانتے ہین اور دیتے ہین محمد امام الدین کی یہی تیار شدہ ادویات بہت سے بیمارون کو دیکر تجربہ کیا + بالشک و شبہ مفید پایا پس مین عام لوگون کو اونکے خرید کرنے کیواسطے بڑے زور سے سفارش کرتا ہون +

ڈاکٹر ڈی ایم سنگلے ایم بی ایڈ ایم ایس لیورپول یونیورسٹی آف ایڈنبرا فنگلینڈ کا پاس شدہ ۲۶ مارچ ۱۸۹۴ء قیصر باغ امرتسر پنجاب

مندرجہ ذیل ادویات کے مفید نمونہ پر قیمت کے واپس کرنیکی شرط +

آتشک کی پڑیان۔ بہ بدآتشک کا علاج ۴۸ پڑیان عصر ۸

مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخم پر لگانیکے واسطے فی ڈبیہ عصر

عرق عشبہ مرکب۔ دافع خون و بلغم و بصبی آتشک گھٹانیوالا واسطے ۱ شیشی خورد ۱۰ شیشی کلان

عرق دافع سوزاک و قرحہ۔ اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی ۱

دوائی بکاپری ایچ سوزاک۔ سوزاک کی ایکوٹ سٹیج مین پکاریکیواسطے عصر

دوائی بکاپری ایچ ۲ قرحہ سوزاک کی کرانک سٹیج مین پکاریکیواسطے عصر

رعون دافع وجع مفاصل و درد عصبی۔ بیرونی مالش کے واسطے فی شیشی

عرق طحال۔ تپ تلی کیواسطے ۲۴ خوراک عصر ۴۸ خوراک

امپیٹر یڈ پلز۔ دافع کثرت احتلام جیان بنی ۴۰ گولی عصر ۸۰ گولی

الفرڈ ڈیزیز یک مکسچر۔ مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب ضعف دماغ و رعشہ فی شیشی

نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کم طاقتی کمزوری ۔ ۴۰ گولی

کاف مکسچر۔ نزلہ زکام کھانسی کا علاج فی شیشی

بچھو کاٹیکا علاج۔ جائیش پر لگانے کیواسطے ۔ ۱ پونڈ

بالونکو خوشبودار کنیوا تیل۔ دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہی ایک چٹانک ۱۲ سے دو چٹانک

ڈائریہ لیٹور۔ دافع اسہال و پیچش ۲ بدہضمی کے ہاضمہ ہو ۳ پوٹریہ

کیونفار آستھما۔ ضیق النفس یا دمہ کی بیماری کا علاج فی شیشی۔

کالرا کیور۔ ہیضہ کا علاج ہر زود بشہ کو اس دوائی کا کمتر موجود رکھنا لازمی ہے فی شیشی۔

عرق کونین۔ بخار کے ذہیہ کا سم ملی ۱۲ خوراک

شیخ خیرالدین رحیم بخش سوداگران کٹڑہ کھیاں امرتسر (پنجاب)

جوٹ — کچھ ضرورت نہ تھی کہ بعض بیمار بانوں کی طرح ہم اپنی تعریف آپ کرتے تو اچھے لیکن مجبوری معذوری لوگوں کی خود ستائیاں
معذرت سے نوش ہوتی ہیں کہ وہ عمر اپنے منہ میاں مٹھو بننے ہی پر کفایت
کیے گئے بلکہ محض حسد اور بغض کہ دوسروں پر نہ آتے ہیں کو لیے ہوئے
ہوتی ہے تو کہ کہاتے ہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ دو چار لفظوں
میں اپنا مشن اور اصل حال بھی ظاہر کریں سب سے اول مرتبہ ہیں ہم
نے خلاصہ بھر میں ہمارا کارخانہ تھا اور امرتسر میں انگریزی دوائی کا
کوئی نام بھی نہ جانتا تھا۔ اسکی ترقی کو دیکھکر اور بھی بعض لوگوں نے
اسی کی تعلیم کی اور تقدیم اور پیشدستی کر کے ملک

خصولہ اک وظیفہ یا ذمہ خریدار ہے

پرچہ ہر ایک استعمال ہمراہ دوا ارسال ہوتا ہے

بیس اپنا نام پیدا کرنا چاہتے ہیں ہم نمائش اور دکھاوے کی کوشش نہیں کرتے ہمارا
یہ ہے کہ ایسا کام کریں جس پر ہماری تعریف لوگوں سے کرانا اور
لیکن لوگوں نے بہتر طریق اختیار کر کے ایک سہل انتظام کا نکالا ہے۔ یہ لکھنا
کوئی شکل نہیں کہ ہم اس شخص کو اشتہار دیتے ہیں جو ہمیں کارخانہ
کی شہادت کو وضعی یا بناوٹی ثابت کرے" سمجھنے والے اس اشارہ
کو سمجھ سکتے ہیں کہ یہ بھی کوئی دعوی نہیں کر سکتے کہ بیچارے
سیدھے سادے واقفوں کو ایک سبز باغ دکھایا جاوے کہ ہم ہر ایک
سے تحقیقات کرتا پھرے اور سراغ لگاوے ہم اپنے نمائشی دعووں کو پسند
نہیں کرتے۔ ہم تو کہتے ہیں کہ جو کرے

مختصر فہرست ادویات

سیرپ بنفشہ — صفائی خون اور جلدی ہر مرض خصوصاً آتشک پرانا پھپھسی کے لئے نہایت مفید ہے شیشی کلاں (۱۲ عدد) شیشی خورد (عہ)

سیرپ پاہ — قوت باہ و دماغ۔ ناخنہ بینائی چشمہ طاقت جسمی وغیرہ کے لئے اکسیر حاکم ہے۔ بست فی بکس (۱۲ عدد)

سیرپ انجیر — شراب۔ چاشنی۔ افیون فرحشتا۔ منشی اشیا نے عادت چھوڑانے کے لئے پورا رفیق ہے ہیضہ نہیں ہوتی قیمت فی بوتل (صدر)

سیرپ دافع — تلی۔ رفع بخار کے باعث یا تلی لاحق ملیریا کے سبب سے ہو روچار خوراک سے ضرور شفا شروع ہو جاتی ہے اور چند ہی روز میں صحت ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (عہ)

سیرپ بخار — ہر قسم کا بخار دو تین خوراک سے دور ہو جاتا ہے اور مریض اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے قیمت فی شیشی عہ

سیرپ طاقت — چائی کی بے اعتدالیوں اور دماغی کمزوری کی مزاجوں کی مزاجوں سے لاحق ہو کر آدمی کو نکما بنا دیتا ہے قیمت فی تولہ۔ (عہ)

سیرپ دافع — یعنے کنٹھیلے کے ہر قسم کے درد خواہ آتشک یا مکروہی خواہ ہوائی امراض کے باعث ہوں از حد مفید ثابت ہوا ہے فی شیشی (عہ)

سیرپ — آتشک کسی قسم کا ہو دو ہی روز میں رہو جاتا ہے اور پھر ساری عمر نہیں پھوٹتا۔ اگر کسی کو فائدہ نہ ہو تو دام واپس کیا جاتا ہے۔ فی بکس (عہ)

سیرپ — ہیضہ ہو یا کہنہ ایک ہی ہفتہ کے استعمال سے جان تو پہلے ہی معذور ہو جاتی ہے فی شیشی (عہ)

سیرپ — ہر قسم کے زخم (دماغی) مسوں کی پیش اور جلن کو دور کر دیتا ہے۔ فی شیشی (عہ)

جوب ریحمی — قبض۔ درد جگر۔ اور دشانہ ہر قسم کی صفراوی شکایت کے لئے واقعی اکسیر ہیں بے شمار مرضوں کو دور کرتی ہے قیمت فی بکس (۱۲ عدد)

منجن دانت — دانتوں کی صفائی مسوڑوں کے درد کے لئے بالکل مفید ہے خون نہیں نکلتا اسکا استعمال ازحد مفید ہے۔ فی بکس (۱۲ عدد)

عرق دافع کھانسی خشک و تر — کسی قسم کی کھانسی ہو حکماً رک جاتی ہے ضرور منگوائیے اور آزما کر تجربہ کیجئے۔ قیمت فی شیشی (عہ)

عرق دافع درد گردہ — مثانہ سے رگ۔ کو فوراً تسکین دیتا ہے مریض کو پیشاب بآسانی آجاتا ہے سوزش گھنٹوں میں آرام۔ فی شیشی (عہ)

خضاب زینت شباب — چند منٹ میں تیار۔ رنگ ڈھنگ بال سیاہ۔ آئینہ پیری مفقود علامات جوانی ہمیشہ دور ہو جاتی ہیں۔ محمد ماند ہے کی ضرورت نہیں۔ قیمت فی شیشی (۱۲ عدد)

روغن دافع بال چیر — ضعیفی۔ کمزوری۔ بیماری وغیرہ کے باعث سے بال اکھڑ گئے ہوں اسکے لگانے سے بہر پیدا ہو جاتے ہیں فی شیشی (عہ)

حب ممسک — ایک گولی چند لمحہ قبل از وقت استعمال کرنے سے پورا لطف دیتی ہے۔ فی بکس (عہ)

ہیر اٹیلر یعنی خوشبودار تیل — بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔ دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ حافظہ کو طاقت کو بڑھاتا ہے۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ قیمت فی شیشی (عہ)

حب فوسفیٹس — بار بار پیشاب کا آنا پیاس کا بہت لگنا۔ مٹھاس جو پیشاب میں آتی ہے انکے دفعیہ کے لئے ازبس مفید۔ فی بکس (عہ)

حب دافع جریان — اور کمزوری۔ اس مرض کے دفعیہ کے لئے بس مفید ہے۔ فی بکس (عہ)

چند شہادتیں

جناب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ صاحب اسسٹنٹ سرجن ترنتارن۔ آپ کی تیار کردہ گولیاں برائے تقویت باہ و دماغ بہت سے اکثر مریضوں کو دیکر تجربہ کیا بہت مفید پائیں۔ درحقیقت باہ و دماغ کے لئے عمدہ گولیاں ہیں۔

جناب ڈاکٹر بسلی رام صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ انچارج شفاخانہ آٹاری۔ آپ کا تیار کردہ سفوف ریحانی آنکھ کے مریضوں کے لئے بلا تکلیف فائدہ مند ثابت ہوا یہ درحقیقت اکسیر ہے۔

جناب ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ مارتھ ویسٹرن ریلوے سیالکوٹ۔ مینے آپ کے بھیجا کو دیکھ کر دوائی خضاب اور عرق دافع سوزاک مختلف مریضوں کے لئے منگوایا خضاب کا استعمال کیا بہت ہے اور عرق دافع سوزاک بار بار بہت سے مریضوں پر آزمایا گیا۔ میرے تجربہ میں بہتر ہی فائدہ مند اور جلد اثر کرنے والا ثابت ہوا۔

جناب ایم۔ اے پاتھر صاحب اکبنٹ ولایت ۲۷۔ آرمینی لین بمبئی۔ جواب لکھتے ماہ (رحیم نرائن ٹانک) ایک بکس بھیجا ہی مینے استعمال کیا اس بات کے اظہار کرنے سے نہایت خوش ہوں کہ میری ہمیشہ کی یہ بھی اسکے استعمال سے بالکل دور ہو گئی میری جسمانی کمزوری اور دماغ کی مضبوطی کیلئے ڈیہہ دوائی اکسیر ثابت ہوئی میری رائے میں جن صاحبوں کو بڑھاپے یا ناطاقتی اور کمزوری ہو انکو ان گولیوں کے استعمال کی زور کے ساتھ سفارش کرتا ہوں۔

جناب منشی غلام قادر صاحب فصیح اڈیٹر پنجاب گزٹ و وائس پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی سیالکوٹ۔ عرق دافع المفاصل وجوب ریحمی اور اکسیر شربہ جو آپ نے بھیجی ہیں انکی نسبت میں کہہ سکتا ہوں کہ بیمار حد مفید ہیں

اخبار وفادار لاہور ہم اپنے ذاتی تجربہ اصول تاجرانہ کے مطابق ناظرین کو یقین دلاتے ہیں کہ اس کارخانہ کی برابر مفید دوائیں آپ کسی شہر کے کارخانہ دار سے نہیں حاصل کر سکتے اگر کبھی موقع ہو تو خود امرتسر آکر شریف لاکر ملاحظہ فرماویں کہ یہ کارخانہ اور کسی ملک کے تاجر اور کس حیثیت کے مالک قدر جنٹلمین ہیں۔

جناب جی راج پرانیس صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ سٹی پولیس امرتسر (مورخہ ۴ اپریل ۱۹۲۵ء) سر راہ بہار ہاتی ایک اور شیشی عرق کھانسی جیسی کہ پہلے ہوئی تھی ہوئے آپ سے لی تھی بھیجدیویں۔ اس سے بہو کھانسی کو بہت فائدہ ہوا میں بھی اور کسی دوائی کا استعمال نہیں کرنا چاہتا۔

لالہ رام کشن صاحب ٹھیکہ دار از مقام لودلائی ہزارہ جہلم آپکی اور دیگر عرق طحال میری پاس پہنچیں لیکے استعمال کر آرام ہو گیا سیراہ بہار ہاتی دو شیشی اور روانہ فرماویں۔

جناب محمد الدین صاحب جمعدار سب اکوٹ۔ ایک صد تولہ میرا سیل صاحب پہلے روانہ کیا تھا اور ارسال فرماویں۔

جناب ..... خاں صاحب (از مقام میرپور یکم اپریل ۱۹۲۵ء) بیشتر آپ سے جو روغن طلا و خضاب منگوایا تھا وہ بہت عمدہ ثابت ہوا سیراہ بہار ہاتی دو شیشی خضاب ضرور بذریعہ ویلیو پے ایبل عنایت فرماویں۔

جناب غلام رسول صاحب مالک سیاہ چاہ لوہاری ضلع کوہ الموڑا (مارچ ۱۹۲۵ء)۔ ایک شیشی عرق سوزاک میں مریض کے لئے آپ سے منگایا تھا انصاف خالی ایک سو (۱۰۰) شیشی ہے۔ ایک ہفتہ میں مریض کو صحت کلی ہو گئی۔ اب آپ اور مریض کے لئے عرق سوزاک ایک شیشی اور عنایت فرماویں۔

جناب منشی محمد یعقوب صاحب ہیڈ ماسٹر مڈل سکول ضلع انبالہ آپ کے عشقہ کی بوتل بہت فائدہ مند ہے۔

جناب ..... صاحب نازمقام بھلوار تحصیل ضلع کانگڑہ (۱۴ مارچ ۱۹۲۵ء) ایک بکس جو مجھ کو آپ سے پہلے آیا تھا اور روانہ فرماویں۔

بفضل الٰہی یہ کارخانہ ۱۳۱۷ھ سے
بڑی کامیابی کے ساتھ ہماری
ہے۔ اور یہ فخر طبہ تا
حصول صحت
دکھاتی
ہیں

بیمار لاکھوں شاہدین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ امرتسر۔ حال بازار

منجن دانتوں کا

دانتوں کے فوائد اور ان کی ضرورت کا ہر ایک کو علم ہے سو اگر ہمارے ہمراہ استعمال کرنے سے عارضہ ہائے دہن (خون نکلنا ہونا دانت ہلتے یا درد کرتے ہوں نیز وغیرہ) سے بچا رہے۔ بڑی عمدگی یہ کہ دانت موتیوں کی طرح چمکدار اور خوبصورت اور خوشنما ہو جاتے ہیں اور کرم خوردہ دانتوں کو از سر نو بنا دیتا ہے قیمت فی بکس (۸ر)

سرٹیفکیٹ

از عالم محی الدین پروفیسر عربی کالج لاہور۔ مصنف مظفر نگر (۵۔ اپریل ۱۹۱۰ء)
جناب محمد اکبر صاحب چغتائی
میں نے عرق طحال اور روبہ کشتی
کشتہ لبلہ آپ کے کارخانہ
سے لئے تھے بہت فائدہ ہوا۔ آپ
کا شیشی عرق طحال اور ایک شیشی
دوبہ کشتی اور سرخ

از مقام حیدر آباد دکن (۲۵ جنوری
جناب احسان اللہ صاحب
ہماری ۔۔۔ میں نے میسوری ایک
دوست کیلئے آپ کی دوا میں منگائی
تھیں دوا کی میں نے زیادہ تعریف کرتا ہوں
۔۔۔ سب سے اول نمبر کی مجرب ہے
یہ عشقہ نے فی با کس ساتھ بھیجا
نام کہا

جوہر عشرت

یہ ہر ایک مرد کیلئے نہایت مفید ہے۔ اس کے کھانے سے کسی قسم کا ہو خلل پیدا ہو۔ دردِ گنٹھیہ پھوڑا پھنسی۔ سوزاک حلق میں سوزش۔ دردِ اعضا (جو کثرت بازدیر کے استعمال سے عارض ہو) فساد خون۔ دانہ۔ پھوڑا۔ خارش۔ چہرہ یا بدن کا سیاہ ہو جانا وغیرہ دور ہوتے ہیں اسی واسطے ہم کہتے ہیں کہ سوداوی اور سوداوی طبیعت والوں کے لئے بیحد مفید ہے۔ کفوس مفرح۔ دلاشت کے تیار شدہ عرق خشک کی نسبت بہت ہی زیادہ اور فائدہ مند ہیں قیمت فی شیشی کلاں (۴ر) خورد (۲ر)

روغن دافع سوزاک و قرحہ

اس کے چار گھنٹہ کے اندر بلیں پیپ چیشاب کا بدبودار آنا بند ہو جاتا ہے اور ایک ہفتہ میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے۔ قیمت بہت کم فی شیشی (۱ر)

پیٹرل بام

کھانسی نزلہ زکام۔ سینہ۔ آواز کا بیٹھ جانا۔ ضرر الامراض کیلئے اکسیر مفید ہے۔ قیمت فی خورد (۱۲ر) کلاں (۲ر) چند دھا

جوب طحال

جگر و طحال کے امراض کو یرقان مفید ہے۔ بکس میں گولی (۱۲ر)

حب لبو اسیر

بواسیر ہوا بادی دردی قبض سوزش کے دور کرنے میں بہت جلد فائدہ۔ ایک خوراک سے صحت کلی ہو جاتی ہے۔ بکس ۲۰ گولی۔ قیمت (۱۲ر)

حب مسہل

نہ ضعف پیدا کرتی ہیں ہوتا نہ گولی (۲ر) فیصد جن (۱۵)

حیات پوڈر

درد گردہ۔ مثانہ و مجرا بالخصوص درد گردہ کا دورہ دور ہو جاتا ہے قیمت فی شیشی (۱۲ر)

سرمہ خیری

جالا۔ دھندہ۔ آشوب چشم۔ پھولا۔ سرخی وغیرہ وغیرہ امراض چشم کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ منجانب عام کی خاطر قیمت بہت کم کر دی گئی ہے۔ فی تولہ

جنوب خیری

ان گولیوں نے کثیر الافادہ اور سریع الاثر ہونے میں جغرافیہ شہرت ہندوستان کے سرکاری اضلاع اور دیسی ریاستوں مشرق سے غرب تک اور جنوب سے شمال تک حاصل کی ہے اپنے استعمال کی عام سفارش کی ہے (۱) ہر قسم دردِ سر کی خصوصت کی ضرور ضامن (۲) عام جسمانی کمزوری کی دافع اور مقوی بدن (۳) اعصاب کو طاقت دینے والی سرعت نزل پر یان دق کثرت احتلام کو دور کرنے والی (۴) جوانی کی علت کا بیخ اور بے اعتدالی طمی کے نقصان کی پوری تلافی (۵) کثرت جماعت اور دیگر اور حشر سات کا ناکارہ شدہ نوجوانوں کی مضمحل (۶) اور سست اعصابوں اور کمزور دماغوں کے لئے اکسیر ہے۔ طلباء کے لئے نیند لانے والی ہے۔ بیمار ہشت سالہ کے ضعف کمزوری اعصاب کیلئے بہت مفید ہے۔ بکس (۴۰ گولی (۲ر)

روغن طلا

کمزوری اعصاب کیلئے بہت جلد فائدہ بخش ہے کیسہ کا حکم رکھتا ہے اگر جوب خیری کا استعمال اس کے ساتھ ہو تو دو چند فائدہ ہوتا ہے۔ قیمت فی شیشی روغن (عدد)

عرق طحال

آپ تلی کیلئے نہایت مفید۔ ملاک شاملزلی ہیں کثرت سے استعمال ہوتا ہے ہر ایک بیماری میں جبکہ تلی اور جوب طحال استعمال کریں قیمت فی شیشی (۱۲ر)

حب ذیابیطس

ذیابیطس کا بہترین علاج ہے۔ اطمینان بخش کیلئے بکس میں گولی (۱۲ر) قیمت فی بکس ایک روپیہ (۱ر)

حب قبض کشا

قبض کیلئے نہایت مفید ہے۔ بکس ۳۰ گولی (۱۲ر)

روغن جوز بنگ وجع المفاصل

درد جوڑ کیلئے (بیحد) مفید ہے۔ (عدد)

روغن درد کان

درد کان ہو۔ ایک دو قطرہ ڈالنے سے درد آرام ہو جاتا ہے اور پھر درد کبھی عود نہیں کرتا۔ قیمت فی شیشی

شفاخانہ یونانی شیخ نظام الدین حکیم

[illegible]

نام مرض		نام مرض	
[illegible]		[illegible]	
[illegible]		[illegible]	
[illegible]		[illegible]	

اپنا علاج آپ کرلو

ڈاکٹر برمن کی بنائی ہوئی چھ لزدہ اکزجوڑی چوتھیہ وطحال کی دوا +

اس دوائی مین تین فائدے ہین +

(۱) بخار بلغ مفاسد کے پینے سے بخار کا آنا بند ہو جاتا ہے +

(۲) تھوڑے روز کے استعمال سے خون گاڑھا ہو جاتا ہے اور دوبارہ بخار نہین آتا +

(۳) طحال کو یہ دوا گلا دیتی ہے +

قیمت آدھی شیشی ۱ر ۸ر ڈاک محصول ۴ر

ایضاً پوری شیشی ۱۴ر ۲ پیکنگ ۱ر ۸ر

اس دوا کا پورا حال اور سارا طریقہ کی ایک کتاب اردو مین چھپی ہے۔ جن صاحبون کو درکار ہو تو ایک پوسٹ کارڈ بھیجکر منگوالین +

بلا قیمت ان کی خدمت مین روانہ کی جاویگی +

پتہ

ڈاکٹر ایس کے برمن

نمبرہ تاراچند دت اسٹریٹ کولوٹولہ کلکتہ

زندہ جاوید

مذکورہ عنوان کتاب کی ہزارہا جلدین پیش کرنے سے شخص اول ہی رفیر مین نے مرحوم و مغفور بزرگون رشتہ دارون پیاسی پی بی جگر گوشہ اجس نے ملنے کی تمنا ہو اکی اولاد سے جو اکثر مجسم فضل سے موجود ہوتی ہین ملیں اور ملاقات کر سکتا ہے بندگان اقوام۔ موحدان مذہب پیشوایان دین حکمرانے علماء فضلا طلباء متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہوا شغلہ حال کرین مین منکرین ملحدین مشرکون نیچریون کو عالم ارواح اور تحقیقات روح فلاسفی اور خدا کی ہستی کا ارواح کی زبان سے کھلی دلیل بھی ثبوت دیا گیا ہے تصنیف اپنی سالہا سال کی تلاش کے نکلات ہین جھول کی حالت روشن مفصل بیان کیا ہے قاعدہ لکھا ہے لیکن اس کتاب مین سرزم بینے خود حال کے دو مختصر بنے قاعدہ لکھا ہے علاوہ ازین ہین امور کو اس کتاب مین مخفی رکھا تھا اس کتاب مین ظاہر کر دیا ہے مسئلہ تناسخ پر ایک ایک نئے بہار سے نکتہ چینی کی ہے جو ہر مذہب والون کو ضلعی عجیب معلوم ہوگی علم شروع کرنے کے نیت انگیز آسان قاعدے گئے ہین مصنف کا وعدہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ مسئلہ ہین سکھانے مین مدد دیتا ہون +

قیمت فی جلد ۱ر ۸ر +

المشتہر

انباپرشاد۔ایف۔ٹی۔ایس (صوفی) مراد آباد

تفریح الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس کتاب کو فاضل متقی محمد عبدالعلی ابن عبدالعلی ابن محمد الہاشمی نے عربی خاصہ زبان عربی مین تصنیف کیا ہے اور نہایت عرق ریزی سے اہل بیت اطہار نضائل بیان کیا ہے۔ مسئلہ تبرا کا بھی بین ثبوت مرقوم ہے۔ جو شیعون کے بھی بڑے کام کی چیز ہے۔ ترجمہ کا بھی ارادہ ہے۔ لیکن اس کتاب کا خرید کرنا ہر مسلمان کا فرض ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق کے فضائل بیان کرنے مین کتابون کے بین بیع اقرار جو اب کے ہین جو انہون نے اپنی کتابون مین کئے ہین۔ مگر یہ کتاب ہی ہے جس مین خلفائے ثلاثہ

تجارت کا اعلیٰ اصول

مال عمدہ با کفایت اور مناسب نفع پر فروخت کرنا خریدار کو
ہمیشہ کیلئے اپنا بنا لینا ہے۔ اور بصورت دیگر اس کے برعکس

حضرات!

آپ پر روشن ہے کہ ڈسپنسنگ ادویات تیار کرنے کا کام سوائے تجربہ کار آدمی
کی نگرانی کے قابل اعتبار نہیں ہو سکتا اور خدا کے فضل سے مجھے اس کام میں بیس سال
سے زیادہ مدت کا کامل تجربہ حاصل ہے۔ یہ بات کہ مدت العمر کی محنت اور کوشش
سے چند خاص ادویہ ایسی طیار کی ہیں جو بعض امراض کیلئے تیر بہدف ہیں میری
طرف سے اپنی تعریف آپ کرنے کی نہیں ہے بیس واقعات پیش کرتا ہوں سادر کپ
خود دیکھ لیں۔ اور ملک کے معزز تاجروں کی بہت بڑی تعداد میرے علاوہ دوسرے کے نام
سے مشہور ہے۔ دیگر مشہور ادویات بھی میرے پاس موجود ہیں۔ آلات جراحی انگریزی چاہئے بکٹ
غیرہ عام ضرورت کے اشیاء بھی معزز خریداروں کی سہولیت کی خاطر حاضر ہیں
ہر قسم کی آرڈر کی تعمیل کی جاتی ہے۔ قیمت بھی واجبی ہے۔ بعد تسلی ہے کہ آپ کو ہی کمی نہیں رہے گی۔ چھپوٹ پنگ فری بکو والی کی مفت ہے

شیخ مراد بخش تمرچل بلڈنگس لاہور



تواریخ عمری راجہ رام موہن رائے

تہذیب ہند و بانی برہم سماج حاتما رام موہن رائے کی سوانح عمری مصنفہ منشی ذکاء اللہ صاحب
بڑی کوشش سے خوشخط سوڈی کاغذ تین سو صفحہ پر چھپ کر تیار ہو گئی ہے۔ اس میں مورخ بزرگ اور ہر پارٹی کے
قابل اعتماد حوالہ جات دیکر ہر بحث کے ہر پہلو کو نہایت مدلل کیا ہے۔ اور ہر قسم کے تعصب سے بالکل
الگ رہ کر ہر شخص کی اپنی سمجھ کے مطابق فائدہ اٹھانے کے واسطے چھوڑ دیا ہے۔ کتاب کو پڑھنے سے پہلے ناول ہونے کا
بھی راجہ رام موہن رائے کے متعلق ہر ایک ہندو کا واقف ہونے کے قابل تھا۔ ہر ایک مذہب کا آدمی
کی خوبیاں کرنے کے سوا نہیں رہ سکتا۔ حقیقت حالات اس بزرگ کے وقت سے نکال کر پیش کی ہے
سب تعصبات طور پر اس کتاب میں درج ہیں۔ راجہ صاحب کی کسی تصویر کی تلاش بہت دنوں سے تھی
بہت آخر ہاتھ لگے مقبرے کی تصویر ہے۔ انگلستان میں ان کی ہے۔ قیمت فی جلد ۲ روپیہ
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملتی ہے

اختیار نامہ

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت ترکی کا ۳۰ انچ
پر سے صفحے کی اور دو صفحے کی مکمل جو
سوصفحے سے زیادہ عجائب غرائب کی

حروف میں کتاب کا نام کندہ ہے
قیمت صرف دو روپیہ بمہ خرچہ ڈاک ایک روپیہ

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

شہر لاہور مین جلسہ

بڑی دھوم دھام سے ہونیوالا ہے جس مین راجے مہاراجے معہ افواج اور تمام جاگیردار پنشن خوار اور کرسی نشین صاحبان بھی تشریف لاوینگے۔ اس لئے بندہ عرض پرداز ہے کہ جو جو اشیا کسی صاحب کو درکار ہون اُن کی مفصل فہرست مرحمت فرماوین اور بذریعہ خط و کتابت باقی معاملات طے کر لین تاکہ تشریف آوری سے پیشتر کل سامان مہیا اور طیار ہو جاوے کیونکہ بعض اشیا ایسے ہیں کہ وقت پر روپیہ خرچ کرنے سے بھی مہیا نہین ہو سکتین اگر بصد مشکل ہو بھی گئین تو دوچند اور سہ چند لاگت پر اور تکلیف مفت کی اٹھانی پڑی وہ نفع مین رہی ہمکو امید ہے کہ دور اندیش اصحاب قدردانی فرماکر جس چیز کی ضرورت ہو شانہ واحد سمجھکر بلا تکلف حکم دفرما دیجئے +

المشتہر

آپکا تابعدار مرزا محمد لعل کمیشن ایجنٹ لاہور

نادر کتب

کلمات طیبات یہ ایک صحیح مجموعہ مکتوبات کاملین زبان فارسی مین چھپکر تیار ہوا ہے مکتوبات کیا ہے کو بالتصوف کی کان صوفیون کی جان مسلمانون کے ایمان کا ایک خزانہ ہے ہمین حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی حضرت مرزا مظہر جان جانان صاحب شہید قاضی قضا اللہ صاحب پانی پتی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے صرف مکتوبات سے نہین ہین بلکہ علاوہ طول طویل مکتوبات کے ملفوظات اور نصائح اور وصایا اور وصیت نامے اور کلمات قدسیہ وغیرہ کا بھی ذخیرہ ہے آخر مین ترجمہ اسرار العارفین و سر الطالبین شیخ شہاب الدین سہروردی کا ہم کیا گیا ہے قیمت عہ

احسن الاذکار - اس مین غوث پاک کی مفصل مولد کی سیری اور نسب شریف آبائے کرام کا تذکرہ حضرت کا طریق اور ارشادات اور رضوان و مرید صاحب کا ذکر ہے - قیمت ۱۲ +

وظائف غوثیہ - اس مین اور اوراد وظائف حضرت محبوب سبحانی کی معہ ترجمہ کے درج ہین + قیمت ۹ر ۸ر

المشتہر

السید ابن علی منیجر اخبار نیر اعظم مراد آباد و مہتمم کتب

علم مسمرزم پر ایک نادر کتاب

زندہ کرامات مصنفہ [illegible]

مصنف نے اپنے تیس سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اس کتاب کے پڑھنے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ کے اندر کیا کیا قوتین پوشیدہ ہین اور کس طرح آپ ان سے کام لے سکتے ہین

اشتہارات

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ عزیز بخش صاحب منصف مقام اجنالہ درجہ دوم

گوردتا ولد بھولا پیشہ زمیندار قوم کھتری ساکن اجنالہ مدعی بنام دولا سنگھ ولد لدرمن سنگھ جٹ ساکن اجنالہ حال سلطان سال مدعا علیہ

دعوے ماحصل

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ بتعمیل سمن سے گریز کر کے عدم گرد پوش سے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۴ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ عزیز بخش صاحب منصف درجہ دوم اجنالہ

بنھو ولد رلیا قوم برہمن ساکن موضع گوری نمکاج گزشتہ ادھیر سنگھ جٹ ساکن حال ملازم چنن مدعا علیہ بنام فہیم نہالا تاگا ولد دگو گوجر بولایت مسماۃ کاکو والدہ خود ذات چنگر ساکن مذکور حال وارد الوداں تحصیل مدعا علیہ

دعوے ماحصل

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ بتعمیل سمن سے گریز کر کے عدم گرد پوش سے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۴ء بوقت ۱۰ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ عزیز بخش صاحب منصف درجہ دوم اجنالہ

بنھو ولد رلیا قوم برہمن ساکن موضع گوری نمکاج گزشتہ ادھیر سنگھ جٹ ساکن حال ملازم چنن مدعا علیہ بنام فہیم نہالا تاگا ولد دگو گوجر بولایت مسماۃ کاکو والدہ خود ذات چنگر ساکن مذکور حال وارد الوداں تحصیل مدعا علیہ

دعوے ماحصل

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ بتعمیل سمن سے گریز کر کے عدم گرد پوش سے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۴ء بوقت ۱۰ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ عزیز بخش صاحب منصف درجہ دوم اجنالہ

دولا سنگھ ولد لدرمن سنگھ جٹ ساکن موضع گوری نمکاج گزشتہ ادھیر سنگھ جٹ ساکن حال ملازم چنن مدعا علیہ بنام فہیم

دعوے ماحصل

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ بتعمیل سمن سے گریز کر کے عدم گرد پوش ہے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۱۱ اکتوبر ۱۹۲۴ء بوقت ۱۰ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی +

نشتر

ایک دلکش سچا ناول

یوں تو فلک زدہ دلوں کی پر درد کہانیاں جس پر لے میں کہی جائیں دلچسپ ہی ہوتی ہیں مگر ان میں کچھ نہ کچھ مزہ ضرور ہی دیجاتی ہیں مگر ان میں کچھ ایسی دلچسپی کر دینے والے مضمون ہیں کچھ بات ہی اور ہوتی ہے جو اپنی ہی بیتی بیان کرنے والوں کی زبانوں پر ان کی دلی حسرتوں کی بدولت زمانے بھر کا درد زائر لئے ہوئے آتی اور نشتر بن کر سننے والوں کے کلیجوں میں اتر جاتی ہے یہ ناول بھی جو کسی یاس نصیب کی نامراد بیوہ کا اصلی مرقعہ ہے بالکل اسی رنگ میں ڈوبا ہوا ہے + ہم دعوے کیا ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ یہ ناول دیکھ کر ممکن نہیں کہ آپکا دل تڑپ نہ اٹھے اسکے وجہ یہ کہ بالکل سچا ناول ہے اور یہی سبب ہے کہ قبولیت کا موجب ہے + دلچسپی اتنی کہ پڑھنا شروع کر دیجئے تو ختم کتاب آپ سے نہیں چھوٹ سکتی قیمت عاملہ محصول ڈاک عہ

المشتہر نثار حسین نثار، ہتھم پیام یار، لکھنؤ چوک

ماٹر کی ضرورت

ایک انسٹرکٹر انگریزی پاس کردہ ماٹر کی ضرورت ہے تین طالبعلموں مطابق ایجوکیشنل کوڈ ضابطہ تعلیم) پڑھا یگا ویٹ تعلیم دینا ہوگی تنخواہ فی الحال عہ ۲۰ ماہوار دیجاویگی جن کا گذاری پر ترقی کا استحقاق ہوگا درخواستیں معہ نقول سرٹیفکیٹ ذیل کے پتہ پر آنی چاہئیں +

المشتہر غلابی بخش ٹھیکہ دار شاہ گڑھ بلوچستان +

اشتہار عام

اطلاع عام کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ مسمی سردار بہادر خان ولد سردار محمد خان چہار مختار عام تھا آجکی تاریخ سے اپنے کاروبار بھیثیت سے موقوف کیا گیا اور تاریخ ہذا سے اس کو کوئی اختیار کسی معاملہ یا معاہدہ وغیرہ کا معاملات متوضعہ اُس کے نہیں رہا اور اگر وہ کوئی معاملہ منجانب متعلقہ ہمارے کریگا تو وہ ناجائز اور بے اثر ہوگا۔ لہٰذا یہ اشتہار برائے اطلاع عام دیا جاتا ہے کہ کوئی شخص کارندہ مذکورہ عنوان سے کوئی معاملہ نہ کرے اور اگر کوئی شخص کوئی معاملہ وغیرہ کریگا تو وہ خود اسکا متحمل ہوگا۔ المرقوم ۳ ستمبر ۱۹۲۴ء

المشتہر بے بے امینہ وارثہ جائداد سردار فقیر خان فتح پور لاہور

دلایتی شکاری چاقو

قیمت فی عدد عہ ۲ چھ آنہ ۶/

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے طلب فرمائیے

کرنیل

ظریف ظریف ظریف

ہنسی کا انجن۔ مذاق کی کل۔ ہوش کھونے بنانے کا آلہ۔ آتش کا پرکالہ۔ قیمت پیشگی ایک روپیہ دس آنے سالانہ۔ نمونہ کا پرچہ مفت منگا ضرور لکھئے

منیجر اخبار کرنیل مراد آباد

کلید حب

یعنی

عملیات کا ڈھیر

عملیات کے ذریعہ انسان اپنی تندرستی قائم رکھ سکتا ہے عزیز پا سکتا ہے۔ اولاد ہو سکتی ہے جس کے اولاد نہ جیتی ہوں کے بچے زندہ رہ سکتے ہیں دردزہ کی تکالیف آسانی سے دور ہو سکتی ہیں۔ تمام بیماریوں کا علاج ہو سکتا ہے۔ ہوشربا تجربے مسلمان پرست جن دیوی کو سون بیلے گئے ہیں۔ اپنے مردہ بزرگوں بیاہی بی اور بخت جگہ بچوں کی روحوں کو دیکھ سکتے ہو۔ روزگار لگ سکتا ہے۔ گمی ہوئی نوکری ہاتھ آسکتی ہے تجارت میں منافع و برکت ہو سکتی ہے۔ جس کو جی چاہے ملاقات ہو سکتی ہے مقدمات میں کامیابی ممکن ہے۔ وہ کونسا کام ہے جو عمل کے ذریعہ نہیں ہو سکتا اور وہ کون بشر ہے کہ عملیات کے فائدے نہیں جانتا ہے اور وہ کون شخص ہے کہ جس کی طبیعت میں عمل کا شوق نہیں۔ مگر ترکیب نہ ملنے معلوم ہونے سے اظہار نہیں ہوتا اور یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں کا اعتقاد اٹھ سے پھر جاتا ہے۔ اور عامل لوگ ہزار ہا روپیہ لیکر اور ہر سوکن غلامی کر کر بھی ایک حرف نہیں بتاتے مگر مدت سے ہمارا خیال تھا۔ کہ کچھ ایسے عمل ہاتھ لگیں جن سے عام لوگ فائدہ اٹھائیں۔ اور عملیات کی سچائی کا ثبوت دیں۔

چنانچہ ایک عامل سے اپنے ان اعمال کے نہایت مجرب اور آزمودہ اور گرانمایہ عملیات کو مرتب ترتیب کر کے ہمارے حوالہ کیا اور اُس مجموعہ کا نام کلید حب رکھا اور ہم نے صرف نفع غرض خاص خاص خدمت۔ از مرتبہ محصول ڈاک آخر کتاب میں مہنگائی اور تکالیف وہ بیماریوں کے قابل قدر نسخے بھی درج ہیں ایسی نایاب کتاب کا ہر گھر میں ہونا ضروری ہے +

المشتہر منیجر مطبع کرنیل مراد آباد

اخبار ستارہ ہند

یہ ہفتہ وار اخبار ملکی معاملات پر کمال آزادی سے بحث کرتا اور بغرض رفاہ عام نہایت صرف تین روپیہ سالانہ پیشگی سے خریداروں کو ایک نہایت خوبصورت اور با تصویر سہ ماہی بھی قیمتی مفت دیجاتی ہے۔ ویلیو پے پہل طلب کرو +

المشتہر منیجر اخبار ستارہ ہند۔ مراد آباد

ڈاکٹر ہی بخش اینڈ برادرز پبلشرز اینڈ بکسیلرز لاہور۔ دافعان کے علاج کرنے اور دنے دوائیں کے متعلق سب دوائیں اور مخزن مجرب ہیں

انگریز مصر پر آسانی اور سہولت کے ساتھ قابض ہو جاویں گے ہرگز نہیں۔ لارڈ کرامر نے جس بیدار مغزی اور ہوشیاری سے توفیق پاشا کے مرنے کے بعد تک مصر میں انگریزی حقوق کی حفاظت کی حقیقت میں یہ انکی بہت بڑی قابل تعریف بیدار مغزی کا ثبوت ہے مصر کی اب وہ حالت نہیں ہے۔ جو توفیق پاشا کے وقت میں تھی توفیق پاشا ایک نہایت سیدھے اور کمزور خیال کے آدمی تھے اور یہی وجہ تھی کہ لارڈ کرامر نے اونکے خیال پر پورا قبضہ کر لیا تھا۔ توفیق پاشا کے وقت میں کسی شخص کی مجال نہ تھی کہ انگریزوں کے برخلاف اپنی رائے ظاہر کر سکے۔ جس روز سے عباس پاشا تخت نشین ہوئے اسی دن سے مصر کے حالات کی صورت بدل گئی ہے۔ عباس پاشا کی عمر کا اکثر حصہ چونکہ یورپ کے کالجوں میں گذرا ہے۔ اسوجہ سے وہ ابتدا ہی سے آزادانہ طور پر اپنے ارادوں کے پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور کرینگے۔

یہاں تک دیکھنے کے بعد ناظرین کو یہ خیال گذر سکتا ہے کہ مصر کی جانب سے ترکوں کیوں اسقدر تاسف پھیلے ہوئے ہیں اسکے متعلق ہر شخص اپنے عقل کے موافق ایک رائے رکھتا ہے کوئی کہتا ہے کہ ترکوں میں اتنی قوت نہیں کہ انگریزوں سے مصر خالی کرا لیں۔ کسی کی رائے ہے کہ ترک خوف سے کہ مصر کا نکل نہ جاوے کلیہ مصر کے مسئلہ کو قصداً نہیں چھیڑتے۔ ترکوں کی یہ خاموشی ہی حقیقت میں بڑی دلیل اسبات کی ہے کہ وہ مصر کیطرف سے غافل نہیں ہیں۔ وہ لوگ جو ترکوں کو الزام دیتے ہیں کہ مصر کھو بیٹھے حقیقت میں وہ لوگوں پر اپنی معلومات کی کم مایگی ظاہر کرتے ہیں۔ مصر انگریزوں سے خالی کرا لینا آسان اور بہت آسان ہے۔ مگر ہاں جسوقت مصر سے انگریزی قبضہ اوٹھا دوسوقت کیا ہوگا۔ اوس وقت یہ ہوگا کہ مصر انگریزوں سے نکل فرانسیسیوں کے قبضہ میں چلا جاویگا اور ممکن ہے کہ اس انقلاب میں ترکی حقوق قائم رہ سکے۔ میں سلطان المعظم کو کسیقدر دوراندیش اور فرانسیس سے نہایت خوشی کے ساتھ آمادہ ہے کہ ترک اوسکو اجازت دیں اور اسکے ساتھ شریک ہو کر انگریزوں کو مصر سے الگ کریں۔ ترکوں نے جو مصر کے معاملات میں اسقدر سکوت اور بے اعتباری اختیار کر رکھی ہے وہ بڑی سیاست اور حکمت عملی پر مبنی ہے۔ ترک اوس آیندہ وقت کے انتظار میں ہیں جو عنقریب آنے والا ہے۔ ترکوں کے حق میں انگریزی داخل مصر میں کچھ بھی خطرناک اور مضر نہیں ہے۔ محمد علی پاشا کے وقت میں جو فوج مصر کے خزانہ سے ترک رکھتے تھے اوسکی مقدار اکیس لاکھ روپے کے قریب سب تھی۔ اور اسوقت مصر سے جو کونٹینٹ سلطان لیتے ہیں وہ تین لاکھ اونتیس ہزار پونڈ مصری ہے۔ جو انگریزی حساب سے ایک کروڑ روپے کے قریب ہو جاتا ہے۔ علاوہ اسکے مصر میں سلطانی حقوق بنا بنائی عزت کے ساتھ مانے جاتے ہیں۔ اور خدیو عباس پاشا کے فرمان خدیویت میں جو مصر کی سند کا تبدیل کیا گیا۔ اور جسپر لارڈ کرامر کے دست آنکھیں ہی نکال لیں مگر سودمند نہ ہوئیں اوسے زیادہ تر ترکوں کے معاملات میں دست درازی کا موقعہ دیدیا۔ اب ظاہر ہیں اگرچہ گورنمنٹ انگریزی اپنے دخل اور وقار کے قائم رکھنے کی بہت کوشش کر رہی ہے۔ ذرا ذرا سی باتوں پر ایجیٹ میں خدیو کو چشم نمائی کی رائیں ظاہر کرتی ہیں اور خدیو اوسکی باتوں پر لارڈ کرامر کے تکلف دینے پر موجود ہو جاتے ہیں مگر جو لوگ حقیقت حال سے واقف ہیں وہ ان باتوں کو نہایت حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ علی العموم وہ لوگ یہ مصر پر انگریزی قبضہ نہیں چاہتے۔ اور نہ عسکر ترک اور ملٹر سیسیاسات سے بہت ہی خوش ہیں کہ عباس پاشا بنسبت اپنے باپ کے ایک حد تک بیدار مغز اور مدبر ہیں اگرچہ اسوقت وہ ایک نوجوان اور تجربہ کار حکمران ہیں مگر اپنے دوست دشمن کے پہچاننے میں اپنے باپ سے زیادہ ہوشیار ہیں۔

مصر پر آسانی سے انگریزی قبضہ نہ ہو سکنے کی اور بہت سے دلائل ہیں وہاں ایک بڑی خاص وجہ یہ بھی ہے کہ ترک خوب سمجھتے ہیں کہ جب تک مصر ہمارے ملک محروسہ سے شمار کیا جاتا ہے یا جب تک ہمارا کچھ بھی دخل ہے اوسوقت تک تین و حجاز ہمارے ہیں اور جسوقت مصر کے قلعوں اور بندرگاہوں سے عثمانی نشان اتار گیا اور یہ سمجھ لینا چاہئے کہ یہ دونوں ولایتیں نکل گئیں۔ ترکوں کے بدن میں جب تک جان ہے اور انکے دلوں میں جسوقت تک اسلام کے ایک احکام کی عظمت ہے وہ ہرگز گوارا نہ کرینگے کہ ہمیں دکھہ مدینہ اوکی خدمت سے نکل جاویں۔ سلطان المعظم کو اگرچہ اسلامی دنیا میں "خلیفہ" ہونیکا فخر ہے۔ تو انکے واسطے "خادم الحرمین" کا لقب بھی جو ہمارے بخیوں وقت کہہ کے سامنے دعا میں اونکے نام کے ساتھ منتے ہیں اس خلافت سے کم نہیں ہر حال مصر کے حالات میں جہانتک فکر کیا جاتا ہے ایک عجب خبر کی کہہ رہے ظاہری قرائن سے پایا جاتا ہے کہ مصر کی خوش قسمتی سے اگر عباس پاشا کے خیال دوراندیش خدیو مصر کو اور مل گئے تو یہ زنجیر تک ان تمام فرمشوں سے نکل کر ایک مستقل سلطنت ہو جاویگا۔ عباس پاشا کو سلطان المعظم سے جو دلی تعلق ہے وہ بہت ہی اطمینان کے قابل ہے۔ وہ اسے سفر فلسطین میں جو تبدیل عباس پاشا نے اپنے وزیر اعظم نوبار پاشا کے نام بھیجا اور جنمیں سلطان کی عنایات اور تعلقات کا مفصل ذکر ہے وہ سب اسوقت میرے سامنے رکھے ہوئے ہیں۔ ان میں سے میں ایک تار کا جو ۹ محرم کو عباس پاشا نے نوبار پاشا کے نام بھیجا بلفظہ ترجمہ ناظرین وسیلہ اخبار کے واسطے درج کرتا ہوں۔ ناظرین ان الفاظ سے عباس پاشا کے خیالات بخوبی اخذ کر لینگے۔

"آج جبکہ سلطان المعظم نے رخصت فرمایا ہے میں تمام کے کہنے پر شریک ہوں" "پھر آپ میرے بھائی اور خاص ہمراہیوں کے سلطان المعظم کی" "طرف سے شکریہ ہوا۔ سلطان المعظم نے جس تپاک سے دربار میں" "میرا استقبال کیا اور جس درجہ سے میری صحت کا حال دریافت" "کیا میں اوس سے بے انتہا محظوظ ہوا۔ کہنے سے اول میرے بھائی" "کو اول درجہ کا نشان عثمانی مرحمت فرمایا۔ اور میرے ساتھ نہایت" "التفات شاہانہ کے ساتھ باتیں کرتے رہے۔ وستر خوان پر مجھکو اپنے" "دائیں طرف بٹھانے کا حکم کیا۔ اسوقت سلطان المعظم کے ساتھ کہا گیا" "صدر اعظم اور مناظر داخلیہ اور بیدار اور احمد مختار پاشا اور امین پاشا" "کے خاص لوگ ٹریک تھے کہا نے کے بعد بہت دیر تک مصر" "کے اتحاد المسلمین نے اپنا مخاطب بنانے کی عزت مجھے بخشی میں سلطان المعظم" "کی ان توجہات شاہانہ اور عنایات ملوکانہ کا کسیطرح شکریہ ادا نہیں" "کر سکتا۔ میں نہایت تضرع کیساتھ خداوند تعالیٰ کی درگاہ میں ہاتھ" "پھیلاتا ہوں۔ اور دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ سلطان المعظم کو صحیح و" "تندرست رکھے۔ اور دولت علیہ عثمانیہ کی شوکت و اعتبار میں ہمیشہ" "ترقی مرحمت فرماوے۔ آمین" (عباس حلمی)

راقم پیسہ اخبار کا نامہ نگار خاصی اونکے سوانح عمری ۱۹۰۷ء

نئی ریلوں پر ضروری استفسار

اڈیٹر صاحب ماہر امراض خفی و جلی سلامت۔ بعد عرض واجبات آنکہ پیسہ اخبار مورخہ ۳۱ مطبوعہ ۱۱ حال میں اخبار عام مورخہ ۱۸ اسطوعہ ۱۴ اگست میں ہندوستان کی مجوزہ ریلوں کی ذیل میں ایک لین متہرا اور برایا بارہ کی ۱۰۰ میل لمبی درج ہو چکی ہے۔ سو آپ یا آپکے شائقین ناظرین میں سے کوئی اور صاحب معلومات انگریزی اخباروں وغیرہ دیگر مستند ذریعوں سے یہ بتلا سکتے ہیں کہ برایا بارہ کہاں ہے؟ یا قصبہ ہاران علاقہ ریاست کوٹہ سے مراد ہے جہاں ایک پرانا قلعہ بھی موجود ہے اور جو متہرا اور تلام کی مجوزہ ریل کے خط پر وسط میں واقع ہے اور کیا یہ ۱۰۰ میل والی وہی اس ملک کی لین ہے جسکی اسٹیٹ پیمائش متواتر دو سال یعنے ۱۸۹۳ء و ۱۸۹۴ء میں بانسری عرف کرافٹس صاحب وسیول صاحب انجینران ریلوے کے ہوتی رہی ہے۔ اگر متہرا و برایا بارہ سے مراد متہرا و باران علاقہ راج کوٹہ ہے جسکی تشخیص اوپر کیگئی تو ہم لوگوں کے نزدیک بفیب جویل کے مدت سے ترس رہے ہیں امید ہے کہ بغرض تصحیح اس پیمائش گوشہ اخبار میں مع اپنی رائے کے زینت بخشیں۔ تا یہ غلط فہمی رفع ہو جاوے اور ریل کے منتظرین کو وہاڑ میں بندھ جاوے۔

والسلام۔ راز ہاڑوتی راجپوتانہ ۲۷۔ اگست ۱۹۰۷ء راقم نمبر ۱۱

قابل تقلید مثال

ٹیمپرنس سوسائٹی سہارنپور کے ایک معزز ممبر نے جنکی سوسائٹی کے اوپر بہت سے احسان ہیں صرف اس غرض سے شراب کی دوکان کے قریب مکان نے رکھا ہے کہ جو لوگ خریدار شراب کی کریں اونکو اس خانہ خراب کے نتائج مضرت آمیز سنا کر اس مشغلہ کے ترک کرنیکی صلاح دے اور اون سے اس نابکار کے ترک کرنیکی کوشش کرے انکے ہر وقت نصیحت کرنے سے لوگوں پر بہت اثر پڑا۔ اور بہت سے لوگ تائب ہو گئے۔ یہانتک نوبت پہنچی کہ جتنی دوکانیں شراب کی سہارنپور میں ہیں اصل کا نیلام بہ نسبت سالگذشتہ کے ترقی پر ہوا۔ لیکن اس دوکان کو دو سو روپیہ کا گھاٹا ہوا۔ ملک میں ایسے غیرت مند اور بہبودی خلائق تدبیریں سوچنے والے شخص غنیمت ہیں۔ امید کہ اور لوگ بھی اس شخص سے سبق حاصل کر کے بہبودی خلائق کی تدبیر میں سعی کی طرف رجوع ہونگے۔ راقم محمد نور الحق سہارنپوری

قابل لحاظ ہے

مائی ڈیر اڈیٹر بزرگان کہن سال سے اتنک ایسے بزرگ ہیں جو اخبار کے تمام حالات کو متحمل اکذب سمجھتے ہیں بلکہ کہا کرتے ہیں کہ اونکو اسپر یقین ہے۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ بعض چیزیں ایسی شایع ہو جاتی ہیں کہ جیسے بجائے مبالغہ کے اگر غلط کا اطلاق کیا جاوے واقعہ نفس الامری ہے۔ اسکی تصدیق پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۲ و ۱۳ اگست ۱۹۰۷ء کے صفحہ ۷ کالم ۲ میں ہوتی ہے ریمارک کا پنور کی دبائی حالت پر ہے اور سکا اکثر حصہ بیمار کی تعداد میں تو مبالغہ کیا ہی گیا ہے مگر افسوسناک حصہ

کی سٹرٹی انسپکٹر تبادلہ نے دفتر بالا میں رپورٹ کی ہے (نامہ نگار)

مراد آباد میں رام گنگا۔ ۲۰ ماہ حال کو بہت زور سے جھڑی لگی۔ یہانتک کہ شہر کے نزدیک بہنے والی رام گنگا ندی بپھر کر خطرناک حد تک پہنچ گئی۔ یہاں ۲۴ ماہ حال کو ایک دن اور رات متواتر بارش کثرت سے ہوئی اور سینکڑوں پختہ مکانات مسمار ہو گئے۔ یہاں فرقہ شیعہ و سنی میں بہت فساد ہے۔ فوج طلب ہونیکا اندیشہ ہے۔ (نمائندہ نوائے مراد آبادی)

شکریہ:۔ دنیا میں وہی لوگ بہت اچھے ہیں جو اپنے مقدور بھر کسی بندہ خدا کو فایدہ پہونچائیں۔ انسان میں جسقدر محاسن ہیں کوئی اس سے زیادہ نہیں ہے۔ کہ جسوقت اوسکو قدرت ہو نفع رسانی خلایق میں دریغ نہ کرے۔ ہمارے وڈ برن صاحب بہادر جو ممالک متوسط میں جایداد کمشنر مقرر ہوئے ہیں۔ خلق دمروت میں بیمثل ہیں۔ آپ کی نشنہ یف آوری سے بلاک اپنے اوپر فخر کرتا ہے۔ فی الحال ۳۱ مئی کو جناب ممدوح نے منصف صاحب ضلع سیونی کو عہدہ تحصیلداری پر سرفراز فرمایا۔ ہم تہ دل سے صاحب موصوف کی قدردانی اور عزت افزائی کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ اور خدا سے چاہتے ہیں کہ آپ کی ذات سے ملک کو اور بہت سے ترقیاں روز افزوں حاصل ہوں اور بلاک بہت کچھ قدر کریگی۔ راقم اختر خورشید احمد

سہارنپور:۔ ایک پنجابی عورت تنہا ہر دوار سے اشنان کرکے واپس آرہی تھی اور اسٹیشن ریلوے سہارنپور پر کیونکہ یہاں پر پنجاب کی گاڑی بدل جاتی ہے اتری ہوئی تھی۔ رات کو قریب ۱۲ بجے کے اوسکو درد زہ شروع ہوا۔ اور لڑکا پیدا ہوا۔ کہ بخت سہارنپور جاگے والوں نے اوسکا ذرا بھی ترس نہ کرکے اوسکو اٹھا کر اسٹیشن کے چبوترے کے باہر پھینک دیا۔ لڑکا تھوڑی دیر تڑپ کر مر گیا۔ پولس نے عورت کو گرفتار کر لیا اور عدالت کو چالان کر دیا۔ اور مقدمہ ڈپٹی نرائن سنگھ صاحب کے اجلاس میں پیش ہوا۔ چونکہ ڈپٹی صاحب نرائے میں یہ معاملہ خفیف معلوم ہوا لہذا چھ ماہ قید کا حکم صادر فرمایا۔ بی بے رحم ماں سے خدا بچوں کو محفوظ میں رکھے۔ (راقم ایک بچہ کا پھینکا ہوا)

تولد سعید:۔ یکم ہمادوں سمت کو سری مہاراجہ صاحب سنگھ کے ہاں ولی عہد پیدا ہوا۔ جسکی خوشی میں مہاراج نے دربار کیا اور آپ سلامی سر ہوئیں۔ ۱۲ لاکھ تقسیم کیا اور بہت سے آدمیوں کو رہا کیا گیا۔ خدا اس نونہال اقبال کو دایم سرسبز و شاداب رکھے۔ رفعت تولید مبارک کی خبر مہاراج کے گوش زد ہوئی تھی اسی وقت جیلخانہ کے کل قیدی رہا کرکے جیلخانہ میں بکرا باندھا گیا۔ (نادر زمانی)

مہاراجہ ولی جالندھر:۔ کل میاں جمال الدین صاحب مع جوان رشید فرزند شمشیر خان کے سشن سپرد ہو گئے تھے۔ اور مفصلہ حوالات سے جیلخانہ کے وارڈ میں بھیجدئے گئے تھے۔ اوسکی جانب سے وکیل لالہ بھگت رام بیرسٹرایٹ لا ہیں۔ تجربہ اسے اس مقدمہ کی ماہیت سے واقف ہیں۔ رام پرشاد ایک بدستور حوالات میں ہے اور اسکا مقدمہ ۱۱ ستمبر کو ہوگا۔ اسے اپنی صفائی کے گواہوں میں گجری صاحب کو بلایا ہے جو آجکل کشمیر میں ہیں۔ (یکم ستمبر)

شہر متھرا:۔ تین روز بارش بکثرت ہوئی۔ ۲۲ و ۲۳ و ۲۴ ماہ حال سے امید رفع مرض وبائے دیکھائی دے۔ زراعت کو بیحد فایدہ پہنچا۔ کاسہ وبری زراعت بوجہ بارش مسدود رہا۔ (ریمی پرنٹنڈنٹ پولیس)

گڑھوا ضلع شاہجہانپور:۔ ۱۹ سے ۲۲ اگست تک بارش ہوتی رہی۔ شہر کے متصل چوہ جاری ہے پہلے کی نسبت اب بہت پاٹ ہو گیا ہے اس چوہ نے بہت کھیتوں اور دیواروں کا بہت نقصان کیا۔ مندر دیوی دوالہ کی فصیل ۴۰ گز لمبی ۱۵ گز اونچی اور ایک گز چوڑی منہدم ہو گئی۔ فصیل کی جگہ چوہ جاری ہو گیا اور ۲ پنڈت جھلو رام کے باغ کا بہت نقصان کیا تھا۔ اور باغ کے اندر چوہ جاری ہو گیا تھا۔ اب تو چوہ کی جگہ ریت کا ڈھیر ہو گیا ہے اگر جھلو رام ایک سو روپیہ لگا کر آمنا و پختا ڈھیر ریت کا بناتا۔ تو ایسا پختہ نہ بنتا۔ چوہ باغ سے ہٹ کر سڑک میں جاری ہو گیا۔ سڑک کے درختوں کا بہت نقصان کیا اور ایک کنوئیں کا بیشتر حصہ بہ گیا۔ چوہدری شنبھو اور بہت زمینداروں کی زمین کا بہت نقصان ہوا فصیل دیوی دوالہ کیطرح للا بدو ٹا و سنگھ چھپہ کا گھر بہ گیا۔ گندم من خام ۵۰ کوٹھی میں پڑی تھی وہ بھی بہ گئی۔ اور بیچارے تینوں سر پر ہاتھ رکھکر روتے ہیں۔ فتح سنگھ جٹ کا ایک باغ تھا جسمیں ۸۰ پودے آم کے تھے جس سے ۳۰ پودے آم کے بہ گئے۔ (۳۴) ضلع ہوشیار پور میں رائے اسوک رام ڈپٹی آرہا ہے۔ بہت اچھا حاکم ہے۔ اور خوب بدمعاشوں کا بندوبست کرتا ہے۔ کئی بدمعاش اسکے ڈر سے بھاگ گئے ہیں اگر رائے صاحب دو برس تک اس ضلع میں رہا تو امید ہے کہ بے وہڑک چیز بازار میں رکھکر چلے جاؤ جسدن آؤ۔ اوسدن اوٹھا لینا۔ (دھرچند)

قصبہ لیسوڑہ:۔ یہاں بارش اسقدر ہوئی ہے کہ آیندہ فصل کی امید بالکل نہیں۔ اور بخار کا اسقدر زور ہے کہ آٹھ دس آدمی ہر روز فوت ہوتے ہیں دریاس کے فاصلہ پر ایک ڈیک ندی میں بسبب طغیانی کے چار شخص بہے۔ جنمیں سے دو تو بچ گئے۔ اور باقی دو کا پتہ نہیں۔ (خشما)

پنڈدادنخان:۔ ۱۷ اگست کو ایک ہندو نے یہاں اپنی عورت کو طلاق دیدی۔ ہندوؤں نے کبھی پہلے ایسا نہیں کیا۔ تحصیل خوشاب میں ڈھاک ایک سٹیشن ہے اسکے قریب ایک ڈیڑھ سال کا بچہ ریل سے اس کے پاس سے جو گیٔ ہی سڑک پر گر گیا۔ گاڑی دور سے لوٹا کر لائی گئی۔ اور بچہ جو زیور پہنے تھا صحیح وسلامت پایا گیا۔ (نامہ نگار)

مذہب عیسوی قبول و ترک کرنا:۔ میں شیخ دتہ شرما ولد دل سنگھ برہمن ساکن خوجہ وال تحصیل ٹہالہ ۱۰ نومبر ۱۸۹۸ء کو بتریب پادری کہڑک سنگھ وغیرہ عیسائیاں کے پادری بٹلین صاحب کے ہاتھ سے بپتسمہ پاکر عیسائی ہوا تھا۔ مگر کئی سال کے بعد مجھے اس مذہب اور اس سوسائٹی سے کوئی تسلی نہوئی۔ اجولئی ۱۹۱۸ء کو میں نے مذہب عیسوی چھوڑ دیا۔ لیکن امرتسر کے آریا سماج نے شدھ ہونے کے لئے مجھکو دو سال کی میعاد دی تھی۔ اب وہ عرصہ گذر گیا ہے اور مجھکو لالہ درگا پرشاد صاحب بھجن آریا سماج لاہور نے اپنے ہاتھ سے شدھ کیا ہے۔ اب مجھے وید سے تسلی ملتی ہے۔

مدرسہ امامیہ دہلی کے جلسہ چار سالہ تقسیم انعام کی تاریخ ۹ ربیع الاول ۱۳۳۷ ہجری قرار پائی۔ مجتہد العصر جناب مولوی سید علی محمد صاحب شریک جلسہ ہونگے۔ (رحیمدر)

موضع سارنگڑہ (ضلع امرتسر) میں پولیس اور ایک بہان سنگھ نامی جٹ میں لٹھ بازی ہوئی۔ غلام محمد سارجنٹ و کالا سنگھ کانسٹبل مجروح ہوئے۔ منشی وزیر چند تحصیلدار اجنالہ موقعہ پر گئے۔ اور بکیفیت تحریر کرکے ہمارے بیدار مغز ڈپٹی کمشنر کرنل لینگ صاحب کے پاس چالان کیا۔ صاحب موصوف یکم ستمبر کو ڈیڑھ ماہ کی رخصت پر گئے۔ (کیسر سنگھ)

مراسلات

مصر میں انگلستان اور ٹرکی کے تعلقات

[از نامہ نگار پیسہ اخبار مقیم مکہ معظمہ]

مکرمی ایڈیٹر پیسہ اخبار۔ السلام علیکم۔ جدید مصر کے دوبارہ سفر قسطنطنیہ نے پھر پولیٹکل خیال کو حرکت دیدی۔ آج میں اپنے اس مراسلہ میں مصر کی موجودہ حالت سے مختصر خور پر بحث کرونگا۔ انگریزی اخبارات نے اپنے خیال میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ مصر بالکل انگریزی قبضہ میں ہے۔ اور ممکن نہیں کہ مصر سے انگریزی قبضہ اٹھ سکے۔ انگریزی اخبارات کے مقابلہ میں ترکی اور عربی اخبار ہیں کہ جنکا خیال ہے کہ مصر پر انگریزی قبضہ برائے نام ہے۔ مصر میں انگریزوں کا دخل ترکوں کے حق میں کچھ بھی مضر نہیں۔ جب ہم چاہیں گے مصر سے انگریزوں کو اسطرح نکال دینگے۔ جسطرح نرم چینی سے بال۔ یہ رائیں تو فریقین کے اکثر اخبارات کی ہیں۔ مگر میرے خیال میں جانبین کی تحریرین طرفداری اور غلط بیانی سے بری نہیں ہو سکتیں۔ ایک سمجھدار آدمی ان دونوں تحریروں سے نتیجہ نکال سکتا ہے۔

اسکے بعد میں اپنی رائے ناقص مصر کی نسبت ظاہر کرتا ہوں۔ اگرچہ میری رائے اسوجہ سے کہ میں اس رتبہ کا آدمی نہیں ہوں کہ ملکی معاملات میں میری رائے دماغ سے کچھ کام لے سکوں اعتبار کے قابل نہیں۔ مگر وہ لوگ جو اونکی رائے کو بھی اہل الرائے کے مقابلہ میں ایک نظر دیکھنا پسند کرتے ہیں امید ہے کہ اول سے آخر تک ضرور دیکھ لیں گے۔ مجھے مدت سے مصر کے حالات دریافت کرنے کا شوق اور اوسکے باشندگان کے معاملات سے دلچسپی ہے۔ تقدیر نے خوبی قسمت سے مجھے ایسی جگہ رکھا کہ جہاں مجھے اپنے خیال کے پورا کرنیکا بہت اچھا موقع ملا۔ ایام حج میں مصر کے لوگ یہاں آتے ہیں مجھے ارہا اون سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ اور میں نے قصداً مصر کے حالات کی نسبت اون سے گفتگو کی۔ مصری علی العموم انگریزی انتظام کی تعریف کرتے ہیں۔ اور اس بات کے معترف ہیں کہ انگریزی انتظام نے مصر کی مالی حالت بہت درست کر دی مگر اسکے ساتھ ہی انگریزی قبضہ مصر پر نہیں چاہتے۔ لارڈ کرامر اور وجود اسقدر کوشش اور تالیف قلوب کے آجتک مصریوں کی ایک چھوٹی سی جماعت بھی مصر کی سرزمین پر اس خیال کی جو انگریزی حکومت کو مصر میں عزت کی نگاہ سے دیکھے پیدا نہ کر سکے۔ انگریزی قبضہ سے مصر میں اگر بڑی بھلائی ہوئی ہے تو صرف اس بات سے کہ ایک آدمی بھی مصری سے نہیں چاہتا کہ انگریزوں کے ملک پر قابض ہو کر اون پر حکومت کریں۔ مگر چند آدمی ان میں شریک نہیں جنکو لارڈ کرامر کے سلوک اور بیجا رعایت نے اون کی مرادوں سے زیادہ اونکی خواہشوں میں اون کو کامیاب کر دیا۔ جس حالت میں کہ مصری سرزمین پر انگریزی قبضہ اسقدر مخدوش حالت میں ہے۔ تو کیا یہ امید ہو سکتی ہے کہ

ایک خاندان کا مورث اعلیٰ تھا۔ اور اس کے پسر کا نام امتیاز تھا اور امتیاز کے پسر کا نام فہم تھا۔ فہم نے ایک لڑکی سے جو ان کے پڑوسیوں کی اولاد سے تھی شادی کی۔ اس لڑکی کا نام "مسرت" تھا۔ تب فہم اور مسرت کی شادی ہو گئی تو ان میں سے ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام مذاق رکھا گیا۔ مذاق کے حالی نسب چلنے میں کچھ کلام نہیں ہے۔ مگر چونکہ اس کے خاندان کے خواتین شخص کی مخالف طبائع تھیں یعنی "مذاق" کی طبیعت میں کبھی تو ہنسی کبھی آپ اُسے سنجیدہ منقطع اور متین صورت میں دیکھتے۔ کبھی آپ اُسے مزاج اور خندہ رو اس میں ملاحظہ کرتے بعض اوقات وہ ایسا متین اور صاحب تمکنت کہ وقار ہوتا کہ گویا ایک عدالت کا حاکم ہے۔ اور بعض اوقات ایسا خوش طبع ہوتا کہ گویا جیسا کہ کسی دربار کا بھانڈ ہے۔ لیکن اس کی والدہ کی طبیعت اس میں بہت غالب ہے اسلئے جس حالت میں وہ آپ سے ملیگا ہنسائے بغیر نہ رہیگا۔ شجرہ نسب بھی ملاحظہ فرمائیے :-

امتیاز زعرت دوق

فہم ——— مسرت

مذاق

لیکن یہاں ایک مغالطہ بھی ہے جس نے اپنا نام مذاق رکھ لیا ہے اور اکثر جہاں کہیں موقع ملتا ہے لوگوں کو فریب دینے سے نہیں چوکتا۔ بس جب کبھی آپ سے یہ بہروپیا ملے تو فوراً اس سے یہ سوال کریں کہ اپنا شجرہ نسب دکھا۔ شجرہ دیکھکر فوراً آپ کو لگ جائیگا کہ آیا وہ سچ کی اولاد سے ہے یا نہیں "مذاق" اور بہروپئے میں فرق ہے کہ آخر الذکر ہر وقت بلند قہقہہ مارتا رہتا ہے اور مذاق اکثر سنجیدہ رہتا ہے۔ مذاق کا یہ دستور ہے کہ جہاں کہیں ہو وہ آپ تو سنجیدہ رہتا ہے اور آس پاس کے لوگ ہنستے ہیں اور بہروپئے یا جھوٹے مذاق کا یہ دستور ہے کہ خود ہنستا رہتا ہے اور تماشائی سنجیدہ رہتے ہیں۔ اس بہروپے کا شجرہ نسب بھی ملاحظہ فرمائیے۔ اس کا مورث اعلیٰ کذب ہے اس کا پسر باہو ہوا ہے اس کے پسر کا نام "جنون عزت مالی خولیا" ہے اس نے "حماقت" کی بیٹی سے شادی کی جس کا نام ہنسی ہے اور ان دونوں کی مزاوجت سے یہ بہروپیا مذاق پیدا ہوا اس کا شجرہ مختصر طور پر یوں درج کیا جاتا ہے +

کذب

باد ہوائی

حماقت

جنون عزت مالی خولیا ——— ہنسی

بہروپیا یعنی جھوٹا مذاق

اس کی شناخت کا آسان طریقہ یہ ہے کہ اس کی خصلتیں جو ہیں نہیں رہتیں اس کا اور مذاق کا قضیہ یہ مقابلہ ہے کہ مذاق انسان ہے اور یہ بندر ہے +

بہروپئے یا جھوٹے مذاق کی صفتیں یہ ہیں :-

۱- یہ مستخرا استہزا کا مرتکب شوقین ہے اور بندر کی طرح اچھلتا کودتا ہے

۲- اس میں نقالی کی عادت ازحد ہے خواہ اس سے نیکی اخلاق اور مذہب کی توہین ہی نہ ہو جائے +

۳- یہ ایسا ناکارہ ہے کہ وہ جامہ جو اسے کہنا کہلائے اُسی کو کاٹتا ہے۔ اور بالتمیز دوست و دشمن نہ سے باز نہیں آتا۔ ہر چند کہ عقل سے بے بہرہ ہے یہ نسخہ کو محض تفریح کی خاطر استعمال کرتا ہے +

۴- چونکہ سوائے نقالی کے اور کچھ نہیں آتا اسلئے اسکا حملہ ہمیشہ ذاتی ہوتا ہے۔ اور بداہۃً یا مصنف پر ہوتا ہے یا بدی یا تصنیف پر نہیں ہوتا +

ایک نہایت تجربہ کار اور لائق پیر جین مسیاح ہند نے ایک ایک مرتبہ ذکر کیا تھا کہ ہندوستان میں صرف دو شخص ایسے ہیں جن سے ایک بچنے ہوئے دل کے قدیر بیگم صاحبہ مرحوم تربیت عرصے سے انتقال کر چکی ہیں لیکن دوسرے بچے بیر بھی سراونال صاحب والی جیر پور سندھ نے حال میں حاصل کیا ہے۔ سطح بیر صاحب کی فیاضی کی کوئی انتہا نہیں ویسے ہی اُن کے داد و دہش کا کوئی انتظام اور طریقہ نہ تھا۔ دور دور سے سائل جاتے تھے اور بیر صاحب سے کچھ نہ کچھ لے آتے تھے۔ لیکن بیر صاحب کے بعد انکا صاحبزادہ عالی تبار بہزانیس بیر فیض محمد خاں نے اس پدری فیاضی کو نہایت دانشمندانہ انتظام سے شروع کیا ہے۔ انہوں نے ایک لاکھ کے قریب روپیہ اپنے والد بزرگوار کی یاد گار میں ہسپتال بنانے اور مدارس میں سکالرشپ دینے کے لئے وقف کیا ہے۔ خوش ہے کہ جناب قادر داد خاں صاحب سی آئی ای اپنے وزیر اعظم سے بیر صاحب کو اس معاملہ میں نہایت قابل قدر رائے سے مدد ملی ہوگی۔ کیا بیر صاحب مہربانی فرما کر انتظام اور انتظام کرینگے۔ کہ خیر پور کے تعلیمی کے لئے جلنگا نہ بنوا دینگے۔ تاکہ وہ پاپڑ بیچ در بدر ٹھوکریں مانگتے پھرنے کی مصیبت سے بچیں۔ خیر پور ایسی ریاست کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اسکی دار السلطنت میں دو چار شاندار سرکاری عمارتیں بھی ہوں۔ لطیفہ یہ ہے کہ وہاں ایک بھی پختہ مکان نہیں ہے۔ بیر صاحب مرحوم کے نکاح کے شوق نے انہیں لاکھوں (عارضی خس پوش جھونپڑیوں) کے سوائے اور کسی کام کا نہ رکھا تھا۔ ہم یہ نہیں چاہتے کہ نواب شاہجہان بیگم صاحبہ والیہ حال بھوپال کیطرح عمارات پر اسقدر صرف کیا جاوے۔ کہ سجدوں میں آبگینہ کے فرش ڈالے جاویں۔ اسکے علاوہ خیر پور سندھ کا جوڈیشل انتظام میں نہایت پس افتادہ ہے۔ اور اگر وزیر صاحب ہماری صلاح سنیں تو ہم خوشی سے دینے کو آمادہ ہیں +

جو فوج اجنسی گلگت کی حدود کے اندر ہے اور سکی رسد رسانی اب خوب ترقی پر ہے۔ ۸ اگست تک ۳۵ ہزار من ماکولات اور تین ہزار ۴ سو من مختلف اشیا بانڈی پور سے روانہ ہوئیں۔ اور ہنوز ۹ ہزار من چیزیں جانے کو باقی ہیں۔ ساٹھ ہے پندرہ ہزار باربردار پر منحصر ہیں۔ جنہیں سے ۷۴۰ ۴ علاقہ ریاست کشمیر کے ہیں۔ بابی اونٹ اس کام میں بہت کارآمد ثابت ہوئے۔ ۸ سو اونٹ گلگت کو گئے۔ اور واپس آئے۔ جنہیں سے صرف ۶ ابکار ہوئے +

— سر جارج لائڈ کا تھوپٹ افتتاح کالج کے لئے عنقریب الموڑا جانے والے ہیں +

خبروں کے خطوط

کنکھل میں گنگا جی کا چڑھنا

بوقت ۹ بجے دن کے سوی گنگا جی کی باڑھ کنکھل میں آئی ۱۱ بجے دن کے چوک بازار میں ۳ فٹ پانی چڑھا۔ اور ۱۲ بجے ۵ فٹ پانی ہوا۔ ایکسچینج کو ۳ بجے ۶ فٹ کے قریب پانی چوک میں تھا۔ تمام کنکھل میں پانی پھر گیا۔ صرف ایک گلی موریہ والی بر سوکھی باقی رہی۔ لالہ بہاراں کے باغ میں جہاں دھوبی رہتے ہیں چوک بازار قریب دس فٹ کے پانی تھا۔ لالہ پیارے لال پٹواری جو قصبہ میں بڑے بھنی بازار آدمی ہیں جو کہتے تھے کہ ایک بوند پانی کی نہیں آوے گی۔ مگر جسوقت دو ہر چوک بازار کی آئی تو دل والا لالہ سروف کی دوکان تمیں بوگئی۔ لکڑی و تختہ و بوتلیں عرق کی ایک ہاتھ نہ آئی۔ بھاگیرتھی جی نے خوب ہی جہان دیکھا ہے۔ ہزاروں چوہری و زمیندار پہنچ چڑھے۔ لالہ بہاراں کا نقصان ہزاروں روپیہ کا ہوا۔ ۳ بجے دن کے پانی گھٹنا شروع ہوا ۱۱ کے واپس ٹیک گھاٹ پر جہاں کی تہاں گنگا جی بہہ چکی۔ باقی گنگا جی نے سب کی جہازی (کریری) مل دی دکانداروں کو ۲۰ لاکھ روپیہ کا نقصان کنکھل چہارم ۱۲ لاکھ کا مخالف ایک عظیم الشوہ ہے۔ تفصیل بعضی ضلع سہارنپور کے باشندے قریب چار ملکوں آدمیوں کے جنمیں مسلمان اور ہندو مرد اور عورتیں سب انسپکٹر اسمٰعیل ظفر محمد خاں کی زبانی تھیں کی شکایت لیکر فریادی سہارنپور میں آئے انمیں سے ایک شخص نے استغاثہ فوجداری میں صاحب جسٹس بہادر ضلع سہارنپور کے یہاں پیش کیا اور باقی کل آدمیوں نے حلفی مندرجہ ذیل داخل کیا۔ صاحب موصوف نے ہر ایک شخص کے اظہار جداگانہ قلمبند فرما کر حکم تحقیقات کا دیا۔ چنانچہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس بہادر تحقیقات کے لئے گئے ہوئے ہیں۔ سنا گیا ہے کہ ابھی اور کل دیہات متعلق پولیس روڑکی کے باشندے فریاد کرنے آنے والے ہیں۔ اور یہ بھی سنا گیا ہے کہ انسپکٹر صاحب کی طرف سے بھی کچھ آدمی ہیں جو اوگی طرف داری کریگے۔ سب آدمی جمع ہو کر بیٹھے ہیں دیکھئے کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ بیان حلفی سے ان لوگوں نے فارم چھپوا لئے تھے کیونکہ سٹیشنروں بیان فشی کسطرح لکھ سکتا تھا۔ (راقم م۔ ن۔ ق سہارنپوری)

عورت کا مرد بنگیا:- قصبہ کھڈیاں ضلع لاہور میں ایک چوہڑی مساۃ لکھی جسکی عمر ۲۵ سال کی ہے۔ عرصہ ۱۱ سال کا ہوا جو نصور ضلع لاہور میں بیاہی گئی تھی۔ شوہر مذکور کے مرجانے پر وہ اپنے والدین کے گھر لینے کھڈیاں میں آگر چند روز رہی۔ اوس کے والدین نے اوسکو پھر موضع میانوالہ علاقہ قصور میں بیاہ دیا۔ جسکو عرصہ دو سال کا عرصہ ہو رہا ہے۔ چنانچہ اوسکا خاوند بھی فوت ہو گیا۔ اب وہ کھڈیاں میں رہتی ہے۔ اور اوسکو بجائے آدمانہ زنانہ کے مردانہ پیدا ہو گیا ہے۔ جو اسطرح پر بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ایک رات ایک اور چوہڑے کے ساتھ ہمخواب ہوئی۔ تو اوسنے اوس سے ظاہر کیا کہ یہ عورت نہیں مرد ہے عورت مذکور اسباب سے خود اقراری ہے۔ کہ اس نے بوقت خواب بجھ سے دست درازی

ہوگا جتنا کہ کسی اور قسم کا پال ٹیکس ہو سکتا ہے۔ جو شخص زمین کا ٹکڑا جس حیثیت اور جس مقدار کا خرید سکتے ہیں وہ بڑی سہولت سے اُسپر ایک تھوڑی سی مقدار محصول کی ادا کر سکتے ہیں۔ مثلاً اگر دس روپے کا کیڑا دس روپے پانچ آنے یا دس روپے دس آنے کو بکنے لگے تو جن کو دس روپے کا کپڑا خریدنا ہے وہ پانچ آنے یا دس آنے زائد بھی ضرور دے دیں گے اور اس کی کچھ پروا نہ کریں گے۔ لیکن اگر خدانخواستہ کوئی ایسا ٹیکس لگایا جاوے کہ جو ہر شخص کی طرح ہر شخص کو دینا پڑے یا ٹیکس کے ٹیکس کی طرح ہر روز ہر باشندہ ہندوستان کا واسطہ پڑے تو وہ البتہ سخت ناگوار اور سخت مخالفت کے قابل ہوگا۔

ہندوستان کی حکومت کی کچھ ایسی طرز بنی گئی ہے کہ پارلیمنٹ میں حضور ملکہ معظمہ کے وزیر ہند یعنی صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ ہند ہی اپنی کونسل کے جو چاہیں کر سکتے ہیں۔ وہ صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ ہند ہمیشہ اپنے بھائی ہندوستان کی غرض کو رعایائے ہند کی غرض پر مقدم رکھتے ہیں خواہ وہ سراسر ناانصافی پر مبنی کیوں نہ ہو۔ مگر صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ ہند کی کوئی منطق کے سامنے کسی کی کچھ پیش نہیں جاتی۔ حال میں ہندوستان کے نمائندوں نے پڑھا ہوگا کہ بجٹ پارلیمنٹ میں پیش ہونے کے موقعہ پر مسٹر سمتھ نے تحریک کی تھی کہ ہندوستان کی مالی حالت کی تحقیقات پارلیمنٹ کرے۔ مسٹر دادا بھائی نوروجی نے اس سے اسی قسم کی تحقیقات کے خواہاں ہیں اس تحریک کی مؤید تھے۔ لیکن سر ایڈورڈ سکوبل نے اس کی مخالفت کی اور بحث کے بعد جنرل چیٹنی نے کہا کہ کم از کم ایک کمشن ایسی تحقیقات کے لئے منظور ہونا چاہئے کہ خزانہ ہندوستان کی حالت انگلستان کے صیغہ جنگ صیغہ خارجہ اور صیغہ امیر البحری کیا دیتے ہیں۔ صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ نے بڑی صفائی سے اس سوال کو ٹال دیا۔ اور بلی زبان سے کسی آئندہ موقعے پر ایک ایسی تحقیقات کی مقرر کرنے کا اشارہ کیا ؎

تا سال دگر مے کہ خورد زندہ کہ ماند

پارلیمنٹ کے اختیارات بہت وسیع ہیں۔ جائز اور مستقل ایجیٹیشن سے بھی اچھا نتیجہ نکلتا ہے۔ لیکن انڈیا آفس کے اختیارات بھی ایسے غیر محدود ہیں جیسے کہ حال میں امتحانات مقابلہ کے ہندوستان اور انگلستان میں متحد الوقت ہونے کی بہت ہاؤس آف کامنز کے منظور شدہ ریزولیوشن کو بڑی سہولت سے ٹال دیا گیا ہے ؎

اس اڑھائی کروڑ روپے کے گھاٹے کو پورا کرنے کے لئے صاحب یہ بھی صلاح دیتے ہیں کہ جبکہ کل ہندوستان کی پر سال گزشتہ میں مسافروں اور اسباب کے کرایہ سے ساڑھے اڑھائی کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی ہے اگر بجائے فی مسافر فی میل ۱/۲ پائی کرایہ کے ۱ روپے سے زائد آمدنی ہوتی ہے اگر بجائے فی ٹن مال ہر میل کے کرایہ پر ایک ادھیلا زائد کر دیا جاوے تو اڑھائی کروڑ سے زیادہ آمدنی ہوتی ہے جو کہ گورنمنٹ کے مالی مشکلات کو حل کرنے کے لئے کافی ہے۔ اور بصورت بڑے پیمانہ محصول نہ لگنے کے ہم اس تجویز کو اور کسی قسم کے ٹیکس سے ترجیح دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ ٹیکس کاریہ گوگراں ہو جاویگا اور رعایائے ہند سے ہر بار ہر شخص کو سال تمام میں اس مد میں بھی اپنا حصہ کسی قدر زیادہ دینا پڑیگا لیکن زیادہ مخلوق اس سے بری رہیگی ؎

تاہم ہاؤس آف لارڈس میں جو بحث روئی پر محصول لگانے کے متعلق ہوئی ہے اور جس قدر سپیکروں نے مخالف اور موافق تقریریں کی ہیں وہ فائدے سے خالی نہیں جنرل لارڈ رابرٹس سابق کمانڈر انچیف ہند نے دوران گفتگو میں صاف صاف سمجھا دیا کہ اگر انگریز ہندوستان کو قبضے میں رکھنا چاہتے ہیں تو انہیں وہاں کی رعایا کو مطمئن رکھنا چاہیئے کہ جس صورت کے سوائے اس ملک پر صرف زور سے قبضہ رہنا مشکل ہے۔ قندھار کے بہادر نے کہا کہ اگر موقع آن بنا کہ ہماری تھوڑی سی فوج۔ ہمارے چند قلعوں اور تھوڑی سی توپوں پر ہمیں بھروسہ کرنا پڑے اور رعیت ہمیں ہماری رفاقت نہ دیں تو ہمیں بڑی مشکل ہوگی۔ واقعی لارڈ رابرٹس کی تقریر سپاہیانہ اور صاف صاف ہے۔ تاہم لارڈ صاحب مطمئن رہیں کہ یہ واقعہ کوئی ایسا موقع نہیں ہے۔ البتہ اس قسم کی بہت سی شکایتیں پیدا ہو جاتی ہیں جو کہ ناراضگی پیدا کرتی ہیں۔ مگر جب تک ایسے فیاض۔ صاف گو اور منصف مزاج انگلستان کے بیٹے موجود ہیں کہ جن کی مثال اس مباحثے میں لارڈ بیسٹ ڈون اور لارڈ رابرٹس نے دی ہے حکومت ہندوستان کو کبھی خوف کا موقع نہیں ہوگا ؎

سوتے فتنے کو جگانا اسی کا نام ہے۔ ہمیں خوب یاد ہے کہ اہل ہنود اور اہل اسلام میں پہلے ناچاقی اور نااتفاقی کی اردو ہندی کے منحوس سوال ہی سے پیدا ہوئی تھی اور پھر بڑھتے بڑھتے اس قدر بڑھی کہ ایک فرقہ دوسرے فرقے کا بات بات میں مخالف ہو گیا اور ہر پولیٹکل اور سوشل معاملے میں ایک دوسرے کے برخلاف قدم دھرنے لگا تم نے خدا کا شکر کیا تھا کہ اب یہ بات پرانی ہوئی۔ مگر ہمارے ہمعصر پیسہ اخبار ۲۲۔ اگست کے پرچے میں پھر شاخسانہ نکالا ہے۔ آپ لکھتے ہیں:۔

"پنجاب کی اردو ایک عجیب غلط ملط زبان ہے جس میں سنسکرت۔ عربی۔ فارسی اور دیگر دیسی زبانیں آمیختہ ہیں۔ کہ ہم نے کبھی کسی پنجابی کو بامحاورہ اردو لکھتے نہیں دیکھا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ہم ایک اجنبی زبان کے محاورات پر حاوی نہیں ہو سکتے۔ چند دن ہوئے کہ ہم نے ایک گرمکھی اخبار کو دیکھا تھا جس میں ایسی قدرتی لطافت اور سلاست تھی کہ ہم نے پنجابی اردو میں کبھی نہیں دیکھی" اگر ہمارے ہمعصر اردو سے اس لئے ناراض ہیں کہ وہ فارسی اور سنسکرت وغیرہ زبانوں کا مجموعہ ہے تو سب سے بہتر ہوگا کہ انگریزی بھی نہ لکھا پڑھا کریں کیونکہ یہ بھی تو لیٹن۔ گریک۔ فرنچ وغیرہ زبانوں سے مرکب ہے۔ اور اینگلو سیکسن الیمنٹ (جزو) اس میں بہت ہی کم ہے۔ آپ نے غلطی کی جو فرمایا کہ اس میں صرف فارسی۔ عربی اور سنسکرت شامل ہے۔ اردو زبان کی یہ ٹینڈنسی اور میلان ہے کہ اس میں انگریزی وغیرہ کے الفاظ بھی ملتے جاتے ہیں۔ وہ ایک الگ موضوع ہے افسوس ہے کہ ہمارے ہمعصر اردو سے بالکل بے بہرہ ہیں۔ یہاں تو یہ معاملہ ہے "بھینس کے آگے بانسری بجے۔ بھینس جگالی کرے"

لاہور ہی میں کئی پنجابی موجود ہیں جو اردو میں صاحب تصنیف ہیں اور جن کی اردو کو دلی والوں نے مانا اور تسلیم کیا ہے۔ لطف یہ ہے کہ ہمارے ہمعصر کو اردو ذرا بھی نہیں آتی اور باوجود اس جہل کے اس کا مقابلہ کرنے سے نہیں شرماتے ہیں۔ اردو کی نسبت یہ کہنا کہ دلی اس کو کبھی نہیں لکھ سکتا بعینہٖ ایسا ہی دعویٰ ہے جیسا کہ کوئی کہے کہ ایک بنگالی انگریزی بالکل نہیں لکھ سکتا۔ تعجب ہے کہ بنگالی انگلستان کی زبان میں تو انگریزوں کی غلطیاں پکڑنے کا دعویٰ کریں اور اہل پنجاب جن کا دلی کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے اردو میں دو فقرے بھی نہ لکھ سکیں۔ ہم اپنے ہمعصر سے التماس کرتے ہیں کہ وہ اپنی نرالی رائے سے اردو زبان کو معاف رکھیں۔ بلکہ ان کی مہربانی سے پھر فریقین میں ہاتھا پائی ہو جاوے۔ "بخشو بی بلی چوہا للہ تو ہی ہے گا"

سچی اور جھوٹی ظرافت

بانی مخمل نما فلسفہ ہر خندہ بے محل
کفش چون بندان بر اردو دہل اندر گلے

جس تحریر میں ظرافت کی جاشنی ہو وہ الٹرو لچپ معلوم کیجاتی ہے اس لئے اکثر مصنف اس قسم کی تحریر کے طالب ہوتے ہیں۔ مگر اس بات میں اس سے بہت کمیابی حاصل ہوتی ہے۔ ایسی تحریر کا دماغ سے پیدا کرنا جس میں سچی ظرافت اور اصلی مذاق ہو بہت دشوار ہے۔ ظرافت ایسی قوت متخیلہ کا ظہور نہیں ہے جس میں عجائب المخلوق یا قوین خیالیہ ہوں۔ یا ایسے دماغ کی پیداوار نہیں ہے جس میں ایسے خیال اور اقتباس بھرے ہوئے ہوں جو۔ اعتدال سے متجاوز ہوں اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ بعض اشخاص جب کوئی لچر دلچسپ کرتے ہیں یا ذلیل ہنسی ہنستے ہیں یا ایسی تحریر کرتے ہیں کہ جسے بادہ خوانی یا بادہ گوئی کہنا چاہیئے تو وہ اس کا نام ظرافت اور مذاق رکھ دیتے ہیں کیونکہ انسان ان کو پڑھ کر یا سنکر ہنسی کو ضبط نہیں کر سکتا۔ اور پھر اپنی حماقت پر ہوئے نہیں سماتے اور اپنے آپ کو مطبع گو زندہ دل۔ بذلہ سنج اور لطیف ظریف کی ہمکایات سے خاطب کرتے ہیں مگر غور سے دیکھا جاوے تو اُن کے افعال ایسے ہوتے ہیں کہ جو ہماری رائے میں اُن کے لئے مناسب جگہ پاگل خانہ کے سوا اور کوئی نہیں ہے +

یاد رکھنا چاہیئے کہ خوش طبعی اور ظرافت جو ایک متعقل ناطقہ کے تابع اور تمیز کی حد سے محدود ہوتی ہے۔ جو ذات ایڈیسن انگلستان کے ایک مشہور و معروف مصنف فرماتے ہیں کہ جب ہم کسی بے سلیقہ اور اناڑی مصنف کے اس قسم کے حواس باختہ یا ہذیان زدہ خوشطبعی پر نظر ڈالتے ہیں تو ہم ایسے وحشی نہیں ہیں کہ محظوظ ہوں۔ بلکہ بجائے ہنسی آنے کے مجھے اس کی حالت پر رحم آتا ہے۔ اس میں کچھ کلام نہیں کہ اس قسم کے شوخ بے ربط پرچے جو اکثر رسالے اور مہینے مضمون میں چھاپے جاتے ہیں ظرافت یا مذاق کی صفتوں سے بالکل معرا۔ عقل و فہم سے نتائج ہوتے ہیں +

افلاطون کی تائید کر کے ہم ظرافت کی فضیلت شرافت اور جبلت ایک مثیل کے ذریعے سمجھاتے ہیں "

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم شنبہ ۸ ستمبر ۱۸۹۴ء

سوتی کپڑے پر محصول

ہم ہندوستان کی مادی ترقی پر کسی گرنٹ مقنو ہیں رہے ہوئے ظاہر کر چکے ہیں کہ مارکوس آف لینسڈاؤن صاحب وائسرائے ہند نے ہاؤس آف لارڈس میں اس امر کی جانب پھر توجہ دلائی ہے کہ ہندوستان کی مالی حالت کی ابتری کا علاج کرنے کے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چنگی انگلستان سے ہندوستان کو جاتا ہے اسپر پانچ فی صدی قیمت کے لحاظ سے محصول درآمد ہندوستان میں ضرور لگایا جاوے۔ تاکہ ہندوستان کی بجٹ میں جو ڈھائی کروڑ روپے کی کمی ہے وہ بلا کسی اور قسم کا ٹیکس لگانے کے پوری کیجاوے۔ ساتھ ہی ہم نے یہ بھی لکھا تھا کہ انگلستان کے سب سے بڑے امپورٹ اجناس ٹائمس کی سوتی کپڑے کی درآمد پر محصول لگانے کی نسبت رائے ہے کہ اس کپڑے پر لنکا شائر کے کپڑا بننے والوں کی رعایت سے محصول نہ لگنا چاہیئے بے انصافی ہے۔ اور ہندوستانی پبلک کی ناراضگی پر کچھ تعجب نہیں۔ اس وقت دیسی پریس کے بعض اخبارات میں گورنمنٹ پر حملے کرنے کی پہلے ہی آماجگی پائی جاتی ہے۔ پھر انہیں گورنمنٹ کو یہ الزام کرنے کا ایسا اچھا موقع دینا عقل سے بعید ہے۔ "ٹائمس" وہ اخبار نہیں ہے جو خواہ مخواہ لنکا شائر کے جولاہوں کی طرفداری پر ہندوستانیوں پر کسی نئے ٹیکس نہ لگنے کو ترجیح دے۔ لیکن اس میں شبہ نہیں کہ وہ ایسے اہم معاملے میں خاموش نہیں رہ سکتا جبکہ ہندوستان پر کسی دوسرے نئے ٹیکس کے لگنے کی صورت میں عام رعایا کی ناراضگی کا اندیشہ ہو۔ اور اخبار والے گورنمنٹ پر سچی گفتہ بینی کی گولہ باری کریں۔ دوسری طرف لارڈ لینسڈاؤن جو ہندوستان سے بہت بڑا عرصہ ہوا ہے ہیں ہندوستان کے کوئی بڑے خیر خواہ مشہور نہیں۔ لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ ٹیکس کی مد میں وہ اپنے ملک کے بڑے خیر خواہ ہیں۔ اور ہندوستان میں پانچ سال کا عرصہ رہنے کے باعث اُن کی رائے معاملات ہند کی نسبت کسی معمولی لارڈ یا مسٹر خواہ سکرٹری آف سٹیٹ ہند کی رائے نہیں ہے کہ جو صرف کاغذات سے حاصل کی گئی ہو۔ لارڈ لینسڈاؤن بہادر نے بڑی قابلیت سے ثابت کر دیا کہ دراصل کپڑے پر محصول لگانے کی نسبت آواز کوئی ٹیکس ایسا نہیں کہ جس کو ہندوستانی خوشی سے منظور کر لینگے۔ اور جب تک کوئی ایسا انتظام نہ کیا جاوے ممکن نہیں کہ ہندوستان کی مالی حالت سدھرے۔

ظاہر ہے کہ کپڑے پر ٹیکس لگنا اہل ہند کے لئے اتنا دشوار نہیں جتنا کہ نمک پر ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ کپڑا ہر شخص کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ ایک حد تک تجمل کی چیز ہے۔ اور اس کی کھپت کا بہت بڑا حصہ امراء کے ہاتھ میں ہے۔ اور امراء کی آمدنی پر ٹیکس لگنا ہندوستان میں کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اور اس کے لگنے سے کوئی بڑی شکایت پیدا ہونے کا احتمال نہیں ہے۔ اور اگر کپڑے پر ٹیکس لگنے سے کپڑے کی کھپت میں کچھ کمی ہو جاوے تو اس کا اثر لنکا شائر کے جولاہوں پر ہوگا۔ نہ کہ ہندوستان کے کاشتکاروں پر۔ اور اس کمی کا اثر ہندوستان کی زراعت پر کچھ نہیں ہوگا۔ اور ہندوستان کی مالی حالت کی اصلاح کے لئے ہم کو ایسا ہی ٹیکس درکار ہے۔ جو ہندوستان کی زراعت پر اثر نہ کرے۔ اور ہندوستان کی مالی حالت کی اصلاح کرے۔ اور ایسا ٹیکس کپڑے پر ہے۔ اور ہم کو امید ہے کہ ہندوستان کی رائے عامہ اس ٹیکس کے لگنے کی نسبت کوئی مخالفانہ رائے ظاہر نہ کریگی۔ اور اس ٹیکس کے لگنے سے ہندوستان کی مالی حالت کی اصلاح ہو جاوے گی۔

(لاہور و پنجاب)

— وزیرستان محسود کی فوج حافظ اوّل کو بنگ ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے روانہ ہو کر کوہاٹ اور کوہاٹ سے بنوں پہنچیگی۔ — حد بندی کا کام آئندہ ہفتہ سے شروع ہوگا۔

— مہاراجہ صاحب کشمیر و راجہ رام سنگھ صاحب سی۔ ایس۔ آئی اور امر سنگھ صاحب سی۔ آئی۔ ای معہ کونسل ریاست ماہ نومبر میں شریک دربار راولپنڈی ہونگے۔ — سی۔ ایچ۔ ایمرسن کونسل والیت جائینگے۔

— مسٹر فنی ہفتہ میں خاں دوراں لاہور سے واپس آجائینگے۔

— کرنل جیمز ایمرسن ملٹری سکرٹری ریاست کشمیر عنقریب دورہ کرینگے اور سٹرلارنس افسر بندوبست بحصول خصومت والایت کو جائینگے۔

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالمجید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت عثمانی ۲۸ قطعہ تصاویر

سے کی ۱۰۰ دو صفحے کی کل حجم تین سو صفحے سے زیادہ

بلحاظ جسامت ہندی اور دوہری حروف میں کتاب ہذا

بالکل تیار قابل دید!

قیمت جلد اک روپیہ ۴ آنہ

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

خط التقدیر یعنے سند مرگ

یہ کتاب جو انگریزی سے ترجمہ کی گئی ہے ہاتھ کے پنجہ سے انسان کی قسمت اور اسکی طبیعت و خصلت کے حالات معلوم کرنے کے بارے میں ہے اس میں انسان کی ہتھیلی اور اسکے ہاتھ کی قدرتی تدبیر کے موافق سو کے قریب ایک چھوٹے نقشوں کے درج ہیں جو الگ الگ ہاتھوں کی ہاتھ سے خالی نہیں اور اس نے ہاتھ کی لکیریں ہی کسی شخص کے لئے بتائی ہیں وہ اس کتاب سے بخوبی ملخص حاصل کر سکتے ہیں

کا رفاہ عامہ پیسہ اخبار سے مل سکیگی

یعنی سکاٹ صاحب کا خیال ہوا اچھی کہانی اس

جس میں ایک بچہ شاہزادہ اور سوداگر کا لڑکا بھی ہے

اشتہار

خود معلم انگریزی کتابیں مقعہ ترجمہ اردو مصنفہ مولوی وزیر احمد بی اے

۱۔ پہلا حصہ اول ۔ یعنے لفظ کا تلفظ جدید و نادر قواعد تلفظ انگلیسیہ مکمل نیس اس سے بہتر پرائمر مبتدیین صفحہ ۳۸۰ ۔

۲۔ پہلا حصہ دوم ۔ یعنے ہزار انگریزی مذکرہ بول چال کے جملے تفریح گفتگو وغیرہ مفید مبتدیین جدید صفحہ ۲۵۰ ۔

۳۔ نیو فرسٹ لیسنس ۔ یعنے مفید سبق ماہی کتاب سے مقصد یہ ہے کہ انگریزی میں ترجمہ کرنا آ جائے اور انگریزی کا بولنا بھی آ جائے اس کتاب کے چار حصے ہیں ۔ حصہ اص ۱۰۰ ۔ حصہ ۲ ص ۴۰۰ ۔ حصہ ۳ ص ۴۴۱ ۔ حصہ ۴ ص ۳۶۴ ۔

۴۔ بینول آف گرم ۔ معہ ترجمہ اردو مع حصوں مین کامل صرف نحو صفحہ ۶ قیمت معہ محصول ۵ ۔

۵۔ ورڈ بک ۔ اس کتاب مین لاکھ اور تیئیل ریڈر حصہ اول کا اردو ترجمہ اور شرح ہے اور الفاظ کے معنے ہین اور نہایت ہی مفید اور کارآمد نوٹ ہین قیمت معہ محصول صرف ۱ ۔

۶۔ ایک ہزار انگریزی ضرب الامثال جملے معہ ترجمہ اردو قیمت معہ محصول صرف ۳ ۔

۷۔ دو ہزار اردو ٹیم ۔ یعنے انگریزی محاورے اس کتاب سے بکالنا ملک مین نئی ہین ۔ ہمین انگریزی محاورے معہ ترجمہ انگریزی شرح کے ہین ہر قسم کے طالب علم کو اس کتاب سے بے انتہا فائدہ ہوگا ص ۵۰ ۔ قیمت معہ محصول صرف عہ ۔

۸۔ یونیورسل لیٹر رائٹر ۔ دو حصون مین حصہ اول صفحہ ۱۰۰ ۔ قیمت عہ ۔

۹۔ ۔ ۔ حصہ دوم صفحہ ۱۶۰ معہ محصول ۸ ۔ ہر قسم کی صدہا چھپیان ڈاک وغیرہ حصہ اول مجلد عہ ہر دو حصہ مجلد عہ ۱۱ ۔

۱۰۔ اینگلو اردو یا پلیٹر رائٹر ۲ ۔ مین انگریزی کا منشی سیکھنے اردو مین ہر صفحے کے محاذی پتھر کے چھاپہ مین قیمت ۸ ۔

۱۱۔ جنرل انکساسٹ صدہا لڑکا کا خط اور خلاصہ ہے صفحہ کلان ۳۰ ۲۵۰ قیمت عہ ۔

فہرست کلان درخواست پر

المشتہر ۔ اے ۔ بی ۔ اینڈ کو بک ایجنٹ بریلی

پانچ روپیہ پر حکیم حاذق

یعنے عجب سفری ادویات جوہری کی جسمین تعریف پچاس بیماریون کی نہایت تجربہ و رجیب ثابت ہوئی ہے جو ہر دو سو مریض کیلئے کفایت کرین لمبہ پہیہ ترکیب استعمال ہر دو مین ہے نوادر صندوق بڑی جانفشانی سے بنائی ڈاکٹری جواہر کو ترکیب دیکر ان اصحاب کے لئے تیار کرایا گیا ہے جو اکثر سفر مین یا ایسے مقامون مین رہتے ہیں جہان حکیم و ڈاکٹر مفقود صورت ہون ہر ایک گھر مین اس کا ہونا ضروری ہے وقت پر کام آئے حکیم کا کام دے سکتا ہے قیمت ملاحظہ

المشتہر حکیم ۔ اکڑ جواہر دین جوہر ملاک ۔ مہیم خانہ انگریزی روہتاس پریڈ ریچ پنجاب

"علم مسمرزم" پر ایک نادر کتاب

موسومہ

زندہ کرامات

مصنف نے اپنے آٹھ سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اس کا دعوے ہے کہ اگر ایک ماہ کے اندر مریض شفا نہ پاوے مسمرزم بشرط کوشش تکمیل کیساتھ نہ آجائے تو سو روپیہ جرمانہ ادا کرین جو سیونگ بنک مین جمع ہین اس کتاب کے خریدار کو شہادت کی ضرورت نہیں ہوتی اکثر لوگ اتفاقات عاجلہ کی تھے جو میل سے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے اس کی عمدگی مین اس سے زیادہ ثبوت کی ضرورت نہین قیمت فی جلد علاوہ رسول خواست بنام منشی اسماعیل پلیڈر ایف سی ایس مراد آباد علاوہ فاتحون آنی چاہئے +

جوہر زراعت

اردو مین نئی کتاب چھپی ہے ۔ معہ تصویر انگریزی تعجب عمر جس مین ہر قسم کی دیسی ترکاریان ۔ والایتی ترکاریان ۔ مصالحہ جات پھل پھلے اور عجیب و غریب اشیائے تجارتی کے حالات مفصل و ترکیب کاشت و شناخت قسم وکھاد وغیرہ مین وغیرہ معہ تجربات کے مندرج ہین ہر ہری خریدار اور معتبر ہے اس کے فوائد سے محروم نہ رہنا چاہئے اس کی دلالت تک تعریف بھی ہے +

جوہر حیوانات

یہ کتاب بھی بے نظیر ہے ۔ نہایت دلچسپ و ضروری ہے ہمین عام دنیا کے ہر قسم کے جانور خانگی و جنگلی چرند و درند و خاکی پرند و شکلی آبی پرند بکثرت مع تصویر کے تعریف و حالات و خواص و پیدائش و بیماری و علاج و غیرہ مین مفصل عجیب مصنف جانورون کے حالات معہ تصویر انگریزی قیمت عصر

جوہر مشاہیر

جس مین دنیا بھر کے تمام بڑے بادشاہون کے حالات پیغمبرون اور بہادرون کے حالات مفصل مشہور عورتون کے مختصر زمانہ حال کی نامی گرامی لوگون کے حالات معہ تصاویر قیمت عہ ۔ جوہر نباتات نباتی اور دنیا کے حالات معہ تصاویر جوہر ریاضی ہیئت جوہر تحریر عہ ۔ جوہر معدنیات ریاضی

المشتہر زمیندار پریس ڈاکخانہ ہردوج ضلع علیگڈھ ۵ +

نادر کتب

کلمات طیبات ۔ یہ ایک صحیح مجموعہ مکتوبات کا سلسلہ ربانی خاندان میں چھپکر تیار ہوا ۔ مکتوبات کیا ہیں گویا لعل و گوہر کان سعادت جان مسلمانون کی ہیں کہ ایک تحریر ہے ہمیں حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی حضرت سید عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ صاحب مہیمات دینی حضرت مولانا شاہ احمد سعید صاحب مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے مکتوبات نہیں ہیں لاکھ علماء اولیاء طویل مکتوبات کے مجموعات موجود ہیں مگر یہ مکتوبات تربیت و ارشادات و ہدایت نامے اور ہی کچھ ہیں ۔ ہر ایک مکتوب کا کچھ نہ کچھ خبر ہے ۔ ہر مکتوب کا مضمون جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مطلب جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مقصد جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مدعا جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مرکز جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا محور جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مرجع جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مآل جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا منتہا جدا ہے ۔ ہر مکتوب کا مبد

اشتہارات

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاس شیخ عزیز بخش

مقام اجنالہ ضلع امرتسر درجہ دوم

کرپارام وارثند رداس قوم کھتری ساکن اجنالہ ... مدعی

بنام

کالو ولد ہیرا قوم ارائیں ساکن بگا ... مدعا علیہ

دعوے بمبلغ ۱۰۰ روپے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عملدرآمد پر ... ہے اس لئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۳۰ اگست ۹۲ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی نہ دے گا تو اس کے برخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاس شیخ عزیز بخش صاحب

مقام اجنالہ ضلع امرتسر درجہ دوم

ہرام گھوڑہ ساکن گھوڑہ قوم ... ساکن ... مدعی

بنام

منگل سنگھ ولد کاہن سنگھ جٹ ... ساکن ... مدعا علیہ

دعوے بمبلغ ... روپے

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عملدرآمد پر ... ہے اس لئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۳۰ اگست ۹۲ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی نہ دے گا تو اس کے برخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاس شیخ عزیز بخش صاحب

مقام اجنالہ ضلع امرتسر درجہ دوم

ہرام گھوڑہ ساکن گھوڑہ قوم ... ساکن ... مدعی

بنام

منگل سنگھ ولد کاہن سنگھ جٹ ... ساکن ... مدعا علیہ

دعوے بمبلغ ... روپے

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عملدرآمد پر ... ہے اس لئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۳۰ اگست ۹۲ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی نہ دے گا تو اس کے برخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاس شیخ عزیز بخش صاحب

منصف درجہ دوم پرگنہ اجنالہ

ہرا کاظم ہنڈی ... ساکن کتھری ... مدعی

بنام

مسماۃ ہر بنسی زوجہ جنا ساکن گھوڑہ قوم ... ساکن کرنال پرگنہ اجنالہ ... مدعا علیہا

دعوے بمبلغ ... روپے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہا تعمیل سمن سے گریز کرکے عملدرآمد پر ... ہے اس لئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہا بتاریخ ۳۰ اگست ۹۲ء بوقت ۱۰ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی نہ دے گا تو اس کے برخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بالا اجلاس منشی شیخ عزیز بخش

مقام اجنالہ درجہ دوم

ہرا گھوڑہ ساکن گھوڑہ قوم ... ساکن ... مدعی

بنام

دتو ولد نوجو قوم کہار ساکن چک خضر بخان ... مدعا علیہ

دعوے بمبلغ ... روپے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عملدرآمد پر ... ہے اس لئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۳۰ اگست ۹۲ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی نہ دے گا تو اس کے برخلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی +

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاس شیخ عزیز بخش صاحب

مقام اجنالہ ضلع امرتسر درجہ دوم

ہرام داس ولد ... ساکن ... مدعی

بنام

کالو ولد ... ساکن

کہ حقدار کو اپنا حق ملے ۔

اگر بعض طالب علم باوجود استطاعت کے بھی مدد مانگتے ہیں تو اسکی آسان تجویز یہ ہو سکتی ہے کہ جسطرح کالج میں داخل ہونے کے لئے ہیڈ ماسٹر یا یونیورسٹی کے میٹریکولیشن کی ضرورت ہوتی ہے اسی طرح مدد حاصل کرنے کے لئے بھی طالب علم کو سند پیش کرنی لازمی ہو۔ جس شہر یا گاؤں کا رہنے والا کوئی درخواست کرے اول تو وہاں کے بزرگوں کا باقاعدہ اسکے پاس سرٹیفکیٹ ہونا چاہئے کہ وہ شخص بیشک مفلس ہے کہ اور سے بھی مدد کی ضرورت ہے۔ دوسرے جس سکول سے اوسنے انٹرنس پاس کیا ہے وہاں کے ہیڈ ماسٹر کا علیحدہ سرٹیفکیٹ ہونا چاہئے کہ وہ طالب علم واقعی مفلس ہے۔ تیسرے اگر اس طالب علم کا باپ زندہ ہو تو اسکی عرضی پرنسپل کالج کے پاس آنی چاہئے کہ میری مالی حالت اسقدر نہ کی ہے کہ اپنے بیٹے کو تعلیم کے کل اخراجات نہیں دے سکتا۔ چوتھے درخواست کنندہ کے جسقدر واقف طالب علم بورڈنگ ہوس میں موجود ہوں اُن سب سے دریافت کیا جاوے کہ آیا وہ شخص مدد دینے کا مستحق ہے بھی یا نہیں اگر یہ چار باتیں کام میں لائی جاویں تو بہر میزان مہ سکہ کسی غیر مستحق آدمی کو مدد مل سکے ۔

اب صرف یہ بات باقی رہتی ہے کہ بورڈروں سے خرچ کسیوقت لیا جاوے آیا سہ ماہی یا ایک ٹرم کا یا ماہانہ پیشگی لیا جاوے۔ جناب پرنسپل صاحب مسٹر بک نے جو قاعدہ ایجاد کیا تھا میری رائے میں اس سے بڑھ کر کوئی قاعدہ ہندوستان کی حالت کے لئے موزون نہیں ہو سکتا وہ قاعدہ یہ ہے کہ ہر ایک بورڈر کو دس تاریخ تک مہینے کا خرچ ادا کرنا ہوتا ہے اور اگر اس تاریخ کو ادا نہ کر سکے تو پڑھائی کے رجسٹر پر اسکی حاضری کا شمار نہ ہوگا اور جب تک کل روپیہ ادا نہ کر دے اوسوقت تک اسکے لیکچر جو اوس نے پر وفیسروں سے سنے ہوں شمار میں نہ لائے جاویں۔ اسطرح ہر ایک طالبعلم کو حتے الامکان دس تاریخ تک کل مہینے کا خرچ ادا کرنا پڑتا ہے کیونکہ ہر ایک کو یہ ڈر رہتا ہے کہ اگر لیکچروں کی تعداد کم ہوگی تو پھر یونیورسٹی کے امتحان میں نہ جا سکونگا۔ اب میرے خیال میں اس قاعدے کو بدلنا کچھ بہت مفید ثابت نہ ہو سکے گا۔ کیونکہ اگر سہ ماہی کا قاعدہ رکھا جاوے تو غریبوں کو بہت دقت پڑے گی اور کالج میں اسی فیصدی پڑھنے ہی غریب ہی ہیں۔ لہذا کثیر تعداد طلبا کی حالت کسی مطابق قاعدے کا بنانا بہت ہی ضروری ہے۔ جن طلبا کے مربیوں یا والدین کو صرف اسقدر روپیہ ملتا ہے کہ وہ جس مہینے میں ملے اُسی میں خرچ ہو جاوے انکے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دقت نہ ہوگی کہ اُن سے یکمشت ایک رقم لے لیجاوے۔ اگر کالج ایک خاص رقم وظائف پر خرچ کرنا چاہتا ہے تو وہ ایک ہی بات ہے خواہ وہ ماہانہ دئے جاویں خواہ ایک ٹرم کے لئے۔

طالب علموں کیطرف سے وظائف کے مانگنے میں ایمانداری کی جیسی پہلی حالت میں ضرورت ہے ویسی ہی دوسری حالت میں۔ فرینچر اور کالج کے مقررہ لباس کا روپیہ اگر طالب علم ہی کو ادا کرنا ہے تو وہ ماہانہ خرچ کے ساتھ ہی ادا ہو سکتا ہے اور سہ ماہی کے خرچ کے ساتھ بھی جب طالبعلم کالج میں داخل ہوا وسوقت اوس سے کل ضروری معارف لے لئے جاویں اور پھر جس جس موقعہ پر لباس کو نیا تیار کرانے کی ضرورت پڑے اسیوقت اور اور روپیہ لے لیا جاوے ۔

عبداللہ۔ طالبعلم فورتھ ایر کلاس علیگڈھ کالج

نامہ نگاروں کی مرسلہ خبریں

اطلاع :۔ بہت اصحاب ہم سے وقتاً فوقتاً دریافت کرتے رہتے ہیں کہ کیا ان کی مرسلہ خبریں پیسہ اخبار میں درج ہو جاینگی۔ جمیع ناظرین کو واضح ہو کہ جو خبر تازہ صحیح اور دلچسپ انہیں ہے وہ بہت مختصر لکھکر فوراً ہمیں بھیجدیں ہم بلا توقف چھاپ دینگے۔ ایسی خبروں کا معاوضہ ہم کچھ نہیں لیتے اور نہ کچھ دے سکتے ہیں۔ ایڈیٹر پیسہ اخبار ۔

جے پور کے ناہر گڈھ پلٹن کا جو سپاہی تیتورس سال نہا میں ہزاروں آدمیوں کے مجمع اور پولیس کے انتظام میں کسی شبہ سے اپنی بی بی اور معصوم بچہ کو قتل اور خسر کو زخمی کر گیا تھا۔ رانا کے اودے پور سے مجرم پکڑ کر گرفتار کر لایا۔ باوجودیکہ مجرم پولیس کے اکثر اعلے حاکموں کی ماتحتی میں مدتوں رہ چکا ہے۔ اور بعدہ قلعہ میں بھی نوکر رہا ہوا تھا تاہم انہیں حکام اور اپنے ساتھی پیڑہ والوں سے انکار کرتا ہے کہ میں نہیں ہوں۔ تحقیقات سپرد ہے ۔ (س ع۔ از جے پور)

کاہنواڑہ سیونی چھپارا :۔ موضع سکترا میں جو اس موضع سے دو تین میل کے فاصلہ پر ہے ایک بکری نے ناف سے بچہ جنا مگر تولد کے بعد ناف جوں کی توں بند ہو گئی۔ اور بچہ بیس منٹ کے بعد مر گیا۔ ضلع سیونی میں قلت آب کیوجہ سے شور و فغاں ہو رہی ہے۔ نرخ غلہ گراں ہے ۔ (محمد عبدالجبار خاں)

بلاسپور ممالک متوسط میں دو سو مسلمانوں کا مجمع ۲۹ جولائی کی سہ پہر کو ہوا اور ایک انجمن قایم کر نیکی تجویز کی گئی کہ جسکے اغراض یہ قرار پائے۔ مدرسہ اسلامیہ قایم کیا جاوے۔ مسجد اور عیدگاہ کا انتظام درست رہے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل بزرگ انجمن کے عہدہ دار ذمہ وار انصرام کرنے ان امور کے ہوئے۔ جناب محمد وزیر خانصاحب بنچ مجسٹریٹ میر مجلس۔ جناب محمد اکبر خاں صاحب تعلقدار نایب میر مجلس۔ اور منشی امام خانصاحب سررشتہ دار پولیس سکرٹری (منور خاں مالگذار)

جے پور۔ محرم سے بارش کا نام و نشان گم۔ گرمی کا زور شور اسقدر ہے کہ الامان کے نالے بلند ہیں۔ خلقت کے حواس باختہ و ہوپ کی طپش نے بنو و گھاس کو جھلسا دیا۔ بیچارہ کسانوں کی آنکھیں آسمان پر لگی ہوئی ہیں۔ کھیتی کی حالت ابتر ہے غلہ کی گرانی نے سب کی خبر لی۔ قرب و جوار ملک دور دراز تک سے بھی بارش نہ ہونے کی شکایت کی خبریں سننے میں آ رہی ہیں آج ۳۱ جولائی کی رات سے ابر ہے (اسع)

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

جناب منشی وزیر محمد صاحب خاطی بمبئی سے لکھتے ہیں الحمد للہ مجھے آج پھر یہ عرض کرنیکا موقعہ ملا۔ ذیل کے دو اصحاب کے نام نئے نام لکھتا ہوں ..... بذریعہ ویلیو پے ایبل بھیجکر قیمت وصول کر کے پیسہ اخبار جاری کر دیں (۱) جناب مولوی سراجدین احمد صاحب مدرسہ حافظ محمد حسین صاحب بمبئی (۲) جناب منشی سید ہاشم رضا صاحب بمبئی ..... اور یہ آٹھواں اور نواں خریدار ہیں۔ میں ہمیشہ اس فکر میں ہوں اور رہونگا کہ بلا امید شکریہ خالص محبت سے خریدار پیدا کرتا رہوں ۔ جناب بانکے بہاری لعل صاحب گرد اور قانونگو ہنومان گڈھ۔ بنام منشی قادر بخش لالہ صاحب گرد اور قانون گو جناب سید علی عباس صاحب تحصیل ریواڑی۔ جناب لالہ ٹھاکر داس صاحب مدرس فارسی جناب پنڈت جگموہن ناتھ صاحب ریاست جموں۔ بنام سندھی بیگ صاحب جمعدار منگلات۔ جناب فرحت حسین صاحب محرر سید علی تقی صاحب وکیل ہردہ۔ بنام مولوی حکیم حمید حسین صاحب جناب عبدالسلام صاحب بی۔ اے۔ ہیڈ ماسٹر جیل پور۔ بنام شیخ حبیب اللہ صاحب زمیندار ضلع اعظم گڈھ۔ جناب محمد اکبر خانصاحب تحصیلدار ترکلمر و جموں۔ بنام منشی گوپی چند صاحب تھانہ پولس جناب محمد امام الدین صاحب اجمیر۔ بنام شیخ محبوب علیصاحب بسوے دار جناب محمد رکن الدین صاحب محکمہ کمسریٹ پشاور۔ بنام بابو مرے نگہ صاحب پشاور۔ جناب محمد بخش خاں صاحب دفعدار سالوتری جہاولی جالندھر۔ بنام منشی امام بخش صاحب گھڑی ساز جناب حشمت خاں صاحب حوالدار آگرہ۔ بنام چودھری دینا ناتھ صاحب کپتنی نوئل علاقہ گلگت (دو خریدار پہلے بھیج چکا ہوں) جناب سید محمد علی صاحب کا پتہ دار بنام شیخ اسمعیل میاں صاحب قصبہ کوڈینا جناب میر نادر علی صاحب چار مینار حیدرآباد۔ بنام مرزا ہدایت اللہ بیگ صاحب جناب منشی سید حیدر علی صاحب اہلمد فوجداری نظامت سماگنڈہ۔ بنام منشی محمد نعمت صاحب شتہ دار جناب منشی بیج رام صاحب محرر سارجنٹ رام عوام بنام ماسٹر بہاری لعل صاحب مدرس جانڈی جناب منشی کرصاحب ازپانی پت۔ بنام احمد حسین خانصاحب طالبعلم علیگڈھ کالج جناب کانشی رام صاحب پٹواری بنام لالہ اوتم چند صاحب پٹواری تحصیل مروان جناب سید حسن صاحب طالبعلم کالج اورنگ آباد۔ بنام رائے جگمہن لعل صاحب جناب احسان الحق صاحب منشی سررشتہ نہر آگرہ۔ بنام منشی محمد یار خانصاحب اوورسیر نہر جناب منشی محمد یحیی خانصاحب محرر تھانہ بھوپال۔ بنام لالہ رام لعل صاحب پٹواری و منشی عبدالرحمن صاحب ناکیدار جناب ہری رام صاحب گپتا طالبعلم ریاست نابھہ۔ بنام دولت رام صاحب طالبعلم مدرسہ

مختلف دروازوں سے داخل ہوکر ایک ڈائننگ ہال میں جمع ہوتے ہیں اور سب کے سب بسم اللہ کرکے کھانا شروع کرتے ہیں۔ اسوقت ایک نئے آئے ہوئے انسان کے دل پر واقعی ایک عجیب نقشہ جمتا ہوگا۔ گو ہمارے لئے تو ایک معمولی بات ہوگئی ہے۔ لیکن وہ جب دیکھتا ہوگا کہ کہیں ترکی ٹوپی کے ساتھ سفید چوغی کوٹ ملا ہوا ہے۔ کہیں سنگدار اچکن پر ململ کی پگڑی ہے کہیں کوٹ پتلون پر زری کی ٹوپی اور پاؤں میں سلیم شاہی جوتا اور کہیں برکش کوٹ کے ساتھ دیسی زری کا جوتا ہے اور سر پر دوپلو ٹوپی لگی ہوئی ہے۔ تو معاً اسکے دل میں خیال آتا ہوگا کہ کاش ان سبکا لباس ہی ایک ہوتا۔ طالب علموں سے بڑھکر لباس میں یکجہتی پیدا کرنے کی آرزو اور کسکو نہیں ہوسکتی۔ لہذا طالبعلم بڑی خوشی سے اپنے لباس کو ایک سا اختیار کرینگے۔ علاوہ اسکے جو لباس تجویز کیا گیا ہے۔ اسکے اظہار کرنے میں کسیکو عذر بھی نہیں ہوسکتا۔ حیدرآبادی اچکن مسلمان ثمر فاحیدرآباد کا لباس ہیں ہے۔ اور مسلمانوں ہی کی ایجاد کی ہوئی ہے۔ ترکی ٹوپی کاشیل درس ہے۔ اور انہیں کی ایجاد کی ہوتی ہے۔ بوٹ سے بڑھکر پاؤں کو آرام دینے والا اور کسی قسم کا جوتا نہیں ہوسکتا۔ اور میری آرزو ہے کہ جسقدر جلد دنیا سے یہ پرانی طرز کے جوتے معدوم ہوں اسیقدر بہتر ہے۔ علاوہ اسکے تمام ترکوں کی قوم بوٹ کا استعمال کرتی ہے۔ وہاں چمٹی ناموزوں جوتیوں کا کہیں نام و نشان بھی نہیں۔ مصر کے کئی کروڑ مسلمان بوٹ پہنتے ہیں حتکہ ایران میں بھی بڑے بڑے شہروں کے لوگ انگریزی بوٹ پہنتے ہیں۔ پس بوٹ خواہ وہ کسی قسم کا ہی کیوں نہ ہو اپنی ڈریس میں شامل کرلینا جائز ہے۔

میرا یہ خیال کہ بوٹ کو ڈریس میں شامل کرلینا چاہیے۔ قابل غور ہے۔ بنگال کی گورنمنٹ نے ایک قاعدہ بنایا ہوا ہے کہ جب کوئی شخص ہندوستانی خواہ مہذب ہو خواہ مسلمان کسی انگریز افسر کی ملاقات کو آوے۔ تو جوتا دروازے سے باہر ہی اتار کر آوے میں پاؤں رکھے۔ یہ قاعدہ بالکل صحیح ہے۔ اگر ہم اپنے ملک کے امرا کے پاس جوتا اتار کر جاتے ہیں۔ اگر ہم اپنے بزرگوں کے سامنے ننگے پاؤں حاضر ہوتے ہیں۔ اگر ہم جوتا اتار کر بڑوں کے پاس جانا انکی پاس عزت تصور کرتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں ہوسکتی کہ ہم اپنے حکام وقت کی بھی ویسی ہی عزت نہ کریں۔ ہر چہ بزرگ نو پسندی بردیگران ہم پسند۔ اب جوتا اتار جانے کا قاعدہ تو واقعی انصاف پر مبنی ہے لیکن اتارنے والے کے لئے کسقدر ذلت کا باعث ہے۔ اگر ہم اپنے بڑوں اور بزرگوں کے پاس جوتا اتار کر جاتے ہیں تو اسکے ساتھ یہ بھی تو ہوتا ہے کہ وہ بزرگ جنکی خدمت میں ہم حاضر ہوتے ہیں خود ننگے پاؤں ہی بیٹھے ہوتے ہیں اور علاوہ اسکے فرش پر جوتیوں والوں کے لئے جوتا اتارنا ضروری ہی ہوتا ہے۔ لیکن بزرگوں کے مکانات پر بات ہی اور ہوتی ہے۔ خود صاحب جو جوتا پہنے ہوئے کرسی پر ہر وقت بیٹھتے ہیں ایک ملاقات کرنے والے ہندوستانی کو ہی کرسی پر ہی بیٹھنا پڑتا ہے۔ اس کسقدر برا معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص اپنے ننگے پاؤں کرسی پر سے نیچے لٹکا کر بیٹھے۔ ہمارے ملک میں موزہ پہننے کی عادت بھی بہت کم ہے۔ جب پاؤں کا چمڑا دکھائی دیتا ہے تو وہ کچھ آنکھوں کو بہت بھلا نہیں معلوم ہوتا کیونکہ آخر چمڑا ہوتا تو میلا ہی مائل ہی ہے۔ اور اسپر طرہ یہ کہ دھوپی مانجھی ہوئی یا تھنوں سے اوپر پاجامہ ہو۔ بعض وقت ایسا بھی ہوتا ہے کہ دس دس صاحب لوگ کرسیوں پر بیٹھے ہوتے ہیں اور انمیں ایک ہندوستانی بھی اپنے ننگے پاؤں لئے ہوئے جاکر انکے دائرے میں بیٹھ جاتا ہے۔ اب وہ حالت کسکو اچھی معلوم ہوسکتی ہے۔ گو انگریز افسروں نے اس خیال سے تو قاعدہ بنوا دیا کہ وہ ایک نشان ادب ہے لیکن کیا انکو خود اس شخص کا ننگے پاؤں بیٹھنا برا معلوم نہ پڑتا ہوگا۔ اور خاصکر کے اگر کچھ لیڈیاں بھی وہاں بیٹھی ہوں لیکن یہ بات اسی وقت تک ہے جب تک جوتا ہمارے ڈریس میں شامل نہیں۔ یعنی اسوقت تک جب تک کہ جوتا انگریزوں یا ترکوں کیطرح ہمارے لباس کی لازمی جزو نہیں سمجھا جاتا۔ کسی انگریز یا ترک کو یہ کہنا کہ جوتا اتار کر ہمارے یہاں آنا ایسا ہی ہے۔ جیسا یہ کہنا کہ اپنے بدن کے کپڑے کوٹ وغیرہ اتار کر ہمارے گھر میں داخل ہونا۔ پس علیگڈھ کے طلبا کے لئے ضروری ہے کہ وہ کسی خاص قسم کے جوتے کو خواہ وہ انگریزی ہو یا ترکی ہو اپنے لباس میں شامل کریں اور صرف اسکا شامل ہونا ہی ضروری نہیں لیکن یہ بات بھی ضروری ہے کہ ہمارے حکام اسکو تسلیم بھی کریں تاکہ اس سے کچھ عملی فائدہ بھی ہو۔

لباس کا اب ایک کپڑا باقی رہ گیا ہے پہننے پاجامہ۔ علیگڈھ کے طلبا میں عموماً پتلون نا سفید پاجاموں کا رواج ہے۔ گو ایسے بہت کم ہیں جنکے پاس کم از کم ایک ایک یا دو دو پتلونیں بھی نہ ہوں۔ تاہم پتلون کا استعمال کم ہوتا ہے۔ لیکن پتلون پہننے میں عذر کسی صاحب کو بھی نہیں۔ پتلون کے برخلاف ہمارے لوگوں کو کچھ تعصب سا ہوگیا ہے۔ اور جو شخص پتلون پہنے شاید لوگ خیال کرنے لگتے ہیں کہ اسکے ایمان میں بھی ضعف آگیا ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ خیال کیوں پیدا ہوا اور اسکی بنا کیا ہے۔ لیکن ایک بات تو ضرور قابل غور ہے یعنے تنگ پتلون سست الوجود لوگوں کے لئے مانع فرض اعظم یعنے نماز کی ہوتی ہے۔ جن شخصوں کے لئے پتلون مانع نماز ہے انکا ایمان واقعی ضعیف ہے اور انکے قلب کا علاج ضروری ہے۔ یہ انکی کسی ظاہری حالت کا۔ لیکن میں اپنے تجربے سے بیان کرتا ہوں کہ ایک دفعہ ہفتوں میں پتلون بھی پہنے رہا اور مسجد میں رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع بھی کرتا رہا۔ اور یہ نہیں کہ ایک دو وقت بلکہ پانچوں وقت کیونکہ نماز ہمارے کالج میں ایک سب سے مقدم بات سمجھی جاتی ہے اور لازمی ہر ایک شخص کو پڑھنے پڑتی ہے خواہ پتلون کیا بلکہ زنجیر میں کیوں نہ کسی کے پاؤں میں پڑے ہوں۔ ڈھیلے ڈھالے ترک مسلمانوں کی سی پتلون پہننا کسیطرح سے مانع نماز نہیں ہوسکتی اور نہ وہ اوکسیطرح سے معیوب ہی کہی جاسکتی ہے۔ لیکن ہم یہ نہیں کہتے کہ پتلون ہی ضرور ہونا چاہیے یہی وہی کام دے سکتا ہے۔

اب یہ خیال کہ کالج کا کوئی خاص نشان ہمارے لباس کے کسی خاص حصے پر چسپاں ہونا چاہیے بہت ٹھیک ہے۔ خیال یہ ہے کہ اچکن کے کالر پر طلائی حروف میں مدرسۃ العلوم علیگڈھ لکھا ہونا چاہیے میری رائے میں یہ بھی ہونا چاہیے اور اسکے علاوہ کچھ اور بھی ہونا چاہیے یعنی ہر ایک طالب علم کے پاس ایک کالج کا بیج ہونا چاہیے جو کہ اچکن کی پاکٹ پر چسپاں کیا جاوے۔ اب اس لباس کے متعلق بحث کو ختم کرکے اخراجات کی تجاویز کیطرف آتا ہوں۔

کالج کلاسوں کے طلبا کے ایک گروہ کثیر کو کالج کیطرف سے مدد ملتی ہے۔ یہ مدد کسی طالب علم کے ذاتی جوہر یا مقابلہ میں اظہار بننے کیوجہ سے نہیں دی جاتی بلکہ اسکے افلاس کی وجہ سے دیجاتی ہے۔ اب اس بات کو جانچ کرنا کہ آیا کون طالبعلم ایسا ہے جسکو واقعی مدد کیضرورت ہے۔ جناب پرنسپل صاحب مسٹر بک کے اختیار میں رہا اور انہوں نے حتے الامکان اسبات کی کوشش کی کہ قوم کا مال جس غرض سے جمع کیا گیا ہے اسی میں خرچ ہو۔ یعنے مدد غریبوں ہی کو ملے۔ انہوں نے ہر ایک کالج کلاس کے شاگردوں کی عرضی اور درخواست دوبارہ مدد کو قابل وقعت سمجھا اور ہمیشہ درخواست پر کچھ تھوڑی سی تفتیش کے بعد کچھ نہ کچھ مدد دے ہی دیا کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی سالانہ رپورٹ میں کبھی اسبات کو بھی ظاہر نہیں ظاہر کیا کہ طالب علموں میں اب خودداری کی اسقدر کمی ہوگئی ہے کہ باوجود استطاعت کے بھی دست سوال کو دراز کرنے سے باز نہیں رہتے۔ ہمارے قایم مقام پرنسپل صاحب مسٹر اریسن نے اسدفعہ اپنی سالانہ رپورٹ میں لکھ دیا ہے کہ طلبا میں یہ نقص پایا جاتا ہے اور وہ اس بارے میں غلطی پر نہیں ہیں۔ کیونکہ انکے زمانہ پرنسپلی میں چند اس قسم کے واقعات پیش آئے ہیں۔ گو انکے فقرے تو کل طالب علموں پر یہ جرم عاید ہوتا ہے لیکن میں اپنے تجربے سے چند ہی کہونگا۔ اور وہ بھی پانچ یا چھ سے زیادہ نہیں۔ یہ بہت اچھا ہوا کہ انہوں نے اپنی سالانہ رپورٹ میں بڑے زور و شور کے ساتھ اسکا ذکر کردیا ہے کیونکہ آیندہ انشاء اللہ تعالے اس قباحت کا پوری طرح سے تدارک کیا جاویگا۔ میں اس قباحت کو دور کرنے کے لئے مفصلہ ذیل تجاویز پیش کرتا ہوں۔

اول تو مدد دیا وظیفوں کی جگہ سکالرشپوں پر زیادہ تر زور دیا جاوے۔ بہت تجربوں کے بعد یقیناً ہر ایان تعلیم تربیت نے یہ ثابت کیا ہے کہ طالبعلموں میں محنت اور مشقت کی روح پھونکنے کے لئے جیسا امتحانات مقابلہ میں اجتہاد کرکے سکالرشپوں کا حاصل کرنا ہی ویسی اور کوئی چیز نہیں ہے ایک ایک کلاس میں اگر کئی کئی درجے کے سکالرشپ رکھے جاویں اور انکا حاصل کرنا محض طالب علم کی اپنی ہمت پر چھوڑا جاوے تو ہزار درجہ بڑھکر مفید ہوسکتا ہے۔ لیکن ہماری قوم کی ابھی کچھ عرصے تک وہ حالت نہیں پہنچی کہ انکو بالکل اپنی مدد پر ہی چھوڑا جاوے کیونکہ اگر ایسا ہوا تو وہ بہت سے بھی گئے تعلیم کو چھوڑ دینا بہ نسبت اسکے کہ محنت اور مشقت اٹھاویں لہذا بعض حالتوں میں مدد کی ہی ضرورت پڑتی ہے۔ اور اسکا مطلق بند کرنا ابھی تک ٹھیک نہیں ہاں یہ ہوسکتا ہے

روانہ ہوئے اور باوجودیکہ دریا اس قدر طغیانی پر تھا کہ تیراک کی ہمت دریا میں جانے کی نہ پڑتی تھی۔ انہوں نے خدا پر بھروسہ کر کے گھوڑے کو دریا میں ڈال دیا۔ جب آدھے لوگوں نے یہ جرات مردانہ اور ہمدردی ڈپٹی انسپکٹری دیکھی تو فوراً وہ بھی دریا میں کود پڑے اور بڑھ بڑھ کر بیل کا فاصلہ کر جس میں بعض جگہ ڈوباؤ پانی بھی تھا طے کر کے موضع پر پہنچے۔ اور اپنی کوشش سے بچاکر لے آئے۔ آدمیوں کی جان بچانی کہ جن کی زیست کی کسی طرح پر امید نہیں ہو سکتی تھی۔ واقعی یہ جرات اس پولیس افسر کی اس قابل ہے کہ دوسرے اہالیان پولیس اس سے سبق حاصل کریں۔ اگر ایسے ہی لائق خاندانی آدمیوں کی تعداد پولیس میں زیادہ ہو تو جو بدنامی پولیس پر لگایا جاتا ہے وہ جاتا رہے۔ مناسب ہے کہ حکام بالادست پولیس اس امر پر خاص توجہ فرما کر اس ڈپٹی انسپکٹر کا حوصلہ بڑھائیں تاکہ دیگر اہالیان پولیس کو بھی ایسے جان جوکھوں کے کاموں میں مدد دینے کا شوق پیدا ہو کہ جس کی از حد ضرورت ہے۔ اور ولائت اللہ خاں ڈپٹی انسپکٹری اس خدمت کے لئے ہیومن رائل سوسائٹی کو بھی اپنا تمغہ دینا چاہئے۔

لوگ کہتے ہیں کہ دیسیوں میں اخبار خوانی کا مذاق نہیں یا اگر وہ اخبارات کی قدردانی نہیں ہوتی۔ ان کے اطمینان کے لئے ہم ذیل میں وہ دو ایسے اصحاب کے خطوط درج کرتے ہیں کہ جو پہلے پیسہ اخبار کے خریدار تھے۔ لیکن کسی وجہ سے خریداری ترک کر دینے پر پیسہ اخبار کو چھوڑے ابھی تھوڑی ہی مدت گزری تھی کہ ان کو پھر اس کے مطالعہ کا شوق پیدا ہوا۔ چنانچہ دونوں کے خطوط سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پیسہ اخبار کے مطالعہ کے سوا کب خوش نہیں رہ سکتے۔ ہمارے پاس کئی مرتبہ اس قسم کے خط آتے ہیں۔ جن سے ہمیں نہایت خوشی ہوتی ہے کہ اہل ملک اب اخبارات کے مطالعہ کی قدر سمجھنے لگے ہیں۔ دونوں خطوط یہ ہیں:۔

"وہ دوا دی پیسہ اخبار شراب انگور ہے یا انگریزی برانڈی جس طرح مجھتی نہیں ہو منہ سے یہ کافور لگی ہوئی۔ اسی طرح تیرا ذائقہ بھی نہیں بھولتا۔ سمجھے تھے کہ سیر ہو گئے۔ مگر جب غور کر کے دیکھا تو ابھی ہاتھ دھو کے منہ سے لگا ہی تھا۔ اچھا آ۔ اور خوشی سے آ۔ اور سہرا آ۔ گو نوبہ کر چکے تھے۔ مگر ایک ماہ بھی گزرنے نہ پایا تھا کہ تیری ہوس نے بیچین کر دیا۔ خیر پھر تیرے آنے پر جے۔ لا۔ ساقیا شراب کہ توبہ کا محل ہوا۔ والا مصرع پڑھا جائے۔ ۱۲ قسم تیرا چھوٹا بایا۔ چودھری نراین سنگھ از سیالکوٹ۔"

"جناب من۔ آپ کا ہر دلعزیز اور لاثانی پرچہ اخبار میرے نام بند ہوئے تین ماہ ہو گئے۔ مگر آپ سے پرچہ کا عشق اس قدر ہے کہ رات کو خواب آتے ہیں۔ اور میں کہتا ہوں کہ ہندوستان بھر میں آپ جیسا اخبار کسی کا نہیں۔ میں معافی مانگتا ہوں۔ اور افسوس کرتا ہوں کہ ایسے پرچہ کو بند کیا۔ جنوری سے پھر ہمیشہ کے لئے خریدار بنوں گا۔ اور اگر آپ قیمت جنوری کو وصول کرنا چاہیں تو اب بھی بھیج کر دیں۔ راقم منشی محمد سلیمان خاں از سودی۔ ضلع انبالہ۔"

مراسلات

علیگڈھ کالج کے طلباء کا مجوزہ لباس اور اُنکے اخراجات کی نئی تجویز

جناب اڈیٹر صاحب۔ غالباً آپنے آٹھ اگست کا علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ پڑھا ہوگا۔ اسمیں جناب مرسید احمد خان بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی بانی مدرسۃ العلوم علیگڈھ نے طلباء کے لباس اور اخراجات کے تبدیل کی تجویز پیش کی ہے اور ہر مسلمان سے جسکو اپنی قومی تعلیم و تربیت میں کچھ بھی دلچسپی ہے اسبارے میں رائے طلب کی ہے۔ چونکہ میرا بھی دل چاہتا ہے کہ میں بھی خواہ مخواہ دخل در معقولات دوں اور اپنی رائے نئی تجاویز پر ظاہر کروں لہذا آج میں ایک طویل مضمون لکھ کر ہدیہ خیر خواہ قوم جناب سرسید کرتا ہوں۔ گو میں اپنی رائے پہلے سے جاکر حضور والا کے کانوں تک بیان کر سکتا تھا اور دوسروں کو اسکی اطلاع بھی نہ ہوتی لیکن مناسب سمجھا کہ اسکو بذریعہ آپکے اخبار کے مشتہر کروں تاکہ اول تو عام لوگوں کو جنہوں نے انسٹیٹیوٹ گزٹ نہیں مذکورہ بالا کا پڑھا ہوا اسکی کچھ حقیقت معلوم ہو جائے کہ وہ تجویز کیا ہے اور دوسرے میرا اصل مطلب بھی پورا ہو جاوے یعنی حضرت سرسید بہادر کو اپنی رائے سے اطلاع بھی دیدوں۔

اول تجویز تغیر لباس کی ہے۔ تجویز کا لفظ میں نے اسلئے لکھا ہے کہ پہلے لباس میں جو عموماً کالج کے طلباء کا ہے کسیقدر خفیف سی تبدیلی واقعہ ہونے سے تجویز قاعدہ بن سکتی ہے۔ کالج کے طلباء میں سے نصف سے زیادہ اچکن پہنتے ہیں۔ نوے فیصدی ترکی ٹوپی پہنتے ہیں اور سو فیصدی بوٹ پہنتے ہیں۔ اب اگر خیال کیا جاوے تو ایک طرح سے اس لباس میں جو حضرت سرسید نے تجویز کیا ہے کوئی بھی نئی بات نہیں اور عملاً کسی تبدیلی کی بھی ضرورت نہیں لیکن اگر کوئی نئی بات ہے تو صرف استقدر کہ سب کو ایک لباس پہننا لازم ہوگا اور جو اب اچکن یا ترکی ٹوپی نہیں پہنتے انکو بھی پہننی پڑیگی۔

یوں دیکھا جاوے تو کالج تو ہندوستان میں بکثرت ہیں اور اگر علیگڈھ کالج نہ بھی ہوتا تو بھی دو سو یا تین سو طلبا جو آجکل علیگڈھ کالج میں تعلیم پا رہے ہیں کبھی تعلیم سے محروم نہ رہتے۔ بلکہ وہ خرچ جو قوم علیگڈھ کالج پر بحیثیت ایک علیحدہ کالج ہونے کے اٹھا رہی ہے۔ اوسی خرچ سے کئی گنا زیادہ قوم کے بچے تعلیم پاکر گورنمنٹ کے دفتروں اور ریلوے اور بنکوں کے لئے تیار ہو سکتے تھے۔ لیکن بانی مدرسۃ العلوم علیگڈھ نے جب قوم کو ایک علیحدہ کالج بنام محمڈن اینگلو اورینٹل کالج بنانے کے لئے راغب کیا اوسوقت اوسکے دل میں کچھ اور منصوبے بندھ رہے تھے۔ وہ مسلمانوں کو صرف تعلیم یافتہ بنانا نہیں چاہتا تھا۔ اوسکا یہ مطلب نہ تھا کہ مسلمانوں کے نوجوان بچے امتحانات میں کامیاب ہو کر اپنی روٹیاں کمانے کے قابل ہو جاویں بلکہ علیگڈھ کالج کے بنانے سے اسکے حقیقی منشا یہ تھے کہ مسلمانوں میں قومیت اسکو انگریزی میں نیشنلیٹی کہتے ہیں۔ پیدا ہو جاوے۔ ہندوستان کے مسلمانوں پر صرف قوم کا اطلاق نہیں ہو سکتا کیونکہ ایک مذہب کا ہونا کچھ اور بات ہے اور ایک قوم کا ہونا کچھ اور بات ہے۔ گو ایک قوم کے لئے ایک مذہب کا ہونا لازمی امر ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ ایک مذہب کے لوگ بھی جب تک وہ ایک قوم کے نہ ہوں خواہ مخواہ ایک ہی قوم کے کہلائیں۔ جیسے ہمارے ہم مذہب ہیں لیکن ہم قوم نہیں۔ چینی کے مسلمان ہمارے ہم مذہب ہیں لیکن ہم قوم نہیں علی ہذا القیاس۔ قطع نظر مذہب کے قوم کہلانے کے لئے یہ بات لازمی ہے کہ وہ افراد جن سے قوم مرتب ہے انکے خواص اور عوام کالانعام کا میلان ایک ہی طرف ہو۔ سب کے خیالات کا رجحان یکسو ہو۔ شرائط باطنی ہیں۔ لیکن شرائط ظاہری ہی قومی ڈھانچے کے لئے اسیقدر ضروری ہیں جسقدر کہ شرائط باطنی۔ شرائط ظاہری میں سب سے مقدم اور ضروری لباس ہے۔ اور اسی پر آج ہمارا بحث ہے۔

ہندوستان کے مسلمانوں میں باطنی شرائط کے پورا ہونے کے لئے قرن ہا بائد۔ صدیوں کی ضرورت ہے بیشتر اسکے کہ ہمارے خیالات اور میلان وغیرہ ایک ہو جاویں۔ اسکے لئے تعلیم کی ایک بڑی مقدار کی ضرورت ہے۔ لیکن اگر ذرہ توجہ کیجاوے اور کوشش کیجاوے۔ تو ہم جب چاہیں یہ ہیں ہی ہیں کہ سکتے ہیں اور رسول خدا ایک سب کہ لو آسکے سامنے ہی یہ ہی قابل ہو جاویں تو تم اور آپ سب کا لباس بھی ایک ہی ہے ہندوستان کے چھ کروڑ مسلمان کے لباس میں ایک نسک پیدا کرنے کی آرزو تو خواب کی بات ہے۔ لیکن تعلیم یافتہ نوجوان عموماً اور علیگڈھ کالج کے طلبا خصوصاً اگر اپنے لباس کو یکساں بنا دیں تو کوئی دقت ہی نہ پیش آوے اور ایک بڑے بھاری کام کی بنا ہی ڈالی جاوے۔ لیکن ایک کہیں ہی لباس میں ہم ہی پیدا کرنے کی کوشش نہیں کی گئی لہذا وہ وقت علیگڈھ کالج کے لئے باعث فخر ہوگا جب یہ تجویز منظور ہو گئی اور قوم کے بزرگ اسکو ایک عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ کچھ تعجب نہیں کہ علیگڈھ کالج کا شیدائی کیا ہوا کام ساری قوم کو مرغوب ہو جاوے۔ اور ایک عرصے بعد وہی لباس جو صرف علیگڈھ کالج کے طلبا نے اپنے لئے اختیار کیا ہو وہ ہمارا نیشنل ڈریس ہو جاوے۔ اب ہمیں یہ دیکھنا چاہئے کہ آیا کالج میں لباس کو یکساں بنانے کی ضرورت بھی ہے یا نہیں اور میں کہ سکتا ہوں کہ اسبات کا ایک علیگڈھ کالج کے طالبعلم سے بڑھ کر جو دو تین سال سے کالج میں شریک رہا ہو کوئی جج نہیں ہو سکتا۔

مجھے اس کالج میں داخل ہوئے تین سال سے کچھ زیادہ ہو گئے ہیں۔ لہذا میرا یہ کہنا کہ کالج کا لباس ایک ہونا چاہئے۔ ایک فیشن کا ہونا چاہئے اور سب کے لئے ایک ہونا چاہئے صرف میری ذاتی رائے ہی نہیں بلکہ ایک دو سو کی تعداد کی رائے ہے۔ جب شام کے سات بجے گھنٹی پر تین سو مسلمان نوجوان اگر بالکل نہیں تو قریب

اخبار لنسٹن ٹائمس لکھتا ہے کہ ملک کی مالی حالت کی ابتری کے وقت افیون کے بند کرنے کی نسبت جو چند بھلے لوگوں نے شور مچایا تھا وہ کتنا نامعقول تھا۔ لیکن اگر ان بھلے لوگوں کا وہ علاج سستے کے لئے بھی ٹانکس مہر کرتا تو وہ اس محصول افیون کی کمی کو پورا کرنے کے لئے بتلاتے تو ٹانکس کو ایسا کھسیانا ہونے کی ضرورت نہ پڑتی۔ اس لئے کہ بیشک فوج اور سول سروس کے اخراجات بہت زیادہ ہیں۔ اور ٹانک کی مالی حالت افسوس کے قابل ہے۔ کسی صورت میں ان دونوں قسم کی خدمات کی تنخواہوں میں تخفیف نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ ہندوستان کے امن و انتظام کا حصر انہیں کے سر پر ہے۔ اس لئے بہتر ہے کہ آمدنی میں ترقی پیدا کرنے کے وسائل سوچے جائیں۔ آمدنی میں ترقی پیدا کرنے کے وسائل کیا ہیں۔ کسی نہ کسی محصول یا ٹیکس اضافہ کرنا یا نئے لگانا۔ اس موقعہ پر ہمارا یہ کہنا دیتا ہے کہ ہندوستان میں انگلستان کے روئی کپڑے کی درآمد پر لنکا شائر کے کپڑا بننے والوں کی خاطر سے محصول نہ لگانا اہل ہندوستان سے عین بے انصافی ہے۔ اور ہندوستانی پبلک کی ناراضگی پر ہمیں تعجب ہے۔ اس وقت دیسی پریس کے بعض اخبارات میں گورنمنٹ کے کئی کے پہلے ہی آمادگی پائی جاتی ہے۔ پھر انہیں گورنمنٹ کے کام کرنے کا ایسا اچھا موقع دینا عقل سے بعید ہے۔ جہاں کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ مارکوئس آف لینسڈاؤن نے ہوس آف لارڈز میں نئے محصول لگانے کی بدعتی کے ضرور محصول لگا دیا جاوے۔

کچھ دیگر امور کے نوکل میلف گورنمنٹ میونسپلٹیوں کے متعلق تحت پر بھی بحث کی گئی ہے۔ ہندوستان کے ضلع بورڈ یا کمیٹیاں بہت سا کام رفاہ عام کا کرتی ہیں۔ اور بہت سی رقوم جمع کر کے رعایا کی سہولیت کے لئے خرچ کرتی ہیں۔ ۱۸۹۹ء میں میونسپل کمیٹیوں کی آمدنی علاوہ ان رقوم کے جو خاص کاموں کے لئے لی گئی تھیں ۳۴۹۶۹۲۳ روپے تھی۔ جس سے سڑکیں، روشنی، پانی، ہسپتال اور چھاؤنیوں کے فنڈ سمیت ۹۰۰۰۰۰۰ روپے تک پہنچ جاتی ہے۔ میونسپلٹیوں میں جگہ ہندوستانی اور غیر سرکاری ممبروں کی تعداد یورپین ممبروں سے زیادہ ہے۔ مثلاً صوبہ بنگالہ میں کل میونسپل کمشنروں سے ۱۱۵۸ بذریعہ انتخاب اور ۹۸۱ نامزد کئے گئے تھے۔ ۳۶۹ افسر اور ۱۷۷۰ دیگر۔ ۱۹۲۶ ہندوستانی ۱۲۳ یورپین۔ اضلاع مغربی و شمالی میں ۱۲۴۸ انتخاب اور ۳۴۴ کمشنر مقرر ہیں۔ ان میں سے ۲۹۴ غیر ملازم، ۱۴۰۲ دیسی اور ۱۵۹ یورپین۔ پنجاب ۲۱۵ غیر ملازم اور ۱۵۲۹ افسر۔ ۱۲۸ یورپین ہیں۔ اور اندریں مدارس میں سرکاری ممبر منتخب ممبروں سے زیادہ ہیں۔ ابتدائی تعلیم صفائی اور حفظان صحت کے متعلق میونسپل کمیٹیوں کے ذمہ ہے۔ حفظان صحت کے باب میں سپاہیوں کے لئے مناسب ہسپتال کا انتظام کرنا بھی ان کے فرائض میں داخل ہے۔

گرمی کی بڑی وجہ بخار تھی۔ کیونکہ ۲۵ سال سے کم عمر کے سپاہی ۴۴ء۸ فی ہزار کی اوسط سے مرے۔ بجائیکہ ۲۵ سے ۲۹ و ۳۰ سے ۳۴ سال کی عمر کے فی ہزار سپاہیوں میں اس مرض سے موت کی اوسط صرف ۲۰۹۲ و ۲۰۶۵ بالترتیب تھی۔ مگر دیسی افواج میں زیادہ اموات انفلوانیزا اور مجاری بخار اور نمونیا سے ہوئیں۔ اس موقعہ پر سی ڈی ایکٹ کے مخالفوں نے پھر تان لگانی شروع کر دی ہے کہ از سر نو لاک ہسپتال بنائے جائیں اور رنڈیوں کی دکھائی ہوا کرے اور گوری جو بازار میں بیمار رنڈیوں سے صحبت کرتے ہیں ان مکروہ بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ مگر یہ محض عبث ہے۔ انہیں کالموں میں ہم وضاحت کے ساتھ سرکاری کاغذات کی سند پر دکھلا چکے ہیں کہ چھاؤنیوں میں رنڈیوں کے چکلے رکھنے اور دکھلائی کرانے سے گورلی کی ان بیماریوں میں بہت خفیف فرق آیا ہے۔

۱۸۹۲ء میں ہندوستان کے قیدیوں کی صحت قابل اطمینان نہیں رہی۔ ہسپتال میں داخل ہونے اور روزانہ بیماری کی اوسط فی ہزار قیدیوں میں بترتیب ۱۱۱۴٫۸۷ اور ۲۷٫۹۴ تھی۔ بمقابل ۱۸۹۱ء کے ۹۷۸٫۵۷ و ۳۳٫۶۰ کے۔ اور اسی طرح اوسط اموات بھی سال گزشتہ کے ۳۰٫۱۹ فی ہزار کے مقابلے میں اس سال میں ۳۵٫۹۴ رہی۔ عام آبادی میں زیادہ سے زیادہ تعداد پیدائش برار میں ۴۹٫۹ فی ہزار آبادی۔ صوبجات وسطی میں ۳۸٫۳۹ اور پنجاب میں ۳۸٫۱۶ تھی۔ سب سے زیادہ موت بخار سے وقوع میں آئی۔ لیکن اس سال میں جتنے لوگ ہیضے سے مرے وہ بھی سالہائے ماسبق سے زیادہ تھے۔ بنگال۔ پنجاب اور کورگ میں جس قدر اموات ہیضے سے ۱۸۹۲ء میں درج ہوئیں پیشتر کبھی درج نہیں ہوئیں۔ بخار کی موتیں پنجاب میں بالخصوص بہت زیادہ ہوئیں۔ جہاں کہ بخار سے اموات کی اوسط ۴۴٫۲۲۵۴ یا ۲۱٫۵۲ سے ۷۱۵۸۹۰ یا ۳۴٫۸۳ تک پہنچ گئے۔ اس سال میں کل ۶۲۹۶۴۸۰ بچوں کو ٹیکہ لگایا گیا۔ جو کہ سال ماقبل سے ۵۱۲۶۹۷ زیادہ ہیں۔

محاصل اراضی کی نسبت بیان ہے کہ یہ لگان اراضی کی حیثیت اور مقدار پر لگایا جاتا ہے۔ سو سال کا عرصہ گزرا ہے کہ بعض قطاع اراضی پر مستقل طور سے لگان ۴۳۱۱۰۰۰۰ روپے مقرر کیا گیا تھا۔ اور باقی حصص ہند پر بارہ سے لے کر تیس سال میعاد کے بعد جدید جمعبندی بذریعہ بندوبست کی جاتی ہے۔ بڑی بڑی ملکیتوں پر جو کہ ایک سو سے کئی ہزار ایکڑ تک وسیع ہیں جمعبندی جو وقتاً فوقتاً کیجاتی ہے ایک حصہ برابر نصف اس رقم کے ہوتا ہے جو مالک بطور مالکانہ کے وصول کرتا ہے۔ مگر چھوٹے قطاع اراضی پر جو مالک مزارعان کے قبضے میں ہیں زمین کی قوت پیداوار کے مناسب رقبہ زیر کاشت پر فی ایکڑ کے حساب سے ایک شرح مقرر کر کے جمعبندی تمام کیجاتی ہے جو کہ مقدار ملکانہ کے ڈیوڑھی اندازہ کیجاتی ہے۔ بمقابلہ بندوبست بنگالہ کے بہت بڑے حصے صوبہ مغربی و شمالی کے بعض جنوبی اضلاع اور تمام صوبہ

میں قائم ہے۔ اور پنجاب۔ اضلاع مغربی و شمالی۔ ان صوبجات وسطی اور اوڑیسہ میں زیادہ تر اراضی بڑے بڑے مالکوں یا زمینداروں کی برادریوں کے قبضے میں ہے۔

ذیل کے نقشے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ پنج سالہ ایزادی لگان کے انتظام میں محاصل میں کس قدر ترقی ہوئی:-

مدت پنج سالہ	اوسط محصول
۱۸۶۱-۶۵ء	۱۹۹۳۱۰۰۰۰ روپے
۱۸۶۶-۷۰ء	۱۹۹۹۰۰۰۰۰ "
۱۸۷۱-۷۵ء	۲۰۹۶۵۰۰۰۰ "
۱۸۷۶-۸۰ء	۲۰۱۱۴۰۰۰۰ "
۱۸۸۱-۸۵ء	۲۲۱۲۲۰۰۰۰ "
۱۸۸۶-۹۰ء	۲۲۳۴۳۲۰۰۰۰ "

سہ سالہ از ۱۸۹۱ء لغایت ۱۸۹۳ء ۲۲۵۰۰۷۰۰۰۰ "

آخری رقم باوجود سہ سالہ ہونے کے گزشتہ پنج سالہ رقم سے زائد ہے۔ اور اس طرح لگان اراضی کے دن بدن بڑھتے جانے سے رعایا مفلس ہو رہی ہے۔

قانون کارخانجات کے عملدرآمد کی نسبت جو کہ جنوری ۱۸۹۲ء سے مروج ہوا ہے بلیو بک میں درج ہے کہ سات سال کے بچوں کے بجائے ۹ سال کے بچوں کو کارخانوں میں کام کرنے کی اجازت دی گئی اور ان بچوں کو بجائے ۹ گھنٹے کے سات سے زیادہ کام نہ کرنا ہوگا۔ جیسے کہ عورتیں ۱۱ گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کر سکتیں۔ اور دوپہر دن کے وقت سب مردوں کو آرام کی مہلت دی جاتی ہے۔ بمبئی اور مدراس میں جہاں بڑے بڑے کارخانے ہیں اس ایکٹ کو بخوشی منظور کیا گیا۔ اضلاع مغربی و شمالی کے کارخانوں میں بچوں کی محنت اس قدر قابل اطمینان نہیں جیسی کہ بنگال میں ہے۔ ۱۸۹۲ء میں ایسے کارخانجات کہ جن میں اس یا اس سے زیادہ مزدور کام کرتے تھے اور اس وجہ سے اس ایکٹ کے رو سے ان کا معائنہ کیا جانا لازم تھا کل ہند میں ۶۵۳ تھے۔ اور ان میں کل ۳۱۶۸۱۵ مزدور۔ عورتیں۔ مرد اور بچے کام کرتے تھے۔

۲۸ جولائی ۱۸۹۶ء کو دریائے راوی میں متصل ڈیرہ بابا نانک ضلع گورداسپور ایک کشتی کے غرق ہونے کا خوفناک واقعہ ہوا۔ اس کشتی میں ۴۷ مسافر دریا سے عبور کر رہے تھے بباعث طغیانی دریا اور غفلت ملاحان کے کشتی کے الٹ جانے سے سب کے سب غرق ہو گئے۔ مگر منجملہ ۴۷ اشخاص کے قریباً ۷۰ آدمی زندہ بچے اور باقی دریا کی بھینٹ ہوئے ہم کو معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ اس موقعہ پر جو ہمت مردانہ اور لیاقت خداوی ولایت اللہ خاں ڈیرہ بابا نانک کے ڈپٹی انسپکٹر پولیس نے ظاہر کی ہے وہ بے نظیر ہے۔ اس کا سبق دیگر اہلکاران پولیس کو حاصل کرنا چاہئے۔ ڈپٹی انسپکٹر ڈیرہ بابا نانک جو ایک خاندانی آدمی ہیں بمجرد اطلاع اس واقعہ کے فوراً تمام

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۲۴۔ اگست ۱۹۰۳ء

(لاہور و پنجاب)

بتقریب تشریف آوری وائسرائے ہر سر شہر کی دیواروں کی ایک نمائشگاہ ہوگی ؛

پنجاب گورنمنٹ نے میونسپل کمیٹی لاہور سے درخواست کی ہے کہ بتقریب تشریف آوری وائسرائے آرائش وغیرہ میں میونسپل فنڈ سے کچھ خرچ نہ کریں ؛

جنرل غلام حیدر خاں کمانڈر انچیف داخل جلال آباد ہو گئے اور مشن مذہبی تھی ۳۰۔ اگست کو وہاں پہنچ گئی۔ امیر و جنرل والی کی طرف سے مشن کی مہمان داری کا بڑا انتظام ہو رہا ہے۔ یہاں سے اسد کو روانہ ہوگی ؛

بیگاری بند کے ٹوٹ جانے پر کوہ جنگشن میں کئی میلوں تک پانی بھر رہا ہے۔ آخر ستمبر یا شروع اکتوبر تک روک اور شکارپور کے درمیان ریل نہیں چلتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی ؛

کوئٹہ پر دریائے سندھ کی طغیانی سے ریل کو بڑا خطرہ شدید ہے اگر بند ٹوٹ گیا تو ریل بند ہو جائیگی۔ گذد بند میں رات دن کام جاری ہے بالکل تیار رکھا جاتا ہے۔ تاکہ عین وقت پر باشندگان شہر کو سپیشل کر جا سکے ؛

پشاور میں ہیضہ شروع ہے ؛

غلہ میں جملہ ضلعہ جات سے سرکاری سے گوکھا تیمن کی مقدار کے واسطے چندہ جمع ہو رہا ہے ؛

سانگلہ میں حال میں بارش نہیں ہوئی۔ سخت گرمی ہوتی ہے صبح اور رات کو خنکی رہتی ہے ؛

چھاؤنی سیالکوٹ میں پانی کے کارخانے کی توسیع پر غور درپیش ہے ؛

لاہور کے قریب قصبہ شاہدرہ کے گیارہ ذمیندار مجرم بلوہ گرفتار ہوئے ؛

چند روز ہوئے ڈیرہ بابا نانک علاقہ گورداسپور کے قریب ہے راوی میں ایک کشتی جس میں ڈیڑھ سو سے زیادہ آدمی تھے غرق ہو گئی صرف ۱۰ کے قریب بچے باقی سب ضائع ہو گئے۔ اس موقعہ پر علاقہ خاں ڈپٹی انسپکٹر پولیس کی اعلیٰ ہمت، جواں مردی قابل تعریف ہے جنہوں نے بکمال مستعدی اپنی جان پر کھیل کر بہت سی جانوں کو بچایا بیان کیا جاتا ہے بعض غارتگری ملاحوں نے مقدار گشتی کو الٹ دیا۔ ایک عورت نے اپنا اظہار میں کہا ہے کہ ایک ملاح نے اس کے جسم کا تمام زیور اتار لیا۔ اور باوجود منت و سماجت بسیار پھر دریا میں دھکیل دیا۔ تحقیقات ہو رہی ہے ؛

دریائی طغیانی سے دہلی میں سانپ کثرت سے آ گئے ہیں ابھی چند روز ہوئے دو آدمیوں کو کاٹا۔ دونوں مر گئے ؛

مفتی فضل محمد ۳ برس کے بعد لالٹ سے ہر سر ہو کر مع اخبر داخل پشاور ہوئے ؛

سہلہ پنوا اور سوالکس کے درمیان سڑک مسوری دریائے سوانی کا پل ٹوٹ جانے سے بند ہو گئی ہے ؛

کپتان ہاڈی کو پریسیڈنسی جسٹر پٹہ نے جو ابدا کی تھی درخواست دربارہ نمائش لائسنس اخبار مسلمین منظور ہوئی۔ کپتان صاحب اپیل کورٹ میں اپیل کرنا چاہتے ہیں ؛

ہمارا یہ کیو محکمہ مسوری میں ۱۵ دن یا ایک ماہ قیام کرینگے ؛

ریاست کشمیر میں ۱۰ جولائی سے بارشی اور گلگت کے

دفتر تار برقی تاڈ کھولے ؛

پریسیڈنسی اپیل نے ۲۰ اگست ۱۹۰۳ء سے صدر بیسکی امرتسر میں مبلغ یک صد روپیہ ماہوار منظور کیا ؛

شملہ ۱۹۔ اگست تک ۴۹ لاکھ روپیہ قرض مل گیا ہے اور درخواستوں کی کثرت تقاضا سے آدرستیاں کی جلد میعاد ہو گئی ہے کوٹھیوں کی بہت کثرت ہے ؛

شملہ کی نمائش دستکاری رنقاشی میں ترکیب لسانی ہزار کے بکری ہوئی اگرچہ جن لوگوں کی خریداری کی امید تھی وہ نہیں آئے ؛

ہفتہ گزشتہ محکمہ ۲۰ اگست کی موسمی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاہپور ڈیرہ اسمٰعیل خاں اور بنوں کے کل علاقے میں بارش ہوئی۔ راولپنڈی میں فرق پر صدا اور شاہ پور میں اترتا جاتا ہے اور باقی جگہ بدستور ہے۔ ہوا ہے۔ خریف کی تخمریزی ترتیب الحاق ہے۔ بیج کی نشوونما پذیر بعض علاقوں میں بارش کی اشد ضرورت ہے کیونکہ کی حالت اچھی ہے کہیں کہیں مینہ کے نہ ہونے سے خشک ہونا شروع ہو۔ بعض علاقوں میں طغیانی بارش سے زراعت کو نقصان پہنچا۔ بعض علاقوں لاہور و فیروز پور میں چوہوں سے خوشی پہنچی اور ہو رہا ہے ؛

لاہور میں ایک شخص نے ایک شخص پر ہاتھ دکھایا کہ بوجہ اپنا نام اور گاؤں کا نام مشکل سے بتا سکا۔ اس کے قشقہ قلب ہونے کے بیان کیا۔ بادی النظر نہ ہے۔ اور ہوا ہے اور دو ہفتہ قشقہ کے بعد ہسپتال میں لایا گیا۔ اگر اچھا ہو گیا تو قابل کچھ پتہ دے سکے ؛

ہر جمعرات کی دن سے بہر سرکار کھل جاتا تھا پانی نہیں ہوتا تھا۔ دو ایک روز کسی قدر شروع ہو کر رہ گیا۔ گرمی بہ نسبت سابق کم ہے۔ ہفتہ گزشتہ کو ایک گھنٹہ خوب بارش ہو گئی اور ابر محیط رہا ؛

سہ شنبہ کے قریب پنجاب لائن کھارا کی طغیانی سے ریل بند ہو گئی۔ جہاں شیخ اور بہاس دونوں ملتے ہیں ؛

لاہور کے قریب ایک موضع میں ایک فقیر نے دوسرے کو صرف دس بنا پر مار ڈالا کہ دوسرے کی ایک پیالہ اچھی گیا تھا ؛

ٹوبہ ٹاک میں ۲۰ اگست کو مسٹر ٹی۔ ٹرنس کے عہدہ میں ایوننگ پارٹی کا جلسہ منعقد ہوا اور باشندگان لاہور کی طرف سے ایڈریس دیا گیا ؛

امرتسر کے بعض تجارت پیشہ داں سے ۱۰ لاکھ تک بنک کی ڈاک (بقابلہ لوکل ٹرین) کے جو امرتسر سے ایک اور بجے کے درمیان میں روانہ ہوتی ہے جاری کرنے کا ارادہ کر رہے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ اس طرح ٹرین رستے میں کئی جگہ ٹھہرتی ہوئی جائے گی لہٰذا یقیناً اس سے پیشتر پہنچے گا ؛

۲۱ اگست کو ہلی میں ہیضہ سے چند آدمی مر گئے ؛

۱۷ اگست کو ۲ بجے دن کے لاہور میں ایک کشمیری مسلمان مستی ضیاء الدین حرف نبی بخش نے ایک مسلمان عورت بیگم کو سر راہ بڑی بیرحمی سے قتل کیا ؛

راوی کلر کے قریب جو کھیت بنجر ہیں ان میں سے کچھ بہت کثرت سے اگ گئے ہیں اور کھیتوں کو ضائع کرتے ہیں۔ ایک شخص نے خاص بنجر کھیت میں ۳ بچھ ایک گھنٹے کے اندر مارے ؛

ہندوستان کی مادی اور اخلاقی ترقی

حسب دستور قدیم حال میں انڈیا آفس نے ہندوستان کے متعلق سالانہ بلیو بک شائع کی ہے۔ جس میں بطور ایکسرے ریویو کے ہر پہلو میں وہ ترقی دکھلائی گئی ہے کہ جو کہ ہندوستان نے ۱۸۹۷ء سے ۱۹۰۲ء میں کی۔ اس میں اس دسیع مملکت کے جمیع انتظامات اور صیغہ جات کے تفصیلی حالات اور اعداد و شمار درج کیے گئے ہیں۔ جو کہ ہر ہندوستانی کو تا الیوم نہیں تاہم ہمت کنندہ اور مفید ہیں۔ شروع میں درج ہے کہ سال زیر بحث میں ہندوستان میں کتنے قانون تیار ہوئے۔ صاحب گورنر جنرل کی کونسل نے بارہ جدید ایکٹ منظور کیے۔ اور اسی طرح لفٹننٹ گورنر اضلاع مغربی و شمالی و اودھ کی کونسل سے تین۔ مدراس لیجسلیٹو کونسل سے دو۔ اور بمبئی لیجسلیٹو کونسل سے تین نئے ایکٹ پاس ہوئے۔ ان میں سے سب سے بڑا ضروری قانون ایکٹ اصلاح کونسلہائے مجریہ ۱۹۰۲ء اور اس سے دوم درجہ پر ایکٹ اصلاح کارخانجات صنعت و دولت مجریہ ۱۹۰۳ء سمجھا جاتا ہے ؛

محاصل ہندوستان کی نسبت کہ جس مضمون پر آج کل گورنمنٹ اور رعایا کی بڑی توجہ ہے یہ کتاب کسی قدر روشنی ڈالتی ہے۔ اس کے اعداد سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سال کے حساب میں کل ۸۲۳۴۱۲۰ روپے کا خسارہ رہا۔ بمقابل سال گزشتہ کے ۴۶۷۵۲۵۰ روپے کے اضافہ کے۔ چنانچہ اس حساب سے اس سال کی مالی حالت میں کل ۱۳۰۰۹۴۰۰ روپے کی کمی رہی۔ مگر یہ کمی ہندوستان کے خالص محاصل میں منزل ہونے کے باعث نمودار نہیں ہوئی۔ کیونکہ آمدنی کی تمام مدات میں سوائے محصول چنگی کے ہر طرح اضافہ ہوا ہے کہ جس کی مقدار ۱۶۳۵۹۴۰ روپے ہے۔ مگر یہ اضافہ اس سال کے اخراجات کے بڑھ جانے کی وجہ سے ۳۰۳۷۶۳۷۶ روپے تک زیادہ ہو گئے ہیں بالکل صفا ہو گیا ہے۔ اس سنگین خرچ کے تفصیلی اعداد دیکھنے سے واضح ہوتا ہے کہ اس خرچ کا زیادہ حصہ ان دو مدات میں مرتب ہوا ہے جو کہ اخراجات اس سال میں ۱۰۴۵۹۴۰ روپے بڑھ گئے ہیں۔ اور ریلوے لائنوں پر نقصان جو سال ماقبل میں ۱۱ لاکھ ۵۸ ہزار تھا وہ ۳۰۴۰ روپے تھا اب ۱۹۳۱۰۰۰ روپے بڑھ گیا ہے۔ جو کہ تنہا سال کے کل خسارہ کے دو چند سے بڑھ ہے۔ گزشتہ دس سال کے عرصے میں افیون کی آمدنی میں بہت تغیر ہوتا رہا ہے۔ اور اس سال کی آمدنی گو سال گزشتہ سے کم ہے تاہم بڑی معقول رقم ہے یعنی ۲۰۱۰۱۹۰

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— چیف کمشنر صوبجات متوسط بروار و خلیفہ بگھی سے چھوٹ گئے ہفتہ آیندہ میں چندور کیلئے شملہ جائینگے +

— لارڈ لینڈ سڈاؤن کے بی سی آئی سی کا خطاب تجویز ہوا +

— الماجہاز جس میں بمقام رنگون ابھی حال میں آگ لگ گئی تھی مرمت کیلئے کلکتہ پہنچا زیادہ نقصان نہیں ہوا ہے +

— پونا میں ۱۰ مشہور آدمی مرگئے جس سے راجی لیڈی ہیرسٹر کے والد سہاب جی خورشید جی اور دوسرے آغا زید شاہ

— شاید یہ خبر ہمارے ناظرین کو معلوم ہوگی کہ ہمارے ہاں سے کوئی ہفتہ کی بارش ہوئی ہے +

— کانپور میں پچھلے دنوں بن ہفتہ کا ہفتہ وار اگر گزشتہ برس سے بہت بڑھا ہوا تھا ۲۰ ہزار تین ہفتہ اور ہفتہ وار ہفتہ میں ہزار روپوں تک تین ہزار جس سے تین ہزار علی اور ہزار روپے کی کمی ہوئی ہے بھی اس کا سبب یہ ہے کہ اب زیادہ تر محنتی کاہیں کام کر رہی ہیں +

— ڈاکٹر ہیرن جو ہیضہ کے تحقیقات کے واسطے بمبئی میں مقرر ہوئے تھے ان کا تقرر ۳۱ مارچ کو ختم ہوگیا ہے +

— ۱۸۹۴ء میں ۱۸۹۳ء کے مقابلہ میں ۱۰ ہزار ۱۰ ہزار ۱۰ ہزار

حفظِ صحت

استفسار

۶۵۔ حیدر آباد دکن میں ہمیشہ سے آپ کے معزز اخبار گوہر شاہوار میں صرف بذریعہ حفظ صحت کے کالم کے جو بے بہا فوائد خلق اللہ کو پہنچ رہے ہیں وہ اظہر من الشمس ہیں۔ وہ کون شخص ہے جو آپ کی ان عنایات بینیات کا تہ دل سے ممنون و مشکور نہیں ہے۔ واقعی آپ کا ہر دلعزیز اخبار گوہر بار آپ ہی اپنا نظیر ہے۔ براہ نوازش مسطورہ مندرجہ ذیل کو کالم مذکور میں جگہ عنایت فرمائیں۔ چونکہ اس بلدہ فرخندہ بنیاد میں در پردہ ہیضہ کی شکایت زیادہ تر عالمگیر ہے اور صدہا جانیں تلف ہو رہی ہیں۔ لہذا ناظرین باتمکین میں سے جس کسی کو اس کا آسان علاج تیر بہدف مجرب آزمودہ یاد ہو براہ کرم مذریعہ اخبار ہذا بطور نظر فاہ عام مفصل و مدلل ہدایات بہت جلد مطلع فرمائیں گے تو موجب اجر عظیم اور اس راقم کی مشکوری کا باعث ہوگا۔ جمل تک بلدہ ممکن ہو علاج مذکور سے جلد تر مطلع فرمائیگا۔ خواہ بذریعہ اخبار یا علیحدہ (راقم احقر العباد جہاں دیو پرشاد)

۶۶۔ نسیان کی دوائی پہلے بھی دریافت کر چکا ہوں۔ کسی صاحب نے یاتو توجہ نہیں فرمائی یا کسی کو مجرب نسخہ معلوم نہ ہوگا۔ کوئی حکیم حاذق صاحب ہی رحم کریں۔ جو پڑھتا ہوں بھول جاتا ہے۔ (پیاسہ از لدھیانہ)

۶۷۔ کنٹھ مالا۔ بندہ نے قبل ازیں آپ کے پرچہ میں درباره مرض کنٹھ مالا استفسار کیا تھا۔ مگر ہنوز اس کا علاج نہیں چھپا ہے۔ جس کو کہ عرصہ ایک سال کا ہونے والا ہے اور مریض کو تکلیف ہے۔ اس لئے مکلف خدمت ہوں کہ اب کی دفعہ اس کو اپنے گوشہ اخبار میں اور جگہ دیجئے۔ (راقم محمد یوسف ایجنٹ کوہستان)

علاج

۶۷۔ ہیضہ۔ سنہ ۱۹۰۷ء میں ہمارے معزز جناب کریم خاں بن وزیر خاں صاحب نے ہیضہ کے دنوں میں مندرجہ ذیل مفید نسخہ مجرب اور موثر شخصی اس موذی مرض کا ہمیں بھیجا تھا جس کو ہم نے اخبار میں درج کرنے سے نوراً کئی شہادتیں ہمارے پاس جمع ہو گئیں کہ یہ دوائی ہیضہ کی ابتدائی منزلوں میں نہایت موثر ہے۔ چنانچہ ہم شاہ عالم کے شکریہ کے ساتھ اس کو پھر درج کرتے ہیں۔ یقین ہے کہ ناظرین تجربہ کرکے بعجلہ سے اطلاع دیں گے۔ کشنیز، ادرک، پودینہ، پیاز ہمونگ سب کو کچل کر بغیر آگ پانی کے ملا کر نکالا جاوے اور پھر اس میں سے سوا تولہ عرق کے ساتھ مکمل قوت مریض (فیقون) اس میں ملا کر پلا دیوے۔ اور دن بھر میں تین مرتبہ یہ نسخہ ضرورت زیادہ مرتبہ کرنا چاہئے۔ اس نسخہ کا ایک مرتبہ ہمنے ایک ہیضہ کے مریض پر جس کی عمر ۷۰ سال کی ہوگی آزمائش کرکے مفید پایا تھا۔ (ایڈیٹر پیسہ اخبار)

۶۸۔ کمکہ دولہ۔ یکم قبولیت پرچہ مجموعہ ۱۵ اگست میں کسی صاحب نے لکھا تھا کہ کسی مجرب نسخہ کا کسی نے اخبار ہذا میں اپنا تجربہ شائع کیا ہو تو مطلع فرمائیں۔ سو ہونا کچھ نہ ہوا۔ اگر کسی صاحب کو معلوم ہو تو شائع فرمائیں۔ (ایڈیٹر پیسہ اخبار)

شعر و سخن

نظم اخلاقی

ہمت

ہو اگر ہمت تو دل پر انساں کا مثل شیر ہو
ہو جو ہمت بشر پہ کب کسی سے زیر ہو
اے تمنا یہ وہ ہمت ہے کہ اس کی وجہ سے
حاصل نفد تمنا میں نہ اصلا دیر ہو

تہذیب

تہذیب بشر شر سے رہتا ہے دور ہو تہذیب سے دور جور و فتور
تہذیب ہے ایسی شے کہ اس سے ہی ٹل کر ہوتی ہیں شر

تعلیم

تعلیم سے جہل کا مٹ نام و نشاں ہو اس کے کرم سے مرفاں شاداں
تعلیم ہی سے ہو انتظام دنیا بس اس کے بغیر ہے کار انساں

عبادت

خدا کی بندگی کر یہ غنیمت زندگانی ہے
نہ بھولو اپنے مالک کو جو محبوب اہورائی ہے
وہ بندہ ہی نہیں جو بھول جائے بندہ پرور کو
وہ انساں ہی نہیں ہے جس کو رحم خلق آتا ہے

مذمت شراب

شراب آب شر ہے کامل شر ہے جو پیتا ہے اس کی حالت ہے ہو
شراب خرابی میں رکھتا ہے مائل اڑاس کا بد خواہ جان و جگر ہے

بعضا

شراب پیتے ہیں جو گویا عقل کھوتے ہیں
سر و دل اس کا جنہیں ہو وہی تو روتے ہیں
شراب پینے سے خوف خدا دلوں نہ رہے
تمیز انہیں کہاں جو بد حواس ہوتے ہیں

شیریں کلامی

ہے شیریں کلامی کا رہ کارخانہ کہ ہو اس سے انسان ہر دلگانہ
جو شیریں کلام آدمی ہو تو گنا تو ہو جائے ہر دلعزیز زمانہ

تواضع

تواضع کی عادت ہے جس جا پہ ہوتی وہی ذات ہے سب سے بالا و برتر
نہ کیونکر ہو مشہور ہر اول تواضع وہ ہے بس ہو جو مثل ہی قمر شاداں ہے

آئندہ یوم اشاعت شنبہ مقرر ہوا

پیسہ اخبار کی اشاعت کا انتظام درست رکھنے کی غرض سے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آئندہ بجائے جمعہ کے اخبار شنبہ (ہفتہ) کے روز شائع ہوا کرے۔ ناظرین خیال رکھیں۔

المشتہر منیجر پیسہ اخبار لاہور

معلومات کا بستہ

——— لندن میں ایک سو سے زیادہ ریلوے سٹیشن ہیں۔

——— ۲۰۰ برس کے بعد دنیا کی آبادی دوچند ہو جاتی ہے۔

——— ۲۰ کروڑ مچھلیاں انجیل کی دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔

——— جب لکڑی ہوا میں خشک ہو جاتی ہے تو اس میں سے ۲۵ فیصدی پانی نکل جاتا ہے۔

——— دباؤ پڑتا ہے کہ اس کے ذریعہ سے اپنی ڈس کے مسام کے رستے سے اندر داخل ہو کر اس کو اتنا وزن دار کر دیتا ہے کہ وہ اوپر نہیں اٹھ سکتی۔

——— ایک گھنٹے میں بالغ آدمی کی لاش جل کر خاکستر ہو جاتی ہے۔

——— نصف یا ثلث گیلن (۲ سیر) چھٹانک کے برابر ہو جاتی ہے۔

——— سالم قانون وہ ہے جو صرف اتنا ہے "ملکہ معظمہ ہر مجرم کے ساتھ رحم کرنے کا حکم فرماتی ہیں کہ قورا شتشر ہو جائیں اور امن کے ساتھ اپنے گھروں میں یا اپنی ضمانت جا کر پر جائیں۔ ورنہ سزائے مقدمہ قانون کے جاری ہو جو سطلے مستشر باغیوں اور مجمع ہائے خلاف قانون کے ساتھ کی جائیگی۔ خدا ملکہ کو سلامت رکھے"۔

——— انگلینڈ میں سب سے بڑی عمارت جو بغیر ستون کے ہے ویسٹ منسٹر ہال ہے۔

——— یہودی کروڑ پتی بیرن ہرش کی مالیت دو کروڑ پونڈ تھی۔

——— گزشتہ سال میں اس نے پیدائی کی ہے۔

——— کہتے ہیں کہ یورپ کے ایک امیر کبیر نے گیتسین کا باغ بیت المقدس کے قریب واقع ہے خرید لیا ہے۔ اس میں حضرت عیسیٰ اپنی تصلیب سے ایک راستہ پر شتر روتی اٹھا کر لے گئے تھے اسی لئے یہ باغ خرید گیا ہے۔ اس پاک جگہ پر طرفہ لوگ کے ایک ہوٹل بنائیں اور مسافروں اور سیاحین کی آرام کے کام میں لائیں۔

——— لندن میں دو لاکھ مجرد ملازم ہیں۔

——— کستور سے ۱۲ سے ۱۵ سال تک زندہ رہتے ہیں۔

——— فلک کوبک خوب گنجان آباد نہیں ہے۔

——— جاری ہوا ہے کہ جس شخص کے ۱۲ بچے ہوں اسے سرکار سے خطاب دیا جاتا ہے۔

——— لندن میں پوسٹر بڑے اشتہارات اپنے نام کی بابت بہت بحث و تمیز ہے۔ فرانس میں اسی ذریعے فرنچ سالانہ کی آمدنی ہوتی ہے۔

——— سیلمن اور ٹراوٹ اقسام کی مچھلیوں سے جو دریا کی اور دلیس میں پیدا ہوتی ہیں ایک لاکھ پچاس ہزار پونڈ آمدنی خیال کیجاتی ہے۔

——— ڈاکٹر جونسن نے ایک لکچر میں بلند آواز سے کہا کہ کی چھتوں پر باغ لگایا جاوے اور روشنیں قائم کیجائیں مکان سے دوسرے پر جانے کے لئے پل تعمیر ہوں۔ کل شہر لندن ایک وسیع باغ نظر آئیگا۔

——— اس زمانے میں آسٹریلیا کے اصلی باشندے نہایت غیر مہذب ہیں۔ ستر بالکل نہیں رکھتے۔ اس سے خوف بہت رکھتے ہیں۔ کپڑا بدن پر نہیں پہنتے۔ اور جھونپڑے بناتے ہیں۔

پیسہ اخبار

نمبر ۳۲ | یوم جمعہ ۲۴ اگست ۱۸۹۴ء مطابق ۱۲ صفر ۱۳۱۲ھ موافق ۱۲ بھادوں سمت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد ۸

عجیب عجیب باتیں

انگلش چینل :- علم الارض کے جانچنے والے کہتے ہیں کہ یہ کھاڑی قدیم الایام سے برِاعظم یورپ سے ملحق تھا۔ مگر یہ آبنائے حال ہی میں پیدا ہوئی ہے۔ چونکہ آبنائے مذکور بھرتی جاتی ہے اور کنارہ انگلستان اور فرانس دونوں پر پھیل ہوتی جاتی ہے اس لئے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ملک برِاعظم کے ساتھ جدا نہیں ملحق کیا گیا ہے۔ اگر یہی حالت جاری رہی تو اس آبنائے کے وسط سے کسی سرنگ کا بنانا ضروری ہوگا۔ اور انگلستان برِاعظم سے خود بخود دل جا ملیگا۔

لڑکے کے پاؤں :- ہیں کہ کسی کی ہڈی چڑھانا۔ نیو یارک کے خیراتی ہسپتال میں ایک زندہ لڑکے کے اگلے پاؤں کی ہڈی کا ایک حصہ ایک لڑکے کے پاؤں میں جہاں ہڈی کی ضرورت تھی بٹھا دیا گیا۔ دونوں باہم باندھ دیئے گئے۔ اور وہ لڑکا اور لڑکا دونوں ایک چارپائی پر ہسپتال میں پڑے ہیں۔ دس بارہ دن میں اگر کٹی ہوئی ہڈی لڑکے کے جسم کے ساتھ جڑ جائیگی تو کامیابی تصور کی جائیگی۔ اور کٹے کے وہ گوشت کے حصے جو لڑکے کے ساتھ ملحق ہیں کاٹ دیئے جائینگے۔ یہ ایک سیاہ رنگ کتا سپینیل قسم کا تھا۔

بے پھلوں کا کانا :- ریگستان صحارا کے وسط افریقہ میں ایک طاس نیل ہے جہاں کے پیت سے بید مست پیدا ہوتا ہے اور نقشہ کشی اور روغن کاری پر کام کرتا ہے۔ اس کا کانا الگزنڈریہ اور تصویر کشی میں دوسرے درجہ کا امتحان پاس کر چکا ہے۔ اور انعام حاصل کیا ہے۔ سال حال اور ۱۸۹۴ء کی نمائش گاہ میں اس نے اپنا کام دکھلایا تھا۔

ٹریموے ہانکنے والی لڑکیاں :- تمام یورپ میں چھوٹے اور بڑے شہروں میں لڑکیاں ٹریموے یا لکنی ہیں۔ سر پر وردی کے مردانی ٹوپی۔ گلے میں ایک نیکٹ اور ایک نیچا کرتہ۔ باقی لباس اپنی اپنی مرضی کے موافق مختلف ہوتا ہے۔ گاڑی کے پہیوں کی جھنکار ہوتی ہے۔ اور بہت حیا اور خوش اسلوبی کے ساتھ اپنا کام کرتی ہیں۔ چلتی گاڑیوں سے کود پڑنا بھی ان لڑکیوں میں جو زیادہ صاف صورت ہیں یا بدصورت نہیں ہیں وہ زیادہ دن نوکری نہیں کرتیں بلکہ جلد شوہر پا کوئی اپنا آزاد جنم تجویز کر لیتی ہیں۔

ایک نرالا درخت :- ضلع آرہ میں ایک وضع کا درخت ہے جس کے دھڑ کی طرف ایک ڈھرکن دیکھی ہیں۔ وہاں پر ایک بہت بڑا پیپل کے درخت کے قد کا ہے اور جس کی پتیاں بھی بڑا پیپل کی طرح کی ہیں۔ لیکن یہ تشخیص نہیں کیا جاتا کہ یہ کس قسم کا درخت ہے اور نام کیا ہے۔ اس میں ایک یہ بھی صفت ہے کہ پھل اور پھل نہیں ہوتا۔ (رہا دیوال۔ کرچنا)

مذاق

ایک نیم حکیم خطرہ جان چند دوستوں کے ہمراہ شبرات کے دن قبرستان گئے۔ وہاں ضنا بلکہ یکبارگی قت طاری ہوئی کہ مٹہ ڈھانپ کر رونے لگے۔ ایک دوست نے پوچھا حکیم صاحب قبلہ خیر تو ہے۔ بھی میں ایک مسخرہ بھی تھا بولا آٹھ کہ ان کا مسئلہ پہچانا نہ جائے۔ آپ کو گورستان کے مردوں سے شرم آتی ہے کیونکہ یہ گھر مصنوعی دوائی سے ہی بساتے ہیں"۔

یہ تو ظاہر ہیں شمس ہے کہ چشم اشرف ترین دیگر اعضائے بدن ہے۔ اسی پر دنیا کا دارومدار ہے اسی پر سب کام کاج کا انحصار ہے ہر فرد بشر اسکی صحت و تندرستی کا خواستگار ہے اگر یہ نہ ہو تو دنیا دھواں دھار ہے۔ یہی انسان کا انیس اور یہی غم خوار ہے یہی چراغ ایزدی حضرت انسان کا مددگار ہے۔ اسی سے قدرت خلق کا یاں دا آشکار ہے۔ اسی سے عالم کے دھندے لیل و نہار ہیں۔ اسکے عدم سے تمام بدن انسان بیکار ہے۔ مگر حضرت انسان کی غلط کاریوں۔ غفلت لاعلمی و بے پرواہی سے اسکا ستیاناس ہوا جاتا ہے۔ بہت سے آدمی اصول۔ اند ہے۔ کافی نظر آتے ہیں۔ بہت ایک امراض چشم میں مبتلا ہیں۔ بعضوں نے بدنی تاداقفی اور بے پرواہی سے اسکو کھویا۔ سنی زنانہ یا تو دیکھا ہی یا نہی روشنی سے لوگوں نے جنکی پہلی آنکھوں پر خوشنما نئی نئی فیشنایش و آرایش کے واسطے مختلف الوان کی عینکیں لگانی شروع کردی ہیں۔ آنکھ جاتے تو پاتے۔ سے مگر عینکیں پر حرف نہ آنے کا کہ یہ لوگ آنکھ کی قدر جانتے تو پھر ایسے روز بد نہ دیکھنے پڑتے۔ کہ آئے دن آنکھیں دکھتی ہیں۔ کم نظری کی شکایت ہے۔ کوئی سیلاق چشم میں بتلا ہے۔ کوئی سوزش چشم میں گرفتار ہے۔ اگر حفظ ماتقدم کیا جاتا تو زوال دجان کا نقصان کا سامنا نہ پڑتا۔ تدبیر صحت چشم یہ ہے۔ کہ طالب صحت آنکھ گرد و غبار۔ زیادہ چمک و دھوپ۔ برق و جلا اشیاء پر نظر کرنے سے بچائے۔ دھوان آتش و ہوا سے گرم۔ سپید چمکدار اشیاء سے محفوظ رکھے طلوع و غروب آفتاب کے وقت ٹکٹکی نہ باندھے۔ باریک خطوط کے پڑھنے سے درگذر کرے۔ زیادہ دیر تک مطالعہ نہ کرے۔ بلا ضرورت عینک نہ لگائے۔ سامنے جھکولہ ہوا سے بچاتے رہے۔ رنگ سبز و نیلگوں پر نظر کرنا۔ سرمہ کا لگانا۔ سونا۔ چاندی کی سلائی ڈالنا متعدی بصر ہیں۔ کثرت جماع۔ جلق پر بہتات۔ شراب۔ افیون کا استعمال کرنا۔ ضعف بصر میں۔ بہت نزدیک مطالعہ کی عادت ڈالنا اس اور نہ ہی بہت دور کی۔ لمپ یا چراغ کے سامنے نظر کئے بیٹھیں۔ آنکھ پر ٹھنڈا پانی ڈالنا بینائی کو بڑھاتا ہے۔ ریل میں زیادہ دیر تک محو ہوکر پڑھنا بینائی چشم کو گھٹاتا ہے۔ بیچ چودھویں کوئی طاہر یا خوابیدہ آدمی (اگر ہو یا کم نظری) سے نہ دیکھا ہوگا۔ اگر یہ حضرات ان اصول کے پابند رہتے تو ہرگز یہ شکایت نہ ہوتی۔ خارش چشم کے واسطے زنگ۔ سوہن بیدہ ہے۔ یا آنکھ سے پانی جاتا ہو یا سرخی نمایاں ہو تو ایٹرپٹ آف سلور لوشن (طاقت ۱۔ اگرین) یا ایلم موضع پیتھ کری کا پانی ڈالنا مفید ہے۔ جب آنکھ کچھ ضرر پہنچے تو ضرور ہے کہ اسکو سبز رنگ کے کپڑے یا کاغذ سے شعاع آفتاب و چمک ماہتاب سے بچایا جاوے۔ ٹھنڈی تاریک مکان میں آرایش کیجاوے۔ سخت سوزش چشم میں افیون پھٹکڑی۔ رسوت دگوار گندل کا لیپ آنکھ پر کرتے ہیں اگر ایک دو قطرہ چشم میں پڑ جاویں۔ تو مضایقہ نہیں پٹی پر جو تمیں یا بلا لگانا نافع ہے۔ زیادہ درد چشم میں اور اس کے بے حس کرنے کیواسطے فی زنا کوکین لوشن کا استعمال زیادہ ہے اگر رات کو سوتے وقت آنکھ کو ٹھنڈے پانی سے دھوکر سرمہ لگا کر سویا جاوے تو حفظ ماتقدم امراض چشم ہے۔ باقی آئندہ نورالحکمت ۔ راقم۔ ڈاکٹر رحیم صابر۔ ایس۔ او۔ ڈسٹرکٹ انچارج ملٹری جنرل ہسپتال۔ سبی بلوچستان

وبائے امراض کے لئے مویشی کو ٹیکا لگانے کی نئی تجویز

مشفقی ام جناب اڈیٹر صاحب سلمہ۔ انسانی ہمدردی کے اکثر مضامین مختلف اخبارات میں شائع ہوتے ہیں۔ مگر

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

ہم شکریہ کے ساتھ ان بزرگوار کرمفرماؤں کے نام ذیل میں درج کرتے ہیں جنہوں نے توسیع اشاعت پیسہ اخبار کے لئے اپنے دوستوں کو پیسہ اخبار کا خریدار بنایا ہے۔

جناب بخشی غضنفر علی صاحب نائب تحصیلدار از ریعہ بنام چودھری صوبہ دار خانصاحب ذیلدار ہجڑ جناب مرزا محمد عالم گیر بیگ صاحب نائب ناظم جے پور۔ بنام منشی محمد لئیق حسین صاحب وکیل سررشتہ جناب گلزار خاں صاحب از کوہ آبو۔ بنام نفیر الہ صاحب محکمہ اجنسی راجپوتانہ جناب لالہ پربھو ناتھ صاحب برنچ پوسٹماسٹر کیوانز۔ بنام کیشو دیو صاحب مختار (ایک خریدار پیشتر دے چکا ہوں) جناب محمد عطاء الملک صاحب از بہیمپور۔ بنام پنڈت رام ہرو س صاحب سوکل ہٹواری جناب نبی احمد صاحب از بریلی۔ بنام جناب مولوی اشفاق حسین صاحب ڈپٹی کلکٹر جناب ٹھنڈو رام صاحب ضلع ہوشیارپور بنام کیہم صاحب ذیلدار ہاڈگہ شنکر جناب میران بخش صاحب ہیڈ ماسٹر شکاری۔ بنام بخشی جمیت رائے صاحب گرداور جناب محمد عبدالحق صاحب کانپور۔ بنام (۱) حافظ عبدالحق صاحب پیلی بھیت (۲) حافظ عنایت احمد صاحب کانپور (۳) منشی عبدالرزاق صاحب اہلکار جناب معراج الدین صاحب از کوٹہ۔ بنام مولوی محمد عبداللہ صاحب اکونٹنٹ (اس سے پہلے بہت خریدار ہم پہنچا چکے ہیں) جناب گنگا بشن صاحب لدھیانہ۔ بنام چودھری علی گوہر صاحب۔ جناب سید شمشاد علی صاحب وکیل اورنگ آباد بنام (۱) منشی کستورچند جی صاحب وکیل (۲) منشی گلزار سنگھ صاحب وکیل جناب صالح محمد صاحب تاجر دہلی بنام حکیم علی بخش صاحب جناب ریواکشن صاحب نمبردار گیلرا بنام جناب سید کرم حسین ایزی مجسٹریٹ و رئیس اعظم تحصیل مظفر گڑھ جناب حکیم وزیر علی شاہ صاحب ہیڈ ماسٹر چکور۔ بنام سوامی نرائن صاحب دیوبند نائب صاحبان طالبعلم ضلع انبالہ جناب احمد علیخاں صاحب از رامپور۔ بنام منشی امراؤ خانصاحب جناب محمد دین صاحب گرداور ہزکوبالہ۔ بنام شیخ محمد یوسف صاحب اسسٹنٹ جناب مولوی محمد ہدایت الہ صاحب حیدرآباد۔ بنام (۱) مولوی محمد شرافت الہ صاحب تحصیلدار (۲) مرزا خداداد بیگ صاحب جناب محمد دین صاحب از ملتان۔ بنام محمد حسین صاحب طالبعلم ملتان جناب عبدالعزیز صاحب از گورداسپور۔ بنام سید محمد صادق حسین صاحب جناب دوست محمد صاحب گرداور از خانگاہ ڈوگراں۔ بنام لالہ سندر داس صاحب گرداور جناب نتھو رام صاحب از سیالکوٹ۔ بنام رگناتھ صاحب طالبعلم جناب شیخ محمد علی صاحب کلاتھ پرنٹ راولپنڈی بنام شیخ فضل الٰہی صاحب سوداگر جناب فیروز الدین صاحب محرر تحصیل سنجاوی۔ بنام ابو محمد دین صاحب سب اور میر جناب گوکل چند صاحب کپورتھلہ۔ بنام چودھری عبداللہ صاحب خلف چودھری گلاب شاہ صاحب (دو خریدار پہلے دے چکا ہوں) جناب میران بخش صاحب فیروزپور بنام حکیم ہدایت علی صاحب جناب نصیر احمد خاں صاحب ضلعدار ہنر دہلی بنام (۱) منشی مظہر حسین صاحب ضلعدار (۲) جناب خانصاحب جناب ارجندا س صاحب سب اور میر بنام (۱) منشی دین دیال صاحب (۲) مرزا طالب بیگ صاحب (۳) محمد سلطان صاحب سوداگر جناب وزیر احمد صاحب بی اے بریلی (۱) مولوی خدا یار خانصاحب (۲) محمد شفیع خانصاحب جناب دیوان بہاری لعل صاحب کوہاٹ۔ بنام شیخ امام الدین صاحب سیکنڈ کلارک (پہلے دو خریدار بھیج چکا ہوں) جناب الہ رکھا صاحب حفظ مدرس سروال۔ بنام چودھری محمد خانصاحب جناب محمد شفیع احمد خاں صاحب کوٹ بنام لالہ شیدی چرن لعل صاحب وکیل جناب مرزا نتھے خاں صاحب حوالدار۔ بنام (۱) حکیم خانصاحب جمعدار (۲) اسسٹنٹ مادھوپور (۳) صاحب (۴) دینا ناتھ صاحب (۵) ڈاکٹر سید غنی شاہ صاحب (۶) غریب صاحب متقدم موضع ڈل جناب جمعہ خاں صاحب سررشتہ دار۔ بنام جمعہ خانصاحب ولد شمس الدین خانصاحب جناب غلام مرتضیٰ خاں صاحب کانشنج بنام منشی قادر بخش صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ ہرنگ جناب گنگا سہروپ صاحب خدا۔ بنام لالہ جوگل کشور جی صاحب بیکانیر جناب محمد عبدالصمد خانصاحب حیدرآباد۔ بنام مرزا محمد صلے بیگ سررشتہ دار جناب سید محمود علی صاحب قائم مقام تحصیلدار پالم پور۔ بنام منشی امام بخش صاحب شملہ جناب عبدالحق صاحب از کیلانہ۔ بنام منشی عبدالہ صاحب ہیڈ کلرک جناب عزیز الدین صاحب وکیل دہلی۔ بنام شاہ محمد عبدالصمد صاحب دہلی جناب منشی اکبر علی صاحب نائب تحصیلدار بوڑھانہ۔ بنام (۱) لالہ کمند مل صاحب نائب رجسٹرار (۲) علی اختر صاحب شاہجہانپور جناب تلسی رام صاحب ارکسولی بنام خلیفہ بین صاحب (ایک پہلے بھیج چکا ہوں) جناب مرزا امین الہ خاں صاحب مروان۔ بنام سید محبوب علی شاہ صاحب پٹواری جناب منشی جواہر شاد صاحب دیوگھر بنام بابو چراغ الدین صاحب سب ایجنٹ جناب منشی قاضی عبدالحکیم صاحب از چنچی (حیدرآباد سندھ) بنام میاں قادر بخش صاحب ہیڈ ماسٹر سکول ہاکو دیرہ جناب سید اسحق حسن صاحب پیرزادہ مارہرہ۔ بنام شیخ وحید الدین صاحب جناب محمد حبیب صاحب حیدرآبادی۔ بنام مولوی علام محمد صاحب سررشتہ محکمہ نظم جمیت جناب منشی فرحت علی صاحب الہ کلکٹری بلند شہر بنام میر اولاد علی صاحب

(نامہ نگاروں کی مراسلہ خبریں)

— سبی میں ۸ اگست کو ایک عورت کدو کاٹتی مر گئی۔ ہیضہ کا پتہ نہ لگا۔

— یکم اگست کی رات کو چار بندوقیں ہنری مارٹینی خزانہ سبی کے قلعہ سے سیڑھی لگا کر چوری گئیں۔ گارد غافل تھی۔ خزانہ کے پاس کوئی سنتری نہ تھا اور سامنے والا سنتری غافل تھا۔ تحقیقات ہو رہی ہے۔ اخراج گارد اور سامنے والا سنتری قید ہیں۔ نتیجہ دو رپٹ مارشل سے نکلے گا۔

— فتحگڈھ میں ہیضہ بکثرت ہے (یکم اگست)

— لالہ تولا رام تحصیلدار سبی نے انتقال کیا۔

ایسی گل دیگر شگفت۔ ہاڈ گرشتہ میں ہم اپنے ناظرین کی آگاہی کے لئے مسٹر آرم سٹرانگ گورکے مقدمہ کا حال لکھا تھا جس نے ایک دیسی توپچی کو قتل کیا تھا اور جسکے پاداش میں سوا صرف مبلغ ۵۰ جرمانہ مسٹر کلیفرڈ سشن جج لاہور نے کیا تھا اور مبلغ ۴۰ ہزار روپیہ فی کے وارثوں کو دلایا تھا۔ ۱۴ ماہ حال کی ایک اور مقدمہ اسی عدالت میں پیش ہوا جس میں مسٹر ایوارٹ کلیگن ایک گورہ ملزم ہے یہ گورہ بعلت زنا بالجبر سپرد عدالت سشن ہوا ہے۔ اور مجسٹریٹ چھاؤنی نے یہ مقدمہ سپرد سشن کیا ہے۔ مختصر حال اس مقدمہ کا یہ ہے کہ دو عورتیں میاں میر کے سلیمن پرات کے وقت پل پر آئیں۔ ایک کی عمر تخمیناً ۲۰ سال کی تھی۔ اور دوسری کی لڑکی شیر خوار بچہ تھے اور دوسری کی عمر تخمیناً ۱۰ سال کی تھی یہ آنکھوں سے نابینا ہے اور اس کے بدن پر چادر تھی اسیں اچھل اچھل کر نہانے لگیں۔ غرض یہ عورتیں نہانا ہی کر رہی تھیں جب یہ غورتیں پل سے آئیں تو سیدھی اپنے گاؤں کی طرف چلیں مگر شامت اعمال سے راستہ بھول گئیں۔ اور گورداسپور کی طرف جا نکلیں۔ گوروں کو نعمت غیر مترقبہ ہاتھ آئی۔ جانوروں شان صحرائی کی طرح ان عاجزوں کی طرف جھپٹے۔ نگران کو بیکار کر اس بدبخت نوجوان عورت نے اور سان نہ چھوڑی اور جھٹ اپنی شیر خوار [illegible] کی آنکھیں چھپ گئی اور اپنے بچے کا منہ ہاتھ سے بند کر لیا کہ آواز نہ نکلے۔ گوروں نے ایک ہی کو غنیمت سمجھا اور جھٹ اس کو اٹھا کر لیگئے [illegible] اس امر کے کہ [illegible] کی مرچھیا ہی نہانے چھپاک سے اور بدقسمتی سے [illegible] میں گئی اور [illegible] اس سے فعل شنیع کیا۔ [illegible] کی کھال کھجائی تھی کہ دخل دیتا آخر چند سپاہی گھاٹ پر [illegible] کے گورے کی حرکت اور انہوں نے فوراً گرفتار کیا۔ کہتے ہیں کہ گورے کو [illegible] مگر گرفتار ایک ہی ہوا۔ دیکھئے اس میں کیا فیصلہ ہوتا ہے۔ ۱۴ تاریخ پیشی کی مقرر تھی مگر مستغیثہ ٹھیک وقت پر نہ آئی۔ اس لئے مقدمہ ملتوی کیا گیا جو اب ۲۴ ستمبر کو پیش ہوگا۔

غفلت سے بیدار نہ ہوا ؛

چین کے سمندر میں تھوڑی دور پر ایک مجمع الجزائر جاپان کے نام سے مشہور ہے۔ جاپانی زبان میں اس لفظ کے معنی "مشرق آفتاب" کے ہیں۔ چینی اور جاپانی دونوں قومیں منگولین نسل سے معلوم ہوتی ہیں۔ جیسا قاعدے کی بات ہے زمانہ قدیم میں چین کا یہ ہمسایہ اس کا ادنیٰ باج گزار تھا۔ لیکن ایک مدت سے یعنی آج سے پیشتر جاپان یورپ اور امریکہ کے مدبر جہاز رانوں کو دیکھ کر دنگ ہو گیا۔ ہر چند کہ جاپان نے ان غیر ملک کے لوگوں کو ملک بدر کرنے کی بڑی کوشش کی اور ان سے خوں ریز جنگ بھی لڑا لیکن آخر کار خوش نصیبی سے تخت نشین بادشاہ کی سمجھ میں آ گیا کہ یورپ کی شائستگی اور علوم جاپان کی قدیم شائستگی سے ہزار گنا افضل ہیں۔ مکاڈو نے یک سر حکومت کے کاموں پر تمام اعلیٰ یورپین افسر مقرر کر دئے اور ان کے تحت چند ہی سالوں میں اہل جاپان نے ہر قسم کے کام سیکھ لئے۔ آج جاپان بلحاظ ترقی علوم اور شائستگی کے ایشیا کا بلکہ دور افتادہ جزیرہ معلوم نہیں ہوتا بلکہ موجودہ یورپ کے کسی جزیرہ کا مثنیٰ معلوم ہوتا ہے کہ جس کے باشندے ہندوستان کے فرنگی فرما ہیں۔ تہذیب۔ علمی لیاقت اور انتظام سلطنت میں یہ ایشیا کا برطانیہ کملاں اپنے یورپ کے ہمنام سے کم نہیں۔ جاپان صرف ہندوستان کی طرح مستعار علوم سے آراستہ نہیں کہ اس کی ریل۔ اس کی تار۔ اور اس کی یونیورسٹیاں اور لیجسلیٹو کونسلیں اس کی شائستگی پر کوئی اثر نہیں کرتیں۔ بلکہ جاپان کی ترقی کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ جاپان کی ریلیں اور تاریں جاپانی کارخانے تیار کرتے ہیں جبر یورپ سے نئی ایجادوں کی خبریں پہنچتی ہیں ویسے ہی جاپان سے بھی پہنچتی ہیں۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جاپان نے خود مختاری حکومت چھوڑ کر محدود الاختیارات سلطنت مثل انگلستان کے بنا لی ہے۔ اور ویسے ہی رعایا کو حق منتخب کر کے پارلیمنٹ میں بھیجنے کا اختیار دے دیا ہے۔ یہ حالات کو دیکھ کر تعجب نہیں رہتا اگر جاپان نے فوجی طاقت بھی بہت ہی بڑھالی ہو۔ خصوصاً بحری طاقت جو آج ایک بحری سلطنت کے لئے لابدی ہے ؛

آخری حالات کے مطابق جاپان کی بحری اور بری طاقت کی بابت ۱۸۹۴ء کے میکرلس اینول میں حسب ذیل درج ہے۔

"آج گورنمنٹ جاپان ایک لاکھ مستعد سپاہی میدان جنگ میں لا سکتی ہے۔ جبکہ انتظام فوجی مکمل ہو جائیگا تو ۲ لاکھ کی فوج تیار ہو جائیگی یہ تمام فوج نہایت عمدہ قسم کے اسلحہ سے مسلح ہے جو جاپانیوں کے سلاح خانے میں بنتے ہیں۔ سلاح خانے میں تار پیدہ کشتیاں اور آور نہایت اعلیٰ درجہ کے زمانہ حال کے سامان جنگ تیار ہوتے ہیں۔ ۱۸۹۴ء کے آخر تک ۱۲ طریقہ جاری ہے جس کے رو سے یورپین نمونے کے ۷ سال سے اوپر فوج میں بھرتی کیا جاتا ہے..... کاغذات پر مغل موجودہ فوج کی جمعیت دو لاکھ ہے۔ فوجی کالج سے بڑے دانا اور نہایت مستعد افسر نکلتے ہیں۔ کہ جن کی نسبت جنرل گرانٹ کہتا ہے کہ ہمیں دو دنیا میں اپنی قسم کے اعلیٰ درجہ کے لوگ ہوتے ہیں"

چینی افواج کی نسبت بہت کم معلومات موجود ہیں۔ وتھاکر صاحب کی ۱۸۹۴ء کی خبری میں یہ درج ہے:۔

"بحری طاقت ۶ فولادی جہازوں۔ ۷ سمندر میں پھرنے والے جہازوں۔ ۳۵ فولادی توپوں کی کشتیوں۔ ۹۔ انگستان اور جرمنی کی ساختہ تارپیڈو کشتیوں اور ایک سو دیگر جہازوں پر مشتمل ہے کہ جن میں سے بعض شانگھی اور فوچو کے سلاح خانوں میں تیار ہوئے ہیں۔ فوج کی کل جمعیت ۱۲ لاکھ آدمی کی بتلائی جاتی ہے" ؛

ایک دوسری جگہ لکھا ہے کہ چین کی منچو فوج تین لاکھ ۲۴ ہزار ہے۔ اور چینی فوج ساڑھے چھ لاکھ۔ مگر سب سے مستعد فوج لی ہنگ چنگ کے محصورین کی ہے کہ جس کی بنیاد ان سپاہیوں سے پڑی ہے کہ جنہوں نے جنرل گارڈن کے ہمراہ میدان دیکھے تھے ؛

آج ان دو مشرقی سلطنتوں میں جنگ چھڑی ہوئی ہے۔ تنازع صوبہ کوریا پر پیدا ہوا ہے جو ایک چھوٹا سا جزیرے نام خود مختار جزیرہ نما چین کے شمال مشرق میں واقع ہے جاپان کو اندیشہ ہوا ہے کہ کہیں چین کی کمزوری دیکھ کر روس کوریا پر قبضہ نہ کر لے کہ جس کو ایسے بندرگاہوں پر قبضے حاصل کرنے کے لئے بہانے پیدا کرنے میں ذرہ دیر نہیں لگتی۔ جاپان نے کوریا کے بادشاہ کو قید کر لیا چین نے لڑائی کی دھمکی دی۔ جاپان اس سے پہلے لنگوٹے سے لیس ہو کر میدان میں نکل آیا۔ دونوں سلطنتوں کے دوستانہ تعلقات قطع ہو گئے۔ اس وقت تک کسی سلطنت کو مصالحت میں کامیابی نہیں ہوئی شائد انگلستان اور روس کسی اگلی منزل پر بیچ بچاؤ کرا دیں۔ کیونکہ انہیں دونوں کا مشرق میں زیادہ تعلق ہے۔ لڑائی جاری ہے۔ جاپان نے چین کا ایک جہاز رسد کا غرق کر دیا اور دو گرفتار کر لئے۔ چین نے دو مرتبہ جاپانی فوج کو شکست دی۔ پرنس لی ہنگ چنگ وزیر اعظم چین کا خیال لڑائی سے پہلے یہ تھا کہ اگر لڑائی جاپان سے شروع ہو گئی تو چین پورا زور خرچ کر دیگا۔ اس وقت ایک یورپ کے امیر البحر کی رائے تھی کہ جس کو سو سال کا جنگی تجربہ حاصل ہے یہ ہے کہ چین جاپان کو اس جنگ میں تباہ کر دیگا گو جاپان کو عجرہ ہے کہ اس کی بحری طاقت میں چین سے جہاز اچھے ہیں یا اس کے اسلحہ جنگ جدید ترین ایجاد کے ہیں۔ تاہم چین کی دل بادل فوج کے سامنے یقین ہے جاپان کو پناہ مانگنی پڑیگی ؛

ایک صاحب ہندو اور مسلمانوں کے مندر اور مسجدیں گرنے کے عنوان سے جو مضمون پیسہ اخبار کے کسی پچھلے پرچے میں چھپ چکا ہے اس میں کامیابی رہنے کی نسبت ہمیں یہ شعر لکھ کر بھیجتے ہیں ؎

اے عندلیب داں دم دگدوزہ بند نازک مزاج شاہاں تاب سخن ندارد

ہم نے ضلع مغربی و شمالی کی اصلاح رسد رسانی کے سرکاری نسبت اعتراض کیا تھا کہ کیوں لالہ صاحب نے گھاس اور پرال کے زمینداروں سے مفت لینے کو جائز رکھا ہے۔ اسپر راجپوتانہ سے ایک واقعہ نگار نامہ نگار مندرجہ ذیل خط لکھتے ہیں جو سر چارلس کراسٹھویٹ کی توجہ کا محتاج ہے:۔

"قابل توجہ گورنمنٹ ریپورٹر ضلع مغربی و شمالی:۔ جناب ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔ ۲ جولائی کے پرچے میں جو اعتراض نسبت رسد سالی کے آپ نے درج فرمایا ہے واقعی واجبی بات ہے۔ ضلع آئین کی گورنمنٹ کا دوری میں مفت لکڑی۔ اپلے۔ پیال اور گھاس کھانا سراسر تعجب کی خبر ہے۔ یہ کہاں کا آئین ہے اس سے تو راجپوتانہ ہی بہتر ہے کہ جہاں بائیس برس پہلے ۱۸۷۳ء میں کرنل سر لوئس پیلی صاحب ایجنٹ گورنر جنرل سٹیٹو کے عہد میں مفت کی گھاس لکڑی لینے کی سخت ممانعت باوجود سرکار ہر ایک ریاست کو ہو چکی ہے۔ افسوس ہے کہ آئین ہند آج تک ایسی ناجائز کارروائی جائز سمجھی جاتی ہے۔ وہ بھی غریب رعیت سے نہ مثل راجپوتانہ کسی ریاست سے۔ گورنمنٹ رپورٹر صاحب اسپر ذرا توجہ فرماویں۔ مراسلہ ۱۰۶ از راجپوتانہ"

معلوم ہوا ہے کہ لالہ صاحب نے جگادھری کے عالموں کی نسبت قربانی بند کرنے کے حکم کی وجوہات کی تحقیقات کا حکم دیا ہے کیسا اچھا ہو تا کہ جس تار برقی کے ذریعے سے جگادھری والوں کو قربانی کی نسبت صاحب ڈپٹی کمشنر کے حکم کی تعمیل کے لئے تنبیہ کی گئی تھی وہی ڈپٹی کمشنر صاحب انبالہ کی خدمت میں بھیج کر ان سے ایسے بیہودہ حکم کی وجہ دریافت کر کے اس کی اصلاح کیجاتی ؛

ریپو یو حکایات عجیب اسی نام کی اردو میں ایک ۴۸ صفحہ کی کتاب مرتبہ مولوی عبداللہ خاں صاحب مدرس انگریزی سنٹرل ماڈل سکول لاہور حال میں چھپ کر شائع ہوئی ہے۔ جو واقعی دلچسپ ہے۔ حکائتیں نتیجہ خیز مضامین نصیحت آمیز زبان شستہ عبارت سلیس طرز بیان بامذاق اور ظرافت آمیز ہے چھوٹے بچوں کی تعلیم کے واسطے یہ کتاب بہت مناسب ہے۔ حقیقت اردو میں قصہ کہانیوں کی کتابیں بہت ہیں مگر اس طرز کی بہت کم۔ آخر میں مصنف نے ایک جامع ذو ہنگ انگریزی بھی شامل کی ہے اس سے طلبا کے لئے ترجمہ انگریزی کے واسطے بھی یہ کتاب بہت مفید ہے چھاپہ اور کاغذ بھی صاف اور قیمت صرف ۳ روپیہ محصول ڈاک ہے۔ مصنف یا منشی عبدالحق تاجر کتب کشمیری بازار لاہور سے مل سکتی ہے ؛

چھاؤنی جالندھر کے حالات کے متعلق مندرجہ ذیل خبریں پہنچی ہیں:۔ جمال الدین معزول کو تو ابھی تک حوالات میں ہے ضمانت وغیرہ ہونے کی فی الحال کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ انپر سرکاری روپیہ کے غبن۔ خیانت مجرمانہ۔ جعلسازی سرکاری مال کی چوری وغیرہ کے جرم لگائے گئے ہیں۔ ان کے اعلیٰ درجے کے مشیر اور ہمراز دم پرشاد صاحب بھی آٹھ دس روز سے حوالات میں ہیں۔ ان کے ہاں جمال الدین کی فرنیچر نکلی تھی دوسرا سرکاری سے سرکاری کارخانے میں بنی تھی۔ کل جمال الدین کے پریکٹیٹ

(از لاہور و پنجاب)

شمالی ہند میں بارش آٹھ دس روز سے ہر جگہ ہو رہی ہے۔

پنجاب میں بخار کی کثرت ہے۔ مواضعات میں کونین کی تقسیم سے بہت مدد ملتی ہے۔

راہوں کے قریب بھی ریل کی سڑک ٹوٹ گئی ہے۔ اکہ اور مسافروں کو پیادہ جانا پڑتا ہے۔

رایہ صاحب پوکھ نے جو آگرہ بچوں کا مدرسہ راولپنڈی میں منوایا تھا اس کی عمارت بصرف تقریباً پانچ ہزار روپے کے ایک دلدار سردار سجان سنگھ بھرانے والے ہیں۔ ۱۵ اگست سے کام شروع ہو گیا۔

لوکل بورڈ ہوشیارپور کے ممبر مل نے میونسپل کمشنر کو درخواست دی ہے کہ شہر کا انتظام سخت جو آجکل ایک خاص کمیٹی اور سول سرجن کے ماتحت ہے ہمارے ہاتھ میں دیا جائے۔

ہفتہ مختتمہ ۱۱ اگست تک موسمی رپورٹ۔ سیالکوٹ، ملتان اور پشاور کے سوا سب جگہ بارش ہوئی۔ ملتان تو بارش تیز و حصار نیز وزیر آباد، ترسیاکلوٹ اور راولپنڈی میں کم ہوئی۔ لاہور، شاہپور اور ڈیرہ اسمٰعیل میں بدستور برسا ہوا ہے اور باقی مقامات میں اترا ہوا ہے۔ فریقین تخم ریزی ترقی پذیر اور بری کے لئے زمین جوتی جا رہی ہے۔ حصار میں بارش کی ضرورت ہنوز باقی ہے۔ بعض جگہ ہیضہ کی حالت ہے۔ علاقہ فیروزپور اور لاہور میں جو ہولے نے کھیتوں کو نقصان پہنچایا اور راوی کی طغیانی سے علاقہ لاہور میں کئی جگہ زراعت کو ضرر پہنچا۔ سرشی اچھرہ میں پارہ کمشنر نارووال علاقہ سیالکوٹ میں عشر کے دن شیخوپورہ سرجاتے تھے۔ اُن میں ایک سکھ عمامہ باندھے ہوئے آملا۔ سپرنٹنڈنٹ اور ہمراہیوں نے ڈپٹی انسپکٹر کو چھپا لیا۔ پناہ لینی پڑی۔ پندرہ کانسٹبلوں کے چوٹے آئی تحقیقات ہو رہی ہے۔

نواب غلام محبوب بہادر لاہور کے ایک یا دو اردو اخبارات پر ازالہ حیثیت عرفی کی نالش دائر کرنے والے ہیں۔

شملہ کی نمائشگاہ ۱۴ کو کھل گئی۔

لالہ چھجو رام کمسٹر اسسٹنٹ کمشنر شاہپور نے جولائی سے دو ماہ کی رخصت وصول کی۔

مولوی تصدق حسین قائم مقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ سے بدل گئے۔

کچھ عرصے کے لئے سٹرجوہن ۲۰ جولائی سے ڈپٹی کمشنر بنوں مقرر ہوئے۔

لالہ جنی بعل کی جگہ لالہ خوشحال سنگھ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جج حدا است نقیفہ امرتسر ہوئے۔

اربار لاہور میں بجائے راولپنڈی کے آبی توپ خانہ کے بنانے سے توپخانہ آئیگا۔

سانسلہ (ضلع شاہپور) ریلوے سٹیشن کے قریب سڑک بہت خراب ہو گئی ہے اس کے سوا بھی کئی جگہ لائن ٹوٹنے سے مسافروں کے آنے اور چڑھنے میں بہت دقت صرف ہوتا ہے۔

بشیر میں جگہ لعل گھوڑے گئے ہیں ان کی جگہ مارچ تک نئے بن کر تیار ہو جائینگے۔

بعض چار اضلع سیالکوٹ کے ہندو مسلمانوں میں جو زور سے اذان کے متعلق ہر تکرار تھی اس مقدمے میں دونوں قوموں سے چکلکے لیا گیا کہ آئندہ فساد نہ کریں۔

ڈکنا ہکول ضلع جہلم کے ایک جیتھی رسان نے اس جرم میں سزائے قید پائی کہ بجائے ۱۰ کے ۱۵ روپے کے لاہور ۱۰ اور کے اور مرتبطور حق دستور مکتوب الیہ سے وصول کئے۔

واکسرائے کا آخری پروگرام۔ ۲۴ اکتوبر شملہ سے روانہ ہونگے ۲۵ اکتوبر امرتسر یکم نومبر سکھر ۳ سے ملتان کوئٹہ۔ ۹ شکارپور۔ ۱۰ سے ۱۲ تک کراچی۔ ۱۳ دلشاں۔ ۱۴ راولپنڈی۔ ۱۹ سے ۲۲ تک پشاور ۲۳ کو بسواری کشتی کالا باغ۔ ۲۵ کیمبل پور۔ ۲۶ نومبر سے ۲ دسمبر تک لاہور پہنچ کر براہ دہلی کانپور ۵ دسمبر کی صبح کو ساڑھے آٹھ بجے۔ اخل نکلتے ہونگے۔ لاہور اور گوشہ میں دربار کرینگے۔ لاہور میں صبح کے ۹ بجے پہنچیں گے۔ دہلی میں ۲۷ روز قیام ہوگا اور کانپور میں چند گھنٹے۔

شملہ سے کالکا تک سرکاری ریل گاڑی دوڑنے لگی۔ جہاں جہاں سڑک ٹوٹی ہوئی ہے وہاں سامان قلیوں کے سر پر جائیگا۔

۳ تاریخ کی شب کو کلو میں برسوفان کے ساتھ بارش ہوئی۔

بیاس چاردن میں ڈیڑھ فٹ اتری ہے۔ فیروزپور سے شملہ کو ہنوز نہیں جا سکتے۔

روک بنکشن کے نیچے مداحی کی سڑک جو خراب ہو گئی تھی ٹھیک ہو گئی اور لاہور سے کراچی تک برابر ریل چلنے لگی۔

لسا جمعہ میں ہفتہ کے دن تبیح کا میلہ تھا دو ہزار اہل مخلوق سپیشل گاڑیوں میں گئی تھی۔

راولپنڈی ریلوے سٹیشن پر ایک پٹھان کے پاس سے سامسونا اور جواہرات برآمد ہوئے جو کسی مندر کے خیال کئے جاتے ہیں۔ تحقیقات جاری ہے۔

گوجرانوالہ میں ایک مستری قلب سازی کے جرم میں گرفتار ہوا

ٹبالہ ضلع گورداسپور میں ایک کہتری کے دو سالہ بچہ کو جسکے بدن پر صرف پانچ روپیہ کا زیور تھا ایک شخص نے ارڈا لاد دوسرے دن لاش ملی قاتل گرفتار ہوا۔

نواب بہاولپور نے کلکتہ کے ایک کارخانہ میں ایک زیور بنوایا ہے جس میں دو ہزار سے زیادہ ہیرے جڑے ہیں۔

نواب صاحب بہاولپور ۱۲ اگست کو لاہور میں تشریف لائے اور یہم کے ہمراہ بازار میں پھرتے رہے۔

ٹبالہ میں چار و طرف پانی بھرا ہوا ہے اور ملیریا کا از بسیار ہے۔

فصلہ مینو سپلٹی بصرف ساڑھے چار ہزار روپیہ کے ایک مارکیٹ گوشت کا بنانے والی ہے۔

چاندنی چوک دلی میں شروع ہے۔

ساؤن ضلع مظفرگڈھ میں تیسرے درجہ کا ہسپتال قائم ہونے والا ہے۔

کئی دن کے بعد کل کچھ ابر لاہور میں ہوا تھا مگر شیخ ہو گیا۔

شہزادہ وانالوہر ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پشاور کی کوٹھی میں ایک لڑکا اور ایک بوڑھا چل گئی۔

بہنا کی طغیانی سے کئی نعمت دیہا بد ہو گئے سینکڑوں آدمی درختوں اور مکانوں کی چھتوں پر چڑھے ہوئے اور چار روز سے فاقہ سے تھے پولیس کی مدد سے سو سے زائد بچ گئے۔

ہفتہ گذشتہ میں جو بارش سونے چھ چھ سو من غلہ شملہ میں آیا۔

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ ۱۷ اگست سنہ ۹۴ء

چین اور جاپان میں جنگ

چین دنیا میں بڑی قدیم سلطنت ہے اور بلحاظ آبادی کے دنیا کی کوئی سلطنت اس سے بڑھ کر نہیں۔ چین قدیم زمانے میں بڑا شائستہ، ہنرمند، علم دوست اور طاقتور ملک رہا ہے۔ چین کی صنعت اور مصنوعات آج تک دنیا کے زبان زد ہیں۔ مانی و بہزاد کا نام کس کھلے پڑھے کو معلوم نہیں۔ چین کی دیوار اور نہر ساری دنیا کو حیرت میں ڈالنے والے انجینیر کے کام ہیں۔ کانفشن کا چینی کاہشت پہلو میناز اس وقت تک کی صنعت کو حیران کرتا ہے۔ جب تک مشرق کو اہل فرنگ کا دیدار نصیب نہیں ہوا تھا اہل ختان چین ہی کا بول بالا تھا۔ آج دنیا میں کوئی طاقت کے سوائے کوئی سلطنت بڑی نہیں ہو سکتی۔ بحری طاقت کا ہمارا جہاز رانی پر انحصار ہے اور جہاز رانی ہمارا کپاس کی احتیاج ہے۔ یہ کپاس اور اون پہلے پہل مشہور یورپین سیاح مارکوپولو سے ۱۲۷۵ء میں چین سے گیا تھا۔ حالانکہ چین کو صدہا سال اس سے پہلے جہاز رانوں کا کپاس معلوم تھا۔ چین کے عجائب خانے میں ایک نوٹ ہزار سال پیشتر کا اس وقت موجود ہے۔ جبکہ یورپ میں تھوڑی عرصے سے نوٹ ایجاد ہوا ہے۔ حالانکہ یورپ گرت چین میں کئی ہزار سال سے چھپتا ہے۔ حالانکہ یورپ میں شہر میں صدی مسیحی سے پہلے اخبار کا کوئی نام بھی نہیں جانتا تھا۔ غرض قدیم زمانے میں چین نے جیسی علوم و فنون اور صنعت و حرفت میں ترقی کی تھی ویسی ہی اس کی طاقت بھی زبردست اور وسیع تھی۔ مگر اس ملک کے لوگوں کو قدیم اہل ہند کی طرح ایک قسم کی ایسی خود بینی پیدا ہو گئی ہے جس نے آپ کو تمام دنیا کے باشندوں سے بہتر سمجھنے اور چینی آج تک اپنے ملک والوں کو "آسمانی باشندے" اور اپنی سلطنت کو "آسمانی بادشاہت" کے نام سے لکھتے ہیں اور غیر ملک کے لوگوں کو نفرت سے "اجنبی کتے" کہتے ہیں۔ چونکہ ہندوستان کی طرح ان کا ملک بھی ایک چھوٹا موٹا براعظم اور لحاظ سرسبزی اور سیر حاصلی کے بے نظیر ہے اور ملک کے باشندوں کی ضروریات ملک کے اندر ہی سے پوری ہو جاتی ہیں۔ اس لئے چینیوں کی طرح چینیوں نے بھی باہر سے بے پروا ہو کر اپنا منہ بند کر لینا دوش کا کام سمجھا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ دوسرے ملک کبھی غیر ملکوں پر قابض نہ ہوئے۔ بلکہ ان میں بسنے والے ملک کے باشندے کمزور اور ڈرپوک ہوتے گئے۔ ادھر یورپ کو علمی ترقی کے آفتاب سے زمانہ روشن ہو گیا مگر چین کو خبر نہ ہوئی۔ یہاں تک کہ آفتاب سر پر آپہنچا تو چین کی

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— فیسرائے ۲ دسمبر کو لاہور سے روانہ ہو کر کرنال کوٹھکانے کے بعد انبالہ دہلی میں پانچ روز قیام رہیگا۔ وہاں سے ستنا تشریف لے جائینگے۔ راہ میں چند گھنٹے کانپور پر ٹھہرینگے۔ ۱۴ دسمبر تک علاقہ ریوان میں شکار کھیلیں گے اور ڈپٹی صاحب اس عرصے میں الہ آباد میں قیام کرینگے۔ ۱۵ دسمبر روز شنبہ ساڑھے آٹھ بجے کلکتہ پہنچیں گے۔

— نفشت گورنر بنگال موسم سرما تک مدراس پورنہ آ سکیں گے۔

— مسٹر ڈوسکر بڑی گورنمنٹ ہند سے مہینے کی رخصت پر گئے ان کی جگہ مسٹر میکلیوڈ سن ڈپٹی سکریٹری کام کرینگے اور ان کی جگہ مسٹر وگلی۔

— کشمیر میں بھی ٹوٹھ اکھاڑنے کا انتظام سرکاری ہونے والا ہے۔ عنقریب احکامات جاری ہونگے۔

— سول اینڈ ملٹری گزٹ لکھتا ہے کہ دیسی لوگ دو چار حرف انگریزی پڑھ کر دکانداری کھول دیتے ہیں یہ بہت خوفناک ہے۔ گورنمنٹ کو ایک قانون جاری کرنا چاہئے کہ بغیر حصول سند کوئی شخص اداریہ انگریزی نہ لکھنے پائے۔

— گانجہ کمیٹی کی رپورٹ بعد تکمیل بحضور گورنمنٹ ہند ارسال ہوئی جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بالکل ممانعت سے ڈر ہے کہ گانجہ پینے والے کسی اور نشہ کا استعمال شروع کر دیں محصول زیادہ کر دینے اور بغیر لائسنس زراعت نہونے دینے اور دوکانوں کو محدود کر دینے سے کمی ہو جائیگی گورنمنٹ کا ٹھیکہ لینا مناسب نہیں خیال کیا گیا ہے۔

— شہر کانپور میں ہیضہ کثرت سے پھیلا ہوا ہے۔ بارش موقوف ہے۔

— کلکتہ میں سخت گرمی ہے۔ بنگال اور ممالک مغربی و شمالی میں بارش کی موقوفی سے ہیضہ پھیل گیا ہے۔ علی ہذا القیاس ہمبئی میں بھی۔

— دنیا پور میں میجسٹر رعمنٹ کے دو سپاہی ہیضہ پھیلا ہوا ہے۔

— مسلمانان مدراس نے کلکٹر ڈان اضلاع سے درخواست کی ہے کہ اسلامی انجمنوں کی حمایت کا قانون جاری ہونا چاہیئے۔

— پوسٹماسٹر جنرل بمبئی نے نوٹس دیا ہے کہ ولایت سے جو اخبارات ہر ہفتہ پوسٹ وغیرہ ہندوستان کو آتے ہیں ان کی طبلی راس قدر ہے کہ ریپٹ بے نام ہو جاتے ہیں۔

— جس طرح بنگال میں یہ اتی رعایا کو تین ہفتہ بذریعہ پوسٹ آفس بھیجنا وقوف ہوتی ہے یہی قاعدہ عنقریب آسام میں بھی جاری ہونیوالا ہے۔

— نواب وقار الامرا بہادر جو ماہ اکتوبر سے وزارت حیدرآباد کا کام کر رہے تھے ۱۰ اگست کو مستقل وزیر ریاست مذکور باضابطہ مقرر ہو گئے۔

— چاندنی اور مندوکے درمیان جی۔ آئی۔ پی ریلوے کا جو پل ٹوٹ گیا تھا اس پر مسافر اور مال وغیرہ سب جانے لگے۔

— جی جی بھائی ہسپتال بمبئی میں اب ہیضہ کا زور کم ہوتا جاتا ہے۔

— ۱۲ ماہ حال کو ہیلو ڈیرہ کے دربار میں شہزادہ جہاں قدر کو کے ڈی آئی ای کا سرکل چیفرٹن کو سی۔ آئی۔ ای کا خطاب دیا گیا۔

— کرنل ساندرس جج ایڈیکیٹ جنرل کی جگہ کسی کی تقرری ہنوز گورنمنٹ مدراس نے ہے۔

— سر من جنرل ہیڈ شامیڈیکل افسر کلاں افواج ہند بجائے سال حال کے سال آئندہ میں دورہ کرینگے بمبئی اور مدراس پریسیڈنسیوں کا بھی ملاحظہ ہوگا۔

— تمام ریشن لنڈین ریلوں کی درخواست بابت تبدیل اوقات زیر تجویز ہے یکم اکتوبر کو قواعد جدید مثل کے ہونگے۔

— گورمنٹی محصل چار شنبہ ۲۰ فیٹ خالی تھی ستارگھر اور تمام دفتر ہر وقت کھلے رہتے ہیں۔

— منی پور کی سڑک صرف ۴ میل کو باقی رہ گئی ہے۔ مارچ ۱۸۹۵ء تک ختم ہو جائیگی۔

— نواب فخر الملک بہادر جوڈیشل منسٹر حیدرآباد دو مہینے کے واسطے ۹ اگست کو کھنڈالہ جانے والے تھے۔

— مجلس تعلیم نسوان جوحال میں بمقام لکھنؤ قائم ہوئی ہے روز افزوں ترقی کر رہی ہے۔ اس وقت تک ایک لاکھ روپے کے قریب چندہ جمع ہو چکا ہے۔ مدراس میں بھی اسی قسم کی تحریک ہونے والی ہے۔

— حیدرآباد میں بارش ہوئی ہیضہ کم ہوتا جاتا ہے۔

— ماہ دسمبر میں بمقام کلکتہ میڈیکل کانفرنس کا انعقاد ہوگا۔

— لیکن افسوس ہے کہ ہندوستانی ڈاکٹروں کے لئے کوئی جگہ نہیں رکھی گئی ہے

— سیلون کے بندرگاہ میں ۳۱ جولائی کو دو جہاز ٹکرا گئے مگر جہازوں کو زیادہ نقصان نہیں پہنچا۔ دو کشتیاں مع سواریوں کے غرق ہو گئیں۔

— سر الفریڈ لائل کو اب بہت افاقہ ہے۔

— کرنل نسبٹ کی جگہ میجر آر بوسہ ایجنٹ سنٹرل انڈیا ریذیڈ ہونگے۔

— مانڈلی سے ناگپور تک ہیضہ پھیلا ہوا ہے۔

— بنارس اور اطراف میں ہیضہ کا زور ہے۔ حال کی بارش سے ترقی ہیضہ کا خوف جاتا رہا ہے۔

— احاطہ بمبئی میں ٹڈی بکثرت اڑتی۔ علاقہ ستارا میں بہت سخت نقصان کیا۔

— پونا میں پولیس نے ہندوؤں کو مسجد کے پاس سے باجہ بجاتے ہوئے گزرنے کی اجازت نہیں دی۔ اسپر ناخوش ہو کر انکے جلوس کا جلوس چھوڑ کر ہندو گھروں کو لوٹ گئے۔ گاڑی اور سانپ کو پولیس نے اپنی حفاظت میں لے کر دو سو روز مقدمہ عدالت میں سپرد کیا۔

— راجپوتانہ کے قریب گورنمنٹ انعام اور مدراس گورنمنٹ کے درمیان کچھ سرحدی نکرار ہے۔ وائسرائے کمیشن بیٹھے گی جس میں دو افسر ریاست کے اور دو گورنمنٹ کے ہونگے۔

— حیدرآباد میں عنقریب ٹرام چلنے جاری ہونے والی ہے۔

— نینی تال کے راستہ میں کاٹھ گودام کے سٹیشن سے ایک میل کے فاصلے پر بہ فیٹ تک ایک سڑک کا حصہ بالکل گر گیا جس کسی قسم کی سواری نہیں چل سکتی اور مسلسل بارش مرمت کی رخصت نہیں دیتا۔

— اودھ و روہیلکھنڈ ریلوے پر لکھی سرائے کے قریب ٹوٹی ہوئی سڑک بنگئی۔

— مسٹر منچرجی پارسی ولایت کو روانہ ہوئے۔ پارلیمنٹ کی ممبری کے امیدوار ہیں۔

— جی۔ آئی۔ پی ریلوے کی سڑک درست ہو گئی۔ ڈھونڈہ کاٹہ سے کلکتہ کو ریل برابر جانے لگی۔

— ٹیلیگراف ماسٹر امبین کو ایک سپاہی نے دفتر کے اندر جا کر تلوار سے مجروح کیا اور گرفتار ہوا۔

— نیشنل کانگرس آئندہ کے لئے جگہ مقرر ہوئی ہے سر ولکھنو پر نیشنل کانگریس

(ممالک غیر)

— امیر البحر ہنگ کا قول ہے کہ چین جاپان کو ہیس کر دیگا۔ سابق اللذکر کا تجربہ جنگ سو برس کا ہے۔

— معلوم نہیں ہوتا کہ چینی جاپان میں جنگ کریں بلکہ خود جاپان پر قبضہ کرینگے۔ (لندن ۹۔ اگست)

— جاپان میں جنگ کے خیالات بہت سخت ہیں۔

— دریائے کنٹن کے قلعوں کی فوج میں پانچ ہزار سیاہ جھنڈیاں اور شامل ہوئیں۔

— فرقہ انارکسٹ کا والیٹ خصوصاً فرانس میں بہت زور ہے۔ آئے دن نئی دھمکیاں دیجاتی ہیں۔ پریسیڈنٹ حال کو اطلاع ملی کہ ہیزل انارکسٹ جو قید ہے اگر رہا ہوگا تو پریسیڈنٹ کارنات مقتول کی بیوہ اور بچے مارڈالیجائینگے اور اگر ہیزل کو سزائے موت دی جائیگی تو یہ مذکور بھی زندہ نہ چھوڑی جائیگی۔ اسپر کچھ دھیان نہ کیا گیا اور قبل از وقت مقررہ ہیزل مذکور قتل کیا گیا۔ فرانس میں اس قسم کے واقعات کی بابت ایک قانون مختص الامر جاری ہوا ہے۔

— امریکہ کی ریلوے کی بغاوت کم ہوتی جاتی ہے۔ جمعہ کے دن سیکرامینٹو پر باغیوں نے سپاہیوں کی ایک جماعت پر بندوقیں ماریں سپاہیوں نے بھی جواب دیا۔ دو باغی مارے گئے۔

— ڈاہنس کا ایک مسافر تبت میں مارا گیا۔ گورنمنٹ چین نے افسوس ظاہر کیا اور مقتول کے ورثاء کا وظیفہ مقرر کیا جانے کا حکم دیا ہے۔

— گورنر جنرل پرتگالی ہند نے بعذر بیماری استعفا دیا۔ وکاگرنٹ نوروانا اس کی جگہ مقرر ہوئے۔ گزشتہ ۴۰ سال کے اندر یہ پانچواں گورنر ہے۔

— ۲۹ جون کو سوامیں گورنمنٹ کی فوج اور باغیوں سے مقابلہ ہوا آخر الذکر ۲۲ مارے گئے۔

— پریسیڈنٹ کارنات کی بیوہ کے لئے گورنمنٹ فرانس نے ایک ہزار پونڈ سالانہ کی پنشن دینے کی تجویز کی تھی گر سینیٹ کارنات نے منظور نہ کی۔

— پیکن سے واپسی کے وقت ٹنکو میں چینی سپاہی قافلہ جاپان سے بے عزتی کے ساتھ پیش آئے۔ پرنس لی ہنگ شینگ نے سرکشوں کی تنبیہ کے واسطے فوج روانہ کی۔

— کوریا میں جاپانی اہل چین کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہیں۔

— ۷ جولائی کو جنرل مارو (فوج مدراس) نے ایڈیز ابیں انتقال کیا انہوں نے مسٹر شرنیواس چچی ایک ہندو لڑکے کو متبنیٰ کیا تھا اور معاہ اپنی میم کے اسی کی تعلیم کے لئے یہاں آئے تھے۔

— لنڈن ۱۱۔ اگست۔ ہالینڈ میں ہیضہ پھیل رہا ہے۔

— سسلی میں زلزلے کی کثرت ہے ۱۲۔ آدمی مر گئے ۲۹ مجروح ہوئے اور مالی نقصان بے شمار ہے۔

— برطانیہ نے سلطنت جاپان کو اطلاع دی ہے کہ انگریزوں کے نقصان جانی و مالی کی جوابدہی اور ذمہ داری اتہامی طرف ہے۔

— امریکہ میں نوجوان عورتوں نے ایک سوسائٹی بنائی ہے کہ جو مرد کسی طریقے سے تنباکو کا استعمال کرے اس سے کوئی سروکار نہ رکھا جائے۔

— لنڈن میں عورتیں مردانہ لباس پہن کر بکثرت سواری پر نکلنے لگی ہیں۔

— جاپانیوں کا ہیروی پر حملہ کرنا تحقیق ہے مگر تفصیلی حالات ہنوز معلوم نہیں۔ یہ بھی تحقیق ہے کہ جاپانیوں نے قلعہ اور پر حملہ کیا مگر ناکامی کے ساتھ۔

حفظ صحت

استفسار

۶۳- نقوہ۔ ملتمس ہوں کہ بذریعہ مہربانی اپنے کالم حفظ صحت میں علاج بیماری نقوہ جو کہ میرے ایک دوست کو عرصہ تین سال سے ہے جس سے بائیں طرف کا لب اور آنکھ بوقت بات کرنے کے پھر جاتا ہے درج فرما کر بذریعہ اخبار بندہ کو اطلاع فرمائینگے تو غائت سے بعید نہ ہوگا۔ لب اور آنکھ ہر وقت نہیں پھرتے بلکہ گاہے گاہے بات کرتے وقت پھر جاتے ہیں۔ (راقم ج۔ ر۔ انسپکٹر ریلوے)

۶۴- سہال۔ میں کوئی تین ماہ سے مرض سہال میں مبتلا ہوں بہت سے حکیموں نے معالجہ کیا ہے کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ صرف اتنا ہوا ہے کہ اسہال معمولی بند ہونے سے پیچش ہونے لگ جاتی ہے آپکے معزز ناظرین میں سے اگر کوئی صاحب اس کا نسخہ بذریعہ اخبار شائع فرمائیں تو عین نوازش ہوگی ضعف بہت ہو گیا ہے۔ (نبی بخش ارنڈ الہ ۲)

علاج

۷۶- نیند کی حالت میں دانتوں کا پیسنا۔ اس کیفیت بندہ یہ مرض نہیں بلکہ ایام طفولیت کے عصبی امراض کی ایک خاص علامت ہے جس کی نسبت کہ بسا اوقات مختلف امراض معدہ و امعاء کی وجہ سے بھی نظام عصبی میں خراش پیدا ہو کر یہ نوبت عارض ہو جاتی ہے۔ لہٰذا چونسوتھی ملی ہوئی کرم درہا۔ قبض ائی۔ استعمال تقبل حمار و مرض اغذیہ۔ کثرت استعمال ترشی شیلہ اسہال پیچش تپ۔ ورم طحال و جگر۔ ام الصبیان۔ دانتوں کا نکلنا۔ سرسام پرضرب و زخم کا لگنا صرع۔ غشی۔ تپش آفتاب۔ کمزوری ضعف طبیعت و دفع وغیرہ امراض ہیں جن کا تعلق کم و بیش رسالتہا یا غیر و سالتہا نظام عصبی سے منضبط ہے عموماً یہ علامت پائی جاتی ہے۔ سائل ان امراض متذکرۃ الصدر یا اور کسی ظاہر و اسباب کے گاہ بگاہ یہ منحوس عادت بچوں بلکہ جوانوں میں عارضاً ظہور پذیر ہو جاتی ہے۔ ہم نے عموماً دموی مزاج بچوں اور جوانوں کو جن کا نظام عصبی خلقتاً شدید ہو کر محرک ہوتا ہے اس فعل شنیع کا مرتکب ہوتا ہوا پایا بعض اشخاص جہالتاً اس کو آسیب سے منسوب اور بعضے تسلط جنات سے معیوب کرتے ہیں عوام الناس کا خیال باطل ہے کہ جس گھر میں یہ ناوقت حرکت ہو وہ مورد آفات آسمانی اور اس کا مرتکب مقہور قہر ربانی ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ کاشانہ زندگی محروم و محروس رہتا ہے۔ درحقیقت اس عادت کی نحوست سے بکلی اور بطفل ہر بھلا کوئی کلام نہیں۔ انسانی خلاق اور آداب سے یہ بیجا حرکت از حد بعید ہے۔ (مفلوج) اوّلاً اور مرض متذکرۃ الصدر سے اگر کوئی مرض لاحق حال ہو تو اس کا کامل علاج کریں۔ خاص بسبب مرض کو رفع کریں ساتھ ہی ساتھ صحت بدنی کا لحاظ رکھیں۔ مفرح و طراوت بخش ادویہ از قسم مغریات اور حلوی زود ہضم غذایات کا کثرت استعمال رکھیں۔ اور اگر بلا موجودگی ان امراض کے یہ نشانات حرکت صرف عادتاً مانوس ہو گئی ہو تو انگلستان سے لوبیا خشک و درکھ چھلے جن کو اصطلاح انگریزی میں فرنچ بینز یا سبز گاہی میں اور جو مختلف اشکال کے مثلاً سبز و مخروطی و مدور ان غوش وضع اور طعم ہوتے ہیں فعل از استعمال و ذرہ ذرہ چنے عرصہ چھ ماہ تک روزانہ کھایا کریں۔ اس کے استعمال سے بگڑ کسی طرح کا مزاج نہیں ہوتا اور نہ طبیعت کو نفرت یا کلفت ہوتی ہے۔ خفیف مقدار پنج ماسہ کی صبح و شام یا دو کسی خوشگوار بدرقہ کے ہمراہ شب کو نوش فرمائیں۔ روغن بادام مکدد یا صندلی کی مالش کریں۔ رفع قبض کے لئے مرتبہ ملیلہ کلاں ہمراہ دو قند یا نیم گرم کا استعمال کریں۔ انشاء اللہ العزیز نہ صرف بستر میں بلکہ کوئی اندیشہ عصبی عرض لاحق نہ ہوگا۔ اس معمولی سہل طریقہ سے راقم پیشگی محسوس حرکت بالکل مفقود ہو جائیگی و محمد خاں اسسٹنٹ سرجن ہسپتال لاہور

شعر و سخن

ہماری قسمت

(نتیجہ فکر حضرت شاہ سید محمد اکبر صاحب ابو العلائی دانا پوری)

الحمد للہ ہے وہ دن جہاں کے لوگ — دیکھی جاتی نہیں اب قوم کی بگڑی حالت
دن کے سر پر ہے جگمگا چھائی ہوئی غربت کی — آؤ قوموں پہ برسنے لگا ابر رحمت
بام اقبال پہ اب کون سہارے سے چڑھیں — نہ تو دولت ہی رہی پاس نہ ہے جمعیت
حوصلے پست ہوئے خوب شکستیں کھائیں — دل بڑھے یاروں کے ٹوٹی جو ہماری ہمت
اتفاق ان میں جو تھا ساری ترقی کا سبب — ہو وہ ہر ایک مسلماں کے لئے وجہ نصیحت
باپ کو بیٹے سے اور ماں کو ہے بیٹی سے نفاق — نہ رہی عاشق و معشوق میں اب الفت
جن کو کہتی ہیں امہات المؤمنین دنیا میں — کس طرح اپنے بزرگوں کی اٹھاویں عزت
کر دیا تھا جسے اللہ کے اک بندہ نے — اک مثل ایک زباں ایک سخن اک ملت
اب اسی قوم میں آ کر گھسا ہے ابا — بے سبب بیں سے مجھے کون کرے گا نفرت
ہائے وہ قوم جو یگانہ جو ہر اک علم میں تھی — اب اسی قوم کی ہے غیر سے صورت
کل پڑھاتا تھا تہذیب کا جس کی عالم — اب اسی قوم کی ہے غیر سے رسمی زینت
نام جس قوم کا تھا باعث فیروزی و فتح — اب اسی قوم کا ہے مذہب ہر رسمی زینت
مدرسوں میں لکھی نکھی کوڑی بھی — نوج محبوں میں ہوا ہو گئی ساری دولت
لگنے سجنے و بناؤ تو حرکل میں ہے — کوئی میلہ اگر آ جائے تو لاکھوں کی کھپت
نور اخلاق جو تھا ان میں ترقی کا چراغ — وہ جو ٹھنڈا ہوا اور بانکی چھاتی ملت
امرا عیش میں مصروف ہیں فیکری سے — نہیں تعلیم و تعلم کی زباں بھی دست
روز و شب سفل ہے شرح کی طویلی ہے ٹٹ — کہتے ہیں قتل کو ہوتی اسے بھی سی دودت
زنگاں کرتے ہیں کیا وقت بہ کا مول نہیں — اس گھر کی نہیں معلوم ہمیں کچھ قیمت
صحبتیں ایسی مری ہیں کہ زمانے سے بری — نخلیہ بھی ہے قدوہ تخلیہ یعنے خلوت
یہ فن نظم جو اک وقت میں نادر فن تھا — کیا کہیں آجکل اس کی جو ہوئی گیفیت
شعر میں غیر مضامین وصال و ہجر — کہیں علمیہ مسائل کی نہ دیکھی ہیئت
حکما میں بھی نباتی رہی طبی تحقیق — بھی کرنے لگے اب جاہلوں کی تو ہیئت
ان اطبا کی بھی حالت نہ رہی پہلی سی — کرتے ہیں فیس کی تحصیل میں پوری ہیئت
ہاتھ میں ایسوں کے تاثیر شفا کیونکر ہو — جب مریضوں سے یہ لینے لگے میٹھی شوت
فقر کے لئے جو فرض تھا تاک رہنا — کیا کہیں ان کی بھی بدلی ہوئی ہے ہیئت
صلح کل لے بھی رہے پیٹے بیٹھے ہیں — بے ضرر ذات بھی جن کی وہی ایسی فرقت
سب سے بڑھ کر مسئلہ نوع تھی یہ نوع بھی — آج مشہور ہے دنیا میں اسی کی نخوت
شیعہ سنی کے تعصب نے کیا اور نظیر — انہیں جھگڑوں نے تو اسلام کی توڑی شوکت
جان بن ہوئے یہ کو بھی تقلید کے جنگ — جس سے چلنے کی انہیں میں سنان بدعت
خانہ ہو گئی اور بانکا ہندوستان اور) — نہ تو عزت ہے نہ مذہب ہے نہ باقی غیرت
تو مٹی ان کی ہے ہم ہو کے احقاب ہے — اس سے بہتر تھی ہماری وہی جیسی ملت
اب ہے آرام طلب ہم ہوئی بگڑی ہے مزاج — مال سب لٹ گیا گھر ہو گیا سارا غارت
جب کبھی چلتی تھی دنیا میں ہماری ہی ہوا — خواب کے وقت نہ تکیوں کی ہوئی تھی حاجت
سنگ تھا باش سر خاک تھی نرش مخمل — قصہ تھا فضل خدا نصرت و فیروزی بخت
مال سب لوٹ کے بس لے گئی فوج اوباد — اب چھپر کھٹ ہیں گھروں میں نہ وہ خواب راحت
تقلب آ گیا کچھ ایسا مسلمانوں میں — نہ خیال ان کو ہے عزت کا نہ عار ذلت
دو دو پیسے کو جو تھیں فوق شرافت سے کم — سر تو بر برف سے بھی ہو گئی انکی جرأت
یا خدا رحم کر ان پر کہ یہ بندے ہیں ترے — اب کسی طرح کی باقی نہ رہی جان میں سکت
جان میں ہو جائے پھر کوئی مدبر ایسا — جس کی تدبیر سے پھر آ کے وہ پہلی قسمت
اے سری قوم ہو سنبھاز کے پانے یارو — منہ کو دھو ڈالو اٹھو خواب سے کب تک غفلت
کر دے اب برقیہ قوم تمام اے اکبر — سب کو بیہوش کیے دیتا ہے بیہوش قوت

معلومات کا کشت

لندن کا رقبہ ۲۲۰ میل مربع ہے۔

ایک معمولی بیل کی اوسط قوت ۱۰۰ گھوڑوں کے برابر ہوتی ہے۔

لندن میں مقبروں کے سالانہ مصارف ۱۰ لاکھ پونڈ کے زائد اندازہ ہوتے ہیں۔

بیان کیا جاتا ہے کہ آبزرویٹ کے مزدور جو صرف آلو کھا کر بسر کرتے ہیں فقرس کے مرض میں کبھی مبتلا نہیں ہوتے۔

مرغی سال میں بحساب اوسط ۱۰۰ انڈے دیتی ہے اور بورچ میں مرغی تخمینا، شلنگ سالانہ کا نفع ہوتا ہے۔

سوئیڈن میں جب ہفتہ ہوتا ہے تو ہفتہ کی عورتیں اپنے ہمسایوں کی خدمت اور تیمارداری پر آمادہ ہو جاتی ہیں۔

ہر یورپ کی دنیا میں سب سے تیز چلنے والا تخمینا گھنٹہ میں ۱۲ میل گیا تھا۔ ۱۰۰ ہزار معنی لفظ ہے سے زیادہ میں نہیں ہیں میں وہ ڈھونڈا جاتا ہے اور جو کوئی نہیں کہہ سکتے ۱۰۰ ہزار نظامات دینے کا وعدہ کرتا ہے؟

پیٹے ہیکیلیس میں یہ قاعدہ تھا کہ جب کسی کی بھیڑ بکری وغیرہ چوری ہو جاتی تو علاوہ معمولی کرایہ کے ان میں سے ایک بچہ مالک کو دینا پڑتا تھا۔ اور جب کبھی ایسا سیوں میں کسی کے ہاں توام بچے پیدا ہوتے تو مالک ایک بچہ لے کر اپنے گھر میں پرورش کرتا تھا؟

انگلستان میں ۵۰ لاکھ عورتیں مزدوری کر کے پیٹ پالتی ہیں۔

برطانیہ کی تصویر سکہ انگلستان پر چار سو دوم کے عہد میں سب سے پہلے شائع ہوئی؟

۶۲- اگر تک آدمی کا دن ہر اگر بلندی پر ہو تو ۲۰ گھنٹے ہوتا ہے۔

دس برس ہوئے جب ملک کی ذاتی دولت ۲۰ ارب تخمینہ کی گئی تھی۔ اس عرصے میں آور زیادتی ہوئی ہوگی؟

سپاہی ایک منٹ میں ۷۵ قدم اور جب تیز چلیں ۱۰۰ اور جب دوڑیں تو ۱۵۰ قدم چلتے ہیں؟

اٹلی کے شہر وینس میں دستور ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو اس کے مکان کے سامنے اور قرب و جوار کی سڑکوں پر چراغاں کرتے ہیں جن میں متوفی کا نام عمر جملے پیدائش و مرض الموت وغیرہ حالات درج کرتے ہیں اور اس کی روح کی مغفرت کی دعا درخواست بھی عام لوگوں سے اس میں تحریر ہوتی ہے۔

ایک حکیم کا قول ہے جو ایک بڑے پاگل خانے کا افسر تھا کہ جو شخص اپنے آنکھوں کو ہمیشہ سیدھا قائم رکھتا ہے اور کسی کی طرف نہیں لگاتا نہ سلام کرتے ہیں نہ دیکھتے ہیں اس سے آنکھوں سے ملاقات ہے سمجھ لو کہ ضرور اس کی عقل میں فتور ہے۔

جاپان میں طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک دن (۱۲ گھنٹے) (اسٹنٹ کا) شمار کیا جاتا ہے اور اسی طرح غروب سے طلوع تک ۱۲ گھنٹے رات کے گنے جاتے ہیں۔ اگرچہ گھنٹے میں ۱۲ گھنٹے کے نشان بنے ہوئے ہوتے ہیں مگر ہر گھنٹہ کی مقدار ہمیشہ برابر نہیں ہوتی بلکہ مطابق تقسیم دن و رات ہماری گھڑیوں کی طرح نہیں ہوتی۔

ایک سیاح کا قول ہے کہ اس کے سامنے ایک شخص کے خاصلہ پر ایک شخص کے قتل ہوا اور وہ بیہوش ہو گیا

پیسہ اخبار

نمبر ۳۱ | یوم جمعہ ۱۰ اگست سنہ ۹۴ء مطابق ۱۴ صفر سنہ ۱۳۱۲ھ موافق ۵ بھادوں سمت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد ۸

مذاق

ایک جُلاہے نے واعظ سے سنا کہ عبادت کرنے والوں کے چہروں پر نورِ الٰہی چمکنے لگتا ہے۔ اندھیرے منہ نماز کی نیت سے اُٹھا۔ وضو کے لئے پانی تو نہ ملا لیکن ہجرہ میں تو سے برتے تیمم کر لیا۔ اور نماز کو کھڑا ہوا تو بیوی سے پوچھا۔ لوگ کہتے ہیں کہ نماز پڑھنے والے کے منہ پر نور چمکنے لگتا ہے۔ میرے چہرے پر بھی کچھ ظاہر ہوا ہے یا نہیں؟ بیوی بولی "پیارے شوہر اگر تو کہے تو رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ تو خوش ہو کہ گھٹا باندھ کر آیا ہے" (دردِ سنگھ)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک انگریز انسپکٹر صاحب ایک دیہاتی مدرسے کا معائنہ کر رہے تھے۔ طبیعت مذاق پسند تھی۔ وہاں کے مدرس کو ایک گدھے کی تصویر دکھا کر کہا "دیکھو مولوی کیسا گدھا ہے"۔ حاضر جواب مولوی بولا "ہاں صاحب کابلی گدھا ہے"۔ صاحب بہت ہنسے اور مدرس کو کچھ انعام دیا۔ (دردِ)

سکھوں کے زمانے میں ایک دفعہ سپاہیوں کو تنخواہ ملی۔ اُنہوں نے مشورہ کیا کہ منشی ہمیں تنخواہ نہیں دیتے۔ ان کو مار ڈالنا چاہیئے۔ ایک سکھ بولا منشیوں کے مارنے سے بہتر ہے کہ ان کی ماؤں کو مار ڈالا جائے۔ وہ کون؟ مُلّا لوگ یعنی مدرس۔ (دردِ)

ایک سکھ نے دکاندار سے پاؤ آٹے کا گڑ مانگا۔ دکاندار نے سمجھا کہ ایک آنے کا بھر مانگتا ہے۔ جب پاؤ بھر تول دیا تو سکھ نے ایک پیسہ خرچ کیا۔ سکھوں کا زمانہ تھا بیچارہ دکاندار بول نہ سکا۔ جب دوسرے سکھ نے دیکھا کہ ایک پیسہ کا اس قدر گڑ مل گیا ہے تو اس نے بھی پیسہ دیا اور گڑ مانگا۔ دکاندار چھٹانک بھر دینے لگا سکھ بولا "ہوں۔ ہوں۔ یہ کیا؟ اس کو پاؤ بھر اور ہمیں چھٹانک"۔ بنیا بولا "صاحب اس کو غلطی سے دیا گیا ہے"۔ سکھ نے کہا "ایک دفعہ اور ہماری خاطر بھی غلطی کھاؤ"۔ بنئے کی کیا طاقت تھی۔ جبراً غلطی کھائی۔ (دردِ)

ایک مڑھیا کی گائے جو ہر روز باہر چرنے کے لئے جاتی تھی۔ ایک روز دیر تک واپس نہ آئی۔ جب شام ہو گئی اور اندھیرا چھا گیا تو ایک بیل گائے کا ہمشکل اتفاق سے گھر کے اندر گھس آیا۔ بڑھیا نے گائے سمجھ کر رسّہ ڈال لیا لیکن جب دودھ دوہنے لگی تو حیران ہو کر بولی "بیٹا آج ہماری گائے کا ایک ہی تھن ہو گیا ہے"۔

یورپ میں کسی نیلجنت میڈم رولینڈ نے کہا تھا "عقل میں مردوں کو زیادہ پہچانتی ہوں اتنی ہی محبت کی زیادہ قائم رکھنے کی"۔

وقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

انگریزی اور ہندوستانی کا تاریخ: سنہ ۱۶ء سے سنہ ۱۸۹۰ء تک

انگلستان نے جو لڑائیاں لی ہیں اُن کا خرچ حسب ذیل ہے:-

سنہ ۹۵-۱۶۸۸ء	آگسبرگ لیگ بمقابلہ فرانس وغیرہ	
سنہ ۱۷۰۲-۱۳ء	جنگ تخت نشینی سپین	۵۰۶۸۴۹۵۶ پونڈ
سنہ ۱۸-۱۷۴۰ء	بمقابلہ سپین	۴۵۴۷۳۲۴ "
سنہ ۳۹-۱۷۴۳ء	بمقابلہ سپین	۹۲۶۵۵۱۹۲ "
سنہ ۵۶-۱۷۵۶ء	جنگ ہفت سالہ وغیرہ	
سنہ ۱۸۱۴-۱۵ء	جنگ جاری ہے	۸۲۶۲۳۰۳۰ "
سنہ ۱۸۵۶ء	جنگ امریکہ	۹۷۵۹۹۴۹۶ "
سنہ ۱۸۱۵ء	بمقابلہ فرانس	۸۳۱۴۴۶۴۴ "
سنہ ۱۸۳۸ء	کینیڈا میں بغاوت	۲۰۹۶۰۴۰ "
سنہ ۱۸۴۰ء	چین کی پہلی جنگ	۲۲۰۱۰۳۵ "
سنہ ۱۸۴۸ء	جنگ کفار	۲۰۶۰۰۰۰ "
سنہ ۱۸۵۴-۵۶ء	جنگ روس	۶۹۲۷۶۹۴ "
سنہ ۱۸۵۷-۵۸ء	چین کی دوسری لڑائی	۶۶۴۰۶۹۳ "
سنہ ۱۸۵۶ء	مہم فارس	۹۰۰۰۰۰ "
سنہ ۱۸۶۶ء	مہم ابیسینیا	۸۶۰۰۰۰۰ "
سنہ ۱۸۷۱ء	جنگ فرانس و پرشیا	۱۴۵۱۰۹۷ "
سنہ ۱۸۷۴-۷۵ء	جنگ اشنتی	۹۲۷۰۱۷ "
سنہ ۱۸۷۸-۷۹ء	جنگ روم و روس	۷۰۰۰۰۰۰ "
سنہ ۱۸۷۹ء	جنگ جنوبی افریقہ جنگ افغان	۵۰۰۰۰۰ "
سنہ ۱۸۸۳-۸۵ء	مہم مصر	۳۸۹۵۰۰۰ "
	رسگاری جنرل گارٹن	۳۰۰۰۰۰ "
	فوجی و بحری کام	۹۴۵۱۰۰۰ "

مجموعہ ریلیں ہندوستان میں سنہ ۱۸۹۰-۹۱ء میں جب انجن کی مسافت کیجاتی۔ برامتھرا ۵۰ میل۔ وزیرآباد ۲۰۰ میل۔ روہری کوٹری ۲۰۶ میل۔ شمالی ہند میں چھوٹی لائن ۹۰ میل۔ بنگال و پنجاب ریلوے میں چھوٹا گنڈوں سے ۱۰ اور ایک الوانہ خلیا تک ۵۷ میل۔ ہلی کالی کیچ ۴۰ میل۔ منگور ۲۵ میل۔ شورنگوچین ۲ میل۔ ۱۰ میل۔ ٹنی ویلی کوئمبتور ۶۰ میل۔ مدورا پامبین ۹۱ میل۔ ترم پار تی پور ۳۰ میل۔ چنگانگ نہلا ۴۲۰ میل۔

(باقی صفحہ ۸ پر) جملہ ۲۲۰۸ میل۔

انگلستان کی آبادی میں ہر روز ہزار اشخاص کے بیچ سنہ ۱۸۹۰ء میں

۳۰ جس ۲۱ اور ۳۰ تھا۔ شراب نوشی کی تفصیل

عجیب عجیب باتیں

خوفناک وبا۔ دو تین مہینے سے کینٹن، ہانگ کانگ اور بہت سے چینی شہروں میں کالی موت کا بہت زور ہے۔ مریضوں میں دس یا بیس فی صدی مشکل سے بچتے ہیں۔ سنہ ۹۲ء میں ہی عرض ترکستان میں پھیلا تھا۔ جہاں صرف ایک چھوٹے سے شہر میں چھ دن کے اندر ۳۰۰ آدمی مر گئے تھے۔ علامتیں اس مرض کی بخار، درد سر، گردن میں گلٹیاں پڑ جانا۔ کبھی سرسام اور بازوؤں میں خارش پڑ جانا۔ ناک سے خون جاری ہونا وغیرہ ہیں۔ چودھویں صدی میں یورپ اور ایشیا کو اسی بیماری نے تہ و بالا کر دیا تھا۔ یورپ میں چھ حصوں اور ایشیا میں ۳ کروڑ ۶۰ لاکھ آدمی اس مرض میں مبتلا ہو کے تلف ہوئے تھے۔ سنہ ۱۶۶۵ء میں ہانگ کانگ کے اندر صرف لندن میں ۳ لاکھ آدمی مرے تھے۔ اور سنہ ۱۸۳۲ء میں شہر پیرس میں چند ماہ کے اندر ۱۸ ہزار اور سنہ ۱۸۳۲ء میں لوگوں کی ایک لاکھ آبادی ہلاک ہوئی تھی۔ یورپ میں پچھلی دفعہ سنہ ۱۸۳۲ء میں یہ مرض ہوا اور سنہ ۱۸۴۲ء تک رہا۔ مصر میں سنہ ۱۸۳۵ء سے سنہ ۱۸۴۰ء تک رہا۔ دھوئیں سے مفرق ہیضہ اس جا بجا پایا جاتا ہے۔ سنہ ۱۸۶۶ء اور سنہ ۱۸۷۳ء میں پیرس اور سنہ ۱۸۷۳ء میں لندن اور سنہ ۱۸۷۳ء میں علاقہ جات پیسو دیمیا (آسٹریا) میں آکسار مدراس کے دورے ہوئے تھے۔ ہیضہ میں کم کرنے کی کئی سلطنتوں سے کوشش کی گئی ہے۔ ڈاکٹروں کو تحقیقات کے لئے روانہ کیا مگر ان کے پہنچنے سے پہلے یہ بیماری مفقود ہو چکی تھی۔ یہ بیماری نہ صرف انسان بلکہ حیوانات میں بھی ایسی ہی ہوتی ہے۔

شاہ انام کی بیبیاں۔ شاہ انام کی سو بیبیاں ہیں۔ ہر محل میں ہر خدمت عورتوں کے سپرد ہے۔ تیس عورتیں ان کے کمرے کا پہرہ دیتی ہیں۔ پانچ ہر وقت خدمت کے لئے مستعد رہتی ہیں اور سب سے بڑی خدمت ان کی شاہ کے ناخن کاٹنے کی ہے۔ ناخن انگلیوں کے برابر لمبے ہیں۔ ناخن کا اس قدر طول اور جوڑ سلطنت اور تعلیم یافتہ ہونے کے عجیب ہے۔

قدیم زمانے میں ارسطو اعورتیں۔ روس عورتوں میں کسی زمانے میں ڈاڑھی کا بڑا شوق تھا۔ عورتیں بال اگانے کی کوشش میں چہرہ پر بستر پھر اکر ضماد چڑھا کر تی تھیں۔ سیسرو کا قول ہے کہ اس فاسد خیال نے یہاں تک ترقی کی کہ ناجائز زور سے عورتوں کو روکنے کے لئے قانون جاری کرنے کی ضرورت سمجھی گئی۔

امریکہ کی ریلوں پر پرہیز گاری۔ امریکہ کی ریلوے لائنوں پر ملازمین کو نوکری کے وقت شراب پینے کی سخت ممانعت ہے۔ ملاحوں لائسنس ایسی ہیں جہاں قطعاً یا قید اقامت نوکری شراب کی اجازت نہیں۔ لوگ ممنوع کئے گئے ہیں۔ اور ۱۳ لائسنس اجتناب شراب کو ترجیح دینے میں بہت مسابقہ کرتے ہیں۔ اور ایک لائن ایسی ہے کہ وہاں نوکری سے پہلے

تندرستی دنیا کی بادشاہت ہے

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی دوایات کو کام جانتے ہیں اور ادویات اچھی اور خالص ہیں +

ڈاکٹر سے آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۵ اگست ۱۹۰۶ء

امرتسر کے ایک مزلیور و پین نے ایکذمہ مجھے کہا کہ امرتسر میں کوئی چاہو دوا ساز نہیں ہے اور ابھی اور سکہ کچھ عرصہ نہ ہوا تو میں نے معلوم کیا کہ اس ضلعین کا یہ حال کہ صحیح تہانیے یہاں کے ہر ایک خورد نیم فارماسیوٹیکل کیمیٹ اور ڈرگسٹ کی آزمایش کرلی۔ اور کسی کو دوا بنانے میں لایق نہ پایا۔ ایک دفعہ میں نے امرتسر کے ایک لایق کے واسطے نسخہ میں ٹنکچور آیوڈائی ایتھیریا لکھا مگر کیمیٹ نہ جانتے تھے کہ وہ کس طرح بنایا جاتا ہے مجھے خوش قسمتی سے امرتسر کے ایک آنریری مجسٹریٹ نے مسٹر محمد امام الدین ڈسپنسنگ کیمیسٹ سے ملاقات کرائی جب کہ میں نے دریافت سے بیماروں نے دوائی لینے میں پورا آرام پایا کیونکہ میں نے محمد امام الدین میں نسخوں کے صحیح بنانے اور صفائی کرنے رکھنے اور دوا سازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی اور نیز محمد امام الدین نے مجھے کہا کہ انکی چند ادویات بہت سی بیماریوں کے واسطے اپنی تیار کردہ ہیں اور مجھے انکی یہ بھی بتادیا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح سے بنائی جاتی ہیں میں نے اجزا کو معلوم کرکے پوری تسلی کرلی۔ کہ یہ وہی ادویات ہیں جو لنڈن اور فرانس کے بڑی بڑی عالم ڈاکٹر ہیں اور نیز میں نے محمد امام الدین کی آپ تیار شدہ ادویات بہت سے بیماروں کو دیکر تجربہ کیا۔ اور بلاشک و شبہ مفید پایا۔ پس میں عام لوگوں کو ان کے خریدکرنے کے بڑے زور سے سفارش کرتا ہوں +

ڈاکٹر ڈی۔ ایم سانگلے ایم۔ بی۔ اینڈ۔ ایم۔ ایس یونیورسٹی آف ایڈنبرا انگلینڈ کا پاس شدہ ۲۰ مارچ ۱۹۰۴ء قیصری باغ امرتسر

مندرجہ ذیل ادویات کے مفید ہونے پر قیمت کی واپسی کی شرط +

اشک کی پیمان مفید اشک کا علاج ۴۰ پیمانہ	عرق دافع سوزاک مدر عصبی۔ دیرینہ الثر کیواسطے فی شیشی ۱	بچھو کاٹے کا علاج۔ جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۴۰
عرق دافع اشک۔ اشک کے غدہ پر لگانے کیواسطے فی شیشہ ۱	عرق ملال۔ تپ تلی کیواسطے ۲ خوراک ۴۰ خوراک	بادیخ خوشبودار کزنیو الاثیل۔ دافع امینائی کو طاقت دیتا ہے ایک
عرق مشہ مرکب۔ دافع دردہ عضلی اشک کیواسطے	اسپرٹ ٹریبہ بلسم۔ دافع کثرت احتلام جریان منی ۴۰ گولی ۴۰ گولی	ڈائریہ پوڈر۔ دافع اسہال و پیچش بر بضمی کی بابت ہو ۱۲ پڑیہ
عرق دافع سوزاک قرص۔ اعضائی اتصال کیواسطے فی شیشی	الفرڈ نیک کمپچہ۔ متوی بادہ۔ دافع ضعف اعضائے ورشہ فی شیشی	کیسنفارا آستھما فیق۔ نفس یا دمہ کی بیماری کا علاج فی شیشی
دوائی پچکاری برائے سوزاک۔ سوزاک کیواسطے پچکاری کیواسطے	نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کم طاقتی۔ کمزوری۔ ۴۰ گولی	کالرا کیور۔ ہیضہ کا علاج ہر دفعہ کراس دوائی کا گھر میں رکھنا
دوائی پچکاری برائے قرحہ سوزاک کیواسطے پچکاری کیواسطے	کاف کمپچہ۔ تر و خشک کھانسی کا علاج فی شیشی۔	عرق کونین۔ بخار کے واسطے کا سلم علاج

محمد امام الدین منیجر و کٹوریہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

شکریہ

کچھ ضرورت نہ تھی کہ بعض شیخی بازوں کی طرح ہم اپنی تعریف آپ کرتے کو بیٹھتے۔ لیکن مجبوری معذوری لوگوں کی خود ستائیاں سنتے سنتے پک گئے ہیں کہ دو صرف اپنے منہ میاں مٹھو بننے ہی پر کفایت نہیں کرتے بلکہ محض حسد اور بغض سے دوسروں پر منہ آتے ہیں گو ایسے حاسد لوگوں کی آخر گمنامی کی بھی کہاں تک ہم چاہتے ہیں کہ دو چار لفظوں میں اپنے مشاہدات اور اصل حال بھی ظاہر کریں۔ سب سے اول مرتبہ ہمیں ملکہ وکٹوریہ کے جوبلی کے موقعہ پر پنجاب بھر میں ہمارا کارخانہ تھا اور امرتسر میں گنگا بشن کی دوائی کا ڈنکا بج رہا تھا۔ اسکی ترقی کو دیکھ کر اور بھی بعض لوگوں نے دوائیاں بنانی شروع کیں۔ مگر کامل تحقیق کی اور تقدیم اور پیشدستی کر کے ملک میں اپنا نام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نمائش اور ظاہرداری کو پسند نہیں کرتے۔ ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ مبالغہ اور تعریف سے بالکل کام نہ لیں تجربہ ہماری تعریف لوگوں سے کرائے لیکن لوگوں کو بھی طریق اختیار کر کے ایک سہل الشکل انعام کا اشتہار یہ لکھ دینا کوئی مشکل نہیں کہ ہم اس شخص کو انعام دینگے جو میرے کارخانہ کی شہادت کو فرضی یا بناوٹی ثابت کر دیوے۔ آنکھ والے اس بلند پرواز کو خوب سمجھ سکتے ہیں کہ یہ دعویٰ کوئی دعویٰ نہیں ہمارے سینکڑوں ستارہ نما قفوں کو ایک سبز نوع دیکھا جاوے کہ ہر ورق پر کسی نہ کسی مرض کی شہادت ہے کہ آپ ہی آپ ہمارے سرٹیفکیٹ ہیں۔ ہم ایسے نمائشی دعووں کو پسند نہیں کرتے ہم تو کہتے ہیں کہ تجربہ کرو +

محصول ڈاک دغیرہ بذمہ خریدار ہے

پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ دوا ارسال ہوتا ہے

مختصر فہرست ادویات

سیکر شبہ مصفائی خون اور جلدی ہر مرض خصوصاً آتشک۔ پھوڑا پھنسی کے لئے نہایت مفید شیشی کلاں (۸ عدد) شیشی خورد (۴ عدد)

حب ماہ قوت باہ۔ ہاضمہ۔ بینائی چشم طاقت بصری وغیرہ کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے قیمت فی بکس

عرق شراب۔ چانڈو۔ افیون مرغ مکتا م مشیشی اشیا کی عادت چھوڑانے کے لئے پورا رفیق ہے قیمت فی بوتل (صہ)

عرق نافع تلی۔ لبر جو بخار کے باعث یا کسی عارضہ کے سبب سے ہو دو چار خوراک سے گھٹنی شروع ہو جاتی ہے اور چند ہی روز میں بالکل صحت ہو جاتا ہے۔ قیمت فی شیشی (عہ)

عرق بخار عرصہ کا بخار دو تین خوراک سے دور ہو جاتا ہے اور مریض اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے قیمت فی شیشی عہ

روغن طلا جوانی کی بے اعتدالیوں اور دماغی کاہی جو بچپن کی خرابیوں سے لاحق ہو کر آدمی کو نکما بنا دیتی ہیں۔ قیمت فی تولہ (عشا)

عرق دافع یعنی گنٹھیا کے ہر قسم کے درد خواہ آتشک یا مکروہی خواہ ہوائی امراض کے باعث ہوں نہایت مفید ثابت ہوا ہے شیشی (عہ)

سفوف آتشک کسی قسم کا ہو دور ہو جاتا ہے اور پھر ساری عمر نہیں پھوٹتا۔ اگر پھر کبھی ہو جائے تو مفت دوا دی جاتی ہے۔ فی بکس (عشا)

سورا جدید ہو یا کہنہ ایک ہی ہفتہ کے استعمال سے جاتا رہتا ہے۔ اور جلن تو پہلے ہی روز بند ہو جاتی ہے۔ فی شیشی (عہ)

سفوف ریاضی ہوا کی زیادتی۔ مستوں کی مٹی اور جلن دور ہو جاتا ہے۔ فی شیشی (عشا)

المشتہر شیخ خیر الدین رحیم بخش سوداگران کٹرہ کھیاں امرتسر (پنجاب)

چند شہادتیں

جناب ڈاکٹر غلام مصطفےٰ صاحب اسسٹنٹ سرجن ترتارن۔ آپ کی تیار کردہ گولیاں برائے تقویت باہ و دماغ بہت سے اکثر مریضوں کو دیکر تجربہ کیا بہت مفید پائیں۔ درحقیقت باہ و دماغ کے لئے عمدہ گولیاں ہیں۔

جناب ڈاکٹر بیلی رام صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ نیچر شفاخانہ اٹاری۔ آپ کا تیار کردہ سفوف تیر یاتی آتشک کے مریضوں کے لئے بلا تکلیف فائدہ مند ثابت ہوا یہ درحقیقت اکسیر ہے۔

جناب ڈاکٹر الٰہی بخش صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ نارتھ ویسٹرن ریلوے سیالکوٹ۔ مینے آپ کے اشتہار کو دیکھ کر دوائی خضاب اور عرق دافع سوزاک مختلف مریضوں کے لئے منگوایا۔ خضاب کا استعمال کیا جو بجز ہے اور عرق دافع سوزاک بارہا بہت سے مریضوں پر آزمایا گیا۔ میرے تجربہ میں بہت ہی فائدہ مند اور جلد اثر کرنیوالا ثابت ہوا۔

جناب ایم۔ اے پاتھیر صاحب ایجنٹ ولایت ۲۰۔ آرمینی لین بمبئی۔ جو آپ نے ماہ (ریم نروائن مانک) ایک بکس بھیجا ہے مینے استعمال کیا اس بات کے اظہار کرنے سے نہایت خوش ہوں کہ میری ہمیشہ کی بدہضمی اسکے استعمال سے بالکل دور ہو گئی میری جسمانی کمزوری اور دماغ کی مضبوطی کیواسطے یہ دوائی اکسیر ثابت ہوئی میری رائے میں جن اصحابوں کو بدہضمی یا ناطاقتی اور کمزوری ہو انکو ان گولیوں کے استعمال کی زور کے۔ التماس کرتا ہوں

جناب منشی غلام قادر صاحب فصیح اڈیٹر پنجاب گزٹ دوائیں پریزیڈنٹ میونسپل کمیٹی سیالکوٹ۔ عنقریب مفصل و محبوب یمنی اور اکسیر عشبہ جو آپ نے بھیجی ہیں انکی نسبت میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ ازحد مفید ہیں

اخبار وفادار لاہور ہم اپنے ذاتی تجربہ و اصول رستبازی کے مطابق ناظرین کو یقین دلاتے ہیں کہ اس کارخانہ کی برابر مفید دوائیں آپ کسی اشتہاری کارخانہ دار سے نہیں حاصل کر سکتے اگر کبھی موقع ہو تو بذات خود امرتسر تشریف لا کر ملاحظہ فرماویں کہ یہ کارخانہ اور اسکے مالک کس رتبہ اور کس حیثیت کے عالی قدر عنایتمآب ہیں۔

جناب جی۔ ایچ پرالیس صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ سٹی پولیس امرتسر (مورخہ ۴ اپریل ۹۳ء) براہ مہربانی ایک اونس شیشی عرق کھانسی بھیجی کہ تھوڑے روز ہوئے آپ سے لی تھی بیحد پسند ہوئی۔ اس سے مجھکو اور میری فیملی کو بہت فائدہ ہوا میں اب اور کسی دوائی کا استعمال نہیں کرنا چاہتا۔

لالہ رام کشن صاحب ٹھیکہ دار از مقام لورلائی (بلوچستان) آپکی ادویہ عرق طحال میری پاس پہنچیں۔ جسکے استعمال سے آرام ہو گیا براہ مہربانی دو شیشی اور روانہ فرماویں۔

جناب محمد الدین صاحب جمعدار سیالکوٹ۔ ایک عدد بوتل ہیر اٹیل جیسا کہ پہلے روانہ کیا تھا اور ارسال فرماویں۔

جناب .... خاں صاحب (از مقام ہیرہ ۲۴ دسمبر ۹۳ء) پیشتر آپ سے جو روغن طلا و خضاب منگوایا تھا وہ بہت عمدہ ثابت ہوا۔ براہ مہربانی دو شیشی خضاب ضرور بذریعہ ویلیو پے اہل عنایت فرماویں۔

جے پور:۔ ارجناب وزیر اعظم صاحب ریاست جے پور کی کوٹھی عرصے زیر تیاری ہے۔ جسپر ہر نوع کی فراہمی کے واسطے وہاں کی سرکار کی جانب سے قیدیوں کا تقرر مزدوروں کی جگہ رہا کرتا ہے۔ جو موافق دستور بگرانی سپاہیان سرکاری کار متعلقہ انجام دیا کرتے ہیں۔ مگر سپاہیوں کا پہرہ بارہ بجے بدلا جاتا ہے۔ یعنے صبح چھ بجے سے جو سپاہی متعین ہوتے ہیں بارہ بجے اون کی بجائے دوسرے تبدیل کر دئے جاتے ہیں چنانچہ حسب معمول مورخہ ۱۴ جولائی ۱۸۹۴ء کو مسمی رحیم بخش اپنے دوسرے ہمراہی کے کہ ۱۲ قیدیوں کی قیمتی پر نگہ کی تا عرض میں مڑ جو کوٹھی کے ایک حصہ کی سڑک کے واسطے دیکھا رہتی ہوئے۔ تھوڑی دور پہنچکر دو قیدیوں نے مسمی رحیم بخش سے کہا کہ تم ہمارے ساتھ چلو پھر ہم کنکر کی کہاں بتائینگے۔ اور دو قیدی دوسرے سپاہی کی حراست میں اوسی جگہ ٹھہرے۔ اور اُن کے آنے کے منتظر رہے۔ یہاں تک کہ بارہ بجے کا پہرہ بدلا۔ اس متنفسہ سپاہی کی بجائے اُن نو قیدیوں پر ایک اور سپاہی آن موجود ہوا۔ مگر افسوس رحیم بخش کا عوضی ندارد۔ اب یہ قیدی مع نو تبدیل شدہ سپاہی کے سخت حیرت میں غلطان پیچان کہ یہ کیا معاملہ ہوا۔ جواب تک نہیں لوٹے۔ آخر بہ مجبوری وقت مقررہ چار بجے پر یہ سپاہی ان نو قیدیوں کو چلیخانے گیا۔ اور داروغہ جیل سے ان کی روانگی اور اپنی افطاری کا قصہ کہہ سنایا چنانچہ فی الفور سرکاری آدمی اول اون کی تلاش میں ایک قریب کی کہان تک گئے۔ مگر سوائے چند نشانات قدم کے کچھ نہ دیکھا گیا ہے ہے آگے بڑھے۔ آخر بڑی دور جنگل میں ایک تازہ مٹی کا تودہ پڑا۔ اور سب کے اوسان خطا ہو گئے۔ جبکہ وہ کھودا گیا۔ تو پہلے رحیم بخش کے ٹکڑے۔ سر۔ دھڑ۔ پیر۔ ہاتھ ملے۔

بڑیاں اسقدر کمزور تھیں۔ کہ قیدی بہادر سے انہیں بخوبی توڑ سکتا تھا۔ جبکا ثبوت کہ اوسی شب کو داروغہ جیل نے سب بڑیاں پیشتر کی نکلوا کر اور بدلوا ڈالیں۔ رکھا اس بیچارے کے جرم کے مرتکب نہ کہلا دیں۔ اگرچہ رحیم بخش کی لاش کی دستیابی پر سوسو دفعہ ہم طرف دوڑائے گئے۔ کہو جی بلائے گئے۔ مگر پہاڑوں میں کیا پتہ چل سکتا تھا۔ مگر افسوس تو یہ ہے۔ کہ ایک کے قتل ناحق اور دوسرے پانچ سال تھے۔ اور جنکی جواتی اس عید سے رہائی دلاکر اُن کی تاریخ الہال کی امید لا رہی تھی۔ مگر افسوس کے محل پر تہر کہ ایک بیچارے غریب کی جان لی۔ اور تمام عمر کے واسطے پیروں میں کلہاڑی ڈالی۔ پہلا۔ دوسرا سپاہی اور تیسرا غیر حاضر قیدیوں کے ہمراہ جیل کی ہوا کھا رہے ہیں۔ اور اُن خالموں کا کہیں پتہ تک نہیں۔ تحقیقات۔ تلاش پولیس کی دوڑ دھوپ ہو رہی ہے۔

(۲) ہمیاست جے پور کے گرد نواح میں نصف جون سے ۱۳ جولائی تک کوئی ایسا دن نہ ہوا کہ اوس میں کم یا زیادہ پانی نہ برسا ہو۔ صرف تین روز سے اچھی طرح ابر کھلا ہے۔ مگر گرمی کی شکایت ہے۔ جنگل چھاڑ۔ جھری سے ابھرے ہوئے ہیں۔ چھلیں تالاب بھرے۔ راستے ہیں۔ راقم ابن راقم الخ

مختصر تاریخ خدیوان مصر

ناظرین کیلئے مصر کے خدیوان کی بالکل مختصر تاریخ پیش کی جاتی ہے۔ سنہ ۱۲۱۹ ہجری میں محمد علی پاشا والئے مصر ہوئے جو بعد اوکے عین حیات میں اوکے بیٹے ابراہیم پاشا حاکم ہوئے ۱۲ برس حکومت کی اور پھر انتقال فرمایا۔ بعد اوکے عباس پاشا

میں یہ نقرہ تھا "اگر اب کے سال شاہ پرشیا یعنی فارس کو دخل در معقولات نہ کیا تو آئندہ قلم نہ پکڑونگا" لعنت ہے اس لیاقت پر ؛

آجکل لطف یہ ہے کہ گلی گلی میں ایڈیٹر موجود ہیں۔ ہر وہی ذات شریف جنہوں نے مینیجر پریس کو بدنام کر دیا ہے۔ جس نے نام ایک پرچہ نکال چھوڑتے ہیں۔ جس میں سوسے ذلی تحلیلوں اور چھپی چوٹوں کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ ہماری رائے میں اُن کے پرچوں کو اخبار کے نام سے نامزد کرنا اگر گناہ نہیں تو سچے اخبار نویسوں کے لئے ہتک تو ضرور ہے۔ اُن کے پرچے کو گدڑی کے کھچول کہیں تو روا ہے یا دل کے پھپھولے پھوڑنے کا نشتر کہیں تو بجا ہے۔ اس کے دو چار نمبر نکلے اور جھٹ ایڈیٹر صاحب موصوف پرتاؤ دیتے ہوئے دورے پر تشریف لے گئے۔ اور سال بھر کا خرچ جمع کرا لائے۔ اس دریوزہ گری پر چندکی مار میں نے سو ساتھی پر نہایت غوفاک اشتہار اکر لکھا ہے۔ صاف دیکھتے ہیں کہ آجکل وہ زمانہ نہیں رہا کہ اُن کے موصوف الیہ پادری مزارین یا جولیس فقیر کا سا سلوک کریں۔ مگر یہ باز نہیں آتے۔ یہ شخص ایسے خوفناک ہوتے ہیں کہ بعض اوقات اپنے ساتھ دوستوں کو بھی لے مرتے ہیں۔ بظاہر اُن کی تعریف کرتے ہیں مگر مصیبت میں وہ ہمچو ملیح ہوتا ہے۔ ایک مصنف کا قول ہے کہ بے تمیز انسان بدسیرت سے بھی بُرا ہے۔ بدسیرت بامد خصلت تو صرف اُن کو آزار پہنچاتا ہے کہ جن سے اُس کو نفرت ہے۔ لیکن بے شعور یا بد تمیز ملاسوچے سمجھے دشمن و دوست دونوں کو آزار پہنچاتا ہے ؛

یہ کوئی اظہار لیاقت نہیں ہے کہ کسی کا دل دکھایا جاوے یا کسی کو بدنام کیا جاویگا۔ اس میں ہرگز نام نہیں ہوتا نہ کوئی جودت طبع کا قائل ہوتا ہے بلکہ دانا اس عادت کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ؛

ہماری رائے میں میٹروں کی حکایت اس جگہ نہایت موزوں ہے۔ ایک دفعہ چند شرفا لڑکے کھیتے کھیلنے ایک تالاب کے کنارے جا بیٹھے اور کنارے پر سے بہت سے کنکر جمع کر لئے۔ جو نہیں کوئی مینڈک سر نکالتا تھا یہ لڑکے بیچارے کے سر پر کنکر برساتے تھے اور نہایت خوش ہوتے تھے۔ اتنے میں ایک بزرگ مینڈک نے سر اُٹھا کر کہا مجھ کھیل ہے ع

ہماری جان گئی آپ کی ادا ٹھہری

لاہور میڈیکل کالج کے طالبعلموں کے ہیرویل نے ہنر آنکی توجہ کو ضرور اپنی طرف منعطف کرایا ہوگا۔ میڈیکل کالج پنجاب یونیورسٹی کے انتظام میں ضرور کچھ نقص ہے۔ مثلاً میڈیکل کالج کے ایک طالبعلم کو جو فیزیالوجی کلاس کے امتحان میں میٹریا میڈیکا میں فیل ہو گیا تھا پچھلے سال پنجاب یونیورسٹی نے اطلاع دی تھی کہ میٹریا میڈیکا کے امتحان میں فیل ہوئے تھے۔ وہ بیچارہ اس مضمون پر خوب محنت کرتا رہا جب امتحان میں دو تین مہینے رہ گئے تو یونیورسٹی سے اس کو ایک دوسرا ڈاکٹ آیا کہ تم اناٹومی میں ناکامیاب ہوئے تھے اس کا امتحان لیا جائیگا۔ ہمیں غریب نے میٹریا میڈیکا کو چھوڑ اناٹومی کو یاد کرنے میں کوشش باندھی ہر چند کہ وقت بہت تنگ ہو چکا تھا تاہم اس نے اناٹومی میں امتحان دیا۔ لیکن جب نتیجہ کھلا تو اس کو میٹریا میڈیکا میں فیل کیا گیا۔ اس قسم کی بدانتظامی کی کوئی انتہا ہے۔ اگر یہ واقعہ صحیح ہے اور ضرور صحیح ہے تو یونیورسٹی اپنے قصور کا تسلیم کر کے اس طالبعلم سے رعایت کرے گی ؛

پنجاب کی کوئی ایسی مکمل تواریخ موجود نہیں تھی جس میں اس صوبے کی کل ریاستوں اور نامی خاندانوں کے حالات لکھے گئے ہوں۔ شروع شروع میں سر لیپل گرفن نے کچھ کوشش ہوئی تھی۔ اور تواریخ راجگان پنجاب لکھنی شروع کی گئی تھی۔ مگر یہ کام نا تمام رہا اور کل ریاستوں کے حالات اس میں پورے درج نہ ہو سکے اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کرنیل بیسی صاحب نے حسب الارشاد گورنمنٹ پنجاب کتاب ہٰذا تواریخ رؤسائے پنجاب کا انتخاب نامی خاندان پنجاب انگریزی میں تیار کی۔ اس کا اردو میں ترجمہ حسب الارشاد گورنمنٹ پنجاب لالہ جگو ندر اس صاحب چیف جج ریاست کپورتھلہ وفیلو پنجاب یونیورسٹی نے کیا ہے۔ اس ترجمہ کی جس قدر تعریف کیجائے تھوڑی ہے۔ اس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ علاوہ بامحاورہ ہونے کے عام فہم ہونے کے اصل عبارت کا زور بہت عمدگی کے ساتھ برقرار رکھا گیا ہے۔ اور اپنی طرف سے کمی بیشی نہیں کی گئی ہے۔ اردو اس کا بہت شستہ ہے۔ لکھائی چھپائی دلپسند ہے۔ حروف اتنے موٹے ہیں کہ بوڑھے بھی بغیر عینک کے پڑھ سکتے ہیں ضخامت ۲۱۰ صفحوں کی ہے۔ عالی حوصلہ مترجم صاحب نے اس تواریخ کی فروخت کا کل روپیہ پنجاب یونیورسٹی کو دے دیا ہے قیمت اسکی مع محصول ڈاک پانچ ہے اور بلا محصول ڈاک کے ۱۰ر بقدر رہنے جبکہ پنجاب یونیورسٹی لاہور کے پتہ پر درخواست بھیجنے سے مل سکتی ہے ؛

افسوس صد افسوس ستم بالائے ستم نہایت افسوس کی بات ہے کہ بتاریخ ۲۲ جولائی روز یکشنبہ ساڑھے چھ بجے شام کو ولیۃ العہد صاحبہ ریاست بھوپال کی دوسری صاحبزادی آصف جہاں بیگم صاحبہ نے بھی انتقال فرمایا۔ دوسرے دن ساڑھے دس بجے دن کے تجہیز و تکفین سے فراغت ہوئی صاحبہ پولیٹیکل ایجنٹ۔ نیز رصاحب بہادر مع عملہ افسران و ملازمان ریاست و ملازمان ڈیوڑھی و عام رعایائے بھوپال کا انبوہ کثیر میت کے ساتھ قبرستان تک گیا اور سب شریک تدفین ہوئے۔ مرحومہ نوجوان اور نہایت خوش سلیقہ اور ذیفہم اور نواب سلطان جہاں بیگم صاحبہ کی اولاد میں سب سے چھوٹی تھیں۔ مذاکر انہ دو سال سے امراض قلب میں مبتلا تھیں۔ زیر علاج ہیں صرف کیا گیا حکیم عبدالمجید خاں صاحب موصوف بھی ۲۰ جولائی ۱۸۹۷ء کو ہیں مبتلا ہو گئے اور دو مرتبہ خان بہادر ڈاکٹر عبدالرحیم لکھنوی بھی آئے۔ انجینئر سرجن بھوپال اور لیڈی ڈاکٹر اور اطبائے یونانی کے مختلف علاجات رہے اور دو مرتبہ تبدیل آب و ہوا بھی ہوئی۔ درمیان میں افاقہ بھی ہو گیا تھا مگر حقیقت میں وہ ایک سنبھالا تھا۔ آخر کار موت نے اپنا کام کیا ع اس نام مسخ ہست کہ گوئند جوان مرد۔ چند سال کا عرصہ گزرا کہ مرحومہ کی بڑی ہمشیرہ بلقیس جہاں بیگم نے جو دو بیٹے صاحبہ کی اولاد میں سب سے بڑی تھیں انتقال کیا تھا۔ والدین کا دوسرا داغ ہے۔ اب صرف اولاد نرینہ دو صاحبزادے باقی ہیں۔ معتد تعالیٰ والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور ان دونوں نونہالان چمن ریاست کی بہاروں سے والدین کا دل ہمیشہ باغ باغ رکھے ع

آمین دعا از جملہ جہاں آمین باد

مراسلات

خیر دائم

جناب ایڈیٹر صاحب۔ وسط ماہ رواں میں جو دردناک حادثہ شہر دہلی میں گذرا ہے وہ آپکے ناظرین کے گوش زد ہو چکا ہوگا۔ کہ مسجد جامع دہلی پر بجلی گری اور اُسکے ایک جنوبی مینار اور زینوں کو سخت نقصان پہنچا۔ اس حادثہ کے سنتے سے جو رنج عموماً تمام مسلمین تاریخ و آثار شاہان سلف کو اور بالخصوص حسنہ بگوشان اسلام کو پہنچا وہ بیان نہیں ہو سکتا۔ اور اگرچہ قوم بے آئینی مقدرت رکھتے ہی کہ اس مسجد کی مرمت کرا دینا تو کون سی بڑی بات ہے ایسی رفیع الشان مسجد از سر نو بنا ڈالے۔ مگر قوم کی موجودہ بیدستہ حالی اور کالی دیکھکر نا امیدی سی ہوتی تھی کہ کسی پڑی ہے جو مسجد خستہ تن کے لئے زار پرہم کریگا اور اُسکے زخموں پر مرہم لگاوے گا۔ بارے خدا نے جو اپنے گھر کا آپ محافظ ہے مسجد کی سنی اور مسلمانان پنجاب کے سرتاج بہادر پور کے فرامروا امام ملکہ واقبالہ کو اُس پر متوجہ کیا۔ حضور ممدوح نے اس حادثہ دردناک کا حال سنتے ہی مرمت مسجد کی منظوری فرما دی اور ڈپٹی کمشنر دہلی سے استفسار کیا کہ مرمت مسجد کا تخمینہ خرچ کیا ہوگا۔ اب انشاء اللہ بہت جلد ہم یہ مژدہ جان بخش سنیں گے کہ مرمت شروع ہو گئی۔ بہرحال اب مسجد کی مرمت ہو جانے میں کوئی شبہ نہیں مگر ہم ایک نہایت ضروری امر متعلقہ مرمت مسجد بندگان حضور نواب صاحب بہادر کی خدمت میں گذارش کرنے کی اجازت چاہتے ہیں حضور کے خدام والا مقام بخوبی جانتے ہیں کہ آجکل جتنی بڑی بڑی رفیع الشان عمارات ہوتی ہیں اُنکے اوپر بجلی کے صدمہ سے محفوظ رکھنے کے لئے ایک خاص قسم کی لوہے کی سلاخیں لگائی جاتی ہیں جو لائیٹنگ کنڈاکٹر کے نام سے مشہور ہیں۔ انپر بہت خرچ نہیں ہوتا اب جو مسجد کی مرمت شروع ہوئی ہے تو حضور مقدر اور مہربانی فرماویں۔ کہ ساری مسجد پر باقاعدہ طور پر لائیٹنگ کنڈاکٹر ہی لگوا دیں تاکہ حضور کی توجہ سے نہ صرف مسجد کی موجودہ صدمہ کا علاج ہو بلکہ وہ عظیم الشان خانہ خدا آئندہ بھی اس قسم کے صدموں سے مصئون و محفوظ رہے۔ ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین ؛

راقم۔ خاکسار حافظ فضل احمد میڈیکل پریکٹیشنر امپیریل میڈیکل ہال انارکلی لاہور

ٹیکا موسیان قابل توجہ گورنمنٹ عالیہ

(۱) یہ بات چھپی ہوئی نہیں ہے۔ کہ ہندستان کی سرسبزی و شادابی محض جینوئن زراعت کی ترقی۔

(۲) ترقی زراعت کے دیگر اسباب سے (موسیان کا زیادہ ہونا بھی ایک ضروری سبب ہے۔ لیکن امراض مندرجہ ذیل جو آجتک لاعلاج سمجھی جاتی ہیں۔ مثلاً گل کھنو۔ گولی۔ سیتلا وغیرہ موسیان کے امراض شمار ہوتے ہیں۔ جنسے ہر سال گائے۔ بیل۔ بھینس وغیرہ کے گلوں کے گلے فنا ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ مہلک امراض ہیں کہ انسے ایسی جلدی موت طاری ہوتی ہے۔ کہ ڈاکٹر حاجان اور ہمچو ما مالکان موشی اندوہ گین ہو کر رہ جاتے ہیں سکتا لونگا فاتحہ ہو جاتا ہے۔ اور جب بھی یہ کسی قسم کی جگہ پر حملہ آور ہوتے ہیں۔ تو دیکھتے دیکھتے ہی جگہ کا جگہ

افغانستان کے دوستانہ تعلقات ہی مضبوط ہو جائینگے۔ بلکہ امیر صاحب اپنے حسب منشا جو مراعات گورنمنٹ ہند سے نہیں حاصل کر سکتے وہ گورنمنٹ انگلستان سے انگلستان میں جا کر حاصل کر لینگے۔ خیال کیا جاتا تھا کہ لارڈ لینسڈون اس ملاقات کو پسند نہیں کرتے تھے۔ مگر اب سر سالٹر پین کے ذریعہ سے اس آرزو کے پورے ہونے کی بہترین صورت نکل آئی کہ گورنمنٹ نے خود امیر صاحب کی خدمت میں پیغام دعوت بھیجا ؛

اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ امیر صاحب سیاحت انگلستان کے خواہاں ہوتے ہیں یا نہیں۔ اور انگلستان کا سفر انہیں پسند ہے یا مضر۔ اگر یہ بات سچ ہے کہ امیر صاحب لارڈ لینسڈون کے عہد میں خود انگلستان جانا چاہتے تھے تو چونکہ موجودہ مشن سے انگلستان اور افغانستان کے تعلقات میں کچھ بڑا تغیر پیدا نہیں ہوا ممکن ہے کہ امیر صاحب کے طبیعت اس جانے کا شوق اور ضرورت ابھی بدستور باقی ہو۔ مگر ظاہر اسباب معلوم ہوتا ہے کہ عبدالرحمن خاں جیسا دور اندیش اور عقلمند آدمی صرف شاہ ناصر الدین قاجار کی طرح یورپ کی سیر و سیاحت اور تفریح کی غرض سے اپنی سلطنت کو خالی نہیں چھوڑ سکتا۔ جب تک کہ کوئی زبردست پولیٹیکل مفاد اس کو سمندر کے پار نہ لیجائے۔ شمال جلال آباد کے میدانوں سے ابھی ابھی امیر صاحب کے آدمیوں کی مدد بھیڑ کی تھی۔ ہزارہ جات کی سرکوبی خواہ کتنی ہی ہو گئی ہو امیر صاحب کی غیر حاضری میں عجب نہیں کہ وہ پھر اٹھ کھڑے ہوں۔ کابل خالی کے مرنے کی افواہ بھی تو آئی ہے۔ مگر اس کی تصدیق نہیں ہوئی۔ اگر وہ مرا نہیں تو وہ روسی ترکستان میں افغانستان سے کم دلچسپی نہیں رکھتا۔ ممکن ہے کہ امیر صاحب کے سفر کی خبر پا کر وہ شتابہ کی طرح فرصت آنائی کو آمادہ ہو جائے۔ اس طرح خود امیر عبدالرحمن خاں جو کہ اسی علاقے میں اسی علاقہ ملا وطنی میں اسی گورنمنٹ کی وظیفہ خواری کی حالت سے کل کر چند سال پیشتر کابل کا تخت خالی دیکھ کر قسمت آزمائی کو نکلے تھے۔ علاوہ اس کے روسی جاسوسوں کو سرحد افغانستان پر رعایا کو بہکانے کا بہت اچھا موقع مل جائیگا۔ ان سب امور کی طرف سے جب تک امیر عبدالرحمن خاں مطمئن نہو لیں مشکل معلوم ہوتا ہے کہ وہ سفر انگلستان منظور کریں ؛

لیکن بہر صورت اگر امیر صاحب انگلستان جانا پسند کریں تو سب سے بڑا اعتراض امیر صاحب کے مخالفوں کا یہ غلط ثابت ہوگا کہ وہ پردہ پوش سے بھی دیسی ہی دوستی رکھتے ہیں۔ جو کہ انگلستان سے ہے۔ اس کے سوائے یقین ہے کہ امیر صاحب انگلستان اور خصوصاً لندن کی دولت ثروت اور تمدن کو دیکھ کر حیران ہو جائینگے اور انہیں اپنے دوست کی دولت و ثروت دیکھ کر اس کی دوستی پر پیشتر کی نسبت زیادہ بھروسہ ہو جائیگا۔ علاوہ اس کے امیر صاحب کی طبیعت کی جبلی طاقت اور ملک کے وسائل آمدنی بڑھانے کی طرف توجہ مائل ہے۔ ان کے سفر یورپ سے ان کو اس باری میں بھی فائدہ ہوگا۔ لیکن اس پر بھی فوائد کے مقابلے میں افغانستان کے تنہا رہنے کا اندیشہ زیادہ بھاری ہے۔ اور اسی لئے عجب نہیں کہ امیر صاحب غور کے بعد دعوت انگلستان کو ادب کے ساتھ نامنظور کر دیں ؛

"ہجو یا مذمت"

شور بختاں آرزو خواہند — معقلاں را زوال نعمت وجاہ
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم — چشمہ آفتاب را چہ گناہ

سعدی

پرلے درجے کا بیوقوف۔ مشہور فرومایہ۔ سب سے بڑھ کر کمینہ۔ اور نہایت رذیل اور دوناں وہ شخص ہے جو کسی کی شہرت عزت اور حرمت پر خفیہ طور پر وار کرے۔ گمنام ہجو کرے مذمت کرے اور بھاگ جائے ؛

یہ یاد رہے کہ وہ ہجو جس میں ظرافت کی چاشنی اور جوش و خروش کی نمکینی ہو۔ بعینہ ایک برچھی کی مانند ہے کہ جس کا پھل زہر میں بجھا ہوا ہے۔ جو کہ نہ صرف دل کو زخمی کر دیتی ہے بلکہ ایسا کاری زخم لگاتی ہے کہ جس کا علاج چارہ۔ درمان۔ مداوا کوئی بھی نہیں۔ پس بقول مشہور وقائع نگار مسٹر ڈیسن کے ہمیں نہایت افسوس ہوتا ہے جب ہم دیکھتے ہیں کہ ظرافت اور بذلہ سنجی کا ملکہ مذمت نے ایسے شخص کے ہاتھ میں دیا ہے جو بد باطن۔ بد طینت اور بدکیش ہے۔ حیرت ہے کہ ان لوگوں کو اس فعل سے کیا ہاتھ آتا ہے۔ تعجب ہے کہ اس سے ان کو کیا حصول ہوتا ہے۔ کسی بیچارے کا دل دکھلا کے تو یہ خوش ہوتے ہیں۔ یہ جانتے ہیں کہ ان کے افعال ناشائستہ ان کی حرکات مذموم کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ عوام الناس کے دلوں پر چوٹ لگتی ہے۔ یہ بیچارے مغموم و ملول ہوتے ہیں یہاں تک کہ بعض اوقات تضحیک و توہین کے شکار ہو جاتے ہیں اور پھر اپنی ناشائستہ اور قبیح حرکتوں سے نہیں چوکتے۔ سچ ہے۔ خوئے بد ان کی سرشت میں ایسی بیٹھتی ہے کہ دم مرگ تک نہیں جاتی۔ جب یہ دیکھتے ہیں کہ ہمارے قلم نے فتنہ و شر برپا کر دیا ہے تو جامے میں پھولے نہیں سماتے۔ اس پر لطف یہ ہے کہ ان کے شکار کون ہوتے ہیں۔ وہی لوگ جو لیاقت کے پتلے سمجھے جاتے ہیں جو دانائی میں شہرہ آفاق۔ جو حکمت میں اظہر من الشمس۔ جو نیکی اور بردباری میں اپنی نظیر آپ ہوتے ہیں ؛

کیا یہ ممکن ہے کہ جس پر جھوٹا الزام لگایا جاوے اس کو غصہ نہ آوے۔ کیا کوئی ہے جو اپنی شہرت کا خون ہوتے دیکھے اور خون جگر پی کر خاموش رہ جاوے۔ ہمیں تو ایسا کوئی نظر نہیں آتا۔ تاکہ وہ آواز سگاں کم نہ کند رزق گدا را۔ مگر انسان کی طبیعت کا خاصہ ہے اور یہ اس کی فطرت میں ہے کہ تکلیس اور بدنامی سے کنارے کو سوں بھاگے ؛

سقراط جو یونان کا ایک نامور حکیم گزرا ہے بڑے درجہ کا حلیم الطبع اور بردبار تھا۔ اور اکثر ایسی باتوں کو باد ہوائی سمجھتا تھا مگر پھر بھی بشر تھا۔ اس لئے ان سے ضرور اس کے دل پر کچھ نہ کچھ صدمہ ہوتا تھا۔ چنانچہ جب اس کے دشمنوں نے اسے محبس کا نشانہ بنایا اور زہر کا پیالہ دیا گیا تو اس نے نہایت متانت سے کہا کہ کیا تم دوست اس میں بھی کچھ نقص نکالینگے؟ یہ کہا اور وہ پیالہ پی گیا۔ اس میں اس فیلسوف کا اشارہ صاف ارسٹوفانیس کی طرف تھا جو اکثر اس کی تلقین اور تصنیف کو تمسخر اور استہزا میں اڑا دیا کرتا تھا ؛

سید انشا ایک بڑا آزاد شخص تھا اور شاعر بھی غضب۔ اس کے قلم میں برق و باد کی تاثیر تھی اور اس کی تیغ زبان کے سامنے بڑے بڑے زبان آوروں نے ڈھال ڈال دی تھی۔ مگر ہجو سے ڈرتا تھا ایک دفعہ کسی نے اس کی ہجو کہہ دی اور خوب آڑے ہاتھوں لیا اور اس پر غضب یہ کیا کہ ہجو انہیں کے ہاتھ میں لا کر دیدی۔ آپ نے مکرر سہ کرر پڑھوایا۔ خوب داد دی اور چلتے وقت پانچ روپے دیکے۔ اس پر ایک دوست کو جو موجود تھا سخت تعجب ہوا اور کہا انشا تم سے یہ امید نہ تھی۔ اس لونڈے کا کیا مایہ تھا جو تمہاری ہجو کہتا۔ انشا ہنسے اور کہا بھائی ع دہن سگ بہ لقمہ دوختہ ؛

محمود غزنوی کا حال سب کو معلوم ہے پہلے تنگ ظرفی سے وعدہ خلاف بنا دیا۔ اور جب دیکھا کہ فردوسی نے ہجو لکھ دی جس کا پہلا شعر یہ تھا ؎ ایا شاہ محمود کشور گشا — زکس گر نترسی بترس از خدا — تو مجبوراً انعام موعودہ ارسال کیا اور معذرت کی۔ کیونکہ اس شعر نے غزنی کے بت شکن کی آنکھیں کھول دیں اور وہ شعر یہ ہے ؎ پر ستار زادہ نیا ید بکار — اگرچہ بود زادہ شہریار

جولیس قیصر شہنشاہ روم نے جب دیکھا کہ اس کی نامور اور شہرت پرکا ٹولس نے حملہ کیا ہے تو نہایت غمگین ہوا۔ اچھا شاعر کو بلا کر بہت تعریف اور خوشامد و سازش کی بلکہ نقدی بھی دی۔ اور اس طرح اس کا منہ بند کیا ؛

پادری فرماتے ہیں جب دیکھا کہ مسمی کو لبٹ کسی طرح باز نہیں آتا اور قریب ہے کہ پگڑی اتار لے تو اس سے بلا کر ایک عہدہ عطا کر دیا اور آئندہ کے لئے جان چھڑائی ؛

مگر تمام لوگ ایسے ہی نرم چوب نہیں ہوتے کہ انہیں کیڑا لگ جاوے۔ روم میں ایک بت مسمی پاسکوین ہے جہاں کہ پرانے زمانے کے شاعر ہجو کہہ کر لٹکا آیا کرتے تھے۔ جب پادری کلیمنٹس پوپ ہو گیا تو ایک رات کسی نے اس بت کو بڑے سلیقے سے کپڑے پہنائے اور ساتھ ہی ایک اشتہار منظوم لگا دیا جس کا مضمون یہ تھا کہ ہائے افسوس مجھ مجبور کو ایسے کپڑے پہننے پڑتے ہیں۔ پر کیا کروں معذور ہوں میری دھوبن ہمارانی ہو گئی ہے یہ سنا پوپ صاحب کی ہمشیرہ پر جو پہلے دھوبن تھی۔ اس سے پوپ صاحب کو آگ لگ گئی مگر غصے کو ضبط کیا اور اشتہار دیا کہ جو کوئی اس شاعر کا پتہ لگائیگا تیس ہزار روپے انعام پاوے گا۔ مصنف کی ہمچیں نکل گئیں فوراً حضوری میں حاضر ہوا اور کہا انعام دلوائیے۔ پوپ صاحب نے کہا لیجئے حاضر ہے تیس ہزار روپے کے نوٹ مصنف کے ہاتھ میں دیئے اور جلاد کو حکم دیا کہ زبان اور ہاتھ کاٹ دو۔ ادھر حکم ہوا ادھر تعمیل ہو گئی تیس ہزار روپیہ تو آیا مگر ہاتھ اور زبان اڑ گئے ؛

ہندوستان میں ہجو اور مذمت کا بڑا رواج ہے۔ جسے دو چار ٹوٹے پھوٹے فقرے مکھنے یاد و چار بند جوڑنے آ گئے وہ اپنے آپ کو سودا و آتش سمجھتا ہے۔ میرا ثین جو شعرا میں نوت ہوتے ہیں۔ ہجو کہنے کو اپنا فرض منصبی سمجھتے ہیں۔ ایک دفعہ اس نے اپنے ایک دوست کے نام خط لکھا جس

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۳۔ اگست سنہ ۱۸۹۷ء

دعوت ملکہ انگلستان بنام امیر افغانستان

لارڈ لینسڈون کے آخری بیان میں سر مارٹیمر ڈیورینڈ کے مشن کے کابل جانے سے پہلے ہندوستان کے تمام انڈین اخبارات یک زبان ہو کر امیر عبدالرحمن خاں کے خلاف تعصبی اور اگریزوں سے مخاصمانہ برتاؤ کرنے کی نسبت جا و بیجا مبالغہ کر رہے تھے۔ اور جبکہ سرحدی چھیڑوں کے تصفیہ کے لئے لارڈ رابرٹس کی مشن کا بجمعیت دس ہزار مسلح فوج کے جلال آباد امیر صاحب کی ملاقات کے لئے جانا قرار پایا تو امیر صاحب نے ہزار جات کی شورش میں مصروف رہنے کی وجہ سے انگریزی مشن کو طلب کرنے میں تامل کیا تو ہلکو اخبارات کی نامناسب کا پیمانہ لبریز ہو گیا۔ گورنمنٹ کو مشورے دیئے جاتے تھے کہ ایسے وحشی اور ظالم امیر سے دوستی رکھنے سے کیا فائدہ۔ امیر ہرگز ہمارا دوست نہیں ہو سکتا۔ روس کا دوست ہے اور ہم سے صرف وظیفہ چھڑانے کے لئے ظاہر دوستی رکھتا ہے مگر امیر عبدالرحمن ہی اس بات کے ایسا ناواقف نہ تھا۔ امیر نے اپنے ایجنٹ مسٹر خاں سرشار خاں کو گورنمنٹ ہند کی خدمت میں بغرض کلکتہ مراسلات دے کر بھیجا۔ اس وقت مشہور ہوا تھا کہ مسٹر پین ایک قاصد سے زیادہ رتبہ نہیں رکھتا اور نہ اسے معلوم ہی ہے کہ امیر صاحب کے مراسلات کا مطلب کیا ہے۔ لیکن بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا کہ پین صاحب آنریبل ہی نہیں بلکہ ایک فاضل پولیٹیشن بھی ہے۔ ان مراسلات کے مطابق سر مارٹیمر ڈیورینڈ کا مشن کابل کو روانہ ہوا۔ اور وہاں امیر عبدالرحمن کے تدبر سے جس طرح گورنمنٹ ہندوستان اور افغانستان کے تعلقات پہلے کی نسبت زیادہ قریبی اور مضبوط ہو گئے وہ ناظرین سے مخفی نہیں۔ اس مشن کے نتیجے سے گورنمنٹ ہند کو نہایت مدلل اور بصلہ خدمات کے سر مارٹیمر ڈیورینڈ کو ہندوستان کی سفارت عطا کی گئی۔ اور پین صاحب کو ناٹ ہوڈ کا خطاب دیا گیا۔ مگر پین صاحب نے اپنے آقائے نعمت امیر عبدالرحمن خاں کی خدمت گزاری پر ہمیں تک اکتفا نہ کیا کہ گورنمنٹ ہند کے ساتھ امیر صاحب کے تعلقات پہلے سے زیادہ دوستانہ ہو گئے تھے یا پچاس ہزار روپے ماہوار من کے وظیفے میں اضافہ ہو گیا تھا۔ ملکہ امیر صاحب کی ایک پرانی آرزو پوری کرنے کا بھی انتظام کیا۔

دو تین سال سے مشہور ہو رہا تھا کہ امیر عبدالرحمن خاں کا ارادہ ہے کہ انگلستان میں جا کر حضور ملکہ معظمہ سے ملاقات کریں کہ جہاں پر گفتگو کرنے سے نہ صرف انگلستان اور

(لاہور و پنجاب)

— دربار لاہور میں [illegible] بھی شریک ہونگے۔ لاہور میں نمبر بڑی رونق کا وقت ہوگا۔

— لاہور میں ایک نابینا نے ایک نابالغ لڑکی سے جبر زنا کیا مگر [illegible]

— شیخوپورہ میں مقدمہ چھڑا بھی مگر فیصلہ نہیں کیا۔ لاہور میں کسی قدر بھی کمی۔

— گیسٹ ہوٹل کا دربار ۱۰۔ اگست کو شملہ میں ہوا۔

— گلگت سے کشن گنگا کی طغیانی کی تازہ خبر آئی ہے۔

— قریب قریب تمام ویزین کشمیر کے بحال گلمرگ میں جمع ہیں۔

— لفٹننٹ کرنل جیمس ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم افواج ہند دورے سے شملہ میں واپس آئے۔

— ایک حجام نے گجرات میں اپنی عورت کی ناک اور دونوں کان کاٹ لئے اور اس کا سر بھی مونڈ ڈالا۔

— شہر بہاولپور میں ایک مدرسہ خاص مذہبی تعلیم کے لئے قائم ہوتے والا ہے۔

— چھاؤنی فیروزپور کے قریب جو ریل کی سڑک بارش سے خراب ہو گئی تھی درست ہو گئی۔ مگر کسی کے پاس ایک حصہ آور نہ گیا۔ فیروزپور کو بیاس کی طغیانی سے صدمہ پہنچا۔

— فیروزپور اور نواح قصوروں میں چوہوں میں وبا پھیلی ہے۔

— غرہ ماہ آئندہ سے سیالکوٹ میں دیسی سپاہیوں کے لئے تعلیم اشارات کی ایک جماعت مقرر ہوگی۔

— ۱۰ اگست کو شملہ کی نمائشگاہ کا افتتاح ہوگا۔

— اگرچہ مظلوم رہے کہ لاہور کی ہندو عورتیں بھی پردے میں رہتی ہیں۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہاں کی ہندو عورتوں کو جو اس معاملے میں آزادی حاصل ہے کسی جگہ کے مرہٹوں میں بھی نہ ہوگی۔

— خان بہادر سید محمد امیر سابق اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس بجائے نواب غلام محبوب سبحانی کے آنریری مجسٹریٹ ہوئے۔

— بعد کامیابی امتحان مقابلہ کے لاہور میں ۲۰۔ اکتوبر سے شروع ہوگا ایک اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر مقرر ہونے کی امید کی جاتی ہے۔

— ہرنام سنگھ سوداگر امرتسر جس نے تین عورتوں کو قتل اور چھ کو زخمی کیا تھا مفلوج ہوا۔

— کمانڈر چیف دربار لاہور سے فارغ ہو کر وائسرائے کے ساتھ پشاور کمپ تک رہینگے۔ راولپنڈی نہیں جائینگے۔

— خبر گہ راولپنڈی کے سٹیشن پر ایک صندوق میں بہت سا سونا نکلا۔ والوں کے اخبارات اس کی علمی تکذیب کرتے ہیں۔

— سری نگر اور بارہ مولا کے درمیان پتن میں ہفتہ گزشتہ میں سخت بارش ہوئی۔ ۱۲ تاریخ کو طغیانی سے لوگوں کو اپنے مکان چھوڑ کر بلند جگہ میں پناہ لینی پڑی۔

— چہار شنبہ کو میاں جمال الدین ذیلدار اعبا پنورہ شہر سے [illegible] جا رہے تھے۔ راہ میں ایک شخص نے گھما طبی ماری اور اتفاق سے وہ گھما ڈھی گھوڑے کے منہ پر پڑی اور بہت [illegible]

— پچھلی سات سال کی قیمت سے بڑھا ہوا تھا۔

— ۲۰ کو [illegible] پل کی سڑک بوجہ کثرت [illegible]

— ۲۰ کو مسافر دل کو چھوڑنی [illegible]

— [illegible] گھاگ کر [illegible]

— [illegible] گھر کا کات کیا۔ یہ [illegible]

— [illegible] ۲۰ [illegible] اور [illegible] لپید [illegible]

— [illegible] ش اور کنارہ [illegible] [illegible] ہونے کی وجہ [illegible]

— پڑی اور دو انجن اور پانچ گاڑیاں پٹری سے اتر گئیں۔ ۲۴ گھنٹے سے پہلے سڑک درست نہیں ہو سکتی۔

— سال گزشتہ شملہ میونسپلٹی میں چنگی کے محصول کا ۷۰ ہزار روپیہ داخل ہوا۔ اور گھوڑے۔ زمین۔ مکانات۔ گاڑیاں۔ عوشی اور چنگی سب کا محصول ملا کر ۱۰۸۴۹۲ روپیہ آیا۔

— ۵ ماہ حال کو وادی زوب میں کثرت بارش سے ٹیکری کا ایک حصہ سڑک پر گر گیا۔ ۲۱۔ آدمی اسی وقت مر گئے اور دو زخمی ہوئے ۱۶ تک صرف دس لاشیں برآمد ہوئی تھیں۔

— افواج امپیریل سروس حسب دلیل دربار لاہور میں آئینگی۔ پٹیالہ بہر سالے دو پلٹنیں۔ نابھہ ایک رسالہ ایک پلٹن جیند ایک رسالہ ایک پلٹن۔ کپورتھلہ ایک رسالہ ایک پلٹن۔ بہاولپور آدھا رسالہ

— لدھیانہ کے قریب مڈھالی میں ایک عورت جب دسلیں پہنچی بہاؤ کے زور سے پانوں اکھڑنے لگے۔ سنبھلنے کی کوشش میں اس کا بچہ بغل سے نکل گیا اور غائب ہو گیا۔

— اسسٹنٹ کمشنر دہلی کے اجلاس سے اس سادھو کو جو بچہ بھگا لیجانے نوجوان لڑکیوں کے گرفتار تھا معہ اسکی رازدار اور مددگار نائن اور ایک عورت کے دو دو سال قید سخت اور جرمانے کی سزا ہوئی۔

— سنی پر ستلج کا پل بنانے کے بارہ میں لوکل گورنمنٹ نے بزید عنایت خسروانہ والیان ریاست سکیت اور بھاجی کو اطلاع دی ہے کہ اگر تم اس کی تعمیر کا کل صرف اپنے ذمہ لینا پسند کرتے ہو تو بخوشی اجازت دے سکتے ہیں۔ لیکن واضح رہے کہ محصول کا نرخ پنجاب گورنمنٹ کے اختیار میں ہوگا۔

— بعض اخبارات لاہور پورڈیرہ غازیخاں سے چھاؤنی اٹھا کر دوسرے مقامات پر قائم کرنے کی رائے دیتے ہیں۔ یہ چھاؤنیاں چالیس برس سے زیادہ سے قائم ہیں۔ اس زمانہ ڈاک اور تار میں دو چار سو میل کی مسافت تو کوئی بات نہیں ہے مگر لاکھوں روپیہ جو لوگوں کے مکانات بازار میں صرف ہوا ہے خاک میں مل جائیگا۔

— دوشنبہ کو ایک گروہ اگروال عورتوں کا انبالہ میں ناگ کے میلے سے لوٹ رہا تھا۔ راہ میں ایک پولیس والا محمد اسد دھا کر کے ان کے درمیان گھس گیا۔ جس سے ایک عورت اور ایک لڑکے کے چوٹ آئی۔

— ۷ جولائی کو دہلی میں ہندوؤں کی بہت راتیں تھیں۔ تربیچاس سے باجوں کی درخواستیں پیش ہوئیں۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ نے اجازت تو دی مگر شرط لگا دی کہ چھ بجے شام کو واپس آجانا چاہیے اس لئے بہت سی براتیں بغیر باجے کے گئیں۔

— ۱۰ کو جمنا میں پھر طغیانی تھی۔ دہلی میں گھاٹ تک پانی چڑھا ہوا تھا۔

— ایک شخص محمد سعید نے جو خطاب مرزا صاحب قادیانی کو دینا ہوئی مشتہر کرتا ہے ۲۰ جولائی کو بمقام امرتسر دین عیسوی قبول کیا۔

— لاہور میں نند لال کے ٹھاکر دوارہ میں ہندولیاں کی طیاری ہے جو اگست سے شروع ہونگے۔ خوب رونق ہوگی۔

— لاہور میں وائسرائے کا محیم گاہ ماہ نومبر میں میدان گھوڑ دوڑ میں قائم ہوگا اور کمانڈر انچیف کا میانمیر میں جہاں بڑی جاری پڑے گی۔

— ۷ کو جہلم میں پھر طغیانی تھی۔ ۳۰ فیٹ اگر اوتر پڑھ جاتی تو شہر میں پانی بھر جاتا۔

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

بہار میں دو ہفتے سے مطلق بارش نہیں ہوئی۔ جھاڑوں کی فصل خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ غلہ گراں ہوتا جاتا ہے۔

گورنمنٹ ہیضہ کے انتظام کے لئے سات ہزار روپے کی منظوری دی۔

۲۸ جولائی کو بھی۔ آئی۔ پی ریلوے پر تیل گانوں اور کھڑکلا کے درمیان ایک مال گاڑی جارہی تھی اور مسافر گاڑی جو پیچھے آنے والی تھی رک گئی۔ مسافر گاڑی کا ڈرائیور سمجھا کہ ہوشیاری کا سگنل ہوا ہے۔ گاڑی روک نہ سکا تو بہت سخت نقصان ہوتا۔ مگر پھر بھی دو ڈبے ٹوٹ گئے۔ چند مسافر ان درجہ سوم مجروح ہوئے۔ یورپین مسافروں کو بھی صدمہ پہنچا۔ کسی کے دانت ٹوٹ گئے۔ کسی کا ہاتھ ٹوٹ گیا۔ بارہ برس کی مدت میں اس لائن پر یہ پہلا حادثہ تھا۔ شبہ کو تحقیقات شروع ہوگی۔

۲۹ جولائی کو رنگون کے ناؤ شہر میں ریلوے سٹیشن سے ۲ میل کے فاصلے پر دن کو ڈاکہ پڑا۔ سات آدمی پولیس کی وردی پہنچے ہوئے تھے اور ایک شخص کے مکان پر چڑھ گئے۔ مکاندار کے یہاں مہمان تھے۔ ڈاکو مغلوب ہوئے بھاگ گئے۔ ایک ڈاکو پکڑا گیا۔

کوہستانی طغیانی ابھی تک تھمتی نہیں۔ گوداوری میں پانی بہت جگہ بہت خالی ہے۔

ہیضہ اور رنگون میں ہیضہ بڑھتا جاتا ہے۔

۳۰ جولائی کو برما میں چیف کمشنر نے پانی کے جدید کارخانے کا افتتاح کیا۔

سر ٹامس ہیتھوپ ریزیڈنٹ اندور نصف سمتبر تک رخصت پر گئے۔ ۳۰ جولائی کی حد تاریخ تک چارج اپنے قائمقام کو سپرد کرینگے۔

ایک نوجوان مسلمان کلکتہ ہائی کورٹ کے برآمدے سے گر کر زخمی ہوا۔ اسپتال کو بھیجا گیا۔ اس کی جیب سے ایک کاغذ نکلا جس سے معلوم ہوا کہ غلام حسین محمد اس کا نام ہے اور بمبئی کا رہنے والا ہے۔ بیروزگاری کی بیکاری سے تنگ آکر اس نے خودکشی کی۔

سر جن لفٹننٹ کرنل بیڈ کلکتہ ۳ ماہ کے لئے ایجنسی سرجن آف مہاراجہ ریوان مقرر ہوئے۔

الہ آباد کی گورہ فوج میں ہیضہ شروع ہے۔

ریاست بوندی (راجپوتانہ) نے روپی پر فی من ایک روپیہ محصول بڑھا دیا۔ ہاں کے اور باہر کے تاجر نے پولیٹیکل ایجنٹ سے فریاد کی مگر ان کو مداخلت کی کوئی وجہ نہ تھی۔

۲۲ کو الہ آباد میں دو گھنٹے تک خوب بارش ہوئی۔ دس دن سے گرمی بہت تھی۔ اس پانی سے بہت تسکین ہوگئی۔

نیلگری میں بارش خوب ہوئی۔ ندی چڑھی ہوئی ہے۔ سڑکوں پر تین فیٹ پانی بہتا ہے۔ بچوں کے لئے سخت خوفناک ہے۔

گاہوں کی کمشن عنقریب اپنی رپورٹ بھیجنے والی ہے۔

سالانہ میڈیکل کانگریس ماہ دسمبر میں کلکتہ میں منعقد ہوگی۔

کرنل لڈلو انسپکٹر جنرل و سرٹریکٹ پولیس حیدرآباد عنقریب

(ممالک غیر)

فوج جاپان نے ۲۰ ماہ حال کو اس میں چینیوں پر حملہ کیا۔

صلح بندرگاہ جاپان سے بہتر بازدہ رہے ہیں۔

پنسی جہاز کے کی ٹنڈر کو ۲۱۰ روپے اور ترکی جہاز عبدالقادر کے کمانڈر کو ۱۴۵ روپے بجرم زیادہ سوار کرانے حاجیوں کے بحساب فی زائد حاجی پانچ روپے بلجی میں جرمانہ ہوا۔

شہزادہ ابراہیم چہاردہ سالہ اور شہزادہ محمد علی دو سالہ پرنس حسین مرحوم کے بیٹے اور خدیو حال کے بھتیجے پڑھنے کے لئے انگلینڈ گئے ہیں۔

فوج زانس نے سینگل میں مجاہدین کو شکست دی مجاہدین کے پانسو آدمی ماری گئے اور فرانس کے صرف نو قتل اور ۲۰ مجروح ہوئے۔

۲۰ جولائی۔ شاہ کوریا جاپانیوں کے ہاتھ میں قیدی ہے۔

اگرچہ جاپان اور چین میں محض عداوتانہ آرائی چھڑ گئی ہے مگر ہنوز باضابطہ طور پر جنگ کا اعلان نہیں ہوا۔

امریکہ کے ریلوے مزدوروں کی بغاوت فرو ہوتی جاتی ہے مگر نقصان بے اندازہ ہوا۔ تماشہ گاہ میں آگ لگادی اور ہزاروں گاڑیاں پل کی جلادیں۔ سڑک خراب کردی۔ گاڑیاں گھر جلادیا اور جابجا تباہ و برباد کردیا۔ پریسیڈنٹ نے بارہ میل مارنے کا حکم دے دیا۔ چنانچہ ایک دو روز میں باغی مارے گئے تھے کہ سب کے دل بیٹھ گئے اور لڑائی چھڑ گئی ہے۔

لندن ۲۷ جولائی۔ جاپان اور چین کے درمیان اعلان جنگ ہوگیا۔ چین کے کچھ جنگی جہاز ڈوبے بھیجے ہیں۔ کوریا کی تمام مراسلت بند کردی گئی ہے۔

گورنمنٹ ڈانس نے مقدمہ چلانے کا فرمان جاری کیا ہے کہ دس مقدمہ کسی مجرم انارکیسٹ کے مقدمہ کی کیفیت کی اطلاع چھاپے۔ اگر ایسا کرے تو ایک ہزار کی قید اور ایک ہزار فرانک تک جرمانہ ہوگا۔

گزشتہ ہفتہ کو شفلڈ میں سخت زلزلہ آیا۔ اس سے جانی و مالی سخت نقصان ہوا۔ کوئی گلی ایسی نہیں جہاں گرے ہوئے مکانات تھوڑا بہت نشان زلزلہ کا نہیں بتاتے۔ جو رہ چلے سے بھی کشتیاں بہت غرق ہوئیں۔

سپین میں پرل نشیب کے اوپر تا بوسیا ہر ہو کر دور تک چلی گئی۔ موٹر پر ۱۲۰ آدمی دبے گئے اور ۱۸ سخت مجروح ہوئے۔

سرویا میں ریڈیکل ڈیپوٹی پولیس نے سٹر بنرگ نامی انارکیسٹ کو گرفتار کیا۔ کارخانہ شاہی کا ایک کاریگر بھی پکڑا گیا جس سے اسکی خط و کتابت ثابت ہوئی۔ مستری نے بیان کیا کہ یہ گولہ بم اسی کے لئے کہتا تھا اور بہت روپیہ دیتا تھا مگر مہینے انکار کیا۔ بلجیم میں ڈاکٹر مینین پر جس نے حملہ کیا تھا وہ یہی شخص ہے۔

لندن ۲۴ جولائی۔ رسالہ کوریا نے سیول میں جاپانی فوج قلعہ پر حملہ کیا مگر شکست کھائی۔

جاپانی جہازوں نے چین کے ایک فوجی جہاز کو غرق کردیا۔ کوریا نے گورنمنٹ جاپان سے جو وعدہ اصلاح کیا تھا صحیح کردیا۔

فوج جاپان چین کی طرف بڑھ رہی ہے اور عنقریب مقابلہ ہوا چاہتا ہے۔

گورنمنٹ جاپان نے سیول میں برٹش کونسل پر حملہ ہونیکی معذرت کی ہے۔

ولایت کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ روس کو بمقابلہ جاپان چین کا ساتھ دینا چاہیے۔

دلی سے لکھا ہوا ہے اور اس کی جگہ کسی ہندوستانی اخبر کے تقرر کی خبر ہے۔ اس کی نسبت سول ملٹری گزٹ لکھتا ہے کہ ہم امید کرتے ہیں حضور نظام کسی تجربہ کار لائق یورپین افسر کو مقرر فرمائینگے اس لئے کہ ڈاکو صتاپور یورپین لوگوں سے نہیں ہندوستانیوں سے ہرگز نہیں ڈرتے۔

بمبئی ۲۰ جولائی۔ بارش موقوف ہے اور ریلوے لائن کی درستی ہو رہی ہے۔ کلکتہ اور الہ آباد کی ڈاک گاڑی کئی دن سے دیر میں پہنچتی ہے۔ مگر امید ہے کہ کل سے وقت معینہ پر پہنچے۔

لکھنؤ میں ہیضہ شروع ہوگیا۔ سول لائن میں کئی موتیں ہوئیں۔

کار خانجات امدادی و طبی صوبجات ساگر میں مزدوری پر محتاجوں کی تعداد ایک ہزار سو اور دھوپ میں ۲ ہزار ۳ سو تک پہنچ گئی ہے۔

راجکماری کالج اجمیر کی تعمیر بہت سرعت سے جاری ہے۔ غرہ اگست تک تیار ہوجائیگا۔

بہار میں مویشیوں کی بیماری اس شدت سے پھیلی ہے کہ صرف ایک ضلع سیمن میں دو تین ہفتے کے اندر ایک ہزار سے زیادہ مویشی ضائع ہوگئے۔ بہت سے ملاقاتوں میں زراعت کا کام بند ہے۔

پونتکی عیسوی چڑھ جانے سے ہر سیمن پنشنر لوگوں کو جو گورنمنٹ بتہ دیتی ہے اسپرو انسرائے نے باطلاس کو نشن تحت کی۔ غالباً جن کو بالفعل ملتا ہے جاری رہیگا مگر آئندہ جو اسمرقرر ہو کر ہندوستان آیا کریں گے ان کو نہ ملیگا۔

ہفتہ گزشتہ میں جی۔ آئی۔ پی ریلوے کی پٹری کو کلیان سے کھنڈوہ تک نقصان بارش سے پہنچا ہے کبھی کبھی ریلوے کو نہ پہنچا ہوگا۔ اسپر گڈھ کے پیچ ناچی کا پل آہنی بالکل بہہ گیا۔ سرنگیں بند ہوگئیں۔ تار کے ستون گر گئے۔

نواب صاحب بہادر رام پور نے اپنے چھوٹے بھائی ناصر علی خاں کو مغربی تعلیم کے لئے ولایت بھیجا ہے۔

اخبار ایڈوکیٹ لکھنؤ نے لکھا تھا کہ مسٹر اس سکاٹ سشن جج لکھنؤ نے ایک گواہ کو مارا۔ اسپر سشن جج صاحب کی طرف سے ایڈیٹر ایڈوکیٹ و ہندوستانی پر نالش لائبل دائر کی گئی ہے۔ پیشی کی تاریخ ۴ اگست ہے۔

اخبار زمانہ لکھتا ہے کہ ہیضہ کانپور میں بہت زور پر ہے۔ دو تین دن میں دو سو سے زیادہ آدمی ہلاک ہوئے۔

گورنر بنگالہ دورے سے واپس آکر ۱۳۔ اگست کو کلکتہ میں دربار کریں گے۔

جنرل مارٹن شملہ سے ہفتے کے دن آگرہ پہنچے مع ولی سلامی ہوئی ضلع بند صیلکھنڈ کا چارج کرنل فنزڈ ہارٹ سے لیا۔

گورنمنٹ آف انڈیا نے حکم جاری فرمایا ہے کہ فوج کا کمانڈنگ افسر اور اس کا ماتحت افسر دونوں کو ایک وقت میں رخصت نہیں دیجائیگی (مگر ڈاکٹر کے سرٹیفکٹ پر) اور دونوں غیر حاضر ہونگے تو میجر افسر کو رخصت نہ ملیگی۔

یکشنبہ کے دن مہاراجہ سندھیا آگرہ پہنچے۔ چند روز قیام ہوگا۔

راجہ کولہاپور نے عمدہ عمدہ گھوڑے خریدے ہیں فوکسٹالر اور گھوڑدوڑ کا بہت شوق ہے۔

کانپور میں بھی ہیضہ کا زور ہے۔ مسٹر پینی سی۔ ایس نے ہیضہ سے آنا کیں انتقال کیا اور کانپور میں دفن ہوئے۔

حفظِ صحت

استفسار

۵۵۔ اشتیاق الرحیم:۔ میرے ایک دوست کی بیوی عرصہ دو سال سے بمرض (۱۵ رنگ ۲ رعشہ ہوتا ہے) مبتلا ہے۔ ہر چند کئی حکیموں کا علاج معالجہ بھی کیا گیا ہے مگر فائدہ ندارد۔ گو عارضی طور پر فائدہ بھی ہوا تو کیا۔ لہٰذا ملتمس ہوں کہ اگر آپ کے ناظرین میں سے کوئی صاحب اس مرض کا مجرب علاج جانتے ہوں تو مہربانی فرما کر مشکور فرماویں۔ (بندہ گرداری سنگھ از دھرمسالہ)۔

۵۶۔ لکنت:۔ آپ کے معزز ناظرین اخبار مجھے کوئی مجرب نسخہ لکنت کا بتا کر ممنون و مشکور کریں۔ کھٹا بھی خالی از مطلب ہوگا کہ میری لکنت کی عمر صرف چار سال ہے۔ (ایک طالبعلم از سیالکوٹ)۔ [لکنت کے کئی علاج پیسہ اخبار میں چھپ چکے ہیں۔ وہ دیکھئے۔ ایڈیٹر]۔

۵۷۔ کدو دانہ:۔ میرے ایک دوست کو مرض کدو دانہ ہے کوئی صاحب علاج بتائیں۔ (دوست محمد عبدالعزیز رسالہ دار ملتان)

۵۸۔ تقطیر البول:۔ میرا لڑکا ۱۲ سال کی عمر کا ہے۔ عرصہ چھ ماہ سے اس کو پیشاب ۲۰ دفعہ دن رات میں آتا ہے۔ جب سردی ہو تو بہت دفعہ آتا ہے گرمی میں کم۔ اگر کسی صاحب کو اس کا کوئی آزمودہ نسخہ معلوم ہو تو اطلاع دیں بدوسومندی مل نمبر ۱۰۱ موضع پرسرا نگانہ کبیر والہ۔ ضلع ملتان)۔

۵۹۔ یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ایک حکیم کوئی ایک علاج میں یکتائے زمانہ ہوتا ہے مگر آپ کا پیسہ اخبار ایسا حکیم ہے کہ تمام مرضوں کا مجرب علاج کرنے پر دو قدرت کامل رکھتا ہے۔ میرے دوست کی ایک لڑکی جس کی عمر بیس سال کی ہے اس کو چھ ماہ سے سر میں ایک کنھی (پڑ) پڑی ہے اور آنکھ مطلق نظر نہیں آتی ہے۔ مگر مردم چشم کی حرکت وغیرہ بالکل درست معلوم ہوتی ہے۔ اس کا علاج کوئی صاحب آپ کے بے بہا اخبار سے معلوم کراویں تو میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ (سید عبدالغنی ذکسٹور۔ ضلع کرشنا)۔

علاج

۴۷۔ ۶ جولائی کے پرچہ پیسہ اخبار میں ا۔ ا۔ ش۔ م صاحب ڈسپیپشیا یعنی بدہضمی کا علاج دریافت فرماتے ہیں۔ جواباً عرض ہے۔ کہ عمدہ ترین اور سہل الحصول علاج ذیل نمبر ۱ کا ہے۔ چاہئے کہ ریاضت کریں۔ اور اگر عادت (۔۔۔۔) ہو تو فی الفور ترک کریں پھر نسخہ ذیل کا استعمال کریں۔ تخم کرفس ۷ ماشے۔ نانخواہ ۷ ماشے۔ حلیت (ہیگ) ۳ ماشے۔ زیرہ کرمانی تولہ بھر۔ ریوند چینی ۱ ماشے۔ ہلیلہ زرد (سونٹھ) ۷ ماشے۔ الائچی خورد ۷ ماشے۔ الائچی کلاں ۷ ماشے۔ عنبر نیم درم۔ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشے۔ پوست آملہ ۷ ماشے۔ فسطین رومی یکدرم سب کو کوٹ چھان کر ۳ ماشے صبح ۳ ماشے شام استعمال کریں۔ اگر دودھ مفلم ہو جاتا ہو تو غذا سے پہلے یا بعد پئیں (اگر زیادہ قبض کشائی منظور ہو تو ایک تولہ سنا مکی بھی ڈال لیں۔ (از سید امام علیشاہ صاحب بہاولپور) ۔ دافت فرماتے ہیں۔ التماس ہے کہ علاماتِ استقاطبلی کی ہیں مگر ابھی پوری تکمیل کو نہیں پہنچیں نفی کمال ضعف جگر ہے اس کا

شعر و سخن

قرضہ

[از احمد حسین خاں صاحب]

ارسطو سے ایک دن سکندر نے پوچھا — دوا حکیموں کے ملجا طبیبوں کے ماوے
زمانے میں تجھ سا نہیں کوئی دانا — مجھے باعث اس بات کا حل بتلا
بہت دیکھا ہے جس نے قرضہ مٹھیا — ضرور آخرش تمغہ آلت کا پایا
کہا اس نے یہ بات بیشک بجا ہے — یہ قرضہ حقیقت میں کالی بلا ہے
کہاں کی بلا قرضہ قہر خدا ہے — مصیبت کا نسخہ غلہور جفا ہے
تبرزن پئے بیخ الفت یہی ہے — عیاں توشہ راہ ذلت یہی ہے
جو مقراض الفت کوئی ہے تو قرضہ — جو تیغ مصیبت کوئی ہے تو قرضہ
سنان فلاکت کوئی ہے تو قرضہ — جو تیر نحوست کوئی ہے تو قرضہ
اسی نے ہے شیروں کی تسخیر کی ہے — دلیروں کی اس نے دلیری گنوائی
کہوں کیا کہ کیا کچھ کراتا ہے قرضہ — یہ انساں کو کاذب بناتا ہے قرضہ
یہ وعدہ خلافی سکھاتا ہے قرضہ — فساد اور فتنہ اٹھاتا ہے قرضہ
مریض حماقت ہے انساں اسی سے — غریق خجالت ہے انساں اسی سے
یقیناً جسے اس نے صورت دکھائی — گھٹا سر پہ ادبار کی اس کے چھائی
ہوئی دشمن جان ساری خدائی — پھر اس کی نہیں کوئی سنتا دہائی
یہی باعث تنگدستی ہوا ہے — یہی موجب فاقہ مستی ہوا ہے
جو زر دار تھے اس نے بے زر کئے ہیں — جو سردار تھے اس نے بے سر کئے ہیں
جو پردار تھے اس نے بے پر کئے ہیں — بہت خانہ بردوش پھرتے کئے ہیں
یہ وہ مار ہے جس کا منتر نہیں ہے — وہ جادو ہے جس کا جنتر نہیں ہے
کہیں باعث خودکشی یہ ہوا ہے — کبھی جیلخانے کا یہ رہ نما ہے
کہیں بحر افلاس کا ناخدا ہے — کبھی یہ نحوست کے گھر کا دیا ہے
پئے خرمن جان بجلی سے بڑھ کر — پئے فصل آرام آتش سے چڑھ کر
جو بیچارہ ہے باری قرضہ کی مارا — کہاں پھر اسے تنکے بھر کا سہارا
یقیں جانئے وہ مصیبت کا مارا — ہمیشہ رہے گا جگر پارہ پارا
جگر تشنہ دلریش ہر دم رہیگا — زمانے کی ذلت ہمیشہ سہیگا
جو مقروض ہے خوار رہتا ہے ہر دم — جو شب کو نگلتا تو ہے دن کو پر غم
سدا طعن و تشنیع سہتا ہے پیہم — خلائق کی نفریں سے ہوتا ہے بیدم
جو دیوالیہ کے ہنستا ہے کوئی — تو پچھتے ہوئے فقرے کستا ہے کوئی
عزیزو جو ہے سود کا لینے والا — نہ ڈالے کسی سے خدا اس کا پالا
ہے خود عنکبوت اور پیسہ ہے جالا — پھنسا اس میں جو اس کا نکلا دوالا
ہے اک دام تزویر ہر سو بچھایا — مگس دار لاکھوں کو اس میں پھنسایا
کسی کو جو ہتھکی چڑھاتے ہیں واللہ — تو دس دس کے دو سو لکھاتے ہیں واللہ
عجب سود اس پر بڑھاتے ہیں واللہ — کہ نیلام گھر تک کراتے ہیں واللہ
عجب جو فروش اور گندم نما ہیں — عجب نوش ہیں نیش سے جو سوا ہیں

(باقی آئندہ)

تمباکو کی خوشبودار گولیاں

۱۔ حفظ صحت و علاج عوارض دہان۔ دہن بدبوئے دہن۔ تمباکو خوردنی نہایت مفید ثابت ہوا ہے اور کثرت سے پان کے ساتھ لوگوں میں اس کا استعمال جاری ہے مگر اکثر لوگ نہیں جانتے اور خریدنا گراں گزرتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی صاحب قوام اور گولی خوشبودار تمباکو خوردنی کا کوئی عمدہ نسخہ معہ ترکیب تحریر فرماویں تو ایک خلق کثیر سے شکریہ حاصل کریں گے۔ (راقم سید تباک حسین برق۔ از کلکتہ)۔

معلومات کا سکت

——— تمام دنیا میں سمندر کے بیوپار میں سالانہ ۲ ہزار جانیں تلف ہوتی ہیں۔

——— جزیرہ مالٹا کل دنیا میں زیادہ گنجان آباد ہے۔

——— فرانس کا قومی قرضہ ۷۱۲۰۰۰۰۰۰ ڈالر۔ اور امریکہ پر فرانس کا پانچواں حصہ قرض ہے۔

——— پروفیسر ہرہی کا قول ہے کہ دماغ کی لطیف اور باریک ساخت کی وجہ سے عورتیں مردوں سے زیادہ اعلیٰ ہیں۔

——— پرسک ایسڈ ایسا تیز زہر ہے کہ اس کے اندر جو چیز ہیں وہ گلتے نہیں۔ اگر درختوں پر ڈالی یا جاوے تو وہ اکثر خشک ہو جاتے ہیں۔ انسان اگر کھائے تو علاج کی مہلت نہیں ملتی۔

——— فربہ لوگ بہ نسبت لاغر کے بیماری کو آسانی سے برداشت کرتے ہیں۔

——— شاہجہاں کا تخت طاؤسی ۶۰ لاکھ پونڈ اور تاج ۲۵ لاکھ پونڈ کا قیمتی تھا۔ ۱۰۰ سال کے استعمال کے بعد ۵۰ لاکھ پونڈ کے جواہرات خزانے میں موجود تھے۔

——— ایک حکیم کی تحقیقات ہے کہ مرنے کے بعد کئی گھنٹے تک ایک بچے میں جان باقی رہتی ہے۔

——— درختوں کی جڑوں میں جو رطوبت زمین کی چوستی ہوتی ہے وہ ہوا میں خارج ہو جاتی ہے۔ تجربے سے معلوم ہوا کہ سوج نگھی سے ۱۲ گھنٹے میں ۱۲۔ اونس پانی خارج ہوتا ہے اور بلوط کا درخت جس میں تخمیناً ۷ لاکھ پتے ہوتے ہیں پانچ مہینے میں سات سو ٹن پانی خارج کرتا ہے۔

——— جنوبی امریکہ میں جو سونے کے میدان ہیں۔ ان میں اگست کی پیداوار ایک لاکھ ۲۰ ہزار اونس ہوئی۔ اتنی کسی مہینے میں نہیں ہوئی۔ اس حساب سے سالانہ آمدنی ۱۴۴۰۰۰ پونڈ ہوئی۔ ممالک متحدہ امریکہ اور آسٹریلیا کی پیداوار طلا کی برابر ہے۔ مقامات آخر الذکر میں پیداوار ایک حالت پر قائم ہے اور جنوبی افریقہ میں سال بسال ترقی پذیر۔ دیکھنے والے بیان کرتے ہیں کہ سیکڑوں میل تک چاروں طرف سونے کے پہاڑ نظر آتے ہیں۔

——— انگلستان میں پیٹنٹ ادویہ اس کثرت سے رواج پاتی جاتی ہیں کہ اب ان کی آمدنی پر محصول سرکار ۲۴۷۲۵ پونڈ ہو گیا ہے۔

——— روپیہ بجانے یا جیب میں کھنکھنانے سے قیمت اور دن میں کم ہو جاتا ہے۔ ایک دفعہ تحقیق سے معلوم ہوا تھا کہ ۵۰ سال میں ۱۰۰ پونڈ ۲ پونڈ ۱۰ شلنگ ۵ پنس کم ہو گئے۔

——— مکسی تصویر سب سے پہلے انگلینڈ میں ۱۸۳۹ء میں کھینچی گئی۔

——— سب سے زیادہ عمیق کانی گرھا مقام پزدم بوہیمیا میں ہے جس کی گہرائی ۳۲۲۰ فیٹ ہے۔

——— انگلستان کے لوگوں میں فیصدی پچیس نے اپنی زندگی کا بیمہ کرایا ہے۔

——— آدمی جتنے فٹ بلند ہو بحساب فی فٹ ۲۰ پونڈ جس کا وزن ہونا چاہئے۔

(بقیہ فروخت دکانوں حکیم بخش گھڑی ساز لاہور)

پیسہ اخبار

نمبر ۲۹ | یوم جمعہ - ۳ - اگست سنہ ۱۸۹۴ء مطابق ۳۰ محرم سنہ ۱۳۱۲ھ موافق ۲۱ ساون سمبت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

ہندوستان کے کالج - ہندوستان کے ۱۱۲ کالجوں سے ۸۰ علمی کالج ہیں جن میں ۵۹۴ طلبا پڑھتے ہیں - ۱۰ قانونی کالج ہیں جن میں ۱۶۰۲ طالبعلم شریک ہیں - ۴ ڈاکٹری کالج ہیں جن میں ۴۰۶ طالبعلم تعلیم پاتے ہیں - ۴ انجنیری کالجوں میں ۴۷۴ طالبعلم ہیں - سنہ ۱۸۸۱ء میں ہندوستان کی عملداری میں سب طرح کے سکولوں کی تعداد ۹۴۹۸۹ تھی - جن میں ۴۵۱۹۸۹ طالبعلم تھے - سنہ ۱۸۹۲ء میں سکولوں کی تعداد ۱۲۷۱۱۶ ہوگئی اور طلبا کی تعداد ۴۳۵۴۳۵ تک بڑھ گئی - یعنی ایک ثلث کی زیادتی ؛

عورتوں کے سر کے بال - سوئٹزرلینڈ میں ایک ڈاکٹر نے ایک عورت کے سر کے بال گنے ہیں جن کی تعداد ۲ لاکھ ۱۳ ہزار پانسو ۱۲ تھی - اس ڈاکٹر کا خیال ہے کہ کسی عورت کے بال دو لاکھ سے زیادہ نہیں ہوتے اور اس میں اگر تمام جسم کے ہر حصے کے بال شامل کئے جائیں تو تین لاکھ سے زیادہ ہو جائینگے ؛

دنیا کی آبادی - واقفان شمار و اعداد اندازہ لگاتے ہیں کہ کرہ زمین پر پانچ ارب ستانوے کروڑ چالیس لاکھ (۵۹۴۰۰۰۰۰۰) آدمی سے زیادہ آبادی کی گنجائش نہیں ہو سکتی - موجودہ آبادی کا اندازہ ایک ارب چھیالیس کروڑ ستر لاکھ (۱۴۶۷۰۰۰۰۰۰) ہے - ہر برس اس حساب سے آبادی بڑھتی رہی تو ۱۹۰۰ء میں کرہ آباد شدہ مکمل طور پر ہو جائیگا ؛

مکتی فوج - مکتی فوج کے آخری حسابات سے واضح ہوتا ہے کہ ان کا کام ۲۳ ملکوں اور ۲۱ مختلف زبانوں میں جاری ہے - صرف اس مشن کے ہاتھ میں ۴۰ اخبار ہیں جن کی کل سالانہ اشاعت ۴۳۰۰۰۰۰۰ کاپیاں ہے - ان کے سٹیشن (چوکیاں) ۱۰۸۱۶ ہیں - اور یہ لوگ اندازہ لگاتے ہیں کہ ہر ہفتہ ۶۰ ہزار آدمی مکتی فوج کی آواز پہنچ جاتی ہے - یہ عیسائیوں کی ایک ایسی مشن کے حالات ہیں کہ جس کا بانی جنرل بوتھ اب زندہ ہے ؛

ممالک عثمانیہ کے ضروری اعداد - مساحت ۱۹۷۶۴۱ میل مربع - آبادی (۲۳۲۵۹۷۸۷) - محاصل ۱۳۰۸۳۰۰۰ پونڈ - خرچ ۱۳۶۸۶۰۰۰ پونڈ - قرضہ عثمانیہ ۱۰۹۴۲۳۴۲ پونڈ - اس سال کی آمد ۱۸۶۳۳۰۰۰ پونڈ - مال کی نکاسی ۱۱۴۲۶۰۰۰ پونڈ - ممالک متحدہ سے مال کی آمد ۶۰۴۲۷۲۰۰ پونڈ - ممالک متحدہ کو مال کی نکاسی ۲۹۰۲۰۰۰ پونڈ ؛

مذاق

خریدار - لوگ کہتے ہیں چرٹ پینا صحت کو نقصان پہنچاتا ہے - تمہاری کیا رائے ہے ؟"

دوکاندار - "بہت سچ ہے - سال گزشتہ میں جو چرٹ تم نے لگی تھے اُن کی قیمت دینی اب تک بھولے ہوئے ہو" ؛

حاکم - "یہ تم کس وثوق پر کہتے ہو کہ اُس روز ۱۷ تاریخ تھی جس دن یہ واقعہ ہوا ؟"

گواہ - "اِس وثوق پر کہ اُس سے ایک دن پہلے ۱۶ تھی اور ایک دن بعد ۱۸" ؛

فرخندہ - "بہن تم سے ایک صلاح پوچھتی ہوں - تین جگہ سے میرے پیام آ رہے ہیں اب میں حیران ہوں کہ کس سے شادی کروں" -

سہیلی - "جس کے پاس زر و پیسہ زیادہ ہو" ؛

فرخندہ - "یہی اگر معلوم ہوتا تو تم سے مشورے کی کیا ضرورت تھی" ؛

مرد - "تم کو خبر ہے میں رات کو تمہارے مکان کی طرف سے نکلا تھا" ؛

عورت - "ہاں - معلوم کیوں نہیں ہے - کیا میں تمہارے پاؤں کی آہٹ نہیں پہچانتی" ؛

مرد (مسکرا کر) - "رات تو میں گاڑی پر سوار تھا" ؛

عاشق مزاج (ساہوکار سے) - "سیٹھ صاحب یہ لڑکی کیا کار ہی ہے ؟"

ساہوکار - "ہزار دفعہ کہتے نہ کرتے تم مگر وعدہ تو کر لیجئے" ؛

عاشق مزاج - "بھائی مذاق کے لئے جو کچھ وہ کہے اُس سے وعدہ کر لو اور میرے حساب میں بیچ کر لینا" ؛

ایک شخص اپنے دوست سے ملنے گئے - بہت دیر تک بیٹھے رہے - تنگ آ کر کچھ مکدر سا بیٹھا رہا - آپ نے پوچھا "آج آپ کچھ تھکے ہوئے ہیں شاید زیادہ چلنے کا اتفاق ہوا" - کیا آج کچھ زیادہ لوگ ملنے آئے تھے ؟" دوست نے کہا "نہیں آج تو فقط آپ ہی تشریف لائے ہیں" - شرمندہ ہوئے اور اُٹھ کر چل دیئے ؛

خریدار (بھٹیارے سے) - "آج گوشت تم کہاں سے لائے تھے ؟"

بھٹیارا (گھبرا کر) - "کیوں - کیا ہوا - آج تو گوشت میں کوئی نقصان نہ تھا" ؛

خریدار - "یہی تو وجہ میرے پوچھنے کی تھی" ؛

عجیب عجیب باتیں

طول حیات - سنہ ۱۸۸۹ء میں انگلستان میں نیشنل انسورنس کے ساتھ ۱۷۰۰ آدمی اِن ممالک میں کیا تھا انتظام ہے کہ ایک ماہی گیر کی عورت کو دیکھا کہ وہ سات کشتیں بیچ چکی تھی اور اس وقت اس کے قوی سے یقین ہوتا تھا کہ آٹھویں کشت بھی بیچے تو عجب نہیں - سب سے چھوٹی لڑکی تو تشنہ تھی - اس کی عمر ۱۲ برس - دادی ۹۶ برس کی تھی اور نیو یارک میں سنہ ۱۸۸۶ء میں جس کینٹ نے چھ کشتیں بیچی تھیں اُس کی عمر ۹۹ سال کی تھی اور سب سے چھوٹے بچے کی ماں ۱۷ برس کی - لنکنگٹن میں سال گزشتہ میں ملیس ڈفن نامی نے جس کی عمر ۹۶ برس کی تھی پانچ کشتیں دیکھی تھیں - بیٹا جارج ڈفن ۷۲ برس - پوتا ۴۷ برس - پڑپوتا ۲۵ برس اور اس کا بیٹا ۴ برس کا تھا - لاریسیگرک میں اب تک ایک عورت ۱۰۰ سال کی عمر میں زندہ ہے جس نے پانچ کشتیں دیکھی ہیں اور سب زندہ ہیں - سب سے چھوٹی لڑکی ایک سال سے اوپر ہے - ہم نے ضلع گورداسپور (پنجاب) میں ایک موضع میں ایک شخص کو بچشم خود دیکھا ہے جس کی پانچ کشتیں اُس کے سامنے زندہ تھیں ؛

تحقیق علمی - امریکہ کے ڈاکٹر مورس نے حال میں افیون کا علاج جدید اپنی تحقیق سے معلوم کیا اور گورنمنٹ سے کسی شخص پر اُس کے امتحان کے واسطے اجازت چاہی - مگر اجازت نہ ملی اِس لئے اُس نے اپنے اوپر آزمایا - مارفیا جو ہر افیون کی مقدار خالص پتے سے ۱/۱۰ گرین تک ہے اور اس سے زیادہ مہلک ہے - اُس کو اپنی تحقیق پر یہاں تک اعتماد تھا کہ خود اُس نے ۳ گرین مارفیا کا کر اوپر سے ۵ گرین پرمینگنیٹ آف پوٹاش (Permangnate of Potass) کھا لیا اور اچھا ہو گیا ؛

ملک ہسپانیہ میں شادی کی رسم - ہسپانیہ میں شادی دن کے اور رات کے وقت یکساں ہوتی ہے - لیکن وقت کا حصر شادی کرنے والوں کی حیثیت اور دولت پر موقوف ہے - اگر میاں بیوی دولتمند ہیں تو صبح کے وقت شادی کی رسوم عمل میں لائی جاتی ہیں - دلہن کا لباس سادہ ریشم کا ہوتا ہے جس کی گون کا سرا زمین پر گھسٹتا رہتا ہے - سر پر بس لگی ہوئی ٹوپی ہوتی ہے - مرد معمولی دن کے لباس میں ہوتا ہے صبح سویرے ہی دولہا کے آنے سے پہلے دلہن اپنی ماں کی ہمراہ گرجا میں اعتراف گناہ کے لئے جو ایک معتمد تھا لک مذہب والوں کا عقیدہ ہے) چلی جاتی ہے - دولہا اپنے گرجے میں اسی غرض سے جاتا ہے - تب شادی کی رسم نزدیکین کے اعزا احباب کے روبرو ظہور میں آتی ہے - شادی کی انگوٹھیاں دولہا اور دلہن دونوں کو پہنا دیجاتی ہیں اور دولہا میاں سولہ سکے ڈلن کے

تندرستی ہی دنیا کی بادشاہت ہے

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں ٹرائیڈ ورساہے اور اسکی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں +

ڈاکٹر اے آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۵ اگست ۹۴ء

امرتسر کے ایک سنیر یورپین نے ایکدفعہ مجھے کہا کہ امرتسر میں کوئی اچھا دوا ساز نہیں ہے اور ابھی اور سکا کچھ عرصہ نہ ہوا تو میں نے معلوم کیا کہ اس فٹبلیکن کا ریمارک کہاں تک صحیح تھا اپنے بیان کے ہر ایک خود فارماسیوٹیکل کیمسٹ اور ڈرگسٹ کی آزمایش کرلی۔ اور کسی کو دوا بنانے میں لائق نہ پایا۔ ایک دفعہ میں نے امرتسر کے ایک لائق وکیل کے وسطے نخہ میں ٹنکچور آیوڈائی تیار کیا مگر کیمسٹ نہ جانتے تھے کہ وہ کس طرح بنایا جاتا ہے مجھے خوش قسمتی سے امرتسر کے ایک آنریری مجسٹریٹ سر محمد امام الدین ڈسپنسنگ کیمسٹ سے ملاقات کرائی جسنے کہ میں نے اور میرے بیماروں نے دوائی لینے میں پورا آرام پایا کیونکہ میں نے محمد امام الدین میں نسخوں کے صحیح بنانے اور صفائی کو دیکھنے اور دوا سازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی اور نیز محمد امام الدین نے مجھے کہا کہ اسکی چند ادویات بہت سی بیماریوں کے وسطے اپنی تیار کرتے ہیں اور مجھے اس نے یہ بھی بتادیا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح سے بنائی جاتی ہیں میں نے ان اجزا کو معلوم کرکے پوری تسلی کرلی۔ کہ یہ وہی ادویات ہیں جو لنڈن اور فرانس کے بڑے بڑے عالم ڈاکٹر بناتے ہیں اور نیز میں نے محمد امام الدین کی اپنی تیار شدہ ادویات بہت سے بیماروں کو دیکر تجربہ کیا۔ اور بلاشک و شبہ مفید پایا۔ پس میں عام لوگوں کو ان کے خریدکرنے کے واسطے بڑے زور سے سفارش کرتا ہوں +

ڈاکٹر ڈی۔ ایم سانگلے ایم بی۔ اینڈ۔ ایم۔ ایس یونیورسٹی آف ایڈنبرو انگلینڈ کا پاس شدہ ۲۶ مارچ ۹۴ء قیصری باغ امرتسر

مندرجہ ذیل ادویات کے مفید نہ ہونے پر قیمت کی واپس کرنیکی شرط +

آتشک کی پڑیاں جدید آتشک کا علاج ۴۰ پڑیاں	عصم	بچھو کاٹے کا علاج۔ جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۲۰ بوند
مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخم پر لگانیکے واسطے فی ڈبیہ۔	عصم	بالونگ خوشبودار کرنیوالا تیل۔ دافع امراض بینائی کو طاقت دیتا ہے ایک شیشی
عرق مشہور کبد۔ دافع امراض مصری آتشک گنوریا خارش کیواسطے	۱۰	ڈائریہ لوشن دافع اسہال و پیچش جو بعد ضعف کی بابت ہو ۱۲ پوڈیہ
عرق دافع سوزاک قرحہ۔ اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی۔	۱۰	کیسوغار آستھما فیتی النفس یا دمہ کی بیماری کا علاج فی شیشی۔
دوائی پچکاری برائے سوزاک۔ سوزاک کے کیوریٹو پچکاری کیواسطے	عصم	کالرا کیور یہ کا علاج ہر فرد بشر کو اس دوائی کا گھر میں رکھنا لازمی ہے
دوائی پچکاری برائے قرحہ سوزاک کے کیوریٹو پچکاری کیواسطے	عصم	عرق کونین۔ بخار کے واسطے سلم علاج ۱۲ خوراک
روغن دافع وجع مفاصل و درد عضلی۔ پیرلی مائنٹ کیواسطے فی شیشی	۱۰	
عرق طحال۔ تپ تلی کیواسطے ۲۴ خوراک	۱۰	
اسپرٹوریہ پلزہ۔ دافع کثرت احتلام جریان منی ۴۰ گولی	عصم ۱۰ گولی	
ایفروڈیزیک کیچر۔ مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب ضعف دماغ و رعشہ فی شیشی	۱۰	
نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کم طاقتی۔ کمزوری۔ ۴۰ گولی	۱۰	
کاف کیچر۔ تر و خشک کھانسی کا علاج فی شیشی۔	۱۰	

محمد امام الدین منیجر کشمیر میڈیکل ہال بازار امرتسر (پنجاب)

شیخ خیر الدین رحیم بخش سوداگران کٹڑہ کھیاں امرتسر (پنجاب)

شیخ خیر الدین رحیم بخش مہتمم پیٹنٹ میڈیسن کمپنی کٹڑہ کھیاں امرتسر پنجاب دوکان ہذا کی بنی ہوئی دواؤں کی جو ۱۸۷۶ء سے جاری ہے ہیشہ میں کی تعریف

ہم ضرورت نہ سمجھتے کہ بعض شیخی بازوں کی طرح ہم اپنی تعریف آپ کرتے بیٹھتے۔ لیکن مجبوری معذوری لوگوں کی خود ستائیاں

کہ وہ صرف اپنے منہ میاں مٹھو بننے ہی پر کفایت

بلکہ محض حسد اور بغض سے دوسروں پر حملے کرتے ہیں گو ایسے حاسد

کی شکایت بھی کہلاتے ہیں لیکن ہم چاہتے ہیں کہ دو چار لفظوں

اشتہار اور اصل حال بھی ظاہر کریں۔ سب سے اول مرتبہ ہیں ملکہ

جب ہمیں ہمارا کارخانہ تھا اور امرتسر میں نیچرل دوائی کا

تقلید کی اور تقلید بھاری پر پیشدستی کر کے ملک

محصولڈاک وغیرہ بذمہ خریدار ہے

پرچہ ترکیب استعمال ہمراہ دوا ارسال ہوتا ہے

ہیں اپنا کام کرتا چلتے ہیں ہم نمائش اور ظاہرداری کو پسند نہیں کرتے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ ہمارا نام اور تعریف سے بالکل کام نہیں ہمارے تجربہ ہماری تعریف لوگوں سے کراتا ہے لیکن لوگوں نے بیجا طریق اختیار کر کے ایک اچھا کام ٹکا انجام کا نکالا ہے یہ کہ دنیا کوئی مشکل نہیں کہ ہم اس شخص کو اتنا روپیہ انعام دیتے جو ہمارے کارخانہ کی شہادت کو نرخی یا بناوٹی ثابت کر دے" سمجھنے والے اس پیغام پر ہنسیں گے کہ جب ہم سمجھ سکتے ہیں کہ یہ محض کوئی دعویٰ نہیں ہے تو کیا وجہ ہے کہ بیچارے سیدھے سادھے ناواقفوں کو ایک سبز باغ دکھایا جاوے کہ شہرت پڑی ہے کہ تختہ بیتا کرا پھرے اور سرانع لگا کر ہم اپنی نمائشی دعووں کو پسند نہیں کرتے ہم تو کہتے ہیں کہ تجربہ کرو ✦

مختصر فہرست ادویات

سیرعشبہ صفائی خون اور جلد کی ہر مرض خصوصاً خشک پھوڑا پھنسی کے لئے نہایت مفید (عشبہ)

عرق باہ توت باہ۔ دماغ۔ ہاضمہ۔ بینائی چشم جملہ حالت جسمی وغیرہ کے لئے اکسیر کا حکم (عرعہ)

عرق دافع شربت۔ چنڈو۔ افیون فرصتکام منشی کی عادت چھوڑانے کے لئے پورا رفیق ہے

عرق بخار تلی۔ لبر جو بخار کے باعث یا کنینی حاتی کے سبب سے ہو دو چار روز اک سے گھٹتی شروع ہو جاتی ہے اور چند ہی روز میں

عرق صفرا ۶ حصہ کا بخار دو تین خوراک ہی سے دور ہو جاتا ہے اور مریض اپنی اصلی حالت پر آجاتا ہے

عرق ملین جوانی کی بے اعتدالیوں اور دافع آ کی فاسد مادوں سے لاحق ہو کر آدمی کو نکما

عرق دافع پینے گنٹھیا کے ہر قسم کے درد و خواہ آشک باد کی ہو خواہ ہوائی امراض کے ساتھ

عرق دافع آشک کسی قسم کا ہو دور ہو جاتا ہے اور پھر ساری عمر نہیں ہوتا۔ اگر

عرق سوزاک جدید ہے یا کہنہ ایک ہی ہفتہ کے پیشاب کھل کر آتا ہے۔ نی شیشی (عرعہ)

عرق دافع ہاضمہ بہتر بنی جادی۔ مسلوں کی پیش اور جلن

جوب رحیمی

قبض۔ درد جگر۔ درد شانہ ہر قسم کی صفراوی تکلیف کے لئے واقعی اکسیر ہیں۔ بے شمار مرضوں کو دور کرتی ہے۔ قیمت فی بکس (۸ر)

منجن دانت

دانتوں کی صفائی مسوڑوں کے درد کے لئے بالکل مفید ہے خون نہیں نکلتا اسکا استعمال انہد مفید ہے۔ فی بکس (۸ر)

عرق دافع کھانسی خشک و تر

کسی قسم کی کھانسی ہو حکماً رک جاتی ہے ضرور منگوائیے اور آزما کر تجربہ کیجئے۔ قیمت فی شیشی (عہ)

عرق دافع درد گردہ

مثانہ سے رگ کو فوراً گنگا تا ہے مریض کو پیشاب بآسانی آجاتا ہے عرصہ گھنٹوں میں آرام۔ فی شیشی (عہ)

خضاب زینت شباب

چند منٹ میں نیا رنگ ڈھنگ بال سیاہ۔ آثار پیری مفقود و علامات جوانی مشہود ہو جاتی ہیں۔ مُنہ باندھنے کی ضرورت نہیں قیمت فی شیشی (عہ ر)

روغن دافع بال چہ

ضعیفی۔ کمزوری۔ بیماری غرضکہ جس باعث سے بال گر گئے ہوں اسکے لگاتے ہی پیدا ہو جاتے ہیں فی شیشی (عرعہ)

حب نمک

ایک گولی چند لقمہ قبل از نوش استعمال کرنے سے پورا لطف دیتی ہے۔ فی بکس (ر عہ)

ہیر ائیل یعنی خوشبو دار تیل

بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔ دماغ کو تقویت دیتا ہے۔ حافظہ کی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ قیمت فی شیشی (عہ ر)

حب ذیابیطس

بار بار پیشاب کا آنا پیاس کا بھڑکنا۔ مٹھاس جو پیشاب میں آتی ہے انکے دفعیہ کے لئے از بس مفید۔ فی بکس (عرعہ)

حب دافع جریان

اور کمزوری۔ اس مرض کے دفعیہ کے لئے از بس مفید ہے۔ فی بکس (عرعہ)

چند شہادتیں

ہیں کہ اس کارخانہ کی برابر مفید دوائیں آپ کسی اشتہاری کارخانہ دار سے نہیں حاصل کر سکتے اگر کبھی موقع ہو تو خود امرتسر تشریف لا کر ملاحظہ فرماویں کہ یہ کارخانہ اور اسکے مالک کس رتبہ اور کس حیثیت کے عالی قدر شیطیان ہیں۔

جناب جی راج پرالیس صاحب بہادر سپرنٹنڈنٹ سٹی پولیس امرتسر (مورخہ ۴ اپریل ۹۳ء)

براہ مہربانی ایک اور شیشی عرق کھانسی جیسی کہ پہلے سروز ہوئے آپ سے لی تھی بھیجدیویں اس سے مجھکو اور میری فیملی کو بہت فائدہ ہوا ہیں اب اور کسی دوائی کا استعمال نہیں کرنا چاہتا۔

لالہ رام کشن صاحب ٹھیکہ دار (از مقام لوالائی ریلوے چوپان آپکی ادویہ عرق طحال میری پاس پہنچیں۔ جنکے استعمال سے آرام ہو گیا براہ مہربانی دو شیشی اور روانہ فرماویں۔

جناب محمد الدین صاحب جمعدار سیالکوٹ۔

ایک عدد تولہ ہیر ائیل جیسا کہ پہلے روانہ کیا تھا اور ارسال فرماویں۔

جناب ..... خاں صاحب (از مقام ہیڈ یکم اپریل ۹۳ء) پیشتر آپ سے جو روغن طلا و خضاب منگوایا تھا وہ بہت عمدہ ثابت ہوا۔ براہ مہربانی دو شیشی خضاب ضرور بذریعہ ویلیو پے ایبل عنایت فرماویں۔

جناب غلام رسول صاحب (از مکان چاہ لوہاری ضلع کوہ الموڑا۔ (مارچ ۹۳ء)۔ ایک شیشی عرق سوزاک جس مریض کے لئے آپ سے منگایا تھا بفضلہ تعالیٰ ایک ہی شیشی سے ایک ہفتہ میں مریض کو صحت کلی ہو گئی۔ اب ایک اور مریض کے لئے عرق سوزاک ایک شیشی اور عنایت فرماویں ✦

جناب منشی محمد یعقوب صاحب ہڈ ماسٹر بوڑہ ضلع انبالہ آپ کے عشبہ کی بوتل پورا فائدہ رکھتی ہے۔

بتعلق بیعنامہ لالہ گنڈا اوات جس میں مدعی نے دعویٰ کیا ہے کہ مدعا علیہ نمبر ۱ نے ۱۰ بیگھہ زمین ۱۰ روپیہ فی بیگھہ کے حساب سے ۱۰۰ روپیہ میں بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی مدعی کے ہاتھ فروخت کی تھی اور ۱۰ روپیہ بیعنامہ پر بطور بیعانہ لیے تھے اور ۱۰ روپیہ مدعا علیہ نمبر ۲ نے بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی پر بطور بیعانہ لیے تھے اور ۱۰ روپیہ مدعا علیہ نمبر ۳ نے بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی پر بطور بیعانہ لیے تھے اور مدعا علیہ نمبر ۱ نے ۱۰ بیگھہ زمین ۱۰ روپیہ فی بیگھہ کے حساب سے ۱۰۰ روپیہ میں بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی مدعی کے ہاتھ فروخت کی تھی اور ۱۰ روپیہ بیعنامہ پر بطور بیعانہ لیے تھے اور مدعا علیہ نمبر ۲ نے بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی پر بطور بیعانہ لیے تھے اور مدعا علیہ نمبر ۳ نے بیعنامہ مورخہ ۱۰ ماگھ ۱۹۶۴ بکرمی پر بطور بیعانہ لیے تھے

چونکہ مدعا علیہ باوجود اجرائے سمن کے حاضر عدالت نہیں ہوا ہے لہٰذا حسب دفعہ ۱۰ ضابطہ دیوانی استغاثہ جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ بتاریخ ۱۰ جولائی ۱۹۶۴ بکرمی حاضر عدالت ہو کر جواب دعویٰ پیش کرے ورنہ اسکی غیر حاضری میں کارروائی یکطرفہ کیجاویگی +

اشتہار از عدالت شیخ امیر الدین صاحب منصف سیوم تحصیل جنانہ ضلع امرتسر

بنام [(۱) سوہنا سنگھ (۲) رام سنگھ ولد رام سنگھ ذات جٹ ساکنان جنانہ تحصیل جنانہ ضلع امرتسر مدعی

دعوے صلح اصل دعوے پر

چونکہ مدعا علیہ باوجود اجرائے سمن کے حاضر عدالت نہیں ہوا ہے لہٰذا حسب دفعہ ۱۰ ضابطہ دیوانی استغاثہ جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ بتاریخ ۱۰ جولائی ۱۹۶۴ بکرمی حاضر عدالت ہو کر جواب دعویٰ پیش کرے ورنہ اسکی غیر حاضری میں کارروائی یکطرفہ کیجاویگی +

اکسیر

یہ دوائی بہت محنت اور جانفشانی سے تیار کی گئی ہے۔ اور اس میں ذیل کیواسطے حکماً شفائے کلی بخشتی ہے ضعف باہ ضعف دماغ ضعف اعصاب ضعف قلب نسیان اس دوا کے استعمال سے چند ہی روز میں طبیعت میں جوانی پیدا ہونے لگتی ہے محنت و جفاکشی سے دل نہیں اکتاتا طبیعت شگفتہ معلوم ہوتی ہے حزن و ملال کے آثار مفقود ہو جاتے ہیں رقت منی جو عموماً تولید نسل کے موانعات میں سے ہے بہت جلد رفع ہو جاتی ہے یہ دوائی اعضائے رئیسہ کے زائل شدہ قوتوں کو سرنو تازہ کر دیتی ہے۔ اس کے فوائد عجیبہ اور منافع غریبہ کی تصدیق میں روز شہادتیں چلی آتی ہیں +

سینہ و دل کا امتحان کرو

ہمارے پاس جرمن سلور کے نہایت خوبصورت اور سبک بنی ہوئی بن آرل سٹیتھی سکوپ (یعنے وہ کانوں سے سننے والی دوربین) موجود ہیں جن کے ذریعہ سے ہر ایک آدمی نہایت آسانی سے خود اپنے اور غیر مردوں کے سینہ کا امتحان کر سکتا ہے اور امراض قلب اور تشنج کی ماہیت دریافت کر سکتا ہے تھوڑے ہی دنوں کی مشق سے نہایت باریک آواز دلوں کے فرق پر جانا ہے۔ جو لوگ سائنس کے دلدادہ ہیں اُن کے لئے ضرور ہے کہ ایسی ایک دستبین اور مفید آلہ کو اپنے پاس رکھیں کوئی حکیم یا ڈاکٹر ان کے بغیر نہیں ہونا چاہیئے یہ سینہ نہایت ارزان فقط للہ علاوہ محصول ڈاک کرتی ہے +

المشتھر حافظ فضل احمد ہیرسٹل میڈیکل ہال انارکلی لاہور

ضرورت

بھوپال میڈیکل ہال کیواسطے ایک ہاسپٹل اسسٹنٹ کی ضرورت ہے تنخواہ ۴۰ اور صنف آہنی نفیس درخواست جلد اس پتہ پر آنی چاہیئے

مرزا محمد عزیز بیگ ڈریگسٹ بھوپال

ڈاکٹر کلن خان دنتشٹ انارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں
دانتوں کا معائنہ فی آدمی صرف ۱ آنہ

سرٹیفکیٹ

میں اس سرٹیفکیٹ کو نہایت خوشی سے ڈاکٹر کلن خان صاحب دنتشٹ کو دیتا ہوں جنہوں نے میرے نہایت عمدہ دانت بنائے ہیں جس سے میں ہر ایک چیز کھا سکتا ہوں اور بے تکلیف ہے شکل میں ایک پورے صاحب سے بھی ہوئے تھے لیکن وہ درست اور میری حسب منشا نہ بنے تھے ان کی تعریف سنکر دانت بنوانے کے واسطے لاہور سے اپنے مکان پر طلب کیا۔ سو انہوں نے جیسا کہ چاہیئے تھے عمدہ اور نفیس دانت بنائے بہت ٹھیک میرے منہ میں فٹ ہوئے۔ لہٰذا ڈاکٹر کلن خان صاحب کو فن دنداں کی میں کامل اور ماہر استاد پایا۔ پس جو صاحب دانت بنوانے میں وہ ان سے بنوائیں اور میں امید کرتا ہوں کہ وہ ان سے دانت بنوا کر نہایت خوش اور محظوظ ہونگے کیونکہ ان کا حق ہے۔ راقم نصف کنول راجہ عطاء اللہ صاحب سردار ہیڈ آنریری مجسٹریٹ معلم بیج و زمیندار ۱۳ جولائی ۱۹۰۸ء

اشتہار

الحمد للہ کہ مسلمان بچوں کے واسطے تعلیم اسلام کی کتاب جو کہ عرصہ سے تیار ہو گئی ہے۔ اس کتاب میں اسلامی اصول وجود صانع اللہ جل جلالہ اور توحید اور بحث صفات باریتعالیٰ اور ثبوت نبوت اور عصمت اور معجزات انبیاء اور کرامات اولیا ثبوت اسرافیل قیامت و حقانیت عالم و ثبوت معاد و دیگر تمام اعتقادات اہل سنت و الجماعت قرآن مجید اور حدیث شریف سے مفصل و مدلل بیان کئے گئے ہیں۔ اور جس ضرورت دلایل عقلی سے بھی ثابت کئے گئے ہیں اور مخالفین کے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں ہر اہل اسلام کو لازم ہے کہ اپنے عزیز بچوں کی دینی تعلیم و تربیت کے اس کتاب کو ضرور بالضرور خرید فرما کر ان کی دینی اعانت کے فرض سے سبکدوش ہوں اور ثواب آخرت حاصل کرنے میں سستی نہ کریں یہ نعمت تو اس لائق ہے کہ سونے اور جواہرات سے تول کر مول لیجائے مگر یہ بار گران ہے اس لئے اس کی قیمت ایک روپیہ ہے اور محصول اس کے علاوہ ہے اور جو صاحب اس سلسلہ کی تمام کتب خرید فرمائیں یعنے اسلام کی پہلی کتاب سے اسلام دوگیارہ تک وہ چار روپیہ سوا تین آنہ ارسال فرمائیں بذریعہ ویلیو پی ایبل طلب فرمائیں یہ کتابیں بھی عجیب خواص کی کہتی ہیں اکثر مخلص اہل اسلام آپکی قدر خوب جانتے ہیں ثناء کی حاجت نہیں +

رحیم بخش مولف کتب اسلام امام و مدرس مسجد چینیاں لاہور

دلایتی! خنکاری!! چاقو!!!

قیمت فی عدد بعہ خرچہ ڈاک چھ آنے (۶) کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا +

رمضان پر لکھنا چاہتا ہوں۔

(۲) ایک تقویم بطور نمونہ کے مرسل ہے۔ یہ تقویم ۱۳۱۱ھ و ۱۳۱۲ھ کی ہے۔

(۳) نقشہ امساک سحر رمضان سال ۱۳۱۱ھ کا مرسل ہے۔

(۴) یہاں خسوف و کسوف نظر نہیں آیا۔

(۵) رسید کا ملان مرسل ہے۔ اب کی رسید لے گئے۔

(۶) یہاں آثار اجتماع کسوف و خسوف کا بالکل چرچا نہیں ہوا۔

(۷) سکہ سلطانی واسطے نمونہ کے بھیجتا ہوں۔ یہ ایک قرش ہے۔ اسی پر اور سکے قیاس کر لیجئے۔ مرقومہ ۱۶ ذی الحجہ ۱۳۱۱ھ

(فرق رویت ہلال ما بین ہندو عرب)

نام ماہ	یکم در عرب	تعداد ایام	یکم در ہند	تعداد ایام
شعبان ۱۳۱۱ھ	چارشنبہ	۲۹	پنجشنبہ	۳۰
رمضان "	پنجشنبہ	۳۰	شنبہ	۲۹
شوال "	شنبہ	۲۹	یکشنبہ	۲۹
ذیقعدہ "	یکشنبہ	۳۰	دوشنبہ	۳۰
ذالحجہ "	سہ شنبہ	۲۹	چارشنبہ	۲۹

جناب مولوی صاحب نے صرف یوم یکم ہی کو معلوم تحریر فرمایا ہے۔ میں نے ہندوستان کا یوم غرہ و تعداد ایام لکھکر فرق ہا ہی ظاہر کر دیا۔ جسکے بموجب غرہ محرم چارشنبہ کو تمام ممالک عربی میں ہے۔ چنانچہ تقویم آمدہ حال میں بھی یہی درج ہے۔ حالانکہ یہاں پنجشنبہ کو ہوا۔ اسکو ناظرین ہرگز غلطی تصور نہ فرمائیں۔ بلکہ مطالع کا فرق شرقی و غربی ہمیشہ رہتا ہے۔ یعنے عرب سے امریکا تک ایک دن پہلے ہلال ہوتا ہے جسکے دوسرے دن ہلال آسٹریلیا سے ہندوستان تک نظر آتا ہے اور کبھی سب جگہ مطابق ہو جاتا ہے۔ یہ کرہ آب و خاک کی گردانی اور شمس و قمر کی رفتار کے سبب ہوتا ہے۔ نقشہ امساک رمضان واسطے درک کرنے) سحری کے بھیجنے لوگوں کے سحری کھانے سے باز رہنے کے وقت کا ہوتا ہے۔ چنانچہ میرے اس بیس نقشے موجود ہیں ایک جناب مولوی مجتبےٰ حسن صاحب کا لایا ہوا بابت ۱۳۱۱ھ و ۱۳۱۲ھ دوسرا اخوی جمیل احمد صاحب والا بابت ۱۳۱۱ھ اسمیں کسوف شمسی دن کے ۱۱ بجے ۵ دقیقہ پر لکھا ہے یعنے وہاں کے غروب شمسی سے (۱۱) گھنٹے پہلے اور ہند کے غروب سے ایک گھنٹہ بعد لیکن نقشہ ۱۳۱۱ھ میں گرہن کی بابت اشارہ بھی نہیں ہے۔ بھائی صاحب موصوف کی لائی ہوئی تقویم سنہ ۱۳۱۱ھ مطبوعہ مصر میں خسوف بڑی شرح سے لکھا ہے صبح تاریخ اور دن اور مقدار اور وقت اکھٹا دو انتہا کہ مظلما و مدینہ منورہ کے بخلاف اسکے امسال کی تقویم مذکور آمدہ حال مطبوعہ قسطنطنیہ میں مگر ہن کا کچھ ذکر نہیں حالانکہ بیاروں کا مقابلہ و ترویج حواشی بس اجتماع خصوصاً استقبال و اجتماع بیترین صبح وقت گھنٹہ منٹ اور دن رات کے درج ہے۔ چنانچہ چہار شنبہ یوم خسوف کو رمضان میں (استقبال بیترین (۱۰) بجے (۹) منٹ (دکھوم) اور جمعہ یوم کسوف کو اوسی رمضان میں (اجتماع بیترین ۲ بجے ۱۰ منٹ رات کو لکھا ہے۔ یہ جنتری ترکی زبان میں کاڈ برابر تقطیع پر ہے مگر شرح بسط سے طیار ہوئی ہے۔ اسمیں بنا بر آغاز سال ۱ فرق قسطنطنیہ کے موافق اور تاریخ بخار طلوع و غروب اور سیر شمس و قمر و سیع سیارہ بروج دوازدہ گانہ میں اور جدول عرض البلد ممالک محروسہ دولت عثمانیہ اور بعض شہروں ہفت اقلیم کی سطح سمندر سے بلندی وغیرہ بہت کچھ ہے چنانچہ فینیال سکوہ ہمالیہ۔ تبت۔ ایران۔ کابل دہلی۔ لاہور۔ وغیرہ مقامات بھی لکھے ہیں اور یورپ کو (اوروپا) ایشیا کو (اسیا) افریقہ کو (افریقا) امریکہ کو (امریقا) اوشنیا کو (اوسیانیا اوقیانوس) لکھا ہے اسکے بعد رسید وصول پر خرچ قیام کا سن کا ذکر بھی مناسب ہے۔ جس سے تعداد حجاج کا تخمینہ ہوتا ہے۔ ایک رسید اخوی جمیل احمد صاحب کی ہے اسمیں تعداد اول حجاج کی جنہوں نے خرچ دس دن کا دس روپیہ ادا کئے (۱۹۶۶) ہے قریب ایک لاکھ کے پہنچے اتنے ماہ رمضان میں جا چکے تھے اور دوسری رسید جناب مولوی صاحب کی اب آئی ہے جو ماہ رجب میں لی اسمیں (۱۶۳۹) تعداد نمبر شمار کی درج ہے اور حجاج سے معلوم ہوا کہ قریب اتنے ہی کے محتاج جو خرچ سے معاف کئے جاتے ہیں ہوتے ہیں انکو چھوڑ کر اور زمانہ کو دیکھکر کہ جو قوت کی یہ رسیدیں ہیں اوسوقت فیصدی پانچ آدمی ایسے ہوتے ہیں جو بافراغت دولتمند اولوالعزم کمال شوق سے حج کا سفر ۶ ماہ پہلے کرتے ہیں باقی ۹۵ ماہ شوال میں روانہ ہوتے ہیں تو یہ بات پایہ ثبوت کو پہونچتی ہے کہ ہندوستان سے ایک لاکھ آدمی سمجھلہ ۲ کروڑ کے ہر سال جاتے ہیں۔ پس تمام دنیا میں سے دس پندرہ لاکھ آدمی کا حج کے دن عرفات میں جمع ہونا ثابت ہے۔ سکہ سلطانی میں نے اچھی چوانی دوانی دیکھی ہے جو بہت خوبصورت ہوتی ہے حال کا آیا ہوا قرش یہاں کے پیسے سے بڑا اور پتلا ہے ۱۳۱۱ھ کا بنا ہوا ۱۳۱۲ھ پر اس کا ہے اکثر نقش شکستے ہیں سنگ اسکا سفید مائل بہ زردی و کثافت ہے۔ مقصد اسکا یہ ہے کہ سلطانی ٹکٹ اور کارڈ اور کاغذ اور کپڑا اور چھاپہ اور تالیف کتب اور سکہ اور انتظام اور محبت اسلام شان و عظمت ظاہری و باطنی ہند جہاں بہتر اور عمدہ پائی جاتی ہے جو لوگ ہیز دیکھے اور مقابلہ کے کسی نامعقول ذریعہ سے سنکر اور کسی پورانی تاریخ و جغرافیہ کو دیکھکر جو غیر قوم کی تالیف ہیں بلا سمجھے سوچے سلطنت روم کی نسبت وحشت آمیز بیہودہ خیال رکھتے ہیں سخت گمنگار ہوتے ہیں۔ یہ نہیں جانتے کہ حضرت سلطان اعظم سلطان عبدالمجید خاں خلد اللہ ملکہ کو اللہ جل شانہ نے مذہبی و دنیاوی طور پر تمام دنیا کا شہنشاہ اور سلطان السلاطین کیا ہے۔ دنیاوی طور پر اس طرح کہ وہ کون مہمک مقام ہے جو سلطان کے قبضہ اقتدار میں نہیں ہے اگرچہ یہود یا نصاریٰ یا کسی فرقہ اسلام کا ہی کیوں نہو۔ بعد تحقیق اگر کچھ کہا جائے تو بہتر ہے ورنہ میرے نزدیک آج جو ہندوستان میں ہے وہی سارے جہان میں ہے۔

راقم۔ محمد عتیق احمد۔ پی۔ بی۔ بیسٹ

ایک پنجابی امریکہ میں

مندرجہ ذیل کیفیت اور تصویر ہم کیلیفورنیا لائل اضلاع متحدہ امریکہ کے اخبار لونگ بیل سے خلاصہ اور ترجمہ کرتے ہیں:۔

چند روز ہوئے ایک ہندو بنام سدھو رام ہندوستان سے شکاگو کی نمائش دیکھنے اور سینٹ ڈیوینورسٹی میں علوم و قوت ممتی کی تعلیم پانے اور مغربی بت پرستوں کو اپنے خیال کے مطابق پنجاب کی اعلیٰ درجہ کی تہذیب سکھانے کی نظر سے آیا ہے۔ اسکی پگڑی اور لمبے سے سنہرے کوٹ کو امریکا والے بہت غور سے دیکھتے ہیں۔ عمر تقریباً ۲۸ سال کی ہے اور اگرچہ رنگ بہت سیاہ ہے مگر چہرہ خوشنما پایا ہے۔ مزاج بہت نرم اور خلیق ہے۔ حق پیتا نہاں کہتا اور نہ فضر بیہودہ بیتا ہے۔ ایک بی اسکی راہنما ہیں ہے۔ اور اگرچہ نمائشگاہ شکاگو وغیرہ میں بہت سی چیزیں اسکے چسپانے کے لئے مقبول نگر شیدا لاکر اوا جی کی طرف سے قطعی لفت رکھتا ہے۔ ایک اخبار کے نامہ نگار سے گفتگو میں سدھو رام نے بیان کیا کہ ہندوستانیوں کی شہدہ بازیوں کا شہرہ جو اسقدر امریکہ والے سنتے ہیں سب دھوکا بازی ہے۔ اور کچھ نہیں جو صرف امریکا والوں کو بیوقوف بناتے ہیں



اور اون سے سونا کھینچتے ہیں۔ اور کہنے لگا کہ اگرچہ میں ہندوستان ہی میں پیدا ہوا۔ اور وہیں رہتا ہوں مگر کبھی میں نے ڈیلا کے شعبدے کو نہیں دیکھا اور میں کبھی یقین نہیں کرتا کہ تین مہینہ تک دفن رہکر آدمی پھر زندہ ہو جاوے۔ پھر کہا کہ یہ عجائبات ہندوستان میں کہاں یہ تو امریکا ہی کا حصہ ہے جب میں واپس ہندوستان کو جاؤنگا تو میں اپنی دیسی زبان میں اخبار نکالونگا جسکے اندر یہ تمام عجائبات جو امریکا کے ایک ایک گلی کوچہ اور لوگوں کے گھروں میں مینے دیکھے ہیں چھپواؤنگا اور لوگوں سے بیان کرونگا۔ امریکا والے سینکڑوں میل کے فاصلہ سے اسطرح باتیں کر لیتے ہیں کہ گویا گاڑی آواز کی کل چلتی اور تمام عجیب عجیب کلوں کا حال بیان کیا۔ چیزیں جادو کا کام کرتی ہیں اور درحقیقت یہ سنکر وہ لوگ بہت تعجب کرتے مسٹر سدھو رام نے ممالک متحدہ کی ترقی علوم و فنون آلات کی تعریف کر کے یہ بھی ریمارک کیا کہ البتہ امریکا نے سوشیل اور روحانی معاملات میں ہندوستان کے برابر ترقی نہیں کی علاوہ اسکے یہ سلطنت جیسی آزادی ہونی چاہئے تھی ویسی نہیں ہے۔ رشوت ستانی سرکاری معاملات میں بے ایمانی اور اپنی جماعت کی طرفداری جیسی ہندوستان میں ہے یہاں بھی ہر جگہ دیکھنے میں آتی ہے۔ بلکہ ہندوستان تو آزاد نہیں ہے اور امریکا آزاد سلطنت ہونے کا دعوے کرتا ہے اور اردو فارسی انگریزی اور کیتھوڈرتی اور سنسکرت میں خوب گفتگو کرتا ہے دو شنبہ کے دن جنرل ایم ایچ جج میں ہندوستان کی طرز معاشرت پر آزادی کے ساتھ لکچر دینے والا ہے یہاں کے تہاسوفکل سوسائٹی والوں کو مسٹر سدھو رام سے بہت کچھ مدد ملنے کی امید تھی مگر انے صاف انکار کر دیا ہے کہ وہ انکے اعتقاد کو سرے سے نہیں مانتا۔

۱۹ اجولائی ۱۸۹۴ء کے ۱۲ بجے رات سے ایکم ۱۹ اگست تک بیچ کی شام تک ایسی بارش کراچی میں ہوئی کہ ایسی کبھی ہم نے نہیں دیکھی تھی کہا واڑے اور کراچی کے درمیان ایک ندی ہے کہ کئی سال سے بلاب اسمیں نہیں آیا تھا اس بارش سے وہ ندی خوب زور شور سے بہتی تھی سندی خلقت شکر گذار ہیں کہ بندگی سے جان بچ گئی۔ ہمارے ملک میں یہ رواج ہے کہ جب سرکار کو کسی شخص پر بدمعاشی کا شک ہوتا تو فوراً سرکار اسکو گرفتار کر لیتی ہے اور دفعہ ۱۱۰ ضابطہ فوجداری کے روسے اس شخص سے نیک چلنی کی ضمانت طلب ہوتی ہے اگر اوسنے ضمانت دی تو

سوقت تک ایک بھی اعتراض ایسا نہیں ہوا جسکے جواب کے لئے عالی جناب خود ہیں اونکے اونے شاگرد کو بھی قلم اوٹھانے کی ضرورت ہو۔ یہ اشتعال طبع سترض کا صرف اس بنا پر ہوا ہے کہ مولانا حالی نے اس تبصرہ میں کسی جگہ زبان اردو کی بحث میں دہلی اور لکھنو کی زبان کا مقابلہ کرکے دہلی کی زبان کو ترجیح دی ہے حالانکہ مخرض صاحب ہرزہ سرا ان سے ہیں حالانکہ مولانا حالی نے اس بات کو تسلیم نکرکے اور زبان دہلی کو لکھنو کی زبان سے بہتر بتلا اس سے زیادہ وسیع نہیں ہو سکتا کہ شب پرکارہ شمس آفتاب سے انکار کرتا ہے۔

راقم۔ متشاعر

ہوائی میونسپالٹی کے موقوف شدہ ملازم

میونسپل کمیٹی میں صاحب پریسیڈنٹ کہتے ہیں کہ بعض ملازم ہیت دلاور ہیں ملازم ہوکر طرح دیتے ہیں اور کرخ ممبروں کا اپنے آپ کو افسر سمجھ سکتے ہیں جبکہ وہ اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ بغیر قاعدہ وقانون کے ملازم نکالا وبڑھائے نہیں جا سکتے۔ پریسیڈنٹ ناجائز طریقہ میں انکو موقوف کر سکتا ہے۔ ہاں یہ ملازم ضرور کرتے رہے جیسا کہ اغذات کمیٹی سے معلوم ہوتا ہے کہ پریسیڈنٹ نے کوئی ناجائز کارروائی نہیں کی اور فرزان نے روکا۔ ہیڈ ماسٹر صاحب نے جو پریسیڈنٹ کے سوتیلے بھائی ہیں صفر خرچ جلسہ دہلی کی ورزش کا برخلاف قواعد منظور کیا۔ سکرٹری نے اعتراض کیا مگر بھائی پریسیڈنٹ نے کہا ہاکہیں اور فرزان نے اعتراض رویداد کمیٹی میں لکھوا صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے (جو ممبر تھے) نہ لکھا دوے۔ آخر محکمہ اکونٹنٹ جنرل سے بھی وہ اعتراض سیکرٹری کے واپس کیا گیا اگر یہ دلاوری نہیں تو اور کیا ہے۔ جو رزلٹ کمیٹی کی فوائد پر کیا ہے۔ پریسیڈنٹ صاحب نے بلا منظوری جلسہ کے سب کمیٹیاں توڑ دیں اور خود ہی سب کام کرنے لگ گئے۔ اور ٹھیکہ خود ہی دینے لگ گئے۔ اس معاملہ پر لکھا یا کہ ممبران کو عقل نہیں ہے اور بس سے قصے کہ ممبروں نے لعوض روپیہ زیادہ رپورٹ ممبر نگران مانگے۔ پریسیڈنٹ نے لکھوا کہ وعدہ دینے چاہیں۔ سیکرٹری دفتر کو سکھا یا کہ لکھو یہ شور مچھا یا جاتا ہے کہ اگر فی صد روز زر اگوید است ایں ۔ بایدگفت انیک ماہ دیروں ۔ (دیکھو رپورٹ تورہ پاسوخان ۱۸۹۳ء) کمیٹی کا شوق ہی کوبا بیٹ ڈبانی ٹھیکہ دئے گئے اور جب دفتر والوں نے روکا کہ کمیٹی ہونی چاہئے تو غصہ ہوئے۔ یہ دلاوری اگر بڑی ہے یا ظلم گماشتگی یا ملازمی کے بدلے ہوتی ہے تو کیا ہو سکتا ہے جگہ جگہ جب پریسیڈنٹ موقوفی پر جہاں ہیں ہوئے ہیں۔ اول کھڑکھی ٹھیکان کے سیل کا حوالہ سیکرٹری نے ہاتھ کی رپورٹ کی اور اسی طریقہ پر لگایا جو سابق ازیں اور ٹھیکہ داران کو ملتا رہا تھا اور بعد کو ملا صرف نصیر خان کے لئے پریسیڈنٹ نے بنا قاعدہ کچھ ناراضگی ہوگی۔ اصل سبب لاحظہ ہونے کا ہو سکتی ہے۔ دوسرے جواب چٹھیات کا کہ سیکرٹری یا سر دفتر کے دستخط سے جاتی ہیں۔ افسر حکم لکھ دیتے ہیں اسکے بموجب سیکرٹر کرکے ماتحت جواب دے دیتے ہیں علاوہ ازیں کمیٹی میں سیکرٹری کی طرف سے خلاف کہا جاتا ہے ہی قاعدہ استنگھ مدت سے جاری تھا۔ سفر خرچ ہیڈ ماسٹر صاحب اور پریسیڈنٹ کے لئے بنا قاعدہ نہیں ہوا۔ ممبر یہ ایک ہفتہ ضلع سے باہر مدرس برا ضی ہو گیا کمیٹی میں اس اشتہار کے متعلق کوئی سابقہ خط وکتابت نہ تھی۔ جب بل آیا تو سیکرٹری نے معمولی کیفیت لکھدی کہ سابق ازیں اس بارہ میں کوئی قاعدہ نہیں ہے۔ اسکو پریسیڈنٹ صاحب ایک جرم مانتے ہوئے فرماتے ہیں اور زیادہ اس غرض سے کہ جب ڈپٹی کمشنر بہادر خوش ہوا ہیں کہ ہمارے احکامات پر بھی سیکرٹری اعتراض کرتا رہا۔ مگر صاحب ضلع قاضی محمد اسلم صاحب ہیں۔ تماسہ دیکھا ہوتا۔ اسی کو بڑے جوش سے سیکرٹری کی دلاوری بتلاتے ہیں۔ چوتھے۔ ایک ممبر واپسی کو پریسیڈنٹ نے تحصیل میں بہ نظر روشن رکھا یعنے برابر دو تین ماہ تک کبھی چار گھنٹہ کبھی دو گھنٹہ کام لیتے رہے اور ممبر المحکم کس کے جیسا رضی اسامی ہوا کرتی ہے۔ ایک ماہ کی تنخواہ دلوائی کمیٹی میں کوئی اطلاع نہ دی۔ ہر دو طرف سے تنخواہ سرکاری نہ تو دار و فہ چونگی نے کوئی رپورٹ اس امر کی اور نہ ہی ممبر نے کہا کہ ہمیں وہاں سے تنخواہ ملتی ہے۔ اسپر یہ تصور اپنا اور دار و فہ چونگی کا ذمہ سیکرٹری کے لگایا گیا۔ صرف اسواسطے کہ جو اسٹنٹ دفتر کا سیکرٹری ٹرسٹ بورڈ نے کرکے مڈل پاکشن پریسیڈنٹ کی بے ضابطگیوں کی رپورٹ کی نہ انہیں یہ بات بھی درج تھی۔ اسیطرح سے صفائی کرلی۔ رگھناتھ سہائے کبھی ممبر ہشتی نہیں رہا۔ کاغذات کمیٹی سے معلوم ہو سکتا ہے۔ بجز ڈاک کے لفافے افسر کی حاضری میں دفتر کے ہیڈ کلرک کو ملا کرتے تھے اور صرف پریسیڈنٹ و وائس پریسیڈنٹ کی غیر حاضری میں سیکرٹری کو ملے اور اسے ہوئے۔ اسمیں برا ہی کیا ہے۔ اصل معاملہ یہ ہے کہ پریسیڈنٹ نے خفیہ طور پر اپنے بھائی ہیڈ ماسٹر کے ہاتھ سے لکھوا کر ایک بخویز صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کو بھیجی کہ سیکرٹری کی تنخواہ تخفیف ہووے۔ ممبر کی وضع تنخواہ ہووے۔ وغیرہ۔ ضلع میں معلوم تھا کہ پریسیڈنٹ و وائس پریسیڈنٹ بہوانی میں نہیں ہیں۔ انہوں نے سیکرٹری کے نام اصل کاغذ نوشتہ ہیڈ ماسٹر کمیٹی میں اور دیگر کاغذات کے سیکرٹری کو بھیجا۔ اس سے اصل کیفیت وسیکرٹری ظاہر ہوئی کیونکہ پہلے پریسیڈنٹ چاہتے تھے کہ میری تحریک نہیں ہے وہی عصہ اب نکالا۔ سیکرٹر اور کئی اور بگڑ پریسیڈنٹ صاحب نے بخیالی کا لفظ بہت استعمال کیا ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ انکو ہمیشہ سے خاص دشمنی ہے۔ ششم کوئی ثبوت آپسمیں ملنے کا نہیں دیا۔ ساتویں سو پریسیڈنٹ دا کشن کے آنے سے پہلے باقاعدہ کمیٹیاں نہیں۔ انہوں نے آتے ہی توڑ دیں کل کام اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ بغیر رائے ممبران ٹھیکہ دینے شروع کردئے ممبران ناخواندہ انے پہلے بھی تھے اسوقت سب کمیٹیاں کیوں کام کرتی تھیں۔ بہت عرصہ تک بیقاعدہ کام کرتی رہی۔ اور آخر ایک دفعہ ناجائز طریقہ پر ممبران سے قواعد منظور کرائے جنہیں برخلاف قواعد گورنمنٹ اپنے اختیارات میں ایزادی کرلی مثلاً ٹھیکہ خود دیدینا زیادہ عہ روپیہ کے چک جاری کر دینے۔

ناظرین کو معلوم ہو گیا ہوگا کہ اب تک کوئی الزام بشمہ داس تحریر میں نہیں لگا یا صرف گیا بچند سیکرٹری پر غلط الزام لگا کر اسمیں کل پنجابی کہتریوں کو شامل کیا ہے۔ طرفہ یہ کہ سب پر ماسٹر کو بھی اپنے سکھا شاہی فیصلہ میں دھر دبایا ہے۔ بشمہ داس پر یہ الزام لگایا ہے کہ لکھا ہوا مٹا پڑا نہیں جاتا کیا ہنسی کی بات ہے۔ ایک شخص چار سال سے ملازم ہے۔ اول کئی درخواستوں میں سے انتخاب کرکے امتحاناً مقرر ہوا۔ بعد میعاد امتحان کے مستقل کیا گیا اور اب بعد چار سال کے اسپر الزام لگایا گیا ہے کہ لکھا ہوا پڑا نہیں جاتا۔

بھگوانداس مستری بھی مثل بشمہ داس کے بہت سی عرائض میں سے انتخاب کرکے دکھایا تھا اول سہ ماہ کے لئے امتحاناً مقرر ہوا بعد ازاں مستقل ہوا چار سال سے نوکر ہے اب یک لخت نالائق کسطرح ہوا۔ معمولی غلطیاں ہوا ہی کرتی ہیں۔ جب ہوئی تھیں اسوقت کیوں موقوف نہ کیا۔ واجد علی و ابراہیم خاں پر جو الزام لگائے ہیں ان سے کمزوری کمیٹی کے ظاہر ہوتی ہے۔ ایسے آدمی اب تک کیوں ملازم تھے کیا ہی موقعہ موقوفی کا تھا۔ جبکہ پریسیڈنٹ تبدیل ہوئے جدید تقرریاں ہوئی ہیں۔ وہ سراسر برخلاف رزولیوشن ہائے کمیٹی ہیں۔ کمیٹی ۱۸۹۳ء میں مسٹر انڈرسن صاحب کے حکم پر فیصلہ کر چکی ہے کہ عرائض نویس کے بیٹے کے رکھنے میں ہرگز نقصان ہے اب عموماً کل عرائض نویسوں کے بیٹے اور رشتہ دار ملازم ہوئے ہیں۔ اور سب کا بستہ ہیں۔ ایک بھائی سیکرٹری جسکی موقوفی کا رزولیوشن پاس ہو چکا ہے۔ دوسرا حقیقی بھائی داروغہ صفائی اور ایک داماد عرائض نویس کا داماد مستری۔ ایک اور کا بستہ صاحب محرر کمیٹی۔ اسقدر کنبہ پرور سکھا شاہی کبھی ہو سکتی ہے؟ اگر صاحب لفٹنٹ گورنر بہادر ان کل حالات پر غور فرماویں اور اصل رپورٹ سیکرٹری ٹرسٹ بورڈ چھوا ہوں نے ماہ مئی ۱۸۹۳ء میں نسبت کمیٹی بہوانی کے کی ہے دیکھیں تو معلوم ہو سکتا ہے کہ کسقدر سکھا شاہی کا روائی انیک ہوتی ہے اور کسطرح سے بیگناہ ایماندار ملازموں کے صرف انکی ایمانداری کے باعث گردن ماری گئی ہے۔ کل کاغذات کے منگانے سے حضور ممدوح کو معلوم ہو سکتا ہے کہ سابقہ رزولیوشنوں و حالات میں کسطرح لاپرواہی سے کارروائی ہوئی۔

نسبت ہیڈ ماسٹر صاحب کے کاغذات ۱۸۹۲ء کے یعنی رپورٹ باوشیدلال صاحب سب انسپکٹر منگائی جاوے جہ معلوم ہو سکتا ہے کہ کسقدر کے بعد رشتہ داری سے فایدہ اٹھایا گیا ہے اور کسطرح من مانی باتیں ہوئی ہیں۔ جو رکاوٹ شیں تحصیلدار کی تبدیلی روکنے کے لئے ہوئی ہیں وہ بھی قابل غور ہیں۔ خوشی کی بات ہے کہ اس ضلع میں قاضی محمد اسلم خاں جیسے میدار منصف حاکم ہیں جو میدانہ کی تہ کو پہنچ گئے ہیں۔

راقم انصاف

کہ معظمہ زادہا اللہ شرفہا

عالیجناب فیضمآب شریعت پناہ جناب مولانا سید اشرف علی صاحب مدرس اول مدرسہ اسلامیہ جامع العلوم واقع جامع مسجد کا پنجہ سنگ بجاب میرے بنام نامہ کے کہ معظمہ سے تحریر فرمایا ہے جو قابل ہدیہ ناظرین ہے۔ موصولہ ۷ محرم ۱۳۱۲ھ

۷۸۶

مشفقی منشی جنت احمد سلمہ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ صدر تپکا خط آیا۔ کاشف حالات ہوا۔ اپنے ارشاد کا جواب لیجئے۔

(۱) من ابتدائی شبان نہایت ذالحجہ سہ ماہ کا عرصہ نقشہ امساک

کو کلکٹر ہیں کی بھلائی مدنظر ہی بھی اور رہا ہے کہ خود وہ سے کرتے ہیں۔ مولس طبی اندیشہ اس اچھی تجویز کی تعمیل کا ہے۔ قطع نظر اس کے اس سرکلر کی دفعہ ۱۰ سے ہے ہیں اتفاق نہیں۔ لاٹ صاحب کا حکم ہے کہ پیچ کی لڑکیوں کو کہ۔ پیادہ اور گھوڑوں کے لئے گھاس حسب رسم قدیم زمینداروں سے لیا جائے۔ کیمپ کو مفت جم پہنچانے میں کوئی ضرورت اس کی نہیں معلوم ہوتی اس قدیم رسم میں دست اندازی کیجاوے جس ضرورت نے دو سے کی رسد رسانی کی رسم قدیم میں دست اندازی کرائی ہے وہی گھاس۔ پیال ہو بلکہ کے مفت دینے کے لئے کہہ رہا ہے۔ یہ خلاف ہے کہ ہو بیات میں کنڈ سے سد لڑکی کی تجویز نہیں آئی ہے۔

یہ بات بالکل بے بنیاد معلوم ہوتی ہے کہ ہیز صاحب وائسرائے ہند سملہ لاہور کے دربار میں ملاقات کرنے کے بعد تا ہفتہ زیر صاحب راولپنڈی یا سکی دوسرے سرحدی مقام پر بھی سرائے جہاں سے ملاقات کرنے کی خبر کی بھی تصدیق نہیں ہوئی۔

علیگڈھ کالج میں مردانہ ورزش کی تبدیلی میں جس قدر کوشش کیجاتی ہے وہ تعریف کے قابل ہے۔ ٹرل۔ فٹ بال۔ کرکٹ میں ہر سہ کہ علیگڈھ کالج بہت کچھ ناموری حاصل کر چکا ہے لیکن حال میں جو نوجوان طلبا کو شہسواری سکھلانے کے لئے بنگال کیولری سے ایک ہیڈ سنڈ ڈنگ انسٹرکٹر کی خدمات حاصل کی گئی ہیں یہ اور بھی تعریف کے قابل کام ہے۔ اگر علیگڈھ کے پاس پانی ہوتا تو وہاں کے ینگ اسٹرس کی کشتیاں بنوانے کی خبریں بھی ہم سنتے۔ بہرحال ہمیں شہسواروں کی ضرورت ہے۔

ملوی ہیڈ شکایت کرتا ہے کہ ہجرت پر کا انتظام اچھا نہیں ہوا۔ بھوپ صاحب نوجوان ہیں۔ پنڈت جیالال وشن لال وکیل بھی بھیجتیوں سے جو ممبر کونسل ہیں دھاپ کرسی پہنچا بھی ہے۔ جیم بخش ڈپٹی مال سیر صادق حسین افسر تعمیرات اور میجر بہادر سنگھ مشیر خاص تینوں ہمارا یہ صاحب آنجہانی کے منظور نظر تھے۔ آدھر ہمارا صاحب نے آنکھیں بند کیں ادھر ان تینوں پر تھپکا پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ اول الذکر دونوں مستقل کر کے حصیلہ رہنے گئے اور آخر الذکر جیلخانے کی سیر کو بھیجا گیا۔ اگر ہجرت پر کی یہی حالت ہے تو ہمارا جہ صاحب ہوش میں آویں اور رعایا کی فریاد سنیں۔

آج کے بہرہ مراسلات میں ایک صاحب میونسپلٹی کی توجہ شہر پر عورتوں کے بے پردہ نہانے کی طرف مبذول کرانا چاہتے ہیں۔ کیا لوہاری دروازہ کے عورتوں کے نہانے کے گھاٹ کی مرمت نہ کی جائیگی اور شاہ عالمی دروازہ کے باہر کے گھاٹ کی بیحیائی اور بے پردگی جو میونسپلٹی کی شرم کو ہر روز دکھلاتی ہے اور اس کی شرم پر حملہ کرتی ہے نہ روکی جائے گی۔

اردو اخبارات کی کمزوریوں یا معلومات کی قلت کی شکایت اگر ہم کبھی لکھتے ہیں تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اردو اخبارات کو اپنی اصلاح کی طرف متوجہ کریں۔ اس قسم کی غلطیاں ہم بیسیوں دفعہ بتلا چکے ہیں مگر اردو اخبارات کے ایڈیٹر اس کی توجہ نہیں کرتے۔ پیسہ اخبار کی کسی شناعت میں عجیب عجیب باتوں کے دخل ہیں ایک انگریزی کتاب مؤلفین کی عجیب وغریب رسوم ترجمہ کر کے چھاپی گئیں۔ تھوڑے دنوں بعد وہ جن کے اصل اخبار میں ایڈیٹوریل میں یہی مضمون مندرجہ ذیل بیان کے ساتھ چھاپا۔

"اخبار عید عام اگر میں اوسٹک کی انگریز عمالک کی قدیم رسوم کے بارے میں دو مرتبہ کے تین دفعہ کے مستحق ہیں عجب عادات لکھے گئے ہیں۔ اگر واقعی میں یہ حالات صحیح ہیں تو بیشک اس قسم کے مضامین سے حقیت اور معلومات انسان کی زیادہ تر صحتی ہے اس لئے ہم بھی بعینہ اخبار مرسومہ کے مضمون نقل کرتے ہیں"

اس الفاظ سے صفحہ عام میں یہ کہہ کر اس مضمون کو درج کر لیا۔ مگر کیا صفحہ عام کو اتوار نہیں کرنا چاہیے تھا کہ یہ مضمون فلاں اخبار سے لیا گیا ہے۔ تو ایک روز نہ ہوگی بات ہو گئی ہے۔ لیکن جب تک اردو اخبارات یہ حرکت نہ چھوڑیں گے ہمیشہ ذلیل رہیں گے۔

دنیا میں کیا لحاظ تاریخی اور کیا مسلمانوں کا ایک مذہبی واقعہ ہونے کے حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت ایک عظیم الشان اور دردناک یادگار ہے۔ ہندوستان کے کثر عقلات کے شیعہ سنی مسلمان مل جل کر ہر سال اس یادگار کو تازہ کر لیتے ہیں۔ چنانچہ لاہور میں جس اتفاق سے محرم کی تقریب پر عقیدہ اور سنی زیادہ گرتے ہیں وہ سارے ملک کے لئے نظیر کے قابل ہے۔ یکم محرم سے جا بجا سبیلیں قائم ہو جاتی ہیں۔ عزاداری اور مرثیہ خوانی کی مجلسیں منعقد ہوتی ہیں اور دور دور سے مقامات سے آکر سینکڑوں پڑھتے ہیں۔ عجب یہ ہے کہ تعزیے بھی بہت نکلتے جاتے ہیں یہ سب اہل سنت جماعت نکالتے ہیں اہل تشیع میں سے شریک نہیں ہوتے۔ لاہور کی مجالس میں قطع نظر نواب صاحب کی مجلس کے کہ جس کے لئے ان کے لائق اور نامور بزرگوں نے ایک بہت بڑی جائداد اوقاف چھوڑی ہے۔ وقف کر دی ہے۔ ان لوگوں میں سے کہ جو اپنی کمائی کے روپیہ سے محبت اہلبیت کی یادگار میں صرف کرتے ہیں بلحاظ خوبی انتظام۔ صرف کثیر اور بھیڑ بھاڑ کے مرزا اعجم علی صاحب کی مجلس مغل حویلی میں سب سے اعلیٰ ہوتی ہے۔ مغل حویلی اور موچی دروازہ کی دیگر مجالس میں گو شت ہفتے میں کون نہ گیا ہوگا اس لئے ہر شخص کو اس علاقے کے تمام کوچوں اور بازاروں کی صفائی اور روشنی دیکھنے کا بھی موقع ملا ہوگا۔ یہ سولوی فضل الدین صاحب یلیڈ میونسپل کمشنر کے انتظام کی بدولت ہے۔ کو معاملات میونسپل اور خصوصاً صفائی میں بہت کوشش کرتے ہیں۔ بہت لوگ ہیں جو صرف میونسپل کمشنر بننے کے لئے جد و جہد سعی کرتے ہیں لیکن جب بن جاتے ہیں اپنے فرض اور انہیں کرتے۔ لیکن مولوی فضل الدین صاحب جیسے لوگ جو اہل شہر کی بہتری کے لئے میونسپل کمشنری اختیار کرتے ہیں وہ تعریف کے قابل ہیں۔ پہلے سالوں کی نسبت امسال میلیں بہت کم نکلیں۔ مجالس عزا میں بعض مرثیہ خوان بے طور پر مرثیے پڑھتے ہیں کہ جن سے انہیں صرف اپنی لیاقت قیا شاعری دکھلانا منظور ہوتی ہے۔ اور جو اک اللہ اور آفرین کے نعرے سن کر خوش ہوتے ہیں۔ بجائے یہ امر بالکل خلاف شان مجالس عزا کے ہے۔ وہ غم والم کے مقامات ہوتے ہیں۔ نواب فتح علیخاں صاحب نے "محرم محرم کو حسب المعمول یادگار امام میں بہت بڑی دعوت دی"

مراسلات

لاہور میں نہر پر عورتوں کا بے پردہ نہانا

لاہوری دروازہ پر لب نہر جو چار دیواری عورتوں کے نہانے کے لئے بنی ہوئی ہے ہر چند اونچی ہے مگر عورتوں سے زیادہ قد والوں سے کوئی نہ دیکھے۔ اندر کی شے نظر نہیں آتی تاہم چونکہ رستہ پر کی چڑھیں چلتا ہے اپنے باغیچہ دل کھڑکی قصد بھی نظر آتا ہے اس کے سوا دیوار جا کا شکستہ اور چاروں طرف درختوں ہونے سے دور کا آدمی بھی بخوبی نظر آسکتا ہے اور وہاں ہر عمر اور مختلف حیثیت اور مختلف اقوام کی عورتیں بالکل برہنہ نہایت بے تکلف اور بلا خوف نہاتی ہیں اس سے بھی زیادہ مضر امر یہ ہے کہ علاوہ چار دیواری مذکور کے جا بجا کنارہ نہر پر بھی پہلے ہوئے ہیں ان میں بالکل برہنہ ہو کر نہایا کرتی ہیں اور اوان کی پردہ پوشی کے لئے پردہ عنکبوت بھی اوٹ کے بدن پر نہیں ہوتا اور بیحیائی اون کی اس درجہ بڑھی ہوئی ہے کہ وہ بلا ضرورت بھی نہانے سے بہت پہلے بالکل خوش خلاف ہو کر نہایت اطمینان سے لب نہر بیٹھی ہوتی کپڑے وغیرہ دھویا کرتی ہیں اور لطف یہ ہے کہ اونہیں کے قریب مرد بھی کہ بعض اون میں سے بھی برہنہ اور نہاد ہوتے ہیں نہاتے رہتے ہیں اور چاروں طرف رستہ چلتا رہتا ہے۔ اس قسم کی بیحیائی کی مثال کسی شہر میں شاذ و نادر ہی ملے گی۔ عجب ہے کہ حکام میونسپلٹی یا ہیں اسطرف مطلق توجہ نہیں کرتے اور روز بروز یہ بے حیائی ترقی کرتی جاتی ہے۔ کسی چار دیواری کے مکان کو اچھی طرح پردہ دار کر کے باہر عورتوں کے نہانے کی قطعی ممانعت کر دینے سے بآسانی تمام انتظام ہو سکتا ہے۔ ورنہ جس روز منٹ کے عہد سلطنت میں سڑیاں پتھاور کے بیچنے اور رکھنے تک کی ممانعت ہو وہاں اس زندہ بحش کی طرف توجہ نہ ہونا نہایت تعجب خیز اور حیران میونسپلٹی میں انارکلی کی ہیتہ و عورتوں کو اور جو کہ پھر بھی بسیقدر مہذب طریقہ سے بیٹھی ہوئی ہیں اوٹھا دینے کی بابت بحث ہوا اور شاید عام پبلسٹی اور مردوں کا اسطرح برہنہ نہانا خواہ اخلاقی حالت پر نہایت برا اثر مبذول کرنے والا اور سخت ترین سوشل ہتک ہے اجازت رکھا جانا سخت حیرت انگیز بات ہے۔ راقم ڈینسی

اودھ پنچ اور مولانا حالی

آج کئی ہفتوں سے برابر اودھ پنچ کے دو تین کالم ہمارے اور گوگا لیاں دینے اور بندگان کا دل دکھانے کے لئے وقف ہیں۔ سخن فہم کے نزدیک سو لانا حالی کا رتبہ احمد علی شوق کے اشعار کی وقعت جو کچھ ہے ظاہر ہے۔ مگر ہمیں اس سوس اون نجف الفاظ اور سخت فقرات کا ہے جو مستعرض مولانا صاحب کی شان میں لکھتا ہے لیکن اس سے متعرض اپنی ہی اظہار لیاقت کرتا ہے کیونکہ سولانا حالی اوس پایہ کے شخص ہیں کہ اون کو ایسے خوشامدیوں کے شور و غل کی کچھ پرواہ نہیں ہو سکتی سادہ و متعرض ایسی تحریر سے اون کی دل آزاری میں بھی چاہے مگر اصل مدعا ہے کامیاب نہیں ہو سکتا۔ ماہران فن کے سرور دیوان حالی اور متعرض کے اشعار امتیاز دونوں مرحوم میں جانتے والے خود جانتے ہیں کہ

گورنمنٹ بھی اس سیلاب کے خوفناک نتائج سے بیخبر نہیں۔ گورنمنٹ کے انجینیروں نے گوہانا کے بند کو جا کر غور سے ملاحظہ کیا ہے۔ جس کا خیال ہے کہ بند کے چٹان ایسے مضبوط ہیں کہ ٹوٹتے نہیں اور سطح دریا میں اتنے گہرے دھنس گئے ہیں اور اُنپر اتنا توجہ ہے کہ طغیانی سے یہ بھی نہیں جائینگے۔ اس لئے اگر پانی بڑھتا بھی تو بند کے اوپر سے اُس کے نکاس کا راستہ پیدا ہو جائیگا اس صورت میں طغیانی کا اندیشہ نہ ہے۔ مگر بعض دوسرے یہ رائے ظاہر کرتے ہیں کہ بند کا ٹوٹنا بعید نہیں کہ جس کے بعد کی طغیانی سے پورے علاقے میں سخت بربادی پھیلے گی۔ اس لئے دو انڈیشی کی ہے کہ سرکار نے گوہانگی جھیل پر ایک تار برقی کا دفتر کھولا ہے کہ جو بند کے ٹوٹنے کی خبر ہمیشہ دیتا رہتا ہے اور خصوصاً بند کے ٹوٹنے کے فوراً خاص خاص مقامات میں تا خبر پہنچا دیگا۔ ساتھ ہی بعض مقامات پر سخت برج مواد سے گئے ہیں کہ جن پر اندیشے کی شب روشن کیجاویگی۔ کیونکہ اس نوح کے لوگوں کا خیال ہے کہ طغیان رات ہی کے وقت آئیگا کیونکہ ایک مرتبہ پہلے بھی رات ہی کو آیا تھا۔ جو مقامات تاربرقی سٹیشنوں سے دور ہیں وہاں پہنچانے کے لئے گرد آور مقرر کئے گئے ہیں جو فوراً بوقت ضرورت کو سیلاب کی خبر پہنچا دینگے تاکہ وہ جان بچا کر بھاگ جائیں۔ اور سامان کے جاتی جان بچا سکیں۔

اس طرف کے اخبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ طوفان کی وجہ سے روزمرہ لوگوں کو نہایت پریشان کر رہی ہیں۔ جیسا کہ ہمیشہ ایسے موقعوں میں سوئی کا پھاوڑا اپنا اپنا تو معمولی بات ہے لیکن یہ بھی خوفناک ہے۔ اس لئے اہل دیہات جو طوفان کی زد میں ہیں نہایت ہراساں ہیں۔ بعض لوگ اپنا اسباب اور گھر بار چھوڑ کر وطن چھوڑ بھاگ رہے ہیں۔ کیونکہ ان کے نزدیک یہ طوفان بعض اور دیہات سے بھی اہل ہے۔ ہم بھی یہی رائے رکھتے ہوں۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ ابھی اور طوفان کے گرنے کا اندیشہ ہے۔ اگر یہ گیا تو طوفان ضرور آئیگا۔ گو طوفان اس ترائی میں اپنی قسم کا پہلا نہیں ہوگا۔ ۱۹۱۰ء میں بھی زیادہ بلندی پر پہاڑ سے چھٹنے سے ایک اسی طرح کی جھیل بنی ہوئی تھی۔ اور دوبارہ پہاڑی کے گرنے سے وہ یکبارگی جس سے ایک مقدار کثیر پانی کی تلطف سے دریائے الک نندا کی طرف سخت سیلاب آیا اور ۴۰ میل کے فاصلے پر شہر سری نگر کا نقصان کر گیا۔

اس میں بہت کم شبہ ہے کہ طوفان ضرور آئیگا خواہ جلد ہو یا دیر میں۔ لیکن جس بات نے اس طرف کے پہاڑی لوگوں میں اس اشتعال پیدا کر رکھا ہے وہ اہل ہنود کے شاستروں کی ایک پیشگوئی ہے کہ جس کے مطابق ۱۸۹۰ء میں دریائے گنگا کا بہاؤ بدلا ہوگا اور دریائے زبدا اس کے بجائے مقدس ندی سمجھا جائیگا۔ اور ایک بہت بڑا انقلاب جس کے بعد اہل ہنود زبدا کے تیر تھوں میں بازار کو جایا کرینگے۔ اس پیشگوئی کا وید لہ یا اور کسی قدیم سنسکرت کی تصنیف میں پتہ نہیں چلتا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بہت قدیم نہیں ہے۔ ایک کتاب بیدا کھنڈ سے جو زبدا کی تعریف میں زمانہ بعلمی کی ہے سب سے پہلے اس پیشگوئی کا پتہ چلتا ہے۔

ساٹھ سال کا زمانہ گزرا ہے سر ہنری سلیمن نے اپنے مشہور روزنامچہ میں صوبجات وسطی کے علاقہ نندا کی ایک مشہور بات سمجھ کر اس پیشگوئی کا ذکر درج کر دیا تھا۔ ۱۸۵۸ء میں سر مونیر ولیمس نے جمد آباد میں غربی ہند کے برہمنوں سے اس کی نسبت بہت کچھ سنا تھا۔ اس پیشگوئی کے قول کے مطابق سمت ۱۹۴۷ بکرمی مطابق ۱۸۹۰-۹۱ء میں یہ انقلاب پیدا ہونے والا ہے۔ ہندوؤں کی ہیئت کے مطابق ہر بارھویں سال ایک دورہ ختم ہوتا ہے اس لئے ہر بارھویں سال گنگا کی جاتا بڑے زور شور سے کیجاتی ہے اس خیال سے کہ کون اگلے مہا جاترا تک رہے۔ چنانچہ سال پیوستگی مہا جاترا جس قدر لوگ جمع ہوئے تھے وہ ہمیشہ سے بہت زیادہ تھے اس لئے وہ اس امر کی ایک دلیل سمجھے جاتے ہیں کہ ہندوؤں میں عام خیال ہے کہ گنگا ماتا کی عمر اب ختم ہونے والی ہے۔ شہزادہ ولیعہد روس کے گزشتہ سفر کے حالات میں تعجب اور سنجیدگی کے ساتھ اس پیشگوئی کا ذکر کیا گیا ہے جو بقول ٹائمز کے اب دیسی زبان سے انگریزی میں ترجمہ ہو رہا ہے۔ لندن ٹائمز اس انقلاب پر سنجیدگی سے بحث کرتا ہے مگر سکیٹر اس پیشگوئی کو اہمیت کے قابل نہیں سمجھتا۔ اور ہم بھی آخر الذکر اخبار کی تائید کرتے ہیں۔ مگر عوام الناس جو اس وقت ہراساں ہیں وہ گو ہانا کے طوفان کو اس کا یقینی پیش خیمہ سمجھتے ہیں۔

امداد سیلاب زدگان راوی — دریائے راوی کی طغیانی نے جو مصیبت مضافات لاہور کے دیہات کے باشندوں پر نازل کی اس کا حال ناظرین سے پوشیدہ نہیں۔ ہمارے لائق ڈپٹی کمشنر مسٹر ہری صاحب بہادر اور لاہور کے مستعد تحصیلدار لالہ رلچھ صاحب اور نیز لالہ امجید اس صاحب نائب تحصیلدار نے جو عمدہ کارروائی اور انسانی ہمدردی اس موقعہ پر دکھائی اسپر ہر دو ڈپٹنے سے ہم ناظکر گزاری کے ملزم نہیں بتا چکا ہے۔ لیکن تاہم ابھی گورنمنٹ کی طرف سے اُن مصیبت زدگان کی ہمدردی کے لئے بہت کچھ امداد کی ضرورت ہے۔ ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ ۱۹- اور ۲۰ ماہ جون کو جبکہ طغیانی نے اپنا زور دکھایا تو گو تحصیلدار لاہور بوجہ رخصت لاہور سے غیر حاضر تھے۔ مگر اُن کی عدم موجودگی میں نائب تحصیلدار نے اپنا پارٹ نہایت عمدگی سے انجام دیا۔ ۲۲ تاریخ کو خود لالہ رلچھ صاحب رخصت سے واپس آگئے۔ اور اُن کو مصیبت زدہ زمینداروں کی ہمدردی کا یہاں تک خیال تھا کہ اسی رات کو نصف شب کے بعد وہ بجے سوار ہو کر دیہات کی حالت دیکھنے کے لئے چلے گئے صبح کے قریب اوان ڈھمایہ میں پہنچ کر وہاں سے کشتی پر سوار ہو کر پار پہنچے اور دن بھر کیچڑ اور دلدل میں پاپیادہ مختلف دیہات کا معائنہ اور دیہاتیوں کی ہمدردی کرتے رہے۔ جنکو رات کے وقت جہاں میدان میں موقع ملا وہیں سو گئے۔ دوسرے روز کرول۔ جاوہ اور کادیاں کا حال دیکھ کر شاہدرہ میں پہنچ کر کرول کے رہنے والوں کے لئے شاہدرہ میں مکانات رہائش کا انتظام کیا کیونکہ کرول کے مکانات قریباً تمام منہدم ہو گئے تھے یا ہونے والے تھے۔ اس کے بعد سگیاں والوں کی حالت دیکھی گئی۔ اور چونکہ وہ لوگ نہایت ہی تباہ حالت میں تھے اس لئے حسب ایماء صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر سرکاری مزدوری کا کام کھول دیا گیا اور اس طرح سے گو اُن کی قوت لایموت کا بندوبست ہو گیا مگر یہ سخت مشکل تھی کہ مویشیوں کے لئے چارہ نہ تھا۔ اس حالت کو دیکھ کر تحصیلدار صاحب فی الفور زمینداروں کو ساتھ لے کر لاہور آئے اور صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر کی کوٹھی پر اتوار کے دن اُن کی ملاقات کر کے حسب الحکم صاحب ممدوح اسی دن افسران محکمہ جنگلات سے ملے اور سارا دن اسی کام میں صرف ہو گیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ مویشیوں کے لئے سرکاری رکھ میں چرائی کی اجازت افسران محکمہ جنگلات نے دیدی۔ لوگوں کی تباہی کا اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ جس دن طغیانی آئی اس دن باوجودیکہ لوگ فاقے سے تھے اور صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے کچھ روپیہ لوگوں میں روٹیاں تقسیم کرانے کے لئے بھی منظور کیا تھا مگر لوگوں نے تحصیل کے اہلکاروں کے پاس بھی واویلا کیا کہ اس وقت روٹیوں کا انتظام کرنے کی چنداں ضرورت نہیں پہلے کشتیاں بھیج کر ہماری جان بچانے کا بندوبست ہونا چاہیئے۔ یہ ہمیں اہلکاران تحصیل نہایت تعریف کے مستحق ہیں کہ انہوں نے ایسی جلدی میں رات کے وقت جس قدر روٹیوں کا بندوبست ہو سکا وہ بھی کر دیا اور فی الفور کشتیوں کا انتظام کر کے مصیبت زدہ دیہاتیوں کو دریا سے پار اتارا۔ ہم ان سب انتظامات کے لئے اپنے لائق حکام کے شکر گزار ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ہم ادب یہ بھی گزارش کرنا چاہتے ہیں کہ جو قدرتی نقصانات غریب دیہاتیوں کو اس طغیانی سے پہنچے ہیں اُن کی تلافی کے لئے ابھی بہت کچھ امداد کی ضرورت ہے۔ اور امید ہے کہ ہمارے رعایا پرور اور بیدار مغز لفٹننٹ گورنر صاحب بہادر نہ صرف معاملے کی معافی بلکہ دیگر وسائل سے بھی ان عاجز اور مصیبت زدہ دیہاتیوں کی امداد فرمائینگے کیونکہ اُنکی حالت خاص توجہ کے قابل ہے۔

پنجاب بیوچول ہندو فیملی ریلیف فنڈ کی پہلی سالانہ رپورٹ بابت ۱۹۲۳-۲۴ء پڑھ کر ہم نہایت خوش ہوئے۔ پہلے سال میں جس قدر ترقی اس انسٹیٹیوشن نے کی ہے وہ صاف دلیل اس بات کی ہے کہ اس کی کتنی ضرورت تھی اور یہ اب کتنی ہر دلعزیز ہے۔ اس سال میں کل ۱۹۲۵ ممبروں نے داخل ہونے کی درخواستیں دیں جن میں سے سوائے ۲۱۱ کے کل داخل ہو گئے۔ ۱۹- اکتوبر ۱۹۲۳ء سے ۱۷ مارچ ۱۹۲۴ء تک سات ممبر مرے کہ جن کے ورثاء کو کل ۵۱۰۲ کے قریب روپیہ ادا کیا گیا۔ بجالیکہ ان ممبروں نے کل ۱۳۱ روپے ۱۲ آنے چندہ داخل کیا تھا مرنے والوں کی عمریں ۲۵- ۴۷½- ۳۸- ۴۲- ۳۳- ۲۸- ۳۸ سال ہیں۔ جس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے ملک میں عموماً لوگ اور خصوصاً ملازمت پیشہ کس عمر میں مرتے ہیں؟

انجمن مرثی عیال و اطفال مسلمانان لاہور میں اس وقت دو سو کے قریب ممبر داخل ہیں کہ راولپنڈی سے ایک ممبر کے انتقال کی خبر پہنچی جس کی بیوہ کہ جس کی عمر ۱۵ سال سے زیادہ نہیں اسی قدر رقم امداد کی دی جاویگی؟

گورنمنٹ اضلاع مغربی و شمالی نے دورہ محکام کی رسد کے لئے جو سرکلر جاری کیا ہے اس میں تمام تعیل تحصیلداروں کے ذمہ کی گئی پہلے تو تحصیلداروں سے رعایا کو عیت کا روپیہ وصول ہونا ایسا ہی شمار ہے جیسا کہ پہلے تھا مگر دوسری طرف تحصیلداروں

چہرہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۹۴ء

لاہور کی خبریں

۔۔۔ جاپانی جہازوں کی خریدوں سے متعلق [illegible] نے ۲۲ جولائی کو مشی چوہدری کو [illegible] کی کمپنی کا [illegible] لیا گیا۔

۔۔۔ لاہور میں محرم بخیر و خوبی گذر گیا۔ صوبہ بھر میں "سن آباد" سے مرد و زن تین بھیجے "ڈھونڈی" دیکھ رہے تھے "ن" [illegible] بہت زخمی ہوئے۔

۔۔۔ پہلے ہفتہ میں مارکیٹ میں ایک ہیرا شرکی ایک مویشی [illegible] موکل سے لڑائی ہو گئی۔ موکل کھٹا تھا۔ سو دو ہفتے تین ہفتوں کا [illegible] اور ہیرا شرکت [illegible] موکل ہلاک ہو گیا۔ پولیس نے [illegible] کی شہادت کے [illegible]

۔۔۔ ۲۰ جولائی میں مسٹر نثار [illegible] میڈیکل کالج لاہور کے ایک طالبعلم تعلیم کے آخری کے لئے ولایت گئے تھے اور [illegible] ولایت میں [illegible] اور دو ہندو طالب علم اسی غرض سے ولایت [illegible]

۔۔۔ ۲۰ سال کا سرو سرجن [illegible]

۔۔۔ ۱۰ ہفتے میں ایک خاص ریل [illegible] کی تجویز ہے۔

۔۔۔ لاہور کے باغات میں ٹہولی دار کثر محکمہ [illegible] کے آڑو ہوتے ہیں۔

۔۔۔ [illegible] کے قریب ایک [illegible] کی بات [illegible]

۔۔۔ قریب شادی کنور گنجہ [illegible] میں [illegible] کی [illegible] ہوا۔

۔۔۔ [illegible] کی [illegible] گرجان کی [illegible]

۔۔۔ [illegible] کے قریب جو [illegible] کی [illegible] ٹوٹ گیا تھا [illegible] کے اب [illegible] بنا لیا گیا۔

۔۔۔ [illegible] سنوا ہیں [illegible] کالج لاہور کے [illegible] مقرر ہوئے۔

۔۔۔ لاہور میں [illegible] کی [illegible] کی [illegible] کا لاحظہ فرمائیے۔

۔۔۔ [illegible] کی [illegible] کی [illegible] کے ایک [illegible] کو [illegible] ہو گئی۔

۔۔۔ [illegible] کے [illegible] کو [illegible] جاتے ہوئے [illegible] کے [illegible] کی ضیافت کی۔

۔۔۔ [illegible] کے [illegible] کے [illegible] کے دن [illegible] کی بندوق سے کھیل رہے تھے تو اتفاقاً چل گئی اور چھرا [illegible]

۔۔۔ [illegible] کے [illegible] نے اس چور کو گرفتار کر لیا جو سال گذشتہ کے ڈاکہ خوفناک میں [illegible] کے [illegible]

۔۔۔ [illegible] کے [illegible] میں [illegible] کا [illegible] اس صوبہ میں [illegible]

۔۔۔ [illegible] کے [illegible] کے [illegible] کے

روئے زمین کی خیرن

(ہندوستان)

ترنیاپلی کی پولیس نے سات قزاقوں کو جو اس کماری کے ارد گرد ہندوستان کے ساحل پر لوٹ مار کیا کرتے تھے گرفتار کیا ہے۔

اب بہت اخبارات مثل انڈین مرر۔ بہار ٹائمز۔ ٹریبیون وغیرہ میں یہ خبر شائع ہو گئی ہے کہ نصیب نشی برکت علی شوکت ڈپٹی میئر کلکتہ خطاب ہندہ حاصل کر کو ریاست خیرپور کی مسند نشینی کے متعلق ایک جعلی تار بھیجنے کے جرم میں جس دو دن کی سزا ہوئی۔ حقیقت میں سزا بہت سخت ہے۔ بشرطیکہ خبر صحیح ہو۔

سال گزشتہ میں ۳۰ لاکھ چھتریاں کلکتہ میں آئیں۔ بہ نسبت سال ماضی کے اس کی زیادتی ہوئی۔

یہ سنکر خوشی ہوتی ہے کہ انجمن سنجیدگی کالج موقوف کیا جائے۔ مدرسہ وائٹ کے کو پس مل میں ترقی ہو۔

بوقت روشنی کی کل ہندوستان میں کثرت آنا شروع ہو گئی ہے کلکتہ میں ایک انجن خاص بس کے کارخانے کی روشنی کے واسطے تیار ہوا لاکھ روپے میں آیا ہے۔

سچ تو یہ ہے کہ جو ملازمان ریلوے دیسی ریاستوں میں مستعین ہیں اور وہیں رہتے اور دینی تنخواہ پاتے ہیں وہ انکم ٹیکس سے مستثنیٰ کئے جائیں۔

شیخ ضیاء الدین بھوپال ایڈیٹ کا مشہور مصنف جو آگرہ میں کیا بھوپال کے وارنٹ پر گرفتار ہوا تھا بلا مقدمہ چھوڑ کر آگرہ پہنچا گیا۔

ایک انگریزی فیسر ہیرگلن نامی نے ہندوستان میں پوچ کے دھندوں کے درمیان جو ایک میل کے فاصلے پر ہیں ایک بہت لمبا ٹیلیفون ایجاد کیا ہے جو دو ہزار برس سے جاری ہے۔

۱۵ جون کو کلکتہ میں بابو نریندر ناتھ سین نے مدرسہ اینگلو ورنیکلر کھولا۔

اسطی صوبجات میں قحط کی تخفیف ویسی ہی ہے۔ ضلع ساگر میں جو لوگ امدادی کاموں میں شریک ہیں ان کی تعداد ۸۰۰ سے ہنوز تجاوز نہیں۔ خلقت بہار سے چلا آرہا ہے۔

جس طرح ٹکٹوں کے واسطے سواری اسپ کی شرط ہے اسی طرح گورنمنٹ نے اس نے تجویز کیا ہے کہ تحصیلداروں کو بھی اکثر جایا کریں۔ شرط ہے اور گاڑی کی سواری میں وقت ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ ہر ایک اس شرط پر زور نہیں دیا جا سکتا لہٰذا جو تحصیلدار سواری جانتا ہے اس کو ترجیح دیجاوے گی۔

پوری میں دس ہزار جاتری جگن ناتھ کی جاترا کے لئے جمع ہوئے اور سو آدمی ان میں ہیضے سے مرے۔

جہاز ایس۔ ایس تبت جس کا کپتان پیرس ہے بخشنبہ کے ان جہاز سے سو مسافر بمعہ جاپان کے داخل کراچی ہوا۔ سو میں چونکہ خرابی موسم سے تکلیف پہنچی تھی اس لئے اکثر حجاج جو بمبئی جانے والے تھے انہوں نے یہاں ہی اترنا پسند کیا اور بسواری ریل روانہ ہوئے۔ جہاز میں ۱۴ عورتیں ہیں جو بوجہ ضعف پیری اور مرگ طبیعی بیان کیجاتی ہیں اور جاں بحق کی کثرت ہے اگر نظر کیجائے تو اس قدر کم مسافروں کا ہونا عجب ہے۔ جہاز ہمارے نزدیک پانی لین جدہ سے روز جمعہ کو بھی پہنچا۔ اس میں ۱۴۰۰

حاجی تھے۔ اکثر بہبیں اُتر پڑے۔ اس جہاز میں ۹ موتیں ہوئیں جن کی وجہ قبل مذکور۔ صدر کہی جاتی ہے۔

الہ آباد یونیورسٹی کے امتحان بی اے میں کل ۱۰۰ مسلمان اور ۱۲۵ دیگر اقوام کے لوگ۔ ایف اے میں ۴۰ مسلمان اور ۲۱۹ دیگر اقوام کے لوگ اور انٹرنس میں ۴۳ مسلمان اور ۲۰۷ دیگر اقوام کے لوگ پاس ہوئے۔ علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ اس نتیجے کو مسلمانوں کے لئے بہت ناقص قرار دیتا ہے۔

مراد آباد کا ایک اخبار کسی مرحوم حکیم رامپور کے حالات میں لکھتا ہے کہ پردی کی نسبت اس قدر ان کے سخت خیالات تھے کہ ان کی عورتیں تمام عمر گھر کی چار دیواری سے باہر جانے کا تو کیا ذکر ان کے کپڑے تک دھوبی کے یہاں نہیں جاتے تھے گھر دھلتے تھے اور اکثر جلا دیئے جاتے تھے۔

ہر لوگ مقدمہ قتل بنارسی داس بنگر سرھند و میرٹھ اگرچہ قابل عدم ثبوت میں رہا کر دیئے گئے۔ پولیس نے جو اش پیش کی نہ وہ ہندو کی ثابت ہوئی اور نہ بنارسی داس کا لڑکا اسے پہچان سکا۔

ایک انگریزی اخبار کی رائے ہے کہ اخبار کوئین کے نوآبادیل انگلستان کی لڑکیوں کے ہندوستانی جوانوں سے شادی کرنے کے خلاف شائع کئے ہیں ان سے کئی شادیوں کی قرار دادیں ٹوٹ گئی ہیں۔

صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے منظور کیا آئندہ تمام اپاھنگری اسسٹنٹ سرجن کے نام سے نامزد کئے جائینگے۔

کلکتہ کے اخبار سٹیٹسمین کی فراخت بوجہ مضمون چھاپنے کے پولیس نے روک دی۔ اور دفتر کی تلاشی لے کر مضمون ضبط کر لئے۔

۱۰ جولائی ہر روک سے جانب شمال بنگالی نالہ کے ٹوٹ جانے سے ریلوے لائن آرہ پاوسیل کے خراب ہو گئی ٹوک اور مسافر کشتی سے پار اتارے گئے جانور اور خراب ہو جانے والا سامان روک دیا گیا ہے۔

پونا ۱۴ جولائی محرم خیریت سے گزر گیا۔ تعزیوں کے ساتھ تین مجسٹریٹ حفظ امن کے لئے متعین کر دیئے گئے تھے۔ شولاپور۔ احمد نگر۔ ناسک اور بولا میں بھی خیریت رہی۔

کلکتہ ۱۵ جولائی مسٹر گھوش۔ ممبر لیجسلیٹو کونسل بنگال کے جواب میں چیف سکرٹری نے کہا کہ محرم اور دیگر تہوار ہندوؤں میں اوقات مقررہ پر آیا کرتے ہیں چند روز التوا جلوس کو درگا ہوں تک پہنچنے کے لئے مفید رہی تھا۔ اس محرم میں بھی سادھی چار سو اجازت نامہ جلوس کے واسطے دی گئے۔

لفٹنٹ گورنر بنگال ۱۵ جولائی کو دورے پر اترے ۱۲۰ گست کو بلیٹیریہ میں دربار ہوگا چہل خطابات سالگرہ دیئے جائینگے۔

سکھوں یکم جولائی کو اس قدر بپھر پڑی اور اس کے ساتھ ایسا سخت مینہ کا طوفان آیا کہ بہت سے درخت جڑ سے اکھڑ گئے اور ایک ٹیکری اوپر سے گر پڑی۔ نوچرواہے، مگھوڑے اور ۷ ہزار بھیڑیں مر گئیں۔ اور بھی کئی ایک ٹیکریاں پل گئی ہیں۔ ۱۱ اور ۱۲ تاریخ کو پھر سخت بارش ہوئی۔ ایک ہفتہ سخت دھوپ متواتر پڑے جب زراعت سنبھل سکتی ہے۔

مسٹر اس سرجن جنرل ہندواڑہ کہتے ہیں نوکری چھوڑینگے۔

سال گزشتہ میں بنگلات ریاست جے پور میں ہزار روپے کی آمدنی زیادہ ہوئی۔

(ٹرکی وغیرہ)

مشہور ہے کہ حضرت سید ابو المدی اولیاء اللہ سے ایک بزرگ صاحب کرامات ایک عرصہ سے قسطنطنیہ میں رہتے ہیں۔ طریقہ قادریہ کے آخری اولیاء سے ہیں حضرت سلطان المعظم باوجود کہ خود بحیثیت خلافت تمام مسلمانوں کے پیر و مرشد ہیں لیکن سید صاحب کی کرامات باہرہ دیکھ کر معتقد اور مرید خاص ہو گئے ہیں۔

قسطنطنیہ میں ۱۱ جولائی کو سخت زلزلہ آیا۔ بہت سو مکانات گر پڑے۔ بہت سو آدمی مرے۔ سرکاری عمارات کا نقصان نہیں ہوا۔

ریاض پاشا نے اپنی وزارت کے زمانے میں حکم دیا تھا کہ آئندہ تمام علمی مضامین مدارس مصر میں عربی زبان میں پڑھائے جاویں۔ موجودہ وزارت چاہتی ہے کہ تمام مضامین فرانسیسی و انگریزی زبانوں میں پڑھائے جاویں۔ اخبارات مصر زور سے مخالفت کر رہے ہیں۔

خاص مہاجرین کے آباد کرنے کے لئے جو موضع حمیدیہ کے نام سے آباد ہوا ہے اس میں کوئی جامع مسجد نہ تھی۔ مہاجرین کی درخواست پر سلطان المعظم نے حکم دیا جب خاص سے تعمیر کیجائے۔

رؤف پاشا کی سرغنائی سے ایک کمیٹی امن تجاویز پر غور کرنے کے لئے قائم ہوئی ہے جو نگلی صنعت کو ترقی دیں۔

اطنکی جامع مسجد کے لئے پہلے سلطان نے ۴۰ ہزار قرش جیب خاص سے عطا کئے تھے اب ۴۲ ہزار اور دیئے۔

(ممالک غیر)

پیرس ۱۴ جولائی۔ ناروین میں تین انارکسٹ آتشزدگی و تپنچانہ کی کوشش میں گرفتار ہوئے۔

روم ۱۵۰ جولائی۔ ایڈیٹر اخبار لیگیمان کا قاتل ایک انارکسٹ لکشیسی نام خیال کیا جاتا ہے۔

۱۵ جولائی۔ تمام روس میں ہیضہ پھیلا ہے۔ سینٹ پیٹرسبرگ میں ہفتہ گزشتہ میں تین سو موتیں ہوئیں۔

پیرس ۱۴ جولائی۔ پریسیڈنٹ کارنات کے واقعہ سے قومی میلے کی تقریب بہت بیرونقی سے ہوئی۔

پانچ پرڈوسا کوٹھہ (سپین) میں کان کے پھٹنے سے تین سو آدمی مر گئے۔ ابھی تک صرف ۱۴۰ آدمی زندہ ۲۴۰ لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ان لوگوں کی بیواؤں اور یتیم بچوں کی امداد کے واسطے چندہ کیا جاتا ہے۔

ہفتہ گزشتہ میں مشہور نیویارک جہاز امریکا کا مائیمور کے ڈلنیو نامی جہاز سے ٹکرا گیا۔ نیویارک کو زیادہ صدمہ پہنچا مگر ڈلنیو کو بہت نقصان ہوا ایک سوراخ بھی ہو گیا۔ اجزا اسکے ٹوٹ گئے اور بہت سی خراب ہو گئے۔

خدیو روسشنہ اور شاہ سرویا چہارشنبہ کو قسطنطنیہ پہنچے۔

کوریا کی ہنوز وہی حالت ہے ۳۰ ہزار جاپانی فوج مسلط ہے اور ۱۰ ہزار مثل قیدی کے اس قصبہ میں ہے جنہیں فوج بھی بہت سی ہاں ہو گئی ہے۔

انگلستان نے جاپان کو اطلاع دی ہے کہ میری توسط سے کوریا کا چین سے فیصلہ کر لو۔ چنانچہ جاپان نے اس بات کو تسلیم کر لیا۔

ہنگری کی پولیٹیکل شورش کا خاتمہ ہو گیا۔ شہنشاہ نے ڈاکٹر ولکاریل کو اجازت دیدی کہ وہی پرانی وزارت قائم کرے۔

شہنشاہ جرمنی ماہ اگست میں انگلستان جانے والے ہیں۔

زلزلہ جاپان سے ٹوکیو اور یوکوہاما میں بہت نقصان ہوا تھا۔

یکشنبہ گزشتہ کو ۱۸ جوان مرد اور عورتیں ایک کشتی میں بیٹھی ہوئی ٹیک ندی (روس) میں کسی میلے سے واپس آتی تھیں۔ یکدم کشتی الٹ گئی اور سوا اندازہ تھی غرق ہو گئی۔ سب ضائع ہو گئے۔

رہا جو آگ دہکنے کی بیانی سے [illegible] والی میں [illegible]

حفظ صحت

[جن صاحب کے استفسار یا علاج جلدی نہیں چھپتے وہ مایوس نہ ہوں حسب گنجائش چھپ جائینگے۔ ایڈیٹر]

استفسار

۵۳۔ چونکہ مجھ کو بتقریب دورہ مختلف مقامات کی آب و ہوا تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد بدلنے کا اتفاق پڑتا ہے جس سے میری صحت میں بہت کچھ فرق آگیا ہے۔ اس لئے التماس ہے کہ اگر پیسہ اخبار کے معزز ناظرین میں سے کوئی صاحب اس بارے میں کسی تیر بہدف نسخہ سے مطلع فرمائیں تو خدا کے نزدیک اجر عظیم پائیں۔ مگر اس امر سے متنبہ رکھیں کہ نسخہ یونانی ہو۔ انگریزی نسخہ کے اجزا یہاں پر پیدا نہیں ہو سکتے (نظیر حسین اتامیق۔ مقام زہری۔ ملک خراسان)

علاج

۷۰۔ ترکیب دافع نکسیر:۔ اس ہفتہ کی اشاعت میں جو آپ نے کچھ ریارک میرے نیاز نامہ پر جو درباب نسخہ نکسیر تھا فرمایا باعث مشکوری ہوا۔ میں اس ترکیب کو اس غرض سے شائع نہیں کیا تھا کہ بے حقیقت بات ہے شائد لوگ حقیر کی نگاہ سے دیکھیں ورنہ آزمودہ کوئی باعث نہیں تھا۔ آج میرے پاس دو خط بابت یافت حال درصاحبوں کے آئے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مرض بھی بہت پھیلا ہوا ہے اور واقعی بڑا موذی ہے۔ بوقت صبح جب حاجت ضروری یعنی پاخانہ سے فارغ ہو کر آؤ تو تخلیہ میں کسی تخت یا فرش پر پلتھی مار کر بیٹھ جاؤ اور اپنے دائیں ہاتھ سے دائیں پیر کا انگوٹھا اپنے بائیں کان تک لیجاؤ۔ اسی طرح سات آٹھ مرتبہ کرو پھر ہاتھ تمنو صدا لو۔ یہ مشق ۷ یا ۸ روز تک مستواتر کرتے رہو۔ انشورنشے جاتا نکسیر بند ہو جاویگی۔ اگر بالفرض پھر جاری ہو جاوے تو پھر یہی کرو اور خدا کا شکر کرو کہ اس بلا سے نجات پائی۔ ہاں ایک امر ضروری ہے کہ اگر آرام ہو جاوے تو بطور بھینٹ یا نذر و خیرات کسی مجھ یتیم زنانہ بریلی میں ضرور بھیجدو کہ جہاں ہر مذہب اور ملت کے یتیم بچے پرورش پاتے ہیں۔ مجھ کو یہ خاصی پنشن تھا۔ یہ حال تھا کہ موسم سرما میں بھی کثرت سے نکسیر جاری تھی۔ بعض مرتبہ آدھ آدھ سیر خون نکل آتا تھا۔ علاج کئے کچھ فائدہ نہ ہوا۔ پھر ایک جوگی بہاں ملے یہ ترکیب بتلائی آج جس سے آج تک کہ عرصہ بیس بائیس برس کا ہوا کبھی نکسیر جاری نہیں ہوئی۔ (رجسٹرار سکھ ایڈیٹر و مالک آر۔ سی۔ پی شاہجہانپور)

۸۰۔ علاج نیم کوفتی:۔ بجواب پیسہ اخبار جون ۱۸۹۲ء مٹھا تیل (روغن کنجد) دو تولہ۔ لہسن ۱۰ دانہ۔ مرچ سرخ ۱۰ عدد۔ کوکلہ ۱۰ عدد۔ اول لہسن کو تیل میں اس قدر جوش دیں کہ لہسن کی گٹھلی جاتی رہے۔ پھر ہوشت کے بعد تیل کو صاف کر کے لہسن ملا میں دو دو قطرہ دونوں نتھنے کان میں ٹپکا دا کریں۔ بفضلہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہوگی۔ بخار اور دوسرے کی کچھ شکایت نہ ہوگی۔ ہر ایک قسم کے درد و گوش کے لئے یہ تیل بالکل مفید ثابت ہوا ہے۔ ہمارا تجربہ کیا گیا ہے۔ (دیگر) جو بالکل ہی اہل ہو اور کثر مفید ثابت ہوا ہے گھوڑی کی تازہ لید سرگوبن اگر گرم کر کے کسی دبیز کپڑے میں نچوڑ کر اس کے پانی کے ۲-۳ قطرے کان میں ٹپکائیں۔ منتجہ سے مطلع فرماویں (حاکم الدین مستری از شکار پور سندھ)

۹۰۔ علاج مکام:۔ آب برگ قیصوم پاؤ بھر اور روغن کنجد چھٹانک دونوں کو آگ پر پکائیں جب آب برگ قیصوم اس میں جذب ہو جائے صرف روغن باقی رہے تو اس سے ۲-۳ قطرے صبح شام ناک میں ڈالنے سے نکام دفع ہوگا۔ (حکیم سید اسمٰعیل علی۔ مدھس)

شعر و سخن

اولوالعزمی

[بقیہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۶ جولائی ۱۸۹۲ء]

کاہل نہیں مطیع نہیں نامرد نہیں ہم — بیکار پڑے رہتے ہے دل سرد نہیں ہم
دیں اوروں کو تکلیف وہ بیدرد نہیں ہم — ہیں مردِ خدا کش کوئی شب گرد نہیں ہم
محنت میں جو پابندی اوقات کریں گے
کس وسط پہ ایسے خیالات کریں گے

بیکار و دون زیست کے دنیا میں گذارے — محتاج جو ہو جائے کسی اور کے سارے
یا یہ کہ گیا ہو یم ہستی کے کنارے — کچھ کر نہ سکے قوت بازو کے سہارے
مردان اولوالعزم تو بیکار نہ بیٹھیں
اوروں کے بھروسہ پہ تن آرام نہ بیٹھیں

کیا تاب ہے ہم خود تو بدو یا نہ ہلائیں — اوروں کی مشقت سے جو پیدا ہو دکھائیں
صد حیف ہے غیرت کو اگر کام میں لائیں — اک چلو بھر پانی میں کیوں ڈوب جائیں
وہ کونسا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا
ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

پابندی ناموس ہے کار اہل حیا کا — لگ ذاتی افعال ہے شیوہ عقلا کا
لغزش نہیں کرتا قدم ارباب صفا کا — انداز پسندیدہ ہے مردان خدا کا
ہو صورت خوش دیکھ کے بھرتے نہیں آہیں
قبضے میں جگر رکھتے ہیں قابو میں نگاہیں

ہر چال کے وارفتہ و شیدا نہیں ہوتے — ہر شوخ سے سرگرم تمنا نہیں ہوتے
دزدوں صفت نقش کف پا نہیں ہوتے — ہر جائی نہیں بنتی ہیں رسوا نہیں ہوتے
دل پر بھی قابو ہو تو مردانگی کیا ہے
اتنی بھی نہ ہو عقل تو فرزانگی کیا ہے

منکوحہ گل اندامو سے عشرت نہ کریں کیوں — ہیں جن کے لئے ان سے محبت نہ کریں کیوں
خود لاہی جنہیں ہیا کو الفت نہ کریں کیوں — مطلوب رضا جو سے مروت نہ کریں کیوں
بھو پھر ہیں کس لئے ان سیم تنوں سے
جادو نظروں حور وشوں گلبدنوں سے

یہ صاحب عصمت یہ وفادار لگانہ — یہ زینت ایوان یہ رونق دہ خانہ
آنکھوں میں حیا دل میں ادب طرز یگانہ — بے جانہ تبسم نہ تکلم نہ ترانہ
ہمراہ رہیں با نفس باز پسیں یہ
ہم شاد تو یہ شاد خزیں ہم تو حزیں یہ

مردان خدا آؤ کریں عہد بہم ہم — اب کیوں رہیں وابستہ زنجیر الم ہم
بیکار نہ ہوتے پھریں ہر بزم میں خم ہم — محنت کریں ہو جائیں ذوی المجد و کرم ہم
جو ڈھونڈتے ہو وہ رہ نزدیک ملیگا
دیکھو بہ تعمق تو یہیں ٹھیک ملیگا

اے خالق اکبر مجھے توفیق عطا کر — باندھوں میں کمر تیری رضا پر تجھے پا کر
نامے کو مرے اپنی خوشی میں رسا کر — رفعت دے مجھے خاک مذلت سے اٹھا کر
مجھ سے ہی ترا آخری امداد طلب ہے
فریاد کناں در پہ ترے داد طلب ہے

معلومات کاشت

— یورپ میں خودکشیوں کی تعداد سال بسال کم ہوتی جاتی ہے۔
— گزشتہ دس برسوں میں ممالک متحدہ میں تین ہزار آدمی جلائی گئیں۔
— سال گزشتہ میں ۱۴۹۶ آدمی مار گزیدن سے مرے۔
سال پیوستہ میں ۱۴۵۵۔
— آجکل ہوس آف کامنس میں دس ایڈیٹر ان خیال چھ چھاپنے والے۔ چار خیاط۔ تین کاغذ والے۔ دو قصاب۔ تین ہوٹل والے چھ کسان۔ ایک کوئلے والا اور ایک گاڑی والا ہے۔
— جو گولڈ سٹنی امریکہ کا مشہور لکھ پتی ایک پانچ پنس کا چاندی کا چھوٹا سا سکہ اپنی جیب میں لئے پھرتا تھا اور کہتا تھا کہ زمانہ مجھے خوب یاد ہے جب دنیا میں میری کل کائنات یہی سکہ تھا۔
— ڈاکٹر الڈ برنٹن کا قول ہے کہ سرد پانی نہایت مقوی ہے اگر سب آدمیوں کے لئے نہیں تو اکثر میں تو شک نہیں۔ دل میں حرارت پیدا کرنے کا اثر شراب سے زیادہ رکھتا ہے۔ اس کا اپنا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ آدھا گلاس سرد پانی پینے سے اس کی نبض کی حرکت ۷۰ سے سو کے اوپر تک پہنچ جاتی ہے۔
— صابون کے جھاگ بہت سے نباتی پودوں کو بہت مفید ہیں۔
— برلن کے کوچوں میں سوائے حکیموں کے اور کسی کو گاڑی چلانے کی اجازت نہیں۔
— جڑ میری کے لئے جس قدر سیراب زمین ہوگی اتنا ہی بیر عمدہ اور زیادہ ہوگا۔
— نواجو قوم امریکہ کا یہ قاعدہ ہے کہ جس مکان میں کوئی موت ہو اس میں رہنا چھوڑ دیتے ہیں۔ چنانچہ اس علت سے میں بیشمار چھوٹے پڑے خالی پڑے ہوئے ہیں۔
— امریکہ کے بعض حصوں میں کانچ کی گولیاں روپے کی طرح چلتی ہیں۔ مسل مین میں پانچ اودی گولیوں میں ایک عورت خرید لو۔ مرگانے لینے جاؤ تو دس گولیاں خرچ ہوتی ہیں۔
— آخر سال ۱۸۹۱ء پر فرانس میں ریلوے لائن کا طول ۳۴۴۲۵ کیلو میٹر تھا (ایک کیلو میٹر چالیس ہزار انچ کے برابر ہوتا ہے) اور سنہ ۱۸۹۰ء میں ۳۳۹۰۴ اور سنہ ۱۸۹۱ء کی کل آمدنی ۱۱۶۳۰۹۳۹۲۵ فرینک اور سنہ ۱۸۹۰ء کی ۱۱۴۷۹۷۹۶۵ فرینک تھی۔
— ڈاک گاڑی ملکنے والے مراکو میں سوت سے بنے ہوئے ایک سرا تو پاؤں سے باندھ لیتے ہیں اور اس کا دوسرا سرا منہ میں رکھ کر سو جاتے ہیں۔ وہ سمجھتے اس سرا کا ہوتا ہے کہ جب وہ جل کر ختم ہو تا ہے اور پاؤں کو آنچ معلوم ہوتی ہے سمجھ لیتے ہیں کہ اب ہم کو اٹھنا چاہیئے۔

— دولت پر غرہ نہ کرو کہ مبادا امتحان سے ہشت میں جا پڑو کی سند نہ ہو۔ تمہیں دولت کا جواب دینا پڑ جائے (دولت کو تمہارا دماغ نہیں)۔
— گناہ کا ارتکاب کرنے سے ایسے ارتکاب پر پچھتانا زیادہ برا ہے۔ (پلیٹن)

حیدرآباد دکن سے ایک نامہ نگار (ایم۔ بی) صاحب لکھتے ہیں۔ حضور پرنور ۲۶ ذالحجہ کو داخل حیدرآباد ہوئے۔ ۲۵ کو خبر تھی مگر راستہ میں سنا کہ بیگ کے اسٹیشن پر اترے پڑے ایک رات قیام فرما کر تشریف لائے۔ وزارت کا ابھی کچھ ٹھیک نہیں غالب ہے کہ حضور آج ہی کل میں حکم فرمائیں۔ وزارت کے ٹھیک نہ ہونے سے عوام میں بہت فکر ہے اور بہت غلط غلط خبریں اڑ رہی ہیں فرخ نگر کے بلوہ کی رپورٹ حضور میں پیش ہوگئی غالباً جلد اسکے واسطے کچھ حکم ہو۔ نواب محبوب یار جنگ بہادر بفضلہ اچھے ہوگئے ہیں کچھ کسر ہے وہ خدا نے چاہا فضل ہوگا۔ نواب مہدی علی خاں صاحب بالکل اچھے ہوگئے۔ حضرت شاہ مولوی عبدالوہاب صاحب ذیقعدہ میں لکھنؤ سے تشریف لائے آپ فرنگی محل کے نامور علماء سے ہیں آپ سے تصوف کا علم بہت ہی جاری ہے آپکے یہاں اکثر امراء اور رؤسا اور دکن کے اور عوام حاضر ہوا کرتے ہیں۔ نواب خورشید جاہ بہادر لکھنؤ تشریف لے گئے تھے تو آپ ہی کے مکان میں اترے تھے۔ امید ہے کہ ۲۰ یا ۲۲ محرم تک قیام رہے گا پھر واپسی وطن کا ارادہ ہے۔ مولوی سید حسین صاحب بلگرامی کا کتب خانہ مشہور ہے کہ کتب خانہ سرکاری میں داخل ہوگیا واقعی وہ قابل ہی اسکے تھا اور یہ بھی عوام کہتے ہیں کہ وہ غلام ہوگیا گا اگر یہ ہوا تو بہت ہی ظلم ہے وہ اس لائق کتب خانہ ہے کہ کسی عمدہ اور بڑے کتب خانہ کا جزء اعظم ہو۔ سنا گیا ہے کہ نواب فتح نواز جنگ بہادر پھر اپنے مقدمہ کا فیصلہ کلکتہ میں کروانا چاہتے ہیں اگر یہ سچ ہے تو نواب صاحب موصوف کو بہت دقت کا سامنا ہے کہ ٹو اور حیدرآباد ابھی ایک مترکیب طرف ہے اور انکے دیکھنے والے بھی ابھی زندہ ہیں۔ آئندہ آپکو اختیار ہے۔ لارڈ الگن وائسرائے ہند حیدرآباد تشریف لانے والے ہیں۔ حیدرآباد کا سکہ اب محرم سے بدلنے والا ہے یہ سکہ شمل گورنمنٹ کے سکہ کے ہے اور جو وہ آنے کا اسکا ہاؤ ہے گا اسکی عبارت یہ ہے "آصف جاہ نظام الملک بہادر" ایک رخ پر اور دوسری طرف ضرب فرخندہ بنیاد حیدرآباد مستقر الجلوس میمنت مانوس"

یار لوگ کس خوبی سے بنیاد خبریں تراشتے ہیں۔ پشاور میں سوسیائی نکالنے والوں کی جس کپ کا ذکر پہلے پرچہ میں ہوا تھا اس نے کوہاٹ تک پہنچکر کیا شکل اختیار کر لی ہے۔ اسکی نسبت ایک اور صاحب جو خلیفہ یا فتہ ہیں بنوں سے لکھتے ہیں۔ "مقام کوہاٹ میں کوئی شخص ایسے آئے ہیں جو چوہے بچوں کا تیل نکالتے تھے ہیں۔ پولیس والوں کو سانپ والوں پر شبہ ہوا۔ جو شہر سے نکالے گئے"

ایک صاحب اضلاع مغربی و شمالی سے شکایت کرتے ہیں کہ ضلع اگرہ و متھرا میں دیکھکر نہایت افسوس ہوا کہ بہت غریب لوگ انکم ٹیکس کی ناقص تشخیص کیوجہ سے نہایت مصیبت میں گرفتار ہیں۔ تحصیلدار انصاف نہیں کرتے۔ جب تک کلکٹر صاحبان اپنے ہاتھ میں کام نہ لینگے رعایا کو بمبرداروں۔ پٹواریوں قانونگویں اور تحصیلداروں کے ہاتھ سے نجات نہ ملیگی۔

پرسوں ماہ جولائی سے خدا خدا کر کے گرمی کم ہوئی بارش کل سے شروع ہے ورنہ گرمی کا یہ حال تھا کہ اللہ کی پناہ زمین آسمان کا ایک ہو جانا ہوا اگر مکان سے باہر نکلنا علاوہ ازیں جانور و انسان کو ستانا گویا قہر فلکی تھا۔

محمد کریم الدین کلرک توپخانہ نور الائی

مراسلات

اس میں آپ کا کیا نقصان ہے

جناب ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار زادعنایتکم تسلیم گذارش ہے۔ کہ چند سطریں براہ مہربانی اپنے اخبار میں درج فرماویں تو میں آپکی عنایت کا نہایت ہی شکریہ ادا کرونگا۔ میں افسوس کے ساتھ ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔ اکثر سنا جاتا ہی تھا کہ ریل میں اسباب چھپکے سے نکل جاتا ہے اور کچھ انتظام نہیں ہوتا۔ مگر ہمارے مسافر اور دوکاندار خاموشی کے سوائے کیا کریں پیٹ دبا کر ریل والوں کی جان کو بیٹھا دیکر چپ ہو جاتے ہیں۔ اور پھر آج بیزریل کے گذارہ نہیں۔ اسکے حکام اپنی دانست میں انتظام بھی کرتے ہیں مگر ہندوستانی کب باز آتے ہیں۔ میں نے اپنا اسباب ایک بکس اور ایک ٹن بکس جسکا قفل نہیں تھا اور سکو ایک بنگ میں بند کر کے ایک ٹکٹ پلیٹ کر سیدھا تھا۔ نوی ریلوے اسٹیشن سے سکندرآباد ریلوے اسٹیشن کو روانہ کیا مگر کسی مہربان نے اوس بیچارہ کے کہو لکر ٹن بکس میں سے ایک صندوقچہ اور ایک واٹیی کمل نکال لیا۔ صندوقچہ میں بہت اشیاء متفرق ہیں جنکی تفصیل نیچے درج ہے۔ اسواسطے ملازمان ریل کی خدمت میں دست بستہ گذارش ہے کہ خدا کے واسطے جس صاحب کی صلاح سے یہ ہوا ہے اونہیں سے ایک میرا جسمیں چٹھیات و سارٹیفکٹ و پنشن پیپر ہے اوسکو بذریعہ ٹاک بیرنگ میرے پتہ سے ارسال فرماویں تو میں اونکے جان مال کو دعا دونگا۔ اور جو شخص اسکا پتہ لگا کر ہمارا مال برآمد کرائیگا اوس کو پچیس روپیہ بطور انعام دیجائینگے۔ نیز جس جگہ سے اسباب روانہ ہوا اور جس جگہ اوتارا گیا اون اسٹیشن ماسٹروں کی خدمت میں التماس ہے کہ براہ مہربانی یہ اعلان اپنے متعلقہ ملازمان کو سنادیں۔ کہ سارٹیفکٹ و چٹھیات سے اونکو کچھ فائدہ نہیں ہے کسی اسٹیشن پر بند کر کے بذریعہ ڈاک روانہ فرماویں تو ادھر انکا شکریہ بدل و جان سے ادا کرونگا۔

آپکا نیازمند۔ جانکی پرشاد گورنمنٹ پنشنر مقام سکندرآباد۔ برار

ترقی نسل اسپان

سلطنت کے واسطے جیسا کہ آدمیوں کی ضرورت ہے اور آدمی ہی لایق و مضبوط نظم و نسق معاملات و معاربات کے لئے ضروری ہیں ویسا ہی جانوروں کے واسطے بالمقابل گھوڑوں کے احتیاج علاوہ پولیس کے ضرور تو تمام معمولی حاجتوں کے واسطے سلطنت کے واسطے اور ہر حرفہ و پیشہ کے واسطے عموماً لابدی سمجھے گئے ہے۔ ایسا واسطے اوسکے حق میں اشرف المخلوقات بعد الانسان حیل" ولادہ الفرج سرکاری مقسم ہندوستان و دیگر ضروریات یورپین افسران سول یا ملٹری کیواسطے اسوقت تک ہندوستان جیسے وسیع ملک میں گھوڑے پیدا نہیں ہوتے۔ کیونکہ ہر سال لاکھوں گھوڑے اور ہزارہا عربی و ایرانی وغیرہ نسلوں کے اس ملک کی ضرورت کے واسطے آتے ہیں۔ انہیں گورنمنٹ کا روپیہ بیشتر ملکی گھوڑوں کے کسی حصہ زیادہ خرچ ہوتا ہے۔ اور وہ موجودہ ہندوستان میں رہنا چاہیئے غیر ممالک میں چلا جاتا ہے گورنمنٹ

ان رنج کی مدت نہ کبھی دے۔ جہاں ایک طرف ہر مذہب اور ہر خیال سے یکساں سلوک کیا جاتا ہے۔ دوسری طرف ان کی اصول اور قدیم رسم و مذہب میں مزاحمت کی جاتی ہے۔ یہ اصول نہایت درست اور قابل تعریف ہیں۔ لیکن انگلستان جن انصاروں کو ہندوستان پر حکومت کرنے کے لیے بھیجتا ہے ان میں سے بہت سے افسر ہندوستانی رسم و رواج کو حقیر و ناچیز سمجھتے ہیں۔ اور یہ خیال اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ ہندوستان میں حاکم قوم کے دل میں ایک گونہ فخریہ احساس پیدا ہو جاتا ہے کہ ہندوستانیوں کے مقابلہ میں ان کی حالت بہت بہتر ہے۔ ہندوستان کے آزاد منش بچے جنہوں نے آزادی کے گہوارہ میں آزادی کا دودھ پی کر آزادی کی ہوا میں پرورش پائی ہے جب ہندوستان کی سرزمین پر قدم رکھتے ہیں تو ہندوستانی رعایا کو اپنا حقیر سمجھنے لگتے ہیں کہ ان کے دل میں ان کی طرف سے ایک نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انگلستان اور ہندوستانیوں میں کسی قسم کا ارادہ و رسم باقی نہیں رہتا۔ انگریز سمجھتے ہیں کہ ہم زور اور بہادری سے حکومت کرتے ہیں اور ان سے ڈر سے کام نکالا جاتا ہے اس لئے ان کے لیے محبت حاصل کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ اس لئے یہ لوگ اگر موقع پر ان سے پاؤں سے پاؤں سے ہندوستانیوں کی بھلائی میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھتے۔ چنانچہ آج یہ صورت ہے کہ حاکم و محکوم قوم کے درمیان ایک گہری خلیج پیدا ہو گئی ہے اور دن بدن گہری اور وسیع ہوتی جاتی ہے۔ نہیں انگریزوں میں بھی رعایا پرور اور عقلمند لوگ بھی ہیں جو ہندوستانی رعایا کو منظور نظر سمجھتے ہیں اور رکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن ان کے دستر گرفتاری بند نہیں ہوتی اور مطلوب کرتے ہیں اور اسی طرح نہیں ایک حیرت کی حالت میں ڈال دیتے ہیں۔ اب رہی سہی کسر ان کے اخبارات پوری کر دیتے ہیں۔ وہ شتر بے مہار کی طرح آزاد ہیں اور طرح طرح کی باتیں گھڑ گھڑ کر ہندوستانیوں کی بیوفائی صریح قوت اور نمک حرامی ثابت ہونا بتاتے ہیں۔ اور اسی طرح ہندوستانی انگریزی اور ہندوستانی تعلقات میں جو تھوڑی بہت دوستی کا ذرہ باقی رہ گیا ہے کاٹ دیتے ہیں۔

علاوہ اس کے بدقسمتی سے بعض ایسے سانحات پیدا ہوتے رہتے ہیں جن سے حاکم و محکوم قوم میں ہمیشہ کے لیے عداوت اور بیگانگت کے بیج بو دیئے جاتے ہیں۔ مثلاً ایک انگریز افسر نے سلام نہ کرنے پر ایک انگریز یا انگریز عیسائی کو مار دیا۔ اگر کسی ہندوستانی سے کوئی ایسا فعل سرزد ہو جائے تو اس کی سنگسار یا انگریز سپاہی سے کسی صورت میں کم سزا نہیں ہوتی۔ اسی طرح کسی ہندوستانی کی لاپرواہی سے کسی انگریز کی بچی یا بیوی کا کوئی نقصان ہو جائے تو اس کی سزا بہت سخت ہوتی ہے۔ اور ان تمام باتوں کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہندوستانیوں کے دل میں انگریزوں کی طرف سے ایک بغض و کینہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اور یہ بغض و کینہ ہر وقت ظاہر ہوتا رہتا ہے۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انگریز ہندوستانیوں کو ذلیل سمجھتے ہیں اور ہندوستانی انگریزوں کو ظالم۔ اور یہ دونوں خیال ایک دوسرے کے لیے بہت ہی مضر ہیں۔ اور ان کی وجہ سے ہندوستان میں انگریزوں کی حکومت کو بہت سے خطرات پیش آتے ہیں۔ اور ہندوستانی انگریزوں کو ہمیشہ ظالم سمجھتے رہتے ہیں۔ اور ان کی ہر بات کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور ان کی ہر تجویز کو ظلم پر مبنی سمج

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ ۔ ۱۳۔ جولائی ۱۸۹۴ء

ہندوستان اور انگلستان

ہمارے زمانے میں انگریز دنیا میں ایک بہت بڑی زبردست قوم ہیں۔ دنیا کی پولیٹیکل صورت کے تئیں اور جغرافیہ دان ہی کچھ اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں کہ انگلستان کتنی بڑی طاقت ہے۔ اور دنیا میں کس کس ملک میں اُن کا کتنا بڑا اقتدار ہے۔ مگر یہ اتنی بڑی سلطنت اس جفاکش اور بہادر قوم کی تین سو سال کی لگاتار محنت کا نتیجہ ہے لیکن اس وقت تک انگریزی سلطنت دنیا میں بہت بڑی سلطنت نہیں شمار ہو سکی کہ جب تک ہندوستان کی قسمت اُس کے پلّے میں نہیں پڑی۔ اور حقیقت بھی یہ ہے کہ اس وقت تک بھی یعنی ہندوستان کے انگلستان اپنی قسمت بجال نہیں رکھ سکتی۔ انگلستان کی ملکہ کبھی مطمئن نہ ہوتی جب تک کہ ہندوستان جیسا قیمتی کوہ نور اُس کے تاج کی زیب و زینت ہندوستان کے حاصل انگلستان کی دولت اور اعتبار کا باعث ہیں۔ ہندوستان کے سر پر جو فوج پلٹنیں وہی انگریزی قوم کی محافظ ہے۔ انگلستان کے لوگ جو اتنے ہندوستان ہزار ہا عزت اور دولت کے بھروسے پیش کرتا ہے کہ یہ وہ لوگ نہ صرف عیش و عشرت سے زندگی بسر کرتے ہیں بلکہ انگلستان کے لئے دولت بے اندازہ جمع کر لیجاتے ہیں۔ ہندوستان کی خام پیداوار کروڑوں من انگلستان میں جاتی ہے اور وہاں کے لاکھوں باشندے صرف اس کی بدولت کام کر کے پیٹ پالتے ہیں۔ انگلستان کا کم و بیش ۴۰ کروڑ روپے کا مال تجارت ہندوستان میں ہر سال کھپتا ہے۔ اگر اس ملک میں نہ لگے تو انگلستان کے صدہا کارخانے بند ہو جائیں اور ہزارہا کے مرنے لگیں۔ ان سب وجوہات پر غور کرنے سے یقین ہو سکتا ہے کہ ہندوستان انگلستان کی سلطنت کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔

جسم انسان میں ریڑھ کی ہڈی کی حفاظت پر زندگی کا مدار ہے اور اسی طرح ہندوستان کی سرسبزی اور خوشحالی پر انگلستان کی دولت اور وقار کا حصر ہے۔ اس لئے لازم آیا کہ انگلستان اپنے ایسے ضروری حصہ سلطنت کی حفاظت کے لئے دل و جان سے کوشش کرے۔ چنانچہ انگلستان ہندوستان کو ہر بیرونی غنیم کے حملوں سے بچانے کے لئے طرح طرح کے سامان حفاظت بہم پہنچا رہا ہے۔ قلعہ بندیاں اور فوجی ضروریات کے لئے ریلوے لائنوں کی تیاری میں لاکھوں روپے خرچ کر رہا ہے۔ اور اپنی طرف سے سمجھتا ہے کہ ہندوستان کی حفاظت اچھی طرح ہو گئی ہے۔ لیکن درحقیقت یہ حفاظت صرف ایک قسم کی اندرونی حفاظت اس سے بالکل علیحدہ ہے اور اس کی جانب نہایت کم توجہی کی جاتی ہے۔

ہر فرقہ کہ انگریزی سلطنت کے محصول یہ ہے کہ رعایا کے ساتھ پورے انصاف کا برتاؤ کیا جاوے اور اس کے مذہبی قوانین میں

(لاہور سے پنجاب)

— ہندی میں ہوم رول کا مسئلہ ہے۔ چیمبر آف کومرس (مجلس تجارت) دہلی سرگرم تجاویز میں ہے۔

— ۱۳ مارچ ۹۴ء تک کوئٹہ سے نوشکی ریلوے سو لیٹر پر انگلینڈ کی نقد اور دیگر اشیاء گزشتہ سے ۲۰۰ زیادہ ہے۔ ان میں سے بارہ واٹیروں کے سوائے باقی سب کام میں مصروف ہیں۔

— کرسمس پر بنیاہی ہوئی اور کنونسی ٹیموں نے کرکٹ کھیلا۔ کنونسی جیت گئیں۔

— مدراس کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ شمالی ہند سے ایک مسلمان آیا ہے جو مذہب کی اشاعت کے لئے بار بار میں چندہ کرتا اور رسالے تقسیم کرتا ہے۔ یہ غلام احمد صاحب قادیانی کا معتقد ہے۔ عام مسلمانوں میں اس قسم کے وعظ سے جوش اور نارضامندی ہے۔

— بتقریب تولد فرزند ڈیوک آف یارک ریاست ناہمہ میں بہت خوشی کی گئی۔ تمام ریاست میں تعطیل رہی۔ چنقدیدی روانہ گئے۔ دعوت ہوئی۔ نومولود شہزادہ اور ملکہ معظمہ اور تمام خاندان شاہی کا جام صحت پیا گیا۔

— گورنمنٹ ہند نے یہ فیصلہ کیا کہ منسوخی قاعدہ اخبار پریس دنیا و سامان حرب پر لیس و پولیٹیکل ایجنٹ ریاستہائے ہند و غیرہ کو دینے یا رکھنے درخواست صیغہ فوج کو بھیجنے کی ضرورت نہیں لوکل گورنمنٹ اجازت دے کر انسپکٹر جنرل حلقہ کے پاس وہ سے منظوری کے بھیج سکتی ہے۔

— یقین ہے کہ ہی۔ آئی۔ پی۔ او ممبران مدلینڈ اور ایسٹ انڈین ریلوے ڈاکخانہ کے اس تجویز کو کہ بمبئی اور پشاور کے درمیان ڈاک گاڑی کی رفتار تیز ہونی چاہئے منظور کر لیا۔ اس تاریخ سے ٹرین بھی اس میں کچھ تقدیم ہوگی۔ اس وسط کے حال کا تجربہ قدم قدم پر مسیل بھاگلپور تجویز کے سچی ہونے میں بہت مفید ہے۔

— کمانڈر سچیف ہند نے گورنمنٹ ہند کو اطلاع دی ہے کہ سمندر سے شمالی ہندوستان کو اور وہاں سے سمندر کو آنے جانے کے لئے کراچی ملتان کی سڑک اگر باقاعدہ تعمیر کرائی جائے تو آٹھ لاکھ روپیہ صرف ہوگا۔

— ۵ مارچ کو کثرت بارش سے جہلم میں پھر طغیانی آئی۔

— ۱۱ مارچ گزشتہ کو دریائے کابل کی طغیانی سے راولپنڈی کے اور پروادی گکوکے کسی بالائی حصے میں کچھ نقصان نہیں ہوا۔ سہراکی اور اوٹر تیال والے راستے دہلی میں بڑھی ہوئی تھیں۔ پہلی تاریخ کو نکلتی میں پھر طغیانی تھی۔ ہوا اس سبب سے کہ سے کی طرف ہنوز کشادگی نہ ہوئی ہے چند روز کے اسی پہاڑ کے پاس بندی سے رستہ بنایا گیا تو جو کسی طغیانی سے مخدوش نہیں ہو سکتا۔ ایسے ایسے بڑے اور پرانے درخت کنارہ دریا کے ضائع ہو گئے ہیں کہ پچاس برس میں بھی مشکل سے ایسے درخت وہاں نظر آئینگے۔

— کالکا کے قریب ایسٹرن بنگال ریلوے پر سونا پور ریلوے کے مکانات کا ایک حصہ کثرت بارش سے گر گیا۔

— مسٹر مرسر پنجاب پولیس نے کھیوڑہ کی کان نمک میں سے چند مدفن نکالے ہیں جو جلد بنگلہ لاہور میں رکھے جائینگے۔

— علاقہ پنجاب کے ایک نہایت ہی مستعد تحصیلدار لالہ [illegible] نے انتقال کیا۔

— کل میں اس سال آخر جون تک ۲۹۷ء انچ بارش ہوئی۔

— نواب احمد یار خاں رئیس ملتان نے سکرٹری آف سٹیٹ بالجلاس کونسل پر ابت وصول مبلغ چھ لاکھ ۶ ہزار جیت نالہ کہ جس کو وہ اپنی ملکیت بیان کرتے ہیں نالش دائر کی ہے۔ کئی اجلاسوں میں مصالحت کی کوشش کی گئی مگر ناکامی رہی۔ لہٰذا فریقین کی خواہش کے مطابق مقدمہ عدالت ڈویژنل لاہور میں منتقل کر دیا گیا۔ مئی نومبر کو پیشی ہے۔

— ۲ جولائی کو مسمات کموں زوجہ نواب غلام محبوب سبحانی صاحب لاہور سٹیشن پر ریلگاڑی میں ایک عورت کو خوب مارا تفصیل یہ ہے کہ مسمات کموں نے سوار اپنی ہمشیرہ کے امرتسر کا ٹکٹ تھرڈ کلاس کا لیا۔ گاڑی میں جیوان زوجہ الدین وزیر محلہ ستھاں اور بھروبہ گلاب خیاط نے کہا کہ اسباب نیچے سے نیچے رکھو۔ اوپر نگرانی ہوگی اور دونوں اور تین اور کموں کے ہاتھ سے پٹ گئیں۔ جب گاڑی کی دوسری مسافر عورتوں کو معلوم ہوا کہ یہی بی بی کموں ہے جو مانے میں مشہور ہے تو سب گھبرا گئیں اور ایک شور مچ گیا۔ پل کے تمام مسافر اور ملازم جمع ہو گئے اور پولیس میں رپورٹ لکھی گئی۔ اب عجب لطف تھا کہ جس گاڑی میں مسمات مذکور کو بجھاتے تھے عورتیں چلاتی تھیں کہ مذکے لئے ہمیں بچا لو۔

— سنا جاتا ہے کہ سردار گل محمد خاں اور شہاب الدین خاں سلیمان خیل لفٹننٹ مسکوہن سے جاملے اور سرحد بلوچستان پر ہندوستانی افغانی سرحدی رقبہ بندی کا کام چل رہا ہے۔

— ضلع راولپنڈی میں ایک ڈپٹی انسپکٹر پولیس پر جس نے عدالتاً محکمہ سڑک کے ایک اوورسیر جمعدار مقدمہ کو طلب کیا تھا اور سپرنٹنڈنٹ نے فیصلہ دیتے ہوئے لکھا کہ یہ مقدمہ محض ذاتی کدورت کی بنا پر ہے اور جو تکلیف اوورسیر کو پولیس نے دی ہے وہ محض بغض و کینہ نکالنے کے باعث تھی۔ اوورسیر نے ہتک عزت کا دیوانی میں دعویٰ کیا اور تھانہ دار پر دو ہزار روپے کی ڈگری ہوئی ہے۔ ایک جس یہی کا مقدمہ تھانہ دار صاحب پر ابھی قائم ہے اسی ضلع میں ایک تھانہ دار صاحب معطل ہیں اور اوپر ایک مقدمہ زیر دفعہ ۵۹۸ تعزیرات ہند قائم ہے۔

— سوری میں عمرہ جون سے آخر ماہ تک ۱۰۔ انچ بارش ہوئی۔

— ضلع ہوشیار پور میں سخت اور متواتر بارش ہوئی۔

— علاوہ ان قصبوں کے جن میں ندی کی طغیانی سے پانی بھر گیا ہے کئی ایک شوارع ٹوٹ جانے سے بھی ایک قصبہ لاہور کے قریب بالکل برباد ہو گیا ہے۔

— برائے سندھ کا بند ٹوٹ جانے سے سندھ میں بہت سے مقامات پر آب بھر گئے ہیں اور اگر متواتر بارش نارتھ ویسٹرن ریلوے کی سڑک مخدوش ہو گئی ہے مگر اس وقت تک کہیں سے شکست و ریخت کی خبر نہیں آئی۔

— ندی کی طغیانی سے تحصیل پنڈ دادنخان میں قصبہ کلس بالکل تباہ ہو گیا۔ دیہات اور سرکاری قصبوں میں چلی گئی مال اسباب سب بہہ گیا۔

— ۲۲ جون سے چند روز پیشتر تک پشاور میں گرمی کی یہ شدت تھی کہ ایک رات میں پانچ شخص شدت گرما سے بیہوش ہو گئے جن میں سے ایک مر گیا۔ کوئٹہ قریب ۲ جولائی میں بارش ہوئی۔ آسمان پر محیط تھا اور موسم میں خنکی ہو گئی تھی۔

— کرنیل جیمس ڈپٹی کمشنر بہاولپور کلب بجرہ جلسہ ہی میں موجود تھا اور وکیل میل سے ۲ فرلانگ گزشتہ میں فرما رہا تھا کہ سوا ہی گھنٹہ میں گرنا ہوا کہ ملتان کو طوفان کہا گیا

روئے زمین کی خبرین

ہندوستان

الہ آباد ۷ جولائی - قانون سیاست افواج آرمی ریزرو ہوگیا ہے تریم ہو چکا ہے - اور عنقریب شایع ہوگا +

الہ آباد ۷ جولائی - جلال آباد سے خبر آئی کہ وادی کنار کے معزز لوگوں نے اہلکاران افغانستان کو تحصیل دینے سے انکار کیا تھا حال کے فساد کا بھی باعث ہے غلام حیدر کی فوج سے جو سب سے پہلے مقابلہ ہوا اس قوم کے آدمی بہت ضایع ہوئے +

کلکتہ ۷ جولائی - مدراس بینک کی آمدنی بعد منہائی دس روپیہ فیصدی کے ایک لاکھ بیتیس ہزار ہے اور ریزرو فنڈ میں پچاس ہزار دیتا ہے +

حضور نظام و کن اپنے شہر میں ۱۲ جولائی کو واپس آئے کمشنر صاحب نے ملاقات کی +

نواب قاراالامرا العجم مستقل وزیر اعظم مقرر ہونگے +

مقدمہ ازالہ حیثیت عرفی اخبار ایونگ میل میں گواہان دعاعلیہ نواب سر درجنگ نواب عماد جنگ نواب عماد نواز جنگ سر جن کیتان ہیمر اور مسٹر جارڈان مجسٹریٹ تھے +

گورنمنٹ اٹھیا نے سلطنت حیدرآباد کو اعلان عدی ہے کہ نواب مہدی حسن سابق سکرٹری حیدرآباد متعینہ انگلنڈ نمائندہ سرکار انگلشیہ سے برطرف کئے گئے اس لئے گورنمنٹ حیدرآباد پر انکے ان کا کوئی استحقاق باقی نہا - مہدی حسن کی بی بی بیمنے گزارہ دلانی کو گورنمنٹ نظام سے تین سو روپیہ ماہوار محمد منصب دلان سے ملتا ہے غالباً وہ موقوف نہوگا +

حیدرآباد میں بہت ہی کم بارش ہوئی +

شملہ ۱۲ جولائی - حوالدار گوہر علی اور حوالدار بوٹا سنگھ اور والا بخش ڈوگرا ہندوستانی افسروں کو لڑائی میں اظہار جوانمردی کے عوض تمغہ ملا +

جمعہ کے دن کلکتہ میں بکسیچ (بٹہ) کا نرخ ایک شلنگ ۱۱/۳۲ پنس تھا +

سرکاری طور پر معلوم ہوا ہے کہ امیر کابل کے مشرکت بار لاہور ہونے کی خبر صحیح نہیں ہے ہاں یہ قرین قیاس ہے کہ سرحد کے قریب کسی مقام پر امیر صاحب ایسرائے سے اثنائے دورہ میں ملاقات کرینگے +

حسب تجویز حال سر سالٹر پیر صبح دوشنبہ کو پشاور سے روانہ ہوکر ۱۴ راہ حال تک داخل کابل ہونگے +

رپورٹ ہفتہ وار سے وسطی صوبجات میں ابھی تک قحط سالی کے آثار ظاہر ہیں +

شاخ مودیلی شاہدرہ ریلوے (برہما) کی تعمیر کے واسطے حسب تخمینہ ایک کروڑ تئیس لاکھ چھپن ہزار تین سو تیراسی روپیہ کی منظوری آف سٹیٹ نے مرحمت فرمائی +

پرائویٹ ڈنی نامی سپاہی رالی ریمنٹ چھٹ جیل ایک گورا سپاہی کے ۷ جولائی کو سول جیل لکھنؤ میں پھانسی دیگیا پوری میں جگناتھ کی جاترا کے لئے اس ہزار حاجتری جمع ہوئے ہیں ان میں سے اکیس آدمی بمرض ہیضہ مر گئے +

گیا میں علم مع منشک و تبرد غیرہ کاسنے کی ممانعت کی گئی ہے +

محرم کے لئے کلکتہ میں پولس کا سخت انتظام کیا گیا ہے

کسی قسم کا جلوس پولیس کمشنر کی اجازت حاصل کئے بغیر کوئی شخص نہیں نکال سکتا - اور جو شخص اجازت حاصل کرتا ہے اس سے اپنی جماعت کے افعال کی ذمہ داری بھی لی جاتی ہے اور جو لوگ اس میں شریک ہوتے ہیں ان کو تلوار وغیرہ آلات ہلاکت ساتھ لیجانے کی اجازت نہیں دیجاتی پولیس کے واسطے اوقات اور مقامات محدود کر دئے گئے ہیں +

سر سالٹر پیر جو کابل کو غلہ سے بورہ یکشنبہ روانہ ہوئے ہیں امیر کابل کے لئے ملاقات ملکہ کی طلبی کا پیغام لے جاتے ہیں والیسرائے نے بھی ایک تحریر بنام امیر صاحب لکھی ہے جس میں ان کو یقین دلایا ہے کہ ملکہ اور اہل انگلنڈ بہت اچھیطرح آپ کی تواضع اور مہمانداری کرینگے +

سر سالٹر پین نے ہفتہ کے دن امیر صاحب کے نام کچھ اور مراسلات شملہ سے لئے لیکن اس بات کی کوشش کیجاتی ہے کہ جنگ یہ مراسلات سر سالٹر بدست خود امیر صاحب کو نہ پہونچادیں یہ معاملہ مخفی ہے - بالفعل امیر صاحب کا مقصد کابل چھوڑنے کا نزدیک نہیں ہے +

مسٹر جے ریمزی پولیٹیکل ایجنٹ بندیکھنڈ حضرت بیرجاتے ہیں مسٹر ہیز میس ممتھر (ڈکٹوریا گراس) جو یکشنبہ کے دن داخل بمبئی ہوئے ہیں ان کی جگہ براہ راست روانہ ہونگے +

کثرت بارش سے بمبئی بروڈا سنٹرل انڈیا ریلوے پر اسٹیشن نظام کے قریب پل کی سڑک دو میل تک بالکل بہ گئی - اور ایک پل بھی ٹوٹ گیا اور ریل کا برابر چلنا کئی روز کے واسطے منقطع ہو گیا +

مسز شرٹ ڈپٹی کمشنر المورہ بگیسر سے تیس میل باہر علاقہ میں واسطے تحقیقات بلوہ کاڈکیتی کے گئے ہیں اسسٹنٹ ڈپٹی کمشنر کو حکم ملا ہے کہ اگر ہوال جانے کے لئے تیار رہیں +

الہ آباد میں ایک مقدمہ میں جوری نے فیصلہ دیا ہے کہ ایسٹر کو پانچ روپیہ جرمانہ کیا جاوے اور نصف جرمانہ چپڑاسی کو دیا جاوے جسے صاحب بہادر نے مارا تھا - ہر چند کہ کوئی فساد کے آثار نہیں - مگر ہمارے ہر دلعزیز کلکٹری گرے صاحب نے محرم کا انتظام بھی ویسا ہی کیا ہے - جیسا کہ عید کا ہوا تھا (نامہ نگار) +

بیگمری ندی کا بند ہان ٹوٹ گیا - سندہ جار بوفیٹ چوڑی شگاف میں سے بہ رہا ہے اور غالباً شکارپور اور رک کے درمیان ریل کا تمام ریلوے کو کاٹ دیگا - سکھر اور رک کے درمیان لائن گو خارشہ ہے سکھر اور بہاولپور روڈ کے درمیان سندھ کے بند بان بھی ٹوٹ گئے ہیں اور ان دو اسٹیشنوں کے درمیان ریل کی سڑک بھی کچھ عرصہ تک مخدوش رہیگی +

۱۲ راہ حال کو دفعدار مرزا خان فیریر میجر دوم بمبئی سپاہیوں نے کلاکات کر خود کشی کی اس قتل سے پانچ منٹ پیشتر اپنی بیوہ کے حق میں وصیت کی تھی - وجہ خودکشی ہنوز نامعلوم اس شخص کا چال چلن نہایت عمدہ تھا +

ممالک غیر

نیویارک ۲ جولائی - کل شام کو قریب ملازمین ریلوے نے شکاگو کے بعض میں بہت لوٹ مار کی اور آگ لگادی سامان ریلوے بہت ضایع ہوا باغیوں نے نمائشگاہ عالم کی عمارات جو اسی کمپنی کے گرد میں بھی جلادیں پولیس بن ان کے مقابلہ کی طاقت نہیں اور فوج کو چونکہ بغیر حکم حاکم شہر کے چلانے کی اجازت نہیں ہے اسلئے وہ بھی محض بیکار ہیں اور شہریوں کا زور ہے کہ ہٹنے سے بہت سے کارخانے شکاگو میں بند پڑے ہیں اور ایک لاکھ آدمی جو کارخانوں میں کام کرتے تھے بیکار بیٹھے ہیں مشرق کی طرف فساد بڑھتا جاتا ہے اور مزدور لوگ اُن میں شریک ہوتے جاتے ہیں - منادی ایک ریل پر حملہ آور ہوئے اور اُسے لوٹ رہے تھے کہ فوج بلائی گئی اور اُسی ماشہ باری بہت سے منادی زخمی ہوئے مگر فوج پر غالب آگئے - فوج پس پا ہوئی اور باغیوں نے پہریوں کو ضایع کرنا شروع کیا +

کیلیفورنیا میں بھی بلوہ ہوا بہت لوگ باغیوں کی طرفداری کر رہے ہیں - اور فوج اُنہیں کا توس سے مدد دیتی ہے +

نیویارک ۸ جولائی - شکاگو میں مزدوروں کی بغاوت جاری ہے مفسدوں نے عمارات ریلوے پر حملہ کیا اور آگ لگادی مختلف ریاستوں سے شکاگو کو فوج روانہ ہو رہی ہے - سینٹ لوئی کی تار برقیوں سے معلوم ہوا کہ اب امن ہوتا جاتا ہے اور باغی ہر کام پر موجود ہوتے جاتے ہیں +

سینٹ پیٹرسبرگ ۸ جولائی - روس اور حضور صاحب سینٹ پیٹرسبرگ میں ہمیشہ ٹھہرتا جانا ہے +

لنڈن ۷ جولائی - ہاؤس آف لارڈس میں غسب گذشتہ کو لارڈ سالسبری نے ایک مسودہ پیش کیا کہ آداب پروٹسیون اور ڈپلومیسی کا انگلستان سے اٹھ جانا چاہیئے - لارڈ سالسبری نے اس بحث میں بیان کیا کہ میرا یہ خیال تھا کہ پولس باغیوں کے مقابلہ کیلئے کافی ہے لارڈ سالسبری نے انگلنڈ پر ممالک غیر کے قانون کی پناہ دینے کا الزام لگایا اور کہا کہ یہ ہمارے تعلقات ممالک غیر کی گنجائک کا باعث ہے +

پارلیمنٹ نے حساب محاصل کی پچیسویں فرد کے بحث کو بالکل دکلائے ہاؤس اور سابق وحال کے چینسلران خزانہ پر چوٹ کرتا ہے گذشتہ دونوں میں اسقدر ترقی کی گئی کہ اگر آگے کچھ کا روائی نہ ہوئے تو محاصل اور حساب کی مطابقت ہو جائیگی +

فرقہ برل نے چہار شنبہ کو لیڈس میں ایک مجلس قرار دادی اور یہ تجویز پیش کی گئی کہ دکلائے رعایا کی قانونی کارروائیاں منسوخ کرنے میں ہاؤس آف لارڈس جو اپنے اختیارات عمل میں لاتا ہے وہ فرقہ آزاد کے حقوق خود اختیاری کے خلاف ہے اس لئے قابل مسعدگی ہے مسٹر ایسوشنے یہ تجویز پیش کی کہ ہاؤس آف لارڈس بعض بے کار بلکہ خود مضر ہے لہذا لایق موقوفی ہے مگر اس خیال کی تردید کی گئی اور اصل تجویز کثرت رائے کے ساتھ قایم رہی +

اخبار مشنل زیتنگ برلن لکھتا ہے کہ انگلنڈ نے تقریباً متصل جھیل ٹینگنیکا افریقہ کے لینے کی تجویز کی جس میں جرمنی نے عذر کیا تھا لہٰذا سر رکھا بشرطیکہ جرمنی اس ملک میں تار قایم کرنے کی جازت دے مگر یہ عجیب بات ہے کہ انگلنڈ خود مختار ریاست ہے جرمنی نے اجازت لینا کیا معنے

حفظ صحت

علاج

۷۱۔ ماہیت۔ علامات و علاج یرقان۔ لاطین میں اسکو ایکٹس کہتے ہیں۔ ہندی میں کنول کی جاتی ہے۔ پنجابی میں پرنیدا اور اصطلاح انگریزی میں اس مرض کو جانڈس کہتے ہیں۔ ممالک یورپ میں دس آخر الذکر نام کا ایک پرندہ ہوتا ہے جس کی رنگت زرد ہوتی ہے چونکہ اس مرض میں بھی کل جسم کی رنگت زرد ہوتی ہے اس پرند کے زرد ہو جانے سے اس لئے یہ مرض بھی بوجہ مشابہت و مشارکت رنگت اسی پرند کے نام سے مشہور ہوا۔ ماہیت۔ جگر میں صفرا کا کامل یا غیر کامل طور پر مسدود ہو جانا مجری صفرا میں جب صفرا کی پیدائش رک جاتی ہے یا تیکھا یا اور معدہ کے نچلے حصہ یا جگہ میں رسوبی پیدا ہو جاتی ہے۔ یا جب سدہ اور ہم محمول کی وجہ سے اسپیر غیر معمولی دباؤ پڑتا ہے یا خود مجری صفرا کی نالیوں میں سوزش ہو جاتی ہے تو ان حالات میں افعال اخراج صفرا بخوبی انجام نہیں پاتا بلکہ صفرا فوراً تراوش پاکر خون میں تیز ہو جاتا ہے اور اس زہر کا مادہ تمام بدن میں سرایت کر جاتا ہے۔ علامات۔ آغاز مرض میں مریض نہایت کاہل اور پست ہمت ہو جاتا ہے۔ کاروبار سے طبیعت متنفر ہو جاتی ہے۔ دشواہا کل زائل ہو جاتی ہے۔ زبان کا ذائقہ تلخ اور بدمزہ ہو جاتا ہے۔ منہ جی متلاتا ہے۔ کل جسم اور آنکھوں کی سفیدی بلکہ تمام اعضا پسینہ۔ لعاب دہن پیشاب یہاں تک کہ ناخن زرد ہو جاتا ہے۔ ہر ایک چیز مریض کو زرد رنگت کی معلوم ہوتی ہے۔ اجابت اکثر قبض لیکن گاہ بگاہ اسہال بھی لگ جاتے ہیں۔ تمام جسم میں خفیف خفگی۔ خارش بھی معلوم ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ مکرر یرقان و دم کے اعت اور مختلف اقسام کے بخار کے بعد یہ مرض اکثر عارضی طور پر لاحق ہو جاتا ہے۔ علاج۔ اوّل تو خاص باعث مرض کو رفع کریں۔ بعد ہٗ مسہلات سے تلطین معدہ کریں۔ پنجابی گوکھرو ۱ تولہ، ہلیلہ زرد ۱ تولہ، سونف ۱ تولہ، ان سب کو ۱ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ۱/۴ پانی رہ جائے تو اتار کر ملا کر ایک گولی بنا لیں۔ اور یہ مرکب عرق ۲ تولے دن میں تین مرتبہ نوش کریں۔ لکھ بند اکسٹرالٹ ترسی سیاسی ۳ ڈرام۔ ڈائکوٹ ایسٹر ٹیرمینیلیا ۱ ڈرام۔ گیسنیشیا سلفاس ۴ ڈرام۔ شکر خنجر ۱ ڈرام۔ سیرپ آرنج پیل ۱ ڈرام۔ انفیوژن کلمبا ۱ اونس۔ اگر ادویات انگریزی سے جبیعت متنفر ہو تو بعد از تنقیہ کاسنی اور عصارہ ریوند ہمراہ شکنجبین بزوری استعمال کریں۔ شراب۔ گوشت اور ہر ایک مرغن۔ خار اور ثقیل اشیا سے قطعی پرہیز کریں۔ سبزہ زار کی سیر۔ تازگی۔ آبوہوا۔ لاہور کی آب و ہوا کا استعمال اور تبدیل آب و ہوا نہایت مفید ہے۔ بعد صحت ولایت سے مختلف نمکین چشموں کا پانی جو انگریزی سوداگروں سے دستیاب ہو سکتا ہے استعمال کرنے سے مرض عود نہیں کرتا اور معدہ و جگر کو صد گونہ طاقت و قوت بخشتا ہے۔ محمد خدا داد اسسٹنٹ ہاسپٹل

۷۲۔ یرقان۔ ایک لیموں کو باریک قاش کر کے تخم نکال کر دور کریں اور پوست خم قرنفل کا سفوف پون تولہ کی مقدار اس لیموں میں بھر دیں اور کوئلوں کی آگ پر رکھ کر نیم بھنا بنا لیں۔ وقت شب تناول میں رکھ دیں۔ علی الصباح اس ہو کا رس چوس کر پوست پھینک دیں۔ گر تین روز یہ علاج کیا جائے تو یرقان رفع ہو گا۔ پرہیز کچھ بھی نہیں۔ حکیم سید عبدالحی۔ دانہا ٹی مدراس۔

شعر و سخن

تاریخات شیر افگنی

نصیح الملک نواب محمد مرزا خان صاحب داغ دہلوی نے مواقع شیر افگنی حضرت نظام پر جو فی البدیہہ تاریخیں کہی تھیں سخن فہموں کے لئے ہم انہیں ذیل میں درج کرتے ہیں:۔

شور ہوا کہ ہے ہر شخص کو خوشی آج — نعرہ سے گونج اٹھا میدان دشت و صحرا
تاریخ مرزا نے بھی لکھی ہے دھوم دھامی — یہ ہی مچا پکارا آصف نے شیر مارا
۱۳ھ

وہ بہادر ہے رستم دوراں — اسد چرخ جس سے کانپ اٹھا
عیسوی سن میں داغ لکھ تاریخ — شیر مارا نظام نے کیسا
۹۴ ۱۸۶

سینے پر آتے ہی چلی بندوق — کر لیا ہے شکار کیسا جلد
داغ یہ دوسری بھی لکھ تاریخ — شیر مارا حضور نے کیا جلد
۹۴ ۱۸۶

دلہ در صید گاہ باکھال

شیر افگن ہے شاہ آصف جاہ — کیفیت اس شکار کی سن لو
داغ کر دے یہ مصرع تاریخ — شہ نے اک دن میں شیر مارے دو
۱۳ھ

ہے دلاور وہ شاہ آصف جاہ — جس کا ثانی نہیں بملک و دیار
دم میں اس کے ہے آنچ کے ہیں دُد — جا کھڑا اس طرح ہوا ہے شمار
اس نشانے سے بچ نہیں سکتے — ایک کیا ہے اگر ہوں شیر ہزار
داغ لکھ اس حساب سے تاریخ — ہوئے چالاک چار شیر شکار
۱۳ھ

آصف کا ثانی نہیں ہیں ہو چکا — جو صید پڑا اسامنے ہر گز نہ بچا
گنتی کی یہ تاریخ کہی داغ نے خوب — اب پانچوں بھی شیر چھٹا بھی مارا
۱۳ھ

بال باندھا ہے نشانہ شاہ کا — ایسی بندوق سے کیا بچ کر جائے
داغ نے سب کی لکھی ہے تاریخ — ایک زخمی سا گیا وہ شیر آئے
۱۳ھ

کی ہے اس جنگل میں کیا صید افگنی — شاہ آصف ہے دلاور بادشاہ
آج یہ لکھ داغ تاریخ شکار — ساتواں بھی شیر مارا واہ واہ
۱۳ھ

دیکھیں تو بادشاہ دکن کی دلاوری — افراسیاب رستم و سہراب ہیں کہاں
اس داغ لکھ شما سے تاریخ اور بھی — یہ جلد آج مار لیا شیر آٹھواں
۱۳ھ

ولہ بمقام مان کوٹہ

سواری ہوئی مانکوٹہ میں داخل — یہاں بھی شکار آکے آصف نے کھیلا
یہ لکھ داغ تاریخ صید افگنی کی — جدایہ نواں شیر جاتے ہی مارا
۱۳ھ

کئے شاہ دکن نے صید نو شیر — فدا ہوں شاہ پر نو آسماں آج
برلئے یا دشہ اس داغ تاریخ — لکھو نو شیر واں نو شیر واں آج
۱۳ھ

شجاعت سی شجاعت ہے دلیری سی دلیری ہے
دلاور آصف ہیں دیکھا جو تو رستم تھا تہمتن میں
نظام الملک شیر افگن ہے لکھ تاریخ داغ اس کی
یہ دو سواں شیر مارا آپ نے آصف جاہ نے بن میں
۱۳ھ

ہوئے جس دم سوار آصف جاہ — نہ لگی صید گاہ میں کچھ دیر
کہی ہاتف نے داغ سے تاریخ — گیارواں مار واں وہ مارا شیر
۱۳ھ

گنگوا رام سے ہوا ہانکو ٹہ تک شکار — وہی ہے آصف کو شجاعت کس قدر اللہ دے
کی تاریخ تک کسی داغ لکھا تاریخ تو — ایک دو جن شیر مارے آپ نے آصف جاہ نے
۱۳ھ

شیر مارے گنگوا کل تک بارہ — ایک دو جن سے شکار آج بڑھا
آج کی داغ سے سن لو تاریخ — تیرھواں شیر بھی صید ہوا

معلومات کا کنٹ

— دنیا میں سب سے بلند پل پیرو میں ہے جو ندی کے اوپر حال میں بنایا گیا ہے۔ سطح دریا سے نو ہزار آٹھ سو ۳۳ فیٹ اونچی ندی سے چار ہزار ۸ فیٹ اونچا ہے۔

— دنیا میں صرف مسز سالوم انڈرسن باشندہ ہاوک لینڈ ایک عورت زمیندار ہے۔ مخفی طور پر پیرس میں اس نے زمینداری کے ابتدائی قواعد سیکھے اور بعد معلوم ہو جانے کے وہ اس جماعت میں داخل کر لی گئی۔

— ڈنمارک میں ان عورتوں کے واسطے جو شادی نہیں کرتیں ایک کمپنی ہمیہ زندگی کی قائم ہوئی ہے۔ تیرہ برس کی لڑکی کسی قدر فیس دیکر پروفیل کر لیجاتی ہے اور اگر ۴۰ برس تک وہ شادی نہ کرے تو وظیفہ پانے کی مستحق ہو جاتی ہے اور اگر شادی کرے تو روپیہ اُن کا کمپنی ضبط کر لیتی ہے۔

— لنڈن میں حدود شہر کے اندر سات لاکھ مکانات ہیں۔

— ہاتھی کے سونڈ میں پچاس ہزار اعصاب ہوتے ہیں۔

— صنائع متحدہ امریکہ میں شہد کی مکھیوں کے ۲۸ لاکھ چھتے ہیں۔

— دنیا کے پردے پر کسی ملک میں اتنے نہیں۔

— دنیا میں سب سے زیادہ بلند درخت ایک سیکا کا جو شاکٹن کے قریب ہے ۳۲۵ فیٹ اور دوسرا کیلیفورنیا کے ڈکڑیہ آسٹریلیا میں ۴۳۵۔ اور ۴۵۰ فیٹ اونچے ہیں۔

— کنیری چڑیا اکیس برس تک جیتی ہے۔

— گدھا ہمارے دیسی جانوروں میں سب سے بڑی عمر رکھتا ہے۔ ویسلس (فرانس) کا محل جس کو لوئی چہاردہم نے بنایا تھا ۴ کروڑ پونڈ کی لاگت کا ہے۔

— لنڈن میں ایک تھیٹر کا مالک اُن سپاہیوں اور ملاحوں کو جو وردی پہنے ہوں مفت تماشا دیکھنے دیتا ہے۔

— جو شخص ۲۹ فروری ۱۸۹۲ء کو پیدا ہوا ہوگا آٹھ برس میں اسکی صرف ایک دفعہ سالگرہ کرنی ہوگی یعنی ۱۹۰۴ء میں۔ اور پھر اس سال کے بعد ۱۹۰۸ء میں۔ اس واسطے کہ ۱۹۰۰ء لیپ یئر یعنے سال کبیسہ نہیں ہے۔

— گورنر جنرل روسی ترکستان کو یہ اختیار ملنے والا ہے کہ جس کسی پردیسی کا اُس علاقہ میں رہنا اُس کے نزدیک بحق روس مضر معلوم ہو اُس کا اخراج عمل میں لائے۔

— دنیا میں سب سے بڑا دارالعلوم قاہرہ (مصر) ہے جس میں اور گیارہ ہزار طلبہ وہاں پڑھتے ہیں۔ حالانکہ یہی ملک علم میں سب سے کم مشہور ہے۔

پیسہ اخبار

نمبر ۲۷ | یوم جمعہ - ۱۳ - جولائی ۱۸۹۴ء مطابق ۹ محرم ۱۳۱۲ھ موافق ۳۱ - ساڑھ سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۸

وقیعیت علمہ کے لئے شمار اور اعداد

رپورٹ ریلوے ... ۱۸۹۳ء میں صرف ۲۲۹ میل نئی ریلو... کی گئی تھی۔ جو سال اسکی نسبت بھی ۱۰ میل مترقی ... ۱۸۹۲ء ایک ہزار میل سے زیادہ ریلوے جاری ہوئی تھی۔ ... ۱۸۹۳ء جدید راہ کی اوسط مقدار ۹۰۰ میل سالانہ تھی۔ ... ۱۸۹۳ء میں ۱۰۰ میل ... ہوئی اور اس زمانے میں ہر سال ۱۰۰ میل ... ہے۔ ... ریلوے ... کی گنجائش نہیں ہے کہ ... ترقی ... صرف ... ۔ آمدنی کے متعلق ... معلوم ہوا کہ ... آمدنی ... سال سابق کے ... ۵ لاکھ روپے زیادہ تھی۔ مسافروں کی تعداد ... ۱۰ لاکھ کا اضافہ ہوا۔ خالص آمدنی کا اضافہ ۱۴ لاکھ تھا۔ کل سرمایہ ... مقاطعہ گورنمنٹ کو سال ہذا میں ۴ لاکھ کا گھاٹا ہوا۔ ۱۸ لاکھ ... میں ایک کروڑ ۱۰ لاکھ کا تھا۔ اس کی وجہ ... خرچ کی خرابی ... کی گئی ہے۔ اگر خرچ کی خرابی روکا نہ ہوتی تو گھاٹا نہ ہوتا۔ بلوں کی ... کا منافع ہوتا۔

محاصل ہند

گزشتہ ۱۰ برس کے عرصے میں ہندوستان ... آمدنی ۴۹ کروڑ سے بڑھ کر ۵۲ کروڑ روپے تک پہنچ گئی۔ ... محاصل سال گزشتہ میں بقدر ۳ کروڑ ۳ لاکھ ... ہے ... ۱۸۹۳ء میں ۶۰ لاکھ اپر باری بدولت ہے۔ نمک کے محاصل ... ۳ لاکھ کی جگہ ۵ کروڑ ۵۰ لاکھ کی آمدنی ہوئی۔ جنرل اسٹامپ ... ۱۸۹۳ء ۲ کروڑ ۷۰ لاکھ ۶ ہزار تھی۔ ۱۸۹۳ء میں ایک کروڑ ۳۰ لاکھ ۴ ... آبکاری کی آمدنی ۱۸۹۳ء میں ۱۲ کروڑ تھی اور ۱۸۹۳ء میں ... جنگلات کی آمدنی ۱۵ لاکھ سے ۷۰ لاکھ تک پہنچی۔ فیون ... ہوئی یعنی بجائے ۵ کروڑ کے ۱۸۹۳ء میں ۴ کروڑ ۲۰ لاکھ ... حاجات کی یہ کیفیت ہے۔ ۱۰ سال پیشتر انتظام حکومت کا خرچ ... ۱۰ لاکھ ۵ ہزار تھا۔ لیکن ۱۸۹۳ء میں ۱۴ کروڑ ۵۰ لاکھ ۴۰ ہزار ہوا۔ ... کا خرچ تقریباً ۳ کروڑ کے ہے اور یہ تقریباً مستقل ہے۔ فوج کا ... ۱۸۹۳ء میں ۱۸ کروڑ تک پہنچا۔ فوجی کاموں کا خرچ ایک کروڑ تھا لیکن ... ہو گیا۔ سکہ کا خرچ ہر سال ترقی پر ہے یہاں تک ... ۱۰ لاکھ ۲۰ ہزار تھا لیکن ۱۸۹۳ء میں ساڑھے چھ کروڑ ... ۱۰ لاکھ ۳ ہزار صرف ہوا۔ لیکن سنگ ... مال میں ایک ... ۱۸۹۳ء میں سب سے زیادہ اموات ... ۱۰ لاکھ ۷۰ ہزار۔ اور سب سے کم سنٹرل جیل ... ۱۸۹۳ء میں تمام جیلخانوں میں ۱۵۱۰۵ مسلمان ... اور ۹۳۵۳ ہندو مرد اور ۲۶۲ ہندو عورتیں اور ... ہوئے۔

مذاق

ایک امیر نے ایک دفعہ ایک جہاز کے ملاح سے پوچھا کہ تمہارا باپ کس طرح مرا تھا؟ اس نے جواب دیا جہاز میں ڈوب کر۔ اور تمہارا دادا کس طرح مرا تھا؟ اس نے کہا وہ بھی جہاز ہی کے ڈوبنے سے مرا تھا۔ امیر نے کہا کہ پھر تم سمندر ہی میں رہتے ہو۔ اور جہاز سے نہیں ڈرتے؟ جو دیکھ تمہاری دو پشتیں وہیں تباہ ہو چکی ہیں۔ جہازی نے امیر صاحب سے عرض کی کہ حضور کے والد بزرگوار کا کہاں انتقال ہوا تھا۔ امیر نے جواب دیا کہ اپنے محل میں خاص کمرے کے اندر کے پلنگ پر۔ اور حضور کے جد امجد کا بھی وہیں پلنگ پر انتقال ہوا تھا۔ اور آپ کہاں سوتے ہیں؟ میں بھی وہیں سوتا ہوں۔ تو جہازی نے حیران سے کہا کہ باوجودیکہ آپ کی دو پشتیں پلنگ پر تباہ ہو چکی ہیں مگر اب تک آپ کو سمجھ نہیں آئی۔ اور آپ برابر پلنگ پر ہی سویا کرتے ہیں۔

میم:۔ "میرے شوہر کے نام آج ایک رقعہ مستورات کے رسم خط کا آیا ہے"۔

سہیلی:۔ "تمہیں تو ناگوار گزرا ہوگا"۔

میم:۔ "ناگوار تو میرے شوہر کو ہوگا۔ کیونکہ میرے درزی کی دکان کا بل ہے"۔

لڑکا:۔ "ابا۔ تم نے ابا سے میری گاڑی کے واسطے کہا تھا؟"

ماں:۔ "کہا تو تھا مگر اس نے جواب دیا کہ میں نہیں خرید سکتا"۔

لڑکا:۔ "اچھا۔ پھر تم نے کیا کہا؟"

ماں:۔ "میں نے بہت اصرار کیا مگر وہ راضی نہ ہوا"۔

لڑکا:۔ "اصرار کیا اور ست ہے! ہونہہ! اگر تمہارے شوق کی چیز ہوتی تو ذرا ٹھنکتیں اور لے چھوڑتیں"۔

مرد:۔ "یہ لڑکی مالدار ہے تو کیا ہوا۔ مگر بڑی بدمزاج سی ہے۔ دو لفظوں کے سوا آج بات ہی کرنا نہیں جانتی۔ ہاں یا نہیں"۔

عورت:۔ "تم سے دونوں لفظوں میں سے کونسا لفظ کہا"۔

وکیل:۔ "آج رات کو میرے مکان میں ایک چور گھسا تھا"۔

دوست:۔ "کچھ نقصان ہوا؟"

وکیل:۔ "نہیں۔ قبل اس کے کہ میں اس کی جیب میں ہاتھ ڈالوں وہ بھاگ گیا"۔

عورت:۔ "یہ پتین نہایت خوبصورت ہے کس جانور کی ہے؟"

مرد:۔ "میری"۔

عجیب عجیب باتیں

ہمیشہ روشن رہنے والے چراغ۔ کہا جاتا ہے کہ قدیم رومانوں نے بعض قبروں میں اس صنعت سے چراغ رکھے تھے جو صدیوں تک برابر خود بخود جلتے رہے۔ چنانچہ پوپ پال سوم کے عہد میں ایک ایسی قسم کا چراغ ظلیہ دختر سسرو کی قبر میں پایا گیا تھا۔ جو اس میں پندرہ سو پچاس برس تک بند اور برابر جل رہا تھا۔ رومانی خاتونوں اور مزاروں کے منہدم ہونے پر ایک چراغ ملا جو لگاتار بارہ سو سال سے جل رہا تھا۔ اس قسم کے دو چراغ نیپلز (نیپلز) کے ایک مشہور شہر کے عجائب خانے میں موجود ہیں۔ کشمیر میں بھی حکیم بوعلی سینا کا اسی صنعت کا ایک چراغ تیار کیا ہوا ملا تھا۔ مگر اس میں یہ آفت طرہ تھا کہ اس کی حرارت سے ایک حمام بھی ہر وقت گرم رہتا تھا۔ دو صدی کے بعد ایک احمد شخص کے قبضے میں آگیا جس نے اس طلسم کے معلوم کرنے کے لئے حمام کو دھونے کا حکم دیا۔ لیکن چراغ کو جس وقت خالی ہوا پہنچی معاً گل ہو گیا۔ اور پھر روشن نہ ہو سکا۔ حساب لگایا گیا تھا کہ اگر حمام اٹھا نہ جاتا تو یہ چراغ کئی صدیاں ابھی آو جلتا رہتا۔ علاوہ اس کے مندروں۔ عیسائی گرجاؤں۔ یہودی عبادتخانوں اور زندہ جاوید بزرگوں کے مقبروں میں مدتہائے دراز سے ایسے چراغ استعمال میں آتے ہیں جو ہمیشہ جلتے رہتے ہیں لیکن سب سے اول قدمائے مصر نے ایسے چراغوں کو اپنے مندروں میں لگایا اور پھر خانگی مکانات اور پبلک عمارات کے طاقوں میں روشن کیا۔ تمام دنیا میں کشتی کے سامنے یہودیوں کے عبادتخانوں میں کہ جس میں مقدس قانونی کاغذات محفوظ ہیں ایسا ہی چراغ روشن ہوتا ہے۔ اور وہ ان ارواح کی حیات جاوید پر دال سمجھا جاتا ہے۔ یہ مغربی رسم قدیم سے فرقہ رومن کیتھلک میں بھی یہودیوں سے کم مروج نہیں ہے۔ میدان کے گرجا میں جو سینٹ کارلو بارومیو کا مقبرہ ہے اس میں بھی ایسے ہی چراغ کا اجالا ہے جو کبھی گل نہیں ہوتا۔ روم میں اکثر بازاروں کے سروں پر اور نیز اٹلی۔ سپین و دیگر ممالک رومن کیتھلک کے شہروں میں باکرہ لڑکی اور لڑکے کی مورت کے سامنے بھی ہی چراغ جلایا جاتا ہے۔ ممالک شرقیہ میں پارسی اور آتش پرست لوگ اپنے آتشخانوں میں علی الدوام آگ جلتی رکھتے ہیں جو کسی وقت نہیں بجھتی۔ بعض موقعوں پر میسا کل باکو کے سمندر میں ہے قدرتی آگ زمین کے اندر سے ایک دائمی اور مسلسل رسد گیاس کی پہنچنے سے ہمیشہ قائم رہتی ہے۔ باکو میں بہت مقامات سے یہ قدرتی آگ نکلتی ہے اور جہاں مٹی کے تیل کا کارخانہ ہے وہاں پھاٹک کے سنگین میناروں کے درمیان میں آگ ہے اور دائمی روشن چراغ بلند شعلہ والے موجود ہیں۔ وینیک اور حصوں میں بھی مقدس آگ جو صندل و دیگر خوشبودار اجزا سے مہیا کی جاتی ہے۔ جوالا مکھی ضلع کانگڑہ سے بھی ہی قسم آگ کی

فیروز الدین

سرٹیفکیٹ

جناب ڈاکٹر ہتھ وہ پت صاحب
اسسٹنٹ سرجن اسکاٹ مشن ہاسپٹل لاہور

جناب ڈاکٹر نانک چند صاحب
سول سرجن ہاسپٹل ڈسپنسری ساہیوال

جناب ڈاکٹر کشوری لعل صاحب از شفا خانہ ریاست جیند اردو ہاپوڑ نہ آپ کا جوہر عشقہ فیروزی ناقابل تعریف ہے ایک مریض بار بار میں سے مرض پیری اسائی لس میں مبتلا تھا استعمال سے صحت یاب ہوا۔

جناب ڈاکٹر گیارا رام صاحب
اسپشل اسسٹنٹ سرجن ہاسپٹل راولپنڈی۔ جوہر فیروزی۔ تجربہ سے معلوم ہوا کہ یہ گولیاں نہایت مفید فائدہ کرتی ہیں خصوصاً جب استعمال سے آدھ گھنٹہ بعد اچھی طرح کھانا کھا جاتے ہیں جس سے استفراغ ہو کر یہ ہوک خوب لگتی ہے عرصہ سے باقاعدہ رہے ہے تپ (نلف) جو ملیریا بخار سے ہوجاتی ہے۔ رفتہ رفتہ کم ہونے لگتی ہے یہ گولیاں (جوہر فیروزی) خرابی جگر کے لئے بہت ہی فائدہ کرتی ہیں خصوصاً ہندوستانی اشخاص کا جگر اکثر خراب ہوجاتا ہے اگر انکا استعمال کریں تو ٹھیک ہوجاتا ہے لہذا ہم ان گولیوں کی بحالی پر سریع الاثر ہونے کے بارے میں قوی شہادت دیتے ہیں۔

جناب خان دوران خانصاحب از کوٹ مراد بخش ضلع گجرانوالہ ۹ جنوری ۱۹۰۷ء عرصہ آپکے کارخانہ کا عشقہ فیروزی پینے خود اپنی اور اپنے استعمال کیا انگریزی سے سیکھا تھا اب میں یہ جوہر ایک نہایت مفید اور قیمتی ہے جس اعزاض کے واسطے جسے استعمال کیا اسیں اپنے خیال سے بڑھکر مفید پایا۔

انگریزی ادویات

ہر قسم خالص اور تازہ آمدہ مطابق موجود ہیں قیمت اور شرح میں سب سے ارزاں ۱۰

ادویات

FINOZ NERVIN TONIC PILLS.

ٹانک پلز

جوہر فیروزی

انسانی کی صحت کی سلسلہ و محافظ دوائی ہے جو کہ تمام امراض کے لئے مفید ہے یہ گولیاں ہر ڈاکٹران اور عہدہ داران سرکاری و درسا و غیرہ نے تجربہ سے ضرور اسکی تصدیق فرمائی ہے ۔ مثلاً ضعف باہ۔ ضعف اعصاب۔ ضعف حافظہ۔ ضعف بصر۔ ہیجان سر۔ سرگشت اقرال۔ تکرہ کثرت احتلام۔ ہیجان دل وغیرہ وغیرہ کے لئے ایک بے نظیر دوائی ہے۔ ان لوگوں کو دوبارہ جوانی بلکہ شباب کا لطف دلاتی ہے ایک ایسی دوائی ہے جسکو کثرت مجامعت یا ..... کرنے والے بھی کمزور ہو بدن کو مضبوط اور طاقتور بنانے میں بے نظیر نہیں رکھتی۔ تمام ملک میں اسکا شہرہ اور چرچا ہے ایک کورس یعنی ۳ بکس سے ۴ بکس تک گمشدہ طاقت واپس آتی ہے قیمت فی بکس (۴۸ گولی) ۸ عہ

جوہر عشقہ فیروزی

یہ جوہر امراض ذیل کے لئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ آتشک کسی درجہ میں ہو۔ بڑھے ہوئے آتشک۔ درد ہڈیاں۔ درد شانہ۔ آتشک کے باعث جسمی جریان جوانی پھلبہری سرد دور ہوجاتی ہے۔ بھگندر۔ سیاہ جسم کا سیاہ ہونا۔ سفید داغ۔ خون خرابہ وغیرہ۔ ہر اپنچ ملک کی بہت سی بوٹیاں وغیرہ شامل کی ہیں تاکہ طبیعت سودا دی صفراوی کے لئے بھی موافق اور مفید ہو۔ صفائی خون کیلئے طرب مثل ہے قیمت شیشی خورد ۴ عہ کلاں ۸ عہ

دمعن طلا

۱۔ ۱۲ جوانی کی غلط کاریوں کے کل نقائص صرف بیرونی استعمال سے دور کرکے دوران شباب رکھتا ہے جوب خیری کا استعمال بھی اسکے ساتھ ضرور چاہئے تاکہ دلی فائدہ ہو۔ قیمت شیشی تولہ بھر ۱۲ عہ دو روپے۔

حب مسہل

لطف بس بے نظیر پوری تعریف خلاف ادب ہے۔ فی گولی ۳ درجن گولی ۱۵ ر

فیروز سا

پاکٹ کورس امراض کے لئے بہت مفید ہے۔ کھٹی ڈکار۔ سر درد۔ دل کا دھڑکنا۔ کالی کھانسی بلغمی کھانسی دل کی دھڑکن۔ قیمت شیشی خورد ۱۲ عہ شیشی کلاں ۸ عہ

جواہر فرح سوز اک و قرحہ

جواہر اس مرض کے لئے تریاق ہے پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا۔ درد جلن پیشاب آنا۔ پیشاب کے ساتھ خون آنا۔ درد ہونی شروع ہوجاتی ہے ہر حالت کے مریض کے لئے مفید ہے قیمت فی شیشی دو روپے ۲

عرق دافع چیچک تیچہ پت

یہ دوا ان امراض کے لئے بہت مفید ہے خدمت کے فضل ہے اسکا ثانی نہیں خطا نہیں جاتا۔ ایک شیشی سے چھ مریض صحت پاتے ہیں۔ قیمت فی شیشی ..... ۱۲ ر

عرقی طحال و جوب فیروزی

تپ تلی یا لیلہ کے دفعیہ کے لئے بہت مفید ہے۔ کچھ عرصہ کے مریض کے لئے صرف گولیاں اور دیرینہ کے لئے گولیاں اور عرق دونوں قیمت شیشی عرق طحال عہ کبس گولیاں جوب فیروزی ۱۲ ر

حب بواسیر

بواسیر ہو یا بواسیر خونی ۲ دن میں بادی۔ کبس ۴۸ عہ

مرہم بواسیر

قیمت فی ڈبیہ ۱۲ ر

فیروز کیپ

دافع عادت شراب۔ چنڈو۔ وغیرہ۔ اسمیں نشہ نہیں ہے۔ تولہ خورد تولہ ۲ کلاں ۸ عہ

بادی گارڈ

مفید بڑے بڑے پیٹ۔ بڑھی۔ ہیضہ اور پیٹ درد وغیرہ پر وقت کارآمد ہے۔ قیمت ۴ عہ

حب ذیابیطس

قیمت فی بکس ۴۸ گولی ۸ عہ

مرہم خارش

خشک تر۔ فی ڈبیہ ۱۲ ر

بال پیدا کرنے کا جوہر

فی شیشی ۸ عہ

حب دفع وجع مفاصل

فی ڈبیہ ۱۲ ر

روغن مالش درد اعضا

فی شیشی عہ

جواہر درد دانت

روغن درد کان ۱۲ ر

سرٹیفکیٹ

نقل عنایت نامہ

ایک شیشہ وسرداری نامہ از عظام الدین ۔ (۱) مجھے کئی سال سے ایک شیشی بادی گارڈ درد کمس محافظ دندان جو آٹھ آنہ کو آتا ہے۔ آپ کی پی سال آپ کے کارخانہ میں سے (سی) موٹوا کی مجھے سر پیٹ کو ایک شیشی بادی گارڈ درد مرتبہ گیا ہے۔ پھر ہوں۔ درحقیقت اس دنوں دوائی نام ہے۔ کہ ہمیشہ ہی ضرورت کو تو بہت دانگ (دوائی) ہے۔

جناب محمد شریف الدین و محمد نجم الدین

صاحبان جنڈیالہ شیر خان ترشی و جگر دار اور اعصاب ۔ عرصہ تخمیناً چھ ماہ کا ہوا کہ ایک کمپنی جب شروع ہوئی ہے۔ ایک شیشی ۱۲ ر

جناب ملک فتح محمد صاحب

جیسٹر از مقام سندار ضلع سرگودہا۔ مجھے آپ کے کپڑے لگا ہے۔ دارالضرب جو عرصہ دراز سے ہوا آرام ہوگیا۔ جو بھی اس دوائی کا شوق ہوا ہے۔ ایک شیشی کپڑوں کا ہمراہ (فیروز بام) اور دو بکس جوب خیری بذریعہ ریلوے پارسل عنایت فرمائیں۔

چند صاحبان کے نام تعامی ہزار استدعا ہیں آپ ذیل میں درج کی جاتی ہیں کہ جنہوں نے بعد تجربہ ادویات کے سفید بالکل کامیاب ہونے کی تصدیق فرمائی ہے۔

جناب ڈاکٹر تھین شاہ صاحب ہیڈ ماسٹر سول سرجن۔

جناب ڈاکٹر دیپ گھوش صاحب اسسٹنٹ سرجن۔

جناب ڈاکٹر جھنو خاں صاحب اسپشل اسسٹنٹ

جناب ڈاکٹر مہتہ دینچند صاحب اسسٹنٹ سرجن۔

جناب ڈاکٹر نانک چند صاحب اسپشل اسسٹنٹ سرجن۔

جناب ڈاکٹر کشوری لعل صاحب (شفاخانہ ریاست جیند)

جناب ڈاکٹر گیارا رام صاحب اسپشل اسسٹنٹ

جناب ڈاکٹر عزیز محمد خاں صاحب (از رسالہ گائیڈ)

جناب ڈاکٹر غلام داد خاں صاحب ایل ٹی میکل چارج۔

جناب ڈاکٹر نیت سنگار ام صاحب ایل۔ ایم۔ ایس۔

جناب میجر لیکیت صاحب بہادر (فوجی عہدہ دار)

جناب مسٹر ہال نقار نبی صاحب بہادر۔

جناب سردار بریم سنگھ صاحب منصف دیلی۔

جناب سردار بشن سنگھ صاحب اسسٹنٹ کمشنر جھنگ

جناب خان صاحب محمد اول پاسٹ ہیڈ ہال۔

فیروز الدین

اردو ادویات

فیروز الدین اردو ادویات انگریزی

غیر ممالک میں ایجنٹ مقرر ہیں

ہر قسم کی ادویات ہمیشہ تیار رہتی ہیں

ہر قسم کی ادویات ہمیشہ تیار رہتی ہیں

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں؟

ہمارے ہندو اور مسلمان بھائی کرسٹان ہونے کی وجہ سے انگریزی اور دیسی شراب و بیئر جیسی جائز چیزوں سے بھی ہر ایک مذہب میں ممنوع ہیں پس جب وہ بیمار ہوتے ہیں تو دوا پینے کو مجبور ہوتے ہیں مگر کہ کھانے کے بعد سے ہاتھ دھوتے ہیں وہ کون سا طریقہ ہے کہ جس سے بغیر مذہب کو چھوڑے ہوئے ہم اپنی بیماری کو دور کر سکتے ہیں۔ آؤ آزمائش کریں شفا نہ دے تو اگا دیکیم ڈاکٹر غلام نبی موچی دروازہ لاہور

ہر قسم کے بخار ملیریا ہر قسم کے درد سر ہر قسم کے دل کی کمزوری ہر قسم کے ہیضہ و پیچش۔ قبض۔ قے۔ تپ محرقہ۔ دردِ گردہ۔ ہر قسم کے پیچان دل کا دورہ۔ کرم کدو۔ کرم کا پھٹ کر جسم کا پھٹ کر۔ خرابی گردہ۔ دردِ دل۔ تکلیف حیض و رحم۔ کمی اشتہا۔ درد سر۔ ضعف اعصاب۔ کثرت پیشاب۔ ذیابیطس وغیرہ امراض کے لئے ہمارا ہر شیشہ ۱۲ حب دوا ۱۲ حب ذیابیطس ۱۲ بار بیتاب کی آزمائش کی ہوئی دوا ہے۔ ہر شیشہ کے ساتھ مفصل ہدایت نامہ ہے۔ ہر شیشہ کی قیمت ۱۲ حب دوا ۱۲ حب ذیابیطس ۱۲ بار بیتاب کی آزمائش کی ہوئی دوا ہے۔ ہر شیشہ کے ساتھ مفصل ہدایت نامہ ہے۔ ہر شیشہ کی قیمت

مصنف فہرست سارٹیفکیٹ کی کتاب مفت حاصل کیلئے لکھیں۔ ہر جگہ ایجنٹ ضرورت ہیں۔ ہر ایجنٹ کو ۲۵ فیصدی کمیشن دیا جاتا ہے۔ ایجنٹ بننے کے لئے ۱۰ روپیہ بطور امانت بھیجنا ضروری ہے۔ ہر ایجنٹ کو ۱۰ روپیہ کی دوا مفت دی جاتی

ہیضہ سے بچو

ڈاکٹر برمن

آپ سے بھی کہتے ہیں اور کہیں گے ہیضہ سے بچنے کے کل دو ہی وسیلے ہیں (۱) جونہی ہیضہ پھیلا ہو تو روزہ دو چار بوند پنسل عرق کافور "کوما لیا کرو پھر ہیضہ ہونیکا خوف نہ رہیگا (۲) جو کسی کو ہیضہ ہو گیا ہو - تو جہانتک ہو سکے اصل عرق کافور پلاؤ، ڈاکٹر حکیم خواہ ڈپہ کی انتظاری میں وقت نہ بتاؤ کیونکہ ہیضہ کی - پہلی حالت ہو جانے پر کوئی دوائی کام نہیں دیتی +

اسلئے آپ کو چاہیئے

ہر وقت "اصل عرق کافور" اپنے پاس رکھیں بس بس سے یہ عرق مشہور ہو رہا ہے - جو آپ اس کے عجیب فائدے کو جانتے ہیں تو دوسروں کو بھی بتائیے اگر نہ جانتے ہوں تو دوا منگانے کے پہلے بغیر قیمت سارٹیفکیٹوں کی چھپی ہوئی کتاب منگا کر پڑھیے

قیمت فی شیشی ۴ر

۵ ڈاک محصول میں ایک سے چار شیشیوں تک جاتے ہیں
پتہ - ڈاکٹر ایس کے برمن نمبر ۵ کارنجت اسٹریٹ لکھنؤ

پھٹکڑی مرغی ارواح سے تمام اصل میں ہزاروں آدمیوں کے ذریعہ ملاقات

زندہ جاوید

مذکورہ عنوان کتاب کی ہدایتوں پر عمل کرنے سے شخص اول ہی روز اپنے مرحوم و مغفور بزرگوں رشتہ داروں پیاری بیاری جگر گوشت یا جس سے ملنے کی تمنا ہو اسی روح سے جو اکثر جسم حاصل ہے خود ہوتی ہیں یا تیرا ملاقات کر سکتا ہے - بزرگان قوم برادران مذہب پیشوایان دین حکماء فضلا طلب متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہوا استفادہ حاصل کرنا دیر ہوں مشکلوں الجھنوں سے چھٹکارا پھیروں کو عام ارواح مالبد وقات - روح ملا محمد خدا کی ہستی کا ارواح کی زبان سے علمی بدیہی ثبوت دلا سکتا ہے مصنف نے اپنی سابق کتاب "زندہ کرامات" میں عمل میں حالات و شخصیت کا قاعدہ لکھا ہے لیکن اس کتاب سابقہ مسلم ہونے خود عمل کے و شخصیت بننے کا قاعدہ لکھا گیا ہے علاوہ ازیں جن لوگوں کو اس کتاب میں شک تھا اس کتاب میں ہر کر دیا ہے ساتھ تاریخ پر ایک ایک نئے ہمارے نکتہ چینی کی ہے جو ہر مذہب والوں کو تعلیمی عجیب معلوم ہوگی علم خرد سیکھنے کے حیرت انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں مصنف کا دعوہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر باتیں سکھانے میں ذمہ دار ہوں +

قیمت فی جلد عہ

المشتہر - انبا پرشاد ۱۰ ایف ٹی ایس (صوفی) ایڈوکیٹ

جس مہربانی اور عنایت سے آپ لوگوں نے میری ناچیز محنت کی قدردانی فرمائی ہے میں آپکا نہایت شکر گزار ہوں اس نے سال سے اسکی خاطر بہت عمدہ عمدہ کلاک ٹائم پیس اور ہر طرح کی جیب گھڑیاں لائے ہیں منگوائی ہیں جو نگینہ دار اور نیز آنکھ ال نکالنے سے کچھ کو رعایت ہوگی نہایت بھی آپکے اس خیال کی "تھوڑا لکھنا بیماری سمجھنا" گھڑی کی قیمت بھی استدعا کرتی ہے مجھے پوری امید ہے کہ پہلے کیطرح اس سال بھی میری خدمات کی قدردانی فرما کر سندہ کو نمونوں و مشکلوں سے مرحمت فرمائینگے نیز گھڑی کی عمدہ اور کفایت ہر ایک قسم کی ہو سکتی ہے +

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی ۴ سال

نکل سلور ڈوبن کیس کیلس درجہ اول لعہ غلبسلور ڈبن کیس کیلس درجہ دوم لعہ نکل سلور ڈوبن کیس کیلس درجہ اول لعہ ۱۲ درجہ دوم لعہ ۱۰ پکہ ڈبل گارنٹی ۴ سال ملے رسچ ڈبل گارنٹی ۳ سال ے ر +

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیاں لیور چال کی ہیں

ڈبل کیس کیلس اور ڈائل بالکل سفید یعنی نیم دھکا +

رسٹ واچ بغیر کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں گارنٹی ۴ سال

غلسلور کیلس درجہ اول لعہ درجہ دوم لعہ خالص چاندی درجہ اول لعہ درجہ دوم لعہ ۷ نی ٹائم پیس گارنٹی ۲ سال عمدہ کلاک گھنٹہ اور آدھ گھنٹہ بجتا ہے لعہ ۱۲ بائیکی ریٹر بلاک لعہ گارنٹی ۲ سال

ہماری دوکان میں ہر ایک قسم کے عطریات اور خوشبو اتیل موجود ہیں آرڈر آنے کا کمیشن سال کے پر فہرست روانہ ہوگی +

طلسمات کی گولیاں

(از کار رفتہ بوڑھوں کیلئے عطائے جوانی - کمزور نا توان جوانوں کے لئے طلسم سلیمانی)

گولیاں کیا ہیں حقیقت میں جادو ہیں - چار دن کے بعد دیکھئے بوڑھ کو اور جوان کو نوجوان پائیے گا - مردہ دلی کے بجائے زندہ دلی رستی کے بجائے ہوشیاری پیدا کر دینگی - گولیاں کیا ہیں درحقیقت جن جادو ہیں - ایک دوائی جیون امرت ہے جو مفید تمام اعضائے دل - دماغ - بصارت - جگر - غرضیکہ تمام بدن کو طاقت بخشتی ہیں گولیاں کیا ہیں درحقیقت جن ہیں - درد سر - درد کمر سائیکہ لیا وغیرہ دنگ کے لئے اکسیر ہیں - کہیں انکی نظیر نہیں مل سکتی - ہفتہ بھر کے استعمال میں معلوم ہو جاتا ہے - منگوا کر دیکھئے - قیمت فی بکس عہ محصول ذمہ خریدار

ہمارے کارخانہ میں بہت سی ہماری اپنی بنائی ہوئی دوائیاں موجود ہیں - با تصویر فہرست کارڈ بھیجکر منگوا لیجئے +

المشتہر - نرائن سنگھ ہرنام سنگھ سوداگران عطار بازار امرت سر پنجاب

رام داس بزاز ڈبی بازار لاہور

رام داس بزاز ڈبی بازار لاہور

ویسٹ انڈوچ کمپنی

صرف اکیلا کارخانہ خود گھڑی بنانیوالونکا جو ہندوستان مین قایم ہے

ہماری گھڑیان بالکل ہمارے کارخانہ مین بنتی ہین۔ یہ ہمین کسی دوسرے بنانے والے لوگون کو نفع نہین دینا پڑتا۔ اور ہم اسلئے تمام کو بہت ارزان نرخ بہ نسبت دوسری گھڑی فروشون کے دے سکتے ہین ویسٹ انڈ گھڑیون کی ہر بات کی ذمہ داری کرتی ہے نہایت معتبر مضبوط اور دیرپا ہوتی ہین خواہ کتنی ہی سخت سواری یا دوڑ مین کیون نہ بھیجا جاوے اور اگر احتیاط سے رکھی جاوے۔ تو عمر بھر ٹھیک رہ سکتی ہین جو گھڑیان نامنظور ہون وہ آٹھ روز کے اندر واپس کیجا سکتی ہین بشرطیکہ وہ اُنکے کیس کھرچے ہوئے یا توسال ہون۔

(ہمارا سٹاک (ذخیرہ) ہندوستان کے تمام کارخانون مین سب سے بڑا اور مختلف ہے۔ خریداروں کو مندرجہ ذیل قسم کی گھڑیون کی طرف بالتخصیص متوجہ کیا جاتا ہے۔

برمانگیس لیور واچ۔ نہایت عمدہ گھڑی مختصر بہ زرون کی۔

اوپن فیس۔ نکل کیس وسط۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

ہنٹنگ۔ نکل کیس وسط۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

ہاف ہنٹنگ۔ نکل کیس ۔۔۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

کمپین۔ متوسط اور چھوٹے حجم کی کیس بعد گھڑیان تین سال کی ذمہ داری

اوپن فیس۔ نکل کیس ۔۔۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

ہنٹنگ۔ نکل کیس ۔۔۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

ہاف ہنٹنگ۔ نکل کیس ۔۔۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

اسپرو ڈریلوے گارڈس۔ بڑے حجم کی۔ چین متوسط حجم کی۔ دیہاتی چھ سال

اوپن فیس۔ نکل کیس ۔۔۔ چاندی کا کیس ۔۔۔

فوجی گھڑیان ورسی ورج کی ڈائنڈنگ۔ لیور واچ جس مین آج تک کی اصلاح ہے۔ دیرپا۔ خوب اور صحیح چلنے والے حادثے کی صورت مین آسانی سے مرمت ہوسکتی ہے ۔۔۔ چاندی کے کیس کی اور اندرونی نکل کیس والی ہنٹنگ ۔۔۔ ہاف ہنٹنگ ۔۔۔ خوب مینا کاری کے ڈھکنے ۔۔۔ چلدر بہ زیادہ۔

ہندوستان اور برہما کے ہر حصے مین ہماری ذمہ داری پر گھڑیان بذریعہ وی پی روانہ کی جاسکتی ہین۔ ہماری گھڑیون کی یا تصویر فہرست جس مین ۲۵ سے زیادہ قسم کی گھڑیان۔ زنجیرین وغیرہ ہین۔ درخواست پر مفت بھیجی جاتی ہے۔

ویسٹ انڈوچ کمپنی

۹ اولڈ کورٹ ہوس کلکتہ ۹ ایلگن گیٹ سرکٹ ہیوی۔ کمرشل بلڈنگس لاہور

تمام معزز گھڑی فروشون سے

پاپولر واچ کمپنی

کی چھوٹی کوک کی کی بس لیور ہس۔ وہ قیمت کی گھڑیان طلب کرین جو کہ لحاظ صحت مضبوطی اور نفاست !!! مین کے تمام دوسری گھڑیون کے ہم پلہ ہین۔

تاہم مقابلہ ان کے بہت سستی

پاپولر گھڑیان اوپن فیس اعلیٰ سلور کے کیس کی درمیانہ ساخت کی ہین ہر گھڑی سفید یا رنگین مینا کاری کا کام کیا ہوا ڈیل ہوسکتا کی سوئی کے ساتھ جب کی بنی ہوئی ہوئی چادر جواہرات جڑے ہوئے مع مضبوط کیس کے کہ سکتے اور سویان پہر ایکے سالان کے وہ ضروری حصے یعنی نکیپ منٹ ایک نئے طرز کا سیٹ شدہ ہے جو کسی اور سے لیور اسکیپ منٹ کی طرح کمزور نہین اور ہمارا کل سے بنایا جاتا ہے ہر دن کی ہتاب باری اور درستی اور ساتھ ہی بہت تھوڑے خرچ سے حاصل ہوسکتا ہے۔

تمام پاپولر جیب گھڑیون کے ڈائل پر کمپنی کا نام ہوتا ہے کہ جس کے سوائے کوئی اصلی نہین۔

پاپولر واچ کمپنی نے کاری گردن کی گران قیمت و سستی محنت سے کامل احتراز کرکے زمانہ حال کے نہایت ترقی شدہ خود بخود کام کرنیوالی کلون کے ذریعہ سے اس گھڑی کے تمام پرزے بنوانا شروع کیا ہے اور یہ کمپنی قابل اعتبار گھڑیان تمام دنیا سے سستی بنا دے سکتے ہین۔ یہ کمپنی صرف ارزان گھڑیان ہی نہین بناتی بلکہ یہ ارزان بیچتی بھی ہے کیونکہ ان کو ہندوستان مین ہر سال ایک لاکھ خریدار اپنی گھڑیون کا درکار ہے کرسکی ضمانت ہر اگلے سال دس لاکھ اور گھڑیان کمپنی گی اور ہر ایک گھڑی سارے بھروسا اپنے ساتھ مین یہ گھڑیان رکھنی پڑین گی پاپولر گھڑیان خوب آسانی اور چلائی ہوئی ہندوستان کے تمام خرد فروشون سے یا براہ راست کمپنی کے رسنٹون سے مل سکتی ہین ہم ٹیل ورسول بیل اپنے ذمہ داری پر بذریعہ ویلیو پے ایبل ہندوستان اور برہما کے ہر مقام پر بھیج سکتے ہین۔

ہول سیل ایجنٹ پاپولر واچ کمپنی

بمبئی ۹۰ چرچ گیٹ سٹریٹ۔ **کلکتہ** ۱۱۹ لوئر چتپور روڈ سٹریٹ۔ **لاہور** کرشن بنگس ہوک فروش ایجنٹون کے تمام بڑے شہرون مین فروخت ہے صرف جنرل ایجنٹ سے خط و کتابت کرین۔

تندرستی ہی دنیا کی بادشاہت ہے

تین گواہی دیتا ہون کہ محمد امام الدین انگریزی دوایات کو کام جانتے ہین ٹرائل دیا ہے اور اوسکی تمام دویات اچھی اور خالص ہین ۔

ڈاکٹر سے آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۵ اگست ۹۴ء

امرتسر کی ایک مشہور یورپین نے ایکدفعہ مجھے کہا کہ امرتسر مین کوئی اچھا دوا ساز نہین ہے اور بھی اسکے کچھ عرصہ بعد اوسنے مجھکو کہا کہ دس ٹیکین کا بیماک ہے اوسکے واسطے کوئی صحیح تجاویز بیان کرے ہر ایک نے نمبر فارماسیوٹیکل کیمسٹ اور ڈرگسٹ کی آزمایش کرلی اور کسی کو دوا بنانے مین لایق نہ پایا ایک دفعہ مین نے امرتسر کے ایک لایق کیمسٹ کے واسطے نوے مین ٹنکچور آیوڈائی تیار کیا مگر کیمسٹ نہ جانتے تھے کہ وہ کس طرح بنایا جاتا ہے مجھے خوشقسمتی سے امرتسر کے ایک آنریری مجسٹریٹ نے یعنی لالہ محمد امام الدین ٹیسپنگ کیمسٹ و ملاقات کرائی جسے کہ مین نے اوسے یہ دوا بنا دین نے دوائی لینے مین پورا آرام پایا کیونکہ مین نے محمد امام الدین مین کو صحیح بنانے اور صفائی کو رکھنے اور دوا سازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی اور میر محمد امام الدین نے مجھے کہا کہ اوسکی چند ادویات بہت سی بیماریون کے واسطے اچھی تیار کرتے ہین اوسنے یہ بھی بتایا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح سے بنائی جاتی ہین مین نے اجزا کو صاف کرکے پوری تسلی کرلی کہ یہ وہی ادویات ہین جو لنڈن اور فرانس کے بڑے بڑے عالم ڈاکٹر بناتے ہین اور مین نے محمد امام الدین کی ایسی تیار شدہ ادویات بہت سے بیمارون کو دیکر تجربہ کیا اور بلاشک و شبہ مفید پایا پس مین عام لوگون کو ان کے خریدکرنے کے واسطے زور سے سفارش کرتا ہون ۔

ڈاکٹر ڈی ایم سانگلے ایم ڈی اینڈ ایم ایس یونیورسٹی آف ایڈنبرا انگلینڈ کا پاس شدہ ۲۴ مارچ ۹۴ء قیصری باغ امرتسر

مندرجہ ذیل ادویات کے مفید نہ ہونے پر قیمت کی واپسی کی شرط ۔

آتشک کی پڑیان جدید آتشک کا علاج ۴۰ پڑیان عصر	روغن وافع وجع مفاصل و درد عصبی بیرونی مالش کیواسطے فی شیشی ۱۰	بچھو کاٹے کا علاج جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۱۰
مرہم دافع آتشک آتشک کے زخم پر لگانے کے واسطے فی شیشی عصر	عرق لال تپ حمی کیواسطے ۴ خوراک ۴ عصر ۴ خوراک ۱۰	بالو کو خوشبودار کرنیوالا ایل ۱۰ دافع اعضائی کو طاقت دینا ۲ پیالہ ۱۰
عرق مشہد مرکب ۔ فساد خون و مفاصلی آتشک کیواسطے ۱۰	اسپرشوریہ پلنہ ۔ دل کو تقویت ۔ ہیضان ۔ ۴ گولی عصر ۔ ۱۰ گولی ۱۰	ڈائریہ لوڈر ۔ دافع اسہال و پیچش ۔ ۱۲ پڑیہ ۱۰
عرق دافع سوزاک و قرحہ ۔ اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی ۱۰	ایلفرڈ ڈیزیز مکسچر ۔ تقوی باہ ۔ دافع ضعف اعصاب ۔ ضعف مثانہ و تشنہ فی شیشی ۱۰	کیسورفارا استعمایش ۔ بواسیر کی بیماری کا علاج فی شیشی ۱۰
دوائی پچکاری برائے سوزاک سوزاک کے کیریٹیو پچکاری کیواسطے عصر	نروائن ٹانک پلنہ ۔ علاج نامردی ۔ کم طاقتی ۔ کمزوری ۔ ۴۰ گولی ۱۰	کالرا کیور ۔ ہیضہ کا علاج ۔ نزلہ و زکام کی دوائی کا گھر میں ہونا ضرور ہے ۱۰
دوائی پچکاری برائے قرحہ سوزاک کے کیریٹیو پچکاری کیواسطے عصر	کاف مکسچر ۔ تر و خشک کھانسی کا علاج فی شیشی ۱۰	عرق کرنین ۔ بخار کے دفعیہ کا مسلم علاج ۴ خوراک ۱۰

المشتھر

محمد امام الدین منیجر و کلوریہ میڈیکل ہال ۔ ہال بازار امرتسر پنجاب

محصول غیر ضمیمہ

اس اصطلاح کی از حد ضرورت ہے

ہر دلبران ۔ تاول کی اصل غرض یہ ہوتی ہے کہ ایک ایسے حصے کے سیاہ بنی ملک میں کوئی ایسا عمدہ اخلاقی سبق دل نشین کیے ساتھ پہنچا جاوے کہ لوگوں کو اس مطابق عمل کرنے کی زحمت معلوم ہو اور نتیجہ ملک ایسا سفید پیدا ہو جاوے کہ جو حصہ محبت کی نئی تجارت سے ہٹ سکے ۔ وہ صفحت قدیم ہندوستان میں ان عرب وغیرہ ممالک میں فرضی قصے ۔ فسانے یا مذہبی جوش کی ایجاد کیے انسان ہوتے اور یورپ میں ان کی بھرمار کرنے سے وہ حرف ہوتی ہے کہ وہ بیسیوں اور نئے مذاق قصے کے پیرائے میں بڑے بڑے اخلاقی تربیتی و معاشرتی اور پولیٹیکل نتائج پیدا کیے ہوئے اجمال سلیقہ و شائستہ میں شادی بیاہ کی تدریج کی بڑی ضرورت ہے ۔ وہ ہر شخص اس ایسے مفید اور نیک کام کی تردد میں کامیاب ہو جاوے وہ ملک پر بہت بڑا احسان کریگا ۔ اسلئے فائدہ میں اخبار لاہور نے یہ ناول جو حقیقت پیرایہ میں علمی مذاق کی چاشنی کے ساتھ قلمبند کرایا ہے ۔ حصہ اول جلی حجم پر کے قریب تین سو صفحہ حجم پر تیار کیا ہے ۔ قیمت فی جلد فی دوسرا حصہ دوم بھی تیار ہو گیا ہے ۔ قیمت فی تمام مدخواستین مقیم پیسہ اخبار لاہور کے نام آنی چاہئیں ۔

بال اُڑانے کا عجیب پوڈر

یہ پوڈر گرم پانی لگانے سے دم بھر میں بال اڑا دیتا ہے اور طرفہ یہ کہ جلد کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتا قیمت فی بکس ۸ تین عدد چھ بکس ۱۰ خرچ ڈاک علاوہ کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے منگوائیے ۔

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت ٹرکی ۲۵ تصاویر

اور صفحے کی اردو صفحے کی کل حجم تین سو صفحے سے زیادہ

آجکل بہترین اور روپہری حروف میں کتاب کا نام

کندہ ہے ۔

بالکل تیار قابل دید!

قیمت فی جلد چھ روپیہ ڈاک وغیرہ بھم ۔ المشتہر ۔ منیجر پیسہ اخبار لاہور

اخبار کرنیل مراد آباد

سب جانتے ہیں کہ ہندوستان میں کوئی اخبار ایسا نہیں ہے جو ہر فرد بشر کے ہاتھ میں پہنچ سکے اور ہر گھر کی ضرورت ہو ۔ اس لئے ہم نے ہندوستان کے تمام اخباروں کا خلاصہ اور ان کے ضروری مضامین کا نچوڑ ایک اخبار میں جمع کر دیا ہے ۔ جو ہر ایک شخص کے ہاتھ میں پہنچ سکتا ہے ۔ اور ہر گھر کی ضرورت ہو سکتا ہے ۔ سالانہ قیمت صرف ۲ روپیہ ہے ۔ نمونہ کا پرچہ مفت منگا لیجئے ۔ المشتہر منیجر اخبار کرنیل مراد آباد ۔

تفریح الاحباب ۔ فی مناقب الآل والاصحاب

یہ ایک کتاب کا نام ہے جس کو مولوی محمد نظام الدین صاحب مرحوم لکھنوی العاسمی نے اسکا ترجمہ کیا ہے ۔ اس کتاب کی اہمیت کے بارے میں ہم کچھ نہیں لکھتے ۔ اس کے مسائل پر مشتمل ہیں وہ سب کچھ بیان کیے ہیں ۔ خوشی اس بات کی ہے کہ اس کتاب کا اردو ترجمہ کیا جا رہا ہے ۔ اور ان کے کتابوں سے حدیثوں کے مضامین لیکر ان کا ترجمہ کیا ہے ۔ اس کتاب کے ترجمہ کرنے میں بہت محنت کی ہے ۔ اس کتاب کے ترجمہ کرنے میں بہت محنت کی ہے ۔ اس کتاب کے ترجمہ کرنے میں بہت محنت کی ہے ۔

دیوان حالی

مولانا مولوی الطاف حسین صاحب حالی پانی پتی کا اردو دیوان چھپے اول میں ۲۳۹ صفحہ کا ایک ضخیم اور سو صفحہ نعت حضور خاتم النبیین کی ایت بہ فاضل دیدہ زیب چھپکر تیار ہو گیا ہے ۔ جو صاحب نکالنا چاہیں راقم سے دریافت کریں ۔ راقم یہ عبدالصمد اصلی انوار علی ہیرا فضل کریم کو پہ پتہ ہے ۔

ولایتی اشکاری!! چاقو!!!

نہایت عمدہ

قیمت فی عدد چھ روپیہ ۔ ظرف چند ماہ آنے (۶ ر)

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا ۔

امروہہ جنرل ایجنسی

اس کارخانے میں ہر قسم کی

قیمتی کتابیں گوٹہ و کرتی کا عمدہ

ریشمی ریشم کے کام کی ۹ ر ۱۰ ر ۱۱ ر ۱۲ ر ۱۳ ر ۱۴ ر ۱۵ ر نمبر

عمدہ عمدہ قسم کی

ریشمی کلابتونی ریشم کے کام کی

ٹوپیاں کلابتونی مع ہے ہے نمبر سے

ٹوپیاں سلمہ ستارہ کی مع ہے ہے نمبر سے

جو حضرات درخواست فرمائینگے تعمیل بہت جلد ہوگی ۔

المشتہر بادام کنوکیٹ ۔ منیجر جنرل ایجنسی امروہہ ۔ ضلع مراد آباد

"علم مسمریزم" پر ایک نادر کتاب

موسومہ بہ

"نور زندہ کرامات"

مصنفہ نے اپنے تئیں سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اسکی ہر ورق سے کرامات ظاہر ہوتی ہے اگر ایک بیمار ہے تو اگر دو علم مسمریزم اپنا کر شفا پائے گا ۔ اگر کسی کے ساتھ ظالم نے زور سے دولت چھین لی ہے تو اگر وہ علم مسمریزم سیکھ لے تو اس کی دولت واپس آ جاوے گی ۔ اگر کسی کو شادی کی ضرورت ہے تو اگر وہ اس کتاب کو پڑھے تو اسکی شادی ہو جاوے گی ۔ اگر کسی کو آسکٹ حاصل کرنا ہے تو بالکل صاف طور پر اس کتاب میں لکھا ہے ۔ اگر کسی کو بہت پیسہ کمانا ہے تو اس کی قدرت میں ہے ۔ زیادہ ثبوت کی ضرورت نہیں ۔ قیمت فی جلد ۱۰ صفحہ ۔ درخواست بنام ماسٹر انبا پرشاد بی ۔ اے ۔ سیتل پور ۔ ضلع مراد آباد ۔ محکمہ ڈاک خانہ جات آنی چاہئے ۔

جوہر زراعت (اپنا پتہ صاف لکھو)

اردو میں ایسی کتاب نہیں ہے ۔ یہ تصاویر انگریزی قیمت ۱۰ صفحہ جس میں ہر قسم کی ایسی زراعتی کاریاں مصالحہ سمیت جیل ملتے ۔ عجیب و غریب اشیائے تجارتی کے حالات مفصل و مرکب سہولت و شناخت تخم دکھلا دینے ۔ ہر ایک مضمون معہ تجربات کے مندرج ہیں ۔ ہر ایک زمیندار اور معزز رعیت کے واسطے ضروری ہے ۔ اس کی طلاعت تک قیمت نہیں ہے ۔

جوہر حیوانات

ہر کتاب ہی بے نظیر ہے ۔ ہر ایک عجیب اور ضروری ہے ۔ اس میں تمام دنیا کے حیوانات کی تصویر ۔ ہر ایک حیوان کی پوری تفصیل ۔ ہر ایک حیوان کی عادت ۔ ہر ایک حیوان کی پیدائش ۔ ہر ایک حیوان کی خوراک ۔ ہر ایک حیوان کی بیماری ۔ ہر ایک حیوان کی دوا ۔ ہر ایک حیوان کی قیمت ۔ ہر ایک حیوان کی خاصیت ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی تفصیل ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی تصویر ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی خاصیت ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی دوا ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی بیماری ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی خوراک ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی پیدائش ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی عادت ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی تصویر ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی تفصیل ۔ ہر ایک حیوان کی ہر قسم کی قیمت

ذخیرہ صنعت وحرفت

حصہ اول

اس کتاب میں ہزارہا نسخے اور ترکیبیں علم فلاحت و باغبانی فن رنگریزی۔ دواؤں اور چھتوں کو رنگنا انواع و اقسام کی گرشتابان رعن سیاری نامگھر رنگین کرنا پرنٹ پنسل بنانا۔ دیا سلائی بنانا آئینہ پر تلمی کرنا۔ صابون اور موم بتی بنانا۔ گلٹ سازی۔ تیزاب دہنہ۔ کشیدہ کاری۔ عطریات وغیرہ مصنوعی اشیائے قدرتی کی نقل سیاہی بنانے کی ذخیرہ کا مانع دور کرنا۔ دانتوں کے متعلق عجیب اعمال عجیب۔ عجیب اور نادر نسخے۔ تعبیہ حضرت الارض علاج سمیات۔ حضرت جوہر حضرت ادعا عن۔ بیوہ عورتوں کے کاتا زہ دکھنا جواہرات بنانا کاغذ کی مصنوعی برف بنانا کاغ کی چٹان۔ تو تیا۔ گھانوں کے متعلق بیوٹیڈ سولا عرف کی مختلف کاغذ بنانا۔ شیشے وغیرہ وغیرہ امور کے رائج الوقت کے نسخے اور بغیر مول کرنے سے ہر شخص خواہ دولتمند ہو یا غریب بے انداز فائدہ اٹھا سکتا ہے ایسی قیمتی بات کا جاننا ہزار یا روپے کے خرچ اور محنت سے بہرہ ہو سکتا ہے۔ قریبان کو تربیوں مول آپ کے پیش کیجاتی ہیں۔ قیمت فی جلد بھاری حصہ دوم تیار ہو رہا ہے۔ کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتا ہے۔

خط تقدیر یعنی مسامدرک

یہ کتاب جو انگریزی سے ترجمہ کیگئی ہے ہاتھ کے پنجہ سے انسان کی قسمت اور اسکی طبیعت واقعات کے حالات معلوم کرنے کے لئے پورا رہنما ہے۔ اس میں انسان کے ید ہے۔ اور الٹے ہاتھ کی قدرتی خطے کے بارہ خطے مولی ایک چھوٹے نشانوں کے رسم ہیں جو الگ بتاتے ہیں کہ خدا کا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں اور اسلئے ہاتھ کی لکیرین بھی کسی مطلب کے لئے کھینچی گئی ہیں وہ اس کتاب سے ضرور لطف حاصل کرینگے قیمت مع کارخانہ پیسہ اخبار سے مل سکیگی +

اشتہار

سید غلام حسنین ندکا کلیات مطبع مفید عام آگرہ کا چھپا ہوا نہایت عمدہ کاغذ پر ہمارے پاس بھیجدیے شائقین اس کتاب کو کسی معمولی شاعر کا کلیات یا دیوان تصور نہ فرمائیں کہ جیسے آجکل شائع ہوتے ہیں۔ یہ وہ شاعر ہے کہ جس کے کلام کو تمام لکھنؤ اور دہلی کے متعصب اہل عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ سب شین قیت۔ قافیہ درست۔ مضامین کے نئے اور سنگلاخوں سے گویا غزلیں گوندھی ہوئی ہیں۔ قصائد میں وہ زور طبیعت دکھایا ہے کہ جس کا لطف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتا ہے۔ مثنوی و رباعیات کا کہنا سب سے نرالا ہے۔ مثنوی گویا کا اندازہ سب سے نرالا ہے۔ مثنوی و رباعیات کا کہنا وہ شاہدان فصاحت ہیں اور مضامین نو آجکل دان کا گنا ہے باوجود اس لطافت اور پاکیزگی کے قیمت صرف رکھی گئی ہے۔ تاکہ شائقین کو ایسے شاہد بے مثال کی خریدی گراں نگذرے۔ مدد خواست ذیل کے پتے سے آنی چاہئے:۔ حیدرآباد دکن۔ ترب مانڈہ جامع باغ۔ سید احمد زید۔

اختیار تولید

جو لاولد ہونے کے سبب سے گھر بار سے بیزار ہو رہا ہے۔ جو اولاد نرینہ کے لئے ہر وقت مضطر رہت

اشتہارات

اشتہار بعدالت دیوانی باجلاس سید دلوان محمد فاضل صاحب آنریری منصف درجہ سوم سرشتہ ضلع حصار

بعدالت مسماۃ ساکن موضع [illegible] فوجدار تا جو پسران حیمون پچاوہ ساکن موضع [illegible] بنام [illegible] عوڈیچا عرف گوردیا سرتحصیل سرسہ حال

دعوے اصل دسود

چونکہ مورخہ مرقومہ جو عنوان میں کئی بار سمن تمہارے نام جاری کئے گئے ہیں جب کہ تعمیل سمن نہیں ہوئی جس سے پایا جاتا ہے کہ تم تعمیل سمن سے عمداً گریز کرتے ہو چونکہ معمولی طور پر سمن کی تعمیل تم پر ہونی مشکل معلوم ہوتی ہے لہٰذا بطور اشتہار حسب فرمانہ ۸ صابطہ دیوانی یہ پرچہ اخبار لاہور میں مشتہر کیا جاتا ہے کہ تاریخ ۱۸ جولائی ۱۹۰۴ء کو حاضر عدالت ہو کر جواب دہی کرو بصورت غیر حاضری یکطرفہ کارروائی تمہاری نسبت کیجائیگی +

ضروری اشتہار

تاریخ رؤسائی با اختیار و نامی خاندان پنجاب

ترجمہ لالہ بھگوانداس صاحب جج ریاست کپورتھلہ و فیلو پنجاب یونیورسٹی

پنجاب کی اب تک کوئی ایسی مکمل تاریخ نہیں تھی جس میں علاوہ نقل ریاستوں کے پورے پورے حالات کے درج ہوئے۔ دہلی۔ جالندھر۔ پشاور اور ڈیرہ جات کے بھی خاندانوں کا ذکر ہو اس کمی کو پورا کرنے کے لئے کرنیل سی۔ ایچ۔ ایچ۔ یسی صاحب ڈپٹی کمشنر نے حسب الحکم گورنمنٹ پنجاب تاریخ مرتبہ عنوان بالا کی ہے ترجمہ سلیس اور رواں محاورہ ہے نکھائی چھپائی بہت عمدہ ہے ضخامت ۸۴۳ صفحہ کی ہے قیمت بلا محصول ڈاک چھ روپیہ اور مع محصول ہے روپیہ ہے۔ مترجم نے اس کی فروخت کا حق دو روپیہ پنجاب یونیورسٹی کی نذر کر دیا ہے اسلئے یہ تاریخ سرکلر رجسٹرار پنجاب یونیورسٹی لاہور سے درخواست کرنے پر مل سکتی ہے۔ جن خاندانوں کا اس میں ذکر ہے اُن کے رکن ہونا ہر خاندان کا اس لئے نہیں کہ اس کتاب کو ضرور خریدنا چاہیئے کہ نہیں یہ تو ہر ایک کی مرضی پر ہے +

پرسوں دوپہر کا حیرت انگیز

قزاق

اس نام کا ایک نہایت دلچسپ فسانہ مسٹر رینڈل میسن کے برابر ٹیکا بڑے مشہور ناول کا ترجمہ شائع ہوا ہے جو ہمیشہ شائع ہوگا۔ قیمت تخمیناً ۱۲ ہوگی۔ درخواستیں [illegible] سے آنی چاہئیں +

از عدالت مطالبہ خفیفہ لاہور

اللہ وتا نابالغ ولد محمد الدین وارث محمد الدین متوفی لاہور ساکن لاہور حال معرفت لالہ [illegible] دعوے [illegible] بنام غلام محمد غیرہ سکنا لاہور مدعا علیہ

مقدمہ مندرجہ عنوان ہمن [illegible] مدعا علیہ غلام محمد مستری ملازم بر ہمارلوے کے نام بارہا جاری ہو چکے ہیں اور شہادت سے ثابت ہوا ہے سمن کی تعمیل سے گریز کرتا ہے لہٰذا بزریعہ ہذا مدعا علیہ دیوانی یہ نوٹس جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ ۳۰ جولائی ۱۹۰۴ء کو عدالت میں حاضر نہ ہوگا تو اسکی نسبت یکطرفہ کارروائی عملمیں آویگی +

نادر کتب

کلمات طیبات یہ ایک صحیح مجموعہ کتوبات کا سلیس زبان فارسی میں جو پہلے بیان ہو چکا ہے کتوبات کیا ہے گویا بصورت مکالمہ صوفیوں کے جان سلانوں کے ایمان کا ایک خزانہ ہے ہمیں حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی حضرت سرمد شہید حاجی بابا صاحب شہید قاضی ثناء اللہ صاحب پانی پتی حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے صرف مکتوبات ہی نہیں ہیں بلکہ علاوہ طول طویل مکتوبات کے ملفوظات اور فضائل اور وصیت نامے اور دعائیں قدسیہ وغیرہ کا بھی ذخیرہ ہے آخر میں ترجمہ العاقبۃ للطالبین شیخ شہاب الدین سہروردی کا مع کیا گیا ہے قیمت عمدہ

احسن الاذکار مدلس میں مفصل سوانح عمری خواجہ معین الدین چشتی اجمیری کے ذکر خوانی و اقوال و اوراد و وظائف کے درج ہیں لطف یہ کہ حضرت کے سترہ مریدین کی مختصر سوانح عمریاں حاشیہ درج ہیں قیمت عمدہ ۱۲

تائید الاسلام رد کے مصنف پانچ نمبرین جن میں سید احمد خان کے انکار معجزات معراج جسمانی و نزول شیطان و موت آبی ملائکہ حضرت عیسیٰ بغیر باپ کے ملائکہ آتھم وظائف غوثیہ مدلس میں اوراد و وظائف حضرت محبوب سبحانی کی مع ترجمہ فارسی میں درج ہیں عمدہ

حصول مدعا مجموعہ اوراد و وظائف شیخ عبد القادر جیلانی مسمی بہ [illegible] علمائے سنیوں میں بہت مقبول ہے سوانح عمری و اکثر مسند ہائے جوشی جسکے نام ہیں مہذب زیادہ قیمت ۱۲

رسالہ میزان الہ مع غلام یحییٰ قیمت عمدہ ۱۲ الہدی شرح اوراد الہدی دعائیہ عمدہ ۲۴

علاوہ اسکے ہر قسم کی کتب ہماری معرفت درخواست بھیجی جاتی ہیں

المشتہر راقم ابن علی منیجر اخبار پیسہ اخبار اعظم مراد آباد و سیکرٹری

پراسرار روسی راہب

روس کے متعلق جو قصے آجتک لکھے گئے ہیں اُن میں سے یہ پراسرار روسی راہب ایک پراسرار قصہ ہے۔ روس کا مشہور فرمانروا پیٹر اعظم سیاہ پوش راہب کے لباس میں ایک سازش سوغ لگانے کے لئے مارتوں پھرتا ہے ایک بند وق ساز کی بہت ایک میر زادی سے میر زادی کی وفاداری اپنے غریب عاشق سے بڑی خوفناک سازشوں کے بعد ذارہ گریڈ ڈیوک کو جو زار کے قریس میں دوم درجہ کا شخص تھا بھاگ کر کے سائبیریا کو بھیجا اور دنیا سارا کو اپنی معشوقہ سے اپنے سامنے شادی کرانا قیمت ۱۲

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور میں درخواستیں آوین

حافظہ اور عقل کو بڑھانیکا نایاب اکسیر

خواہ کیسا ہی کند ذہن لڑکا یا آدمی کیوں نہ ہو اور وہ طالب علم جو کند ذہن یا چھوٹی عمر میں شادی کرنیکے باعث کمزور و بیمار ہو جاتے ہیں اور پڑھنے میں کچھ ترقی نہیں کرتے بلکہ پڑھنا بھی چھوڑ دیتے ہیں اور ہر سے سنا اور اور ہر سے بھول گئے اور وہ صاحب جو تیس یا چالیس برس کی بلکہ اس سے بھی زیادہ عمر باعث زیادتی جماع یا نزلہ یا زکام یا سر درد و یا اور کسی بیماریوں کے کمزور و بیمار ہو گئے ہوں یا کم سوچنے یا کم نظر ہو جانے کے ہوں نہ ایک ہفتہ کے استعمال سے خائفہ کلی ہو جاتا ہے اور کسی قسم کی دماغی بیماری یا کمزوری نہیں رہتی قیمت دوائی صرف عاجز ہے جو ایک ماہ کے لئے کافی فائدہ دیتا ہے

المشتہر سید مقبول شاہ از سیالکوٹ

نمایاں کامیابی

عجائبات فن دواسازی

ہر ایک مرض کا علاج۔ ہر ایک دردمند کا درمان ہر بیماری کے دفعیہ کا سامان ہمارے کارخانہ میں موجود ہے غربا کا علاج مفت۔ صلاح و مشورہ کی کوئی اجرت نہیں ادویہ کی نہایت واجبی قیمت لی جاتی ہے +

بواسیر نامردی ضعف اور قبض کے نادر تیر بہدف اور سینہ بسینہ پہونچے ہوئے نسخے

ہر وقت تازہ اور نئی دوائی بنانے میں اصول فن و دواسازی کا پورا لحاظ کیا جاتا ہے

المشتہر حافظ فضل احمد امیر پرنسپل میڈیکل ہال انارکلی لاہور

نندلال نہ ار کشمیری بازار لاہور

شہر لاہور کے مشہور لشمبی

ازار بند

جو سوغات کے طور پر دور دور تک جاتے ہیں ہر رنگ اور ہر قسم کے بذریعہ قیمت طلب پارسل روانہ کئے جاتے ہیں۔

قیمت۔ درجہ اول عصر تولہ۔ درجہ دوم ۱۲ تولہ درجہ سوم ۱۰ تولہ۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے منگوئے

ہیں اڑگئی۔ جو انگریزی مدرس تخفیف میں آئے تھے آج اُن میں سے کوئی بیکار نظر نہیں آتا۔ بلکہ سب کے سب اپنے Proper Element میں لگے ہوئے ہیں۔ درحقیقت جموں کالج میں مدرسوں کی بہت گنجائش ہے۔ اگر ریاست کے تمام سکولوں کے مدرس اس میں داخل کر دیئے جائیں۔ تو بھی اعتراض کی جگہ نہیں۔ الہٰذا جماعتوں کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے پڑینگے۔

ریاست میں ایک عام ضرب المثل ہے۔ "صاحبِ حضور بہ از برادرِ دور" اسکا بھانڈا تب الٹتا کہ مہاراجہ صاحب کے مصاحب مہاراج کے چرنوں میں رہ کر حقہ پانی پلانے کی خدمت کو کشمیر کی گورنری پر ترجیح دیتے تھے افسوس ہے کہ ہمارے بیدار مغز ممبران کونسل بھی "کہ کہ در کان نمک رفت نمک شد" کا مصداق بن رہے ہیں۔ اور اپنے ہیڈ کوارٹر کی درستی اور ترقی کے مقابلہ میں مفصلات کو بالکل بیکس حالت میں رکھنا گوارا کرتے ہیں۔ ماتحتی الفاظ کو جو ہتک آمیز معنی دیئے جاتے ہیں جو پیچت برائے نام حاصل کیگئی ہے وہ یہ ہے کہ اوورسیر پور اکھنور، بھمبر، رنبیرسنگھ پورہ میں ۳۰-۳۰ روپیہ ماہوار پر ہیڈ ماسٹر انگریزی بھیجے گئے۔ میرپور اور سانبہ میں انگریزی کا نام و نشان نہیں۔ اسکی کیفیت یہاں بیان کرنیکی ضرورت معلوم نہیں ہوتی لہٰذا فاضل الدکر تین سکولوں سے جو پیچت حاصل کیگئی ہے اسکا اندازہ آپ لگا سکتے ہیں اور یہ پیچت بھی جیسا کہ پہلے عرض کیا ہے پیچت نہ رہی بلکہ یہ اعتراض کہ اگر ان سکولوں سے انگریزی نہ اٹھائی جائی۔ تو اس سال مڈل سکینڈ ماسٹر اور بعض جگہ ہیڈ ماسٹر بھی بھیجنے کیضرورت ہے جو خرچ پیش آتا وہ ریاست ایسے نازک وقت میں برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ اسکے جواب میں یہ عرض ہے کہ اگر جموں کالج کی حالت درست کیجائے۔ تو کوئی زائد خرچ ریاست پر نہیں پڑتا۔ نیز کیا ہی اچھا ہو۔ اگر ہمارا راجہ صاحب اور انکی کونسل کے معزز ممبر ویسٹرے بہادر لارڈ ایجوکیشن کی تخفیف اخراجات کی دوراندیشی پر غور سے توجہ فرماویں۔ پہلے آرٹیکل میں مڈل سکول میرپور کی حالت بیان کر کے عالیجناب سردار محمد حیات خانصاحب بالقابہ مہر ہوم ڈیپارٹمنٹ کی توجہ عالی کی درخواست کی گئی تھی اور امید ہے کہ وہ درخواست بالکل بے اثر نہ ثابت ہوئی۔ بشرطیکہ گوش گذار ہو۔ اب بھی صرف میرپور کی بابت لکھا گیا ہے۔ یعنی میرپور میں انگریزی بحال رکھنے کے لیے استدعا کیگئی تھی۔ وہ اب بالکل آسانی سے منظور کیجا سکتی ہے۔ اس کو اب یوں سمجھئے کہ اسوقت میرپور میں دو مدرس انگریزی خوان فارسی مدرسوں کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں۔ پہلے سال ہر دو ہیڈ ماسٹر انگریزی کا کام انجام دیتے رہے ہیں اب اگر ان بیچاروں کو ترقی نہیں ملتی ہی اور وہ ہی سکول کی فیس سے بیدخل ہوئے۔ تو بخوشی انگریزی تعلیم دینا پسند کرینگے۔ لہٰذا ایک دفعہ اور پیسہ اخبار کی وساطت سے جناب سردار صاحب موصوف کی خدمت میں گذارش کیجاتی ہے کہ میرپور میں انگریزی جہاں تک ہو سکے جلدی بحال کیجائے۔ کیونکہ موجودہ صورت میں کچھ بہت زائد خرچ عاید نہیں ہوتا۔ اخیر میں مجبوراً اور تامل سے مجھے یہ کہنے کی بھی ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ کہ اگر کسی وجہ سے ان ہر دو مدرسوں کو ترقی نہ دیجاوے۔ تو بھی وہ انگریزی تعلیم مستقل فروخت کرنے میں عار نہیں سمجھیں گے۔

سدا گر قبول افتد زہے عز و شرف

خیر خواہ ریاست از میرپور

خبروں کے خطوط

پانچ موتیں: - چھاؤنی انبالہ میں پانچ حادثات مرگ اسقدر ہیبت ناک و دلخراش پیش آئے جن کے بیان کرنے سے شانۂ قلم لرزش اور دست جنبش سے کھڑے ہوئے جاتے ہیں۔ یہ چند حادثات متواتر یکے بعد دیگرے ایک قلیل عرصہ میں واقع ہوئے ہیں کہ جن کے دیکھنے سے تمام باشندگان چھاؤنی لرز گئے۔ اول حادثہ یہ ہوا کہ کسی شکر خص نے مسمی رامدیو حلوائی کے لڑکے کو جس کی عمر قریباً پانچ سال کی تھی کسی بہانہ سے اپنے ساتھ بچا کر کئی تین یوم تک اس کو گم رکھا۔ بعد تیسرے روز کے اس بے کس بچے کی لعش ریل کی سڑک کے متصل ناک کان کٹے ہوئے گرم تیل میں جھلسا ہوا پائی گئی اسوقت کا کیا بیان کیا جائے گویا کہ قیامت برپا تھی۔ ایک شخص عمر میں چالیس پنتالیس سالہ اپنے مکان کا دروازہ بند کر کے خود ایک چھوٹی سی چھری لے آپ مار کر مر رہا۔ یہ اس کے ہمسایوں کا بیان ہے خدا جانے اس پر ایسی کیا مصیبت آئی جو ایسا دردناک کام اپنے ہاتھ سے کر گذرا۔ سوم بوقت شب بعل ۱۱ بجے ایک عورت ضعیفہ کوٹھے پر سے خود بخود گر کر مر گئی۔ چہارم ایک تمباکو فروش کا لڑکا جس کی عمر بارہ سال کی تھی اس کا والد اس لڑکے کو دوکان پر بٹھا کر خود کسی گھر کچھ کام کرنے کے لئے گیا۔ اس کی دوکان کے سامنے ایک لسہڑے کا درخت کھڑا تھا۔ لڑکا دکان سے اٹھکر مطمع لسہڑے کھانے کے درخت پر چڑھ گیا اوپر جا کر بیچارا پاؤں پھسلا اس کے والدین نے جن کا وہ صرف اکلوتا ہی بچہ تھا ہتیرا علاج معالجہ کرایا مگر موت کے سامنے کچھ پیش نہ گئی بیچارے کے والدین رو رو کر صبر کر بیٹھے ہیں اور تمام چھاؤنی میں ایک سناٹا سا پھیل گیا۔ پنجم ابھی اس خوفناک ماجرے کو لوگ اپنے دلوں سے بھلانے نہ پائے تھے جو ایک روز ایسا ہی خوفناک حادثہ واقع ہوا ایک شخص مسمی عبداللہ ہنگار کا لڑکا جس کی عمر بارہ سال کی اچھا نوخیز اور ہشیار لڑکا بازار میں اپنے ہم عمر لڑکوں کیساتھ کھیلتا پھرتا تھا جبکہ چوپہ گاڑیوں کو رنڈیاں کچہ اندر اور بعض گاڑی بانوں کے برابر بیٹھکر خود بے تحاشا بازار میں لاپرواہی تہین جو اچانک بچہ گھوڑے کی چھپٹ میں آکر گر گیا۔ اور گاڑی کا تمام پہیے اس بچے کے پیٹ پر سے گذر گئے۔ بازار کے لوگوں نے فوراً ان کی گاڑیاں تھام لیں پولیس نے جلد آکر ان کو گرفتار کر لیا۔ بچہ دم بخود ہو کر پڑا رہا اس کے بیکس باپ اور رشتہ داروں نے ڈاکٹر طبیب کے پاس بہت دوڑ دھوپ کی لیکن ایسے شدید زخم کا علاج ہونا محال تھا آخرش چند منٹ میں انتقال ہو گیا لوگوں کا ایک ہجوم ہو رہا تھا۔ ہر سو ایک سناٹے کا عالم چھا رہا تھا اور ہر ایک بچے کا کیچ کرتا تھا چھاؤنی مجسٹریٹ اور ڈاکٹر نے نعش کا ملاحظہ کیا اور اسپتال میں بھیجا گیا۔ بے کس والدین کی آنکھوں میں نیسان اندھیرا ہو رہا ہے جن کے صرف دو ہی لڑکے تھے چھوٹے لڑکے کا بڑے لڑکے کا بڑے لڑکے کی ناگہانی موت سے آٹھ یوم پہلے انتقال ہو چکا تھا۔ (محمد اسمٰعیل چھاؤنی انبالہ)

بمبئی مسجد بندر میں ہندوؤں نے مسلمانوں پر عصر کی نماز پڑھتے وقت ۲۷ جون سنہ رواں کو گوبر پھینکا تھا جس سے سخت خوف تھا کہ ہندو مسلمانوں میں چل جاوے۔ بازار گورنمنٹ اور پولیس سوار اور آمرقع دار رات پر پہونچ گئے۔ اور لوگوں کو منتشر کر دیا۔ بعض ہندو گرفتار بھی ہو گئے (نامہ نگار)

——— (۱) سنا جاتا ہے کہ الہ آباد کے بانکنر اور جج کا مقدمہ جیوری سے فیصل کیا جائیگا۔ (۲) ایک شخص ذات کا ہندو الہ آباد میں بکریوں کا بیوپار کرتا تھا۔ اے ہندو بھائیو کس خواب غفلت میں سو رہے ہو اٹھو اور دیکھو ہند کا کیا حال ہے۔ جبتک جناب کوتوال صاحب نے ان کو حوالات میں آرام کرنے کے واسطے بھیجا (ہمدرد لعل از کرچنہا)

——— بتاریخ ۲۰ جون روز چہارشنبہ دیوان منکھ رائے صاحب کا مدار ڈیوٹی ہو کر سلطان جہان بیگم صاحبہ ولیعہد بھوپال کا انتقال ہو گیا اُن کے مرنے کی تاریخ روانہ کرتا ہوں مہربانی کر کے ضرور درج کر دیجئے جو حسب ذیل ہے:-

نیکیوں ہو مرگ منکھ رائے کا کام — محاسب سینکڑوں میں ایک ہی تھا
کہیں دیکھے نہیں ایسے محاسب — یہ سمجھو راجہ ٹوڈرمل ہی تھا
لکھو مرنے کی تاریخ اُس کی اسمرگ — دیانت دار مسکین آدمی تھا
(فضل احمد بھوپال)

——— ۲۲ جون سنہ رواں کو بارش ضلع آگرہ و متھرا میں زیادہ ہوئی۔ فصل خریف عمدہ ہے ضلع آگرہ میں ڈاکوؤں کی کثرت ہے فصل آدمی کی پر ہے محکمہ پولیس کا انتظام عمدہ ہے لیکن محکمہ نہر کے برابر نہیں یہاں پر مولوی محمد ابراہیم صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ بہادر نہر آگرہ نہایت ہی لائق و منتظم شخص ہیں۔ رعوت بالکل بند کر رکھی ہے تب بھی محنت خوش ہیں اور رعیت بھی دعائیں دیتی ہے شیخ محمد ایوب ضلعدار بھی محکمہ نہر میں اسی مرتبہ کے شخص ہیں (غریب نامہ نگار متھرا)

——— قصبہ بلگرام میں آتشزدگی سے بہت نقصان ہوا جس کی تاریخ مولوی غلام حیدر صاحب ارشد بلگرامی چھاپنے کو بھیجتے ہیں

چو از دست آتش سوختان — یکے جہان است گرم نالہ و آہ
شعلہ اش چون شرارہ دود نرخ — الامان الامان پناہ پناہ
سوئے او از رحمہ رو نظر کردے — تا بدیدان ندشت بیخ نگاہ
ماہ ذیقعدہ روز دہ تاریخ — ہفصدین چشمہ ابتدائی ماہ
بود بست و ششم ماہ مئی — سیدہم شرح تا شوی آگاہ
وقت نصف النہار شنبہ روز — مشتعل شد ز خانہ ناگاہ
شد ترقی پذیر دریک دم — زانکہ ہم بود حرص ہمراہ
یک تلم شعلہ ریخت باد سموم — از حرارت او پناہ پناہ
حال سید علی تقی صاحب — چوں تحریر آورم صد آہ
بود در اچہار قطعہ مکان — سوختہ ہر یکے بسیک نگاہ
خوبہا و چوبچہ سقف مکان — گل و دیوار پختہ سوخت چگاہ
سقف انبار پیش کتب خانہ — قمع اسباب سوخت پیش نگاہ
صرف آن جامہ بود بچشم — ہیچ باقی نماند داد و دہا
۱۲ خانہ ہم سفر زندان — طرف باغ کوا و گرفتہ راہ
چون سوزانم آتش غم — کہ ہمین دارد او ز لطف نگاہ
ہر مصیبت زدہ در ین سختی — از مکانہا بباغ برد پناہ
الغرض زین بلائے عبرت خیز — ہیچ جا نیست صدمہ جانکاہ
یکصد و سی مکان یکسو سوخت — آنچہ بود آنکہ تھا الہ
نتوان گفت حال بر بادی — ایں دعا ہمیں است دیگر آہ
الرحیم الرحمن ثم ایدہ رحمہ — ہر ستم دیدگان حال تباہ

دل از پند سعدی نہ ایمال — دہ اے سعدی کرم خاک سیاہ

الطاف و استغاث ہونگے تو کہانتک ہماری تہذیب و تربیت پر توجہ مبذول نہ فرمائینگے۔ اسمیں جائے شک و شبہ نہیں۔ یہ قیاس بالکل صحیح ہے۔ اگر گورنمنٹ مستغنی عن الالقاب کی نسبت زیادہ تر اس سے حسن ظن رکھنا چاہیئے۔

اگر فاضل مجوزنے اون آلام و اسقام و مفاسد و مکائد و نقایص کی طرف کہ جنسے ہم کو حرکت تک نہیں دی جو کہ اہل و قابل و پشتدار اہل مرتبہ خواہان کو عملہ دفاتر پیشن و وثیقہ سے مایوس و نا امید ہوا کرتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یا تو آپکو عملجات کچہری سے کبھی سابقہ نہیں پڑا یا یونکہ چھوٹے تنخواہ دار و نکے حال زار و کیفت کی نوبت نہیں آئی۔ کہ اپنے اپنے واسطے اصالتاً اور پلک کیواسطے بغیر استصواب وکالت گورنمنٹ میں درخواست کر دی۔ کہ بصورت مناسب اس باب میں کوئی قاعدہ تجویز کر دیا جائے۔ اور اگر کوئی قاعدہ مقرر ہو تو اوس سے مجھے آگاہ کر دیا جائے۔ اور یہ کہ ایسے کئی لوگ ہونگے جنمیں سے ایک میں ہوں۔

پہلے تو صورتیں اس تجویز میں پیشن کی ہیں ایک نقد پنشن کی۔ دوسرے۔ کہ کوئی خاص رقبہ اراضی جسکو داخل کنندہ روپیہ کا پسند کرے۔ کہ وہ ہمیشہ کے لئے ہر قسم کے محصول سے معاف رہے۔ اسکا جواب پہلے یہ کہ تمہید میں آپ خود فرما چکے ہیں۔ اور وہ عائد اور غیر منقولہ کا سرمایہ بنانا اسلئے پسند نہ کرے اسلئے اہتمام کرنا اسوقت ملک کے لوگوں میں ایماندار لوگوں کا ملنا نہایت مشکل ہو گیا ہے۔ کیا رقبہ اراضی جائداد غیر منقولہ نہیں۔ یا بشرط پسند کرنے کے لئے جائینگے کہ آج لاہور میں پسند کیا وہاں مل گئی کل امرتسر میں پسند کی وہاں مل گئی وعلے ہذا جہاں جی چاہا چھوڑ دی اور جہاں جی چاہا لے لی۔ اسوجہ سے اوس اراضی کو غیر منقولہ نہیں بلکہ منقولہ تصور کرنا چاہئے۔ یا یہ کہ خود خریدتے تو اوسکے اہتمام کرایا ایماندار نہ ملتے اور گورنمنٹ سے یوں تو اوسکے اہتمام کرایا ایماندار ملجاوینگے۔ یا یہ مطلب ہے کہ گورنمنٹ زمین بھی دیگی اور اوسکا اہتمام بھی اپنے ذمہ لیگی۔ اراضی بشرط پسند داخل کنندہ زر۔ اول تو گورنمنٹ نے جہاں چھوڑ رکھی ہے کہ دیدیا کرے۔ دوسرے یہ کہ گورنمنٹ نے عہد کیا کہ ظرفیر چھوڑ دیا ہے کہ جب جسے چاہا بیدخل کر دیا۔ اور جسپر مہربان ہوئے جس املاک پر چاہا قابض کر دیا۔ تیسرے یہ کہ اراضی خواہ سرکار خواہ زمینداروں سے لیجائے ایک ہی بات ہے جب سرکار سے لیجائے تو کیوں دیکھے۔ ہندوبست پر مجبور کیجائے جو زمین کی حیثیت پڑتی جاوے۔ ہر نئے ہندوبست پر الگداری کی مقدار مناسب وصول کرے۔

اسمعاملہ اہل اراضی۔ اپنی پسند کے خلاف۔ گورنمنٹ کی آمدنی کو بے ایمانوں کے ہاتھوں میں گرفتاری۔ یہ تو کچھ بھی نہوا اب اتفاقی کی صورت کو لاحظہ کیجئے۔ قواعد وثیقہ۔ یون اہل خدمت وغیرہ خیرخواہی کے صلاوہ۔ شاہوں اور رئیسوں کی بلاوکو کہ باسی معاوضہ کے طرف بنظر پروری اور لوگوں کی ہی لحاظ کرتی ہے۔ جملہ اقسام کے پشتدار اتنے بنائے جاتے ہیں کہ اطراف ہندوستان کیا اور ملک ہر جگہ گورنمنٹ انگریزی کی فیاضی اور رعایا پروری کی کافی دلیل سمجھے جاتے ہیں۔ اور دوسری سلطنتوں کی رعایا کو اس سلطنت کی رعایا ہونے کی تمنا میں ڈالتے ہیں۔ آغاز وثیقہ سنا ہے کہ پوجوتالیف قلوب جمہ روپیہ فیصدی سالانہ یعنی پانچ روپیہ ماہوار دینے پر امانت گذاروں سے روپیہ لیا۔ جسکا واپس ہو جانا گورنمنٹ خدا سے چاہتی ہے چنانچہ بعض مواقعہ پر درخواست کرنے سے زر اصل واپس بھی دیدیا۔ اور اوس کے سود سے جو کہ ماہ بماہ دیا جاتا نہایت حاصل کی۔ اور اسطرح امانت گذاروں کی خاطر سے روپیہ لیا مگر شرط کر لی کہ سرکار کو اختیار رہیگا کہ جب چاہے زر اصل واپس کر کے سود دینا بند کر یگی چنانچہ جب مناسب جانا لکھ کہا روپیہ یکمشت واپس کر دیا۔ اواخر میں روپیہ جمع کرنیوالے بہت۔ لے لینا کسے نہیں پسند سود دینا پڑتا ہے چار روپیہ ہزار اور نہیں روپیہ ہزار ماہوار سود کی نوبت آگئی۔ اب کہ خرچ معاملہ سرکار سود دینے دیتے تنگ آرہی ہے کیونکہ ایسی تجویز کو پسند کریگی جسمیں پانچ روپیہ ہزار ماہوار دینا پڑے۔ بالفرض یہ تجویز قبول کر لیجائے تو اس معاملہ کو سودی معاملہ سے کیونکر خارج جانا جاسکتا ہے۔ آخر یہ پنشی اوسی روپیہ کی بدولت تو ہوئیگی۔ فرق فقط اتنا ہے کہ کسی نے واپس لینے کی شرط پر روپیہ دیا اور کسی نے واپس نہ لینے کی شرط پر۔ بس جب دونوں در اصل ایک جیسی ہیں تو زر اصل واپس نہ لینے کی شرط کے کیا معنے۔ کیا اسکے یہ معنے ہیں کہ ایک معتدبہ رقم یکمشت وصول لے لی۔ جیسے کہ کسی کمپنی کی فیس داخلہ و چندہ ماہواری دینے کے عوض ایک معتدبہ رقم دیکر ممبری خرید لیتے ہیں کہ آیندہ ماہانہ و سالانہ چندہ دینے سے محفوظ رہیں۔ یہ تو ایسا ہے کہ سیدھے ہاتھ سے سیدھے طور نہ چھوئے۔ بس گردن سے ہاتھ پھیرا ہیں طرف سے لا کر ناک چھولی۔ نقدی دیکر نقدی پنشی لینا سود نہیں تو کیا ہے۔ سو روپیہ نقد دیکر دو سو روپیہ چھینکے ہم سودی معاملہ حرام ہے زبان سے کچھ نہ کہو نتیجان کے چلے جاؤ۔ بس جب جاب رہو۔ یا تو زر اصل جمع ہے جو پایا سود تھا اور جبتک تا دوام سلطنت ابد مدت سرکار پاتینگے سود ملیگا۔ یا دو سو چھینکے میں زر اصل وصول کر لیا۔ آیندہ منفعت خوری جنیچہ بہت ہتی کا ہے اور منفعت کرم داشتنی کیونکہ سود سے بہتر ہے بلکہ بنگال بنک کے پاس سے گذر ہوا میرا میزبان اوسکے انگریز واپس آکر کہنے لگا یہ خبر صحیح ہے کہ بنک نے اشتہار دیا ہے کہ جو بنک سے روپیہ لیوے سود دے اور جو بنک میں جمع کرے وہ سود کا مستحق نہ ہوگا۔ اکتوبر ۱۹۰۳ء کی بات ہے۔ بے ضرورت سود دینا کسے اچھا معلوم ہوتا ہے۔ اور جو کوئی سود لیوے اوسکے زر اصل سے زاید کون دیگا۔ سرکار اس تجویز کو کیونکر اپنا فائدہ تصور کر سکتی ہے۔ رہا یہ کہ چند دولتمند و ذی وجاہت جنکی دولت تک عملجات کچہری کے جبر و تعدی کا ہاتھ نہیں پہونچ سکتا چاہئے خیر سے سرکار کو یاد کرتے رہے بجا لیکہ غرباء و متوسطین شہری و دیہاتی دست ظلم و ستم عملہ لائن کی بدولت ہمیشہ گریبان رہتے ہیں کیا ہو سکتا ہے۔ ہاں بول کہئے کہ دولتمند مقبول بارگاہ ہیں جب تو خدا نے اونہیں دولت و عزت و آبرو بخشی ہے۔ وہی وجیہ عند اللہ ہیں اونہیں کی دعا قبول ہے۔ عزبار و دنیا میں ذلیل آخرت میں ذلیل۔ دعائے خیر کریں تو کیا۔ فریہ اور بات ہے۔ باقی آیندہ۔

راقم حاجی سید حسن سوداگر مخلص ۔ س ح س ۔ جیپور

پنشین گوئی جناب مرزا صاحب قادیانی

مرزا صاحب کے امرتسر کے مباحثہ میں ڈپٹی عبداللہ آتھم صاحب کی نسبت مندرجہ ذیل پنشین گوئی کی تھی:۔

"آج رات جو مجھ پر کھلا دیا یہ ہے کہ جبکہ میں نے بہت تضرع اور ابتہال سے جناب الٰہی میں دعا کی کہ تو اس امر میں فیصلہ کر اور ہم عاجز بندے ہیں تیرے فیصلہ کے سوا کچھ نہیں کر سکتے۔ تو اُسنے مجھے یہ نشان بشارت کے طور پر دیا ہے کہ اس بحث میں دونوں فریقوں میں سے۔ جو فریق عمداً جھوٹ کو اختیار کر رہا ہے اور سچے خدا کو چھوڑ رہا ہے اور عاجز انسان کو خدا بنا رہا ہے وہ انہیں دونوں مباحثہ کے لحاظ سے یعنے فی دن ایک مہینہ کیلئے یعنے ۱۵ ماہ تک ہاویہ میں گرایا جاویگا اور اسکو سخت ذلت پہنچیگی بشرطیکہ حق کیطرف رجوع نکرے اور جو شخص سچ پر ہے اور سچے خدا کو مانتا ہے اسکی اس سے عزت ظاہر ہوگی اور اسوقت جب یہ پیشگوئی ظہور میں آویگی بعض اندھے سوجا کے کہے جائینگے اور بعض لنگڑے چلنے لگیں گے۔ اور بعض بہرے سننے لگیں گے۔ اسیطرح پر جسطرح اللہ تعالےٰ نے ارادہ فرمایا ہے۔ سو الحمد للہ والمنۃ کہ اگر یہ پیشگوئی اللہ تعالےٰ کیطرف سے اور وحی فرمانی تو ہمارے یہ پندرہ دن ضائع گئے تھے۔ انسان ظالم کی عادت ہوتی ہے کہ باوجود دیکھنے کے نہیں دیکھتا اور باوجود سننے کے نہیں سنتا اور باوجود سمجھنے کے نہیں سمجھتا اور جلدی کرتا ہے اور خوشی کرتا ہے اور نہیں جانتا کہ خدا ہے لیکن اب میں جانتا ہوں کہ فیصلہ کا وقت آگیا میں حیران تھا کہ اس بحث میں کونہوں مجھے آنیکا اتفاق پڑا سو میں سمجھتا تو اور لوگ ہی کرتے ہیں اب یہ حقیقت کھلی کہ اس نشان کے لئے تھا۔ میں اسوقت اقرار کرتا ہوں کہ اگر یہ پیشگوئی جھوٹی نکلی یعنی وہ فریق جو خدا تعالےٰ کے نزدیک جھوٹ پر ہے وہ پندرہ ماہ کے عرصہ میں آجکی تاریخ سے بسزائے موت ہاویہ میں نہ پڑے تو میں ہر ایک سزا کے اٹھانیکے لئے تیار ہوں مجھکو ذلیل کیا جاوے رو سیاہ کیا جاوے۔ میرے گلے میں رسہ ڈالدیا جاوے پھانسی دیا جائے۔ ہر ایک بات کیلئے تیار ہوں اور میں اللہ جلشانہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ضرور وہ ایسا ہی کریگا۔ ضرور کریگا زمین و آسمان ٹل جائیں پر اسکی باتیں نہ ٹلیں گی"

قابل توجہ ممبر ہوم ڈیپارٹمنٹ جموں

پشتیر ریاست کی تعلیمی حالت کا سکیچ بالکل مختصر صیغہ اخبار میں شایع کرایا گیا تھا جس سے ظاہر ہوتا تھا۔ کہ کونسل ریاست جموں اور سرینگر کے علاوہ ریاست میں پانچ اینگلو ورنیکلر مڈل سکول قایم کئے تھے۔ مشروع سال یعنی ماہ بساکھ سے اینگلو کا لفظ ہٹا کر ظاہر کچھ بچت حاصل کیگئی ہے۔ اول تو یہ بچت کچھ معقول نہیں ہے مگر ملحوظ یہ ہے کہ کونسل کی مٹی کونسل میں۔ یہ بچت اسی صیغہ میں کھپت ہو گئی۔ اور مفصلات کے سکولوں کے [illegible]

ضمن مراسلات میں جناب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی اس پیشینگوئی کو ایک مطبوعہ کاغذ سے نقل کیا جاتا ہے جو کہ امرتسر میں مرزا صاحب کے سال گزشتہ کے مباحثے کے بعد ڈپٹی عبداللہ آتھم صاحب عیسائی کی نسبت منجانب اللہ ملہم ظاہر کی گئی تھی۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ مرزا صاحب کی پیشین گوئی کے مطابق تاریخ مباحثہ سے پندرہ ماہ کے بعد ڈپٹی صاحب کا انتقال ہو جائیگا یا بقول مرزا صاحب کے وہ ہاویہ دوزخ میں پھینکے جائینگے ۵۔ جون ۱۸۹۳ء سے پندرہ ماہ کی میعاد گزرتے گزرتے اب ۵ ستمبر ۱۸۹۴ء تک صرف دو مہینے رہ گئے ہیں۔ لوگوں کی عجوبہ پسند نگاہیں لگی ہوئی ہیں کہ دیکھیں مرزا صاحب کی پیشینگوئی سچ نکلتی ہے یا نہیں خصوصاً مرزا صاحب کے معتقدین سے بعض کے دلوں کا کیا حال ہوگا۔ کیونکہ اس خیال سے کہ اگر یہ پیشینگوئی پوری نہ ہوئی تو ان کے دل پر کیا کچھ گزرتی ہوگی اب صرف دو ماہ باقی ہیں کہ یا تو مرزا صاحب کی طرف خوش عقاد ہو کا ایک جم غفیر جمع ہو جائیگا اور یا پہلے معتقد بھی بدظن ہو جائینگے مرزا صاحب نے جس سپرٹ میں اس الہام کو قلمبند کیا ہے وہ بڑا زبردست ہے۔ وہ اپنی نسبت لکھتے ہیں کہ اگر یہ پیشینگوئی پوری نہ ہوئی تو مجھ سے جو سلوک ایسے گنہگار کے سزاوار ہو کیا جاوے۔ بلکہ پھانسی دے دیا جاوے۔ گو پھانسی تو کوئی نہیں دیگا لیکن اس فیصلے کے مرزا صاحب کے حق میں ہونے اور نہ ہونے دونوں صورتوں میں آئندہ کے مباحثوں اور مباہلوں کا خاتمہ ہو جائیگا۔ مرزا صاحب کے دیندار اور مرتاض ہونے میں کلام نہیں لیکن ہم نے ایک تعلیم یافتہ مسلمان سے یہ بھی سنا ہے کہ وہ داخل تمم میں علم رمل میں خاصی دسترس رکھتے تھے اس لئے ان پیشین گوئیوں کی نسبت نہیں اس ذریعے سے پتہ ملتا ہو۔ مگر ہم اس پر اعتبار نہیں کر سکتے۔ اس پیشینگوئی کی میعاد سے ایک ماہ کے اندر ایک دوسری پیشینگوئی پوری ہونے کی بھی امید کیجاتی ہے جس کے مطابق ایک نوجوان لڑکی کا شوہر مر جائیگا اور وہ خود مرزا صاحب کے نکاح میں آجائیگی۔

کرنل گوڈلیسبری صاحب مجسٹریٹ چھاؤنی جالندھر رخصت پر گئے۔ جو کہا جاتا ہے کہ ساڑھے تین ماہ کی ہے اور شاید رخصت کے بعد کسی دوسری جگہ متعین ہوں۔ کپتان بیس صاحب ان کے بجائے مجسٹریٹ مقرر ہوئے ہیں جو کہ معلوم ہوا ہے کہ نہایت خلیق اور منصف مزاج آدمی ہیں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اگر کسی کو شکایت نہ رہے اور پہلی شکایتیں جو انہیں معلوم ہو جاویں ان کی اصلاح کر دیں۔ کپتان صاحب مہربانی کر کے پیسہ اخبار کے دو تین ماہ گزشتہ کے پرچے دیکھ کر اہل چھاؤنی کی سب شکایات رفع کر دیں۔

سر چارلس ایٹچسن کی لفٹننٹ گورنری بنگال اس میں شک نہیں کہ کامیاب نہیں ہوئی۔ سر چارلس نے پہلے چھوٹی جیسے ایک بھاری معاملے میں اپنے آپ کو ہمت ان بالوں (نائب لعزنہ) بنا لیا تھا۔ لیکن اس کے بعد ٹیٹ کے کمشنر کو ان کمیٹی کے متعلق چند عجیب قواعد بھیج کر اور پھر ان کی ترمیم کر کے رہی سہی نیکنامی بھی کھو دی۔ مگر اب مسٹر ریڈیس کے معاملے میں کہ جس کی کیفیت ذیل میں درج کیجاتی ہے سر چارلس کو اور بھی ایک شکست ہوئی ہے۔ کیونکہ ان کا جو ایب اس معاملے میں بالکل فضول ہے:۔

"سر انٹونی میکڈانل نے لفٹننٹ گورنری بنگال کی قائم مقامی کے زمانے میں مسٹر ریڈیس کو ایک معزز زمیندار کی ہتک عزت کرنے کے پاداش میں محکمہ بندوبست سے تبدیل کر دیا تھا اور یہ گزٹ میں مشتہر کر دیا تھا کہ مسٹر ریڈیس کو ایک سال تک کسی قسم کی ترقی نہ دیجائے لیکن سر چارلس ایٹچسن نے رخصت سے واپس آکر مسٹر ریڈیس کو ضلع ہمین سنگھ کا قائم مقام مجسٹریٹ۔ کلکٹر مقرر کر دیا۔ سر ولیم ویڈبرن نے پارلیمنٹ میں اس سے ضابطگی کے متعلق سوال کیا جس کے جواب میں مسٹر فلر سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے کہا کہ میں یقین کرتا ہوں کہ واقعات وہی ہیں جو آپ کے پیرگراف اول و دوم میں درج ہیں۔ میری تار کے جواب میں لفٹننٹ گورنر بنگال نے رپورٹ کی ہے کہ مسٹر ریڈیس کو عارضی طور پر یہ عہدہ دیا گیا ہے جو ایک کلکٹر کی بیماری کی وجہ سے خالی ہوا تھا اور جس کو فوراً سبکدوش کیا جانا ضروری تھا۔ مسٹر ریڈیس وہاں موجود تھا اور کسی افسر کے بلوانے میں دقت ہوتی"۔

ہم یہ نہیں چاہتے کہ اخبارات کی باتوں پر ایسے اعلیٰ حکام اپنے ارادے بدل دیا کریں۔ لیکن یہ تو ضروری ہے کہ وہ ارادے نیک نیتی پر مبنی ہوں۔

جگادھری میں گزشتہ عید کے موقعہ پر ایک ناتجربہ کار ڈپٹی کمشنر نے جو بیہودہ حکم امتناع قربانی کی نسبت دیا تھا اس کی کیفیت ہم پیشتر لکھ چکے ہیں۔ ایک ڈپٹی کمشنر بلا سوچے سمجھے جو حکم دیدیتا ہے اس کی تعمیل ایسی ہونی چاہئے جیسا کہ خود لاٹ صاحب کے حکم کی ہوتی ہے۔ لیکن جب کہ جگادھری کے معاملے میں ڈپٹی کمشنر نے غلطی کی ہے اور لاٹ صاحب نے اسکی تائید کی ہے۔ اگر کوئی ڈپٹی کمشنر ایسی بیہودہ غلطی کرے کہ جس سے ہزارہا لوگوں کی دلشکنی ہو اور بڑی مشکل اور خوش نصیبی سے ایک فساد کا اندیشہ ٹلے تو اس کی تلافی کس طرح ہو سکتی ہے۔ اگر ڈپٹی کمشنر صاحب کو فساد کا اندیشہ تھا تو کیوں نہیں انبالہ چھاؤنی سے فوج طلب کرلی گئی۔ نہ کہ ایک ایسی ضروری مذہبی رسم کی ممانعت ہی کیجائے۔ لاٹ صاحب کو اس اتنی بڑی زبردستی کا اگر افسوس ہوا ہے تو انہیں اتنا بھی خیال میں آیا ہوگا کہ اگر وہ اسی روز ایک تار کے ذریعہ سے ڈپٹی کمشنر سے کیفیت دریافت کر لیتے تو یہ شکایت پیش نہ آتی۔ سر ڈینس فٹز پیٹرک کا انصاف مشہور ہے ہم دیکھتے ہیں کہ وہ اس معاملے میں کیا انصاف کرتے ہیں۔ گو سول اینڈ ملٹری گزٹ کو ان سے انصاف کی امید کم ہے سول ملٹری گزٹ اس بے انصافی اور سختی پر لکھتے ہوئے گورنمنٹ ہند کو متوجہ کرنا چاہتا ہے کہ وہ خود اس معاملے پر غور کرے۔ کئی ریبوں بھی اس معاملے پر لاٹ صاحب کو متوجہ کرینگے جو دعویٰ ہے کہ حکام کی سختیوں کو وہ بے لگام گورنمنٹ کے پیش کرتا ہے اور پنجاب پیپر یٹ اس خبر کو لکھ بھی رہیگا جس کا بڑا اصول حکام کی وفاداری ہے۔

مراسلات

تجویز جناب مصنف صاحب چہر عقل سے مخالفت

جناب مصنف صاحب کتاب چہر عقل کی مراسلت مورخہ ۲۲ مئی ۱۸۹۴ء بذریعہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۸ جون سنہ الہ دیکھنے میں آئی۔ چونکہ سررشتہ دار صاحب کی درخواست حضور گورنمنٹ تک پہونچ چکی ہے اور بشرط ہاو نذر وطہاو عدہ غور کی عزت حاصل کر چکے ہیں لہذا بہت ضروری معلوم ہوتا ہے کہ چوقباحتیں اس تجویز میں ہیں اون سے خود مجوز صاحب اور گورنمنٹ اور پبلک کو بخوبی فائدہ اوسمیں ملحوظ رکھا گیا ہے بہت جلد آگاہی دیجائے کہ فایدہ سیدھا ہرگز نہیں بلکہ ہر ایک کا سراسر نقصان ہے بنابران بجائے اسکے کہ اس تجویز سے اتفاق کر کے عافیت چھوٹے آفت میں پھنسیں کوئی دوسری بکار آمد تدبیر سوچیں۔

ہمارے فاضل سررشتہ دار صاحب کی دور اندیشی قابل تحسین و آفرین ہے۔ ایسے دل و دماغ ہی منتظمات سے ہیں۔ شاذ و نادر ایسے لوگ دیکھنے میں آتے ہیں کہ لایق و قابل مورث کے قدم بقدم ہوں۔ اکثر از خود رفتہ و خستہ و خراب و فضول خرچ ہوا کرتے ہیں۔ غور و فکر بڑوں کو ایسی چیز نہیں کہ جسے قابل ملامت سمجھیں۔ جس سے ہمیں بھی اسوقت بحث نہیں۔ ہاں ایسے بھی ہوتے ہیں کہ یا نابالغ یا قسم اناث سے ہیں باعقل خودداری و سلامت ہست نہیں۔ کہتے تو آپ سوچتے ہیں کہ اس ذریعہ سہل الوصول سے باآرام تمام اپنی اوقات بسری کر سکیں۔

اوہ یہ وہی پرانا خیال ہے کہ میاں اپنی جگہ سے ہل کر ہاتھ پیر کی تکلیف نہ اوٹھا دیں۔ کم سنی و نوعمری یا عنفوان شباب و کمانے کے دن نہیں یا تو پچپن سالہ وازکار رفتہ و واجب الرحم و پیر و خستہ و ناتوان لوگوں کی مانند گوشہ نشینوں میں ہوں۔ یا تحصیل معاش کی فکر سے بالکل فارغ البال ہو کر انواع و اقسام کے ہو و لعب میں عمر عزیز کو تلف کریں کیونکہ عیان راچہ حاجت بیان امر جہ مختلف ہیں بعض بزرگ زادے از قسم دگر ہوں یا اناث تجویز مذکورہ سے برخلاف ہونگے اور بلکہ خت اپنی وہ یا فتنی پر قبضہ کرنا چاہینگے۔ اور بعض از کار افتادہ موافق مثل ڈوبتے کو تنکے کا سہارا غنیمت ہے اوس سے موافقت کرینگے۔ لایق و دور اندیش خانہ دار کا فرض ہے کہ اپنے وابستگان کے واسطے کوئی عمدہ شکل حصول معاش تجویز کر جائے۔ کوتاہ اندیش اپنی اولاد اور نیز وابستگان کو تربیت بھی نہیں کرتے اور مرتے بھی مہمل چھوڑ جاتے ہیں۔ آخر الذکر بہت پائے جاتے ہیں۔ اور اول الذکر شاید ہر قرن میں ایک یا دو۔ جنمیں سے ایک ہمارے فاضل سررشتہ دار صاحب ہیں مگر اسوقت آپکی پبلک اور مقدس خیال صرف اعلیٰ کیطرف متصاعد ہے۔ کہ گورنمنٹ انگریزی عادل ہے منصف ہے رعایا پرور اور عام خلق اللہ کی بہی خواہ ہے۔ انسان کا کیا ذکر عام حیوانات کے آرام و آسایش کی فکر رکھتی ہے۔ تو اگر ہم اپنا روپیہ دستی و بیکار امید

ہو رہا ہے کچھ تو اسلامی ہے لیکن دنیا میں اس کے مقتضیات بہت سی ہیں اور اسی لئے انگلستان کی نوبی طاقت اس کے برابر ہے مگر پھر بھی انگلستان کی بحری طاقت تمام سلطنتوں سے بڑھ کر ہے۔ اور یہی وہ امر ہے جس پر انگلستان کی عزت و وقار کا دارومدار ہے۔ اور یہی وہ امر ہے جس پر انگلستان کی عزت و وقار کا دارومدار ہے۔ اور یقین ہے کہ جب تک انگلستان اپنی بحری طاقت کی حفاظت برقرار رکھے گا کوئی دوسری سلطنت اسے زک نہیں پہنچا سکے گا۔ انگلستان سمندر میں اس وقت کل ۳۲۵ جنگی جہاز مکمل اور زیر تعمیر ہیں اور اس سے کم ۲۲۱ فرانس کے پاس ہیں۔ اس موقعے پر فرانس اور جرمنی کے موجودہ تعلقات پر یہ امر کسی قدر روشنی ڈالتا ہے کہ پریسیڈنٹ فرانس کی وفات پر جہاں تمام سلطنتوں نے فرانس سے اظہار ہمدردی کیا ہے۔ شہنشاہ جرمنی نے اس تقریب کی عزت پر دو فرانسیسی افسروں کو رہا کر دیا ہے کہ جو کسی جرم میں جرمنی کے پاس لمبی میعاد کی قید میں تھے۔

یورپ کو انارکسٹوں۔ نہلسٹوں اور سوشلسٹوں نے حیران کر رکھا ہے۔ اور ان کا خطرہ صرف ملکی لڑائی سے دوسرے درجے پر ہے۔ پریسیڈنٹ فرانس بیچارہ انہیں سفاکوں کی نذر ہوا ہے۔ لیکن ساتھ ہی یہ خبر اطمینان بخش ہے کہ اٹلی میں ڈیڑھ سو انارکسٹ گرفتار کئے گئے ہیں۔ اٹلی ایک طرف تو فوجی اخراجات کے بوجھ کے نیچے دبا جاتا ہے دوسری طرف فساد اس کا پیچھا نہیں چھوڑتے۔ اور بالفعل پریسیڈنٹ جمہوریہ فرانس کے قتل کے موقعے پر بھی اٹلی ہی کو سب سے زیادہ صدمہ پہنچا۔ کیونکہ جس انارکسٹ نے یہ شیطانی حرکت کی ہے وہ اٹلی ہی کا باشندہ تھا۔ اور اس بات کا افسوس وزیر اٹلی کو کرنا پڑا۔

خدیو عباس پاشا غالباً اپنے ملک کو دو عملی سے بچانا چاہتے ہیں۔ اسی لئے یہ مذبوحی حرکات پاشا کے عزم سفر یورپ کی مصروفیوں کے پالیٹکس کی ساکن سطح پر وقتاً فوقتاً تموج پیدا کر دیتی ہیں۔ بالفعل خدیو پھر قسطنطنیہ پہنچے ہیں گو سلطان المعظم کی ملاقات سے نہیں ہوسکی۔ بالفعل کوئی ایسی وجہ نہیں دیتے جو کسی اہم تحریک پر مبنی ہو۔ اور غیور روم میں کسی بحری جنگ کا پیش خیمہ بنے۔

افریقہ میں عہد نامہ کانگو ہی نئی بات ہے۔ جس کے متعلق فرانس انگلستان سے متفق نہیں۔ اور فرانسیسی کانگو کی حفاظت کے لئے جو فوج سینگال کے راستے فرانس نے ۷۵ ہزار پونڈ منظور کئے۔ سلطان مواسے عبدالعزیز والی مراکو کے مستقل ہو جانے میں اب کچھ شبہ نہیں رہا۔ اور مراکو میں عجب نہیں کہ خانہ جنگی ہو۔ جنوبی اور مغربی افریقہ میں کوئی نیا فساد نہیں ہوا۔ تو م ساموکو فرانس سے الجھ رہا ہے۔

ایشیا میں سیام اور فرانس کا نزاع بالفعل نہیں ہے۔ سیام نے ظاہراً ہر طرح کی اطاعت منظور کر لی۔ البتہ چین اور جاپان میں ایک نئی قسم کے فساد کو ہوا کے متعلق چھیڑنے کا اندیشہ ہے۔ شاہ کوریا سے تار پہنچی ہے کہ چین نے بہت سی فوج بمقابلہ جاپان کے کوریا کو بھیجی ہے۔ اور چین اور جاپان میں اس ہمدردی سے چھڑ گئی تو روس اور انگلستان بھی چپکے نہیں بیٹھیں گے۔ اور فرانس جو ماکین کے معاملے میں چین سے ناراض ہے مداخلت سے کب باز رہ سکتا ہے۔ غرض تر کی اور سوڈان کی طرح ایشیا میں بھی صرف سرحد افغانستان کی دو چھوٹی ریاستوں چند ول اور باجور کی طرف سے ہر وقت خطرہ پیدا ہوتا ہے کہ باجور کا تھوڑا سا حصہ جو ہر اصلاح کے نقصان میں چلا گیا ہے وہ چھڑا لیا جاوے۔ اور اس بات

شاید سرحد ہندوستان و افغانستان میں کچھ توقف ہو جاوے۔ امریکہ میں کوئی ایسے واقعات پیش نہیں آئے جو دنیا کے پالیٹکس پر اثر ڈالتے ہوں۔ کیونکہ برائل کی خانہ جنگی ہو توقف ہو گئی ہے۔ اور اس کے سوائے شمالی امریکہ کے بعض مقامات میں مزدوروں کے کام بند کرنے کی شکایت کے کوئی اس سے بڑی بات قابل ذکر نہیں۔

اسعد اخبارات کے لئے بغیر بہت خوش آمدید ہے کہ کانپور کے ہیضہ زدہ لوگوں کے صدقہ و خیرات کے لئے جلسہ عمومی کا فوٹو حاصل ہوا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ ہز ہائینس کے منشی حافظ عبدالکریم صاحب نے صلاح دی ہوگی کہ ایک اردو اخبار حضور کے مطالعہ سے گزر چکے تو زیادہ اس میں ترقی ہوگی۔ ہم "زمانہ" کو مبارکباد دیتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ سوال بھی کرتے ہیں کہ دیسی ریاستوں میں صرف ہمدردی کے کام تک ہی اعانت شائع کیا کریں گے یا کبھی کسی ایسے حضور ہمدرد کے کام تک بھی پہنچ سکے گی۔ جو نہ صرف اگر کبھی ملکہ معظمہ کو اخبار خوانی کا شوق کرا دی ہوگی تو یکمشت ہوگی کہ اہل ہندوستان کسی اخبار کے مشتاق نہیں ہیں کیونکہ اخبار میں اس قسم کے مضامین کم ہوتے ہیں۔ اور ہر چند کہ کافی تعداد چھپا ہوا ہے مگر "اخباریت" یعنی مقدار مضامین بہت کم ہے جو ایک بڑے اخبار میں ہونی چاہیے۔ صفحہ کا صفحہ اپنے بیت مضمون کی وجہ سے جی خوش کرنے والی خبروں سے چھپا رہتا ہے اس وجہ سے نہیں کہ اتنے بڑے حضور کو ناگوار گزرے بلکہ حضور کی اخبار خوانی کے متعلق اس مذاق ہر کہ ہمہ کیسے خالی نہیں ہوگا کہ آپ کی خدمت میں کوئی اخبار سالم نہیں پیش کیا جاتا۔ بلکہ ایک چھوٹا سا ٹکڑا ہے جہاں بعض اخبارات کا صرف اللہ کیا جاتا ہے۔ اور ان سے مناسب پرچے مضامین کے کاٹ کر ایک لاجوردی رنگ کے ریشمی کپڑے پر لگا دیئے جاتے ہیں۔ اور اس کپڑے کے گرد طلائی گوٹ ٹانک کر آپ کے پیش کیا جاتا ہے۔ دکن میں سنا ہے کہ ایک مشہور اخبار بنام "گولکنڈہ" نکلتا ہے اور وہ بھی ریشمی کپڑے پر چھپ کر آپ کی خدمت میں بھیجا جاتا ہے؟

ہندوستان کے تازہ بجٹ کے اندیشے سے مسٹر منسٹ پولیس کمشنر بمبئی کی تجویز پر بمبئی گورنمنٹ نے یہ حکم جاری فرمایا ہے کہ ہندو تقریب محرم کی شرکت سے قطعی روکے جائیں۔ پس اخبار ٹریبون نے طنز کا فقرہ لکھا ہے کہ مسٹر منسٹ چند مسلمانوں میں جھگڑا قائم رکھنے میں جس طرف سے کوئی فتنہ اٹھا نہیں رکھتے پھر بھی اگر تو میں کسی وقت قابل جائیں تو اس میں مسٹر منسٹ کا کوئی قصور نہیں ہوگا۔ حقیقت اس کی یہ ہے کہ ہندو مسلمانوں سے بدگمان ہوں اور غیر مسلم اقوام کو بھی اپنے تعزیہ محرم کے جلوس کی وجہ سے جن کی اعانت اس کی جلوس اور کوم کی روش ذمیت دوبالا ہو جاتی ہے۔ چنانچہ لیکن ہمارے نزدیک اہل ہند کو عقل سے کام لینا چاہیے گورنمنٹ اپنی پالیسی کے مطابق کام کرتی ہے تو ہم کو اپنا نفع نقصان آپ سوچنا چاہیے؟

بھوپال سے اکثر مراسلات ہمارے فوٹو پر ہمراہ امتناع

دفعہ ۱۲۴ الف ہیں لیکن ایسی حالت میں کہ وہاں مختلف پارٹیاں ایک دوسری کی مخالفت میں تاک رہی ہیں ان مضامین کی خبر میں کی تفصیل کا ان اخبار پر ہو جائے ہم رجع اخبار نہیں کر سکتے حکومت خبر کا ایسی صورت میں کیونکر تعین ہو سکتا ہے جبکہ لکھنے والوں کے اصلی نام میں ہی نہیں کلام ہو۔ شیخ صاحب جس نے وزیر صاحب اور ان کے اہلکاروں کے خلاف پمفلٹ شائع کیا تھا ہم سنتے ہیں کہ آگرہ میں گرفتار ہو کر ضمانت پر رہا ہو رہے ہیں علاوہ بحرات سے کہ جہاں کا اشتہاری مجرم ہونے کا ایسا سنگین کیا گیا ہے اس کی نسبت استفسار کیا گیا ہے؟

پچھلے ہفتے میں میرٹھ کے ایک اردو اخبار کے ایڈیٹر کو سے ایک پیرایہ نقل کیا گیا تھا کہ جس سے ایڈیٹر صاحب کے واقعات کی زیادتی اور انسپکٹر صاحب کی تعجب انگیز تحقیقات کا ایک نمونہ سے مندرجہ ذیل فقرہ نقل کیا جاتا ہے۔

"لالہ بخشی رام کو جہلم کے ڈپٹی کمشنر مسٹر سلک نے سلام نہ کرنے پر مارا۔ لالہ صاحب نے دعوی دائر عدالت کیا مسٹر ہوصوف نے معذرت کی۔ لالہ صاحب نے نامنظور کی۔ پنجاب گورنمنٹ نے بھی کو معذرت نہ قبول کرنے اور مسٹر سلک پر حملہ کرنے پر تنبیہ کی"؟

لالہ بخشی رام کی تخصیص نہیں۔ بلکہ بخشی رام سنگھ ان کا نام ہے ہر گز کسی نے کسی کو نہیں مارا۔ صرف ڈپٹی کمشنر صاحب نے رہ سنگھ کا نام پکار کر بلایا تھا۔ جو ایسی طرح پکارا گیا تھا کہ جو توہین سمجھا گیا۔ مگر عدالت میں کسی فریق نے نالش نہیں کی اپیل دونوں نے نہیں کی۔ پنجاب گورنمنٹ میں اپنی بھی رگڑ کمشنر نے سمجھا کہ دونوں سے ایک دوسرے کو پہنچا ہے اور دونوں کو ایک دوسرے سے اظہار افسوس کرنے کی ہدایت کی گئی۔ جن اخبارات سے یہ مثالیں اخذ کیجاتی ہیں ہوشیار رکھے پچھے اخبارات میں شمار ہوتے ہیں؟

بعض اخبارات میں یہ فقرہ گشت کر رہا ہے جو ہمارے اچیتانہ گزٹ سے نقل کرتے ہیں۔ وہ لکھتا ہے۔ "اور ہم یہ بھی لکھ چکے ہیں کہ پولیس ممالک مغربی و شمالی ہے ہیں سادھوؤں کو درختوں پر چھپا لگاتے ہوئے گرفتار کیا ہے اور زمانہ خبر دیتا ہے کہ شہر کانپور میں کرنیل گنج کی سڑک کے قریب ایک ہندو فقیر نے خوش پرنشان بنا رکھا ہوا پکڑا گیا۔ تلاشی میں اس کے پاس سے تو نبی ملی جس کے اندر مٹی بھری ہوئی تھی اور گائے کی ایک دم بھی تھی اور دم کرنے کے لئے چھڑی بھی تو نبی میں پڑی تھی۔ جب اس سے پوچھا گیا کہ تو نے یہ چھپا کیوں لگایا تو اس نے کہا کہ میرے گرو نے مجھ کو اس لئے بھیجا ہے کہ تو پٹنہ میں رہتا ہے مگر تو اس چھپا لگانے کی ہدایت کی ہے کہ میں اس کے مطلب سے واقف نہیں ہوں کہ کیوں لگایا جاتا ہے۔ سرکار نے اس کے گرو کو بھی پکڑ وا منگایا ہے"۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی یادگوں کی گیب ہوگی۔ لیکن عجیب بات ہے کہ آج تک چھپا لگانے والا کوئی گرفتار نہیں ہوا؟

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۶ جولائی ۱۸۹۴ء

(لاہور و پنجاب)

——— دہلی دریبہ کلاں میں ایک عطار سے کسی پولیس کے سپاہی نے موم مانگا تھا۔ اسپر کچھ بد و بحث ہو گئی۔ سپاہی اگیا۔ اس لئے اس کی مدد پر عطار کی دکان سے گھسیٹ لیا۔ دوکاندار نے نالش کی۔ آنریری مجسٹریٹی سے دونوں سپاہی جرمانہ پر روپئے جرمانہ ہوئے

——— لاہور میں مسٹر حامد سنو بانی چرچ آف اسلام لکچر دینے کو تشریف لائے ؛

——— پنڈت رنجن ناتھ تحصیلدار ترگاؤں میں بروز سہ شنبہ جمنا پر نہاتے ہوئے یکایک نظر سے غائب ہو گئے۔ لاش کا پتہ نہیں ملا ؛

——— شملہ میں بوکیٹی محکمہ کارخانجات پیلاک دفوجی کی نسبت غور کرنے کو بھیجی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ وہ تقرری کمیشنر اس میں کسی قدر تخفیف کرنا چاہتی ہے ؛

——— ہفتہ گزشتہ میں ایک لڑکے اور دو آدمیوں کی لاشیں لاہور میں انجیسن کالج کے قریب پائی گئیں ؛

——— لاہور میں ماہ اپریل جو امتحان تحصیلداری وغیرہ ہوا اس میں کمیشنر رام باغ تحصیلدار جھنگ۔ میاں تاج الدین امیدوار نائب تحصیلداری لاہور اور بھائی ہرچرن سنگھ نائب تحصیلدار گورداسپور کامیاب ہوئے

——— سٹیلنی حوالدار اٹھارہویں ہسر کا بروز سہ شنبہ گزشتہ گرمی میں جو اسی دن کی بارش سے پورا گئی تھی۔ پار جاتے ہوئے گھوڑے کے غرق ہو گیا۔ لاش انبالہ بھیجی گئی اور دوسرے دن پہنچ گئی ؛

——— کرنل گلڈ بہری سائے ہوئے ہیں ماہی رخصت پر گئے اور انکے بجائے میجر مرٹ چھاؤنی جالندھر مقرر ہوئے ؛

——— گزشتہ جمعہ کے روز لاہور میں خوب بارش ہوئی ؛

——— لاہور کے رنجیت سنگھی شاہی دروازہ کو کھود تعمیر کے لئے نیلام کرنے کی بجائے کمشنر صاحب کے پیش ہے ؛

——— شیخ حافظ علی اسسٹنٹ اوورسیر سول سرجن نے زیر دفعہ ۳۴۱ ت ہ سزا پائی۔ صاحب سول سرجن نے زیر دفعہ ۳۴۲ بند عدالت صاحب ڈپٹی کمشنر اسپیشل اسسٹنٹ پر شکایت کی۔ صاحب میں اس کے ہسپتال کو دیکھنے گیا تو اس نے مجھے اسسٹنٹ نے درخواست دی ہے کہ مقدمہ کسی اور میں بدل دیا جاوے ؛

——— میاں محکم دین کے کنجڑے صاحب گھوڑا سرپٹ دوڑا لے جا رہے تھے۔ ایک قلی جھپٹ میں آکر سخت زخمی ہوا۔ صاحب نے گھوڑے سے اتر کر قلی کا زخم دھویا۔ انسپکٹر صاحب کے بعد مجرم کا چالان کر دیا۔ دفعہ ۳۳۷ ت ہ تعزیرات

——— طغیانی سے قصبہ ٹاکر کو بڑا نقصان پہنچا غلہ اور مویشی بہہ گیا۔ اندازہ کیا گیا ہے کہ نقصان ایک لاکھ ہو گا ؛

——— صاحب والی ریاست معہ مہارانی ملاقات صاحب کے لئے صاحب سحر کے بلنگ پر سوار و شکار جانے ہوئے ؛

——— ڈسٹرکٹ جج اسسٹنٹ کمشنر شاہ کو خوفناک ؛

——— سٹیل۔ مسٹر ہاس اسسٹنٹ کمشنر دان

——— حضور وائسرائے دورہ سرحد کے متعلق غیر سرکاری طور پر اس قدر معلوم ہوا ہے کہ پہلے دھرمسالہ میں اپنے والد مرحوم کی قبر کو دیکھنے جائینگے اور پھر لاہور کو۔ پٹیالہ۔ امرتسر اور راولپنڈی کو بھی جہاں غالباً امیر صاحب کابل سے ملاقات کرینگے۔ تشریف لے جائیں گے ؛

——— علی محبوب نامی کمنٹبل کو بجرم سرقہ وردی اپنے جوڑیدار کے ایک دو ہدوہ اس اسسٹنٹ کمشنر نے دو سال قید محض اور پانچ روپے جرمانہ اور بحالت عدم ادائے جرمانہ چھ ماہ قید سخت بامشقت عوضی کی سزا دی ؛

——— بارش سوائے انبالہ سیالکوٹ اور پشاور کے کل علاقے میں ہوئی۔ حصار اور ملتان میں گرانی۔ جالندھر اور سیالکوٹ میں ارزانی ہے۔ دہلی۔ انبالہ اور راولپنڈی میں بدستور نرخ چڑھا ہوا اور فیروزپور امرتسر لاہور۔ شاہ پور اور پشاور میں بدستور سستا ہوا ہے اور ڈیرہ اسمٰعیلخاں میں متوسط ہے۔ بیج کاٹی جا رہی ہے۔ خریف کی تخم ریزی شروع ہے۔ جو فصل ابھی کھڑی ہے اچھی حالت میں ہے اور آثار اس کے اعتدال ظاہر کرتے ہیں۔ اچھلی بارش مفید ہوئی۔ کنارہ دریائے راوی کے غلے کو طغیانی سے بہت نقصان پہنچا۔ ڈیرہ اسمٰعیلخاں میں دریائے سندھ بھی خوب چڑھا ہوا ہے۔ اس طرف وہ کیڑا جسے مچھل کہتے ہیں بہت ضرر پہنچا رہا ہے۔ مویشی اچھی حالت میں ہیں۔ کل ضلعے میں چارہ کافی ہے ؛

——— سری نگر میں طغیانی کی وجہ سے پھر مقام خوف ہے شہر میں جابجا پانی بھرا ہوا ہے۔ یورپین اور معزز لوگوں نے کشتیوں میں رہنا حال ہے ؛

——— مسٹر ایچ بکنگھم ڈپٹی کمشنر راولپنڈی نے ۲۰ جولائی سے چار مہینے کی باضابطہ رخصت لی ہے۔ میران جان ہیڈنگ ڈپٹی کمشنر جو حال میں رخصت پر ہیں واپس آکر ان کی جگہ کام کرینگے ؛

——— ڈپٹی کمشنر صاحب لاہور نے حکم دیا ہے کہ لاہور کے تمام بدوضع لوگوں سے بنک چلنی کی ضمانت لیجائے۔ رائے رام ناتھ صاحب اوشیل ڈسٹرکٹ جج اس کام کے واسطے مقرر ہوئے ہیں ؛

——— دو سکھ سپاہی سرقہ خفیفہ کے جرم میں دہلی میں حوالات میں ہیں۔ کنڈی بازار کی دو دوکانوں سے طلائی لیس کے دو گاڑے لے بھاگے تھے مگر نا بجہ پکڑا گئے۔ فوراً گرفتار ہوئے ؛

——— چند روز ہوئے شیر شاہ اور مظفر گڑھ کے درمیان ایک نالے کے قریب ایک ٹرالی معہ سہ نفر گلیوں کے سیلاب میں بہ گئی۔ ان دو اسٹیشنوں کے درمیان ریلوے مراسلت ناممکن ہو گئی ہے ؛

——— دہلی کے حکیم عبدالحفیظ صاحب لوٹک سے واپس آئے ؛

——— خبر ہے کہ کونسل کشمیر نے وہاں کا خفیہ پولیس کا محکمہ الفظ کر دیا ؛

——— نوجوان مہاراجہ صاحب جیند معہ سردار رتن سنگھ صاحب پریسیڈنٹ کونسل آف ریجنسی چند ہفتے کے لئے سملہ جاتے ہیں۔ جہاں وائسرائے سے ملاقات کرینگے ؛

——— سیالکوٹ میں ایک چھوٹے مکان کا مقدمہ پندرہ سولہ سال سے جاری ہے۔ خیر دماں ایک غریب لاہور کا ایک ساہوکار سے مقابلہ ہے عدالتوں میں سخت گرمی پڑتی ہے۔ ابر آتا ہے مگر بارش نہیں ہوتی (نامہ نگار) ؛

دنیا کی پولیٹیکل حالت

دنیا کی موجودہ پولیٹیکل حالت کا صحیح اندازہ لگانے کے لئے ہمیں یورپ کی طرف سب سے پہلے دیکھنا پڑتا ہے۔ کیونکہ یورپ ہی ایک ایسا براعظم ہے کہ جس کی بعض سلطنتیں ایک دم میں تمام عالم میں تہلکہ برپا کر سکتی ہیں۔ اور تمام دنیا میں ریشہ دوانی کر چکی ہیں۔ ایک مشہور شخص کا قول ہے کہ زار روس کے لئے میں دنیا کی پولیٹیکل شطرنج کا ایک مہرہ ہے کہ جس کی ایک ہی چال پر یورپ کا امن قربان ہو سکتا ہے۔ شاید دوسری اول درجہ کی دولتیں بھی ایسے ہی جنگ کی بنیاد ڈال سکتی ہیں۔ لیکن وہ اس حالت میں نہیں ہیں جیسی کہ روس ہے۔ گو روس کی فوج سوا پیادہ اہن کی حالت میں صرف چھ لاکھ ۵۹ ہزار ہے لیکن بصورت جنگ وہ چوبیس لاکھ نوے ہزار جوان باقاعدہ میدان جنگ میں لا سکتا ہے۔ اور اس کے علاوہ دس لاکھ ۶۴ ہزار فوج ریزرو موجود ہے۔ روس کے فوجی قوانین کے مطابق ساڑھے آٹھ لاکھ ہر سال فوج میں بھرتی ہونے کی عمر کو پہنچتے ہیں کہ جن میں سے ڈیڑھ لاکھ سالانہ فوج میں داخل ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ روس کی جمعیت اتنی کثیر ہے اور یہی وجہ ہے کہ روس کا نام لڑائی کا مشہور ہے۔ گو یہ دوسری بات ہے کہ آج سے پہلے جنگ کریمیا اور گزشتہ جنگ روم میں روس نے اتنی کثیر فوج سے بھی کامیابی حاصل نہ کی تاہم اب لڑائی کو سولہ سترہ سال کا زمانہ ہو چکا ہے اور روس کی طاقت دن بدن بڑھ رہی ہے کہ حوصلہ افغانستان یا ہندوستان پر بقول بعض اہل الرائے کے کام آسکتی۔ تاہم اس وقت روس کا ارادہ کسی طرف فساد کرنے کا ظاہر نہیں ہوتا ؛

جرمنی اور فرانس کی دشمنی ضرب المثل ہے کیونکہ ذلت گزشتہ جنگ کے نقصان اور قومی بیعزتی کو نہیں بھول سکتا ؛ جرمنی کے ہاتھ سے اسے اٹھانی پڑی تھی۔ اس لئے فرانس اس روز سے بڑی سرعت کے ساتھ اپنی بحری اور بری طاقت بڑھانے میں مصروف ہے۔ اور اسی لئے جرمنی کو بھی وزن برابر رکھنے کیلئے اپنی طاقت بڑھانی پڑتی ہے۔ جرمنی کے جہازی بیڑہ میں کہ بسمارک جیسے زمانہ دیدہ جہازران کے ہاتھ میں نہیں ہے تاہم جہاز مضبوط ہے۔ اور ساتھ ہی جرمنی کا ارادہ نہیں ہے کہ لڑائی کو شروع کیا جاوے۔ فرانس اپنی طاقت بڑھانے کے لئے روس کی دوستی تلاش کرتا ہے۔ جرمنی دوسری طرف اتحاد ثلاثہ میں شامل ہے۔ مگر انگلستان کے ساتھ بھی جرمنی سے تعلقات دوستانہ ہیں اور آپس میں ان دونوں عظیم الشان سلطنتوں کے اغراض ٹکراتے بھی نہیں۔ فرانس چونکہ انگلستان کا قومی اور قدیم حریف ہے اس لئے بھی انگلستان کو جرمنی کی طرفداری ملحوظ ہے۔ انگلستان

شہ سے زمین کی خبرین

ہندوستان

ڈیرہ دون مین ایک چیتے نے ایک انگریز چارلس پیج مشہور شکاری کو مار ڈالا +

بہمائے ضلع بان مین جو سب سے دولتمند ضلع ہے خزانہ سرکار مین ۱۷ لاکھ روپیہ کا غبن ہوا - ایک یورپین رومن کیتھلک پادری فادر گرنر پر ایک یورپین افسر ایل مسٹر سمز نے یہ الزام عائد ہوتا ہے +

پٹنہ مین ایک گورہ سپاہی نے دورہ جنون مین اپنے آپ کو دریا مین غرق کر دیا +

برٹکا قانون محاصل راجنی وغیرہ کرنے کو مشروط بڑا ایک ماہ کے لئے ملتوی کیا گیا +

صاحبزادہ محمد عبداللہ خان صاحب فیروز جنگ نائب ریاست رامپور کو صحت کلی ہو گئی حکیم عبدالمجید خانصاحب کو دو ہزار روپیہ نقد علاوہ خلعت کے دیا +

سبی مین بہت سخت گرمی پڑتی ہے بوا سموم کیطرح چلتی ہے دکان گرم کیا جاتا ہے دو روز کے اندر سات آدمی "سن سٹروک" سے مر گئے ایک خانہ بدوش سب ٹریژری سبی کا مر گیا ہے بڑا لائن محکمہ تار کا ہے ۱۱۰ - ۱۱۲ درجہ تک رہتا ہے ۲۹ جون کی رات کو آندھی آکر کچھ تھوڑی بوندا باندی ہوئی ورنہ یہاں زندگان خدا پر عذاب ہے ہم لوگ منطقہ حارہ میں پڑے ہین کیا آپ لوگ ہم کو کچھ عرض بیاں نہیں لاتے + ۔ ۔ ۔ ۔

مہاراجہ بڑودہ کا ویرا جہ شیاملداس جی صاحب نے جو مواڈ سرکار بڑودہ کے وزیر تھے ہفتہ گذشتہ مین انتقال کیا یہ اس کے نامور ہندی شاعر تھے تواریخ میواڑ وغیرہ بہت سی کتابون کے مصنف تھے اکبر اعظم کی تاریخ پیدائش کا فرق انھون نے ہی نکالا تھا انجمن مضامین بنگال ایشیاٹک سوسیٹی ہمیشہ سپانسر ہوتے رہے مہاراجہ سجن سنگھ جی صاحب مرحوم نے جو ہوتہ تو فیر اپنے دربار کے ملک الشعرا صاحب مرحوم کو بخشی تھی وہ پوشیدہ نہیں یہ بڑے نیک دل اور مہذب شخص تھے +

خان بہادر دنشا دوسابھائی پارسی پونا والے انیٹر ریفل مین شامل ہوئے +

دو مسلمان کلکتہ مین بجرم تلبیس سکہ گرفتار ہوئے +

مفتی عطا محمد (دہولا کاٹھیاواڑ) :- (۱) مسٹر کرسٹ جی پیٹرسن پوسٹ آفس کا میٹاوار ڈویژن جو بڑے لایق آدمی تھے انتقال کرگئے انکی جگہ جو صاحب مقرر ہوئے ہیں وہ بھی بڑے لایق اور منصف مزاج ہین جو اسپکٹرونکی شکایتونکی طرف توجہ کرتے ہین پوسٹماسٹر جنرل صاحب کا انتخاب قابل تعریف ہے (۲) ایک ماہ کا عرصہ گذرا ہوگا ایک پارسل اٹھائیس سو روپیہ کا بمبئی سے جب سٹیشن دہولا پر پہنچا تو رات کو ڈیپازٹ مین رکھا گیا۔ اور صبح کے ٹرین کے لئے آفس سے برابر تک جاتے راستہ میں گم ہو گیا بابو صاحب پکڑے گئے اور پولیس نے خوب زدوکوب کی کہ پیشاب سے خون آنے لگا ڈاکٹر نے ملاحظہ کیا اور اسٹنٹ

آدمی اسجگہ میں نہ ٹھہرے جائیں ظاہری روک تھام تو ہر طرح قابل اعتماد ہے بشرطیکہ تقدیر اسمیں ظاہری انتظام کے موافق لکھی ہے +

آجکل یہاں "انفلوئنزا" جس کو عرب "ابو رکب" کہتے ہیں بہت زور شور سے ہے کوئی گھر ایسا نہیں جو اسکی شکایت کرتا ہو تین روز تک بہت سخت تکلیف رہتی ہے مگر الحمد للہ ابتک کسی کی جان نہیں لی۔ مدینہ منورہ کا قافلہ اس سال بہ نسبت سال گذشتہ کے بہت کم روانہ ہوا پچھلے سال بھی قافلہ پندرہ ہزار اونٹ سے زیادہ تھا اور اس دفعہ آٹھ ہزار ہیں "عاصی" مکہ مکرمہ

موسیائی نکالنے والے! کیا یہ صحیح ہے!

السلام علیکم۔ آپ یہ سنکر حیران ہونگے کہ موسیائی والے جنکی نسبت پنجاب کے شہروں میں تماشا دوسرے تیسرے سال فواہ مشہور ہوجایا کرتی ہے وہ آگئے وہ آگئے فلاں کوچہ میں فلاں لڑکے کو اور فلاں بازار میں فلاں آدمی کو کچھ دوائی سنگھا کر لیگئے غرض اسطرح سے بہت کچھ بکتی اور بے اصلیت خبریں اڑا کرتی ہیں اسی طرح سے آجکل ضلع پشاور میں بھی انہیں خبروں کا بازار گرم ہے غالب ہے کہ بعض لوگ تو شاید اس قسم کی باتوں کو سننا ہی پسند نکریں مگر اس ضلع میں ہر ایک جگہ ہر ایک مجلس و ہر فرد عوام میں جہاں دیکھو یہی مضمون در یہی تذکرہ ہے اسپر بھی چونکہ یہ محض بے اصلیت اور ناقابل یقین ہے اکثر صاحب عقل و عقل اسکو بالکل گورشتہ ہی خیال کرتے تھے مگر پرسوں مورخہ ۱۰ جون ۱۸۹۴ء کے ایک توعہ جو یہاں سے قریباً بارہ میل کے فاصلہ پر تھانہ تارو جبہ تحصیل و شہر ہوتی میں واقع ہوا ہے لوگ بالکل حیران ہوگئے ہیں یعنے تاریخ مذکورہ بالا میں تھانہ کے قریب گاؤں کے چند آدمیوں نے گاؤں سے کچھ فاصلہ پر دیکھا کہ چار آدمی جمع ہیں اور ایک لڑکے کو الٹا کرکے ہوش کر رکھا ہے یہ لوگ دیکھتے ہی فوراً اُس طرف بھاگ گئے لڑکا بیہوش پڑا رہا مگر وہ چاروں فوراً ان کو دیکھتے ہی رفوچکر ہوگئے ان آدمیوں میں بھی چند آدمی جو اچھے اچھے جوان آدمی تھے اگلی طرف بھاگے چونکہ فاصلہ زیادہ تھا وہ سرپٹ دوڑتے دوڑتے بہت دور آگے نکل گئے مگر اتفاقاً ایک آدمی اُن سے دوڑتے دوڑتے گر پڑا اور جھٹ اُن جوانوں نے اُس کو جا پکڑا جب اُس کو گرفتار کرکے تھانہ میں پہنچایا تو اُس نے تھانہ میں مسمی لیل بیان کیا میں بسر پور کا رہنے والا ہوں میں اُن عورتوں آدمیوں کیساتھ بھاگ گئے تھا لوگوں نے جو پکڑ لیا تو کس طرح اور کیوں بے بیہوش کیا تو اسنے کہا کہ انکے پاس ایک لکڑی ہے جو لڑکے کے سر پر رکھکر انہوں نے لڑکے کو بیہوش کرلیا مگر یہ معلوم نہیں کہ موسیائی کس طرح سے نکالتے ہیں یہ بیان اُس نے اُن کو سرشتہ میں چند روز ہوئے کہ ملازمت اختیاری کی ہے یہ پہلا موقعہ تھا کہ وہ مجھ کو موقعہ کی کاروائی دکھلانیکے واسطے لائے تھے کل تھانہ تارو سے اُس کا چالان دفتر پولیس ضلع پشاور میں آیا دیکھیں کیا نتیجہ نکلتا ہے جس کی مفصل

اطلاع دیجائیگی + راقم شیر علی خان امیدوار نائب تحصیلدار

میر محمد حسین صاحب کا انتقال پر ملال

جناب اڈیٹر صاحب پیسہ اخبار۔ میر محمد حسین ایم اے سی ای بوقت ۵ بجے دن کو بتاریخ ۱۶ جون انتقال کیا مرحوم نے سینٹ سٹیفن کالج انگلینڈ میں امتحان زراعت اول درجہ کا پاس کیا تھا اور روہان کے ڈسٹرکٹ یعنے متمنع یافتہ تھے۔ مغربی شمالی راجپوتانہ کے محکمہ زراعت میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر مقرر ہوئے اور ۱۸۹۱ء میں قبل حیدرآباد جانے کے قائم مقام ڈائرکٹر مقرر ہوئے اس زمانہ میں حسب درخواست گورنمنٹ ہز ہائینس نظام ان کے خدمات اس ریاست کو تفویض کی گئیں وہاں کے ڈائرکٹر انتظام محکمہ زراعت اور تجارت مقرر ہوئے وہاں بخار موسمہ ملیریا میں مبتلا ہوئے اور تیرہ مہینے بخار وقتاً فوقتاً آتا رہا۔ تین مہینے تک صحت رہی مگر صحت حالات ایکدم آخرماہ فروری میں راہ میں حسب الطلب نواب صاحب بہادر رامپور جلسہ شادی میں شریک ہوئے۔ ۲۴ فروری کو انفلوایتزا میں مبتلا ہوئے نو دن تک ہوش نہ آیا مکان پر آئے زیر ناف دبل نکلا پھر بخار ہوگیا یہانتک کہ سرسام ہوگیا۔ جو باعث ہلاکت ہوا مولوی مشتاق حسین صاحب وفادار کلک کی رائے ہے "آپ کی کل سہ پہر کی تار نے تو دل کے ٹکڑے ٹکڑے کردئے۔" انا للہ وانا الیہ راجعون۔ یہ شخص موت نہیں ہے قومی موت ہے مسلمان ہندوستان میں ایسا دوسرا شخص تلاش کرنہیں سکتے ہیں ہے اے بسا آرزو کہ خاک شدہ +

(راقم علی حسین۔ ۱۸ جون ۱۸۹۴ء)

دریائے بیاس کی گذشتہ طغیانی کی کیفیت

مندرجہ ذیل خبر بوساطت "پنجاب پریس ایسوسی ایشن" پنجاب گورنمنٹ سکرٹریٹ بغرض اندراج اخبار پہنچی ہے۔

حال میں جو طغیانی دریائے بیاس میں واقع ہوئی جس کو کہ دیسی لوگوں نے بیان کیا کہ دریا سیاہ بہنے لگا ہے۔ اس کی نسبت معتبر حالات اس کی اصلیت اور باعث کے خاص اُس موقعہ سے جہاں یہ حادثہ وقوع میں آیا اسوقت موصول ہوئے ہیں جیسا کہ شبہ تھا یہ طغیانی بباعث توڑہ برف کے ہوئی اور کوہی تودہ دواڑہ جو کہ علاقہ کلو میں سلطان پور سے چند میل اوپر کی طرف بیاس کے دہانہ میں گرتی ہے اس کی ایک شاخ موسومہ پھلانی نالہ ہے۔ اس نالہ کے منبع کے پاس اس تودہ کے گرنیکا وقوع ہوا ۲۱ مئی ۱۸۹۴ء کو وقت پیشین سے کچھ پیشتر بلا کسی خبر کے وہ طرف پہاڑ کا جو کہ بدرجہ غایت برف اور یخ سے ڈھکا ہوا تھا دفعۃً میں اڑکا اور بہر گہری اور تنگ کھڈ میں جس میں کہ رودکوہی بہتی ہے برف۔ یخ۔ سیاہ مٹی و ریت۔ اور پانی مخلوط کیچڑ کی صورت میں گرا۔ جہانکہ وہ تنگ تر ہتا وہاں ایک حصہ اُس لڑکے ہوئے دنیا کا نحبہ بہر سے لے رگ گیا تاوقتیکہ بقیہ نے شامل ہوکر اُس روک کو اپنے زور سے ہٹا دیا اور اس طرح سے اس توعہ نے ایک عظیم صورت سے سلسلہ کیچ دار پکڑی اور یہ ہر ہین کیے بعد دیگرے چند منٹ کے وقفہ سے چلتی تھیں۔ اور اس وقفہ میں نالہ کی تہ خشک ہوجاتی تھی بعض جگہ میں یہ تباہی درہ کی تہ سے پانچ سو فٹ بلندی تک پہونچی۔ اور یہ لہریں جبکہ بیاس اور نالہ دوادھر کے اتصال کی جگہ پہونچیں تو ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ صاحب انگریز کا چشمدید بیان ہے۔ کہ ۴۵۰ گز عرض اور ۴۰ فٹ بلند اور بیس میل فی گھنٹہ کی تیزی سے یہ لہریں چلتی تھیں۔ بہت سا نقصان مواج کہتا ہیں میں جو کہ سلطانپور کے اوپر کیطرف واقع ہے ہوا مگر سلطانپور محفوظ رہا۔ ایک بڑا اور چار چھوٹی پلیں بہہ گئیں اور نیز کئی میل تک سڑک جس کی جگہ اب نالہ دوادہ۔ بہہ رہا ہے برد ہوگئی۔ ۱۹۰ شلاخ بیش اور ۳۳ راس مویشی غرق ہوئے۔ ۳۲۰ پن چکیاں اور ۱۶ مکانات تباہ ہوئے ۴۰ ایکڑ اراضی مزروعہ برد ہوگئی اور بہت سا نقصان نالہا سے آبپاشی کو جسپر زراعت شالی کا حصر تھا پہنچا۔ خوش نصیبی سے اس وادی کی آبادی بہت کم ہے اور چونکہ برف ہنوز وہاں موجود تھے اس لیے بھیڑ بکری چرانے والے لوگ وہاں نہیں گئے ہوئے تھے بنابران جان انسان کا نقصان بہت کم ہوا معلوم ہوا ہے کہ ۴۶ جانیں تلف ہوئیں اور کئی تبتی مسافر بھی غالباً ہلاک ہوئے۔ گو کہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اُن کی تعداد ۱۵ سے زیادہ نہوگی۔ بقلم ترکہتا سہائے مسلخوان +

پنجاب میں بارش اور ویسٹرن ریلوے

شب سہ شنبہ گذشتہ کو رات بہر امرتسر کے گرد نواح میں نہایت زور کا مینہ برسا رات کو ۱۲ بجے کے بعد جس وقت پاسنجر گاڑی جالندھر سے آگے بڑھی اسوقت معلوم ہوا کہ بیاس ندی کا پل ٹوٹ گیا ہے۔ اسٹیشن بیاس سے پرلی طرف جو اسٹیشن ہے وہاں ۲ بجے رات کو سب مسافر اتارے گئے اور ڈاک گاڑی کا جو دو گھنٹہ بعد آنیوالی تھی انتظار کیا گیا وجہ یہ تھی کہ اسٹیشن بیاس پر جو ٹوٹے ہوئے پل کے قریب ہے اسقدر گنجایش نہیں کہ دو ٹرینیں وہاں جمع ہوسکیں رات کے وقت مسافروں کا ٹرین سے اتارا جانا اور باد و باراں کی تکلیف اٹھانا اور ایک جم غفیر کا ایک نہایت تنگ و محدود جگہ میں قید کیا جانا اور سامان وغیرہ کا پانی میں بھیگ کر خراب ہونا خصوصاً چھوٹے چھوٹے بچوں اور معمر و معذور لوگوں کے حق میں ایک نہایت افسوسناک سین تھا اس پر پل ٹوٹنے کی خبر جنگشن امرتسر پر بھی پہنچ گئی تھی اور اس کی وجہ سے مسافروں کے دل کو پژمردہ اور ان کی حالت کو پریشان کرتی تھی ہر چند یہ مستند اس درجہ مرطوب تھی کہ زہاد خشک ایک پختہ عمارت کے تلے کھڑے دامن نچوڑ رہے تھے اور اسقدر سرد تھی کہ دختوں کے دانت بجتے تھے انجن کا گلا بیٹھ گیا تھا چیختا تھا مگر آواز نہیں نکلتی تھی لیکن حکمت اس میں یہ تھی کہ اگر اسقدر تیز سرد ہوا نہ ہوتی تو اس ازدحام غفیر سے اُس مختصر سی عمارت کی ہوا کے مسموم ہوجانے میں کوئی شبہ نہیں تھا۔ حبوقت میل یا بغیر اس کے کہ خالی گاڑیاں اُس میں زاید کیجائیں اُنہیں ڈبوں میں یہ مسافر ہی ٹھونس دیے گئے مگر یہ کہنا انہیان ریلوے کو اک گونہ تہمت لگانا ہے

ایف اے کے امتحان کا نتیجہ اچھا رہا۔ اینگلو اورینٹل کالج ۲۰ کامیاب ہوئے

نابھہ سے ایک صاحب بابو نتھا سنگھ صاحب پروفیسر نابھہ کالج کی تعلیم میں بے توجہی کی شکایت کرتے ہیں اور جہاراجہ سر ہیرا سنگھ صاحب کو اس نقص تعلیم کی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہیں۔ امسال کل مدارس پنجاب کا نتیجہ امتحان انٹرنس میں اچھا رہا۔ مگر نابھہ کالج ناقص نکلا

جمہوریہ فرانس کے پریسیڈنٹ کارناٹ کے قتل کی جیرتناک خبر نے تمام دنیا کے تاجداروں کو تہا دیا ہوگا جنرل گاریلڈی پریسیڈنٹ جمہوریہ امریکہ کے بعد زار الگزینڈر والی روس اس طرح ایک قاتل کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا کہ اب پریسیڈنٹ فرانس کو وہی روز بد دیکھنا نصیب ہوا۔ یورپ میں نہلزم اور سوشلزم اور انارکزم کی جو ہوا پھیلی ہوئی ہے اس کی بدولت جو بری سے بری خبر سنی جاوے کچھ اچنبا نہیں۔ پریسیڈنٹ سیڈی کارناٹ بہت لایق اور ہر دلعزیز تھے۔ عمر ستاون سال سے زیادہ نہیں تھی۔ اور اگر عمر وفا کرتی تو ماہ دسمبر آیندہ تک عہدہ خالی کر دیتے۔ فرانس کے چیمبر آف ڈیپوٹیز کے روز مرہ ٹوٹنے اور پریسیڈنٹ کے اس طور پر مارے جانے سے حکومت کی نہایت ابتری نمایاں ہے۔

ہمارے اخبارات کی کم باگی کی صدہا مثالیں ہر روز اردو خوان پبلک کی نظر سے گزرتی ہونگی۔ مسٹر نارٹن کے شہ مناک مقدمہ کی کیفیت ہندوستان کا بچہ بچہ جانتا ہے۔ کہ اس نے سلیمن کی بیوی سے ارتکاب زنا کیا اور آخرالذکر نے اس بیوی کو طلاق دیدی۔ مگر ایک اردو ہمصر آج اس واقعہ کے تین ماہ بعد ایڈیٹریل نوٹوں کے ذیل میں مفصلہ ذیل تازہ اور صحیح خبر لکھتا ہے۔ "مسٹر نارٹن بیرسٹر ایٹ لا مدعا علیہ نے اپنی بیہم صاحبہ کو طلاق دے دیا عدالت نے بیہم صاحبہ کو تین ہزار پونڈ ہرجانہ دلوایا ہے اب مسٹر سلیمس کے ساتھ شادی کرینگی۔ وہ مسٹر نارٹن جو عزت کی نظر سے دیکھے جاتے تھے۔ افسوس ہے کہ ان کی بدفعلی نے سوسائٹی کی نظر سے گرا دیا۔ پیاری بی بی کو جدا کر دیا۔ اور ہمیشہ کے واسطے ایک بدنما داغ ان کی عزت پر لگا دیا"

نہایت افسوس کی بات ہے کہ ۱۶ جون کو ہیر محمد حسین صاحب ڈایرکٹر محکمہ زراعت و تجارت مملکت وصیفہ لے ۱۴ ماہ کے بخار میں مبتلا رہکر عارضہ دنبل سے انتقال کیا۔ ہیر صاحب مرحوم کے اٹھ جانے سے ہندوستان سے ایک ایسا قابل اور صاحب ہمت بشر ناپید ہو گیا ہے کہ جس کی نظیر مشکل ملیگی۔ آپ اضلاع مغربی و شمالی میں ڈسٹرکٹ انسپکٹر و ارس تھے کہ صرف اپنے شوق سے انگلستان کے میونسٹر کالج زراعت میں تعلیم حاصل کرنے کو روانہ ہوئے اور بڑی تعریف کے ساتھ وہاں کے امتحان پاس کئے گورنمنٹ اضلاع مغربی و شمالی نے انہیں اسسٹنٹ ڈایرکٹر محکمہ زراعت کے عہدہ پر مقرر کیا۔ ہیر صاحب نے اس زمانے میں ایک کتاب بنام "حاجات ہند" تصنیف کی جس میں ہندوستان کی مادی ہزار ہا کی بہبود سالی پر نہایت قابلیت سے بحث کی گئی ہے گورنمنٹ نظام نے ان کی خدمات گورنمنٹ ہند سے مانگ لیں۔ اور یہ حیدر آباد کی زراعتی اور تجارتی حالت میں ایک بہتر انقلاب پیدا کرنے کے لئے آمادہ ہو گئے ہر پچھلے سال کی حیدر آباد کی نمائش گاہ اور اس کی کامیابی صرف انہیں کی کوشش کا نتیجہ تھی۔ افسوس اس بات کا ہے کہ ایک نہایت مفید زندگی بے وقت قطع ہو گئی۔ ہیر صاحب کا خاندان مدت سے علم دوست اور فاضل چلا آتا ہے۔ کتاب خزینۃ الامثال جس میں عربی فارسی اور اردو کی ضرب المثلیں ہیں جمع ہیں۔ آپ کے جد امجد کی تصنیفات سے ہے۔

جہال میں بے بنیاد خبریں کس طرح مشہور ہو جاتی ہیں ان کی تصدیق پشاور کی اس خبر سے ہوتی ہے۔ گذشتہ دو تین ہفتوں میں ہمارے پاس کئی خطوط پہنچے ہیں کہ شہر اور ضلع پشاور میں "مومیائی" نکالنے والے صاحب آئے ہوئے ہیں۔ اور ان کے نوکر لوگوں کو بلا لایف الجیل پکڑ لیجاتے ہیں اور ان کو مار ڈالتے ہیں اور ان کو مار ڈالتے ہیں اور مومیائی نکال لیتے ہیں اس خبر نے ہر چند کہ یہ بالکل بے بنیاد ہے اس نواح میں بڑا خوف پھیلایا ہوا ہے جیسا کہ مندرجہ ذیل خط سے معلوم ہوتا ہے کہ کچھ پڑھے لوگ ہی اس پر اعتبار کرتے ہیں۔ چنانچہ اسی صاحب کا ایک خط مراسلات میں درج کیا جاتا ہے لوکل حکام کو چاہئے کہ ایسے شریروں کو جو سادہ لوح لوگوں کے ڈرانے کے لئے ایسی بے بنیاد باتیں تفراع کرتے ہیں سزا دیویں۔

شہر پشاور میں بنگالی آدمی تقریباً پچاس تک جو کسی انگریز ٹھیکہ دار کے ٹھیکہ مومیائی کے آئے ہیں۔ ان کا یہ کام ہے۔ کہ بے وقت راستوں میں آدمیوں کو اکیلا دیکھ کر ایک بوتل کی بو دیتے ہیں اور بعد ازاں مانے بہانہ بہر تے ہیں آدمی بیخود ہو کر بات چیت نہیں کرتا بلکہ بنگالی کے پیچھے پیچھے جس جگہ وہ جائے چلا جاتا ہے آخر وہ آدمی کو مقام مفروضہ پر لیجا کر اس کی مومیائی نکالتے ہیں۔ چنانچہ کئی آدمی ان کے پنجہ میں ہلاک ہوئے ہیں مزدوروں کو مزدوری کی لالچ پر اور بہوکوں کو کھانے کی لالچ پر لیجاتے ہیں اس طرح ہزارہا جانوں کا نقصان ہو چکا ہے لوگوں میں جوش پھیلا گیا ہے لوگ بنگالیوں کے پکڑنے کا اور مارنے کو تیار ہو رہے ہیں کئی بنگالی پکڑے بھی گئے ہیں اور کئی ایک آدمی ان کے پنجہ سے بھاگ کر نکل بھی آئے ہیں جو بھاگ کر آئے ہیں بیان کرتے ہیں کہ پشاور کے بالا حصار میں یہ کام کیا جاتا ہے۔

کچھ عرصہ گذرا ہے کہ ہندو پریس کمپنی فنڈ کی تائید کرتے ہوئے ہم نے صلاح دی تھی کہ لاہور کے مسلمانوں کو بھی ایک ایسا فنڈ جاری کرنا چاہئے کہ جسمیں آپس کے امداد سے بہت تھوڑے خرچ پر متوسط الحال ملازمت پیشہ لوگوں کی وفات کے بعد انکے پس ماندوں کے لئے ایک ذریعہ مدد کا پیدا ہو جاوے۔ چنانچہ اس قسم کی انجمن بنام "مربی یتامیٰ و اطفال مسلمانان" لاہور میں قایم ہو کر رجسٹری ہو چکی ہے اور اسکے ممبروں کی تعداد اسوقت دو سو سے زیادہ ہے کام بھی جاری ہو رہا ہے اسکے ہر ممبر کی وفات پر وقت مانگی تمام ممبر ایک ایک روپیہ

مراسلات

مکہ معظمہ کی جنبرین

[پیسہ اخبار کے نامہ نگار سے]

مکرمی ایڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم۔ اب وہ دن بہت قریب ہے جس کے واسطے روے زمین کے ہر حصہ کے اہل اسلام ہمت کر یہاں جمع ہو رہے ہیں۔

سنین ماضیہ اور خاص کر سال گذشتہ کے وبائے ہیضہ نے لوگوں کے دلوں میں ایسا خوف پیدا کر دیا ہے کہ جس کی وجہ سے اس سال اس وقت تک بہت کم حاجی یہاں آئے ہیں اور ظاہری قراین سے پایا جاتا ہے کہ شاید اس سال کے حج میں بہت تھوڑے لوگ شریک ہونگے۔

سلطان المعظم نے حجاج کی راحت کے سامان اور انتظامات جو اس سال حجاز میں کئے ہیں وہ اکثر پیسہ اخبار کے کالموں میں نشان ہو چکے ہیں۔ منجملہ اور انتظاموں کے یہ امر بھی قرار پایا ہے کہ علاوہ اُن ڈاکٹروں کے جو ہمیشہ حجاز کے بندرگاہوں اور شہروں میں رہتے ہیں رمضان کے بعد خاص مکہ معظمہ میں بیس ڈاکٹر اور زیادہ کر دیئے جائینگے۔ ہابکر صاحب اور پروفیسر مکہ میں محرم کے آخیر تک جب تک حاجی رہتے ہیں۔ ہابکر صاحب۔ شہر کی صفائی اور سڑکوں وغیرہ کے نالوں اور نالیوں کی درستی اور اُن بیماروں کی جنگ داشت جو راستوں اور گلی کوچوں میں پڑے رہتے ہیں اُن کے ذمہ ہوگی۔

چنانچہ اس سال کے پندرہ ڈاکٹر آگئے ہیں اور شہر کے تندرستی اور حفظ صحت کے بندوبست میں راتدن سرگرم ہیں۔

وہ مقامات جہاں اکثر غریب لوگ بستے ہیں یا جن راستوں سے حکام کا گذر نہیں اکثر خراب حالت میں ہا کرتے تھے اُنہی گذرگاہوں میں صبح و شام دو مرتبہ صفائی ہوتی ہے۔ اور تمام دن بازاروں اور گلی کوچوں میں کوڑا اٹھانے کی گاڑیاں پھرتی نظر آتی ہیں۔ محکمہ تنظیفات (وہ محکمہ جس سے متعلق شہر کے صفائی وغیرہ ہے) کے خاص آدمی ڈاکٹروں کے ساتھ بازاروں میں گشت کرتے رہتے ہیں دکاندار کوئی ایسے چیز جس کی ممانعت کر دی گئی ہے نہیں بیچ سکتے۔

کئی سال سے ڈاکٹروں کی یہ رائے تھی کہ حجاج کی کثرت اور مکانات کی قلت اس بیماری کا سبب ہے۔ جہاں دس آدمی راحت سے نہیں ٹھہر سکتے ہیں۔ وہاں استعداد آدمی ٹھہرا دیئے جاتے ہیں کہ وہ کسیطرح بھی اس کمی کے موسم اور بے احتیاطی کی حالت میں تندرست نہیں رہ سکتے۔ اس شکایت کا تدارک اس طرح سے کیا گیا کہ ہر سال مین علاوہ ڈاکٹر مقرر ہوئے اور اُن مکانات کو جہاں حاجی ٹھہرتے ہیں دیکھنا شروع کیا اور جس مکان مین جسقدر گنجایش معلوم ہوئی اُسی تعداد کا ایک پرچہ لکھکر دروازہ پر لگا دیا گیا۔ اور صاحب مکان کو اطلاع دیدی کہ اس تعداد سے زیادہ

اخبار صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے ہوس آف کامنز کی اس تجویز کو حرف غلط کی طرح محو کر دیا۔ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کی رائے میں قواعد مل سروس میں ہندوستانیوں کے لئے پہلے ہی بہت رعائت ہو چکی ہے کہ جن کی عمر بحالے ۲۳ سال کی گئی ہے:

ہمارے ناظرین اگر فراموش کر چکے ہیں تو ہمارے پچھلے نمبر حصول کر دیکھیں۔ وہ کسی جگہ صاف الفاظ میں ہماری یہ پیشینگوئی پائینگے کہ انتخابات مقابلہ کا ہندوستان اور انگلستان میں یکساں منعقد ہونا ہرگز منظور نہیں کیا جائیگا۔ اس سے ہمیں زد ٹکیل منظور نہیں۔ بلکہ یہ ایک کامن سنس کا فیصلہ تھا جو صورت حالات کو دیکھ کر آج سے چھ ماہ پیشتر ہر ایک سلیم الرائے شخص کر سکتا تھا۔ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کی خدمت میں جتنے ٹیلیگرام گورنروں اور گورنروں کی رائیں اس بارے میں پہنچی ہیں وہ بہت دلچسپ اور قابل دید ہیں کہ ہمارے فسروں کی ہماری نسبت کیا رائیں ہیں۔ اور ان میں ہمارے پنجاب کے لفٹنٹ گورنر جہاور کی رائے خاص دلچسپی کی مستحق ہے۔ گنجائش مانع ہے کہ ہم بجنسہ بعض خلاصے ان تحریرات سے پیش کریں۔ لیکن ٹرکی اور انگلستانی یہی ہیں کہ اہل ہندوستان میں ایسی ذمہ واری کے عہدوں کے فرائض کامیابی سے پورے کرنے کی قابلیت نہیں ہے۔ ہندوستانی مجسٹریٹ ہندو ہوں یا مسلمان ضرور اپنی اپنی قوموں کی رعایت کرینگے بجائے یکساں اگر نروں کی سب رعایا کی یکساں ہے۔ ہندوستان کی بہتر حکومت بحال رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ سول سروس اگر نروں ہی کے ہاتھ میں رہے۔ ہندوستانی کان میں رکھنے میں بڑی مہارت رکھتے ہیں اور اس لئے بہت سے بیچ ذاتوں کے لوگ امتحان مقابلہ جو ہندوستان میں ہوگا۔ سہولیت سے پاس کر سکینگے۔ ہندوستان کی جنگی اور بہادر اقوام مثل مسلمانوں۔ سکھوں اور مرہٹوں وغیرہ کے بالکل اس عزت کا حصہ حاصل نہ کر سکیں گی۔ اس میں شک نہیں کہ انگریزی تعلیم ہندوستان میں اس وقت تک نہایت غیر مساوی طور پر تقسیم ہوئی ہے۔ اور ہندوستانی ہر چند کہ تعلیم کے اعلیٰ درجے تک پہنچ جاتے ہیں لیکن تربیت اور شائستگی کے ایسے اعلیٰ درجہ تک نہیں پہنچتے کہ ان سے بحیثیت مجموعی یہ الزام اٹھ سکے کہ وہ ہر مجسٹریٹ کی ہر مذہب و قوم کی رعایا سے یکساں سلوک کرتے ہیں۔ کیونکہ بعض کالی بھیڑوں کی مثالوں نے سب کا رتبہ بہت کچھ گرا دیا ہے۔ ایسے متدین اور منصف مزاج ہندوستانی بھی ہیں کہ جو کئی انگریزوں سے بہتر ہیں اگر سول سروس میں ہندوستانیوں کے لئے اسامیوں کی مقدار مثلاً ایک نہائی مقرر کر دی جائے جیسا کہ گورنمنٹ مدراس نے مناسب سمجھا ہے) اس میں ایسی نسبت سے امیدواروں کو شامل کیا جاوے کہ تمام ملک کے امیدواروں کا برابر حصہ ملازمت حاصل کریں تو یقین ہے کہ ہندوستان اور انگلستان دونوں جگہ امتحان مقابلہ یکساں جاری رہنے سے کسی فریق کو شکایت نہ رہیگی۔

جگادھری ضلع انبالہ میں قربانی کا واقعہ

جگادھری میں امسال قربانی قطعاً بند رہنے کے متعلق ایک شکایت ہمارے پاس پہنچی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب انبالہ نے قربانی کے دن سے صرف تین روز پیشتر یعنی ۱۲ جون کو تیسرے پہر دورے میں بمقام بلاسپور جگادھری والوں کو یہ زبانی حکم سنایا کہ ۱۴ جون کی شام کو مذبحہ خانہ میں قربانی کے مویشی پہنچا دو۔ اور ۱۵ جون یعنی عید کی شام کو وہاں سے قربانی کا گوشت لاؤ۔ اب یہ معلوم ہونا دلچسپی سے خالی نہوگا کہ جگادھری کا مذبحہ قصبے سے پانچ میل کے فاصلے پر ہے۔ اور قربانی دینے کا دستور نماز عید کے بعد ہے نہ کہ شام کے وقت۔ جگادھری کے لوگوں نے ڈپٹی کمشنر صاحب کے اس حکم سے جو ایسے تنگ وقت میں دیا گیا تھا مایوس ہو کر دوسری صبح کو لاٹ صاحب کی خدمت میں دادرسی کے لئے بمقام شملہ تار بھیجا۔ اس تار کا جواب لاٹ صاحب بہادر کی طرف سے اس مضمون کا ملا کہ اب عید میں وقت بہت تنگ رہ گیا ہے کچھ انتظام نہیں ہو سکتا۔ ڈپٹی کمشنر صاحب کے حکم کی تعمیل کرو۔ بجائے اس کے کہ لاٹ صاحب بذریعہ تار ڈپٹی کمشنر صاحب سے دریافت کرتے کہ ایسے تنگ وقت میں اور ایسے ضروری مذہبی معاملے میں خلاف دستور سابق ایسا ہو تو وہ حکم دینے کی کیا وجہ ہے عاجز فریاد کرنے والوں کو تنگی وقت کے عذر پر ٹال دیا گیا۔ وقت کی تنگی ان کے کسی تصور کی وجہ سے عائد نہیں ہوئی تھی۔ بلکہ صاحب ڈپٹی کمشنر کے بے وقت حکم کے باعث تھی۔ اس کے جواب میں جگادھری کے مسلمانوں نے ۱۴ جون کو ایک دوسرا تار بھیجا کہ یہ بالکل خلاف رواج قدیم اور بلا وجہ حکم ہماری مذہبی رسم کے ادا کرنے میں مانع ہے۔ اس کے جواب میں لاٹ صاحب کے حضور سے مندرجہ ذیل تار پہنچا:۔

"لاٹ صاحب تمہیں پہلے ہی بتلا چکے ہیں کہ تمہاری درخواست بہت دیر میں گزری ہے اور اس عید سے پیشتر نہیں فیصل ہو سکتی۔ اب وہ تمہیں متنبہ کرتے ہیں کہ اگر تم ڈپٹی کمشنر کے احکام کی نافرمانی کرو گے تو تم کو نہایت ہی سخت سزا دیجائیگی۔ اور اگر تم یہ قدر کرو کہ تم اپنی رسوم ادا نہیں کر سکے تو اس سے تمہارے دعوے کو ذرہ تقویت ہوگی"۔

لاٹ صاحب کی طرف سے ایسے مایوسی بخش اور سخت جواب پا کر جگادھری کے لوگوں نے بالکل قربانی نہیں کی۔ اور بصدق قلب درویش برجان درویش" خاموش رہے۔ اب جن لوگوں نے قربانی نہیں کی اور قربانی کے مویشی ان کے پاس موجود ہیں وہ بموجب اپنے مذہب کے ان مویشی کو فروخت نہیں کر سکتے۔ اور نہ کسی اور مصرف میں لا سکتے ہیں۔ اس لئے آئندہ عید تک یعنی سال تمام کے لئے وہ ان مویشی کی پرورش کرنے پر مجبور ہیں جس سے ظاہر ہے کہ غریب لوگ کس بلا میں گرفتار ہیں۔ اس بات کا شکر ہے کہ ڈپٹی کمشنر صاحب کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کی گئی ہر چند کہ ان بیچاروں پر بہت ہی جبر گزرا۔ اگر بالفرض جگادھری کے جاہل لوگ فساد کرتے تو بموجب ارشاد لاٹ صاحب کے انہیں نہایت ہی سخت سزائیں ملتیں۔ لیکن اب جبکہ انہوں نے نہایت درجے کی امن و شانتی اور اطاعت کا ثبوت دیا ہے ہم دیکھنا چاہتے ہیں کہ ان کے حق میں کیا انصاف کیا جاتا ہے۔ محض ہز میجسٹی کے ہر مذہب اور ملت کی رعایا میں امن اور رضامندی قائم رکھنے کی خاطر ہم حضور سر ڈیسن فٹز پیٹرک بہادر کی خدمت میں عرض کرنا چاہتے ہیں کہ کیا ڈپٹی کمشنر صاحب انبالہ سے یہ نہ دریافت کیا جائیگا کہ اس قسم کے نئے حکم کی کیا ضرورت اور مصلحت تھی کہ جس سے بہت سی بے آزار رعایا کی ایسی دلشکنی ہوئی کہ جس کا معاوضہ نہیں دیا جا سکتا۔

ہمارے پاس رپورٹ سالانہ دوراہندہ یتیم خانہ سری گرو سنگھ سبھا۔ پٹیالہ" کی پہنچی۔ یہ رپورٹ یتیم خانے کے ابتدائے تجویز قیام سے آج تک پہلی رپورٹ ہے ۱۶۔ اسوج سمت ۹۶۹ بکرمی سے ۱۹۔ اسوج سمت ۹۷۰ بکرمی پر مشتمل ہے۔ سردار پرتاب سنگھ صاحب خلف سردار دیوان سنگھ صاحب مرحوم سابق نائب دیوان ریاست دگو اب نہیں رہے) لیکن ان کا یہ کام ہمیشہ تک ان کا نام یاد رکھے گا۔ گو جس روپے سے اس یتیم خانے کی بنیاد رکھی گئی ہے وہ ان کے والد بزرگوار کا علیحدہ کیا ہوا تھا۔ اور جن کی رائے سے اس روپے کو یتیم خانہ ایسے کار خیر میں صرف کیا گیا ہے وہ مہاراجہ صاحب پٹیالہ ہیں۔ لیکن جس شخص نے اس کام کو کیا ہے وہ سردار پرتاب سنگھ صاحب تھے۔ اس وقت میں یتیم خانے میں پندرہ بچے داخل ہیں۔ سال زیر رپورٹ میں ہر بچے کا خرچ خوراک ۱۰۰ اور خرچ پوشاک ۱۰۰ رہا ہے۔ بچوں کو تعلیم دیجاتی ہے۔ اور اب منظور کا ارادہ صنعت و حرفت کے پیشے سکھلانے کا بھی ہے۔

ڈچیز آف یارک صاحبہ کے بطن سے ۲۱ جون کی نصف شب کو ایک فرزند نرینہ پیدا ہوا ہے جو تخت انگلستان کا ولیعہد ہوگا۔ ۲۳ جولائی ۱۸۹۲ء کو ہز رائل ہائینس شہزادہ ڈیوک آف یارک کی شادی ہوئی تھی۔ اور یہ شہزادہ ان کی پہلی اولاد ہے۔ جو حضور پرنس آف ویلز اور ان کے فرزند ڈیوک آف یارک کے بعد تخت انگلستان کا حقدار وارث ہے۔ اور ملکہ معظمہ کا پہلا پڑپوتا ہے۔

بجائے اس کے کہ خدیو مصر پیرس۔ وائنا۔ برلن یا لندن کی سیاحت پر روانہ ہوتے جیسا کہ ان کا منشا مشہور کیا جاتا تھا اب وہ قسطنطنیہ کو روانہ ہو گئے ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے کہ حضرت سلطان المعظم سے سیاحت یورپ کی اجازت مانگنے گئے ہیں۔ ہر چند کہ مصر کے رہا دیفید کی باگ انگلستان کے ہاتھ میں نظر آتی ہے مگر درحقیقت مصر کی قسمت کا آخری فیصلہ ہر حالت میں قسطنطنیہ کے اختیار میں ہے۔

امسال علیگڈھ کالج سے ۲۱ امیدواران امتحان بی اے ۱۹ کا میاب ہوئے۔ جس نسبت سے کہ الہ آباد یونیورسٹی سے متعلقہ آنرز کسی کالج سے نہیں ہوئے علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ لکھتا ہے کہ ہمارے کالج کے سوائے الہ آباد یونیورسٹی کے باقی تمام کالجوں سے بلکہ صرف مسلمان طالبعلموں نے اس کامیاب ہوئے۔ بجز ایک تنہا علیگڈھ کالج نے اتنی تعداد اسے اس سال تیار کر کے گزشتہ سال سے

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۲۹۔ جون ۱۸۹۷ء

یکساں امتحان مقابلہ ہندوستان و انگلستان میں

۲ جون سال گزشتہ کو ہوس آف کامنز میں مسٹر ڈال بیرمنٹ کی تحریک سے مسٹر ولسٹن بہت خفیف اکثریت سے اس بات پر پاس ہوگئی تھا کہ ہندوستان اور انگلستان میں امتحان سول سروس مقابلہ وار ایک ہی وقت ہوا کرے۔ اس سے ہمارے اہل ہندوستان اور کسی قدر اہل انگلستان تو خوش ہوئے لیکن بعض اہل ہندوستان اور تمام تر انگریزان ہندوستان نے اس تجویز کو نامنظور کیا۔ بعض اہل ہندوستان جو اس خیال کے مسلمان شامل ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ جب ان کے ہم مذہب تعلیم میں بنگالی اور مرہٹہ وغیرہ سے کمتر ہیں تو وہ مقابلہ نہیں کر سکتے اور اس لئے امتحان مقابلہ کا ہندوستان میں ہونا ان کے لئے بجائے نفع کے باعث نقصان ہوگا کیونکہ اس صورت میں بنگالی وغیرہ طالبعلم تعلیم میں ان سے بہت بڑھ جائینگے اور اس قدر روپے کے خرچنے کی استطاعت نہیں رکھتے کہ ولایت میں جاکر مقابلہ کریں ہندوستان میں بکثرت پاس ہو جائینگے۔ انڈین افسر اور انگلستان کے کونسر دیتہ خیال کے لوگ اور ممبران پارلیمنٹ اس وجہ سے اس تجویز کی مخالفت کرتے ہیں کہ اگر ہندوستان میں امتحان مقابلہ ہونے لگے تو ہندوستانی طالبعلم چونکہ تعلیمی اور ماغی قابلیت کی وجہ سے مقابلہ میں اول بھی ہونگے تو کم نہیں بلکہ ان سے بڑھکر ہیں کثرت سے پاس ہو کر آئینگے۔ اور اس طرح انگریزوں کے بچے ہندوستان کے سول سروس میں بہت کم داخل ہو سکینگے کہ جن کے ہندوستان کے سول سروس میں کم داخل ہونے سے جہاں تک ترقی ہر قوم لوگوں سے عزت کے عہدے جن جانے کا اندیشہ ہے دوسری طرف اس سے بھی بڑا اندیشہ ظاہر کیا جاتا ہے کہ سول سروس میں انگریزوں کی کمی ملک کی سلامتی کے لئے بہتر فال نہیں۔ ۱۸۵۷ء ہندوستانی عموماً ایسی ذمہ داری کے انتظامی عہدوں کی قابلیت نہیں رکھتے جیسی کہ انگریز رکھتے ہیں۔

جبکہ مندرجہ بالا ریزولیوشن ہوس آف کامنز میں پاس ہوا تو جب کہ ان کاموں میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتا رہا ہے اس تجویز کو جاری کرنے سے پیشتر مسٹر گلیڈسٹن نے جو اس زمانے میں وزیر اعظم تھے گورنمنٹ ہند کی اس بارے میں رائے دریافت کرنی ضروری سمجھی۔ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے پیشتر گورنمنٹ اور تمام پراونشل گورنمنٹوں کی رائیں اس کے متعلق دریافت کیں۔ چنانچہ مناسب وقت میں یہ سب صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کی خدمت میں بمقام لندن بھیجی گئیں۔ اور حال میں جب کہ مشہور ہو چکا ہے تمام سب رائیں کی

لیفٹیننٹ میں پہونچ گیا۔

— لندن ۲۳ جون۔ پریسیڈنٹ کارنٹ آج رات کو لائس کیسٹر شیئر میں جاتے ہوئے زخمی کئے گئے۔ ایسا جان بری نہیں ہے۔ مجرم گرفتار ہوا۔

— لندن ۲۵ جون۔ پریسیڈنٹ کارنٹ نے آج دن کے بارہ بجکر ۵ منٹ کے وقت انتقال کیا۔

— قاتل پریسیڈنٹ کارنٹ کا سسی سنڈ اٹلی کا رہنے والا ہے اور ارکا یہ جرم کیوجہ تبلانے سے انکار کرتا ہے۔

لاہور و پنجاب

— ڈگشامی میں دو آدمی فسادیوں کو ہیضہ ہوگیا تھا مگر وہ بچ گئے

— دریائے چناب کی طغیانی سے بندہ ساگر لائن کو خیر شاہ اور ملتان گڑھ کے مابین نقصان پہنچا۔ دریائے راوی کی طغیانی سے بھی لائن اور کھیت برباد ہوئے۔ ریلوے پل بھی گذر گیا۔

— کیپٹن ارنس نے لاہور میں ایک مکان لیا۔ جس میں تین آدمی مر کر گئے اور ایک سخت زخمی ہوا۔

— دریائے راوی لاہور کے قریب ۱۸ فیٹ بلند ہوگئی تھی۔

— دریائے راوی کی طغیانی سے دونوں کناروں پر دور دور زمین پر کچی کچی فٹ پانی بہرا ہے۔ ضلع لاہور کے بہت سے قصبات کو چوپایہ کے کنارہ واقع تھے سخت نقصان پہونچا۔ تحصیل لاہور کا ایک قصبہ بالکل پانی سے گھرا ہوا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اوسکے باشندوں کو دو روز تک کھانا میسر نہیں ہوا۔ حکام کو جب یہ خبر ہوئی تو ڈپٹی کمشنر صاحب نے فوراً پچیس بیل منظوری فرمائی کہ اوسکی خوراک کشتیوں پر لاد کر بیکس لوگوں کے واسطے لیجائے جائیں۔

— لاہور بھی بازار میں ۱۹ ماہ حال کی رات کو کسی نے ایک عورت کو پھانسی سے مار کر اسباب لوٹ لیا۔

— اپیل مقدمہ جسمیں مسمات کمون زوجہ نواب غلام محبوب سبحانی کو سزائے جرمانہ ہوئی ہے ۲۹ جون کو کلکٹر صاحب سشن جج کی عدالت میں پیش ہوگی۔ نواب صاحب بمقام شملہ لاٹ صاحب سے ملاقات کرنے گئے ہوئے ہیں۔

— لاہور میونسپلٹی غور کر رہی ہے کہ واٹر ورکس کے نلکوں میں سے پانی رہنے کے گھنٹے محدود کر دئے جائیں۔

— ۲۰ جون کی سہ پہر کو دفعتاً دہلی کے پاس جمنا میں پانی بڑھ آیا اور دریا کی ریت میں بہت سے مزدوروں کے کھیت ڈوب گئے۔

— بہت سے لوگوں کا ابھی تک یہی یقین ہے کہ گورنر جنرل لاہور میں نہیں بلکہ نرن تارن میں انتقال کیا۔

— سر ڈینس اورسس فشر پیٹک دوم اور فشانز دہم ماہ آیندہ کو ریس کورٹ محفل رقص آراستہ کرینگے۔

— اسپٹلن ہاس کا پل جوڑ گیا تھا چند روز کے واسطے مرمت کر لیا گیا۔ پنجشنبہ کے دن گاڑیاں اوپر سے گذریں۔

— گوہ مری پر ہوا کو اور اوسکے بدبہی شدت سے بارش ہوئی

— ہفتہ گذشتہ میں سہ شنبہ تک صدر لاہور میں سخت برابر بارش ۱۹ رہ تک ہوئی اور اوس سے کم دہلی میں ۲۰ رہ تک نوشہرہ اور پٹھان کوٹ کے درمیان بڑے بڑے قطعات پیٹ تک اس بہہ گئے اور دہرم سالہ تک پہنچنا مشکل ہوگیا۔

— پرسوں دہلی میں ایک عورت قوم نداف نے ایک نداف کو جانمی محل کے قریب خنجر سے ہلاک کیا۔

— واجدی کرم کی چھاؤنی جو ہر سال چنار کے ہمزور ہی مکانات کی تعمیر کے واسطے ۳۰۰۰ روپیہ کی منظوری ہوئی

— بہاولپور میں بقرعید کے دن عید صلح کی گئی

— کٹھی جیب اسد ضلع ہزارہ کی پولیس میں ہمراہی پٹھان مع چند بدوقوں کے گرفتار ہوئے۔ ان کی بابت بیان کیا جاتا ہے کہ یہ لوگ ہمیشہ ایسی ہی بندوبستوں میں جا پہنچا کرتے تھے۔

— نارتھ ویسٹرن ریلوے کے ہندوستانی ملازموں کو دن میں صرف ۱۲ گھنٹہ کام کرنا پڑتا ہے اور یورپین اور یورپین ملازمین کو صرف پانچ گھنٹے۔

— گورمنٹ نے مقدمہ قتل اہدین کی مسل طلب کی ہے۔ جس سے لاہور کی پولس کو بھی تعلق ہے ہم امید کرتے ہیں کہ لاہور پولس کو تحقیقات کرنے کی بالکل اجازت نہ دیجائیگی اور تحقیقات

— من ابتدائے غرہ اپریل لغایت ۹ جون نارتھ ویسٹرن ریلوے کی آمدنی قریب ساڑھے اٹھارہ ہزار ایک سو اٹھائیس روپیہ یعنی ساڑھے شتہ کے اسی زمانہ کی آمدنی سے چھ لاکھ پانچ ہزار سولہ روپیہ زیادہ ہے۔

— سالگرہ مشتہرہ میں میکسٹ بگ کمیٹی کی سالانہ آمدنی صرف قریب دو ہزار روپیہ کے اور خرچ آٹھ ہزار آٹھ سو ہوا۔ سال مذکور میں کمیٹی نے تین ہزار پانسو روپیہ مصنفین و مترجمین کو بطور انعام دیا۔

— ہفتہ مختتمہ ۱۹ مئی روز سہ شنبہ تک پنجاب کے ۴۵ بڑے میونسپل شہروں میں ۷۷۵ لڑکوں کی پیدائش اور ۱۱۷۲ موتیں جنمیں ۶۲۸ مرد اور ۵۴۴ عورتیں ہیں درج رجسٹر ہوئیں۔

— شاہدرہ اور مریکیہ کے درمیان ریل کی سڑک کے دونوں جانب کی زمین پر جہاں تک نظر جاتی ہے پانی ہی پانی نظر آتا ہے۔ ریلوے لائن کے برابر جو بڑی سڑک چلتی ہے اوسپر کمر کمر پانی پھر گیا اور سڑک بالکل معدوم ہوگئی۔

— محکمہ کاری موسمی رپورٹ حسب ذیل ہے:۔ بارش کل ضلع میں ہوئی دہلی میں گرانی اور ڈیرہ اسمعیل خان حصار جالندھر اور سیالکوٹ میں بدستور ہے انبالہ راولپنڈی میں سوخ چڑھتا جاتا ہے اور رود مری جگہ اوترتا ہے موسم بہار کا دور قریب قریب ختم ہوا فصل خریف کی کاشتکاری کا وقت شروع ہے گئی اور روئی کی آبپاشی تری پر ہے۔ ربیع کا باقی ماندہ غلہ اچھی حالت میں ہے۔ موسم خریف کے آثار عمدہ ہیں بعض علاقجات ڈیرہ اسمعیل خان میں خفیف تراوباری ہوئی مگر کچھ نقصان نہیں ہوا موشی اچھی حالت میں ہیں چارہ تمام علاقہ میں کافی ہے۔

— پنجاب کے مشہور پہلوان بوٹا المخاطب بہ رستم ہند کو والئے جودھپور نے ایک جوڑا طلائی کپڑے کی تحفتاً عنایت کی۔ یہ انعام نہایت معزز امرا کے واسطے مخصوص ہے۔

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— ہندوستان کی کپاس کا اندازہ ہے جو ساکات کے انسداد [illegible] کچھ عرصہ گزر رہا ہے اس میں ایک ایسی پارٹی مشتمل ہے ایک ایسا آدمی جیسا ہوا تھا اس میں ایک شخص ذہنی الجھن جنیجر کا نہ ذہنوں جادو بھی دوا کی تو میں مشہور تھی بہت کی ماش پر مضمون ۔ بڈ مڑ اخبار بادری ڈائرکٹر پرنٹر [illegible] سب کو جرمانے کی سزائیں ہوئیں ۔ اور سب نے جرمانے کے عرض قید منظور کی ۔ ولایت سے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند [illegible] اس عقدہ کی مفصل سرکاری رپورٹ طلب کی ہے ۔ جو گورنمنٹ [illegible] بھیجی ۔ پاوری ہڈسن کا جرمانہ ایک دوست نے ادا کر دیا اور اس کی بیوی نے اس کی رہائی منظور کرے ۔ پاوری ڈوائر نے بیوی کو تاکید کی کہ میرا جرمانہ ادا کرنے کی کوئی تجویز منظور نہ کرنا خواہ انگلستان سے آوے ۔ کہیں سے ۔

— بمبئی میں ۱۲ جون کو کرکٹ کھیلتے ہوئے ایک شخص کو گیند لگ گیا جس سے دو دن پہلو کی تین ہڈیاں ٹوٹ گئیں ۔

— [illegible] ریاست جوڑی کی [illegible] نام خبار [illegible] پوسٹ کی پہلی پیشی عدالت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ آگرہ میں ۱۱ جون کو ہوئی ۔

— مہاراجہ سر نیند کرشن دیب کے بیٹے کمار گوپند کرشن دیب نے عہدہ انسپکٹر جنرل رجسٹری بنگال منظور کیا ۔ جس کی جگہ میں نواب امیر حسین صاحب نے چھوڑا ہے ۔

— [illegible] کو ہوپ کی صحت کی [illegible] ہو گئی ہے ۔ ان کی خدمت میں بھیجی گئی ہے ۔ اہل ہند کو ریپورٹ کی تیاری کے [illegible] کہ ان کے خلاف ہوگی سالانہ دو ہزار ہندوؤں کے دستخط کرا کر ایک آنریبل کیا گیا ۔

— والد نظیر محمد مسترہوں جنگال انسپکٹری کی نسبت [illegible] [illegible] ۔ اگر [illegible] نے [illegible] ۔ [illegible] ۔

— ۱۲ جولائی کو ہیشر کوئی اجلاس لیجسلیٹو کونسل کا نہیں ہوگا ۔ گورنمنٹ ہند کے [illegible] ۔ [illegible] ۔ [illegible] ۔

— [illegible] سے نشان لگا کر [illegible] ۔ [illegible] ۔

— [illegible] ۔ [illegible] ۔

— [illegible] ۔ [illegible] ۔

—

حفظِ صحت

استفسار

۴۴۔ ضعفِ دماغ:۔ میرے ایک عزیز کو ضعفِ دماغ طاری ہے دماغ پر گرانی سر رہتی ہے اور کسی قدر ہاضمہ میں بھی فرق ہے۔ علاوہ ازیں ضعفِ بصارت و جریان وقت بھی ہے۔ لہٰذا متضوع خدمت شریفہ ہوں کہ اپنے اخبار میں درج فرماویں کہ کوئی صاحب اس مرض کا علاج جانتے ہوں تو براہ نوازش تحریر فرماویں (کرم حسین گرداور تانونگوئے تحصیل شجاع آباد)۔

۴۷۔ زخم:۔ میرے ایک دوست کی ران میں ایک زخم ہے جس کے معالجے سے اطبا اور ڈاکٹر عاجز آ گئے اور صحت کا جواب دے چکے مگر ایک حکیم نے بتایا ہے کہ اگر بارہ سنگے کی گولی جو مسک ہوتی ہے چند روز تک زخم پر باندھی جاوے تو امید صحت ہے۔ اس لئے میں آپکے اخبار کے ذریعے سے درخواست کرتا ہوں کہ جو صاحب گولی مذکور عنایت فرماویں تو بعد استحکام پانچ روپے آپ کی معرفت اُن کی نذر کرونگا۔ (رمضان ۶۳۵۹ بھوپال)۔

۴۸۔ آتشک:۔ میرے ایک دوست کو مدت ہوئی آتشک ہوا تھا مگر دوا کرنے سے جاتا رہا تھا اب پھر ظاہر ہوا ہے۔ ہر چند علاج ہو رہا ہے مگر فائدہ ندارد۔ کیا اچھا ہو اگر آپ بذریعہ درج اخبار اس مرض کا کوئی ایسا عمدہ علاج کہ جو تاثیر تریاق رکھتا ہو اپنے ناظرین اخبار سے دریافت فرماویں۔ ممنون و مشکور ہونگا۔ (رحیم علیشاہ بگنگ کارکب چھلور)۔

۴۹۔ مرگی:۔ میرے ایک دوست کی عورت بعمر ۱۲ سالہ بیماری مرگی میں مبتلا ہے۔ جو کہ موسم گرما میں ہر روز ایک نوبت آجایا کرتی ہے اور سردی میں زور بیماری قدرے کم ہو جاتا ہے۔ امید کہ کوئی صاحب ضرور اس مہلک بیماری کا مجرب نسخہ بذریعہ پیسہ اخبار عنایت فرماویں گے۔ جس صاحب کے نسخہ سے بیضہ کو آرام ہوگا۔ انعاماً اس صاحب کو دس روپے نقد نذر کئے جائینگے (رمادہر یانوی از منڈی)۔

علاج

۴۶۔ نسخہ:۔ جریان۔ کثرتِ احتلام۔ سرعت وزقت جو صدہا دفعہ کا تجربہ میں آیا ہوا نہایت سریع التاثیر فائدہ بخش۔ جو صاحب مبتلا ہوں یا دیکھیں استعمال میں لاویں۔ چنے خام ایک تولہ۔ دوسرے روز ۲ تولے۔ تیسرے روز ۳ تولے۔ چوتھے روز ۴ تولے۔ پانچویں روز ۵ تولے تک علی ہذا القیاس بڑھاویں اور اسی طرح ایک تولہ روز گھٹا کر ایک تولہ تک مقدر کریں اور پھر ایک تولے سے پانچ تولے تک بڑھاویں۔ گھٹاویں۔ ایک چلے تک برابر بلا ناغہ صبح نہار اس طرح کھاویں کہ شب کو دودھ بکری یا گائے یا بھینس جو موافق ہو اس میں پانی سے دھو کر صاف کر کے بھگو دیں کہ چڑھ جاوے اور اگلے دودھ اونٹنی ہو جاوے۔ صبح چھلکا اس کا دور کرتے رہیں اور چنے کھاتے جاویں اور بیچ میں خواہ بعد کو بالفاظہ دودھ پیں۔ کم سے کم ایک ہفتہ بعد یقینی فائدہ معلوم ہوگا۔ دودھ گوشت خوب کھاویں۔ ترکی سے ذرا پرہیز رکھیں۔ کسی موسم کا خیال لاویں۔ تینوں موسم میں برابر فائدہ دیا ہے۔ (سید مظفر علی سجاد بین دینولی)۔

۶۰۔ خواب میں بہت پیشاب آنا:۔ آپکے اخبار میں خواب میں بہت پیشاب آنے کے اس استفسار کے متعلق شائع کردہ دیکھ کر وقت ایک تجربہ

شعر و سخن

قومی خدمت

(از احمد دین صاحب طالبعلم ایف۔ اے کلاس اسلامیہ کالج لاہور)

مبارکباد میں جو قومی کلم کرتے ہیں بلا اُجرت
جو فرض منصبی سمجھے ہیں اپنا قوم کی خدمت

اگر ہم غور سے دیکھیں تو اس دنیا فانی میں
معزز ہے وہی پیشوں سے اپنی قوم کی خدمت

خدا کا شکر ہے ہم نے زمانہ ایسا پایا ہے
ہے جس میں کچھ نہ کچھ شائستگی اور بردباری

نہیں ہو جو ہے اب وہ رائے نام آزادی
عموماً جا بجا امن و اماں قائم ہے۔ اور سلامت

غرض پہلے سے اب تو درجہا بہتر ہے ہندوستاں
نہ شورش گیری ہے نہ اختلاف مذہب و ملت

کھلی ہیں ہر کسی کے واسطے راہیں ترقی کی
تجارت۔ نوکری تعلیم و طب صنعت و حرفت

ہزار افسوس پر۔ اُنپر جو مست و غفلت ہیں
ہوئی ہیں ہاتھ دھو کر قومی اپنے دیرینہ دولت

مسلمانوں کی جانب سے یہاں روئے سخن اپنا
کہ دیکھی جا نہیں سکتی ہوئی اپنی قوم کی ذلت

کوئی دن تھا کہ اپنی قوم تو شاہنشہِ دنیا
تھا اپنا بول بالا اور سدا رہتی تھی باعزت

وہم میں غیر ہیں تھیں اک زمانے جنہیں ماتا
بلا و ہٹ۔ نفاست۔ اتفاق و علم و علمیت

ہمارا انڈیس ہر کز تھا اہلی سولزیشن کا
جب اوّل اقوام یورپ کیا بھی تھی بری حالت

کئی اقوام کی اُن میں زبان تک تو نہ تھی اپنی
پڑھو اسجد کو آخر تک جو ہا ہے انگلش انفیکٹ

نہ انگریزوں کو ہندوستان کی خبر تک تھی نہ یہ جانتے
ہر اک فضل عرب تھا جانتا ان کو بلا محنت

ذرا جا پوچھو یونانیوں سے سچ بتا دینا
بھی حاصل کہاں سے کی ہے اتنی شہرت حکمت

جبر و اسوا کا نام تو سامنے اُن کے
سب اُن کا گایت گاتے ہیں حصہ جبر حکمت

عرب میں ہی بنا تھا سب سے پہلے کالج طبی
اسی کی کان سے نکلا تھا پہلے گوہر حکمت

یہیں پیدا ہوئے علم ریاضی ہسٹری الجبرا
علوم فلسفہ کیمسٹری۔ اخلاق۔ لاہیئت

کتب خانوں میں جس ایسی کتب ہیں لاکھ کم و کم
کسی کو کبھی نہ تھی معلوم جب چھاپے کی صلیت

کئی دیگر فضیلتیں کی بھی یہاں تعلیم ہوتی تھی
بتا دیں اور۔ پر اس سے معلومات کی نسبت

خلاف اسکے یہ تاتاری کی کھا دیں کا جی چاہے
تبادگی اُسے پھر مہٹری خود ہی بلا دقت

غرض اک گوہر یاب تھا واللہ عرب اپنا
ترقی سوز افزوں دیکھ کر جیتے میں تھی حیرت

مقام گریہ ہے ہو قوم جائے نالہ زاری
کجا وہ بادشاہت آور یہ افلاس کی حالت

گیا وہ اتفاق اپنا کہاں اے قوم سو اولا
ہوئی کیا کینہ نفاست اور شجاعت آہ یا مسرت

کہاں کالج وہ تیرے اور تعلیم بلا اُجرت
کہاں جو بلی و ظفر آج۔ یہ اے قوم بدقسمت

وہی اسلام جو باعز و شاں نکلا وطن سے تھا
کہاں تو ہے وہی جاہل الغرض پھر کم مصیبت کا

مجھے تو یاد ہے۔ تھی قوم۔ تو شاہنشہ دنیا
ہوئی تقصیر ایسی کیا کہاں تک آ گئی نوبت

کہاں تک ہے وہی جاہل الغرض پھر کم مصیبت کا
بتاؤں اور کہاں تک حالت زار اپنی اور ذلت

کسی کا کیا گلہ سب اپنے ہاتھوں کے کرتوت ہیں
ذرا سوچو تو ہے سب اپنے ہی اعمال کی شامت

کارِ آمد باتیں

افیون کا زہر:۔ (علامات) بیہوشی۔ تشنج۔ دردِ سر۔ سر و سینہ پر سانس۔ تیز کی نظر۔ بدن سے افیون کی بو آنا۔ (علاج) سفید کاغذ پانی میں مل کر پلانا۔ سرکہ یا کھٹائی پینا۔ ہینگ جوش دیکر پلانا۔ ناریل (ایک دریائی بوٹی ہوتی ہے) لگڑ کر پلانا۔ ہلدی جوش دے کر پلانا۔ تولہ بھر ہلدی یا دو بھر پانی میں کافی ہے۔ جس قدر افیون کھائی ہو اسی قدر بید مشک کھلانا مفید ہے۔

زہر میٹھا تیلیا (علامات) گلے اور زبان میں سنسناہٹ۔ تیز ہاضمہ۔ منہ سے کف جاری ہونا۔ سخت درد شکم۔ دست اور تاریکی نظر۔ پتلیوں کا پھیلنا۔ چہرہ کا نیلگوں ہونا۔ (علاج) پوست بیخ کلہ کر گرم کر کے پلانا مفید ہے۔

الماس کا زہر (علامات) بضاعۃ اندرونی کا لٹک کر بند ہو جانا۔ گرد اور ہیضہ ہو جانا۔ (علاج) نہیں ہے۔ بکری کا دودھ مصل ملا کر پلانا۔ کشتہ تلی کھلانا۔

معلومات کا سمت

— انگلستان میں ڈیل گھوڑ دوڑ کے دن بشرطیکہ موسم موافق ہو ساٹھ سے سات سے دس لاکھ تماشبین کا ہجوم ہو جاتا ہے۔ اور اٹھائی لاکھ ٹکٹ بک جاتے ہیں۔

— مکمل انجیل جہاں جہاں ترجمہ ہوئی ہے شمار میں طبع ہو چکی ہے۔

— اوّل ہی اوّل انگلینڈ میں دور مین کا استعمال ۱۶۰۹ء میں ہوا۔

— سوئٹزرلینڈ میں کاغذ شکر حال ہی میں اوّل ہی مرتبہ تیار ہو رہا ہے۔

— اکثر تجربہ ہوا ہے کہ کٹی ہوئی انگلیوں پر اصلی نخ آجاتے ہیں۔

— طاقت برق کے مختلف کاموں میں تمام دنیا میں اندازہ لگایا گیا ہے کہ پچاس لاکھ آدمی کو روزگار ملتا ہے۔

— سندیافتہ مدرسین اور مدرسات کی تعداد جو حال گزشتہ میں انگلینڈ میں متعین ہوئے ۱۹۱۹۹ اور ۲۸۶۲۴ بترتیب ہے۔

— فوج جرمنی میں سپاہی کو دس شلنگ ماہوار اور جاگیر روزانہ دیا جاتا ہے۔ جس میں سے ساڑھے تین پنس مصارف خوراک کی بابت وضع کر لئے جاتے ہیں۔

— زار روس کو حال میں کرکٹ کی طرف توجہ ہوئی ہے۔

— دنیا سلائی کی کل دن میں ایک کروڑ سلائی کاٹتی اور ان کو ایک طرف میں بترتیب جماتی ہے۔ جہاں کہ اُنکے سر پر ایک عجب انگیز جلدی مادہ پھونکنے کو تیار ہوتے ہیں۔

— مذہب عیسائی ملک جاپان میں ۱۸۷۳ء میں جاری ہوا۔

— بیضوی ملک چین میں درخت توت کی چھال کے ٹکڑے سکے کی جگہ چلتے ہیں۔

— جو روغن دار تصویر رات کو ہیشنگ) تاریک جگہ میں معلق رہتی ہے اس کے رنگ روغن میں فرق آجاتا ہے۔

— فوج جرمنی کے جنبی دھصوں پر تقسیم ہو سکتی ہے جس کا ہر ایک حصہ بارش کے وقت اُدھر نوٹ کا کام دیتا ہے۔

— ریشم کے کیڑے کا جالا مائی میں صرف ایک پنسل ۵۳۰۰ واں حصہ ہوتا ہے اور بعض مکڑی بھی اس قدر باریک جالا بناتی ہے کہ ایک انچہ موٹی ڈوری بنانے کے لئے ساٹھ ہزار صرف ہوں۔

— شمالی و جنوبی امریکہ کے باشندوں کی تعداد ممالک شمالی کے سوا حساب ۱۰ فی مربع میل کے صرف ۲ کروڑ بیس لاکھ ہے۔

— کہا جاتا ہے کہ گزشتہ بیس برس میں ہندوستان اور ملکہ کے اندر حفظ صحت میں جس قدر ترقی کی گئی دنیا میں کسی اور جگہ میں نہیں ہوئی۔

— ۱۸۳۵ء سے پہلے جہازوں کے تلے میں تانبا نہیں لگایا جاتا تھا۔

— جیب گھڑی سب سے پہلے ۱۵۴۷ء میں نیورمبرگ تیار ہوئی

پیسہ اخبار

نمبر ۲۵ | یوم جمعہ ۲۹ جون ۱۹۰۵ء مطابق ۲۴ ذی الحجہ ۱۳۲۳ھ موافق ۱۷ اساڑھ سنت بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

قوم بر طانیہ کی کل آمدنی کا اندازہ و حساب سالانہ مسٹر گرلین نے اس طرح پر کیا ہے کہ سب سے بڑا محقق ہے برٹش قوم کی کل آمدنی ۱۸۵۰ء میں ایک سو ساٹھ کروڑ پونڈ تھی یہ ایک کہنا ہے کہ اب سے سو برس پہلے ساٹھ کی جس کروڑ پونڈ کی آمدنی میں ایک سو ساٹھ کروڑ پونڈ کا اضافہ ہوا اس سے ایک اندازہ اضافہ کا اور بھی ہم نکال سکتے ہیں۔ اور اگر برٹش قوم سے اس کی آمدنی کا اصل کس ہوتی ہے تو آج ۱۹۰۵ء میں ہماری آمدنی ہم کو ایک سو چھتیس کروڑ پونڈ کی بتانا چاہیے لیکن اہل سنہ کو کسی کا غذ ارزاں ایک لاکھ پونڈ کس کروڑ پونڈ تا لیا ہے۔ اور فی کس ۳۳ پونڈ شمار کیا ہے اور سالانہ کا اوسط لگایا ہے جس کی تفصیل حسب ذیل ہے:۔

زراعت	۲۲۶۰۰۰۰۰۰ پونڈ
کان	۵۲۰۰۰۰۰۰ "
کارخانجات	۴۹۲۰۰۰۰۰۰ "
محصول و مساوی	۱۱۳۰۰۰۰۰۰ "
کرایہ مکانات	۱۳۵۰۰۰۰۰۰ "
تجارت	۶۴۰۰۰۰۰۰ "
جہاز	۳۰۰۰۰۰۰۰ "
بنک گھر	۴۵۰۰۰۰۰۰ "
پیشہ جات	۱۱۴۰۰۰۰۰۰ "
میزان کل	۱۲۸۵۰۰۰۰۰۰ پونڈ

برٹش نیشن کی سرمایہ کی تفصیل سے ظاہر ہوتی ہے:۔

سنہ	کل آمدنی پونڈ	کس فی کس	نام ولایت
۱۶۶۰ء	۴۲۰۰۰۰۰۰	۷/۸	انگلینڈ اور ویلز
۱۶۸۸ء	۴۵۰۰۰۰۰۰	۸/۲	"
۱۷۷۵ء	۱۴۲۰۰۰۰۰۰	۱۴/۳	"
۱۸۰۰ء	۲۳۰۰۰۰۰۰	۲۶/۰	"
۱۸۴۱ء	۲۸۰۰۰۰۰۰۰	۱۶/۰	گریٹ برٹن
۱۸۴۱ء	۵۰۴۰۰۰۰۰۰	۱۹/۶	یونائٹڈ کنگڈم
۱۸۶۱ء	۷۰۹۵۰۰۰۰	۲۶/۴	"
۱۹۰۱ء	۱۲۰۵۰۰۰۰۰۰	۳۳/۶	"

ہیرے جواہر کی پیداوار ہیرے جواہر جنوبی افریقہ میں کثرت سے نکلتے ہیں دنیا میں کہیں نہیں نکلتے۔ سالانہ ایک کروڑ بیس لاکھ روپیہ کے ہیرے جواہر نکلتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ باعتبار آبادی کے فی کس ۳۳ گنیں سے زیادہ بنتی ہے۔

مذاق

ایک شخص اپنی حسین بیوی کو ملامت کر رہا تھا۔ عورت کے بعض رشتہ داروں نے کہا تم اس سے کیوں لڑتے ہو۔ کیا یہ خوبصورت نہیں ہے۔ مرد نے اپنے پاؤں کی نئی اور چمکتی ہوئی جوتی دکھا کر سسرال والوں کو جواب دیا کہ کیا یہ جوتا خوبصورت نہیں ہے مگر پہننے والے کے سوا اور دوسرے کو کیا معلوم کہ کس قدر کاٹتی ہے۔

کسی مسجد میں مولوی صاحب دعا مانگ رہے تھے کہ حاضرین سے ایک شخص نے کہا "میرے حق میں بھی دعائے خیر مانگئے" اس سے ایک سادہ لوح دیہاتی نے کہا کہ مولوی صاحب میرے حق میں بھی فاتحہ خیر پڑھ دیجئے۔

عورت:۔ "تمہارے سر پر غم والم میں شریک ہونا میرے لئے باعث مسرت ہوگا"۔

مرد:۔ "مگر مجھے کسی قسم کا رنج نہیں ہے"۔

عورت:۔ "ہاں مگر جب ہماری شادی ہو جائیگی تو تمہیں رنج والم کی کوئی کمی نہ رہے گی"۔

"بھتیجو تم ابھی اپنے نئے بائیسکل پر سوار ہونا سیکھے ہو؟"

"نہیں چچا جی ابھی تھوڑی کسر رہتی ہے ہمنے اتنا تو سیکھ لیا ہے کہ گرتا ہوا تو ہنسی نہیں ٹوٹتی"۔

مجسٹریٹ:۔ "اچھا تم پھر یہاں آئے ہو۔ شائد بیسویں دفعہ ہوگا۔ تم میرے سامنے پیش ہوتے ہو"۔

مجرم:۔ "حضور میرا قصور نہیں کہ آپکی ترقی نہیں ہوتی"۔

اس نے ایک دردناک آواز سے کہا "لیڈی میری بچہ جائے"۔ اور جو تم نے انکار کیا تو میں فوراً مر جاؤنگا"۔

مگر سنگدل ہیرو حسینہ لڑکی نے انکار ہی کر دیا۔ اس واقعہ کو چھتیس سال گزر گئے ہیں اور وہ پرسوں مر رہے ہے۔

مہمان:۔ "کیوں میاں رام ناتھ بھلا بالفرض اگر دریا میں آگ لگ جاوے تو مچھلیاں وغیرہ کہاں کو بھاگیں گی"۔

رام ناتھ:۔ "واہ یہ کونسی بڑی بات ہے۔ سب درختوں پر چڑھ جاوینگی"۔

مہمان:۔ "واہ وہ بھی کیا گائے بیل ہیں۔ جو درختوں پر چڑھ جاوینگے"۔ (محمد علی قانی۔ جلپور)

عجیب و غریب باتیں

کسن والی آتش فشاں پہاڑ حضرت داؤد علیہ السلام کے مگر بڑا دعوے نہ پہنچنے والا اور نہایت علمدوست اور بہت لوگ ہے۔ گو اس کے کھلنے سے پہلے

پیشین گوئی کرنے والے کہتے ہیں کہ جو تغیرات ہوتے ہیں سب بتلا دیتے ہیں جب ہوتا ہے تو اس کی وقت تک ہوتی ہے اور اس کی خوفناک ہوتی ہے اور اس کی خوفناک آگ جلا رہا ہے۔

جسم انسان ریشہ شمار ہوتا ہے بحساب فی بچہ ہوتا ہے حجت کے جسم انسان پر ہوتا ہے

سرکاری گزٹ میں ایک شخص ہے جس کی پھانسی دینے والے کی ضرورت ہے تنخواہ دیجائیگی اور اس کے مددگاروں کے لئے تجربہ۔ اور نیک چلنی کے سرٹیفکیٹ پیش کرنے ہوں گے۔

نیوفاؤنڈلینڈ کے اشاپ۔ یہ فاؤنڈلینڈ مختلف مکتوبات پڑھ۔ مچھلی کی تصویر فاؤنڈلینڈ کے ملکہ معظمہ کی تصویر کا ہوتے ہوئے ویلز ذوی دری پہنچے ہوئے

ایک پھول سے عرق کا استعمال طرف سے ایک پودا آتا ہے جس سے پھول کو نکال کر ہوا میں رکھ دیتے ہیں بہت دن سارا ہوا سے عرق کی عورتیں پوس عرق کو اپنے اور سر کے بال سارا کرنے کے کام میں لاتی ہیں اور وہ پرسوں دے دیتے ہیں۔

دریائی جانوروں کی عمارت۔ دریا میں رہنے والے جانور آپس میں نہیں لڑتے۔ تاریکی اثر کچھ موثر نہیں ہوتی۔ بعض ایسے ہیں کہ باوجود یکہ سے لگاتار تیرتے ہیں۔ بعض جانور ہیں۔ مگر پھر بھی تاروں کی شعلیں اور قدرت نے بات بھری کے واسطے مہتابی ایک آنکھ کے پاس ہوتی ہیں۔

سرٹیفکیٹ

امرت سر کے ایک معزز یورپین نے ایک دفعہ مجھ سے کہا کہ امرت سر میں کوئی اچھا دواساز نہیں ہے اور ابھی اس کو کچھ عرصہ نہ ہوا تھا تو میں نے معلوم کیا کہ اس جنٹلمین کا ریمارک کہاں تک صحیح تھا میں نے یہاں کے ہر ایک خود ساختہ فارماسیوٹیکل کیمسٹ اور ڈرگسٹ کی آزمایش کرلی۔ اور کسی کو دوا بنانے میں لایق نہ پایا ایک دفعہ مینے امرتسر کے ایک لایق وکیل کے واسطے نسخہ میں مکسچر آپوڈائی تھیبائیا لکھا مگر یہ کیمسٹ نہ جانتے تھے کہ وہ کس طرح بنایا جاتا ہے مجھے خوش قسمتی سے امرتسر کے ایک نیٹو ڈسپنسنگ کیمسٹ مسٹر حکیم امام الدین سے ملاقات کرانی جس سے کہ مینے اور میرے بیماروں نے دوا لینے میں پورا آرام پایا کیونکہ مینے محمد امام الدین میں سنجیدگی سے صحیح بنانے اور صفائی کو مدنظر رکھنے اور دواسازی کی لیاقت پوری پوری دیکھی اور نیز محمد امام الدین نے مجھے کہا کہ اُس کی چند ادویات بہت سی بیماریوں کے واسطے اپنی تیار کردہ ہیں اور مجھے اُس نے یہ بھی بتادیا کہ کن کن اجزا اور کس کس طرح سے بنائی جاتی ہیں مینے اُن اجزا کو معلوم کرکے اپنی پوری تسلی کرلی کہ یہ وہی ادویات ہیں جو لنڈن اور فرانس کے بڑے بڑے عالم ڈاکٹر برتتے ہیں اور میں نے محمد امام الدین کی ایسی تیار شدہ ادویات بہت سی بیماروں کو دیکر تجربہ کیا اور بلاشک وشبہ مفید پایا پس میں عام لوگوں کو اُن کے خریدنے کیواسطے بڑے زور سے سفارش کرتا ہوں +

ڈاکٹر ڈی ایم۔ سانگلے ایم ڈی ایںڈ۔ ماسٹر آف سرجری یونیورسٹی آف ایڈنبرو رولایت کا تعلیم یافتہ

۲۶ مارچ ۱۸۹۴ء قیصری ہال

امرتسر

ضروری اطلاع

اس سے پہلے بھی گذارش کی گئی ہے کہ ہم ہرگز اپنے اُن مہربانوں کے خطوط (جنہوں نے ہماری ادویہ کے استعمال سے قبیح امراض سے مخلصی حاصل کی ہے) بطور سرٹیفکیٹ مشتہر نہ کرینگے جیسا کہ آجکل اس کے برخلاف یہ شیوہ مروج ہے ہم پھر بھی آگاہ کرتے ہیں کہ وہ صاحبان جن کے ایسی برایوٹیٹ خطوط شایع ہوکر عام لوگوں میں اُن کی بدگمانی اور بدنامی کا باعث ہوتے ہیں وہ ہر وقت ازالۂ حیثیت عرفی کا استغاثہ زیر دفعہ ۵۰۰ تعزیرات ہند دائر کرکے ڈگری حاصل کرسکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے جو ہم کسی صاحب کا خط بمنزلہ سرٹیفکیٹ مشتہر نہیں کرتے ہماری صداقت کا یہ کافی ثبوت ہے کہ جب کوئی صاحب ہمارے پاس حلفاً تحریر کرکے بھیجے کہ ہماری تیار کردہ دوائی سے کچھ بھی فائدہ نہیں ہوا تو ہم قیمت واپس کردیتے ہیں +

ادویات

آتشک کی پڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج۔ ۴۸ پڑیاں	عہ ر
مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخم پر لگانے کیواسطے فی قوبیہ	عہ ر
عرق اعشبہ مرکب۔ مسادخون۔ دردعصبی۔ آتشک گنٹھیا۔ خارش کیواسطے خورد شیشی	عہ ر
عرق دافع سوزاک وقرحہ۔ اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی	سے ر
دوائی پچکاری برائے سوزاک۔ سوزاک کے ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے	عہ ر
دوائی پچکاری برائے قرحہ۔ سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے	عہ ر
روغن دافع وجع مفاصل ودردعصبی۔ بیرونی مالش کیواسطے فی شیشی	عا سے ر
عرق طحال۔ تپ تلی کیواسطے ۲۴ خوراک عبر۔ ۴۸ خوراک	سے ر
اسپیر مٹوریہ پلز۔ دافع کثرت احتلام جریان منی۔ ۴۸ گولی عبر۔ ۸۰ گولی	سے ر
الیفہ وڈ ٹیرپاک مکسچر۔ مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب۔ ضعف دماغ وعنبہ فی شیشی	سے ر
نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کم طاقتی کمزوری ۶۰ گولی	عا
کاف مکسچر۔ تردخشک کھانسی کا علاج۔ فی شیشی	عا
بچھو کاٹے کا علاج۔ جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۶۰ بوند	۸ر
بالوں کو خوشبودار کرنے والا تیل۔ دماغ اور مینائی کو طاقت دیتا ہے ایک چھٹانک ۱۲ر ۲ چھٹانک	عہ ر ۸ر
ڈیارپا پوڈر۔ دافع اسہال وپیچش جو بدہضمی کے باعث ہو ۱۲ پڑیہ	۸ر
کیورفاز استھما۔ ضیق النفس یا دمہ کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی	عا
کالرا کیور۔ ہیضہ کا علاج۔ ہر فرد بشر کو اس دوائی کا گھر میں موجود رکھنا لازمی ہے فی شیشی	۱۲ر

محصول بذمہ خریدار

الملتمس

محمد امام الدین مینجر وکٹوریہ میڈیکل ہال ہال بازار امرت سر

تحفہ

میں ڈاکٹر نور حسین صاحب صاحب مقیم گنبد بلوچستان کا خط ۲۰- فروری ۱۸۹۴ء جس کو میاں فیروز الدین نے پیش مورخہ ۸- جون ۱۸۹۴ء میں سرٹیفکیٹ شایع کیا ہے پڑھکر متحیر ہوں۔ میرے خیال میں خط عام لوگوں کی گمراہی کے واسطے مشتہر ہوا ہے اسلئے کہ میرے ڈاکٹر نور حسین صاحب کا دستخطی خط اکتوبر ۱۸۹۳ء کا موجود ہے جسکا مضمون کو بخوبی پڑھیگا اور اُسکے چھپنے سے جو کچھ نتیجہ وہ بھی لوٹ پیش ہوگا پس سب سے پہلے ڈاکٹر صاحب موصوف دریافت کرتا ہوں کہ جو خط میاں فیروز الدین اُنکے نام سے مشتہر کیا ہے وہ اُنہی کی تحریر ہے اور اگر ہے تو میں ان کا ۳ اکتوبر ۱۸۹۳ء عوام الناس کی بھلائی کیخاطر مشتہر کرکے مخلوق خالق کو فائدہ کروں +

اسکا جواب ۱۵ یوم تک بنام میری معرفت مینجر پیسہ اخبار بذریعہ خط رجسٹری آنا چاہیئے

منتظر جواب مینجر وکٹوریہ میڈیکل ہال

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں؟

کئی ہندو یا مسلمان اس قابل کرنے کہ انگریزی دوا میں شراب وہڈی جانوروں سے پاک ہوتی ہیں جو ہر ایک مذہب میں ممنوع ہیں پس جب ہمارے روپے گھر سے خرچ کرکے مذہب کو کھوئے صحت سے ہاتھ دھوئے۔ وہ کون عقلمند ہے کہ بصورت ناموافق مرضیں کو جلد عدم پہنچائیں۔ ہمنے اپنی دیسی دوا کو صاف شستہ طریق الاثر بنایا ہے۔ آؤ۔ آزماؤ۔ پتہ شفاخانہ زبدۃ الحکما حکیم ڈاکٹر غلام نبی موچی دروازہ لاہور

(۱) حب مقوی بصر حافظ بنیائی بخار دہندہ جالہ۔ خارش نکلے۔ روحی کی برد شت نہ ہو۔ دردکمر کرتا ہے ۲ مثقے سے (۲) حب دائمی ضعف مثانہ۔ قوائے تکہ۔ قوائے۔ دردکمر۔ ہیجان دل کا دھڑکنا۔ جسم کا پھڑکنا۔ خرابی گزیدہ۔ وردول۔ قلت حیض درم رحم کمی اشتہا درد سر ضعف کثرت ہضم وریاح۔ شقیقہ۔ غیرہ تین مثقے (۳) حب دیابطیس۔ بار بار پیشاب کی آمد تشنگی۔ لاغری بے چینی خوابی جزبی جگر ۱ مثقہ ۲ ماشہ نیکل کو رکتا ہے۔ فی تولہ ۵ء حب بواسیر دنیا سے تمام کرتے الامرض۔ بواسیر خونی وبادی دیرینہ۔ دو ہفتے ۱۰

مفصل فہرست سارٹیفکیٹ کی کتاب مفت محصول یکے نہ آئے تو روانہ ہوگی

اہل ہند کو تازہ خوشخبری

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین امرتسر

جو مرض تیس سال شفا ہتا شرطیکہ پیا ہے اور شرط بھی ایسی کہ اگر شفا نہو جو بھی مرض کو واپس دیا جائیگا صدہا اسناد صحت پایان مراض مزمن امراء کی موجود ہیں رسید پارسل صحت نیم آنہ ارسال خدمت ہوگی تو نگد بقدیا ہے مفلس پتے خرچ سے معالجہ کرائیں بشرط صحت نقد قرار۔ ۱۰ نہ خرچ اور دیہ بھی واپس دونگا اگر مرض کامل تحقیق ہو سہل مؤثر شرطیہ علاج ہو سکتا ہے طریق استعمال دوائی غذا پرہیز مفت روانگی سے واضح ہوگا نقد کی بنا دہ تجویز لیں ہمارے گی ہیں۔ تجربہ دیکھ ہوئے زندگی ہے ہاتھ ملتے رہ جاؤ گے صحت بر مہینے سے کیا ہرج ہے ہزاروں لاکھوں سستا ہے۔ بے نصیب کسی عذر سے محروم رہیگا فضل

نام امراض	نمبر	نام امراض	نمبر
جملہ امراض	۱	گنوریا	۱۵
جملہ امراض	۲	سفیدی آنکھ	۱۶
جملہ امراض	۳	ضعف بصر	۱۷
	۴		۱۸
	۵	نقوہ	۱۹
	۶	بھگندر	۲۰
	۷	ناسور	۲۱
	۸	رعشہ	۲۲
	۹	لقوہ	۲۳
	۱۰	بواسیر خونی وبادی	۲۴
	۱۱	دمہ پرانا	۲۵
	۱۲	ضعف المعدہ	۲۶
	۱۳	بھگندر	۲۷
	۱۴		۰

ڈاکٹر کلن خان ڈنٹسٹ۔ انارکلی۔ لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں

دانتوں کا منجن فی اونس عہ۔ نصف اونس ۸ر

کروا مرزفریز کی مشہور عالم جیبی گھڑیاں

ان کی ذمہ داری ان کی پائیداری اور لازوال خوبصورتی اور حیرت انگیز ارزانی ثابت ہیں ہندوستان میں آج ایک ان کی دن بدن بڑھتی ہوئی خریداری کا کافی ثبوت ہیں ہندوستان میں آج ایک گھڑی فروش سے منگنی گھڑی پر اوپر کا لکھا ہوا نام ہونا چاہیئے ورنہ نقلی ہوگی ہندوستان میں ایجنٹ کینی اینڈ کمپنی بمبئی میڈوسٹریٹ روڈ ہیں

اور پنجاب میں اس کے علاوہ سب قسم کی گھڑیاں بشمول سنگھ اگر فوٹو گرافرامرت سکی دوکان سے مل سکتی ہیں مفصل فہرست قیمت انگریزی وارد دو ایک پیسے کا کارڈ بھیج کر مفت منگوا کر ملاحظہ کریں اور دوسرے ارزان فروشوں سے مقابلہ کریں پھر جس جگہ سے دل چاہے خریدلیں

کارنرک صاحب کا کاڈلیور آئل ملک

یعنی

شیر روغن ماہی یا دودی کی شکل میں مچھلی کا تیل

سب سے بڑی دقت کاڈ لیور آئل یعنی روغن ماہی کے استعمال میں یہ ہے کہ خواہ کیسا ہی صاف کیوں نہ بنایا جاوے طبیعت اور معدہ دونوں اسکو قبول نہیں کرتے۔ اول تو اس کا حلق سے اترنا ہی مشکل ہے اور اگر کسی نے جی کو مضبوط کرکے اتار بھی لیا تو معدے میں ٹھہر کر ہضم نہیں ہوتا۔ پس وہ فائدہ جس کے لئے یہ تمام تکلیف گوارا کی گئی تھی حاصل نہیں ہوتا پس وہ فائدہ جس کے لیے یہ تمام تکلیف گوارا کی گئی تھی حاصل نہیں ہوتا ان خرابیوں کے دور کرنیکی غرض سے نہایت محنت اور صرف کثیر اور کتنے امتحانوں کے بعد کارنرک کمپنی لمیٹڈ کے کارخانے میں یہ دودھ سا بنایا گیا ہے۔ صورت۔ شکل مزے اور بو میں دودھ معلوم ہوتا ہے مگر حقیقت میں یہ ہے کاڈ لیور آئل سادہ کاڈ لیور آئل سے ہر جہا بہتر ہے اور قیمت میں فرق کچھ بھی نہیں معدہ بھی اس کو قبول اور ہضم کرلیگا۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ پانی میں گھول کر پی لیجئے مریض کیسا ہی نازک مزاج کیوں نہو اسکو بھی اس کا ذائقہ ناگوار نہ ہوگا اب رہے اسکے فائدے وہ بھی اظہر من الشمس ہیں۔ کاڈ لیور آئل سے بہتر کر دن کو توی اور لاغروں کو فربہ کرنے کے واسطے کوئی دوا نہیں ہے۔ یورپ کے نامی ڈاکٹروں نے بہت سے تجربہ کے بعد اس کو اپنے مطب میں داخل کیا ہے۔ بیماروں کو چاہیئے کہ اگر ڈاکٹر ان کو کاڈ لیور آئل پینے کی ہدایت کرے تو اس کاڈ لیور آئل کے سوا اور کوئی استعمال نہ کریں ۸۔ اونس والی بوتل کی قیمت عہ +

شیر روغن ماہی

معہ ہیپوفاسفائٹ آف لائم اینڈ سوڈا۔ اکثر ڈاکٹر کاڈ لیور آئل کو زیادہ قوی اور مفید کرنیکی غرض سے ہیپوفاسفائٹ آف لائم اینڈ سوڈا کیساتھ دیتے ہیں جو لوگ کھانسی۔ دمہ۔ سردی۔ دق۔ امراض صدر وغیرہ میں مبتلا ہیں انکو ڈاکٹر کی رائے کے بموجب اس مرکب کا استعمال کرنا چاہیئے خاصکر وہ نوجوان جنہوں نے عفلت سے اپنی قدرتی طاقتوں کو ضرورت سے زیادہ صرف کیا ہے اسکا ضرور استعمال کریں امیر بڑے بڑے نامی حکما متفق ہیں کہ اعصاب کو مضبوط اور پٹھوں کو فربہ کرنے کیواسطے کارنرک صاحب کا شیر روغن ماہی نہایت مفید دوا ہے ۸ اونس والی بوتل کی قیمت عہ +

یہ دوائیں صرف کارخانہ کارنرک کمپنی لمیٹڈ شہر لندن میں تیار ہوتی ہیں۔ اگر کوئی شخص ان مرضوں کیواسطے دوسری دوائیں ہمارے مربیات کے عرض پیش کرے تو اسکی بات کو نہ مانیں

املشہ

ا ے۔ برکت اینڈ کو

سوداگران دہلی بازار فتح پوری کی دوکان سے یہ دوائیں نہایت عمدہ اور مستند اور بکفایت دستیاب ہو سکتی ہیں +

جادو کا قلم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتا ہے

یہ قلم بجار قلم نہایت مفید بنا ہوا ہے۔ اس میں ایک دفعہ سیاہی ڈالکر جیب میں رکھو پھر جس جگہ چاہے جیب سے نکالکر ایک دو تین چار جیب لمبی ڈال لو۔ طول بھی ۵۔ انچ سے زیادہ نہیں خاصکر مجسٹریٹوں کو عدالت کے فیصلے لکھنے کے لئے بہت آسانی ہے ایک دو تین چار جیب اور چار بلو کی نلکیاں سیاہی ڈالنے کی ہمراہ ہونگی قیمت معہ جملہ سامان صرف عہ ہے +

ہیضہ سے بچو

ڈاکٹر برمن

آپ سے یہی کہتے ہیں "کہیں گے ہیضہ سے بچنے کے کل دیسی حیلے ہیں (۱) جو ہی ہیضہ پھیلا ہو تو روز دو چار بوند اصل عرق کافور" کی لیا کرو پھر ہیضہ ہونیکا خوف نہ رہیگا (۲) جو کسی کو ہیضہ ہوگیا ہو۔ تو جہانتک ہوسکے اصل عرق کافور پلاؤ" ڈاکٹر حکیم خواہ ید کی انتظاری میں وقت نہ بتاؤ کیونکہ ہیضہ کی پہلی حالت ہو جانے پر کوئی دوائی کام نہیں دیتی +

اسلئے آپ کو چاہیئے

ہر وقت "اصل عرق کافور" اپنے پاس رکھیں یہ برس سے یہ عرق مشہور ہو رہا ہے۔ جو آپ اس کے عجیب فائدے کو جانتے ہیں تو دوسروں کو بھی بتلائے اگر نہ جانتے ہوں تو دوا منگانے کے پہلے بنیر قیمت سارسنگٹوں کی چھپی ہوئی کتاب منگا کر پڑھیے

قیمت فی شیشی ۴ر

ڈاک محصول میں ایک سے چار شیشیوں تک جاتے ہیں

حضرو ضلع راولپنڈی۔ موضع پنڈ اتحت تھانہ حضرو میں کسی شخص نے ایک خرمن گندم کو آگ لگا دی جسکے شعلے بلند ہوئے۔ تو قضا را اندھی بھی آگئی کہ جس سے ارد گرد کے خرمنوں کو بھی آگ لگ گئی۔ آخر بھی دور آگ کے زور سے کسی کی پیش نہ گئی کہ جس سے موضع مذکورہ کے تمام خرمن سوائے دو خرمنوں کے کہ وہ فاصلہ پر تھے جل گئے شمار کیا گیا ہے۔ کہ قریباً پچاس سے زیادہ خرمن جلے ہیں۔ علاوہ اسکے اوگاؤں میں بھی ایسی ایسی واردا تیں ہوئی ہیں خاص حضرو کے تین ہندو درہند ضلع ہزارہ سے روغن زرد زعفران لیکر براہ اب دریا سندھ حضرو کو چلے آتے تھے کہ راستے میں درمیان ضلع ہزارہ اور راولپنڈی تحصیل سوہنی غوغشی وڈھیری تحصیل اٹک کے بوقت ۵ بجے یا ہو بجے رات کے ان کو چند شخص نے۔ اور دو ہندوؤں کو باندھ کر دو خرمن زرد انکا جلا دیئے صبح کو ہندوؤں نے رپورٹ کی تھانہ غازی ضلع ہزارہ کو تھانہ صاحب تحقیقات میں مصروف ہیں ابتک کوئی پتہ نہیں لگا۔

موضع شنبلہ تھانہ حضرو میں ہر روز جمعرات ایک شخص نے اپنی عورت کو قتل کر کے خود ہی تھانہ میں حاضر ہو کر رپورٹ کی کہ میں نے اپنی عورت کو بوجہ بدچلنی کے اور ایک مرد آدمی کے ساتھ صحبت رکھنے کے مارڈالا ہے۔ لاش مقتولہ شفاخانہ حضرو میں واسطے ملاحظہ لائی گئی اور ملزم گرفتار کیا گیا۔ مارچ کمشنر ہوئی و کٹوریہ جوبلی میموریل جو مڈل اینگلو ورنیکولر سکول سیالکوٹ ہے وہی سکول جسکی منجملہ کئی دفعہ ترقی کی خبر ناظرین اخبار ہذا کر چکے ہوگے۔ اسکے ۱۸ طلبا نے امتحان میٹرکولیشن دیا تھا جن میں سے ۱۷ طلبا پاس ہو گئے۔ اور ۱۰ طلبا نے وظائف حاصل کئے۔ اور اب یہ سکول اٹھ سے اٹھائے حالت پر پہنچ گیا ہے۔ اس سکول کے مڈل کا نتیجہ تمام پنجاب سے اول رہا ہے۔ ۲۴ طلبا پاس۔ عبدالعزیز طالبعلم تمام پنجاب کے طلبا میں سے اول۔ ایک لڑکا چودھویں نمبر پر۔ ایک چھٹے پر۔ پانچ طلبا کو وظیفہ ملا۔ انٹرنس کا نتیجہ بھی دو مشن ہائی سکولوں سے عمدہ رہا ہے۔ اور نہایت قابل الیقین ہے چنانچہ تفصیل ذیل طلبا پاس ہوئے:۔

بورڈ سکول ۱۳ سکاچ مشن ۲۲ امریکن ۲۴ سب ۴۹ سو لال صاحب ہیڈ ماسٹر کی محنت اور حسن انتظام کا نتیجہ ہے جو بے حد محنتی اور فہمیدہ آدمی ہیں (زمانہ نگار زمانہ لکھنؤ)

——— ۲۴ مئی ۱۸۹۷ء یوم تحقیق سے ربانی کا پانی جو کہ بیاس کنڈ سے نکلتا ہے سبز رنگ کا سیاہی مائل آتا ہے۔ خدا جانے کس جگہ سے پانی لاتا ہوگا ہے۔ لوگوں کا خیال ہے کہ دریا کی تہ میں کہیں سبز پتھر یا کوئلہ کی کان نکل آئی ہوگی

میران بخش محرر گذرو زیر گلگت

عارف (ظریف سیفٹیر بن)۔ بیان ۲۲۔ اپریل کل دوپہر کو چند شخص ایک دکان میں بیٹھے تھے کہ یکایک چھت گر گئی وہ آدمی خود بخود نکل گئے۔ مگر بالی درکو پولیس نے نکالا جن میں سے ایک زیر علاج ہے۔

——— آپکے اخبار و نیز دیگر پرچوں میں کسوف خسوف کے مضامین تحریر ہو چکے ہیں آپکا کیا ارشاد ہے جو زمین ہے۔ فلسفہ دیافت فرمائے کہ جواز ہیں یہ کسوف خسوف نظر آیا یا نہیں قیاس کہ نہ ہونیکی وجہ ہے کہ وہاں آسمان ابر آلود ہوگا۔ اور مغربی ممالک میں اوسوقت تک ستارہ نہیں نکلا جو کہ ہمارے ہاں ہوگا۔ نزول قرآن مجید وحدت شریف ہے ہاں جدا قوم ہے

کی ٹانگ توڑی ہے۔ اوس بات سے کسے انکار ہے۔ کہ دو اجسام تقاطع کے وقت ایک خط پیدا کرتے ہین۔ لیکن اونہین یہ تو خیال کر لینا تھا۔ کہ یہان وہ اجسام لینے چاند اور سورج یا سورج اور زمین کرے صورت مین ہین۔ اور اونکی جسامت مین اختلاف کے سوائے وہ ایک دوسرے کے برخلاف بھی حرکت کرتے ہین اور اونکی رفتار مین بھی فرق ہے مثلاً چاند کی رفتار۔ سورج کی ظاہری رفتار سے ۱۲ گنا زیادہ ہے۔ علاوہ ازین یہ دو اجسام تقاطع مین کون (مخروطی نما شکل) پیدا کرتے ہین۔ اور یہ جو آپنے لکھدیا ہے کہ ایسے بحثون سے اسلام کی کسر شان ہے۔ آپ کو یاد رہے کہ الہامی مذہبون مین صرف ایک مذہب اسلام ہے جسکے موید کل سائنس و حکمت کی صداقتین ہین۔ ایک سچا مسلمان جو اسلام کی کل مستند روایات و تعلیم کو ہین ٹیچرو سائنس کے مطابق پاتا ہے وہ کسطرح اسلامی تعلیم یا اسلامی مستند روایات کو خلاف سائنس بلا وجہ دیکھنا یا سننا پسند کرے گا اگر آپکو یا کسی اور کو کسی اسلامی تعلیم پر از روئے سائنس و حکمت شک ہو تو ظاہر کر دیجئے پھر دیکھ لیجئے کہ اسلام کے جاندادہ کسطرح دندان شکن جواب دیتے ہین۔ سائنس کی صداقتین اسلام کے بالکل موید ہین۔ نہ برخلاف۔

میرے خیر خواہ کے بعد تین تحریرات گذشتہ پر چہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۸ مئی ۱۸۹۴ء مین چھپین۔ جنکی مخالفانہ رائے سے مجھے بہت مسرت حاصل ہوئی۔ مین ہمیشہ اون رائے کے مخالفون کا شکر گزار ہوا ہون بلکہ بھی صداقتون کو مدنظر رکھکر معقول بحث کرتے ہین۔ خواہ ممکن ہے کہ کہین اونکی سلسلہ دلیل مین غلطی ہو۔ اس قسم کی تحریر یکہ "جلیل القدر اسٹرونمر" برق صاحب اور منشی محمد عتیق شاہ صاحب کی تھی۔ اونکے علمی طریق بحث کرنے کی مین دل سے داد دیتا ہون۔ اور اونکو دلیل کے طور یکطرف متوجہ کرتا ہون۔ ان ہر دو صاحبان نے میرے فقرہ ایک ہی وقت مین کل روئے زمین پر گرہن کا ہوتا۔" مین کچھ شک ظاہر کیا ہے۔ حالانکہ "ایک ہی وقت" کی تشریح جو اونہون نے کی وہی راقم کی منشا تھی۔ اور سیاق عبارت کے ہی یہی منشا تھی تنہا ایک ہی وقت سے مراد وہ تمام مدت ہے جسمین ایک گرہن شروع سے اختتام تک رہے۔ میری یہ منشا نہی کہ کوئی گرہن تمام روئے زمین پر ایک ہی وقت یعنے تمام عرصہ کسوف مین کل روئے زمین والون کو نظر نہین آسکتا اور یہی میرا جواب بھی دعوے ہے۔ برخلاف مولوی محمد عتیق احمد صاحب کے کہ جنہون نے اپنے پہلے مضمون مین یہ ظاہر کیا تھا کہ گرہن کل روئے زمین پر ہوگا۔

دو صاحبان نے اس بات کو تسلیم کیا ہے۔ کہ صرف وہی گرہن کل روئے زمین پر نظر آویگا جو متواتر ۲ گھنٹہ تک رہے۔ یہ درست ہے۔ لیکن کیا۔ امر ممکن ہے کہ کوئی گرہن ۱۲ گھنٹہ تک رہے۔ یہان امکان کو بالکل گنجایش نہین۔ یہہ [illegible] کہ ہر ایک حساب کا مسئلہ ہے۔ کل کوئی [illegible] آکر یہ تحریر کرے کہ میرے ہاتھ مین مسطرلاب [illegible] ہے۔ اور سائنس کے مطابق ہی [illegible] اسکی تشریح [illegible] ہے۔

یہ کہدیگا کہ اور دو پانچ ہوتے ہین تو کیا آپ تسلیم نہین کرتے آپ اسبات کو تو مدنظر رکھین کہ چاند سورج کی حرکتین ایک دوسرے کے برخلاف ہین اور پھر اونکی رفتار مین ۱۲ گنا فرق ہے چنانچہ برق صاحب خود تسلیم کرتے ہین کہ ہیئت مین چھ گھنٹے سے زیادہ گرہن ثابت نہین۔ اگرچہ اسمین بھی مجھے اختلاف ہے۔ اور اس معاملہ مین مجھے عتیق احمد صاحب کی رائے درست معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ زیادہ سے زیادہ چاند گرہن کا دس گھڑی ۱۰ پل اور سورج گرہن کا آٹھ گھڑی ۱۶ پل ہے۔ لیکن بفرض دلیل ہم برق صاحب کی رائے تسلیم کر لیتے ہین اور دیکھتے ہین کہ زیادہ سے زیادہ گرہن جو اونکے نزدیک چھ گھنٹے ثابت ہے آیا وہ کل روئے زمین پر نظر آسکتا ہے یا نہین اس موقعہ پر برق صاحب لکھتے ہین۔

"علم ہیئت مین ۶ یا ۷ گھنٹہ سے زاید گہن ثابت نہین۔ خیر یہہ بھی کیا کم ہے۔ نقشہ دیکھنے سے ظاہر ہے کہ ۶ گھنٹہ کا گہن بھی دنیا کے تین چوتھائی حصہ مین نظر آسکتا ہے صرف ایک چوتھائی رہجاتی ہے تو اس حصہ کو بحر ظلمات وغیرہ ظلم نقارین جو دنیا کے چوتھائی سے ہرگز کم نہین محسوب کر دیجئے۔ یہان گہن کی ضرورت ہی نہین اور تمام قصہ پاک ہے (گلوب دیکھئے)

مجھے افسوس ہے کہ برق صاحب نے خود گلوب کو غور سے نہین دیکھا اگر آپ نے اسطرح تقسیم کرنی تھی تو مین اس سے بھی سہل طریق بتا دون کہ خشکی کا علاقہ بمقابلہ تری کے قریباً ۱/۴ ہے سو چوتھائی کے لئے گن کیا ضرورت ہے جسپر میرا ہی صاد ہے تو شاید ۱ گھنٹہ درکنار چند منٹون کا گرہن کافی ہو جاوے اور آپکو مافوق دلیل اپنی رائے کے برخلاف ۱ یا ۱ گھنٹہ تک گہن کے ثابت کرنیکی وقت بھی نہ پڑے۔ جناب من گلوب کو ملاحظہ کیجئے خشکی کے حصہ ایک دوسرے سے متصل واقعہ نہین اور نہ متوازی ہی ہین سو وہ تو کچھ ایسا واقعہ ہوئے ہین کہ ۶ گھنٹے تو درکنار شاید ۲ گھنٹے سے بھی ایک دو زیادہ ہی منٹ لگین اور اوس صورت مین کل روئے زمین پر گرہن نظر آوے۔ ویرانی دنیا، اور ۱۰ درجے طول بلد مشرقی اور ۴۰ درجے طول بلد مغربی کے درمیان ہے (دیکھو کیمس لمکا۔ اور افریقہ کا مغربی کنارہ نئی دنیا۔ قریباً ۳۰ درجہ طول بلد مغربی اور اور قریباً ۹۰ درجے طول بلد مغربی کے درمیان ہے ایک طرف برازیل اور دوسری طرف آبنائے بیرنگ ملاحظہ ہو۔ اگر آپ کیمس لمکا اور بلاسکا کو بغیر آباد سمجھکر خارج از بحث ہی کر دین۔ گو یہ امر ہی خلاف عقل ہوگا تو بھی آپکا گرہن ۱۵ درجے طول بلد مشرقی اور ۱۴۰ طول بلد مغربی کے درمیان نظر آنا چاہیے۔ اور ایشیا کے بہت سے حصہ جو آپنے لکھدیا ہے۔ اب آپ بیشک سورج کو گہوارہ مین ۱۰ دیکھین کہ کسطرح آپ کل خشکی پر گرہن دکھا سکتے ہین خواہ آپکا گرہن ۶ گھنٹے بلا جھجک ان لیا جاوے۔ دیکھو گلوب ملاحظہ ہو۔ فرض کرو کہ سورج اسوقت ۹۰ درجے طول بلد مشرقی کے مقابل ہے اور اسوقت گرہن ہوا۔ تمام مشرق مین گرہن نظر آیا اور ایسا ہی مغرب مین گرہنے تک۔ ۶ گھنٹہ کے بعد سورج گرہن پوائنٹ اس پر ہے اور اسوقت گرہن مغربی طول بلد مین ۹۰ درجے تک نظر آویگا۔ گلوب ملاحظہ ہو جنوبی امریکہ کے مغربی ممالک مین۔ وسطی امریکہ تمام اور شمالی امریکہ کی تین چوتھائی سے زیادہ مین اور یا لن ایشیا کے بہت سے حصہ مین جزائر مثلاً نیوزیلینڈ وغیرہ مین گرہن نظر آویگا۔ اب فرمائیے آپکا بحر ظلمات گرہن سے خالی رہا یا خشکی کا علاقہ۔ آپ اگر اب بھی متفق نہ ہون تو کوئی مثال کسی اور درجہ پر تجویز کیجئے پھر دیکھا جاویگا۔ کہ آپ کسطرح کامیاب ہو سکتے ہین۔ میرے خیال مین برق صاحب مضمون کا مین حتے الوسع جواب دے چکا ہون جہان تک اسکی تحریر علم ہیئت و جغرافیہ کے متعلق تھی۔

باقی رہی ہمارے دوسرے مضمون پہیلی ہیئت کے متعلق۔ اونکی تحریر مجھے بہت ہی معقول نظر آئی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ کسیقدر خوض کے ساتھ لکھی گئی ہے۔ لیکن انہون نے ہی حساب لگانے کے وقت روئے زمین کا نقشہ سامنے نہین رکھا۔ آپ کا دعوے ہے کہ ہمولی گہن اپنے معمولی وقت مین کل روئے زمین پر نظر آسکتا ہے جس کی سند مین وہ تاریخ ۱۱ مئی ۱۹۰۳ء والے چاند گرہن کی طرف اشارہ کر کے کہتے ہین کہ یہ چاند گرہن پہلی ہیئت مین سوا دو بجے رات کے شروع ہو کر قریباً (۳) گھنٹہ ایک طرف مشرق مین جاپان تک اور دوسری طرف میکسیکو مین نظر آیا۔ کیونکہ جسوقت پہلی ہیئت مین دو بجے تھے جاپان مین ایک گھنٹہ رات تھی۔ اور (۵) صبح کے جسوقت اختتام گرہن تھا شہر میکسیکو مین (۵) شام کے تھے۔ اونکی اس دلیل پر بغیر جرح کئے ہی اگر غور کیا جاوے تو تو بھی کل روئے زمین پر چاند گرہن نظر نہین آیا۔ وہ مہربانی کر کے ذرا روئے زمین کا نقشہ ملاحظہ کرین۔ شہر میکسیکو جہان بمشکل اونکے حساب کے مطابق ہی ایک منٹ بھر گرہن نظر آیا ہوگا۔ جیسے کہ وہ حفظ ماتقدم کے طور پر ایک انچ کے گرہن کو بھی گرہن قرار دیتے ہین خواہ وہ محسوس ہو نہو۔ ایک سو درجے مغربی طول بلد ہے لہذا ایک سو درجے مغربی طول بلد سے لیکر میکسیکو چالیس درجے طول بلد مغربی کے درمیان بہت سا حصہ میکسیکو کا۔ اور نصف سے زیادہ حصہ کینڈا اور صوبجات متحدہ امریکہ کا اور کیلے فورنیا۔ اور نیوزیلینڈ آباد علاقے۔ گرہن سے خالی رہے اور پھر ۱۴۰ درجے مغربی طول بلد سے ۱۸۰ درجے طول بلد مشرقی تک جہین کیمسٹکا اور بلاسکا کے علاوہ دیگر جزائر پالنشیا کے اور بہت سا حصہ مشرقی آسٹریلشیا کا شامل ہے ابھی باقی رہین گے۔ لہذا آپ کے طریق استدلال سے بھی کل روئے زمین پر گرہن ثابت نہوا۔

اب بسبب طوالت کے مین اس تحریر کو بڑھا نہین سکتا۔ آیندہ یہ آپ پر ظاہر کیا جاویگا۔ کہ جسپہلی ہیئت مین چاند گرہن ۲ (۲) صبح کے ہوا تھا تو اوسوقت جاپان جو ۱۴۰ درجے مشرقی طول بلد اور ۱۴۰ درجے کے

ہ اس کے فیصلہ کے لئے راقم نے گورنمنٹ کالج لاہور کے ہر دو پروفیسرون پیامی کو لکھا ہے جنکی تحریر اگر ضرورت ہوئی تو پیسہ اخبار مین آیندہ شائع کیجاویگی۔

کتب وغیرہ کے ریویو

رہنمائے حجاج :- ۶۶۰ صفحہ کی کتاب جس میں سفر حج کے مفصل حالات معہ ارکان حج اور مسائل متعلقہ حج اور مکہ معظمہ و مدینہ سورہ کے بعض رسوم اور حالات درج ہیں حاجی نیک محمد صاحب سرشتہ دار کشمری بندر میں نے بڑی تحقیق سے مرتب کئے چھپوائی ہے۔ اور لاریب ارکان حج کے لئے اچھا رہنما ہے۔ اگر کتاب اس سے زیادہ مختصر ہوتی تو زیادہ مطبوع ہوتی قیمت عہ +

گیڈبری صاحب کا کوکوا :- لالہ سادانند برادران لاہور نے مہربانی کر کے ہمارے پاس ایک مجموعہ نمونوں کوکوا اور چاکولیٹ انگلستان مشہور کارخانہ گیڈبری کا بھیجا ایک کتاب کے کہ جس میں کوکو کی اصل کیفیت درج ہے بھیجا ہے کتاب کو دیکھنے تمام دکل چکر اسم باسمی پایا اور کوکو اگر بھی استعمال کیا واقعی اس کارخانہ کا مال ہر تمام اور تعریف کا مستحق ہے کوکو سے حاصل ہے۔ اور بڑی لذیذ کولات و مشروبات سے ہے جو ہر ایک انگریزی سوداگر سے مل سکتا ہے +

صندل کے چنور :- متھرا میں سکھ پنچارک کمپنی نمبر ۱۱۔ چھتا بازار نے صندل کے ایسے عجیب چنور بنانے شروع کئے ہیں کہ جو کم از کم ہمیں نہایت عجیب چیز معلوم ہوتی ہے یعنے صندل کے ٹکڑے کو ایسی حکمت سے تراشا گیا ہے کہ اس کے باریک بال کاٹکر صندل کے دستہ سے ایک چنور بنایا گیا ہے لکڑی کی خوشبو تو معمولی بات ہے مگر بال جس خوبی سے کاٹے گئے ہیں اگر یہ روپ سے آنے دو روپیہ تک اسے ایک عجیب ایجاد سمجھتے۔ یہ چنور ایک آرائشی چیز ہے اور قیمت بھی بمقابلہ محنت کے زیادہ نہیں ضلعہ جم کے چنوروں کی قیمتیں کارخانہ سے معلوم ہو سکتی ہیں +

عبدالمدنس چارٹ آف انگلش گرامر :- ماسٹر عبداللہ خان صاحب انگلش ٹیچر اورینٹل سکول لاہور نے ایک لمبے چوڑے کاغذ پر جس کی تقطیع ۲۶ × ۴۰ انچ ہے گرامر انگریزی کو طرز نقشہ کے بڑی خوبی سے بہت اختصار کیساتھ مرتب کیا ہے اس میں علم صرف و نحو انگریزی کا لفظاً صفحہ واحد ضروری سے مجرہ نسب کی طرح لکھا گیا ہے۔ اور مشکل نہیں کہ بڑی محنت اور دقت عرقریزی کا کام ہے بیشک اسپر درج ہیں مولف صاحب سے مل سکتا ہے +

کرکٹ بیٹ :- کارخانہ مسز گنڈ اسنگھ دیہاری کمپنی بیالگوٹ نے دو بیٹ ہمارے پاس بھیجے ہیں۔ جن میں سے ایک مشقی اور ایک کھیلنے کا ہے بیٹوں کے دیکھنے سے یقین ہوتا ہے کہ اس کارخانہ نے اپنے لائن میں بڑی محنت کا کام کیا ہے اور مقابلہ کیا ہے۔ بوجہ نظر بحالات موجودہ اگر اس کارخانہ کے بیٹ بورڈ کے اساپر ترجیح دئے جاویں تو عجب نہ ہو کہ ایک بڑا انسٹی ٹیوشن اس ملک میں مسز گنڈا سنگھ کمپنی نے پیدا کیا ہے +

النصوت :- یہ بھی رسالہ جس کے پہلے نمبر کی نسبت ہم کسی آئندہ پرچہ میں مختصر ریمارک کر چکے ہیں۔ دن بدن کیا ظاہری صورت اور کیا اندرونی حالت ہر دو کی ترقی کر رہا ہے تیسرے نمبر میں ایڈیٹر ڈاکٹر حافظ فضل احمد صاحب کا لکھا ہوا مضمون ہمارے پیش نظر ہے دوست اور دشمن اور مزدوریات

مراسلات

انعامی مضمون کسوف و خسوف اور اسکی تردید

پیارے ایڈیٹر۔ السلام علیکم۔ میں نے بہت ہی دلچسپی کے ساتھ اون تحریرات میں سے جس کو پڑھا۔ جو آپکے پرچہ میں چھپے برخلاف۔ گرہن کا کل روئے زمین پر نظر آنے کا امکان ظاہر کرنے میں چھپے۔ میں اسبات کا اظہار کرتا ہوں۔ کہ جنقدر بعض تحریروں نے اونکے لکھنے والوں کی کم مائگی اور قلت فہم کے باعث مجھے رنج دیا۔ اوس سے بڑھکر مجھے خوشی دوسری تحریرات کو دیکھکر ہوئے۔ اگرچہ وہ میرے برخلاف ہی تھیں۔ اب مضمون زیر بحث کے دو پہلو ہو گئے ہیں۔ ایک مذہبی۔ دوسرا علمی۔ مذہبی رنگ میں لکھنے والوں نے ان اللہ علی کل شئی قدیر پر بہت زور دیا ہے۔ افسوس ہے کہ آیت مذکورہ کے سمجھنے اور استعمال میں اکثر لوگ غلطی کھاتے ہیں۔ وہ کل شی میں محالات کو بھی شامل کرنا پسند کرتے ہیں۔ قرانی آیات کی تفسیر کے لئے قرآن سے بہتر کوئی کتاب نہیں۔ لوگ قرآن کو نکالیں اور اون مقامات پر غور کریں جہاں جہاں اس آیت کا استعمال ہے۔ تو وہ نہیں معلوم ہو جاویگا۔ کہ یہ آیات محالات کے متعلق ہیں یا اون ممکنات کے جو انسان کے نزدیک مشکل ہوں۔ محالات سے ہماری مراد وہ باتیں ہیں کہ جسکے برخلاف سنت الہٰ ثابت ہو۔ کیونکہ قانون تجدد سنت الہٰ تبدیل۔ بہر حال اسوقت ہم مذہبی بحث کو چھیڑنا نہیں چاہتے۔ اور جب تک ہم میں اور ہمارے معزز مخالفین میں اس مسئلہ کے متعلق علمی سوالنگ میں فیصلہ نہ ہو لے۔ تب تک ہم مذہبی بحث کو بند کرتے ہیں۔ کیونکہ پیسہ اخبار کے قیمتی کالم شاید مذہبی بحث کی اجازت نہ دیں +

سب سے پہلی خبر جو میرے مضمون کے جواب میں چھپے۔ وہ کسی میرے "خیر خواہ" کے تھے۔ اونکے دلائل اسقدر بودے اور کچے تھے جو کسی علم کے دوست کو کبھی دھوکہ نہیں دے سکتے لہذا اونکے جواب سے ابتک اجتناب کیا گیا۔ لیکن اب چونکہ ان سطور کے محرک اور صاحب ہوئے ہیں لہذا میں اپنے خیر خواہ کو بھی مخاطب کرنا پسند کرتا ہوں۔ اگر "خیر خواہ" صاحب کوئی گریجویٹ یا انڈر گریجویٹ ہوں۔ تو از راہ مہربانی اپنے نام نامی سے مجھے بذریعہ پیسہ اخبار اطلاع دیں تاکہ اون کی خدمت میں انعام کے زائد یا بخیر و بہ قی الحال بھیجے جاویں کیونکہ خیر خواہ نے اپنے تحصیل کردہ علمی صداقتوں کے لمبا چوڑا بیٹ کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا اور نہیں معلوم ہوتا کہ ایک دفعہ اتنا ہی خیال نہ آیا۔ کہ اونکی تحریر کے ہو جب چوبیس گھنٹہ کے عرصہ میں دو گہن لازم ہو جاویں یعنے دو گرہنوں میں صرف چند گھنٹوں کا وقفہ ہوگا۔ اگر انہیں کسی ہندو سبھا دان کو ملنے کا سوقعہ نہ ملا تھا تو وہ اپنے لمبے دست تجربہ سے ہی مدد لے لیتے کہ دو گرہنوں میں گھنٹوں نہیں بلکہ مہینوں کا وقفہ ہوا کرتا ہے۔ اور وہ جو انہوں نے اخبار میں وقت پڑھنے کے قابل ہیں۔ مراسلات میں ڈاکٹر بھولا ناتھ صاحب آئی ایم ایس کا مضمون تا ہم گوشت کھ مین یا گھاس بھوس فذائے حیوانی کے متعلق نہایت دلچسپ اور لطیف ہے۔ ہمر کے رسالہ الملال سے حکیم ابن سینا کا تذکرہ ترجمہ کر کے درج کیا گیا ہے اور دوان علی صاحب ایل ایم ایس کا مضمون بیماری رشتہ پر ہیچ ہے رسالہ نے بہانتک ترقی کی ہے قابل اطمینان ہے اور ایڈیٹر صاحب کی جانفشانی سے اشبہ کہ وہ اسی طرح آمادہ رہیں۔ رسالہ بہت ترقی کرتا ہوا نظر آتا ہے +

بابو بیچارام چیٹرجی صاحب پریسیڈنٹ آریہ سماج سکھر وغیرہ نے اپنی تصنیف سے چند انگریزی کتابیں ہمیں عنایت کی ہیں۔ انتھولوجی آف ہندو (گلدستہ دانش ہندو اقوام۔ قیمت ۸ر۔ لے ریجھ آف پیرز ہمس وغیرہ اوعاذں اور گیتوں وغیرہ کا ہار)۔ سیکرڈ تھاٹس (ایک خیالات)۔ لکچرز اینڈ نوٹز حصہ اول۔ لکچرز آن ایز آف آریا سماج۔ مندرجہ بالا کتب کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ بابو صاحب مصنف بہت خوب مطالعہ کرنیوالے اور لکھنے والے شخص ہیں کہ جنہوں نے بہت ہی کتب سے اقتباس مفید ذخیرہ فراہم کیا ہے +

[خطابات بہ تقریب سالگرہ ملکہ معظمہ]

میجر ایوارسکلوور صیغہ پولیٹیکل کہ ہین انڈین امپائر مقرر ہوئے بہادر رنن سنگھ مالک اراضی بلرامپور ضلع گونڈہ راجہ بطور اعزاز ذالی۔ حکیم سید عبدالماجد عرف مجھو میان ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ گڈیا۔ وایڈ بھی دو سال ائی سابق حضور ڈپٹی کلکٹر پروچ یوسف ڈیوڈ سپنسر ہاسپٹل اسسٹنٹ احاطہ بمبئی۔ مولوی دلاور حسین احمد ڈپٹی مجسٹریٹ چوبیس پرگنہ۔ منشی اور نگزیب خان اگسٹرا اسسٹنٹ کمشنر پنجاب۔ رمضان ٹائپ ممتاز ضلع ڈیرہ اسمعیلخان۔ مجوبخان سینئر ہاسپٹل اسسٹنٹ احاطہ بنگال۔ مولوی عبدالحمید ڈپٹی کلکٹر ضلاع مغربی و شمالی۔ مولوی علی احمد پلیڈر رحیلپور۔ سعادت میر خان تحصیلدار درجہ اول بیسم حیدر آباد۔ میان منظر علیخان از کورو ائی۔ سردار ولی محمد خان بخشی افواج ناہہ۔ رسالدار میجر سردار خان بلوچستان۔ میر یوسف خان قوم کرد درہ بولان۔ رحیم بخش صوبیدار میجر برہا ملٹری پولیس یہ سب صاحبان خان بہادر بنائے گئے اور چندر بہان رام سنگھ آنریری مجسٹریٹ کرنول مدراس۔ سنجی سوہا رابا جار یار اگر کٹو انجینیر احاطہ مدراس۔ کلیان بیتارام چیز سابق کاربار ی ریاست میراج بمبئی۔ گوبند راجمندر کہانٹر بکار۔ اگسٹرا اسسٹنٹ کمشنر اجمیر۔ مہیر سنگھ آف سرہا پوسٹ مہند کہ راو بہادر کا خطاب ملا۔ بابو بامالی راؤ زمیندار ناگپور صوبہ بنگالہ۔ بابو رسنگھ دت والیس چیرمن ہوڑہ میونسپلٹی وائل چندر سیم اسسٹنٹ سرجن ایم بی۔ فتہ جنگ چیون دیوان جیسلمیر۔ جگن پرشاد وکیل آگرہ۔ بیٹھ ہرام چندر ڈپٹی کلکٹر اضلاع مغربی شمالی۔ جواہر سنگھ انسپکٹر پولیس اعلم گڑھ بابو کالیداس چودھری پریسیڈنٹ میونسپلٹی ہوشنگ آباد راجہ نند کشور سیکرٹری میونسپلٹی ساگر رائے بہادر ہوئے۔

(باقی آئندہ)

تعلیم عام اور حیرت انگیز مضامین درج کرانا چاہتا ہے کہ جیسے اور کسی اخبار میں نہ ہوتے ہوں۔ ہر روز یا ہر ہفتہ جیسا کہ اس کا اجرا ہوتا ہے اُسے بھی فکر رہتا ہے کہ کہاں سے ایسا اچھوتا مضمون لاؤں۔ اور آخر کار جو کچھ کہ وہ بصد کاوش لکھتا ہے وہ ناظرین کو ناظرین کے پسند خاطر نہیں ہو۔ انسان کی طبائع مختلف ہیں۔ تعلیم اور عقل کا انداز مختلف ہے۔ زندگی کے حالات متفاوت ہیں۔ لہذا لازم ہوا کہ خیالات اور رائیں بھی اکثر صورتوں میں مختلف ہوں۔ اس لئے ایک ہی مضمون کے لئے کوئی تو ایڈیٹر کو سخت حق کہتا ہے اور کوئی اُسے برا دانا نتا ہے۔ لیکن اس سے بھی زیادہ تعجب جب پیدا ہوتا ہے کہ جب ایڈیٹر صاحب نامہ نگاروں اور خریداروں کے مضامین اور فرمائشی اخبار میں درج کرنے کے لئے بعض کو بعض پر ترجیح دیتا ہے۔ مشہور ہے کہ موسیو ایک مت مشرق میں جا بسے اور مغرب میں عقلمند لوگ نکالنے کا اصول ایک ہی ہے لیکن وہ جمع کبھی متفق الرائے نہیں ہو سکتے۔ اور ایڈیٹر چاہتا ہے کہ میں سب کو اپنے آپ سے متفق الرائے کر سکوں۔ یہ آخری مشکل بھی زیادہ تر ایسی اخبارات سے مخصوص ہے کہ جن کے پڑھنے والوں سے زیادہ تر بمقابلہ ناظرین اخبارات یورپ کے کم تعلیم یافتہ ہوتے ہیں۔ اور اسی لئے ایسی اخباروں کے ایڈیٹروں کو علیٰ قدر مقام الناس علی قدر عقولھم ایسے ہی مضمون لکھنے پڑتے ہیں جو اُن کے ناظرین سمجھ سکیں یا اُن سے مستفید ہو سکیں۔ مثلاً آج ہم نے جس مضمون کو لکھا ہے یہ ایک اردو اخبار کے لئے ایسی موزون ہے۔ کیونکہ یورپ کے اخبارات کے ناظرین میں بعض اس پائنٹ کو ہم سے اچھا سمجھتے ہونگے ؛

غرض ایک دیسی اخبار نویس کی مشکلات بے اندازہ ہیں اور وہ مستحق ہے کہ اُس کے ناظرین اخبار اس سے ہمدردی کریں اور جب اُس کے اخبار کو لے کر آرام چوکی پر بیٹھ کر بالستر پلیٹ کر پڑھیں تو دل میں خیال رکھیں کہ کس مشکل سے یہ سب کچھ دیا گیا ہے اور جس نے ہماری خدمت کے لئے اپنے آرام کو حرام کیا ہوا ہے اُس کی امداد بروقت کریں۔ کیونکہ جیسا کہ ذکر ہو چکا ہے ہر ایک کام کا مدار روپے پر ہے۔ اور اخبار نویس کی سرسبزی خریداروں کی کثرت پر ہے۔ اور اسی پر ہمارے ملک کے اخبارات کی عزت و وقعت کا حصر ہے۔ اس لئے جب تک اخبارات کی اشاعت وسیع نہو تعلیم یافتہ پبلک کے اختیار میں ہے اخبار کبھی بادقعت نہیں ہو سکتے ؛

آریا سماج لاہور کیا لحاظ ایک تعلیم یافتہ گروہ اور کیا بوجہ ہندوستان بھر کے آریا سماج میں کام کرنے والا اور زندہ سماج ہونے کے ضرور اس حالت میں ہے کہ لوگ اُس کی طرف توجہ رکھتے ہیں۔ لیکن کچھ عرصے سے بعض خود غرض آریا جا اور کی کارستانیوں کے باعث سماج میں تفرقہ پڑ گیا ہے جو ایسا تفرقہ ہے کہ اب تک دونوں فریقوں میں سے ایک کو زک نہ ملے ووٹے نہیں ہو سکتا۔ اختلاف رائے ایک بڑی برکت اور ہمارے زمانے کی نعمت ہے بشرطیکہ نیک نیتی پر مبنی ہو۔ لیکن ذاتی اغراض جس اختلاف رائے کو پیدا کرتے ہیں وہ انسان کے دل کو نہایت پست اور دم کا بد خواہ بنا دیتا ہے آریا سماج لاہور بدنصیبی سے آجکل ایسے دو ستونوں کے نیچے ہے کہ جو ذاتی اغراض پر قومی بہبودی کو نثار کرنا چاہتے ہیں۔ دونو فریقوں میں لائق تعلیم یافتہ آدمی موجود ہیں۔ اصلاح کے بجائے مزید فساد بڑھتا جاتا ہے۔ ۲۰ تاریخ کو تاج کمپنی کے ایک جلسے کی تقریب میں کالج میں ممبروں کے جمع ہونیکا انتظام ہو رہا تھا کہ چند ایسے شخص بھی آریا کالج کے احاطے میں گھسنا چاہتے تھے کہ جن کے پاس داخلے کے ٹکٹ نہ تھے۔ داخلے کے ٹکٹوں کی نسبت پہلے دونوں فریقوں میں بحث ہو چکی تھی۔ اس وقت یہ لوگ جبراً داخل ہونا چاہتے تھے۔ منتظموں نے جو ایک فریق کے آدمی تھے اندر آنے سے روکا۔ پھر کیا تھا اٹھ چل گئے اور دو جنٹلمینوں کے سر پھٹ گئے۔ اس کی کیفیت پولیس میں لکھوا دی گئی۔ اور عجب نہیں کہ دلوں کی کاوشیں نکالنے کے لئے مقدمہ چلایا جاوے۔ تعلیم یافتہ لوگوں کے لئے شرم کا مقام ہے کہ ان سے ایسے بیہودہ فعل سرزد ہوں ؛

صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے آخر کار منہ سوستان اور انگلستان میں امتحانات سول سروس کیساں لئے جانے کی امید کو یکلخت مایوسی سے بدل دیا۔ کیونکہ ایک بیان تک سے جو اس مطلب کے متعلق شائع ہوئی ہے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان کی تمام لوکل گورنمنٹوں نے اس تجویز کو ناپسند کیا ہے کہ ہندو انگلستان میں سول سروس کے امتحانات یکساں ہوں ناظرین نے فراموش نہیں کیا ہوگا کہ اس خاص معاملے پر ہی رائے ہم و فوق کے ساتھ اس سے پہلے ظاہر کر چکے ہیں کہ مگر نہیں گورنمنٹ اس تجویز کو منظور ہونے دے گی یا لوکل گورنمنٹیں اور کیا سکرٹری آف سٹیٹ نجوبی جانتے ہیں کہ اس طریقے سے حکومت کا اختیار بہت سا ہندوستانیوں کے ہاتھوں میں چلا جاویگا جو اس سے زیادہ دینا انہیں منظور نہیں کہ جس قدر کہ آج کل ہے ؛

ایچیسن سکول لاہور ہر چند کہ ایک پرائیویٹ سکول ہے جو بیادگار ہمارے سابق لفٹنٹ گورنر سر جارنس ایچیسن کے جاری ہے لیکن باوجود آمدنی کے وسائل بہت محدود ہونے کے بھی میر محمد حسین صاحب ہیڈ ماسٹر کی نگرانی و جد و جہد سے مدرسہ خوب چل رہا ہے۔ کیونکہ امسال کے امتحان مڈل میں جس قدر طلبا اس مدرسے سے داخل امتحان ہوئے تھے وہ سب پاس ہو گئے۔ بجائیکہ لاہور کے اور کسی سکول کو یہ امتیاز حاصل نہیں ہوا۔ فیاض روسا کو اس پرائیویٹ درسگاہ کی امداد میں توجہ فرمانی چاہیئے ؛

بابو بھوپیندر ناتھ بسو سی۔ آئی۔ ای جو بنگالہ کے ایک نامور اور فاضل شخص تھے حال میں انتقال کر گئے ہیں۔ ان کی لیاقت اور ذاتی خوبی کی وجہ سے اہل بنگالہ ان کے انتقال کو ایک قومی کبھی سمجھتے ہیں۔ بابو صاحب بڑے فاضل صاحب تصنیف اور ہندو دھرم کے پابند تھے۔ لیکن سب سے بڑی بات کہ جس کا سبق اُن کی موت کے وقت ملتا ہے یہ تھا کہ آپ ایک غریب برہمن کے لڑکے تھے۔ نہایت افلاس میں تعلیم پائی۔ یہاں تک کہ ایک دفعہ مصیبت سے تنگ آکر گنگا میں ڈوبنے گئے۔ لیکن آخر استقلال اور محنت سے ایک نائب مدرس سے شروع کر کے قائم مقام ڈائرکٹر مرشتہ تعلیم بنگالہ کے عہدے تک ترقی کی۔ اور اپنے والدین کی یاد کو میں ڈیڑھ لاکھ روپیہ سنسکرت کی تعلیم کی ترقی کے لئے وقف کر دیا۔ ایسے ہیں وہ لوگ کہ جن کی نیک مثالیں مرنے کے بعد بھی بہتوں کی ہدایت کے لئے کافی ہوتی ہیں ؛

ہمصدر والسلطنت کلکتہ لکھتا ہے کہ یہ بلیاکے گاؤ کشی والے بلوے کے مجرموں کو مسٹن جج نے جو حکم سزا سنایا تھا اُس کے خلاف گورنمنٹ نے الہ آباد ہائی کورٹ میں اپیل کیا۔ گورنمنٹ کی درخواست تھی کہ ۲۰ مجرموں کو جو چھوڑ دیئے گئے ہیں اُن کو سزا دیجاوے۔ ۲۰ مجرموں کو صرف دو دو برس قید سخت کی سزا دی گئی ہے اُن کی سزا میں اضافہ کیا جائے اور ۲۰ مجرموں کو پروبیشن کا جرم بھی قائم کیا جائے جو مجرم کہ مسٹن جج کے نزدیک ثابت نہیں ہوا ہے۔ ہائی کورٹ نے ایک خواہی فیصلہ دیا ہے جس میں کل مجرموں کو دیکھی کا مجرم پایا اور جو بری کر دیئے گئے تھے اُن کو دو دو برس قید سخت کی سزا دی اور بلوے کے سرغناؤں کو پانچ پانچ برس قید سخت کی اور پریوی کونسل پر بڑے الزامات قائم کئے ہیں کہ اس نے بہت سے سچے اور دیانتدار گواہوں کے اظہارات نہیں لئے اور یہ بھی رائے ظاہر کی ہے کہ اگر یہ مقدمہ ہائی کورٹ میں تجویز کیا جاتا تو مجرموں کو کہیں اس سے زیادہ سخت سزائیں دیجاتیں۔ حضرات اخبار نویس یہ نتیجہ اس بلوے کے مقدمے کا ہے جو سہ گونہ شتہ میں بقرعید کے موقعے پر عمل میں لایا گیا تھا۔ اور یہ بلوائی حضرات جن پر دیکھی کا جرم قائم کیا گیا ہے کون ہیں؟ ہمارے معزز ہندو بھائی ہیں ہمیں یہ دیکھ کر نہایت افسوس ہوتا ہے کہ ہندو کیا اور مسلمان کیا ایسے بیہودہ مقدمات اور فسادات میں ایک وقت تو جوش میں آکر حصہ شریک ہو جاتے ہیں لیکن جب نتیجہ پیدا ہوتا ہے تو انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ اب بقرعید کا زمانہ پھر آتا ہے عجب نہیں کہ بعض مقامات میں نا مخالفت اندیشوں کے مابین فساد ہو جائیں معاملہ ہیں پولیس کے ہندوؤں نے حضور وائسرائے کی خدمت میں میموریل بھیجا ہے کہ ان سے گاؤ کشی کی ممانعت کیجاوے۔ نتیجہ ابھی معلوم نہیں ہوا ؛

کلکتہ میں جو وایسلائی کا کارنامہ پچھلے سال کلکتہ میں ہندوستان کے خیر طلبوں کو نہایت مسرت حاصل ہوئی تھی اور بہت سی امیدیں اس سے وابستہ تھیں اس کے ہزار کے سرمایہ میں دس دس روپے کے ۷ ہزار حصے فروخت ہوئے تھے اور اس کے چیئرمین ایجنٹ و سکرٹری کے کام میں [illegible] نے نوٹس دیا کہ آئندہ کوئی شخص بوجہ سکرٹری [illegible] ندامت ہو کر ڈائرکٹروں پر نالش و اثر کر دی [illegible]

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ یکم جون ۱۸۹۶ء

لاہور و پنجاب

— اخبار سٹرولاس پر جو کارخانہ اخبار عام سے نکلتا ہے الہ آباد مین لامیبل کی نالش ہوئی ہوئی تھی معافی مانگنے سے خارج فرد ہوئی۔

— لاہور مین کئی ہفتہ سے مشہور ہے کہ اخبار سورنگ پوسٹ الہ آباد سے لاہور چلا آنیوالا ہے۔

— لاہور مین کمشل بینک آف پنجاب کے نام سے روپیہ کے سرمایہ کے ساتھ ایک بینک کھولنے کے لئے رجسٹر کرایا گیا ہے جسکے پریسیڈنٹ بورڈ ڈایرکٹران سردار دیال سنگھ صاحب مجیٹھیہ سیکرٹری لالہ ہرکشن لال بی اے بیرسٹر منیجر لالہ بولاقی رام شاستری بیرسٹرمین سو سو روپیہ کا ایک حصہ مقرر ہوا ہے۔

— دہلی مین رگھناتھ نرگرنے اپنے داماد راجیدا س پر دعوی دیکر کیا کہ اسنے میری آٹھ سال کی لڑکی سے جو اسکی بیوی ہے جبرا ہمبستری کی جس سے اُسے سخت صدمہ پہنچا۔ میم دایہ نے تصدیق کی صاحب ڈپٹی کمشنر نے مجرم کو چھ ماہ قید سخت کی سزا دی۔

— دہلی مین پانی کا نل لگانے پر اسوقت تک ۱۵۲۳۰۴ روپیہ خرچ ہوا۔ اور شہر مین جو نالی تیار ہوگی اسپر ۱۲۹۲۹۴ روپیہ صرف ہوگا

— مہاراجی صاحبہ وہولپور نے بمقام چاہل متصل سملہ بروز شنبہ انتقال کیا۔ مہاراجہ صاحب پٹیالہ ماتم مین ہین۔

— ۲۱ مئی ۳½ بجے شام کو سرینگر مین زلزلہ آیا۔

— محلہ ہاکدل سرینگر مین ۱۹ تاریخ کو مسبقدر آتشزدگی سے نقصان پہنچا۔

— ۲۲ مئی کو ۳½ بجے ایبٹ آباد مین زلزلہ محسوس ہوا۔

— کانگڑہ ولی مین بروقت اچھی بارش ہوگئی۔

— کسولی مین ۲۲ مئی کو پندرہ مکانات قیمتی ایک لاکھ جل گئے۔

— سردار اسمعیل خان سعد علی محمد خان ایجنٹ امیر صاحب متعینہ پشاور کے ۱۷ مئی کو پشاور سے کابل کو روانہ ہوئے۔

— ڈیرہ غازیخان کے ایک عرضی نویس نے لوکل منصف پر نالش کی کہ اسنے مجھے سر اجلاس گالیان دین۔

— ایک مسلمان پیر بیرد جسکی نسبت خیال کیا جاتا ہے کہ عازم حج تھا لاہور کے ریلوے سٹیشن پر مرا پایا گیا۔ اسکے پاس چھیاسٹھ روسی نوٹ نکلے۔ بعض کا گمان ہے کہ روسی جاسوس ہوگا۔

— لالہ کارام صاحب ہیڈ کارخانہ چھوٹالال سوداگران و آنریری مجسٹریٹ درجہ اول لاہور نے انتقال کیا۔

— گوجرانوالہ سے خبر پہنچی ہے کہ روزن صاحب داروغہ تعمیرات ضلع شہر مین جا رہے تھے۔ ایک مسلمان کے پانون کو اُن کی گنتا نے سونگھا۔ اُسنے پانون سے گنتا کو پرے ہٹیکدیا۔ صاحب نے خفا ہوکر اسکو ایک چھڑی ماری۔ وہ کوئی بگڑدل آدمی تھا اُسنے آؤ دیکھا نہ تاؤ وہی چھڑی چھین کر اور صاحب کو گرا کر خبر لی۔ اسپر مقدمہ ہوا نتیجہ سے اطلاع دونگا۔

— وزیر آباد کے آنریری مجسٹریٹان پر صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر گوجرانوالہ کو شبہہ ہوا کہ وہ کبھی کبھی حسب ضرورت مقدمات کی سلین مل دیا کرتے ہین۔ ڈوایئر صاحب قایم مقام ڈپٹی کمشنر نے وزیر آباد پہنچکر محرر کمیٹی کے مکان کی تلاشی لی۔ اور سنا گیا ہے کہ ایک دوایسے کاغذات برآمد ہوئے کہ جن سے شبہ کی تصدیق ہوگئی محرر برخواست کیا گیا۔ اور آنریری مجسٹریٹان کی رپورٹ کیگئی۔

— دہلی مین پچھلے سال آمدنی چنگی مین چوبیس ہزار کا اضافہ ہوا۔

ایک اخبار نویس کی مشکلات

یورپ اور امریکہ میں اخبارات ایوان سلطنت کا چوتھا ستون سمجھے جاتے ہیں۔ کیونکہ وہاں کی پبلک تعلیم یافتہ ہے۔ وہ اخبارات کی قدر کرتی ہے۔ اخبارات قدردانی حاصل کرنے کے لئے جدوجہد کرتے ہیں۔ اور اس جدوجہد میں اپنے قدردانوں سے حسب دلخواہ امداد پاتے ہیں۔ یہی امداد اُن کی سرسبزی کا باعث ہے۔ یعنی اخبارات کا سہارا پبلک پر ہے اور پبلک کا اخبارات پر۔ کیونکہ اگر پبلک شوق اور کثرت سے اخبار نہ خریدے تو اخبارات اس شان و شوکت سے چل نہیں سکتے ہیں۔ اور اگر پبلک کے ایسے زبردست وکیل یعنی محافظ اخبارات موجود نہ ہوں تو پبلک کی رائے گورنمنٹ کے سامنے کیسے وقعت حاصل کر سکتی ہے۔ سب جگہ یہی الہی قانون عوض معاوضے کا جاری ہے دونوں فریق ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں لیکن نتیجہ یہی پیدا ہوتا ہے کہ دونوں صورتوں میں پبلک ہی کو فائدہ حاصل ہوتا ہے کیونکہ اخبارات کی نوغرض اپنے ملک اور قوم کی خدمت گزاری ہوتی ہے۔ اس لئے ملک کے اخبارات کو مدد ملتی ہے وہ خود ملک اپنی ہی مدد کرتا ہے۔

یہ نہایت سچا مقولہ ہے کہ کسی قوم کی شائستگی اور عظمت کا اندازہ فی زمانہ اُس کے اخبارات سے ہو سکتا ہے۔ ہمارے سامنے تمام دنیا کے اخبارات کی ایک ڈائرکٹری پڑی ہے۔ جس سے ہر ملک کے اخبارات کے نام اور علیحدہ علیحدہ اُن کی تعداد اشاعت معلوم ہوتی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں جو برّ اعظم اور ملک سب سے زیادہ شائستگی کے پیشرو ہیں اُن میں اخبارات بہت زیادہ چھپتے ہیں۔ دوسروں میں بہت کم۔ پھر جن ملکوں میں اخبارات تعداد میں زیادہ ہیں اُنہیں میں ایسے اخبارات بھی ہیں جن کی اشاعت اور طاقت بہت زیادہ ہے۔ انگلستان۔ فرانس۔ جرمنی اور اضلاع متحدہ امریکہ بلحاظ اخبارات کے دنیا میں اوّل درجے کے ملک ہیں۔ اور اس میں کسی کو کلام نہیں کہ آج بلحاظ شائستگی اور پولیٹیکل طاقت کے بھی یہ اوّل درجے کی دو تیسرے ہیں۔ اب دوسری طرف دیکھنا چاہیے کہ گزشتہ سنین میں کن ممالک نے اخبار نویسی کی تاریخ میں ترقی کی ہے۔ جاپان میں اخبارات بہت چھپنے لگے ہیں اور نسبتاً اشاعت بھی معقول حاصل کر رہے ہیں۔ ٹرکی اور مصر کا بھی یہی حال ہے۔ اور اس میں کلام نہیں کہ یہ ممالک دن بدن توجہ کا خیال مستحکم کرنے اور عام شائستگی میں ترقی کرنے میں طاقت حاصل کر رہے ہیں لیکن ایک سرزمین "آفتاب وشیر" (ایران) جو کسی زمانے میں ایک عظیم الشان سلطنت بھی مگر اب ضعف و نکبت میں

مبتلا ہے اخبارات کی طرف سے بھی بہت ہی محروم اور کمزور ہے۔ ایک دو اخبارات پبلک نکالتے ہیں۔ جن میں سوائے شاہ کی تعریفی القاب اور شہزادگان و امرا کی مدح و ثنا کے اور کچھ چھپتا ہی نہیں۔ اور اُن کی اشاعت بھی دو چار سو سے کبھی زیادہ نہیں بجالیکہ دھرم پرکاش (فرانس) کے اخبار جنرل لی پیٹ کی اشاعت بیس اور پندرہ لاکھ روزانہ کے مابین رہتی ہے۔

مثل مشہور ہے کہ جیسے روح ویسے فرشتے۔ ہندوستان میں ویسی اخبارات کے جیسے قدردان ہیں ویسے ہی اخبارات ہیں ہم دیسی اخبارات سے زیادہ توضیح اور صحت کے لئے ایک اردو اخبار کو پیش نظر رکھتے ہیں۔

بخلاف یورپ کے بڑے بڑے اخبارات کے کہ جن کی نقل ہمارے اخبارات اُتار رہے ہیں اردو اخبار کا ایڈیٹر جو کچھ بھی فرض ادا کرنا چاہتا ہے عجیب مخمصے میں مبتلا ہے۔ جب تک خود بخود اُس کے دوست یا ناظرین اخبار اُس کا ہاتھ نہ بٹائیں تنہا اپنا اخبار سرتاپا لکھنے کا ٹھیکہ دار ہے۔ لیکن یہ ممکن نہیں ایک شخص ہمیشہ ایسی دلچسپ اور نئی معلومات ظاہر کرتا رہے کہ ہزار یا دو ہزار ناظرین کو ہمیشہ لطف ہو۔ اس لئے اس مشکل کا کرنا مشکل ہے جسے ایسے وسائل حاصل نہیں کہ روپیہ خرچ کر مضامین باخبر ہی حاصل کر سکے۔ بجالیکہ اخبارات سے آج ہوتی ہے کہ ملک کے لائق ترین لوگ اس نکیل کے ذریعہ ملک کی رہنمائی کریں۔ اور ایڈیٹری کے پردے میں ہزار اشاعت ساطنت مضامین لکھا کریں۔ پھر قدردانی کے فقدان اور کے باعث روپے کی تنگی کی وجہ سے ایڈیٹر مجبور ہے کہ کے تمام کام اپنے ہاتھ سے کرے یا کم از کم اپنی نگرانی میں کرے بجالیکہ اخبار کا باقی انتظام منیجر کے متعلق ہوتا ہے لیکن کے نہونے سے جس سب سے خطیر کام کا ایڈیٹر کو سامنا کرنا ہے وہ یہ ہے کہ مختلف مقامات سے اُس کے پاس عام گمنام اشخاص خبریں اور مضمون بھیجتے ہیں۔ اب ایڈیٹر کا کام انہیں اپنے اخبار میں کچھ سوچ کر درج کرنا ہوتا ہے۔ ہیں لوگوں میں عداوتیں ہوتی ہیں۔ محبتیں بھی ہوتی ہیں سہل انگاری بھی جھوٹ کا شعار ہے۔ کوئی خبر یا مضمون اگر مبنی ہے یا اُس سے کسی عزیز یا محسن کی ناواجب تعریف مقصود ہے یا سہل انگاری سے کوئی برخلاف واقع لکھ دیا گیا تو ایڈیٹر بیچارہ جو غیب دان اور علیم نہیں ہوتا ایسے مضامین کرنے کے لئے عجیب خلجان میں پڑ جاتا ہے۔ اور اگر یہ ہو ہے تاہم ایسے مضامین کا درج ہو جانا ممکن ہے۔ جو کسی دو نزدیک رہنے والے کے مابین عرفی ہوں۔ اس پر اس بیچارے کو عدالت کی کشمکش۔ مقدمے کے سلسلے اور ساتھ ہی اخبار کے چرخے کے بدستور چلتے رہنے کا فکر ہو جاتا ہے۔ اور اُس کی جان عجیب مکروہات میں مبتلا ہو ہے۔ اگر روپیہ کافی موجود ہے (جو کہ دیسی اخبارات کی بدقسمتی سے بخصوص ہے) تو مقدمے میں کامیابی کی اُمید ہوتی ہے۔ ہوتا ہے وہ قابل عبرت ہوتا ہے۔ لیکن ایڈیٹروں کو اس بھی ایک مشکل مرحلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو قریب قریب ہر زندگی میں پیش آتا ہے۔ ذمہ دار ایڈیٹر اپنے اخبار میں ایسی

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

آئندہ سرما میں شملہ میں ایک مجلس قانون ساز منعقد ہوگی +

اسوقت ضلع تاراگڑھ میں ہر ایک مارواڑی کے گھر میں ہندوستان کی ۱۵ لاکھ روپیہ کی امداد کا چندہ وصول ہو چکا ہے +

ڈاکٹر لاری کی بجائے ڈاکٹر فضل رازق حیدرآباد کے وزیر مالیات کے عہدہ پر مقرر ہوگئے +

جھیل گوہنا کا پانی پچھلے ہفتہ میں چھ فیٹ بڑھ گیا +

ضلع مغربی و شمالی داؤدہ میں اسوقت تک دو ہائی سکول و ایک کالج کے نو مدرسہ قائم کرنے کے لئے بھی آٹھ ہزار روپیہ سے زیادہ چندہ جمع نہیں ہوا +

ڈائرکٹر جنرل آف انڈسٹریز میں خاص ریلوں کی مواصلاتی کے زیادہ خرچ کی نسبت جس اختلاف کی خبر اخبارات میں چھپی تھی ہے وہ پہلے الہ آباد کے مارننگ پوسٹ نے چھاپی تھی - اس کے بعد سب اخبارات میں چھپ گئی - لیکن بعض اخبارات لکھتے ہیں یہ خبر بے بنیاد ہے +

گورنمنٹ اضلاع مغربی و شمالی نے اپنے صوبجات کے لئے قانون سکھ قوانین کی ترمیم کے لئے ایک خاص کمیٹی قائم کی +

پاڈیر لکھتا ہے امسال افیون کی فصل بہت خراب ہوئی ہے گذشتہ بیس سال میں نہیں ہوئی - کہ جس کی وجہ سے افیون کی قیمت بڑھ جاوے گی اور اگلے سال گورنمنٹ کے حاصل میں کمی ہوگی +

آئندہ سرما میں لارڈ ہاوک کا ارادہ ہندوستانیوں اپنی جنگ گرفت کھینچنے کے لئے لانیکا ہے +

بمبئی میں خبر پہنچی ہے کہ رائے بہادر وائک راؤ نمبر سیٹھ گرنسل ٹونک - ۱۰ مئی کو اپنے مکان کے آگ لگنے سے جلکر راکھ ہو گئے +

نواب محبوب یار جنگ ڈیڈ یکانگ حضور نظام کی گاڑی سے گر جانے کے زخمی ہو گئے +

حضور نظام معہ نواب سر جنگ کے اور نیز وزیر اعظم ممکار سے واپس عود ہوئے +

سول ملٹری گزٹ کو رنگون سے خبر ذریعہ تار پہنچی ہے کہ گوسائیوں نے حکام سے درخواست کی ہے کہ گاؤ کشی کی اجازت دیجاوے +

تعمیر ریلوے کے لئے ریاست جام نگر ریاست گونڈل سے ایک کروڑ بیس لاکھ روپیہ کی بیس سال کے لئے پانچ روپیہ سو فیصدی پر قرض لینے والی ہے +

دس روز تک دکن میں موسمی برسات کی ہوا آنیوالی ہے +

ایڈورڈ بیب کمرجی صاحب سی ایس آئی بنگال کے نہایت نامور رئیسوں سے تھے گذشتہ پیر کی رات کو انتقال کر گئے - انہوں نے سکولرشپ کی تعلیم کے لئے ڈیڑھ لاکھ روپیہ دیا تھا اور بڑے لائق منصف تھے +

تیسرا ہندی ساہتیہ سمیلن کی تقریب میں الہ آباد میں حضور وائسرائے اور لارڈ ولنگڈن کی صدارت میں ایک جلسہ منعقد ہوا اور دیگر صوبجات کے وائسرائے مجلس قانون ساز میں

کے گئے تو جہاز نیوں میں بال اور زخمی ہوئے اور قلیوں سے ٹوپیوں کی سلامیاں ہو گئیں +

ہندو میلکنڈ میں ایک اور گروہ ڈاکوؤں سے پولیس نے مقابلہ کیا پھر ۱۰ گھنٹہ تک ۲۰ ڈاکوؤں کا جو کہ اپنے بھائی کے قتل ۱۰ اور ایک سرغنہ دھن سنگھ گرفتار ہوا +

ڈرامہ ہیرس گورنمنٹ بمبئی کی طبیعت بمقام مہابلیشور علیل ہو گئی +

مسز نل بادشاہ رہا ہدیا کا خلیفہ بجائے الٰہی کے پانچ مقرر کیا گیا +

اس خبر کی ابھی تصدیق نہیں ہوئی کہ نواب مہدی حسن کی پنشن گورنمنٹ نظام نے بند کر دی - نواب صاحب بمبئی میں بیمار پڑے ہیں +

شہر آگرہ میں دو فرقوں سونار اور اسوال میں ۲۵ مئی کو سخت لڑائی ہوئی - لاٹھیاں خوب استعمال ہوئیں اور کئی شخص زخمی ہوئے +

لنڈن - ۲۴ مئی - ہندوستان اور انگلستان میں ایک ہی وقت میں اور یکساں سول سروس کے امتحان ہونے کے بارہ میں گورنمنٹ کی جانب سے بلیو بک (رپورٹ) ابھی شایع ہوئی ہے یہ ایک مراسلہ پر ختم ہوتی ہے جو مسٹر فاوکنر کی جانب سے لارڈ لیمنگٹن کے نام ۱۹ اپریل کو بھیجا گیا ہے کہ جس میں حکام مدارس بمبئی بنگال اودھ صوبجات وسطی و مغربی و شمالی دربار ہا و آسام کے وجوہات دریافت کی گئی ہیں جو انہوں نے ہوس آف کامنس کے دوسری جون کے رزولیوشن کے زائد کرنے کی نسبت پیش کئے ہیں اور یہ اضافہ کیا گیا ہے کہ گورنمنٹ نہایت خواہشمند ہے کہ ہندوستانیوں کو سلک سروس میں دخل ہونے کی ہر طرح سے سہولت دیجائے جو کہ شش حکومت کے منافی نہ ہو مگر اس بات کی قایل ہے کہ ہندوستان اور انگلستان میں ایک وقت اور یکساں امتحان ہونے میں بہاری اعتراضات ہیں - اس خواہش کے پورا کرنے کا گورنمنٹ کی رائے میں یہ بہترین طریقہ ہے کہ اعلیٰ درجہ کی اسامیاں خالی ہوں وہ لایق خالق ہندوستانیوں کو دیجایا کریں جنہوں نے بانک ماتحت عہدوں پر اپنی نیک چلنی اور دیانتداری کا ثبوت دیا ہے - گورنمنٹ اس امر سے متفق ہے کہ حکومت ہندوستان جس طریقہ پر کچھ عرصہ سے قایم کی گئی ہے بہتر ہے اور خیال کرتی ہے کہ بحکمت علمی دانائی اور انصاف کے اصولوں پر مبنی ہے +

اوائل جون میں گرجیل میں ایک بہت لمبی و خوبصورت دری طیار ہو جاویگی کہ جیسی ہندوستان میں پہلے تیار نہ ہوئی ہوگی یہ حضور ملکہ معظمہ کی فرمایش سے ہتھم جیلخانہ نے تیار کرائی ہے +

محکمہ تار برقی میں پراویڈنٹ فنڈ میں ۱۹۲۳-۲۴ء کے مالی سال ماقبل کی نسبت چار لاکھ روپیہ کا اضافہ ہوا اور سرکار نے ۱۲ رقموں کے خرچ میں ایک لاکھ روپیہ کی کمی ہوئی جس سے ظاہر ہے کہ سرحدی پیچیدگیاں اس سال میں کم رہیں +

جہاں ٹریبون اور امیر علی نے ایک فیصلہ دیا ہے جس سے ٹیٹنیں بہت حسرت پھیلی ہوئی ہے - یہ پہلا فیصلہ ہے جس سے ہندوستان کی ایک ڈسٹرکٹ جج کی دیانت پر حرف آتا ہے +

معائنہ سفیر

لنڈن - ۲۰ مئی - اس امید میں سفیر لگا کے خطاب دیا گیا ہے بہت حیرانی پیدا ہوئی - کیونکہ سفیر کسی نوآبادی کے گورنر جنرل کے اور کسی افسر کا نام جب تک شامل نہ کیا جاوے سفیر کے خطاب سے سرفراز نہیں کیا گیا +

پیرس سے خبر آئی ہے کہ شاہ ایران پیرس کا سفر یورپ کا قصد رکھتے ہیں - اور وجہ بھی کہ آپکا بڑا بھائی جو اسوقت بہت بیمار ہے تندرست ہوتا ہے آپ سفر ملتوی فرما دینگے +

پیرس ۲۷ مئی - پرسیڈنٹ کارناٹ نے ایم ڈوبی سے درخواست کی ہے کہ وہ جدید وزارت مرتب کرے +

مسٹر کلیڈسٹون کو صحت ہو رہی ہے اور لارڈ پین بالکل تندرست ہو گئے ہیں +

انگلستان میں عورتوں میں سگار پینے کی رسم ترقی پر ہے +

کچھ فرانسیسی بحری افسروں نے ایک حرم سرائے کو قسطنطنیہ میں دیکھا جسپر انہیں گرفتار کیا گیا لیکن پھر چھوڑ دیا گیا فرانسیسی سفیر متعینہ بالبانی نے فرانسیسی افسروں کی اس توہین کے لئے حکام ترکی سے کھلا طور پر عذر خواہی کی +

شاہ الگزینڈر والی سرویا نے اپنے تمام افسروں کو موقوف کر دیا ہے +

فرانس کے وزیر اعظم کامیر ہیریو نے ایک بجٹ پیش کیا جسکے کھانے کے باعث استعفا دیدیا +

مسٹر جان مورلی نے بمقام ٹنو کاسل آن ٹائن تقریر کرتے ہوئے بیان کیا کہ ہوس آف لارڈز کا دست کرنا اب مشکل ہے اسلئے اسے ختم کر دینا چاہئے +

اضلاع متحدہ امریکہ کے خزانہ میں سونیکا ذخیرہ دن بدن کم ہوتا جاتا ہے جسپر اندیشہ پیدا ہو رہا ہے +

لنڈن ۲۲ مئی - انگلستان اور شاہ بلجیم کے مابین ایک عہدنامہ قرار پایا ہے جس کے مطابق انگلستان اتنی مدت تک کانگو فری سٹیٹ (افریقہ) کو صوبہ بحر الغزال دیدیتا ہے کہ جبتک کہ شاہ بلجیم اور اس کے جانشین اس ملک کے بادشاہ رہیں اور انگلستان اس کے بالعوض وہ حصہ ملک حاصل کرتا ہے جو جھیل ٹینگانیکا کو جھیل البرٹ ایڈورڈ سے متصل کرتا ہے اور نیز زنجبری سے نیل تک تار برقی قایم کرنیکا حق حاصل کرتا ہے - دونوں فریق فرانسیل پر ٹرکی اور مصر کا حق تسلیم کرتی ہیں +

پیرس ۲۳ مئی - اخبار ٹمپس و جنرل ڈیٹیس جمہوریہ کانگو فری سٹیٹ پر سختی سے حملہ کرتے ہیں کہ جس کو فرانس تسلیم نہیں کریگا بحر الغزال کا دیدینا مسئلہ مصر میں ایک نیا جزو پیدا کرتا ہے فرانس اس معاملہ پر انگلستان سے کانگو فری سٹیٹ سے جھگڑا کریگا +

ایک ایسا کوٹ ایجاد ہوا ہے جس میں سے گولی نہیں لگتی اس کو ایک جرمن ہرڈوئی نامی نے ایجاد کیا ہے ۲۲ مئی کو اسکی میں اس کوٹ کا امتحان کیا گیا - ڈیوک آف یارک - ۱۰ بریسس سر ایوبن وڈ - اور سر ریڈ ورس ہلبرٹ موجود تھے کارتوس چند گز کے فاصلہ سے چلائے گئے لیکن کوٹ میں سوراخ نہ کر سکے +

خطوط بخدمت

استفسار

۱۔ ہمدرد حق (بیض و بخل بہری)۔ آپ کے خط گوہر بار سے خصوصاً جب سے کہ اس میں حضرت حکمت کا کالم بنا ہے ہو خواندہ خلق خدا کو پہنچائے ہیں۔ ۔۔۔ اظہر سن الشمس ہیں۔ کون ہے جو آپ کی زبان سے بہا عنایات کا تہ دل سے ممنون و مشکور نہیں ہے۔ واقعی آپ کا طرز تحریر مزے دار اور محبوب ہے۔ آپ ہی اپنا نظیر ہے۔ براہ نوازش مسطورہ ذیل کو کالم مذکور میں جگہ عنایت فرمادیں:۔

مجھ کو ۱۲ سال سے مرض بہق (بیض و بخل بہری) ہے داغ بالکل سفید گول۔ شفاف۔ جلد میں سوئی چبھونے سے خون نکل آتا ہے۔ اس جگہ کسی قسم کی خارش نہیں ہے۔ ملنے سے وہ جگہ سرخ ہو جاتی ہے۔ مگر پھر سفید۔ تعداد میں چھ داغ ہیں۔ یہ داغ ان جگہوں کے برابر سیاہ ہیں۔ پہلے چھوٹے تھے۔ اب بڑھ گئے ہیں۔ بعد بعدہٗ جبکہ بڑھنے لگے تو ایک صاحب سے علاج کرایا جس سے اس قدر فائدہ ہوا تھا کہ نو داغ آگے بڑھے تھے اور نہ کچھ تھے رنگ گئے تھے۔ علاج کو ڈیڑھ سال کا عرصہ گزر گیا ہے۔ اگر اب پھر پھیلنے لگے ہیں۔ اس لئے تلمس ہوں کہ حضور ہی گرہ سے دوائی دیکر آبلہ انگیز ہو۔ عنایت فرمادیں کہ ان کا مبدل مشکو ہو گا اور سفید نہ ہو۔ بشرط حیات کل ان کی خدمت میں پیش کئے جاوینگے۔

(رحیم بخش گڑھی۔ ۔۔۔ ضلع ہوشیار پور)

۲۔ بچھو کا علاج۔ خاص پٹھان کوٹ میں بچھو کثرت سے نکلتے ہیں۔ ہر روز شاذ کے وقت بیسے کسی نہ کسی صدمہ آتی ہیں۔ جس کو ہومیوپیتھی جانو کاٹتا ہے۔ وہ تڑپ تڑپ کر مرجاتا ہے۔ اس لئے التماس ہے کہ آپ پرچہ ہمدرد میں درج فرمادیں جس صاحب کو بچھو کے کاٹے ہوئے کا تجربہ علاج یاد ہو براہ افادہ عام مذکورہ بالا اخبار میں تحریر فرمادیں۔ ۔۔۔ بندہ بھی یہ دوائی تیار کرکے مفت تقسیم کیا کریگا۔ (بندہ ملکھی رام)

علاج

۱۔ کیا آپ سوزاک میں مبتلا ہیں؟ تو آپ اس نسخہ کو کیوں استعمال نہیں کرتے جو کہ مجھ کو میرے ایک بڑے عنایت فرمانے عنایت کیا ہے۔ اور ان کا ہزاروں مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

ہم نے چند مریضوں پر آزمایا۔ نسخہ یہ ہے۔ کیلے کا عرق ۱ سیر۔ ایک تولہ کی ہنڈیا جس کو ہانڈی کہتے ہیں بھر دو۔ اور دو تولے شورہ ڈال کر چلاؤ جب عرق چل جاوے ہانڈی کھرچ لو۔ دوائی مذکور شیشی میں بند کرلو۔ ۔۔۔ رتی روز کھاؤ۔ اچھے ہو جاؤ گے۔ چند روز میں ایک ہفتے میں ضرور آرام ہو جاتا ہے۔ (رقم حکیم ہیوٹی مرچنٹ پیلی بھیت)

تصحیح:۔ میں آپ کے اخبار کے ذریعہ سے اپنے ایک عاشق مخدوم اور خیر خواہ طبع حکیم عارف نواب اکبر علی صاحب رئیس آنریبل ہنسی بھوپال کی نوازش اور قدردانی کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے میرے اخبار مورخہ ۱۵ مارچ ۱۹۲۵ء میں ایک مرکب نسخہ ضعف باہ کا نوازش فرمایا تھا۔ اس نسخہ کے بموجب متعدد اصحاب نے (۱۰۰) ۔۔۔ ۔۔۔ جس سے کہ ۔۔۔ استعمال کیا اور ہفتے ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔ سلام۔ (آپ کا ۔۔۔ ۔۔۔ ۔۔۔ ہوئی)

شعر و سخن

دنیا

(جو خاص پیسہ اخبار کے لئے لکھا گیا)

(بقیہ پیسہ اخبار ۲۷ اپریل ۱۹۲۵ء صفحہ ۱۲)

(از:۔ پرفیسر امرتانی لال عرفان)

ایک وسیع اور خوبصورت دلکشا ہوا محل
جس طرف دیکھو نظر آتے ہیں اس میں جا بجا
کچھ ہیں چھوٹے کچھ بڑے انواع و اقسام کے
سرخ نیلا کچھ ہرا کچھ ہیں بنفشی رنگ کے
بعض مثلث کچھ مربع کچھ مدور کچھ مخمس
کچھ ہیں سیدھے اور بعض ہیں بالکل ٹیڑھے
بعض کہتے ہیں کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوبصورت
کوئی کہتا ہے کہ ہم سا کوئی ہرگز ہو نہیں سکتا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اعلیٰ و ارفع
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے بہتر و برتر
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش نما
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش ادا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش لقا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش قبا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش گلو
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش نوا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش ادا
کوئی کہتا ہے کہ ہم ہیں سب سے اچھے خوش بیاں

پیسہ اخبار

نمبر ۱۲ | یوم جمعہ ۔ یکم جون ۱۸۳۵ء مطابق ۲۶ ذیقعدہ ۱۲۵۰ھ موافق ۲۱ جیٹھ سمنت ۱۹۹۲ بکرمی | جلد ۱

تفریح علمیہ کے لئے شمار اور اعداد

بڑے بڑے عجیب ۔ ہمارے ملک میں پہلے تو لوگ اتنے ... نہیں ... جو ہیں ان کے مشغلے ہی نرالے ہیں ۔ انگلستان ... خصوصاً ... فاہ عام کے کاموں پر جو رقمیں خرچ ... وہ بہت کم عجب انگیز ہوا ہیں ۔ مس ہاڈی نے لندن کے ... سکتے ہیں ۔ بیچ لکھ پونڈ سے ۔ میٹرڈ نے ایبرڈین کے ... کے لئے پانچ لکھ پونڈ عطا کئے ۔ مین نے برمنگھم ... کے لئے پانچ لکھ پونڈ عطا کئے ۔ ڈاکٹر الوے ... کے ہسپتال و مدرسوں کے لئے ساڑھے تین لاکھ پونڈ ... گے ۔ لندن کے ہسپتال کے لئے دو لاکھ چالیس ہزار ... اس نے گلاسگو ہسپتال کے لئے دو لاکھ پونڈ اور گیس ... کے گرجہ کے لئے ڈیڑھ لاکھ پونڈ دیئے ۔ بالوے صاحب نے ... اور گیلوں سے روپیہ کمایا تھا جس میں سے اتنا بڑا عطیہ ... صاحب نے نہایت کفایت شعاری سے روپیہ کمایا تھا ... کے لئے عطا کیا ۔

ولائتی مکھیاں

... سال دس ... میں ہندوستان کو ... ۸۰ لاکھ ۲۶ ہزار روپئے کی مکھیاں ولائت سے آئی تھیں ۔ ... ۱۶ لاکھ ۳۹ ہزار ۲۲۲ روپئے کی آئیں ۔ کپڑا سوتی و ... ۲۵ لاکھ ۲ ہزار ۶۹۲ روپئے کا آیا ۔ اور یہاں سے باہر ... کروڑ ۲۳ لاکھ ۱۲ ہزار ۱۹۱ روپئے کا کپڑا گیا ۔

ڈاکٹروں کی تعداد

... میں نی ۱۰ ہزار آبادی ایک ڈاکٹر ... ۳ ہزار ۔ فرانس میں ۱۸ سو ۔ انگلستان میں ۱۶ سو آدمی ... ایک ڈاکٹر ہے ۔

کانوں کی گہرائی

... دنیا میں سب سے گہری کان بمقام سینٹ ... ہے ۔ یہ ... ایک نمک کی کان ہے کہ ۱۴۱۰ فیٹ تک ... گئی ہے ۔ لیکن یہ سیدھی نیچے کو نہیں کھودی گئی بلکہ کسی ... بھی ہے ۔ لیکن سب سے گہری سیدھی کھدی ہوئی کان کنیگز ... ہمایا میں ہے جو آئندہ کھودنی چھوڑ دی گئی ہے ۔ سب گہری ... کانیں نمک یا تیجم میں ہیں جو کہ کوئلے کی زمین میں پائی ... ہنگاری ... لیرائی سلیزیا اور کیگ کے واقع ہیں ۔ ان میں سے ایک ... ۲۴۹۹ فیٹ اور دوسری کی ۲۴۱۱ فیٹ تک پہنچ گئی ہے ... سے گہری کانیں انگلستان میں ایشٹن ماس کی کوئلے کی ... ۲۱۵۰ فیٹ گہری ہے ۔ مگر سب سے گہرا سوراخ جو ... زمین میں کھودا گیا ہے وہ بدیعہ ایک آرٹیزین نل ... ہے جو ... واقع صوبہ مسوری ... کھودا گیا ہے ۔ اور جس کا عمق ایک میل سے زیادہ ... ۵۵۰ فیٹ ہے ۔

مذاق

دو خوبصورت جوان لڑکیاں ایک ٹیبوے گاڑی میں ملیں ۔ یہ "بہت" سے نہیں ملی تھیں اور اسی سے مدت کی جمع ہوئی دلی باتیں آپس میں کرنا چاہتی تھیں ۔

ایک نے دوسری سے کہا ۔ "تو تم جانتی ہو کہ میری فلٹرز اب مس بلانش بلوش سے شادی کرنے لگا ہے ؟"

دوسری نے جواب دیا "مینے تو یہ خبر نہیں سنی ۔ بتلاؤ کیا بات ہے ۔"

"مینے تو یہی خبر کسی جگہ سے سنی ہے اور میں نہیں سمجھتی کہ بلانش کی حالت سدا کہاں کے قابل ہے ۔"

"کیوں ؟"

"کیا تم نہیں جانتیں مسٹر فلٹرز کی بخت کتنا یا وہ ہے ؟"

دوسری نے صرف سر ہلا دیا ۔

"ہاں ۔ یہ ٹھیک ہے ۔ مگر ایک اور بات اس سے بھی خراب ہے ۔"

"وہ کیا ہے ؟"

"وہ اوباش بھی تو ہے ۔"

"سچ ؟"

"ہاں ۔ ہر شخص جانتا ہے کہ وہ شہر کے اسی قسم کے لوگوں سے میل جول رکھتا ہے ۔ جو اکھیلتا ہے ۔ شراب پیتا ہے اور غلیس لگاتا ہے ۔"

"یہ بالکل غلط ہے ۔"

"ٹھیک ۔ مٹکے چڑھاتا ہے ۔ پچھلے ہفتے میں ایک شب ... حالت میں اسے گھر اٹھا کر لے گئے تھے ۔"

"میں نہیں مان سکتی ۔"

"یہ موبو صحیح ہے ۔ لوگ کہتے ہیں کہ بلانش بھی ان باتوں کو نہیں مانیگی ۔ کیا تمہیں اس کی حالت پر افسوس نہیں آتا ؟"

"نہیں ۔"

"شائد وہ ہمدردی کے قابل نہیں ہوگی جبکہ ایسے شخص سے بیاہ کرنے لگی ہے ۔" اسی پہلے سہیلی نے کہا "میں خود اس سے بہت ہمدردی نہیں رکھتی ۔"

"مگر میں نہیں مانتی کہ وہ اس سے شادی کرنے لگی ہے ۔" دوسری نے کہا ۔

"کیا تم نہیں مانتی ۔ کیوں ؟"

"کیونکہ میں خود لگے ہوئے ہیں اس سے شادی کرنے والی ہوں ۔ میں یہاں آ رہی ہوں ۔ خدا حافظ !"

اور یہ کہہ کر وہ خوبصورت نوجوان لڑکی گاڑی سے کود کر کوچے کی بھیڑ میں مل گئی ۔ اور اس کی سہیلی تعجب و حیرت کے ساتھ جب تک کہ وہ نظر سے اوجھل ہوئی اس کی طرف دیکھتی رہی ۔

عجیب عجیب باتیں

بقیہ تدفین کی عجیب غریب رسوم ۔ سیرڈوئس ان ... چاہے گھوڑوں اور غلاموں کی نسبت بیان کرتا ہے جو اپنے سردار مُردہ کی چتا پر جلائیں نثار کرتے ہیں ۔ اور بہت سے ملکوں میں عورات منکوحہ کو اپنے خاوندوں کے ساتھ مرنے کا حق حاصل تھا ۔ جو کہ ایک ایسی رسم تھی جو موجودہ پشت سے پہلے ہندوستان میں ستی کے نام سے مروج تھی ۔

اہل برہما ایک شریف شخص کی لاش دفن کرنے سے پہلے اس کو ایک مگرمچھ تابوت میں مندکر دیتے ہیں اور بہت سی بھیڑوں اور بکریوں کے ساتھ اس کو قبستی لکڑیوں کے سلگتے ہوئے پر رکھ کر اور جلا کر بھسم کر دیتے ہیں ۔ تب جلتی لاش کو نکالا جاتا ہے اور اس کو دفن کر دیا جاتا ہے ۔

امریکہ میں ایک ذات کے اصلی باشندے اپنے عزیز مرد کی لاش کو اپنے دفن کے جنگلوں کی شاخوں اور تنوں میں لٹکا دیتے ہیں ۔ جو کہ چیلوں اور دیگر حیوانات موسم کا شکار ہو جاتی ہیں ۔ اور یا لاش کو بید مجنوں کی شاخوں میں سپلیٹ کر مغرب کی طرف پاؤں کر کے ایک خاص قسم کی لکڑی کے درخت پر رکھ دیتے ہیں ۔ اور پاس ہی ایک معقول مقدار خوراک ۔ اسلحہ اور متاع کی اس غرض کے لئے رکھ دیتے ہیں کہ خوش گوار شکارگاہ کی طرف جاتے ہوئے راستے میں کام آویں ۔

جاپانی لوگ اپنے مُردوں کو زمین کے نہایت خوشنما مقامات میں دفن کرتے ہیں ۔ یہ لوگ مُردوں سے نہایت وابستگی رکھتے ہیں ۔ یہاں تک کہ سالہا سال تک عزیزوں کی قبروں پر جایا کرتے ہیں ۔ اور جتنا کوئی شخص اس کام کو کرتا ہے اتنا شریف سمجھا جاتا ہے ۔ چینی ملی ہوئی مگر مالک میں جا کر لوگ ہوتے ہیں وہ وعدہ کر لیتے ہیں کہ مرنے پر ان کی لاش ان کے وطن میں بھیج دی جائے گی ۔ اگر اس کی مٹی بہت دنوں سے مجاور ہے اور اس کی روح ان کی روح سے ۔ بصورت ثانی وہ سمجھتے ہیں کہ اس کی روح ہمیشہ میں آوارہ پھرتی رہے گی ۔

مختلف ممالک میں مویشی ۔ دنیا میں جمہوریہ ارجنٹائن اور یورگوئی مویشی کے سب سے اول درجہ کے ملک ہیں ۔ آسٹریلیا میں بھیڑیں بہت زیادہ ہیں ۔ روس میں قلیل آبادی کے مویشی کی تعداد بہت زیادہ ہے ۔ انگلستان میں بھیڑیں بہت کم ہیں ۔ فرانس میں مویشی یکجہتی ہیں بھیڑیں اور یونان ان دونوں کے درمیان ہیں ۔

قدیم کتابیں ۔ برٹش میوزیم (عجائبگاہ لندن) کے قدیم کتابوں میں اس وقت کتابیں ۔ اینٹوں پکے ہوئے کھجور کی چھال ۔ ہڈیوں چمڑے ۔ پتھروں درختوں کی چھال ۔ پتوں ۔ ہاتھی دانت ۔ چمڑے ۔ جھلی ۔

ارزاں بعلت

سچائی کا ثبوت

سرراس بجہت

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لائق ہے اور اس کی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں

ڈاکٹر اے۔ آر۔ ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۵ اگست ۱۹۱۶ء

کیا کوئی سارٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھ کر تسلی دے سکتا ہے

بفضل شافی مطلق ہم کو مندرجہ ذیل ادویات کے مورد ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپ کو ان کی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں کہ اگر خدانخواستہ آپ کو فائدہ نہ ہو۔ تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ تا حصول صحت آپ کے روپے کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑا ہے۔ تمام فرمائشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی شتاب دنا اگر روپے کی واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا۔

آتشک کی پڑیاں:- مجرب آتشک کا علاج۔ ۴۸ پڑیاں ۳۰/

مرہم دافع آتشک:- آتشک کے زخموں پر لگانیکے واسطے ڈبیہ ۴/

عرق عشبہ مرکب:- فسادخون، دردعضلی، آتشک گنٹھیا خارش کے واسطے شیشی خورد ۴/ شیشی کلاں ۸/

عرق دافع سوزاک قرحہ:- اندرونی استعمال کے واسطے۔ فی شیشی ۱/

دوائی پچکاری برائے سوزاک:- سوزاک کے ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کے واسطے ۴/

دوائی پچکاری برائے قرحہ:- سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کے واسطے ۴/

روغن دافع جمیع مفاصل و دردعضلی:- بیرونی مالش کے واسطے فی شیشی ۱/

عرق طحال:- تپ دق کے واسطے ۲۴ خوراک ۴/ ۴۸ خوراک ۸/

اسپیر مٹوریہ پلز:- دافع کثرت احتلام۔ جریان منی ۴۰ گولی ۴/ ۸۰ گولی ۷/

ایفروڈیزیک مکسچر:- مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب ضعف دماغ۔ رعشہ۔ فی شیشی

نروئن ٹانک پلز:- علاج نامردی۔ کم طاقتی۔ کمزوری۔ ۶۰ گولی

کاف مکسچر:- تر و خشک کھانسی کا علاج۔ فی شیشی

بچھو کاٹے کا علاج:- جائے نیش پر لگانیکے واسطے۔ ۶۰ بوند

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل:- دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے ایک چھٹانک ۱۲- ۲ چھٹانک

ڈیاریا پوڈر:- دافع اسہال پیچش جو بدہضمی کے باعث ہو۔ ۱۲ پڑیہ

کیوفار استھما:- ضیق النفس دمہ کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی

کالرا کیور:- ہیضہ کا علاج۔ ہر فرد بشر کو اس دوائی کو گھر میں موجود رکھنا لابدی امر ہے فی شیشی

نوٹ:- ہماری ادویات میں کوئی جزو ایسی شامل نہیں جو کسی مذہب کے آدمی کے ایمان میں خلل ڈالے۔

تمام درخواستیں نیچے لکھے ہوئے پتے پر آنی چاہئیں۔

المشتہر

محمد امام الدین منیجر و کنٹریکٹر میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں؟

ہمارے مسلمان ہم کو قائل کرے کہ اگر نہ پی اور یہ شراب و ڈی چاندوں سے پاک ہوتی ہیں جو ہر مرکب مذہب میں ممنوع ہیں۔ پس جب آپ ہمارے مرکب سے پرہیز کرتے ہیں مذہب کو ہوئے ہوئے وہ کون معقول ہے۔ کیونکہ بصورت مذکورہ وقت مرض کو [illegible] ہیں۔ ہم نے اپنی دیسی ادویہ کو صاف۔ ستھرا۔ سپرٹ الکوحل سے پاک۔ آزما شدہ۔ شفاخانہ ابدہ الکھا جگیر۔ ہوئی و مردانہ طاقت ور۔ (۱) ضعیف دماغ۔ کمزور بصر۔ قوی بصر۔ حافظہ بنیائی۔ غبار۔ ضعف جگر۔ کمزوری۔ (۲) حب دائمی قبض۔ نفخ شکم۔ تراوح۔ درد کمر۔ یرقان۔ دل کا دھڑکنا۔ جسم کا پھڑکنا۔ خرابی گردہ۔ درد دل۔ تلت [illegible] جم۔ کمی اشتہا۔ دسوء عرق النسا۔ کثرت بلغم و ریاح۔ شقیقہ وغیرہ۔ تین درجن معہ۔ (۳) حب ذیابیطس۔ اسہال بالبول۔ بے چینی۔ لاغری۔ بے چینی۔ کمزوری۔ خرابی جگر۔ پیہ۔ اثنی شکر و کار بنکل کو روکتا ہے۔ فی تولہ ۵۔ حب بواسیر۔ دنیا سے نکما [illegible] بواسیر خونی و بادی دور ہو۔ دو ہفتے کا۔

مفصل فہرست و سائیکلاپیڈیا کی کتاب مفت محصول یک آنہ آنے سے تو روانہ ہوگی

اہل ہند کو تازہ خوشخبری ۱۹۱۵ء

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین امرتسر

[illegible] حال شہنشاہ شہر شیریہ دیار ہو اور شرط بھی ایسی کہ اگر شفا نہ ہو تو صرف [illegible] کو واپس دیا جائیگا۔ صدہا بیماروں کو بلا بن امراض مزمن امراض غنیا [illegible] سفید بصر یا بس گئی ہے آندہ سال خدمت ہوگی۔ تو کر نقد یا اقرار نامہ [illegible] کا ہیں۔ بشرط صحت نقد اقرار نامہ بندہ کا ورنہ خرچ اودیہ [illegible] اگر مرض کامل تحقیق ہو سپیشل ڈاک خط و کتابت سے شرط علاج [illegible] استعمال دوائی۔ خط بجواب مفت ملحقہ دوائی سے واضح ہوگا نقد [illegible] اداکی دیں۔ تجربہ دیکھ لو چند منٹ لگتے ہیں۔ ہاتھ لگتے [illegible] بیٹھے کیلا ہو جھے۔ اولاد کا ہونا لاکھوں سے سکتا [illegible] کسی عذر سے محروم رہیگا بفضل خداوادے منادی کرتا [illegible] شرطیہ یہ ہیں:۔

نمبر شمار	نام امراض	نمبر شمار	نام امراض	خرچ فی خوراک
[illegible]	[illegible]	۱۵	کنتھ	۶
[illegible]	[illegible]	۱۶	سفیدی آنکھ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۱۷	ضعف بصر	۶
[illegible]	[illegible]	۱۸	لقوہ	۶
[illegible]	[illegible]	۱۹	بھگندر	۶
[illegible]	[illegible]	۲۰	ناسور	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۱	عشہ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۲	لقوہ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۳	بواسیر خونی و بادی	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۴	اوھر نلک	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۵	جیبی النفس	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۶	پیہ کشہ	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۲۷	آتشک	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۰	۰	۰

[illegible] بیکاہ بعد دوچند کا اقرار نامہ مفلس معہ خرچ اودیہ [illegible] خرچ سی [illegible] بعد جو شفا ہوئی ہے۔ خرچ مفلس بلا شرائط خرچ ہی خواہ [illegible] بلا قیمت [illegible] کوئی چیز پیشگی محصول پارسل کے [illegible] کا معاملہ کیلو پتہ نشان لکھنا چاہئے۔

المشتہر شیخ نظام الدین حکیم چوک دروازہ لاہور۔ امرتسر

ڈاکٹر کلن خاں اینڈ سنز۔ انارکلی۔ لاہور

برار و حیدرآباد (۱۴-۱۰ اپریل) برار میں موسم گرم اور کبھی کبھی بادل چھا جاتے ہیں۔ موسم بیج کی دو ضلع اکھڑ ہوئی ہیں ترپ ختم اور کپاس اور انسی کے غلہ کٹائی کا کام تعلقہ بھی کے بعض حصوں میں ہو رہا ہے کپاس فصلوں کے لئے اراضی تیار ہو رہی ہے۔ پانی کافی مگر چارہ تعلقات کوٹ اکولہ میں ناکافی ہے۔ نرخ اجناس مہنگا ہیں بوجہ اچھی فصل کے کم ہو گئے ہیں۔ حیدرآباد میں بارش متوسط۔ موسم بیج کی فصلوں کی بوائی ہو رہی ہے۔ موسم گرما کی فصلوں کی نکائی جاری ہے۔ نرخ تیز۔

وسطی ہند (۱۴-۱۰ اپریل) اسی قدر بارش اس ہفتے میں گیہوں بھوپال اور مالوہ میں ہوئی گیہوں کٹنا شروع ہو گیا۔ انجنیوں میں درو کا کام جاری ہے۔ اغلب پیداوار اوسط سے کم ہوگی۔ چنا گاہ وسط ہند کے تمام حصوں میں اچھی اچھے غلے کی نیت گوالیار میں بڑھ رہی ہے اور دوسری انجنیوں میں تیز ہے۔ افیون گوالیار اور بھوپال کے بعض حصوں میں جمع ہو گئی تمام حالت اچھی ہے۔

راجپوتانہ (۱۴-۱۰ اپریل) بارش بیکانیر کے بعض حصوں میں متوسط۔ زراعتی حالت۔ فصل ایستادہ اور امیدیں عموماً حال اچھا ہیں۔ لیکن بعض فصلوں کے کیڑوں سے نقصان پہنچنے کی خبریں آئیں۔ مدد جاری ہے۔ مویشی کی حالت اچھی ہے۔ چارہ اور چراگاہ کافی۔ تین ریاستوں میں نرخ اجناس گر رہے ہیں۔ دو میں چڑھ رہے ہیں اور باقی سب جگہ بہتر ہیں۔

کاشمیر (۱۴-۱۰ اپریل) بارش متوسط موسم پھر اچھا۔ فصل ایستادہ کی حالت اچھی ہے۔ فصل خریف کی بوائی جاری ہے نرخ اجناس مستقل۔

صوبہ جموں (۱۴-۱۰ اپریل) رپورٹ وصول نہیں ہوئی۔

نیا ڈسکہ کا نرخ اگر شتہ ہفتے کے روز کلکتہ میں ایکسچینج کا نرخ فی روپیہ ایک شلنگ و ۱۵/۱۶ پنس تھا۔ کچھ دنوں امید تھی کہ روپیہ شلنگ سے کم قیمت تو نہیں ہو جائیگا۔ لیکن آجکل کے نرخ کے گرنے سے یقین ہو رہا ہے کہ عجب نہیں شلنگ قیمت میں روپیہ بکے، بڑا ہو جائے اور ہندوستان کا روپیہ آٹھ آنے سے بھی کم قیمت ہو جاوے۔ ہنڈوی کے بڑھ جانے سے ہندوستان کی تجارت دلائت کے ساتھ بہت کم ہوتی جاتی ہے۔ اسپر سرکار نے جو پانچ فی صدی ڈیوٹی لگادی ہے وہ اور بھی سونے پر سہاگے کا کام کر رہی ہے۔ بازار میں ہوئی دھلائی تک کی قیمت بڑھ گئی ہے۔ سوداگروں سے مال کی نکنائی نہیں ہوتی تو وہ اور کیا منگائیں گے۔ کچھ دیر کے بعد جب نئی انگلستان اور فرانس کے کارخانہ داروں کی آنکھیں کھلیں گی۔ جب ہندوستان سے اُن کی تجارت بند ہونے لگیگی۔

امیر عبدالرحمن خاں صاحب نے ایک نہایت قیمتی اور نادر الوجود قرآن شریف روضہ اقدس جناب امام ثامن کی طرف بطور تبرک روانہ کیا ہے۔ اسپر ایک اخبار نے اعتراض کیا ہے کہ اس قدر شیعوں کے سیر ٹولنے کے بعد انوکھی ترکیب شیعہ بنانے ایران کی تالیف قلوب کی سوجھی۔

کو معقول حصہ حاصل کرتے ہونگے کہ جس کا آج تمام مانچسٹر نے اجارہ کیا ہوا ہے۔" کاش کہ میسی صاحب کی یہ آرزو پوری ہو جاوے لیکن اگر گورنمنٹ ہند اور حکام انگلستان ہندوستان کی اغراض سے ایسی ہی سرد مہری کا برتاؤ کرتے رہیں کہ جیسا کہ آجکل کیا جاتا ہے تو یہ مشکل معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کا سرمایہ یہاں کی صنعت اور استقلال سب متحد ہو کر بھی ہمیں پچاس سال میں بھی مانچسٹر کی تجارت کا معقول حصہ چھین سکینگی۔ لیکن اگر حکام ہر دو ہوں اور انگلستان کے باشندے انصاف کو ہاتھ سے نہ دیں کہ جیسا کہ حال ہی میں ولایت کے کپڑے پر مانچسٹر کی رقابت سے محصول نہ لگنے میں ظاہر کیا گیا ہے تو ہندوستان لاریب رقابت کا مقابلہ صنعت و حرفت میں کر سکتا ہے۔

میسی صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا کہ "کسی مقام کی صنعت و حرفت کی ترقی وہاں کی اچھی منڈی۔ کافی مزدوروں کے مل جانے۔ فیاض سرمایہ داریں۔ لائق مہتممین اور تیار شدہ اسباب کو تمام ملک میں پھیلا دینے کے وسائل پر منحصر ہے۔" آج ہندوستان میں مزدوری کا نرخ سے زیادہ ہیں۔ مزدوری کے اچھا ہونے میں کسی کو کلام نہیں کہ جو ملک کروڑوں روپے کی اشیاء یورپ سے آکر کھپتی ہیں وہ مزدوری کے ذریعہ سے اسباب تمام ملک میں پھیل سکتا ہے سرمایہ داری بھی موجود ہیں۔ لیکن داد دہ یہ لیکن ہی بہت بڑی کمی ہے۔ مشترکہ سرمایہ سے لوگ کام کرنا نہیں جانتے۔ گو کسی ملک کی عظمت اس سے ظاہر ہوتی ہے کہ اس کے سوداگر کروڑوں سے اور اربوں اور دہ لاکھوں اور کروڑوں روپے کے کارخانوں کے مالک ہوتے ہیں۔ لیکن ابھی ہندوستان میں اگر دس بیس مشترکہ سرمایہ سے ہی چھوٹے چھوٹے کام شروع کئے جائیں تو ان کی بھی بڑی ضرورت ہے۔ انگلستان میں آج کئی کارخانے ہیں جو کروڑوں روپے کی قیمت رکھتے ہیں لیکن شروع صرف سیکڑوں اور دو ہزاروں سے کئے گئے تھے۔ دہلی آج ہندوستان کے سامنے صنعت و حرفت کی بہت عمدہ مثال ہے۔ وہاں صرف کلوں ہی سے کام نہیں ہوتا بلکہ دستی کام کرنے والے بھی موجود ہیں۔ دہلی کی زمین کی بنی ہوئی لالٹینیں ملازمان ہونے کے دلائل اسباب کو مات کر رہی ہیں۔ دہلی میں کئی کام ہوتے ہیں کہ جن میں ایک دو روپیہ کا خانہ بہت تیار کی چیزیں انگریزوں کے لئے تیار کرتا ہے۔ ان سب باتوں کو مدنظر رکھ کر یقین ہو جاتا ہے کہ کرنے سے سب کچھ ہو سکتا ہے کہنے کا کہنے کہ کچھ کرتے جاویں۔ سرمایہ دار سرمایہ لگالیں کاریگر کاریگری کریں اور صلاحیں کریں اور محنتی لوگ محنت کریں تو ملک کو تمام روپیہ نکل جانے کی مصیبت سے

لاہور میں آجکل چوریوں کا وہ زور شور ہے کہ شاذ دس سے پہلے کبھی نہیں ہوا ہوگا۔ ہر صبح سنا جاتا ہے کہ فلاں جگہ چوری ہوئی فلاں کے گھر سے اتنا گیا اتنی ہزار یا کئی سو کا نقصان ہوا۔ چور لٹیرے ہر شب کو ہر شخص سوچتا ہے کہ آج صبح [illegible] مکان کی باری ہوگی۔ ان چوریوں کے متعلق تعجب

بات یہ ہے کہ آج تک جتنی لگاتار ہو چکی ہیں ان میں سے جہاں تک ہمیں معلوم ہوا ہے ایک بھی برآمد نہیں ہوئی۔ ذیل میں ایک فہرست ان وارداتوں کی دیجاتی ہے جو ہر چند کہ مکمل نہیں تاہم دیکھنے والوں کو حیرت میں ڈال سکتی ہے کہ دارالسلطنت میں یہ اندھیر مچا ہوا ہے:۔

شیخ عبدالرحمن صاحب مستر جم چیف کورٹ تخمیناً ۵ ہزار؛
لالہ دولت رام منشی مسٹر گوڈ سیبری ہیرسٹر تخمیناً ۱۵ ہزار؛
لالہ دولت رام کلرک کولہو گھر " ۵ ہزار؛
مسٹر کنج بہاری تھا پر اڈیٹر پنجاب پیپر بار " اٹھائی سو؛
مسماۃ اللہ رکھی طوائف چوک متی " نو سو؛

اور آئے دن کئی بگڑ چوریاں ہو جانے کی خبر سنی جاتی ہے۔ پولیس کس فکر میں سوتی ہے۔ عام لوگ کہتے ہیں کہ پولیس کا چوریوں میں حصہ ہوتا ہے۔ لیکن ہم اس بات کو مان نہیں سکتے کیا پولیس کے افسر اور آدمی بار بار کی چوریوں سے اپنے ذمہ بدنامی لینا چاہتے ہیں۔ چوریوں کی اس کثرت کا سبب سوائے پولیس کی سستی کے اور قرار نہیں دیا سکتا۔ کیوں نہیں مشتبہ اور باجن لوگوں کی ضمانتیں اور چلکے لئے جاتے۔ اور ان سے دریافت کیا جاتا کہ بمقابلہ تمہارے خرچوں کے تمہاری آمدنی بظاہر کوئی بھی نہیں۔ سپرنٹنڈنٹ فنگر پرنٹ کہاں اگر توجہ نہیں فرماتے تو لاہور کے لوگ سخت تکلیف اٹھا چکے ہم نے دیکھا ہے کہ شریف لوگ ڈر ڈر کر اپنا نقد اور زیورات بنکوں میں جمع کرا رہے ہیں۔ بنگالا بنک میں کئی لوگوں نے زیور کے لکس امانت رکھوا دیئے ہیں۔ اس وقت ضرورت ہے کہ مسٹر وارڈ برٹن پنجاب پولیس کے مشہور ڈیٹیکٹو قابلیت کے افسر کو سیالکوٹ سے لاہور میں طلب کیا جاوے۔ ممکن نہیں کہ وہ لاہور کو اس مصیبت سے بچانے میں کامیاب نہوں۔

پشاور سے جو میونسپلٹ حضوراٹ صاحب کی خدمت میں لاہور میں آئے ہوئے تھے کہ جن کی نسبت پچھلے پرچے میں لکھا گیا تھا ان کو ہز آنر نے اطلاع دی ہے کہ ان کی عرضداشت پر غور کی جاویگی اور بذریعہ صاحب کمشنر پشاور انہیں جواب دیا جاویگا۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ للا مانکی صاحب نے جو سرحد پشاور پر ایک بڑے مراض اور مقدس بزرگ ہیں بہت بڑا اپوینٹمنٹ رسوخ رکھتے ہیں حال میں ایک سرحدی خدا کو ہوتے ہوئے بچایا۔ مسٹر ڈیفیلڈ سرحدی پلیٹیا کے ہمراہ چند پٹھواری سرحدی پیمائش کر رہے تھے کہ سرحد بہت سے لوگ ناراض ہو کر آپ پر حملہ آور ہوئے۔ اور اگر للا مانکی صاحب کہ جن کو اس واقعہ کی خبر ہو گئی تھی اس موقع پر نہ آپہنچتے اور لوگوں کو منع نہ کرتے تو ضرور ایک فساد کھڑا ہو جاتا۔ للا صاحب نے یہ کام نہایت حسن کیا ہے کہ جس سے خلق کی بہتری۔ خدا کی رضامندی اور سرکار کی خوشنودی متصور ہے۔

بعض اوقات بعض عدالتیں مجرموں کو ایسی ہی جسمانی

سزائیں دے دیتی ہیں کہ جن کی رہا تو چیف کورٹ کے سوائے اپیل ہی نہیں ہو سکتی اور یا ان کی اپیل ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ اس قسم کے مجرموں کی حالت واقعی قابل رحم ہوتی ہے اور اگر دیر کی انصاف کی پیشانی پر یہ بہت بڑا دھبہ ہے کہ ایسے مجرموں کی بارہا دور دور سے بطور پبلک تصدیق اور برئت ثابت ہونے کی بھی جو سزا ان کو مل چکی ہے اور جو تکلیف کہ وہ بھگت چکے ہیں اس کا جبر نہیں ہو سکتا۔ اور ایسے قوانین سے مجسٹریٹ ناجائز فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص کو سزائے تازیانہ یا جرمانہ کی سزا سے متعدد ایک مجسٹریٹ درجہ اول نے دیدی ملزم اگر کسی اعلیٰ عدالت میں بے قصور ثابت بھی ہو جاوے تو جو سزا وہ اٹھا چکا ہے اس کا اس کو کیا عوض مل سکتا ہے۔ آج کے اخبار میں کسی جگہ ایک چیف کورٹ کے فیصلے کی نقل چھاپی جاتی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ملزم کو گو چیف کورٹ نے بے قصور قرار دیا لیکن تین روز قید کی سزا جو اس سے عدالت ماتحت دلا چکی تھی وہ اسے بھگت چکا تھا۔ کتنے افسوس کی بات ہے!

اپر سبھ ڈویژن اپر سبھ ڈویژن انبالہ پنجاب میں لالہ رام دیال صاحب کے موقوف کئے جانے اور لالہ غنی رام صاحب ڈپٹی کمشنر ہیں۔ قریب ایک سال کے زمانہ گزرا ہے کہ لالہ غنی رام صاحب نے سترہ اٹھارہ پٹواریان نہر کو جن میں سے گیارہ بارہ سال کے پرانے پٹواری تھے رپورٹ کر کے موقوف کرا دیا۔ کسی عیالدار شخص کی بے روزگاری اس ملازمت کے تحفظ کے زمانے میں یہ معنی رکھتی ہے کہ وہ شخص برباد ہو گیا ہے۔ لیکن جب بے روزگاری کی سزا مقصود ہو جائے وہ اس سے بھی بڑھ کر ظلم اور بے انصافی ہے۔ یہ سب پٹواری جن میں سے چھ ہندو اور باقی مسلمان ہیں پرانے اور کارگزار ملازم ہیں۔ اور ان کی علیحدگی کی وجوہات ایسی بودی اور بیہودہ ہیں کہ جن کو کوئی شخص سوائے لالہ غنی رام اور ان کے افسر کے نہیں مان سکتا۔ مثلاً ایک شخص رحمت علیشاہ کی نسبت کہ جس کی ملازمت گیارہ سال کی ہے موقوفی کی وجہ یہ لکھی ہے کہ "یہ زمینداروں سے زیادہ رعایت کرتا ہے"۔ اور ایک شخص رکن دین نامی پر کہ جس کی ملازمت سات سال کی ہے یہ الزام ہے کہ "زمینداروں سے اس کا برتاؤ اچھا نہیں"۔ تو گویا زمینداروں سے رعایت کرنا بھی موقوفی کے قابل جرم اور ان سے نہ رعایت کرنا بھی موقوفی کے قابل ہے۔ تراب علی تخمیناً گیارہ سال کا ملازم ہے اس کو سست اور آرام طلب لکھا گیا ہے۔ الٰہی بخش نو سال کا ملازم ہے لیکن یہ لڑا کا ہے اس لئے موقوف کیا گیا۔ اسی طرح ایک شخص اسمٰعیل پٹواری جو بیس سال کا ملازم ہے پہلے پسال نویس تھا اور اب گیارہ سال سے پٹواری ہے اب معلوم ہوا ہے کہ وہ بدخط ہے۔ راجی لال جو پانچ سال سے ملازم ہے اب تندرست ہو گیا ہے۔ نہر کے پٹواریوں کو چھ ماہ کے بعد کچھ بونس دینا ایک قسم کی اچھی کارکردگی کا انعام سمجھنا چاہیے عام ملاکرتا ہے۔ لطف کی بات یہ ہے کہ یہ پٹواریوں کا گروہ جو ایسے کمزور ملازموں پر موقوف کیا گیا ہے بہ نسبت باقی ماندہ لوگوں کے اچھا

پیسہ اخبار

لاہور یوم جمعہ ۱۸ مئی سنہ ۹۴ء

تجارتی اور صنعتی ترقی

ہر ایک سمجھ سکتا ہے ہندوستان میں کامل ہو کا شہر ہے کیونکہ وہ سالہا سال تک اس وسیع مملکت کا دارالامارت رہا جو آج کلکتہ کو سلطنت انگریزی جیسی وسیع مملکت کے دارالسلطنت ہونے کا فخر ہے کہ جس کے برابر لمبی چوڑی اور مستقل سلطنت کو نصیب نہیں ہوئی تاہم کلکتہ بمقابلہ دہلی کے نصف درجہ سے کم ہے کیونکہ گورنمنٹ ہند کو سال کا نصف حصہ سملہ میں بسر کرنا پڑتا ہے۔ مگر فن نظام اس کے دہلی کی مقامی حیثیت اور تاریخی قدامت نے اس کو اس مجموعی کا شہر بنا دیا ہے کہ ہندوستان کا کوئی دوسرا شہر اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ گو اب دہلی کی حفاظت سی عظمت اور رونق نہیں رہی تاہم اس کے نہایت مناسب موقعے پر ہونے کی وجہ سے ہندوستان بھر میں تجارت کا بہت بڑا مرکز ہے۔ اور خصوصاً کپڑے اور غلے کی تجارت کے لئے تو کلکتہ اور بمبئی ہی اس سے بہت بڑھے ہوئے ہیں۔ لیکن اب صنعت و حرفت کے بارے میں دہلی جو ترقی کر رہا ہے وہ خاص توجہ کے قابل ہے۔

کچھ عرصے سے دہلی کے اولوالعزم سوداگروں اور کوٹھی داروں میں دکانی و خانی کاموں کے کارخانے قائم کرنے کا خیال پیدا ہو رہا ہے۔ اور اس بارے میں اس شہر میں اس قدر کامیابی ہوئی ہے کہ اب کئی ایک دکانی کارخانے مختلف اغراض کے قائم ہو گئے ہیں۔ اس وقت وہ کپڑا بننے کی کلیں۔ کئی ایک روئی کے بیلنے وہ آٹا پیسنے کی کلیں۔ ایک برف بنانے کی کل ایک برش بنانے کا کارخانہ۔ ایک کشیدہ کا کارخانہ اور کئی ایک لوہے کا سامان تیار کرنے کے کارخانے موجود ہیں جو سب بخار کی طاقت سے چلتے ہیں۔ ان میں سب دکانی کارخانوں کی کامیابی نے دہلی کے سرمایہ داروں کو آمادہ کیا کہ ایک کمپنی بڑے کارخانہ کپڑا بننے کا قائم کیا جاوے۔ چنانچہ کرشن کاٹن اسپنڈ ویونگ کمپنی کے نام سے ایک کارخانہ شہر کے سرمایہ سے قائم کیا گیا اور اس کو لفٹننٹ کرنل جیسی صاحب ڈپٹی کمشنر دہلی نے اس کی بنیاد رکھنے کی رسم ادا کی۔ جیسی صاحب نے اس موقعے پر جو تقریر کی وہ دہلی کی آئندہ صنعت و حرفت اور تجارت کے لئے بہت پر امید زمانے کی خبر دیتی ہے لیکن دراصل تمام ہندوستان کی صنعت و حرفت کے لئے ایک مبارک پیشگوئی ہے۔ وہ کہتے ہیں

"میں دل سے امید کرتا ہوں کہ یہ خوشحالی کا زمانہ تب تک رہیگا۔ جب سال آج سے بعد ہم اپنی تمام مقامی ضروریات کی پوری نہیں کرتے ہونگے۔ بلکہ ہمارے ریشے سلطنت کے دوسرے حصوں میں بھی پھیل چکے ہونگے اور ہم وہاں سے بھی تجارت کا

— ڈاکٹر سورداس صاحب اسسٹنٹ سرجن ڈسپنسری ہوشیارپور ۔ آگرہ اسسٹنٹ سرجن مقرر ہوئے۔

— ایل ڈبلیو گلاسگو صاحب ڈپٹی کمشنر ڈیرہ اسمٰعیل خان کو ۳ ماہ کی رخصت ملی۔

— زنانہ وکٹوریہ اسکول کے لئے ۱۰ بیگھے جریب ہوشیارپور کے سامنے کی خالی زمین پیمائش کرانے کے لئے کمیٹی نے دو سو روپیہ منظور کیا۔

— سید شیر شاہ صاحب مرزل کہ اسٹنٹ انجینیر بہاولپور نے بمقام کروڑ استعفا دیا۔ ان کے خاندان کا قبرستان صدر بہاولپور میں ہے۔ مرحوم کے بیٹے عنقریب تعلیم حاصل کرنے پر نواب صاحب نے حکم کر دیا ہے۔ ان کی درخواست پر ان کو رخصت دی جائیگی۔

— منشی غلام احمد خان صاحب افسر بندوبست میانوالی کو بتیس روز کی رخصت ملی۔

— دہلی میں نظام پولیس کے لئے مدرسہ قایم ہوا۔

— شہر جی بمقام ڈسٹرکٹ جج ڈیرہ اسمٰعیل خان سے ڈپٹی کمشنر گامبر گئے۔ اور مرزا محمد اسلم صاحب ای اے سی ہوشیارپور سے مسٹر گی کے بجائے ڈسٹرکٹ جج کا کام کرینگے۔

— ہفتہ گذشتہ ۱۰ اپریل میں پنجاب کے ۴۰ شہروں میونسپل قصبات میں ۹۰۹ ولادتیں (۴۶ لڑکے اور ۴۳ لڑکیاں) اور ۶۰۲ وفاتیں (۳۶۱ مرد اور ۲۴۱ عورتیں) زنانہ وقوع میں آئیں۔

— صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر نے مرتع سمشان لاہور کا بلیک چوٹ کھدوانے کا حکم دیا ہے۔ اس کا نام صفا کیا جاوے۔ حفظ صحت کے لئے۔

— نور پور شاہان ضلع راولپنڈی میں خانقاہ شاہ برتری لطیف پر جو بڑا بھاری میلہ ہوا کرتا ہے ختم ہوا۔

— میاں نظام الدین صاحب وزیر ریاست پونچھ و رئیس اعظم امرتسر نے ۳۰۔ اپریل کو انتقال کیا۔

— ۱۰ مئی کو صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر دہلی نے کرشن ملز کمپنی کا بنیادی پتھر رکھا۔

— دہلی کے ایک زرگر مسمی سیتل کھور نے اپنے داماد پر قانون عمر رضامندی کا دعوی کیا اور ڈاکٹری شہادت بھی پیش کر دی۔

— سوئی پت میونسپلٹی نے شہر میں کھیرے لگڑی کی فروخت بند کر دی تھی۔ اپیل پر صاحب ڈپٹی کمشنر نے اجازت دیدی۔

— دہلی میں گذشتہ ہفتہ میں آتشزدگی کا بہت زور رہا کئی جگہ سخت نقصان ہوا۔ چنانچہ بیدواڑہ میں ایک جوہری کے مکان میں آگ سے تقریباً ایک لاکھ کا نقصان ہوا۔ قیمتی کی گلی میں جولاہوں کے چھپر جلے اور بیرون خونی دروازہ جگی مل سوداگر کی دوکان میں آگ لگی پانچ ہزار روپیہ کا نقصان ہوا۔ صدر بازار تیلی واڑہ اجمیری دروازہ کے طرف بندوق والوں میں بھی آگ کا زور شور رہا (خیر خواہ عالم)

— موضع یوٹانہ ضلع روہتک میں ۱۰ مئی کو سخت آندھی آئی۔ اور ایک چھاؤنی سے آگ نے نکل کر بہت سے کھلیان اور پانچ چھپڑے اور کئی گھر جلا دئے۔ قریب تیس ہزار کا نقصان ہوا۔

ہیں دم لینے کا فی۔ اصل یہ ہے کہ ہر شریف رہنے سے صاف ہوئیں علیحدہ رکھنے کے لئے حیلہ نکالا ہے۔

— ۱۷۔ اپریل کو دانہ میں بارہ ہزار مرد عورتوں نے ایکا کر کے کام چھوڑ دیا۔ یہ چاہتے ہیں کام آٹھ گھنٹے ہو۔ ہفتہ وار تعطیل ہو۔ کم از کم اس طور پر کم سے کم تنخواہ مقرر ہو۔ اگر ایسے

— ہرن ہیرس (جرمنی کے کروڑپتی یہودی) نے لندن کے ایک ہوٹل میں ایک ضیافت دی جس میں ساٹھ مہمان شریک تھے ان میں سے کوئی شخص بس لاکھ پونڈ سے کم کا مالک نہ تھا اس کروڑپتیوں کی ایک ضیافت پر بارہ سو پونڈ اٹھ گئے۔

— امیر بخارا و خان خیوق نے روسی گورنمنٹ سے درخواست کی ہے کہ ریاستی سکولوں میں انگریزی زبان سکھائی جائے۔

— غرض مختصر محمد ناصر فوجی شاہ ایران نے ایک فرمان جاری کیا کہ امیر تیمور اور اتابک لنگ کی پشتوں میں تخفیف کیجاوے۔

— سر ہنری ڈرمنڈ ولف انگلستان پہنچنے کے تیسرے دن بعد طہران کو روانہ ہونگے۔

— ولایت میں اس کوٹ کا امتحان کیا گیا جس کے پہننے سے گولی اثر نہیں کر سکتی۔

لاہور و پنجاب

— دیہات کی صفائی کا مسودہ قانون آخر کار پنجاب کے دیہات میں مروج نہیں ہو گا کیونکہ افسران حفظان صحت اور افسران اضلاع کی یہی رائے ہے کہ پنجاب کے دیہات ابھی اس قابل نہیں ہوئے کہ یہاں کے باشندوں پر یہ بوجھ ڈالا جائے۔ علاوہ اسکے ڈسٹرکٹ بورڈ اس قانون کے بہت سے اغراض پورے کر سکتے ہیں۔

— صاحب پرنسپل ٹریننگ کالج لاہور اطلاع دیتے ہیں۔ کہ جو امیدوار پنجاب یونیورسٹی کے امتحان انٹرنس میں اس سال شریک ہوئے ہیں۔ اور ٹریننگ کالج کی جونیر اینگلو ورنیکلر جماعت میں داخل ہونا چاہتے ہیں وہ اپنی درخواستیں نتیجہ نکلتے ہی انکی خدمتگیں بھیجدیں ابھی تک کچھ وظیفے خالی ہیں۔

— لاہور میں چوریوں کا زور ہے۔ اندھیر مچا ہوا ہے۔

— ۱۰ مئی کو پنجاب ایسوسی ایشن کا جلسہ شالامار باغ میں ہوا۔ لاٹ صاحب بوجہ علالت کے شریک نہ ہو سکے۔

— خبر ہے کہ امیر صاحب نے محمد ابراہیم خان پسر امیر شیر علیخان مرحوم کو جو اس سے پہلے حسن ابدال میں سرکاری وظیفہ خوار تھے) سملہ پر اپنا ایجنٹ مقرر کیا۔

— پورانی انارکلی لاہور میں ایک بساطی کے مکان میں نقب لگی اور ڈیڑھ سو روپیہ کی چوری ہوئی۔

— ۸ مئی کو میانمیر میں گنیشی و جیجی لال کی دوکان پر ستتر سو روپیہ کی چوری ہوئی۔

— افسوس کہ شیخ خدا بخش صاحب جج سمال کاز کورٹ کی اہلیہ نے انتقال کیا۔

— اسوقت تک امسال جموں اور کشمیر ہفتہ سے بالکل محفوظ ہیں

— ۱۶ ماہ حال کو لاٹ صاحب لاہور سے بجانب سملہ روانہ ہوئے

— پٹیالہ کے پورہ میں مہاراجی کے بہائی نے بمقام مدن انتقال کیا

مدراس سے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

سبھا کے آپ کے رکنوں پر مبنی انگلستان کے مستقل ایجنٹ [illegible] صاحب لیبل گرانن نے سر [illegible] کی راستے [illegible] کی اصل لڑکی ہندوستان میں بلکہ فرانسیسی ہے +

[illegible] صاحب کے بھی تھی۔ [illegible] والوں نے وحشی زخم خلیفہ کو بھی [illegible] کی [illegible] صاحب بڑے فیاض [illegible] کے وقت [illegible] کم کی +

کلکتہ کے مہاجن گھرانے کے [illegible] سے [illegible] کے لڑکوں کی [illegible] کے [illegible] کے [illegible] کے

حفظ صحت

استفسار

۳۰۔ سیاہ داغ:۔ میری انا کو چیچک سے چہرے پر سیاہ داغ پیدا ہو گئے ہیں۔ بہتیرا علاج کیا گیا مگر بے سود۔ نسخہ مجرب مطلوب۔ (ممتاز علی از حیدر آباد دکن)۔

۳۱۔ گندہ دہنی:۔ ایک مدرسے کے طالبعلم کے منہ سے جو میرے چھوٹے بھائی کا کلاس میٹ ہے ایسی بدبو آتی ہے کہ اسکے ہم سبق سب اس سے دور بھاگتے ہیں اور استاد بھی کم التفات کرتا ہے۔ کبھی کبھی دانتوں سے خون و پیپ بھی نکلتی ہے اور دانت بھی کسی قدر کچے ہیں۔ اور ضعف معدہ کی بھی شکایت ہے۔ معلوم نہیں کہ بدبو دانتوں کے کچے ہونے سے پیدا ہو گئی ہے یا خرابی معدہ کی وجہ سے۔ کوئی صاحب براہ کرم ان سب باتوں کا لحاظ رکھ کے ایک مجرب نسخہ اخبار کو بھیجدیں تو کمال مہربانی ہوگی۔ (راقم ایضاً)۔

۳۲۔ مشب کوری:۔ میرے ایک عزیز کو مرض اندھیرا رات کو کم دکھائی دینا) تقریباً عرصہ پانچ چھ ماہ سے لاحق ہو رہا ہے آپ یا آپ کے ناظرین سے کوئی صاحب اگر اس مرض کا مجرب علاج جانتے ہوں تو بذریعہ ہمیہ اخبار مشتہر فرما کر مرہون عنایات فرماویں (شیر محمد مدرس)۔

علاج

۱۔ علاج طحال:۔ ۲۰ مارچ کا پرچہ میری نظر سے گزرا۔ اس میں کسی صاحب نے طحال کا نسخہ دریافت فرمایا ہے۔ چونکہ یہ بہت ہی تجربے کا ہے اور پشت سے برابر میرے خاندان میں چلا آتا ہے مینے بھی بذات خود بارہا تجربہ کیا ہے۔ لہذا اس کو آپ درج اخبار فرما کر اللہ تعالیٰ علی الخیر کفاعلہ کے مستحق ہو جائیے۔ انگور کی جڑ کی موٹی لکڑی جلا کر کوئلہ بنا کر اور اس میں اسی قدر بکری کی مینگنی کا کوئلہ ملا کر تیز سرکے میں ملا کر چند روز طحال پر لیپ کرنے سے بالکل دفعہ ہو جاویگی (حکیم شیر احمد از حیدر آباد)۔

۲۔ نسخہ خارش:۔ آزمودہ ہے سے ہزاروں کو صحت ہو چکی ہے۔ ایک تولہ طوطیا اور ایک تولہ گندھک دونوں کو لیکر خوب باریک کرے اور پھر ایک پارچہ سوتی لے کر اسپر پہلے روغن زرد دو چھٹانک لے کر کپڑے پر ایک طرف مل دے اور اسپر ادویہ بالا کو بکھیر دے۔ پھر فتیلہ بنا کر جلائے۔ ایک برتن میں ٹپکا کر جب سب سوخت ہو جاوے تو اس سوختہ کو پیسہ اور سب آلائش کو چھوڑ ایک کرے جب حل ہو جاوے تو روزمرہ دو وقت ملے اور بعد ایک گھنٹے کے غسل کرے۔ (عظیم خاں واعظ انجیل)۔

۳۔ نسخہ خارش:۔ اور یہ خارش جو کمزوری سے اپنے اور پرائے مریضوں پر آزما کر تجربہ حاصل کیا ہے۔ ایک تولہ ہلدی اور ایک تولہ پیلی ہڑتال دونوں کو برابر باریک کرکے اور چھٹانک گڑ سے تیل کو ذوب جلا کر اس میں ہر دو اجزا ملا دے۔ پانچ منٹ کے بعد اس تیل اور ملی ہوئی دوائی کو ایک فراخ برتن میں ڈال کر دو ماشہ پھٹکری اس میں تیل وغیرہ ہو ڈال دو اور جو پانی پر شیرآوے اس کو آنکھوں پر اس پانی سے غسل کرو اور دوائی کو ملی پر ملو۔ اسی طرح ایک دو دفعہ کے استعمال سے کلی شفا ہو جائے گی۔

(راقم نہال چند (واعظ انجیل)

شعر و سخن

سرسید کے لاہور کی تشریف آوری کے موقعے پر مرزا الطاف حسین صاحب طالبعلم اسلامیہ کالج لاہور نے مندرجہ ذیل قصیدہ پیش کیا تھا کہ جس کی سید صاحب نے بہت تعریف کی تھی۔

علی الصباح جو میں خواب سے ہوا بیدار
تو دیکھتا ہوں کہ ہے ہر طرف عجیب بہار

ہر ایک سو ہے فراواں نسیم عطر آگیں
ہر ایک سمت سے آتی ہے بوئے مشک ختار

جہاں میں ہر دہاری کا جوش ہے ایسا
کہ ایک آن میں سرسبز ہو گئے اشجار

یہ دل ہے کہتا تھا بلا تو کس کی آمد ہے
کہ بن رہا ہے یہ لاہور تختہ گلزار

یہ کیوں صدائے مسرت بلند ہے ہر سو
یہ کیوں خوشی کے ہیں نعرے ہر ایک صدا پر

اسی خیال میں تھا میں کہ ہاتف غیبی
پکارا ہوش میں آ۔ آنکھ کھول۔ ہو ہشیار

عجب ہی تجھ کو نہیں کچھ خبر زمانے کی
ہوا ہے نشہ غفلت میں اس قدر شرشار

ورود آج یہاں اس بزرگوار کا ہے
جو اپنی قوم کا ہے سرپرست اور سردار

بزرگ و حامی دین و مربی اسلام
کہا ہے قوم نے جس کو کہ مال و جان نثار

وہ ہے ہملٹن آفاق دیکن دوراں
کہ جس کی ذات سے پایا ہے فلسفے نے وقار

مدام بہتری قوم کی ہے فکر اسے
اسی خیال میں پھرتا ہے وہ شہر و دیار

یہ خوش نصیبی پنجاب ہے کہ آیا ہے
جگانے نیند سے سوتوں کو پھر کے بیدار

جناب آنریبل نجم ہند سرسید
بجا ہے اس کو اگر کہئے آفتاب آثار

سُنا یہ مژدہ تو دوڑا رواں سے اس جانب
زباں پہ نعرہ لبیک تھا بصد تکرار

میں دوش دل سے پڑھوں اب مطلع و مقطع
کہ جس کے عکس سے ہووے مطلع انوار

مطلع ثانی

وہ ناخدا ہے تو کہتا ہوں میں پکار پکار
ہے بیڑا قوم کا جس کی مدد سے بیڑا پار

برت کہ کب کہ تو ہے وہ حامی اسلام
جو اور قوم میں ہوتا تو مانتے اوتار

مگر قوم نے کی پوری پوری قدر تری
ہوئے خلاف عبث تجھ سے بعض نفس شمار

خدا نے تجھ کو نگر دی وہ ہمت عالی
نہ خوش ہے مرچ کچھ اور نہ ہو سکے بیزار

مخالفوں کی ذرا بھی نہ کی کبھی پروا
مدام تو نے رکھا اپنے کام سے سروکار

اسی کا ہے یہ نتیجہ کہ اب بفضل خدا
ہوئے میں دل سے ثنا خواں ترے صغار و کبار

تمام قوم کا دل تو نے کر لیا تسخیر
عیاں ہے جو م سے یہ بیاں نہیں درکار

بڑا خیال ہے تشریف آوری کا تری
یہ لاکھ دینگے جو تو مانگتا ہے تیس ہزار

یہ حال طالب و مطلوب میں بھلا کب ہے
فدا ہے قوم پہ تو اور قوم تجھ پہ ہے نثار

یہ ظاہر و مخالف ہیں ناز کرتے ہیں
رگ رگ دل ہے ہمارا طاعن میں ہر یک شگرگزار

ترے ہیں اس قدر احسان قوم کے سر پر
کہ جن کا بدلہ نہیں سکتا جا سوں کے شمار

نہیں فیض سے تیرے وہ عالم و فاضل
جو پہلے آتی مطلق تھے اور جہل شعار

بچا یا قوم کو فتنے سے شور سے شر سے
سکھائے امن و امان اور صلح کے طور طرار

بتائے ہم کو طریقے معاش کے بہتر
وہ نقص دور کئے جو تھے باعث ادبار

یہ قوم ہو گئی تھی بے وقار پر صد شکر
خدا نے بھیجا تجھ سا مونس و غمخوار

سمجھتا قوم کے تو نیک و بد کو ہے یار تیک
بجا ہے تجھ کو اگر کہئے مخزن اسرار

ہر اک نشیب و فراز اس سے واقف
کہاں تک تجھ کو سراہے کہ ہے وہ بیکار

جو ساتھ ہیں تیرے یہ سب صحابہ
زمانہ میں ہے وہ قسمت میں کیا کروں اظہار

جناب شبلی شیریں سخن دقیقہ شناس
کہ شہر میں کی فضیلت کا ہے جنہیں دیار

ذکی ہند سے واں مولوی ذکا اللہ
ریاض علم ریاضی کے جو ہیں ابر بہار

اور ایک فاضل دوراں نذیر احمد خاں
جو الکلام میں معجز بیاں و خوش گفتار

یہ تین ہیں ترے ساتھ اور تو اکبر
بجا ہے اس کو کہوں میں کبریٰ دربار

یہ لوگ رونق اسلام دین ہیں ہمدم
ثنا میں ان کی ہے مدّاح قاصر و لاچار

کہاں تلک یہ رہے کرم و لطف سے آباد
ثنا و راگ و غنا کا رہے سدا بازار

یہ عرض خالق ارض و سما سے کر جب تک
ہیں آسماں پہ ستارے زمین پر کہسار

ہے سبزہ زار کی رونق تب تک بہار سے
رواں زمین پہ جب تک ہے قلزم و انہار

مدام پھولتا پھلتا رہے زمانے میں
خزاں کی شکل نہ دیکھے یہ گلشن بے خار

عروج پھر وہی اسلام کو ہو پہلا سا
فروغ تیرہ دین نبی ہو لیسل و نہار

معاوضہ کا سنٹ

تمام ہندوستان میں مدرسہ جاتی قابل عمر کے لڑکوں سے ۲۵ فیصدی تعلیم پاتے ہیں اور ایک فیصدی لڑکیاں۔

برٹش میوزیم (عجائب خانہ انگلستان) میں ستائیس زبانوں میں انجیل کے ترجمے موجود ہیں۔

ایک عام عورت پانچ فیٹ قد کی سو پونڈ پانچ فیٹ ایک انچہ کی ۱۰۶ پونڈ۔ پانچ فیٹ دو انچ کی ۱۱۳ پونڈ۔ پانچ فیٹ ۳۔ انچ ۱۱۹ پونڈ اور پانچ فیٹ چار انچ ۱۳۰ پونڈ وزن میں ہوگی۔

چینی زبان میں ایک عجیب سا نیکلو پیڈیا ہے جس میں پانچ ہزار بیس جلدیں ہیں۔ یوروپ میں صرف ایک ہی کامل سب اس کتاب کا موجود ہے جو برٹش میوزیم میں رکھا جائیگا۔ اور خود چین میں پوری پانچ کتابوں سے زیادہ نہیں۔

یہ بات بڑی عجیب معلوم ہوتی ہے کہ کسی دو شخصوں کی آواز یکساں نہیں ہوتی۔ گو انسان کی آواز میں صرف نو مکمل لہجے ہیں لیکن نامکمل صدائیں تقریباً چار ہزار ہیں۔ ایک زبردست عالم موسیقی نے (۱۵) ۶۴۴۴ تک بتلائی ہیں۔ پھر آواز کا فرق کوئی عجیب بات نہیں۔

نمبر ۶۳۵۹ (بمبئی) آپ چاہتے ہیں کہ شعر و سخن کے کالم کو علمی مذاق کا کالم بنایا جاوے اور اسمیں علمی مذاق اور چیستان درج ہوا کریں۔ لیکن ہمیہ اخبار اس سے پہلے چیستان اور علمی مذاق کا تجربہ کر چکا ہے اور اگر آپ کوئی اور اچھا نمونہ بھیج سکتے ہیں۔ تو بھیجئے ہمارے شعر و سخن کے کالم میں تفضل شاعروں کے دلی خیالات درج نہیں ہوتے۔ کیا آپ آجتک اس کالم میں ایک بھی غزل چھپی ہوئی دیکھ سکتے ہیں۔ بلکہ اسمیں ہمیشہ اخلاقی قومی نیچرل طرز پر نہایت ہی عمدہ نظموں کی شاعری درج ہوتی ہے۔ کہ جسکے مطالب کو دنیا کے اعلےٰ ترین انسان پسند کر چکے ہیں۔

ل۔ ن۔ و۔ صاحب کا مضمون ایجوکیشنل گزٹ سے متعلق نہیں چھپ سکتا۔ جب تک ۵۰ اپنا نام۔ پتہ ایڈیٹر کو نہ بتلاویں۔ مضمون بلا دام موجود ہے۔

حسن و بن چکسدر جمبون۔ آپکا مضمون بھیجنے

پیسہ اخبار

نمبر ۱۹ | یوم جمعہ ۱۸ مئی ۱۸۹۴ء مطابق ۱۲ ذیقعدہ ۱۳۱۱ھ موافق ۷ جیٹھ سمت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

اضلاع غربی و شمالی و اودھ کی آبادی:- ان صوبجات کی کل آبادی ۴۷۶۹۷۵۷۶ میں سے ۸۶/۱ فی صدی ہندو - ۱۲/۱ فی صدی مسلمان - ۱۸/۱ فی صدی یہودی - اور ۱۲/۱ فی صدی عیسائی ہیں ؛

دنیا کے جہاز:- انگلستان اور اس کی نوآبادیوں کے پاس کل ۲۷۹۰۶ جہاز ہر قسم کے ہیں فرانس کے ۱۳۲۷۸ جرمنی کے ۲۴۲۰ روس ۹۰۴۴ اٹلی ۸۱۰۰ - تمام دنیا کی متحدہ جہازی حفاظت کا تخمینہ ۱۰۷۱۲ جہاز کیا گیا ہے ؛

خلاصہ برار:- پچھلے سال اس ملک کی کل آمدنی ایک کروڑ سات لاکھ پندرہ ہزار روپے سے اور کل خرچ ایک کروڑ آٹھ لاکھ تیس ہزار تین سو پچاسی روپے ہوا - معاوضے کے روپے کا خالص آمدنی حضور نظام کا حق ہے اور ان کے حق کا انتظام کنٹریکٹر ہزار ایک روپیہ سالانہ پر ہے - لیکن سال ماسبق میں سوا آٹھ لاکھ کے قریب روپیہ آج ہے - تیس ہزار تین سو پچاس روپیہ بچا گیا - یہ علاقہ ۱۸۵۳ء میں گورنمنٹ ہند نے حضور نظام سے عارضی طور پر اس خاطر سے لیا تھا کہ اس کی آمدنی کے ایک حصے سے ایک فوج حضور نظام کی طرف سے رکھی جائیگی اور باقی روپیہ بعد وضع خرچات فوج گورنمنٹ نظام کو ملتا رہیگا ؛

رجسٹری:- تمام ہندوستان میں ۱۸۹۲-۹۳ء کے اندر ایک سال میں ۲۰ لاکھ ۹ ہزار ۴ سو ۷۷ دستاویزات رجسٹری کی گئیں جس سے ۴۲ لاکھ ۹۰ ہزار ۹ سو ۷۵ روپے کی آمدنی سرکار کو ہوئی اور ۲ لاکھ ۸۰ ہزار ۹ سو ۵۳ روپے خرچ ہوئے ؛

بجٹ سال آئندہ:- ۱۸۹۳-۹۴ء کے حسابات قطعی طور پر تیار ہو کر ۱۸۹۴-۹۵ء کا بجٹ پیش ہوا - گورنمنٹ کو ۸۰ لاکھ ۴۴ ہزار کی زمین سالوں میں گھٹی ہوئی - اس تخمینہ گھٹی کا ایک کروڑ ۶۹ لاکھ ۸۰ ہزار ہے - آمدنی تخمینہ سے سال ۱۹ لاکھ ۸۰ ہزار بڑھی خصوص صیغہ ریلوے اور نکاس میں - مگر آمدنی محصول نمک اور افیون میں ایک کروڑ ۱۰ لاکھ ۵۰ ہزار کا گھاٹا ہوا - سال افیون کے صیغے میں کمی کی باعث خرابی فصل ہوئی - باقی ہر ایک صیغے میں خرچ بڑھ گیا - مثلاً ریلوے میں ۱۰ ہزار خرچ میں ۳۱ لاکھ ۵۰ ہزار کی کمی ہوئی - ۷ لاکھ اضافی اخراجات ۲ لاکھ ۵۰ ہزار روپیہ اس وجہ سے خرچ ہوا کہ سکہ بڑی آف اسٹرلنگ کو سونے کی قیمت دینی پڑی - کل ذیصیغے میں کمی بیشی میں سے ۱۰ لاکھ ۵۰ ہزار روپیہ زیادہ صرف ہوا - سال آئندہ کی آمدنی کا تخمینہ ۹۱ کروڑ ۸۰ لاکھ ۸۰ ہزار روپے کا ہے - اور خرچے کا تخمینہ ۹۲ کروڑ ۳۴ لاکھ ۸۰ ہزار ہے ؛

مذاق

چور (آدھی رات کو گھر میں گھس کر گھرگھرا کر) "تمہارا شوہر کہاں ہے ؟"

عورت (لرزتے ہوئے) "چارپائی کے نیچے" ؛

چور "تو پھر میں کچھ نہیں لونگا - کیونکہ ایسے شوہر کا کھونا بھی مال کے چوری جانے سے بدتر ہے" ؛

ایک جان پہچان غریب لوگوں کو تماشا دکھلا کر شام کو گھر کی طرف لوٹ رہا تھا - راستے میں اسے دو بدمعاش ملے اور کہنے لگے "بکھو جی ہم آج ہی تمہارا تماشا دیکھ چکے ہیں - تم نے خالی تھیلی میں سختی بھر روپے پیسے پیدا کر لئے تھے اور ایک عورت شخص کے کپڑوں سے ایک کرنسی نوٹ بھی نکالا تھا - ایسا ہی اس وقت فوراً کر دو اور ہمیں دے دو" ؛

صاحب "پیاری آج کیا مال ہے ؟"

میم "میری تمام کوشش اور کام بیکار ہو جاتے ہیں اب میں اپنی سہیلیوں میں سرور آور وہ نہیں رہی جب سے وہ مسٹر اولڈ فام واپس آئی مجھ کوئی پوچھتا بھی نہیں - میرا رسوخ بہت کم ہو گیا ہے" ؛

صاحب "مگر کیا وجہ ؟ وہ خاندانی ہے تو تم بھی خاندانی ہو - وہ دولتمند ہے تو تم بھی دولتمند ہو - پھر فرق کیا ہے" ؛

میم "مگر یہ سب باتیں اس وقت بیکار ہیں - اس کا شوہر لڑائی میں مارا گیا ہے - اور تم ابھی تک زندہ ہو" ؛

جب کوئی شخص مشہور ہو جاتا ہے تو عام ہوتا ہے کہ ملک میں ہر شخص اس کا ہم مکتب رہا ہے ؛

"بابا کیا فرق کام اور انفلوئنزا میں کچھ فرق ہے ؟"

"اگر ڈاکٹر تمہارے ذکام کہ دے تو اس کا بل ایک شلنگ خرچ ہوتا ہے لیکن اگر وہ انفلوئنزا کہ دے تو دس شلنگ سے کم نہیں لگتا - ان دونوں میں صرف نو شلنگ فرق ہے" ؛

مرد (اخبار پڑھتے ہوئے) "مسٹر وائٹ کے گھر میں ایک حادثہ گزرا ہے - نوکرانی نے غلطی سے آگ میں کسی قدر بارود ڈال دی اور وہ چھت کے بیچ میں سے اوپر کو اڑ گئی" ؛

عورت (ہمدردی سے) "مسز وائٹ کو ہمیشہ اپنی نوکرانیوں کی طرف سے تکلیف رہتی ہے جو ہمیشہ سے بلا پیشگی نوٹس دیئے چلی جاتی ہیں" ؛

عجیب عجیب باتیں

جوؤں کے لئے اشتہار:- مندرجہ ذیل عجیب اشتہار لندن کے ایک روزانہ اخبار میں شائع ہوا تھا ؛

"ایک جنٹلمین کو کہ جس نے عہد کیا ہے کہ جب اس کے مکان میں بیس ہزار تندرست جوئیں ہوں تب اس مکان کو چھوڑیگا - اس قدر مکھیوں کی ضرورت ہے - وسط مارچ میں نقد قیمت مال وصول ہونے پر دیجاوینگی - پتہ :- ہیر سٹر سرفٹ ای بشپس روڈ - ڈبلیو" ؛

گوشت کا خرچ:- انگلستان میں ۱۸۹۲ء میں سال گزشتہ کی نسبت ایک لاکھ ۶۰ ہزار من گوشت کم خرچ ہوا - وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ اس سال کے موسم گرما کے دو سو دنوں میں اس ملک کے تین کروڑ اسی لاکھ گوشت خور لوگوں کی بھوک سے ایک اونس کا مقدار کم ہو جانے سے اس قدر خوراک گوشت کی اس سال میں کم خرچ ہوئی ؛

ملکہ معظمہ کے بازو بند:- ملکہ معظمہ ایک بازو بند ہمیشہ ایک بازو بند پہنے رہتی ہیں جس میں ان کے مرحوم شوہر کی چھوٹی سی تصویر منسب ہے - اور دوسرے بازو کے بازو بند میں ان کے سب سے آخری نبیرے کی چھوٹی سی تصویر رہتی ہے - لیکن آخری تصویر بہت جلد جلد بدل جاتی ہے کیونکہ نبیرے یکے بعد دیگرے آجکل جلد جلد آتے ہیں ؛

یورپ کے بعض بادشاہوں کی خاص عادتیں:- یک انگریزی اخبار نے ولایت کے ایک جہاز سے یورپ کے خاص والیان سلطنت کی عادتیں نقل کی ہیں اور وہ یہ ہیں :- پرنس آف ویلز جب کبھی ناراض یا پریشان خاطر ہوتے ہیں تو اپنی بائیں آنکھ کو بہت جلد جلد بند کرتے اور کھولتے ہیں - شہنشاہ جرمنی نارنجی کے سوتھے بہت زور سے اپنی مونچھوں کو کھینچتے ہیں - شاہ اٹلی جن کی مونچھیں بہت لمبی اور ریشمی ہیں آہستہ آہستہ ہاتھ پھیرتے ہیں - آسٹریا کے شہنشاہ اپنے مصاحبوں کو پھلا لیتے ہیں - شہنشاہ روس انگلیوں کو سر کے بالوں میں اندر باہر کر سہلاتے ہیں یا اپنے ہاتھوں کو کھلا کر سر پر رکھ لیتے ہیں - خدیو مصر بائیں پیر کو نہایت بے صبری کے ساتھ جنبش پہ رہتے ہیں - اور آسٹریا کی ملیکہ جب کبھی کسی امر میں اپنا زیادہ اشتیاق ظاہر کیا کرتی ہیں تو اپنی داہنی کنپٹی پر سے بالوں کی ایک لٹ کھینچ لیا کرتی ہیں ؛

جولس ورن فرانس کا مشہور ناول نویس اس وقت اپنا ۶۴ واں ناول تصنیف کرنے میں مصروف ہے - گزشتہ ۲۷ سال میں یہ علمی ہمارد ہر سال میں دو ناول ختم کرتا رہا ہے ؛

سچائی کا ثبوت

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد احمد الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا عالی اور ماہر ہے اور اسکی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں۔

ڈاکٹر اے۔ آر۔ ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۵ اگست ۱۹۰۷ء

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھکر تسلی دے سکتا ہے۔

بخوف شافی مطلق ہمکو مندرجہ ذیل ادویات کے مشتہر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپکو انکی خریداری کے واسطے بیں شرط آمادہ کرتے ہیں۔ کہ اگر مدت مقررہ تک آپکو فائدہ نہ ہو تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے تا حصول صحت آپ کا روپیہ کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں ہے۔ تمام فرمایشوں کی تعمیل بطریق وی پی پوسٹ پارسل ہوگی۔ شاذونادر اگر روپیہ کے واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا۔

آتشک کی پوڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج ۴۸ پوڑیاں ۔ عہ

مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخم پر لگانے کیواسطے فی ٹیوب ۔ عہ

عرق عشبہ مرکب (فساد خون۔ درد ہڈی۔ آتشک گنٹھیا غارش) کیواسطے شیشی خورد عہ شیشی کلاں ۔ ۔ ۔

کارنرک صاحب کا کاڈلیور آئل ملکت

یعنی

شیر روغن ماہی یا دوا کی شکل میں مچھلی کا تیل

سب سے بڑی دقت کاڈلیور آئل یعنی روغن ماہی کے استعمال میں یہ ہے کہ خواہ کیسا ہی صاف کیوں نہ بنایا جاوے طبیعت اور معدہ دونوں اس کو قبول نہیں کرتے۔ اول تو اس کا حلق سے اترنا ہی مشکل ہے۔ اور اگر کسی طرح بھی کوشش کر کے اتار بھی لیا جاوے تو معدہ میں ٹھہر کر ہضم نہیں ہوتا۔ پس وہ فائدہ جس کے لئے اس قدر تکلیف گوارا کی گئی تھی حاصل نہیں ہوتا بلکہ اور خرابیوں کے پیدا کرنے کی وجہ سے نہایت محنت اور صرف کثیر اور کتنی ہی تحقیقات کے بعد کارنرک کمپنی لمیٹڈ کے کارخانے میں یہ دوا تیار کیا گیا ہے۔ جو بہت خوشگوار مزہ اور بو میں دودھ معلوم ہوتا ہے۔ مگر حقیقت میں ہے کاڈلیور آئل۔ معدہ کاڈلیور آئل سے بدرجہا بہتر ہے۔ طاقت میں کچھ بھی فرق نہیں۔ معدہ بھی اس کو قبول اور ہضم کر لیگا۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ پانی میں گھول کر پی لیجئے۔ کیسا ہی تاریک مزاج کیوں نہ ہو اس کو بھی اس کا ذائقہ ناگوار نہ ہوگا۔ اب رہے اس کے فائدے۔ وہ بھی اظہر من الشمس ہیں۔ کاڈلیور آئل سے بہتر کمزوروں کو توی اور لاغروں کو فربہ کرنے کے لئے کوئی دوا نہیں ہے۔ یورپ کے نامی ڈاکٹروں نے برسوں کے بعد اس کو اپنے مطب میں داخل کیا ہے۔ بیمار کو اگر کاڈلیور آئل کے سوا اور کوئی استعمال نہ کریں۔ ۸۔ اونس والی کی قیمت ۱ روپیہ

شیر روغن ماہی: معدہ ہیپاٹائٹس آف لائم اینڈ سوڈا۔ کارنرک کاڈلیور آئل کو زیادہ قوی اور مفید کرنے کی غرض سے ہائپوفاسفائٹ آف لائم اینڈ سوڈا کے ساتھ ملایا ہے۔ جو لوگ سل۔ مسہری۔ سوزش۔ امراض صدر وغیرہ میں مبتلا ہیں یا جن کو ڈاکٹر کاڈلیور آئل کو زیادہ قوی اور مفید کرنے کی غرض سے ہائپوفاسفائٹ آف لائم اینڈ سوڈا کے ساتھ ملایا ہے۔ جو لوگ سل۔ مسہری۔ سوزش۔ امراض صدر وغیرہ میں مبتلا ہیں یا جن کو ڈاکٹر کاڈلیور آئل استعمال کرنے کا مشورہ دیتے ہیں۔ نوجوان جنہوں نے غفلت سے اپنی قوت باہ کو ضائع کر دیا ہے۔ ان کو ضرور استعمال کرنا چاہیئے۔ بڑے بڑے نامی گرامی متفق ہیں کہ تپ دق اور امراض صدر کے مبتلا جن کو فربہ کرنے کے واسطے کارنرک صاحب کا شیر روغن ماہی نہایت مفید ہے۔ ۸۔ اونس والی بوتل کی قیمت ۱ روپیہ ۸ آنہ ہے۔

یہ دوائیں صرف کارخانہ کارنرک کمپنی لمیٹڈ شہر لندن میں تیار ہوتی ہیں۔ اگر کوئی شخص ان مرہموں کے واسطے یہ دوائیں ہمارے مرکبات کے عوض پیش کرے۔ تو ایسی حالت کو ہرگز نہ مانا کرو۔

اسے برکت اینڈ کو

ہر ہفتہ ہال بازار فیروزپور کی دوکان سے یہ دوائیں نہایت عمدہ اور بخلوص دستیاب ہو سکتی ہیں۔

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں؟

کوئی ہندو یا مسلمان ہم کو تامل کرے کہ اگر ریل اور سڑک پر آدمی جانوروں سے پاک ہوتی ہیں۔ جو ہر ایک مذہب میں نجس ہیں۔ ہم اس بے ہودہ حالت سے دنیا کے کسی حصہ کو نجات دلانے کے واسطے کوشش کرتے ہیں۔ مگر ہم کو کسی مذہب کے توڑنے کی خواہش نہیں ہے کیونکہ ہر مذہب اخلاق حمیدہ کی جڑ ہے۔ ہم اپنی ایسی ادویہ کو صاف ستھرا بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ جو ہر ایک مذہب کے لوگ بلا تامل استعمال کر سکیں۔ ہم نے اپن

بچھڑے ہوؤں مُردوں کی ارواح کی مجسم شکل میں ہزاروں (مصور) آرزو بر ملاقات

پتہ صاف لکھو

زندہ جاوید

مذکورہ عنوان کتاب کی ہدایتوں پر عمل کرنے سے ہر شخص (دل) ہی روز اپنے مرحوم و مغفور بزرگوں۔ رشتہ داروں۔ پیاری بی بی۔ جگر گوشہ بچوں (یا جس سے ملنے کی تمنا ہو) کی ارواح سے اکثر مجسم شکل سے نمودار ہوتی ہیں باتیں اور ملاقات کر سکتا ہے۔ بزرگان اقوام۔ موجدان مذہب۔ پیشہ ایران دین۔ حکما۔ علما۔ فضلا۔ اطبا۔ متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہو کر استفادہ حاصل کرتا ہے۔ دہریوں۔ منکروں۔ ملحدوں۔ منکروں۔ نیچریوں کو عالم ارواح۔ زندگی بعد موت۔ روح۔ ملائکہ اور خدا کی ہستی کا ارواح کی زبان سے عملی و بدیہی ثبوت دلا سکتا ہے۔ مصنف نے اپنی سابق کتاب "زندہ کرامات" میں معمول میں حالت روحانیہ پیدا کرنے کا قاعدہ لکھا ہے۔ لیکن اس کتاب سیلف ہپناٹزم یعنی خود عامل کے روشن ضمیر بننے کا قاعدہ صاف لکھ دیا ہے۔ علاوہ ازیں جن امور کو اس کتاب میں مخفی رکھا تھا اس کتاب میں ظاہر کر دیا ہے۔ مسئلہ تناسخ پر ایک نئے پہلو سے نکتہ چینی کی ہے جو ہر مذہب والوں کو قطعی عجیب معلوم ہوگی۔ علم سرود سیکھنے کی حیرت انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں۔ مصنف کا وعدہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر بائیں سکھانے میں ذمہ دار ہوں۔ قیمت فی جلد عہ

المشتہر انبا پرشاد ایف۔ سی۔ ایس (وصوفی) مراد آباد

(۳ ۱۵)

جوہر زراعت (اپنا پتہ صاف لکھو)

اردو میں نئی کتاب چھپی ہے۔ مع تصاویر انگریزی قیمت عہ جس میں ہر قسم کی دیسی ترکاریاں۔ ولایتی ترکاریاں۔ صالحہ۔ ساگ۔ پھل۔ پھلے اور عجیب و غریب اشیائے تجارتی کے حالات مفصل و ترکیب کاشت و شناخت تخم و کھاد و زمین وغیرہ و معہ تجربات کے مندرج ہیں بڑی ضروری اور معتبر ہے۔ اس کے نوائد سے محروم نہ رہنا چاہئے اس کی علامت تک تعریف چھپی ہے ؛

جوہر حیوانات

یہ کتاب بھی بے نظیر ہے۔ نہایت دلچسپ اور ضروری جس میں عام دنیا کے ہر قسم کے جانور خانگی و جنگلی چرند۔ درند و خانگی پرند۔ جنگلی پرند۔ آبی پرند۔ کیڑے مکوڑے۔ زہریلے جانور۔ مچھلیاں۔ دریائی جانور۔ بندر۔ بن مانس عجیب الخلقت جانور سب کے حالات مفصل معہ تصاویر انگریزی قیمت عہ جوہر شاہ سیر جس میں دنیا بھر کے تمام بڑے بادشاہوں۔ عالموں۔ پیغمبروں اور بہادروں کے حالات مفصل۔ ۲۰ عورتوں کے قصے زمانہ حال کے نامی گرامی لوگوں کے حالات معہ تصاویر۔ قیمت عہ

جوہر نباتات فن باغبانی اور درختوں کے حالات معہ تصاویر (جوہر) ریاضی بہ۔ جوہر حکمت۔ جوہر معدنیات زیر طبع ؛

المشتہر چاری لال زمانہ بک ڈپو۔ ۷ انارکلی لاہور

ولائتی اشکاری!! چاقو!!

قیمت فی عدد عہ۔ خرچ ڈاک عہ آنے (۲ ۱۵)

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملیگا

کلیات طالب لنانی

یہ اردو کا پہلا شاعر ہے نظیر حضرت طالب کا مجموعہ میں پہلی جسمیں ہر طرح اردو و دیوان ہیں ایک عاشقانہ۔ دوسرا عارفانہ قیمت فی جلد عہ علاوہ محصول۔ ملتان لاہور دروازہ جناب مستقر کے مسلمہ

خضاب لاجواب آزمودہ و سربمہر

ہزاروں مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ خضاب ہذا میں نظیر آپ ۲ گھنٹے باندھنے سے سفید نوجوانی رنگ کالی یا سیاہی اور خوبصورتی رنگ ہے۔ بدرجہا بہتر ہے ابھی اپنی بے بہا خوبیوں کیوجہ سے ہاتھوں ہاتھ بکثرت فروخت ہو رہا ہے اور بیسیوں شہادتی سرٹیفکیٹ بہت ہی تعریف نامہ موجود ہیں جو خضاب کے ساتھ ہی ملتے ہیں۔ قیمت فی شیشہ عہ آنہ۔ تولہ کر کے بھی دیا جاتا ہے۔ تولہ کا محصول ڈاک علیحدہ ہے بنظر ارزانی عام ایک روپیہ کا تولہ ہے۔ نمونہ مفت

عجیب چیز یعنی یرقان کی خلیہ یا دودھ کی طرح سفید ہو جاتی ہے ڈھیلا ڈھالا ہو جاتا ہے کھانا نہیں ہضم ہوتا ہے ہر قسم کے یرقان کو فی ڈھیلا ڈھالا ہو جاتا ہے کھانا نہیں ہضم ہوتا ہے ہر قسم کے یرقان کو فی الفور دور کرتا ہے سب دوائیں ہیچ ہو جاتی ہیں شربت ملائم ہے لطف یہ کہ پرانے سے پرانے سوزاک کو بھی جڑ سے کھو دیتی ہے ؛

المشتہر حکیم مولوی مہتاب الدین مالک شفاخانہ مسدود حکمت موچی دروازہ لاہور

کلیمنس ناٹک

طاقت کی نادر دوائی فی بوتل عہ تین بوتل عہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گی

ہمت ہارے کی

ڈاکٹر برمن کی دمہ کی دوا

(۱) دمہ چاہے جیسے زور سے اُچھلتا ہو اس کی دو ایک مقدار ہی سے دبتا ہے ؛

(۲) شروع میں اس دوا کا استعمال کیا جائے تو دمہ جڑ سے جاتا ہے ؛

(۳) پرانے دمہ والے کا دمہ دم کا ساتھی ہو گیا ہو بھی اس دوا سے صحت پا جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ اس دوا کے سہارے بنا ہتھوں کی زندگی بسر ہو جاتی ہیں ؛

قیمت فی شیشی عہ۔ ڈاک محصول اسی قدر شیشی تک پانچ آنے (۲ ۱۵)

سارٹیفکیٹ وغیرہ کی چھپی ہوئی کتاب بیمار ملتی ہے۔ منگا کر پڑھئے ؛

المشتہر

ڈاکٹر ایس۔ برمن نمبر ۵ نارائن مندوت سٹریٹ کلکتہ

طلسمات کی گولیاں

(انکار رفتہ بوڑھوں کے لئے عصائے جوانی۔ کمزور و ناتوان جوانوں کے لئے طلسم سلیمانی)

گولیاں کیا ہیں حقیقت میں جادو ہیں۔ دنوں کے بعد دیکھئے بوڑھے کو اور رجوان کو نوجوان پائیگا۔ مردہ طاقت کے بجائے زندہ دلی۔ زندہ دستی پیدا کر دیتی۔ گولیاں کیا ہیں درحقیقت ہر گولی جادو ہیں ایک دوائی جیون مراس کو بعد تمام اعضا دل۔ دماغ۔ جگر وغیرہ تمام بدن کو طاقت بخشتی ہیں گولیاں کیا ہیں درحقیقت مس جادو ہیں۔ ۲ روز سے ۲ روز کمزور یا بیخوابی یا وغیرہ تک کے لئے اکسیر ہیں۔ کہیں انکی مثل نہیں ملتی بعضے پرہیز کے استعمال سے معلوم ہو جاتا ہے۔ منگوا کر دیکھئے۔ قیمت فی بکس عہ محصول ڈاک خریدار کے ذمہ ہے ہمارے کارخانہ میں بہت سی جڑی بوٹی کی دوائیاں موجود ہیں ناقص پرہیز سے ایک کارڈ بھیجکر منگا سکتے ہیں

المشتہر شرائن سنگھ بہرام سنگھ سوداگران حال بازار امرتسر سمت ۱۹۴۱ء

امیروں کے واسطے تحفہ

آپ کو معلوم ہوگا کہ خالص سرخ رنگ کے ملکا کین (بید) بہت نایاب ہیں نقلی رنگے ہوئے پیوندوں والے گانٹھیں چھیل کر گانٹھ کے ہوئے مڑن کے ہلکے طرح ہوئے تو اکثر مقامات سے تھوڑی تھوڑی قیمت پر ملتے ہیں۔ اگر کسی امیر کو خالص ملکا کین کا نہایت اعلیٰ قسم کا ساٹھ ستر حلقی قیمت عموماً دس پندرہ روپے ہوتی ہے بالکل مشکل ہے۔ اس کا باعث یہ ہے کہ عام آدمی سستی چیزیں مانگتے ہیں اور دستاین کے مقابلہ میں عمدہ کا مال نہیں بیا جا سکتا۔ انگریز لوگ خالص ملکا کین کے بڑی شائق ہیں اُن کی لگاتار مانگ اور تاکیدی فرمائشوں کے باعث ہم نے مجبوراً خالص ملکا کین راہ راست سنگاپور سے منگوانیکا انتظام کر لیا ہے۔ ہمارے ہاں عموماً چار قسم کے کین تیار ہوتے ہیں (۱) موٹے ملکا کین پیادہ سرے لمبے ایک انچ موٹے ملکا کین چاندی کی ہمکار شامیں فی عدد ۲ء۲ ملکا کین کے ہنٹر بارہ سنگا کا دستہ۔ چاندی کی ہمکار شام کین ۲ء۲ پانچ موٹے ۲ء۲ فٹ لمبے سوا چھٹ لمبی فی عدد ۲ء۲ ہلکے ملکا کین سواری والے چاندی کی شام ۲ء۲ پانچ موٹے ۲ء۲ فٹ لمبے فی عدد ۲ء۲ ہلکا کین کی چوری چاندی کی شام عمدہ مفید نال ۲ء۲ فٹ لمبی فی عدد ۲ء۲۔ نوٹ علاوہ ازیں دیگر ہر قسم کا کین حسب فرمائش خریدار۔ خریدار کے نام شام کے اوپر چھوڑ دار شامیں۔ سائیس کی چنوریاں وغیرہ مزید فرمائش پر تیار ہو سکتی ہیں۔ نال بذریعہ وی پی بھی روانہ کیا جاتا ہے۔ ایڈریس ۔ المشتہر گنڈا سنگھ اینڈ برادرز ایجنٹ کمپنی ملکا کین کارخانہ پنجاب سپورٹس ورکس سیالکوٹ

اشتہار

سید غلام حسنین قدر کا کلیات مطبع مفید عام آگرہ کا چھپا ہوا نہایت عمدہ کاغذ پر ہمارے پاس موجود ہے۔ شائقین اس کلیات کو کسی معمولی شاعر کا کلیات یا دیوان تصور نہ فرمائیں کہ جیسے آجکل شائع ہو رہے ہیں۔ یہ وہ شاعر ہے کہ جس کے کلام کو تمام اساتذہ فن نے شعرا بہت عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ بندشیں چست۔ قافیہ ردیف۔ مضامین کے نئے اور انوکھے انداز سے گوئی غزلیں بھی ہوئی ہیں قصائد میں وہ زور طبیعت دکھایا ہے کہ جس کا لطف دیکھنے ہی سے تعلق رکھتا ہے تار بخگی کا انداز بس سے نرالا ہے۔ شوخی و بانکپن کا تو گہوارہ تو شاہان عنان ہیں اور مضامین نو ایجاد اُن کا گہنا ہے۔ باوجود اس لطافت اور پاکیزگی کے قیمت صرف عار رکھی گئی ہے۔ تاکہ شائقین کو ایسے شاہ بیمثال کی خریداری گراں نہ گزرے۔ درخواست ذیل کے پتہ سے آنی چاہیئے۔ حمیدیہ آباد دکن ترپ بازار جام باغ سید احمد زید۔

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت رکھی۔ ۳۵ تصاویر پورے صفحے کی اور دو دو صفحے کی۔ کل حجم تین سو صفحے سے زیادہ

مجلد چپر سنہری اور روپہری حروف میں کتب کا نام کندہ ہے

بالکل تیار۔ قابل دید!

قیمت عیا کچ ڈاک وغیرہ ۴ ر

المشتہر مہتمم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

بال اڑانے کا عجیب پوڈر

یہ پوڈر گرم پانی سے لگانے سے دم بھر میں بالکل بال اڑا دیتا ہے اور طرفہ یہ کہ جلد کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتا۔ قیمت فی بکس ۸ ر تین بکس عہ چھ بکس ۱۶ خرچ ڈاک علاوہ کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتا ہے۔

حکایات حکیم لقمان معہ تصاویر دو مجلد

نئی تقطیع کی خوبصورت اور بیش قیمت کتاب جو دو تین سال سے اردو میں ترجمہ ہو رہی تھی حال ہی میں مطبع خادم التعلیم سے چھپ کر شائع ہو گئی ہے۔ اس میں حکیم لقمان کی ایک سو ساٹھ حکایات ہیں۔ ان میں سے ہر حکایت کے نیچے اس کا نتیجہ لکھا ہے اور ساتھ ہی اس کا محل استعمال ملک ہندوستان کے موافق حال صاف عبارت میں لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد کوشش کی گئی ہے کہ ہر محل کے آخر فارسی یا اردو کا کوئی موزون شعر یا مثل یا موقعہ کے مناسب ہو حکایت کے مطلب کو مؤثر اور نمایاں کرنے کے لئے درج کیا جاوے۔ اور اس بارہ میں جہاں تک کامیابی ہوئی ہے ناظرین اسی کتاب کو دیکھ سکتے ہیں۔ کتاب کے چھٹے ایک فہرست درج ان حکایات کی اور ایک مختصر تذکرہ حکیم لقمان کا شامل کیا گیا ہے۔ غرض چھوٹی تقطیع کے چار سو صفحوں پر یہ کتاب ختم ہوتی ہے۔ تصاویر بھی اس میں شامل ہیں۔ اس کتاب کی حکایات کے دلپسند ہونے کی نسبت صرف ایک شخص کی شہادت کافی ہے جو مسلمانوں کے نام سے بگڑا جاتا ہے اور جب اس کے اعمال کی نسبت کسی کو شک نہیں ہو سکتا یہ بزرگ پادری جو حکایات لقمان کی نسبت فرماتا ہے کہ "اور تو کوئی کتاب اس سے عمدہ نہیں۔ یہ کتاب نہیں کسی ایک آدمی کے ذہن رسا کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ مختلف عقل مندوں کی عمروں کے تجربے کا خلاصہ ہیں۔ ہر ایک حلیہ ایک روپیہ دس آنے (بعہ) محصول ڈاک علاوہ اس کے

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہے

مبارک! مبارک!! مبارک!!! نیا سال

نیا سال اور ہماری دکان

جس دلجمعی اور عنایت سے آپ لوگوں نے میری ناچیز محنت کی قدردانی فرمائی ہے میں آپکا نہایت مشکور ہوں۔ امید اس نئے سال کے بھی یہی عنایتی کی خاطر ہیں عمدہ کلاک ٹائم پیس اور سٹرٹ واچ کی جیبی گھڑیاں ولایت سے منگوائی ہیں چونکہ دور سے اور نیز کام نکالنے سے مجھ کو عاشق ہوتی ہے معذرت سے بھی آپکے نوٹس خیال ہو کہ تھوڑا کھانا پہاڑی سے بچا تا ہے گھڑیوں کی قیمت بھی اسی قدم کی ہے مجھ پوری امید ہے کہ پہلے کی طرح اس سال بھی آپ میری خدمات کی قدردانی فرما کر بندہ کو ممنون و مشکور فرمائینگے نیز گھڑیوں کی مرمت بھی عمدہ اور بکفائت ہر ایک قسم کی ہو سکتی ہے۔

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی ۴ سال

نکل سلور اوپن کیس کیلیس ۳ جواہر نکل سلور اوپن کیس کیلیس درجہ دوم ۵ عدد پکٹ واچ گارنٹی ۴ سال ۱۰ عدد۔ سٹرٹ واچ گارنٹی ۲ سال ۷ عدد۔

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیاں لیور چال کی ہیں ڈبل کیس کیلیس لیور ۱۵ جواہر ہنٹر شک یعنی نیم ڈھکنہ ۱۵ عدد۔ سٹرٹ واچ یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں۔ گارنٹی ۴ سال نکلسلور کیلیس درجہ اول ۱۵ عدد۔ درجہ دوم ۱۰ عدد۔ خاص چاندی درجہ اول ۱۵ عدد درجہ دوم ۱۰ عدد۔ نئی طرح کی ہمیشہ گارنٹی ۲ سال ۷ عدد۔ پاکٹی کلاک ۲ گھنٹہ اور ۸ گھنٹہ بجانے والی ۱۰ عدد۔ پاکٹی ریپیٹر کلاک ۱۰ عدد گارنٹی ۲ سال

مجرب اشرطیہ اپرتاثیر

تمام دردمندوں خاص کر بیماران مبتلائے دردِ لاعلاج کی خدمت میں عرض ہے کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو مفت اور مع پیکنگ کمیشن بیچا جاوے۔ سند میں موجود ہیں طریق استعمال ہمراہ ہر بکس ہدایت اور ہدایات مفت ملیگی۔ بیلی رام کی گولیاں۔ چونکہ سالہا سال کے تجربے اور معلومات نے مجھ پر روشن کر دیا تھا کہ تمام خفیہ و عضویہ امراض جلی کا پیش خیمہ قبض ہی ہے اس لئے میں ایک مدت سے قبض ہی کی تلاش میں تھا جو ہر قسم کی قبض کے واسطے مجرب ہو۔ اور آزمائش پر آزمائش استعمال اور ہدایت کرتا رہتا تھا بالآخر بفضل کبریا کئی قادرہ گولیاں بصد کوشش و عرق ریزی تیار کیں جو کہ قبض کو جڑ سے اکھاڑ کر بھاری سمندوں کی طرح سے امراض مفسدہ ذیل کے وقوع کو نہیں ہونے دیتیں۔ وجع مفاصل۔ صرع۔ دردِ سر۔ دردِ شقیقہ۔ سکتہ۔ فالج۔ ضعف بصارت۔ کھانسی۔ تپ ملیریا۔ سیچ کا درد۔ کرنا۔ ان گولیوں کا کام ہے۔ علاوہ ازیں مقوی اعضائے رئیسہ۔ دل۔ جگر۔ دماغ۔ قیمت ۵۰ گولی ۱ر۔ کیمیکل گولی جلاب دو عدد گولی ۱ر۔ ممیرے کا سرمہ سفید بسل۔ نزول الماء۔ جالہ پھولا۔ سرخی چشم۔ دھلکہ۔ جملہ امراض چشم کو مفید ہے۔ قیمت فی تولہ ۱ر۔ مسجن دندان قیمت بکس ۱ر۔ امرتسر گولی۔ مقوی باہ و مسہل جملہ امراض بلغمیہ۔ سرد کرنے طبل۔ دو تین روز کے استعمال سے بھوک لگنی شروع ہو جاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرنا۔ رطوبات بدن کے زیادہ کرنے میں سوا امرتسر گولی کے کوئی عمدہ دوا نہیں ہے۔ قیمت پچاس گولی ۱ر

جوہر جہان۔ قیمت پچاس گولی ۱ر

اشتہار ہیں رام طبیب شاہی مدرسہ لوہاری۔ چوک متی لاہور۔

کتب قابل دید و کمیاب

حصہ اوّل منتخب باتی طبع ثانی سائز ۲۰×۳۰ اردو سائز میں صدہا کیمیا اثر نسخے درج ہیں مثلاً مصنوعی جواہرات بنانا، سونی و مصنوعی دانتی سونا بنانا، سونے کو سفید کرنا، فولاد کو شیشہ کی طرح سفید کرنا یا ہر قسم کی دھات کو سفید بنانا، فولاد کو جوہر دار کرنا، ہر قسم کا طبع چڑھانا، رنگ کی آمیزش بنانا اور پکھیلنا، چھاپنے کی روشنائی بنانا، ہر قسم کے کاغذ کی رنگین و منقش بنانا، ہر قسم کے کپڑوں کو دھونا، رنگنا، چھاپنا، بلاک بنانا، مہریں بنانا، ربڑ کی مہریں بنانا، ربڑ کی مصنوعی مہر بنانا، مصنوعی موتی بنانا، مصنوعی ہیرے بنانا، مصنوعی یاقوت بنانا، مصنوعی زمرد بنانا، مصنوعی لعل بنانا، مصنوعی پکھراج بنانا، مصنوعی فیروزہ بنانا، مصنوعی عقیق بنانا، مصنوعی سنگ مرمر کا جوڑ کرنا، مصنوعی سنگ مرمر کا چھاپن

اشتہار بموجب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی - بعدالت شیخ ایزد بخش صاحب منصف مقام اجنالہ

مدعی مسمات لاڈو ولد ہیرا قوم رہتی سکنہ بنام فتح الدین ولد شاہ اور میاں بخش ولد جیونا قوم راجپوت سکنہ اجنالہ

مدعی بوکالہ مدعا علیہم

دعوی مبلغ ۳۰ روپیہ سود بروئے تسلیم

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہم تعمیل سمن سے گریز کرکے عدم دستیاب ہیں اس لئے بذریعہ اشتہار ہذا مدعا علیہم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہم بتاریخ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء کو بوقت ۹ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریں گے تو مقدمہ کی بر خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آئیگی ۔

اشتہار بموجب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی - بعدالت شیخ ایزد بخش صاحب منصف مقام اجنالہ

مدعی مسمات لاڈو ولد لکھن سنگھ وگیرہ بنام لچھمن سنگھ وگیرہ اجنالہ

مدعی بوکالہ مدعا علیہم

دعوی مبلغ ۱۰۰ روپیہ سود بروئے تسلیم

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہم تعمیل سمن سے گریز کرکے عدم دستیاب ہیں اس لئے بذریعہ اشتہار ہذا مدعا علیہم کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہم بتاریخ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء بوقت ۹ بجے صبح کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریں گے تو مقدمہ کی بر خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آئیگی ۔

مہابھارت

[illegible] قیمت فی جلد اول صفحہ ۳۲۰ فی خط بلا افتصار قیمت مصول ڈاک وغیرہ صرف مبلغ عہ۔ ایضاً دوم خولی ہر مثل اول کو مکمل سے محصول ڈاک وغیرہ ۱۰ ہر دو کی کل مبلغ عہ

تجویز جدیدیہ

[illegible] کتاب کو ۳۲ صفحہ کے ہفتہ وار رسالے میں شائع کریں گے سالانہ قیمت مع محصول ڈاک [illegible]

[illegible] ہو چکی ہے [illegible] ہر ایک صاحب کی خدمت میں [illegible] اطلاع بخشیں

[illegible] مصدقہ بازار کیسب اجنالہ

عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر بتجویز منشی [illegible] صاحب منصف صدر امرتسر ۳۰ - اپریل ۱۹۳۴ء

[illegible] بنام [illegible] بنام عمر بخش ذات ماشکی سکنہ [illegible] مثل [illegible] بتحصیل اجنالہ حال وارد [illegible]

[illegible] چھاؤنی کمتھا ملازم ریلوے - مدعا علیہ

[illegible] ۱۵ روپیہ [illegible]

[illegible] مدعا علیہ دانستہ چھپا رہتا ہے [illegible] اشتہار ہذا [illegible] مدعا علیہ کو حاضر عدالت ہذا [illegible] ۱۹۳۴ء کو حاضر عدالت ہذا [illegible] عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی ۔

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی - از عدالت سر لنگ صاحب بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ - بلوچستان ۱۹۳۴ء

سیٹھ دولت رام ولد لوک چند بنام حسن علی ولد نور بھائی قوم بورہ لوٹانہ سکنہ کوئٹہ - مدعی سکنہ پنیر بند عاقبہ زلان - مدعا علیہ

دعوی مبلغ الیہ

مقدمہ مندرجہ عنوان مدعا علیہ روپوش ہے اور تعمیل سمن سے گریز کر رہا ہے - اس واسطے یہ اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بنام مدعا علیہ مذکور جاری کیا جاتا ہے کہ وہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء کو حاضر عدالت ہذا ہو کر جوابدہی و پیروی مقدمہ کی کرے - ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی - ۳۰ - اپریل ۱۹۳۴ء

اشتہار عدالت دیوانی باختیارات مطابق دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی جلاسی منشی امیچند رام صاحب منصف اول اجنالہ

دیوینا ولد رتن چند کھتری ساکن بنام [illegible] ولد جادہ تیلی ساکن کھیرو مثلاں مدعی شاہ محمد مدعا علیہ

دعوی مبلغ روپیہ

ابرائے سمن ہذا علیہ نہیں ملا - سمن در واز ہے - مدعا علیہ کا پتہ نہیں ہے - لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء تک حاضر عدالت ہو کر پیروی نہیں کریگا تو اس کی نسبت یکطرفہ کارروائی ہوگی - ۲۰ مئی ۱۹۳۴ء

اشتہار بموجب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت دیوانی مسمی ایزد بخش صاحب منصف درجہ دوم مقام اجنالہ

علی بخش ولد دلاں علی قوم شیخ بنام تاباد ولد روشن قوم راجپوت سکنہ دیا سکنہ کارکر تحصیل اجنالہ - مدعی تحصیل اجنالہ - مدعا علیہ

دعوی مبلغ [illegible] روپیہ عمدگی

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عدم دستیاب ہے - اس لئے بذریعہ دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء بوقت دس بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی و پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اس کے بر خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آئیگی ۔

نوٹس ضروری

ہمیں [illegible] مڈل سکول [illegible] واقعہ [illegible] سرٹیفکیٹ امرتسر کے رہنے والے ایک ایسے فارسی خوان اُستاد کی ضرورت ہے جو کہ مڈل تک کی جماعتوں کو اردو اور فارسی سبجیکٹ پڑھا سکے - تنخواہ فی کس ۱۰۰ ماہوار دیجائیگی درخواستیں بعد نقول سندات رقم کے نام ہیڈ ماسٹر پنجابی مڈل سکول امرتسر کرم فرمائی سمری سیل سے بھیجنی چاہئیں ۔

ولایتی اشتکاری!! چاقو!!!

قیمت فی عدد ایک روپیہ دس آنے خرچ ڈاک چھ آنے ۔

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گا

امپیریل میڈیکل ہال لاہور

ہارمل آکٹرٹیو

(مصفی خون نباتی مرکب)

ایک تندرست جگر

قبض - خلل جگر - بواسیر - بدہضمی یا بادخون کے وسوسے اکسیر کا علم رکھتا ہے - قیمت فی بوتل ۱۰ شہور معروف اور سند یافتہ ڈاکٹروں کے سرٹیفکیٹ موجود ہیں ۔

منجن مروارید

زندگی کا مزہ اسی میں ہے کہ دانت مضبوط اور کام کے لائق ہوں جب یہ کمزور اور رخنے ہو گئے تو پھر نہ جسم کی پرورش اچھی طرح سے ہو سکتی ہے - کھانے پینے میں مزہ آتا ہے - ہضم میں فتور پیدا ہو جاتا ہے - صورت شکل ایسی عجیب و بیگانہ ہو جاتی ہے کہ بعض اوقات یاران قدیم و دوستان صمیم بھی پہچاننے سے عاجز آجاتے ہیں ۔

منجن مروارید سے نہ صرف سلک دندان کو جلا اور آب و تاب حاصل ہوتی ہے بلکہ دانتوں، مسوڑوں اور جبڑے کی تمام بیماریوں میں صدہا بیماروں کو جو عرصے سے مبتلائے مرض تھے شفائے کلی حاصل ہوئی ہے - ہدایات بوتل پر موجود ہیں - قیمت فی بوتل عہ ۔

اکسیر کبیر

یہ دوا بہت محنت اور جانفشانی سے تیار کی گئی ہے اور امراض ذیل کے واسطے حکما شفائے کلی بخشی ہے - ضعف باہ - ضعف دماغ - ضعف اعصاب - ضعف قلب - نسیان - اس دوا کے استعمال سے چند ہی روز میں طبیعت میں جوانی جیسا اپنے تئیں ہے - محنت و جانفشانی سے دل نہیں گھبراتا - قوت حافظہ معلوم ہوتی ہے - خیالات کے انتشار سے محفوظ رہتا ہے - رفت نہیں ہوتا تو لیدیں مواد فاسدہ ہیں - سب بہت جلد رفع ہو جاتی ہے - دوا کو وہ قوت حاصل ہو جاتی ہے کہ اگر دن رات بھی دماغی محنت میں مصروف رہے تو مضمحل نہیں ہوتا - اعصاب میں ایسی قوت پیدا ہو جاتی ہے کہ بار و شدائد سے نہ گھبرائے - دوا اعضائے رئیسہ کی زائل شدہ قوتوں کو از سر نو تازہ کر دیتی ہے - عمر بھر کے مایوسوں کو بھی پورا فائدہ دیتی ہے - بڈھوں کے واسطے بادشاہ ہے - درد جوڑوں کے لئے مجون و غیرہ - قیمت فی تحجیس عہ ۔

تمام درخواستیں بنام ڈاکٹر حافظ فضل احمد مالک امپیریل میڈیکل ہال بازار انارکلی - لاہور آنی چاہئیں

انسان کی روزمرہ زندگی کے لوازمات میں سے ضائع بیان فرماتا ہے تاکہ انسان سوچے سمجھے اور متوجہ بخدا ہو

یہ اردو کلیات شاعر بے نظیر حضرت طالب کا لکھنؤ میں چھپا ہے جسمیں تقریباً اردو دیوان ہیں ایک حاشیہ۔ دوسرا خیبتہ قیمت فی جلد ۱۲ روپیہ علاوہ محصول ؛ ملتان بوہڑ دروازہ جناب مصنف سے ملے

خضاب لاجواب آزمودہ و مشتہر

ہزارہا مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ یہ خضاب ہمیں اپنا نظیر آپ ہے دو گھنٹے باندھنے سے لطف نوجوانی دکھاتا ہے۔ کھی سیاہی اور خوشنما رنگ ہے۔ بدبو جھاتا ہے ہمیشہ اپنی پہلی حالت پر رہتا ہے کیونکہ ہے ہاتھوں یا کھانے سے ہرگز نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی مزاج پر کسی قسم کی خلل ہوتا ہے۔ ہر ایک شخص مرد و عورت کے لئے یہ خضاب بہت ہی مفید ہے۔ ہر ایک شخص کو چاہیئے کہ ایک دفعہ ضرور آزما کر دیکھے۔ تو ہمیشہ کے لئے ہمارا خریدار ہو جائے گا۔ قیمت فی بوتل ۱ روپیہ ۸ آنہ علاوہ محصول ڈاک

بعجیب چیز یعنی جو بیان کی طبیعت یا دردہ اعضاء فی قوت خورد و کلاں ڈھیلا کلاں اندر کیسی ہی پتلی دباتے پرانی بیماری اور علاج سے مایوسی ہو زود اثر دوا ہے سب جزع ہو جاتی ہیں شربت علاج ہے لطف یہ کہ پرانے سوزاک کو بھی جڑ سے کھو دیتی ہے ؛

المشتہر حکیم مولوی شہاب الدین مالک شفاخانہ مدون حکمت موچی دروازہ لاہور

کلیمنس ناٹک

طاقت کی نادر دوا فی بوتل ۱ روپیہ تین بوتل ۲ روپیہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گی

بال اڑانے کا عجیب پوڈر

یہ پوڈر گرم پانی سے لگانے سے دم بھر میں بالکل بال اڑا دیتا ہے اور طرفہ یہ ہے کہ جلد کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہنچاتا۔ قیمت فی بکس ۸ آنہ تین بکس ڈاک چھ بکس ۱ روپیہ خرچ ڈاک علاوہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتا ہے

اشتہار

نمبر ۱۸۹ - ایکٹ ۲۰ سنہ ۱۸۹۱ء

میونسپل کمیٹی لاہور نے جلسہ منعقدہ ۲۸ اپریل ۱۸۹۴ء میں یہ تجویز کی ہے کہ قواعد ذیل حسب نشانے نمبر ۱۴۳ ضمن حرف (د) کے مطابق ترمیم جدید ہونگی کیجاوے چنانچہ ترمیم جدید چونگی سب ذیل کیجاتی ہے۔

سمت شمال

مشرقی کونہ ذخیرہ شاہدرہ سے برابر بارتہ ریلوے ریلوے لائن کے تا کراسنگ سڑک عام موضع کرول تک۔ اور وہاں سے بخط مستقیم تا باغ آہو والیہ۔ اور وہاں سے تا غربی کونہ موضع سلطان پور۔ اور شرقی سمت ریلوے کراسنگ سوئر سے ہوتی ہوئی سڑک آوہ کے آوہ تک ؛

سمت مشرق

آوہ پڑھو سے بخط مستقیم ریلوے کراسنگ تک۔ اور وہاں سے سڑک شالامار کے گزر کر میو روڈ تک۔ اور پھر پار راست میو روڈ سے تا پل نہر باری دوآب تک۔ اور وہاں سے نہر کے کنارے کنارے ہوتی ہوئی پل کے کراسنگ تک۔ جو عقب سنٹرل جیل کے جاتا ہے ؛

سمت جنوب

موقع متذکرہ بالا سے نہر کے کنارے کنارے۔ جو عقب سنٹرل جیل سے گزر آتا ہے۔ صدر میونسپل کمیٹی کی پچھم تک جو سمت جنوب کوٹھی اولڈ پارک۔ یعنی کوٹھی مسٹر پلوڈن صاحب کے واقع ہے ؛

سمت غرب

بارتہ ویسٹرن ریلوے سے برابر مشرقی اور جنوبی حدود ذخیرہ شاہدرہ سے ہوتے ہوئے دریائے راوی تک اور پھر دریائے راوی کے کنارے کنارے تا موضع گنجہ تک گاؤں سے بخط مستقیم شرقی کونہ دوام چمرہ تک جو بدرو کلاں پر واقع ہے اور پھر وہاں سے بخط مستقیم نئے ٹک جو عقب بوچڑ خانہ کے واقع ہے۔ پھر نئے کے کنارے کنارے جنوبی حصہ سڑک ملتان تک۔ اور پھر ملتان کی سڑک سے پرچی حدود میونسپل کمیٹی تک جو اولڈ پارک کی کوٹھی یعنی کوٹھی مسٹر پلوڈن صاحب) کی پرلی طرف واقع ہے ہوگی ؛

جس شخص کو کوئی اعتراض مجوزہ قاعدے کی نسبت اعتراض ہو۔ یا اس کو کوئی آذر جو پیش کرنی منظور ہو تو ایسی تجاویز یا اعتراض ۳۰ مئی ۱۸۹۴ء تک یا اس سے پہلے ایجنٹ کے پاس تحریری ارسال کیجاوے۔ بعد انقضائے تاریخ مذکور کمیٹی موجودہ قواعد پر غور کرے گی ؛

ڈی جانسن صاحب سکرٹری میونسپل کمیٹی لاہور

زندہ جاوید

مذکورہ بالا کتاب کی یہ جلد سے سر کرنے سے ہر شخص اول ہی روز اسے روم و شور وجود آپ سے مستفید ہوں گے۔ ہر گھر گوشہ بچوں رہا ہے کی ضرورت ہے۔ ہر دکان اقوام و جماعت مذہب پیشہ والوں کے لئے۔ ہر کتب خانہ تعلیم یافتہ کی ورق کی زیارت سے فیضیاب ہو کر استفادہ حاصل کرتا ہے۔ ہر جلسہ مشاعرہ میں محفل کو تمام دلی خوشی یا بصفات روح۔ عالم و مرد اکی اسی کا ارواح کی سبحان سے عملی و بدیہی ثبوت دلا سکتا ہے۔ مصنف نے اپنی سابق کتاب "زندہ کرامات" میں معمولی حالات و تصویری پیش کرنے کا قاعدہ لکھا ہے۔ لیکن اس کتاب سلسلہ تسمیر زم یعنی خود عامل کے روشن ضمیر بننے کا قاعدہ صاف لکھ دیا ہے۔ علاوہ ازیں جن امور کو اس کتاب میں مخفی رکھا تھا اس کتاب میں ظاہر کر دیا ہے۔ مسئلہ تناسخ پر ایک نئے ڈھنگ سے بحث چھیڑی ہے جو ہر مذہب والوں کو قطعی مفید معلوم ہوگی۔ علم سحر کو سیکھنے کے تحریر انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں۔ مصنف کا وعدہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر باتیں سکھلانے میں دقیقہ وا رکھوں گا۔ قیمت فی جلد عہ

المشتہر ہرنام پرشاد۔ بی۔ اے (مصنف) مراد آباد

جوہر زہر راعت (دوسرا ایڈیشن صاف لکھا)

اردو میں نئی کتاب چھپی ہے جو تصاویر انگریزی اشیاء بھی جس میں ہر قسم کی جیسی رنگارنگ دلائتی رنگارنگ یاں و مصالحہ سمیت پھل پھلنے اور عجیب غریب اشیائے تجارتی کے حالات مفصل و ترکیب کاشت و شناخت تخم دکھاد زمین وغیرہ سب جزبات کے مسئلہ ہیں بڑی ضروری اور معتبر ہے اس کے فوائد سے محروم نہ رہنا چاہئے اس کی علالت تک تعریف بھی ہے ؛

جوہر حیوانات

یہ کتاب بھی بے نظیر ہے نہایت دلچسپ اور ضروری ہے اس میں تمام دنیا کے ہر قسم کے جانور فائدی دلچسپی پرند و غیرہ کی پرند گلی پرند آبی پرند کیڑے مکوڑے۔ زہریلے جانور۔ مچھلیاں وغیرہ کے جانور سب کے حالات مفصل و تصاویر ہیں ہر عجیب الخلقت جانور سب کے حالات مفصل و تصاویر انگریزی سے ترجمہ ہوا ہے جو ہر مشہور چیز میں دنیا بھر کے نامور بادشاہوں و اہل یورپ کے حالات مفصل و مشہور عورتوں کے حالات مفصل کے نامی گرامی لوگوں کے حالات و تصاویر قیمت عہ

جوہر نباتات جس میں نباتی اور درختوں کے حالات و تصاویر۔ جوہر معدنیات۔ جوہر حرکت۔ جوہر معدنیات زیر طبع ؛

المشتہر ہیرا لال (پبلشر) بریلی۔ آگنانہ ہیرا لال گنج ضلع علی گڑھ

دلائتی اشکاری !! چاقو !!!

قیمت فی عدد عہ۔ خرچ ڈاک مجھ سے دس کارخانہ پیہ اخبار لاہور سے لیجئے

نیا سال اور ہماری دکان

جس مہربانی اور صاف سے آپ لوگوں نے ہماری محنت کی سالہا سال فرمائی ہے میں آپکا نہایت مشکور ہوں اب اس نئے سال کے پہلی ہی فاتحہ پر ہمیشہ عمدہ عمدہ کپڑوں کی تمام میں ہر طرح کی ہمیشہ کی طرح مکمل ہیں چونکہ دوسرے دیگر اقسام کے کپڑے بھی منگوائے ہیں آپکے تو جس خیال کو دیکھنا چاہئے تیار ہے گھڑیوں کی قیمت بھی معمولی قدم کر دی ہے بھی پوری امید کرتا ہوں کہ اس سال بھی آپ میری نیاز مندانہ فرمائیں گے بندہ کو ممنون و مشکور فرمائیں گے نیز گھڑیوں کی مرمت بھی عمدہ اور بکفائت ہر ایک قسم کی ہو سکتی ہے ؛

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی ۱۰ سال

نکل سلور ڈن کیس کیلیس ۱۰ جواہر ۱۰ گلٹ سلور ڈن کیس کیلیس ۱۰ جواہر ۱۰ گولڈ پلیٹ گارنٹی ۱۰ سال سے ؛

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیاں اسی چال کی ہیں

ڈبل کیس کیلیس ہنٹنگ یعنی نیم ڈھکنہ عہ ؛

برسٹ ڈبل سیمی کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں گارنٹی ۱۰ سال

سنگل کیلیس ۱۰ جواہر ۱۰ دو ڈھکنہ عہ خاص چاندی و بڑا ڈائل عہ

روپیہ پیشگی بقیہ ۱۰ سپیشل گارنٹی ۱۰ سال ؛ پاکی کلاک ۱۰ گھنٹہ ۱۰ گھنٹہ

چابی ۱۰ انگلی ۱۰ سپیشل کلاک ۱۰ سال گارنٹی ۱۰ سال

علم مسمریزم پر ایک نادر کتاب

موسومہ بہ

"زندہ کرامات"

مصنف نے اپنے آٹھ سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اسکا دعویٰ ہے اگر کوئی شخص اس کتاب کے اندر میرے شاگرد کو علم مسمریزم بشرط کوشش کامل کے ساتھ پڑھ جائے تو سو روپے چیلنج دیکر دنیا بھر کے سوسائٹی میں جا کر دکھا سکتا ہے۔ اس کتاب کے خریدار کو استاد کی ضرورت نہیں رہتی۔ کوئی آنکھ صاحبان قصد فیل سوسائٹی نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے۔ اس کی عمدگی کا اس سے زیادہ ثبوت کی ضرورت نہیں قیمت فی جلد عہ ؛ درخواست بنام ماسٹر ہنا پرشاد اپنل۔ بی۔ اے مراد آباد۔ محلہ تاڑ گھوپاں آنی چاہئے ؛

محبوب کیمیائے بصارت

دھند جالا۔ نا فہ بجلی۔ شرخی چشم۔ پڑال۔ نزول الماء۔ ملکہ۔ ابتدائی موتیا بند ضعف بصر۔ تر نیز جملہ امراض چشم کی نکمی دوا ہے۔ ستر سال سے ہزارہا بندگان خدا کو فائدہ پہنچا رہی ہیں پھیکے سے گرمی ہوتی آنکھ درست ہو جاتی ہے عینک لگانے کی عادت چھوٹ جاتی ہے عموماً چار بوتل سے زائد کی ضرورت نہیں ہوتی قیمت فی بوتل عہ ؛ محصول ڈاک زائد ؛ المشتہر مرزا جمیل الدین بیگ نگار خانہ آگرہ۔ بیچ دیگر سید نظام علی آگرہ۔ نوری دروازہ

رام داس برادر ڈبی بازار۔ لاہور



رام داس برادر ڈبی بازار۔ لاہور

مرتے ہیں ویسے ہی جانبوں نے اس بجائے دوا بیس کے تو کہ
کرتے ہیں کہ جب اخبار نہیں تھا تو دنیا کا وقت ہی بیکار کیسے
کی کے ذکر ہی میں ڈالدیتے ہیں۔ جنکو چھٹے اور ساتویں
پیدا ہوا کوئی اور نکما اخبار خریدنے کی طاقت سے کورا کیا
ہے تو ہم اخبار کے کسی اخبار نویس اخبار کو اٹھا کر اس بات پر
دو ایک مضامین وغیرہ اردو سے ترجمہ کر کے سیدھا ٹیلیگراف
کیا ہے۔ کچھ ضمنی خبریں بھی لکھ دیتے۔ ایسے اخبار دن
کے واسطے بہت سستا اڈیشن "گوشی دس بارہ روپیہ کا سکول
کرنا چاہیا ہے۔ اور بہت سستا اڈیشن کوئی خوبیں ہوتا ہے
ہفت ہی اخبار پورا کر دیتا ہے۔ اور سیاہ روی یہ ہے کہ کوشش
کرو دور و سیاہ ماہواری کا اڈیشن "گرایہ پر تلاش کر لیا۔ اور
اخبار اردو میں متوسط درجہ کے اخبارات میں شمار ہوتے
ہیں۔ یکونکہ کچھ ایسے بھی ہیں کہ جو ان کی باسی خبریں بھی نقل
کرتے ہیں۔

انکے بر عکس اخبار ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ بجز ایک آدھ
کے اخبار کے تمام ہندوستان میں کوئی اخبار بھی پورا پورا
حق ادا نہیں کرتا مالف سے بلکہ سے تنگ اخبار میں خرافات
ہزلیات سے بیہودہ اور لچر مضامین بھرے ہوتے ہیں۔

لہذا ہندوستان میں اخبارات کی اصلاح کی سخت
ضرورت ہے۔ کیونکہ جو اخبار واقعی اخبار کے مستحق ہیں۔
انکی ترقی کی راہ میں مذکورہ بالا اخباروں کے نام بدنام کرنے
والے بڑے بڑے بلاشک کچھ نہ کچھ مزاحم ہیں۔ اُن کو ملک کے
ذیلدار اعتماد بھلائے گورنمنٹ کی نگاہ میں باوقعت بننے
اور ملک کا پورا پورا وکیل اور مصلح بننے میں ان بدنام
کرنے والے پر چون ہی کے متحوس وجود کے باعث ضرورت
سے زیادہ وقت اور محنت صرف کرنی پڑتی ہے۔

اور ان سے بدنام کنندۂ نکونام چند کے چھپور رہے
ہیں۔ اور بے وقری کے باعث ملک
کے دل کو اپنی خوبیوں سے مسخر کرنے کے واسطے ضرورت
سے زیادہ طاقت صرف کرنی پڑتی ہے۔

سے نے منی گاوے در علف زارہ بیالاید ہمگاوان دہ را

اشتہارات

کتب قابل دید و کمیاب

حصہ اول منتخب باری طبع ثانی معہ فرہنگ اردو۔ اس
میں صدہا کیمیا اثر نسخے درج ہیں مثلاً مصنوعی جواہرات بنانا۔
موتی وصیقل و لاسی سونا بنانا۔ سونے کو سفید کرنا۔ نقرہ
سفید کرنا جس سے سلور بنانا۔ تلوار کو جوہر دار کرنا۔ ہر قسم کا ملمع چڑھانا
رنگ برنگ کی آتشبازی بنانا اور لکھنے و چھاپنے کی روشنائی بنانا۔
ہر قسم کا وارنش۔ روغن۔ پالش و لاکھ۔ صابون و مہر کی لاکھ بنانا
کرنا۔ خوشبو دار تیل۔ عمدہ تمی روغن مصنوعی و سنگسرخ کرکا جوڑ و کہربا و خام
بنانا وغیرہ متعدد نسخے ایک جلد ایک روپیہ محصول ڈاک تین آنے۔ دو نسخہ تا
کے ایک جلد منگانے تین نسخوں کے لئے پانچ آنے۔ علی ہذا القیاس
کم و بیش زائد قیمت آنہ محصول اضافہ۔

حصہ دوم متعلقات فارسی مصدر بیگ اور دوسری ضروری
تصریحات بیگ بنانے کی ترکیب جو حصہ اول میں مذکور نہیں ہے
اور جس کا جاننا ناممکن ہے کیونکہ ضروریات سے کسی کو مفر نہیں اور
ہر شخص طلب کرتا ہے۔ قیمت فی جلد ۱۲ ر۔ سید غلام شاہ
حکیم شاہ صفہ جہور ضلع جہلم۔

ضرورت

سیر نیشنل ہوز مڈل سکول بھوانی ضلع حصار کے لئے
ایک سینیئر ٹیچر گریجویٹ درجہ اول سرٹیفکیٹ والے مدرس کی ضرورت ہے۔
تنخواہ پینتیس (۳۵) روپیہ ماہوار ہوگی۔ درخواستیں مع
نقول سندات جو واپس نہیں دی جاویں گی) صاحب ڈپٹی کمشنر
بہادر حصار کی خدمت میں بھیجنی چاہئے۔

بتوسط قاضی محمد اسلم صاحب ڈپٹی کمشنر حصار۔ ۱۸ اپریل ۱۹۳۶ء

ضرورت ہے

موضع کیرپا تحصیل ہانسی ضلع حصار کے لئے ایک ہندی
سائینکٹ یافتہ تاگری مدرس کی۔ تنخواہ ۴۰ روپیہ ماہوار
(۴۰) روپیہ ماہوار دی جائیگی۔ درخواستیں معہ نقول
صاحب ڈپٹی کمشنر آنی چاہئے۔

دستخط قاضی محمد اسلم ڈپٹی کمشنر حصار

ولایتی شکاری ڈاک جانور

قیمت فی عدد علیحدہ شرح ڈاک ۱/
کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گا

غنائت المداوات قانون علاج اردو

یہ علمی اور عملی مضامین کا کارآمد ذخیرہ ہے جس میں علاج کے عام
اصول اور معالجات اور دستکاری کے تمام ضروری نکات کو مفصل طور پر
مرقوم ہونے کے سوا علم نجوم کے دو عوامض (۱) ہر شخص کی صناعت موصوف
کے متعلق ہیں بتشریح مسطور ہیں۔ قیمت فی جلد ۱۲ ر۔ سید غلام شاہ
حکیم شاہ صفہ جہور ضلع جہلم سے طلب فرمائیے۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر مترسہ بجوبر منشی امام الدین صاحب منصف صدر مترسہ ۲۴ اپریل ۱۹۳۶ء

بروئے بیان دعوی شامل ہذا مدعی قوم کشمیری بنام شہابی ولد میدہ سوہنا ولد سوہنا
ساکن کلیر تحصیل امبالہ۔ ذات رہول ساکن کلیر تحصیل
مدعی امبالہ۔ مدعا علیہم

دعوے مالیت بروئے بیع

بقدر مندرجہ عنوان بیان حلفی مدعی و پیادہ تعمیل گشت سے پایا گیا
کہ مدعا علیہم دانستہ چھپے پھرتے ہیں۔ مدعا علیہم کا سالا اپنے وطن
سمن نہیں لگنے دیتا اس پر یہ اشتہار جب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی دیا گیا
آگاہی مدعا علیہم کے جاری ہوتا ہے کہ ۱۹۳۶ء کو حاضر ہو کر جواب دہی
کی کرے۔ بصورت عدم حاضری تکمیل فرمان کارروائی عمل میں آئیگی۔

اشتہار عدالت دیوانی زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی باجلاس بابو مل چند صاحب منصف دوم بٹالہ ضلع گورداسپور

ہیرا سنگھ ولد گلاب سنگھ ذات بنام مرشاد ولد جانی ہوں ملکانہ ڈگھلیانہ
جٹ ساکن موضع ڈلہ تحصیل پورہ قوم جولاہہ سکنہ موضع ڈلہ
بٹالہ مدعی تحصیل بٹالہ۔ مدعا علیہم

دعوی بمبلغ سو روپیہ مشتمل بر جزئی

چونکہ بیان مدعی اور رپورٹ نائب شرفت سے پایا جاتا ہے کہ
مدعا علیہم کا کچھ پتہ نہیں چلتا اس لئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہم
بتاریخ ۱۹۳۶ء وقت ۱۰ بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت نہ
ہونگے تو اس کی نسبت کارروائی یکطرفہ کیجائیگی۔

نوٹ۔ ۱۰ بجے صبح سے ۴ بجے تک کچہری ہوگی۔

نمونہ محرب اشرطیہ الجہاد شیر

تمام دنیا میں تمام ہی اہل شہادت اور ہر ملک کی
ہیں اس سے ہی ہیں۔ دینے کے ہوئے ہیں
اتنا ہی اضافہ فضل کہ
کیں کہ وقت کے
دیا کے
شہر
گولی
ہے۔
گولی
گولی
بٹالہ
جوب
اشتہار

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر بجوبر منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر ۲۴ اپریل ۱۹۳۶ء

بروئے بیان دعوی شامل ہذا مدعی قوم کشمیری بنام شہابی ولد میدہ سوہنا ولد سوہنا
ساکن کلیر تحصیل امبالہ۔ ذات رہول ساکن کلیر تحصیل
مدعی امبالہ۔ مدعا علیہم

دعوے مالیت بروئے بیع

بقدر مندرجہ عنوان بیان حلفی مدعی و پیادہ تعمیل گشت سے پایا گیا
کہ مدعا علیہم دانستہ چھپے پھرتے ہیں۔ مدعا علیہم کا سالا اپنے وطن سمن
نہیں لگنے دیتا اس پر یہ اشتہار جب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی دیا گیا
آگاہی مدعا علیہم کے جاری ہوتا ہے کہ ۱۹۳۶ء کو حاضر ہو کر جواب دہی
کی کرے۔ بصورت عدم حاضری تکمیل فرمان کارروائی عمل میں آئیگی۔

دلچسپی بعض اوقات عام منظوری سے مشرف نہ ہو۔ مگر اکثر خواص کے حق مین اسے ہرگز دلچسپ بننے مین ناکامی نہین ہوتی۔ لیکن عوام کی رہنمائی وہ چیز ہے۔ جو صرف اخبار کا ہی حق ہے۔ اور یہی علم اسکا دعویدار ہو سکتا ہے اور ہو رہا ہے ۔

لیکن جسقدر فیض اس سے عوام اور خواص کو من حیث المجموع پہنچتا ہے۔ اسکے علاوہ گورنمنٹ کی بھی وہی خدمت کرتا ہے جو ایک منسٹری (مجلس وزراء) کرتی ہے۔ کیونکہ جہان اسمین دلچسپی اور رہنمائی۔ ترقی اور تہذیب۔ شائستگی اور تعلیم کے جوہر ہوتے ہین۔ یہ رعایا کو گورنمنٹ کا سچا وفادار اور مطیع صادق بنانے کے سوائے تمام کو بالتحقیق اور گورنمنٹ کو بالعموم وہ ہدایتین کرتا ہے۔ جس سے فریقین کے حق مین اسکا وجود ایک نعمت بننے سے ہرگز نہین چوکتا اور یہی وجہ ہے کہ ملک اور مین (رائے عامہ) اخبار کا دوسرا نام ہے جسکی قدر تہذیب استدرجہ سے کر رہی ہے اور جسکو اسقدر ضروری شائستہ کر رہی ہے جسقدر کہ ہم آجکل دیکھتے ہین ۔

اگر مین غلطی نہین کرتا تو اخبار کو کم از کم یورپ مین ترقی اور شائستگی کا بنیادی پتھر کہنا کسی طرح بیجا نہ ہوگا۔ مگر یہ ہی مبالغہ نہین بلکہ غلو ہوگا اگر کہا جائے کہ اخبار ہی کی ذات سے ہی تمام تر اس موجودہ ترقی اور تہذیب کا ڈھانچہ بنا تھا جسکے آج یورپ متصف اور مالک کہلانے کا مستحق ہے۔ کیونکہ تعلیم بلا وجود اخبار ہی اخبار کی پیدائش کا سب سے بڑا یقینی باعث ہے۔ کیونکہ اگر ہم دنیا کی ترقی کی تاریخ پر نظر ڈالین اور اس زمانہ کو دیکھین جب اخبار یورپ مین پیدا ہوا تھا اور اس زمانہ کے حالات کے لحاظ سے ایک مستعد دماغ سے کم نہ معلوم ہوتا تھا اور جسکی عملداری کی پہلی سیڑھی اسکا ایک پرچہ ایک گزٹ (اس زمانہ کے مروجہ سکہ کو فروخت ہوتا تھا۔ تو ہمکو یہ صاف ہو جائیگا۔ کہ تعلیم کا آفتاب ہی افق پر نمودار ہو گیا تھا جسکی شعاعین لوگون کو بیدار کرتی ہوئی آئین ۔

لیکن ہر ایک چیز کے دو پہلو ہوتے ہین۔ روشن اور تاریک اسلئے مختصر اخبار کا صرف روشن پہلو لیا گیا ہے۔ مگر اس کا ایک اسیطرح کا تاریک پہلو بھی ہے۔ اور اسی وجہ سے جہان اسمین اسقدر بھلائیان ہین اسکے مقابلہ مین اسیقدر برائیان بھی ہین۔ یعنی جہانتک مذکور الصدر فوائد اس سے عام و خاص کو حاصل ہوتے ہین اسکے ساتھ ہی ایک شر کی بھی بنیاد بھی اپنا گھر کرتا جاتی ہے ۔

لیکن بعض اہتمان اس قسم کی ہین کہ وہ خود اخبار سے ہی دور ہو سکتی ہین۔ کیونکہ اخبار بھی کسی ایک ایسا نقص ہے جو بہت سی خوبیون کی جڑ ہے ۔

اخبار عینی بھی ایک ایسے مذاق کا نام ہے جو بہت سی خوبیون کو بالذات خود جامع ہے۔ جسکا کہ اس مذاق مین نقص ہونے ہی کے باعث ہم اپنے ملک مین کثیر التعداد برائیون کا وجود دیکھتے ہین۔ اگر بہت سی رعایتین کیجائین تو ہندوستان مین نمبر ۱ نمبر دی اخبار دیسی ہونگے۔ مگر انکے بیانات بہت ہی مختلف ہین۔ اخبار پیسہ کے علاوہ جسقدر انگلش ہین وہ شاید اخبار

بینی کو تضیع اوقات سے کم نہین سمجھتے۔ مگر جو اخبار دیکھتے ہین انمین زیادہ تر تعداد اُن لوگون کی ہے جو اخبار کو ایک جہان نورد و مجرد کی حیثیت سے دیکھتے ہین۔ خبر دیکھا کالم پڑھ لیا۔ فلان جگہ یہ ہوا۔ فلان جگہ وہ ہوا۔ نہ انکو معاشرت سے دلچسپی نہ پولیٹکل معاملات کا مذاق۔ نہ اخلاق سے غرض نہ عام معاملات کی پرواہ۔ مگر ابھی تک بلحاظ آبادی کے کثرت تعداد اُن اخبار بینون کی ہے۔ جو اخبار بینی کا وہی حق ادا کرتے ہون جو اسکے شایان ہے ۔

سچ یہ ہے ایک ایسی چیز ہے کہ کوئی فرد بشر دنیا مین اسکی طمع سے خالی نہین۔ مگر شائستہ اور مہذب ممالک مین اسکا کچھ اور ڈھنگ ہے اور ناشائستہ اور غیر مہذب ممالک مین کچھ اور۔ یعنی اول الذکر ملک مین اگر کوئی کام کیا جاتا ہے تو جہان روپیہ کمانے کی خواہش ہوتی ہے مقصد اعلےٰ یہ بھی ہوتا ہے کہ علاوہ ذاتی فایدے کے اس سے رفاہ عام بھی ہو۔ مگر آخر الذکر مین مطلق رفاہ عام کا کچھ خیال نہین کیا جاتا۔ خواہ مردہ دوزخ مین جائے یا بہشت مین ملا کو اپنے حلوے مانڈے سے مطلب ہے ۔

ہمارے ملک کی کچھ عجیب حالت ہوتی جاتی ہے۔ کہ ہر ایک چیز مین جو کسی اور قوم سے ہم حاصل کرتے ہین۔ اس مین مہند و ستانیت بصرہ دیتے ہین۔ اردو اخبار نویسی کو (مجھ کو افسوس سے کہنا پڑتا ہے) بعض امور کے لحاظ سے ہم نے کاجر مولی کا بیوپار سمجھ لیا ہے۔ تو ہمکو یہ خیال ہوتا ہے کہ اخبار نویسی کیا شے ہے۔ اس سے کیا مقصود ہے۔ اسکے لوازمات کیا ہین۔ اور کسطرح یہ سرانجام کو پہنچتی ہے۔ بلکہ ہم نے اس کو ایک شغل بیکاری۔ یا شکم پری کا نسخہ سمجھ لیا ہے باستثنائے چند جس کیلئے کوئی روزگار نہ ملتا ہو۔ نوکری دستیاب نہوتی ہو۔ خواہ وہ ایک سکول کا لڑکا ہو خواہ انگریزی کا ایک حرف نہ جانتا ہو۔ فارسی ہی نہ سہی اردو مین کچھ ذرا سی ہی شدبد ہو۔ پس ایک نام موٹا سا اخبار کے واسطے تجویز کرلے اور ایک اخبار جاری کر دی۔ اور "اڈیٹر" بنجائے۔ اڈیٹری کے معزز اور قابل فخر کرسی پر بیٹھکر جسکے ساتھ ہزارون ذمہ داریان وابستہ ہین۔ اور جنکو پورا کرنا ماہو شما کا کام نہین۔ اور جسکے واسطے ایک اعلےٰ درجہ کا سنجیدہ فاضل۔ عالم۔ اہل الرائے شخص درکار ہے جسکو چاہے ایکدم مین ہائی کورٹ کا جج بنا دے۔ کسی کو لوگورنری کی کرسی دیدے۔ اور کسی کو جلا وطنی کا آرڈر پاس کر دے۔ اسکے دل مین خیال کیا۔ اسکے وہم و گمان مین بھی یہ نہین گزرتا کہ اپنی رائے پیش کرنی ایک اور بات ہے اور پھر رائے بھی کیسی؟ رائے صائب۔ جو اخبار کے واسطے ایسی ہی ضروری ہے جیسے جسم کے واسطے روح اور اپنے حکم سے کسی کو عہدہ جلیلہ بخشدینا۔ اور کسی کا تنزل کر دینا اور بات ہے۔ نہ تو یہ آتا سمجھ سکتے ہین کہ انکو کہانتک اختیار حاصل ہے اور نہ یہ کہ انکا فرض کیا ہے۔ بعض اوقات اپنے ذاتی مقصد کی غرض سے کبھی تو یہ کسی کی مدح مین صفحات کے صفحے سیاہ کر دیتا ہے اور کبھی کسی کی ہجو مین۔ ان مین ذاتی ہو جاتی ہین۔ کبھی ایسی چیزین نظر آتی ہین جو لوگون کی ذات یا خاندان پر ایک نقص سے متعلق ہون اور پبلک کی دلچسپی سے انکو کچھ غرض نہو۔ بعض اوقات ایسی ہو جاتی ہین بے سرو پا خبرین شائع ہوتی ہین کہ ہرگز باور نہین ہوتا کبھی انشا پردازی اور عبارت آرائی مین وہ دم تحریر مار جاتے ہین کہ خدا دے اور بندہ لے۔ بعض اوقات ایسی اشتہارون کو جگہ ملتی ہے جنسے عوام کے اخلاق پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے اور اپنے زعم مین یہ سمجھتا ہے۔ کہ مین بڑا بھاری رفاہ عام کا کام کر رہا ہون سلیم الطبع اور صحیح کی اسمین بو تک نہین ہوتی ۔

غرض مذکورہ بالا برائیون کے باعث ہمارے اخبارات چند اخبارون کے علاوہ جو واقعی اخبار کہلانے کے مستحق ہین حسب ذیل چند موٹے موٹے اقسام مین منقسم ہو سکتے ہین ۔

۱- جمعراتی اخبارات:- یہ ہمارے منتظر رہتے ہین کہ کب کسی امیر کبیر یا راجہ نواب کے یہان کوئی خوشی کی تقریب ہو اور یہ دوڑ جائین صحیح سیاہ کر کے صورت وال جاسوسی نہ انکو اپنی عزت کا خیال ہے نہ آبرو کا۔ نہ شرم ہے نہ حیا اور شاید یہ ہی وہ اخبار ہین جنہون نے سعزز ذمہ دار اخبارات کو سب سے بڑا یہ بے عزت اور بے آبرو کر کہا ہے ۔

۲- بھکاری اخبار:- جس امیر کا نام سن لیا بس فوراً ہی اخبار بھیجدیا۔ خواہ وہ شخص انکار ہی کرے مگر دھڑا دھڑ اخبار جاتے ہین۔ اور سال بھر بعد تقاضا شروع ہوتا ہے یہ مرض یہانتک ترقی کر گیا ہے کہ کئی صاحبون کو بعض اخبارات مین متواتر بے شرم اخبارون کو مخالفت کی تنبیہ بذریعہ اشتہار دینے پر روپے صرف کر کے کرنی پڑی ۔

۳- فصلی بٹیرے:- جسطرح سال مین جب موسم موافق ہے تو بٹیرے نکل پڑتے ہین۔ اسیطرح یہ اخبار بھی جب موسم موافق ہوا۔ اور آب و ہوا حسب دلخواہ ہوئی نمودار ہو گئے۔ ادھر موسم بدلا اور یہ ندارد ۔

۴- مرغ بادنما:- جسطرح بعض انگریزی عمارتون پر Weather cock ہوا کا رخ بتاتے ہوئے لگے ہوتے ہین۔ بعینہ اسیطرح یہ اخبار ہوتے ہین۔ ادھر ہوا کا رخ دیکھا۔ ادھر یہ بھی پھر گئے۔ اور لگے گانا۔ مین کا یٹن کر کے معذرت کرنے۔ انکا کوئی اصول ہے اور نہ ایمان ۔

۵- تجارتی اخبار:- ان اخبارون سے خاص غرض ہے کہ ایک اخبار کی تجارت مین ترقی ہو۔ جھوٹی سچی خبرین دو کالمون مین ٹھونس دین۔ اور باقی تمام فہرست کاپی کی اور اخبار کا نام لیکر اور بسم اللہ کہکر پلند کا پلندہ اڈاک مین بھجوا دیا ۔

۶- بیکھارو اخبار:- یہ اخبار ایسے ہوتے ہین جیسے بیکھارو (نائی۔ ڈوم ڈھاری۔ وغیرہ) جنکے دو ایک دو ایک ہمیشہ ایک آدھ والئی ریاست جہان ہوتے ہین انکا نام ہمیشہ لیا لاتے رہتے ہین اور جگہ ذاتی منشور ان کا مقصد اعلےٰ ہوتا ہے۔ اور جب کوئی تقریب ہوتی ہے انکا دہن طمع بھر دیا جاتا ہے ۔

۷- نوکری نشین اخبار:- انکے خریدار جو بہت تھوڑے

مراسلات

سلطان المعظم اور شہنشاہ جرمن

"...صاحب نشان خاندان آل عثمان" جو سلطان المعظم ... جاری کیا ہے اور جس کا مختصر حال آپ پیسہ اخبار مین ... کر چکے ہین - سب سے اول سلطان المعظم نے یہ نشان ... شہزادون اور پندرہ بیگمون کو جن مین سلطان عبدالعزیز خان ... کے متعلقین زیادہ ہین - مرحمت فرمایا - لوگون کو نہایت ... کے ساتھ انتظار تھا کہ دول اجنبیہ مین کس شہنشاہ سلطان المعظم اول اس نشان کے ذریعہ سے یاد کرتے ... آخر وہ انتظار مسرت کے ساتھ اس ہفتہ مین ختم ہوا - معلوم ہوا کہ حضرت سلطان نے سب سے اول اپنے دلی دوست شہنشاہ جرمن کو یاد کیا - ترکی اخبارون مین یہ خبر بہت ... اور طوات کے ساتھ شائع ہوئی ہے - یہ نشان ابتدائی ... مین شاکر پاشا شارع ایک مخصوص سفارت کے لیکر فلسطینہ ... کرون کو روانہ ہوئی - یہ کرن مین جس تہاک کے ساتھ ترکی ... کا استقبال کیا گیا آجتک اوسکی نظیر کوئی نہین بتا سکتا ... نے کسی سفارت کی اسقدر عزت اور توقیر کی ہو ...

شاہ نے ایک خاص دربار مین جسمین ایک سو پچاس ... وزرا اور اعیان سلطنت سے بھری ہوئی تھین - ... سے ملاقات کی - اوسوقت اونکے ساتھ توفیق پاشا ... مینہ برلن بھی تھے - اس موقعہ پر شہنشاہ نے سلطان ... التفات کا شکریہ اور اون باتون کا تذکرہ کیا جو سلطان المعظم ... اوسوقت اونکے ساتھ کی تھین جبکہ وہ فلسطینہ مین سلطان ... مہمان تھے - شاکر پاشا کو شہنشاہ جرمن نے اپنے ہان کا اعلے ... نشان اور سفارت کے دوسرے لوگون کو تمغے عنایت ... سلطانی سفارت پانچ روز برلن مین مہمان رہی اوسکے ... کچھ تحفون اور ہدیون کے ساتھ فلسطینہ کو لوٹی - ... جرمن نے ایک خاص خط سلطان المعظم کے نام ... جو شاکر پاشا لا رہے ہین - ترکی اخبارات استدعا کرتے ... وہ خط شائع کیا جاوے اگر وہ شائع ہوا تو پیسہ اخبار کے ... ناظرین بھی منتظر رہین کہ پیسہ اخبار کے کالمون تک ... جاویگا - اس موقعہ پر سفارت کے ذریعہ سے سلطان ... شہنشاہ جرمن کو بھی مرصع نشان مجیدی عنایت کیا ...

(خاصی از مکہ معظمہ (حجاز) ۱۵ رمضان سنہ ۱۳۱۱)

فلسطینہ کے سرکاری مدارس

"...وقت" نے اون مدارس کا ایک نقشہ شائع کیا ہے جو ... المعظم نے اپنی ابتدائی حکومت سے آجتک خاص ... مین قایم کئے - جس روز سے سلطان سریر سلطنت ... فرمون ہوئے ہین اوس روز سے آجتک مختلف ... اور صنعت سکھانے کے تینتیس مدرسون کا خاص فلسطینہ ... شارع ہوا - ان مین سترہ مدرسے وہ ہین جن مین ... پڑھتے ہین - اور سولہ مدرسے لڑکیون کی تعلیم گاہین ...

ان مدرسون سے لڑکے اور لڑکیان جو آجتک ڈپلومہ یافتہ نکلے - اونکی تعداد ایکہزار بتیس بیان کیگئی ہے - جو اسوقت گورنمنٹ ترکی کے معزز عہدون پر مامور ہین - ان مدرسون مین وہ سو ستانوے مرد اور تیس عورتین تعلیم دیتی ہین کیا کوئی بتا سکتا ہے کہ یورپ کی کسی سلطنت کے دارالسلطنت مین اتنے مدرسے اتنے عرصے مین قایم کئے گئے ہون ؟

راقم ایضاً

دس یا پندرہ روپیہ کا انعام ۔ جواب

جناب اڈیٹر صاحب - السلام علیکم - آپکے اخبار مطبوعہ ۲۰ - اپریل سنہ ۱۸۹۴ء مین ایک مضمون بعنوان "دس اور پندرہ روپے کا انعام" ایک گریجوایٹ صاحب کیطرف سے شائع ہوا ہے - اسکے متعلق مین صرف چند سطور بطور نصیحت کے لکھنے چاہتا ہون - امید ہے کہ آپ اپنے اخبار مین درج فرماکر ممنون فرماوینگے +

میری مذہب سے واقفیت بہت کم ہے اور اسواسطے مین ہرگز یہ نہین کہہ سکتا کہ آیا ماہ رمضان گوشتہ کا کسوف اور خسوف حضرت مہدی آخر الزمان کے ظہور کی موجودہ علامت ہے یا نہین - مگر مین اپنے گریجویٹ بھائی کے "حظ وہ سطور" کے بارے مین کچھ کہنا چاہتا ہون - کیونکہ گریجویٹ صاحب ناتجربہ کار اور اپنے علم کو قطعی فیصلہ تصور کرتے ہوئے معلوم ہوتے ہین - آپ کے الفاظ کیونکہ ایک تعلیم یافتہ کو یعنی تحصیل کردہ علمی صداقتون کو جلیا سمیٹ کرنے کی کوشش کرتے ہوئے دیکھنے کے لئے پانچ روپیہ زاید بطور ٹکٹ بہرحال بہت ہی تھوڑا ہے" - بڑے زبردست ہین - حالانکہ آپ کو علم طبعی اور علم اقلیدس سے قطعی ہی معلوم نہین ہوتی اور جس مضمون پر وہ بحث کر رہے ہین زیادہ تر انہین دو علوم سے تعلق رہتا ہوا معلوم ہوتا ہے - آپ نے اول تو اپنے ذہن مین قرار دے لیا ہے کہ "دن" صرف ۱۲ گھنٹون کا ہوتا ہے اور دیگر جو "دن" دنیا کے ایک حصے پر ہوتا ہے - وہ دنیا کے دوسرے حصے مقابل کے حصے پر کہین نہین ہوتا - جس کے معنے یہ ہین کہ اگر ہمارے ہان آج ۲۵ - اپریل سنہ ۱۸۹۴ء اور دن بدھ ہے - تو یہ تاریخ اور دن یہین ختم ہو جاویگا - اور ہمارے بعد جب سورج امریکہ وغیرہ مقابل ملکون مین پہنچے گا - تو وہان ۲۶ - اپریل اور جمعرات کا دن ہوگا - کیا عمدہ تخیلات ہے - کیا آپکو یہ معلوم نہین کہ جو روز اور تاریخ آج ہندوستان مین ہے - وہی چند گھنٹے بعد امریکہ وغیرہ مقابل ملکون مین ہوگا اور کیا اگر ہمارے ہان ۲۵ - اپریل کو سورج گرہن ہو - اور پھر چند گھنٹے بعد جسوقت یہان رات ہوگی امریکہ وغیرہ مین سورج چاند اور زمین ایک خط پر ہو کر سورج گرہن واقعہ ہو جاوے - تو کیا اسطرح ساری دنیا مین سورج گرہن کا وقوع ممکن نہین ہے - اور کیا یہ سورج گرہن ساری دنیا مین ایک ہی دن مین نہین سمجھا جاویگا - دیگر علم اقلیدس کے ذریعہ سے آپکو معلوم ہو سکتا ہے - کہ سورج اور چاند کا روزانہ (جس مین روز سے مراد ۲۴ گھنٹے سے ہے) دورہ ایک ایک سطح ...

...تا ہے - اور یہ دونو سطوح ایک دوسرے سے متقاطع ... ہین - تو جب جب علم ہیئت مین بسبب وضع طبعی تقاطع ... ہین تو ایکا انضمام نتایج ایک لغو بات نہین بلکہ ایک لازمی نتیجہ ہوگا - جسکے کرنی دو نقطے جو انکے مرکز سے برابر فاصلے پر ہون مقابل ہونگے - پس اگر اس قضیہ کا ایک لفظ ہندوستان کے مقابل ہوا اور (صوفت زمین ایسی واقعہ ہو - کہ سورج گرہن ہو جاوے - تو ممکن ہے - کہ سورج اور چاند کے دوسرے مقابل کے نقطے تک پہنچنے کیوقت زمین ایسی واقعہ ہو جاوے - کہ پھر ۲۴ گھنٹے کے اندر سورج گرہن واقعہ ہو - میرے پاس چاند اور زمین کی حرکات کا مطالعہ کرنیکے واسطے کافی وقت نہین - اور چونکہ مین ایسے بحث کا فایدہ نہین دیکھتا - لہذا مین اسکی کوشش بھی کرنا نہین چاہتا - ممکن ہے کہ علم حساب کے رو سے زمین اور چاند کی حرکات کی تحقیقات کرنے سے ثابت ہو جاوے - کہ ۲۴ گھنٹے کے اندر سورج اور چاند اور زمین کا دو دفعہ ایک خط مین ہونا - یا دو دو دفعہ سورج گرہن اور چاند گرہن کا وقوعہ ایک چھینے کے اندر ہونا محال ہے - دیگر چونکہ گریجویٹ صاحب خود فرماتے ہین کہ حدیث نبوی مین "بلا تخصیص محل مکان" سورج گرہن اور چاند گرہن کے واقعہ ہونے کا ذکر ہے - پس ہماری مذہبی ضرورت کے واسطے بھی ان دونون گرہنون کا ساری دنیا مین ایک ایک دن ہونے کو ثابت کرنا یا ناممکن ثابت کرنا ضروری نہین - اسواسطے اس بحث مین پڑنے کا کوئی فایدہ نہین - مین نے یہ چند سطرین صرف اپنے گریجویٹ بھائی کی اصلیت کے لئے لکھدی ہین - کہ وہ بلاوجہ نہایت ایسے سلک اخبارون مین اسقسم کے علم کو ظاہر نہ فرمایا کرین - کیونکہ یہ نسخہ شان دین ہے - اور کسی کے ایسے کم ظرف الفاظ سے تردید نہ کیا کرتین - ہان اگر کوئی دلیل ہو تو اسکو ظاہر کرین مگر اسکو بھی سارے جہان کے متفق علیہ رائے کے طور پر اظہار کرنا لکھی ہے +

راقم - اسی شمالی طبقہ ہفتہ کے گریجوایٹ "کا خیر خواہ

ہندوستان اور اردو اخبارات

فی زمانہ یہ معلوم ہونے کہ کسی ملک کی ترقی کا اندازہ اس کے اخبارات سے ہو سکتا ہے - اور واقعی اخبار مین منجملہ اور خصوصیات کے ایک یہ بھی وصف ہے - کہ یہ معیار تہذیب اور شائستگی ہے - جسطرح افراد کے حالات اور واقعات سے اقوام کی حیثیت معلوم ہو سکتی ہے - اسیطرح ایک اخبار بھی بنظر دلیل یا نمایندہ کے اول افراد اور بعدہ اقوام کے اطوار اور اوصاف کا مظہر ہے +

اسمین کچھ شک نہین کہ یہ اخبار ہی ہے جو قومی ترقی کا ذریعہ ہے - یہ ایک ایسا حکیم ہے جسکی ادویات کا زمانہ کے مریضون پر برا معلوم اثر پڑتا ہے - گو مطالعہ بظاہر کیسا ہی سست اور دیر طلب ہوتا ہے مگر اسکا نتیجہ اٹل ہوتا ہے - یہ وہ آرگن ہے جو افراد کو دلچسپی کے پردے مین وہی سبق دیتا ہے جو ایک علم کسی طالبعلم کو - گو اسکی

سوداگران چرم گلبرٹی صاحب کی دلیرانہ قلمی کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ اس لئے ان کو معاوضہ یا ہرجانہ نہیں دینا چاہیئے۔ پھر بخش رحیم بخش سوداگران چرم جن کو اخبار گلبرٹی نے محض اپیل کے لئے لکھا کہ اپیل لگنے پر شہر بند کر دیا۔ خود سے انصاف میں دخیل نکالا دیدیا۔ آخر جو مصیبتیں ان کے کاروبار کا جو ہرج ہوا۔ جن سے بال بچوں کو جو رنج اور تکلیفیں پہنچیں۔ وغیرہ وغیرہ ان جملہ امور کو مدنظر رکھ کر گورنمنٹ انہیں معاوضہ دلانے کا مشورہ نہیں دے سکتی۔ نیز ان پچاس آدمیوں کے دعوے کی قدر ہے جن کو گلبرٹی صاحب نے چھیڑا ہے اور جن کو گلبرٹی صاحب نے چھیڑا ہے اور جن کو کوشش کرنے سے بھی کچھ نہ کہا۔ وہ دو اور نہایت خفیف باتوں پر جن کو شش کرنے سے بھی کچھ نہ کہا۔ اس کے کان سے اور بھی معاوضہ کے مستحق ہیں۔ شیخ عبدالرحمن صاحب سوداگر جب ان کی نسبت اس میرے فیصلہ کا نصیلہ ہو چکا ہے کہ ان پر بے وجہ مالقدار ہونے کا دعوے کرنا گلبرٹی صاحب نے کر دیا ہے۔ یہی ہرجانہ کے مستحق ہیں کیونکہ اس پر بیچ رہنے کے علاوہ انہیں چیف کورٹ پنجاب میں بذریعہ اپیل کرنا پڑا۔ گورنمنٹ کو کیا دعوے کے مقدمے کی مسل طلب کر کے ملاحظہ کرنے اور اس کو ملاحظہ کرنے کے بعد انصاف سے سوچ کر کہ یہ مقدمہ کس قدر توجہ کے قابل ہے۔ وہ لالہ گلبرٹی صاحب کا گرانقدر اور جسٹس گلبرٹی صاحب نے کا سے کو زیر دست کرنے کا دعوی دائر کرنے کی عدالت تحت سے سزا دلانے اور جس کو عدالت عالیہ نے محض بے بنیاد سمجھ کر صاف چھوڑ دیا اور اب وہ اپنے گھر بھاوی میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ یا تو شیخ گلبرٹی صاحب نے اخبار چھاپ کر یا۔ اس قدر گرانقدر کا دعوی کر کے گورنمنٹ کو توجہ شغل ہونے اور جس قدر اس پر خرچ اٹھا اس کے کم از کم دسویں حصے کا ذمہ دار ہونا چاہیئے۔

اس وقت طول کلام سے قطع نظر کر کے میں اخبار ہذا کے دانشمند ایڈیٹر صاحب سے انصاف مجسم ہونے کی حیثیت سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے اخبار کی مخالفت رعایا اور حکام کے درمیان کے انصاف فرمائیں۔

ملاحظہ ہو ہمارے ہی نمبر کا اداریہ شیخ گلبرٹی کا اندیشہ

ہمارے ہندوستان کے امتحان ہم ملک کا ریزولٹ شائع ہو گیا ہے۔ ۱۸۹۵ء کے مسلمانوں سے ۱۸۹۶ء کے مسلمانوں کا نتیجہ زیادہ قابل اطمینان ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کی تعلیمی حالت بھی ترقی پذیر ہے۔ ہم صاحب موصوف کو اس کامیابی پر مبارکباد دیتے ہیں۔

ہمارے آنریبل گیا ہے کہ لاہور سے ایک اور اخبار نویس اخبار ٹریبون کے ایڈیٹر کا شائع ہونے والا ہے۔ جو تو ہوتے ہیں کہ ہمارے اخبار نویس ہمارے ملک کے مشترکہ مفاد میں بہتر طریق پر کام کرنے والے ہوں۔

جسٹس رانڈی جو الہ آباد ہائی کورٹ میں سے ۱۸۸۲ء میں کرنیل کے گریجوایٹ ہوئے تھے۔ ۱۸۸۳ء میں ان کو ہائی کورٹ میں جان کیا کہ

احاطہ بیٹی میں ہی سے اور ہم اسے کی ڈگری حاصل کرنے والوں کی اوسط عمر ۲۴ سال ۱۰ ماہ ۱۰ دن ہے۔ بمبئی میں ۲۵ سال ۱۰ ماہ اور مدراس میں ۲۶ سال ۱۰ ماہ ہے۔ ان اعداد و شمار سے ظاہر ہے کہ بمبئی اور مدراس کے طلباء کی نسبت بنگالہ کے طلباء کم عمر میں ڈگری حاصل کرتے ہیں۔ ناظرین کو یاد ہوگا کہ ہم نے بنگالہ کے طلباء کی مفلسی اور تنگدستی کی شکایت اور اس کی وجہ سے ان کی کم عمری کا ذکر کیا تھا۔ اب ہم کو یہ اعداد و شمار دیکھ کر بہت افسوس ہوا کہ بنگالہ کے طلباء کی مفلسی اور تنگدستی کی وجہ سے ان کی کم عمری کا جو ذکر ہم نے کیا تھا وہ بالکل صحیح ہے۔ ہم نے اس کی وجہ یہ بیان کی تھی کہ بنگالہ کے طلباء کو بہت کم وظیفے ملتے ہیں۔ اس لئے ان کے والدین کو مجبوراً ان کو جلد روزگار پر لگانا پڑتا ہے۔ اس کے علاوہ ہم نے یہ بھی لکھا تھا کہ بنگالہ کے طلباء کی کم عمری کی وجہ سے ان کی ذہنی قابلیت کو بہت کم ترقی ہوتی ہے۔ لیکن اس سے زیادہ صحیح خیال یہ ہے کہ بنگالہ کے طلباء کی کم عمری کی وجہ ان کی تنگدستی نہیں بلکہ ان کی ذہنی قابلیت کی کمی

صنعت چیزیں تیار کیجاتی ہیں اُن کی جانچ تم نے ہمیں نہیں سکھلائی - پھر اگر ہم ان اوزاروں کو بیجا استعمال کریں تو بہت بیجا نہیں ہوگا ؛

ہمارے دیس میں صرف نا تعلیم یافتوں اور نیم تعلیم یافتوں کی ہی کثرت نہیں بلکہ تعلیم یافتوں سے بھی ہمیں شکوہ ہے - تاہم کسی نہ کسی جدوجہد کرکے یہ لوگ معاش تلاش کر لیتے ہیں - اور یہی ملک کی بہتری کے لئے بھی اگر کچھ کر سکتے ہیں تو کر سکتے ہیں - بالفرض اگر ان سے ملک کو کچھ بھی فائدہ نہ ہو لیکن تاہم اپنے لئے تو یہ فکر کر لیتے ہیں - مگر نیم تعلیم یافتہ جماعت جو دن بدن ہمارے سکول تیار کر رہی ہے وہ یورپ کے بیکاروں سے بہت مشابہ ہے - بلکہ یورپ کے بیکار کچھ نہ کچھ نوکری تو کر سکتے ہیں لیکن یہ اتنا بھی نہیں کر سکتے ہر سال صوبے میں ہزارہا حال المعلم مڈل اور انٹرنس سکولوں کا کورس پورا کرتے ہیں - اُن میں سے آدھے سے زیادہ ایسے ہوتے ہیں جو اپنی آمندہ تعلیم نہیں جاری رکھ سکتے اور در بدر ملازمت کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہیں - یہ لوگ سوسائٹی کے نہایت مضر اجزا ہیں - کیونکہ نہ یہ پورے طور پر تعلیم یافتہ ہوتے ہیں اور نہ جاہلوں کے کام اور مزدوری انہیں پسند ہوتی ہے ان لوگوں کے لئے کام نکالنا ملک اور گورنمنٹ کا فرض ہے لیکن کیا گورنمنٹ انہیں سرکاری ملازمت میں داخل کر دے جو پہلے تو بہت ہی محدود ہے اور پھر یہ اُس کے لائق بھی نہیں - گورنمنٹ کو چاہئے کہ جب تک اہل ملک اپنی ضروریات سے واقف ہوں پیشہ وری کے مدارس اور زراعت کے فارم قائم کرکے اس بڑھتے ہوئے طوفان بیکاری اور افلاس کو روکے - لیکن گورنمنٹ سے بڑھکر ذمہ داری ہمارے ملک کے دولتمند لوگوں - رئیسوں اور عام تعلیم یافتوں کے سر پر ہے - سرمایہ لگالیں اور تعلیم یافتہ مڈل کلاس کے ذریعے سے اس سرمایہ سے صنعت و حرفت کے کارخانے جاری کریں - ہندوستان میں ہر قسم کی زراعتی پیداوار ہوتی ہے - علاوہ اس کے زمین سے نمک نکلتا ہے اور کوئلے اور دیگر معدنیات کی کانوں کے ہنوز تلاش نہیں کئے گئے - آئندہ جو نوجوان یورپ کو جائیں بجائے بیرسٹری اور ڈاکٹری کے معدنیات اور جر ثقیل اور زراعت اور کارخانوں کے کام سیکھ کر آویں - تو تمام دنیا کی ضروریات کا خام مصالح اس ملک سے پیدا ہو سکتا ہے - اس کو تیار کیا جاوے - مزدوری ملک میں رہے - محنت کا نفع جو ہم چوگنا اٹھ گنا یورپ کے کاریگروں کو دیتے ہیں وہ یہیں رہ جائے - ایسے سینیچر (ہنڈی) کے تبادلے کا منڈا ہی ٹوٹ جاوے - اور ملک میں اپنے آپ پر بھروسا کرنے اور اپنی ہمت سے کام کرنے کی روح پھیل جاوے - اب ضمن ہے کہ گورنمنٹ اور حامیان ملک کی رگ حمیت جوش میں آوے - درنہ عنقریب یہ سہل سی تکلیف ایک پولیٹیکل اہمیت پیدا کریگی ؛

اس وقت ہندوستان میں جائنٹ سٹاک کمپنیوں کے قائم ہونے کی بڑی ضرورت ہے - مشترکہ سرمائے سے دنیا کے بڑے بڑے کام ہو رہے ہیں - اکیلا چنا شور ما کیا پھاڑ گرا لیگا - جتنے جتنے کی لکڑی اور ایک جنے کا بوجھ والی مثل مشترکہ سرمائے کے کارخانوں کے حق میں کیسی صحیح دلیل ہے اب وقت ہے کہ دیسی سرمائے سے صنعت و حرفت کے کارخانے کھولے جاویں - ریلوے لائنیں تعمیر ہوں معدنیات کے کھنگالے جاویں اور اپنے ملک سے اپنی ملک مرد اور روٹی کما کر کھائیں - آج تمام دنیا سے روئی کما کر کھانے کے لئے اتنے پیسے اور کام کاج ہوتے ہیں جن کی کچھ حد نہیں اور جن کی نسبت اُن لوگوں کو شبہ نہیں جو ہندوستان کی حالت سے واقف ہیں - انگلستان کے عظیم الشان کارخانوں کے حالات جانتے ہیں اس وقت بھی ہندوستان میں جتنی کپڑے اور اعلیٰ تجارت وہ انگریزی سوداگروں کے ہاتھ میں ہے - اگر چندے یہی حال رہا تو ملک کا سب سرمایہ اور معزز کمائی کا ذریعہ سب انہیں لوگوں کے ہاتھ میں آجائیگا - ہمارے ملک میں چائے کی کاشت تو وہ کریں صنعت و حرفت کے کارخانے تو وہ کھولیں اور ہم منہ دیکھتے رہ جاویں - انگریزوں کی تجارت سے ہمیں رشک نہیں مگر ہم چاہتے ہیں کہ ہندوستانی بھی اپنے ملک میں زیادہ نہیں تو ان لوگوں کی مثل تو کریں ؛

مسٹر ولیس فیتھ کے صاحب کمیشن [کمیشنر کمنڈ]

یہ ایک مسلم الثبوت امر ہے کہ بسا اوقات اخبارات (جو صحیح معنوں میں اخبار کہلانے کے مستحق ہیں) اپنی گورنمنٹ اور ملک کی وہ بیش بہا خدمت کرتے ہیں جو لاکھوں اور کروڑوں روپے خرچ کرنے سے بھی حاصل نہیں ہو سکتی اور یہی وجہ ہے کہ اخبارات کا رتبہ مہذب دنیا کے دربار میں افضل شمار کیا گیا ہے آج تک جس قدر آرٹیکل اچھا یا بُرا حالیہ امر کے متعلق لکھے ہیں اُن کا اصل مقصد یہ تھا کہ ایک تاریک دنیا کو روشنی میں لایا جاوے یہ کب ہو سکتا ہے کہ میرے ہموطن ناحق ظلم و ستم سہیں اور مجھ میں لکھنے - پڑھنے اور داد و فریاد کرنے کی طاقت ہو اور میں خاموش بیٹھا رہوں - مجھ سے نہیں ہو سکتا کہ میں برٹش گورنمنٹ جس کو میں دل سے پیار کرتا ہوں اور جسکا میں ہر وقت ثنا خوان ہوں اُس پر بعض ناعاقبت اندیش ملازموں کی نالائق حرکات سے حرف آنے دوں - برٹش گورنمنٹ کی طرف سے محض کوتاہ اندیش کارکنوں کی وجہ سے لوگوں کو بدظن ہوتے مجھ سے نہیں دیکھا جاتا - غریب جاہل لوگ جب اُن پر متواتر ہیبت ناک ظلم و ستم ہوں اور داد و فریاد خاطر خواہ نہ سُنی جائے تو وہ یہی خیال کر لیتے ہیں کہ اس راج میں غریب کی کوئی نہیں سُنتا - حالانکہ جیسی اس راج میں پوری شنوائی ہو سکتی ہے وہ اور کو نصیب نہیں ہوئی - مگر اس میں اگر نقص ہے تو وہ کارکنوں کی غفلت کا نتیجہ کہا سکتا ہے - چھاؤنی جالندھر میں راجہ گلبیر صاحب نے جو کارروائیاں کی ہیں اور جن کا ثبوت کہیں دور ڈھونڈھنے نہیں جانا پڑتا ہے ایسی ہیں کہ اگر میں چاہتا تو اُن کو ایسے پُرجوش پیرایہ میں لکھ کر گورنمنٹ کے روبرو پیش کرتا کہ ملک میں ایک ظلم برپا ہو جاتا - مگر ابتدا سے اپنا یہی شعار رہا ہے کہ مختصر صورت میں اصل واقعات بیان کئے جاویں - بہت سی اب بھی ایسی باتیں ہیں جن کا اخبارات میں لکھنا فی الحال زیر مصلحت نہیں ہے - مگر گورنمنٹ کا انفیڈینشل طور پر تحقیقات کر سکتی ہے اب تک جس قدر آرٹیکل نکل چکے ہیں کوئی صاحب اگر یہ سمجھیں کہ انپر سپرنٹنڈنس کی گورنمنٹ نے کچھ کم تعمیل کی ہے ہمیں یقین واثق ہے کہ ایک ایک حرف اور ایک ایک نقطہ پر غور ہوا ہوگا اور ہو رہا ہوگا - گو نتیجہ کی نسبت ہمیں کامل اطمینان ہے کہ اچھا ہوگا - مگر گورنمنٹ کو میرا یہ اصلاح دینا کہ ایسا کیا جائے اس موقعے پر بالکل فضول ہے ہم رعیت سلطنت خویش خسروان دانند - یہ کیا تھوڑا ہے کہ گورنمنٹ وہاں کے کچے چٹھے سے واقف ہو گئی اور آمندہ کے لئے بہت باتوں میں ابھی سے تمایاں فرق نظر آتا ہے - مگر آج موقعہ میں گورنمنٹ کے روبرو چند امور آذ پیش کرنا چاہتا ہوں اور امید ہے کہ انپر کامل توجہ ہوگی ؛

صاف الفاظ میں اگر بیان کیا جائے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ ہماری گورنمنٹ اپنے مقرر کردہ افسروں اور کارکنوں کے اُن افعال کی اخلاقی طور پر ذمہ دار ہے جو وہ سرکاری منصب میں کریں - پس اسی بنا پر اور نیز اس انگریزی مثل کے مطابق He who allows the aggression shares the crime وہ شخص جو ظلم کو روا رہنے دیتا ہے جرم میں حصہ لیتا ہے کہا جا سکتا ہے کہ اب تک جو ظلم و ستم بے گناہ اور وفادار رعایا کی عظمت قیصرہ ہند پر جو اس وقت چھائی ہوئی ہیں ہوئے ہیں اُن کی اخلاقی طور پر گورنمنٹ ذمہ دار ہے - مثلاً لالہ امرت لال عزیز سوداگر کو صرف اس بنا پر کہ وقت معائنہ اُن کی سوڈا واٹر کی کل کے پہیے پر گاہ بیٹھی ہوئی تھی گلبیری صاحب نے وارنٹ جاری کرنے والات میں دیدیا - اور جب وہ عدالت عالیہ میں مقدمہ سے بری ہو گئے - اس کے بعد بھی اُن کے ہزاروں روپے گزرانے پر کل کے کھلنے کا حکم نہ دینا صاف ثابت کرتا ہے کہ ایک بے قصور آدمی کی منافع تجارت کو جسپر اُس کے اور اُس کے خاندان کے گزارے کا مدار تھا بند کر دیا - اب سوال یہ ہے کہ قریب ہزار روپے کے جو مقدمے میں اُن کے صرف ہوئے (وکلا وغیرہ پر) اور اس وقت سے آج تک جو کل بند رہی جس کو عرف قریب ڈھائی سال کا ہوا اس کے ہرجے کا کون ذمہ دار ہے ؟ اس برٹش راج میں جس قدر تجارت کو سہولتیں دیجاتی ہیں اور جس قدر تجارت کی عزت کیجاتی ہے وہ اس امر کے خلاف ہے کہ برٹش راج میں غریب دوکانداروں اور سوداگروں کی تجارت بند کرا دیجاوے - Pain, fame and justice. رنج نام اور انصاف - اس امر کے مقتضی ہیں کہ مرحوم لالہ امرت لال کے بیٹوں کو معاوضہ یا ہرجانہ دیا جاوے - اس کے علاوہ پچھلے نمبر میں میں ازروئے کاغذات عدالت ثابت کر چکا ہوں کہ سوداگران چرم کی خریدہ و دخت کی گلبیری صاحب نے حکم بذریعہ پروانہ بندکرائی اور سر عدالت بیان کیا کہ میں "خرید و فروخت" کے معنی نہیں سمجھا اور نہ ایسا حکم نہ دیتا - اب

پیسہ اخبار

لاہور۔ پیر جمعہ ۴ مئی ۱۹۰۳ء

حاجات ہند

تعلیم کی حالت ہندوستان کی ایک بہت بڑی حاجت ہے۔ اور خوشی کی بات ہے کہ تعلیم ترقی کر رہی ہے۔ لیکن چونکہ تعلیم اس سرعت سے ہمارے درمیان داخل نہیں ہوئی کہ جس سے دنیا کے کسی دوسرے ملک میں کبھی نہ پھیلی ہوگی ہمارے ملک کی تعلیم بہت صورتوں میں نامکمل ہے تمام بہتر سے بہتر باتیں کہ جن کی ہم ایک قوم یا ایک فرد بشر سے توقع کر سکتے ہیں وہ تعلیم ہی سے پیدا ہوتی ہیں۔ بشرطیکہ تعلیم ہر پہلو میں خاطر خواہ ہو اور تربیت بھی اچھی طرح کیجاوے جب ہمارے تعلیم یافتوں کے نقصوں اور کمزوریوں کی طرف غور کیا جاتا ہے تو لامحالہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ صرف ڈگریاں حاصل کر لینا یا دوسری طرح سے کوئی زبان یا فن بہت عمدگی کے ساتھ سیکھ لینا ایک شخص کو کبھی پورا انسان یا ذی نفس انسانی کے ادا کرنے والا نہیں بنا سکتا۔ اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالنا چاہیئے کہ ڈگریاں حاصل کرنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ صرف ڈگریاں حاصل کرنے پر ہی اکتفا نہ کیا جاوے بلکہ سمجھا جاوے کہ یونیورسٹی سے ایم۔ اے اور بی۔ اے کی تعلیم کی سندات لے کر ایک نئی تعلیم کا دور شروع کریں۔ مگر وہ تعلیم کتابوں سے نہیں ملتی۔ اور وہ کبھی ختم نہیں ہوتی۔ چونکہ ہماری ملکہ نے تعلیم کی تلاش نہیں کی بلکہ ایک قید ملک نے تعلیم خود اسپر ٹھونسی ہے اس لئے تعلیم ایسی صحیح اور مکمل نہیں رکھتی کہ جیسے رکھنا چاہیئے۔ ہمارے اہلی تعلیم یافتہ لوگ یورپین تعلیم یافتوں کے برابر علمی دقائق اور معارف سے آگاہ نہیں ہوتے ہیں کیونکہ یورپ کی یونیورسٹیوں میں جا کر مقابلے میں کامیاب ہوتے ہیں۔ مگر اس ساری محنت کا ماحصل گورنمنٹ کی خدمت یا قانونی پیشے کی تلاش ہوتا ہے۔ کبھی کسی شخص نے اپنے دماغ کو کسی برقی یا کیمیائی یا جر ثقیلی ایجاد کی طرف متوجہ ہونے کی تکلیف نہیں دی۔ ہم اس باطل دعوے کو جو ہمارے انگلو انڈین بھائی پیش کرتے ہیں کہ اہل ہندوستان کی طبیعت میں جدت اور ایجاد کا مادہ نام کو نہیں مقتنہ نہیں ہیں ہم یہ الزام نہیں پر لگاتے ہیں کہ تم نے ہمیں کھانا پکھانا سکھایا ہے کہ جس کو ہم نے تمہارے اطمینان سے قبل سیکھ لیا۔ اگر تم ہم کو وہ گر بھی سکھلاتے کہ جس کی وجہ سے آج انگلستان کل دنیا میں حکمران ہے تو ہم اسے بھی ضرور سیکھ جاتے یا کم از کم سیکھنے کی کوشش کرتے۔ ہمارے خیال میں انگلستان کی اس تمام عظمت اور دولتمندی کا سبب اس ملک کی تجارت اور صنعت و حرفت ہے۔ تعلیم صرف آدمی بناتی ہے اسباب تم نے ہم کو دیدیئے۔ لیکن ان اسباب کو استعمال کرنے کے

(بقیہ صفحہ چہارم)

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

— ۲۰ اپریل کو ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں ۲۰ بجے صبح ۲۰ سال کی عمر میں

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— مکانوں کے دوبارہ گننے پر گورنمنٹ کوئی عذر نہیں کریگی۔

— حضور قیصرہ ہند کی سالگرہ ہندوستان میں بڑی دھوم سے منائی جائیگی۔ اور حضور وائسرائے ہند پر دربار یادگار منعقد کرینگے۔

— گورنمنٹ تحقیقات کرنا چاہتی ہے کہ پنجاب اور ہندوستان کی فوجوں کے ہیضہ کے اور ٹرکن مقامات میں سہولت سے کھائے جاسکتے ہیں۔

— صیغہ مال کی اعلیٰ خالی اسامیوں پر مقرر کرنے کے لئے مقابلے کا امتحان ایک ماہ کے بعد ہوگا۔

— لفٹنٹ کرنل ولنسنٹ پلیٹیکل ایجنٹ بگیس کھنڈ اور سپرنٹنڈنٹ ریاست رپوہ مقرر ہوئے۔

— حاجی ممتاز علیخاں صاحب آنریری مجسٹریٹ رئیس و پریسیڈنٹ انجمن اسلامیہ اٹاوہ نے انتقال کیا۔ حاجی صاحب بڑے خیر بزرگوار تھے۔

— آسام میں سفایا اپنی زمین کو کلکٹر کی اجازت کے بغیر منتقل نہیں کر سکتی۔

— مراد آباد میں ایک جرمن نومسلم نے اسلام پر لکچر دیا۔

— مسٹر عبداللہ و ہرمسی ایم اے ایل ایل بی سالہا سال کے اتفاق رائے ممبران سے بمبئی میونسپلٹی کے پریسیڈنٹ منتخب ہوئے۔ یہ صاحب مصر و روم و آسٹریا و جرمنی و فرانس و انگلستان و سوئٹزرلینڈ وغیرہ ممالک کی سیر کر آئے ہیں۔ اور پچھلے سال نمائش شکاگو میں گئے تھے جہاں امریکہ کے بڑے بڑے شہر دیکھ کر براہ چین و جاپان وطن کو واپس آئے۔ یہ دوسرا موقع ہے کہ ایک مسلمان رئیس باتفاق ہندو ممبران بمبئی کارپوریشن کے صدر نشین منتخب ہوئے۔

— ۱۸-۱۹ اپریل کو ایرہ بہادر ڈاکٹر کمند الال صاحب مرحوم کی یادگار میں بمقام آگرہ ایک فوارہ اہل شہر کی طرف سے کمشنر صاحب نے کھولا۔

— ۲۱-۲۲ اپریل کو پونا میں خوب بارش ہوئی اور اس سے کلکتہ میں کاشت غلہ وغیرہ کی غرض سے ایک لاکھ کے سرمایہ سے ایک مشترکہ کمپنی بنام "بنگال ہیبندی کمپنی" قائم ہوئی۔ جس میں بڑے بڑے لائق لوگ شریک ہیں۔

— ریاست کھنڈ کے ضلع پیگو میں کچھ برمی افسد ایک مالی غبن کے بیچ میں آگئے ہیں۔

— کیاب اور مولمین میں ہیضہ پھوٹ پڑا ہے۔ اور خصوصاً مراسی باشندے بہت ڈر رہے ہیں اور لوگوں کو گولیاں میں بانٹے بجلتے پھوتے ہیں کہ ہیضہ ڈر جاوے۔

— نواب صاحب کچھ کو اختیارات کامل دیئے گئے۔

— تاحال ان دو فوائد خبروں کی گورنمنٹ ہند کو تصدیق نہیں ہوئی کہ امیر صاحب کابل نے فرستان پر حملہ کرنے والے ہیں یا کوئی روسی ولیل ان کے کیمپ میں ہے۔

— صاحب چیف کمشنر صاحب بہادر متوسلے گورنمنٹ سے اجازت طلب کی ہے کہ دس لاکھ کی قحط زدہ رعایا کے لئے کام نکالنے کے واسطے کانتی ساگر ریلوے کی سڑک پر دمو اور ساگر تک بلا تاخیر کام شروع کرایا جاوے۔

— کرنل ذیلھلے ضلع بیں ایک ہندوستانی ملک لال نامی کلرک ڈسٹرکٹ چھاپنی بلدکپور کو ایک ڈنڈا رسید کیا تھا جس کی جوابدہی کے لئے صاحب کی طلبی عدالت مسٹر کرٹ مجسٹریٹ علی پور میں ہوئی۔

— پاڈنیر کو معلوم ہوا ہے صیغہ خارجہ میں ڈپٹی سکرٹری صرف اس افسر کو مقرر کیا جائیگا جو فارسی زبان میں خط و کتابت کی بخوبی دسترس رکھتا ہو۔ کیونکہ ہیر صاحب سے خط و کتابت میں سہولت ہوگی۔

— سر مورٹیمر ڈیورینڈ جو نکہ ہز میجسٹی کے سفیر دربار ایران میں جائینگے بمبئی کے پارسیوں کی ایک معزز جماعت نے انہیں ایک ایڈریس دیا کہ ہمارے پارسی بھائیوں کی طرف خیال کریگا اور ان کے پاس کوئی سامان معاش نہیں انہیں کے پیشے کے آلات خرید دے اور تھوڑا سرمایہ کام چلانے کو دے۔ سر جارج کر ستھو بیٹ اس نیک کام کی سرپرستی منظور کی ہے۔

— دہلی کا نکارلوے کی آمدنی ۱۵ اپریل ۱۸۹۲ء کے پہلے ہفتے میں ۳۷ ہزار روپے تھی کہ ۱۸۹۳ء کے اسی عرصہ میں ۶۲ ہزار ہوئی ہے۔ اور اس اضافہ سے یہ امر ہندوستان کی ریلوں میں بھی نمایاں ہے۔ اس ہفتے میں چوتھی رہی۔ بمبئی بڑودہ سنٹرل انڈیا ریلوے فی میل ۱۰۰ روپے۔ ایسٹ انڈین ریلوے ۷۰۷ گریٹ انڈین پنشولا ریلوے ۱۰۰۰ دہلی کانکارلوے ۵۷۱۔

— ڈاکخانہ کلکتہ کے تمام ہیضہ والے ہسپتال ۲۹ اپریل کی شام کو جنرل پوسٹ آفس کے مقابل ڈھوری سکوئر میں اکٹھا کرکے جمع ہوئے اور پوسٹماسٹر کی زیر ہدایت اپنے کام کی ذمہ داری اور خواہ کی کمی کا حال پیش کرنا تھا۔ ان لوگوں کی اس وقت سے سولہ روپے ماہوار تنخواہ ہے۔ کام بہت سخت ہے۔ ان سے وعدہ کیا گیا ہے کہ اضافہ کی کمیٹی کی خدمت میں پیش کیا جائیگا۔

— صاحب لفٹنٹ گورنر بنگال کو رنشہ انوار کی رات کو کوہ دارجلنگ کو گئے۔

— ابھی تک کوئی شخص بنگلور کے مہتر کے قتل کا ملزم نہیں ہوا۔ مولوی غیاث الدین جو مدت تک مدراس میں رہ چکے ہیں آجکل کلکتہ میں اور کام کے منتظر ہیں۔ خیال ہے کہ انہیں سفیر کابل مقرر کیا جائیگا۔

— گورنمنٹ نظام نے کمشن کا دو افراد کے لئے دو ہزار روپیہ ماہوار کا وعدہ کیا ہے۔ لیکن ابھی تک اس سے زیادہ روپیہ فراہم ہو چکا ہے۔ ابھی ڈاکٹر ہالی صاحب اپنی تحقیقات کی تکمیل کے لئے پچاس ہزار مانگتے ہیں کیونکہ ڈر ہے مغلیہ ریاست کھا دیوے۔

— ہیر صاحب نے ۳۰۰ گورکھا رنگروٹ بھرتی کیا ہے۔ یعنی بجائے اس فیصدی کے ہر سو روپے کے مال پر ایک روپیہ ڈیوٹی آنگلا پائے۔ سو دیکھو ہیر خوش نہیں۔ مگر امیر صاحب سے کرنا کیا۔ بلکہ اس خزانہ ملت المال میں جمع ہوگا۔

(ممالک غیر)

— منرو بلکہ مقلہ جو اعظم سے لوٹ کر قصر دنڈز میں پہنچ گئیں

— یونان میں نزلے کے صدمات برابر جاری ہیں کہ جن سے ہزارہا لوگ بے خان و مان ہو گئے۔ مصیبت اور اضطراب پھیلا ہوا ہے۔ کل کے صدمے سے پہلے تین سو آدمی تباہ ہوئے۔ اور تھیٹر بالکل برباد ہو گیا تھا (ٹائمز لنڈن ۲۸-اپریل)۔

— ناگپٹ (مقدونیہ) ہنری نامی جس نے ایک قہوہ خانہ میں بم کا گولہ پھینکا تھا اس کا کل پیرس میں مقدمہ ہوا اور اس کو پھانسی کی سزا دی گئی۔ مجرم دوران تحقیقات میں بالکل مطمئن رہا اور اس نے اظہار افسوس کیا کہ اس صدمے سے بہت کم لوگ مرے۔ (پیرس ۲۰-اپریل)۔

— امریکہ کے بیکاروں کی تازہ آخری خبریں یہ معلوم ہوئی ہیں کہ وہ ریلوں پر جبراً سوار ہو کر واشنگٹن پہنچنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ملیشیا فوج نے ایک بھری ہوئی ریل گاڑی اور ہو میں روکی اور فوج سواران نے ایک دوسری ٹرین اوگین میں گرفتار کی۔ (ٹائمز ۳۰-اپریل)۔

— ۲۷-اپریل کو ہوس آف کامنز میں مسٹر اسکوتھ نے بجواب ایک سوال کے بیان کیا کہ کشن جیون۔ جو طول طویل شہادت جمع کی ہے اسپر ہری نظر سے کامل توجہ دیجائے اس سے ہوس میں پیش کرنے کی تاریخ مقرر کرنا مشکل ہے۔ زمین میں ہیضہ شروع ہو گیا ہے۔ ۱۰۰ روز سے ۱۰۰ تک روز ہو جاتی ہیں۔ ہوا کی تاثیر بہت کم ہے۔ (۲۷-اپریل)۔

— اخبار مانس کچھ عرصے سے اپنی گورنمنٹ پر وہ ابتذال روا رکھ رہا ہے کہ انگریز گھبرا کر اس کو ہوا خواہ گورنمنٹ ایسا میں شمار کرلے۔

— مسٹر بوشر نے ہوس آف کامنز میں ایک بل اس مطلب کا پیش کیا کہ جس سودہ قانون کو ہوس آف لارڈز دو ماہ تک واپس نہ کریں ہوس آف کامنز سے منظور کرایا کرے۔

— مسٹر پرنگال نے ہوس آف فرانک پر اپنی زندگی کا حملہ کرایا۔

— علاقہ شمال (افریقہ) پر انگریزی قبضہ ہو گیا۔ ملک خوب سرسبز ہے اور انگریزی فعل کی تیاریاں ہو رہی ہیں۔

— ترکی فوج سواران تمام یورپ کی افواج سے عمدہ تسلیم کی گئی ہے۔

— مرشد آصف پاشا بوباب عالی کی طرف سے حجاز میں تعمیرات خاد حجاج کی نگرانی کے لئے تشریف لائے ہیں۔ انہوں نے مکہ معظمہ کے قریب مقام جدول میں ایک مسافر خانہ کی بنیاد رکھ دی ہے۔ سنگ بنیاد رکھنے کے وقت دعائے خیر اور خطبہ بنام شہنشاہ پڑھا گیا۔

— شاہ یونان اور ان کے بیٹے اپنے ملک کے زلزلہ زدہ علاقوں میں پھر رہے ہیں۔

— خیال ہے کہ ایم کوگورڈن جدید سفیر فرانس متعینہ مصر پڑا دانشمند اور تجربہ کار آدمی ہے۔ اور اس کے زمانے میں قبضہ مصر کے متعلق انگریزی اور فرانسیسی بدمزگی کا اندیشہ نہیں ہوا جس کے پیشرو کے زمانے میں تھا۔

— اس وقت فرانس میں ۲۳۰۰ صنعت عورتیں ہیں۔

— ایک فرانسیسی نے پتھر سے مصنوعی مرمر بنانا ایجاد کیا ہے۔

حفظِ صحت

استفسار

۲۴۔ ہیضہ کی کھانسی کی عادت ہے۔ میرے ایک خالہ زاد بھائی کو جس کی عمر تخمیناً بارہ سال ہے مٹی کھانے کی علت ہو گئی ہے کتنی ہی سزا دی گئی باز نہیں آتا۔ کوئی صاحب ناظرین پیسہ اخبار سے ترکیب بتائیں جس سے محمد جان مقام گگو محمد ضلع راولپنڈی ؛

۲۵۔ ضعف معدہ و خفقان ؛ ایک میرے عزیز دوست ضعف اور ضعف معدہ میں گرفتار ہیں۔ یہ دونوں مرض لازم ملزوم ہو گئے ہیں جس زمانے میں مضم کامل نہیں ہوتا ہے خفقان کی بھی سخت شکایت ہوتی ہے۔ ورنہ نہیں۔ اگر کوئی صاحب حسبۃ للہ بجواب لکھنے کی زحمت فرمائیں تو ممنون و مشکور ہونگا۔ نسخہ میں زیادہ اجزاؤں کا نہ ہونا سب سے بہتر ہے ؛

۲۶۔ بواسیر و دمہ ؛ میرے ایک دوست کو دمہ کی اور بواسیر کا عارضہ ہے۔ درد موتی اور ان سے شروع ہو کر پاؤں کی انگلیوں تک جاتا ہے۔ (۲۳۱۲) ؛

۲۷۔ گلا بڑھ جانا ؛ میرے ایک دوست پر سوم اس کا بڑھنا آتا ہے اور وہ کئی بار ڈاکٹر سے بھی چیرا لگوا چکے ہیں مگر کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ کوئی صاحب اس امراض کا تجربہ کار ہو تو براہ مہربانی مجھ کو اطلاع دیں۔ (۲۳۱۲) اور اردو میں لکھنے کی کوشش کریں۔ (۲۳۱۲) ؛

ہیں علاج بتلا دینگے تو مجھ اور میرے دوست کو ممنون و مشکور فرمائینگے ؛

علاج

۲۷۔ بواسیر ؛ جناب من ح ۔ ن صاحب بواسیر خونی کا نسخہ دریافت فرماتے ہیں۔ آپ ان کو مندرجہ اخبار نسخہ ذیل سے مطلع فرمائیں۔ نسخہ ہذا کا ماہ روز ہوں۔ نسخہ ہوتے کی سیاہی ۱۰ تولہ علی الصباح ایک کف دست چھاچھ کیساتھ پئیں اور دوپہر سے تا رات نمک نہ کھائیں اگر ۴۰ روز تک سو افاقہ رکھیں گے تو انشاء اللہ العزیز بیحد فائدہ ہوگا۔ اور پھر یہ مرض عجیب عود نہ کریگا۔ تعریف میں زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ (ا ح ۔ گ ۔ کوچہ مین چوک)

۲۸۔ دانت ہلنے کا علاج ؛ ایک صاحب آپ کے اخبار کے ذریعہ نسخہ دانتوں کے ہلنے کا دریافت فرماتے ہیں۔ ایک نسخہ جو بارہا میں خود استعمال کیا ہے حسب ذیل ہے۔ اس کو اپنے اخبار میں درج فرما دیجئے۔ نسخہ پسے ہوئے نمک کو تھوڑی سے پانی میں ملا کر دانتوں پر ملنا چاہئے اس سے دانت اور مسوڑے مضبوط ہو جاتے ہیں۔ اگر دانتوں کا ہلنا غیر موزلہ کے باعث ہو تو تھوڑے سے نمک کو پانی میں ملا کر اس کی غرارہ کریں اس طرح مگر نمک اس زور سے سوائے کہ کسی قدر پانی حلق میں جائے۔ (موسیٰ رام ۔ ر ۔ ہ ۔ سہ جام لوہ) ؛

۲۹۔ بواسیر ؛ بندے نے آج آپ کے اخبار مطبوعہ ۱۰ پریل کے صفحہ پر استفسار بواسیر خونی کی پیشانی دیکھی۔ بندہ ایک مجرب نسخہ ذیل میں لکھتا ہے۔ امید ہے کہ اگر وہ صاحب اسکو استعمال میں لاویں تو انشاء اللہ جلد شفا صحت بخشیگا۔ انار دانہ کے سوکھے ہوئے چھلکے لیکر ان کو پیس کر ۳ ماشے ہر روز صبح و شام پانی میں حل کر کے مسکے ساتھ کھا لیا کریں۔ اور پرہیز سے پرہیز کریں۔ نمک بیماس ہلدی وغیرہ بھی دیں کم کر کے پئیں۔ (ر ۔ ب ۔ ۔ م ۔ ح ۔ ۔ ۔) ؛

شعر و سخن

آزادی

ہے یہ ارسطو نے حکایت لکھی — کہ پرستان میں تھی اک پری
ہر طرح انساں سے تھی وہ مرتبت — حسن میں ہمسر تھی وہ ذی مقدرت
تو ہیاں یہ نقص اک بڑا عیب تھا — تھی وہ بے قدرت سے ملی یہ سزا
وقت معین میں وہ ہر اک سال — قالب اصلی سے کرے انتقال
سانپنی اک آنکھوں سے اندھی بنتی — اور وہ انسانوں میں آکر رہتی
کچھ تو اسے ساتھی سے نفرت کرتے — جان کے پیچھے کے لالے پڑتے
رحمدل بعض کچھ ایسے ہوتے — حالت زار پہ اس کی روتے
ترس کھا کر اسے کھانا دیتے — اور محفوظ اسے ٹھکانا دیتے
اس طرح جب اسکی سزا کے ایام — کلفت و آرام سے ہوتے تمام
قالب اصلی میں وہ اپنے آتی — اور پرستان کو واپس جاتی
ہوتے نہ ہمدرد فراموش اسکو — صلہ جی کھول کے دیتی ان کو
جس کی ہوا کرتی جو کچھ آرزو — لاتی اسے بروہ پری مو بمو
تھی جو اس سے کیا کرتے تھے — لطف سے محروم رہا کرتے تھے
یہ پری کون ہے آزادی ہے — سانپنی بن کر جو کبھی آتی ہے
بد ہیں منظور نہ ستے ہیں — بد ہیں منظور نہ ستے ہیں
وائے اگر اسپہ جو نفرت کرے — اپنی بہبودی کا وہ دشمن بنے

تضمین ؛ ہمچو طبع مولوی شفیق الرحمن صاحب شفیق مولوی فاضل

می است سے ہوکر است کی طی اگر ہوا
مگر بہر گرگ یاروں نے جب چند دیا تھوڑا
تو جی کھٹا ہوا یعنے کہ ترشی سے نشہ اترا
الاہا ایہا الساقی ادر کاساً دنالوہا
کہ عشق آساں نمود اول ولے افتاد مشکلہا

مجھے تو تاصبح عشق کی ہر اک بات رہے کہ
ایسے غافل لوگ کیا جانے بھلا دنیا کا نیک و بد
می تعلیم لی مجھ سے سوچ کر کہتے ہیں سر سید
مے سوداور نکلیں کن گرت پیر مغاں گوئد
کہ سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا

سمجھتے تھے ہم اپنے آپ کو ہر چیز میں برتر
خدا کو کیا جب چاک تب مضمون ہو ظاہر
کہ مشق جنگ اگر ہی گئی تقدیر اپنی پھر
ہمہ کارہ زخود کامی بہ بدنامی کشید آخر
زناں کے ناز اس راہ کو سوزندہ محفلہا

کہے ہیں گھلت رہنزن اور بستے گاہے عام
حیا کیا تاک دمہ پیمیں ہے منزل ہی سو کہ
چلا جاتا ہے آدمہ کا کرتا ہوا تکلیم مہم
مزہ منزل کا جانا ہے اگر آسان ہو جانا
برس فریاد سے اور کہ رہے بندہ گھلہا

شقیق اور دو تو کیا ہے اگر ہوں چار سو حافظ
تفاوت فاحشی ہیں ہوگا ایک جو حافظ
بقرعید عنقریب آنے والی ہے۔ اور اسی لئے ہمیں اس نہایت افسوسناک مضمون کی نسبت کچھ لکھنے کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کہ جسے فسادات گاؤکشی کے نام سے مشہور کیا جاتا ہے۔ فساد کچھ عرصے سے ہندو مسلمانوں میں ہوتے ہیں اور ہر سال گزشتہ سنین کی نسبت زیادہ خوفناک صورت اور وسعت اختیار کرتے جاتے ہیں۔ جس سے ہوتا ہے کہ ذی یقین سے بہت لوگ دن بدن بدظن ہوتے خیالات سے ہمدردی کرنے لگے ہیں اور ایسے لوگوں کی تعداد روز بروز بڑھتی جاتی ہے۔ باوجودیکہ گورنمنٹ مفسدوں کو سخت سزائیں دیتی ہے۔ باوجودیکہ بہی خواہان ملک فریقین کو سمجھاتے ہیں کہ اپنی نکا اتفاق کے اظہار اور وداد خواہی کے لئے یہ طریقہ موزوں نہیں کہ انصاف کو اپنے ہاتھ میں لے جاوے تاہم وہ اغراض جوان لوگوں کو فساد کی ترغیب دیتی ہیں ایسی زبردست معلوم ہوتی ہیں کہ ان سے موثر کے سوائے نہیں رہ سکتے۔

اس میں شک نہیں کہ کسی شہر یا علاقے میں فساد ہو چکنے کے بعد گورنمنٹ کے مستعدی کے مفسدوں کو سزا دینے سے رعب چوکس ہو کر نگرانی کرتے ہیں جس سے آئندہ کے لئے حقیقت میں فساد وہاں کے دلوں میں گھر کر جاتا ہے۔ فساد کے بعد پر فریقین کی پیش آتی ہیں اس کو وہ فریق مخالف کی سمجھتے ہیں اس لئے ان کا کینہ اور بغض اپنے ساتھ پہلے کی نسبت زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ مگر گورنمنٹ کی وجہ سے وہ کچھ کر نہیں سکتے۔ لیکن جب کوئی بہانہ تو جاہل اور متعصب لوگ دل کی بھڑاس نکال کر دوبئیں۔

ہندو مسلمانوں کے بین گاؤکشی کے فساد کی نسبت جو بے چینی پھیلی ہوئی ہے اس کی اس مرض کی ہے جو کسی شخص کو فسادخون کی ہو جاتی ہے اور بار بار اشتعال سے کرتا ہے اور ڈنبلوں کو نشتر سے کرے۔ لیکن چونکہ سے خون ہی بگڑا ہوا ہے بار بار سے مقامات پر نکلتا رہتا ہے۔ اس وقت بھی مریض کی حالت ہمگی نہیں اب ہمارے ملک کی حالت ایسے مریض کے لئے حکیم عاقل کی تشخیص کی ضرورت ہے جو شروع سے اپنا علاج انتہا کرے کہ جس کا مادہ

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— یحییٰ خانی کورٹ میں ۲۲ اپریل سے تعطیل شروع ہوئی۔ جج صاحب و جج راشد صاحب انتروی مقدمات کے فیصلے کیلئے دو تین روز اجلاس کرینگے۔

— جنرل سر جیمس براؤن ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان کو سال کی توسیع میعاد ملازمت ۱۰ ستمبر ۱۹۲۳ء سے ملی۔

— سید حسین صاحب بلگرامی پراونشل سکرٹری حضور نظام مجلس ریاست میں طاقت حاصل کر رہے ہیں۔ اس ہزار روپیہ تنخواہ نہیں دیا جاویگا۔

— بابو نکم چند چیٹرجی سی آئی ای مشہور بنگالی نسانہ نگار نے وکالت کیا۔ مگر پہلے جس کچھ حالات ان کے لکھے جا چکے ہیں۔

— لیفٹیننٹ جیمسٹ کے گورکھا سپاہی اوتار کو ۲۰ اپریل کو بمقام سیالکوٹ کے دو دو سال عبرت کے لئے پھانسی دیجاویگی۔

— بنگلور کے سنٹرل جیل میں ایک عمر قیدی نے ایک دوسرے قیدی کو مار ڈالا تھا۔ جوڈیشل کمیٹی نے مجرم کو ۶ ماہ اور قید کی سزا دی۔

— حیدرآباد دکن میں لڑکوں کے لئے ایک ٹریننگ کالج گورنمنٹ کے زیر تجویز ہے۔ سندھ میں تعلیم ترقی کر رہی ہے۔

— نواب صاحب جونا گڈھ حال بال رہے۔ ہمراہیوں کی گاڑی نواب صاحب کی گاڑی پر آ پڑنے سے گر پڑی گاڑی بہادری

— پولیس نے آگرہ میں ایک یورپین مسٹر کارٹن کو گرفتار کیا ہے ایک دیسی کو اس قدر ضرب پہنچائی تھی کہ وہ اس کے صدمات سے جانبر نہ ہو سکا۔

— صاحب مینیجر جیسٹر بنگلہ نے کچھ عرصے کے لئے نواب سید حسن کی جائیداد آتی کو چار سیلوں کی شادیوں کا جبرا بھی مقرر کیا۔

— خان بہادر اکبر علی مستعفی سپرنٹنڈنٹ پولیس صیغہ خفیہ کے بہادر جمیل العلی خان بہادر سپرنٹنڈنٹ (خفیہ) پولیس پونا نے گزشتہ ہفتہ میں انتقال کیا۔ مرحوم نے بائیس سال پولیس کی خدمت کی تھی۔

— ٹمدہ کے ایک پلیڈر بابو کنجی بہاری نے پچھلے سال میں اپنی زندگی بیمہ کرائی تھی۔ ایک ہی سال کا چندہ دے گئے اور ان کی بیوی کو لائف انشورنس کمپنی نے ۲۵ ہزار روپیہ دے دیا۔

— مسز بیسنٹ نے گزشتہ دہندوستان میں کل ایک لاکھ کچھ رقم جمع کی۔

— لارڈ ہارڈنگ کے گورنری مدراس سے عنقریب مستعفی ہونے کی افواہ پھیلا ہوئی۔

— بنگلور میں ہندوستانی زراعت کی کمپنی کے نام سے ایک کارخانہ قائم ہوا۔

— آسام بنگال ریلوے کمپنی کا روپیہ غبن کرنے پر ایک پولیس کا گماشتہ گرفتار ہوا جس نے خود کشی کر لی۔

— مسٹر اتھالی کے بجائے خان بہادر کرساپ جی رستم جی واڈیا چاچی یم اے نائب دیوان ریاست بردودہ مقرر ہوئے۔

— صاحب چیف کمشنر صوبجات وسطی نے مس ملک کی میونسپل کمیٹیوں کے کام پر اطمینان ظاہر کیا۔

— راؤ بہادر شنکر پانڈورنگ پنڈت مرحوم کے بجائے ایک پارسین سنسر مورڈین ریاست پور بندر کا ممبر مقرر ہوا۔

— فرخ آباد بنڈ بن۔ آگرہ اور لکھنؤ کے ہسپتال انفلوئنزا کے مریضوں سے پُر ہیں۔

— سر سورمیجر ڈیوڈ بینٹ کے بجائے مسٹر ڈبلیو۔ جی کنگھم گورنمنٹ ہند کے ممبر ملٹری مقرر ہوئے۔

— گرہن کے روز چار آدمی گنگا میں (بمقام کانپور) اشنان کرتے ہوئے اتفاقاً ڈوب مرے۔

— کرنل آر۔ داغ کے بجائے نئے ڈائرکٹر کے پراویڈیٹ سکرٹری مسٹر ہیگنٹن بمقام شملہ مقرر ہوئے۔

— سلہٹ (بنگال) میں سخت طوفان آیا اور کئی کشتیاں معہ چند جانوں کے ڈوب گئیں۔

— گورکھپور کے راجہ گرگا پرشاد صاحب کو بانے ضلع غلغلہ کے ان مسلمانوں کی دستگیری کے لئے پانسو روپیہ عطا کیا ہو گزشتہ سال کے فساد میں برباد ہو گئے تھے۔

— الہ آباد کے ایک یورپین کارخانہ کے حصہ دار مسٹر فالیج نے چلنے ٹکٹ اس قدر جمع کئے ہوئے تھے کہ ۴۸ سو روپے کو بک گئے۔

— ڈاکٹر لاری صاحب قائمقام وزیڈنسی سرجن کے حیدرآباد سے جانے کی افواہ ہے۔ ایونگ میل بنگلور نے انہیں لاری صاحب کے خلاف ایک آرٹیکل لکھا تھا جس پر اس اخبار پر ناراضگی کا اظہار ہوا اور غالباً اس کا ایڈیٹر علاقے سے خارج کیا جاوے۔

— سیتا رام باغ کے ہندو مسلمانوں کے جھگڑے کے مقدمے کے متعلق سکندرآباد کے ہندو وکلا نے ایک جلسہ کیا گورنمنٹ نظام کا خیال ہے کہ بعض معلوم مفسد مقدمہ کو بڑھا رہے ہیں اگر وہ باز نہ آئے تو گورنمنٹ نظام ان کی اراضات ضبط کریگی۔

— سر جرن کرنل گے علی میڈیکل افسر بنگلور نے انتقال کیا۔

— مسٹر چارلس ایسٹ آرہ کا ڈاڈر کس کھول کر ۲۵ کو کلکتہ روانہ ہوئے۔

— مسلمانان بنگالہ نے بیوگان اور یتیمان کی حمایت کے لئے ایک مجلس انجمن حمایت بیوگان قائم کی ہے جس میں کلکتہ کے بڑے بڑے معزز مسلمان شریک ہیں۔

— مسٹر سی۔ ایس ہیلی نے ڈاکٹر لتھجرو سے محکمہ ٹھگی و ڈکیتی کے عہدہ سپرنٹنڈنٹ کا چارج بمقام شملہ لیا۔

— اکونٹنٹ صیغہ پبلک ورکس کا سالانہ امتحان ۴ و ۵ ماہ جون کو شب پور انجینیرنگ کالج نواح کلکتہ میں ہوگا۔

— صوبجات متوسط میں سا گر میں غلہ کی قلت ہے۔ اور گیہوں باہر سے آنی شروع ہوئی ہے۔ ناگپور میں نرخ اجناس چڑھ رہے ہیں ہندوستان کے باقی مقامات میں فصل قابل اطمینان ہے۔ مگر بردوہ میں غلہ کی بہت گرانی کی وجہ سے امداد کی ضرورت ہے۔

— جس کمیٹی نے کلکتہ میں مچھلیوں کے قوانین کو مرتب کیا ہے اس کا ایسا اچھا طرح کام کیا ہے کہ اسکی نظر ثانی کی ضرورت نہ ہوگی سکرٹری رپورٹ کو مکمل کر رہا ہے کہ جسے گورنمنٹ کو منظور کرنا باقی ہے۔

— گوالیار سے بھی ایک فسادی پمفلٹ چھپنے کی افواہ ہے۔

(ممالک غیر)

— اس مفت اشیاء میں سگریٹ کی کمپنی بہت بڑھ گئی ہے۔

— پیرس میں اکی عورتیں ڈانس کلب قائم کر رہی ہیں۔ کوئلی ہیں اور کچھ سائیس بھی ایک جدا کلب قائم ہوا ہے۔

— لنڈن کی پولیس نے بقام ہوٹل ریٹز ایک اٹلی کے انارکیسٹ فیرارا نامی کو گرفتار کیا ہے جو لنڈن میں بہت بڑی مفسدانہ سازش کا سرغنہ ہے۔ (۲۰ اپریل)

— اس آئرلینڈ کی خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ علاقہ سوازی لینڈ میں تکلیف کا اندیشہ ہے۔ اہل کلکٹر صاحب کی حکومت کی مخالفت پر کمربستہ ہیں۔

— لنڈن کے ایک بڑا پیر سٹر وکیل کا ایک ایڈیٹوریل کے گرد دورہ کر رہا ہے جو ہفتہ میں ختم ہوگا۔ اور اس اخبار میں کیفیت چھپے گی۔

— ملک یونان کے صوبہ ایشیا یوچیا اور مسلم کمت میں بہت زلزلے تباہ کر گئے۔ بہت سی عمارتیں منہدم ہو گئیں۔ لوگ بے خانماں ہو رہے۔ اور قریب دو سو کے آدمی مرے ہیں۔ پرزوں کے گرنے سے کئی زخمی ہو گئے۔ سرکار مصیبت زدوں کو خوراک دے رہی ہے (۲۳ اپریل)

— کوبرگ میں زفاف (شہزادہ ولیعہد سویڈن) کی نسبت شہزادی الکس آف ہیسی سے قرار پائی۔

— گورنمنٹ جرمنی نے سولہ کروڑ نوے لاکھ مارک قرضہ لینے کا اشتہار دیا۔

— لنڈن ۲۱ اپریل) مشہد سے خبریں آئی ہیں کہ وہاں روٹیوں کا فساد (؟) شروع ہو گیا ہے۔ اور بازار بند ہو گئے ہیں۔

— ڈیلی نیوز کے پیرس کے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ ایک روسی نے مسیح کی مکہ سی مسیح عزی نبت میں دریافت کی ہے۔

— فرانسیسی جنگی جہازات کے حالات کی تفتیقات کی کمیٹی کے پریذیڈنٹ ایڈمرل کرنے نے حیرت بخش رپورٹ تیار کی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ بحری انتظام شروع سے اخیر تک غلط ہے۔ جنگ کی کوئی تیاری نہیں۔ سلطنت فرانس ہمیشہ سمندر کے ناقابل۔ محکمہ بحری میں تا بنیاد اصل کرنے کی حاجت ہے۔

— لنڈن (۲۱ اپریل) گلاسگو کی خبروں سے معلوم ہوا کہ فرانس والوں نے دو صیدانوں میں قوم تواریگ کو شکست دیکر اُن کے سب سردار مار ڈالے اور ایک ہزار مویشی پر قبضہ کر لیا۔

— ہیرالڈ ٹریبیون جرمنی سے رائیوٹی گرانڈمی کو بھاگ گیا تھا اور وہاں کے لوگوں نے اسے نکال دیا تھا یورپ گئوں میں پہنچ کر فتنہ و باغیوں سمیت تتر بتر ہو گیا۔ اور زبیل کی بغاوت ختم ہو گئی۔

— ڈیوک آف کوبرگ (ملکہ وکٹوریہ کے منجھلے بیٹے) کو جو ولیعہد انگلستان سے ملتا ہے ۲۱ اپریل کو ہوس آف کامنز میں مسٹر مورٹن نے اس کے بندھوے کی تحریک کی اور مسٹر لیو جارج اور دیگر ریڈیکل ممبروں نے اس کی تائید کی۔ لیکن دو سو تیس ممبران نے

حفظ صحت

واقعی خوشی کا مقام ہے کہ حفظ صحت کے کالم کے لکھنے والوں اور نیز چھپنے والوں کی طرف سے خاطر خواہ امداد اور قدر افزائی ہوئی ہے۔ ہر ہفتہ کے بعد اس ہفتے میں اس سوال کا متعدد بار پیش ہونا اس امر کا ثبوت ہے کہ لوگ اس کالم کو بغور پڑھتے ہیں۔ اور ساتھ ہی اپنے ہموطنوں کی طرف سے رضا مندی اور شکریہ کے خطوط بھی بھیجتے رہتے ہیں کہ جن کو حفظ صحت کے کالم سے استفادہ پہنچا۔ مگر افسوس ہے کہ ہم ان لوگوں کی فرمائش پوری وقت پر اس لیے پوری نہیں کر سکتے۔ کہ ہمارے پاس اس چھپنے کے لئے صرف ایک ہی کالم ہے۔ اس لئے بہت سے انتخاب کے استقصاء اور مہاجات باقی رہ جاتے ہیں۔ ہم چاہتے اور یہ بار بار ہوتے ہیں۔ مگر ہو نہیں سکتا۔ اس میں شک نہیں کہ حفظ صحت کے کالم میں ہر ہفتہ وار مضمون سے کھرا گیا تھا اس میں ہمیشہ سے کچھ کا کچھ ہوتا رہا اور ہے۔

علاج

۱۔ ۴۔ ۵ ہاتھوں کا پھٹنا۔ اور مسوڑوں میں زخم ہو کر ریم کا جاری ہونا۔ غذا کی بے اعتدالی سے یہ مرض کثیر پیدا ہوتا ہے۔ جب سودم طحال و جگر و دیگر تضعف امراض میں مبتلا مقدار خون کی کم ہو جاتی ہے تو کثیر مسوڑوں میں ورم آ جاتا ہے۔ کثرت گوشت خوری اور سبزی اور تازہ میوہ جات کے کم استعمال سے بھی یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اگر شروع میں احتیاط نہ کیجاوے تو مسوڑوں میں زخم ہو کر دانہ جاری ہو جاتا ہے۔ معدہ نہایت ضعیف۔ ہضم کمزور ہو جاتا ہے۔ اطبا دیتے ہیں تمام جسم زرد پڑ جاتے ہیں اور مریض ایسی حالت نا امیدی میں زندگی سے قطع ہو جاتا ہے۔ (علاج) گوشت سے مطلق پرہیز۔ سبزی اور تازہ میوہ جات کا کثرت سے استعمال کریں۔ خاص مرض کا علاج کریں۔ مختلف ادویات دافع بدبو و فاسدات سے غرغرہ کریں۔ پوست برگ نیم۔ کچھ شکری۔ کتھ۔ ست ماجو۔ کم کی لکڑی سکیا کی چھال۔ کٹار۔ ہر ایک لوشن وغیرہ کو پانی میں جوش دے کر اس عرق سے چند مرتبہ غرغرہ کریں۔ بعد تو سہاگہ کھیل کر کے دانتے ایک ٹکڑہ سے آہستہ کر کے روئی کے پھریرے سے مسوڑھوں پر لگائیں۔ مرکبات فولاد ہمراہ شکنجبین لیموں۔ مثانہ عرق لیموں کے دو تین مرتبہ دن میں نوش کریں۔ آدھ کریمن ۵ گرین کے مقدار میں ہمراہ شکنجبین لیموں کے پینے سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ جب زخم اچھے ہو جاویں اور آرائش بالکل مندمل ہو جاوے تو دیں کے منجن کا استعمال کریں۔ بلکہ حالت صحت میں بھی منجن کے استعمال سے دانتوں میں کثیر اوغن نہیں لگتا اور نہ کبھی دانتوں میں درد ہوتا ہے۔ کاغذی نمک۔ کھڑیا مٹی ایک ایک تولہ۔ لاکھی کا کوئلہ سفوف مشدہ۔ ایک تولہ۔ کافور بالکل سفید ۲ ماشے۔ سب کو خوب باریک سفوف کریں اور مذکورہ قوت کو صبح اٹھ کر نرم مسواک کے مسوڑوں پر صبح و شام مل کر شیر گرم پانی سے کلی کریں۔ اس سے تعفن بالکل جاتا رہتا ہے اور منہ خوشبو ہو جاتی ہے۔ (محمد ضداداد۔ ریلوے ہسپتال لاہور)

بہ تفسیر۔ شیر سنگھ صاحب فوت ستیمین سے دریافت کرتے ہیں کہ ایک دوست کے منہ جو ہمیشہ بغل گن میں مبتلا ہیں کوئی صاحب مجرب نسخہ عطا کریں

شعر و سخن

دنیا

[جو خاص پیسہ اخبار کے لئے لکھا گیا ہے]

اک وسیع بڑا سچہ اطفال کا میدان ہے
محو ہیں کھیل میں ہر اک بنی انسان ہے
اک طرف بچے ہیں چلاتے ہوئے کالی گھٹا
اک طرف ہے گاہ گاہ ہوتا نزول قطرہ باران ہے
مختلف فصلیں ہیں ہر دم کھونے بنتے ہیں
ہر طرف ہے ہر دم کچھ ہونا کچھ ہوتا ہے
ہیں کہیں پر ہیچ کہیں پر ہیچ کہیں پر ہیچ
ہیچ ہیچ ہیچ ہیچ ہیچ ہیچ ہیچ ہیچ
اک طرف ہے

پیسہ اخبار

نمبر ۱۶ | یوم جمعہ ۲۷- اپریل ۱۹۰۹ء مطابق ۲۰ شوال ۱۳۲۷ھ موافق ۱۷ ابیساکھ سمت ۱۹۶۵ بکرمی | جلد ۱

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

دنیا میں گیہوں کی پیداوار اور خرچ ۱- ممالک متحدہ امریکہ کے محکمہ زراعت کے ایک کاغذ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۹۰۸ء میں کل دنیا کے بڑے بڑے ممالک میں حسب مقدار ذیل گیہوں پیدا ہوتی ۱-

(ایک بشل کا پیمانہ برابر ہے قریباً ۲۹ سیر)

ممالک متحدہ امریکہ	۶۳۸۹۶۷۸۴۲ بشل
کینیڈا	۲۳۰۰۸۰۰۰ "
جمہوریہ ارجنٹائن وچلی	۲۹۲۶۸۸۱۲ "
آسٹریا	۵۲۶۸۳۸۶۲ "
ہنگری	۱۳۵۸۹۸۹۰۵ "
فرانس	۲۸۲۲۳۹۱۵۹ "
جرمنی	۱۰۸۳۰۶۵۰۰ "
اٹلی	۱۰۹۴۲۰۸۷۰ "
رومانیا	۵۲۶۶۶۸۶۲ "
روس	۲۶۲۶۳۹۴۹۰۰ "
اسپانیہ	۱۰۴۳۴۳۳۱۶ "
ترکی	۴۳۹۰۲۲۱۹ "
دیگر ممالک یورپ	۴۸۱۵۵۰۶۶ "
ہندوستان	۲۷۵۲۸۸۸۹۸ "
دیگر ممالک ایشیا	۸۶۳۴۲۹۹۷ "
افریقہ آسٹریل ایشیا	۴۷۵۸۸۱۶۱ "
میزان	۲۲۱۸۹۷۹۱۸۲ "

سرحدی اخراجات ۱۹۰۹-۱۹۰۸ء- مندرجہ ذیل فوجی اخراجات اُن سرحدی مقامات کے لئے سال حال کے واسطے گورنمنٹ نے تجویز کئے ہیں۔ جن کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

ہم کھجوری کیمپ ایک لاکھ ۲۴ ہزار روپے۔ کورم اسکورٹ دو لاکھ ۴۶ ہزار۔ ایجنسی سات لاکھ چن پہاڑیوں کے کام کے لئے تیس ہزار۔ نجی کی فوج چالیس ہزار۔ ہم کنگ ٹنگ کنگ چکر ساڑھے دس ہزار۔ نئی پوزیشن دس ہزار۔ ہم ابوبر دس ہزار۔ جنوبی لوشائی کی کارروائی کے لئے بیس ہزار۔ چیلاس ملیشیا دس ہزار۔ غیبی زئی فیلڈ فورس پانچ ہزار۔

دنیا کی بڑی بڑی زبانوں کے لفظ:- انگریزی زبان میں ایک لاکھ ستر ہزار لفظ موجود ہیں اور روزمرہ نئے لفظ بنتے جاتے ہیں۔ جرمنی زبان میں اسی ہزار۔ اٹالی میں پینتالیس ہزار۔ ہسپانیہ میں تیس ہزار اور ہسپانی میں بیس ہزار الفاظ ہیں۔

مذاق

مشہور ہے انگریزی شاعر پوپ کریمنظر تھے۔ ان کا یہ کلام تھا "خدا سنوارے"۔ ایک دن ایک بھولے بھالے لڑکے کے سامنے آپ نے کہا "خدا سنوارے"۔ اس نے آپ کی بزرخ شریف بغور دیکھی اور بولا "بیشک خدا آپ کو سنوارے لیکن اس سے آسان ہے کہ کوئی نیا ہی انسان پیدا کرے"۔

عقلا کہتے ہیں ہر نقصان میں دل بہلانے کے واسطے کوئی نہ کوئی فائدہ ہے۔ مثلاً آدمی گنجا ہے تو اس سے بھی فائدہ ہے کہ میاں کا سر جورو کے دستبرد سے بال بال بچتا ہے۔

سعید:- "خاں تم نے وہ نئی کتاب پڑھی ہوگی جس میں لکھا ہے کہ سو سال تک کس طرح زندہ رہ سکتے ہیں"۔

فرید:- "ہاں اس میں اُس کے مصنف سے بھی واقف تھا"۔

سعید:- "آہیں! واقف تھا کیا۔ کیا اب واقف نہیں ہے"۔

فرید:- "ہاں اصل یہ ہے کہ وہ بیچارہ انہیں دنوں میں مر گیا تھا کہ جبکہ اس کی کتاب شائع ہوئی تھی۔ اور سب سے زیادہ قابل افسوس بات یہ ہے کہ عین عالم شباب میں اسکا انتقال ہو گیا"۔

شوہر:- "دیکھو پیاری نیچے کے مکان سے دھواں آتا ہے۔ شائد وہاں کی کرایہ دار لیڈی کی کسی چیز کو آگ نہ لگ گئی ہو۔ جلدی دوڑ کر اسے اطلاع دو"۔

بیوی:- "میں تو ہرگز نہیں جاؤنگی خواہ سارا مکان خاک سیاہ ہو جاوے۔ وہ تین ماہ سے یہاں رہتی ہے اور مجھے ایک دفعہ آکر نہیں ملی"۔ دیوٹ میں ایسی رسوم کی بیہودہ پابندی کی کوئی حد نہیں۔ ایڈیٹر۔

ملازم:- "صاحب میں نے پچھلے سال بھی عرض کیا تھا کہ میری کچھ ترقی ہونی چاہیئے۔ اور اب تو خدا نے ایک بچہ بھی دیا ہے اس لئے خرچ زیادہ ہو گیا ہے"۔

مالک:- "لڑکی ہے یا لڑکا"۔

ملازم:- "لڑکا ہے جناب"۔

مالک:- "میں نہیں سمجھتا کہ میں بھی تمہاری کس طرح ترقی کر سکتا ہوں۔ تاہم میں کچھ نہ کچھ تمہارے لئے ضرور کرونگا اچھا جب وہ لڑکا بڑا ہو تو میرے پاس لانا۔ میں اسے کوئی اسامی دے دونگا"۔

عجیب عجیب باتیں

پرانی جوتیوں سے چال چلن دریافت کرنا:- گلستان کا ایک اخبار مسمی جذیل پیر گراف چھاپتا ہے جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ انسان اپنی توجہ سے قدرت کی کیسی کیسی عجیب باتیں معلوم کر سکتا ہے یا کم از کم تلاش کرنے کا مادہ ہے۔

وہ کیا تم جانتے ہو کہ پرانی جوتی اس شخص کے چلن اور طریق کے حالات بتلانے کے لئے کافی ذریعہ ہے؟ یہ سوال چند روز گزرے ہیں مجھ سے ایک پرانی جوتیاں بیچنے والے نے دریافت کیا۔

"میں قریب بیس سال سے یہ پیشہ کرتا ہوں۔ اور میں نے اس بارے میں خوب غور کیا ہے۔ جس شخص کی ایڑی اور تلوا باہر کی طرف پچھلی جانب کو گھسا ہوا ہو۔ اس کا مزاج پرجوش ہوتا ہے۔ یہ شخص عموماً کم خوش ہوتا ہے اور جس کام کو ہاتھ میں کرتا ہے جلدی سے ختم کرتا ہے۔ ایسے لوگوں کو میں نے دیکھا ہے کہ روپیہ جمع کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔ اگرچہ جوتا بابر کی سیاں پیچھے سے گھسے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پہننے والا سلیم الطبع آدمی ہے۔ لیکن اگر انگلیوں سے آگے کی جانب جوتی گھسی ہو تو اس کے پہننے والے کی طرف نظر کرنا۔ بد قماش اور مجرم لوگوں کی جوتیاں سامنے سے ٹوٹتی ہیں کیونکہ اُن میں پنجوں کے بل چلنے کا میلان ہوتا ہے۔ جس شخص کو حرص اور لالچ کہ اس کی جوتی اندر کی طرف سے گھستی ہے۔ یہ شخص ہر حالت میں شاکر ہوتا ہے اور کل صبح کا اسے کچھ فکر نہیں ہوتا۔ اگر تمام ایڑی بالکل گھس جاوے تو وہ شخص مصمم قصد اور ارادہ رکھتا ہے اور اتنا خوش باش ہوتا ہے کہ فتنا ئرا معلوم ہوتا ہے۔ اور اس شخص میں روپیہ کمانے اور بچانے کی قابلیت بھی ہوتی ہے"۔

جاپان میں طلاق کا ایک عجیب دستور:- جاپان میں منجملہ بوجوہات طلاق دینے کے ایک یہ بھی ہے کہ اگر کسی شخص کی بیوی بہت باتیں کرتی ہے تو مرد فوراً اس کو طلاق دے سکتا ہے۔ بدنصیبی سے جاپان میں عورتیں بڑبنی باتونی ہوتی ہیں اور مرد اس کے برعکس اس لئے طلاق اس ملک میں عام بات ہے۔ ملبورن آسٹریلیا میں اگر کسی عورت کی تین دفعہ شراب خواری کا ثبوت مل سکے تو مرد اسے طلاق دے سکتا ہے۔

فنلینڈ میں عورتوں کے حقوق:- فنلینڈ میں دستور ہے کہ اگر ایک عورت شادی سے پیشتر اپنے شوہر سے قرارداد کرے کہ جو اسکی ذاتی جائداد ہو یا جو کچھ وہ آئندہ کمائے اور جو اسپر آملی ہو وہ

سچائی کا ثبوت

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لائق اور ماہر ہے اور اس کی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں +

ڈاکٹر اے۔ آر۔ ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۸۔ اگست ۱۹۰۷ء

کیا کوئی سارٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھکر تسلی دے سکتا ہے +

بفضل شفائی مطلق ہمکو مندرجہ ذیل ادویات کے مؤثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم ایکو ایکی خریداری کے واسطے بیں شرط آمادہ کرتے ہیں۔ کہ اگر خدانخواستہ آپکو فائدہ نہ ہو۔ تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے تا حصول صحت آپ اپنے روپیہ کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑا ہے۔ تمام فرمایشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی۔ شاذ و نادر اگر روپیہ کے واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا +

آتشک کی پوڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج ۴۸ پوڑیاں۔ عہ

مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخم پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ ... عہ

عرق عشبہ مرکب (فساد خون۔ درد عصبی۔ آتشک گنٹھیا غارش) کیواسطے شیشی خورد عہ شیشی کلان ... ملے

عرق دافع سوزاک و قرحہ۔ اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی ... ملے

دوائی پچکاری برائے سوزاک سوزاک کے ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے ... عہ

دوائی پچکاری برائے قرحہ۔ سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے ... عہ

روغن دافع وجع مفاصل و درد عصبی۔ بیرونی مالش کیواسطے فی شیشی ... عار

عرق طحال۔ تپ تلی کے واسطے ۲۴ خوراک عہ ۴۸ خوراک ... ملے

سپرمٹوریہ پلز۔ دافع کرتہ حت احتلام۔ جریان منی ۴۸ گولی عہ ۸۰ گولی ... ملے

الیفرو ڈیزیاک مکسچر (مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب ضعف دماغ۔ رعشہ۔ فی شیشی ...

نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کمزوری ۶۰ گولی ...

کاف مکسچر۔ ہر قسم خشک کھانسی کا علاج فی شیشی ... عار

بچھو کاٹے کا علاج جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۶۰ بوند ... ۸

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل (دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے ۱۔ چھٹانک ۱۲ ر ۲۔ چھٹانک ...

ڈیاریا پوڈر۔ دافع ہیضہ۔ پیچش و بدہضمی کے باعث ہو ۱۲ پوڑیہ ... ۸

کبور فارنتما۔ ضیق النفس یا دمہ کی بیماری کا علاج فی شیشی ... عار

کالرا کیور۔ ہیضہ کا علاج ہر قسم دست کو اس دوا کیساتھ ہر مرض موجود رکھنا لازمی امر ہے فی شیشی ...

نوٹ۔ ہماری دوا میں کوئی جزو ایسی شامل نہیں جو کسی مذہب کے آدمی کے ایمان میں خلل ڈالے۔

تمام خطوط یہیں لکھے ہوئے پتے پر آنی چاہئیں۔

المشتہر محمد امام الدین منیجر و کمپونڈر میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

کیا آپ مذہب کو بیزار رکھتے ہیں؟

کوئی ہندو یا مسلمان ہم کو دل کرے کہ گائے ذبح کرنے اور سؤر یا دیگر جانوروں سے پاک ہونے میں جو ہر ایک مذہب میں ممنوع ہیں پس جب یہ حالت ہے تو روپے خرچ کے مذہب کو کیوں ضائع کرتے ہو۔ ہم کہتے ہیں کہ ایسا نہ کرو۔ ہم نے ایسی تدبیر کو صاف و مستعد سریع الاثر بنایا ہے۔ آؤ آزماؤ۔ شفاخانہ زبدۃ الحکما حکیم ڈاکٹر غلام نبی صاحب (۱) اکسیر مکمل و مقوی الجگر حافظ بنائی۔ غبار و ضعف جالالغارش سنگرد۔ روشنی کی برداشت نہ ہو اور کرتا ہے۔ (۲) حب والی قبض۔ نفخ شکم قولنج۔ درد کمر۔ یرقان۔ نزلہ کا دھواں کھلنا۔ جسم کا پھر کھلنا خرابی گردہ۔ درد دل۔ قلت حیض۔ ورم رحم۔ کمی انتا۔ درد سر عرق النسا۔ کثرت بلغم و ریاح۔ شقیقہ وغیرہ۔ تین درجن عمدہ (۳) حب ذیابیطس۔ بار بار پیشاب کی آمد۔ کمزوری۔ لاغری۔ بے چینی۔ کھوئی۔ خرابی جگر۔ پیدائش شکر دکانا بند کر دیتا ہے۔ فی تولہ ۵ روپے۔ (۴) حب بواسیر۔ دبانت قبض کشا کر دیتا ہے۔ اسہال خونی و بادی دور ہو۔ دو ہفتے ۶ روپے۔ مفصل فہرست و سارٹیفکیٹ کی کتاب مفت محصول یک آنہ بھیجنے سے روانہ ہوگی۔

ڈاکٹر کلن خان ڈنٹسٹ انارکلی۔ لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور نئے دانت لگاتے ہیں۔
دانتوں کا سمن فی اڈنس صرف نصف اڈنس درج۔

کروائزر فریر کی مشہور عالم جیبی گھڑیاں

ان کی پائداری اور ارزاں قیمت اور خوبصورتی ان کی دن بدن زیادہ خریداری کا کافی ثبوت ہیں۔ ہندوستان میں ہر ایک گھڑی فروش سے طلبگی۔ گھڑی پر اپنا کھا ہوا نام ہونا چاہئے۔ ورنہ نقلی ہوگی۔ ہندوستان میں ایجنٹ کینی اینڈ کمپنی بمبئی میڈرس سڑیٹ روڈ ہیں۔

اور پنجاب میں اس کے علاوہ سب قسم کی گھڑیاں بشن سنگھ سوداگر فرنیچر افسر سرکی دوکان سے مل سکتی ہیں۔ مفصل فہرست انگریزی و اردو ایک پیسے کا کارڈ بھیج کر مفت منگوا کر ملاحظہ فرمائیں اور دوسرے ارزاں فروشوں سے مقابلہ کر کے پھر جس جگہ سے دل چاہے خریدیں۔

اہل ہند کو تازہ خوشخبری

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین امرتسر سے

جو مریض یہ تجربہ میں لائیں گے کہ ہماری شربت مفرحہ دماغی اور شربت بھی ہماری کی گرشتاہ تو صرف معالجہ بھی مرض کو دور کر دیا جائیگا۔ صدہا اشخاص صحت یابان امراض مزمن اخبار ہذا میں شائع ہو چکے ہیں۔ اگر آپ بھی ان امراض میں مبتلا ہیں تو ضرور آزمائیں۔ ہر ایک شربت کا فی شیشہ ۱۲ روپے۔ ۱۰ روپے۔ ۸ روپے۔ ۶ روپے۔ ۴ روپے۔ ۲ روپے۔ ۱ روپیہ۔ ۱۲ آنہ۔ ۸ آنہ۔ ۴ آنہ۔ ۲ آنہ۔ ۱ آنہ۔ ۱ آنہ۔ ۱

اعلان

۱۹۰۵ء نیا سال۔ نئی کتابیں

خود سیکھ سکتے ہیں کا سیٹ

یہ کتابیں مخصوص ان لوگوں کے واسطے ہیں جن کو انگریزی پڑھنے کا شوق ہے مگر بچوں سے انگریزی سیکھنے کا شوق پورا کرنا ہتک سمجھتے ہیں یا جن کو اپنے ذریعہ معاش سے فرصت کم ہے ؎

پرائمر حصہ اول انگریزی و اردو۔ اس کتاب کی ۲۰ ہزار جلدیں اب تک چھپ چکی ہیں۔ ۲۱ ویں مشق زیر طبع ہے بہت مفید طریقہ پر لکھا گیا ہے۔ ہر لفظ کا تلفظ اردو میں ساتھ ہی ساتھ کر دیا گیا ہے۔ مصنف کا عہد تو الفاظ بیان کر گئے ہیں آواز کتاب میں جنہ کر سبق پڑھانے لگے ہیں۔ بدیں ہر تعلیم نسواں کے واسطے بھی نہایت موزوں ہے۔ غرض یہ پرائمر اپنے نام کے معنی معہود معلم کے ادا کرتی ہے۔ اس کتاب کا حجم بجائے ۱۰ صفحے کے ۸۰ ہو گیا ہے اور باوجود اس اضافے کے قیمت وہی ۲ ر ہے ؎

پرائمر حصہ دوم۔ کئی ہزار انگریزی عبارتوں کے جملے کئی سو مرتب الامثال جملے۔ چیستاں۔ مزاحیہ بات چیت۔ دیگر مفید باتیں۔ اردو معنی پتھر کے چھاپے میں ہیں۔ صفحے ۲۲۴ قیمت مع محصول ۸ ر ؎

نیو رفل لیسن یعنی مفید اسباق۔ بہت سے احباب کی مسلسل فرمائش رہی۔ یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ انگریزی میں ترجمہ کرنا گرامر کے ساتھ ساتھ تا موزفضا کو سکھایا جاوے۔ گرامر کا ترجمہ بھی وہی ہے جو سرکاری مدارس کی مروجہ گرامروں میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ حصہ اول صفحے ۱۰۰ قیمت ۸ ر۔ حصہ دوم صفحے ۱۰۰ قیمت ۴ ر۔ حصہ سوم صفحے ۱۴۴ قیمت ۱۰ ر۔ حصہ چہارم صفحے ۱۴۴ قیمت ۱۲ ر ؎

مینوئل آف انگلش گرامر معہ اردو ترجمہ۔ دو حصوں میں کامل صرف و نحو صفحے ۲۰۰ قیمت معہ محصول ۱۰ ر ؎ ورڈ بک۔ اس کتاب میں لاری اور میتھل دو حصے اول کا اردو ترجمہ اور شرح ہے اور اضافہ کے معنی ہیں اور عنایت ہی مفید اور کارآمد نوٹ ہیں۔ ضخامت معہ محصول صرف ۱ ر ؎ ایک ہزار انگریزی عربی الامثال جملہ مع اردو قیمت معہ محصول صرف ۲ ر ؎ دو ہزار ایڈیم یعنی انگریزی محاورے اس نایاب کتاب کا ملک میں ثانی نہیں۔ اس میں انگریزی محاورے معہ اردو ترجمہ انگریزی شرح کے ہیں ہر قسم کے طالبعلم کو اس کتاب سے بے انتہا فائدہ ہوگا۔ صفحے ۴۵۰ قیمت معہ محصول صرف ۴ ر ؎ اینگلو اردو ڈیوپیورل لیٹر رائٹر دو حصوں میں۔ حصہ اول صفحے ۴۰۰ قیمت معہ محصول ۵ ر ؎ الف حصہ دوم صفحے ۲۰۰ معہ محصول ۳ ر ؎ اس جامع کتاب کا مفصل حال علیحدہ شہتیر میں ہے۔ ہر قسم کی چٹھیاں ڈکٹ وغیرہ معہ ترجمہ اردو کے ہیں حصہ اول علیحدہ ۲ ر ؎ ہر دو حصے مجلد صفحے ۱۱۲۰ اینگلو اردو پاپولر لیٹر رائٹر دو حصوں میں انگریزی اردو میں ہر صنعت کے محاذی پتھر کے چھپے ہیں ؎ جنرل انگلش۔ صدا گرامر کا عطر اور خلاصہ ہے۔ صفحے ۱۵۰ قیمت معہ ۲ ر ؎

فہرست مکلاں درخواست پر مل سکتی ہے

المشتہر مولوی نذیر احمد بی اے۔ زمیندار مال ریلی

کلیات طالب ملتانی

یہ دو کلیات شاعر بے نظیر حضرت طالب کے کہ ہر دو پیارا مجموعہ ہیں قریباً ۱۲ ہزار دوہروں میں ایک دوسرے سے بڑھ کر ہے اور علاوہ مجموعہ ہائے [illegible] مصنف ملتانی

خضاب یا جواب۔ از مودہ دستر طیبہ

بزرگوار من مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہوا کہ یہ خضاب دماغ میں پہنچا نظیر ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے بالضرور [illegible] کی سیاہی اور [illegible] سر کے بال [illegible] ہو جاتے ہیں اور [illegible] کو اصلی بہت ہی زیادہ مفید ہے۔ خون اور [illegible] کے لئے [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔ [illegible] ہے۔

ہو جاتی ہے۔ تمام جسم میں قوت و توانائی پیدا ہو جاتی ہے معدہ صحیح حالت پر آجاتا ہے۔ قبض کی شکایت بالکل رفع ہو جاتی ہے۔ ہضم بہتر ہو جاتا ہے۔ دردِ شکم یا نہیں بچنے پاتے۔ گرانی سر بند دی چکر غفلت اشتہا نہیں آنے پاتیں۔ بواسیر کے واسطے یہ مرکب از حد مفید ہے۔ ایک دفعہ آزما کر دیکھئے اور لطف اٹھائیے۔ قیمت فی بوتل ۱؎ ۔ استعمال کی ترکیب ہر بوتل پر مندرج کثیر التعداد سرٹیفکیٹوں کے پڑھ لینے سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہے جانے ہیں۔

(۱) ہمیں تصدیق کرتا ہوں کہ ہر بل آئرن ٹانک نیا کردہ حافظ فضل الٰہی صاحب سرجن ریٹائرڈ ہوشیارپور بے حد مفید ہے۔ میں اپنے مریضوں کو استعمال کرایا ہے بے حد قبض دائمی، غلل جگر یرقان اور سوء ہضمی میں نہایت مفید پایا۔ ہتھ ڈاکٹر سید میر شاہ صاحب خان بہادر ہسپتال سرجن ہوشیارپور۔

(۲) ہمیں تصدیق کرتا ہوں کہ ہر بل آئرن ٹانک حافظ فضل الٰہی صاحب کا تیار کردہ بے حد مفید ہے۔ میں نے خود بھی استعمال کیا اور دیگر مریضوں کو استعمال کرایا ہے بے حد قبض دائمی، غلل جگر یرقان اور سوء ہضمی میں نہایت مفید پایا۔ ہتھ ڈاکٹر سید میر شاہ صاحب خان بہادر ہسپتال سرجن ہوشیارپور۔

(۳) ہمیں تصدیق کرتا ہوں کہ ہر بل آئرن ٹانک حافظ فضل الٰہی صاحب کا تیار کردہ بے حد مفید ہے۔ میں نے خود بھی استعمال کیا اور دیگر مریضوں کو استعمال کرایا ہے بے حد قبض دائمی، غلل جگر یرقان اور سوء ہضمی میں نہایت مفید پایا۔ ہتھ ڈاکٹر سید میر شاہ صاحب خان بہادر ہسپتال سرجن ہوشیارپور۔

المشتہر ڈاکٹر فضل الٰہی ایم بی ایل ایم ایس ہوشیارپور

اشتہار عدالت دیوانی منصفی امرتسر۔ بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

دیوا سنگھ ولد جیون سنگھ قوم جٹ ساکن بنام ہرنام سنگھ ولد ہیر سنگھ قوم کہار ساکن گھوں حال تحصیل امرتسر مدعی — مدعا علیہ

دعوی مالیت

بیان حلفی مدعی ہی پایا گیا کہ مدعا علیہ ذمہ چسپا ہے تاکہ اوپر ذکر ہنود ست روپیہ قسمتک کی ڈگری جاری ہے اس کا کچھ پتہ نہیں ہے گھر والوں کو خبر ہے وہ پتہ نہیں بتاتے۔ اس لئے یہ اشتہار جب موجب ضابطہ دیوانی ہذا کا جاری ہوتا ہے کہ تاریخ اور پیشی سنا دیں کہ مدعا علیہ حاضر ہو کر سپردی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی امرتسر۔ بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

دیوا سنگھ ولد جیون سنگھ قوم جٹ ساکن بنام ہرنام سنگھ ولد ہیر سنگھ قوم کہار ساکن گھوں حال تحصیل امرتسر مدعی — مدعا علیہ

دعوی مالیت

بیان حلفی مدعی ہی پایا گیا کہ مدعا علیہ ذمہ چسپا ہے تاکہ اوپر ذکر ہنود ست روپیہ قسمتک کی ڈگری جاری ہے اس کا کچھ پتہ نہیں ہے گھر والوں کو خبر ہے وہ پتہ نہیں بتاتے۔ اس لئے یہ اشتہار جب موجب ضابطہ دیوانی ہذا کا جاری ہوتا ہے کہ تاریخ اور پیشی سنا دیں کہ مدعا علیہ حاضر ہو کر سپردی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی امرتسر۔ بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

مسماۃ تابو بیوہ کاہن سنگھ قوم جٹ ساکن بنام حسن علی ولد محمد علی قوم سید ساکن گدلی حال تحصیل امرتسر مدعی — گدلی تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوی مالیت روپے تمسک

بیان حلفی مدعی ہی پایا گیا کہ مدعا علیہ ذمہ چسپا ہے تاکہ اوپر ذکر ہنود ست روپیہ قسمتک کی ڈگری جاری ہے اس کا کچھ پتہ نہیں ہے گھر والوں کو خبر ہے وہ پتہ نہیں بتاتے۔ اس لئے یہ اشتہار جب موجب ضابطہ دیوانی ہذا کا جاری ہوتا ہے کہ تاریخ اور پیشی سنا دیں کہ مدعا علیہ حاضر ہو کر سپردی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی امرتسر۔ بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

مسماۃ تابو بیوہ کاہن سنگھ قوم جٹ ساکن بنام ہرنام سنگھ ولد ہیر سنگھ قوم کہار ساکن گھوں حال تحصیل امرتسر مدعی — گھوں تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوی مالیت

بیان حلفی مدعی ہی پایا گیا کہ مدعا علیہ ذمہ چسپا ہے تاکہ اوپر ذکر ہنود ست روپیہ قسمتک کی ڈگری جاری ہے اس کا کچھ پتہ نہیں ہے گھر والوں کو خبر ہے وہ پتہ نہیں بتاتے۔ اس لئے یہ اشتہار جب موجب ضابطہ دیوانی ہذا کا جاری ہوتا ہے کہ تاریخ اور پیشی سنا دیں کہ مدعا علیہ حاضر ہو کر سپردی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی امرتسر۔ بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۶ء

مسماۃ تابو بیوہ کاہن سنگھ قوم جٹ ساکن بنام حسن علی ولد محمد علی قوم سید ساکن گدلی حال تحصیل امرتسر مدعی — گدلی تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوی مالیت روپے تمسک

خبرون کے خطوط

نامہ نگار (پشاور ۱۰- اپریل ۱۹۱۴ء) کل ۹ بجے کو پرزور سوا بجے دوپہر پشاور کے کل اسباب و سامان بار برداری مسٹر ایف ۔ ایچ کلیمن ڈاکٹر و مسٹر والٹر خیاط بیٹے ٹیلر ماسٹر کا روانہ کابل ہوا۔ آج رات یہ جمرود رہینگے۔ خود آج صبح چھ بجے کل پورمن صاحبان گاڑی اور کرم میں روانہ جمرود ہو گئے۔ جو لشکی کوتل تک تانگا میں جاوینگے بعد ازاں گھوڑے پر۔ کلیمن صاحب ڈاکٹر معہ عورت بچے اور ایک پورمین دایہ کے تھے۔ اور ڈاکٹر صاحب ٹیلر ماسٹر کی ہمراہ ہیں اور اتنی جورو اور ایک بچہ تھا۔ علاوہ ازیں ایک مس صاحبہ جو کہ ڈاکٹر مین روانہ کابل ہوئیں ۴ عورتیں ۳ بچے اور دو مرد دیسی مین وغیرہ لازمان ہندوستانی آج لنڈی کوتل پہنچ جاوینگے۔ یہ دونوں صاحب جوان اور خوش طبع ہیں مگر تاجر کار۔ مسٹر ہیں صاحب بھی عنقریب آنیوالے ہیں۔ امیر صاحب نے انکے خرچ کیلئے کافی روپیہ دیا۔ یہ ولایتی گھوڑے اور بگرے امیر صاحب کیلئے ہمراہ لیگئے ہیں۔ یہ پہلا ہی دفعہ ہے کہ یہم صاحبات کابل کو روانہ ہوئیں (افغانستان کی پہلی لڑائی کے سوا دے)۔

سرکاری خبر سن برائے مطبع۔ ۱- مسٹر جے جی ملک صاحب آئی سی ایس کو دو ماہ اور ۲۴ یوم کی رعایتی چھٹی اور انہوں نے یوم کی منظور عطا ہوئی ہے اور مسٹر ڈبلیو ایس ہیڈ صاحب اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان صاحب مقام مذکور کی جگہ کام مقام ہونگے اور لالہ منوہر لال خمسہ ضلع پنڈ دادنخان کا اہتمام ہیں گے (۲) لالہ صاحب رام کشن اسسٹنٹ کمشنر بنوں کو دو ماہ اور ۲۴ یوم کی رخصت از ابتدائے سوم ۱۹۱۴ء عطا ہوئی ہے۔ (۳) لالہ گردھاری لال تھہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر انبالہ پنڈت سومدت اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کرنال کا کام سے سبکدوش کرینگے اور صاحب موخر الذکر مسٹر جیوس صاحب ڈسٹرکٹ جج انبالہ کو جو فور لو رخصت پر تشریف لیجاتے ہیں کام سے سبکدوش کرینگے۔ لالہ کرپارام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر راولپنڈی لالہ نرائن داس فرواہ قایم مقام اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ کو کام سے سبکدوش کرینگے۔ اور لالہ نرائن داس حافظ آباد علی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جنگ کی جگہ کام کرینگے اور حافظ انور علی کرنال میں جا کر لالہ گردھاری لال کو جو رخصت پر جاتے ہیں کام سے سبکدوش کرینگے۔ رسالدار برکت اللہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر جنگ۔ امرتسر میں تشریف ہو کر دو ماہ بھوا نداس کو جو دو ماہ کی رعایتی رخصت پر یکم مئی ۱۹۱۴ء سے جاتے ہیں کام سے سبکدوش کرینگے (۴) قاضی محمد اسم سی ایم جی قایم مقام ڈپٹی کمشنر جنگ۔ غلنٹ سی پلی تامسن صاحب قایم مقام ڈپٹی کمشنر جہلم کو جو رخصت پر تشریف لیجاتے ہیں کام سے سبکدوش کرینگے (۵) لالہ خوشحال سنگھ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر امرتسر جج عدالت خفیفہ امرتسر اوس تاریخ تک مقرر ہینگے جب تک کہ سید دلاور علی شاہ اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر خاص کام متعلق امتحان اسسٹنٹ و اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنران پر ہیں

مولوی محمد حسین جج عدالت خفیفہ امرتسر خان بہادر [illegible] کی جگہ گورداسپور میں تعینات ہونگے اور مسٹر جے ای روصاحب کسٹرا جوڈیشل اسسٹنٹ کمشنر جالندھر کو سپ محمد لطیف کام سے سبکدوش کرینگے اور مسٹر روصاحب کانگڑہ کو تبدیل ہوئے ہیں ۔ (۱۴- اپریل)

ریوان (۱۰- اپریل):- ۴- اپریل نو بجے شب کے دیوانصاحب بہادر ستنا تشریف لے گئے ۵- اپریل ۸ بجے رات خان بہادر مولوی رحمان علی خان صاحب و منشی ہنومان پرشاد سیکرٹری و دیگر ممبران صاحبان ایجنسی کونسل سپیشل ٹرین پر ستنا روانہ ہوئے۔ کپتان لال سول جج اور لال دینا دن سنگھ جی اسی رات مین یکے بعد دیگرے روانہ ستنا ہوئے ۶- اپریل۔ پنڈت کشن پرشاد اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر و بابو سارنا تھ ڈائریکٹر سررشتہ تعلیم روانہ ہوئے ۷- اپریل۔ بابو گربخش سنگھ جی اسسٹنٹ دیوان کیرہ بجے دن مین اسپیشل میل پر ستنا گئے ۸- اپریل پانچ بجے دن مین اسپیشل میل پر منشی دہن پرشاد ڈی اسسٹنٹ مجسٹریٹ روانہ ستنا ہوئے انکی عدم موجودگی مین سید دلاور علی اڈیشنل مجسٹریٹ متعلقہ کام اور شہر کی نگرانی کرینگے۔ اس ہفتہ مین کل عہدیدہ افسران اسٹیشن ستنا مین کرنل ونسنٹ بہادر کی خیر مقدم کے لئے موجود ہین۔ یہ صاحب جالندھر سے کرنل رابرٹس صاحب بہادر اسسٹنٹ ایڈجوٹنٹ جنرل ایجنٹ و سپرنٹنڈنٹ ہوشیارپور سے آنیوالے ہین۔ کرنل رابرٹس بہادر ترقی پاکر ریذیڈنٹ گوالیار ہوئے۔ چونکہ راجہ شادی نواب صاحب بہادر رام پور کرنل ونسنٹ بہادر کے آنے مین فی الحال تامل تھا اسلئے کرنل رابرٹس کی بجائے یہان سر جن ڈاکٹر گلست بہادر نے علاج کیا۔ اب اس ہفتہ مین دونون صاحب ستنا تشریف لائینگے۔ کرنل رابرٹس بہادر کرنل ونسنٹ بہادر کو ایجنٹی و سپرنٹنڈنٹی کا دینگے۔ کرنل ونسنٹ بہادر کی خیر مقدم و کرنل رابرٹس بہادر کا وداعی دربار ستنا ہی مین ہوگا۔

(رقم خفی)

ضلع پشاور مین واردات قتل و چوری

داؤد صاحب وکیل پشاور اپنی زمینون پر بمقام ہشت نگر تحصیل پشاور دورہ کرنے کے واسطے گئے تھے۔ چونکہ پہلے سے ایک زمیندار سے انکی عداوت معاملہ زمینداری مین تھی رات کو جب اپنی جگہ پر واپس آئے اور بعد فراغت حزہ ریات بستر پر سو گئے تو وہان اوسی احاطے مین بہت سے اور آدمی بھی سوئے ہوئے تھے مگر انکے کمرہ مین صرف ایک ہی لوگر تھا اوس حجرہ مین ایک نالی پانی کے وہانے کے واسطے رکھی ہوئی تھی۔ رات کے وقت موقعہ پاکر دشمن اوس نالی کی راہ سے اندر گھس آیا اور سر تن سے جدا کر کے چلا گیا لاش شہر مین لائی گئی ہے۔ تحقیقات در پیش ہے۔ ان کے ایک بھتیجا ولایت مین تعلیم پانے گئے ہوئے ہین ۔

۱۲- اپریل کی شب کو محلہ کرم پورہ پشاور مین ایک چوری اور قتل کی واردات ہوئی جسکی تفصیل پھر لکھونگا۔ (نامہ نگار)

مراسلات

اگر گورنمنٹ چاہے تو تحقیقات کر سکتی ہے

اگر گورنمنٹ چاہے تو تحقیقات کر سکتی ہے کہ جب سے راجہ گلبری چھاونی جالندھر مین لڈی پر بیٹھے ہین اونہون نے کسقدر خاندانی۔ دیرینہ دیانتدار جفاکش اور کارگزار ملازمون کو یکقلم موقوف کر دیا۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ اون کے قصور کیا تھے۔ آیا اونکو داد فریاد کا بھی کبھی موقعہ دیا کیا ان لوگون کا موقوف کرنا۔ اپنے آوردون اور منظور نظرون کو جگہ دینے کے لئے نہین تھا۔ اس موقعہ پر گورنمنٹ سوچے کہ جب کوئی حاکم بدنیت ہو جائے تو انصاف کی جڑ پر کسقدر گہرا کلہاڑا چل جاتا ہے اور غریب پرانے زمانہ کے آدمیون کو داد فریاد کرنے کے کتنے نکھٹو یقے معلوم ہین۔ اور یہ کہ آجکل روزگار ملنا کتنا مشکل ہے اور خاصکر پرانے زمانہ کے آدمیون کو۔ اور یہ کہ جس ایک شخص پر ایک کنبہ کی پرورش کا مدار ہو۔ اسکے بال بچون کو کسقدر تباہی اور مصیبت کا سامنا ہوتا ہے۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ معتبر شاہ کون شخص تھا اسکی لیاقت کیا تھی۔ ابتداء مین راجہ گلبری کے سہارے کتنے دن وہ چھاونی جالندھر مین ٹہرا رہا۔ اسکا راجہ گلبری سے کیا تعلق تھا۔ ابتداء مین راجہ صاحب نے اسکو کونسی آسامی دی اور پھر چند دنون کے اندر ہی کس رتبہ پر پہنچا دیا۔ معتبر شاہ کے بہنوئی ہوتے ہی اسکے کسقدر رشتہ دار بھرتی ہو گئے۔ اور پھر یک بیک معتبر شاہ کیون موقوف ہو گیا اور کیا اسکا کچھ اسباب بھی ضبط کیا گیا تھا۔ اور کیا پولس کو حکم نہین دیا گیا تھا کہ آج کہنہ کے اندر اسکو بارہ پتھر باہر کر دو۔ کیا اسکے بال بچے اوقت یہ نہین کہتے تھے۔ کہ بادشاہ کا ہم پر قہر نازل ہوا ہے۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ جمال دین کو تو ال کون شخص ہے۔ یہہ کہان سے آیا۔ اول کس اسامی پر بھرتی ہوا اسکی کیا لیاقت ہے۔ کیا اسکو یکلخت موقوف کر کے اسکے گھر کی تلاشی نہین لیگئی تھی۔ اور کیا پھر ایک ہفتہ کے بعد ہی وہ پندرہ روپیہ کے محرر سے پچاس روپیہ کا کوتوال نہین بنگیا۔ اور اب اسکے سپرد کتنے کام ہین۔ کیا حاجی حبیب اللہ صاحب سوداگر نے سر عدالت یہ اظہار نہین دیا تھا کہ جمال دین کے پاس گلبری صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کے کچھ ایسے کاغذات ہین جنکے دباؤ پر یہ ایک ہفتہ کے اندر کوتوال ہو گیا۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ جسدن سے جمال دین ملازم ہوا ہے وہ کسقدر مقدمہ بازی مین مصروف رہا ہے اور وہ مقدمے کس قسم کے تھے۔ شمشیر خان کون ہے اور اسکا جمال دین سے کیا تعلق ہے اور کیا صدر کے لوگ یہ نہین کہتے تھے کہ دراصل کوتوالی شمشیر خان کرتا ہے۔

گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ کیا راجہ گلبری سوائے دن کے کبھی رات کو بھی ڈالیان لے لیتے ہین یا نہین۔

گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ راجہ گلبری کی کوٹھی اور پبلک گارڈن (کمپنی باغ) مین صرف ایک سڑک کا فرق

افسوسناک حالات کا چھپا نہ چاہیں۔ کیونکہ گورنمنٹ کا ادھر توجہ نہ کرنا ہمیں یقین دلاتا ہے کہ گورنمنٹ سے اب تک ہماری عرضداشت نہیں سنی ؛

پیسہ اخبار کی کسی گزشتہ اشاعت میں سلطنت ایران کی ناقص حالت اور ایرانیوں کی قومی نکبت اور بے پرواہی کی نسبت ایک آرٹیکل لکھا گیا تھا۔ ہمعصر جمل المتین کلکتہ نے جو فارسی زبان میں چھپتا ہے اور بمقتضائے حب وطن کے ایرانیوں کی حالت کی درستی میں کوشاں ہے اس آرٹیکل کا ترجمہ فارسی میں چھاپ دیا ہے اور ہمیں مذید یہ ایک خدمت اس کے اخلاص بخشی ہے کہ چونکہ اس مضمون میں حق مضمون گیری ادا کیا گیا ہے کہ جس سے غیرتمند ان ایران کی رگ حمیت جوش میں آسکتی ہے اور اپنی اصلاح پر آمادہ ہو سکتے ہیں۔ اس لئے ہمعصر کو بنے بالخصوص اہل ایران کو بیدار کرنے کے لئے اپنے اس پرچے کی پچاس آوکاپیاں ایران میں تقسیم کرنے کے لئے بھیجدی ہیں۔ اور امید کرتے ہیں کہ ہمارا لکھنا اکارت نہ ہوگا۔ آپ اس مضمون کے لئے ہمارا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ لیکن درست اس طرح ہے کہ اگر ہماری چھپتی ہوئی گورنمنٹ یار عیالئے ایران ذرہ بھر بھی اپنی حالت پر غور کرنے لگے تو ہم اذدست اپنے معزز ہمعصر کے مشکور گزار ہونے کہ اسی بدولت یہ نتیجہ حاصل ہوا ؛

۱۳۔ اپریل کو بار ایسوسی ایشن لاہور کی طرف سے راجہ بہادر جسٹس پرتول چند چیٹرجی کے قائمقام جج چیف کورٹ پنجاب مقرر ہونے کی خوشی میں جوبلی ٹاؤن ہال میں ایٹ ہوم دی گئی۔ جس میں لاہور کے ہندو مسلمان مشرفا مدعو کئے گئے تھے۔ سا وجود یکہ عین وقت پر کسی قدر بارش ہوگئی تھی تاہم حاضرین کی تعداد قابل اطمینان تھی۔ دس بجے کے قریب بابو پرتول چند صاحب تشریف لائے اور بڑے اخلاق کے ساتھ حاضرین سے مصافحہ کیا۔ مشہور صاحب نے ایک نظم مبارکباد کی پڑھی جو کسی غرض سے لکھ کر لائے تھے۔ ہندو مسلمان اور یوروپین حاضرین نے ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی۔ اور گیارہ بجے لوگ رخصت ہوگئے۔ بار ایسوسی ایشن کا انتظام بہت اچھا تھا اور نہایت خوبصورت نظارہ معلوم ہوتا تھا کہ ہندو مسلمان اور انگریز ایک دوسرے کی جج کے تقرر کی تقریب پر اپنی شمولیت سے خوشی ظاہر کر رہے تھے ؛

مسٹر مارٹن جنہوں نے زناکاری کے مقدمے کی جواب دہی کے لئے وائسریگل کونسل میں استعفا دیا تھا غنیمت ہے کہ بعد سے زیادہ خراب نتائج سے بچ گئے۔ کیونکہ جیسا کہ خبر مشتہر ہوئی ہے مسٹر سلیمن۔ نے کہ جن کی بیوی سے مسٹر مارٹن کے شرمناک تعلقات کے باعث سوخرالذکر پر ناش ہوئی تھی۔ کے وکیل نے اپنے موکل کی طرف سے بیوی کا پس لے لیا ہے کہ آئندہ اس کے موکل کو مکرم پر حقہ چلانا منظور نہیں۔ مستغیث نے اپنی چٹھی میں جو اس کے وکیل نے پڑھ کر عدالت کو سنائی بیان کیا تھا کہ میری بیوی نے نہایت منت اور عاجزی سے مجھ سے درخواست کی ہے کہ اگر ملزم پر فرد مقدمہ چلائی گئی تو وہ برباد ہو جائیگا اور شائد گرفتار تک اس کی نوبت پہنچے۔ اور چونکہ اس کی بربادی کا نتیجہ بھی میری ہی بربادی ہوگا اس لئے میں التجا کرتی ہوں کہ آئندہ حاضر کرو۔ اپنی بے وفا بیوی کی اس عاجزانہ درخواست پر مسٹر سلیمن کا نیا تضاد دل پسیجا اور اس نے ان چند شرائط کے ساتھ مقدمہ کی پیروی سے دست کش ہونا منظور کیا کہ اول تو مسٹر مارٹن میری بیوی سے شادی کرے۔ دوم مسٹر مارٹن زر خبر کی تکذیب کردے کہ جسنے اس سے کچھ نقدی اس شرمناک معاملے کے معاوضے میں لینی منظور کی تھی اور سوم مسٹر مارٹن کلکتہ یا ملایس کی کونسلوں کا ممبر نہ ہو جب تک کہ میری بیوی سے شادی نہ کرلے۔ دو حقیقت مسٹر سلیمن نے اپنی بیوی کے بھگانے والے دوست سے نہایت نفرت ظاہر کی ہے اور تو اس وجہ سے کہ اس نے کسی قسم کا معاوضہ نہیں لیا۔ اور پھر باصرار مسٹر مارٹن کی محبوبہ اس کے حوالے کرنا چاہا ہے تو غیرتی اور شرمندگی کی بھی حد ہوتی ہے۔ ایسوں کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ بہتر ہوا کہ ایسی بیوی سے چھٹکارا ہوگیا۔ اب چونکہ مسٹر مارٹن کا مقدمہ خارج ہوگیا ہے ان کی سیاہ کاری کے دھبے پر کوئی دھبہ نہیں ہوگا۔ نقد رسی حالات بالا پر ہمیں افسوس کے ساتھ اپنی اس رائے کی تردید کرنی چاہئے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مسٹر مارٹن ہندوستان کے ہر دلعزیز اور رئیس قانون ہر سٹر ہیں۔ مگر انصاف کی نظروں میں ان کی وہ وقعت ہو چکی تھی اتنی ہی قلت میں پھر حاصل ہوگی کہ بہتے عرصے میں اور جس قدر جلد اس کا ملک اور مشرقی ٹرانل کی عورتیں بھول جائیں۔ خدا بھلائے مسٹر اہمد کو جس نے مسٹر مارٹن کی دستخطی نقل کی مطرفانہ سے میں ہمیں کیا فائدہ پہنچایا قبول ہوگئی ہوگی کہ ان کی بے وقوفی ہمیشہ کے لئے ہی دن بعد نو دس سال کی بھی ہو چکی ہے ؛

مقدمہ گورنمنٹ بنام سردار دیوان سنگھ رئیس مالیر کوٹلہ جو کورٹ بنچ میں چلا تھا اس کی نسبت ہمیں معلوم ہوا ہے کہ ایٹ لا سر چارلس رویکس نے چنانچہ ایوننگ پوسٹ کرلیا ہے حال میں اس کی بابت الہلال حیدرآباد کی مشہور ہے جس کا ماحصل یہ ہے کہ سردار مسمی مذکور کی قرارداد کی ہیں کہ جن کے لئے وہ جیسے ہر دو ایرانی کا ہم از دستانی تھا نہیں رہے نہ معاوضہ میں دی گئی تھی کشمکش کی ہے مصالحت سمجھی گئی ہے جس میں اس کو ہندوستان کا ہمیشہ کے لئے نہیں دیا گیا ہے کہ وہ اپنی جائیداد کو فروخت کرکے بہادری کے ساتھ اپنے ملک کو واپس جائے۔ ہم اس مضمون کو پڑھ کر بہت خوش ہوئے ہیں۔ اور ہمارا دل گواہی دیتا ہے کہ یہ پہلی فتح ہے جو مسلمانوں کی مشہور عالم ہو جاوے گی ؛

---

۱۵ اپریل صبح کی گاڑی میں سید احمد خان صاحب ہمراہ ہمراہیان کے لاہور پہنچ گئے۔ بڑے بڑے سٹیشنوں پر استقبال کرنے والوں کا ایک ہجوم تھا۔ لاہور اور پھر کھڑا ہونے کو جگہ نہ تھی۔ شیخ حامد علی صاحب اور شیخ محمد اسلم صاحب ڈپٹی کمشنر صاحب اور دوسرے دیگر بزرگوں کے گاڑی میں سوار ہو کر کپورتھلہ ہمیں کو روانہ ہوئے۔ اس کے پیچھے پچاس ساٹھ گاڑیوں کی ایک قطار تھی۔ لوگ انار کلی سے ہوتے ہوئے جلسے کے قیام پر پہنچے۔ تین بجوں سے سردار محمد حیات خاں صاحب بھی پہنچ گئے۔ اس وقت سفر کی تکان اور گرمی کی وجہ سے سید صاحب آرام کرنے لگے اور فرمایا کہ چار بجے شام کے ہمیں کچھ بیان کرونگا۔ چنانچہ سے پہلے ہی بہت بڑا ہجوم ہمارا جہ صاحب کپورتھلہ کی کوٹھی کے باغ میں جمع ہوگیا۔ اس وقت انجمن اسلامیہ پنجاب نے سید صاحب کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا اور مختلف اضلاع سے جو لوگ آئے ہوئے تھے انہوں نے اپنے اپنے ضلعوں کی طرف سے سید صاحب کو وہاں لیجانے کی دعوت دی۔ سید صاحب نے ایک گھنٹے کی تقریر میں انجمن اسلامیہ کے پڑھنے کا جواب۔ اپنی آؤبھگت کا شکریہ اور مسلمانوں میں تعلیم کی ضرورت اور اس کے بڑھانے اور غیر اقوام پر تفضیل کی باتیں اپنی تیری اور علالت صحت اور گرمی کی وجہ سے مختصر کرکے سوا شام جالندھر اور امرتسر کے پہنچنے کے دوسرے دن جلسے میں جانے سے عذر کردیا۔ سردار محمد حیات خاں صاحب جو اس جلسے کے پریسیڈنٹ تھے وہ جملہ صاحب کمشنر صاحب کی طرف سے سید صاحب کو دوپہر کے لئے مدعو کرنے کے لئے تشریف لائے تھے مگر سید صاحب نے آج بھی اسی بنا پر انکار منظور کیا اور اس اطلاع کے ساتھ کہ جلسہ برخاست ہوا کہ مولوی نذیر احمد صاحب کل شام کے لئے مدعو کرنے کے لئے دوسرے روز عین وقت پر اسی جگہ وہی جمع کثیر موجود ہوا۔ مسلمین کا ہجوم بہت تھا اور مولوی صاحب کا اس نسب کا لیکچر۔ جسکے قریب دو سو گز شکستہ کلکتوں سے بھی تھا اس مولوی پر اس قدر بیان کردینا زیبا نہ ہوگا کہ ہم سے مولوی صاحب اگرچہ لیکچر دیل پر نکتہ چینی کی ہے۔ وہ صاحب کے گزشتہ جلاس کا لیکچر سے لیکچر بالکل کسی پایہ سے گرا ہوا تھا لیکن مولوی صاحب نے اس شام کے لیکچر میں جو زیادہ تر نظم میں تھا سب کسر نکالدی۔ بلکہ پچھلا تمام حصہ سوا دو گھنٹے کا دیا۔ اس کے دوسرے روز سید صاحب نے اسی وقت خود لیکچر دیا اور اپنے مشن کی اغراض اور مسلمانوں کی تعلیم کی ضرورت پر بحث کی۔ اور آخر بھی جینٹلمنی اور انگریزی تقریریں ہوئیں۔ رہے کے لحاظ سے بھی سید صاحب کا مختصر سا خطبہ کچھ کم نہ تھا۔ قریب ۱۵۰۰ آدمیوں کے پنجاب بھر سے جمع ہوگیا لیکن چونکہ سید صاحب نے کہا تھا کہ سر محمد شفیع اور نواب محسن الملک و بالفعل اور بعض اور اشخاص کے آنے کے ہمراہ نہیں آسکے وہ آئندہ سال میں پھر سب کے دورہ کا قصد رکھتے ہیں اور غالباً ہیں بھی انکے ہمراہ آوینگے اس لئے لوگوں کا خیال ہے کہ اس وقت اور چندہ جمع ہو جائیگا لیکن جماعت اسلامیہ کا جلسہ نمائش کے لئے غیر موسم ہوگا اگر ہو سکے تو ایڈیٹر صاحب آنا چاہئے تو پنجاب میں نومبر دسمبر سے جلسہ فروری سے پہلے نہیں آنا چاہئے تاکہ اس عرصہ میں ایجوکیشنل کانفرنس اور محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا انعقاد ہو جائے کہ لوگوں کو سید صاحب اور نواب محسن الملک۔ مولوی شبلی۔ آنریبل حاجی اسمٰعیل اور مولوی شبلی کے سید صاحب سے ہمراہ تشریف نہ لانیکا افسوس ہوا۔ اور سید صاحب کے ہمراہ صرف مولوی نذیر احمد۔ مولوی حمید اسلام صاحب تشریف لائے تھے علاوہ نواب محمد مزمل اللہ خان اور مولوی عبدالباطل

سورج گرہن دنیا کے کسی حصہ پر اسیوقت ہوگا۔ جب سورج اس خاص حصہ کے مقابل ہو۔ اسوقت کو اصطلاح مین "وقت" کہتے ہین۔ بعد اطمینی طور سے سورج گرہن کے لئے دن کا ہونا لازمی ہے۔ اب زمین کے گول ہونے پر کل روئے زمین پر ایک ہی وقت دن نہین ہوسکتا۔ لہذا پہر کیونکر ممکن ہے کہ سورج گرہن ایک ہی وقت کل روئے زمین پر ہو۔

اگر کوئی سطحی خیالی مولوی قلت تدبر کے باعث اس بات پر زور دے کہ اللہ تعالے سب چیز پر قادر ہے۔ اور بالفرض ہم انکی خاطر مان بھی لین کہ ایسا ہو ہم وقت آپنے والا ہے۔ کہ جب کل روئے زمین پر کوئی خسوف ایک ہی وقت ہوگا۔ تو اس سے ہمین لازمی طور پر یہہ بھی ماننا پڑیگا۔ کہ اسوقت ایک ہی وقت کل روئے زمین کے مقابل سورج ہوگا۔ سو ایسا نتیجہ بالذات اسوقت مرتب ہوگا۔ کہ جب رب قادر موجودہ صورت زمین کو درہم برہم کرکے چھاڑ دے کہ جسمین مکان زمین کی بربادی متصور ہے۔ یا ایک اور سورج پیدا کرکے ہمیشہ کے لئے رات کا خاتمہ کردے۔ کیونکہ زمین کے کسی خاص حصہ کا سورج کے سامنے نہ ہونے کا نام "رات" ہے۔ اس صورت مین بھی زمین اور اہل زمین کی بربادی ہوگی۔ ہم نہین سمجھ سکتے۔ کہ مہدی آخرالزمان خلقت کے تباہ ہونیکے بعد کن کی ہدایت کے لئے آوینگے۔ اور کس زمین پر اوترینگے۔ فتدبر وا یا اولی الابصار

اسی طرح خسوف پر قیاس کرلینا چاہئے۔ کیونکہ چاند گہن کے لئے رات کا ہونا لازمی ہے۔ ایک ہی وقت تمام روئے زمین پر نہین ہوسکتی۔

نامہ نگار صاحب کی دوسری وجہ کم واقفیت حدیث پر مبنی ہے۔ وہ نوبخیر معمولی تاریخون پر بغیر ازسند صحیح و متفق علیہ زور دیتے ہین۔ یہان بعض حدیثون مین چاند گرہن کی تاریخ ۱۳ رمضان قرار دی گئی تھی جو عین مطابق نکلی۔ ہمارے مکرم نامہ نگار صاحب احیانا کوبار کہین کہ جب کوئی حدیث بشکل پیشگوئی اپنے لفظی معنون مین پوری ہوتی ہے تو وہ حدیث صحیح کے ہم مرتبہ ہوجاتی ہے۔

تیسری وجہ ظہور علامات متعلقہ ہین جنمین اکثر علامات کا ظہور بکثرت یا بجزہ آوہ جو تسلیم کرتے ہین لیکن اگر وہ دیگر علامات پر بیجا نہ نگاہ ڈالین۔ تو انکو وہ بھی پوری پوری ہوئی دکھائی دین۔ علاوہ ازین یہ امر کہین سے پایا نہین جاتا۔ کہ وہ اس کسوف خسوف کے ساتھ وابستہ ہون۔ انکا کامل ظہور بعد مین ہوسکتا ہے۔ چنانچہ وہ خود آخری فقرون مین لکھتے ہین:۔

"ہان اگر وہ زمانہ قریب ہے جو غیر ممکن بھی نہین۔ کیونکہ برس دو برس کے عرصہ مین کچھ سے کچھ ہوجاتا ہے"

یہ کسیکو اختیار ہے۔ کہ آنحضرت کی حدیث کو مانے یا نہ مانے۔ لیکن حدیث کے الفاظ سے جو مفہوم ہوتا ہے اس سے قطعی مراد امسال کا کسوف خسوف ہے۔ چنانچہ اہل عرب کا موجودہ فعل بھی اس بات کی تائید مین ہے۔ حالانکہ دونون کسوف خسوف سوائے ہند کے کسی بلاد اسلام مین نہین ہوئے۔ یہ خداوند تعالے کی حکمت تھی۔ کہ اس جلیل القدر نشان کو عرب و شام و مشرق وغیرہ مین ظاہر نہ کرکے لوگون کے اس فاسد خیال کا بطلان کرے۔ کہ جسنے انکی آنکھین مہدی موعود کے لئے عرب (یمن) و شام کیطرف لگا رکھی تھین۔ مسلمانان روئے زمین کو مناسب ہے۔ کہ اگر مہدی کی تلاش کرنی ہو۔ تو ہندوستان مین کرین جہان نشان ہوا۔ اور ہمیشہ اس عظیم الشان صداقت کو مدنظر رکھین۔ کہ شق القمر کا معجزہ جو کل روئے زمین کی ہدایت کے لئے بطور اتمام حجت ہوگا۔ اسکا ظہور سوائے عرب کے کسی اور حصہ زمین پر نہ تھا۔

الراقم "شمالی طبقہ ہند کا گریجوایٹ" معرفت ایڈیٹر مسلم گزٹ

لیجئے اب تو موسمی نجوم آسان ہوگیا!

جناب اڈیٹر صاحب۔ بسا اوقات آپکے ناظرین کے دل مین اگر ہوا آئی یا بیرومیٹر کے حالات سنئے یا سکے دیکھنے سے یہ خواہش پیدا ہوئی ہوگی۔ کہ کاش ہمارے پاس بھی ایک ایسا ذریعہ ہوتا کہ جس سے ہم موسم کو پیشتر سے ہی معلوم کرسکتے مگر ان آلات کی ہندوستان مین کم ملنے کے باعث اور نیز نہایت ہی گران قیمت پر بکنے کیوجہ سے انکو اپنی خواہش کے پورا کرنیکا موقعہ نہ ملا ہوگا۔ آپکے ناظرین مین سے زمیندار اور مالکان اراضی ہونگے۔ ان کیلئے تو یہہ بہت ہی ضروری ہے کئی دفعہ ناگہانی بارش کے لئے ہزارون روپیہ کی کٹی کٹائی کھیتان تباہ ہوجاتی ہین اور بڑے بڑے ساہوکارون کی رقمون پر پانی پھر جاتا ہے۔ اکثرون کو کبھی نہ کبھی گھوڑے بیل گاڑی یا یکہ پر سوار ہونا پڑتا ہے اور راستے مین آندہی طوفان بارش کے آنے سے نہایت دقت اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر لوگون کے پاس کوئی ایسا آسان ذریعہ ہوکہ جس سے وہ پہلے ہی سے موسم کے تبدیل ہونے کو جان سکین تو یہ سب دقتین رفع ہوجائین۔ نیز خاص کر سیون اور ملاحون کی تو ایسین چاندی ہی ہے۔ بندہ وہ آسان سی ترکیبین عرض کرتا ہے یقین ہے کہ آپ انکو اپنے اخبار گھر ابین جگہ دیکر اپنے تمام ناظرین کو فایدہ اٹھانے کا موقعہ دینگے۔ واضح رہے کہ سب ادویات جو ذیل مین ہر ایک دواخی فروش کے پاس سے تھوڑی قیمت پر اور آسانی سے ٹھیک ٹھیک وزنون مین مل سکتی ہین۔

(۱) Chemical Barometer

(۲) کیمیائی بیرومیٹر یا مقیاس الہوا۔

ڈاکٹر ڈوب ہارمر جب کافور خراب ہین گھل جائے تو انمین مفصلہ ذیل آسان نسخہ کا ۱۰ حصہ مقطر ۳ گرین اور یوریا نائٹریٹ ۳۰ گرین (Sal Amoniac) کو پانی مین علیحدہ برتن مین گھول لو اور اس مرکب کو شرابی کافور (Camphor) والی بوتل مین الٹا دو۔ بوتل کو خوب ہلاؤ کارک کس دو اور کارک کے گرد موم لگا دو۔ اب ایک سورا خ کارک مین کرکے دو بوند آبخیار ہوگی مگر اس عمل مین صفائی کا خیال رکھنا چاہئے اسکو مناسب جگہ پر رکھہ دو۔ یا دیوار کے ساتھ لٹکا دو۔ جون جون موسم تبدیل ہوتا رہیگا مصالحہ کا رنگ گرگٹ کیطرح بدلتا جائیگا جس سے فوراً معلوم ہوجائیگا کہ آیا کڑی طوفان آنیوالا ہے یا دھوپ کھلے گی اور مطلع صاف رہیگا۔ کیونکہ جہان ایک دفعہ رنگ کی تبدیلی ظاہر ہوئی موسم کے دنون مین کبھی تو ہمیشہ کیلئے معلوم ہوگیا۔ ناظرین ذرا سکو آزما کر تماشہ دیکھین۔

(۲) Leech Barometer جونک کا آلہ مقیاس الہوا

دوسری ترکیب ایسی آسان اور عمدہ ہے کہ گاؤن کا تجربہ بھی اس سے فایدہ اٹھا سکتا ہے اور فوراً تیار کرسکتا ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ ایک بوتل مین جسمین قریباً چار چھٹانک پانی ہو۔ اتنا پانی ڈالو کہ جسکی گہرائی ڈیڑھ انچہ کے قریب ہوجائے۔ اسمین ایک تندرست جونک یا لیچ (Leech) جو بازار مین مل سکتی ہے داخل کرو۔ اور بوتل کا منہہ پتلی ٹکڑے سے باندھ دو۔ جونک کی حرکات موسم کے تبدیل کیطرح ٹھیک ٹھیک پیشتر ہی تبلائی رہیگی۔ چاہئے کہ موسم سرما مین ہفتہ مین اور جاڑون کے دنون مین پندرہ روز مین ایک دفعہ بوتل کا پانی بدل دو اور مفصلہ ذیل نقشہ عمدہ کاغذ پر لکھکر بوتل سے چپکا دو اور اس آلہ کو حفاظت سے رکھہ چھوڑ دو پھر دیکھو کہ کس طرح آپکو سینکڑون نکالیف سے بچاتا ہے۔ نقشہ یہ ہے:۔

جونک کے اشارے

موسم وغیرہ کی تبدیلی	علامات
(۱) عمدہ موسم و مطلع صاف	= اگر جونک بل کھاکر بیچ حرکت بوتل کی منہ پر بیٹھی رہے۔
(۲) آمد بارش	= جونک بوتل کے منہ تک چڑھیگی اور جبتک مطلع صاف نہ ہو وہین رہیگی
(۳) آندہی	= جونک بڑی تیزی سے بوتل مین گھومتی پھیگی اور جب تک آندہی شروع نہ ہوجائے آرام نہ لیگی

اشتہارات

امپیریل میڈیکل ہال لاہور کی مجرب دوائیں

ہربل آلٹریٹو

یعنی

مصفی خون مرکب نباتی

انسان کی زندگی کا انحصار خون پر ہے۔ اگر اس میں کسی وجہ سے کمی ہوجاوے یا جو صفات اس میں ہونی چاہئے وہ زائل ہوجاویں یا اس میں کسی قسم کا نقص مائد ہوجاوے اس کا اثر انسان کے ہر عضو پر پڑتا ہے۔ معدہ بھی خراب ہوجاتا ہے جگر بھی اپنا کام ٹھیک نہیں کرتا۔ دماغ بھی ضعیف ہوجاتا ہے۔ پٹھے بھی سست ہوجاتے ہیں۔ غرضکہ کوئی عضو بھی ٹھیک حالت میں نہیں رہتا۔

ہم نے نہایت کوشش و محنت سے اس مرض کے واسطے ہربل آلٹریٹو تیار کیا ہے۔ یہ مرکب صرف نباتی اجزا سے بنا ہوا ہے اور خون کی کدورتیں رفع کرنے کے واسطے اور نیز خون صالح پیدا کرنے کے لئے تیر بہدف ہے۔ چند روز کے استعمال سے خون کا اصلی حالت پر آنے لگتا ہے۔ اور تمام اعضا میں قوت و تازگی معلوم ہوتی ہے۔ چہرے کا رنگ سرخ ہوجاتا ہے۔ زردی

ہوا اور سڑک کے نیچے سے ایک نالی نکالکر گلبری صاحب کے باغ کے اندر لائی گئی ہے۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ یہ پانی سرکاری کنوئیں سے آتا ہے جسکو سرکاری بیل کھینچتے ہیں اور سرکاری ملازم کنوان چلاتے اور پانی موڑتے ہیں۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ راجہ گلبری کو اس ملک کے کنوئیں سے پانی لینے کا کیا حق ہے اور کتنے برس سے وہ پانی لیتے ہیں اور اگر لیتے ہیں تو آجتک کبھی کچھ معاوضہ بھی دیا ہے یا نہیں۔ کل چہاولی سے انکا باغ کس حالت میں ہے۔ گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ حشمتی چپراسی کو جو سرکاری ملازم ہے گلبری صاحب وارجلنگ پہاڑ پر تین ماہ کے لئے نہیں لے گئے اور اسکی جگہ کون شخص موقعی ہوا؟

گورنمنٹ دریافت کر سکتی ہے کہ دیوانی مقدمات کے کمیشن بھیجکر فیصل کرنے سے وہ سوائے جمال دین کے اور کسکو کتنے کے لئے۔

فی الحال اسی قدر امور تحقیقات کے لئے کافی ہیں زیادہ لکھنے کی ہمکو ضرورت نہیں ہیں مگر سوال یہ ہے کہ اگر گورنمنٹ چاہے تو تحقیقات کر سکتی ہے تاور یہ سب باتیں ملک انٹرسٹ کی خلاف خلاف کے فوائد کے متعلق ہیں مگر جب تک راجہ گلبری کا وہاں راج ہے کسطرح سے یہ باتیں ٹھیک طور دریافت ہو سکتی ہیں۔ لوگ راجہ صاحب سے اس قدر خوف کھاتے ہیں کہ بعض وقت بڑے بڑے دیندار بھی ہچکچا جاتے ہیں اگر سر ڈیس چاہتا تھا۔ چاہیں تو گورنمنٹ کو جسطرح مناسب طریق سے تحقیق کر سکتے ہیں مگر احتیاط شرط ہے۔ اسے بہت سے راز کہیں کھلے۔

راقم۔ قاضی جی تم کیوں دبلے؟ شہر کا اندیشہ

گورنمنٹ چاہتی ہے کہ چہاولی جالندہر کی غریب رعایا ظلم و ستم سہکر برباد ہو جاوے

ہمکو جسقدر چہاولی جالندہر کے راجہ گلبری کی ظلم و ستم کی داستانیں اخباروں میں شائع ہوئی ہیں مجھے یقین ہے کہ ایسی سخت حیرت افزا شکایتیں برٹش راج میں شاید کسی افسر کی عشر عشیر بھی نہیں ہوئی ہونگی مگر نتیجہ کیا ہوا۔ جب سے اخبارات میں داویلا ہوا راجہ گلبری کے غضب کی آگ بھڑکنی تھی اور سارا زلہ ضعیف رعایا پر گرا۔ گورنمنٹ نے انہیں پناہ دینے کا کچھ بندوبست نہیں کیا۔ انہیں باتوں سے بدگمانیاں پھیلتی ہیں کہ گورنمنٹ کے کان شنوائی نہیں۔ نقار خانہ میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے۔ حالانکہ معاملہ بالکل برعکس ہے ہماری گورنمنٹ خوف خدا ہے اور خبردار رہتی ہے مگر بعض وقت اسکی حد سے زیادہ بردباری اور خاموشی لوگوں کی مصیبت کا باعث ہوتی ہے۔ آجکل جو چہاولی جالندہر میں سختیاں ہو رہی ہیں اور گورنمنٹ کی ظاہرا خاموشی کا باعث ہے اور اسکے لئے گورنمنٹ جوابدہ ہے۔ نہ معلوم کیا گورنمنٹ کا یہ منشا ہے ہم برابر لکھے جاویں اور وہ ایک کان سنے اور دوسرے سے نکالدے یا سنجیدہ غور ہو رہا ہے جسکا نتیجہ دیر میں نکلا۔ آجکل چہاولی جالندہر میں وہی حال ہو رہا ہے کہ جیسے کوئی بھیڑیا کسی بھیڑوں کے گلہ میں آگھسا ہو اور گلہ چرانے والے وہ ایک لڑکے غل مچاویں کہ بھیڑیا بھیڑیا اور چند جوانمرد ہتیار بند لوگ پاس کھڑے تماشہ دیکھیں اور لڑکوں کی بیقراری پر ہنسیں۔

تازہ حال سننے حاجی اسمٰعیل صاحب سوداگر ریئس چہاولی جالندہر کے ایک مکان کی نسبت جو لال کوٹی بازار میں ہے بازار سارجن نے گلبری صاحب کو رپورٹ کی کہ اس مکان میں پلستر نہیں ہوا اور اسکا چبوترہ ٹوٹا ہوا ہے۔ اسپر گلبری صاحب نے حاجی جی پر ۵ روپیہ جرمانہ کر دیا حالانکہ اس مکان کی خوبی پچاس روپیہ کی مالیت نہیں ہے مخفی نہ ہے کہ ان حاجی صاحب کے بھائی حاجی حبیب اللہ نے عدالت میں ایک مقدمہ میں راجہ گلبری اور انکے منظور نظر (فیورٹ) جمال دین کے برخلاف گواہی دی تھی جسکو پڑھکر بدن سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ چہاولی والوں کی عام رائے یہی ہے کہ صاحب بہادر نے جلکر اس موقعہ پر بدلہ نکالا ورنہ ایسے خفیف معاملہ پر اسقدر سخت جرمانہ۔ حاجی جی پر یہی اکتفا نہیں اور سنئے پچھلے اگست اور ستمبر کے مہینہ میں سخت بارش ہوئی۔ چنانچہ ایک دن ۳۶ گھنٹہ موسلا دھار پانی پڑا جس سے صدہا مکان گر گئے بارش کہتے ہی لوگوں نے چون قون بنانے شروع کر دیئے مگر بیچ بیچ میں بھی بارشیں ہوتی رہیں۔ راجہ گلبری نے ایک تاریخ مقرر کر دی کہ اسکے اندر سب لوگ مکان بنوالیں۔ غریب آدمیوں نے دوگنی تگنی مزدوری دیکر مکان تیار کرائے مگر جلدی میں یا جسکے بہت مکان تھے انمیں سے کسی کا پلستر رہ گیا کسیکی گوبری رہ گئی اسپر جمال دین اور بازار سارجن نے رپورٹیں کیں اسپر راجہ صاحب نے سب کے نام سمن جاری کر دیئے اگر گورنمنٹ وہ رپورٹیں دیکھے اور وہ رپورٹیں وہی ہوں جنپر جرمانہ ہوا ہے تو ساری تلملی نکل سکتی ہے) آخر تاریخ مقررہ پر راجہ صاحب نے گدی پر بیٹھکر جرمانہ کرنا شروع کیا۔ کسیقدر تفصیل سنئے۔

لالہ نانک چند صاحب رئیس اعظم و ٹھیکہ دار ۵ روپیہ جرمانہ۔ یہ ایک بڑے معزز ٹھیکہ دار ہیں اور انکی درجنوں کوٹھیاں اور بہت سے مکانات ہیں۔ یہ عذر کرتے رہے کہ میرے گھر میں سخت بیماری تھی۔ میں ادھر مصروف رہا۔ مزدور ملے نہیں۔ گوبری پلستر کی کوئی بات نہیں اب ہو جائیگا۔ بارش متواتر ہوتی رہی۔ صدہا کام تھے اسلئے اگر دو چار دن کی دیر ہو گئی تو معاف کیا جاتا مگر راجہ صاحب نے ایک نہ سنی اور ۵ روپیہ جرمانہ ٹھونک دیا۔

بابو گوپال سہائے صاحب سوداگر ۵ روپیہ جرمانہ۔ یہ بڑے بھاری انگریزی اشیاء کے سوداگر ہیں انکے مکان میں کچھ خفیف مرمت ہونی رہ گئی تھی اسلئے ۵ روپیہ جرمانہ راجہ گلبری صاحب نے کر دیا۔ ہمدرد کشند اس صاحب سے بھی بہتیرا یہ کہہ چکے آدمی ہیں خفیف مرمت کی بات تھی۔ اسپر بھی اگر معمولی حیثیت کے آدمیوں کے نام بھیجے جاتیں تو ایک یہی فہرست سجائے بنتے نمونہ از خروارے کافی ہے۔

ایک راجہ گلبری صاحب نے اور سنجیدہ ایجاد کیا ہے جسکا نام بازار کمیٹی رکھا ہوا ہے۔ اس کمیٹی کے ممبروں کا اصلی کام یہ مقرر کیا ہوا ہے کہ کونسا مکان جسوقت کونسا صاحب رنج کرنے بیٹھیں تو یہی بزعم خود آبیٹھیں اور وہاں میں ہاں ملائے جائیں۔ اسمیں سے آئے دن راجہ صاحب کسی بیلے مانس کو ذلیل کر کے نکالا دیتے ہیں کسیکو داخل کر دیتے ہیں غرضیکہ چہاولی جالندہر کا آجکل باوا آدم ہی نرالا ہو رہا ہے اور وہاں رہکر ہرگز یہ نہیں معلوم ہوتا کہ ہم گلبری راج میں بستے ہیں یا برٹش راج میں آباد ہیں دیکھیں ہمارے لاٹ صاحب بہادر جسکا یہ قول ہے کہ انصاف کے روبرو شاہ و گدا برابر ہیں کیا انصاف فرماتے ہیں۔

راقم۔ قاضی جی تم کیوں دبلے؟ شہر کا اندیشہ

دس اور پندرہ روپیہ کا انعام

(کسوف خسوف واقعہ ماہ رمضان المبارک ۱۳۳۱ھ)

مخدومی اڈیٹر صاحب۔ السلام علیکم۔ آپکے پرچہ مطبوعہ ۲۴ مارچ ۱۹۱۳ء میں کوئی صاحب محمد عتیق نام کا شمسی کسوف خسوف کے متعلق تحریر فرماتے ہیں۔ کہ یہ کسوف خسوف ماہ رمضان میں واقعہ ہونیکا باوجود وہ نہیں جو مہدی آخر الزمان کے زمانہ کا ایک نشان آنحضرت صلعم نے مقرر کیا ہے۔ اور اپنے بیان کے ثبوت میں تین دلائل پیش کرتے ہیں۔ آپ کے صحیفہ کے قیمتی کالم مشرح جواب کی اجازت نہیں دیتے۔ لہذا مختصر سے مختصر الفاظ لوگوں کی غلط فہمی رفع کرنیکے لئے لکھے گئے ہیں۔ اگر یہ کافی نہوں تو باآپ کچھ دنوں کے لئے اپنے کالم ہمارے نذر کریں۔ یا نامہ نگار صاحب یا دیگر اصحاب راقم سے براہ راست خط و کتابت کریں۔ نامہ نگار صاحب نے اپنی پہلی دلیل پر جسکے الخصوص زور دیا ہے۔ جسنے شاید بہت سے ناواقف بالغ طبیعتوں کو بھی دھوکا دیا۔ آپکا خیال ہے۔ کہ اشارہ کردہ کسوف خسوف کا کامل زمین پر ہونا شرط ہے۔ ہم نہیں سمجھتے کہ آپ کے پاس اس شرط کی کیا سند ہے۔ حدیث کے الفاظ صرف ماہ رمضان میں کسوف خسوف کو بلا تخصیص محل و مکان امام مہدی آخر الزمان کا ایک نشان ٹھہراتے ہیں چنانچہ عرب کے میں اس موقعہ پر ایک عجیب شور و غوغا کا ہونا۔ بہت سے عربی مجلوں کا مہیا درست کرنا۔ مہدی کی تلاش ہونا۔ حالانکہ عرب میں عدم کسوف و خسوف تنہا ثبات پر کافی دلیل ہے۔ کہ اہل عرب نے اس پیشین گوئی کے مفہوم میں "کل روئے زمین" کو مشروط نہیں قرار دیا۔ خیر یہ تو ایک تائیدی دلیل تھی۔ اب ہم نامہ نگار صاحب اور دیگر اصحاب کو دلیل کی خط کردہ مطلب دکھانا چاہتے ہیں۔ کہ ایک ہی وقت میں کل سطح زمین پر کسوف و خسوف کا ہونا محالات میں سے ہے۔ اور جو صاحب ہمارے خط کردہ مطلب کی تہ بدل و معقول کریں وہ صلع ۵ روپیہ ہم سے بطور انعام لیں۔ اور گروہ صاحب اگر کچھ جواب یا اگر جواب نہیں تو صلع ۵ روپیہ انکی نذر ہونگے۔ چونکہ ایک معمولی کو ذرا سی تفصیل کردہ علمی صداقتوں کو ملاحظہ کرنیکی کوشش کرتے ہوئے دیکھنے کے لئے ہاتھ میں زیادہ بطور ٹکٹ بھیجنا بہت ہی تھوڑا ہے۔

لہ دیکھو پیسہ اخبار مطبوعہ ۱۰ اپریل صفحہ ۸

پیسہ اخبار

لاہور یوم جمعہ ۲۰-اپریل سنہ ۱۸۹۴ء

بعض افسروں کی گرمجوشی اس کی وجہ ہوگی۔ لیکن گورنمنٹ کے منشا اور احکام اس کے خلاف ہیں ؛

——— واسگٹن ۱۴-اپریل۔ شہنشاہ ولیم یہاں آج شہنشاہ فرانسس جوزف سے ملاقات کرنے آئے ؛

——— نیویارک ۲۰-اپریل۔ اس ہفتہ میں نیویارک سے چالیس لاکھ ڈالر ہونے سے زیادہ نیویارک سے یورپ کو روانہ ہوئے ؛

——— لندن ۱۴-اپریل۔ ۲۰ اس آف کامنز میں کل شب بجری کھینے پیش ہوئے اور تعمیرات ہماری پر اتفاق رائے کیا گیا۔ سر یو۔ کے فشس وزیر نے کھینے پیش کرتے ہوئے بیان کیا کہ گورنمنٹ کے بجری مشیروں کی رائے پر ان کو مرتب کیا گیا ہے اور گورنمنٹ کا منشا ہے کہ کسی دو سلطنتوں کی بجری بیڑوں کے برابر ہماری بجری حالت ہو ؛

——— ناگپور (چین) میں بہت بڑی آتشزدگی سے ایک ہزار مکانات جل گئے ؛

——— ۲ سٹریا اور روس کے تجارتی عہدنامے کی تکمیل زار روس کی ذاتی کوشش کا نتیجہ ہے۔ اور روسی آسٹریائی اتحاد بڑی دلیل سمجھی جاتی ہے۔ خیال کیا جاتا ہے کہ روس۔ جرمنی اور آسٹریا کے تجارتی اتحاد کا نتیجہ یہ ہوگا کہ نوبی تیاریوں کے متعلق بھی کچھ سمجھوتہ ہو جائیگا ؛

——— یونائیٹڈ لینڈ کے ستر ممبران گورنمنٹ کے خلاف رشوت خواری کا الزام لگایا گیا اور وہ بلیجدہ کئے گئے۔ وزیر اعظم نے گورنر سے اجازت طلب کی کہ پارلیمنٹ توڑ دیجاوے ؛

(لاہور و پنجاب)

——— کل شام کو ہز آنریبل گورنر بہادر لاہور سے روانہ ہو کر دوسرے روز سملہ پہنچ جاویں گے ؛

——— ڈاکٹر فنچ جنڈا مقام سول سرجن گوجرانوالہ مقرر ہوئے ؛

——— سردار امر سنگھ صاحب کو نوال لاہور کی میعاد ملازمت میں ۱۰ سال کی آور توسیع ہوئی ؛

——— بوار صاحب قائمقام کمشنر نے گزشتہ منگل کے روز ضلع شیخوپورہ کا معائنہ کیا ؛

——— مسٹر ہیمنڈ ڈپٹی کمشنر لیڈیس صاحبہ کو لے کر دوسرے پھر دلائٹ کو روانہ ہو گئے۔ جہاں سے ملک محمد شریف کے ہاتھ وہ سفارت ایران پر روانہ ہونگے ؛

——— ۳ مئی سے لالہ صاحب رام صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر بنوں کو ۲ ماہ ۲۴ دن کی رخصت ملی ؛

——— میکورتھ ینگ صاحب کو اگزامینر کل کی نامزد مہری کا عہدہ نہ ملا تو وہ ہوم سکریٹری بنائے جائینگے ؛

——— جمعہ گزشتہ کی رات لاہور میں کچھ ژالہ باری ہو گیا ؛

——— الی امداد جو لوکل گورنمنٹ کو میونسپل کمیٹی کو بصورت جاگیر دی جاتی ہے غلط واپس لی جاویگی۔ کیونکہ ایسا ہزآنریبل کا ارادہ معلوم ہوتا ہے ؛

——— لوکل گورنمنٹ نے اس چوبیس سو روپے سالانہ کی امداد سے جو پنجاب پبلک لائبریری کو دیجاتی تھی چار سو روپیہ کم کر دیا ہے۔ کیا اچھا موقع تخفیف کا ہے ؛

——— قاضی محمد اسلم خاں صاحب کے جھنگ سے روانہ ہونے پر جھنگ کی رعایا نے نہایت رنج کے ساتھ انہیں وداع کیا ؛

——— ست سبھا پنجاب لاہور کا بتیسواں سالانہ جلسہ ۳ سے ۱۰ اپریل تک لاہور میں ہوتا رہا۔ جس میں لالہ شنداس۔ لالہ ڈوگا پرشاد۔ لالہ دیوی رام ایم اے۔ بابو سدا سوکھ پرشاد اور پنڈت من پھول وغیرہ اصحاب نے تقریریں کیں ؛

——— ہم سے درخواست کی گئی ہے کہ ظاہر کریں کہ سری گورو سنگھ سبھا منٹگمری کا سالانہ جلسہ جو ۲۸ و ۲۹ ماہ حال کو ہونے والا تھا۔ بالفعل ملتوی کیا گیا ہے ؛

——— ٹریبیون کو معلوم ہوا ہے کہ سیالکوٹ میں کسی ہفتہ وار دیسی زبان کے اخبار کو دو سو روپے سالانہ وہاں کے ڈسٹرکٹ بورڈ نے اس لئے دینا کیا ہے کہ وہ بورڈ کی مکتہ چینی نہ کرے۔ یا کسی شخص کی بورڈ پر نظر عنایت رہے جو صاحب اختیار ہے۔ کیا یہ صحیح ہے ؟

——— سردار بہادر گورمت سنگھ صاحب میر منشی صاحب سیکرٹ گورنر جنرل وسط ہند نے جو نومبر ۱۸۹۳ء سے دو سال کی رخصت پر پنجاب میں آئے ہوئے تھے گزشتہ ہفتہ کے روز انتقال کیا۔ ۱۸۸۳ء تک گورنمنٹ پنجاب کے نائب میر منشی تھے اور سیسل گرین جو اس وقت چیف سکرٹری تھے وسط ہند میں انہیں اپنے ہمراہ لے گئے تھے ؛

——— بیسا کھی کے روز جبکہ لاہور کے تمام ہندو زن و مرد راوی کو اشنان کے لئے جا رہے تھے ایک ساٹھ سال کی ہندو عورت ایک گاڑی کے نیچے آکر مر گئی۔ دریا پر عورتوں کے لئے تین کپڑے کا پردہ لگا دیا گیا تھا جو لاہور کے ایک پبلک سپرٹڈ ہند جنٹلمین کا قابل تعریف کام تھا ؛

——— ٹریبیون کو معلوم ہوا ہے کہ سر ڈینس فٹز پیٹرک بہادر نے جو ہیز گورنمنٹ ایڈوکیٹ کو حکم دیا ہے کہ ۱۹-اپریل کو ڈاکٹر مچھمنڈ اس کی طرف سے چیف کورٹ میں پیروی کرے ؛

——— سول ملٹری گزٹ لکھتا ہے لاہور کے وکیلوں کے آلوں کے دو گروہوں کی چیف کورٹ کی ٹکر پر ڈٹ بھیڑ ہو گئی اور دونوں میں خوب اینٹیں اور سونٹے چلے۔ دونوں ایک دوسرے پر بدیانتی کا الزام دیتے تھے اور اس کے متعلق چند وکیلوں کا نام بھی لیتے تھے کہ جن سے وہ مقدمات متعلق تھے۔ اس طرح پبلک کو معلوم ہوا کہ کون وکیل اپنے پیشے کو ذلیل کرتے ہیں ؛

——— پنجاب میں اس سال ۲۹ لڑکیوں نے امتحان مڈل سکول دیا تھا جن میں سے ۲۰ پاس ہوئیں سول مشن سکول سے ۵ لڑکیوں نے امتحان دیا جن میں سے ایک پاس ہوئی۔ ڈسٹرکٹ بورڈ سکول گوجرانوالہ سے ایک لڑکی نے امتحان دیا تھا وہ پاس ہو گئی۔ امرتسر میونسپل بورڈ سکول سے ۷ لڑکیوں نے امتحان دیا تھا جن میں سے ۴ پاس ہوئیں کریچن گرلس سکول لودھیانہ سے ۳ لڑکیوں نے امتحان دیا تھا تینوں پاس ہو گئیں۔ ایگزینڈ کرل سکول امرتسری ۷ لڑکیوں میں سے ۶ پاس ہوئیں۔ کنٹونمنٹ سکول لاہور سے ۴ لڑکیوں نے امتحان دیا تھا چاروں کامیاب ہو گئیں۔ گوجرانوالہ مشن سکول سے ۲ لڑکیوں نے امتحان دیا تھا اور میونسپل بورڈ نانہ سکول سے بھی ۲ لڑکیوں نے امتحان دیا تھا اور یہ سب کی سب پاس ہو گئیں ؛

——— سول اینڈ ملٹری گزٹ ناقل ہے کہ افواہ ہے کہ ضلع ڈیرہ جات میں کچھ پٹھان اس اشتہار پر گرفتار کئے گئے ہیں کہ انہوں نے شاہان ترکی کی خدمت میں خطوط روانہ کئے ہیں کہ حقیقت میں سلطان ان کے بادشاہ ہیں۔ گورنمنٹ برطانیہ نہیں۔ اور ان پر اور قسم کی نادفاداریوں کے الزام بھی لگائے گئے ہیں۔ اور قسم کی نادفاداریاں معلوم نہیں کیا ہونگی۔ لیکن بداتوں کی نسبت اگر وہ ایسی چٹھیوں سے ایسی خط و کتابت کی ہے تو انہیں ذہین نشین کر لینا چاہئے کہ انہوں نے حقیقت واقعہ کے سمجھنے میں غلطی کی ہے۔ ہندوستان کے مسلمان گورنمنٹ ابد قرار برطانیہ کی رعایا ہیں وہ گورنمنٹ کو جو اپنی رعایا کے مذہبی اعتقادات میں ہرگز دخل نہیں مسلمانوں کو سخت تاکید ہے کہ ایسے بادشاہ کی دل و جان سے اطاعت کریں کہ جس کے زمانے میں ان کے جان مال۔ ان کے مذاہب اور ان کی عزت کی حفاظت کی جاتی ہے حضرت سلطان اعظم بیشک روئے زمین کے مسلمانوں کے خلیفہ اور رسول کریم کے جانشین ہیں۔ لیکن وہ ان میں سے فیری رعایا سے سوائے روحانی اور اعتقادی اطاعت کے دنیاوی یا جسمانی اطاعت کے طالب نہیں۔ مثال ہی ہے جس سلطانی کی سالگرہ کی تقریب پر تمرد و شقاوتی کے تمام صیغے میں حضور کے قیام دولت ابد مدام صحت کی دعائیں مانگی یونانی اور دیگر کلیسا قبل کے تیسوں لئے باوجود عیسائی رکھنے کے بادشاہ وقت کی کیسی دل و جان سے خوشحالی کی ایسے ہی قیصر فلک پائگاہ ہم سے حق رکھتے ہیں۔ اہل ہند کے لئے حکم انہیان اور مشرت کا مقام ہے کہ گورنمنٹ ان کی جائز رسومی اور مذہبی معتقدات میں دخل نہیں دیتی ؛

پیسہ اخبار میں کئی ہفتوں سے ایک سلسلہ مضامین صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ چھاؤنی جالندھر کی بے عنوان کے متعلق طبع ہو رہا ہے۔ اس میں بہت سے دلچسپی گورنمنٹ کی توجہ کے لائق بیان کئے گئے ہیں۔ کیا ہز آنریبل ڈینس فٹز پیٹرک بہادر گورنمنٹ نے امپیریل تک توجہ فرمائی یا انہیں صحیح نہیں سمجھا بہرحال۔ یہ کہنے ہیں کہ جن کا ثبوت ڈاکومنٹری موجود ہے۔ اور اگر گورنمنٹ صاحب بہادر کو کسی دوسرے مقام پر تبدیل کر کے ان تحقیق کرنا چاہے تو یقین ہے کہ ہر معاملے کا حرف بحرف ثبوت مل جاوے۔ بیدار مغز گورنمنٹ کا ایسے نازک معاملات میں اتنا توقف اور بے اعتنائی کرنا پبلک کو گورنمنٹ کے عدل و انصاف کی طرف سے مایوس کرنے والی کاروائی ہے۔ کیں گورنمنٹ چاہتی ہے کہ ہم ہر ہفتہ ایک سلسلہ ان

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

آگرہ میں ایک یورپین صاحب اور سیم یکہ پولیس افسر کی تحقیقات میں مانع ہوئے تھے۔ دونوں کو عدالت نے سوا اور پچاس روپے بترتیب جرمانہ کیا۔

پھر ٹگون اور نواح سے کثرت جرائم کی خبریں آئیں۔

محکمہ قانون سول مویشی کے افسر اعلیٰ وشیر ہنری انسٹرکٹر کرنل ہیلن صاحب ۱۴ اپنی کو پنشن لے کر ولایت چلے جائینگے۔

مرتبہ قواعد محکمہ ٹھگی و ڈکیتی اس وقت گورنمنٹ کے زیر غور ہیں۔

حضور نظام گنگا ڈام سے حیدرآباد پہنچ گئے۔

محکمہ مالک متوسط نے تحقیقات کرکے نتیجہ نکالا ہے کہ فصل خریف تک ایک لاکھ آدمیوں کو سرکاری مدد کی ضرورت ہوگی کیونکہ کثرت بارش سے گیہوں کی فصل تباہ ہوگئی تھی۔

صاحب گورنر مدراس معہ متعلقہ کے سرد مقام کو اوٹکمنڈ کو تشریف لے گئے۔

ہندوستان میں جنگی قواعدوں کے لئے سال حال کے واسطے ایک لاکھ روپے کی منظوری ملی ہے۔ جس میں سے ۹۰ ہزار حاصل بنگال۔ ۲۰ ہزار حاصل بمبئی اور ۱۰ ہزار مدراس کے دینے آویگا۔

خبر ہے کہ محکمہ نارتھ ویسٹرن ریلوے اپنی گاڑیوں پر بتی روشنی کرنے کی تجاویز پر غور کر رہے ہیں۔

سر شمبھو ناتھ بنگلہ چیف جسٹس سی۔ آئی۔ ای بنگلور کے مشہور ناچ بہت بیمار ہیں۔

مہاراجہ صاحب کچ بہار بمبئی کے پہلے ہفتہ میں والا شد روانہ ہونگے۔

افسر نے مہاراجہ لکھنؤ کے ایڈریس کے جواب میں فرمایا کہ ہماری ہمسایہ پیشیوں کو تین طرف سے دشمنوں غلاظت ہیضہ اور جہالت سے جنگ کرنا ہے۔

سید آباد کے نواب حسن بن عبداللہ صاحب کمشنر ارکاری جو حج ہیں اور نندوی بھی ہیں عمر ۵۰ سال کی ہوگی اور انگریزی نہیں جانتے ایک بیوہ پینتیس سے شادی کرنے والے ہیں۔

راؤ صاحب چپلوکر ہوکر ہونامیونسپلٹی کے ایک سرگرم ممبر پونا سرو جنک سبھا کے رسالے اور دین پرکاش کے ایڈیٹر اور فاضل آدمی تھے دنیا سے گزر گئے۔

گورنمنٹ مدراس اپنے صوبے میں بہروں۔ گونگوں اور اندھوں کی تعلیم کے لئے ایک مدرسہ قائم کرنے والی ہے۔

رائے بہادر شنکر پانڈورنگ پنشنٹ جو جج فاضل آدمی تھے جنہوں نے پونا میں عورتوں کے لئے ہائی سکول قائم کیا تھا اور جنہیں صاحب گورنر بمبئی نے ایڈمنسٹریٹو بورڈ بندر کا ممبر مقرر کیا تھا فوت ہوگئے۔

مسٹر سید علی بلگرامی بیرسٹر ایٹ لا کمشنر تعلیم حیدرآباد دکن ایک دیسکرس کا انگریزی اور انگریزی ترجمہ تصنیف کر رہے ہیں۔

حضور وائسرائے نے مسٹر لائل کا چیف کمشنر آسام مقرر منظور کیا۔

پونا میں دو عورتوں کے درمیان گتھی ہوئی ایک مسلمانی اور ایک برہمن تھی۔ مسلمان عورت جیتی جس کو ۲۰ روپیہ سونے کا انعام ملا اور دوسری کو ۲ روپے۔

مہاراجہ کولہاپور نے سنگریہ اپنی گدی نشینی کے ۱۳ قیدی رہا کئے۔ جن میں دو واہم انجمن سے ۲۰ کی میعاد قید میں تخفیف کی اور ۲۰ ہزار برہمنوں کو بھوجن کرایا گیا۔

حال میں لارڈ چارلس کر استھوپ لفٹنٹ گورنر ممالک مغربی شمالی اعتمگڈھ میں تشریف لے گئے تھے۔ اس وقت دو معزز ہندو مسلمانوں کی کمیٹیاں قائم کرآئے تھے جن کا مدعا صلح کل اور مسلمانوں میں باہمی مصالحت کرا دینے کا تھا۔ خوشی کی بات ہے کہ ان کمیٹیوں کو کسی قدر کامیابی حاصل ہوئی۔

بمبئی اور مدراس گورنمنٹ کی رائیں وزیر ہند کے دفتر میں لندن پہنچ گئی ہیں اور یہ قرار پایا گیا ہے کہ آرمس سکول توڑ کر فی الفور ان کی جگہ ارفیہ صنعت و حرفت کے مدرسے قائم کئے جاویں۔

بنارس میں ڈھوم مچکل کا مشہور میلہ بڑی رونق سے ہوا۔ مہاراجہ بنارس نے تشریح طبع کے جلسے کئے۔

(اسلامی دنیا کی خبریں)

قاہرہ ۱۴ اپریل۔ ریاض پاشا کی وزارت نے استعفا دیا۔ کیونکہ خدیو کو انپر اعتماد نہیں۔ خدیو نے لارڈ کرومر کے مشورہ کے بعد نوبر پاشا کو طلب کیا جو اب وزارت قائم کر رہا ہے۔ (۱۵ اپریل) جدید مصری وزارت میں نوبر پاشا وزیر اعظم اور وزیر داخلہ ہے۔ بٹروس پاشا وزیر خارجہ مصطفےٰ فہمی پاشا وزیر جنگ۔ فتری پاشا وزیر تعلیم و تعمیرات۔ جنوری ۱۸۹۲ء میں فہمی پاشا کے بجائی فتری پاشا کی نامزدگی سے بہت جوش پھیلا تھا۔

ایک اخبار لکھتا ہے کہ حضرت سلطان اعظم نے ارادہ کیا ہے کہ عنقریب ایک بھاری عالمگیر نمائش قسطنطنیہ میں آباتے باسفورس کے متصل بمقام اصائل پاسپور کھل جاوے ایک انجنیر کو نقشہ تیار کرنے کا حکم ہوا ہے۔ چونکہ ارادہ اعلیٰ ہے کہ یہ نمائش ہمیشہ کھلی رہے اور صرف موسم سرما کے چار مہینے بند رہے لہٰذا عمارت پختہ اینٹ۔ پتھر اور لوہے سے بنائی جائیگی۔

سوائی چھوٹے مکانات کے سلیم آفندی وزیر زراعت اس کی تکمیل میں مصروف ہیں۔ دو سال کے عرصے میں نمائش مکمل ہوگی۔ اور ہر ملک کے صناع اسباب بھیجینگے۔

افسوس کی بات ہے کہ ۲ فروری کو حضرت اللہ کتب فروش لورپول کے مسلم انسٹیٹیوٹ کے دست و بازو ہونے سے بہت سے اخبارات میں اسلام پر حالانہ مضامین لکھے گئے تھے منقول کر گئے۔

جامع دمشق جو ۱۰۹۳ھ میں جل گئی تھی اب نہایت سرگرمی سے اسکی مرمت کا کام جاری ہے شہر کے معزز مسلمان ہاں ومرد ایک ایک دو دو یوم اس مسجد کی مزدوری کا کام مفت کرتے ہیں۔ اور کئی ایک معزز بیگمات مسجد کی مٹی ایک ایک دو دو دن ڈھونے جاتی ہیں۔

حضرت سلطان اعظم نے حکم دیا کہ دمشق میں ۱۰۰ مدارس دشتی ابتدائی ۴۰ مدرسہ یمن۔ بغداد اور مدینہ منورہ میں ۱۰ مدرسہ ہائی قائم کئے جاویں۔

(ممالک غیر)

لندن ۱۰ اپریل۔ سر جیمس لنڈلے مرحوم کی بیوہ نے پرنس آف ویلز سے سفارش کرائی ہے کہ ایک گورنری کمشنر مقرر ہو۔ قبرص افسر نشانہ اور ایڈمنسٹریٹر سوڈانی سپاہیوں کے آفیسر (افریقہ) اور اس کے فرائض میں کمبرلینڈ کی سرحد تک مقرر کیا جائے۔ اور ایک دوسرا کمشنر چار افسروں اور دو سو نگباری سپاہیوں سمیت کیپ میں مقرر کیا جاوے اور کیپ کو اس بعد جبل طارق کی طرح نیا نوآبادی بنا دیا جائے۔ ایک رعیت کی بھی سفارش کرتے ہیں۔

لندن ۱۰ اپریل۔ چین کی آخری خبروں سے معلوم ہوا کہ چینیوں نے صوبہ شوسی میں فرانسیسی مشن کے مکانات کو جلا دیا اور پادریوں سے بدسلوکی کی اور انہیں قید کر لیا۔ فرانس نے اس زیادتی کے لئے گورنمنٹ چین سے معافی طلب کیا ہے۔

لندن ۱۱ اپریل۔ شاہ اور ملکہ اٹلی نے اپنے بیٹے کے ہمراہ فلارنس ملکہ وکٹوریہ سے نیم شاہانہ طور پر ملاقات کی ہر مجسٹی نے بازدید ادا کی۔

لندن ۱۱ اپریل۔ شاہ اور ملکہ اٹلی نے اپنے بیٹے کے ہمراہ فلارنس ملکہ وکٹوریہ سے نیم شاہانہ طور پر ملاقات کی ہر مجسٹی نے بازدید ادا کی۔

لندن ۱۱ اپریل۔ سر ہنری برٹل فرئر جو کہ جہاز روم پر سفر کر رہے ہیں۔ ہندوستان میں پہنچ کر لارڈ ڈفرن سے بمقام سملہ کچھ مشورہ کرکے واپس کابل ہوگا۔

لندن ۱۱ اپریل۔ بارہ ہزار ہسپانیہ کے باشندے روم واپس جا رہے ہیں۔ گورنمنٹ اٹلی اس امر پر شاکی ہے کہ کثافت پیش ہیضہ پھیلی ہوئی ہے۔

لندن ۱۱ اپریل۔ کنگ افیون کے مسئلہ پر ہندوستان سے واپسی پر چند قدم کھلنے کے لئے مسٹر ہلس کمشنر ممبران ہوس آف کامنز کو دعوت دی۔ مسٹر رسن نے بیان کیا کہ تمام سرکاری اور غیر سرکاری شہادتوں سے افیون کا استعمال مضر نہیں۔ لیکن غیر سرکاری شہادتوں میں کثرت ان کی تھی جو افیون کے حامی تھے۔ اور سرکاری گواہوں نے بھی بہت سے فیصلے کے سبب تسلیم کئے۔

نیویارک ۱۱ اپریل۔ چمڑہ پکانے کے لوگوں نے اصلاح مقرر کرنے کے بہت سے شہروں میں ہڑتیں کیں جس میں نفع حاصل کیا۔

لندن ۱۲ اپریل۔ انگلستان سکاٹلنڈ اور جرمنی میں جو چار ہفتے سے بارش نہیں ہوئی تھی اس سے آئندہ فصلوں کی طرف سے ایوسی ہے۔

لندن ۱۲ اپریل۔ ہوس آف کامنز میں مسٹر جیمس کیرٹ نے کہا کہ سکاٹ لینڈ کے لئے ہوم رول بل نہیں پیش کیا گیا۔

لندن ۱۲ اپریل۔ کل شام ہوس آف لارڈز میں لارڈ روزبری نے اطلاع دی کہ گورنمنٹ نے آئندہ انگریزی گورنمنٹ قائم کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔

لندن ۱۲ اپریل۔ سر لیپل گریفن چیف انڈیا آفس ایجنٹ کی کونسل کے چیئرمین مقرر ہوئے۔

لندن ۱۲ اپریل۔ لارڈ سٹینلی آف ایلڈرلی نے ہوس آف لارڈز میں بہت احتجاج کی تجویز سے حکمت کی بڑی کثرت سے مقدمے کئے ہیں۔ لارڈ ریپن نے جواب دیا کہ اس

حفظ صحت

علاج

۴۴۔ جسم پر سفید داغ کا ہو جانا۔ ایام شباب میں عموماً یہ سفید داغ بلا کسی ظاہری اسباب کے جسم کے بالائی حصوں خصوصاً سینہ۔ شکم۔ پشت و چہرے پر ظاہر ہوتے ہیں۔ نیز یہ کیفیت سدرض جلد کے اولی مادہ سے مناسبت رکھتا ہے۔ گو اس سے کسی طرح کی جسمانی تکلیف نہیں ہوتی لیکن لوگوں کی اکثر تمائی کی وجہ سے اکثر روحانی علالت دامنگیر ہو جاتی ہے۔ اجتماع مادہ فاسدہ اس کا باعث ہے یہ خیال ہے کہ امراض جلدی اکثر دیر سے علاج پذیر ہوتے ہیں اس لئے مریض کو لازم ہے کہ اگر جلد فائدہ ظہور میں نہ آوے تو علاج سے ہرگز دامن نہ چھڑائے اور معالج کی تاثیر قدیر پر اعتماد کرتا ہوا حصول صحت کے لئے شرط ہے اول تنقیح یعنی طبیعت کے موافق مسہل لیں۔ سعد۔ غنابی۔ دوا مصفی خون مثل عرق عشبہ۔ شاہترہ۔ چرائتہ۔ کنوہ۔ نیم وغیرہ کا اندرونی استعمال کریں۔ تھوڑی مقداریں دن میں تین مرتبہ نوش کیا کریں۔ ثقیل غذا اور کثرت شراب سے مطلق پرہیز کریں۔ گوشت کم اور بقولات کی غذا زیادہ کھائیں۔ شیر گرم پانی سے روز غسل کریں اور بدن کو موٹے اور ملائم کپڑے مثل تولیا وغیرہ سے خوب خشک کر کے عرق افصنہ ذیل مذکورہ روئی کے پھریری کے سفید دل فریب حصوں کو بعدد غسل لگائیں۔ یہ ہر دو ادویات بآسانی انگریزی دوا فروشوں کی دکان سے نہایت سہیل قیمت پر دستیاب ہو سکتی ہیں۔ شیری بیس ایک تولہ۔ لیموں کا لپ ٹائی ایک تولہ۔ دونوں کو آمیز کریں۔ ۴ مسیدہ قوی ہے کہ ناغہ میں باتمام یہ مستفید ہو کر اس خاجز کو دعائے خیر سے یاد فرما کر ممنون و مرہون فرما دینگے۔ (محمد خداداد۔ ریلوے ہسپتال لاہور)

۴۵۔ علاج طوال:۔ پیسہ اخبار مطبوعہ ۳ مارچ میں سید اصغر علی صاحب لکھنؤ کی طرف سے طوال کا نسخہ دریافت ہوا ہے۔ اس کے لئے سیر النسخہ بہت مجرب ہے اور صدہا مریضوں کو فائدہ دے چکا ہے۔ (بشرطیکہ عمر لمبی ہو ورنہ بمقدار عمر کم کرنا ہوگا):۔ کونین سلفاس ۲ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ڈل۔ ۱۰ منیم سلفٹ آف آئرن ۲ گرین۔ سلفٹ آف سنگنیشیا ۲۰ گرین۔ سپرسنٹ واٹر ایک اونس۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایسی ۳ خوراک دن میں ۳ دفعہ استعمال کرنا چاہئے جب تک کہ بالکل آرام نہ ہو جاوے۔ مگر انشاء اللہ تعالیٰ ۷-۸ دن میں ہی فائدہ ہونا شروع ہو جائیگا۔ طوال کا علاج عرصے میں اثر پذیر ہوتا ہے گھبرانا نہیں چاہئے۔ اور نتیجہ کو درج اخبار کرا دینا چاہئے۔ (شیخ نصیر الدین احمد کمیٹ وڈ رگسٹ کنڈ شہر)

شعر و سخن

صحت جسمانی

تضمین من احقر کونین سید افضل حسین آزاد ماسٹر شعر سخن مکمل کر کے
(جو پیسہ اخبار کے لئے لکھا گیا ہے)

صحت ہر ایک شعبہ دوں نہد لکا ۔۔۔ یا اضطراب و کشمکش عیش نشاط کا
یہ ہی ثمر ہے زندگی بے سبط کا ۔۔۔ یہ زہر ہے عیش کے کش رباط کا
ہو تو سخن ہیں سب میں ہی ہے سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

ہو شیخ وقت۔ عالم و فاضل ہو پیشوا ۔۔۔ عابد ہو متقی ہو۔ ہو صوفی باصفا
زردار ہو غنی ہو تونگر ہو کے تو ۔۔۔ ہو دم دعا ہے سب کی ہو زاہد پارسا
ہے سب میں ہی ہے سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

تاکہ دن وقت باز سنج زبان ہو ۔۔۔ دارا سا سکندر صاحبقران ہو
رستم ہو یا کہ حاتم ہو صاحب نشان ہو ۔۔۔ سب مفلسی میں ہیں ہی کہ صحت گران ہو
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

معلم کی کیا بیبوں کا ایک در ہے یہ ۔۔۔ عیش و نشاط و عشرت و دولت کا گھر ہے یہ
دنیا کے کاروبار کا اک راہبر ہے یہ ۔۔۔ ہمت کا ہاتھ۔ عزم و تحمل کی کمر ہے یہ
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

صحت نہیں تو زر سے تونگر زیادہ ہے ۔۔۔ تخت و نشان و مال ہر رفتہ باد ہے
گو جاہ و بخت رکھتا ہو پر نامراد ہے ۔۔۔ گو سب کا ورد ہو پہ کچھ خوب یاد ہے
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

ہو شاہ جم صحت و دولت ذریں میں ۔۔۔ ہم شاہ ہیں پیادہ ہی دو کے نگیں میں
ہم مفلسی میں اپنے ہمارے یہ ہیں میں ۔۔۔ ہم عزم جزم کے یہ دلیر و متیں میں
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

جو تندرست ہے وہی اقبال مند ہے ۔۔۔ کم تنگدستی و عیش اسی کا بلند ہے
بیمار کا تو جینا بھی اک ناپسند ہے ۔۔۔ مجھ کو تو کام جینا میں یہ اک پسند ہے
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

بیمار کا تو جینا بھی اک ناپسند ہے ۔۔۔ مجھ کو تو کام جینا میں یہ اک پسند ہے
شادی و غم سے ہو غمی ہے وہ بے خبر ۔۔۔ دنیا کے کاموں کی ہو مگر کیا خبر
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

حاکم ہو یا کہ شاہ ہو شرفا رجال ہو ۔۔۔ اس زندگی سے ہو سبکی دعا ہے کہ الحذر
مزدور ہو کہ صاحب جاہ و جلال ہو ۔۔۔ بیمار کا تو جینا ہی اک ناپسند ہے
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

ہو تندرستی اور جسے آبرو بھی ہو ۔۔۔ پیادہ ہو یا سوار ہو آشفتہ حال ہو
وہ دنیا میں بہشت کا بندہ ہے دوستو ۔۔۔ سب کی دعا یہی ہو کہ شامل بحال ہو
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

آزاد کی بھی حق سے دعا شام و سحر یہ ہے ۔۔۔ نعمات دنیوی سے اسے بہرہ ور کرو
دنیا میں تنگدستی نہ ہو مجھ سے آشنا ۔۔۔ کیا خوب شعر ہے اسے تم غور سے سنو
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

ہو دم ہے اسکی فاتحہ پر ہوں سوا التجا ۔۔۔ صحت نصیب۔ عزت و حرمت رہے سدا
ہے سب میں ہی سخن درست ۔۔۔ اللہ آبرو سے رکھے اور تندرست

حکمت کے موتی

عورت ایک ایسی مصیبت ہے جس سے گریز ممکن نہیں۔
وہ ایک مرغوب آفت اور ایک خانگی دلفریب فتنہ اور ایک مہلک دلکش سحر اور ایک رنگین دلربا بلا ہے۔
فضل اگر جماعت میں ہے تو سلامت عزلت میں۔
مصیبت اپنے ہی اعمال بد کا نتیجہ ہوتی ہے۔

پندرہ روپے انعام کا مضمون

جو صاحب مسند جنرل سیکرٹ پیسہ اخبار کے ٹریکٹ نمبر کے برابر کہ جس میں بالاوسط چوبیس سو کے قریب لفظ ہوتے ہیں عمدہ لکھیں اور دلائل مضمون لکھ کر ہمیں ۱۰ مئی سے پہلے بھیجدیں گے ان میں سے اول دوم کے مضمون کے لئے بالترتیب ۱۵ روپے اور ۱۰ روپے انعام دیا جائیگا۔ اور انعامی مضمون یکم جون کے پیسہ اخبار میں شائع ہو گا۔ سیکرٹ یہ ہے۔

"ایک متوسط الحال شریف آدمی کو اپنے بیٹے کو سکول کی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد کالج کی تعلیم دلانی چاہئے یا کوئی اور پیشہ سکھلانا چاہئے۔ یہ امر قدرتی ہے کہ کالج کی تعلیم کا خرچ کتنا زیادہ ہے اور ملازمت کے لئے ابواب کیسے بند ہیں اور ملک کو کس قسم کے آدمیوں کی ضرورت ہے"۔

معلومات کاست

——— اگر ٹیلیفون کی تار خشکی میں ہو تو رفتار فی سیکنڈ سولہ ہزار میل کے برابر ہوتی ہے لیکن سمندر میں رفتار چھ ہزار میل سے زیادہ نہیں ہوتی۔

——— شہنشاہ جرمنی ۴۰ دن کے روز سے زیادہ نہیں سوتا ہے اور ایسا ہی اور لوگوں سے کام کرنا چاہتا ہے طبیب کہتے ہیں اس سے اس کو ضرر پہنچے گا۔

——— ہیرے کی جلی یعنی دوائی چھڑنے کی عمر اس کی ہوا کے حلقوں سے پہچانی جاتی ہے۔ ہر سال ایک گرہ جاتا ہے اس طرح چار چار پانچ پانچ سو سال کی پیدائش بتائی جاتی ہے۔

——— بیل کو ترپ کی چوٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے سینگ کو کیڑا لگا ہے۔

——— جب ریلوے انجن کا ہوشیار ڈرائیور اس کے حوالات کر رہا تھا تو اس وقت ریلوے کے اتفاقات میں یہ بھی پیش کیا جاتا تھا کہ سڑک کے قریب گائیں چوگ نہیں سکیں اگر مرغیاں انڈے نہیں دے سکیں گی اور گھوڑے ڈر جائینگے۔

——— روم کے حال کے پوپ نے ۲۵۸ ویں پوپ ہیں۔

——— کستوری میں سبز رنگ لوہے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

——— یورپ میں ایک معمولی فوجی سوار کی تیاری پر ایک سو ساٹھ پونڈ خرچ ہوتا ہے۔

——— انگلستان کی تمام سرکاری عمارات کی قیمت تخمیناً چھ بیس کروڑ پونڈ ہے۔

——— تجربے سے ثابت ہوا ہے کہ موسیقی کا اثر دوران خون پر پڑتا ہے۔

——— نہر سویز ۹۰ میل لمبی ہے اور ہندوستان کے ساحل اس کے کھودنے سے چار ہزار میل کا فاصلہ کم ہو گیا ہے۔

——— دونوں موسموں کا خیال رکھ کر چوبیس گھنٹوں میں پانچ بجے صبح کے سب سے سرد وقت ہوتا ہے۔

——— یورپ کے دستور کے مطابق مرد کی عورت سے ملاقات کراتے ہیں نہ کہ عورت کی مرد سے۔

——— اضلاع متحدہ امریکہ کی چودہ ریاستوں میں میرے میرے اور چھپیرے بھائی بہنوں میں شادی خانہ آبادی ہوتی ہے۔

——— بوقت جنگ فرانس اپنی آبادی کے ہر ایک ہزار شخص

پیسہ اخبار

جلد ۱۵ ایڈیشن جمعہ ۲۰ اپریل ۱۸۹۴ء مطابق ۱۳ شوال ۱۳۱۱ھ موافق ۱۰ بیساکھ سمت ۱۹۵۱ بکرمی

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

پنجاب کی میونسپلٹیوں کی آمدنی ۱۸۹۳ء میں لاہور میونسپلٹی کی خالص آمدنی ۱۷ لاکھ ۹۴ ہزار ۱۰۱ روپے تھی۔ امرتسر ۳ لاکھ ۴۰ ہزار ۴۰۰۔ ملتان ۱ لاکھ ۵۲ ہزار ۶۲۱۔ راولپنڈی ایک لاکھ ۹۹ ہزار ۹۹۱ اور ایک لاکھ ۹۰ ہزار ۱۷۰۔ ملتان ایک لاکھ ۳۹۰۔ سیالکوٹ ۱۰۱ ۹۸۹۔ لدھیانہ ۳۵۵۶ روپے۔ گوجرانوالہ ۹۱۹۸۔ جھنگ ۹۹۱۰۔ پوشیاری ۴۹۱۲ روپے۔ فیروزپور ۲۱۱۰۰۔ ہوشیار پور ۲۸۸۰۔ انبالہ ۴۳۳۰۔ بھٹنڈہ ۲۴۷۹۰۔ جھنگ ۲۲۷۰۔ پالی پٹ ۴۳۲۰۔ روہتک ۲۲۱۰۱۔ کوہاٹ ۲۱۴۹۲۔ جہلم ۴۰۱۳۔ خالص آمدنی ۱۷ لاکھ ۱۰۲ روپے تھی اور اور میونسپل کمیٹیوں کا نام لکھا جن کی آمدنی ۲۰ ہزار سے زائد ہوئی۔

پنجاب میونسپل رپورٹ ۹۳ء ۹۴ء۔ میونسپل کمیٹیوں کی پانچ سال گزشتہ سے مقابلہ ہوتا ہے کہ ۱۸۹۲ء میں ۱۴۹ میونسپلٹیاں موجود تھیں۔ جن کی مجموعی آبادی ۱۲ لاکھ ۱۲ ہزار ۴۳۳ تھی۔ ان میں ۱۰ میونسپلٹیاں اور تھیں جن کی مجموعی آبادی ۲ لاکھ ۴۰ ہزار ۴۰۰ ہے۔ ۱۸۹۳ء میں ۱۵۹ میونسپلٹیاں ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں ۳۰ کمیٹیوں کے ممبر صرف نامزدگی سے مقرر ہوتے تھے۔ ۱۸۹۳ء میں صاحب ڈپٹی کمشنر ہی کل فنڈ کا انتظام کرتے ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں ممبروں کی تعداد ۱۶۵۰ تھی کہ جن میں ۲۳۵ ممبر ملحاظ عہدہ کے تھے۔ ۱۸۹۳ء نامزد شدہ ۱۰۰۶ اور ۸۰۶ منتخب شدہ۔ ان ممبروں میں ۳۴۲ سرکاری عہدہ دار تھے۔ ۱۲۹ غیر سرکاری تھے۔ کل آمدنی میونسپل کمیٹیوں کی ۱۸۹۲ء میں ۱۵۲۵ دیسی تھے۔ ۱۸۹۳ء میں ۱۵۲۵ دیسی تھے۔ کل آمدنی ۲۶ لاکھ ۶۰ ہزار ۵۰۰ تھی۔ اوسط شرح ٹیکس فی بانشندہ ہر ایک روپیہ تین آنے پانچ پائی تھی۔ اور اوسط شرح کل میونسپل ۱۰ روپے ایک آنہ سات پائی تھی۔ کل خرچ ۲۴ لاکھ ۹۴ ہزار ۹۰۱ روپے تھا۔

لندن میں کرایہ کی گاڑیاں۔ شہر لندن میں ۱۰ کمپنیوں کی کرایہ کی گاڑیاں ہیں۔ ۱۰۶۵۱۰۱۔ اجنبی کرایہ کی گاڑی کی قیمت ۱۰ چلانے والے ہیں۔ کل ۱۰۶۵۱۰۱ ہیں۔ ۱۰ تیس ہزار گاڑیاں ہیں۔ خاص شہر ۱۰ بارہ ہزار گاڑیاں ہیں جو ہر سال تیس لاکھ پونڈ کماتی ہیں۔ اور کل ملک کی گاڑیاں بیاسی لاکھ پونڈ کماتی ہیں۔ آٹھ ہزار ہر ہفتہ کے قریب ہر روز شہر لندن میں یہاں کے کرایہ پر پہنچ ہوتا ہے۔ ریل وغیرہ سواریوں کا ۱۰ حصہ ہوتا ہے۔

مذاق

ایک پیر مرد اپنے طفل خرد سالہ مریض کو ایک بزرگ کے پاس لے گئے کہ آپ دعا سے صحت اس کے واسطے فرمائیے۔ اس بزرگ نے ایک ہاتھ پیر مرد کے سر پر رکھ کر فرمایا ع

پیرے کہ دمد عشق زند بس غنیمت است

اور دوسرا پیر مرد کے دم کر دیا۔ اور دوسرا دست شفقت لڑکے کے سر پر رکھ کر فرمایا ع

وز شاخ کہنہ میوۂ نورس غنیمت است

لڑکے کی پیشانی پر دم کر دیا۔

ایک صاحب تعجب سے ایک شخص کی رشتے کی تفصیل سنتے ہیں جو کہ اکثر کہا کرتا تھا کہ "میں اپنا نانا آپ ہوں"۔ وہ کہتا تھا "جبکہ میں جوان تھا میں نے ایک بیوہ سے شادی کر لی تھی جس بیوہ کی پہلے شوہر سے ایک باکرہ جوان لڑکی بھی تھی۔ میرا باپ میرے گھر میں اکثر آیا جایا کرتا تھا جس آمد و رفت کی وجہ سے اُسے وہ جوان لڑکی پسند آئی اور اُس نے اُس سے شادی کر لی۔ اس حساب سے میرا باپ میرا داماد بن گیا اور میری لڑکی میری سوتیلی ماں۔ کیونکہ اب وہ میرے باپ کی بیوی بن گئی تھی۔ کچھ دنوں بعد میری بیوی کو لڑکا پیدا ہوا۔ وہ لڑکا میرے باپ کا تو سالا ہوا۔ اور میرا علاوہ لڑکا ہونے کے ماموں بھی ہوا۔ کیونکہ ایک رشتے سے وہ میری ماں کا بھائی بھی تھا۔ میرے باپ کی بیوی یعنی میری سوتیلی لڑکی کو بھی کچھ عرصہ بعد لڑکا ہوا۔ لاکام وہ میرا بھائی بھی تھا اور نواسہ بھی۔ اس لئے کہ میری لڑکی کا بیٹا تھا۔ اب ادھر دیکھئے میری بیوی ایک تو میری بیوی تھی ہی۔ مگر وہ میری نانی بھی تھی کیونکہ وہ میری ماں کی ماں تھی۔ میں اپنی بیوی کا شوہر اور نواسہ بھی ساتھ ہی تھا۔ اور اب چونکہ نانی کا شوہر نانا ہوا کرتا ہے اس لئے سو میں اپنا نانا آپ ہوا"۔

ایک نخیل بھائی لڑکی کے گھر میں بیٹھا ہوا تھا۔ لڑکی نے اندر جا کر دیکھا کہ ایک میت کا جنازہ لوگ گورستان میں لیجا رہے ہیں۔ لڑکی نے ذرا حال تھی کہنے لگی "ابا جیٹر ہے اس کے باپ نے کہا "میت ہے"۔ لڑکی بولی "ابا اس کو کہاں بھی جیٹے"۔ اس نے کہا "اس کو وہاں بیچنے جہاں نور ہے نہ روشنائی۔ نہ تہ نہ نمائی۔ نہ ڈھانچہ نہ پائی۔ نہ دوانجا۔ نہ دوائی"۔ لڑکی نے کہا "ابا جب یہ بیچنے گئے تو ہم کہاں رہینگے"۔ باپ نے کہا "تم ہمارے گھر میں ہو گے تو ہم کہاں رہینگے"۔

عجیب عجیب باتیں

کتنی کتابت کا کام کرتی ہے۔ بہت لوگوں کو معلوم نہیں کہ مکھی کتنا زیادہ کام کرتی ہے۔ ایک قطرہ شہد بنانے کے لئے مکھی کو چھ ہزار مختلف پھولوں پر پہنچنا پڑتا ہے۔ کیونکہ عام پھولوں میں بہت خفیف مقدار شہد کی ہوتی ہے اور ہر مکھی کو بالواسطہ روزانہ بیس ایسے سفر کرنے پڑتے ہیں کہ جن میں سے ہر ایک بیسے پھولوں پر پھیلا ہوا ہوتا ہے۔

نہایت باریک سوراخ چھوٹے سے چھوٹے سوراخ جو ہلکل کی کاریگری کے ذریعے سے کئے جا سکتے ہیں وہ ایک انچ کے ہزارواں حصہ تک میں ہوتے ہیں۔ اور یہ ایک ایسی کل سے ہیروں وغیرہ میں چھیدے جا سکتے ہیں کہ جو ایک منٹ میں پانچ ہزار دفعہ گھوم جاتی ہے۔

نابینا جہاز تعمیر کرنے والا۔ دنیا کے نہایت عجیب آدمیوں میں سے ایک شخص جان ہرشف ساکن جزیرہ رہڈی ہے جو بیڑہ جہاز اور کشتیاں تعمیر کرنے کی وجہ سے بڑی شہرت حاصل کر چکا ہے۔ پندرہ سال کی عمر سے یہ شخص نابینا ہے۔

چین کا طریقہ عزاداری۔ جو شخص عزاداری اور سوگواری کی رسم ادا نہ کرے اُس کے لئے چین میں یہ قانون ہے کہ ایک سال جلاوطنی کی سزا مقرر ہے۔ عزاداری اور سوگواری کی مدت بھی باعتبار قرابت در رشتہ داری کے قانون کے رو سے مقرر کی گئی ہے۔ ماں اور باپ کی عزاداری و سوگواری تین سال تک اور افسران و حکام اعلیٰ کی عزاداری و سوگواری ۱۰ ماہ تک کرنی چاہئے جس کے گھر میت ہو جاوے تو وہ اور اُس کے رشتہ دار ایک ماہ تک اصلاح بنوانے کے مجاز نہیں اور پوشاک بھی نہیں بدل سکتے۔ گورستان کے میلے کے وقت جو لوگ حاضر ہوں تو انہیں اہل میت تمام جامہ ہائے عزاداری و سوگواری حوالے کر دیتے ہیں۔ ایسا دستور اس ملک میں ہے۔ علی ہذا ملتان اس ملک میں مثل گجرات کے لوگوں کے گورستان کی زیارت اور میلے کے وقت ماتم اور گریہ و زاری کرنے کے لئے مزدوری سے عورتوں کو بلانے کا دستور ہے۔

ماتم پیشہ۔ میرپور ریاست جموں کی عورتیں ماتم پرست ہیں۔ وہ اپنے کسی مرنے کی کوئی خصوصیت نہیں۔ بلکہ دوسرا مرد یا زیادہ عزیز مرد سے ماتم میں ہیں۔ یہ ماتم بھی زنانہ ہی قسم کا ہے۔ عموماً سب مل کر ایک جگہ میں جاتی ہیں اور اپنی چھاتیوں پر زور سے ہاتھ مارتی جاتی ہیں۔ اور منہ سے بہت واہیات اور فحش الفاظ نکالتی ہیں۔ جن کا بولنا اتفاقیہ ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ بچپن سے تعلیم پاتی ہیں۔ (دل سنگھ سکول ۱ سفر میرپور)

سچائی کا ثبوت

گرگان تعریف — ولایتی تعریف

میں گواہی دیتا ہوں کہ حکیم امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لائق اور ماہر ہے اور اسکی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں +

ڈاکٹر اے۔ آر۔ ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۱۰ اگست ۱۹۳۵ء

کیا کوئی سارٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھکر نسلی دیسکتا ہے +

بفضل شافی مطلق ہمکو مندرجہ ذیل ادویات کے مؤثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم انکو انجی خریداری کے واسطے بیں شرط آمادہ کرتے ہیں۔ کہ اگر خدانخواستہ انکو فائدہ نہ ہو۔ تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے تا حصول صحت آپ اپنے روپیہ کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑا ہے۔ تمام فرمایشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی۔ شاذ و نادر اگر روپیہ کے واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا +

آتشک کی پوڑیاں - جدید آتشک کا علاج ۴۸ پوڑیاں - عہ

مرہم دافع آتشک - آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ - عہ

عرق عشبہ مرکب (فسادِ خون۔ درد عصبی۔ آتشک گنٹھیا غارش) کیواسطے شیشی خورد عہ شیشی کلاں

عرق دافع سوزاک و قرحہ - اندرونی استعمال کیواسطے فی شیشی

دوائی پچکاری برائے سوزاک - سوزاک کے ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے

دوائی پچکاری برائے قرحہ - سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے

روغن دافع وجع مفاصل و درد عصبی - بیرونی مالش کیواسطے فی شیشی

عرق طحال - تپ تلی کے واسطے ۲۴ خوراک عہ ۴۸ خوراک

اسپرمٹوریہ پلز - دافع کثرت احتلام - جریان منی ۴۰ گولی عہ ۸۰ گولی

ایفروڈیزیاک مکسچر (مقوی باہ۔ دافع ضعف قلب و دماغ۔ رعشہ۔ فی شیشی) (ضعف دماغ)

نروائن ٹانک پلز - علاج نامردی و کمزوری ۴۰ گولی

کاف مکسچر - تر و خشک کھانسی کا علاج فی شیشی

بچھو کاٹے کا علاج - جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۶۰ بوند

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل (دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے) ۱- چھٹانک ۱۲ ر ۲- چھٹانک

ڈیاریا پوڈر - دافع ہیضہ پیچش جو بدہضمی کے باعث ہو ۱۲ پوڑیہ

کیور فار ہستھما - ضیق النفس دمہ کی بیماری کا علاج فی شیشی

کالرا کیور - ہیضہ کا علاج ہر خورد و کلاں کیواسطے ہر معتبر دوا خانہ میں موجود رکھنا لازمی ہے فی شیشی

نوٹ - ہماری ادویات میں کوئی جزو ایسی شامل نہیں جو کسی مذہب کے آدمی کے ایمان میں خلل ڈالے۔

تمام مراسلات نیچے لکھے ہوئے پتے پر آنی چاہئیں۔

محصول بابت خریدار

المشتہر محمد امام الدین منیجر و کنور یہ میڈیکل ہال ہال بازار امرتسر (پنجاب)

محصول بابت خریدار

کارنگ صاحب کا کاڈلیور آئل ملک

یعنی

شیر روغن ماہی یا دودھ کی شکل میں مچھلی کا تیل

سب سے بڑی دقت کاڈلیور آئل یعنی روغن ماہی کے استعمال میں یہ ہے کہ نوالہ کیسا ہی صاف کیوں نہ بنایا جاوے بہرحال اور معدہ دونوں اس کو قبول نہیں کرتے۔ اول تو اس کا حلق سے اترنا ہی مشکل ہے۔ اور اگر کسی سے جی کو مضبوط کرکے اتار بھی لیا تو معدہ میں ٹھہر کر ہضم نہیں ہوتا۔ پس دفعۃً فائدہ جس کے لئے ہمارا مدعا تکلیف گوارا کی گئی تھی حاصل نہیں ہوتا۔ ان خرابیوں کے دور کرنے کی غرض سے نہایت محنت اور صرف کثیر اور کئی سال تجاویز کے بعد کارنگ کمپنی لمیٹڈ کے کارخانے میں یہ دودھ بنایا گیا ہے۔ صورت، شکل، مزہ اور بو میں دودھ معلوم ہوتا ہے۔ مگر حقیقت میں ہے کاڈلیور آئل۔ سادہ کاڈلیور آئل سے بدرجہا بہتر ہے اور قیمت میں کچھ بھی فرق نہیں۔ معدہ بھی اس کو قبول اور ہضم کرلیگا۔ سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ پانی میں گھول کر پی لیجئے۔ مریض کیسا ہی نازک مزاج کیوں نہ ہو اس کو بھی اس کا ذائقہ ناگوار نہ ہوگا۔ اب رہے اس کے فائدے وہ بھی اظہر من الشمس ہیں۔ کاڈلیور آئل سے بہتر کمزوروں کو قوی اور بلغموں کو تر کرنے کے واسطے کوئی دوا نہیں ہے۔ یورپ کے نامی ڈاکٹروں نے بہت تجربوں کے بعد اس کو اپنے مکتب میں داخل کیا ہے۔ ہمارا دعا چاہئے کہ اگر ڈاکٹر ان کو کاڈلیور آئل پینے کی ہدایت کرے تو ان کاڈلیور آئل کے سوا اور کوئی استعمال نہ کریں۔ دنیا دل والی دوا کی حیثیت رکھتا ہے۔

شیر روغن ماہی:- معدہ چونا خصوصاً آف لائم اینڈ سوڈا۔ کمزوری کاڈلیور آئل کو زیادہ قوی اور مفید کرنے کی غرض سے ہیپوفاسفائٹ آف لائم اینڈ سوڈا کے ساتھ ترکیب دیئے ہیں۔ جو لوگ کمزوری۔ معدہ سردی حلق۔ امراض صدر وغیرہ میں مبتلا ہیں ان کو ڈاکٹر کی ہدایت کے بموجب اس مرکب کا استعمال کرنا چاہئے۔ تاکہ کمزور نوجوان جنہوں نے غفلت سے اپنی فطری طاقتوں کو ضرورت سے زیادہ صرف کیا ہے۔ ان کا ضرور استعمال کریں۔ بہت پڑھنے والی عورتیں جو کہ حلق۔ اعصاب کو مضبوط بنانے کو فرمائے کے واسطے کارنگ صاحب کا شیر روغن بھی نہایت مفید دوا ہے۔ معدہ ونس والی بوتل کی حیثیت میں۔

یہ دوائیں صرف کارخانہ کارنگ کمپنی لمیٹڈ شہر رستم میں تیار ہوتی ہیں۔ اگر کوئی شخص ان مرکبوں کے واسطے ضرورت ہو تو ہمارے مرکبات سے موصوف پیش کرے۔ تو کسی بات کو ہرگز یاد نہ کرے۔

اسے برکت اینڈ کو

سوداگران ڈبل بازار فیروزپور کی دکان سے یہ دوائیں نہایت عمدہ مستند اور کفایت دستیاب ہو سکتی ہیں۔

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں؟

کوئی ہندو یا مسلمان ہم کو ذلیل کرے کہ گوشت خور اور شراب خور ہیں۔ ہماری جانوروں سے عبادتیں ہوتی ہیں۔ جو ہر ایک مذہب میں ممنوع ہے۔ پس جب یہ حالت ہے تو یورپ کے لوگ ہم سے کیونکر نفرت نہ کریں۔ ہم کیونکر ان کے ساتھ میل جول رکھیں۔ وہ کیونکر ہمارے ساتھ ہمدردی کریں۔ وہ کیونکر ہمارے مریض کو جلد صحت یاب ہونے کی دعا دیں۔ ہمارے ہاں بھی ایسی ایسی ادویہ کا استعمال ہوتا ہے جن کا اثر ہمارے مذہب کے برخلاف ہے۔ مثلاً ہیضہ۔ شفاخانہ زندہ اگلی چکیم ڈاکٹر نظام دین کی سوچی اور دانہ الائچی۔ بخار دھنیا۔ جلاب شکر۔ دستی کی برداشت خوراک کرتا ہے۔ (۲) ماشہ سے (۵) تک۔ (۳) سیر سرکہ و شکری اور دانہ الائچی۔ بخار دھنیا۔ جلاب شکر۔ دستی کی گردہ۔ درد دل قلت حیض۔ ورم رحم کی اشتہا۔ مدر قرن النساء کرنب۔ ہضم درمان۔ شقیقہ وغیرہ۔ تین درجن عسر (۲) جب ذیابیطس۔ بار بار پیشاب کی آمد۔ کمزوری۔ لاغری سے چھٹی۔ کمزوری۔ غرابی ہگا۔ یہ ہاضمہ شکر دکا جگل کو روکتا ہے۔ نی تولہ ۵ (۴) جب بواسیر۔ بیاسے تمام کرنے والا مرض۔ بواسیر مولی ریاضی اور بواسیر۔ سب بنتے ہیں۔

مفصل فہرست اسمار نباتات کی کتابت مفت محصول ڈاک آنہ آنے دوروانہ ہوگی۔

ڈاکٹر کلن خان ڈنٹسٹ انارکلی لاہور

دانتوں کا علاج کرتے اور مصنوعی دانت لگاتے ہیں۔

دانتوں کا مجنون فی دانت عمدہ نصف آنہ سے کم نہیں۔

گرو ائزر فریز کی مشہور عالم جیبی گھڑیاں

ان کی خوبصورتی ان کی پائداری اور ارزاں قیمت اور خوبصورتی ان کی دلی ارمان فرمائی کی کافی ثبوت ہیں۔ ہندوستان میں ہر ایک گھڑی فروش سے طلبگی۔ گھڑی پر اپنا نام اور دکان کا نام ہونا چاہئے ورنہ نقلی ہوگی۔ ہندوستان میں انجنٹ کمپنی اینڈ کو بمبئی میڈ دشرپ روڈ ہیں۔

اور پنجاب میں اس کے علاوہ سب شہروں کی گھڑیاں بشن سنگھ سوداگر بذریعہ ڈاک بھی دکان سے مل سکتی ہیں۔ مفصل فہرست قیمت انگریزی و اردو ایک پیسے کا کارڈ بھیجنے پر مفت ملتی ہے۔ خط و کتابت فرمائیں اور دوسرے ارزاں فروشوں سے خبردار رہیں پھر جس جگہ سے دل چاہے خریدیں۔

اہل ہند کو بشارت خوشخبری

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین امرتسر یہ

جو شخص عرصہ تیس سال تک مبتلا رہا ہو اور شرطیہ دوا ہو اور شرطیہ ہی ہو کہ اگر شفا نہ ہو تو صرف معالجہ بھی مریض کو دینا پڑیگا۔ صدہا اسناد صحت یابان امراض مزمن امراض اضیا فقرا کی موجود ہیں بذریعہ پارسل ٹکٹ نیم آنہ ارسال خدمت ہوگی۔ تو نکر ت اقرار نامہ مفلس پتہ ہوت معالجہ کیلئے بشرط تحت ضمانت ضمانتی پنجہ گا اور خرچ اور دیکھی فیس دینا ہوگا۔ اگر مرض کامل تحقیق ہو پہلے ڈاکٹر نظام الدین شرطیہ ہی استعمال کرنا ہوگا۔ ہمارے سیرکٹ نسخہ جات کے استعمال سے آپ کی زندگی ہاتھ ملتے ہی رہے گی صحت پر دیرینہ کیلئے ہی رہے۔ دوا کا نکما ہونا ثابت کرنے والے کو بفضل کسی نکسی مندرجہ محروم نہیں گا فضل خدا داد سے منادی کرتا ہوں۔ امراض شرطیہ یہ ہیں۔

نمبر شمار	نام امراض	خرچ ادویہ	نمبر شمار	نام امراض	خرچ ادویہ
۱			۱۱		
۲			۱۲		
۳			۱۳		
۴			۱۴		
۵			۱۵		
۶			۱۶		
۷			۱۷		
۸			۱۸		
۹			۱۹		
۱۰			۲۰		

جادو کا قلم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتا ہے

یہ نوع کا قلم نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس میں ایک خاص سیاہی ڈالی جاتی ہے۔ جو دیر میں بگڑتی ہوئی ہے۔ بہت سنبھال کر رکھو اور پھر لکھنے میں استعمال کرو۔ یہ سیاہی بھی ساتھ ہی ملتی ہے۔ خاص کر مجسٹریٹوں کو بہت آسانی ہوگی۔ ایک دو۔ تین نب اور چار بوتل کی نکسیاں سیاہی ڈالنے کی ہمراہ ہوں گی۔ قیمت سمیت جملہ سامان صرف ۵ روپیہ ہے۔

بیبی رام کی گولیاں ۱۴ ماہ کی

الفع دائمی قبض۔ دردِ سر۔ کاچلدانا۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ کاہش سے دور کرتا ہے۔ ان گولیوں کا کام ہے۔ قیمت ۵۰ گولی ۱ر ۱۰۰ گولی ۱ر ۲۰۰ گولی ۱ر ۳۰۰ گولی ۱ر ۴۰۰ گولی ۱ر ۵۰۰ گولی ۱ر ۶۰۰ گولی ۱ر ۷۰۰ گولی ۱ر ۸۰۰ گولی ۱ر ۹۰۰ گولی ۱ر ۱۰۰۰ گولی ۱ر ۱۱۰۰ گولی ۱ر ۱۲۰۰ گولی ۱ر ۱۳۰۰ گولی ۱ر ۱۴۰۰ گولی ۱ر ۱۵۰۰ گولی ۱ر ۱۶۰۰ گولی ۱ر ۱۷۰۰ گولی ۱ر ۱۸۰۰ گولی ۱ر ۱۹۰۰ گولی ۱ر ۲۰۰۰ گولی ۱ر

مہر کے کائنہ۔ غبیہ۔ سیل۔ نزول الماء جالہ۔ پھولہ۔ سرخی چشم۔ ٹھلکہ و جلا مراض چشم کو مفید ہے۔ قیمت فی تولہ ۱ر ۴ مسجن دندان۔ قیمت فی بکس ۸ر ۱ امرت گولی مقوی باہ۔ مسک۔ جملہ امراض بلغمی ریح کو دور کرنے والی۔ دو تین روز کے استعمال سے بھوک لگنی شروع ہو جاتی ہے۔ خفہ کو ہضم کرنے اور طاقت بدنی کے زیادہ کرنے میں ۱ر ۳ امرت گولی کے کوئی عمدہ دوا نہیں ہے قیمت ۵۰ گولی ۱ر ۔ محبوب دریاں قیمت پچاس گولی ۱ر ۔ فہرست سند ات مفت ملتی ہے۔ پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو ۲ فی روپیہ کمیشن دیجاتی ہے۔ محصول فی سو خریدار۔

المشتہر بیبی رام حبیب بنالوی۔ دروازہ لوہاری چوک متی لاہور۔

بصارت افزا ۱۴ ماہ کی

بہت محنت و کوشش سے مسمریزم شہولیت مردار یادداشت سے تیار کیا جاتا ہے۔ اگر اسکو مسمریزم نہیں تو بجا ہے جو کہ ضعف بصارت۔ دھند۔ غبار۔ سرخی چشم آنکھوں کا پک جانا۔ سبل وغیرہ امراض کو مفید ہے خاصکر جو ظلمت رات کو رتونی لمپ وغیرہ لیکر کتب بینی کرتے ہیں۔ چشمان کو کمزور کر بیٹھتے ہیں ان کے واسطے اکسیر حکم رکھتا ہے ہدیہ چشمان کو محفوظ رکھنے والا ہے۔ قیمت فی تولہ ۱ر ۔ محبوب مفرح مقوی باہ مقوی خصاب کمزور احباب وعیش پسند صحاب کو اکسیر و مجرب مفاصل و درد کمر استوانہ تقرس کے دورہ کے لئے بے نظیر و مصفی خون بدرجہ کمال ہیں قیمت بکس ۲ گولی ۱ر محصول فی سو خریدار۔ المشتہر لال ڈی۔ کمرہ۔ چوک متی لاہور۔

ہمت نہ ہارئے

ڈاکٹر برمن کی دمہ کی دواء

(۱) دمہ چاہے جیسے زور سے اچھلتا ہو اس دوا کی دو ایک مقدار ہی سے دبتا ہے۔

(۲) شروع میں اس دوا کا استعمال کیا جاوے تو دمہ جڑ سے جاتا ہے۔

(۳) پرانے دمہ والے جبکہ دمہ دم کا ساتھی ہو گیا ہو وے بھی اس دوا سے بہت صحت پاتے ہیں یہاں تک کہ اس دوا کے سہارے بہتوں کی زندگی بوجھ ہو جاتی ہیں۔

قیمت فی شیشی عہ ڈاک محصول ایسی تین شیشی تک پانچ آنے (۵ر)

سارٹیفکیٹ وغیرہ کی چھپی ہوئی کتاب بے دام ملتی ہے۔ منگا کر پڑھئے۔

المشتہر ڈاکٹر ایس کے برمن نمبر ۲ ارچندت سٹریٹ کلکتہ

سلطان المعظم و سلطنت عثمانیہ کے قابل دید حالات

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلاں سلطنت ٹرکی۔ ۳۵ تصاویر

پورے صفحے کی اور دو دو صفحے کی۔ کل حجم

تین سو صفحے سے زیادہ

مجلد جسپر سنہری اور روپہری حروف ہیں

کتاب کا نام کندہ ہے

بالکل تیار۔ قابل دید!

قیمت بجا۔ خرچ ڈاک وغیرہ ۴۰ر

المشتہر مہتمم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

مبارک ہو مبارک ہو مبارک ہو! اکبر ۱۹۱۰ء

نیا سال اور ہماری دکان

جس مہربانی اور نظر عنایت سے آپ لوگوں نے پچھلی سیزن میں ہماری محنت کی قدر دانی فرمائی ہے میں آپ کا نہایت شکور ہوں۔ اس سال بھی اسی طرح کی امید کرتا ہوں۔ بہت عمدہ عمدہ کلاک ٹائم پیس اور ہر طرح کی جیبی گھڑیاں لائت سے منگوائی ہیں جو ہر دور سے ونیز کھانا مال منگانے کی مجھ کو عادت ہے۔ بھی اپنے آپکے لئے اس خیال سے کہ "تھوڑا کھانا بھاری سستا" گھڑیوں کی قیمت بھی اسی قدر کم کر دی ہے جو پوری امید ہے کہ ہر ایک کی نظر میں جل ہی آپ ہماری خدمات کی قدر دانی فرما کر ہمیں کو ممنون و مشکور فرمائینگے۔ نیز گھڑیوں کی مرمت بھی عمدہ اور کفایت ہر ایک قسم کی ہو سکتی ہے۔

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی ۱۴ سال

نکل سلور اوپن کیس کیلیبر ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

نکل سلور اوپن کیس کیلیبر ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

پکہ ورج گارنٹی ۱۴ سال ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

سٹاک ورج گارنٹی ۱۴ سال ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیاں لیور چال کی ہیں

ڈبل کیس کیلیبر ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

ڈبل کیس کیلیبر ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

رسٹ ورچ یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں گارنٹی ۱۴ سال

نکل سلور کیلیبر ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

ورجہ دوم ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے۔ خالص چاندی درجہ اول ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

ورجہ دوم ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے۔ ٹائم پیس گارنٹی ۲ سال ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

پاکٹ کلاک ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے۔ گارنٹی ۲ سال

جاتا ہے ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے۔ پاکٹ سٹاپ کلاک ۱۸ ۱۹ لائن ۱۵ جیول ۱۰ ۱۱ ۱۲ روپے

"علم مسمریزم پر ایک نادر کتاب"

موسومہ

"زندہ کرامات"

مصنف نے پچھلے آٹھ سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اس کا دعویٰ ہے کہ اگر ایک شائق کو علم مسمریزم بشرطیکہ کوشش تکمیل کے ساتھ نہ آجائے تو سو روپے جرمانہ ادا کروں جو سینکڑوں بنک میں جمع ہیں۔ اس کتاب کے خریدار کو استاد کی ضرورت نہیں رہتی کرنل آرکاٹ صاحب بانی تھیوسوفیکل سوسائٹی نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے۔ سکی عمدگی میں اس سے زیادہ ثبوت کی ضرورت نہیں۔ قیمت فی جلد عہ ۲ درخواست بنام ماسٹر انبا پرشاد ایم اے ٹی۔ ایس مراد آباد۔ محلہ تانونگیاں آنی چاہئے۔

جنوب کیمیائے بصارت

جملہ امراض چشم۔ سرخی چشم۔ زوال الماء۔ جالہ۔ ابتدائی موتیا۔ ضعف بصر۔ نیز جملہ امراض چشم کی اکسیر دوا ہے۔ ستر سال سے ہزارہا بندگان خدا کو فائدہ پہنچا ہی ہے۔ قیمت فی شیشی ۱ر ۔ محصول ڈاک ۱ر ۔ ہمارے ہاں ایک ہی قسم کا سرمہ بکتا ہے جو کہ ہر جگہ ملتا ہے۔ ہمارے ہاں کوئی فرق چھوٹ جاتی ہے جو عموماً ہوتا ہے۔ ضرورت نہیں۔ قیمت فی تولہ ۱ر ۔ محصول ڈاک فی سو خریدار ۱ر ۔ المشتہر مرزا مہدی الدین بیگ ایم اے گرفتہ پنچ حکیم سید نظام علی گرفتہ۔ نوری دواخانہ

پچھلے برسوں کی ارواح مجسم شکل میں ہزاروں آدمیوں کے روبرو ملاقات

زندۂ جاوید

مذکورہ بعنوان کتاب کی ہدایتوں پر عمل کر کے ہر شخص اقل ہی روز اپنے مرحوم و مغفور بزرگوں۔ رشتہ داروں۔ پیاروں بی بی۔ جگر گوشہ بچوں۔ احباب سے ملنے کی تمنا ہو کی ارواح سے جو اکثر مجسم شکل سے نمودار ہوتی ہیں باتیں اور ملاقات کر سکتا ہے۔ بزرگان اقوام مجددان مذہب پیشوایان دین۔ حکما۔ علما۔ فضلا۔ اطباء متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہو کر استفادہ حاصل کرتا ہے۔ دیوتاؤں۔ فرشتوں۔ محمدوں۔ مسیحوں۔ پیغمبروں کو عالم ارواح۔ زندگی ما بعد وفات۔ سزا۔ ملائکہ اور خدا کی ہستی کا رواج کی زبان سے عملی۔ علمی و دینی ثبوت دلا سکتا ہے۔ مصنف نے اپنی سابق کتاب "زندہ کرامات" میں معمول میں حالت روشنضیری پیدا کرنے کا قاعدہ لکھا ہے۔ لیکن اس کتاب سلف مسمریزم یعنی خود عامل کے روشن ضمیر بننے کا قاعدہ صاف لکھ دیا ہے۔ علاوہ ازیں جن امور کو اس کتاب میں مخفی رکھا تھا اس کتاب میں ظاہر کر دیا ہے۔ مسئلہ تناسخ۔ ایک سے زیادہ پہلوئے نکتہ چینی کی ہے جو ہر رہب والوں کو قطعی غیر معلوم ہوگی۔ علم سرود سیکھنے کے حیرت انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں۔ مصنف کا دعوٰی ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر باتیں سکھانے میں ذرہ بھر نہ ہچکچاؤں گا۔ قیمت فی جلد عہ ۲

المشتہر انبا پرشاد۔ ایف ٹی۔ ایس (صوفی) مراد آباد

اعلان

۱۸۹۴ء نیا سال۔ نئی کتابیں

خود معلم کتابوں کا نیا سلسلہ

یہ کتابیں مخصوص ان لوگوں کے واسطے ہیں جن کو اسقدر انگریزی کم ہے یا جنہوں نے انگریزی سے کوئی واسطہ نہیں رکھا ہے یا جن کو اپنے دیگر شاغل سے فرصت کم ہے۔

پرائمر حصہ اول انگریزی و اردو۔ اس کتاب کی ۳۰ ہزار جلدیں اب تک فروخت ہو چکی ہیں۔ طبع حال میں جو ابھی شائع ہوئی ہر نہج مضمون بڑھایا گیا ہے۔ ہر لفظ کا تلفظ اردو میں بذریعہ اعراب کے ادا کیا گیا ہے۔ تلفظ کے جدید قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ آخر کتاب میں چینہ کا درس بڑھائے گئے ہیں۔ یہ امر تعلیم نسواں کے واسطے بھی نہایت موزوں ہے۔ غرض یہ پرائمر اب اپنے سچے معنی خود معلم کے ادا کرتی ہے۔ اس کتاب کا حجم بجائے ۶۴ صفحے کے ۸۰ ہو گیا ہے اور باوجود اس اضافے کے قیمت وہی ۲ رہے ؛

پرائمر حصہ دوم۔ کثیر ہزار انگریزی محاورے کے جملے کئی سو ضرب الامثال چٹکلے۔ چٹھیاں۔ مرقعے۔ بات چیت۔ انگریزی مفید باتیں۔ اردو یعنی پتھر کے چھاپے میں ہیں۔ صفحے ۲۴۰۔ قیمت مع محصول ۳ ؛

یونیورسل لیٹر رائٹر یعنی مفید اسباق:۔ بہت سے اسباب کی مستند فرمائش سے۔ یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے اس لیے مقصد ہے کہ انگریزی میں ترجمہ کرانا گرامر کے ساتھ ساتھ تو آموز طلبا کر لیا جاوے۔ گرامر کا ترجمہ جنسہ وہی ہے جو سرکاری مدارس کی گرامر گرامروں میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ حصہ اول صفحے ۱۰۰ قیمت ۱ر حصہ دوم صفحے ۱۰۰ قیمت ۱ر حصہ سوم صفحے ۱۴۴ قیمت ۱ر حصہ چہارم صفحے ۱۴۴ قیمت ۱ر ؛

مینوئل آف گرامر مع اردو ترجمہ:۔ دو حصوں میں کامل صرف و نحو صفحے ۲۰۰ قیمت مع محصول ۸ر ؛ ورڈ بک:۔ اس کتاب میں ماڈی اور میکل ۲ میڈیکل حصہ اول کا اردو ترجمہ اور شرح ہے اور الفاظ کے معنی ہیں اور نہایت ہی مفید اور کارآمد نوٹ ہیں۔ قیمت مع محصول صرف ۱ر ؛ انجنیر انگریزی ضرب الامثال مع ترجمہ اردو قیمت مع محصول صرف ۳ر ؛ ۳ ہزار ایڈیم یعنی انگریزی محاورے اس نایاب کتاب کا ملک میں ثانی نہیں۔ اس میں انگریزی محاورے مع اردو ترجمہ انگریزی شرح کے ہیں ہر متعلم کے طالبعلم کو اس کتاب سے بے انتہا فائدہ ہوگا۔ صفحے ۴۰۰ قیمت مع محصول صرف ۴ر ؛ اینگلو اردو ڈیونیورسل لیٹر رائٹر دو حصوں میں۔ حصہ اول صفحے ۴۰۰ قیمت ۴ر مع محصول ؛ ایضاً حصہ دوم صفحے ۱۰۰ مع محصول ۵ر ؛

اس جامع کتاب کا مفصل حال علیحدہ اشتہار میں درج ہے۔ ہر قسم کی چٹھیاں ڈکشنری وغیرہ صرف ترجمہ اردو کے ہیں۔ حصہ اول مجلد ۴ر ؛ ہر دو حصہ مجلد ۱۱ر ؛ اینگلو اردو پاپولیر رائٹر ہر امر میں انگریزی کا منشی یعنی اردو میں ہر مضمون کے لکھنے کی راہ پتھر کے چھاپے میں ؛ جنرل انگلش:۔ صدہا فقروں کا عطر اور خلاصہ ہے۔ صفحے کلاں ۲۵۰ قیمت ۴ر ؛

فہرست کلاں درخواست پر مل سکتی ہے

المشتہر مولوی نذیر احمد بی اے۔ نزد گون ہال بریلی

کلیات طالب ملتانی

یہ اردو کلیات شاعر بے نظیر حضرت ۱۱ الکاظمین جہیں تین تواریخ اور دو دیوان ہیں ایک عاشقانہ۔ دوسرا فقیرانہ قیمت فی جلد ۴ اور علاوہ محصول ملتان۔ بوہڑ دروازہ چوک مصنف (المشتہر)

خضاب لاجواب۔ آزمودہ دشت طبہ

ہزارون مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہوچکا ہے کہ یہ خضاب دنیا میں اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے میں بغیر دھونے کے بلکہ خوب پانی لگنے سے بھی سیاہی اور خوشرنگی رنگ کی بدرجہا بہتر لیتا ہے اور کبھی اس کی وجہ سے ہاتھوں میں بکثرت فروخت ہو رہا ہے اور ضعیف المزاج کیلئے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ دانتوں کا درد بھی اس خضاب کے لگانے سے جاتا رہتا ہے۔ نظر کو عام ازاد دیتا ہے۔ ہمہ تن کرد ان کا محصول

عجیب چیز ہے یہی جریان کی حکیمانہ دوا ہے کہ ہر قسم کے ضعف جنسی کو بکلی دور کرتی ہے۔ ہر قسم کے جریان کی ہر مرض کو ہمارے حکمائے ملہ رسیبی ہیں تیلی دوا ہے پرانی ہماری ۱۱ سال کی ہے جس سے ۱۲ روز دوا سے سب دفع ہو جاتی ہیں شرط علاج یہ ہے کہ پرانے سوزاک کو بھی جڑ سے کھو دیتی ہے ؛

المشتہر حکیم مولوی شہاب الدین مالک شفا خانہ معدن حکمت موچی دروازہ لاہور

کلیمنس ٹانک

طاقت کی زود رد دوائی فی بوتل ۱۰ تین بوتل ۲۵ ر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملے گی

ربڑی یعنی کھویا مقوی

یہ کوئی لطیف خوشبودار مزہ دار راحتی زود ہضم مقوی ہے سریع التاثیر ہے۔ میں بلا مبالغہ مثل ہے کہ دودھ میں ہی اپنا ہاتھ کہا کر قوت رجولیت کو بڑھانا شروع کرتا ہے اور کار آمد ہے۔ موسم سرما میں عیش پسند امراء آور کار رفتہ اشخاص کو خصوصاً عمدہ تقویت بخشنے کے علاوہ عالم شباب کی کثرت عیاشی یا پیرانہ سالی کے ضعیف قوا کو پوری تقویت بخشتا ہے۔ بیشمار لوگ اس کی طلسم اثر مبہمیہ طاقت کے قایل اور اسکی عمدہ خوبیوں کے مداح ہیں جو صاحب اسے باقاعدہ استعمال کرتے رہینگے زندگی بھر میں ضعف کی شکایت نہ ہوگی لاچار ہیں تو ہمارا دو مہینہ قیمت کی تمیس نکر محصول ڈاک فی روپیہ روانہ کریں۔ ہمیشہ کی چھوہاروں کی خوبیوں کے تعریفات رکھنا اور ہمیشہ کی زنانہ تعریف کیلئے کافی ہے اسکے حکم اکسیر کہتا ہے قیمت ایک بیشی عکار فوٹ۔ اس شفاخانہ میں ہر قسم کی دوا کی ادویات موجود ہیں

المشتہر حکیم محمد شریف منیجر شفاخانہ نظامی

لاہور چوک مسجد وزیر خاں

آب حیات یعنی جوہر عشہ

خون کی خرابیوں اور امراض جلد کیلئے اس سے بڑھکر کوئی اور دوائی مفید نہیں ہو سکتی آتشک خواہ کسی وجہ میں ہو یا فساد خون کے باعث پھوڑے پھنسیاں، بدبہر پر نکلتی ہوں سد خونی بے یبوستی ہو۔ خارش ہوا بھندر جسم پر بدنما سیاہ داغ یا دھبے ہوں۔ درد اعضا گنٹھیا جس کو بواسیر تک کو حد سے بڑھکر مفید ہے۔ بہتیرے دواسازوں نے عرق عشہ تیار کئے ہیں مگر لحاظ ترکیب یہ جوہر عشہ درحقیقت آب حیات ہے مریض کو تمام جلدی اور خونی امراض سے نجات دیکر نئی زندگی بخشتا ہے۔ ہماری ترکیب ان تمام خرابیوں کا دفعیہ کیا گیا ہے جو اسکی گرمی سے گرم مزاجوں کیلئے پیدا ہوتی ہیں مزہ میں نہایت دلپسند خوش ذائقہ اور خوشبودار ہے۔ قیمت فی شیشی خورد ۱ر ؛ کلاں ۱ر

دیگر ہر ایک مرض کی دوائی ہمارے یہاں موجود ہے ہمارے کارخانہ کی فہرست بالتصویر منگا کر ملاحظہ فرماویں ؛

المشتاق نرائن سنگھ ہرنام سنگھ سوداگران حال بازار امرتسر (پنجاب)

گذارتے ہین اور مثل ۰۰۰ کے ستارے شمار کئے جاتے ہین۔ جو طالبعلم بی۔ اے پاس کر لیتے ہین اونہون نے بورڈنگ ہوس کو اپنا اڈا بنا رکھا ہے اور یہ امر بہت ہی بعید از شمار کیا جاتا ہے۔ علیگڈھ کی دس روپیہ کی نوکری دوسری جگہ کے سو روپیہ کے اسیسٹنٹ طالبعلم افضل شمار کرتے ہین۔ اور سو کو چھوڑ کر یہان دس روپیہ پر گذارہ کرتے ہین کیونکہ یہہ مثل مشہور ہے کہ گھر کی آدھی اور باہر کی ساری برابر نہین ہوسکتی ہے۔ اور اس طریقہ سے اوسکو چھوڑکر اس مدرسہ مین اشتیاق کے ساتھہ آجاتی ہین پانچوین پرنسپل صاحب کہانے کے صدہا الزامات اپنے اوپر کیون لیتے ہین کوئی کہتا ہے غلط ہوتا ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ کہا ایسا نہین ہوتا۔ کوئی کہتا ہے چربی پڑتی ہے۔ کوئی کہتا ہے چھچھڑہ دار گوشت ہوتا ہے۔ جب سپرنٹنڈنٹ باورچینگی محض اس کام کے واسطے مقرر کیا گیا ہے کہ خود جاکر دیکھے اور انتظام کرے اور اصلاح طعام وغیرہ کی کرے اور اوسکو اون خرابیون سے بچاوے کہ جو سربراہ باورچیخانہ و باورچی وغیرہ خود اوپر کیا کرتے ہین۔ سپرنٹنڈنٹ کو تنخواہ قوم کے مال سے دیجاتی ہے۔ افسوس ہے کہ پرنسپل صاحب کچھہ توجہ نہین کرتے ہین اور نہ کسیکی سنتے ہین بلکہ اونکی غلطی پر محمول کرتے ہین اکثر لوگون نے جنہون نے کہانے کی شکایت سنی ہے اسی غرض سے اس مدرسہ مین اپنے لڑکون کو نہین اور اکثر لڑکے مدراس وغیرہ سے آئے۔ اور یہان کا کہانا دیکھا تو اونکے مربی اپنے لڑکون کو لیکر چلے گئے۔ یہہ سب خرابیان پرنسپل صاحب کی عدم توجہی اور بدنظمی کے ہین۔ پرنسپل صاحب سپرنٹنڈنٹ کی بات کو کالوحی من السماء سمجھتے ہین سپرنٹنڈنٹ کو اپنے کام مین مذاق نہین اور نہ وہ دیکھتا بھالتا ہی ہے پس پرنسپل صاحب کو لازم ہے کہ ضروری سمجھکر ایسے امور جزئیات کا انتظام فرماوین اگر یہی حالت رہی تو پرنسپل صاحب اسکے مصداق ہونگے ؎

گر ہمین مکتب است و این رہ کار طفلان خراب خواہد شد

راقم۔ ایک طالبعلم از علی گڈھ

۱۰ ۱۳

کیفیت مدرسہ عربی قصبہ انبہٹہ بانبہٹ

یہہ ایک کتاب ہے جسمین مدرسہ کا سال بہہ کا آمدنی و خرچ و نتیجہ امتحان بابت سنہ ۱۳۱۰ھ دکھلایا گیا ہے اور جسکی ایک کاپی بوجہ ہموطن ہونیکے مہتمم مدرسہ نے ہمکو بھی عنایت فرمائی ہے جسکا شکریہ ادا کیا جاتا ہے ہم نے اس کتاب کو نہایت غور کے ساتھہ اول سے آخر تک پڑھا لیکن افسوس مدرسہ مین کوئی ترقی بمقابلہ سالگذشتہ کے نظر نہین آئی ترقی ہو کہان سے جبکہ مسلمانان قصبہ مدرسہ سے غافل اور بے خبر ہون رہا قصبہ کی اس دینی مدرسہ سے غفلت اور لاپروائی پر سوائے دو آنسو بہا لینے کے اور ہم سے کیا ہو سکتا ہے۔ حدیث و فقہ کے مسایل تو اوسکو بتلائے جائین جو ناواقف ہو۔ بہشت اور دوزخ کا تذکرہ تو اوس سے کیا جائے۔ جبکہ ہمہ یہان تو غضب یہہ ہے کہ ہر طرح سے واقف ہوکر پھر بھی غفلت کا پردہ دلون پر پڑا ہوا ہے معاینہ کتاب سے معلوم ہوا کہ صرف دس بارہ گیارہ اپنی عالی ہمتی سے طالبعلمون کو کہانا مرحمت فرماتے ہین جنکا شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ لیکن اوسکے ساتھہ ہی افسوس ہی کیا جاتا ہے کہ یہ تعداد بالکل ناکافی ہے۔ بفضلہ ہمارے قصبہ مین بہت سے ایسے حضرات ہین جو ایک کیا بلکہ دو دو اور چار چار طالبعلمون کو کہانا دے سکتے ہین آہ!! مقدمہ بازی مین تو صدہا روپیہ خرچ کرنے کو تیار مگر دینی مدرسہ مین ایک کوڑی دینا ناگوار۔

کتاب کے صفحہ ۱۲ و ۱۳ پر آمدنی چرمہائے قربانی و زکوۃ کی دکھلائی گئی ہے جسکی تعداد ۳۰ ہے۔ آہ! کیا یہہ درد ناکی کی بات نہین ہے۔ کہ وہ قصبہ جہان سے صدہا روپیہ زکوۃ کا نکلتا ہے اور جہان پر بیسیون قربانی ہوتی ہے۔ وہان کے مدرسہ مین صرف ۳۰ ہی کی آمدنی ہو۔ افسوس!! آگے چلکر صفحہ ۱۸ پر دو آدمی چندہ دینے والون کا تذکرہ ہے۔ جسمین خاص خاص لوگ قصبہ کے شہ یک ہین اور جن سے سالانہ وصول ہوتا ہے۔ افسوس ہمارے دردمندون کے لیے یہہ رقم بھی کچھہ کمین وہ نہین ہے۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہین کہ قصبہ کے مسلمانون کا آنہون حصہ بھی اس چندہ مین شریک نہین ہے۔ مگر کیونکہ ہم کہا شکوہ اپنی قوم کی غفلت کا روئے چاہو بخدا سے دعا ہے کہ یہ ہدایت دے ہم اپنے قصبہ کے معزز رئیس مولوی شاہ ظہور احمد صاحب کا خاص طور پر شکریہ ادا کرتے ہین جنہون نے اپنے آپ کو بالکل مدرسہ کے لئے وقف کر رکھا ہے جزاک اللہ!! منشی عزیز احمد صاحب کہانہ دار کا بھی قوم کو شکر گذار ہونا چاہیے کہ جنکی توجہ سے ایک بہاری رقم اسلئے ذمہ طلبہ مدرسہ وصول ہوتی ہے اسی طرح تمام مسلمانان مل کر کوشش کریں تو مدرسہ ترقی پذیر ہوجائیگا کوئی بات نہین ورنہ یہہ بامیس برس کی یادگار اب معدوم ہوتی نظر آتی ہے۔ ہم اگلے ہفتہ مین ایک فہرست چھاپین گے جس مین اون مسلمانان قصبہ کی آمدنی دکھلائی جائیگی جو قابل چندہ ہین اور ساتھہ ہی اوسکے یہہ بھی دکھلایا جائیگا کہ مقدمہ بازی وغیرہ مین اُن حضرات نے کیسی بے نظیری دکھلائی اور دینی مدرسہ مین کیا سرحمت فرمایا۔ یہ دلسوزی کے چند فقرے ہین جو ہم نے لکھدیئے بھی خدا کے لئے کوئی صاحب خاص طور پر اپنے لئے یہہ نہ سمجھین ہمارا روئے سخن کسی خاص سے نہین ہے ۰

راقم۔ ایک مسلمان

کلر ضلع راولپنڈی

حکام کا دور دورہ رہا۔ منشی صاحب ڈپٹی کمشنر صاحب جج۔ حاکم مال۔ وزیرزادہ صاحب یکے بعد دیگرے ایک ماہ کے اندر اندر تشریف لائے۔ گورنمنٹ گزٹ کے مطابق اشتہار بمگار و رسد رسانی کی جانب چڑہائی وغیرہ کا بندوبست کرتے ہین۔ اگرچہ حکام کے بالکل سے نکل جاتا ہے وزیرزادہ صاحب بدمعاشون کے چالان کے واسطے آئے تھے۔ بہشت سے جیکنا ہون کو ہی پھنسانے کی کوشش ہوتی رہین مگر وزیرزادہ صاحب کا رعب ہجارون کی قسمت کا حامی ہوا اور وہ بچ گئے۔ ڈپٹی انسپکٹر صاحب نے ایک شخص مسمی درآب کو بدمعاشی مین چالان کیا تھا جسنے اجلاس مین ڈپٹی انسپکٹر صاحب کے برخلاف اظہار بیان کیا۔ اور اپنے ساتھہ ذاتی دشمنی ظاہر کی۔ جسکی بابت نقل مثل منگوائی گئی ہے۔ نتیجہ سے بھی اطلاع دیجاوے گی۔ آنریبل بابا کہیم سنگھ صاحب بہادر سی ای ای نے تین لاکھہ روپیہ کی تقریب شادی خیرات مین نکالا تھا جسمین سے ایک آرٹس سکول راولپنڈی مین کھولا گیا ہے۔ کیا اچھا ہوتا کہ آنریبل بابا صاحب اپنے اہل شہر یعنی باشندگان کلر کے واسطے ایک چھوٹا سا ہسپتال یا ڈسپنسری کھول کر اپنی فیاضی سے انکو بھی مستفیض کرتے۔ جسکی اس شہر مین اشد ضرورت ہے۔ جبکہ کوئی بیمار پڑتا ہے۔ تو ہمارون کو بسبب نہ موجود ہونے کسی حکیم یا ڈاکٹر کو بہت تکلیفات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اب بھی اگر بابا صاحب موصوف اوپدیشک منڈلی کے فنڈ سے دس بیس ہزار روپیہ کا سود اس کار خیر پر نگاوین۔ تو باشندگان کلر جنکا اس تجویز مین بہت حاصل ہے۔ مستفیض ہوسکتے ہین۔ باقی رہا روپیہ اوپدیشک منڈلی کے واسطے کافی ہے۔ باعث کامیابی موضع ساگری نے جو ایک چھوٹا سا قصبہ ہے۔ عالی حوصلگی سے مڈل سکول تک انگریزی مین ایک سکول کھولا ہے۔ اور ہسپتال قایم کرنے کے واسطے کوشش کر رہے ہین۔ انہون سے صرف دو آدمی معززہ دہلدون پر ممتاز ہین۔ جنکی سرگرم کوشش کا نتیجہ ہے۔ کہ انگریزی سکول بھی کھل گیا ہے اور ہسپتال بھی امید ہے کہ جلد ہو جاویگا۔ لوگ بابا صاحب کی اس گرینڈ فیاضی مین سے باشندگان کلر کا انتاخ بھی نہین ہے۔ مفصلہ ذیل معززین کی پارٹی نے سردار گوکل سنگھ۔ چوہدری سیوا سنگھ۔ کنور سنگھ۔ منشی گوپی چند۔ مصر امیر چند بٹری سرگری سے چوراسی لاکھہ جنم یعنی دنیا سنج کا سبق دیتے ہین ۰

راقم۔ یہاک کا خیر خواہ۔ صوری۔

اشتہارات

[illegible] ایک دیوانی [illegible] منصف [illegible] مسمات [illegible] مقدمہ [illegible] ڈگری [illegible] ۲۰ اپریل ۱۸۹۴ء [illegible] ۱۰ بجے [illegible] ۱۰ بجے [illegible] ۱۰ بجے

ہیو پاری منگل نامی تریب من سوامن کے گھی لایا جاتا تھا
نامی کنوال نے رپٹ کی کہ گھی ناقص ہے دفن کرایا جاوے
رمان کیا تھا بغیر کسی ڈاکٹر کیمیکل تبدیب کے لاحظہ کرائے حکم
دیدیا کہ اچھا دفن کرایا جاوے۔ منگل نے لاچار ہو کر درخواست
دی کہ واپس بلجائے بیلون کو کہلاؤنگا۔ حکم ہوا کہ سرکاری
بیلون کو کہلایا جائے اسکا کوئی ثبوت نہیں ہے اور نہ اتنک
راجہ گلبری نے تصدیق کی ہے۔ وہ گھی سرکاری بیل بھنس
میں ملا کر ہضم کر گئے یا سرکاری آدمی پلاؤ قورمہ میں چٹ
کر گئے۔ حال میں معلوم ہوا ہے کہ چوٹا حلوائی ایک کنستر
گھی کا لایا۔ حسب معمول رپورٹ ہوئی کہ گھی خراب ہے۔
نتیجہ یہ ہوا کہ گھی ضبط کیا گیا اور وہ روپیٹ کر بیٹھ رہا اس
دفعہ بھی کسی ڈاکٹر کا معاینہ نہیں کرایا گیا۔ لالہ امرت مل کا
حال پہلے لکھا جا چکا ہے کہ محض اس بنا پر کہ وقت معاینہ
انکی کل کے پیسہ میں گاد بیٹھی ہوئی تھی کیونکہ کل عرصہ سے
پانی نہیں بہرا تھا وارنٹ جاری کر کے حوالات میں دیئے
گئے۔ اور ساتھ ہی کل کے بند کرنے کا حکم دیدیا جو اب تک
بند ہے۔ بیچارے دوکاندار آدمی اسوقت سے اب تک
انکا جتنا نقصان ہوا ہے اسکا گورنمنٹ خود بہت کچھ
اندازہ کر سکتی ہے۔ درمیان میں لالہ امرت مل نے درخواست
بھی دی کہ میں الزام سے بری ہو گیا ہوں کل کھینچنے کی اجازت
دیجاوے مگر راجہ گلبری نے حکم نہیں دیا اور انکی کل ابتک
بند ہے۔ کچھ دن ہوئے اس خیال سے کہ اخبارات
میں انکی بہت بڑی شکایت ہوئی ہے انکے اہلکار جال میں
کنوال نے کوتوالی میں لوگوں کو جمع کر کے گلبری راجہ کی نسبت
پروانہ خوشنودی مزاج کچھ لوگوں سے حاصل کیا اس کی
مفصل کیفیت اخبار ٹریبون میں شائع ہو چکی ہے۔
ان جملہ واقعات کا جداجدا پورا مختصر ڈھب پر دکھلائے گئے ہیں۔
کیا یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ جہانگیری عالیشان ہر میں ہر کس
راج یا گلبری راج ہے"

رائے قاضی جی یہ کیوں دبلے؟ شہر کا اندیشہ

منشیان سخت سری اکبال سنگھ صاحب امرتسر کی توجہ کے قابل

سنگھ لوگ اس بات سے بخوبی آگاہ ہیں کہ تخت اکبال سنگھ صاحب
کی آمدنی جسمیں جاگیر وغیرہ شامل ہے تقریباً ساڑھے سوا سو روپے
حصوں پر منقسم ہوتی ہے۔ یہ تقسیم باقاعدہ یا تاریخ مقررہ پر
نہیں ہوتی۔ کبھی سال بعد کبھی ڈیڑھ سال بعد کبھی بیس گاہے
بیس حصہ دار موروثی ہیں جنکو یہ حصہ ورثہ میں ملتا چلا آتا ہے
اسلئے تاوقتیکہ حصہ دار کی نسل یا خاندان معدوم نہ ہو جاوے
یا مرحوم حیلہ نہ ہو ثمرے یہ حصہ ضبط نہیں ہو سکتا اسکی
وصولی کی ٹھیک ایسی ہی حالت ہے جیسی کہ کچھ سال گزرے
نوبتی پنشن لینے والوں کی بالعدالت سے نقل حکم لینے والوں کی تھی۔
جو کوئی تاریخ مقرر نہیں اسواسطے شہر کے وہ لوگ جنکو
گنت سری اکبال سنگھ صاحب اور دربار صاحب میں اور
کسی قسم کا وصل نہیں اُن لوگوں سے جو کہ وہاں پر حاضر
باش ہیں دریافت کرتے رہتے ہیں اور وہ لوگ جو باہر
کے رہنے والے ہیں اپنے دوستوں رشتہ داروں سے
بذریعہ خط و کتابت صرف اس امر کا پتہ لیتے ہیں کہ تقسیم
کب شروع ہوگی۔ بعض اوقات انکی اطلاع بالکل غلط نکلتی
ہے۔ کیونکہ مہینوں پیشتر یہ خبر اڑنے لگتی ہے کہ اب کے
آئیتوار سر براہ صاحب تقسیم شروع کرینگے۔ چونکہ اکثر کار
ضروری پر چلے گئے۔ دوسرے ہفتہ شروع فرما دینگے۔
ایک سرکاری کام ہو گیا اس سے اگلے ہفتہ میں ضرور ہی
شروع فرما دینگے۔ اب آپ خیال فرما سکتے ہیں کہ جس نے
پہلی خبر کو مستند سمجھکر (جسے کہ اُسنے بدقت تمام تعلقداران
دربار صاحب سے دریافت کیا ہے) اپنے دوست یا
رشتہ دار یا حصہ دار کو جو کہ باہر کسی جگہ یا تو ملازم ہوگا یا
دوکاندار یا زمیندار لکھدیا۔ وہ بیچارہ مکتوب الیہ اپنے
دوست کے لکھنے پر جھٹ رخصت لے یا کاروبار بند
کر امرتسر پہنچا۔ پہنچنے پر معلوم ہوا کہ ابھی تو تقسیم کا کوئی نام
بھی نہیں۔ مسافر کو محروم الثمار ہونا پڑا۔ بالفرض اگر تقسیم
شروع ہو بھی گئی تو کسی نہ کسی غرض سے ہفتوں بند
ہے۔ پھر جب تقسیم کھلی تو اسکا نمبر نہیں آیا۔ جب نمبر
آویگا تب روپیہ دیا جاویگا۔ الغرض اسکی وصولی میں ایسی
دقتیں پیش آتی ہیں جو کہ بیرون از قیاس ہیں انکا اندازہ
کرنیکے لئے بہت وقت اور مصیبت بیان کرنیکے ہی
بہت ہمت درکار ہے۔ یہیں امبات کے کہنے میں
کچھ بھی دریغ نہیں کہ اس موقعہ کی تکلیف اس تکلیف
سے ہیچ ہے عوام کو عدالت سے نقل حکم لینے میں یا فوجی پنشن
دار کو پنشن وصول کرنے میں ہوتی نہیں (بیشتر اس کے
کہ گورنمنٹ نے یہ کام سپرد ڈاکخانہ کیا) کسی صورت میں کم
نہیں ہم نے بچشم خود ملاحظہ کئے ہوئے ہوڑ ہے سر مکا پیٹتے ہوئے
ہاتھ پاؤں پیسر مردوں سیوہ عورتوں۔ نابینوں۔ ناواقف
لوگوں کو دونوں نمبر کی انتظار میں تقسیم کی جگہ کے باہر سر پٹکتے
دیکھا ہے۔ ایسے موقعہ کے زیادہ واقعات بیان کرنے سے بدن
میں رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اسلئے اسی پر خاتمہ کر کے بخدمت
منشیان دربار صاحب نیشنل کمیٹی و صاحبہ ٹی کمشنر بہادر ضلع
امرتسر مودبانہ التماس ہے کہ عوام کو ان تکالیف سے جو کہ
ناحق برداشت کرنی پڑتی ہیں اور اس خرچ سے جسکا کہ انہیں
بیفایدہ زیر بار ہونا پڑتا ہے نجات دلانے میں کوئی تجویز مدنظر
فرماویں۔

ہماری رائے میں اگر تقسیم موقعہ ڈاکخانہ نہ ہو تو نہایت ہی
موزوں ہے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو کم از کم حصہ داروں کو بذریعہ
پوسٹ کارڈ تاریخ اور وقت سے اطلاع دیجانی چاہئے نہیں
یقین کامل ہے کہ حکام ضرور توجہ فرماوینگے۔

راقم۔ ایک دکھ اٹھایا ہوا

علیگڈھ کالج کی بیماری کی تشخیص

جناب سر سید بہادر نے جو انتظامات کی وجہ سے علیگڈھ
کالج کے پرنسپل صاحب بہادر کے سپرد فرمائے ہیں۔ اور
سیاہ و سفید کا اختیار دیدیا ہے اُوسکی وجہ سے بہت خرابی
علیگڈھ کالج میں منتظمان خرابیوں کے کہ سپہ دار و مدار طلبا
کی محنت کا ہے الزام ہے۔ اگر طلبا کو کھانا ٹھیک طور سے نہ ملا
اور اوس میں کسی قسم کی آمیزش مثل چربی وغیرہ کے بجائے
گھی کے پڑے تو کیونکر تین سو طلبا کی صحت درست رہ سکتی
ہے پس پرنسپل صاحب کو لازم ہے کہ چند امور مفصل ذیل کے
پابندی فرمائیں اور کسی شخص کی ذات یا نفس سے
تصور فرمائیں۔ ولی جیسا کہ پرنسپل صاحب نہ سنیں یا
اون سے بسبب تحمل کے اوی بیان نکرے تو سکو وہ محض
غلط خیال نفرانی اور عداوت پر محمول نہ کریں۔
اگرچہ یہ امر یقینی ہے کہ اسٹرلوک علیگڈھ کالج کے خیرخواہ ہیں۔
اور عداوت سے نہایت متنفر کرتے ہیں۔ لیکن اس
خیال سے یہ یقین کر لینا کہ خیرات دشمن کی غلط ہی
ہوا کرتی ہے۔ پرنسپل صاحب کو لازم ہے جسطرح وہ عام تعلیم
کی کوشش کو شش کرتے ہیں اوسی چیز پر بھی حتی الامکان
غور کریں۔ وہ ہمیشہ رہ اہل اسلام کی تعلیم میں کوشش
کرتے ہیں اوس سے وہ چند تہذیب و اخلاق کی کوشش
میں سعی کرنا لازم ہے۔ کیونکہ اگر طلبا کو اے۔ ایم۔ اے
بنا دیا اور اخلاقی کیا مادہ اون میں کامل اور مضبوط ہو گیا
یا وہ شب و روز اپنے بزرگوں کی توہین کرنے لگے اور اون کو
بنظر حقارت دیکھنے لگے تو یہی سمجھا جاویگا کہ سوا اس اور
دلوں کے واسطے ہنر نہ تھا اس سے شمار کیا جاویگا۔ جاہل رہنا
بامرجا اس بیفایدہ تعلیم سے ہزار درجہ بہتر ہوگا۔ بورڈنگ
ہوس میں قریب دو سو کے طلبا ہو گئے ہیں۔ سوائے چند
کے باقی لڑکوں پر یہ اعتراض عاید ہو سکتا ہے جن بالعموم
کی ایسی حالت ہو تو اون سے قوم کو اور انسانیت کی کیا
توقع ہے۔ میں نے اپنی آنکھ سے دیکھا ہے کہ وہ سوائے
یورپین اوستادوں کے کہ اونکا زمانہ بر سر اقبال ہے اور
سب کو غلام دیرینہ جانتے ہیں۔ برین عقل و دانش بباید گریست
انجام کار اس عادت کا یہ ہوگا کہ وہ کسی کی اطاعت نہ کرینگے
اور وقت مصیبت کے کسی کی اعانت میں شہ بک نہ ہونگے
بلکہ اول وہی لوگ ہونگے جو شہامت اہل اسلام میں قدم پیچھا
گے۔ اکثر طلبا سے کہ جنکا نام میں لکھنا مناسب نہیں سمجھتا۔
پرنسپل صاحب سے نزاع ہو چکی ہے ہم اون سب قصص
کو تاریخ وار لکھ سکتے ہیں۔ لیکن فایدہ کیا۔ ہمکو تو ہین منظور
نہیں ہے۔ جیسے ہی جن طالبعلموں کی بے اعتدالی تعلیم میں
یا اخلاق نفسانی میں سنی جاوے پرنسپل صاحب پر فرض ہے
کہ کبھی اونکو مدرسہ میں آنے کی اجازت ندیں بلکہ اونکو وہاں
سے نکلوا دیں۔ عیب پوش سے تہمت نہیں ہوتی بلکہ اطمینان
حق میں اصلی نتیجہ حاصل ہوتا ہے اور عیب پوشی سے کیسا
ہے کوئی شخص رفیع النشان ہو عقلا اوس کو خود غرض تصور
کرنے لگتے ہیں۔ چوتھے جو طالبعلم بی۔ اے پاس کر چکے ہیں
اونکو بورڈنگ ہوس میں رہنے کی جگہ نہ دیجاوے۔ مفسد کار
رہنے میں اور ہر نبات و نعوبات میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔
بلکہ قوم کا مال کھاتے ہیں اور تمام دن عیش و عشرت میں

۱۴ توپوں کی سلامی رکھتے تھے۔ ان کی رعایا ایک لاکھ تیس ہزار ہے۔ جس میں پانچ چھٹوں حصے سے کم ہندو ہیں۔ افغانستان کی پہلی لڑائی کے وقت ان کے باپ نے انگریزوں کو بہت مدد دی تھی۔ لاش کرنل کو بمعہ فوج تین لین بھیجی گئی۔ میر صاحب مرحوم بڑے نیک اور فقیر دوست آدمی تھے اور اس میں شبہ نہیں کہ ریاست کے انتظام میں بہت کم دخل دیتے تھے اسی لئے ریاست میں امن رہتی تھی۔ ان کے جانشین میر فیض محمد خاں ان کے خلاف کہتے ہیں۔

۱۸۹۶ء تک یورپ جنگ سے محفوظ رہے گا

ایک مضمون نگار نے مباحثہ اخبار لندن میں یورپ میں آئندہ جنگوں کی بابت لکھا ہے کہ ۱۸۹۶ء میں یورپ میں کسی جنگ کا اندیشہ نہیں۔ اور اسی طرح ۱۸۹۷ء میں۔ ہاں ۱۸۹۸ء میں جنگ کی چھیڑ کی گزر جائیگا۔ راقم مضمون کی بڑی دلیل اس بین الاقوام جنگ سے التوا کی صرف یہ ہے کہ لڑائی پیدا ہونے کے لئے روس کی تیاری ضروری ہے اور اس وقت روس کسی ایسی لڑائی کے لئے تیار نہیں۔ آسٹریا اور جرمنی کی فوجیں اعلے درجہ کی بندوق سے مسلح ہیں اور روس کی "برڈن" نامی بندوق ان سے بہت ناقص ہے۔ روس کو ابھی وہ خوفناک دن بھولا نہیں جبکہ پلیونا کے سامنے اضلاع متحدہ لڑکے نے فرانسیس کے ہاتھ میں "رینگٹن" بندوقیں دے کر روسی عرضی کو سخت توڑا تھا۔ روسی فوج جس "کرنکس" بندوق سے مسلح ہے وہ بہت ادنی بندوق ہے۔ اس لئے گورنمنٹ روس عرصہ ایک سال سے "سیگزین رائفل" تیار کرانے میں مصروف ہے۔ لیکن ایک کروڑ کا چوتھا حصہ بندوقیں تیار ہونا کوئی سہل کام نہیں اور ۱۸۹۷ء کے شروع سے پہلے نہیں ختم ہو سکتا۔ اس لئے ابھی روس کسی بڑے جنگ کے لئے آمادہ نہیں۔ اور اسی لئے یورپ میں ۱۸۹۶ء تک امن رہیگا۔

اضلاع متحدہ کے فسادوں کی پیشبندی

صاحب لفٹنٹ گورنر اضلاع مغربی شمالی نے جنرل کمانڈنگ افسران الہ آباد و اودھ کو لکھا ہے کہ چونکہ بقرعید قریب آگئی ہے جو ۲ جون کو ہوگی۔ اس لئے سال گزشتہ کی طرح کے فسادوں کے انسداد کے لئے جو گشتی سپاہیوں کی تحریک سے پیدا ہوئے تھے ضروری ہے کہ اضلاع اعظم گڈھ۔ بلیا اور گورکھپور میں فوجیں گشت کے لئے بھیجی جاویں۔ اور وہ انسپکٹر جنرلان پولیس کو الہ آباد اور لکھنؤ سے حکم دیا گیا ہے کہ اس موقع فساد کو فرو کرنے کے لئے واگر ضرورت ہو جاوے، کلکٹر مٹی سے آمادہ رہیں۔ لاٹ صاحب کی یہ دور اندیشی واقعی بہت اچھی ہے کہ فساد ہونے سے پہلے ہی انسداد کا انتظام کر دیا ہے۔ سو نہ بعد از خرابی بصورت مگر چکنے اس کی تلافی ہونا ناممکن ہے بقولیکہ مع آپ پچتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

جناب شیخ کرم بخش صاحب شہر ستان سے لکھتے ہیں کہ "میں الہ بخش صاحب ذیلدار موضع زور کوٹ کو مشتاق خریداری کیا ہے۔ اخبار ان کے نام جاری کیا جاوے۔ وہ خریدار پہلے پیسہ کر چکا ہوں۔ دوسرے دستہ آور باقی ہیں"۔

جناب اشفاق حسین صاحب ٹھیکہ دار حیدر آباد دکن سے تحریر کرتے ہیں کہ "شیخ احمد صاحب انسپکٹر پولیس نظام پلی کے نام اخبار جاری کر کے سال کی قیمت بذریعہ منیو پے ایبل طلب کریں"۔

جناب بابو تیرتھ سنگھ صاحب ضلعدار ناندیڑ تحریر فرماتے ہیں کہ "جمال الدین صاحب خلف چندن خاں صاحب ذیلدار کے نام اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ وی پی انعامی کتاب کے وصول کریں"۔

جناب غلام محی الدین صاحب گوجرانوالہ سے لکھتے ہیں کہ "چوہدری محمد مظہر علی خاں صاحب میونسپل کمشنر کے نام اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ منیو پے ایبل وصول کیجاوے"۔

جناب مولوی عبد الصمد خاں صاحب مدرس بھوانی سے تحریر فرماتے ہیں کہ "لالہ ہری لال صاحب معلم بھوانی بورڈ سکول کے نام اخبار جاری کیا جاوے اور قیمت بذریعہ منیو پے ایبل وصول کیجاوے"۔ آپ فرماتے ہیں "گو میں آپ کے اخبار کا خریدار نہیں ہوں مگر ترقی کا خیال ہر دم ہے"۔

جناب جمعدار امر سنگھ صاحب پلٹن گورکھا نظمہ تحریر فرماتے ہیں کہ "ڈاکٹر کپتت اسٹ صاحب اسسٹنٹ سرجن گورکھا نظمہ ایبٹ آباد و ڈاکٹر عبد الحکیم صاحب اسسٹنٹ سرجن رائفل کے نام اخبار جاری فرماویں۔ قیمت سال کی اگر بذریعہ منی آرڈر ارسال ہو گی۔ تو خریدار پیدا کرنے کا آپ سے وعدہ کرتا ہوں"۔

جناب عطا محی الدین صاحب اکسٹرا اسسٹنٹ انجینئر سے لکھتے ہیں کہ "پیسہ اخبار نے وہ ترقی کی ہے کہ دیسی اخباروں میں اس کی مثال نہیں ہے میں سالہا سال سے اخبار ..... کا خریدار تھا۔ ان دونوں کو دو سال سے محض اس خیال سے بند کر دیا ہے کہ ایسا ان دونوں سے بہت ہی اچھا ہے۔ میرے ہمدم دوست خان یاقوت خاں صاحب پولیس انسپکٹر کی خدمت میں اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ وی پی وصول کریں"۔

جناب ملک راج صاحب تانونگوئے شاہجہان کوٹ سے فرماتے ہیں کہ "ایک اخبار بنام بابا صاحب داس محلہ نواں تحصیل اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ منیو پے ایبل کتاب مذاق کے وصول کریں"۔

جناب منشی نظام احمد صاحب پروپرائٹر ریاض الاخبار گورکھپور خیر آباد ضلع سیتا پور سے رقمطراز فرماتے ہیں کہ "منشی نیاز احمد صاحب میں خیر آباد کے نام اخبار جاری کریں۔ میرے وطن میں آپکے بہت سے اخبار جاری ہو جائینگے"۔

جناب شیر محمد صاحب شیر سرمہ ہنر سے تحریر فرماتے ہیں کہ "میرے ممی جان خاں مقام رستوں موضع شاہ خان ڈاکخانہ گلگت کے نام اخبار جاری کر چکا ہوں اب ایک اخبار بنام اکبر علم الدین انچارج شفاخانہ چھت انجینئر گلگت جاری کر کے انعامی کتاب بذریعہ ویلیو پے ایبل بھیجدیں"۔

مراسلات

برٹش راج یا گلبری راج

برٹش راج کی صفتوں میں سے اعلے صفت یہ ہے کہ میں ہر شخص کو جائز آزادی حاصل ہے۔ فرد واحد میں کی نہیں دیے گئے ہر ایک شخص قوم کے روبرو اپنے اقوال کا جواب ہے چنانچہ انگریزی میں مثل مشہور ہے کہ کیسا ہی غلامی کی بیڑیاں پہنے ہوئے کیوں نہ آوے مگر سرزمین انگلستان میں قدم رکھتے ہی وہ آزاد ہو جاتا ہے اور برٹش راج شب کا حقوق اسی حاصل ہو جاتی ہے مگر میں پوچھتا ہوں کہ خاص برٹش راج میں دن دوپہر بیدریغ ایسی باتیں ہوں کہ معزز شہر شریف پیوپاریوں کو داد فریاد کے لئے قفل لگا کر شہر بدر کر دیا جائے اور ایسے گھری چوہدری بجائے جیل خانہ کی چاہیں پکڑ کر بیوجہ جرمانہ وغیرہ کی سزا دیجائے اور یہاں تک نہ بتلایا جائے کہ قصور کیا تھا خفیف خفیف اور بے بنیاد باتوں پر نوٹ جاری کر کے محبوس کر دیا جائے جسکو چاہے جہاں جائے۔ وہ بیٹے اور سکا لکڑ دار دیا ستدار ملازمون کو اپنے آقا و دون کی خاطر یا لالچ سے برطرف کر دیا جائے تو اس راج کو کیا راج کہنا چاہئے

میں پوچھتا ہوں کہ کیا ہندوستان میں کوئی ایسا شخص ہے اگر سچ پوچھا جائے تو کہنا پڑے کہ ہندوستان میں برٹش راج قائم ہے اور راجہ گلبری کی کارروائیاں جتنے نمونہ از خروارے ظاہر کر چکا ہوں اور ہر وقت ایک ایک لفظ کا ثبوت دینے کو طیار ہوں جگہ یہ کہنے کو طیار ہوں کہ جو باتیں سرکاری عدالتوں میں موجود ہوں اور عوام الناس سے دیکھ سکتے ہیں ان کے زیادہ ثبوت کی کوئی ضرورت ہے۔ کسی سے مخفی نہیں ہے کہ دو معزز سوداگران پر محض فعل حکم کا لگنے پر گلبری راجہ نے شہر بدر کر دیا اور انہوں نے مفصل میموریل گورنمنٹ میں بھیجا ہوا ہے جسکا جواب نہیں آیا حالانکہ قریب آٹھ ماہ کے ہونے آئے جو چٹھیاں اخبار ٹریبیون نے شائع کی ہیں جسمیں راجہ گلبری نے کرنل بنگھم کمان افسر کو کیفیت دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ محض عرضیاں دے دے کر وقت کرتے تھے اسلئے میں نے انکو خارج کرنے کا حکم دیا۔ اسسے صاف ظاہر ہے کہ ان سوداگروں کے نکالنے میں راجہ گلبری نے سر گڈ جرنیل کمان افسر تک کی منظوری نہیں لی۔ اور یہ بات گورنمنٹ کے بمعنی غور کے قابل ہے۔ شیخ عبد الرحمن صاحب سوداگر چوب جسپر راجہ گلبری نے بلا کر یہ روسیہ جرمانہ کر دیے اور قصور تک نہیں بتلایا اور شیخ صاحب کے فرمانے کمشنر کشمیر تک اپیل کرنے پر بھی کہیں شنوائی نہیں ہوئی اور آخر چیف کورٹ میں اپیل دائر کیا گیا جہاں سے چیف جج نے صاف الفاظ میں راجہ گلبری کی کارروائی کو ناجائز اور سخت ناشائستہ ظاہر کیا یہ کم ملامت کے قابل بات نہیں ہے۔ انہیں شیخ صاحب پر حال میں ایک مقدمہ دائر ہے جسکی تحقیقات ہو رہی ہے راجہ گلبری نے اپنے جرم پر یہ قرار دیا ہے کہ شیخ صاحب کی مرضی دوسرے محلہ میں جا کر میلاد کرائی کوئی صاحب اسکو ہنسی نہ سمجھیں یہ دونوں ایک

برداشت چل سکتے ہیں۔ کیوں نہیں شیشے کے برتن اور آرائشی سامان بنانا سکھلانے کے لئے ولایت سے معقول تنخواہ پر ایک کاریگر منگوایا جاتا۔ کہیں میکینکل انجینری (کلیں بنانے) کا کام ہوشیار اور تعلیم یافتہ لوگوں کو سکھلایا جاوے۔ کہیں الیکٹریکل انجینرنگ (بجلی انجینری) سکھلائی جاوے۔ کوئی جماعت کیمیکس (اجزائے کیمیاوی) کی تعلیم کی قائم کیجاوے۔ جتنا سرمایہ اجازت دے کام کیا جاوے۔ لیکن ایسا کام ہو کہ نوجوان اس مدرسے میں دو تین سال کی تعلیم سے ایسے ہنروفن سیکھ سکیں کہ وہاں بیٹھ جاویں انہیں روٹی کی کمی نہ رہے جاوے۔ اس سکول کے متعلق ایک اور قابل اعتراض (مرحوم) ہوا ہے۔ اور اگر وہ صحیح ہے تو امید ہے کہ باوا صاحب اس کی اصلاح کی طرف متوجہ ہونگے۔ اب تک یہی معلوم تھا کہ یہ سکول بلالحاظ ذات و مذہب کے فنون کی تعلیم دینے کے لئے قائم کیا گیا ہے لیکن اب معلوم ہوا ہے کہ باوا صاحب نے اس میں گرنتھ صاحب کا پڑھنا لازمی کر دیا ہے۔ شائد اُن کا یہ مطلب ہوگا کہ توحید کی تعلیم اگر گرنتھ صاحب کا مشابہ ہے مذہب کے لوگ حاصل کریں۔ اور یا یہ ہوگا کہ مشن سکولوں میں جیسے انجیل کی تعلیم لازمی ہے یہاں گرنتھ کی لازمی رہے۔ لیکن اس صورت میں باوا صاحب کی فیاضی اور اولوالعزمی کا کچھ ذکر نہ ہیگا۔ سمجھا جائیگا کہ وہ مذہب سکھی کے ایک پیشوا ہیں۔ اور اُن کی آمدنی اور عزت کا بڑا حصہ مجھی سکھی کی بدولت ہے اس لئے اُنہوں نے ذاتی ثواب کے لئے یہ نکتہ نکالی ہو تو اسکے واسطے یہ کام شروع کیا ہے ؛

سرسید بہادر کا سفر پنجاب

آخر کار آنریبل ڈاکٹر سر سید احمد خاں بہادر بعیت اپنے معزز احباب کی جماعت کے ۱۵۔ اپریل کو لاہور میں تشریف لاتے ہیں۔ اور امید ہے کہ جس ارادے سے وہ پنجاب میں آتے ہیں اس میں کامیاب ہو کر جاوینگے آج اُن کے تشریف لانے کی نسبت جہاں اہل پنجاب کے ایک گروہ میں اُن سے گہری ہمدردی اور جوش محبت کے خیالات موجزن ہیں دوسرے گروہ میں مخالفت اور ناراضگی پھیلی ہوئی ہے۔ اور جہاں تک ہم سمجھ سکتے ہیں سید صاحب کے پنجاب سے علیگڈھ کالج کے لئے روپیہ لیجانے کی مخالفت سب سے پہلے ہم ہی نے کی تھی۔ لیکن اس وقت کے بعد چونکہ اخبارات میں اس امر پر خوب بحث ہو چکی ہے اور ہم نے بھی اس معاملے پر زیادہ خوض کیا ہے تو اب یہ اتنا مناسب نہیں معلوم ہوتا جتنا کہ بادی النظر میں معلوم ہوتا تھا۔ کیونکہ اس وقت جو لوگ گرمجوشی سے علیگڈھ کالج کے لئے چندہ جمع کر رہے ہیں اُن میں سے شائد دو فیصدی بھی ایسے نہ ہونگے کہ جنہوں نے انجمن حمایت اسلام کے کالج کے لئے کبھی چندہ دیا ہو۔ اس لئے سید صاحب کے لے جانے سے انجمن کو کچھ نقصان پہنچنے کا اندیشہ نہیں۔ کیا وہ لوگ جو انجمن حمایت اسلام کو بالکل مدد نہیں دیتے یا بہت کم مدد دیتے ہیں اگر وہ علیگڈھ کالج کے لئے معتدبہ رقوم روپے کی دے ڈالیں تو اس سے مسلمانوں کا فائدہ مقصود نہیں۔ اس لئے سید صاحب کا پنجاب میں آنا اور روپیہ جمع کر کے لیجانا قوم کے لئے فائدے سے خالی نہیں۔

پنجاب کے مسلمانوں کو اس بزرگ جماعت اسلام کی دل سے قدر کرنی چاہیے اور اُن کے مقصد کی تائید میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھنا چاہیئے۔ سنا گیا ہے کہ سید محمود صاحب بلاہور میں بھی ایک پُر مغز لکچر دینگے۔ اور موروثی تدبر سید صاحب ایک ایسا لکچر دینگے کہ جس کا اثر اُنہوں نے اس سے پہلے نہیں دیا۔ خان بہادر برکت اللہ خاں صاحب کا دورہ پنجاب میں غنیمت ہے جو لیگ کاموں میں سرگرمی سے کوشش کیا کرتے ہیں اور سید صاحب کے سفر کی آؤ بھگت سکھ سے تیار ہاں کر رہے ہیں اہل لاہور سید صاحب اور اُن کے وفد کا جوش و خروش سے خیر مقدم کرنا چاہتے ہیں۔ سید صاحب لاہور میں تمام پنجاب کو مخاطب کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ دیگر اضلاع میں جہاں اُن کا انتظار ہے وہ تشریف نہ لیجاویں ؛

لاہور سے ایک جنٹلمین مندرجہ ذیل چٹھی ہمیں بغرض اشاعت بھیجتے ہیں۔ ہم افسوس کرتے ہیں کہ مسلمانوں اور ہندوؤں میں ایسی غلط فہمی پیدا ہوتی جاتی ہے لیکن ہم ہر ایک فریق کے جائز خیالات ظاہر کرنے سے دریغ نہیں کرتے مسلمانوں کو اعتراض ہے کہ جہاں سال گزشتہ میں امتحان منصفی میں چار انگریز اور ایک ہندو ممتحن تھے وہاں تین انگریز ایک ہندو اور ایک مسلمان ممتحن ہوتے یا پانچوں انگریز ہو جاتے۔ بہرحال وہ چٹھی یہ ہے :-

"شائد آپ نے اخبار سول اینڈ ملٹری گزٹ مطبوعہ ۱۲ و ۱۷۔ فروری میں دو چٹھیاں بعنوان "مسلمان اور امتحان مقابلہ منصفی" پڑھی ہونگی۔ اگر ہندو ممتحن بدل جاویں اور سب انگریز ہوں تو کسی مسلمان کے منصف بننے کی امید ہو سکتی ہے جیسا کہ کوئی شخص پہلے بھی پیسہ اخبار میں اس کی وجہ دریافت کر چکا ہے کہ ۱۹۰۶ء سے آج تک شائد ۹ یا ۱۰ شخص بذریعہ امتحان مقابلہ منصف ہو چکے ہیں تو کیوں اُن میں ایک بھی مسلمان نہیں ہوا۔ زیادہ تر تعجب یہ ہے کہ لائق سے لائق ڈگری یافتہ مسلمان امتحان مقابلہ منصفی میں شامل ہوتے رہے ہیں۔ اور گزشتہ پانچ سال سے امتحانات مقابلہ اکثر اوستھتی میں مسلمان گریجوایٹ ہی اول نمبر پر کامیاب ہوتے رہے ہیں حضور نواب لفٹنٹ گورنر بہادر پنجاب اور معزز جہان چیف کورٹ کی توجہ اس طرف دلانی ضروری ہے" ؛

نوجوان خدیو مصر

پارسال گزٹ میں ایک انگلستان کی عورت نے خدیو کے ہمراہ ایک دن کے عنوان سے ایک مضمون چھپوایا ہے جس میں اس نے نہایت صفائی کے ساتھ بیان کیا ہے کہ خدیو عباس پاشا کتنا دانشمند اور کتنا واقف کار شخص ہے۔ وہ لکھتی ہے میں یہ دیکھ کر حیران تھی کہ آسمان کے نیچے جس معاملے پر گفتگو ہوتی اُس سے خدیو نہایت ہی واقف کار نظر آتا۔ دنیا کے تمام بڑے بڑے والے واقعات سے تا الی الآن وہ آگاہ معلوم ہوتا ہے۔ وہ لکھتی ہے عباس بے وقوف بالکل نہیں ہے۔ روشن ضمیری اور دانشمندی اس نے اپنے دادا اسمٰعیل سے پائی ہے۔ اور اسکی خود مختارانہ رائے اور مستقل ارادے سے سوچ پڑتا ہے کہ وہ اپنے اختیار خدیو کی بہت سی قابلیتیں بیان کرنے کے بعد وہ لکھتی ہے کہ اس نے مجھے بتلایا ہے میں اسی محل (دمشاریہ) میں پیدا ہوا ہوں۔ میری حیثیت سرحدی حاکم کے جیسی ٹھہک نہیں ہوئی۔ اور میں اس لئے بے فضائل خیال کرتا ہوں کہ میری نیند اچاٹ نہ ہو جاتی ہے۔ مجھ سے یہ سن کر فرانسیسی چیخ اٹھا اور خدیو اس کے بعد بہت دیر تک خاموش رہا۔ آگے چل کر لکھتی ہے کہ خدیو کی حالت اس بات کو یاد کر کے ایسی دردناک ہو گئی کہ انسان کو مجبوراً اس سے موثر ہونا پڑتا تھا۔ حالانکہ ہے اس خدیو کی جس کو دنیا بھر میں بے وقوف اور نادان بتلایا جاتا ہے اور اس سے غیر منصفانہ سلوک کیا جاتا ہے ؛

ریاستی اخبارات

ہماری دیسی ریاستیں کتنی اصلاح کی محتاج ہیں اس سے ظاہر ہے کہ جو سلوک وہ اخبارات سے کر رہی ہیں۔ حیدرآباد میں سر آسمان جاہ کی حکومت پر اخبارات کی آزادی مذاق کرنے کا وجود کہا گیا تھا اس پر حیدرآباد کی حکومت لوگوں کی نظروں میں بہت ذلیل ہو گئی۔ حال میں ریاست میسور نے ایک "دیسی اخبار" نام اخبار کا اس لئے بند کیا ہے کہ اس میں ریاست کی نسبت کچھ شکایت چھپنی گئی تھی۔ والیان ریاست کو اس بارے میں برٹش گورنمنٹ کی فیاضی دیکھنی چاہیے کہ جس کی چھاتی پر بعض اخبارات آزادی سے مونگ دل رہے ہیں مگر وہ پروا نہیں کرتی ؎ چیں بر جبیں نہ خشمش ہر خس کی رسد
وریا دلاں چو آب گہر آسیدہ اند

لیکن جو شخص اپنے عیب نہیں سن سکتا وہ کبھی اُن کی اصلاح نہیں کر سکتا اور اسی طرح ان بدلن زیادہ تر ناقص حالت میں پہنچا جاتا ہے۔ یہی حال ریاستوں کا ہے۔ ریاستوں کو اپنی تنگ ظرفی چھوڑ کر حوصلے کے ساتھ اپنے عیب سننے چاہئیں اور اگر وہ باتیں صحیح نہیں تو اُن کی تردید کر دینی چاہیئے۔ کیا میسور کی لیجس لیٹو کونسل اور سرشل رسوم کی اصلاحیں سب اسی قدر نتیجہ نکال سکتی ہیں ؛

مرد فیاض مرد

میر علی مراد خاں والی خیرپور سندھ جن کا یوم دوشنبہ ۲۰۔ اپریل کو انتقال ہو گیا ۲ جون ۱۸۴۸ء کو تولد ہوئے اور ۱۸۹۳ء کو گدی نشین ہوئے۔ آپ کو شکار کا اس قدر شوق تھا کہ بارہ بارہ مہینے جنگل میں بسر ہوتے تھے اور اُن کا مقام خیرپور میں کوئی سکان رہائش کے لئے نہیں تھا۔ اگر سال میں کبھی پانچ دس یوم خیرپور آ گئے تو خیمے میں بسر ہوئے۔ بہت سادہ طبیعت کے آدمی تھے اور فیاض اتنے تھے کہ خزانہ ہمیشہ خالی رہتا تھا۔ ایام محرم میں اُن کی فیاضی ہزارہا لوگوں کو ہندوستان سے سمیٹ کر خیرپور لے گئی تھی۔ ایک دفعہ انگلستان بھی گئے تھے اور جی۔ سی۔ ایس۔ آئی کا درجہ اور

اپنی رپورٹ علیحدہ تیار کرینگے ؛

۸-اپریل-لنڈن-شہنشاہ جرمنی کل وینس پہنچے اور بادشاہ ہمبرٹ اور رعایا نے بڑی گرمجوشی سے ان کا استقبال کیا۔ شب کو شہنشاہ کو دعوت دی گئی۔ شہر میں روشنی کی گئی اور بڑی خوشی منائی گئی ؛

۹-اپریل-لنڈن-وینس میں شہنشاہ ولیم کی آمد بڑی خوشی سے منائی جارہی ہے۔ دونوں بادشاہوں نے کل سلطان خانہ دیکھا اور شہنشاہ جرمنی کے جہاز پر کھانا کھایا۔ محل شاہی میں شب کو دعوت ہوئی۔ اور لوگوں نے محل سے باہر قصیر کی آمد پر بڑی خوشی منائی ؛

۹-اپریل-لنڈن-پرتگالی جنگی جہاز معہ امیر البحر ڈاگاما کے ریوڈی جنیرو سے یورپ کو روانہ ہوگئے۔ افواہ ہے کہ باغیوں نے شہر ریوڈی گرانڈی پر قبضہ کرلیا ہے۔ لیکن وہاں سے تمام تار کی خبریں آنے کی ممانعت ہے ؛

سملہ میں سرکاری تار پہنچا ہے کہ ۹-مارچ کو شیراز میں سخت زلزلہ آیا اور اس کے بعد بیس گھنٹے تک بلا وقفہ لگاتار بارش ہوتی رہی۔ جس سے دو ہزار مکانات بالکل تباہ ہوگئے اور شہر کی فصیل جابجا ٹوٹ گئی۔ تمام بازار بند ہوگئے اور شہر میں سخت مصیبت پھیلی ہوئی ہے۔ کرمان اور دیگر مقامات متصلہ میں بیحد نقصان ہوا۔ اور کئی جانیں بھی تلف ہوئیں۔

۶-اپریل-سملہ ؛

۷-اپریل-لنڈن-غالب خیال کیا گیا ہے کہ شاہ ہمبرٹ اور ملکہ مارگریٹا معہ پرنس آف نیپلز کے منگل آئندہ کو بمقام فلارنس ملکہ وکٹوریا سے ملاقات کرینگے ؛

(لاہور و پنجاب)

گانجا کمشن چار پانچ روز تک لاہور میں شہادتیں لے کر پھر سملہ پر جاکر رپورٹ تیار کریگی ؛

دہلی میں ایک مکان کا چھجہ بازار میں گر پڑا۔ دو رہرو دب کر مرگئے ؛

دہلی میں ایک شخص شام کے وقت پولیس کی وردی پہنکر تاوقتیکہ دھوکا کر کچھ لے لیا کرتا تھا۔ پولیس نے اسے ایک شخص کا کڑہ اتارتے ہوئے گرفتار کرلیا۔ اور صاحب ڈپٹی کمشنر نے سات سال قید کی سزا دی ؛

عمر ان چیفکورٹ بار ایوسی ایشن کی چیئرمینی سے جج چیفکورٹ ہونے کی خوشی کے متعلق پارٹی دینے کے لئے چندہ کررہے ہیں ؛

راجہ بلدیو سنگھ والی پونچھ ہر دوار جاتے ہوئے ۱۰-اپریل کو لاہور سے ہوتے ہوئے گئے ؛

یہ خبر غلط تھی کہ لمبا گراں کے راجہ جوگندر کے متوقف راجہ رام سنگھ صاحب کی دختر کی شادی پر بوجہ راجہ جوگندر کے فوت ہونے کے مہاراجہ صاحب جموں نے نامنظور کردی تھی ؛

تھانیسر کے گرہن کے میلہ میں ہجوم تین لاکھ کے قریب تھا۔ سپیشل ٹرینوں پر جاتری سوار کئی جاتے ہیں۔ وہاں سے دو میل پر ایک دوسرا پہیوا کا میلہ ہے جہاں ۱۵-اپریل کی شام تک بہت لوگ نہانے کو گئے۔ نہان کے تالابوں میں پانی اتنا گدلا ہوگیا کہ دو ڈھائی سیر کی کئی مچھلیاں مرگئی تھیں جن کو لوگ تالاب سے نکال لیا گیا۔ صاحب ڈپٹی کمشنر اور کمشنر انبالہ صحت نگرانی میں مصروف ہیں ؛

ایک ہمصر لکھتا ہے کہ دہلی میونسپلٹی کی روشنی کی لالٹینوں کے ستون بند رہا بازیگر لگانے کے کام میں لاتے ہیں ؛

یکم ماہ حال سے پنجاب کے تمام اضلاع میں نئی آرڈر کے ذریعہ سے انگریزی کا طریقہ مروج کیا گیا ؛

کھتری بکلرک سبھا بن کا پہلا سالانہ جلسہ ۲۸ ماہ حال کو ہوگا ؛

خلیفہ محمد قلیچ کی امداد کے لئے سرسید کے آنے کی تقریب پر لاہور میں دوکان بند و کان چندہ جمع ہورہا ہے ؛

خانقاہ ڈوگراں ضلع گوجرانوالہ میں ہسپتال کھلنا منظور ہوا ؛

منٹگمری کے سنٹرل جیل میں ایسے قیدی رہ سکینگے جن کو عبور دریائے شور کا حکم ہو ؛

صاحب کمانڈر انچیف گزشتہ منگل کے روز آگرہ سے دہلی پہنچے جہاں تین روز قیام کیا ؛

دہلی میونسپلٹی نے پیٹی کے ایک انگریزی کارخانے سے شرک کوٹنے کا ایک جدید دخانی انجن آٹھ ہزار روپے کو خریدنا منظور کیا ؛

شیخ الٰہی بخش صاحب پلیڈر کا اپیل ہر جانہ کی نسبت جو پیر گزشتہ کو چیف کورٹ میں پیش ہوتا بوجہ کاغذات تیار نہ ہونے کے ملتوی کیا گیا ؛

زادہ درگداس سیگل جونیر ہوس سرجن میو ہسپتال لاہور نے کہ جنہیں ابھی دس ہی مہینے گزرے ہیں کہ آخری امتحان پاس کیا تھا ۱۰-اپریل کو انتقال کیا ؛

تھانیسر کے میلے میں بیماری سے خیریت رہی اور منتشر ہونے سے پیشتر مجمع چار لاکھ سے زیادہ جاتریوں کا تھا ؛

مسماۃ کموں پر دوسری لڑکی کو ضرب شدید لگانے اور جس بیجا میں کھنے کا مقدمہ مسٹر جے رابنس کی عدالت میں دائر ہے جس میں گزشتہ منگل کے روز مسٹر بیچی بیرسٹر اپٹ لانے استغاثہ کی طرف سے پیروی کی اور مسماۃ کموں کی طلبی زیر دفعہ ۳۲۳ و ۳۲۵ عدالت نے منظور کی ؛

۱۰-اپریل کو لاٹ صاحب نے سرمیر ماڈیتھ پلوڈن کے اعزاز میں دعوت دی ؛

۹-اپریل کو مہاراجہ صاحب بنارس نے لاٹ صاحب سے ملاقات کی۔ مہاراجہ صاحب کپورتھلہ ہوس میں ٹھہرے دوسرے روز مہاراجہ صاحب کپورتھلہ بھی لاہور تشریف لائے ؛

لاٹ صاحب عید کے روز لاہور میں سے گزرے۔ لاٹ صاحب کے اس بلا خبر شہر سے گزرنے کی عادت سے رنجیدہ ہیں ؛

شملہ میں کتوں اور کتوں کی نمائش ماہ جون میں ہوگی ؛

تھانیسر کے میلہ میں کہ ازکم چھ لاکھ اور بعضے کے نزدیک ساڑھے سات لاکھ مسافر جمع ہوئے ہونگے۔ بہت لوگ اتوار کی صبح کو کہ ہو گئے (رسیل)

صدر بازار سیالکوٹ میں جس مسلمان نے ایک ہندو کے مندر کو پلید کیا تھا اس کو مجسٹریٹ مہاشن نے ایک ماہ قید اور دس روپے جرمانہ کی سزا دی ؛

پیسہ اخبار

لاہور-یوم جمعہ-۱۳-اپریل ۱۸۹۴ء

پیسہ اخبار کی تعداد اشاعت

ایک صاحب خریداران پیسہ اخبار سے لکھتے ہیں کہ پہلے جو تعداد اشاعت درج ہوتی تھی اس سے نسبت ڈاکخانہ کی رسید درج ہونا زیادہ معتبر ہے۔ ہم ان کے اطلاع کے لئے یہاں ڈاکخانہ کی رسید درج کرتے ہیں۔ پوسٹ ماسٹر جنرل پوسٹ آفس لاہور تصدیق کرتے ہیں کہ میسرز دوسو اکانوے روپے تیرہ آنے دو پائی دفاتر (بعینہ) ہاتھ ڈاک ۱۰-۴۳۱ کاپی ہفتہ وار پیسہ اخبار بابت ۱۰-اپریل ۱۸۹۴ء مہتمم پیسہ اخبار لاہور سے وصول کیا گیا۔ ہمارے اخبارات ڈاک مفت تقسیم کرتا ہے۔ اور اس کے علاوہ فوکل فروخت۔ ممالک غیر اور دیگر مقامات میں جو کٹھے پرچے بکتے ہیں وہ سب ملا کر کل سوا پانچ ہزار کاپی ہفتہ وار آجکل فروخت ہوتی ہیں۔ سال کی دوسری سہ ماہی کے لئے کل ۸۷۵ روپے ۸- آنے اور محصول ڈاک ڈاکخانے میں ادا کیا جاویگا ؛

کھیم سنگھ بیدی آرٹس سکول راولپنڈی

آنریبل باوا کھیم سنگھ صاحب بیدی نے راولپنڈی میں جو آرٹس سکول کھولنے کے لئے تین روپیہ عطا کیا ہے۔ اس کی اعلیٰ درجہ کی دانشمندی اور اولوالعزمی ظاہر کرتا ہے۔ لیکن صرف تین روپے دے ڈالنے سے ہی ان کی ذمہ داری پوری نہیں ہوتی انہیں دیکھنا چاہئے کہ سکول کی منظم کمیٹی میں کیسے آدمی ہیں کس طرح کام کرتے ہیں۔ ان کے سکولوں میں کس قسم کی تعلیم دی جانی چاہئے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ ایک گڑھی سازی کا رکھا گیا ہے اور ایک ایک فوٹوگرافی اور خیاطی کا اور ایک نقاشی کے استاد کی خدمت وہ پیش ہے۔ گڑھی سازی سے ہمارا مطلب مرمت کرنے کی ہے۔ اتنے بڑے سرمایہ سے اگر یہی غرض ہے چند آدمی سستی گھڑیوں کو صاف کرنے والے تیار ہوجاویں اس سے کیا فائدہ۔ نقاشی اور مصوری وغیرہ کی تعلیم کا تو کے آرٹس سکول سے آج تک پتہ ہی نہیں ہے اگر یہی راولپنڈی مطلوب ہے تو اس سے زیادہ ملک کے نوجوانوں کے آذر کوئی دشمنی نہیں ہوسکتی۔ پندرہ سال سے لاہور میں سکول قائم ہے اور کئی ایسے شخص موجود ہیں جنہوں نے بارہ چودہ چودہ سال متواتر اس میں تعلیم پائی ہے۔ اور بیس بیس تیس تیس روپے کے ملازم ہوئے ہیں۔ لیکن پانچ سات سات سال تک نقاشی اور مصوری سیکھنے والے درد رہتے ہیں۔ حقیقت میں آرٹس ایک ایسا زیور ہے جو ہر قدردانی کے باعث ہندوستان کی یہ حالت دس قابل نہیں کہ غریب لوگ اس سے روٹی کما سکیں۔ کیا اچھا ہو راصاحب اپنے آرٹس سکول میں ایسے فن سکھلائیں جن کی ملک میں بیحد مانگ ہے اور جو تھوڑے سرمایہ

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

——— ڈسٹرکٹ نوجی گورہ جو انگلستان سے مانڈلی کو جا رہا ہے شاہ تیما کے پڑاؤ پر پہنچے ہوئے زیورات نکالے۔ اب ظاہر ہوا ہے کہ سرکار کے فوج پر نہیں بلکہ اپنی طرف سے جا رہا ہے۔ کیونکہ جو معاوضہ اسے دینا چاہا تھا اس نے منظور نہیں کیا۔ اس ایک ڈاکو نگر جب نامی کو بھی اس رات کا پتہ تھا اور صاحب جہت اس بات میں خط کتابت کر رہا تھا اب وہ فرض ہو کر کہتا ہے کہ ڈاکٹ کو کیوں گرفتار نہیں کر لیا جاتا۔

——— یکم اپریل کی رات کو لائل ناتھ لنکشائر جہت کے ہندی سپاہی ڈسن نے لانس کارپورل بھوڑو اپنے افسر کو سوتے ہوئے (مقام بہتی) گولی سے مار ڈالا۔ افسر نے دو مرتبہ بدچلنی کے قاتل کو سزا دی تھی۔ قاتل گرفتار ہو کر حکام سول کے سپرد کیا گیا۔

——— سر چارلس کمبیٹ رامپور کی گدی نشینی کر کر اضلاع الہ آباد و بریلی کی پہاڑیوں کے دامن میں شکار کرنے جائینگے۔ وہاں سے چند روز کے بعد سر جارج ڈنٹ کمانڈر انچیف اور سر ہنری بیچ چیف جسٹس ان سے شریک ہونگے (۲-اپریل)۔

——— بمبئی ۳۰-مارچ۔ کل صاحب گورنر نے راجہ صاحب کو ہلاپور کی گدی نشین کیا اور اپنی تقریر میں بیان کیا کہ مجھے یقین ہے کہ جس رسم عہدے کی اعلیٰ ذمہ داری سے کہ جس کو انہوں نے قبول کیا ہے اپنی ریاست کے جاگیرداروں اور رعایا کے حقوق کی نگہداری پولیٹیکل ایجنٹ کے شوشن کی قدرت جو وہ ازروئے معاہدے کے دیتا ہے اور اس امر سے کہ ہی حاکم کی بہبودی اس کی رعایا کی بہتری اور منصفانہ حکومت پر منحصر ہے بخوبی آگاہ ہیں۔

——— اضلاع مغربی و شمالی دادوہ کے مدارس کا امتحان مڈل ۲۶-اپریل سے شروع اور اس کے بعد دس روز باستثنائے ۲۹-اپریل ۳۰-مئی ہوگا۔

——— ۴-اپریل۔ الہ آباد۔ وائسرائے اور لیڈی الگن کی تعلقدار ان اودھ پر شام کو قیصر باغ میں دعوت کی۔ اور رانا شرشک بخش بہادر ایڈیس کیمپ کرنیا یا دیس کا ہز لارڈ شپ نے مختصر جواب دیا۔ سر سورندر ٹیگور بینڈ جو وہاں پہنچ گئے تھے اس جلسے میں شریک تھے۔

——— ۳-اپریل کو سر خورشید جاہ بہادر رئیس حیدر آباد معہ [illegible] کے لکھنؤ پہنچے۔

——— [illegible] صاحب پرنسپل علیگڈھ کالج ۷ ماہ کی رخصت پر [illegible] گئے۔

——— [illegible] شوال مطابق ۲۲-۲۳-۲۴-اپریل کو مدرسہ [illegible] ہوگا۔ اطلاعات فارغ التحصیل کی دستار بندی کا [illegible] ہوگا۔ جس میں ہندوستان کے نامی [illegible] ہونگے۔ علاوہ اس کے ایک دوسرا جلسہ ندوۃ العلما یعنی [illegible] ہوگا جو ہندوستان میں اپنی قسم کا پہلا جلسہ ہوگا۔

——— حیدر آباد دکن میں ہیضہ کسی قدر پھر تیز ہو گیا ہے۔

——— کلکتہ میں ایک جنگلی کلرک نے اپنے افسر پر ایک رشتہ دار کے شرادھ کی رسم ادا کرنے کے لئے رخصت مانگی۔ افسر نے جو دیسی کلرک تھا حکم دیا کہ ملازمان سرکاری کو ایسی رسوم چھوڑ دینی چاہئے۔

——— جنگل میں اچھی ذات کے ہندو شہر کے کم ملتے ہیں کہ ان کے ہاں والوں سے بڑی بڑی رقمیں ملتی ہیں۔ ایک افسر نے ان رقوم پر ٹیکس لگانے کی صلاح دی۔

——— معلوم ہوا کہ جنگلوں میں سال گزشتہ کی نسبت جرائم میں ترقی نہیں بلکہ کمی ہے۔ اور اسی نسبت سے پولیس نے مال مسروقہ سال گزشتہ کی نسبت اس سال میں زیادہ برآمد کیا ہے سرکاری کاغذات شاہد ہیں۔

——— افواہ ہے کہ سر چارلس کرتھوٹ قبل از وقت لفٹنٹ گورنری صوبجات متحدہ سے علیحدہ ہونگے۔

——— ملکہ مخدرہ عظمیٰ نواب بادشاہ محل زوجہ واجد علیشاہ مرحوم معزول شاہ اودھ نے گزشتہ ہفتے کے روز کلکتہ میں انتقال کیا۔ یہ بیگم نواب علی نقی خاں آخری وزیر اعظم اودھ کی بھتیجی تھیں اور بڑی تعلیم یافتہ اور شاعرہ تھیں۔ ان کی لاش وصیت کے مطابق کربلا بھیجی گئی۔

——— کلکتہ کے ایک نامی رئیس مسٹر اسمٰعیل حسین وکیل کو حضرت شوکت مآب سلطان المعظم نے قسطنطنیہ میں اس غرض سے طلب فرمایا ہے کہ وہاں کے شاہی فوجی کالج میں داخل کر کے جنگی تعلیم دیں اور پھر ٹرکی کی فوج میں کوئی عہدہ بخشیں۔ کلکتہ کے اخبارات دارالسلطنت سیٹسمین۔ ٹیلی نیوز وغیرہ نے اس خبر کو مسرت سے درج کیا ہے۔

——— ۹-اپریل۔ بمبئی۔ کل ذکریا مسجد کے قریب آتشزدگی سے دو کان اور اناج کا سامان جلا۔ ۱۵ ہزار روپے کی لاگت کے جل گئے۔

——— بوجہ تحریک کمشنر پولیس گزشتہ فسادوں کی بنا پر گورنمنٹ بمبئی نے وہاں پر دوسری بمبئی کا لفٹر کا مقیم رکھنا منظور کیا۔

——— ۲-اپریل۔ الہ آباد۔ گزشتہ بدھ کو نواب صاحب رامپور مسند نشین ہو گئے۔ مجمع خاصہ تھا۔ شام کے وقت اس تقریب پر شاہی دعوت ہوئی۔ نائٹ صاحب نے نواب صاحب سے ملاقات باز دید فرمائی۔ خوب روشنی ہوئی آتشبازی چھوڑی گئی۔ آج رات صاحب واپس آ جائینگے۔

——— ۵-اپریل۔ تھانیسر تین لاکھ کے قریب جاتری آ گئے ہیں اور برابر گاڑیوں میں بھرے چلے آتے ہیں۔ کل جاتریوں کا اندازہ دو لاکھ کے قریب لگایا گیا ہے۔ اب تک کوئی ہیضہ کی واردات نہیں ہوئی۔ کل سے ہیضہ منتشر ہونا شروع ہو جائیگا۔ حفظان صحت کا انتظام معقول ہے۔ جاتری لوگ بہت اچھے ہیں۔

——— ۵-اپریل۔ مدراس۔ مقام دودرے فساد کی خبریں آئی ہیں مفسدوں نے ہندوؤں کے دو مندر جلا دئے اور چار ہندو مار ڈالے۔ مفسد جنگل کو بھاگ گئے۔ فوج تعاقب میں گئی ہے۔ اس سے پہلا جو فساد ہوا تھا اس کو نو برس ہوئے ہیں۔

——— امیر کابل کے صاحبزادہ سردار حبیب اللہ خاں اپنی بیگم جلال آباد میں ہیں۔ ان کی شادی ماہ رمضان کی ۱۰ تاریخ کو خان لال پورہ کی بیٹی سے ہو گئی۔

(ممالک غیر)

——— ۲-اپریل۔ لنڈن۔ جنوبی گیرولینا (امریکہ) سے خبریں پہنچی ہیں کہ وہاں سخت فساد اور قتال جھگڑے بدہ سرکار کے شراب فروشی کی دکانوں کو بلا معاوضہ دینے کے بند کر دی گئی ہے اور چند سرکاری شراب کی دوکانیں بطور دواخانے کے کھولنے کے پھیلے ہوئے ہیں۔ فوج ملیشیا نے مفسدوں کے خلاف کسی قسم کی کارروائی کرنے سے انکار کر دیا ہے۔

——— ۲-اپریل۔ لنڈن۔ کینیڈا میں سوائے اس چائے کے جو پیداوار کے ملک سے بارہ انگلستان آتی ہے فی پونڈ دس سنٹ محصول بڑھایا گیا تاکہ چائے میل سے محفوظ رہے۔

——— ۳-اپریل۔ لنڈن۔ ہاؤس آف کامنز میں شب گزشتہ کو سر جارج ٹریولین سکرٹری فار سکاٹلینڈ نے معاملات سکاٹ لینڈ کے تصفیہ کے لئے ایک عظیم الشان کمیٹی قائم کرنیکا مسودہ پیش کیا۔ مسٹر بالفور نے اس بنا پر اس کی مخالفت کی کہ قومی اختلافات بڑھ جائینگے۔

——— ۳-اپریل۔ لنڈن۔ پیرس کی کانفرنس حفظان صحت کل ختم ہو گی۔ لیکن انگریزی ڈیلیگیٹوں نے خلیج فارس کی بحری تجارت۔ سلطان مسقط کے جہازوں کی رفتار و چند اور حاجیوں کے اس بارے میں کافی ثبوت بہم پہنچانے کے متعلق کہ ان کے پاس سفر آمد و رفت کے لئے کافی روپیہ ہے اپنی رائے محفوظ رکھی ہے۔

——— ۴-اپریل۔ لنڈن۔ انڈیا کونسل بلوں کی نرخ فروخت کے متعلق وائسرائے اور صاحب سکرٹری آف سٹیٹ میں جو خط و کتابت آئے اور گئے ہیں وہ شائع ہو گئے۔ ۲۷-اگست ۲۰ ستمبر کو وائسرائے نے اجازت طلب کی تھی کہ کچھ جہازی ضرب سکہ ہندوستان میں پڑی ہے وہ بیچ ڈالی جاوے۔ کیونکہ اس کے ضروب کرنے سے روپیکا چلن بڑھانا اچھا نہیں۔ سکرٹری کمیرے نے انکار کیا اور کہا کہ روپیہ کی قیمت بڑھانے سے چاندی بہت کم قیمت ہو جائیگی۔

——— ۴-اپریل۔ پیرس۔ کسی آوارہ کاسٹ نے ایک اسٹامپ رکھنے کی دوکان ہے ایک گھر میں بم کا گولہ پھینکا جس کے شکست تین آدمی سخت مجروح ہوئے اور مال کا بہت نقصان ہوا۔ دو شخص اشتباہ میں گرفتار ہیں۔

——— ۴-اپریل۔ لنڈن۔ ڈیوس آف کانز نے مقابل ۱۰ کی کثرت رائے کے مسٹر آرنل کی تحریک سکاٹ لینڈ کے لئے ہوم رول کی مجلس اقتصاد قوانین بنانے سے متعلق نامنظور کی۔

——— ۵-اپریل۔ لنڈن۔ شاہ سمبرٹ شہنشاہ ولیم سے ہفتے کے روز مقام وینا ملاقات کریں گے۔

——— ۴-اپریل۔ لنڈن۔ ڈبلن میں ہارل والوں کے ایک جلسے میں یہ تجویز منظور ہوئی کہ نیشنلسٹوں کا فرض ہے کہ یہ پارلیمنٹ تو ڑ دیں۔

——— ۵-اپریل۔ لنڈن۔ شانگھی (چین) میں بہت بڑی آتشزدگی سے ایک ہزار مکانات جل گئے۔

——— زیادہ مبلغین کشن کے لاڈ بریسی سے متعلق ان ہیں جو نیون کے حامی ہیں۔ مسٹر ولسن جو اس سے مخالف ہیں

حفظِ صحت

استسقار

۴۳۔ مرض صحیح:۔ میرے ایک مہربان نے دوست کے بیٹے کا ذکر کیا جو عرصہ تین سال کا ہے اور جس کا ہاضمہ اور اندام کا نصف نکلوانے کے سبب اور دو تین ہو گیا۔ اگر بات سے اسہال بھی پیٹھ کو دردِ معدہ ہوتا ہے۔ وہ بچہ سال کا ہو کر ہوا کہ فرض صحیح پڑا پیٹے تو ہفتہ اور دو دن کا تھا اب تین ہفتے کے بعد دورہ پڑتا ہے گر جس روز دورہ پڑتا ہے اس کے دوسرے روز بخار ہوتا ہے۔ مرض پڑنے کی کیفیت یہ ہے کہ اول دو تین باتوں کے بیچ میں سناٹا معلوم ہوتا ہے جو دفعتہً ہے کان میں پہنچ جاتا ہے اور وہاں کان میں سائیں سائیں کی آواز معلوم ہوتی ہے۔ اس کے بعد بیہوشی ہو جاتی ہے اور تشنج بھی ہو جاتا ہے۔ تشنج ہوتے ہی دہنا کندھا اڑ جاتا ہے۔ پندرہ منٹ کے بعد بیہوشی دور ہو جاتی ہے اور نیند کے غلبہ ہو جاتا ہے۔ اسی روز دردِ شقیقہ (آدھے سر کا درد) دائیں طرف کا شدت سے ہوتا ہے اور دو تین روز تک رہتا ہے۔ ہر چند ڈاکٹری، یونانی علاج کیا گیا کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اگر کسی صاحب کو اس مرض کی دوائی معلوم ہو تو بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرماویں۔ (محمد عنایت خاں برکی فتحپور بستی خلاں)

علاج

۴۴۔ علاجِ دندان:۔ آپ کے پرچہ مطبوعہ ۲۳ مارچ ۱۹۰۷ء میں علاجِ دندان کے واسطے استسقار درج تھا۔ میں وجوہ ذیل سے آپ کو اور عام اطلاع کرتا ہوں۔ مجیٹھ ۱ تولہ۔ کسیس ۱ تولہ۔ ہلدی ۱ تولہ۔ مازو ۱ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ عرقِ گلاب ۱ پاؤ۔ سعد کوفی ۱ تولہ۔ سنبل الطیب ۱ تولہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ عرقِ بادیان ۱ پاؤ۔ ان تمام دواؤں کو باریک پیس کر ۱ پاؤ عرقِ گلاب میں ۱ پاؤ سرکہ ملا کر شیشی میں رکھ لیں۔ بعد استعمال اس سب ادویہ کو اچھی طرح ہلا کر مخلوط کر لیں۔ شب کو سوتے وقت دانتوں پر اس مخلوط کو خوب مالش کریں۔ بعد مالش کے منہ دھو ڈالیں۔ اور ہاں خبردار کلی نہ کریں۔ مگر پانی سے خوب دھو لیں۔ صبح کے وقت استعمال کریں۔ صبح کے وقت استعمال سے دانتوں کے کل مرض کا ہونے والا ہے۔ بارہا آزمودہ ہے۔ خواہ منہ سے بدبو آتی ہو یا خون آتا ہو یا پیپ یا دانت ہلتے ہوں۔ یا دانتوں میں کیڑا لگ گیا ہو یا مسوڑے پھول جاتے ہوں ان سب امراض کا دفع کرنے والا ہے اور دانتوں کو مضبوط کرنے والا۔ جو شخص مہینہ میں ایک مرتبہ بھی ہمیشہ استعمال کرتا رہیگا اس کے دانت تمام عمر پائدار رہینگے اور کبھی مرض پاس نہ آوینگے اور جو شخص مبتلائے مرض دندان ہو اور وہ استعمال کرے تو اس کو انشاء اللہ تعالیٰ تین سے بعد تین یوم کے افاقہ ہو جاویگا اور درد و درم وغیرہ سب جاتا رہیگا۔ نقص صرف اس قدر ہے کہ دانتوں کی جڑیں سیاہ ہو جاتی ہیں۔ اور جو صاحب استعمال میں لاویں اور فائدہ بخشے تو اس عاصی کو دعائے خیر سے یاد کریں۔ بلکہ اطلاع سے سرفراز کریں۔ (ڈاکٹر احمد الحق صاحب سہارنپور چھاؤنی جنوں)

۴۵۔ جلے ہوئے جسم کا علاج:۔ اگر جسم کا کوئی مقام آگ سے جل جائے تو اس کا سٹک پانی میں ڈال کر اس مقام پر لگانا چاہئے۔ اور اگر سوڈا واٹر میں کپڑا بھگو کر جلے ہوئے مقام پر لپیٹے تو جلن بند ہو جاتی ہے۔

شعر و سخن

شیخ

دل سے کھا آزاد عجب بے مگر ۔۔۔ شیخ ہے تاض و فلک تن میں ہیں پر زیر
ہے ایک ہی تعلیم شیخ و براہمن ۔۔۔ نسل ہے چند مدرسیں و فلسفی کا گھر
ہیں شیخ صاحب مجسم علم الہٰی ۔۔۔ سند ہی کی جری ہوئی ہیں جس جس میں کمر
پڑھت ہیں صلوات میں مسند نشاں ۔۔۔ تاہم قوم میں خدا ایک سے بدتر
اقبال بے وقوف ہے شیخ و برہمن ۔۔۔ جاتا ہے تقدیر کا مسکی گردن پر
دنیا میں کبھی شیخ کی عزت نہ ہوئی ۔۔۔ عابد و ظلم کا بازار گرم شام و سحر
آنکھوں میں خدا فرد ہوں دیدنی ۔۔۔ کبھی ہوئی نہیں ناجیل طاق کے اوپر
نہیں کام کچھ اسے کہ بیٹی ہی تھا ۔۔۔ ہوشیار ہو ترقی پہ ان کا تھا رہبر
کرتے ہیں قوم ملت کی بیڑی ہی غرق ۔۔۔ بنا جہان ہے جہان علم و ہنر
دنیا میں بھی ہیں کچھ شیخ و برہمن ۔۔۔ کرتا نام جپتے ہیں سدا جہان کو آزاد
ٹاپیں کی لیڈی کی زلف کی فضیل ۔۔۔ فاضل کا ہوا اس کی مرتبہ برتر
دی ہے خدا نے شیخ کو دو چیز ۔۔۔ کر دیا ہوں ہے شیخ صاحب جوہر
عرض ہے شیخ کے ناخن و گوش ۔۔۔ ای کہ ساری ہیں ممنون ایک شالت پر

مگر شیخ باب ۱۰ ہے دراصل ہی
اب نسلے ہے ہو سند دولت ہی

ہوئی کچھ ہیں ہی ب غلبہ یت مگر ۔۔۔ نہ ہو شیخ و خانی اور بی کا گھر
ہے ایک شیخ کے ہیں ہی ظرف فلاق ۔۔۔ بڑھتے ہوئے ہیں ہوئے وہ بدتر
سبق ہے ان کا ہمہ شیخ کی ہے ۔۔۔ شجر ہری کا خدا اور ہے اس کا ثمر
کری خدا کا ہے سیر خشہ دہ خدا ۔۔۔ بجا ہے اس نفس کے اور تن کی خبر
لغزش ہے شیخ ہے ب ان شیخ ۔۔۔ زمین ہیں نام کی صحرا کی ہے شتر بھر
شتر بجا رکھا ہے شیخی کا بارٹ ۔۔۔ خلل شان ہے شق ندی بون خر
ہے شیخ و مرد ہے ہو قوف کو دیکھو ۔۔۔ کرا تشریف ہے ہو کار و نہ ہو کر
ہے شیخ کے نام نہیں ہے شیخ ۔۔۔ شریف کہ ہیں ہو شریف کے کیا ہو کر
ہو شیخ میں ہو شیطان کی شیخ ۔۔۔ کہ ہو حاجی کی ذات ہے چھا سر پر
ہو ایک شیخ کی ہے جس میں ناپ ۔۔۔ سمجھتا ہے کو اور کو اپنے زیور
گھٹے ہے لاڑ ہا پاپ۔ دل اس کا ۔۔۔ کرا تشریف ہے اور سمجھ ہے کہ اکثر

طور حشر میں شیخوں ہو جو کی گنجی
حضرت مکتل بتلا کر ہے نوازی

ترقی کر سکے ہرگز نہیں ہیں یہ کہ دار ۔۔۔ نہ نہ ہو اب ہے کی آوز ہے رفتار
جو ہو ترقی کا تمہیں ہے ہم تو ہو ۔۔۔ اگر نوروں سے بھی ہو گی ملت ذلیل خوار
کرو علوم کی تحصیل کمریں کس کر ۔۔۔ کہ اب ترقی کے ہیں علم اور ہنر آثار

اپنی کمزوری کو گر گئے ہے سمجھ
سمجھ لو گر ہے ترقی کا علم اور عمل

مراسلہ: نوازش علیخاں

حکمت کے موتی

— مقدس آگسٹین سے کسی نے دریافت کیا کہ مذہب میں سب سے اول بات کونسی ہے۔ اس نے جواب دیا "توبہ" پھر دوسری کہا ہے اس نے کہا "فروتنی" اور تیسری کیا ہے جواب دیا "فروتنی"۔

— استی جس قیمت پر ہاتھ سے نہ دیا ہو اس کو کسی قیمت پر دوست مت کرو۔ (ڈیوڈسن)

— بیکنی روحانی حکمت کا دوسرا نام ہے۔ (پیٹرس)

پندرہ روپے انعام کا مضمون

جو صاحب مندرجہ ذیل سبجکٹ پر پیسہ اخبار کے ڈیڑھ صفحے کے برابر کہ جس میں بالا سطر چوبیس سو کے قریب لفظ ہوتے ہیں عمدہ۔ دلچسپ اور مدلل مضمون لکھ کر بھیجیں وہ اشی سے پہلے جو مضمون ان میں سے اول درجہ کے مضمون کے لئے پندرہ روپے نقد انعام اور انعامی مضمون یکم جون کے پیسہ اخبار میں شائع ہوگا۔ سبجکٹ یہ ہے

"ایک متوسط الحال شریف آدمی کو اپنے بیٹے کو سکول کی تعلیم سے فارغ ہونے تک جدکلاس کی تعلیم دلانی چاہئے یا کوئی اور پیشہ سکھانا چاہئے یہ امر مدنظر رہے کہ کالج کی تعلیم کا خرچ کتنا ہوتا ہے اور ملازمت کے لئے ابواب کیسے ہیں اور ملک کو کس قسم کے آدمیوں کی ضرورت ہے"۔

معلومات کاکشت

— بندر سانپ سے بہت ڈرتے ہیں۔

— ایک اچھے تمکی دریل مچھلی سے ۴۰ من کے قریب تیل نکلتی ہے۔

— یونان قدیم کی عورتوں کے زنانہ حال کے مردوں سے بھی لمبے بال ہوتے تھے۔

— پہلے پہل ہیمنڈ میں ہوفمان آنے کی اطلاع ۱۸۶۶ء میں ایسٹ میں شہر کی گئی تھی۔

— مین میں زنانہ درزت سے لازمی تعلیم کا دستور چلا آتا ہے۔

— ہر ۱۲۰ انگریزی نسل کے آدمیوں میں سے ۳ کے بال سرخ ہوتے ہیں۔

— برف جو کیمیائی اجزا کے عمل سے بنتی ہے یہ ۱۸۷۳ء سے ہے۔

— سٹر کلینڈ سٹون کی رائے ہے کہ طلاق کا دستور اچھا نہیں شادی کا مطلب ماوام الحیات تعلق سے ہے۔

— ڈنمارک میں توتے فاکہ مکانات کی کھڑکیوں پر ٹکس لگا جاتا ہے۔

— پیرس کے گلی کوچوں میں ہر روز ۲۰ سو مرد اور ۲۰ سو عورتیں خاکروب صفائی کرتے ہیں۔ جن کی ۹ ۱۰ بلجیئن ہیں۔

— سالمانس دو سو برس کے بوڑھے کے درخت ہیں۔

— جزیرہ جاوا میں جس لڑکی کی شادی ہونے والی ہو ۱۲ دن دانت سیاہ کر دیئے جاتے ہیں جو بہت کرو معلوم ہوتے ہیں۔

— پندرہ ہزار آدمیوں میں سے ایک شخص سو سال کی عمر کو پہنچتا ہے پانسو میں سے ایک نوے سال کو اور سو میں سے ایک ساٹھ سال کو۔

— جرمنی۔ آسٹریا۔ ڈنمارک اور سویڈن میں موت کی سزا شاذ و نادر دی جاتی ہے۔ نیویارک واحد ملک ہیں جہاں بارہا قتل میں سے گیارہ پر سزائے موت دی جاتی ہے اور پچاس میں سے ایک قاتل کو سزائے موت دی جاتی ہے۔

— ایک چوتھائی بنک میں شہر مختلف آدمیوں کی مدد کی ضرورت پڑتی ہے۔

— ہیمبرگ میں لب لیڈیوں کے ہوٹل کو ہیمبرگ کی بہت سی

پیسہ اخبار

نمبر ۱۴ | یوم جمعہ ۱۳ اپریل ۱۸۹۴ء مطابق ۶ شوال ۱۳۱۱ھ موافق ۳ بیساکھ سمت ۹ بکرمی | جلد

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

سلطنت انگریزی: سلطنت انگریزی آج دنیا میں سب سے بڑی سلطنت ہے۔ صرف انگلستان کا رقبہ تو ایک لاکھ اکیس ہزار (۱۲۱۰۰۰) مربع میل ہے۔ لیکن برٹش ایمپائر کا رقبہ آبادیوں اور زیر حفاظت ممالک کے ایک کروڑ دس لاکھ (۱۱۰۰۰۰۰۰) مربع میل ہے۔ یہ وسعت کل یورپ سے تگنی اور براعظم افریقہ کے تہائی سے زیادہ ہے اور کرۂ زمین کے پانچویں حصے سے زیادہ ہے۔ مقبوضات یورپ کا رقبہ صرف چار لاکھ (۴۰۰۰۰۰) مربع میل ہے۔ ممالک ایشیا کا سترہ لاکھ پچاس ہزار (۱۷۵۰۰۰۰) مربع میل ہے۔ افریقہ میں سوا بیس لاکھ (۲۰۲۵۰۰۰) امریکہ میں ساڑھے تیس لاکھ (۳۰۵۰۰۰۰) اور آسٹریلیا میں سوا بیس لاکھ (۲۰۲۵۰۰۰) مربع میل رقبہ ہے۔ کل آبادی سلطنت انگریزی کی ۳۷ کروڑ بیس لاکھ شمار کی گئی ہے۔ اور یہ اتنی بڑی سلطنت صرف تین سو سال کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔

یورپ میں تعلیم کا خرچ: ولایت کی ڈاک سے ممالک یورپ کے اخراجات تعلیم کی نسبت ایک دلچسپ رپورٹ معلوم ہوئی ہے جس سے پایا جاتا ہے کہ روس میں سب سے کم روپیہ ترقی سررشتہ تعلیم میں خرچ کیا جاتا ہے۔ یہ بات معتبر نقشوں کے وثوق پر ظاہر کی گئی ہے کہ روس میں سررشتہ تعلیم پر ۳ کروڑ ۹۰ لاکھ روبل صرف ہوتا ہے۔ پرشیا میں ۱۱ کروڑ ۱۰ لاکھ۔ فرانس میں ۱۳ کروڑ ۲۰ لاکھ اور انگلستان میں جو وسعت میں سب سے چھوٹا ہے ۱۱ کروڑ روبل خرچ کیا جاتا ہے۔ اگر آبادی کے لحاظ سے اس خرچ پر غور کیا جائے تو پرشیا میں فی نفر آبادی پر سات شلنگ ۹ پنس خرچ ہوتا ہے۔ فرانس میں ۶ شلنگ ۸ پنس انگلستان میں ۶ شلنگ ۴ پنس۔ اور روس میں صرف ایک شلنگ ۲ پنس۔ اب دوسری طرح پر اس خرچ پر غور کیجئے کہ پرشیا میں کل محاصل ملک کا ۲۳ ۷ء تعلیم پر خرچ کیا جاتا ہے۔ فرانس میں ۲ ۷ء۔ انگلستان میں ۲ ۶ء اور روس میں ۹۹ ۳ء صرف میں آتا ہے۔

بائبل کی اشاعت: آج تک سالم یا کچھ حصے بائبل کے ۴۵۴ زبانوں میں چھپ چکے ہیں۔ اپریل ۱۸۹۳ء تک انگلستان اور امریکہ کی کل مذہبی مجلسوں نے (۲۳۷۰۰۰۰۰) جلدیں بائبل یا اناجیل وغیرہ کی چھاپ کر تقسیم کیں۔ لیکن ان کے سوائے بیشمار جلدیں بائبل کی پادریوں اور مبلغوں نے چھاپ کر تقسیم کی ہیں۔

دنیا میں شادیاں کتنی ہوتی ہیں: اندازہ کیا گیا ہے کہ تمام دنیا میں تخمیناً تین ہزار شادیاں ہر روز ہوتی ہیں۔

مذاق

[ہر ایک اپنی ہی گانٹ میں خوش ہے]

ایک پوستی پوست کے نشے سے تنگ آکر تلاش میں باہر نکلا۔ کہیں سے نہ ملا۔ ناچار بادشاہی محل کے نیچے پہنچ کر گانٹ۔ گانٹ کی صدا بلند کی۔ اوپر شاہزادی معہ خواصوں کے بیٹھی تھی۔ شاہزادی نے کہا یہ ہوا گانٹ گانٹ کون کر رہا ہے۔ ہر ایک نے فکر دوڑایا۔ ایک خواص بولی۔ اجازت ہو میں دریافت کرتی ہوں۔

خواص (پوستی سے) تو کیا چاہتا ہے کس لئے گانٹ گانٹ چلاتا ہے۔

گرہانی کے ہٹ ہم گانٹ نہیں مانگتا ہم سپاہی ماں ہے گانٹ۔

پوستی دحسرت بھری آہ کھینچ کر) نہیں گانٹ۔ نہیں گانٹ۔

دوسری (شاہزادی سے) تلاش کر یہاں کے ہٹ۔ ہم سوئیں تم سو سپاہی ماں ہے گانٹ۔

پوستی (رحمی بھرے لہجے میں) نہیں گانٹ۔ نہیں گانٹ۔

تیسری (دسمبری گھوڑی سبز فراک والی) کاٹھی کے ہٹ۔ ہم پکڑیں تم چھوو سپاہی ماں ہے گانٹ۔

پوستی (اداس سے) نہیں گانٹ۔ نہیں گانٹ۔

شہزادی (سنہری بالی ہری دل فوج والی) پھولاں کے ہٹ۔ ہم گھوڑاں تم پیو سپاہی ماں ہے گانٹ۔

پوستی (خوشی سے آنچھا کی) ہے یہی گانٹ یہی گانٹ۔

ایک دفعہ مشتری اپنی طوائف کسی بیرے کے ہاں ناچ کے لئے بلائی گئی۔ اتفاق ایسا ہوا میں بیرے صاحب نے فرمایا کہ بی صاحبہ ایک بیت ہمارا بھی گا کر سنا دو۔ اس نے کہا حضور گنے میں گا کر سنا دیتی ہوں۔ بیرے صاحب نے بیت پڑھا ؎ حل نہ جینے کا ہے مشتری کو کوئی دن میں بچہ ہوا چاہتا ہے۔ مشتری کا پتہ پڑا تھا اپس طوائف نے محفل میں اس بیت کو ٹوٹ گایا۔ جب گانا گا چکی تو بیرے صاحب سے کہا کہ حضور اس خادمہ کو بھی اگر حکم ہو تو میں بھی ایک بیت گا کر سنا دوں۔ بیرے صاحب نے خوشی سے کہا ہاں سنا دو۔ تب مشتری نے یہ بیت محفل میں گایا ؎ خوشی تم کو کیونکر نہ ہو لے برادر کہ ہمشیر زادہ ہوا چاہتا ہے۔ بس اس صاحب سنتے ہی دم بخود اور شرمندہ ہو گئے اور محفل میں خاموشی تھہ پڑا۔

عجیب عجیب باتیں

ایک مریض اور چار سوئیس طبیب: مشہور ہے کہ روم کے زمانے کے درمیان مرغی حرام ہو جاتی ہے مگر شاہ جاپان کی ساس حال میں بیمار ہوئیں۔ اور ۴۳ شاہی طبیب ان کے معالجہ کے لئے حاضر ہوئے لیکن تاہم مریضہ جانبر نہ ہو سکی۔ لیکن ان ڈاکٹروں نے بیماری کی کچھ تشخیص تو کی۔ اس لئے ایک بدھ پوجاری کو بیگم کی بیماری کی وجہ جاننے بھیجی۔ پوجاری نے کہا کہ مکان میں ریل کی سڑک بن جانے سے بیماری لاحق ہو گئی ہے۔ جب تک ریل نہیں بنی تھی بیماری کہاں تھی؟

پوسٹ کارڈ کا رواج: اٹھارہ سو انہاسی میں پوسٹ کارڈ کی ایجاد اور رواج کی تیسویں سالگرہ حال میں منائی گئی ہے۔ انگلستان میں ہفتہ وار ۷ لاکھ نصف پنس کے کارڈ کا رواج نہ تھا۔ اسی سال میں اضافات کا محصول بھی گھٹ کر نصف پنس ہو گیا تھا۔ لیکن اس سے ایک سال پیشتر آسٹریا کے ایک باشندہ ڈاکٹر فانویل ہرمن نے پوسٹ کارڈ ایجاد کر کے آسٹریا ہنگری میں اس کا رواج دیا۔ سنہ ۱۸۷۰ء میں یہ جرمنی میں پھیل گیا۔ اور سنہ ۱۸۷۱ء میں انٹرنیشنل پوسٹل یونین (اتحاد برسہ بین الاقوام) نے اس کو منظور کر لیا۔ آج صرف سٹرلنگ میں دس کروڑ کارڈ سالانہ استعمال ہوتے ہیں۔ انگریزی ڈاکخانہ نجات میں ساڑھے پچیس کروڑ کارڈ سے زیادہ سالانہ تمام ہیں گزرتے ہیں اور تمام دنیا میں ایک سال کے اندر ایک ارب پوسٹ کارڈ سے کم خرچ نہیں ہوتے۔

دنیا میں دیاسلائی کا خرچ: ملک سویڈن میں دنیا بھر میں پہلا کارخانہ دیاسلائی بنانے کا ہے۔ اور وہاں بہت سی دیاسلائیاں بنتی ہیں۔ گزشتہ پچیس سال میں سویڈن کی دیاسلائی کی صنعت غیر ممالک میں فروخت ہونے کی تجارت دس ارب دیاسلائی تک پہنچ گئی ہے۔ دیاسلائی بنانے کی بعض کلیں جو آٹومیٹک یورپ میں استعمال ہوتی ہیں ایک منٹ میں دو صد چکر لگاتی ہیں۔ اور پچیس لاکھ دیاسلائیاں تیار دن بھر میں بنا دیتی ہیں۔ یعنی سالانہ میں نفت کے کروڑ کے قریب۔ اضلاع متحدہ امریکہ میں دیاسلائی کا خرچ بہت زیادہ ہے۔ جہاں بالاوسط پانچ ڈبیائی فی نفر آبادی کے حساب سے روز خرچ ہوتی ہیں۔ فرانس میں ہر نفر دس کروڑ دیاسلائی کا خرچ ہے۔ کل یورپ میں قریب پانچ ارب کے دیاسلائی بنانے کے کارخانے ہیں۔ اور وہ ہر حال ایک کروڑ پونڈ نقیت کی دیاسلائیاں تیار کرتے ہیں۔

سب سے لمبا سفر عبادہ میں: سب سے لمبا سفر جو آج تک کسی شخص نے بغیر دن میں پیدا کیا ہے وہ [illegible]

بفضل الٰہی کارخانہ ہائے

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر ہال بازار

سرمہ خیری

آنکھوں کی حفاظت اور ان کی ضرورت کا ہر ایک شخص قائل ہے۔ دماغی سست کسی اور سب سے آسر مندرجہ ذیل غوارضات (جالا۔ دھند۔ آشوب چشم پھولا۔ سرخی وغیرہ وغیرہ سے کوئی عارضہ لاحق ہو جاوے تو اس سرمہ کا استعمال ایک دو دن میں مذکورہ بالا عوارضات کو دور کرکے آنکھ کو روز روشن کی طرح صاف شفاف بنا دیتا ہے۔ ایک شیشی میں ایک تولہ سرمہ ہوتا ہے قیمت فی شیشی ۱ روپیہ (عہ)

ضلع شاہ پور

ضلع ہزارہ

ضلع گوجرانوالہ

ضلع لائلپور

ضلع ملتان

ضلع مظفر گڑھ

ضلع ڈیرہ غازیخاں

ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

ریاست رام گڈھ ضلع انبالہ

مٹھن کوٹ ضلع ڈیرہ غازیخاں

ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

تانگہ ضلع لاہور

بہلکہ ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر۔ ہال بازار

ارزان بعلت سچائی کا ثبوت بہترین سچمت

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھ کر تسلی دے سکتا ہے؟

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لائق اور ماہر ہے اور اس کی تمام ادویات بھی اعلیٰ درجہ کی خالص ہیں

ڈاکٹر لے۔ آر ایڈورڈسوں برجن بہادر امرتسر ۱۵۔ اگست ۱۹۰۴ء

بفضل شافی مطلق ہم کو مندرجہ ذیل ادویات کے موثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپ کو ان کی خریدی کے واسطے بدیں شرط اصرار کرتے ہیں کہ اگر بذریعہ استعمال آپ کو فائدہ نہ ہو تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ بالحصول صحت آپ اپنے روپئے کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں۔ ڈاک خرچ تمام نمائشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہو گی۔ شاذ و نادر اگر روپے کی واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہو گا

اسٹنک کی پڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج ۴۰ پڑیاں ۸ عدد	**ایفرو ڈیزیک پلسچر** مقوی باہ۔ دافع ضعف مجلب ضعف دماغ۔ رعشہ فی شیشی ۸
ہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ ۸ عدد	**نروائن ٹانک پلز**۔ علاج نامردی کم طاقتی۔ کمزوری۔ ۴۰ گولی ۸
عرق عشبہ مرکب فساد خون۔ درد بھبی آتشک گنٹھیہ خارش کے واسطے شیشی خورد ۸ عدد شیشی کلاں ۱۲	**کاف مکسچر**۔ تر دخشک کھانسی کا علاج۔ فی شیشی ۸
دافع سوزاک قرحہ۔ اندرونی استعمال کے واسطے فی شیشی ۸	**پچھوکلے کا علاج**۔ جائے جنبش پر لگانے کے واسطے ۱۰ و ۸ عدد
دافع پچکاری برائے سوزاک۔ سوزاک کے ابتدا میں پچکاری کیواسطے ۸ عدد	**بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل** دماغ اور دماغی کو طاقت دیتا ہے ۱ چھٹانک ۱۰ و ۲ چھٹانک ۸ عدد
دافع پچکاری برائے قرحہ۔ سوزاک کے کرانک حالت میں پچکاری کیواسطے ۸ عدد	**ڈیاریا پوڈر**۔ دافع اسہال پیچش و بدہضمی کے واسطے ۱۲ پڑیہ ۸
دافع وجع مفاصل و درد بھبی بیرونی مالش کے واسطے فی شیشی ۸	**کیورفار استسما**۔ ضیق النفس یا دم کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی ۸
عرق طحال تپ تلی کے واسطے ۴ خوراک ۸ عدد ۸ خوراک ۱۲	**کالرا کیور**۔ ہیضہ کا علاج ہر قسم کے اسہال کا گارنٹی کے ساتھ دیا جاتا ہے۔ فی شیشی ۱۲
ہیر سٹور یٹو پلز۔ دافع کثرت احتلام جریان منی۔ ۴۰ گولی ۸	

تمام فرمائشیں مندرجہ ذیل پتے پر آنی چاہئیں۔ اور اپنا پتہ اور مطلع کا نام خوشخط لکھنا چاہئے

المشتہر محمد امام الدین منیجر وکٹوریہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر پنجاب

اعلان

سنہ ۱۹۰۴ء۔ نیا سال۔ نئی کتابیں

خود معلم کی کتابوں کا سلسلہ

یہ کتابیں خود ہی اس لوگوں کے واسطے ہیں جن کو انگریزی کم آتی ہے یا جنہوں نے انگریزی سیکھنے کا شوق دیر سے کیا ہے۔ جن کو اپنے بچوں کو پڑھانا ہے فرصت کم ہے۔

پہلا حصہ اول انگریزی و اردو ۱۰۰ اس کتاب کی ۲۰ ہزار جلدیں اب تک فروخت ہو چکی ہیں۔ طبع حال میں جو ابھی شائع ہوئی بہت مضمون بڑھایا گیا ہے۔ ہر لفظ کا تلفظ اردو میں بذریعہ اعراب کے ادا کیا گیا ہے۔ تلفظ کے جدید قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ آخر کتاب میں چھ اور سبق بڑھ گئے ہیں۔ یہ کتاب تعلیم نسواں کے واسطے بھی نہایت موزوں ہے۔ غرض یہ کتاب اپنے پیچ معنی خود معلم کے ادا کرتی ہے۔ اس کتاب کا حجم بجائے ۶۴ صفحے کے ۸۰ ہو گیا ہے اور باوجود اس اضافہ کے قیمت وہی ۴ ہے ؛

پہلا حصہ دوم:۔ کئی ہزار انگریزی محاورہ کے جملے۔ کئی سو ضرب الامثال جملے۔ چٹھیاں۔ عرائض۔ بات چیت۔ دیگر مفید باتیں۔ اردو یعنی پتھر کے چھاپے میں ہیں۔ صفحہ ۲۲۴۔ قیمت بمعہ محصول ۸ ؛

پہلا حصہ سوم یعنی مفید اسباق:۔ بہت سے احباب کی مستوا ترا ئش سے یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ انگریزی میں ترجمہ کرنا گرامر کے ساتھ ساتھ نو آموز طلبا کو سکھایا جاوے۔ گرامر کا ترجمہ بجنسہ دیا ہے۔ سرکاری مدارس کی مروجہ گرامروں میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کتاب کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ حصہ اول صفحہ ۱۰۰ قیمت ۴ حصہ دوم صفحہ ۱۰۰ قیمت ۴ حصہ سوم صفحہ ۱۴۴ قیمت ۶ حصہ چہارم صفحہ ۱۴۴ قیمت ۶ ؛

مثل آدھا گرامر بمعہ اردو ترجمہ ۱۰۰ حصول میں کامل صرف و نحو صفحہ ۱۰۰ قیمت ۴ محصول ۱ ؛ ورڈ بک:۔ اس کتاب میں اردو اور جنس ۱ حصہ اول کا اردو ترجمہ اور تشریح ہے اور الفاظ کے معنی ہیں اور عبارت ہی مفید اور کارآمد نوٹ ہیں۔ قیمت بمعہ محصول صرف ۱ ؛ ایجنز انگریزی ضرب الامثال جملہ ۴ بمعہ ترجمہ اردو قیمت بمعہ محصول صرف ۳ ؛ دہ ہزار ادیم یعنی انگریزی محاورے اس نئی بائیسکل کا ملک میں ثانی نہیں۔ اس میں انگریزی محاورے بمعہ اردو ترجمہ انگریزی تشریح کے ہیں ہر مستعم کے طالبعلم کو اس کتاب سے بہت فائدہ ہو گا صفحہ ۴۵۰ قیمت بمعہ محصول صرف ۴ ؛ انگلش اینڈ اردو فیوچر لیٹر رائٹر دو حصوں میں حصہ اول صفحہ ۴۰۰ قیمت بمعہ محصول ۱ ؛ ایضاً حصہ دوم صفحہ ۲۰۰ بمعہ محصول ۸ ؛ اس کتاب کا مفصل حال علیحدہ اشتہار میں ہے۔ ہر قسم کی چٹھیاں ڈرافٹ وغیرہ ترجمہ اردو کے ہیں حصہ اول مجلد ۱۰۰ ہر دو حصہ مجلد بمعہ انگلش اینڈ اردو لیٹر رائٹر ۱۰۰ ؛ انگریزی کا منشی ۲ یعنی اردو میں صفحے کے چھاپے سے چھپ گیا ہے ؛ جنرل انگلش ریڈر ۱۰۰ ؛ گرامر کا عطر اور خلاصہ ہے صفحہ کتاب ۲۵۰ قیمت ۴ ؛

فہرست کتاب درخواست پر مل سکتی ہے

المشتہر مولوی نذیر احمد بی اے۔ نزد کوٹ مال بریلی

سلطان المعظم اور سلطنت عثمانیہ کے قدیم و جدید حالات

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کابان سلطنت رنگی۔ ۱۰۰ قطع دیدہ

پورے صفحے کی اور دو دو صفحے کی کل حجم

تین سو صفحے سے زیادہ

مجلد اچھر سنہری اور روپہری حروف میں کتاب کا

نام کندہ ہے

بالکل تیار۔ قابل دید

قیمت بمعہ خرچ ڈاک وغیرہ ۴ ؛

المشتہر مہتمم سرکار خانہ پیسہ اخبار لاہور

آب حیات

یعنی جوہر عشق

خون کی خرابیوں اور امراض جلد کے لئے اس سے بہتر کوئی دوائی مفید نہیں ہو سکتی۔ آتشک خواہ کسی قسم کی ہو یا فاسد خون کے باعث پھوڑے پھنسیاں دانے یا کھجلی ہو۔ خارش ہو یا بھگندر ہو۔ بہتا سیاہ داغ یا داد ہو۔ یہ جوہر عشقیہ درحقیقت آب حیات ہے۔ مرض کو جڑ سے کاٹ کر پھینک دیتا ہے۔ ہماری ترکیبات میں نہایت دلپسند خوشبو ذوالقدر ہوتی ہے۔ ہماری ترکیبات تمام خرابیوں کا دافع ہیں۔ جو اسکی مری سے ہر قسم کے امراض کے لئے پیدا ہوتی ہیں۔

خوشبودار ہے۔ قیمت فی شیشی خورد ۱ روپیہ کلاں ۲ روپیہ

دیگر ہر ایک مرض کی دوائی ہمارے یہاں موجود ہے۔ ہمارے کارخانہ کا نام (دینگا کر نظر فرمائیں)

(کارخانہ آرام رسانی رام نگر امرتسر (پنجاب)

المشتہر رائٹن اینڈ ہیرنام سنگھ سوداگر

کچھ تعلق نہیں رکھتا۔ کیونکہ ان نئے نئے جانوروں کے لیئے بہت تکلیف کیوں نہ ہو۔ انکے لیئے یہی شمشیر چنگیزی ہے۔ پس بنا کسنود نتیجہ نکال سکتی ہے کہ آیا اخلاقی نظر سے کون کمزور ہیں اور کون طاقتور۔ اس آئیکل کو ذرا غور سے پڑھیں۔ الراقم از ملتان

[مندرجہ بالا مضمون ایک نوجوان ہندو گریجوایٹ کا لکھا ہوا ہے جو اپنا نام ظاہر کرنا پسند نہیں کرتے۔ لیکن نام کے ظاہر کرنے کی ضرورت بھی نہیں معلوم ہوتی کیونکہ ایسے معاملات میں نام کا وزن کسی مطلب کے دلائل پر موافق یا مخالفت اثر ڈالنے میں اصل مطلب کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اگر کوئی صاحب دلائل مندرجہ مضمون ہذا کی تردید کر سکیں تو ہم خوشی سے انکے مضمون کو درج کرینگے۔ ایڈیٹر پیسہ اخبار]

اشتہارات

اشتہار عدالت دیوانی منصف صدر امرتسر بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۲۹ مارچ ۱۹۰۶ء

درمیان سنگھ نمبردار ولد جیت سنگھ ۴ نمبر اگیسپلیسران گہری قوم جٹ ذات جٹ ساکن ہنی کی تحصیل و ضلع امرتسر ساکن سبی دائی تحصیل و ضلع مذکور مدعی

دعوے مدعی

بمقدمہ مندرجہ عنوان بیان حلفی مدعی سے تصدیق ہوتا ہے کہ مدعا علیہ دانستہ چھپا پھرتے ہیں اس لیئے یہ اشتہار حسب دفعہ ۸۲ ضابطہ جاری ہوتے ہے چونکہ مدعا علیہ چھپا پھرتے ہیں اسواسطے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ خبر پاکر تاریخ ۱۴ اپریل ۱۹۰۶ء کو وقت مذکور عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی۔ ۲۹ مارچ ۱۹۰۶ء

اشتہار عدالت دیوانی باجلاس دیوان امرتسر حب تحصیلدار پشین بلوچستان واقعہ ۲۹ مارچ ۱۹۰۶ء

معاملہ نمبر ۱۷ لدسکہ ذات وزیر ہولد ساکن [illegible] ضلع کوئٹہ بلوچستان مدعی

دعوے مبلغ مالیت بابت دستاویز

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن ہذا کرنے سے عمداً روپوش ہے۔ لہذا اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ بتاریخ ۱۵ اپریل ۱۹۰۶ء حاضر عدالت ہو کر جواب دہی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری تحقیقات یکطرفہ عمل میں آویگی۔ بہ ثبت دستخط جاری

دستخط مہر عدالت کے یہ اشتہار جاری کیا گیا۔ تحریر ۲۹ مارچ ۱۹۰۶ء

اشتہار عدالت دیوانی باجلاس دیوان امرتسر از اسٹرلنگ ڈگلس صاحب بہادر ڈسٹرکٹ و سشن جج امرتسر باختیارات منصف درجہ اول ضلع ڈیرہ غازیخان

بنام [illegible] ساہوکار ڈیرہ غازیخان۔ قاضی عبدالحمید خلف قاضی عبدالرحیم خان [illegible]

اندریں مقدمہ عدالت کے اطمینان ہو گیا ہے کہ مدعا علیہ عمداً تعمیل سمن سے گریز کر کے روپوش ہو گیا ہے لہذا حسب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی مشتہر کیا جاتا ہے کہ آئندہ ۱۹ اپریل ۱۹۰۶ء کو عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی کرے ورنہ مقدمہ کی یکطرفہ کارروائی کر کے فیصلہ سنایا جائیگا۔ آج تاریخ ۱۷ مارچ ۱۹۰۶ء دستخط ۱۷ مارچ ۱۹۰۶ء

آپ بخومی بننا چاہتے ہیں؟

اگر آپکو عجیب اور نامعلوم کی خبریں معلوم کرنا ہوں اگر آپکے دل کو کسی امر کے متعلق سخت وسوسہ ہو یا کسی بات کی بڑی انتظاری لگی ہوئی ہو تو آپ ایک پلانچٹ منگوائیں یہ آپکے ہر ایک سوال کا جواب خواہ کیسا ہی مشکل کیوں نہ ہو فوراً صفحہ کاغذ پر تحریر کر دیگا جیسا آپ نے نیچے کی اور چیزوں مثلاً سٹیم وغیرہ اگرافی وغیرہ کا تماشا دیکھا ہے اب حیوانی قوت مقناطیسی کا مزہ لیں یہ آلہ جو انسان کے دل کی شکل کا ہے۔ اسکا عمل بھی بیشک دل سے ہی تعلق رکھتا ہے اب قیمت فی پلانچٹ مع رسالہ ہدایت وبکس پیکنگ و پیلیو پے ایبل کمشن و محصول ڈاک معاف۔

المشتہر گنڈا سنگھ اوسیرائے اینڈ کمپنی سیالکوٹ

۱۰۱ جوہر زراعت

یہ کتاب بھی کتاب چیز ہے۔ معہ تصاویر و انگریزی قیمت ایکروپیہ جسمیں ہر قسم کی دیسی زمکاریان سولاتی زمکاریان مصالحہ۔ ساگ۔ پھل غلہ اور عجیب غریب اشیائے تجارتی کے حالات مفصل و ترکیب کاشت و شناخت تخم و کھاد و زمین وغیرہ معہ تجربات کے مندرج ہیں۔ بڑی ضرورت اور معتبر ہے اسکے خواہند سے محروم نہ رہنا چاہئے۔ اسکی ولایت تک تعریف ہو چکی ہے۔

جوہر حیوانات

یہ کتاب بھی بے نظیر ہے نہایت دلچسپ اور ضروری جس میں تمام دنیا کے ہر قسم کے جانور خانگی و جنگلی چرند۔ درند خانگی پرند جنگلی پرند۔ آبی پرند کیڑے مکوڑے۔ زہریلے جانور۔ کہتیان۔ دریائی جانور نیز معدنیات انس۔ عجیب الخلقت جانور۔ سب کے حالات مفصل معہ تصاویر بیرنگ قیمت

جوہر نباتات

جوہر ہر شما ہیر جسمیں دنیا بھر کے تمام بڑے بادشاہوں۔ عالموں پیغمبروں اور بہادروں کے حالات مفصل۔ مشہور عورتوں کے قصے مزہ زمانہ حال کے نامی گرامی لوگوں کے حالات۔ معہ تصاویر قیمت عمدہ

جوہر ریاضی ۱۲ جوہر حکمت۔ جوہر معدنیات زیر طبع

المشتہر بیمار ۱۲ لعل زبندار بروٹھا ڈاکخانہ ضلع علی گڈھ

زبڑی یعنی کھوپا مقوی

یہ کھوپا لطیف خوشبودار و مزہ دار اور اعلیٰ درجہ کا مقوی ہے سریع التاثیر ہونے میں ایسا ہے مثل ہے کہ دیو دم میں ہی اپنا اثر دکھا کر قوت رجولیت کو ہڑپ ہانا شروع کر دیتا ہے اسکا استعمال موسم سرما میں عیش پسند امرا کو عموماً اور دراز کار رفتہ اشخاص کو خصوصاً عمدہ تقویت بخشنے کے علاوہ عالم شباب کی کثرت عیاشی یا پیرانہ سالی کے ضعیف قوا کو پوری تقویت بخشتا ہے۔ بیشمار لوگ اس کی طلسم اثر بہیہ طاقت کے قایل اور اسکی عمدہ خوبیوں کے مداح ہیں جو صاحب اسے باقاعدہ استعمال کرتے رہینگے زندگی بھر میں ضعف کی شکایت نہ پائینگے لاجواب نوبہار افزا قیمت فی بکس عمار محصول ڈاک فی بکس بیمار روغن بیسوائی پچیس کی خریدوں کے نقصانات رگوں اور پٹھوں کی ناطاقتی کیواسطے حکم اکسیر رکھتا ہے قیمت ایک شیشی طاقم نوٹ۔ اس شفاخانہ میں ہر ایک بیماری کی ادویات موجود ہیں۔

المشتہر حکیم محمد شریف منیجر شفاخانہ نمبر ۴۷

لاہور چوک مسجد وزیر خان

جوہر کیمیائے بصارت

دھند جالہ۔ ناخنہ پچلی۔ سرخی چشم۔ پڑوال۔ نزول الماء۔ ڈھلکہ۔ ابتدائی موتیا بند ضعف بصر و غیرہ جملہ امراض چشم کی حکمی دوا ہے۔ ستر سال سے ہزارہا بندگان خدا کو فائدہ پہنچا رہی ہے جس کو چھک تک سے بگڑی ہوئی آنکھ درست ہو جاتی ہے۔ عینک لگانیکی عادت چھوٹ جاتی ہے عموماً جاڑے گرمیوں سے زنانہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ قیمت فی گولی ۱۲ محصول ڈاک زنہ خریدار۔ المشتہر مرزا احمد الدین بیگ مالک اخبار آگرہ اخبار و حکیم سید نظام علی آگرہ۔ نوری دروازہ

کلیات طالب ملتانی

یہ اردو کلیات شاعر بے نظیر حضرت طالب کا گلشن میں چھپا ہے جس میں چھ ہزار شعر اردو دیوان ہیں۔ ایک شاگانہ دوسرا نقیہ قیمت فی جلد عہ علاوہ محصول۔ ملتان۔ بوٹر دروازہ جناب مصنفت سے مل سکتے ہیں۔

خضاب لاجواب۔ آزمودہ و مشرطیہ

ہزارہا دن مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ یہ خضاب بنا بین اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے الف نوجوانی دکھاتا ہے۔ بڈھی یا ہی اور جو قدرتی رنگ ہی بدرجہا بہتر ہے لہذا ایسی بے بہا خوبیوں کی چیز کو ہاتھ سے بخوشی نہ رکھنا چاہئے۔ بڈھے اور ضعیف طبعی مزاج لیڈی کو بہت ہی فایدہ مند ہے۔ دندانوں کا درد بھی رفع ہو جاتا ہے گاتے بجاتے والوں کو بنظر خاطر علم رکھنا چاہئے تو ضرور ہے۔ زنانہ ہوگا مفصل دیدہ طریقہ

المشتہر حکیم ابوالواحد طالب ناظر کچہری ریسہ کشمیری ہیلپور

اور ہر قسم کے مذہبی اخلاقی شادی غمی پولیٹکل اور تفریح کے جلسوں میں آنے والے آدمی اشتہارات بانٹنے پھیرتے ہیں ہر سوسائٹی یا سبھا میں جو لوگ فروشوں کے یہاں اکثر مال موجود رہتا ہے جہاں مختلف شہروں کے تاجر مال خریدنے آتے ہیں جب اُن لوگوں کو ہر قسم کا مال دیا جاتا ہے تو اس مال میں سے بھی کچھ خوار کر دیا جاتا ہے جسکو بیکرہ وہ لوگ دنیا کے ہر حصہ میں پھیل جاتے ہیں۔ ہمارے ملک کے صناعوں کو ابھی (ذہنی طرح پہنچا ہوا بھی نہیں لگی اس وقت اگر ہمکو مراد آباد کے برتن یا سہارنپور کی سفید لکڑی کے صندوقچے مول لینا ہوں تو ہمارے شہر سے کسی تاجر کے پاس وہ چیز موجود نہ ان صناعوں کا ہمکو کچھ پتہ معلوم۔ اگر کوئی دوستانہ اتفاقی جاکر مراد آباد یا سہارنپور میں ہوا تو منگا سکتے ہیں ورنہ خاموش ہو کر رہ جاوینگے پس وہ ایسی حالت میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ جبتک کہ ہمارے ملک کو ایک اعلیٰ اسٹیمل پر موجودہ صنعتوں سے تجارت کرنا نہ آئیگا وہ ترقی صنعت سے ظاہر خواہ فائدہ نہیں اٹھا سکتے جبکہ وہ ایسا سال سے جو اعلیٰ درجہ کا ان لگا ہے دوکانیں بھری پڑی ہیں اور اُس سے کچھ کر کے نہیں دکھلا سکتے کہ کیا امید کیجاوے کہ جب وہ اپنے ہاتھ سے کوئی مال تیار کرینگے تو اسمیں کر دکھائیں گے۔ ہمارا مطلب اس تحریر سے یہ نہیں کہ ملک کو صنعت نہ سیکھنا چاہیئے بلکہ ہمکو یہ دکھلانا مقصود تھا کہ تجارت اور صنعت دونوں میں سے کون اس وقت زیادہ قابل توجہ ہے

(از قلم نامہ نگار رسالہ فنون لاہور صنعت نمبر)

ویجیٹرین فلاسوفی کو چیلنج

گوشت خواری پر ایک اخلاقی نظر

گوشت خوری پر بحث کرتے ہوئے ان دو سوالوں کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیئے۔ ایک گوشت کا کھانا۔ دوسرا جانوروں کو گوشت کی خاطر مارنا۔ اسمیں کچھ شک نہیں کہ جہانتک اس مباحثہ میں اخلاق کا سوال پیدا ہو سکتا ہے وہ صرف دوسرے ہی سوال تک محدود ہے۔ اگر گوشت جنگلوں میں درختوں کی طرح اگتا ہوتا یا بارش کی طرح آسمان سے گرتا۔ تو اس پر کوئی اخلاقی بحث نہیں ہو سکتی تھی بلکہ صرف سوال پیدا ہوتا۔ تو یہ ہوتا کہ آیا میڈیکل طور پر گوشت کا کھانا جائز ہے یا نہیں۔ اس لیے جب اخلاقی بحث کرنی منظور ہو۔ تو فی الصدق یہ بحث گوشت خوری پر نہیں ہو سکتی بلکہ صرف جانوروں کے مارنے کے لیئے ہو سکتی ہے۔ اگر جینین والے مردار کو کھا لیتے ہیں۔ تو ویجیٹرین اخلاقی اصول سے اپنے برخلاف کچھ نہیں کر سکتے خواہ طبی اصول پر وہ کچھ کیوں نہ کہیں۔ اور جہانتک کہ اخلاق کا سوال پیش ہو سکتا ہے۔ صریحاً انہیں اور سبزی خوروں میں کچھ فرق نہیں ہے اگر آرٹیکل میں ہم صرف اس بات پر بحث کرنا چاہتے ہیں کہ دو گوشت خواروں سے کچھ حقیر ہیں۔ یا غالباً کچھ نقصہ ہی اٹھاتے ہیں اس سوال پر بحث کرنے کی بڑی ہماری ضرورت اس لیئے ہے کہ گوشت خواروں کی کثیر تعداد اپنے دلمیں یہ سمجھے ہوئے ہے کہ اخلاق کی نظر سے سبزی خور ایسے کچھ بڑھ کے ہیں۔ اور کئی ایک تو یہ بھی سمجھتے ہیں۔ کہ گوشت خوری صرف انکی اخلاقی کمزوری ہے۔ ہمارا یہ دعوے ہے کہ گوشت خور سبزی خوروں سے اخلاق میں کسی طرح کم نہیں۔ بلکہ اگر تمام اینار ساخون کو مدنظر رکھا جاوے۔ جو کہ جسمانی صفائت اور پرورش کے لیئے گوشت خوروں اور سبزی خوروں کو کرنی پڑتی ہیں۔ تو گوشت خوار زیادہ مہذب معلوم ہونگے۔ واقعات کی ناواقفیت سے یا ایک سرسری نظر سے ہمارے ایسے خیالات بیٹھ جاتے ہیں۔ جو کہ بہت ٹھیک معلوم ہوتے ہیں۔ مگر گہری تحقیقات سے نقشہ برعکس نظر آتا ہے۔ پہلے سے پہلے یہ سمجھا جاتا تھا کہ کئی چیزیں بہاری ہیں سے خالی ہیں۔ بلکہ اس میں ایک متضاد صفت ہے جسکو ہلکا پن کہنا چاہیئے۔ جیسا کہ ہوا۔ ظاہری طور پر یہ خیال صدیوں تک لوگوں کے دلوں کو شانتی دیتا رہا۔ نیوٹن نے ثابت کیا۔ کہ کوئی بھاری شئے دنیا پر ہلکی نہیں ہو سکتی۔ بلکہ سب بھاری ہیں تو ہیں ہی گوشت خواری کا سوال ایسا معلوم ہوتا ہے۔ ایک سرسری طور پر دیکھنے سے لوگوں کے دلوں میں یہ خیال پیدا ہو جاتا ہے کہ گوشت خواری سے جانوروں کی زیادہ ایذا رسانی ہوتی ہے مگر تحقیقات کرنے سے کچھ اور نظر آتا ہے۔

فرض کرو کہ گوشت کھانیوالے گوشت چھوڑ دیوین تو ایذا رسانی میں کتنا فرق آجائیگا۔ اس سوال کے حل کرنے کے لیئے ہمیں میلبتسن صاحب کا مسئلہ بہت مدد دیتا ہے۔ اس مسئلہ سے اب پولیٹیکل اکانومی کا ہر پڑھنے والا بخوبی واقف ہے۔ وہ مسئلہ یہ ہے کہ کوئی نوع خواہ وہ گدھوں کی ہو یا بکریوں کی یا انسانوں کی یا کسی اور حیوانوں کی اس تعداد سے بڑھ نہیں سکتی جس تعداد کے لیئے نیچر میں خوراک موجود ہے۔ یعنی اگر بکریوں کے لیئے صرف اسقدر گھاس موجود ہے جس سے بیس ہزار بکریاں پرورش پا سکتی ہیں۔ تو اس سے اگر تعداد میں زیادہ بڑھیں تو مر جاوینگی۔ اب یہ مسلم امر ہے کہ جانور جسمیں انسان بھی شامل ہے۔ اپنی نوع کو اس سے زیادہ بڑھانے کی طاقت رکھتے ہیں جسکے لیئے کہ خوراک موجود ہے۔ مہذب قوموں میں تو یہ رواج پکڑا ہے کہ وہ کبھی زیادہ بچے پیدا نہیں ہونے دیتے جسکے لیئے کہ خوراک مہیا نہیں ہو سکتی۔ اور اس لیئے وہاں آبادی بہت کم بڑھتی ہے۔ جیسا کہ فرانس کا حال ہے۔ اور جہاں کھانے کے لیئے ذخیرہ بہتہے۔ اور کھانے والے تھوڑے ہیں۔ وہاں تقریباً ۲۵ برس میں آبادی دوگنی ہو جاتی ہے۔ ہندوستان جیسے ملک میں جہاں اس بات کا بالکل چرچا نہیں۔ وہاں لڑکے تو پیدا ہوتے ہیں۔ مگر قدرت کے زبردست قانون کے مطابق بھوک سے مر جاتے ہیں یہی حال ہندوستان کا ہے اور جانوروں میں بھی یہی حال ہے۔ فرض کرو کہ ایک گاؤں میں چالیس بکریاں ہیں۔ اگر بکریوں کے کھانے کی خوراک صرف چالیس کے لیئے ہی کافی ہے تو اس چالیس سے بکریاں زیادہ کبھی نہیں بڑھ سکتیں۔ خواہ انسان گوشت کھاوے یا نہ کھاوے۔ انسان کے کھانے سے اگر پنپ رہیں۔ تو قدرت اپنا حساب اور طرح سے پورا کریگی اور جہانتک کہ بکریوں کو تکلیف ہے۔ وہ کسی طرح کم نہ ہوگی اور اس لیئے گوشت کھانا یا نہ کھانا کچھ اخلاقی نظر سے فرق نہ ہوگا۔ مگر فرض کرو کہ بجائے چالیس کے ساٹھ بکریوں کے لیئے خوراک مہیا ہو سکتی ہے۔ تو اس حالت میں اگر بکریوں کو سبزی خوروں کے ایڈیشن کے موافق گوشت کھانا چھوڑ دیا جاوے تو بکریاں بہت زیادہ مرینگی۔ اور یہ بات ایک مختصر سا سے سمجھ میں آسکتی ہے۔ اگر ایک بکری سال میں دو بچے دیتی ہو تو ایک سال میں کتنی تعداد ہو جاوے گی۔ اگر چالیس بکریوں کو زندہ رہنے کی اجازت ملتی ہے۔ تو سال میں اتنی ماری جاوینگی۔ لیکن اگر ساٹھتک پرورش پا سکتی ہیں اور گوشت خوار گوشت کھانا چھوڑ دیوین تو قدرت ایک سو بیس فنا کرے گی یعنی چالیس زیادہ مرینگی اور نتیجہ یہ ہوگا کہ سبزی خوروں کے ایڈیشن کے ہو جانے سے کئی گنا زیادہ ہوئی۔ یہ نسبت گوشت خوار کے سیدھے حل کیے۔ اگر بکریوں کی تعداد کبھی بند و ستان میں گنی جاوے۔ تو سبزی خور اگر اپنی کارروائی میں کامیاب ہو جاوین تو کئی لاکھوں بلکہ کروڑوں جانوروں کا زیادہ نقصان ہوا کریگا۔ اس لیئے ہم سمجھتے ہیں کہ واقعات کی ناواقفیت ہی سبزی خوروں کو بہلائے پھرتی ہے۔ درحقیقت اگر وہ ان باتوں سے واقف ہوں تو وہ گوشت خواروں سے زیادہ گناہگار ہیں۔ مگر ہمارے یہ امر نہیں۔ سب اور باتوں کو جانے دو ہمیں سمجھنا چاہیئے کہ جو گوشت وخون ہمارے میں ایک آدمی کی پرورش کے واسطے ہوتا ہے۔ عملاً گوشت خوار اور ناگوشت خوار دونوں کے لیئے مساوی ہے۔ کسی چیز کی طرف جیسا ان کو رجوع وہ باقی جو ہم پیٹ بھر۔ روٹی جو کہ ہم کھاتے ہیں۔ کپڑا جو کہ ہم پہنتے ہیں پھول جو ہم سونگھتے ہیں۔ دولت جسکو ہم اپنی آرائش کے کاموں کے واسطے بلاتے ہیں۔ ان سب چیزوں کے واسطے کسقدر خون ہوتے ہیں۔ غور دین سے دیکھو تو باقی میں سینکڑوں قسم کے جانور ہیں سے کئی ایک صبح ہوئی اور کھیتوں کی شکار کی اعداد سے موجود ہیں۔ فصل کے کاٹنے کے وقت کئی کروڑ جانور کیڑوں کا نقصان ہوتا ہے۔ کسان بیچارا باوجود ایسی پیداوار کے لیئے سب کو ہلاک کرتا چلا جاتا ہے اگر کوئی بشر بیٹھکر یہ سوچے کہ ایک ایکڑ زمین کے آرام کے لیئے کسقدر روحیں ذبح ہوئے۔ تو فی الصدق لاکھوں تک نوبت پہونچ جاوے گی یہ دلیل کہ ہم ان باتوں سے بیخبر ہیں اس وقت تک اثر کر سکتی ہے۔ جبتک کہ ان واقعات سے واقفیت نہیں ہوئی۔ اور یہ کہنا کہ انسان کو اپنی زندگی کے لیئے یہ کام کرنے پڑتے ہیں نامکمل بے معنی ہے سبک ذی حس کے لیئے ایک دن کے واسطے اسقدر کشت وخون کے کہا معنی ہیں۔ اگرچہ منطق رکھتا ہے تو یہ رکھتا ہے کہ گوشت کھانا ہے اور سبزی کھانا جائز۔ کیونکہ سبزی حاصل کرنے کے لیئے کئی ہزار دن جانوروں کا جو اس سبزی میں موجود ہوتے ہیں کھات کرنا پڑتا ہے۔ اور گوشت کے لیئے ایک بکر کئی آدمیوں کے لیئے کافی ہوتا ہے۔ یہ کہنا۔ کہ یہ جانور چھوٹے ہیں اور انکو تکلیف ہی کم ہوتی ہے۔ اس امر سے

گئی۔ اور جلسہ نہایت خیر و خوبی کے ساتھ تمام ہوا اور سب نے سلطان کو مبارکباد دی کے تعاقب دیئے گئے۔ اور بائیس توپ سر ہوئیں اور رات کو تمام شہر میں روشنی ہوئی۔ اور قلعوں پر آتشبازی چھوڑی گئی فقط۔ سراقہ عاسی مکہ معظمہ اصفہان سلطانہ۔

اندھیر نگری

جناب ایڈیٹر صاحب! پچھلے نمبر میں جالندھر چھاؤنی سے خروج کرنیوالوں کی فہرست معہ وجوہات اخراج دیئے چکا ہوں تعمیل ارشاد ہوتا ہوں۔ ملاحظہ فرمایئے کہ کیا اندھیر نگری کا سماں ہے۔ ابھی یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہہ فہرست مکمل ہو گئی ہے مگر فی الحال اسی پر اکتفا کرتا ہوں جیسی چھاؤنی جالندھر پر اندھیر نگری کی مثل صادق آئی ہے ویسی شاید کبھی کسی پر عائد نہیں ہوئی ہوگی۔ غالباً کسی ملک کی کسی زمانہ کی تواریخ شہادت نہیں دیتی کہ ایسی خفیف باتوں کے لیئے جنگوں کی بھی وقعت کی نگاہ سے نہیں دیکھتے۔ شہر بدر ہونے کی سزا دیگئی ہو جس زمانہ میں کامل شخصی سلطنتیں تھیں اُس وقت پھانسی یا سولی سے دوئم درجہ پر انتہائی سزا شہر بدر کرنے یا نکڑی چھین لینے کی تھی۔ مگر گلبری راج میں جیسا اندھیر ہوا ہے اُسپر عقل حیران ہے۔ اس وقت میں اپنی طرف سے زیادہ طول کلام کرنا نہیں چاہتا اس لیئے مطلب کی طرف راغب ہوتا ہوں مگر ساتھ ہی یہ امر جتلائے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جلد رفہ رفہ گڑبڑی ہے اُسکا راست اور سو بسو صحیح ہونا باسانی تمام ثابت ہو سکتا ہے مگر گورنمنٹ کو واضح رہے کہ اسکے لیئے ملک خطرہ ہے جبکہ پورا ہونا مقدم ہے وہ یہہ کہ جنگ چھاؤنی جالندھر سے راجہ گلبری اور اُسکے منظور نظر جمال دین کو نوال اور جمال دین کے پرائیویٹ سکرٹری یا مشیر خاص شمشیر خان کا اقتدار نہیں اُٹھایا جائیگا تب تک کی احقہ تحقیقات کا ہونا محال ہے۔ میں برملے سے کہتا ہوں کہ آج گولڈ سبری صاحب کو معطل کر دیا جائے یا کہیں اور بھیجدیا جائے اور جمال الدین کو بھی کچھ عرصہ کے لیئے سوا شمشیر خان کے علیحدہ کیا جائے تو پھر ایک ایک امر دیکھتے کس طرح روشنی میں آتا ہے اور کس طرح پایۂ ثبوت کو پہونچتا ہے بقیہ فہرست دیل میں درج ہے۔

محمد اللہ خان خانساماں۔ اسے نوکری کرنے کے لیئے کہا گیا مگر اس صاحب کی ملازمت قبول کرنے سے انکار کیا جسکی نسبت اسپر زور دیا گیا تبھی آخر جھنجلا کر گلبری صاحب نے اسے شہر بدر کر دیا۔

نتھو کھوجی۔ یہہ مرگھٹ میں پرستش کرتا تھا اس لیئے چھاؤنی سے خارج کیا گیا۔

بھی کھل موجی۔ خواہ مخواہ کچھ پتہ نہیں لگا کہ کیا اسرار تھا تاہم بانی کی علت میں انہیں شہر بدر ہونے کا حکم ملا مگر بعد میں بشکل تمام بلا وجہ ثبوت نکی رقیصہ ضمانت لیگئی ورنہ بارہ پتھر باہر نکالنے کا حکم ملا۔ جوالہ اگر تعجب ہے کہ حیدر ڈوبے سے ضمانت کیوں نہیں لیگئی مکتوب طوائف۔ کسی سے تکرار کرنے کی علت میں نکالی گئی۔

امام دین خدمت گار۔ کسی صاحب کی گڑبڑی جیب میں پگڑی پہرتا تھا اس لیئے چھاؤنی سے خارج کیا گیا

گوکی کنجڑا۔ مکان نہ خالی کرنے کی علت میں بارہ پتھر باہر کیا گیا

آغا ولد آسا سنجار۔ کسی شے کی بنوائی ٹھیک اور واجبی سے روز مانگتا تھا مگر کم دیجاتی تھی اس لیئے اس نے لینے سے انکار کیا اس لیئے چھاؤنی سے راجہ گلبری نے خارج کر دیا۔

قادر بخش خانساماں۔ ملازمت اختیار نہ کرنے کی علت میں نکالا گیا۔

آم کھلاون بہرہ رائبس صاحب۔ صاحب کی شکایت پر شہر بدر کیا گیا۔

مدار بخش۔ اس سے جبراً چھلکہ لیا گیا کہ میں ملازمت ہی انکار نہیں کرونگا)

ایک عرضی کا مقدمہ بھی سننے کے قابل ہے جسکی حال میں پوری کیفیت معلوم ہوئی ہے۔ شیخ عبدالرحمن صاحب سوداگر جو دکو بقیہ سقدمہ کا حال پہلے نمبروں میں بیان ہو چکا ہے کہ کسطرح بلا وجہ بلا قصور راجہ گلبری نے اُنسے چھلکا لیا اور کس طرح پانچ دو پیہ جرمانہ کیا اور کس طرح ثبوت نبوت جھگڑے ملک ثبوت نہ ہو سکی اور کس طرح جج ملوڈن صاحب نے اپنے رجسٹرک ریمارک پاس کیئے اور کسطرح شیخ صاحب کو اپیل کیا گیا کہ آپ لوکل گورنمنٹ کی جانب رجوع لائیں اور کس طرح لوکل گورنمنٹ نے اُنکے کاغذات گورنمنٹ آف انڈیا کو بھیجے انہیں ہیمز شیخ صاحب کی نسبت ہوئے دن ہوئے جال دین نامی کو تحصیل نے راجہ گلبری کو رپورٹ کی کہ شیخ صاحب کی مرضی دوسرے احاطہ میں (جو شیخ صاحب کے مکان سے بہت فاصلہ پر ہے) میلا کرائی آخر راجہ گلبری نے بذریعہ سمن انہیں طلب کیا (مخفی نہ رہے کہ جس احاطہ کی نسبت رپورٹ کی ہے اسی احاطہ میں دو اور مخصوص کی بھی مُرعیان ہیں) آخر الامر راجہ گلبری نے حکم صادر کیا کہ مزید تحقیقات کیجاوے۔ جب شیخ صاحب چلنے لگے تو اردلی کے چپڑاسی نے راجہ صاحب کو رائے دی کہ اُنسے حاضری کا مچلکہ لے لیا جاوے مگر خیر راجہ صاحب نے اسپر التفات نہیں کی۔ اب مزید تحقیقات درپیش ہے۔ باقی آئندہ عرض کرونگا۔ اس وقت آپکے ناظرین انہیں واقعات سے دیرین استعجاب سے نکلین گے۔

الراقم قاضی جی تم کیوں دُبلے؟ شہر کا اندیشہ

اس وقت ہمکو تجارت بنیاد چاہیئے یا صناع

یہ خیال عام ہوتا جاتا ہے کہ یہہ اسکول اور کالج ہمکو خاطر خواہ نفع نہیں پہونچاتے۔ اب واب ملازمت بند ہوتے جاتے ہیں صدہا تعلیم یافتہ ناتہ پرناتہ دھرے بیٹھے ہیں چونکہ اُنکو کتابی سبز باغ دکھلانے کے سوا کوئی عملی کام نہیں بتلایا گیا اس لیئے وہ اس سائنس سے کوئی فایدہ نہیں اُٹھا سکتے پر ہمکو صنعتی اسکول اور کالج کھولنے چاہیئے۔ جہانتک غور کیا جاتا ہے موجودہ حالت واقعی ملک کے لیئے دنیوی بخش نہیں نہ صرف ہم اندازہ معیشت کے تنگ ہونے سے حیران ہیں بلکہ گورنمنٹ بھی اس نو تعلیم یافتہ بیکار جرگے کے ہاتھ سے اک عالم حیرت میں ہے کہ کرے تو کیا کرے۔ ہمکو ملک کی یہ کیفیت ہے تو ایسے وقت میں یہ بحث پیش کرنا کہ آیا سوسائٹی ہمکو تاجر بنانا چاہیئے یا صناع قبل از وقت نہ ہوگا۔ یورپ ملک کی نگاہ صنعت کی طرف لڑی ہوئی ہے مگر میں جو کچھ اس وقت کہنا چاہتا ہوں وہ تجارت کی طرف سے صنعت اور صناع لازم اور ملزوم ہیں لیکن میرا مطلب لفظ صناع سے اُس صناع سے ہے جو بنا طیار کیا ہوا مال فروخت کرتا ہے اور لفظ تجار سے وہ تجار مراد ہے جو دوسروں کا بنایا ہوا مال فروخت کرے گو ہندوستان صنعت میں بہت ملکوں سے گھٹا ہوا ہے تاہم کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اُسمیں صناع موجود نہیں ہے۔ دہلی کے سادہ کار اور جڑاؤ کام کرنے والوں نے کیا یورپ کے صناعوں کو حیرت میں نہیں ڈالا۔ دھام پور نگینہ میں جس خوبصورتی اور نفاست سے آب نوس پر نقشی کام ہوتا ہے زمانہ قایل ہے کہ یہ مقہور و دون خوبی نقش ملک سے دکھلانا دشوار ہے۔ مراد آباد کے قلعے دار ظروف کو ملک غیر نے ہاتھوں ہاتھ لیا ہے۔ امرتسر کے مٹی کے برتنوں سے ملک میں کوئی دل نہ چھوٹا جسمیں اپنی وقعت کو جانشین نہ کیا ہو۔ ڈھاکے کی ململ اور چکن سہارنپور کی سفیدی لکڑی کی صندوقچہ۔ اکبر آباد کی مرمر نیچے تراشی کا کام فرخ آباد کے مانند پیتل کے برتن فرید میں جیسے۔ کالپی کی مصری۔ مرزا پور بھاٹنی کی دھلائی قنوج کا عطر۔ بریلی کی میز کرسی۔ شاہ جہانپور کے رنگے صرف ہندوستان ہی میں نہیں بلکہ ممالک غیر میں بھی اعلیٰ صنعت ہونے کے اعتبار پر سارٹیفکٹ اور تمغے حاصل کر چکے ہیں۔ مگر جب ان ہندوستانی دستکاریوں کے کارخانے اور فروخت پر نظر ڈالی جاتی ہے تو کوئی وجہ شک کی نہیں رہتی کہ ہمارے ہندوستان کے صناع یورپ کے ایسے صنعتی گویان بیچنے والے کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتے۔ یورپ کا ایسا مین الطبع گویان فروخت کرنے والا ہے صاحب ہندوستان کے تمام صناعوں کو خرید کر آزاد کر سکتا ہے اسکی کیا وجہ ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ ہم اصول تجارت سے واقف نہیں اور جب تک کہ ہم اصول تجارت سے واقف نہ ہونگے صنعت سے کچھ فایدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ ولایت کے صناع نے سب سے پہلے اصول تجارت سے واقفیت پیدا کی ہے جب وہ کچھ کر سکتے ہیں کہ ہر شے کے فروخت کے لیئے یہ امر مقدم ہے کہ اُس شے کا نام اور اُسکی صفتیں اور اُسکے ملنے کا پتہ ہر ایک کے ذہن نشین ہو جاوے اور پھر وقتاً فوقتاً ہر خاص و عام کو کسی دلچسپ طریق کے ساتھ اُدھر متوجہ کیا جاتا رہے قریب قریب ہر جگہ اور اس چیز کی آسانی سے ملنے کے ذرایع سوچ نکالیئے جائیں دیانتداری اور راست بازی کے ساتھ معاملہ ہو ان مقاصد کے پورا کرنے کے لیئے وہ لوگ جہانتک ممکن ہوتا ہے ملک اور ملک غیر کے اخباروں میں اشتہار چھپواتے ہیں۔ شہروں میں سڑکوں پر اشتہاروں کے پھریوں میلوں نمایش کا ہوں تیرتوں سمندر میں

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

جناب منشی احمد الدین صاحب منیجر مہند دلبست دیاست بیکانیر لکھتے ہیں کہ صرف چند گھنٹوں میں چھ خریدار قبل ازیں ہم پہنچا چکے ہیں اور ابھی بڑی سرگرمی سے سامی ہیں جناب سوداگر بھرت سنگھ صاحب ہیڈ ٹیچر ویلیس بیکانیر کے نام اخبار جاری کرتے ہیں اور بذریعہ انعامی کتاب قیمت وصول کرنیکا ارشاد کرتے ہیں۔

جناب محمد عبدالحق صاحب سوداگر کانپور تحریر فرماتے ہیں دیکھئے یہ تین نام آور سال خدمت ہیں۔ تین اخبار جاری فرمائیے اب آپکے آٹھ روپے گویا میرے پاس ہیں ایک نام کی آمد ہے کہ انشاء اللہ دس روپے کے سال خدمت ہونگے۔ بالفعل رمضان ہے اس کے بعد سفر میں بہت خریدار پیدا کئے جاوینگے۔ (۱) جناب حافظ محمد شفیع الدین صاحب سوداگر کانپور۔ (۲) جناب مولوی محمد عبداللطیف صاحب متصف اکبر پور۔ (۳) جناب منشی سید ضامن علی صاحب ڈپٹی کلکٹر کانپور۔

جناب لالہ نانک چند صاحب آہلووالیہ راولپنڈی سے تحریر فرماتے ہیں کہ میں دو خریدار لالہ رام پرشاد اور لالہ کاشی رام آپ کے اخبار کے لئے پہلے ہم پہنچا چکا ہوں اور اب بھی حتی المقدور خریدار پیدا کرنے میں کوشش کر رہا ہوں۔ بابو گھسیٹا رام صاحب کلرک چیف کمسریٹ آفس کے نام اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ ویلیو پے ایبل وصول کرلیں۔

جناب ارجمند محمد خاں صاحب اندور سے لکھتے ہیں کہ میں آپ کے اخبار سے ایسا خوش ہوں کہ خدا سے دعا مانگتا ہوں کہ جب تک آپ کے اسکے خریدار ہم پہنچا جاویں۔ بالفعل یکم اپریل سے ایک اخبار نام لالہ الفت رائے صاحب سکنڈ ماسٹر اجمیر کالج اندور جاری کر کے قیمت بذریعہ ویلیو پے ایبل وصول کیجئے۔

جناب سید محمود علی صاحب نائب تحصیلدار رقمطراز ہیں کہ تین خریدار پہلے ہم پہنچا چکا ہوں اب ایک اور خریدار پیدا کیا ہے منشی جمال الدین ویٹرنری اسسٹنٹ مقیم موگہ کے نام اخبار جاری کر کے بذریعہ ویلیو پے ایبل قیمت وصول کریں۔

جناب مفتی محمد صاحب طالبعلم بسی سے لکھتے ہیں کہ (۱) حکیم احمد حسن خاں صاحب مدرسہ بسی اور (۲) زین محمد خاں صاحب نمبردار کے نام اخبار جاری کردیں اور انعامی کتابیں صحیح کر قیمت وصول کریں۔

جناب رستم علی صاحب پٹواری لکھتے ہیں کہ کنور اجیب سنگھ صاحب پٹواری حلقہ بودل جانیکی تحصیل چنیاں کے نام اخبار جاری کر کے قیمت پیشگی وصول کرلیں۔

جناب غلام مصطفےٰ صاحب سوداگر نابارد سے لکھتے ہیں کہ دو گاہک میں پہلے اپنے فرض خرید ہم پہنچانے سے سبکدوش ہو چکا ہوں لیکن آپ کے تازہ معاملات اور کم فرخ اخبار سے اہل ملک کو مستفید کرنے کے حال کی شرط کے مطابق بھی خرید ہم پہنچاؤنگا آپ نواب خاں صاحب سوداگر پارچہ نانبارد کے نام اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ ویلیو پے ایبل وصول کرلیں۔

جناب بابا رام صاحب چھٹی رسان دیوداں سے لکھتے ہیں کہ ایک خریدار اپنے پیدا کیا تھا۔ بابو لالہ بیلی رام دوکاندار سرائے تلونڈی کو تحریر کرتا ہوں۔ انعامی کتاب کے ذریعے قیمت وصول کریں۔

اسلامی دنیا کی خبریں

——— چین کے مسلمانوں نے اپنے چند گروہوں کو تحصیل علم کے لئے قسطنطنیہ بھیجا تھا۔ وہ نہایت اعزاز کے ساتھ قبول کئے گئے اور سلطان اعظم کے حکم سے مدرسہ اندرون ہمایوں میں داخل کئے گئے۔ حال میں چین کے ایک آذر مخزر مسلمان برات آفندی نے بھی اپنے لڑکے حافظ عزیز کو بھیجا ہے وہ بھی سلطان موصوف کی اجازت سے مدرسہ اندرون ہمایوں میں داخل کیا گیا ہے۔ یہ طالبعلم عربی۔ فارسی۔ ترکی زبان سے واقف ہے۔

——— ڈاکٹر شاکر بیگ امیر الائے مویشی کی تحقیقات کے لئے ہندوستان کو بھیجے گئے تھے اپنا کام پورا کر کے بغداد ہوتے ہوئے قسطنطنیہ پہنچ گئے۔

——— حضرت سلطان اعظم نے صوبہ مناسٹر میں چھ مدرسوں کے قائم کرنے کے لئے ارشاد فرمایا اور نظارۃ المصارف نے اس کے انتظام والی مناسٹر کے نام جاری کر دئے ہیں۔

——— مشیر آصف پاشا جو ملک حجاز کے مفید عام دبتبرک مقامات میں تعمیر و مرمت کے اہتمام پر مامور ہوئے ہیں۔ رجب یوم جمعہ کو از سر نامی جہاز قسطنطنیہ سے جدہ کو روانہ ہو گئے ہیں اور جو روپیہ حضرت سلطان اعظم نے جیب خاص سے عطا فرمایا ہے وہ ساتھ لے گئے ہیں۔ باقی روپیہ بینک عثمانی کی معرفت بھیجا جاویگا۔ ان کے ساتھ ۲۰ کاریگر و مستری قلعہ سلطانیہ کی تعمیر میں کام کرتے ہوئے ہیں۔

——— جو مسلمان فیلبہ سے ہجرت کر کے ممالک محروسہ سلطانی میں آکر آباد ہوئے ہیں ان میں سے بعض کی عورتیں اور بچے وہاں رہ گئے تھے جو سخت تکلیف میں مبتلا تھے۔ سلطان اعظم نے ان کا حال سن کر ۲۰ پونڈ جیب خاص سے اور ۲۰۰ پونڈ خزانہ عامرہ سے ان کی امداد کے لئے عطا فرمائے۔ یہ روپیہ فتحی بک کاتب دوم کمیٹی بلغاریہ و جگیر پاس کی نگرانی میں انجمن اسلامیہ فیلبہ کی معرفت تقسیم کیا جاویگا۔

——— سلطان اعظم نے حکم دیا ہے کہ لشکر کو صرف دنبے کا گوشت دیا جاوے۔

——— برلن کی خبروں سے معلوم ہوا کہ شاکر پاشا فریق دوم بطور ایلچی کے برلن گئے تھے قسطنطنیہ کو روانہ ہو گئے ہیں ان کے پاس شہنشاہ جرمن کا دستخطی خط سلطان اعظم کے نام ہے۔

——— سلطان اعظم نے سال حال میں آل عثمان کے نام سے جو نیا تمغہ ایجاد کیا ہے اور جو صرف ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جن کی خیر خواہی اور خلوص سلطان اعظم کے ساتھ قوی طور سے ثابت ہو چکا ہو۔ یہ تمغہ شہنشاہ جرمن کو سلطان کی طرف سے بھیجا گیا۔ چنانچہ شاکر پاشا اس کو لیکر شہنشاہ موصوف کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ شہنشاہ نے اس تقریب میں ایک بڑا جشن ڈنر دیا جس میں ۱۵۰ جرمن کے نہایت معزز لوگ شامل تھے کھانے کے اثنا میں شہنشاہ نے سلطان کے محامد و اوصاف بیان کئے اور شکر گزاری کا اظہار کیا۔ (نجم الاخبار)

مراسلات

مکہ معظمہ زادہ اللہ شرفا

مکرمی ایڈیٹر پیسہ اخبار زاد عنایۃ

السلام علیکم۔ آجکل مکہ معظمہ میں ایک عجیب ہل چل مچی ہوئی ہے۔ جو لوگ امام مہدی علیہ السلام کے منتظر ہیں انکے لئے عجیب دلچسپی کا موقع ہاتھ آیا ہے۔ کئی جلسے کوئی محفل کوئی گھر اس تذکرہ سے خالی نہیں جہاں امام مہدی کے ظہور کا اور رمضان میں ذکر نہو۔ جب سے یہ بات مشہور ہو گئی ہے کہ اسی سال رمضان میں کسوف و خسوف دونوں ایک ہی مہینے میں ہیں اس وقت سے انکے خیال کو اور بھی زیادہ ترقی ہوئی اور ہر کس و ناکس کی طبیعت میں ایک نیا جوش اور ولولہ ہے۔ بعض سنچلوں نے اپنے ہتھیار جو برسوں سے پڑے پڑے بیکار اور زنگ آلود ہو گئے تھے۔ کار آمد کر لئے۔ مین نہایت حیرت کے ساتھ حالات دیکھ رہا ہوں۔ العلم عند اللہ۔ مین ہر کسی وقت انشاء اللہ اسکے متعلق کچھ لکھتا رہونگا۔

مین کسی پچھلے پیغام مین اطلاع دے چکا ہوں کہ سلطان المعظم کے حکم سے چھ ہزار آدمیوں کے رہنے کے واسطے جدہ مین مکانات بنائے جائینگے۔ اسکے متعلق تازہ حالات جو اب معلوم ہوئے وہ یہ ہین کہ وہ مکانات اب مکہ معظمہ مین بنین گے۔ گورنر حجاز اور ڈاکٹروں کے بورڈ رپورٹ بابعالی مین پیش کی تھی اسکا یہ منشا تھا کہ حجاج ہر سال نامالک اطراف سے اس کثرت سے آتے ہین کہ انکو شہر مین مکانات نہین مل سکتے۔ شہر کے باہر خیمون مین ٹھہرتے ہین اور شہر مین یہ حالت ہو جاتی ہے کہ جس مکان مین بیس آدمی بمشکل رہ سکین وہان بے لحاظ اور مسافر بھر دیئے جاتے ہین اور چونکہ اس حالت مین وہ لوگ حفظ صحت کا بندوبست کما حقہ نہین کر سکتے۔ اس وجہ سے یہان وبا کا مکانات کا بننا بہت جلد بہت مناسب ہے۔

مگر سنا ہے جنرل مجاور کی موقع اور محل تحریر نے بابعالی اور حضرت سلطان کو مجبور کیا کہ وہ اپنی پہلی رائے کو واپس لین اب وہ مکانات یہان تیار ہونگے۔ انکے بنوانے کی غرض سے لارشعبان کو آصف پاشا شاہ انگلستان وغیرہ کے یہان پہنچے بڑے دھوم دھام سے استقبال کیا گیا۔ سترہ ضرب توپ سے سلامی گئین۔ ۱۹ شعبان کو "ولادت ہمایون" (سلطان کی سالگرہ) کی تقریب تھی۔ بڑا شاندار دربار ہا۔ "حمیدیہ" مین کیا گیا۔ سب سے اول آصف پاشا نے ایک ترکی مین تقریر کی جسمین اپنے آنے کی وجہ اور استقبال کا شکریہ۔ اور سلطان کے اہل حرمین کی نسبت عمدہ خیالات اور۔ شاہ عام کیطرف انکی توجہ اور انکی سوانح عمری کے بعض عجیب واقعات بیان کئے۔ دوسرے دن تقریر مین تین۔ سترہ سلطان کا نام آیا تمام حاضرین نہایت ادب سے کھڑے ہو گئے۔ اسکے بعد اور بہت سے لارڈ۔ ڈیوکون کی تقریرین ہوئین۔ آخر مین سلطان کے واسطے دعا نہایت خشوع کے ساتھ

ایسے آوارہ پتے داخل کر کے پرورش کیے جا دیں کہ جو ملک کی گرد اگرد اور پہلی آبادی کو برباد کرتے رہتے ہیں یا بے بسی کی حالت میں بیخبری میں مر جاتے ہیں۔ ضرورت تو بہت زیادہ ہے مگر ڈائرکٹر بزنارڈو جیسے آدمی کہاں ملتے ہیں جو ہر روز پانچ ہزار بچوں کے کھانے کے بندوبست کے متحمل ہو سکیں کہ جنہیں اڑھائی سو پونڈ یا قریب چار ہزار روپیہ کے روزانہ خرچ خوراک اور پوشاک وغیرہ کا ہوتا ہے۔ اور یہ کل رقم خیرات اور عطیوں سے میسر ہوتی ہے۔

راجپوتوں اور خصوصاً راجاؤں اور رئیسوں میں دستور ہے۔ لڑکی کو جب بیاہ دیتے ہیں تو پھر کبھی مشکل ہی سے میکے میں واپس نہیں بلاتے۔ ان لوگوں میں ایسا بیہودہ رسم پھیلی ہوئی تھی کہ جو شخص لڑکی کو دوسری مرتبہ اپنے گھر میں طلب کرے اسے بڑا سی قدر جہیز اور اسباب دے کر رخصت کرنا پڑتا ہے کہ جتنا شادی کے موقعے پر دیا گیا تھا۔ گو یہ ہم تمام ہندوستان کے راجپوتوں میں نہ سہی لیکن اکثر جگہ اس کا رواج ہے۔ لیکن حال میں راجہ رام سنگھ صاحب برادر مہاراجہ رنبیر صاحب جموں کی دختر کی شادی کے موقعے پر مہاراجہ پرتاب سنگھ صاحب والی جموں کی تحریک سے اس اوجاع کی میاں قوم میں یہ فیصلہ منظور ہو گیا ہے کہ شادی کے بعد والدین کا دختر کو اپنے گھر میں بلانا کسی طرح ممنوع اور نامناسب نہیں۔ اور شرعاً اور قانوناً اسی قدر جہیز کا دینا ضروری ہے کہ جتنا شادی کے موقعے پر دیا گیا تھا۔ بلکہ جو والدین کی توفیق ہو اپنی بیٹی کو دے کر رخصت کر دیا کریں۔ مہاراجہ صاحب جموں کو اس تحریک کا جد بتلایا جاتا ہے۔ غرض موجد کوئی ہو اس میں شک نہیں کہ یہ تجویز عورتوں کے حقوق کی اصلاح میں ایک بہت مناسب ترقی ہے۔

اضلاع مغربی و شمالی کا محکمہ تعلیم جن تین اخبارات کی امداد کرتا اور ان کی بہت بہت سی کاپیاں خرید کر مدارس میں تقسیم کرتا ہے ان میں ایک کاشی پتریکا بہ ایڈیٹری رائے بہادر پنڈت لکشمی شنکر مصرا یم۔ اے شائع ہوتا ہے۔ ۱۰ مارچ کے پرچے میں "لڑکیوں کے امتحان مڈل کلاس ولیکر ۱۹۰۲ء کے اردو زبان کے سوالات کے پرچے درج ہیں جن میں اس قسم کے شعر درج ہیں ؎

تقدیر عرش پر ہے اور سر ہے پائے ساقی پر
غرض کچھ آج دشمن ہیں اس گھڑی تیور بیٹھے ہیں
افسوس کوئی پردہ نشیں پردہ در نہیں
وہ حسن جس میں عشق ہو رسوا نہیں رہا
یہ چھیڑ اے نکہت بادِ بہاری راہ لگ اپنے
تجھے اٹکھیلیاں سوجھے ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

ان کو کون سے ان کا مطلب پوچھا گیا ہے اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی دریافت کیے گئے ہیں۔ کیا اضلاع مغربی و شمالی کا محکمہ تعلیم لڑکیوں کے مدرسوں میں حسن اور عشق کی تعلیم دلانا چاہتا ہے جو مڈل کلاس کی لڑکیوں سے ایسے بیہودہ اور عشقیہ الفاظ اور اشعار کا مطلب دریافت کرتا ہے۔ یا یہ سوالات نامل کاشی پتریکا نے خود گھڑے ہیں جو بیہودگی سخت اعتراض کے قابل ہیں۔

تین چار سال سے متواتر اخبارات میں شکایت دیکھی تھی کہ جھانسی الہ آباد میں ایک دستور چلا آتا ہے کہ ہولی کے موقعے پر کمشنر صاحب ڈپٹی شراب فروش کو تین چار دن کے لئے معمول سے بہت زیادہ دیر شراب بیچنے کی اجازت دے دیتا ہے۔ اس پر گورنمنٹ کی توجہ منعطف کرائی گئی تھی اور امید تھی کہ اس سال کا مال اندر رہیگا۔ مگر ہمیں افسوس کے ساتھ ایک خلاف معمول خبر سے معلوم ہوا ہے کہ اس پر کچھ عملدرآمد نہیں ہوا۔ اس سال بھی متواتر چار دن کے لئے گورنمنٹ صاحب کمشنر صاحب نے دیسی شراب بیچنے کی اجازت دی۔ راتا تک دیسی شراب فروش کو شراب بیچنے کی اجازت دی۔ یہ گورنمنٹ کی اس پالیسی کے سراسر خلاف ہے جو دور اندیش ظاہر کرتی ہے۔ چونکہ چھاؤنیوں میں دیسی شراب کھلنا غریب اور جاہل لوگ استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً دھوبی، چمار، سوپی۔ چھپر بند، باورچی۔ مہتر، آخر بازاریاں وغیرہ وغیرہ۔ اس لئے ایسے وقت میں جبکہ ان کے سر پر پیشے کا روپیہ سوار ہوتا ہے ان کو پینے پلانے میں سہولت دینا فی الواقع ان کے بال بچوں اور بیویوں کا صبر لینا اور ان کو تباہی میں پھنسانے کا موجب بنتا ہے۔

شہرت اور عزت

ہر ایک دنیادار اپنی سمجھ کے مطابق ہر وقت جدوجہد کرتا رہتا ہے کہ عزت اور ناموری حاصل کرے۔ اور اس کے حصول کے وسائل کی تلاش اور کسب میں مصروف رہتا ہے۔ جائز وسائل سے دنیا میں جائز عزت حاصل کرنا کہ جو کسی طرح خود یا بہبودی تک نہ پہنچتی ہو ہر ایک عقلمند آدمی کا کام ہے۔ مثلاً ایک شخص دنیا میں اس قدر اور عزت حاصل کرنے کے لئے نہایت سختی سے سچ بولنے کا التزام کر لیتا ہے اور ایک دوسرا کسی ملازمت میں ترقی کرنے کے لئے بڑی جانکاہی سے حقوق خدمت بجا لاتا ہے۔ یہ دونو شخص سچی عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں اور جو وسائل انہوں نے اس عزت کے حاصل کرنے کے اختیار کئے ہیں ان پر ہمیں رشک آتا ہے۔ لیکن ایک قسم ایسے شخص صرف شہرت طلب کرنے کے لئے خالی شور و غل مچاتا پھرتا ہے۔ ہر مجلس اور سوسائٹی میں شامل ہوتا ہے کہ لوگوں میں نام مشہور ہو۔ ہر معاملے میں ٹنگڑی اڑاتا ہے کہ خواہ بدنامی بھی ہو تو بھی نام تو مشہور ہوگا۔ کیونکہ عوام الناس جو لیاقت اور صواب کو نہیں پرکھ سکتے دور کے ڈھول سہانے کی آواز سے ہی مطمئن ہو جاتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ فلاں شخص جس کا ذکر ہر معاملے میں آجاتا ہے بلا کا ذہین اور غضب کا جالاک ہے لیکن صرف عوام الناس میں جانا جانا یا بازار میں ہر شخص یا بازار میں ہر شخص کی انگلی اس کی طرف اٹھنا کوئی سچی عزت کی علامت نہیں۔ سچی عزت وہ ہے جو لوگوں کے دلوں پر قبضہ کر لیتی ہے اور جس سے کہ واقعی لائق اور سچی نوع انسان کے کاموں میں مدد کرنے والے لوگ یاد کئے جاتے ہیں۔

ممبصر ٹریبون نے ایک آفیشیٹنگ انڈین افسر کی سختی کی شکایت گورنمنٹ میں پیش کی ہے۔ اس دفعہ زیادتی کرنے والا افسر ایک ضلع کا مالک اور انصاف اور عدالت کرنے کا مجاز تھا۔ ایک صاحب ڈپٹی کمشنر ضلع جہلم ہے۔ اور جس پر زیادتی کی گئی ہے وہ اسی ضلع کا اگزکٹو انجینیر گورنمنٹ نیٹو ہے۔ منشی رام سنگھ صاحب اگزکٹو انجینیر جو حال ہی میں ایک سال کی رخصت انگلستان سے واپس آنے پر ضلع جہلم میں تعینات کئے گئے تھے۔ ایک روز گھوڑے پر سوار جا رہے تھے کہ مسٹر سنکلاک ڈپٹی کمشنر جہلم عدالت ضلع کے قریب کھڑے تھے اور ان کے ارد گرد بہت سے لوگ جمع تھے۔ صاحب بہادر نے دریافت کیا کہ یہ کون شخص گھوڑے پر سوار گزرا ہے۔ لوگوں نے منشی صاحب کا نام پتہ بتلایا۔ صاحب بہادر نے باواز بلند "رام سنگھ" پکار کر کہا۔ منشی صاحب لوٹ آئے۔ صاحب نے غرور میں خود ایا تم کو معلوم نہیں کہ ہم ضلع کے ڈپٹی کمشنر ہیں اور تم کیوں ہمارے پاس سے گھوڑے پر سوار گزر گئے اور ہم کو سلام نہیں کیا۔ اس پر منشی صاحب نے کہا مجھے آپ کا نیا عہدہ حاصل نہیں ہوا۔ اس پر پاس سے ایک شخص نے منشی صاحب کو کہا کہ آپ مسٹر سنکلاک ضلع کے ڈپٹی کمشنر ہیں۔ تب صاحب بہادر نے کہا کہ اب جو تم کو معلوم ہو گیا ہے کہ مسٹر سنکلاک کون ہے تو اب ہی گھوڑے سے نیچے اترو اور ساتھ ہی لوگوں کو حکم دیا کہ اس کو گھوڑے سے نیچے گھسیٹ لو۔ منشی صاحب خود گھوڑے سے نیچے اتر آئے اور اس طرح گھسیٹے جانے کی بے عزتی سے بچ گئے۔ اگر واقعات نفس بلفظہ صحیح ہیں۔ کیونکہ ٹریبون کو ان کی صحت کا یقین ہے تو کتنے افسوس اور حیرت کا مقام ہے کہ ایک یورپین افسر ضلع ایک ایسے بڑے دیسی عہدہ دار کو کتنا بے عزت اور حقیر کر سکتا ہے۔ منشی صاحب کے اسی سفر انگلستان میں خود حضور ملکہ معظمہ نے انہیں ملاقات کا افتخار بخشا اور اپنے دستخط خاص سے اپنا اپنی ایک تصویر پر لکھ کر ان کے حوالے کیا پھر اس کے بعد جس جہاز پر منشی صاحب واپس آئے یہ وہی جہاز تھا جس پر خود حضور لارڈ الگن وائسرائے ہند تشریف لائے ہیں۔ اور وہ بھی اسی جہاز میں منشی صاحب سے بڑی مہربانی سے پیش آئے۔ اس موقع پر ہمیں ایک کہانی یاد آتی ہے۔ ایک بادشاہ وزیر اعظم اور غلام کسی جنگل میں ایک ہرن کا تعاقب کر رہے تھے۔ راستہ میں ایک نابینا فقیر بیٹھا تھا۔ بادشاہ اس کے پاس سے گزرا تو پوچھا کہ سائیں صاحب ادھر سے شکار گزرا ہے۔ فقیر نے کہا کہ ہاں بادشاہ سلامت۔ پوچھا میں وزیر نے، ہاں بتلایا کہ بڑا اور فقیر نے پوچھا ادھر سے گزرے ہیں۔ فقیر نے جواب دیا ہاں وزیر صاحب۔ تب غلام آیا اور بولا ابے اندھے کوئی ادھر سے گزرا ہے۔ اس پر فقیر نے کہا ہاں بادشاہ اور وزیر گھوڑوں پر گزرے ہیں۔ یہ جملہ سنتے ہوئے تو انہیں ایک دوسرے کا حال سن کر تعجب ہوا کہ کس طرح ایک نابینا شخص نے بادشاہ وزیر اور غلام کو پہچان لیا۔ اس سے پوچھ کر کیفیت پوچھی تو اس نے کہا کہ خدا جن بندوں کو سب سے زیادہ عزیز کرتا ہے وہ سب سے زیادہ علیم بن جاتے ہیں۔

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ ۔ ۶ ۔ اپریل ۱۸۹۷ء

فریسیڈنٹ کے اقتدار حاصل کرنے پر پرنس بسمارک نے اپنی ایک بدلی اور بیرن ڈی کرسل سے کہا کہ لارڈ سالسبری نے جرمنی کو ہمدردی ہے اور کہ مصر کے انگریزی قبضہ سے جرمنی کا ذرہ بھی نقصان نہیں۔ اس لیے فرانس کو صلاح دی کہ انگریزوں سے مصر کے خالی کرانے کے وہمی خیال کو چھوڑ دو۔ یہ بات کہا جاتا ہے ایم فلورنس نے ظاہر کی ہے۔

۳۰ مارچ واشنگٹن۔ پریسیڈنٹ کلیولینڈ نے اپنی کانگریس کے پیغام میں چاندی کے سکوک کرنے کی محصول کی موجودہ قانون کو ذرا نہ کے حق میں نقصان رساں سمجھ کر نامنظور کیا۔

۲۹ مارچ ردم۔ سینیر کرسپی نے آج بھی کانگریس کا جلسہ کھولا۔ سات ہزار ڈیلیگیٹ ہاجود تھے۔ سینیر جیسلی وائس پریسیڈنٹ منتخب ہوا۔ تمام سرکاری ڈیلیگیٹ (جو مختلف سلطنتوں کی طرف سے آئے تھے) بادشاہ اور ملکہ اٹلی کے حضور میں پیش کیے گئے۔

۳۰ مارچ وائینا۔ شاہنشاہ فرانسس جوزف نے آسٹریا سرشہنشاہ ولیم والی جرمنی کے جب چار شام اہاز یا کو گئے اور شام کو وائینا کو لوٹ آئے۔

۳۱ مارچ۔ لنڈن۔ کل شام کو سیسر جرڈ ٹمپل نے ہوم آف کامنز میں دریافت کیا کہ سیام کے متعلق کاغذات میز پر رکھے جاویں اس نے بیان کیا کہ گذشتہ مقفہ کام فرانس اور روکس کا اس نسل میں ہندوستان کے لیے بڑی دھمکی ہے۔

یکم اپریل لنڈن۔ انگلستان کے محاصل سال گذشتہ ۹۴۰۰۰۰۰ پونڈ ہوئے جن کہ محض انکم ٹیکس کی بدولت ۴۷۰۰۰۰ پونڈ کا اضافہ ہے۔ اور زیادہ تر مسکرات اسٹامپ اور چنگی میں ہوئی۔

یکم اپریل برلن۔ پرنس بسمارک کی سالگرہ کے روز انکی بڑی عزت کی گئی۔ شاہنشاہ جرمنی نے ایک زرہ ایک تلوار جو چینی کے ہمراہ بھیجکر لکھا کہ زرہ کی فولادی قوم کے تشکر گذاری کی خاص علامت ہے۔

۳۱ مارچ وائینا۔ کوسوتھ (شہر عجیب الوطن) کی کوشش بڈاپسٹ میں بڑے تکلف سے رکھی ہوئی ہے۔ ہر روز بڑا ہجوم اسے دیکھنے آتا ہے۔ قومی جوش کی کوئی حد نہیں ہزارہا لوگ طرف میل سے بلکہ اسکی لاش دیکھنے آتے ہیں۔

یکم اپریل۔ لندن۔ آسٹریا اور روس نے ایک مضی تجارتی عہدنامہ جو لائی تک فیصل کیا ہے۔

لاہور و پنجاب

سر جیمس فیٹز پیٹرک اور انکی دختران عالی تبار ۲۴ مارچ کی شام کو موٹھال گڈہ کی کشتیوں کی پل پر سے اسنگے پر سوار گذرے انکی تین گھوڑے بدکے اور ٹانگا بیس گز نیچے نہر کے سے جا گرا اور ہر آنرا سین سے گر پڑے اور شکر کی بات ہے کہ بال بال بچ گئے۔

جس وزیری نے سرحدی ایلچی کے جمعدار کو گولی سے مار ڈالا تھا اسکو ملکہ ان نے جرگہ میں حاضر کر کے جرمانہ کی سزا دی اور قید نہ کی۔ کیونکہ جمعدار خلاف قواعد کے سرحد سے پار چلا گیا تھا۔

ـــــ مسمات کمون زوجہ غلام محبوب سبحانی پر جو ضرب شدید کا دوسرا مقدمہ دائر تھا، عدالت رائے بہادر جوالا پرشاد مجسٹریٹ درجہ اول سے مسٹر رامنس مجسٹریٹ درجہ اول کی عدالت میں منتقل ہو گیا۔ خبر ہے کہ خون کے مقدمہ کی اپیل گورنمنٹ نے طلب کی ہے۔

ـــــ مقدمہ ہرجانہ مولوی الٰہی بخش بنام سیکرٹری آف سٹیٹ ہند جسکا اپیل بنا راضی حکم ڈسٹرکٹ جج شملہ جو خاص کام پر اس مقدمہ کی تحقیقات کے لیے مقرر ہوا تھا چیف کورٹ میں دایر ہے اور تاریخ پیشی ۲۰ اپریل تھی۔ اپیلانٹ کی طرف سے مسٹر راٹیگن بیرسٹر پیروکار ہیں۔ رقم مدعویہ ۱۵ لاکھ پچھتر ہزار ہے۔

ـــــ میلہ شالامار باغ لاہور ۳۰ مارچ و یکم اپریل کو دھوم دھام سے ہوا۔ باغ میں ہجوم اور رونق بہت تھی لاہور سے شالامار باغ تک سڑک پر چھڑکاؤ کا انتظام بہت اچھا تھا۔ گو یکہ والوں سے محصول سنا ہے کہ سخت کیا گیا۔ میلہ میں ایک مجسٹریٹ نے اجلاس کیا تھا تاکہ میلہ میں جو مقدمات پیدا ہوں انکی وہیں تحقیقات کیجاوے۔ افسوس کہ ایک دس بارہ سال کا لڑکا تالاب میں نہاتا ہوا ڈوب گیا۔ میلہ سے پہلے روز گھوڑوں کی منڈی بہت اچھی تھی۔

ـــــ صاحب لفٹنٹ گورنر نے جمعہ کی دوپہر کو راولپنڈی میں دربار کیا جسمیں تمام رئیس ضلع کے حاضر تھے۔

ـــــ صاحب ریزیڈنٹ کشمیر ۴ اپریل کو مہاراجہ صاحب سے بمقام جموں معمولی ملاقات کر کے سیالکوٹ سے سرینگر کو روانہ ہونگے۔

ـــــ سر ڈبلیو پلوڈن سینیر جج پنجاب چیفکورٹ کے عہدہ کا چارج ۱۱ اپریل کو مسٹر ڈوک کے سپرد کرینگے اور ممبران بار ایسوسی ایشن ایڈریس پیش کرینگے۔

ـــــ مسٹر سی ایف ایلیٹ نے چارج عہدہ کنسرویٹر جنگلات پنجاب کا مسٹر فارسٹ قائم مقام سے لیا۔

ـــــ چھاونی پشاور و نوشہرہ اور حسن ابدال پہلے تین سٹیشنوں پر بترتیب پچاس اور ساٹھ ساٹھ روپیہ ماہوار کی نخواہ پر سیکشن ماسٹر مقرر تھے مگر اب تینوں جگہ یورپین لوگ ۱۵۰-۱۳۰ اور ۱۲۰ کی تنخواہوں پر رکھے گئے ہیں۔

ـــــ امتحان مڈل پنجاب میں پانچہزار اچھے سوا امیدوار دو سے تین چوتھائی کامیاب ہوئے۔

ـــــ لاٹ صاحب دورہ سے لاہور واپس پہونچیں گے۔

ـــــ جہلم میں ایام ہولی میں ۲۲ دین جلد اطلاق میں ہنگامہ ہوا۔ کئی سپاہی گرفتار ہوئے۔

ـــــ علیگڈھ کالج کا ڈیموٹین علیگڈھ ۱۲ اپریل کو روانہ ہوگا اور ۱۵ کو بروز یکشنبہ صبح کے ۷ بجے لاہور پہونچیگا۔

ـــــ سردار محمد حیات خان صاحب کی دوسری بیٹی کی شادی علیحدہ ہونے کے بعد برابر گورنمنٹ پنجاب اور گورنمنٹ ہند کے مابین خط و کتابت ہوتی رہی کہ یہ عہدہ بڑا فضل سپرنٹنڈنٹ ہو جاوے منعقد سول سپرنٹنڈنٹ چنانچہ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے ہمکاظہ متعہد افسران کو آئندہ اس عہدہ کا دیا جانا منظور کیا۔

ڈاکٹر برنارڈو صاحب کا یتیم اور غریب خانہ

انسان خدا کی مخلوقات سے ایک عجیب خلقت ہے۔ ایک شخص ہمت۔ استقلال اور توجہ سے جس کام کو شروع کر دے وہ اُس میں بارہا اتنی کامیابی حاصل کر لیتا ہے کہ دیکھنے والے حیران ہوتے ہیں۔ یورپ میں اس قسم کی بہت سی مثالیں نظر آتی ہیں کہ ایک آدمی کی لگاتار کوشش سے کتنے بڑے کام پورے ہو گئے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ وہ لوگ مستقل مزاجی اور عزم کے معنی سمجھتے ہیں۔ ۱۸۷۰ء میں جارج مُلر صاحب کے برسٹل کے ایک مشہور یتیم خانہ کے بانی کا ذکر کیا گیا تھا۔ اور آج ایک اُس سے بھی مشہور لنڈن کے یتیم خانے کے بانی کا ذکر کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر برنارڈو صاحب نوجوان آدمی تھے کہ انہیں ایک روز گھر کو آتے ہوئے راستے میں ایک آوارہ بچہ بھوک اور سردی سے نڈھال مل گیا۔ انہیں خیال ہوا کہ اسے مکان پر پہنچ کر آج کا کھانا دونگا۔ اور اس خیال سے بہاں تک وقت اختیار کی کہ برنارڈو صاحب نے آوارہ بچوں کی بھلائی کی۔ اسی طرح کے بیمار مفلوج عاجز۔ ناتوان۔ آوارہ مصیبت زدہ اور بھوکے ننگے لڑکے اور لڑکیاں جمع کرنا شروع کیں۔ اور اُن کی پرورش اور تربیت پر اپنی ساری توجہ مصروف کر دی۔ یہاں تک کہ آج اُن غریب اور یتیم خانوں میں پانچ ہزار سے زیادہ لڑکیاں لڑکے پرورش پاتے اور مختلف پیشے سیکھتے ہیں۔ یہ ایک ماہوار رسالے کے ذریعے سے اُن کی ضروریات کا اعلان انگلستان اور تمام دنیا کے انگریزی خوانوں کے پاس کرتے رہتے ہیں اور خدا اُن کے متوکل بندے کو کبھی بھوکا نہیں مرنے دیتا۔ ہزارہا کو گرد اور بکے لڑکے اور لڑکیاں کہ جن میں سے آدھے سے زیادہ لنڈن کی گلیوں میں تب ہی مر جاتے اور باقی اُس ملک کے لئے ذلت اور شرم کا باعث ہوتے ڈاکٹر برنارڈو صاحب کی کوشش سے اچھے اچھے مفید پیشے سیکھ کر آج دنیا میں عزت سے گزارہ کرتے ہیں۔ ہمارے پاس اس عظیم الشان خیراتی انسٹیٹیوشن کی رپورٹ پہنچی ہے جس کے مطالعہ سے اس نیک اور دعاء عام کام کی عظمت معلوم ہوتی ہے اور ثابت ہوتا ہے کہ یورپ کے لوگ ایسے دعاء عام کے کاموں کو کیسی مدد دیتے ہیں۔ اس سال میں ۴۷۵۵ بچے بڑے غریب۔ محتاج۔ اپاہج اور یتیم ان خیرات خانوں میں ۱۰۰۰ اور ۱۸۹۶ بچوں سے اس سال میں سالقہ چڑھا۔ ۴۷۰۷ جوان لڑکے لڑکیاں کام سیکھ کر نوآبادیوں کو روانہ کئے گئے جن میں کل ایسے کام سیکھ کر جانے والوں کی تعداد ۳۷۰۰ ہو گئی جو اُن خیراتخانوں میں شامل ہوتے تو اسی لاوارث بچے آوارہ گرد بدمعاش۔ بٹھارا اور گداگر بن جاتے کیا ہندوستان میں ایسے غریبخانوں کے بنانے کی ضرورت نہیں ہے کہ جن میں

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— ۲۹ مارچ کلکتہ۔ مسٹر جسٹس سے لیجسلیٹو کونسل میں بل پیش کیا جانے پر لیجسلیٹو کونسل کے ممبران نے رائے دی کہ ریٹائرمنٹ کی تجویز کے مسودہ پر غور کیا جائے۔ رپورٹ پیش کی۔ خانہ بدوشوں کے تجویز کے مسودہ کی رپورٹ پیش ہو کر منظور کیا گیا۔ مسٹر الی وارنر نے مزارعین (کنس) کی امداد کے ایکٹ کی تجویز کا مسودہ پیش کیا۔ مہاراجہ صاحب اجودیا نے کئی سوالات مذہبی اوقاف کی نسبت اور مسٹر ہیوٹ اس سے حاصل کی نسبت دریافت کیے۔ ڈاکٹر داس بہادر نے ہوش نے ہر ہی کی گذشتہ منظور اور اس کی نسبت سوال کیے کہ کیا گورنمنٹ اتفاق ہے کہ ہندوستان کی آبادی کی رپورٹ کے مابین لفظ "تجویز" واقعہ فقرہ ۲۹۹ تعزیرات ہند کے معنوں میں اختلاف ہے۔ پنجاب چیف کورٹ کی رائے میں اس کے معنے ایسے دیے ہیں کہ امین نہ کی روح شامل ہیں اور الہ آباد ہائیکورٹ صرف اسکو خبر دی روح کے لیے ہوئے سمجھتے ہیں۔ کیا گورنمنٹ ہند اس امر میں کوئی اضافہ قانون نافذ کرنا مناسب سمجھتی۔ مہاراجہ صاحب دربھنگہ نے سوال کیا کہ کیا یہ صحیح نہیں کہ بنارس کی میونسپلٹی نے وہاں کے ہندو مندروں پر ٹیکس لگا دیا جبکہ مسلمانوں کی مساجد اور عیسائیوں کے گرجے ٹیکس سے بری ہیں۔ اور کیا صوبہ آسام کی دیہاتی ملازمت کا مسودہ والیسرائے نے بعیت کونسل منظور کیا ہے۔ اور کیا مسٹر ریس کی رپورٹ متعلق جرائم جو اس دیہاتی ملازمت کے ایکٹ کے اجرا سے ہوئی ہے گورنمنٹ شائع کرے گی۔ اسکے جواب میں سے اے پی میکڈانل نے مہاراجہ صاحب اجودیا کو کہا کہ گورنمنٹ بالفعل آمادہ نہیں ہے کہ خیرالی اوقاف کی عام انتظام کی تحقیقات کرے۔ ڈاکٹر راس بہادری ہوش کو جواب دیا کہ میونسپلٹیوں کے فیصلوں کا اختلاف گورنمنٹ نے معلوم کیا ہے لیکن بالفعل گورنمنٹ اس بارہ میں کوئی قانون بنانے کو آمادہ نہیں۔ مہاراجہ صاحب دربھنگہ کو جواب ملا کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے معبدوں میں کوئی ایسی تفریق نہیں قایم کی گئی ہے۔ صوبہ دراس کی دیہاتی ملازمت کے ایکٹ کی نسبت جواب دیا کہ گورنمنٹ ہنوز اس امر میں غور کر رہی ہے اور اجلاس کونسل کا برخاست ہوا۔

— ۲۹ مارچ کو بمبئی ٹاؤن ہال میں پاسٹیو صاحب کلکٹر ساگر نے اپنے کلکٹری کا چارج مسٹر ہیتھ کو تفویض کرنے کے لیے ابتدائی جلسہ اصابت صاحب گورنر بہادر منعقد ہوا اور ڈاکٹر ہینکس نے اسکے ڈائریکٹر پر کچھ رویا۔ اور جلسہ ختم کرنے کی صاحب گورنر نے تجویز کی۔

— بمبئی گورنمنٹ اپنے کمیٹی صوبہ الہ آباد کو بدل کرنے والی ہے۔ پہلی جگہ میں بیماری بہت رہتی ہے۔

— ویسری نیسری سکول اجمیر میں قایم ہوا تھا۔ وہ اپنے بانی کے نام پر جاری رہیگا۔

— آگرہ کے کارخانہ دباغت چمڑہ کے کارپوریشن کے خلاف جو مقدمہ جعلسازی کا تھا وہ کلکٹر صاحب نے خارج کر دیا۔

— ایک جمع میں آگرہ کے متصل ایک شخص نے بھیڑ ایک ہندو کی جورو کو بہکایا تھا مگر اسکا پتہ نہ لگا چند ماہ کے بعد وہ خود بخود واپس آئے۔ صدمہ رسیدہ شوہر نے اپنی بیوی کے بہکانے والے پر اپنے ساتھ دوستوں کی مدد سے حملہ کیا۔ دونوں بھاگ کر ایک مکان میں گھس گئے۔ اور اندر سے قفل لگا دیا۔ باہر والوں نے مکان کو آگ لگا دی۔ اور عورت مع اپنے یار کے جل مری۔ عدالت کلکٹری آگرہ میں مقدمہ پیش ہے۔

— جہاں بھیی رہتے ہوں وہاں سور کا گوشت بہت ہوتا ہے اور سنا گیا ہے کہ یہی حال رنگون کا ہے۔

— والبسرائے بہادر اور لیڈی الگن جمعہ گذشتہ کی نیمپر کو بجانب لکھنؤ روانہ ہوئے۔

— بنگلور کے میسور ہسپتال میں ہفتہ گذشتہ کے روز ہندوستانی کے لیے پاسٹیور انسٹیٹیوٹ قایم کرنے کے واسطے چندہ فراہم کرنے کے لیے ایک جلسہ ہوا۔ جسمیں مہاراجہ صاحب میسور سے بھی مدد کی درخواست کی گئی ہے۔ لوکل میونسپلٹی نے ایک ہزار روپیہ دیا۔

— ۱۰ اپریل بروز سہ پہر ایکسپریس ٹرین ہیوٹ کال نام کو لکھنؤ سے یہاں پہونچے اور کل کا دن ٹھہر کر مسٹر ماڈل کمشنر اور ایجنٹ کے ساتھ لیکر بذریعہ سپیشل ٹرین رام پور کو نواب صاحب کو گدی نشین کرنے جائینگے۔ رسم ۱۴ اپریل کو ادا ہوگی اور لاٹ صاحب دوسرے روز ترائی لمین شکار کو چلے جائینگے۔

— لارڈ ہیرس ہفتہ کے روز بمبئی سے کولہاپور گئے۔

— سر ہوریس ڈیوریند اتوار کے روز جہاز سے بمبئی آئے۔

— چھاؤنیوں کے قانون کی کمیٹی کی رپورٹ وسط اپریل تک تیار ہو جاوے گی۔

— مسٹر آر سی دت بنگالہ کے قابل سولیٹر کمشنر برودان مقرر ہوئے۔

— مہاراجہ کشن چندر آباد کے سیتا رام باغ مندر کے متعلقہ کی پیروی کو گئے۔

— وائٹ نامی گورہ سپاہی لنڈن سے رنگون کو کشتی خرچ پر روانہ ہوا ہے جہاں وہ بتلائے گا کہ اس نے ایک ساتھی سپاہی کے ساتھ مانڈلے محل سے چرا کر شاہ تھیبا والی برہما کے شاہی زیورات دفن کیے۔ اس رفیق نے مرنے وقت اس قصہ کو بیان کیا اور وائٹ نے اسکی تصدیق کی۔ ایک لاکھ روپیہ کی مالیت کے اسباب نکلنے پر وائٹ کو دس فیصدی ملیگا اور اس سے زیادہ پر پانچ فیصدی۔

— جیسا کہ بنگال میں ہیضہ اپنے جسم کی پیدائش اور علاج کے ذریعہ سے نہ ہونے دیتے جاتے ہیں گورنمنٹ ہر ہیضہ اسی طریقہ کو اپنے پولیس میں رواج دینے والی ہے۔

— اثر چندرون (برہما) کے ڈپٹی کمشنر نے اپنی گورنمنٹ کو اطلاع دی ہے کہ میری مہم چن لوگون اور کسوا سوا قوم کے خلاف جو ہنوز ہے وضع منگ تنگ رہ چکی تھی اور نو آدمیوں کے سر کٹنے سے بخوبی کامیاب ہوئی۔ جاریہ حالات کے سردار پکڑے گئے اور جنکو سخت جرمانے ادا نہ کریں گے نہ ہونگے (۳۰ مارچ۔ رنگون)

— مانڈلی مین پانچ ڈاکو معہ ۵۴ اسلحہ کے گرفتار ہوئے۔

— ۳۱ مارچ۔ آگرہ۔ صاحب کمانڈر انچیف کل شام کو جھانسی کی طرف روانہ ہوئے جہاں سے وہ گوالیار جائینگے۔

— چارٹرڈ بینک انڈیا آسٹریا اور چائینا نے نصف سال کے حساب پر سات فی صدی نفع تقسیم کیا۔

— کوئٹہ کو جاتے ہوئے بمبئی لانسرز کے ایک سوار نے اپنی سی مین کسی وجہ سے ایک رسالدار اور تین سواروں کو کاٹ ڈالا اور چار سواروں کو زخمی کیا جنمین سے دو کی بری حالت ہے اس سوار کو رسالدار نے موقعہ انتقام لیا تھا۔

— ۲۶ مارچ کو لیجسلیٹو کونسل مین جیلخانون کا مسودہ منظور ہو گیا۔

— غالباً شملہ پبلیکس لیٹو کونسل کا پہلا اجلاس آئندہ ہوگا۔

— میسور مین میسور سرکار نے ایک اگریزی اخبار ہفتہ وار شائع ہوتا تھا اسکے کسی مضمون پر ناراض ہو کر ریاست نے اخبار کو بلا کسی تحقیقات اور جواب طلب کرنے کے ایک سال کے لیے بند کر دیا اور مطبع کا سامان ضبط کر لیا۔ غنیمت ہے کہ انگریزی راج مین ایسا نہیں ہو سکتا۔

— آگرہ سے خبر آئی کہ ایسٹ سنری جنٹ کے تین گورہ سولجروں نے فائر کیا جسے ایک دیہاتی کی ایک آنکھ پھوٹ گئی جو سول ہسپتال مین زیر علاج ہے۔

— انجمن مفید الاسلام مدراس کے مکان مین مدراس کے مسلمانوں نے ایک جلسہ کر کے ایک ایسوسی ایشن کو از سر نو قایم کیا کہ جو مسلمانوں کی پولیٹیکل تعلیمی اور دیگر حاجات کی مستعدی کے ساتھ نگرانی کرے۔

— رانی صاحبہ بہاونگر نے خواجہ غریب نواز اجمیر کی درگاہ مین بڑی دیگ چڑھائی اور علاوہ اڑھائی سو روپیہ کی نقد پیشکش کے پانسو روپے نقد دیئے۔

— میلہ ہردوار جنوری میں تہ تیم اپریل سے شروع ہو کر مئی کو ختم ہوگا۔

— افیون کمشن کا کل خرچ ہندوستان مین بیس لاکھ پونڈ اور انگلستان مین ڈیڑھ ہزار پونڈ ہوا۔

— مسٹر تھکٹر میرٹھ نے وقت رحلت کیے گئے کہ انکی لاش جلائی جاوے۔ ہندوستان مین یہ پہلا انگریز ہے جسکی لاش جلائی گئی۔

ممالک غیر

— ۲۹ مارچ پیرس۔ اخبار ویگارو کچھ خفیہ باتین چھاپتا ہے جسے واضح ہوتا ہے کہ میرین ڈی کورسل جبکہ سفیر فرانس مقیم برلن تھا سمایم جولیس فیری کے برخلاف ایک سازش میں شامل ہو گیا تھا کہ جرمنی فرانس کو جزیرہ ٹھائے ہند چینی کے فتح کرنے مین مدد دیگی اور مصر مین فرانس کا اصلی اقتدار جاتا کر دیگی۔ لیکن ۱۸۸۵ء مین مسٹر گلیڈسٹون کے فتح ایم ڈی

حفظ صحت

استفسار

۲۱۔ سفید داغ:۔ اگر آپ کو کوئی مجرب و آزمودہ دوائی دافع مرض داغ سفید یعنی جذام معلوم ہو تو براہ مہربانی یہاں تک جلد ممکن ہو نسخہ مجرب ذریعہ رجسٹرڈ ڈاک بیرنگ عنایت فرمادیں۔ بندہ اس بارے میں نہایت شکر گزار و احسانمند ہوگا (اکرت رائن سنگھ ارونی آنکھانہ چیلان پنجی)

۲۲۔ یرقان:۔ میرے ایک دوست نوجوان عارضہ کرقان (یرقان) علیل ہیں اور مرض بھی پرانے زمانے کا ہے۔ اگر آپ کے اخبار کے ناظرین میں سے کوئی صاحب مجرب علاج جانتے ہوں تو بذریعہ پیسہ اخبار مطلع فرمادیں۔ بعد تجربہ بوسالمت آپ کے عمدہ تحفہ ان کی نذر کیا جاویگا۔ (راقم س ع۔ د۔ ن)

علاج

۲۳۔ نکسیر (رعاف):۔ بعض اصحاب کو اکثر نکسیر چھوٹتی رہتی ہے اور بعض کو تو ہر روز ہی آجاتی ہے جس سے دماغ کا خون کل جاتا ہے اور آدمی نہایت کمزور ہو جاتا ہے۔ اس کے واسطے ایک سہل علاج ارسال ہے جس پر ایک کوڑی بھی خرچ نہ ہوا اور فائدہ انشاء اللہ تعالےٰ لاکھوں کا ہو۔ بیری کی پرانی لکڑی کا آسا جو گھن لگنے سے برآمد ہوتا ہے بطور نسوار استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد شفا ہو جاویگی۔ (سردار سعد اللہ خاں از کوٹ ماہا سنگھ)

۲۴۔ قبض دائمی:۔ بنفشہ عمدہ اور گل سرخ ہموزن اور ان دونوں کے برابر نبات سفید تینوں اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنا رکھیں۔ ہر روز ۹ ماشے تازہ پانی سے نوش جان فرمائیے۔ کچھ روز استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو جاویگی۔ (ر ر)

۲۵۔ جلن کے سپید داغ:۔ بذریعہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۲۲ مارچ ۱۹۳۷ء کسی صاحب نے بدن کے سپید داغوں اور دانتوں کے ہلنے وغیرہ کا علاج دریافت کیا ہے۔ چونکہ یہ دونوں نسخے میرے پاس مجرب ہیں اس واسطے لکھتا ہوں کہ آپ بذریعہ اخبار دریافت فرمانے والے صاحب کو اطلاع دیدیں۔ (علاج بدن کے سپید داغوں کے لئے) برگ فلسا ۲ تولے۔ برگ جل نم ۲ تولے (پانی میں ایک بوٹی ہوتی ہے) لیکر رات کو پانی در چٹاٹ میں تر کر کے صبح کو مل کر چھان کر پانی پی لینا چند روز استعمال کرے اور کبھی کبھی ان برگوں کو پیس کر سپید داغوں پر بھی لگانا چاہیئے۔ (علاج دانتوں کا ہلنا اور پیپ نکلنا) برگ امرود کے عرق کے ساتھ ہر صبح نسخہ مذکورہ کا سفوف تیار کر کے دانتوں پر لگانا (نسخہ سفوف مذکور) کتھہ ۲ ماشہ۔ مجیٹھ۔ نمک لاہوری ہموزن اور قدرے ہلدی بھی ہو (راقم مولوی فاضل مدرسہ سنڈی)

۲۶۔ قرحہ سوزاک:۔ آپ کے ناظرین سے ایک صاحب نے علاج سوزاک و قرحہ کا استفسار فرمایا ہے۔ جواب اسکے میں اپنا مجربہ ذیل نسخہ دیتا ہوں۔ بشرط یکہ مبتلا مستعمل چاہی سرپا تنگ ۲ تولے چھکرا ۲ تولے۔ زیرہ سفید ۲ ماشے۔ الائچی خورد ۲ عدد۔ بادیان ۲ تولے کام دہ کو نرم کر کے ملا کر پانی میں بھگو دیں چھان کر بقدر ضرورت صبح شام استعمال کریں۔ سفید سرا عظم سیر اکبر مدرس مدرسہ طب کلیر شریف سہارنپور)

شعر و سخن

حکائت نتیجہ خیز

دو گھوڑے کہیں تھے باہم جنگ — تھی پیش نظر نفاق کے ڈھنگ
ہمجنسوں میں تھی پیش بھی کدورت — تھی زور و شور و شر کی صورت
میداں میں تھی ہوائی جھٹ پٹ — دونوں کو تھی اپنی فتح کی ہٹ
ایک اُن میں سے آخر ش ہو پست — فریاد ان مدد ہوا سر دست
ایک آدمی سے کہا مدد دو — جس میں عاجز مرا محدود ہو
موقع اس آدمی نے پا کر — قابو میں کیا لگام لا کر
پشت تو سن پہ جلد چڑھ کر — کرنے لگا وار آگے بڑھ کر
وہ دوسرا اسپ آخر کار — حیراں ہوا دیکھ کر یہ آثار
سمجھا کہ مقابلہ ہے مشکل — ہمت ٹوٹی۔ دہل گیا دل
فوراً وہ شکست فاش کھا کر — بھاگا میداں سے دُم دبا کر
جیتا اس اسپ نے جو پالا — بولا دشمن کو میں نے ٹالا
کی عرض اس آدمی سے فی الفور — میں شکر گزار رہوں بہر طور
حضرت کی مدد سے میرا دشمن — مغلوب ہوا ہے صاحب من
اب مجھ کو بھی ہو عطا رہائی — تکلیف مزید ہے اٹھائی
اب مُنہ سے لگام کیجئے دور — آزادی سے دل ہو میرا مسرور
انساں نے کیا خیال فی الفور — یہ اسپ مفید ہے بہر طور
قبضے میں جو میرے جانور ہے — کارآمد بہر ہر شعر ہے
کیا فائدہ۔ پا کے اسکو چھوڑوں — کیوں لطف اُٹھا کے اسکو چھوڑوں

یہ سن کے آدمی ہوا شاد — گھوڑے سے کہا کہ آفریں باد
حاصل تجھ سے مرا ہے مطلب — قبضے سے تجھے کیا ہے اب
القصہ وہ اسپ خود سر و پست — یہ سُن کے کلاہ ہو گیا سُست
خود ہو گیا اپنی چال سے مات — انساں کا بنا غلام مہمات
سچ ہے آپس میں لڑ کے جاہل — بنتے ہیں اسیر ذلت و مشکل
غیروں کی مدد کے ہو کے جویا — بنتے ہیں غلام غیر گویا

اپنوں سے نہ لڑ کبھی تمنا
بس غیر سے غیر ہی تمنا

کارآمد باتیں

(۱) اونی کپڑے رنگنے (سرخ رنگ):۔ ایک سیر کپڑے میں چار تولے گلنار رنگ تین آنکا (جس کے ڈبے پر تین R لکھے ہوئے ہوتے ہیں) اور گندھک کا تیزاب ۱ سکہ چلے کپڑے یا سوت کو رنگنے اور صابون ڈال کر گرم پانی سے خوب مل کر دھوئیں۔ اور دھونے میں چھانٹے نہ ایں بلکہ کسی کھلے برتن میں ڈال کر پاؤں سے مل کر دھوئیں۔ جب میل رنگ دور ہو جائے تو پانی گرم کر کے اس میں رنگ گھول لیں اور کپڑے یا سوت کو اس میں غوطہ دے کر چولہے پر اسی رنگ آمیز پانی میں تیزاب ڈال دیں۔ جب پانی جوش کھانے لگے پھر کپڑے کو اس میں ڈال کر الٹ پلٹ کرتے رہیں تاکہ کوئی حصہ نہ بچے اور گندھک بستور جلاتے رہیں یہاں تک کہ پانی سفید ہو جائے اور کپڑا تمام رنگ اٹھا لے پھر آگ پر سے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر نچوڑ کر سکھا لیں بہت عمدہ رنگ ہو جاویگا اور دیر تک رنگ کا رنگ رہیگا اور کپڑے کو کیڑا بھی نہ کھائیگا۔ (محمد سلطان)

پندرہ روپے انعام کا مضمون

جو صاحب مندرجہ ذیل ہیجکت پر پیسہ اخبار کے ڈیڑھ کالم کے برابر کہ جس میں ۱۱ اوسط چوبیس سو کے قریب لفظ ہوتے ہیں عمدہ۔ دلچسپ اور مدلل مضمون لکھ کر ہمیں ۲۵ مئی سے پہلے پہلے ارسال فرمائیں گے ان میں سے اوّل دوم کے مضمون کے لئے پندرہ روپے مدرکہ ذیل اور انعامی مضمون پر جو ان کے پیسہ اخبار میں شائع ہوگا ایک ایک روپیہ انعام دیا جاویگا۔

"ایک متوسط الحال شریف آدمی کو اپنے بیٹے کو سکول کی تعلیم سے فارغ ہونے کے بعد کالج کی تعلیم دلانی چاہیئے یا کوئی اور پیشہ سکھانا چاہیئے۔ یہ امر مدنظر رہے کہ کالج کی تعلیم کا خرچ کتنا ہوتا ہے اور ملازمت کے لئے ابواب کیسے بند ہیں اور ٹریڈ کو کس قسم کے آدمیوں کی ضرورت ہے"۔

نوٹ:۔ جتنے دو تین سوالات انعامی کا فیصلہ آنے تک نہیں ہوا۔ اور اس کے بعد مزید سوالات انعامی درج نہیں ہو سکے وہ خاکسار ایڈیٹر کی علالت طبع کی وجہ سے ہے بہت جلد پچھلے مقابلوں کا نتیجہ درج ہوگا۔ اور تفریح طبع کے لئے نئے سوالات درج ہونے شروع ہونگے۔

منجانب ایڈیٹر پیسہ اخبار

معلومات کاشت

—— فرانس کا پریذیڈنٹ کانانٹ جراحتاً عمدہ درد گردے ہے۔

—— نیویارک میں پاڈیسیل لمبا ایک ہوٹل ہے۔

—— ٹرکی عورتیں بھی آجکل یورپین عورتوں کی طرح فیشن فریفتہ ہیں۔

—— یورپ میں سالتہام میں چالیس لاکھ خلیہ ہیں انجیل چھپتی ہیں۔

—— گھر کے جانوروں میں گدھی کی عمر سب سے لمبی ہوتی ہے۔

—— ہندوستان میں اوسط مقدار زندگی ۲۴ء۔ انگلستان میں ۴۴ سال ہے۔

—— عرصہ دس سال مختصر سنہ ۱۸۷۰ء میں آسٹریا میں ۱۰۰ میں سے صرف ۲۳ کو مزاج سے موت ملی۔

—— پیرس میں بچوں کے جنازوں کے آگے سفید گھوڑے جوتے جاتے ہیں۔

—— سرکپ کی ایک نئی توپ سے حال ہی میں ایک گولہ ۱۳ میل مسافت پر مسٹر سکینڈ میں پھینکا گیا۔

—— بچے۔ پودے اور حیوانات دن کی نسبت رات کے زیادہ بڑھتے ہیں۔

—— سینٹ پیٹرز برگ دارالخلافہ روس میں لگانے بجانے کی مجلس کے سوا ناچ گھر کی اجازت نہیں۔

—— ساحل نگلستان پر ہر ۴ میل کے فاصلے پر بلیک ہوسی کا مینار ہے۔

—— ٹرکی میں ہر ۱۰ سال کے بعد قانون سے مطابق سادہ سکہ ان میں ہوتا ہے وفاداری کے گنے اور دن کو بند ہیں

—— دنیا میں جتنی کرسیں تیار ہوتی ہے اس میں سے نصف

پیسہ اخبار

نمبر ۱۲ | یوم جمعہ ۶ اپریل ۱۸۹۴ء مطابق ۲۹ رمضان ۱۳۱۱ھ موافق ۲۶ چیت سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۱

رعیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

انگلستان کے اخبارات ۱۸۹۴ء کی اخبارات کی شماری سے ظاہر ہے کہ انگلستان میں اس سال میں (۲۲۹۱) اخبارات حسب تفصیل ذیل شائع ہوتے رہے۔ صوبہ انگلینڈ میں لندن (۴۴۹)۔ اور مفصلات میں (۱۳۳۲)۔ کل (۱۷۸۱)۔ ویلس (۱۰۱)۔ سکاٹ لینڈ میں (۲۳۰)۔ آئرلینڈ میں (۱۶۶) اور جزائر انگلستان میں (۲۳)۔ اسی ڈائرکٹری کے پہلے ایڈیشن کو دیکھنے سے جو ۱۸۴۸ء میں چھپا تھا معلوم ہوتا ہے کہ اس انگلستان میں صرف (۵۵۱) اخبارات و رسالجات چھپتے تھے جس سے (۱۴) روزانہ تھے۔ یعنی (۱۲) انگلستان اور (۲) آئرلینڈ لیکن ۱۸۹۴ء میں کل (۲۲۹۱) اخبارات چھپتے ہیں کہ جن میں (۱۹۰) روزانہ ہیں۔ جس سے ظاہر ہے کہ گزشتہ ۴۸ سال میں انگلستان کے اخبار اب چوگنے ہو گئے ہیں۔ اور روزانہ اخبارات تو بہت سے بہت ہی زیادہ بڑھے ہیں۔ (۲۰۶۱) رسالے انگلستان میں شائع ہوتے ہیں کہ جن میں سے ۷۱ مذہبی ہیں۔

دنیا میں سب سے بڑا سوداگر دنیا میں سب سے بڑا سوداگر جیپ ڈی آر مر شہر شکاگو امریکہ کا سب سے دولتمند آدمی ہے۔ علاوہ تجارت کے خود اس کے صنعت و حرفت کے کارخانے بہت بڑے بڑے ہیں کہ جن میں بارہ ہزار آدمی کام کرتے ہیں کہ جن کو پندرہ لاکھ پونڈ سالانہ تنخواہ دینی پڑتی ہے۔ خود اس کی ملکیت میں چار ہزار ریلوے گاڑیاں ہیں کہ جنسیر اسی کا اسباب لے جاتے اور سات آٹھ سو گھوڑے اس کے تجارتی مال کی گاڑیاں کھینچتے ہیں۔ اگر مردم شماری کے کاغذات کے خیال نے لکھیں تو اس سے ساٹھ ہزار شخص صرف اس کے خشک گوشت ٹین کی ڈبوں میں بھرنے کے کارخانے کی بدولت پرورش پاتے ہیں۔ اس کا سریش بنانے کا کارخانہ بھی ہے جس میں ستر لاکھ ٹن سریش سالانہ میں بنتی ہے۔ اور ایک ضروری ریلوے لائن میں اسکا حصہ ہے۔

اخبار نویس عورتیں۔ انگلستان میں زنانہ اخبار نویسوں کی تعداد ۱۴۰ مردوں کے صرف (۲۶۰) ہے۔ ۱۴۰ اخبار نویس عورتوں کی عمریں ۲۰ اور ۳۰ برس کے مابین ہیں۔ (۱۸۶) عورتیں ۳۰ اور ۴۰ برس کے مابین۔ اور (۴۰) عورتیں ۴۰ سال سے متجاوز۔

دنیا کے جہاز۔ اگر قریب ۶۲ ہزار ٹن کے چھوٹے جہازوں کو خارج کر دیا جاوے تو کل دنیا کی تجارت میں ۴۵۰ ہزار جہاز مصروف ہیں کہ جن میں دو کروڑ پانچ لاکھ ٹن بوجھ لدتا ہے۔ اور کروڑ اسی لاکھ (۴۸۰۰۰۰۰۰) ٹن بوجھ کی لادنے کی طاقت رکھتے ہیں۔

مذاق

حکیم صاحب (دولت مند کسان کی بیوی سے) "اس دوائی سے ہر روز ایک تولہ مکھن کے ساتھ اپنے شوہر کو دیا کرو"۔

کسان کی بیوی۔ "حکیم جی خدا کے فضل سے ہم ایسے غریب نہیں کہ ایک تولہ دوا کریں۔ بلکہ ہمیں پاؤ بھر ہر روز کھلا سکنے کی توفیق ہے"۔

ایک شریر آدمی کسی پنیر بیچنے والے کی دوکان تک جا پہنچا۔ دوکاندار کو مصروف دیکھ کر میز پر سے ایک موٹا سا پنیر کا ٹکڑا اٹھا کر دوکاندار کو کہا۔ "حضرت دیکھئے کیا تحفہ پنیر آپ کے لئے لایا ہوں بڑی محنت سے تیار کیا ہے"۔ دوکاندار نے کہا "ابھی فرصت نہیں، اور نہ اس وقت اس کے خریدنے کی ضرورت ہے۔ پھر کسی وقت آنا"۔ مسخرہ بولا "بہتر ہے۔ تو پھر اسے کسی آڈر کے پاس چل کر بیچ ڈالونگا۔ بیجئے سلام عرض"۔

کسی بیوہ عورت نے یہ سنا کہ کناگت کا بھوجن مردے کو پہنچتا ہے۔ اپنے خاوند کے کناگت کے عمدہ عمدہ بھوجن تیار کئے اور برہمن کو کھلانے شروع کئے جب برہمن کا پیٹ بھر گیا وہ خاموش ہوا۔ عورت کہنے لگی خاموش کیوں ہو گیا ابھی جوتیوں کا رائتا تو باقی رکھا ہوا ہے۔ برہمن بولا "مائی مشٹنی ہم کو جوتیوں کا رائتا کھلاتی ہے"۔ اس نے کہا "آپ کا اس میں کچھ نقصان نہیں ہے جو کچھ میں کرتی ہوں اپنے شوہر کے واسطے کرتی ہوں۔ وہ مجھ کو جوانی میں چھوڑ کر مر گیا اس کو جوتیوں کا رائتا ضرور کھلاؤں گی"۔ اتنا سن برہمن بھوجن چھوڑ کر چل دیا۔ (محمد بخش خاں دفعدار سالوتری رجمنٹ ۱۴)

ایک بخیل مسجد کی طرف نماز کے واسطے جا رہا تھا کہ اثنائے راہ میں اسے یاد آیا کہ چراغ گھر کا جلتا چھوڑ آیا ہوں۔ وہیں پیچھے پھرا اور دروازے پر آ کونڈی سے پکار کر کہا "چراغ گل کر دی اور دروازہ بند کھولنا کہ نفس نہ جائے"۔ کونڈی نے کہا "اے صاحب آپ جو ابھی راہ گئے اور آئے جوتا آپ کا نہ گھسا ہوگا"۔ کیا اے عقلمند کونڈی آفرین تیری خیر خواہی پر۔ اندیشہ ست کرکہ میں ننگے پاؤں آیا ہوں اور بغل میں جوتا لایا ہوں۔ (مرچ۔ بمبئی)

ایک عمارت کا ٹھیکہ دار قیامت کے ذکر میں کہہ رہا تھا کہ جس دن زمین اکڑ کر ٹکڑے ہو جائیگی۔ پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح اڑتے پھریں گے اسپر ایک ظریف بولا۔ "جی ہاں اگر ٹھیکے پر نہ ہی ہوگی تو کیا تعجب"۔

عجیب عجیب باتیں

زرد وادی کی عجیب رسمیں۔ لارڈ ڈنمور نے وسط ایشیا کے علاقہ پامیر وغیرہ میں دو ہزار دو سو میل کی مسافت طے کی ہے۔ اور ایک سفرنامہ وہاں کے عجیب حالات کا لکھا ہے۔ اس میں وہ زرد وادی کے علاقہ سرکل کے باشندوں کے حالات بہت عجیب لکھے ہیں۔ یہ علاقہ جنوب مغربی سرحد کا شغیر یا کا ایک پہاڑی ضلع ہے۔ چونکہ شمال شرقی حصہ سرحد کے پہاڑ زرد رنگ کے ہیں اس لئے اس کا نام زرد وادی مشہور ہے اور اس کو سرکل کہتے ہیں۔ اس وادی میں چھ ہزار کے قریب باشندے آباد ہیں جو بمبئی کے ایک شخص آغا خان کی پرستش کرتے ہیں اور اس کو گویا خدا کی ایک جزو سمجھتے ہیں۔ آغا خان کے ایجنٹ برابر وہاں جا کر سال بسال ان سے نذرانے وغیرہ جمع کر کے لاتے ہیں۔ سرکل عورتوں کے واسطے ایشیائی مقام جنت ہوگا۔ یہاں پر لوگ طلاق سے ناواقف ہی نہیں ہیں بلکہ ایک شخص اپنی بی بی کی حیات میں دوسری بی بی نہیں کرتا۔ عورت سال بھر سوگوار رہتی ہے نہاں بعد وہ شوہر کر پاتی ہے۔ لیکن جب اس مدت کے بعد وہ تنہائی پسند کرتی ہے تو اپنے شوہر متوفی کے عزیزوں کا مکان چھوڑ کر اپنے مکان کو چلی آتی ہے۔ عورتوں کے ساتھ سرکل میں بڑے لحاظ سے برتاؤ کیا جاتا ہے۔ اس ملک کی شادی کے رواج عجیب و غریب ہیں۔ دولہا اور دلہن تین بار ایجاب و قبول کرتے ہیں۔ عورتوں کو آزادی کی وجہ سے قبل از شادی باہم انس پیدا کرنے کا موقع ملتا ہے۔ دولہا حسب مقدور دلہن کے باپ کو اونٹ۔ مویشی۔ گھوڑے وغیرہ دیتا ہے تب اس کی نسبت ہوتی ہے۔ جب ان باتوں کا فیصلہ ہو گیا تو دستور عزیزوں کی موجودگی میں دولہا طلب ہوا اور نکاح پڑھا گیا۔ خدا یا قالین زمین پر بچھا دیا۔ دولہا دلہن آمنے سامنے بیٹھے۔ ملا سامنے کھڑا ہوا اور ایک طرف میں کباب کی ہوئی گائے رکھی ہے۔ دوسری طرف میں نمک رکھا ہے۔ دلہن سے عربی زبان میں سوال کیا جاتا ہے کہ تو شوہر کو قبول کرتی ہے۔ فارسی میں وہ جواب دیتی ہے کہ ہاں میں نے قبول کیا۔ اسی طرح تین بار سوال ہوتا ہے۔ پھر دولہا سے سوال کیا جاتا ہے۔ بعد اس کے ملا نے گوشت کے دو ٹکڑے کاٹے۔ ایک پر ٹھی اور نمک لگایا۔ ایک بوٹی دولہا کے منہ میں اور ایک بوٹی دلہن کے منہ میں دی اور کہا کہ مبارک ہو یہ میاں بی بی ہوئے۔

ملک ہنگری کے شادی کے قانون کے مطابق ناطع سے شادی کا کرنا لازم نہیں آتا۔ مگر شادی نکرنے پر ہرجانہ ضرور دلایا جاتا ہے۔

ارزان بھی سچائی کا ثبوت بہترین بھی

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھ کر تسلی دے سکتا ہے؟

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں لائق اور ماہر ہے اور اس کی تمام ادویات بھی اعلیٰ اور خالص ہیں

ڈاکٹر ایے۔ آر۔ ایڈورڈز میونسپل ہسپتال امرتسر ۱۵۔ اگست ۱۹۱۲ء

بفضل شافی مطلق ہم کو مندرجہ ذیل ادویات کے موثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپ کو ان کی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں کہ اگر خدانخواستہ آپ کو فائدہ نہ ہو تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ تاحصول صحت آپ اپنے روپے کو محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں۔ ڈاکٹری تمام نسخوں کی تعمیل بطریق پیکنگ ایبل پارسل ہوگی۔ شاذونادر اگر روپے کی واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا

آتشک کی پڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج ۴۸ پڑیاں ۴ر

ہارہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ ۴ر

عرق عشبہ مرکب فساد خون سوزاک عصبی آتشک گنٹھیہ خارش کے واسطے شیشی خورد ۴ر شیشی کلاں ۸ر

عرق دافع سوزاک قرحہ۔ اندرونی استعمال کے واسطے فی شیشی ۴ر

دوائی پچکاری برائے سوزاک۔ سوزاک کے کیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے ۴ر

دوائی پچکاری برائے قرحہ۔ سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے ۴ر

رعشہ دافع وجع مفاصل و درد عصبی۔ بیرونی مالش کے واسطے فی شیشی ۴ر

عرق طحال۔ تپ تلی کے واسطے ۱۲ خوراک ۴ر ۴۸ خوراک ۸ر

اسپیسفک مشورہ پلز۔ دافع کثرت احتلام جریان منی ۴۰ گولی ۴ر ۱۰۰ گولی ۸ر

الیفرو ڈیزیک رمکسچر مقوی باہ۔ دافع ضعف اعصاب ضعف دماغ۔ عیش فی شیشی

نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی کم طاقتی کمزوری ۴۰ گولی

کاف مکسچر۔ تردشک کھانسی کا علاج۔ فی شیشی

بچھو کاٹے کا علاج۔ جائے نیش پر لگانے کے واسطے

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل دافع اور بینائی کو طاقت دیتا ہے

ڈیا ریا پوڈر۔ دافع اسہال پیچش جو بدہضمی کے باعث ہو ۱۲ پوڈر

کیورفار استھما۔ ضیق النفس یا دم کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی

کالرا کیور۔ ہیضہ کا علاج ہر فرد بشر کو اس بیماری کا گھر میں جو دکھنا لازمی ہے فی شیشی

تمام فرمائشیں مندرجہ ذیل پتہ پر آنی چاہئیں۔ خط و پتہ اور مضمون کا نام خوشخط لکھنا چاہئے

المشتہر محمد امام الدین مینیجر و کنور یہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر سرد پنجاب

خیرالدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر۔ ہال بازار

تاکید ضلع لاہور ۱۸۹۲ء جناب لالہ گوپی ناتھ صاحب ہٹواری۔ ایک شیشی جوہر عشبہ آپ کی دکان سے منگوائی تھی۔ جس سے بندہ کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ بندہ ہمیشہ شاکر و ممنون آپ کا ہے۔

ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں ۱۸۹۲ء جناب محمد حسن صاحب گارڈ ریلوے:۔ آپ کا شیشہ قابل تعریف تھے بلکہ تیر بہدف ہے۔ آپ ایک شیشی بہت دوست سردار آسا سنگھ صاحب گارڈ کے واسطے بذریعہ ریلوے پیسل پارسل ارسال فرماویں

ضلع ہزارہ ایبٹ آباد جناب سید خانہ صاحب ایبٹ آباد گرام فون جوہر فروش نہیں۔ آپ کی دیانتداری پر آفرین جوہر عشبہ نے مجھے بہت فائدہ دیا ہے۔ ۲۰ سالہ علاج نے اتنا فائدہ نہیں دیا جتنا کہ ایک ہفتہ میں جوہر عشبہ نے دیا ہے۔

مٹھن کوٹ ضلع ڈیرہ غازیخاں۔ جناب کہ ہنگھ صاحب سارجنٹ تھانہ بندوبست ایک شیشی جوہر عشبہ منگوائی تھی تجربہ سے ثابت ہوگیا کہ آپ نے اسکی تعریف جیسی کہ اشتہارات میں چھپوائی ہے سب سچ ہے اور واقعی فسادات خون کے لئے صدق مجرب اور جید علاج ہے آپ جملہ رابطی اس ایجاد پر نازاں ہوں کہا ہے اور جو کچھ تعریف کریں واجب ہے۔

ریاست راجگڑھ ضلع انبالہ جناب لالہ چونی لال صاحب السلام علیکم۔ آپکا مرسلہ جوہر عشبہ پہنچا۔ استعمال کرایا گیا۔ مریض کو آپکے جوہر عشبہ نے بالکل تندرست کردیا۔ بخار خفیف جاتا رہا۔ رنگ سیاہ سے اصلی حالت پر آگیا۔ بھوک حسب معمول شروع ہوگئی۔ دردِ دل و شکم بالکل رفع ہوگیا۔ دوائی واقعی کارخانہ جناب کی امرت کا حکم رکھتی ہے۔ مریض کہتا ہے اور اپنی حالت سے جناب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

خیرالدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر۔ ہال بازار

تفریح الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس کا پورا نام تفریح الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب ہے۔ مؤلف حضرت مولانا عبداللہ بن عبدالعزیز العرفی الحاشمی اسلامیہ عقائد کے مؤلف ہیں۔ تصنیف ہذا میں آپ نے حضرات خلفائے راشدین اور آل فاطمہ کے فضائل و مناقب بیان فرمائے ہیں۔ جو مسلمان ان حضرات کو اپنا مقتدا و پیشوا سمجھتے ہیں ان کے لئے یہ کتاب بہت مفید ہے۔ حضرت مؤلف نے اس کتاب میں حدیث کو اس کثرت سے جمع کیا ہے کہ اس کا نام ہی مجمع الحدیث رکھ دیا ہے۔ فضائل بیان کرنے سے پہلے آپ نے ان حضرات کے متعلق بعض غلط فہمیوں کا ازالہ بھی کر دیا ہے۔ مثلاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے متعلق یہ غلط فہمی کہ آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت میں حصہ لیا تھا۔ اس کا جواب بھی دیا ہے۔ اسی طرح دیگر حضرات کے متعلق بھی بعض غلط فہمیوں کا ازالہ کیا ہے۔ اس کتاب کی ایک مختصر سی فہرست بھی دی ہے۔ جس سے ہر شخص کتاب کے مضامین کا اندازہ کر سکتا ہے۔ ہر صفحہ پر حاشیہ میں حوالہ کتب احادیث کی ایک مختصر سی فہرست بھی دی ہے۔ جس سے ہر شخص کتاب کے مضامین کا اندازہ کر سکتا ہے۔ ہر صفحہ پر حاشیہ میں حوالہ کتب احادیث کی ایک مختصر سی فہرست بھی دی ہے۔ جس سے ہر شخص کتاب کے مضامین کا اندازہ کر سکتا ہے۔

حضرات فضائل حضرات حسنین کریمین کے بارے میں فضائل بیان کرکے کتاب کو مختصر کر دیا ہے۔ ورنہ ان کے فضائل بھی بہت ہیں۔ ہم نے اس کتاب کو بنظر غائر دیکھا ہے۔ بہت اچھی ہے۔ ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ ہم نے اس کتاب کو بنظر غائر دیکھا ہے۔ بہت اچھی ہے۔ ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ ہم نے اس کتاب کو بنظر غائر دیکھا ہے۔ بہت اچھی ہے۔ ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

ہیضے سے بچو

ڈاکٹر برمن

آپ نے بھی کہتے سنا ہوگا۔ ان کہتے ہیں اور کہیں گے ہیضہ سے بچنے کے کل وہی سیدھے ہیں را اجو کہیں ہیضہ پھیلا ہو تو۔ دردد پیارو فوراً اصل عرق کافور لگا کر لیا کرو۔ پھر ہیضہ ہونیکا ڈر نہ رہیگا۔ اور کسی کو ہیضہ ہو گیا ہو تو جہاں تک جلد ہو سکے اصل عرق کافور "چاؤ" ڈاکٹر سکیم محمود دید کی نظاری ہے وقت بتانا یہ کیونکہ ہیضہ کی پہلی حالت بیت جانے پر کوئی بھی دوا کام نہیں دیتی۔ اسلئے آپکو چاہیئے کہ عرق اصل عرق کافور اپنے پاس رکھیں۔ ہمارا عرق مشہور ہو رہا ہے جو آپ اس کے خریدنے کا قصد کریں تو ہمارا نام بھی بتا دیں۔ اگر نہ جانتے ہوں تو دو پیسے کے پوسٹ کارڈ پر قیمت بھیجنے کے بعد ہمارا نقد قیمت بھیجنے کے بعد ہمارا نقد قیمت بھیجنے کے بعد ہمارا نقد

آپ بخومی بننا چاہتے ہیں؟

اگر آپکو غیب اور نامعلوم امور کی خبر معلوم کرنی ہوں۔ اگر آپکے دل کو کسی امر کے نتیجہ کا سخت وسوسہ ہو یا آپکو کسی بات کی بڑی انتظاری لگی رہتی ہو تو آپ ایک پلانیمٹ منگوائیں۔ یہ آپکے ہر ایک سوال کا جواب خواہ کیسا ہی مشکل کیوں نہ ہو ذرا سفید کاغذ پر تحریر کر دیگا جیسا آپ منگوئیں گے اور چیزوں مثلاً سیٹم۔ فوٹو گرافی وغیرہ کا تماشا دیکھا ہے اب حیوانی قوت مقناطیسی کا مزہ لیں۔ یہ آلہ جو انسان کے دل کی طرح کام کرتا ہے۔ اسکا عمل بھی بیشک دل سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ قیمت فی پلانیمٹ مع رسالہ ہدایت و کیس عمدہ ویلیو پے ایبل کمشن و محصول ڈاک معاف۔

المشتہر گنڈا سنگھ اینڈ برادرز اینڈ کمپنی سیالکوٹ

(۳ ۱۵) **جوہر زراعت** (اپنا پتہ صاف لکھو)

اردو میں نئی کتاب چھپی ہے۔ مصور تصاویر بیشمار قیمت ایک روپیہ جسمیں ہر قسم کی دیسی ترکاریاں۔ ولایتی ترکاریاں۔ مصالحہ۔ ساگ۔ پھل۔ غلے اور عجیب غریب اشیاء کی تجارتی کے حالات مفصل و ترکیب کاشت و شناخت تخم و کھاد و زمین وغیرہ معہ تجربات کے مندرج ہیں بڑی ضرورت اور مفید ہے اسکے فوائد سے محروم نہ رہنا چاہئے اسکی ولایت تک تعریف پہنچی ہے

جوہر حیوانات

یہ کتاب بھی بے نظیر ہے نہایت دلچسپ اور ضروری جسمیں تمام دنیا کے ہر قسم کے جانور خانگی و جنگلی۔ چرند۔ درند۔ خانگی پرند۔ جنگلی پرند۔ آبی پرند۔ کیڑے۔ مکوڑے۔ رینگنے والے جانور۔ کھیان۔ دریائی جانور۔ سمندروں مالس عجیب الخلقت جانور۔ سب کے حالات مفصل معہ تصاویر انگریزی حوالہ جنکے پڑھنے سے سوائے تفریح کے دنیا کے عجائبات سے واقفیت ہوتی ہے اور شان ایزدی کا نقش دل پر ہوتا ہے قیمت وہی ایک روپیہ

جوہر نباتات تیار ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ اس فن میں باغبانی کا ذکر ہے اور ہر قسم کے درختوں کے حالات معہ تصاویر

جوہر معدنیات۔ جوہر مشاہیر۔ جوہر حکمت زیر طبع ہیں

المشتہر۔ بابو پیارے لعل زمیندار بروہاڑ کانہ ضلع انبالہ

حکایات حکیم لقمان معہ تصاویر و مجلد

یہ چھوٹی تقطیع کی خوبصورت اور بیش قیمت کتاب جو دو تین سال سے انگریزی سے اردو میں ترجمہ ہو رہی تھی حال میں مطبع دارالتعلیم سے طبع ہو کر شائع ہو گئی ہے اسمیں حکیم لقمان کی ایک سو اسی حکایتیں درج ہیں ان میں سے ہر حکایت کے آخیر میں اسکا نتیجہ دکھلایا گیا ہے اور مسائلہ ہی اسکا محل استعمال ملک ہندوستان کے حسب حال صاف عبارت میں لکھا گیا ہے اسکے بعد کوشش کیگئی ہے کہ ہر محل کے آخر فارسی اردو کا کوئی موزون شعر یا مثل جو اس موقعے کے مناسب ہو حکایت کے مطلب کو موثر اور ذہن نشین کرنیکے لئے درج کیا جاوے اور اسارے میں جہانتک کامیابی ہوئی ہے ناظرین اسی کتاب میں دیکھ سکتے ہیں کتاب کے پہلے ایک مختصر تاریخ ان حکایات کی اور اس مخصص مذکورہ حکیم لقمان کا شامل کیا گیا ہے غرض چھوٹی تقطیع کے چار سو صفحوں پر یہ کتاب ختم ہوئی ہے ۱۰ تصاویر بھی اسمیں شامل ہیں اس کتاب کی حکایات کے دل پسند اور سود مند ہونیکی نسبت صرف ایک شخص کی شہادت کافی ہے۔ جو لوہار اعظم کے نام سے پکارا جاتا ہے اور عیسائی مذہب اسکے احسان سے کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتا یہ بزرگ پادری جو حکایات لقمان کی کتاب کو زبور مقدس کے پہلو بہ پہلو میز پر رکھتا تھا اور اسکا قول تھا کہ بائبل کے سوائے اور کوئی کتاب اس سے عمدہ نہیں اور کہ یہ حکایتیں کسی ایک آدمی کے ذہن رسا کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ دنیا کے مختلف متفلسفوں کی عمروں کے تجربے کا خلاصہ ہیں قیمت فی جلد ایک روپیہ دس آنے (بعہ) محصول ڈاک علاوہ کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے لیں گی۔

عجیب و غریب تذکرۃ المشاہیر

دخانی انجن کے موجد جیمس واٹ صاحب کی سرگذشت جس میں لکھا گیا ہے کہ کسطرح ایک غریب اور کمزور لڑکے نے دخانی انجن کو ایجاد کیا اور کس بہادری اور استقلال سے دنیا میں ناموری حاصل کی۔ با تصویر قیمت ۲ر

ابو الفضل علامی کا تذکرہ: شہنشاہ اکبر کے اس وزیر اعظم اور وزیر مدبر اور نشاء پرداز کا تذکرہ جسکو ایک فاضل نے لکھ کر رسالہ حسن میں چھپوا کر انعام حاصل کیا ہے خاص اجازت کے ساتھ سطبع نے بغرض اشاعت علوم مفیدہ چھاپ دیا ہے۔ بار دوم۔ قیمت ۲ر

بدھ کی مختصر سوانح عمری۔ مرتبہ پنڈت رام نانہ صاحب قیمت ۲ر

ایک شرابی کی سچی سرگذشت۔ اس کتاب کی تو یفیت اسکے نام ہی سے ظاہر ہے انگلستان کے ایک مشہور شرابی کے اپنے قلم کے لکھے ہوئے سوانح عمری جسمیں وہ اپنے زمانے بہکی شراب کی بدولت تکلیفات کا خاکہ کھینچکر توبہ کرتا ہے کوئی شخص جو کیسا شرابی ہو ایکدفعہ اسکو پڑھ لے پھر کبھی شراب پینے کا نام تک نہ لیگا۔ مخالفان مے نوشی کو ضرور اس کتاب کو تشہیر کرنا چاہئے۔ قیمت فی جلد صرف ۴ر ہے۔

جنرل گارفیلڈ کے باتصویر سوانح عمری۔ یہ امریکہ کا تاریخی مشہور اور لائق آدمی ایک محنتی اور غریب لڑکا تھا جس سے معلوم ہوگا کہ کسطرح ایک غریب اگر محنتی لڑکے نے فرصت اپنی ہی محنت سے پیدا کر عزت اور اقتدار حاصل کیا کہ ایکدن امریکہ جیسے ملک کا پریسیڈنٹ ہو گیا قیمت ۳ر

حکیم ارسطو کے باتصویر سوانح عمری۔ اس مشہور اور نامور حکیم کے نام سے کون واقف نہیں اور اسی لئے اسکے مفصل حالات لکھنے کی ضرورت نہیں۔ قیمت صرف ۲ر

پیٹر اعظم۔ زار روس کے باتصویر سوانح عمری۔ قیمت ۳ر

شیخ الرئیس معلم ثانی حکیم بوعلی سینا کے سوانح عمری۔ قیمت ۳ر

یہ کل کتابیں پیسہ اخبار لاہور سے مل سکتی ہیں۔

عجیب چیز یعنی حیران کی علمیہ اور دوا۔ بہت ہی زبردست عار ڈبیہ ملاحظہ کیلئے مفت بھیجی جاتی ہے پرانی بیماری اور علاج سے مایوس ہو اس نسخہ اثر ماحات سب دفع ہو جاتی ہیں شربتیہ علاج ہے لطیفہ کہ پرانے سوزاک کو بھی جڑ سے کھو دیتی ہے

المنتظم حکیم سید شہاب الدین ملک شفاخانہ معدن حکمت موچی دروازہ لاہور

محصول ڈاک **مجرب اشرطیہ اکسیر تاثیر** ۱۱: درخریدار تمام درخواستیں بنام پیلی رام طبیب ٹبالوی دروازہ لوہاری چوک متی لاہور آنی چاہئیں پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو ۴ فی روپیہ کمشن دی جاویگی سندات موجودہیں طریق استعمال ہمراہ بکس ہدیہ مفت اور یہ مفت گی **بیلی رام کی گولیاں** چونکہ سالہا سال کے تجربے اور معلومات نے مجھپر روشن کر دیا ہے کہ تمام خفیفہ و عظیمہ امراض بدی کا پیش خیمہ قبض ہی ہے اسلئے میں ایک مدت سے قبض ہی کی ہمکنی کی تدابیر سوچتا رہتا تھا اور اس بیماری کے دفعیہ کیلئے بجز بے بجز بے تجربے اور آزمائش پر آزمائش استعمال ادویہ کرتے کرتا رہتا تھا بارے بفضل کبریائے قادر یہ گولیاں بعد کوشش و عرق ریزی تیار کیں جنکے قبض کو جڑ سے اکھاڑ کر کہاری سمندر میں ڈالنے کے سوا امراض متفصلہ ذیل کے دفع کرنے میں نمونہ عالم بن چکی ہیں دفع مفاصل ساقرقا۔ درد سر و درد پائی۔ سرکا چکرانا۔ ضعف بصارت کہانسی۔ تپ بلغمی۔ ریح کا دور کرنا ان گولیوں کا کام ہے علاوہ ازیں مقوی اعضائے رئیسہ و دل۔ جگر و دماغ قیمت ۵۰ گولی ۱ر ایکسو ۱۵ اردو سو گولی ۲ر

مہیری کا سرمہ سفید سیل تنول المراجعلہ۔ پیوار۔ صحت چشم و ٹھنڈک دجلہ امراض چشم کو مفید ہے قیمت فی تولہ عہ

صنجن دندان۔ قیمت بکس ۸

امرت گولی۔ مقوی باہ و ممسک جملہ امراض بلغمیہ دموی کو دور کرنیوالی دو تین روز کے استعمال سے بہوک لگنی شروع ہو جاتی ہے غذا کو ہضم کرتا اور صاف بدی کے زیادہ کرنیمیں سوا امرت گولی کے کوئی عمدہ دوا نہیں ہے قیمت پچاس گولی عہ **جوب جریان** قیمت پاس گولی ۱۲ر

المشتہر **بیلی رام** طبیب ٹبالوی دروازہ لوہاری چوک متی لاہور

ربڑی یعنی کھویا مقوی

یہ کھویا لطیف خوشبودار و مزہ دار اور اعلیٰ درجہ کا مقوی ہے صریح التاثیر ہونے میں ایسا ہے مثل ہے۔ کہ دودھ بوم میں ہی اپنا اثر دکھا کر قوت رجولیت کو بڑھانا شروع کر دیتا ہے۔ اسکا استعمال موسم سرما میں عیش پسند امرا کو عموماً اور از کار رفتہ اشخاص کو خصوصاً عمدہ تقویت بخشنے کے علاوہ عالم شباب کی کثرت عیاشی یا پیرانہ سالی کے ضعف کو پوری تقویت بخشتا ہے۔ بیشمار لوگ اس کی طلسم اثر بسبب وقت کے قابل اور اس کی عمدہ خوبیوں کے مداح ہیں جو صاحب اسے باقاعدہ استعمال کرتے رہینگے۔ اگر دق بھی ہو تو ضعف کی شکایت نہیں پرلاجاوین تو ہمارا ذمہ قیمت فی نمبر ۱ عہ محصول ڈاک ذمہ خریدار

روغن مسیحائی۔ یہ میں کی خرابیوں کے نقصانات۔ رگوں اور پٹھوں کی اطاعتی کے واسطے مکمل اکسیر رکھتا ہے۔ قیمت ایک شیشی ۱ عہ

نوٹ۔ اس شفاخانہ میں ہر ایک بیماری کی ادویات موجود ہیں

المشتہر حکیم محمد شریف منیجر شفاخانہ ہذا

لاہور چوک مسجد وزیر خان

کپتان یا کالی پلٹن کے لفٹنٹ کرنل کو قانون سے کیا خاک واقفیت ہو سکتی ہے اُنکے دل ہو اڈمنسٹریٹو (حکمرانی کی) لیاقت اور قابلیت کا کہاں موقعہ ملتا ہے انکو کنسٹومنٹ ایکٹ اور کوڈ سے کیا واسطہ پڑتا ہے۔ انکو رعایا کی ضروریات اور حالات کی کیا خبر ہوتی ہے وہ محض کنٹونمنٹ مجسٹریٹ اور برگڈیر کے ہر دو سہ ماہ ہان مین ہان ملاتے چلے جاتے ہین اور کنٹونمنٹ کمیٹی کی حاضری کو فی الحقیقت دبال سمجھتے ہے کسی بات مین رائے لیگئی اور چٹ جواب دیا کہ "Well I have no objection."

(مجھے کوئی اعتراض نہین) بجا ہے۔ انہین اعتراض تو جب ہو جب گھر کو سینک لگے۔ پرایا سر کدو کے برابر ہے کہین جب انکی سڑکون پر چھڑکاؤ نہ ہو جھاڑو نہ دلا کرے ٹوٹی پڑی رہین خاک اڑے۔ لال ٹینین قدم قدم پر ہون کرکٹ اور لان ٹینس کے لیئے یہہ جو میل میل بھر کے احاطہ گھیر رکھے ہین انمین دست اندازی ہو اور یہ وہ کہین کہ Well I have no objection. کنٹونمنٹ کمیٹی کے علاوہ re-organization ہونا چاہیئے انکی تنخواہون پر غور کیا جائے انکے حق حقوق فائم کیئے جاوین۔ انہین اپیل اور داد فریاد کرنے کا موقعہ دیا جاوے۔ یہہ سب باتین ایسی ہین کہ فی الفور نوٹس لینے کے قابل ہین۔ آیندہ اس بارہ مین اور بھی لکھنے کا ارادہ ہے۔ الملتفت قاضی جی تم کیون ڈبلے؟ شہر کا اندیشہ

جمون مین محکمہ ڈاک کی شکایت

بنام اڈیٹر صاحب!

تسلیم۔ کئی پہلے پرچہ مین شایع ہوا کہ ریاست جمون سے ہمین شکایت پہونچی ہے کہ وہان ابھی ڈاک کا انتظام بہتیا نہین ہے۔ یہ شکایت واقعی ہے۔ جو نقص اور خرابیان آج اس سرشتہ مین موجود ہین گو بمقابلہ سابقہ حالت کے کچھ بھی نہین۔ تاہم اس ترقی کے زمانہ مین وہ ہمین بہت پریشان کرتی ہین۔ ریاست کے ڈاک خانہ مین علاقہ انگریزی کا وی پی پارسل نہین آسکتا۔ کیا یہہ کم نقص ہے؟ منی آرڈر نہین آسکتا۔ کیا یہہ کم خرابی ہے؟ کسی سٹیشن کی تبدیلی کسی پر چل جاتی ہے۔ کیا یہہ بے انتظامی نہین؟ ڈاک عموماً مختلف اوقات مین پہونچتی ہے۔ کیا یہہ سرشتہ کی خامی نہین؟ اخبار اور خطوط اکثر ہو جاتے ہین۔ کیا اس ڈاک کا انتظام ہم ٹھیک کر سکتے ہین؟ یہ چند موٹے نقص ہین جو کہ لوگون کے کاروبار مین صریح ہرج ڈالتے ہین۔ ڈاک خانون کی کمی۔ پوسٹماسٹرون اور چپڑاسیون کا کام سے ناواقف ہونا مزید براں ہین سچ بتایئے آپکا اخبار ہمین ایک ہفتہ کے بعد ملتا ہے۔ آجکی خدمت مین التماس ہے کہ آپ ریاست کی توجہ کے لیئے ایک آرٹیکل مین یہ ظاہر کرین کہ علاقہ انگریزی سے وی پی پارسل اور منی آرڈر کے نہ آسکنے سے ریاست کے لوگون کا بہت ہرج ہوتا ہے۔ کوئی خاص چٹان اور شاید سمر سیگ ہوں جس ہرج سے مستثنیٰ ہے۔ دوسرے نقصون کا رفع ہونا بھی ضرور ہی ہے فقط (نامہ نگار میرپور)

[اونٹ کی کونسی کل ٹیڑھی نہین۔ معلوم نہین ریاست کشمیر کی اس ضروری محکمہ کی کب اصلاح ہوگی۔ کیا سرکار نے کشمیر کے پوسٹل اور ٹیلیگراف صیغون کا اہتمام انجمن ہائے تہذیب مین لے لیا۔ دربار کشمیر کو اد ہر توجہ کرنی چاہیے۔ پیسہ اخبار]

پنجاب مین سرسید کی آمد

اے محبان قوم! وہ شخص جس نے اپنا وطن وچھوڑ کر وطنی اختیار کی اور تمہاری محبت مین اپنے عزیز و اقارب کی الفت کی پرواہ نہ کی۔ وہ شخص جس نے تمہاری محبت کی وجہ مین اپنے آرام و آسایش کو کھو دیا۔ رنج کو رنج اور تکلیف کو تکلیف نہ سمجھا۔ اپنی آسایش اسی مین خیال کی کہ تمکو حوادث زمانہ سے گزند نہ پہونچے۔ وہ شخص جس نے غم کو پستی سے ابھارنے کے لیئے اپنے سر پر ایک کوہ گران اٹھا اٹھایا اور یہ خیال کبھی دل مین نہ لایا کہ مین اسکا بوجھ سہار سکونگا یا نہین۔ وہ شخص جس نے تمہارے اور تمہارے بچون کے لیئے اپنی تمام عمر نثار کر دی۔ اور تمسے کبھی اپنی بہی تمنا نہ کی کہ ایک تالبے کا تمغہ ہی سہ زیب اتر کرو۔ وہ شخص جسکی ہمت مردانہ تمہارے واسطے عروج کا ایک وسیلہ مہیا کر دیا جسکا نظیر تمام روئے زمین پر کسی جگہہ نظر نہین آتا وہ شخص عنقریب آپکی خدمت مین حاضر ہوا چاہتا ہے اس غرض سے نہین کہ آپ سے صلے کا خواستگار رہو۔ بلکہ وہی پرانی محبت اسے پیرانہ سالی مین آپ تک کھینچ لاتی ہے۔ پس اے مسلمانان پنجاب! اپنے بڑے سرسید کی خدمت کیواسطے کمر ہمت چست باندھکر تیار ہو جاؤ۔ اور علیگڈھ کالج کی امداد کے واسطے جہان تمہارے بچے تمام ہندوستان کے بچون کی نسبت زیادہ تعلیم پا رہے ہین فراہی چندہ مین کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھو۔ یہ بات بھی گوشگذار کرنے کو اکیلا نہین نکلا ہے۔ بلکہ بہت سے نامور درویشون کے ساتھہ لیکر آتا ہے۔ پس تمہاری چندہ کی مقدار بھی اتنی ہونی چاہیئے کہ انمین سے ہر ایک کا اتنا ہی ہو جتنا اپنے سید کا ان بزرگان قوم کے نام نامی ذیل مین درج کیئے جاتے ہین۔

سرسید بہادر بالقابہ۔ نواب محسن الملک مولوی سید مہدی علی خان صاحب بہادر۔ سید محمد صاحب۔ آنریبل حاجی محمد اسمٰعیل خان صاحب۔ محمد مزمل خان صاحب خان بہادر مولوی سید زین العابدین صاحب شمس العلماء خان بہادر مولوی محمد ذکاء اللہ صاحب شمس العلماء مولوی محمد شبلی صاحب نعمانی۔ مولانا مولوی الطاف حسین صاحب حالی۔ مولانا مولوی حافظ نذیر احمد صاحب۔

اس اڈیشن کے ہمراہ چند فہرستین اور رسید بکین بہی ارسال خدمت کیجاتی ہین اور یہ درخواست کیجاتی ہے آپ خود یا بذریعہ اپنے دوستون کے یا بذریعہ اپنے ضلعے کے اپنے ضلعے کی کل چار تحصیلون وغیرہ سے فراہمی چندے کا بندوبست فرما کر اپنی قوم کو مشکور فرماوین۔ سید موصوف اپنے ڈیپوٹیشن کے عید الفطر کے کچھ عرصہ بعد تشریف لاوین گے اس وقت آپ سمہ اپنے ڈیپوٹیشن کے تشریف لاکر اپنے ضلع کا چندہ انکی خدمت مین پیش کر دین۔ یا اگر آپ کا آنا نہو سکے اور نہ آپکے ضلع سے کوئی ڈیپوٹیشن آسکے تو آپ انکے پاس یا سرسید کے پاس کل زر چندہ سمہ فہرستون کے روانہ فرماوین اور اگر آپ ڈیپوٹیشن کو اپنے ضلع مین بلانا چاہین تو براہ مہربانی ۱۵ ماہ رمضان تک سرسید صاحب بہادر سے خط و کتابت کر لین۔ اور راقم کو مطلع فرماوین یہ فہرستین سمہ چندہ و ہندو نام کے بعد مین چھاپ کر شایع کیجاوینگی۔ اور آپ کے پاس بہی اسکی چند کاپیان بہیجی جاوین گی۔ سرسید کی صحت تا یہ آمد سے آپکو بعد مین اطلاع دیجاوے گی۔ اس عریضہ کے ہمراہ سرسید کی خط و کتابت بہی ارسال خدمت ہے اور اوس سے آپ کو معلوم ہو جائیگا کہ کس کس کام کے لیئے چندہ درکار ہے۔ جو صاحب جس کام کے لیئے چندہ دیوین انکی تصریح فہرست مین ضرور لکھنی چاہیئے۔ اس عریضہ کے ہمراہ سرسید صاحب کی خط و کتابت جو اس مضمون کے متعلق علی گڈھ اخبار مین وقتاً فوقتاً شایع ہوتی رہی ہے ارسال خدمت ہے۔

راقمہ آنم
محمد برکت علی خان بزل سیکرٹری انجمن اسلامیہ پنجاب لاہور

مورخہ یکم اپریل ۱۸۹۴ء

اشتہارات

اشتہار عدالت دیوانی بلا اجلاس۔ انوٹھا کور اس صاحب بہادر اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر باختیارات منصف و جج اول ابتدائی بہائی دربار ہائے محل سہارنپور

بنام (قاضی عبدالرحمان خلف قاضی عبدالرحیم خان ساکن محلہ قاضیان و ڈیرہ غازیخان مدعی

دعوے مبلغ سالہ روپے

انمین بمقدمہ عدالت کو اطمینان ہو گیا ہے کہ مدعا علیہ عرصہ ۱۲ مہینے سے ممن سے گریز کر کے روپوش ہو گیا ہے لہذا حسب وخواست مدعی دیوانی مشتہر کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ مذکور ۱۹ اپریل ۱۸۹۴ء کو عدالت ہذا مین حاضر ہو کر جواب ہی و پیروی نہ کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل مین آوے گی۔ آج تاریخ ۱۰ مارچ ۱۸۹۴ء کے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

اشتہار

بعض اردو اخبارون کے مالک بلا درخواست اخبار بہیجتے اور اپنے زعم مین ایک مدت کے بعد اپنے تئین قیمت کا مانگتے کرتے ہین۔ اگرچہ بارہا اخبار کو نوٹس اور اردو سے اخبار بند طبع کر چکا ہون لیکن ہر مہینہ بلا درخواست آنے والے اخبارون کی کاذمہ دار نہین ہون۔ اب پھر یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ جو صاحب بلا درخواست اخبار بہیجتے ہین یا آیندہ بہیجین گے مین انکی قیمت ادا کرنے کا ذمہ دار نہین ہون۔ ۱۰ مارچ ۱۸۹۴ء

راقم محمد حسین جج عدالت ہوشیارپور

در جسکی نسبت اسی سبب سے بعض مسلمانوں کو شکایت ہوا وسکی نہیں ہے کے اخبار میں چھپنے والی تحریر سکقدر تعجب خیز ہونی چاہیئے۔ مجھکو معلوم ہے کہ سردار صاحب کی نسبت مسلمان شاکی ہیں کہ وہ اونپر ڈوگرہ راجپوتوں کو ہر حال میں ترجیح دیتے ہیں۔ بیشک صاحب کو بھی غالبا یہ امر معلوم ہے مگر وہ انصاف کو ہاتھ سے نہیں دینا چاہتے ورنہ اگر وہ مسلمانوں کی رعایت کرنا چاہتے تو اسکو بھی کوئی بعید از انصاف نہیں کہہ سکتا تھا۔ کیونکہ صوبہ کشمیر میں مردمشماری میں جو تباہی کے قریب مسلمانوں کی آبادی ہے اور ایک چہارم کے قریب ہندوؤں کی۔ مسلمان اٹھارہ لاکھ اور ہندو سات لاکھ کے قریب ہیں۔ اور صوبہ جموں میں بھی مسلمانوں کی آبادی ہندوؤں سے زیادہ ہے۔ مسلمان آٹھ لاکھ اور ہندو سوا چھ لاکھ کے قریب ہیں۔ اور ان تمام مسلمانوں کے حقوق کو نگاہ رکھنے کے واسطے چہ اراکین کونسل میں ایک مسلمان ہے جو کچھ بھی نہیں کر سکتا اور بہت ہی کم کرتا ہے۔ بفرض محال اگر سردار صاحب کے کسی حکم سے کسی ہندو کی حق تلفی ہوتی ہو تو اسکو کونسل ریاست میں جس میں پانچ ہندو اراکین انکے ساتھ بیٹھتے ہیں اپیل کرنے کا موقعہ ہے اور آپکے اخبار کو جس میں جیسا کہ آپ نے اپنے بے نشان نامہ نگار کی تحریر سے مستنبط کیا ہے۔ مضمون طبع ہو جانے کے بعد ایڈیٹر اور پارلیمنٹ میں پیش ہونے کا محتاج نہیں رہتا۔ تعریف کرنے کی چنداں ضرورت نہ تھی۔ جو غلط اور بے بنیاد شکایت آپکے نامہ نگار نے لکھے ہیں اوّلمیں پہلا امر تنخواہ کا ہے۔ سو اسمیں بخشی صاحب کی جیت ہے۔ اگر اس کی کوئی وجہ معقول ہو تو اس سے سردار صاحب پر الزام نہیں آتا کہ بخشی پر مانند یہ کہ اُس نے اپنے ایک اعلیٰ افسر کا مقابلہ کیا اور اگر وہ کوئی مقابلہ کر کے بچ گیا تو اُسکی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ وہ ہندو تھا۔ دوسرا امر۔ افسر مال عوشی کی موقوفی اور ایک مسلمان پنشن خوار کی بحالی ہے۔ افسر مال عوشی کی نسبت میں نے سنا تھا کہ اُسنے عام طور پر بدویانتی کرنے کے علاوہ خصوصاً اون گھوڑوں کو خراب کیا اور دبلا رکھا جو اُن کا دانہ وغیرہ خود کھا گیا۔ جوشہزادی صاحبہ کی شادی میں جہیز میں دیئے جانے کے واسطے خاص طور پر پرورش کرنے کے واسطے اسکے سپرد ہوئے تھے۔ کونسل نے اُسکو علیحدہ کیا اور اُسکے بجائے لالہ مین کی سفارش کی جسکو پنشن خوار وغیرہ کہا گیا اور جو وہ شخص ہے جسکی عظمت اور بزرگی کو لوگوں نے مہاراجہ رنبیر سنگھ صاحب کے زمانہ میں بے نظیر دیکھا ہے۔ امر جموں کے کوچوں کے نرشوں کا بھیک کسی مسلمان کو شاید ساٹھ ہزار روپیہ پر دینا ہے۔ یہ کام سردار صاحب کے متعلق نہیں ہے۔ بل کہ مسٹر اٹکلس اگر یکٹو افسر کے متعلق ہے جو اپنے محکمہ میلک ورکس کا خود مختار افسر ہے اور اس قسم کا کوئی واقعہ ہی نہیں ہوا ہے جو چھتا اصطبل سے دو گھوڑوں کا منگوانا ہے۔ یہ نہیں معلوم ہوا کہ یہ گھوڑے سردار صاحب نے کسی روز کے واسطے منگوائے تھے یا فروخت کر کے رقم وصول کرنے کے واسطے کس وجہ سے۔ یہ وہ بات ہے کہ اسکا ذکر کرنا ہی شرمناک ہے۔ پانچواں امر ناظم محکمہ کو خراب اور معطل کرنا ہے۔ ناظر کی کیفیت جہانتک مجھے معلوم ہوئی ہے یہ ہے کہ یہ شخص کشمیر سے سردار صاحب کا دفتر وغیرہ لیکر جموں چلا تھا۔ راستہ میں اُس نے غریب زمینداروں سے بیحد اشیاء خوردنی وغیرہ لین حالانکہ خرچ کے واسطے کافی روپیہ اُسکو دیئے گئے تھے۔ تحصیلداروں نے وزیر وزارت کے پاس اُسکی شکایت کی کہ اُس نے کئی من گھی اور کئی من لکڑی اور کئی من دوسری چیزیں غریب لوگوں سے جبراً لی ہیں۔ وزیر وزارت نے گورنر کے پاس شکایت کی۔ گورنر نے مشیر مال صاحب بہادر کے پاس۔ انہوں نے راجہ امر سنگھ صاحب بہادر کے پاس۔ جنہوں نے جوڈیشل طور پر اُسکی تحقیقات کے واسطے حکم دیا اور سردار صاحب کے دل سے معطل کر کے تحقیقات کے واسطے سنگوا لیا۔ چونکہ امر مجنی رام چندانسپکٹر پولیس کو ایک اور الزام میں گرفتار کیا ہے یہ شخص کسی قتل کے مقدمہ میں محکمہ کیطرف سے معطل ہے۔ سات تو ان امور رائے بہادر رام صاحب ان پانچ امور کا تذکرہ ہے۔ سردار صاحب اور رائے صاحب ایک دوسرے کو بھائی بھائی کہتے ہیں۔ اگر بھائیوں میں پارٹیشن کی گفتگو نہیں ہوتی تو دونوں کا قصور ہے انکو لنڈن میں پارٹ میں رہنا چاہیئے کہ پارلیمنٹری گفت وگو سیکھ آویں۔

اِن حالات کے معلوم ہونے کے بعد غالباً آپکو اپنی جرأت پر افسوس ہوگا اور ندامت ہوگی اور آئندہ ایسی غلطی کے واسطے عبرت حاصل ہوگی۔ (مراسلہ جسٹس)

قابل توجہ گورنمنٹ عالیہ ہند

جناب ایڈیٹر صاحب! پچھلے نمبروں میں چھاؤنیوں کی حالت کسیقدر شائد دکھلا چکا ہوں آج میں صرف دو چیزوں کی باتوں کو لینا چاہتا ہوں جنپر دراصل چھاؤنیوں کی اصلاح اور بہبودی کا بہت کچھ مدار ہے۔ یہہ دونوں چیزیں گورنمنٹ ہند اور بالخصوص اُس کمیٹی کی توجہ کے قابل ہیں جو آجکل کنٹونمنٹ کوڈ بنا رہی ہے۔ یہہ بیشمار ایک سوال ہی زیادہ ہوا ہے کہ کنٹونمنٹ کوڈ طیار کر رہی ہے اور یہہ ٹھیک معلوم نہیں کہ اُسکا مدار کیا ہے اور وہ کس قسم کی اصلاحیں کرنا چاہتی ہے۔ آیا انگریزوں کے ہی آرام و آسایش کی اُدھیڑ بُن میں ہے اور انہیں کی خاطر سرگرداں ہو رہی ہیں یا بیچارے بے آواز اور بیکس چھاؤنیوں کے باشندوں اور بہاری Paiapayer ٹیکس ادا کرنے والوں کا بھی اُسے خیال مدنظر ہے۔

چھاؤنیوں کی اڈمنسٹریشن میں سب سے بڑا نقص یہہ ہے کہ بالعموم کنٹونمنٹ مجسٹریٹ فوجی لفٹننٹ وغیرہ مقرر کیئے جاتے ہیں جو قانون کے اصول اور عمل سے بہت کم واقفیت رکھتے ہیں اور اپنی ناتجربہ کاری کے باعث خطرہ کا موجب ہوتے ہیں۔ گو کنٹونمنٹ مجسٹریٹوں کا ایک امتحان مقرر ہے مگر وہ پاس کرنے پر بھی مطلق العنان مجسٹریٹ ہو جاتے ہیں اور انہیں تجربہ کا مافسروں کے ماتحت کام کرنے کا اتفاق نہیں ہوتا۔ بعض وقت فرسے فوجی کنڈہ ناداں اثر بہوتی کر لیتے ہیں جو دوم درجے کے مجسٹریٹ ہو جاتے ہیں۔ اب وقت آگیا ہے کہ گورنمنٹ عالیہ کنٹونمنٹ مجسٹریٹوں کی صفات پر توجہ کرے۔ یہہ امر پوشیدہ نہیں ہے کہ بڑی بڑی لڑائی اور تجربہ کار ڈپٹی کمشنر کمشنر عیاں اور ترقی افسروں کے ماتحت پڑھ جاتے ہیں اور وہ اُنسے حسن انجام کام نکلواتے ہیں۔ پھر جبکہ ایک ناتجربہ کار فوجی افسر جسکو نہ قانون سے واقفیت ہے نہ اور تجربہ ہے وہ کیونکر بخوبی کا کہا سکے۔ جیسا کنٹونمنٹ مجسٹریٹ قانون کا ناجائز استعمال کرتے ہیں وہ پیچھے دنوں بخوبی ظاہر ہو چکا ہے۔ چھاؤنی جالندہر سے راجہ گوپی کی انوکھی کارروائیاں پشاور کے کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کا ڈاکٹر لچھمن داس کے مقدمہ میں فیصلہ اپیل کے کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کا دیوانی مقدمات کو اپنے کو توال کے حکمی طور پر سپرد کرنا وغیرہ وغیرہ ایسے امور ہیں جو پورے طور سے میرے دعوے کی تائید کرتے ہیں۔ اگر گورنمنٹ ہند و شائقین کو کنٹونمنٹ مجسٹریٹ بنانے سے رشک کہا تی ہے تو اسے اختیار ہے نہ کرے مگر اسقدر اصلاح تو مناسب نہیں ہوگی کہ سویلین انگریز کنٹونمنٹ مجسٹریٹ ہو سکیں۔ کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کا عہدہ ایسا نہیں ہے کہ اُسمیں فوجی ہونے کی شرط ضروری ہو۔ پھر اگر فوجی ہی بھرتی کرنے منظور ہیں تو انکی کسیقدر تربیت ہونی ضرور ہے نئے قاعدہ کے مواخ کنٹونمنٹ مجسٹریٹوں کی تنخواہیں خاصی بیش قرار ہو گئی ہیں جو ایک اسسٹنٹ کمشنر کی تنخواہ سے کم نہیں ہیں۔ اول کنٹونمنٹ مجسٹریٹی کے امتحان سے سنار رڈ کو بڑھا یا جاوے۔ دوم جب فوجی افسر وہ امتحان پاس کرلے تو اُسے چھاؤنی دینے سے پیشتر کم از کم دو سال کے لیے ضلع میں رکھا جاوے تاکہ وہ وہاں ڈپٹی حکام کی نگرانی میں کسیقدر تجربہ حاصل کرے اور ہندوستانیوں کی کسیقدر قدر و منزلت پہچاننے کے قابل ہو جاوے۔ پھر کنٹونمنٹ مجسٹریٹی سے بھی اُسکو وقت ضرورت ضلع میں کسی ماتحت عہدے کے لیکر لیا جا سکتا ہے۔ یہہ ایک چوتھی بات ہے۔

دوسری چوتھی کی بات یہہ ہے کہ پچھلے نمبروں میں میں نے ثابت کر دیا ہے کہ چھاؤنیوں کی بقا شہر والوں سے زیادہ ٹیکس دینے والی ہے۔ چھاؤنیوں میں تہذیب اور شہریت کے جملہ سامان موجود ہیں پھر کوئی وجہ نہیں ہے کہ میونسپل کمیٹی گورنمنٹ کے حقوق نہ دیئے جاویں یہ تاکہ فوجیوں کے بھی حفظ مراتب کا خیال۔ کہا جاوے جسطرح شہروں اور قصبوں کے رئیسوں کو اپنی اپنی میونسپل کمیٹی بذریعہ انتخاب کمیٹی میں بیٹھنے کا منصب حاصل ہے اسیطرح چھاؤنی والوں کو بھی ہونا چاہیئے Nominarion (نامزدگی) سے گورنمنٹ دو جنٹلمینوں کو مقرر کرے جیسے کہ اب ہوتے ہیں۔ گورنمنٹ والا تو ہے ہی جسکی کہ کمیٹی ہے کمیٹی کو تو کسی سے کوئی کمیشن یا لفٹننٹ یا توپخانہ کے میجر یا کسی

دشمنی ڈالنے کے لئے اس کو بجنسہٖ پبلک کے پیش کریں۔ اور باقی ہم حصوں کو مطلع کریں کہ جو شخص بھیجنے والے فقرات کی تعداد کی نسبت سے کیا فائدہ اگر کچھ ہے تو ان کو پیش کرے۔ صرف ایک ایسے شخص کے جواب کے بعد جس نے وہ مختلف علمی بیان سنے ہوں تمام اندیشہ ہٹ جانا کیا حقیقت رکھتا ہے۔ یہی کیا کم غنیمت ہے کہ ایک خوفناک الزام کے شبہ سے منشی رحمت علی صاحب کو خوش نصیبی سے عزت کے ساتھ بریت ہو گئی۔

لاہور میں انارکلی بازار ایک ایسا بازار ہے کہ جس کے چاروں طرف کل سکول اور کالج اس والا لخلافے کے پھیلے ہوئے ہیں۔ اور انارکلی کی قریباً تمام ہمچھکوں میں رنڈیاں بود و باش رکھتی ہیں کہ جو طرح طرح کے حیلوں سے آنے جانے والوں کا دل لبھاتی ہیں۔ لاہور کے معزز باشندوں نے اس بات میں ایک جلسہ کر کے پھر لوکل گورنمنٹ کو متوجہ کیا ہے کہ مہربانی فرما کر انارکلی کو رنڈیوں سے پاک کیا جاوے کہ اخلاق پر بڑا اثر پڑتا ہے اور ان کو کسی دوسری جگہ آباد کیا جاوے۔

مراسلات

قابل توجہ سرڈینس فٹزپیٹرک صاحب

جناب ایڈیٹر صاحب۔ حسب وعدہ آج بھی آپ کی خدمت میں ایک فہرست بھیجتا ہوں جس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارے راجہ گلبری کنسلٹنٹ مہتر پیٹ جالندھر نے اپنے عہد سلطنت میں کس قدر آدمیوں کو شہر بدر یعنی بارہ پتھر سے باہر کیا۔ یہ فہرست ابھی مکمل نہیں ہے۔ کیونکہ اکثر بہت سے خارج شدہ آدمی جن کے ناموں کی تحقیقات درپیش ہے۔ آپ کو یہ بھی ساتھ ہی معلوم ہو جائیگا کہ راجہ گلبری نے کن کن آدمیوں کو کس کس علت میں نکالا یا ان کے نکالنے کا حکم دیا۔ البتہ اس فہرست میں ایسے بھی کئی آدمی ہیں جو بعد میں بہزار منت و سماجت اور مختلف وسائل سے پتھر سے نکالے گئے ہیں وہ ابھی تک خارج ہیں اور باوجود بے شمار عرضی پرچوں کے اندر آنے کا انہیں حکم نہیں ملا۔ چونکہ ہمارے بیدار مغز انصاف پرور سرڈینس خود ایک وقت میں عدالت عالیہ پنجاب کے جج رہ چکے ہیں وہ میری اس فہرست سے معلوم کر لینگے کہ ان کے پایہ تخت سے چار گھنٹے کے فاصلے پر کیسا انصاف کیا جاتا ہے۔ جس کے آگے سکھا شاہی یا نادر شاہی بھی گرد ہے یہ فہرست میں نے بہت تحقیقات اور محنت سے تیار کی ہے۔ اس لئے زیادہ توجہ کے قابل ہے۔ کوئی صاحب اسے مذاق نہ سمجھے۔ یہ اصلی واقعات ہیں اور ان کی ہر وقت تصدیق ہو سکتی ہے جو چاہے کر لے۔ شاید بعض احباب خیال کریں کہ شاید کوئی فوجی قانون ایسا ہو۔ مگر میں انہیں بخوبی یقین دلاتا ہوں کہ ہرگز ہرگز شہر بدر کرنے کا کوئی قانون نہیں ہے۔ اور فوجی قانون کوئی چیز نہیں ہے جس کے ذریعے کسی کو سزا مل سکے۔ اسی وجہ اس کی پابندی لازمی ہو۔ وہ صرف پلٹن والوں کے لئے ہوگا۔ انہیں کی پلٹن میں برتا جاتا ہو تو برتا جاتا ہو مگر وہ عوام پر متعلق نہ رکھتا۔ پلٹن والوں پر بھی اس کی پابندی

(۱) محض حکمت کے طور پر ہے۔ ورنہ بُرا نہ یا قید کے وہ مستوجب نہیں ہو سکتے۔ اس بات پر ہے کہ یہ جو کچھ ہے ہماری راجہ گلبری کے رحم کی بدولت ہیں۔

فہرست اشخاص مخرج سمہ علت اخراج یہ ہے۔

(۱) نذر بخش نذر سنگار۔ کپتان ہوم صاحب کا خدمتگار تھا اس سے ذہبی جائداد بدیں وجہ رکھا کہ کیا کہ دل میری بڑھی ہوئی تنخواہ دی جاوے پھر جاؤنگا۔ مگر تنخواہ نہیں دی گئی۔ آخر راجہ گلبری نے اُسے بارہ پتھر باہر نکال دیا۔

(۲) بخو خاں سابق ملازم مہر جیرس صاحب۔ اسے ملازمت سے کہا گیا۔ اس نے عذر کیا کہ میں قرآن شریف حفظ کرتا ہوں ملازمت میں کر سکتا اس لئے راجہ گلبری نے اُسے شہر بدر کر دیا۔

(۳) مستماۃ ٹھکرائن۔ گلی میں تکرار کر رہی تھی اس سے راجہ گلبری نے اُس سے نکری چھین لی۔

(۴) بسا کھی۔ بعلت قماربازی بارہ پتھر باہر کیا گیا۔

(۵) بانکا۔ بعلت قماربازی بارہ پتھر باہر کیا گیا۔

(۶) گھسیٹا۔ (۷) مستماۃ چھٹانی (۸) چھٹانی کی سمدھن۔ باہم تکرار کر رہے تھے۔ اس لئے شہر بدر کئے گئے۔

(۹) پیر بخش۔ (۱۰) رحیم بخش معزز سوداگران چرم۔ اپیل کے لئے نقل حکم مانگنے کی علت میں شہر بدر کئے گئے۔ انہوں نے لاٹ صاحب کو میموریل بھی بھیجا ہوا ہے۔

(۱۱) گردھاری بقال۔ اس کا ایک پولیس کانسٹبل سے مین مین تھا مگر آپس میں تکرار ہو گئی۔ اس لئے پولیس کانسٹبل نے گردھاری بقال کو پیٹاب کرنے کی علت میں گرفتار کیا۔ گلبری راجہ نے اسے بارہ پتھر باہر نکال دیا۔ بعد ازاں گردھاری نے پولیس کانسٹبل سے مین مین کے باری میں دیوانی مقدمہ دائر کیا۔ اس پر راجہ گلبری نے اسکے بارہ پتھر باہر ہو جانے کا حکم دیا۔

(۱۲) بابو انوک چند سوداگر اشیاء خوردنی (۱۳) نانکچند عرضی نویس (۱۴) مادھو تنبولی (۱۵) کالو حلوائی۔ (۱۶) جوالا پرشاد آڑھتی۔ بلا وجہ بلا قصور ان کو بارہ پتھر باہر نکل جانے کا حکم ملا۔ مگر بعد میں بہزار وقت و منت و سماجت رہ گئے۔

(۱۷) عظیم ولد کریم روٹی والہ۔ بیٹر کی چوری کی بنا پر شہر بدر کیا گیا

(۱۸) دولم گوالہ۔ راجہ گلبری کی گاچ پر ملازم تھا۔ راجہ صاحب نے یہ الزام لگایا کہ اس نے ہماری گائے کو زہر دیکر مار دیا۔ منشی محمد علی کمشنر اسسٹنٹ کمشنر کی عدالت میں مقدمہ پیش ہوا جہاں سے اسکو سزا ملگئی مگر کرنل ابٹس صاحب ڈپٹی کمشنر نے اپیل پر صرف اس بنا پر چھوڑ دیا کہ یہ شخص ذات کا ہندہے اس نے گائے کا مارنا اس کی ذات نے ناممکن ہے مگر جب وہ باہر ہو کر چھاؤنی میں آیا تو راجہ گلبری نے اس کو بارہ پتھر باہر کر دیا۔

(۱۹) مونگا گوالن۔ ایک رنڈی سے تکرار کر رہی تھی اس لئے بارہ پتھر باہر نکالنے کا حکم ملا۔

(۲۰) مستماۃ شبراتن۔ بعلت چوری بارہ پتھر باہر کی گئی۔

(۲۱) ہیرا بخش گاڑیبان۔ ایک مہترانی سے تنازعہ کیا لہذا چھاؤنی سے گلبری راجہ نے نکال دیا۔

(۲۲) مستماۃ بادی زوجہ سوہی والہ۔ شارع عام پر تکرار کر رہی تھی

(۲۳) چھتا چار۔ شراب کی علت میں بارہ پتھر باہر کیا گیا۔

(۲۴) انجمن۔ علت قماربازی میں بارہ پتھر باہر کیا گیا۔ (باقی آئندہ)

الراقم قاضی جی تم کیوں روئے؟ شہر کا اندیشہ

کشمیر کونسل کا ہوم ممبر — تردید

مکرمی ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار

اخبار عام مورخہ ۵ مارچ ۱۹۳۴ء میں ایک تحریر سردار محمد حیات خان خان بہادر سی ایس آئی سینیر ہوم ممبر کونسل ریاست جموں کے خلاف چھاپہ گئی ہے۔ چونکہ وہ تحریر سراسر غلط اور بے معنی ہے اور نیز اس سبب سے کہ اسکے لکھنے والے کا پتہ و نشان اور نام خود اخبار عام کو معلوم نہیں ہے اس لائق نہ تھی کہ کسی معقول اخبار میں اشاعت پائے اور گو اسکے پڑھنے والے اور اسکے چھاپنے والے سے جس نے ایک ایسی ذمہ داری کی تحریر بادجود اپنے اس اقرار کے کہ وہ لکھنے والے کا نام نہیں پڑھ سکا چھاپ دی بہت زیادہ عقلمند ہونگے اور اسکی اصلی وقعت سے زیادہ اُسے کوئی وقعت نہ دینگے۔ لیکن اگر کوئی ضرر رسیں غلط تحریر سے ہو سکتا ہے تو ترک وقعیت کے واسطے میں نے اخبار عام کے ایڈیٹر کو ایک چٹھی لکھی ہے اور امید ہے کہ وہ اسکو چھاپ دینگے لیکن چونکہ ایسا اخبار بلند و متابانہ زیادہ عزت اور اشاعت حاصل کر چکا ہے میں چاہتا ہوں کہ آپ سے درخواست کروں کہ آپ انصاف اور اپنے فرض کی خاطر سے اُس چٹھی کو اپنے قیمتی اخبار میں چھاپ دیں وہ چٹھی حسب ذیل ہے:۔

جناب من!

آپکے ۵ مارچ ۱۹۳۴ء کے پرچہ میں میں نے نہایت افسوس سے دیکھا ہے کہ آپ نے کسی گمنام شخص کی چٹھی کو جس کا نام معہ پتہ آپ خود چاہتے ہیں آپکو بھی معلوم نہیں سردار محمد حیات خان خان بہادر سی ایس آئی سینیر ممبر کونسل ریاست کشمیر کے خلاف چھاپ دیا ہے۔ آپ ایسے اخبار نویس سے یہ توقع ہرگز نہیں ہو سکتی تھی کہ آپ ایک ایسے جلیل القدر اور عالی مرتبہ نیکنام افسر گورنمنٹ کے خلاف جو خدمات انگریزی میں نہایت اعزاز تک پہونچ چکا ہے ہمارے ملک میں سب سے اول اُس عہدہ جلیلہ پر جو کسی ہندوستانی نے نہیں حاصل کیا تھا سرفراز ہوا ہے اور جسکا نام ہر ایک ہندو اور مسلمان کو عزیز ہے جو ہماری صوبہ میں پاپولر پارٹی کی ایک قابل تقلید تمثیل ہے جو آبادی کے ایک بہت بڑے حصہ کا لیڈر رہے جو اب کشمیر میں کونسل کا ایک ممبر ہے ایک ایسے شخص کی بجستا نام آپ لکھتے ہیں کہ آپ سے پڑھا نہیں گیا جسکا پتہ نشان آپ کو معلوم نہیں ہوا ایک ایسی چیز اور غلط تحریر کو تحقیق اور علم اصلی کے چھاپ دینگا جسکے بیانات اُس تحریر میں ہیں وہ سب کے سب معنی اور دور از کار ہیں۔ سردار صاحب کی نسبت یہ الزام کہ وہ ہندوؤں کو ملکار مسلمانوں کو ملازم رکھتے ہیں ایک حیرت انگیز بات ہے جس سے صاف یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص نے سن لیا ہوگا کہ ریاست کی ملازمت میں سے اول اس ریاست میں دوگرہ رعیت اور رعایا کے بعد دیسی ہندوؤں اور مسلمانوں کا حق ہے اور اسکے بعد غیر ملکی لوگوں کا۔ اور جو اپنے اس مقولہ پر کاربند

وجہ سے ایران سے بڑا انٹرسٹ ہے اور اس میں کچھ شبہ نہیں کہ ان کے عرفدار بھی اُمرا یا اہلکاروں سے ایران میں موجود ہیں۔ لیکن روس کو انگریزوں پر بہت بڑا فوق اس وجہ سے حاصل ہے کہ وہ ایران کی سرحد سے اتنا قریب بیٹھا ہوا ہے اور ایران کی شمال مغربی سرحد پر اُس کی ایک لاکھ سنگینیں کسی دم کے سکم سے ایران پر جھک سکتی ہیں۔ اور ایران کی فوجیں اُن کے مقابلہ کی تاب ہی کیا لاسکتی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پچھلے سال کا تبنا کو کا مشہور بائیکاٹ جو شاہ ایران نے انگریزوں کو دیا تھا وہ رعایا کے شورش برپا کرنے سے انگریزوں سے اُس لینا پڑا۔ اس کی وجوہات خواہ کچھ ہی ہوں لیکن یہ دو باتیں تو صاف ظاہر ہیں کہ شاہ ایران اپنی رعایا کی مرضی سے واقف نہیں اور نہ اُس کی بہتری مدنظر رکھ کر کام کرتے ہیں۔ دوم یہ کہ ایران کی گورنمنٹ ایسی بودی ہے کہ رعایا پر گورنمنٹ کا دباؤ بہت کم ہے۔ علاوہ اس تمباکو کی سورش کے ہم کئی مرتبہ مختلف صوبجات ایران میں شورش برپا ہونے کی خبریں سُنا کرتے ہیں۔ شاہ ایران نے سب سے بڑی خطا جو آج تک اپنا فرض ادا کرنے میں کی ہے وہ اپنے ملک میں عام تعلیم بہم پہنچانے کے سامان نہ مہیا کرنے سے کی ہے۔ اور پھر اسپر طرّہ یہ کہ غیر ممالک کے بادشاہوں کو رعایتوں پر رعایتیں دے کر اپنی رعایا کی تجارت کو کمزور کر دیا ہے۔ اور فوج میں کسی قسم کی اصلاح اب تک نہیں کی کیا آج جنگی جہازوں کے زمانے میں یہ عجیب بات نہیں کہ "شیر اور آفتاب" کی سلطنت کے پاس ایک ٹوٹا پھوٹا پرانا جنگی جہاز ہے۔ یہ صحیح ہے کہ ایران سمندر سے دور ہے اور بحیرہ کاسپین جو اس کے شمال میں ہے اُس پر روس قبضہ ہے اور خلیج فارس پر جو جنوب میں ہے انگریزی دخل ہے اور دریائے فارات کو جو صرف ایک ہی جہاز رانی کے قابل دریا اس وسیع مملکت میں ہے شاہ ایران نے تمام ممالک غیر کے جہازوں کی آمد و رفت کے لئے کھول رکھا ہے۔ اس لئے ایران کے جہاز کہاں ہیں اور کہاں کام آئیں۔ لیکن بری فوج میں بھی کوئی خاص طاقت نظر نہیں آتی۔ جو ملک سے بھی فرانس سے جو کٹا پڑا ہے اُس کی فوج فرانس کی فوج سے کیا نسبت رکھتی ہے! ایران میں صرف اسی ہزار باقاعدہ فوج ہے۔ اور ستر ہزار لیشیا اور قفط دو سو توپیں ہیں۔ بجالیکہ ہر سال ملک کے مالی حاصل محاصل سے بڑھتے رہتے ہیں تاہم حضرت شاہ فوج کے اضافے ملک کی حفاظت کے استحکام کے لئے کوئی نیا انتظام نہیں کرتے۔ وہ کئی لاکھ کے جواہرات سے مرصع خود کس کام آویگا جبکہ ملک کی بیخ ہی مضبوط نہ ہوگی۔ ایک جاپان ہی کی طرف دیکھو کتنا چھوٹا ملک ہے لیکن صرف مکاڈو شاہ جاپان کی کوشش سے ملک نے اتنی ترقی کی ہے جس کی نظیر دنیا کی تاریخ میں موجود نہیں۔ اگر شاہ جاپان نے تو ہمچو ذاتی وظیفے سے اپنی بحری طاقت کے اضافے کے لئے ایک بہت بڑی رقم دی ڈالی تھی۔

افسوس کی بات ہے کہ ایرانیوں میں قومی ہمدردی اور مدبر کشتری و وطن دوستی کی بہت کمی ہے اور شاہ ایران کے خیش و عشرت کے بکھیڑوں میں پڑ کر ملکداری کی طرف سست کر دینے سے کئی عرشناسان پولیٹکس ہم آواز ہیں کہ جس سلطنت کا نام ایران ہے وہ صرف شاہ نامہ فردوسی نامہ جامہ کے دم کے ساتھ ہے ورنہ کچھ نہیں کہ ان کی تمام سنہ سال سے محتاج و ذہن آذر لب تک

جنبش نہ گے۔ ان کو کیوں آزاد رہنا چاہیے ان کے بعد تو ملک اپنا ہی ہے۔ بیچارہ ولیعہد جلیل سلطان مظفر الدین مرزا جو ایک ہوشیار آدمی ہے باپ کی کم التفاتی اور اہلکاروں کی بے توجہی کی وجہ سے کچھ کر نہیں سکتا۔ اس لئے عجب نہیں کہ شاہ ایران کے انتقال پر شمال مغربی حصے پر روس قابض ہو جاوے اور جنوب مشرقی برٹش گورنمنٹ کے تحت میں آجاوے۔

اس سے کئی سال پیشتر جبکہ مسٹر مارٹیمر ڈیورنڈ ایلچی انگلستان میں یا اس کے قریب روس اور ایران میں ایک عہد نامہ ہو چکا ہے جس کے رو سے بوقت ضرورت روس بعض شرائط کے ساتھ خراسان پر قبضہ کر سکتا ہے۔ کیونکہ روس کی سرحد سے تین سو میل تک کوہستان خراسان کے اندر پہاڑ غیر محفوظ ہے اور دسلطنت کہ جس کا اس ملک پر قبضہ ہو ویل کو کئی مقامات سے توڑ سکتی ہے۔ اس لئے اور بعض دیگر وجوہ سے روس کا خراسان پر قبضہ ہونا ضروری ہے۔ ایسے ہی روس اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے آذربائیجان اور مازندران کا الحاق بھی ضروری سمجھتا ہے۔ لیکن اس صدی کے اوائل میں روس کی نسبت انگلستان کا رسوخ ایران پر بہت زیادہ تھا۔ مگر اب وہ بات نہیں رہی۔ کیونکہ انگلستان روپیہ خرچ کرکے اور حکمت عملیوں اور مناسب موقعوں کی آڑ میں کسی ملک پر بتدریج اپنا رسوخ یا قبضہ پیدا کر سکتا ہے مگر روس جو انگلستان کے برابر روپیہ نہیں خرچ کر سکتا زور سے اپنا کام نکالنا چاہتا ہے۔ لیکن انگریز ایران پر روسی قبضہ اپنی سلطنت ہندوستان کے حق میں بہتر نہیں سمجھتے۔

غرض وسط ایشیا کی آزاد سلطنتیں تمام یکے بعد دیگرے روس یورپ مہضم کرتی جاتی ہیں۔ اب وہ تاتار آزاد کہاں ہے جو چنگیز اور ہلاکو سرکار انگریزی کے قبضے میں آچکی ہیں۔ صرف ایک مراکو پچھلے سال فرانس نے خاتمہ ہی کر دیا ہے۔ ایران کا استقلال بھی افغانستان کئی آئندہ سالوں تک کسی لڑائی میں دھنسا اور امیر عبدالرحمن خاں اسی طرح ملک کی اصلاح اور ترقی میں مصروف رہے تو یقین ہے کہ یہ ملک نافال الدخول ہو جاویگا۔ اس وقت اگر بالکل آزاد ہیں تو ایشیا میں دو ملک سوائے چین و عرب اور شام کے اور کوئی نہیں۔

ایک نامہ نگار صاحب ۴ اپریل کو جموں سے اطلاع دیتے ہیں کہ راجہ امر سنگھ صاحب فکار کر گئے تھے۔ موضع نیر گڈھ سے کسی شخص بیگاری پکڑے گئے جن میں سے بدقسمتی سے تین شخص زخمی ہو گئے۔ چنانچہ راجہ صاحب موصوف مہاراجہ صاحب کے ان غلاموں کو اسی حالت میں چھوڑ کر فرودجموں کو ویل پر سوار ہو گئے اور ان کو مزدوری بھی نہ دی۔ ہم غضب کرتے ہیں کہ جموں میں اب تک بیگار کا برا دستور موجود ہے اور پھر جبکہ راجہ امر سنگھ ایسے ہوشیار اور با استیاز شخص بیگاری پالیسی اور دیگر رعیت اُن کی ضروری کے بچانا چاہیں تو افسوس! ہلکا کیا کہتے ہوئے ہیں ؎

بہ نیم عشوہ چو شد ماں ستم دادا کرد ۔۔۔ زندہ لشکر یا لش ہزار جاں نسیم

سیالکوٹ کے مقدمہ زہر خورانی کے مقدمہ پر ایک چلتہ سے روشنی

سیالکوٹ کے منشی راجندر سنگھ صاحب اسٹیشن ماسٹر اٹل ڈاکخانہ گرداسپور

پر ایک مقدمہ زہر خورانی شروع کرنے کا مقدمہ کچھ دنوں سے زیر تحقیقات ہے اور آخر تک ہم بھی ہوا ہم نے اس ہیئت کذائی میں کی نظر سے دیکھا تھا کہ ایک اخبار نویس ایسے خوفناک الزام سے بچ گیا اور ہر ہیجسٹی کی ہر فرد بشر حمایت کے لئے باعث شرمندگی چھ جائیکہ اخبار نویس کے لئے ہو۔ اب منشی راجندر سنگھ صاحب نے ہر بیت کے بعد یہ شکایت کی ہے کہ دوران تحقیقات میں ظاہر ہوتی کی گئی اور یہ سارا مقدمہ منشی غلام قادر صاحب مصنف بدبخت پڑاب گزٹ اور منشی غلام حیدر سنسنہ اڈیٹر گزٹ کا ہوا ہوا تھا۔ اس بارے میں ہائی کورٹ کے ایک اشارے نے منشی راجندر سنگھ صاحب کی شکایت شروع کی ہے کہ وہ بہت مظلوم ہیں۔ اور ایک شخص منشی نتھو مل جو شہریوں کی شہادت کی بنا پر بے قصور ہے کی شہادت کی ہے۔ اس شخص نے ہمارے کاتب اخبار ہمدرد سے دوچار گھنٹے کے سامنے سنایا کہ ہائی کورٹ منشی راجندر سنگھ نے مجھ سے فلاں مقدمہ زہر خورانی کے بارے میں دوسری عدالت میں شہادت دی کہ میرے پیٹ جانے کے بعد میں نے فلاں شخص کو دیکھا تھا اور حقیقت منشی فلاں تھا۔ منشی راجندر سنگھ نے مجھ سے کہلوایا تھا اور میں نے کہہ دیا تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ شخص ہرگز نہیں کہا تھا۔ جس وقت کے ہائی عدالت اور دوسری عدالت کا علم نہیں۔ لیکن جب پریوی کونسل میں اس کا کہ وہ شخص کے سامنے بیان کرنے کے لئے مجھ سے کہلوایا تھا اور دوسری عدالت میں یہ بیان ہرگز نہیں کہ

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۳۰ مارچ ۱۸۹۴ء

لاہور و پنجاب

— ۲۱ و ۲۲ مارچ کو کرنل میلس سی ایس آئی نے سرحد کے سفر پر جانا کا معائنہ کیا اور فوج کو نہایت مستعد پاکر انکے اور انکے کمانڈنٹ ہیر بکرم سنگھ بہادر پر صاحب کے بیٹے کی نہایت تعریف کی۔

— فقیر حسن شاہ صاحب گدی نشین مادھو لال حسین اطلاع دیتے ہین کہ میلہ چراغان دربار حضرت مادھو لال حسین آخیر ہفتہ دوم اپریل ۱۸۹۴ء کو مقرر ہوا۔

— بڑے افسوس کی بات ہے کہ مولوی حکیم نورالدین صاحب بھیروی کے اکلوتے بچے نے وفات پائی۔

— نہایت افسوس کی بات ہے کہ سید عنایت حسین خلف سید محمد حسین صاحب میر منشی ریاست پٹیالہ جنکی شادی حال ہی مین مرزا آغا محمد صاحب مرحوم سابق وزیر بہاولپور کے گھر مین بمقام سہرشہ ہوئی تھی ۲۳ مارچ کو بعارضہ نمونیا انتقال کر گئے۔ مرحوم ایک لایق نوجوان تھے۔ حقیقت مین وزیر صاحب پٹیالہ کے خاندان کو گذشتہ سال سے ابتک سخت صدمات پہنچے ہین۔

— امیر صاحب کی خدمت مین انکے وظیفہ سے بارہ لاکھ کی رقم ۲۰ مارچ سے پشاور سے کابل کو روانہ ہوئی۔

— سر جن ہیجر پیری پروفیسر سر جری لاہور میڈیکل کالج کلکتہ میڈیکل کالج مین تبدیل ہوتے ہین اور پروفیسر آر ایچ چارلس پروفیسر اناٹمی یہی وہین جاتے ہین۔

— ایک افواہ اوڑتی ہوئی پہونچی ہے کہ نواب صاحب بہاولپور نے بھی ایک میم صاحبہ کی الفت مین مہاراجہ صاحب پٹیالہ کی تقلید کی۔

— پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات پیر گذشتہ سے شروع ہوگئے ہین اور لارنس مل مین ایک ہفتہ تک مطلع البعلبین کی سلطنت رہیگی۔

— گذشتہ ہفتہ مین ملتان مین کئی انفلوئنزا کی وارداتین ہوئین۔

— گذشتہ امتحان مڈل کا نتیجہ شائع ہوگیا اور بخلاف سال اسبار کے امیدوار نہایت فیاضی سے کامیاب ہوئے مثلاً دیانند اینگلو ورنیکولر سکول کے ۷۹ امیدوار کامیاب ہوئے۔ مدرسہ انجمن حمایت اسلام کے ۲۰۷ میں سے ۱۷۰ اور قریب قریب اسی نسبت سے اکثر مدارس کا نتیجہ نکلا ہے۔

— امرتسر کے دو ہندو صاحبین جو عرصہ تین ہفتہ کا ہوا غائب ہو جایا کرتی تھین اہلیہ بعض بدمعاش چھیڑا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک شخص کو ایسی ہی حرکت کے لیئے ایک سال قید کی سزا ملی۔

— ہیٹ آباد مین جنگل والے صاحب کے کوٹھا پر لکڑی بیچنے کی دوکان کھولی ہے۔ جو بیچارے غریب دوکانداروں سے مقابلہ کرنا چاہتی ہے۔

— صاحب رزیڈنٹ کشمیر وسط اپریل مین سرینگر پہونچینگے۔

— مئی کو نوجوان مہاراجہ صاحب جیند کی شادی ہوگی۔

— سردار عبدالرحمن خان کو چیف کورٹ پنجاب نے باقاعدہ ڈیکوٹ مقرر کیا۔

— گورنمنٹ ہند نے شہر دہلی کی فصیل کا کشمیری دروازہ کے مقابل دو سو فیٹ نیچا کرنا منظور کیا۔

— ولیعہد ایلخان کی تبصری سالانہ نمائش سیالکوٹ ماہ حال کو ہوئی۔ صاحب کمشنر مسٹر آرجی ووس نے انعام تقسیم کیے۔

پیسہ اخبار کی توسیع شاعت

جناب سید فخر الحسن صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ چودرواجپانہ سے تحریر فرماتے ہین کہ ہر چند کہ چار خریدار پچھلے سال مین بہم پہونچا چکا ہون اور اس طرف لوگون کو اخبار پڑھنے کا شوق بھی بہت کم ہے لیکن مین آپکے حال کی تجویز کے مطابق پانچ خریدار ضرور پورے کرونگا۔ بالفعل ان نو اصحاب (۱) ڈاکٹر عبدالحمید صاحب مقام راسی ہسپتال (۲) رائے چندجی صاحب سوراناچودرو کے نام اخبار جاری کرکے قیمتین بذریعہ کتب الخامی ویلیو پے ایبل کے طلب کرلین۔

جناب مرزا نتھے خان صاحب گلگت سے لکھتے ہین قبل ازین تیز خریدار پیدا کرچکا ہون اب سید نتھے شاہ صاحب ہاسپٹل اسسٹنٹ نزل ضلع گلگت کے نام اخبار جاری کرکے قیمت وصول کرلین۔

جناب شیخ کریم بخش صاحب ملتان سے لکھتے ہین حاجی فقیر محمد صاحب زمیندار موضع کبیر پور کے نام اخبار جاری کردین اسکے پہلے ایک خریدار جناب نور محمد خان صاحب رئیس ملتان مقرر ہو چکے ہین اور تین خریدار پورے کرکے مین ہی پانچ کی شرط پوری کردونگا جو بیعوے لئے لاتی ہی۔

جناب شیخ عبدالکبیر صاحب کرچمان سے لکھتے ہین بابو مہادیو صاحب ورما ماسٹر کے نام اخبار جاری کرکے قیمت بذریعہ ویلیو پے اپیل انعامی کتابچہ کے طلب کرین۔

جناب پیر حاجی ہدایت اللہ صاحب نے ملک سندھ مین ہر مالی فرہاکر پیسہ اخبار کے کئی خریدار پیدا کیئے ہین اور ابھی وہ امید ہے کہ حال کے قرائد کے مطابق وہ پانچ اور نئے خریدار ضرور ہی پیدا کرکے ہمین پہلے سے زیادہ مشکور کرینگے۔

جناب الہ دیا خان صاحب مستری کبیر والا سے لکھتے ہین کہ (۱) ایک اخبار منشی جگت رام صاحب محرر جوڈیشل کبیر والا نام پر (۲) دوسرا بنام مولوی الہ داد خان صاحب روم تلمبہ جاری کرکے حد قیمتین پیشگی وصول کرلین۔

جناب راؤ کشن صاحب اسلام فروش ضلع لودھانہ سے لکھتے ہین لالہ جیوارام دوکاندار کے نام اخبار جاری کیا جاوے۔

جناب مولوی عبدالحق صاحب گوجرات سے تحریر کرتے ہین کہ منشی غلام حسین صاحب خلف میان جیون صاحب کے نام اخبار جاری کردین۔ باقی خریدار بہی حتی المقدور بہی جمع کرونگا۔

جناب شیخ غلام احمد صاحب مدار رائکوٹہ ضلع لودھانہ سے لکھتے ہین کہ دیوان الہی داد صاحب اہلکار ریاست رام گڈھ کے نام اخبار جاری کرکے قیمت وصول کرلین۔

جناب اصغر علی صاحب خلف مولوی رضا علی صاحب تحصیلدار مکتسر لکھتے ہین کہ بیشک پہلے اخبار پر بہاء کی جانب سے تعریف کچھ کہے۔ کسی خریدار نے بیشک کہا ہے کہ اگر ہر ایک خریدار پانچ پانچ خریدار پیدا کردے تو آپ ارادہ دلی ہوا ہو۔ مین بھی ہر فرض سے سبکدوش ہونے کے لیئے خریدار پیدا کررہا ہون۔

سلطنت ایران کی حالت زار

شاہ بکنگھام پیلس کے پوتے سفر یورپ کی خبریں سننے میں آنے لگی ہیں۔ کمبخت افسوس کی بات ہے کہ ہز مجسٹی شاہ ناصرالدین قاجار نے اسی قسم کی سیاحتوں اور تماش بینیوں میں اپنی عمر ختم کردی ہے۔ اٹھارہ برس کے بچے دنیا کا سیر و سیاحت بڑی ضروری بات ہے۔ اور پھر یورپ کی دنیا کا سیر ایک ایشیائی سلطان کے لئے بہت ہی نفع مند ہے بشرطیکہ وہ اس سے مستفید ہو کر اپنے ملک میں اس قسم کی اصلاحیں داخل کرے کہ جیسی یورپ میں دیکھ آیا ہو۔ لیکن بدبا گی سیاحتوں میں صرف ملاقاتیں کرنا اور دعوتیں اڑانا اور یورپ کے بھی ثابت ہوا ہی سفر و سیاحت نہیں کہلاتا۔ آپ کے دونوں سفرنامے ذرہ نظر امعان سے دیکھنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ آپ صرف یورپ میں تماشا دیکھنے کے لئے جاتے رہے ہیں۔ ورنہ اگر ایسا نہ ہوتا تو انگلستان اور دیگر ممالک یورپ کی رسم و رعایا کے ایران میں تعلیم پھیلانے کی کوشش کیجاتی۔ ایران میں سوائے اسی قدیم طریقے کے اور پرائیویٹ مکتبوں کے کون سے سرکاری مدرسے اور کالج موجود ہیں کہ نئے مطابع قائم ہیں۔ اور اخبارات اور رسالجات شائع ہوتے ہیں کونسی معدنیں جن حرب کے معدنوں پر تفتیش قائم کی گئی ہے۔ کونسی ریل کی سڑکیں اور دوسرے شاہراہ بنائے گئے۔ جیسا کہ رعایا کا حال تباہ ہے ویسا ہی فوج کا حال ابتر ہے۔ روس اور انگلستان کے رسوخ کے بوجھ تلے پڑے ہوئے ہیں کہ سلطنت کے ریزہ کرنے کے لئے کافی ہیں۔ خود شاہ ایران اور ان کے ولیعہد اور دوسرے بیٹوں میں نہیں بنتی۔ روس کا زور اور رسوخ دن بدن ملک پر بڑھتا جاتا ہے۔ سوائے ایک دو کے وزرا کاہل اور جاہل ہیں اور اگر جاہل نہیں ہیں تو فقط اپنے ذاتی فوائد کو ہی مدنظر رکھتے ہیں جو اپنی قوم اور ملک کی تدابیر نہیں کرتے۔ ایرانیوں میں قومیت کا نام و نشان باقی نہیں رہ گیا۔ سلطنت کی ترقی اور بحالی کا بادشاہ سے لے کر گدا تک کسی کو خیال نہیں۔ اور خیال کس کو ہو سکتا ہے جبکہ بادشاہ خود ہی لہو و لعب میں پڑا ہوا ایک غیر سلطنت کے ہاتھ میں پتلی بنا ہوا ہے۔ ہر کام کے لئے پردے کے پیچھے سے روسی سفیر کی طرف دیکھا جاتا ہے۔ حال کہ آخری جنگ روم و ایران سے قبل شاہ عبدالعزیز مرحوم والی دمشق روسی سفیروں کے ہاتھ میں تھا آج وہی حال شاہ ناصرالدین قاجار کا ہے۔ روسی سفیروں کے ہاتھ میں کہتے ہیں کہ روسی روپیہ ملک میں برابر خرچ کیا جاتا ہے۔ پچھلی سال دو بڑی بھاری سڑکیں بنا سکتے تھے روسی تجاروں کو دیتے جو روسی طاقت کے بڑھنے کی دلیل ہیں۔ روس کے ذرہ ذرہ حریف ایران میں صرف انگریز ہی ہیں جن کو اپنے کئی تعلقات کی

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— ۲۴ مارچ۔ کلکتہ۔ جلال آباد سے یہ افواہ بالکل بے بنیاد ہے کہ امیر صاحب بجائے انگلستان کے کوئی مقصد جانا چاہتے ہیں۔ لیکن امیر صاحب کی آیندہ نقل و حرکت کا کچھ حال معلوم نہ ہوگا جبتک کہ مراسلات ہندوستان سے اس بارہ میں بلاواسطہ خط و کتابت نہ کریں۔

— ۲۶ مارچ۔ کلکتہ۔ گورنمنٹ ہند بالفعل پنجاب کے لیئے ڈائی آرکی ختم کرنے کے متعلق غور نہیں کر رہی ہے۔ لیکن عنقریب اس مسئلہ پر غور کرے گی۔

— یکم اپریل سے سر ایگزیٹر ریکنیزی ہر چیف کمشنر رنگون مقرر ہونگے۔

— اس وقت کونسل وائسرائے میں ایک عہدہ ممبری کا خالی ہے اور غالباً اگر پنجاب سے ایک زاید ممبر نامزد کیا گیا تو وہ مسٹر میک ورتھ ہوں بشرطیکہ وہ منظور کریں۔ اگرچہ کہ ابھی پنجاب کے متعلق کوئی مسودہ قانون بھی سردست پیش ہونیوالا نہیں شاید کہ ابھی کوئی ممبر نہ لیا جاوے۔

— ۴ مارچ کلکتہ۔ کوئی سرکاری خبر اس بارہ میں وصول نہیں ہوئی کہ چیلاس میں کوئی تکلیف پیش آنے والی ہے۔

— مسٹر وارڈ چیف کمشنر آسام ۳۔ اپریل کو اپنے ہیڈ کوارٹر گوالپارا میں واپس پہونچیں گے۔

— صاحب کلکٹر ناسک نے ولا کے ہندو مسلمانوں میں صلح کرادی اور انکو آپس میں دین دین بندھا دی جاری ہوگیا۔ گورنمنٹ نے اس شخص کو پانسو روپیہ انعام دینے کا وعدہ کیا ہے جو اس شخص کو گرفتار کرادے کہ جس نے سب سے پہلے سور کا بچہ مسجد میں پھینکا تھا۔ اور مسلمان پولیس انسپکٹر اور ہیڈ کانسٹیبل کسی اور مقام کو تبدیل کیے جاوینگے۔

— حیدرآباد کے ڈائمنڈ میٹ کے مقدمہ کی مشہور دلالہ مسماۃ حسین کو باوجود بے قصور ثابت ہونے کے کوتوالی سے پھر بین لوا پور سرحد نظام تک لیجا کر چھوڑا گیا۔ یہ اب ہوپال میں ہیں۔

— ایک شخص آسٹریلیا سے اس غرض کیلئے ہندوستان میں آیا تھا کہ گائے کا نمکین گوشت جو آسٹریلیا میں تیار کیا جاوے وہ ہندوستان میں اچھی حالت میں لایا جاسکتا ہے اور ہندوستان کے لیے گوشت سے جو کمشریٹ میں استعمال ہوتا ہے اچھا ہوتا ہے اسلیئے ہندوستان میں گائے کشی بند کرکے وہاں سے خشک گوشت منگوایا جاوے۔

— انگلشیہ کا خیال ہے کہ گورنمنٹ ہند کے فارن سکریٹری کا ہوم کچھ عرصہ تک پُر نہ کیا جاویگا۔

— سیکاگ (ریہلی) سے رنگون میں خبر پہونچی کہ مسٹر میکلیس سپرنٹنڈنٹ ڈفرن صاحب کشمر قسمت وسطی نے بندوق سے اپنے دماغ اڑا دیا کیونکہ اسکے دفتر سے کچھ ضروری خفیہ کاغذات گم ہوگئے تھے۔

— جمیر کے ضلع میں ایک مقتول عورت کی لاش پائی گئی۔ یہ چوتھی عورت کی لاش ہے جو چند ہفتہ کے درمیان اس جگہ پائی گئی ہے۔

— مشرقی بنگالہ میں ایسے مسلمان بھی ہیں جو درگا دیوی کی پوجا کیا کرتے ہیں جیسے کہ خود اس اعتقاد کے ہندو کرتے ہیں۔ رنگ پور کے اخبار دیک پرکاش نے لکھا تھا کہ باوجودیکہ ہندو مذہب غیر لوگوں کو شریک نہیں کرتا تاہم لوگوں پر کتنا اثر کرتا ہے۔ اسپر ایک مسلمان اخبار نے جواب دیا کہ تمام ہندوستان میں ہندو مسلمانوں کے پیروں کی پرستش کرتے ہیں۔ افسوس ہے اس قسم کے جھگڑے بے سود ہیں۔

— مسٹر ڈین اور مسٹر فنشا فسران پنجاب انفیوژن کمشن کے ہمراہ ڈیوٹی پر ولایت چلے گئے۔

— راجگان کونڈا۔ سکراتی و ویدیا دکا ٹھیاوار پولیٹیکل ایجنسی ماہ اپریل میں کاشمیر کی سیر کو آتے ہیں۔

— میلے کے ایام میں گورنمنٹ ہردوار اور جوالاپور کے ہر ٹکٹ پر ایک آنہ زاید ٹیکس وصول کر لیتی ہے۔

— مسز زالیس ہے ٹیلاری وکیپنی کی معرفت جن ہتھیاروں کی نمائش نکاگو میں کرانی گئی تھی انکے لیئے مندرجہ ذیل ہتھل کے قصبے ملے۔ حیدرآباد دکن ۵۔ میسور ۴۔ پٹیالہ ۱۔ جودھپور ۱۔ کچھ ۱۔ ہیلاری ویلپنی ۸۔ کاشمیر ۲۔ پٹیالہ ۲۔ بیکانیر ۳۔ بلاسپور ۲۔ دہلی ۱۔ نگینہ ۱۔ دزیاگا پٹم ۲۔ سورت ۴۔ تنجور ۲۔ مرزاپور ۱۔ بکھتیو ۳۔ بیجنی ۱۔ مدراس ۲۔ مرزاپور ۱۔ لاہور ۱۔ تیرپتی ۱۔ فرخ آباد ۱۔ فتحگڈھ ۱۔ آگرہ ۱۔ ہوشیارپور ۱۔ کلکتہ ۱۔ امرتسر ۵۔ اور دیگر مقامات جو ماہ اگست میں تقسیم ہونگے۔

— لارڈ برابرن نے ایک دعوتی جلسہ کی تقریر میں انگلستان میں بیان کیا کہ اگرچہ ہندوستان کی پولیس اور انگریزی فوج قابل تعریف ہے تاہم اگر وسط ایشیا سے حملہ کیا گیا تو انگلستان سے ہندوستان کو کمک بھیجنی پڑیگی۔

— صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کو تحریک کیگئی کہ اگر ہندوستان کی ساختہ سوتی کپڑے پر محصول لگایا جاوے تو بہتر ہوگا۔ گورنمنٹ کو ولایت کے کپڑے پر محصول نہ آمد دینے میں عذر نہ ہوگا۔ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے کہا ایسی تجویز کے باقاعدہ پیش کیے جانے پر غور کیا جاسکتی ہے۔

— ہوراکا میلہ امسال بھی نباہا جاویگا۔ گورنمنٹ نے تین لاکھ روپیہ کی فوج دریا کے کنارہ پر ڈیرہ ڈالے رکھنے کا حکم دیدیا ہے اور ہیضہ کے انسداد کی ہر ممکن تدبیر کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک پختہ چبوترہ بنوایا ہے اور پانی کی صاف نالیاں بنوائی ہیں۔ زائرین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی گزشت کریں حفظ صحت کی خاطر کے ایک میل کے اندر کوئی دیہی ذکر معین نہ کریں۔

ممالک غیر

— ۲۵ مارچ۔ سینٹ پیٹرزبرگ۔ یہاں افواہ پھیل رہی ہے کہ صوبہ افغانستان کی رہسی چھاؤنیوں میں فوج بڑھائی جا رہی ہے۔

— ۲۴ مارچ۔ پیرس۔ حفظان صحت کی کانفرنس جو یہاں ہو رہی ہے گرتی رہی ہے اسکا کام ختم ہوگیا۔ اسکے تجاویز میں اول درجہ کی حفظ صحت کی احتیاطیں اور قواعد ہندوستان کے حجاج کی واپسی کے متعلق شامل ہیں۔ ایسے جہازوں کا قرنطینہ پانچ روز سے متجاوز نہ ہوگا۔

— ۲۵ مارچ۔ لندن۔ گورنمنٹ پیرس کی کانفرنس حفظ صحت کے قواعد کے منظور کرنے سے بیشتر گورنمنٹ ہند سے مشورہ کریگی۔

— ۲۵ مارچ۔ لندن۔ انگلینڈ پر شائع کانفرنس نے آسٹریلیا اور انگلستان کے مابین ایک پینی کے محصول کے رطب کو اس طرح سے منظور نہیں کیا کہ محاصل میں خسارہ نہ ہو۔

— ۲۵ مارچ۔ لندن۔ رقم (واقعہ آئلی) میں طبی کانفرنس کی شراکت کے لیئے چار ہزار ڈیلی گیٹ جمع ہوئے۔

— پھر خبر ہے کہ شاہ ایران سفر انگلستان کے عازم ہیں۔

— ۲۲ مارچ۔ واشنگٹن۔ فنانشل کمیٹی کے طویل مباحثہ کے بعد ٹیرف بل بہت سی ترمیموں کے ساتھ سینٹ کے پیش ہوا۔

— ۲۳ مارچ ہیلو واپلیٹ۔ کل شام کو یہاں سخت فساد ہوگیا جبکہ طالب علموں اور دوسرے لوگوں کے ایک گروہ نے تہتر لوگوں اور دوسرے تفریح کے مقامات میں گھس کر ان مقامات کی یادگار نشان ماتم مرحوم کو سیاہ بنا دیئے جانے پر اصرار کیا۔ اور انہوں نے ہر جگہ سیاہ نشان ابھی الصب کر دیئے۔ پولیس سے بار بار ٹکراؤ ہوئے اور بیس غضبناک مجروح ہوئے۔ دوبارہ فساد ہوا۔ پولیس نے حکام کے حکم سے سیاہ جھنڈوں کو اکھاڑنا چاہا۔ طلبا نے مقابلہ کیا۔ پولیس نے گولیاں چلائیں اور چالیس سے زاید معتد زخمی ہوئے۔

— ۲۳ مارچ۔ لندن۔ گرنیول سے متصل ایک گرجہ میں ایک بم کا گولہ پھوٹا۔ نمازی دروازہ کی طرف دوڑنے میں بیس کے قریب سخت مجروح ہوئے۔

— ۲۴ مارچ۔ لندن۔ ریڈیو ڈی جنیرو (برازیل) سے آخری خبروں سے معلوم ہوتا ہے کہ پریذیڈنٹ پکسوٹو امیر البحر ڈی گاما اور دیگر سرکردہ باغیوں سے اصرار چاہتا ہے جو پرتگال جا کر وہاں جلاوطن رہیں۔ اگلی مارشل حکومت کا اعلیٰ عہدہ دار امیر البحر ڈی میلو مشہور کیا گیا ہے۔ اور اس نے بغاوت جاری رکھنے کا ارادہ کیا ہے۔

— ۲۲ مارچ واشنگٹن۔ سینٹ کی فارن کمیٹی ایک جدید جنگی جہاز ناسہ پر بحث کر رہی ہے جو جنیوں کے خراج کے بجٹ میں منظور کرے اور انہیں اصلاح متحدہ میں بعض شرائط کی پابندی سے داخل ہونے دے۔

— ڈاکٹر ون نے معلوم کیا ہے کہ مسٹر گلیڈسٹون کی دونوں آنکھوں میں نزول الماء ہے۔ انمیں ایک کی جراحی چند ماہ کے عرصہ میں ہو سکتی ہے۔ مسٹر گلیڈسٹون نے اپنے انتخاب کرنے والوں کو چٹھی لکھی ہے کہ میں پارلیمنٹ میں اپنی جگہ رکھونگا بلکہ میری صحت کی بہتری صحت پر منحصر ہے۔ ہوس آف کامنز اور لارڈز کے درمیان رسہ کشی ہو رہی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ملک اس پر قطعی فیصلہ دے۔

ٹرکی وغیرہ

— سلطان المعظم نے حکم دیا کہ محکمہ زراعت کی جو آمدنی مصارف کے بعد فاضل رہتی ہے آیندہ سے اسی صیغہ میں زراعت کی ترقی میں صرف کیا جاوے۔

— حضرت سلطان نے محکمہ یا اعثمانی بنک میں سات لاکھ پونڈ کے نوٹ تیار ہوں۔

— توپ خانہ سلطان نے ۱۵۰ اصندوق بارود کے حزمن سے حال میں طلب کیے تھے۔

— جامع ازہر مصر کے مصارف کیلئے علاوہ رقم سنیہ کے دو لاکھ سالانہ کی اس سال کے بجٹ میں منظور کی گئی۔

حفظِ صحت

۱۷۔ **خنازیر**:۔ براہ مہربانی درج اخبار فرمادیجئے۔ اگر کسی جناب کو خنازیر یا اور کسی قسم کی گلٹیوں کا ہوگئے اور دیگر جسم میں رنجش یا کسی اور وجہ سے کھل آتی ہیں۔ مجرب نسخہ شفا دیجئے تاکہ ہو تو وہ جناب کے اخبار کے ذریعے اطلاع دے کر ممنون احسان فرمائیں۔ (راقم مریض ازدھرم سالہ)

۱۸۔ **طحال**:۔ چونکہ آپ کے اخبار گھر گھر میں ایک کامل حفظ صحت کا بھی ہوتا ہے جس سے سینکڑوں بندگان خدا فائدہ اٹھاتے ہیں۔ لہذا میں بھی ملتمس ہوں کہ کسی جگہ اس کام میں میرے مدعا کو بھی درج کرکے ممنون کیجئے۔ مجھ کو عرصہ دو سال سے یہ بیماری ہوگئی ہے۔ بہت کچھ روپیہ بھی خرچ کیا لیکن کچھ فائدہ نہ ہوا۔ جس صاحب کو مجرب دوا معلوم ہو مطلع کریں (سید اصغر حسین۔ ملکانہ بلوچ)

۱۹۔ **قولنج**:۔ مریض کو دو تین ماشے بعد ہر دفعہ یہ مرض عود کر آتا ہے۔ سینکڑوں یونانی اور ڈاکٹری علاج کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ہوا۔ درد دو دو تین تین دن رہتا ہے اور اس اثنا میں مریض صرف ہی بے آب کے تڑپتا ہے۔ (مرتضیٰ قمر)

۲۰۔ **مدر کشا**:۔ ایک شخص کو یہ عارضہ ہے۔ اور اس مرض کے ساتھ جو جو قباحتیں پیدا ہوتی ہیں وہ سب کچھ مجھ میں ہیں ڈاکٹری میں معلوم نہیں اس کا کوئی علاج ہے یا نہیں۔ نہ یونانی معالجات میں کل الوجود بے فائدہ ثابت ہوئے۔ (قمر)

علاج

۲۵۔ **افیون چھڑانے کی ترکیب**:۔ ۱۰ فروری کے پرچے میں ایک صاحب نے دریافت فرمایا ہے کہ کسی کو معلوم ہو تو افیون چھڑانے کی ترکیب بتادیں چنانچہ بندہ ایک نہایت مجرب اور آسان نسخہ اس موذی عادت کے یکدم دور ہونے کا پیش کرتا ہے۔ گئی افیونیوں کی عادت اس سے چھوٹ گئی ہے۔ برہ مہربانی جلی قلم سے اس کو اپنے اخبار میں چھاپ دیں۔ نسخہ یہ ہے۔ اندازاً ڈیڑھ چھٹانک پانی میں ۳ ماشہ افیون گھول دے۔ پھر باریک مجرد ہونٹ جس میں بھگو دے جب ہونٹ رنگا میں پانی جذب ہو جاوے تو سایہ میں خشک کرکے نگاہ رکھے۔ وقت پر افیون کے بجائے یہی چنا استعمال کیا کرے۔ انشاء اللہ دس بارہ روز میں افیون کی خواہش جاتی رہے گی۔ چھوڑنے کو چھوڑ دینا تو پنا اختیار ہے۔ (راقم شیخ ج ب)

۳۶۔ **نسخہ بواسیر**:۔ سال خدمت ہے۔ اکثر بندہ کے تجربے میں آیا ہے۔ ہزاروں کو اس سے فائدہ پہنچا ہے۔ جن صاحبوں کو اس سے فائدہ ہو بذریعہ اخبار اطلاع دیں۔ وہ نسخہ یہ ہے۔ سندال گلابی کے بھی میں جل کوٹ کے مقعد کے باہر اندر ضماد کرے اور بیٹھ رہے۔ نہایت مجرب ہے۔ اور جن کو صرف سندال سے آرام ہو مقدار بیاز شامل کرے۔ بہت جلد آرام ہوگا۔ (محمد نواز خاں۔ ڈی مرچنٹ پیل بھیت)

۳۷۔ **گھٹنے کا بڑھنا**:۔ میرے ایک دوست کا گلا بسبب سایہ کے بڑھ جاتا ہے۔ جو صاحب اس کا مجرب نسخہ جانتے ہوں نذریہ اخبار مطلع فرمادیں۔

(جندرام سڈانہ از ملیر)

شعر و سخن

ایک قومی راگ

(از نبیرزادہ محمد احسان اللہ مہدی شباب طالبعلم مدرسہ عالیہ سرکار نظام حیدرآباد دکن)

سنو دردِ مرثیہ پڑھتے ہیں ہم اسلام کے غم کا
کہ ہو جائے گماں اس بزم پر بزمِ محرم کا

بہت سے دوستوں سے سنتے کا عوض ہم آپ سے لیتے
دکھادیں گے کہ رونا کیا ہے کیا ہے لطف ماتم کا

وہ رونا کیا ہے جو سونا قوم کی تربت پہ ہے یارو
وہ رونا کیا ہے جو قوم کے پر مردہ عالم کا

بھلا کچھ جانتے ہو قوم پہ کیا کیا ہوا کیا تھی
ابھی سوتے ہو کیا اٹھو کہ سورج شرق سے چمکا

ذرا بیداری تو کر اے اسلام عنایتی کی
کہ گھائل تیغ غفلت سے ہے اور جانب ہے مرہم کا

ابھی ہے قوت روحی وہی پر جسم مردہ ہے
ابھی اس کے مقابل سر ہے خم شاہانِ اعظم کا

ابھی طاقت ہے اس کی رنگ کر تلوار جہاں بھر کا
ابھی صولت ہے اس کی دم نکل جاتا ہے رستم کا

ابھی بیت القدس کی لڑائی یاد آتی ہے
ابھی تن کانپتا ہے تصور میں رچرڈ و لیم کا

ابھی یورپ میں ڈنکا بج رہا ہے دین احمد کا
ابھی ہے دست بر سر اس سے مذہب دین مریم کا

ابھی اسلام کی دعوت ہوا کرتی ہے لندن میں
لو پل بیل بھی اب ہوٹ لگا ہے وعظ کو عیسیٰ کا

مبارک ہیں وہ کرتے ہیں جو اپنی قوم کی خدمت
حقیقت میں اطاعت ہے خدا کی قوم کی خدمت

ابھی ہے نعرۂ اللہ اکبر ساری دنیا میں
ابھی ہیں کلمہ گو سب ملک میں اور جا بجا میں

ابھی سلطان آچیں کی حکومت ہے مسلمانی
ابھی ہیں ہوزبس بھی مسلمان اور سولا میں

ابھی پرتوگل ہے یورپ کا اور پیگو پر
ابھی ہیں نام لیوا اس کے سیام اور برما میں

ابھی ہندوستان میں چھ کروڑ آباد ہیں مسلم
ابھی مصور ہے اس کی رعیت ساری دنیا میں

ابھی حاکم یہاں ہیں بلوچستان و کابل کے
ابھی اسلام کی دولت ہے ایران و بخارا میں

ابھی تاتار و ترکستان میں ہیں مسجدیں آباد
ابھی اسلام پر لکچر ہوا کرتے ہیں چینا میں

ابھی ہے ایشیا کے گرچک و ملک غرب موجن
ابھی آبادی اسلام ہے اقلیم رشیا میں

ابھی سلطان ملک ہے مسلمانوں کا شاہنشہ
ابھی شورا زاں ہے صوفیہ سامی کلیسا میں

ابھی مصر و مراکو زنجبار و ینبس و سوڈاں
اشاعت دیتے ہیں اسلام کو یہ کہ کے دنیا میں

یہ سب کچھ ہے نشاں لیکن کہاں اس اگلی عظمت کا
کہ جس عظمت کے آگے سر جھکا تھا سابق خلقت کا

کہاں وہ دن کہ تھا اسلام اک باغ بہار افزا
کہاں وہ دن کہ کھلتا ہوا تھا اس کی قسمت کا

کہاں وہ دن کہ تھے علم و ہنر طاقیر بتول اس کی
کہاں وہ دن کہ ہوتا تھا ہر اس کی حکمت کا

کہاں وہ دن کہ مشہور تھا استاد یورپ کا
کہاں وہ دن کہ اس کے سر عمامہ تھا فضیلت کا

کہاں وہ دن کہ تھا اسپین گنج علم اسلامی
کہاں وہ دن کہ تھا بغداد اک مخزن ہدایت کا

کہاں وہ دن کہ تھے مامن ہجرت مرغزیں اس کے
کہاں وہ دن کہ تھا مامن اور تھا معدن حمایت کا

کہاں وہ دن کہ یہ ماہر تھا فن انجینرنگ سے
کہاں وہ دن کہ اس کو شوق تھا علم مساحت کا

کہاں وہ دن کہ اس کی تھی اسلام کی میراث ہمدردی
کہاں وہ دن کہ قومی ہوش تھا اک عیب کا

کہاں وہ دن کہ ہم حفظ تھے [illegible]
کہاں وہ دن کہ ہر اک [illegible]

سہارا ہم کو مل جاتا تھا [illegible]
مبارک وہ ہیں کرتے ہیں جو اپنی قوم کی خدمت

حقیقت میں اطاعت ہے خدا کی قوم کی خدمت

[illegible] اپنا
[illegible] اپنا
[illegible] اپنا

پیسہ اخبار

نمبر ۱۲ | یوم جمعہ ۲۰ مارچ ۱۸۹۴ء مطابق ۲۲ رمضان ۱۳۱۱ھ موافق ۱۹ چیت سمت ۱۹۵۱ بکرمی | جلد

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

پنجاب میں تصنیفات - ۱۸۹۳ء کی آخری سالہا میں پنجاب کے مطبعوں سے شائع ہوئی ہیں اُن میں سے صرف (۱۰) انگریزی میں شائع ہوئی ہیں جن میں سے صرف (۳) ہی (۱۰۰) سے اوپر ہیں شائع ہوئی ہیں جن میں سے (۵) ہندی میں (۲) گورمکھی میں ہیں ہیں (۴) کتابیں پنجابی زبان ہے اس میں (۴) نظم اور باقی سوانح عمری اور طب وغیرہ کی ہیں۔ فارسی زبان میں صرف (۱) کتاب ہے۔ جو اس زبان کے متعلق کی شائع ہوئی ہیں ہیں سے (۱) مذہبی اور ایک علمی ہے اردو کی کتابیں ہیں سے (۱) مذہبی اور ایک علمی ہے سنسکرت اس سے بھی کم ہے جس میں صرف (۲) کتابیں چھپیں۔ البتہ سندھی زبان میں (۱۲) کتابیں شائع ہوئی ہیں ان میں سے (۵) مذہب (۱) اخلاق اور باقی تعلیمی اور کہانی تذکرہ ہیں۔ اردو میں (۱۰۰) سے زیادہ کتابیں شائع ہوئیں ہیں سب کی اعلیٰ زبان شمار ہو سکتی ہے۔ ان میں (۲۰) تعلیمی اور (۱۳) ناول (۱۰) قانون (۵) مذہبی اور (۴) سفرنامہ تھے ہیں۔ مطبعوں میں کل (۱۴۰) کتابیں سے صرف (۲۰) پولیٹیکل تھیں۔

ہندوستانی ولایت میں - انگلستان میں ہندوستانیوں کی تعداد سال بسال بڑھتی جاتی ہے ۱۸۹۲ء میں ۳۰۰ ہندوستانی انگلستان میں تھے اور ۱۸۹۳ء میں ان کی تعداد ۳۰۰ تک پہنچ گئی ہے بنگالہ سے ۱۰۰ ہندو ۲۰ مسلمان ۱۰ پارسی ۱۰ عیسائی ۲۰ مسلمان ہیں اور ۲۰ ہندو ۱۰ مسلمان ۱۰ پارسی ۲۰ عیسائی ہیں لیکن مسلمان ہیں۔ ممالک شمال مغربی سے ۱۰ ہندو اور ۲ عیسائی اور ۳ ہندو ہیں۔ ممالک وسطی سے صرف ایک شخص گیا ہے اور وہ ہندو ہے بمبئی سے ۳۷ ہندو ۱۰ عیسائی اور ۹ مسلمان ہیں۔ برما سے ۱۱ آدمی ہیں میسور سے ایک ہندو۔ حیدرآباد سے ۴ مسلمان برودہ سے ۲ ہندو۔ ۲ مسلمان کاٹھیاواڑ سے ۲ ہندو اور ایک مسلمان۔ اور ایک سے ایک ہندو۔ بحیثیت کہ بنگالہ سے ۱۰۱ آدمی ولایت میں ہیں بمبئی سے ۹۵ مدراس سے ۱۲۔ ممالک شمال مغربی سے ۷ اودھ سے ایک سے ایک۔ پنجاب سے ۴۹۔ دیسی ریاستوں سے ۱۰۔ برما سے ۱۱۔ آدمی ہیں۔ مجموعہ ۳۰۰ ہندو ستانیوں کے ۲۴ تو امتحان بول سروس کے میدوار ہیں۔ ان میں ۱۰ مسلمان ہیں ۳ برہمی۔ باقی ۱۱ ہندو ہیں ۱۲ ہندوستانی عورتیں بھی انگلستان میں تعلیم پاتی ہیں۔ ۲ حساب میں مصروف ہیں۔

تولد و ممات کی نسبت - اندازہ لگایا گیا ہے کہ دنیا میں موت کی تعداد ۱۰۰ تولد کی تعداد ۱۰۷ فی منٹ ہے جس سے ہر سال ۱۲ لاکھ آبادی بڑھتی ہے

مذاق

آکسفورڈ یونیورسٹی کالج میں ایک جماعت میں چار سو انگریز طالبعلم ہیں۔ ہر ایک طالبعلم سبق کا گھنٹہ ختم ہونے کے بعد ایک ایک کر کے کمرے سے جاتے ہوئے پروفیسر سے کہتا تھا "گڈ مورننگ سر"۔ ایک آدمی نئے استاد ریاضی کے پروفیسر مقرر ہو کر تشریف لائے۔ صاحب موصوف شاگردوں کی اس حرکت سے بہت خفا ہوئے۔ ہر ایک کو سلام کا جواب دیتے دیتے تنگ آ گئے۔ ہر ایک طالبعلم کے سلام میں اُن کو سر ہلانا پڑتا تھا۔ آخر انہوں نے اس ترکیب سے نجات حاصل کی کہ کل طالبعلموں کو جمع کر کے مندرجہ ذیل سوال حل کرنے کے لئے دیا۔ "اگر ایک کلاس میں پانچ سو کے قریب طالبعلم ہوں اور ہر ایک گھنٹے میں دو بار استاد کو ہر ایک طالبعلم کے سلام کے جواب میں گردن ہلانی پڑے تو بتاؤ کہ استاد کی گردن کس قدر عرصے میں ٹوٹ جائیگی؟" یاد رکھو کہ ایک دن میں آٹھ گھنٹے کام کرتا ہے۔ آج تک یہ سوال حل نہیں ہوا لیکن لڑکوں نے آئندہ سلام کرنا چھوڑ دیا۔

چارلس: "میں کارٹر گھر میں ہے میں ملنا چاہتا ہوں"۔
خادمہ: "صاحب کل رات اُن کی نسبت قرار پا گئی۔ اب آپ کے آنے کی ضرورت نہیں"۔
چارلس: "مگر مجھی سے تو کل رات قرار داد ہوئی ہے"۔

"اور لیڈی صاحبہ میری التجا کا کیا جواب آپ نے دیا ہے؟"
"جیمس میں تم سے سچ سچ کہنا چاہتی ہوں"۔ اس نے جواب دیا۔ اُس نے نہایت خاموشی سے کہا "تو پھر خدا کے لئے جلد کچھ زبان سے نکالئے اور مجھ پر اس انتظار کے اضطراب سے نجات دیجئے"۔
"تو پھر میں کہتی ہوں یہ نہیں ہو سکتا"۔
"کیوں نہیں؟"
"کیونکہ جیمس میں نہیں سمجھتی کہ میں ایک خاوند کی پرورش کر سکنے کے قابل ہوں"۔

مہاراجہ شیودان سنگھ رئیس الور نے بیدھلی کے دنوں میں ہی ایک بنیے سے ۱۸ سو روپے ماہوار کی نوکر رکھی تھی۔ ایجنٹ صاحب نے اسکی شکایت کی تو صاحب کو لکھی تو بڑے صاحب نے بروقت ملاقات صاحب ایجنٹ کے روبرو کہا۔ مہاراجہ صاحب ایجنٹ صاحب کو تو ۱۴ سو روپے ہی تنخواہ ملتی ہے تو آپکی ریاست کا سارا کام کرتے ہیں اور آپ ایک سنڈی کو ۱۸ سو روپے دیتے ہیں۔ مہاراجہ نے فرمایا اگر آپکی مرضی ہو تو ایجنٹ صاحب کو بھی سنڈی کے برابر کر دوں؟

عجیب عجیب باتیں

عجیب بیرحمی کا معاملہ - مستورات کے حقوق کے حامیوں کو جنوب مشرقی الاسکا (امریکہ) میں جانا چاہئے جہاں مردوں کا رواج ایسا پڑ رہا ہے کہ جب بچہ جننے کا موقع قریب آتا ہے تو وہاں عورت نکال دی جاتی ہے۔ وہ جنگلوں میں اپنے لئے محفوظ جگہ ڈھونڈنے کو مجبور کی جاتی ہے۔ اس سے غرض نہیں کہ موسم کونسا ہے۔ برف پڑتے بھی اُسے نکال دیا جاتا ہے۔ عیسائی پادری اس معاملے میں اصلاح کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لیکن شک نہیں کہ اُن کی بہت مخالفت ایسے آدمیوں کی طرف سے ہوگی جو موجودہ رسمیات کے حامی ہیں۔ یہ امر واقعہ کہ بچہ جننے کے وقت مستورات کو سخت تکلیف ہوتی ہے اس بارے میں قطعی ثبوت پیش کیا جاویگا کہ اُن کی تکلیف حتی الامکان بڑھانی چاہئے تاکہ قادر مطلق کے فرمان کی تعمیل ہو۔ (دی ریویو آف ریویوز)۔

دنیا میں سب سے بڑا کارخانہ - جرمنی میں کروپ صاحب کا کارخانہ توپ ڈھالنے کا دنیا میں اس قدر وسیع اور بڑا ہے کہ سُن کر تعجب ہوتا ہے۔ ۱۸۹۲ء میں تعداد ملازمان اور کاریگروں کی جو اس کارخانے میں مقرر طور پر نوکر رکھے جاتے ہیں پچیس ہزار تین سو تھی۔ اور جن لوگوں کا اس کارخانے سے گزارہ چلتا ہے۔ اُن کی کل تعداد ۵۰ ہزار ۱۹۰ ہے۔ ان میں سے ۲۵ ہزار ۷۹۰ آدمی خاص کارخانے کی عمارت میں رہتے ہیں۔ اس کی روز افزوں ترقی کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ ۱۸۴۳ء میں فقط ۷۲۰ آدمی کارخانے میں ملازم تھے۔ یہ کارخانہ ۱۸۶۰ء میں موجودہ مالک کے دادا نے قائم کیا تھا۔ اس کے اپنے کارخانے فولاد کے مقامات امین ہوائی میں موجود ہیں۔ یہ محکمہ علاقہ رہنی میں ۳ کوئلے کی کانوں ۲۰۰ لوہے کی کانوں کا مالک ہے۔ علاوہ ازیں اس کی کئی ایک کانیں ملک سپین میں ہیں۔ سٹرکپ کے کارخانے کی عمارت ساڑھے تین میل لمبے میدان میں ہے۔ جو توپوں کی مارکی پرکھ کے لئے ہے۔ سمندر میں جانے والے سٹیمر۔ ڈاک ورکس۔ گنیں کھینچنے کی مشین کے کارخانے اس کے اپنے ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں ۲۰۰ توپیں کارخانہ ہذا سے فروخت ہوئیں۔ افسروں کی رہائش کے لئے ۱۰۰ مکان ہیں۔ مقام امین کے کارخانے میں ایک سو گیارہ دخانی انجن کام کرتے ہیں۔ ۱۸۹۲ء میں ۱۰۰ ہتھوڑے شامل تھے اب ۱۵۰ ہیں۔ دو ہتھوڑے کی تعریف ۱۰۰ ٹن ہے۔ ۱۸۹۲ء میں ۱۰۰ ٹن کی ۲ ہتھوڑے تھے اب ۳ ہیں

ارزان اور بہت

سچائی کا ثبوت

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھ کر تسلی دے سکتا ہے؟

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جاننے میں بڑا لائق ماہر ہے اور اس کی تمام ادویات بھی اچھی اور خالص

ڈاکٹر اے۔ آر۔ ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر۔ ۱۵۔ اگست ۱۸۸۸ء

بفضل شافی مطلق ہم کو مندرجہ ذیل ادویات کے موثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپ کو ان کی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں کہ اگر خدانخواستہ آپ کو فائدہ نہ ہو تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ تاحصول صحت آپ اپنے روپے محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑے ہیں۔ تمام فرمائشوں کی تعمیل بطریق وی پی یا رسید کی بنا دو روز اگر روپے کی واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس

آتشک کی پڑیاں:- جدید آتشک کا علاج ۴۸ پڑیاں عہ

ہارمز دافع آتشک:- آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ عہ

عرق عشبہ مرکب:- فساد خون۔ دردِ عصبی آتشک گنٹھیہ ضارس کے واسطے شیشی خورد عہ شیشی کلاں ے

عرق دافع سوزاک قرحہ:- اندرونی استعمال کے واسطے فی شیشی ے

دوائی پچکاری برائے سوزاک:- سوزاک کے کیوں سٹیج میں پچکاری کیواسطے عہ

دوائی پچکاری برائے قرحہ:- سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے عہ

دافع وجع مفاصل و دردِ عصبی:- بیرونی مالش کے واسطے فی شیشی عہ

عرق طحال:- تپ تلی کے واسطے ۲۴ خوراک عہ ۴۸ خوراک ے

اسپرمٹوریہ پلز:- دافع کثرت احتلام۔ جریان منی ۴۰ گولی عہ ۸۰ گولی ے

الیفرو ڈیزیاک الیکسچر:- مقوی باہ۔ دافع ضعف معدہ ضعف دماغ۔ رعشہ۔ فی شیشی

نروائن ٹانک پلز:- علاج ناامری۔ کم طاقتی۔ کمزوری۔ ۴۰ گولی

کاف مکسچر:- تر و خشک کھانسی کا علاج۔ فی شیشی

بچھو کاٹے کا علاج:- جائے نیش پر لگانے کے واسطے

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل:- دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے

ڈیاریا پوڈر:- دافع اسہال و پیچش جو بدہضمی کے باعث ہو۔ ۱۲ پوڈر

کیورفار استھما:- ضیق النفس یا دم کی بیماری کا علاج۔ فی شیشی

کالرا کیور:- ہیضہ کا علاج۔ ہر فرد بشر کو اس وبائی کے گھر میں ہونے سے محفوظ رکھنا لازمی امر ہے۔ فی شیشی

تمام فرمائشیں مندرجہ ذیل پتے پر آنی چاہئیں۔ اور اپنا پتہ اور ضلع کا نام خوشخط لکھنا چاہیئے

المشتہر محمد امام الدین منیجر وکٹوریہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر پنجاب

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر ہال بازار

تانگہ ضلع لاہور

(۳ مارچ ۱۹۱۴ء) جناب لالہ گوبند سہائے صاحب پٹواری:- ایک شیشی جوہر عشبہ آپ کی دکان سے منگوائی تھی۔ جس سے بندہ کو بہت فائدہ ہوا ہے۔ بندہ نہایت شاکر و ممنون آپ کا ہے۔

بہلکہ ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

(۵ مارچ ۱۹۱۴ء) جناب محمد نبی صاحب گاڈریلوے:- آپ کا عشبہ قابل تعریف ہے۔ ریب ملکہ تیر بہدف ہے۔ آپ ایک شیشی میرے دوست سردار آسا سنگھ صاحب گاڈ کے واسطے بذریعہ ویلیو پیبل پارسل ارسال فرمادیں۔

ضلع ہزارہ ہری پور

جناب سید شاہ صاحب اپیل نویس:- بیشک آپ گندم نما جوفروش نہیں۔ آپ کی سچائی پر آفرین۔ جوہر عشبہ نے مجھے بہت فائدہ دیا ہے۔ آٹھ سالہ علاج نے اتنا فائدہ نہیں دیا جتنا کہ ایک ہفتہ میں جوہر عشبہ نے دیا ہے۔

مٹھن کوٹ ضلع ڈیرہ غازیخاں

جناب کریم بخش صاحب سارجنٹ تھانہ:- بندہ نے ایک شیشی جوہر عشبہ منگوائی تھی تجربہ سے ثابت ہوگیا کہ آپ نے اسکی تعریف جسقدر اظہار ہے واشتہارات میں چھپوائی ہے سب سچ ہے اور واسطے فسادات خون کے فی الصدق عمدہ اور جیدہ علاج ہے آپ جسقدر چاہیں اس ایجاد پر نازاں ہوں بجا ہے اور جو کچھ تعریف کریں روا ہے۔

ریاست رام گڈھ ضلع انبالہ

جناب لالہ چونی لال صاحب اہلمد:- آپکا مرسلہ جوہر عشبہ پہنچا۔ استعمال کرایا گیا۔ مریض کو آپ کے جوہر عشبہ نے بالکل تندرست کردیا۔ سنجار خفیفہ جاتا رہا۔ رنگ سیاہ سے اصلی حالت پر آگیا۔ بھوک حسب معمول شروع ہوگئی۔ دردبدن جاتا رہا۔ گویا کل فساد رفع ہوگیا۔ دوائی واقعی کارخانہ جناب کی آمرت کا حکم رکھتی ہے۔ مریض کیجانب سے اور اپنی جانب سے جناب کا ڈبل شکریہ ادا کرتا ہوں۔

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر۔ ہال بازار

تحفۃ الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس نایاب کتاب کو فاضل بیمثیر مولانا عبداللہ بن عبدالعلی الترجمانی الہاشمی بلگرامی علیہ الرحمۃ نے بڑی محنت و عرق ریزی سے مرتب فرمایا ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے ہر مسلمان کے دل میں اہل بیت اطہار و صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت و عقیدت کا جذبہ موجزن ہو جاتا ہے۔ اس کتاب میں قرآن مجید کی آیات اور احادیث کو جمع کیا گیا ہے۔ ہر مسلمان کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ ہدیہ صرف ۱۲ بارہ روپیہ ہے۔ ملنے کا پتہ مکتبہ نظامیہ حیدرآباد

اگر فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس لے لو

نسل کے بڑھانے مرض نامردی کے دور کرنے کا واسطے

شربت مردمی کا جس قیمت ۵

اس جنس مین ان ادویات مفصلۂ ذیل داخلی خارجی علاج کی ہوئی ہین مقوی باہ (معجون راجوب تقوی باہ رسالہ) دفع ضعف جنسی (حبوب اکسیر زوال نامردی کے سوا خواہ کیسی ہی پرانی نامردی کی خرابی ہو اور کثرت عیاشی سے ضعف اعضائے رئیسہ اور طاقت مرجولیت کم ہوگئی ہون ان ادویات کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کو قوت باہ اور قوت باہ کو رگون پٹھون کی لطافتی و نضارتی ایسی نایاب طاقت حاصل ہوگی کہ عین عالم شباب مین نہ دیکھی سنی ہو۔ نصف کرایہ کا ٹکٹ نہین ۔

نوٹ۔ شفاخانہ ہذا کے ڈاکٹر مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے کیسے ہی پرانی نامردی کے مریض ہون اور مرض کو بسلطہ اور مکافی دوائی ۱۰ قسمت دیکھا دیگی ہر ایک بیماری کی ادویات شفاخانہ ہذا مین موجود ہین ۔

محمد شریف منیجر شفاخانہ عالم ہوچونک مسجد ضلع

مخصاب لاجواب۔ آزمودہ و شرطیہ

ہزارون مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہوگیا ہے کہ یہ خضاب نایاب اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے سفید نورانی دکھنا شروع ہوجاتا ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے سفید بال بالکل سیاہ ہوجاتے ہیں۔ ایک مرتبہ لگانے سے بال ہمیشہ سیاہ رہ

[illegible] ہیں کتنی [illegible] میں کامیاب ہونگا یا نہیں۔ ہاں دس آنہ کے ٹکٹ بھیجنے سے [illegible] میں کتنے نمبر ہونگے۔ ۸۰ (۸۰) بھی ۔ غلیظ لیکن یا نہیں نہیں (۸۰) [illegible] کی قسط [illegible] کی کتاب تاریخ کو نکلیگا۔ ۵ کو قیمت فی پانچ سو رسالہ ہدایات و نکس بیلیو پیلیو انگلیشن محصول ڈاک ضعاف۔

المشتہر گنیش داس وبیرائے بینڈ لیپی ماسٹر ان پنجاب سپورٹنگ ڈریسن بیلا کوٹ

التماس ضروری لاحظہ ہو

[illegible] عموم [illegible] کے غرض تحصیل علوم و فنون شرکت امتحانات رکھتا ہے لہذا جملہ ناظرین سے معین بالخصوص والیان ملک و رؤسا کی خدمت میں التماس ہے کہ [illegible] جب الوطنی فراجوز ہمت علیا [illegible] مایوس

المتلتمس آغا علیخان از اسلام نگر ضلع بدایون۔

نشہار زیر دفعہ ۸۲ جو ضابطہ دیوانی بعدالت بابو چندر سین صاحب بی اے مصنف درجہ دوم تایکھنیا ضلع خیرپور مقام منصفی گورداسپور ۔ لہذا اس سنگھ ولد [illegible] ساکن ضلع گورداسپور مدعی۔ بنام غلام حسین ولد محمد بخش ذات [illegible] ساکن ضلع نمبر ۲۳ پرگنہ شاہ کوٹ تھانہ چوہڑہ ضلع گوجرانوالہ مدعا علیہ

دعوے سبب بروئے تمسک

[illegible] حسین مدعا علیہ کے نام کئی دفعہ سمن جاری ہو چکا ہے مگر وہ غرض [illegible] کی تعمیل سپرد ہونے پائے عدالت رو پوش رہتا ہے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ مذکور مورخہ ۲۹ مارچ ۱۸۹۶ء کو حاضر عدالت ہوا ہو جو ابدہی مقدمہ مدرجہ عنوان کی سنی جائیگی لہذا اسکی نسبت ڈگری یکطرفہ عمل میں آئیگی۔

دستخط ۱۲ مارچ ۱۸۹۶ء بثبت رسخط ہمارے مہر عدالت کے جاری ہوئے۔

اشتہار بموجب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ امیر و [illegible] صاحب منصف درجہ دوم مقام اجنالہ ضلع امرتسر سکنہ رام داس ولد [illegible] قوم کہتری سکنہ رمداس تحصیل اجنالہ مدعی بنام چراغ الدین ولد نتھو قوم [illegible] ساکن مذکور مدعا علیہ۔

دعوے مبلغ [illegible] بروئے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کر کے عمداً روپوش ہے اسلئے زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۲۹ مارچ ۱۸۹۶ء بوقت دس بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔

بتاریخ ۹ ماہ مارچ ۱۸۹۶ء کو ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا

اشتہار بموجب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ [illegible] صاحب [illegible] مقام [illegible] ضلع امرتسر سکنہ [illegible] ولد [illegible] قوم کہتری سکنہ رمداس تحصیل اجنالہ مدعی بنام چراغ الدین ولد نتھو قوم [illegible] ساکن مذکور مدعا علیہ۔

دعوے مبلغ [illegible] بروئے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کر کے عمداً روپوش ہے اسلئے زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ بتاریخ ۲۹ مارچ ۱۸۹۶ء بوقت دس بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔

بتاریخ ۹ ماہ مارچ ۱۸۹۶ء کو ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا

اشتہار [illegible] دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی بعدالت شیخ [illegible] صاحب [illegible] مقام [illegible] ضلع [illegible] سکنہ [illegible] ولد [illegible] قوم [illegible] سکنہ [illegible] تحصیل [illegible] مدعی بنام [illegible] ولد عبدالرشید قوم غلزئی ساکن بازار [illegible] مدعا علیہ

دعوے مبلغ [illegible] بروئے تمسک

چونکہ مدعا علیہ اس مقدمہ کی تعمیل سمن سے گریز کرتا ہے اور روپوش ہے اسلئے یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ ۳۰ مارچ ۱۸۹۶ء کو حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ کرے ورنہ بعدم حاضری مدعا علیہ کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی تحریر [illegible] ۱۸۹۶ء

اشتہار ضروری دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی

بعدالت شیخ امیر و بخش صاحب منصف درجہ دوم تمام اجنالہ

نتھا سنگھ ولد گنپت سنگھ قوم الہوجا بالہ مدعی۔

بنام الہ ڈاد ولد محکم قوم جولاہ سکنہ مذکور مدعا علیہ

دعوے مبلغ [illegible] بروئے تمسک

مقدمہ مندرجہ عنوان میں مدعا علیہم تعمیل سمن سے گریز کر کے عمداً روپوش ہے اسلئے زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہم بتاریخ ۳۰ مارچ ۱۸۹۶ء کو بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جوابدہی پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔

آج بتاریخ ۱۰ ماہ مارچ ۱۸۹۶ء کو ہمارے دستخط اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا

محصول ڈاک [illegible] دفعہ خریدار

مجرب اشرطیہ! پُر تاثیر!!!

تمام درخواستیں بنام ہیلی رام طبیب ٹبالوی دروازہ لوہاری چوک متی لاہور آنی چاہئیں پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو ۳ فی روپیہ کمیشن دی جاویگی۔ سند الناس موجود ہیں طریق استعمال ہمراہ۔ کس فہرست اوپر ملنے لگی

ہیلی رام کی گویان

چونکہ سالہا سال کے تجربے اور معالجات نے مجھ پر روشن کر دیا تھا کہ تمام خبیثہ و غلیظہ امراض بدنی کا پیش خیمہ قبض ہی ہے اس لئے میں ایک مدت سے قبض ہی کی بیخکنی کی تدابیر سوچتا رہتا تھا۔ اور اس تجارت کے دفعیہ کے لئے تجربے پر تجربہ اور آزمائش پر آزمائش استعمال اور وہ مرکبہ کرتا رہتا تھا۔ بالآخر بفضل کبریائے قادر یہ گویان بعد کوشش و عرق ریزی تیار کیں جو کہ قبض کو جڑ سے اکھاڑ کر بیماری سمندر میں پھینکنے کے سوا امراض مفصلہ ذیل کے دفع کرنے میں نمونہ عام بن چکی ہیں وجع مفاصل، استرخاء، دردِ مقعدی، سرسام، یرقان، ضعف بصارت، ہسٹیریا، نیز بلغمی ریح کا دور کنندہ ان گویوں کا کام ہے۔ علاوہ ازیں مقوی اعضائے رئیسہ و فعل جگر و دماغ قیمت ۵۰ گولی ۸ روپیہ سوا روپیہ سو گولی محصول ڈاک علیحدہ

ہیضہ سے بچو

ڈاکٹر ہرمن

آپ سے یہی کہتے آئے ہیں اور کہیں گے ہیضہ سے بچنے کے کل وہی وسیلے ہیں (۱) جو کہیں ہیضہ پھیلا ہو تو روزانہ چار بوند اصل عرق کافور گلاب کی پیا کرو۔ پھر ہیضہ ہو سکتا ہے نہ رہیگا (۲) جو کسی کو ہیضہ ہو گیا ہو تو جہاں تک جلد ہو سکے اصل عرق کافور گلاب پلاؤ۔ ڈاکٹر حکیم خواہ ویدکی انتظار میں وقت نہ بتاؤ۔ کیونکہ ہیضہ کی پہلی حالت ایسی جاں بخش نہیں ہوتی۔ اسلئے آپکو چاہیئے کہ ہر وقت اصل عرق کافور گلاب پاس رکھیں۔ اس برس سے یہ عرق مشہور ہوا ہے جو آپ اس کے عجیب خاصے کو جانتے ہو اور دوسروں کو بھی بتاتے۔ اگر نہ جانتے ہو تو دوا منگانے کے پہلے قیمت سائیکلوں کی چھپی ہوئی کتاب منگا کر دیکھیئے قیمت فی شیشی ۴ روپیہ محصول ڈاک علیحدہ ۴ شیشیوں تک جاتی ہیں

پتہ ڈاکٹر ایس کے برمن [illegible]

حکایات حکیم لقمان مع تصاویر و مجلد

یہ چھوٹی تقطیع کی خوبصورت اور بیش قیمت کتاب جو دو تین سال سے انگریزی سے اردو میں ترجمہ ہو رہی تھی حال میں مطبع خادم التعلیم سے طبع ہو کر شایع ہو گئی ہے اسمیں حکیم لقمان کی ایک سو ساٹھ حکایتیں درج ہیں ان میں سے ہر حکایت کے آخر میں اسکا مفہوم لکھا گیا ہے اور ساتھ ہی اسکا محل استعمال ملک ہندوستان کے سب حال صاف عبارت میں لکھا گیا ہے اسکے بعد کوشش کیگئی ہے کہ ہر حکایت کے آخر فارسی یا اردو کا کوئی موزون شعر جو اس موقعے کے مناسب ہو حکایت کے مطلب کو موثر اور ذہن نشین کرنے کے لئے درج کیا جاوے اور اس بارے میں جہاں تک کامیابی ہوئی ہے ناظرین اسی کتاب کو سنگا کر دیکھ سکتے ہیں کتاب کے پہلے ایک مختصر تاریخ لقمان لکھا گیا ہے اور ایک مختصر تذکرہ حکیم لقمان کا شامل کیا گیا ہے۔ قطع چھوٹی تقطیع کے چار سو صفحوں پر یہ کتاب ختم ہوئی ہے۔ ۱۰ تصاویر بھی اسمیں شامل ہیں۔ اس کتاب کی حکایات کے دلپسند اور سودمند ہونے کی نسبت صرف ایک شخص کی شہادت کافی ہے جو لقمان کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اور عیسائی مذہب اسکے احسان سے کبھی سبکدوش نہیں ہو سکتا۔ یہ بزرگ پادری جو حکایات لقمان کی کتاب کو زیور مقدس کے پہلو بہ پہلو میز پر رکھتا تھا اور اس کا قول تھا کہ بائبل کے سوا تم اور کوئی کتاب اس سے عمدہ نہیں اور کہ یہ حکایتیں کسی ایک آدمی کے ذہن رسا کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ دنیا کے مختلف عقلمندوں کی عمروں کے تجربے کا خلاصہ ہیں۔ قیمت فی جلد ایک روپیہ دس آنے (دہ بیر) محصول ڈاک علاوہ کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے لیں گی۔

تعویذ

[illegible] کے [illegible] کے [illegible] کے [

	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
جودہ پور	۶	۱۳	۷	۲	۷	۵۱
منہرا	۶	۳۲	۷	۲۱	۸	۱۰
دھلی	۶	۳۰	۷	۱۹	۸	۸
کورد چیتر	۶	۲۴	۷	۱۳	۸	۲
ملتان	۶	۷	۶	۵۶	۷	۴۵
پشاور	۶	۲۶	۷	۱۵	۸	۴
لاہور	۶	۱۷	۷	۶	۷	۵۵
جنون	۶	۱۸	۷	۸	۷	۵۷
کاشمیر	۶	۲۱	۷	۱۰	۷	۵۹
بہاول پور	۶	۷	۶	۵۶	۷	۴۵
کابل	۵	۵۷	۶	۴۷	۷	۳۶
ریاست منڈی	۶	۳۸	۷	۱۷	۸	۶
پشاور	۶	۶	۶	۵۵	۷	۴۴
راولپنڈی	۶	۱۲	۷	۱	۵	۵۰
پنجہ سلیٹ	۶	۱۷	۷	۶	۷	۵۵

کوائف۔ پہلے چاند گرہن نصف کرہ زمین پر دکھائی دیگا۔ جو مقامات گرینچ رسد گاہ انگریزی سے دس درجہ کم پر ہین وہان بالکل دکھائی نہین دیگا۔ دس درجہ سے لیکر ۲۰ تک چاند گئے ہوئے گرہن کچھ کچھ نظر آویگا۔ اس سے زیادہ درجے کے مقامات مین یعنے جو مقامات ۲۰ درجے سے بعد وضع ہین انین گرہن کے تینون اوقات سے شروع و درمیان اختتام صاف ظاہر ہونگے۔ مفصلہ ذیل مقامات مین گرہن نظر نہین آویگا۔ ہنگری کے سوا آسٹریا۔ پرشیا جرمن۔ سوئزرلینڈ۔ اٹلی فرانس۔ بلجیم۔ ہالینڈ۔ الجیریا۔ پرتگال نصف طرابلس۔ اور فینلنڈ مغربی روس۔ ہنگری۔ روم باقی طرابلس نصف مصر۔ ڈارفر وغیرہ انکے سوا باقی ممالک مین تینون تغیرات صحیح ہونگے۔ پورا گرہن نصف زمین کے دایرہ مین قریب دو انگلی چاند گرہن ہوگا جو ہر جگہ برابر ہی رہیگا کمی بیشی نہین ہوگی۔ (بیان سورج گرہن ۲۰ منٹ چیت بدی میاسکر واجہ کو قوت سورج گرہن ۲۰ پر)

نام شہر	شروع		درمیان		اختتام	
	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
لاہور	۷	۳	۸	۱۰	۹	۳۱
جنون	۷	۵	۸	۱۲	۹	۳۳
سنڈی	۷	۱۱	۸	۲۲	۹	۴۳
جودہ پور	۶	۴۸	۷	۵۶	۹	۱۳

نوٹ جودہ پور مین اثر گرہن کچھ کچھ دکھلائی دے گا۔
جنون۔ سنڈی۔ لاہور۔ وکن کچھ کچھ دکھلائی دیگا۔
شائد ہے کہ ہندوستان مین اکسلنگل سورج گرہن سے باقی بیچارے نہین تو سلم گہرا جاویگا۔ سوائے کل چیز کے۔ نوٹ

خبرون کے خطوط کا خلاصہ

بلند شہر کے مدرسہ تحصیلی کا نتیجہ امتحان مڈل ۱۰ و ۱۱ فروری کے گزٹ سے معلوم ہوا۔ ۱۵-۸ مین سے ۸-۱ امیدوار کامیاب ہوئے۔ سالگذشتہ مین ۱۱ سے ۹ ہوئے تھے۔ مولوی الطاف حسین صاحب ہیڈ مدرس ضلع بلند شہر بڑے محنتی آدمی ہین۔

نمایش شاہ پور: میلہ اسپان و نیزہ بازی نمایش اسپان ضلع شاہ پور مین منعقد ہوئی اور انعام دیا گیا ۱۰ مارچ کو نیزہ بازی مین ایک نوجوان لڑکا اول رہا سب نے شاباش دی۔ پھر گدھون کی دوڑ ہوئی اور پھر انگریزون اور چند رئیسون کی گھوڑ دوڑ ہوئی۔ ان سب مین مسٹر ہیچز ڈپٹی کمشنر ضلع شاہ پور اول رہے اور دوئم درجہ پر ایک ٹوانہ رہا پھر ایک لمبا رسا کھینچا گیا۔ شاہ پور کے جاٹ پہاندنے مین کامیاب ہوئے۔ پھر آدمیون کی دوڑ ہوئی۔ ایک چھوٹا لڑکا اول رہا اور پھر انعام تقسیم ہوا۔ (سردار سندری پرشاد)

قسطنطنیہ حضرت سلطان روم نے جو ساڑھے چار لاکھ روپیہ حجاج مکہ معظمہ کی حفظ صحت اور آسایش کے لیئے عطا فرمایا تھا اسکے متعلق ہمارے نامہ نگار قسطنطنیہ سے بجا الاخبار صباح تحریر فرماتے ہین کہ قرار پایا کہ مکہ مین ایک مسافر خانہ اور ایک نیا شفاخانہ کہ جسمین چار سو مریض آسکین بنایا جاے اور اس شفاخانہ کے ساتھ ایک حمام بھی تعمیر ہو اور مینا مین دو سو مریضون کے لیئے کافی ایک اور شفاخانہ تیار کیا جاے۔ اور ان شفاخانون کے قریب عزیز فنکشن کے آلات کے لیئے ایک ایک مکان اور ایک ایک دوائی خانہ بنایا جاوے اور جدہ مین پہنچنے کے لیئے اکثر برسات کا جمع ہوا پانی استعمال کیا جاتا ہے اس لیئے ۱۳۰۰ ہجری مین جو پانی کے کل بنائے گئے تھے انکے نقصون اور خرابیون کو رفع کر کے وہان عمدہ پانی لایا جاوے اور کذا ایک مینا مین جو ۱۳۰۰ مین نہر زبیدہ سے ایک شعبہ جدیدہ کر کے پانی لایا گیا تھا اسکو بند جگہہ سے کہوا کر وہان مخزن اور چشمہ جات تیار کیئے جائین اور قمران وغیرہ کی کوارٹین جانے آسایش مسافرون کے لیئے نہایت اعلے درجہ پر پہونچا دیے جاوین (از نامہ نگار)

سندو باغ ڈاکٹر عبد الرحمن خان شروع دسمبر ۱۸۹۷ء مین جہن سے بدیل ہوکر اس تحصیل کے شفاخانہ مین آے اور شفاخانہ کھولا۔ شروع فروری ۱۸۹۸ء مین بیمار ہوے اور اپنا علاج خود کرتے رہے۔ بیماری بڑھ گئی۔ آخر یکم مارچ ۱۸۹۸ء کو جمعرات کے دن بارش ہوئی تھوڑی ہو رہی تھی کہ اس نیکدہر دلعزیز نے انتقال کیا اور اپنے پیچھے اپنی بیوی اور ایک خورد سال لڑکی چھوڑ مرا۔ اسکی ہر دلعزیزی اور نیک سلوک کا یہ ثبوت ہے کہ اسکے جنازے کے ساتھ تحصیلدار صاحب محمد آغا جان خان و احمد خان محاسب کے جو مسلمان تھے بہت کس ہندو ملازم تحصیل کے بھی گئے۔ ہم انکے انتقال پر نوحہ اور انکے پس ماندون سے ہمدردی کرتے ہین۔

(گیلا رام نائب تحصیلدار ۱۴ مارچ ۱۸۹۸ء)

ملتان: یہان بھی نیوند رام۔ گنیش داس دیگر ہم کوٹ ادل بیوپاریان نے ماہ فروری مین چالیس پچاس ہزار کا دیوالہ نکالا ہے۔ انمین سے مسمی نیوند رام گنیش داس بڑا مشہور بیوپاری تھا۔ ہر سہم کی اشیا مثل غلہ گندم جو کپاس وچنا وغیرہ کے خرید اکرتا تھا۔ اور گیری رام کوڑا مل ایک دیسی بیوپاری تھا جس نے اپنے دیوالے سے پہلے کام کیا ہوا ہے اور اجناب اسپکل طغیانی پر ہے۔ باقی دریاے سلگدرہ

ناک سطح زمین پر پھیلا ہوا ہے۔ رکبہ مین جو کھیت وغیرہ تالاب کو تباہ کرتا آیا۔ آیندہ سال گندم کی بہت امدنی کی امید تھی مگر یہ نتائج بُرے نمودار ہو رہے ہین۔ ملتان مین ہفتہ گذشتہ مین برابر لگاتار بارش رہی۔ ملتان مین جلسہ گھوڑ دوڑ وغیرہ ۲۰ فروری کو ختم ہوا۔ جلسہ بہت بارونق ہوا تھا مگر ۲۲ فروری کو جس روز کہ گھوڑ دوڑ اور نیزہ بازی ہوتا تھا مسٹر گلارٹ اسسٹنٹ کمشنر نے وفات پائی۔ لہذا گھوڑ دوڑ و نیزہ بازی موقوف رہا۔ انعام تقسیم ہوا۔

کمشنری جبلپور: جتنی واردا تین اور جنجد ردا قعات یہان ہوتے ہین شاید ہندوستان کے کسی دوسرے شہر مین بھی ہوتے ہون۔ کوئی عورت اگر ہتو ٹا سا زیور پہنے ہوے بھی نکلی یہان کے بدمعاشون کے نزدیک دن دھاڑے اس سے زیور وغیرہ چھین لینا کچھ دشوار نہین ہے۔ اکثر تانگے والون نے بھی یہ شیوہ اختیار کیا ہے کہ کسی نہ کسی نادقف مسافر کو مالدار پاکر تانگے پر سوار کرکے منزل مقصود کے بہانے سے کسی ویران جگہ لیگئے اور اسکا سب سرمایہ چھین لیا۔

ایک مالگذار کو چند بدمعاشون نے اسکے کہیت مین تلوارون سے قتل کیا۔ کہا جاتا ہے کہ مقتول کا چال چلن اچھا نہین تہا۔ مگر مطلوم کو ایسی بیدردی سے ذبح کرنا ہی کتنا ظلم ہے (ناقم مسافر)

اشتہارات

ضرورت

(۱) ایک گریجویٹ یا انگریزی اعلی سند والے مدرس کی ضرورہ اسمعیل خان میونسپل بورڈ سکول کی سیکنڈ ماسٹری کے واسطے۔ تنخواہ ۵۰ روپیہ ماہوار

(۲) ایک انگریزی ادنے سند والے مدرس کی ضرورت میونسپل بورڈ سکول کی فورتھ ماسٹری کے واسطے تنخواہ ۳۰ روپیہ ماہوار

(۳) ایک انگریزی ادنی سند والے مدرس کی۔ کلاچی ڈسٹرکٹ بورڈ سکول کی اسسٹنٹ ماسٹری کے واسطے تنخواہ ۳۰ روپیہ ماہوار۔

عرضیان معہ نقول اسناد جناب صاحب ڈپٹی کمشنر بہادر ڈیرہ اسمعیل خان کی خدمت مین بھیجی جاوین

پلائنٹ یا غیب دان آلہ

یہ آلہ انسان کی دماغی کل کا ہے۔ آپکو نہایت عجیب و غریب غیب کی خبرین دیگا۔ اپنی کیریکٹر چھپے گی نہین اور اسکے اندیشہ کہنے کی ضرورت نہین۔ آپ ہدایت کے مطابق (عمل) کرینگے۔ آلہ روانہ کیجاتی ہے کل کیریکٹر آپ کو ہمارے سوال کا جواب خواہ کیسا ہی نہان معلوم ہو ہمیشہ کا نقد پیسہ منگا کر روانہ کردیگا۔ نمونہ سوالات و جوابات

لیکن اس قباحت کا الزام سراسر شعرا کی ہی گردن پر رکھنا انصاف کا خون کرنا ہے کسی نے کہا ہے اور سچا کہا ہے ؎

آنکہ شیران را کند روباہ مزاج
احتیاج است ہیچ مزاج است احتیاج

شاعر بیچارے کو عمر بسر کرنے کی دولت کبھی حکومت وقت سے کبھی اپنے ممدوح کی مسلمان رعیت کا مطیع ہونا پڑا آقا کی خیال کو فارغ خطی ملگئی۔ اور شاعر کے قوائے ذہنی اس کے سلطنت کے ماتحت میں ایک کہنا بن گئے۔

اس سے شاعری کو نہایت ہی سخت صدمہ پہونچا۔ جو اسکے اصلی جوہر تھے۔ وہ بالکل مفقود ہوگئے۔ جو قدرتی ولولے تھے وہ یکسر ہوگئے۔ جو اسکا جوش تھا وہ بالکل سرد پڑ گیا اور بالمختصر شاعری آتش بے حرارت۔ یا جسم بیجان بنگئی۔ اور گو اس مایۂ گزیدہ کے علاج کی کوششیں بھی کیگئیں۔ مگر افسوس کہ تریاق کا وقت گذر چکا تھا! اور وہ بیانات سے ہمارا یہ مطلب نہیں کہ اس قباحت کی وبا میں سارے شاعر ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھنسے تھے نہیں۔ ہرگز نہیں۔ وہ بزرگ اور نیکبخت سلیم الطبع پاکیزہ خیال سچے شاعر دنیا کے ہر حصہ میں ہمیشہ سے اچھے نکلے تھے نکلے تمام قوم ہم پر فخر کرتی ہے اور اسکے لئے خیال بھی عشق عمل کرتے ہیں اور تاقیامت ہماری آئندہ نسلیں بھی انسے اسیقدر کیا بلکہ فخر کرے کہ اس سے بڑھ کر فیضیاب ہوں۔ وہ شاعر نہ تھے بھاٹ تھے جو مضمون خلافِ نیتے اور نہ نفسانیت اور خود غرضی کے بندے تھے جو صرف دو پایہ جیوان ہی کہلاتے!

پہلے بیان ہو چکا ہے کہ نثر سے بڑھکر نظم موثر ہوتی ہے اور ہمارے ہندوستانی شاعروں میں ایسے بے فکرے تھے کہ جنکو بجز اپنی شکم پری اور نفسی پابندی کی دنیا و مافیہا کی کچھ بھی غم نہ تھا۔ انسانی طبیعت بدی کیطرف زیادہ مائل ہے اخلاق کی برتری اور بدتری ذاتی لیاقت اور ہوشمندی پر منحصر نہیں ہم نہیں کہہ سکتے کہ ایسے گندہ کلام شعرا کہانتک اپنے پیچھے چھوڑ جاتے ہیں۔ آیا واقعی انکے اصلی اور سچے جذبات ہوتے تھے جنکو یہ ملک کے سامنے پیش کرتے تھے یا کوئی فرضی معشوق ہوا کرتا تھا جو خیالی دنیا میں نشو و نما پاکر اپنے جوبن پر آکر انسان صورتوں کو مفتون کر لیتا تھا اور جسکی محبت کے خیال میں یہ زاہدوں اور عابدوں پارساؤں اور واعظوں کو ایسے ایسے سخت سے اثار کر سنا تے تھے کہ دانائی بھی ہونکتی جھلکو حقارت اور نفرت کی نگاہ سے دیکھتی تھی۔ خیالی سیدتوں میں وہ صحرا نوردی کرتے تھے کہ مجنوں کو مات کر دیتے تھے بھی شیریں کی الفت میں فرہاد بھی انسے جھل تھا اور مختصر یہ کہ خود کو شرابی جنون مجسم ثابت کر دیتے تھے۔ شراب واللہ اعلم نہ پی یا قرض لیکر پی مگر میخانہ شعر میں وہ بدمستیاں دکھلائیں کہ الامان خیال بھر میں اسقدر آنسو بہائے کہ بلا مبالغہ موجودہ طبقہ بحر ان آنسوؤں کو کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا! خواہ مخواہ صفت کے فراق میں وہ نعرے مارے کہ ارض و سما تک کو ہلا دیا! یہ حضرت جنکے لیے پاکیزہ کلام ہماری نسلوں کی بداخلاقی کے پاٹو نیتر تھے اور اب بھی ہیں اور اندھوں (سلم) ہیگی۔ بدقسمتی سے زبان کہ استاد تھے اور انکا اگلا ہوا زہر ایسا تھا جسکا تریاق عین وقت پر دستیاب ہو جاتا۔ یہانتک طبایع میں سرایت کر گیا کہ جس نوجوان کو دیکھو اس رنگ میں ڈوبا ہوا ہے مخلص! (جنس) ایک ایسی شناسی شاعر صاحب کی ہنگی ہر خواہ کچھ ہوں یا ہوں مگر التخلص بہ خلان ہوں معشوق حواہ اصلی ہو خواہ خیالی مگر ہو ضرور۔ رند بننا واجب ہے۔ رقیب خواہ فرضی ہو یا واقعی مگر اسکی بیان کا دشمن بننا فرض۔ ہوں خواہ مسلمان مگر بتکدہ کے پوجاری ضرور کہلائیں۔ اور غضب تو یہ ہے کہ زبانی ہی نہیں بلکہ بیچ پر کپڑے ہو کر بہروپ بھر کر بعضوں بال لگا کر۔ ناچ ناچ کر اور نخرے کر کے عمل کر دکھلائیں!

آجکل ہمارے نوجوانوں کی شاعری کیا ہے؟ سب سے پہلے ذوق غالب۔ میر۔ وغیرہ کے عمدہ عاشقانہ اشعار طوطے کیطرح نوک زبان ہوں۔ عاشقی میں دم خم مارتے ہوں اگر کسی تھیٹر یکل کمپنی میں ایکٹ کرتے ہوں تو کیا کہنا۔ یا کسی ڈرامہ کے مصنف ہوں اور خیر اگر یہ نہ ہو تو کم از کم اتنا تو ہو کہ پیام یار یا کسی اور ایسے مخرب اخلاق آرگن میں ایک آدھ غزل ضرور شایع ہوگئی ہو اور مقتضیات طبایع تو بس سبحان اللہ!

ایک اور رنگ بھی آجکل کی شاعری (شاعری نہیں بلکہ نظم) کا یہ ہے کہ ناہنجار اور نالایق ناظم سارے دنیا سے کسی بزرگ قوم کی ہجو میں کریلا بھاڑ یا کم از کم مدراس بنجائے! کیا معنی کہ اس سے گو بخشت ملامت کی ہی بوچھاڑ سہی مگر نام تو عوام الناس میں مشتہر ہو جائیگا۔ ع

بدنام اگر ہونگے تو کیا نام نہ ہوگا

آہ ہندوستان! اب تیرے نوخیز پودے کسطرح ایسی بداخلاقی کی باد مخالف کے جھونکے کھا کر گر رہے ہیں! اور کس طرح تیری آئندہ کشت امید پر پانی پھر رہا ہے!

میرے نوجوان عزیزو! شاعری یہ نہیں ہے اور نہ اس شاعری کا وقت ہے۔ ذوق اور غالب کو چھوڑو اور زمانہ کو دیکھو۔ لیاقت کو نیک اور عمدہ کام میں لگاؤ

ہر گز نہ رہی بکعبہ و اعرابی ۱۱ الراقم
کین رہ کہ تو میروی بہ ترکستان است نوازش علیخان

ماہ رمضان المبارک ۱۳۲۴ ہجری کا خسوف و کسوف

منجملہ علامات قیامت کے ایک علامت ظہور مہدی علیہ السلام کے لئے ماہ مبارک رمضان شریف میں چاند گرہن اور سورج گرہن دونوں واقع ہونا روایت کیا گیا ہے۔ یقیناً یہی ایک ایسا واقع ہونا کہیں سے ثابت نہیں ہوتا مگر امسال کے ماہ رمضان میں ہو جانیوالا ہے۔ جن لوگوں نے آثار حشر وغیرہ کو کتب معتبرہ میں دیکھا ہے انکے ذہن میں یہ بھی دونوں گرہن علامت ظہور مہدی علیہ السلام کے ہیں کیونکہ کثیر ظہور علامات صغریٰ سے اس وقت کو قریب گمان کرتے ہیں لیکن علماء کا مختلف قول اس سے جو اس بارہ میں وارد ہیں بیخبری رکھتے ہیں جو ذیل میں درج ہوتے ہیں۔

(۱) تمام روئے زمین پر نظر آنا۔ امسال قاعدہ کلیہ سے یہ دونوں گرہن صرف آسٹریلیا اور چین و ہندوستان میں نظر آوینگے۔ جو یوم شام افریقہ و امریکا یورپ ایشیا افغانستان وغیرہ میں کہیں نہ ہونگے۔ لہذا یہ نہیں ہیں۔

(۲) غیر معمولی تاریکیوں میں واقع ہونا مثل ۱۲۰۰ ہجری کے اور سورج گرہن۔ چاند گرہن سے پہلے ہونا اور یہ معمولی ہوگی (اس حوالہ سے بھی کامل طور پر ظاہر ہونا جنمیں سے اکثر ظاہر ہیں مگر بعض آثار عظیمہ باقی ہیں چنانچہ تمام عالم میں نصرانی علمداری کا ہو جانا سوائے حرمین الشریفین زادہما اللہ شرفاً و تعظیماً کے۔ سلطان روم خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کا نصاریٰ کے ماتحت مشروط طور پر شہید ہونا اور ملک شام پر نصرانی قبضہ۔ مسلمانوں کا کمال مغلوب و مظلوم ہونا قحط سالی اور ظلم و جور کا عالم میں پیدا ہونا کہیں پتلا نہ ملے۔ اگرچہ ان سب کی ابتدا ہے مگر ان جنمیں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ابھی وہ زمانہ نہیں آیا اور نہیں معلوم کہ اس وقت تک زمانہ میں کتنے انقلاب ہوں اور کتنی قومی حکومتیں بدلیں۔ اسلامی سلطنتی اور مذہبی ترقیاں کہانتک درج کریں۔ چنانچہ مذہبی ترقی جو فی زمانہ من جانب اللہ کل روئے زمین پر ہو رہی ہیں کسی پر پوشیدہ نہیں ہے۔ مسلمانوں کو ہمت نہ ہارنا چاہیئے۔ ہاں اگر وہ زمانہ قریب ہے تو غیر ممکن بھی نہیں ہے۔ کیونکہ برس دن کے عرصہ میں کچھ سے کچھ ہو جایا کرتا ہے لیکن مثل آخر زمانہ تیرہویں صدی کے اوائل قطون کا غیر معتقد طور پر وہی تباہی بات منہ سے نکالنا بہتر نہیں ہے۔ (از مکرم محمد علیق احمد صاحب نئی جنریٹی اسلامی از حافظ آباد ضلع سیالکوٹ)

چاند گرہن و سورج گرہن

نہایت ایڈیٹر صاحب۔ اخبار ہذا کے بعد التماس ہے کہ نقشہ چاند گرہن و سورج گرہن ارسال خدمت کر کے امید کیجاتی ہے کہ آپ مہربانی سے اسکو اپنے اخبار میں جگہ دیکر عوام کو فائدہ پہونچاوین اور مجھ ممنون بناوین۔ (راقم دعا گو نیاز مند آبدار مہ قطبی از قصبہ مدراس)

(نقشہ چاند گرہن ہذا بابت سمت نشیب پہاڑ گرہن خورشید ۱۳۲۴ھ)

نام شہر	وقت شروع		وسیانی وقت		وقت اختتام	
جو گرہن دیکھنے شام کے بعد شروع ہوگا	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ	گھنٹہ	منٹ
پریاگ	۶	۴۷	۷	۳۷	۸	۲۶
گیا	۶	۰	۷	۴۹	۸	۳۸
بنارس یا بنارس	۶	۵۲	۷	۴۱	۸	۳۰
کلکتہ	۵	۱۴	۸	۳	۹	۵۲
بمبئی	۶	۱۴	۷	۳	۷	۵۲
جگن ناتھ پوری	۵	۳	۷	۵۳	۸	۴۲
دوارکا	۵	۵۶	۶	۴۵	۷	۳۴
بیت بندر یا رامیشور	۶	۳۶	۷	۲۶	۸	۱۵
احمد آباد	۶	۵	۷	۴۹	۸	۳۸
سہسپور	۶	۲۳	۷	۱۳	۸	۳

سردار دیال سنگھ صاحب مجیٹھیہ جو رفاہ عام کی فیاضی میں بے نظیر رئیس ہیں اور پنجاب ایسے سچے ملکی خیرخواہوں پر فخر کر سکتا ہے وعدہ کرتے ہیں کہ اگر لاہور کے چندی سے لاہور کی ضروریات کے لئے ایک لکچر ہال تعمیر کیا جاوے تو میں اس کے لئے دس ہزار روپیہ اپنی جیب سے دونگا۔ بعض لوگوں کا خیال تھا کہ گزشتہ اجلاس کانگرس کے فنڈ کے بچے ہوئے روپے سے لکچر ہال تعمیر کیا جاتا جیسا کہ ہم نے بھی صلاح دی تھی۔ لیکن سردار صاحب نے بہت معقول عذر پیش کیا کہ کانگرس فنڈ میں ہر تمام ہندوستان کے لوگوں نے چندہ دیا ہوا ہے اسپر حق جیسا ہمارے لاہور کا نہیں ہے کہ اکیلا اس سے فائدہ اٹھائے۔

سنا گیا ہے کہ دیوان نرمل داس صاحب ایم۔ اے ڈسٹرکٹ جج نے لاہور میں ایک تقریب پر اپنے گھر میں رنڈیوں کا ناچ کرایا ہے۔ یہی دیوان صاحب امسال لاہور میں سوشل کانفرنس کے صدر مجلس تھے کہ جس میں رنڈیوں کے ناچ کے خلاف ریزولیوشن بڑی بھی قرار داد کے ساتھ پاس ہوئے تھے۔ کیا ہم نے پہلے ہی نہیں لکھا تھا کہ سوشل کانفرنس ایک محال ہے؟

گورنمنٹ کی ہیپتالی نے اسٹر منروداس صاحب کا استعفا بڑی شبہت افسوس کے ساتھ منظور کیا۔ ایک گورنمنٹ کا ممتاز افسر ہیپتالی سے دریافت کرتا ہے کہ یکایک استعفا صاحب نے کیوں دیا۔ اصل کرایا ہے کمیٹی کے پریسیڈنٹ بھی ہیں تو دماغ شاید یہ بات ہے کہ کمیٹی اسے افسوس سے منظور کرتی ہے۔

چندہ جات لکھنے والوں کی محبت کا رنگ بہت علیل ہی ہے اور شکر ہے کہ اب انہیں افاقہ ہوتا جاتا ہے۔ لکھنے والے صاحب نے چند ایک لاکھ کا شبہت کر کے اپنی طرف سے کافی کی امید دلائی تھی۔ اور ہم نے بھی اس کا ذکر کیا تھا اور پورا کر دیا تھا۔ لیکن ہمارے ان دوستوں کی ہمت ہمارے اندازہ سے بہت زیادہ ہے۔ ہم نے ان کی ہمت کا اندازہ ۱۰ لاکھ کیا تھا۔ لیکن ان کی ہمت ۱۰ لاکھ سے بہت زیادہ ہے۔ ہم نے ان کی ہمت کا اندازہ ۱۰ لاکھ کیا تھا۔ لیکن ان کی ہمت ۱۰ لاکھ سے بہت زیادہ ہے۔

پنجاب سے جس وقت جوش کی خبر لکھی گئی تھی اس وقت ہمارے پاس یہ خبر نہیں پہنچی تھی کہ سٹر پلیڈل نے حکم دیا ہے کہ آئندہ کوئی ملازم ریاست میں اس کی اجازت کے بغیر نہ لکھا جاوے۔ یہ خبر ہندوستانی اخبارات میں ایک دم مشہور ہو گئی کہ ایسی بیجا پابندی ریاست کے حق میں سخت مضر اثر پیدا کرنے والی ہے۔ کیا والی ریاست اس کے بعد بھی اس حکم کو اپنے ملازم رکھنے کے اختیار سے بھی سبکدوش ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ خبر نہیں پہنچی ہے وہ اور وہ بالکل نہیں کہ ہم نے اپنی اطلاع نہیں کی۔ بلکہ صرف یہ لوگوں کا اڑایا ہوا شوشہ تھا۔ آخر ایسی ثابت ہوا۔ پلیڈل نے اس خبر کی تردید کر دی ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ یہ خبر صحیح نہیں تھی۔ ہم ریاست کے حق میں بہتر سمجھتے ہیں کہ ریاست کے ملازم ریاست کے ملازم رہیں۔ لیکن ریاست کے حق میں بہتر ہے کہ ریاست کے ملازم ریاست کے ملازم رہیں۔

مسٹر گلیڈسٹون کے استعفا دینے کی خبر پہلے ہی نکل گئی تھی جسے پارسال گزشتہ نے چھاپ دیا۔ گو بعد میں مسٹر گلیڈسٹون کو اس کی مشتہر سی تردید کرنی پڑی کہ ہنوز ہمیں قبل از وقت ایسی خبر کا مشتہر کرنا منظور نہ تھا۔ لیکن آخر وہ خبر صحیح نکلی۔ اخبار ٹروتھ لکھتا ہے ایک خانساماں ایک ضروری خبر لے کر اخبار والوں کے ہاں چکر لگا رہا تھا اور خبر بتلانے سے پہلے اس کا عوض پانچ سو پونڈ مانگتا تھا۔ غرض کسی اخبار نے اتنے پر اس کو نہ خریدا۔ آخر وہ وہاں پارلمنٹ گرنٹ کے ہاں گیا اور کسی قدر کم پر اس خبر کو فروخت کر دیا۔ اس خانساماں نے یہ خبر کسی دوسرے خانساماں سے سنی تھی جس نے کھانے کے منو مسٹر گلیڈسٹون کی آنکھوں سے یہ نتیجہ نکالا تھا کہ یہ استعفا دینے کی تجویز کر رہے ہیں۔ اس خبر سے کم از کم دو باتیں ہندوستان کے اخبارات کے لئے نکل سکتی ہیں۔ اول یہ کہ پبلک کتنی قدردان ہے کہ ایک ایسی خبر سننے کی کتنی شائق ہے کہ جس کو ان کے اخبارات چار انچ سے زیادہ جگہ نہیں دیتے اور دیگر یہ کہ خانساماں لوگوں تک ایسے واقفکار ہیں جو سمجھتے ہیں کہ ایسی خبر بیچنی چاہیے اور کہاں سے اچھی قیمت مل سکتی ہے۔

حیدرآباد دکن کے ایجوکیشنل ڈپارٹمنٹ کے محترم ناظم صاحب علی بلگرامی کا ایک چھپا ہوا مضمون ہمارے ہاتھ میں پہنچا ہے۔ علی صاحب پر بہت سخت الزام لگائے گئے ہیں کہ ان کا صرف چھاپا پانا لائق ہے تم نہیں۔ اور اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ ہندی علی کو حیدرآباد سے نکالا جاوے کہ اس مسلمانی ریاست میں پڑھوں اور نامناسب تعلیم پھیلا رہا ہے۔ اس تمہارے کے لکھنے والے مسٹر اللہ صاحب ہیں جو وہ نور ضیاء اخبار پنجاب کے ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ لوگ جو ان کو اچھا صاحب سمجھتے ہیں اس تعصب سے بہتر خیال کریں گے کہ ان کی نسبت قائم ہے۔

کارروائی سلطنت میں داخل ہونے کی ریزولیوشن پر جو مسلمانان بنگالہ نے میموریل بھیجا تھا کہ یہ ان کے حق میں بہت مضر ہوگا۔ سر جارج ایچیسن کے بیان سے بعد ریک دوسرا ہندوستانی حکمران کے نظر ثانی فرمائی ہے اور اپنے فیصلے سے اس مضمون کی چٹھی بھجوائی ہے۔ پھر سوچنے پر بات ظاہر ہوئی کہ لفٹنٹ گورنر نے جیسا عند الملاقات فرمایا تھا ان کی رائے میں اس سرکلر نے کوئی نئی بات پیدا نہیں کی۔ بلکہ اس کا وہی مقصد علی حالہ قائم ہے کہ میونسپل کمشنر اپنے اختیارات کو انتہی درست نہیں کہ جس سے مسلمانوں کے ادائے رسم و فرائض مذہبی میں خلل واقع ہو۔ اہلمنٹ کے مذہبی خیالات کو صدر مجسٹریٹ گولاٹ صاحب کے اس قدر منظور کرنے سے اصل سرکلر کا بہت حصہ نکما ہو گیا۔ لیکن ابھی بنگالہ کے مسلمان مطمئن نہیں ہوئے اور جیسا کہ ایک کلکتہ کے ہمعصر سے معلوم ہوتا ہے مختلف مقامات میں جلسے کر کے میموریل بھیج رہے ہیں کہ پہلے سرکلر کی صفائی کے ساتھ تردید کر دیجاوے۔ حقیقت یہ ہے کہ فریقین کے دور اندیش اور صلح پسند آدمیوں کو تو ایسے سرکلروں کی کچھ پرواہ نہیں۔ لیکن عوام الناس اس بات کو برداشت نہیں کر سکتے۔

مراسلات

شاعری

اور آجکل کی نوخیز طبائع

شاعری کی ابتدائی تاریخ کے بارے میں یہ چند الفاظ ہی کہہ دینا کافی ہیں کہ اسکی بنا صرف دو باتیں ہوئیں۔ اول تو تاریخ اور دوسری طرف حسن قدرت۔ اول الذکر کی وجہ یہ تھی کہ منظوم اور خصوصیات کے چونکہ بوجہ وزن اور انتظام مضامین نظم کے حافظہ زیادہ حاوی ہوتا ہے اسواسطے پرانے واقعات مشاہیر قوم کی تاریخ عمریوں وغیرہ کا یاد رکھنا اسی ذریعہ سے سہل اور آسان ہو سکتا تھا۔ اور موخر الذکر کی وجہ یہ تھی کہ چونکہ قدرتی کرشمے انسان کے قوائے ذہنی پر اپنا اثر کئے بغیر نہیں رہ سکتے لہذا عالم محویت میں زیادہ تر موثر الفاظ بجز نظم کے اور کس سانچے میں ڈھل سکتے تھے کہ جو زبان شاعر کے دلپر قدرتی کرشموں کا پرتو ہی سماں کے دلپر پڑے؟

لیکن قدرتی تاثیر کا یہ طبعی ہے اور نہ فلسفے کا انقلاب کسی کو خیال نہیں چھوڑتا۔ لہذا شاعری میں بھی انقلاب ہوا اور یہ انقلاب ایک طرف سے نہیں بلکہ دو طرف سے۔ اور دو طرف سے بھی نہیں بلکہ کئی ایک پہلوؤں سے ہوا۔ نظم کے اقسام علیحدہ علیحدہ بنگئے۔ مختلف ممالک نے کچھ تو ضروریات دنیا کی اور کچھ اپنی نفسیات طبائع۔ اور کچھ در اصل اپنے جذبات دلی کی بدولت اسکو علیحدہ علیحدہ لباسوں سے ملبوس کیا۔ اپنی اپنی ذہنی کے موافق اسے مختلف اقسام کے زیور دئے۔

سے آہستہ کیا اور اپنے دلوں کی ہوس پوری کی۔

لیکن جس طرح شاعری میں ترقی ہوتی رہی ساتھ ساتھ انحطاطی بیانیاں اور عیوب بھی اسکو چمٹتے گئے۔ شخص سلطنت کو اگر غور سے دیکھا جائے تو شاعری پر بہت ہی اثر پڑا۔ کیا معنی کہ جس ملک میں خود مختاری کا جوالوگوں کی گردن پر تھا وہاں تو کسی حد تک خیریت گذری مگر جہاں اسکے برعکس صورت معاملہ تھی وہاں اسنے عجیب ہی رنگ بدلا۔ یعنی جن لوگوں کو قدرت نے اعلے درجہ کے ذہنی جوہر دیئے تھے انہوں نے غایت درجہ تک خود کو بظاہر تو کچھ مگر باطن پرلے درجے کا چالاک اور ہوشیار ثابت کیا۔ حد درجہ کی تعریف میں وہ وہ زمین و آسمان کے قلابے ملائے گئے کہ بناہ خدا! تعریف خوشامد کی حد تک پہونچ گئی اور اس حد تک کہ جس سے سلیم طبیعتوں کو ایک گونہ نفرت اور حقارت پیدا ہو گئی۔ شاعری کیا تھی بھکاری کی صدا۔ جھوٹی خوشامد بیہودہ مبالغہ اس پر مضامین۔ لغو خیالات سکینین۔ اور نالائقی! ممدوح کی تعریف میں قصیدہ لکھا گیا۔ مگر فی الحقیقت قصیدہ نہیں لکھا گیا بلکہ اسکو مجبوط الہواسی اور حمق کا سرٹیفکیٹ دیا گیا۔ بیوقوف ممدوح بڑے درجے کا احمق بنایا گیا۔ اور نالائق ناظم کی ہمتی گرم ہو گئی۔

کیسے کہ کان نرخ نامعلوم ہے۔

روس دوست ہو گئے ہیں۔ مبادا اُن دونوں کی متحدہ جنگی طاقت کسی وقت انگلستان کے مقابلے میں صرف ہو اور انگلستان کو روک پہنچے۔ اس لئے انگلستان چاہتا ہے کہ ہر سال اتنے جنگی جہاز بڑھاتا رہے کہ جتنے فرانس اور روس دونوں کے ملا کر بڑھ جائیں۔ اُدھر فرانس جو انگلستان کا قدیم رقیب ہے لب تو اکر کر سکتا ہے کہ انگلستان اتنی طاقت بڑھائے کہ اگر چاہے تو کسی وقت فرانس کو نگل جاوے۔ اور دوسری طرف اُس کا سخت جانی دشمن جرمنی جس کے لگائے ہوئے زخموں پر ابھی انگور بھی نہیں بھرا لگاتار جنگی طاقت بڑھانے میں مصروف ہے۔ شہنشاہ جرمنی نے حال کے فوج بڑھانے کے سودے کو جس کوشش اور کاوش سے اپنی پارلیمنٹ میں منظور کرا لیا ہے اُس سے صاف عیاں ہے کہ وہ سخت مضطرب ہے کہ کہیں فرانس سے جرمنی کی طاقت کمزور نہ ہو جاوے کہ جو اُس کا قومی دشمن ہے۔ انگلستان کے مقبوضات تمام دنیا کے سمندروں اور بر اعظموں پر پھیلے ہوئے ہیں اور انگلستان کی عظمت کی بڑی وجہ صرف اُس کی تجارت ہے۔ اگر اُس میں نقص آجاوے تو انگلستان کی عظمت زمانہ گزشتہ کی چیز ہو چکی۔ لیکن اس تجارت اور ان تمام منتشر مقبوضات کی حفاظت صرف زبردست بحری طاقت سے قائم رہ سکتی ہے۔ روس جو دنیا میں بہت بڑی سلطنت ہے اور توسیع مملکت کی ہوس میں کسی سے دوسرے درجے پر نہیں طبعاً فوجی طاقت بڑھاتے رہنے کی آرزومند ہے۔ آسٹریا اُس کا ہمسایہ کب محفوظ رہ سکتا ہے اگر وہ بھی اُن کی نقل نہ کرے۔ رہا اٹلی گو نسبتاً ایک چھوٹی طاقت ہے لیکن اپنی سلطنت بحال رکھنے کے لئے فوج بڑھانے پر مجبور ہے۔ اور اسی طرح ترکی بھی اپنی استطاعت کے مطابق دن بدن فوجی طاقت بڑھا رہا ہے اور بالکان کی قلعہ بندیوں کی اصلاح میں مصروف ہے۔ چنانچہ آجکل یورپ کی ان طاقتوں کی برّی فوجوں کا اندازہ حسب ذیل ہے:-

"دول یورپ نے جس قدر فوجیں تیار اور میدان کارزار کے لئے آمادہ رکھی ہوئی ہیں اُن میں روس کی فوج سب سے زیادہ ہے جو آٹھ لاکھ آدمی کی ہے۔ اس کے بعد نمبر وار جرمنی کی پانچ لاکھ بانوے ہزار۔ فرانس پانچ لاکھ پچیس ہزار۔ آسٹریا تین لاکھ تہتیس ہزار۔ اٹلی دو لاکھ پچیس ہزار۔ انگلستان دو لاکھ دس ہزار۔ سلطنت عثمانیہ ایک لاکھ اسی ہزار اور ہسپانیہ ایک لاکھ پینتالیس ہزار ہے"۔

آئے دن نئے سے نئے نمونے کی ہتھیاروں کی توپیں فوجوں میں تقسیم کیجاتی ہیں اور لاکھوں اور کروڑوں روپے کے خرچ سے جنگی جہاز تیار کئے جاتے ہیں۔ مندرجہ ذیل جدول سے دول یورپ کے فوجی اخراجات کو گزشتہ کئی سال کی ترقی کا اندازہ ہو سکتا ہے:-

مندرجہ ذیل جدول اخراجات افواج یورپ کا اخبار ملی الکانوسٹ یورپین نے دیا ہے۔ اس میں ۱۸۶۹-۷۰ء سے لے کر ۱۸۹۲-۹۳ء تک چار مختلف زمانوں کے اخراجات درج کئے ہیں۔ ناظرین حیران ہونگے کہ اس زمانے میں یورپ میں فوجی اخراجات میں کتنی ترقی ہو گئی ہے۔ خصوصاً فرانس روس۔ جرمنی اور اٹلی کے فوجی مصارف میں جو اس بوجھ کے نیچے مر رہے ہیں کتنا اضافہ ہوا ہے:-

اقوام	۱۸۶۹-۷۰ء ملین فرانک	۱۸۸۰-۸۱ء ملین فرانک	۱۸۹۶-۹۷ء ملین فرانک	۱۸۹۲-۹۳ء ملین فرانک
فرانس	۶۴۹٫۲	۱۰۱۶٫۱	۹۰۴٫۷	۸۹۰٫۰
روس	۶۱۵٫۶	۸۷۲٫۸	۹۸۲٫۳	۱۱۰۷٫۱
جرمنی	۵۷۳٫۶	۵۰۱٫۴	۵۳۹٫۴	۸۲۲٫۷
آسٹریا ہنگری		۳۱۱٫۴	۳۴۲٫۲	۴۲۱٫۴
اٹلی	۱۸۴٫۴	۲۳۷٫۰	۳۲۴٫۶	۳۵۵٫۱
انگلینڈ	۶۰۵٫۶	۷۶۰٫۶	۹۷۸٫۴	۹۳۲٫۴
بلجیم	۳۶٫۸	۴۴٫۱	۴۵٫۶	۴۷٫۰
ہسپانیہ	۱۲۷٫۸	۱۵۴٫۰	۲۰۰٫۳	۱۷۰٫۳
ہالینڈ	۵۰٫۵	۶۹٫۶	۶۹٫۴	۷۵٫۳
سوئیٹزرلینڈ	۴٫۸	۱۴٫۱	۱۷٫۲	۳۲٫۰
سیز الکل	۲۷۴۸٫۴	۳۹۸۱٫۲	۴۴۲۲٫۱	۴۷۵۲٫۰

لیکن جس نسبت سے دول یورپ کے اخراجات جنگ بڑھ رہے ہیں اُن کی آمدنیاں ہرگز نہیں بڑھتیں۔ سنگین اخراجات جنگ سے اُن ممالک کے محاصل کوئی نسبت ہی رکھتے ہیں۔ جیسا کہ ذیل کے حساب سے عیاں ہے:-

"بالاوسط سالانہ خرچ بحری طاقت پر انگلستان کو دو ارب پونڈ کے ۸۴۰۹۱۶۰ پونڈ گزرانا پڑتا ہے۔ بخلاف فرانس کو ۱۰۶۹۴۴۰۰ پونڈ۔ جرمنی ۴۶۹۵۵۷۰ پونڈ۔ روس کو ۴۰۱۲۹۰۰ پونڈ اور اٹلی کو ۴۵۱۵۶۳۲ پونڈ۔ چنانچہ موجودہ سالانہ بحری خرچ انگلستان کا فرانس جرمنی اور روس تینوں کے متحدہ فوج کے برابر ہوتا ہے۔ اب اوسط سالانہ آمدنی ان ممالک کی یہ ہے۔ انگلستان دو ارب پونڈ سے کم۔ فرانس ۲۰۰۲۵۹۸۲۰ پونڈ۔ روس ۱۳۵۰۲۰۴۵۷ پونڈ۔ جرمنی ۱۰۵۶۴۰۰۰ پونڈ۔ اٹلی ۶۰۳۲۰۰۰۰ پونڈ اور آسٹریا ۷۷۰۶۲۶۵ پونڈ۔ ان سب سلطنتوں کی بحری تجارت کی قیمت یہ ہے۔ انگلستان ۹۷۰۳۷۵۰۹۰ پونڈ۔ فرانس ۲۷۶۹۴۸۰۰۰ پونڈ۔ روس ۲۴۷۰۰۰۰۰ پونڈ۔ جرمنی ۲۰۰۶۳۰۰۰۰ پونڈ اور اٹلی ۳۸۷۵۲۰۰۰ پونڈ۔

اصلاح مستعمار امریکہ کے ۳۲ جنگی جہاز کنشن پر ملیں ۲۴ ریزرو ہیں ۴ زیر تعمیر۔ بحری فوج ۴۷۰۹۹۵۷ پونڈ ہیں۔ اوسط محاصل سالانہ ۱۳۵۰۷۸۰۰۰ پونڈ اور بحری تجارت کی قیمت ۲۷۶۹۸۰۰۰۰ پونڈ ہے"۔

اس لئے ان اخراجات کو پورا کرنے کے لئے ان ممالک کی رعایا پر انواع و اقسام کے ٹیکسوں کا بوجھ لادا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ رعایا فوجی اخراجات کے نیچے دب کر غلاموں کی طرح بے بس ہو رہی ہے۔ اور سب طرف بے صبری اور نا اطمینانی پھیلی ہوئی ہے۔ جب لوگ تکلیف اٹھاتے اٹھاتے بے صبر ہو جاتے ہیں تو کہیں نہ کہیں شورش ہو جاتی ہے۔ حال میں اٹلی کے بعض مقامات میں فتنہ ہو گیا۔ اور جزیرہ سسلی تو بالکل باغی ہو گیا۔ جسے فوج نے سختی سے مقابلہ کیا اور مارشل لاء (قانون جنگ) جاری کرنا پڑا۔ باغی علاقے سے ہتھیار بھی ضبط کر لئے گئے۔ سو ان میں جداگانہ ٹیکس کی تنگی اخراجات جنگی کے بڑھ جانے کی وجہ سے پیدا ہو رہی ہے۔ جرمنی میں "آرمی بل" (مسودہ فوج) منظور ہونے کے باعث اخراجات بہت بڑھ گئے ہیں۔ کبھی نمک پر اور کبھی کسی دوسری چیز پر محصول بڑھایا جاتا ہے۔ آسٹریا۔ ہنگری۔ فرانس۔ انگلستان سب جگہ سے برابر صنعت و حرفت کے تنزل کی شکایت آسمان تک پہنچ رہی ہے۔ کیونکہ ضلاع متحدہ امریکہ کی تجارت کا یہ ملک مقابلہ نہیں کر سکتے۔ ضلاع متحدہ کی زمین نئی ہے جو بخلاف یورپ کی پرانی اور بلی ہوئی زمین کے عمدہ فصلیں بہم پہنچاتی ہے۔ گورنمنٹ امریکہ کی فوج اتنی ضروری چیز ہے کہ گویا بالکل نہیں کہ جس سے اہل امریکہ پر گورنمنٹ کے عکس صرف برائے نام ہیں۔ یہ آزاد لوگ اُس آزاد ملک کی آزاد صنعت و حرفت ہے۔ یورپ کی زمین غلامی میں دبے ہوئے ملکوں کی صنعت و حرفت کو پیاپے شکست دے رہی ہیں اور یورپ کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک انواع و اقسام کی شکایتوں کا بازار گرم ہے:-

ان سوشل شکایتوں سے طرح طرح کے پولیٹیکل فرقے پیدا ہو گئے ہیں جو کہیں سوشلسٹ اور کہیں انارکسٹ اور کہیں نہلسٹ کے ناموں سے مشہور ہیں۔ جو مختلف ممالک کی گورنمنٹوں سے بیزار ہیں اور نہایت کمینہ پن سے بنی نوع انسان کی جانیں بذریعہ گولوں کے اڑاتے رہتے ہیں۔ اس میں ذرہ بھی شک نہیں کہ یہ سب لوگ صرف ایسی بیہودہ گورنمنٹوں سے ناراض ہیں جو صرف اپنی برائے نام عزت قائم رکھنے کے لئے فوجی اخراجات کے لئے ٹیکسوں کے بوجھ سے رعایا کو ہلاک کر رہی ہیں:-

لطف کی بات یہ ہے کہ ان فوجی اخراجات کی بربادی دنیا کی شائستگی سے چار قدم آگے جا رہی ہے۔ پچھلے مہینے میں دیکھا تھا کہ پیرس کے متصل ایک خانقاہ نشین راہب نے ایک نہایت خوفناک ہتھیار موسوم بہ "ٹیٹ" ایجاد کی ہے۔ ایک دوسرے آسٹریا کے باشندے نے ایک جہنمی ہتھیار ایجاد کیا ہے جو چار سو اسی گولیوں کے ذریعے سے ایک منٹ میں مرت محکمہ کر سکتی ہے۔ یعنی ایک سیکنڈ میں آٹھ گولیاں چھوٹ سکتی ہیں۔ اور ان سب کے بعد معلوم ہوا ہے کہ جرمنی نے ایک ایسا بارود ایجاد کیا ہے کہ جس کا ایک گولہ روشن کی چوتھائی میں فرانس دنگا اور علیم کے سپاہی چھینکتے چھینکتے اور ہنستے ہوئے جان دیگا۔ کیا ایسی بات کا نام شائستگی ہے کہ نام علمی ترقی کا رکھا جاوے۔ کیا ایسی ایجادوں میں خرچ کرنا چاہئے؟ کیا انسان کی جان لینے کے ہولناک فعل سے دنیا کی ترقی متصور ہے؟ کیا شائستگی اسی کا نام ہے کہ دہقان اور محنتی لوگ سر کا پسینہ ٹپکا کر ہوا میں اور زمین کی گاڑھی محنت کی کمائی سے لاکھوں اور کروڑوں ایسی مخلوق تیار کیجاوے اور بحال کی جاوے؟

نہایت افسوس کی بات ہے کہ پنڈت گردیر شاد صاحب جو ہمارے پرانے پنجاب یونیورسٹی کے ممبر فیلو سنسکرت اورینٹل کالج کے پرنسپل سنسکرت کے بڑے فاضل اور صاحب تصنیف تھے ۱۳ مارچ کو قلم نہاد ہندو کے جدید دورے کے تحت میں انتقال کر گئے۔ مولوی محمد حسین صاحب مرحوم ہندو کے جدید دورے کے تحت میں جو اورینٹل کالج کے ممبر ہیں پنجاب یونیورسٹی کے سب معلم کے لئے مقرر ہوئے ہیں۔ ان کی رائے کی خبر سن کر ہمارا دل خوش ہوا۔ اورینٹل کالج میں تعطیل کی گئی:-

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۲۳ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

کیا شائستگی کا یہی مطلب ہے کہ فن حرب کی ترقی ہو؟

ہم کیسے خوش نصیب لوگ ہیں جو دنیا کی اب تک علمی ترقی کے زمانے میں پیدا ہوئے ہیں کہ جو یورپ اور امریکہ کو آجکل حاصل ہے۔ اہل ہنود کو قدیم آریاورتا کی علمی ترقی اور شائستگی پر بڑا ناز ہے۔ لیکن اُن میں فاضل سے فاضل پنڈت معترف ہیں کہ وہ یورپ کے موجودہ علم طبعی کی ترقی کے مقابلے میں کچھ حقیقت نہیں رکھتی تھی۔ مسلمانوں کو فخر ہے کہ یورپ کی اس اعلیٰ علمی حالت پر پہنچنے میں اُن کے علوم وفنون نے بڑی مدد دی ہے لیکن وہ بھی قائل ہیں کہ جن علوم کو عربوں نے یونانیوں اور اُنہوں نے مصریوں سے لے کر ترقی اور ترویج دی تھی وہ جبکہ اہل یورپ کے ہاتھ لگے تھے آج کی حالت سے بہت ہی ناقص اور نامکمل تھے۔ خصوصاً علوم طبعی کو جو کچھ رونق آجکل کے زمانے میں حاصل ہوئی ہے وہ مارکیٹی نے اس سے پیشتر نہیں دیکھی تھی۔ صدہا ہزارہا قسم کی دخانی اور برقی اور کیمیاوی اعمال کے سامان ہماری سہولیت کے لئے روز بروز تیار ہو رہے ہیں۔ علوم طبعی میں بھی شک نہیں کہ یورپ کا فلسفہ اگر بہت بڑھا ہوا نہیں تو بھی وہ اُن تمام باتوں سے ناواقف نہیں جو مشرق اور مغرب کے حکمائے آج تک جمع کی ہیں۔ ان ساری باتوں کا نتیجہ یہ ہے کہ انسانی سوسائٹی کی بہت دور تک تکمیل ہو جاتی۔ اور یورپ کی شائستگی۔ انسانی خوشحالی اور آسودگی کا ذریعہ ہوتی۔ لیکن افسوس ہے کہ دن بدن صورت برعکس نظر آرہی ہے۔

اس تمام سائنٹیفک ترقی کے پہلو بہ پہلو انسان کی ذاتی اور قومی عظمت کی ترقی کا خیال چین نہیں لینے دیتا۔ علمی ترقی نے جو آسودگی پیدا کی ہے آج اہل یورپ بدنصیبی سے اُسے تمامہ اپنی اپنی قومی شوکت اور مقبوضات کے بڑھانے میں صرف کر رہے ہیں۔ نامروری اور عظمت کا خیال انسان کی طبعی خاصیت ہے اور اسی سے ہر ایک قومی (جمہوری) یا شخصی سلطنت ہر وقت اپنی عظمت کو قائم رکھنے کی فکر میں لگی رہتی ہے۔ کاہدے کی بات ہے کہ جب کبھی شخص کسی خاص امر میں مقابلہ کر کے سبقت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہر ایک اُن میں سے اپنی ساری طاقتیں خرچ کر دیتا ہے اور تامقدور کوئی دقیقہ حریفوں سے پیشدستی لے جانے کا اُٹھا نہیں رکھتا۔ یہی حال سلطنتوں کا ہے۔ آج مرکز ثقل قائم رکھنے کے لئے یورپ کی ہر ایک سلطنت ہر وقت اپنی اپنی بحری اور بری طاقت بڑھانے میں مصروف رہتی ہے۔ کیونکہ انگلستان کہتا ہے کہ مَیں اول اور

— بلگھے خان مسلمان آزادی جنٹر یٹ جالندھر نے قدرت سے پرورش پائی ہوئی ہے۔ عمر ان کی نوے سال کے قریب ہے اور خوب تندرست اور توانا ہیں۔ (دست وہرم پرچار کر)

— پنجاب مڈل سکول ایجوکیشنل بورڈ نے گلاب شاہ صاحب کھنہ نے جاری کیا ہے جو ضروری اور ضروری کے ہر جماعت پاس ہو چکے ہیں۔ اگر انگلستان کو مشش کیلئے تعلیم ہے کہ اس سے بہت فائدہ ہوگا۔

— پہلے دن کی وزیر یوں کی شرارت کے خیال سے امید ہے کہ ہماری فوج درہ گومل پر بڑھائی جاوے گی۔

— بابو غلام علی صاحب منشی ارڈن صاحب بیرسٹر کا مکان مقابلہ بنگلہ پرتاب شاہ چوک۔ چونی منڈی کیارہ ہزار روپیہ کی لاگت سے تعمیر ہوا تھا۔ ۱۷ مارچ کو پانی کا موٹا نلکا پھٹ جانے سے مکان کا ایک حصہ گر گیا۔ مالک مکان نے دو ہزار روپیہ کے نقصان کی درخواست بیمہ فنڈ کمپنی میں دی ہے۔ جبکہ امید ہے کہ کمپنی انکار نہیں کرے گی۔

— صاحب سکرٹری اطلاع دیتے ہیں کہ لاہور سناتن دھرم سبھا کا پانچواں سالانہ جلسہ ۲۴ سے ۲۶ مارچ تک قرار پایا ہے۔

— انارکلی میں ایک ہندو عورت ایک گاڑی کے نیچے آکر مر گئی۔

— یہ افواہ بالکل بے بنیاد ہے کہ کشمیر کونسل ٹوٹ جائیگی۔

— پنجاب یونیورسٹی ایسوسی ایشن نے تین روز تک حسب معمول لاہور اور سوری کے باغات لاہور میں پوتر ہوئی منعقد کی۔

— پشاور کے حملہ کے مقدمہ کی پکی پیشی ۱۹ اپریل کو مقرر ہوئی جبکہ مسٹر ٹائکنس سے دریافت کیا جاویگا کہ کیوں مجسٹریٹ چھاؤنی کا فیصلہ منسوخ نہ کیا جاوے؟

— آئندہ امتحان اکسٹرا اسسٹنٹ اسسٹنٹ کمشنران و مجسٹریٹان چھاؤنی کا ۱۶ اپریل کو لاہور میں شروع ہوگا۔

— لاہور سے ایک اُردو اخبار "ہفتہ وار" نکلا ہے۔ اور ایک انگریزی "آرین میسنجر" نکلنے والا ہے۔

— اکالگڑھ ضلع گوجرانوالہ سے ایک صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ موضع شاہ رحمان میں ایک شخص نے ایک لڑکے کو نہایت بیرحمی سے مار کر خود بھی تھانہ میں اطلاع دیدی۔

— ۱۳ مارچ کو مسماۃ کنن زوجہ نواب غلام محبوب سجانی کے مشتبہ قتل کے مقدمہ کی پیشی تھی جبکہ فریقین کے وکلا کی آخری تقریریں کیں۔ گورنمنٹ ایڈووکیٹ نے زور دیا کہ ملزمہ کو سشن سپرد کیا جاوے۔ اور مسٹر ریٹیگن ملزمہ کے وکیل نے زور دیا کہ مقدمہ بالکل عداوت پر قائم کیا گیا ہے ملزمہ صاف بری ہونی چاہیئے۔ عدالت نے ۲۰ مارچ فیصلہ کی تاریخ مقرر کی۔ چنانچہ ۲۰ مارچ کو ملزمہ بری کیگئی۔

— گوجرانوالہ کے نامہ نگار صاحب لکھتے ہیں کہ ماسٹر چندولال بنام باوری جیون مل کا مقدمہ جسمیں مدعی نے ملزم پر اغلام کا جھوٹا الزام لگانیکا دعویٰ کیا تھا خارج ہو گیا اور ماسٹر چندولال کو صاحب ڈپٹی کمشنر نے میونسپل کمیٹی کے عہدہ سکرٹری سے بھی استعفا دینے کی ہدایت کی۔

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— کرنل پیکاک، پرنسپل بے پور سے مستعفی ہونیکے بعد کرنل ہیڈو انکی جگہ مقرر ہونگے۔ اور لفٹننٹ کرنل ولی صاحب جوائنٹ ڈیفنس رینڈنٹ ہیں اور ڈپو پور میں مقرر ہونگے۔

— ایک مسخرہ سرحدی نامہ نگار اطلاع دیتا ہے کہ امیر صاحب نے سرحد پار بیان کیا کہ اس سال نہ وہ خود اور نہ انکے ولیعہد انگلستان جائینگے۔

— افغانستان و ہند کے مابین حد بندی کا کام ۳ مارچ کے بعد شروع ہوگا اور خیبر کو رام اور روپ کی حد بندی ہنوز ادھوری رہیگی۔ وزیرستان کی ہنوز ملتوی رہے گی۔

— ۱۱ اپریل کو سندھ کے لیڈروں کا امتحان شروع ہوگا۔

— حضور وائسرائے کلکتہ سے ۳۰ مارچ کو روانہ ہوکر ۱ اپریل کو شملہ پہونچیں گے۔ سمر گورنمنٹ ہند کے دفاتر شملہ پر ۲-۱ اپریل سے کھلیں گے۔

— صاحب لفٹننٹ گورنر پنجاب ۳۰ کو ہنگو، ۳۱ کو کوہاٹ ۱ کو گیٹ و ۲ کو راولپنڈی اور کیمبل پور کو ۳ اپریل کو پہونچ جائینگے۔

— نمائش پنجاب میں ۳۰ ہزار کا مال بکا۔ ۵ ہزار روپیہ ٹکٹ داخلہ سے وصول ہوا۔

— سرحد وزیری پرتاپ کے متصل یہ خبر سنکر کہ فوجیں کوچ کرنیوالی ہیں وزیری لوگ چاہتے ہیں کہ یہ کابل کی فوج ہمیں بھی مقبوضات نہ دیدیا جائے۔

— الہ آباد ۱۴ مارچ ۱۴-۱۵ اپریل کو جب نواب صاحب رام پور کو اختیارات ریاست دینگے تو یہ بھی کونسل ہوتوفی کیجائیگی اور انکی جگہ نواب صاحب کو ملکی معاملات میں امداد دینے کیلئے ایک ممبر کونسل مقرر کیجائیگی۔ کپتان جے آر کاون صاحب ممبر پور میں رزیڈنٹ اور پولیٹیکل افسر مقرر ہونگے۔ جو ریذنٹ لفٹننٹ گورنر بہادر ممالک مغربی و شمالی مقیمہ بریلی کے ماتحت مشہور ہونگے۔

— مہاراجہ دلیپ سنگھ جو جیت چھوڑ گئے ہیں اسمیں لکھنو میں کہ میرا بیٹا پرنس وکٹر دلیپ سنگھ میری تمام جائداد اور شوق جو عہد نامجات انگلستان سے یا میری ہندوستان کی جائداد سے حسب قانون ملک پیدا ہوتے ہوں وارث ہوں۔

— ۱۲ مارچ کو دفتر سکرٹریٹ رنگون میں جو خبر آئی کہ آج کمنگ میں ڈاکہ پڑا۔ پاکیس ڈاکوؤں نے بنک پر حملہ کرکے ٹریننگ سکول پولیس کے ۲ ستاد یک سول پولیس اور ایک چوکیدار کو ہلاک کیا۔ اور ۲۱ ہندو قیمن اور کئی ہوگو سال لے گئے۔ اور سول پولیس لین کو تباہ کر گئے۔ ملٹری پولیس نے انکو پیچھا کیا۔ مجرموں کی تلاش ہو رہی ہے۔ بہ ید انتظام پولیس کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ جتنے سول اور ملٹری پولیس علیحدہ علیحدہ کیئے جائینگے۔

— کچھ عرصہ سے ایک سکھ ڈاکو رنگ گروہ علاقہ حیدرآباد و کرن میں ڈاکے مار رہا تھا۔ حیدرآباد پولیس نے محکمہ پنجاب سے خبر پا کر ڈاکو گاؤں پر چھاپہ مارا۔ ڈاکو پولیس کو دیکھ کر بھاگے۔ پولیس نے تعاقب کیا۔ ڈاکو پولیس پر غالب آئے اور دو کو ہلاک کیا۔ پولیس کے ۱۰ آدمی زخمی ہوئے۔ لیکن پولیس کو ڈاکو مغلوب ہوگئے اور ۱۰ کو گرفتار کر لیا۔ ۱۰ ڈاکو مارے گئے۔

عالم کسیر

— لندن ۱۴ مارچ۔ ہوس آف لارڈز نے جو مزدوروں کے مالکوں کی حمایت کا سوال دریافت کیا ہے۔ چار گھنٹہ شور جلسہ ہوا۔ دونوں طرف سے ۱۴ پیر بولے۔ بعد ازاں ووٹ لیا گیا۔ قریب ایک سو شخص کے تقریر کرنے والے تھے جنمیں چند ممبران پارلیمنٹ بھی تھے۔ مسٹر چان برلس نے کہا ہمیں ہوس آف لارڈز کے اصلاح کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اسکو توڑ ہی دینا چاہیئے۔ شاہ ایڈورڈ والی سرد یا فکہ شمالی کی حالت اچھی ہوگئی اور ملکہ بلگریا گو دانتو ہوتی ہے۔

— ہندوستان کی گورنہ جنرل مین پارلیمنٹ سے منظور ہونے مین، جو کامیابی ہوئی ہے اسپر انگلستان کی فوج مین بھی ایسی ہی سوسائٹی ہے۔ اسکا ارادہ کیا ہے۔

— لندن ۱۰ مارچ۔ ملٹر سڈنی بکسٹن انڈر سکرٹری ہائے نے ہوس آف کامنز مین پوچھے ایک سوال کے کہا کہ گورنمنٹ کا منشا ہے کہ ملک مشوا اور ستاہیل مین انتظام کے لیئے ایک جج اور تین اسسٹر مقرر کرے۔

— لندن ۱۰ مارچ۔ ملکہ سنڈیفلوئنس مین پہنچگئی ہیں۔

— لندن ۱۰ مارچ۔ مسٹر ڈیوس نے چند سوالوں کے جو ہندوستان کا کہ ہندوستان مین روپی کے بارہ مین پوچھے صاف کرنے کی نسبت لارڈ کیمبرلے کے پاس کسی منظوری انکی کونسل سے نہین لیگئی۔ یہ بھی کہا کہ مین ان معاملات کو جو لارڈ کیمبرلے اور دوسرے وزیران جنکے ہی صلاحیت کے ارد مین ہوئے ہین ہوس آف کامنز کی مینر پر ہندکی نگہداری پر بحث ہونے سے پیشتر رہنے کی کوشش کرونگا۔

— لندن ۱۲ مارچ۔ سر جرج ہربرٹ کو نئن ڈکٹریہ کے جدید اجلاس پالیمنٹ کی افتتاحی تقریر مین فرمایا کہ تمام سفارت تمام سلاطین غیر سے دوستانہ ہین۔ وسط ایشیا کے مسائل کی بابت دوستی سے گفتگو ہو رہی ہے اور ہر ایک امر باہمی مصالحت سے زیر بحث ہے جسنے جلد فیصلہ ہونے کی امید ہے۔ وار نامین فرانسیسی اور انگریزی افواج کے ایمین ہر طرح سے ہوا اسکی نسبت تحقیقات ہو رہی ہے اور ہر ایک امر نہایت وسکوت کے ساتھ تحقیق کیا جائیگا۔ جو دو وظیفہ لا قانون کے شایان شان ہے۔ ہتھیاروں کا کوئی حوالہ نہیں ملا یا گیا۔ یہ کہا گیا ہے کہ سلطنت کی حفاظت کے سوا دن سامان ہم پہونچائے جائینگے۔ بحیرہ ہربرٹ کی نسبت ۱۰ دن کا جو نوٹس دیا گیا ہے اسکی تعمیل کے واسطے کوشش ہو رہی ہے۔ انگلستان مین ۱۰ ہوس آف کامنز اور ہوس آف لارڈز کے درمیان لاک پٹ زور پر ہے۔ پیرش کونسل بل مین لارڈز نے جتنی ترمیمین کی ہین وہ سب کامنز نے منظور کر دین۔

— آرلینڈ کے مشہور ممبر پارلیمنٹ اور سفیر خواہ مسٹر جلس ملاروی نے ایک سفیر مین لکھا ہے کہ ہندوستان کا ہوس آف کامنز دنیا بھر مین بڑی اطوار کا مجلس ہے۔

— لندن ۱۳ مارچ۔ ہوس آف لارڈز نے حصہ دار کی

کی بحث کے بعد ۱۰ بجے بل پاس کیا ہے۔ سر جوکست ہیوٹی نے مخالفت کی مگر کامیاب نہ ہوئے۔ مسٹر سیمن ہی نے گذشتہ سال کے بموجب ہر ٹن کان کیلئے فرصت کے بجائے حصہ کیلئے ۱ شلنگ مقرر کیا ہے۔

— برلن ۱۴ مارچ۔ ڈنمارک کی پارلیمنٹ نے روس کے ساتھ تجارتی عہد نامہ منظور کر لیا ہے۔

— سلاگ کرسچی وزیر اعظم آسٹریا دونوں ہنگری کی زوال ستہ پا رہے ہین۔

— امریکہ کے کرادڑ پتی کارنیگی نے ۱۰ لاکھ پونڈ گذشتہ دسمبر مین خیراتی کاموں کی دے دیا۔ ۲ کروڑ ۵۰ لاکھ روپیہ خیراتی کی۔

— شہزادی رائل یا آف اپنبرگ اور ڈیوک آف کنٹ کی شادی کی تیاری ہو رہی ہے۔ حضور ملکہ اپنے پوتی کی شادی مقرر کرکے شادی کی تاریخ اپریل کے تیسرے ہفتہ مین قرار دینگے۔

— ولایت کے دو اخبارات ڈنڈی کوریر اور ڈنڈی ایڈورٹائزر نے دو اخبار لویس لیڈیوں کو دینیکے گرو سفر کرکے قوت نسوان کے حالات معلوم کرنے کے لیئے بھیجا ہے۔

— روسی فوج کے ایک لفٹننٹ کرنل کو جاسوسی کے الزام مین پھانسی دیگئی ہے۔ جو روسی فوج مین ہتھیار بنانے کی دوسری کمپنی کو بھید بیچتا تھا۔ فرانک سمال نے ۱۰ سال سے اس کام کو شروع کیا تھا۔

— روسی جرنیل جنرل ڈوکھ اپنی بیوی کو طلاق دینے کے بعد ۱۰ ہفتہ کے اندر ہی ایک عورت سے شادی کر لی ہے۔ جو پہلے ہی سے اسکی معشوقہ تھی۔ اور اسکے ساتھ ۱۰ سال سے رہتی تھی۔ اسکی پہلی بیوی نے طلاق دینے سے انکار کیا تھا۔ مگر اسکی بیوی نے اسکو طلاق دیدی۔

— ۱۰ مارچ۔ پیرس مین فرانس کے جہاز ران ۱۰ ڈوڈ فرین کی کانگریس کی ایک تقریر بہ نہایت خوش ہوئے ہین۔ اسمین انہوں نے کہا تھا کہ فرانس اور انگلستان کے تعلقات روز بروز بڑھتے جاتے ہیں اور فرانسیسی اسبات کو ہمیشہ مین جو خیال سے ہمدردی ان دونوں قوموں مین پائی جاتی ہے ظاہر کرتے ہیں۔ اسحاق خان کی بغاوت (افغان ترکستان) کے وقت روس کے امن کی محبت کی ہین تعریف کی۔

— لندن ۱۰ مارچ۔ لارڈ مکنزی ٹریٹ کا بیان ہے کہ گذشتہ (۱) کے ۱۰ کو ان سے ۱۰ ۱۰ ۱۰ گولی ۱۰ روپیہ پکڑا گیا۔

— مسٹر گلیڈسٹون کی بیماری سے بہت ہوش آیا ہے کہ اب صحت ہو رہی ہے۔

— ۱۰ مارچ۔ چیمبر آف ڈیپوٹیز بیلجیم کے باہر ایک بڑا گرجا ہوا ڈاگ جس سے کہ گرجا ان ٹوٹ گئیں۔ قریب کے ۱۰ کو نقصان پہنچا اور ۱۰ آدمی زخمی ہوئے۔

— طہران کے شاہ ایران سے ہی عام کے لیئے تکسال بنا کر دی اور اپنے تمام سکہ مین چاندی ہونے کی ممانعت کر دی۔

— سر فریڈرک لیمپلے حال سفیر انگلستان ہی متعینہ طہران جنیوا ریسٹ پیٹرزبرگ مقرر ہوئے۔

حفظ صحت

استفسار

۱۔ بدن کے سپید دغ۔ آپ اپنے اخبار کے ذریعہ مغز ناظرین سے یہ دریافت فرمائیں گے کہ بدن پر جو سپید داغ ہوتے ہیں۔ اُس کا علاج کیا ہے۔ میرے ایک رشتہ دار کو دس کا سن ابھی ۱۵ سال کا بھی نہیں یہ بیماری شروع ہے۔ (ا۔ ا۔ م۔ ش)

۲۔ انتوں کا ہلنا وغیرہ۔ میرے ایک اور دوست کے بچہ کا سن دو سال کا بھی نہیں۔ دانت کسی قدر ہلتے ہیں اور دو انتوں سے پیپ بھی نکلتی ہے۔ اگر کوئی صاحب اس بیماری کا مجرب علاج بتائیں تو بعد تجربہ آپ ہی کی وساطت سے ایک عمدہ تحفہ تندرستی حاصل ہوگا۔ (راقم)

علاج

۱۔ صفحہ ۱۰ ضمیمہ مندرجہ صفحہ اول پیسہ اخبار مطبوعہ ۹ مارچ ۱۸۹۴ء۔ ۲ پاس خاطر سعید۔ آپ صاحب مجھ سے جن کو کبھی اپنے دوست کے واسطے ضرورت ہے تفصیل مجموعی نسخہ مجربہ مقوی معدہ۔ دافع ریاح۔ نافع ڈکار۔ نہایت مجرب۔ نسخہ یہ ہے۔ زیرہ سیاہ ۲ ماشے۔ سونف ۲ ماشے۔ نانخواہ ۲ ماشے۔ کرفس ۲ ماشے۔ دانہ الائچی خرد ۲ ماشے۔ سونٹھ ۲ ماشے۔ نمک ۲ ماشے۔ تخمبل ۲ ماشے۔ فلفل دراز ۲ ماشے۔ سنگ آہن مرغہ ۲ ماشے۔ شکر سفید ۲ تولے۔ ہنگ ادویہ را سفوف ساختہ بعد تناول طعام کہ لاغر کم از شبانہ باشد از سہ ماشہ تا پنج ماشہ خوردہ باشند۔ و در سیان استعمال نسخہ طلاع بدہند۔ نافع باد۔ برہب اطباء۔ حکیم نواب اکبر محمد خاں۔ سیہور۔ ایجنسی بھوپال)

۲۔ نسخہ مجرب قرحہ سوداک۔ آدھ پاؤ دال نخود خام خوب باریک پیس کر تین سیر شیر بارہ گاؤ میں ملا دے اور چار سیر پانی بھی اس میں ڈال دے۔ یہ سات سیر لسی صبح سے شام تک پی لے اور ٹہلتا رہے۔ تمام دن کچھ نہ کھاوے۔ شام کو دودھ چاول یا دہی چاول کھاوے۔ جو صاحب آزمائش پیسہ اخبار میں نفع سے اطلاع دیں۔ ایک ہی سذر کے استعمال سے کلی فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔ (مراسلہ مرسلہ۔ از بھوپال)

۳۔ کھانسی کا علاج۔ آپ کے اخبار کے ذریعہ ایک صاحب نسخہ کھانسی کا دریافت فرمائے ہیں۔ لہذا ایک نسخہ جو ہمارا میرے تجربے میں آچکا ہے اور ایک عربی کتاب سے لیا گیا ہے مناسب سمجھ کر اپنے نامی پرچے میں واسطے رفاہ عام کے چھاپ بھیجتا ہوں۔ اللہ درست مٹھی ہر دو کو خوب باریک پیس کر تھوڑا سا پانی اس میں ملائیں اور گولیاں بنالیں۔ رات کو تھوڑی سی مصری یا نبات جیسے ہماری زبان میں شکری بولتے ہیں۔ منہ میں رکھ لیں اور اسکا رس چوستے رہیں۔ دو تین دام مدرسہ جام پور۔)

۴۔ سگ گزیدہ۔ میرے پیارے ایڈیٹر پیسہ اخبار جب سے آپ کے اخبار میں حفظ صحت کے دربارہ مجرب نسخہ جات شائع ہونے لگے ہیں علاوہ کہ اس سے بہت کچھ نفع ہونے لگا ہے۔ ایک نہایت دلپذیر مجرب نسخہ سگ گزیدہ کا لکھتا ہوں۔ امید ناکام عام مرجع فرما کر مشکور فرماویں۔ آٹھ توسہ پیپل کے پتے کے تازہ لیکر بس مرچ سیاہ میں گرگر پیس کر اسکی گندگی کو نخم پر ملفوظ دیں۔ (نوٹ۔ اگر ہو سکے تو چار پانچ روز ایسا ہی کریں۔ جو صاحب آزمائیں۔ نتیجہ سے اطلاع دیں۔ (رحیم داد سنگھ مالک آریہ ویدک شفا خانہ جہانپور)

شعر و سخن

دو شکر

(بقیہ سپاہی اور ڈاکٹر)

نے وظیفہ بطل کچھ نہ بھیجو نکے ساتھ — نے انضباط فائدہ جب پر کوئی چلے
خود اپنی ہاتھ نہ کسی عہدہ دار کے — نے جنرل نکا گوئی چھ حکم اکھوڑے

سب اپنے اپنے فرض کا ہیں حکم مانتے
سالار سارے فوج کا ہیں اسکو جانتے

ان سب میں بے نظیر ہے بہادری اشر — ہیں نیال نفع خلق میں سب سے غرق سر بسر
ہمدرد ابن نوع پہ بانی ہے مگر — نے اپنی جان کا ہوش نہ ہے جان کی خبر

جس کو ضرورت ان کی ہو اُسکے غلام ہیں
لاریب صدق دل سے ہی خواہ عام ہیں

ہوتا ہے وام مرض مگو گیر آدمی — اسکی ملازمت میں ہیں سب رستے تندرستی
قاصد اجل کا آتا ہو کرتا ہے جاں گسی — پر اسکے حفظ جان میں کرتے ہیں سب کمی

اب بچ گیا تو اُنکے طفیل اس کو جاں ملی
دنیا کے ورنہ جھگڑوں سے اسکو اماں ملی

مصروف کار سارے ہیں اور زیر آسماں — لشکر کا اُن کے سر پہ ہے بہار ہاشاں
ہے سیاہی دفع مرض کی اور غلبہ اماں — خط جلی ہیں ذیل کے الفاظ ہیں عیاں

در شادی ماند دست قضا جان رستن است
کار ثواب در دل بشر رفع کردن است!

خنجر دہنے تفنگ نہ شمشیر سنگے پاس — اپنا حمیت اور دلیری ہے ان کی آس
نے زندگی کا خوف نہ تحت کا کچھ ہراس — نے اُن کو زندگی جمع نہ دنیا کا اکھوپاس

مفلس کے واسطے ہیں سخی مرد زر بکف
ہیں درد مند کے لئے لیکن یہ سر بکف

ان کو نہ شب سوت کا جب ہوکا پتا — ہے صبح آدھی رات دیا وقت شام کا
ہو کوئی صف میں پیچھے یا آگے بڑھا ہوا — بوڑھا ہے یا ہے تلف جوانی کا لے مزا

شعوں انبساط ہے یا مست خواب ہے
محاصر ہر ایک ان میں ہے دیتا جواب ہے

سنسان جنگل ان کا ہے مسکن بنا ہوا — ملتا نہیں ہے کوسوں بھی انسان کا پتا
سمجھیں شہید لوگ انہیں یہ مرتبہ کجا — نے پھول اور نہ مجمع کوئی نامزین کا

ہے قبر پوش سبزہ و بادِ سبا عام ہے!
غربت برس رہی ہے اور اللہ کا نام ہے

دو شاہراہ سوئے فلک ہیں نہ ہوئے — محضوص ایک اک ہے فریقین کے لیئے
دروازے آسمان کے بھی ہیں کھلے ہوئے — ہاں ہے یہ شخصیں ہیں ملائک گھڑے ہوئے

اک دوسرے زخم خوردہ جواں مرد آتے ہیں
اور دوسرے سے خلق کے ہمدرد جاتے ہیں

واں اس سے پیار پر ہیں وہ محتسب کھڑے — سب زخم دیکھتے ہیں یکے بعد دیگرے
ہیں کیمیا کے قوم کی عزت کے واسطے — ہیں کے علاوہ کتنے لگے نفس کے لئے

درجہ بدرجہ فن کی حضوری میں جاتے ہیں
اور اپنی جاں نثاری کا پھر اجر پاتے ہیں

دردِ سر رضائے الٰہی سے ہے سجا — نے کوئی محتسب نہ فرشتہ کھڑا ہوا
ہمدردی و رفع و محنت و ایثار و بے ریا — ہیں بست بستہ ماری جملے ہوئے پڑا

ہمدردی ہمرکاب انہیں لیکے جاتی ہے
اور تحت حق کے سامنے ان کو جھکاتی ہے

(آنریبل عیماں)

معلومات کا سخت

—— روس کی تیار فوج میں جو ہر وقت میدان جنگ میں آسکتی ہے آٹھ لاکھ سپاہی ہیں اور یہ تعداد دنیا بھر میں اور کسی سلطنت کے پاس نہیں۔

—— یورپ میں ساٹھ لاکھ پونڈ کا قیمتی سونا۔ چاندی۔ زیورات۔ اسباب آرائش اور مال پس انداز شدہ کے ہر سال کھینچا ہے۔

—— دنیا بھر میں لمبی ٹیلیفون لائن درمیان نیویارک اور شکاگو (امریکہ) کے ہے (۹۵۰) میل ہے۔

—— بائسکل اور ٹرائسکل کا فوج میں تو دخل ہو ہی تھا اب پولیس (لیجیم) کے برد گو ماسٹر (عہدہ دار ذمہ دار شہر) نے شہر کی آگ بجھانے والی جماعت کو حکم دیا ہے کہ موقع واردات پر آگ کی خبر پاتے ہی ٹرائسکل پر سوار پہنچ جایا کریں۔

—— سنر لینگڈری ایک رقاصہ اور گویا اپنے فن میں استاد ہے۔ یہ آج اپنی قابلیت کی بدولت لکھ پتی ہے۔ اس کے پاس بہت قیمتی جواہرات ہیں۔ ایک جہاز تفریح کے لئے اپنا بنوایا ہوا ہے۔ پرنس آف ویلز اُس کا نام صحت تجویز کرتے ہیں۔

—— مختلف پرند جو سردی میں چلے جاتے ہیں اور گرمی میں آجاتے ہیں چلے جانے کی خواہش اُن کے خون میں ایک قسم کا بخار ہوتا ہے کہ جس کی اگر تعمیل نہ کریں تو دو ہفتے میں مر جاویں۔

—— فرانس کے ڈوڈ اکٹر اگر گزیدوں کے علاج کا بھی ٹیکا لگانے کے ذریعہ سے تجربہ کر رہے ہیں۔

—— مسٹر گلیڈسٹون کتب فروشوں کی نئی فہرستوں کو دیکھا کرتے ہیں اور ہمارے مضامین چڑھلیں۔ نئے مذاہب۔ ڈوگی لڑنا۔ کنجر (خانہ بدوش) کتبے۔ شادی کی رسوم۔ ہومر۔ شیکسپیئر ڈینیٹی پر کوئی کتاب دیکھی فوراً طلب کرلی۔

حکمت کے موتی

(۱) وعدہ کرنے میں دیر کرو مگر ایفا بہت جلدی کرو۔ (۲) نیک جماعت کے ایک ممبر بن جاؤ۔ (۳) پاؤں کا بھسلنا زبان کے پھسلنے سے بہتر ہے۔ (۴) اپنی طبیعت اپنے قابو میں رکھو ایسا نہ ہو کہ وہ تمہ قابو پائے۔ (۵) دنیا میں بڑا فضیلت وہ ہے جس نے اپنے آپ پر فتح پائی ہو۔ (۶) سب سے زیادہ مفلس وہ ہے جس کی خواہشیں بہت زیادہ ہیں۔ (۷) "اچھا" کہنے سے اچھا کہنا بہتر ہے۔ (۸) سست آدمی کو ہمیشہ بہت کام رہتا ہے۔ (۹) آدمی ترسب کھوئی ہوئی چیزوں کا ملنا ممکن ہے مگر وقت کھویا ہوا نہیں ملتا۔ (۱۰) صحبت سے اکیلے رہنا بہتر ہے۔ (۱۱) جو جلدی سے زیادہ طمع کرتا ہے اُس کو بہت تھوڑا ملتا ہے۔ (۱۲) جو شخص بہت کھانا کھانے سے بیمار ہو جائے اُس کو چاہیئے کہ دو وقت کھانا کھائے۔ (۱۳) نتیجہ سوچنے کے بغیر کسی کام میں ہاتھ مت ڈالو۔

ترکیب دال گلانے کی۔ اگر پانی نامقص ہو یا کسی اور وجہ سے دال نہ گل سکے تو چاہیئے کہ سرد پانی میں ۲۴ گھنٹہ دال پہ رکھ دیں۔ اور دھکنی سرپوش پر کوئی وزنی شے رکھیں۔ ضرور دال عمدہ طرح سے گل جاوے گی۔

راقم رام رکھا مل

پیسہ اخبار

نمبر ۱۱ | یوم جمعہ ۲۳ مارچ ۱۸۳۷ء مطابق ۱۵ رمضان ۱۲۵۲ھ موافق ۱۲ چیت سمت ۱۹۹۳ بکرمی | جلد

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

افریقہ کی تقسیم:- اس وقت افریقہ کے حسب ذیل رقبہ پر سلاطین یورپ کا قبضہ ہے:-

فرانس کا ۷۰ کروڑ ۱۷ لاکھ ۹۳ ہزار ایکڑ زمین پر قبضہ ہے جس میں آبادی کی مردم شماری ۶ کروڑ ۷۰ لاکھ ۹۹ ہزار ہے ؛

انگلستان کے قبضے میں ۶۶ کروڑ ۴۳ لاکھ ۱۰ ہزار ایکڑ زمین ہے جس میں آبادی کی مردم شماری ۴ کروڑ ۴ لاکھ ۳۳ ہزار ۵ سو ہے ؛

پرتگال کا قبضہ ۲۱ کروڑ ۸۰ لاکھ ۳۷ ہزار ایکڑ زمین پر ہے۔ جس میں آبادی کی مردم شماری ۴۵ لاکھ ۱۶ ہزار ہے ؛

ہسپانیہ کا قبضہ ۵ کروڑ ۳۰ لاکھ ۹ ہزار ایکڑ زمین پر ہے جس میں آبادی کی مردم شماری فقط ۴۷ لاکھ ۷۰ ہزار ہے ؛

اٹلی کا قبضہ ۵ کروڑ ۵۹ لاکھ ۱۸ ہزار ایکڑ زمین پر ہے جس میں آبادی کی مردم شماری ۶۲ لاکھ ہے ؛

جرمنی کا قبضہ ۲ لاکھ ۱۲ ہزار ۸ سو ۵۰ ایکڑ زمین پر ہے جس میں آبادی کی مردم شماری ۵۸ ہزار ہے ؛

سیلون کی چائے:- ۱۸۳۶ء میں ملک سیلون میں ۲ لاکھ ۷۳ ہزار ایکڑ اراضی زیر کاشت کافی تھی۔ اس سال اس علاقہ سے ۱۵ لاکھ ۹۹ ہزار ۴ سو ۱۵ پونڈ چائے ملک آسٹریلیا کو بھیجی گئی۔ اب کے موسم میں جو آخری ۱۸۳۷ء ختم ہوا ہندوستان سے ۲ لاکھ پونڈ بازار لنڈن کو روانہ ہوئی۔ ۵۹ لاکھ پونڈ سیلون سے لنڈن کو بھیجی گئی اور ۴ لاکھ پونڈ چین سے لنڈن میں پہنچی۔ لنڈن کی دکانوں ہندوستانی چائے کا ذخیرہ بقدر ۳ کروڑ ۹ ہزار پونڈ تھا۔ چائے سیلون کا ذخیرہ ایک کروڑ ۷۰ لاکھ ۱۳ ہزار پونڈ تھا اور چائے چین کا ذخیرہ بقدر ایک کروڑ ۱۰ لاکھ ۵۹ ہزار پونڈ تھا ؛

محصول تار برقی ولائت:- ہندوستان میں جو تار برقی کی آمد رفت ہیں سال قبل میں ۴۲ ہزار تار برقی خبروں کی تعداد تھی اب ساڑھے تین ملین ہوگئی ہے۔ گر جو تار برقیاں درمیان انگلستان اور ہندوستان کے آتی گئیں اُن کی تعداد اب ۵۰ ہزار سے بڑھ کر ایک لاکھ ۹۳ ہزار ہوگئی۔ اگر اوسط نکالی جائے تو ۴۰ خبریں روزانہ آتی جاتی ہیں۔ انتظام حال سے ممکن ہے کہ چار ہزار خبریں ۱۱ بجے دن سے آدھی رات تک آیا جایا کریں ؛

امریکن بائبل سوسائٹی نے پچھلے بارہ ماہ میں جو اُس کی ۴۰ واں سال ہے چھ لاکھ ڈالر بائبل کے چھاپنے پر صرف کئے۔ اور اس عرصے میں ۲۹۸۱۹۶ جلدیں بائبل کی مشتہر کیں۔ مگر گل ۷ برس میں ۶ کروڑ جلدیں چھاپیں ؛

بمبئی پولیس میں ۴۵۰ سپاہی بڑھانے سے کل جمعیت ۱۵۶۷ ہوگئی اور اس اضافہ سے اخراجات ۱۴۰۰۰ روپے کے ۱۹۷۹۲۱ روپے ہوگئی

مذاق

ولائت میں ایک اُمرا اور شرفا کے کلب گھر سے ایک ممبر کا چھاتا گم ہوگیا۔ اُسنے اپنے نقصان کی طرف ممبروں کو متوجہ کرنے کے لئے یہ ترکیب اختیار کی کہ ایک کاغذ کے پرزے پر لکھ کر مکان کے دروازے پر چسپاں کر دیا۔ جس امیر آدمی نے اپنے چھاتا کے سوائے کسی دوسرے کا چھاتا لیا ہو وہ مہربانی کرکے مجھے لوٹا دے۔ اسپر ممبروں میں نارضگی پھیلی کہ اُمرا پر کیوں الزام لگایا گیا ہے۔ اور اُس شخص سے جواب طلب کیا۔ اُس نے کہا کہ آپ نے اپنے قواعد میں صرف شرفا اور اُمرا کو اس کلب میں شریک ہونے کی اجازت دی ہوئی ہے۔ جب میرا چھاتا یہاں سے گیا ہے تو اُسے ضرور کوئی امیر ہی لے گیا ہوگا۔ کیونکہ شریف آدمی تو ایسا کرتے ہی نہیں" ؛

ایک مندر اہل ہنود کا اعلیٰ حضرت نے منہدم کرا کر اُس کو مسجد بنوایا اور مجبوں کو مسجد کے احاطہ میں دبوا دیا۔ مسجد کی تعمیر کے بعد حضور اس میں نماز پڑھکر فرحت اندوز ہوئے اور فرمایا کہ اس کی تعمیر میں مسلمانوں کو دو فائدے ہوئے۔ ایک یہ کہ مسجد تعمیر ہوئی مسلمان اب عبادت کرینگے۔ دوسرے یہ کہ بت خانے کی جگہ پر بنی۔ ایک حاضر جواب برہمن نے جو کہ حاضر تھا اس طرح عرض کیا کہ مہندؤں کو بھی دو فائدے ہوئے۔ ایک یہ کہ ہمارے ٹھاکروں کی کرامت ظاہر ہوئی یعنی یہ کہ پہلے صرف ہندو اُن کی پرستش کرتے تھے اب مسلمان بھی اُن کے آگے سر جھکاتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ہمارے ٹھاکروں نے اس زمین کو کسی طرح نہ چھوڑنا تھا اور نہ چھوڑا۔ یعنی آپ کی مسجد کی بنیاد میں بھی موجود ہیں اور ہمارے ٹھاکروں کی عصمت سے عبادتخانہ ہی رہا ؛ ببیں کرامت بت خانہ مرا اے شیخ کہ چوں خراب شود خانہ خدا گردد ؛ اگرچہ بادشاہ اس گستاخی پر آشفتہ ہوئے مگر ایک ندیم ظریف مصلحت اندیش بول اُٹھا کہ سبحان اللہ کیا مبارک مسجد ہے کہ جس کی تعمیر سے دونوں دین آباد ہوئے۔ بادشاہ ہنس پڑے ؛ (آپ کا مشکور حال مقیم الہ آباد)

ایک چھوٹا سا مبالغہ:- شگاگو کی نمائشگاہ عالم میں ہر چیز بہت بڑے پیمانے کی تھی۔ عظیم الشان عمارات نہایت بڑی ہمانے کی سامان آرائش سے آراستہ تھیں۔ ہر چیز اتنی بڑی تھی کہ دیکھنے والا حیران ہوتا تھا۔ میں ایک اتنے بڑے ہوٹل میں جا کر ٹھہرا کہ جب میں صبح کے وقت گھنٹی بجا کر خدمتگار کو طلب کرتا تو شام تک بمشکل میرے کمرے تک پہنچتا ؛

عجیب عجیب باتیں

اپنی بیوی کا دودھ پیتا ہے:- ضلع بالاگھاٹ سے ایک نامہ نگار صاحب لکھتے ہیں کہ ایک پٹواری صاحب اس ضلع میں اپنی خاص بیوی کا دودھ منہ میں لے کر بچوں کی طرح پیتے ہیں۔ وہ بیچاری ہمیشہ منع کرتی ہے۔ چنانچہ ابھی پرسوں ہی کی خبر ہے کہ ہر گھاٹ کر مرگئی ہے۔ پرگنہ کٹنگی ضلع بالاگھاٹ سے کسی دوسرے صاحب سے ہم اس خبر کی تصدیق چاہتے ہیں۔ اس سے پیشتر بھی کچھ عرصہ گزرا ہے اخبارات میں مشتہر ہوا تھا کہ ایک شخص اپنی بیوی کا کچا دودھ پی لیتا ہے کہ جیسا اس نیکبخت نے عادت سے داد خواہی کی کہ میرے معصوم بچے اس سے مر جاتے ہیں کہ میرا شوہر ہمیشہ کچا دودھ پی لیتا ہے ؛

جرمنی میں فن جنگ کی ترقی:- فن جنگ میں جرمنی یورپ کی تمام قوموں سے دو قدم آگے بڑھتا جا رہا ہے۔ جرمنی کی فوج میں سے کئے جس کا مرکب لئے گئے ہیں۔ یہ سب کو معلوم ہے۔ جب ان لوگوں نے دیکھا کہ جنگی پیغام رسانی کے لئے بعض اوقات نامہ بر کبوتر اپنے شروع کئے ہیں تو انہوں نے بھی بازسدھے لئے ہیں جو دور سے کبوتر دیکھکر اسے مار ڈالتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ گھوڑوں کو پیرنے کی مشق کرا رہے ہیں۔ اور اب سب سے بعد جو بات انہیں سوجھی ہے وہ سب سے عجیب ہے یعنی ایک ایسا بارود ایجاد کیا گیا ہے جس کا ایک گولہ دشمن کی فوج میں چلا دینے سے تمام فوج پر تاریکی اور کہر چھا جائیگی اور ہاتھ کو ہاتھ نہ سوجھیگا۔ اور اس بارود کے دھوئیں سے اس قدر چھینکیں آئینگی کہ سپاہی چھینکتے چھینکتے بیدم ہو جاوینگے۔ اس میں شک نہیں کہ دھوئیں یا مصنوعی کہر سے جنگ کے وقت بہت کام نکل سکتا ہے ؛

سلطان المعظم کا دربار:- پیرس کا ایک اخبار لکھتا ہے کہ حضرت سلطان روم اپنے زمانہ کیونکر جاری کرتے ہیں۔ یہ حکم سلطان المعظم کا ایسا ہے کہ کوئی وزیر اُس کی نسبت کچھ کلام نہیں کر سکتا۔ ہر صبح کو جبکہ حضرت سلطان المعظم حرم سے باہر نکلتے ہیں۔ اوّل وزیر ایوان جو اجل ثریا پاتا ہیں قدم بقدم دست بستہ آگے بڑھتے ہیں۔ اُن کی آنکھیں زمین پر لگی ہوتی ہیں اور ترکی قاعدے سے جھک کر سلام کرتے ہیں اور صدر حکم کے منتظر رہتے ہیں کہ رپورٹ پڑھیں۔ پس حضرت سلطان کے اشارے سے یہ رپورٹ پڑھنا شروع کرتے ہیں۔ یہ رپورٹیں مسلسل ہوتی ہیں جو مختلف وزرا کے محکموں سے آتی ہیں اور ہر ایک پر حکم سلطانی مناسب صادر ہوتا ہے۔ جس رپورٹ میں کچھ شبہ ہوتا ہے وہ پھر واپس کیجاتی ہے کہ اسپر غور ہو اور بلا ناغہ دربار کرتے ہیں

بفضل الٰہی کارخانہ ۱۸۹۰ء سے جاری ہے ۔ ادویہ شرطیہ تا حصول صحت دیجاتی ہیں ۔۔۔

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی و غیرہ امرتسر ہال بازار کی ادویہ

ممالک کی عام شہرت کا خواہاں

جوہر خیری

روغن طلائی ۔۔۔ ۔۔۔ (۱۰)

پکٹورل بام

عرق نخامی

عرق طحال

منجن دانتوں کا

روغن کان درد

عرق خیری جوہر

حب بواسیر

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی امرتسر ہال بازار (پنجاب)

ارزان بعلت سچائی کا ثبوت

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھ کر تسلی دے سکتا ہے؟

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد امام الدین انگریزی ادویات کے کام جانتے ہیں اور لائق ماہر ہے اور اس کی تمام ادویات اچھی اور خالص ہیں

ڈاکٹر اے۔ آر ایڈورڈ سول سرجن بہادر امرتسر ۔ اگست ۱۹۰۱ء

بفضل شافی مطلق ہم کو مندرجہ ذیل ادویات کے موثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپ کو ان کی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں کہ اگر خدانخواستہ آپ کو فائدہ نہ ہو تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ انھوں صحت آپ اپنے روپے کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ **سیونگ بنک** میں ٹھاہر تمام فرمائشوں کی تعمیل بطریق ویپیو ایبل پارسل کی شاوڈ ورگر روپے کی واپسی کا انتظام ہوتو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا

آتشک کی پڑیاں ۔ جدید آتشک کا علاج ۴۸ پڑیاں ۴ عدد

ہارم دافع آتشک ۔ آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ ۴ عدد

عرق عشبہ مرکب فساد خون ۔ درد بھبی آتشک گنھیہ خارش کے واسطے شیشی خورد ۴ عدد شیشی کلاں ۸ عدد

عرق دافع سوزاک و قرحہ ۔ اندرونی استعمال کے واسطے فی شیشی ۴ عدد

والی پچکاری برائے سوزاک ۔ سوزاک کے کیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے ۴ عدد

والی پچکاری برائے قرحہ ۔ سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے ۴ عدد

رغن دافع وجع مفاصل و درد عصبی ۔ بیرونی اثر کے واسطے فی شیشی ۴ عدد

عرق طحال ۔ تپ تلی کے واسطے ۲۴ خوراک ۴ عدد ۔ ۴۸ خوراک ۸ عدد

اسپرمٹوریہ پلز ۔ دافع کثرت احتلام ۔ جریان منی ۴۰ گولی ۴ عدد ۔ ۸۰ گولی ۸ عدد

الفروڈیزیک پلز ۔ مقوی باہ ۔ رافع ضعف اعصاب ضعف دماغ ۔ عشہ ۔ فی شیشی ۴ عدد

نروائن ٹانک پلز ۔ علاج ٹھاردی کم طاقتی کمزوری ۔ ۴۰ گولی ۴ عدد

کاف مکسچر ۔ تر خشک کھانسی کا علاج ۔ فی شیشی ۴ عدد

بچھو کاٹے کا علاج ۔ جائے نیش پر لگانے کے واسطے ۴ عدد

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل ۔ دماغ اور بینائی کو طاقت دیتا ہے ۔ چھٹانک ۲ ۱/۲ ۲ عدد چھٹانک ۴ عدد

ڈیاریا پاؤڈر ۔ دافع ہر قسم اسہال و پیچش ۔ ہر ہفتہ کے بچوں ۔ ۱۲ پوڈر ۴ عدد

کیورفار استما ۔ دمہ شش انفس یا دم کی بیماری کا علاج ۔ فی شیشی ۴ عدد

کالرا کیور ۔ علاج ہیضہ پیشبر دافع قے کی گھبراہٹ و کھنچاؤ لانے والی ۔ فی شیشی ۴ عدد

تمام فرمائشیں مندرجہ ذیل پتے پر آنی چاہئیں ۔ اور اپنا پتہ اور ضلع کا نام خوشخط لکھنا چاہیئے

المشتہر محمد امام الدین منیجر و کمپونڈر میڈیکل ہال ۔ ہال بازار امرتسر پنجاب

تفتح الاحباب فی مناقب آل و الاصحاب

اس نایاب کتاب کو فاضل منیجر محمد عبداللہ بن عبدالعلی القرشی الہاشمی الہاشندہ علاء خلف نے عربی میں تصنیف کیا ہے اور نہایت عرق ریزی سے اہل خلفائے اربعہ کے فضائل و مناقب قصیدہ مستدسیہ میں لکھی ہیں۔ جو ہر شخص کی نظر سے گزرتی ہے اور جو کہ جن کی دلی خواہش احادیث کو اخذ کیا ہے اکثر کا نام بھی درج کر دیا ہے۔ ہر خلیفہ کے فضائل سال کے حساب سے لکھے ہیں۔ ان کے ضمناً خلفاء کے آل و اصحاب کے فضائل بھی آ گئے ہیں۔ ہر خلیفہ کے فضائل کے بعد ان کے خلافت نامہ پر کچھ لکھا ہے اسطرح جو اہل خلفائے ثلاثہ کے مناقب ترتیب وار دیئے ہیں۔ ثانیاً حضرت شیخ کے حمادار اوصاف مصطفےٰ کے فضائل جلد ثانی میں درج ہیں۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ گویا جملہ کتب احادیث کی ایک مختصر سی لائبریری جلد مطالب ہے۔ تمام اہل بیت کے ستودہ خصائص حضرات صحابہ کے برگزیدہ فضائل بیان کر کے کتاب کو ختم کیا ہے۔ ہر دو جلد کا کوزہ میں بند کرنا ایک کارنامہ ہے۔ یہ جملہ فوائد ایک ہی عمدہ کتب خانہ میں مہیا ہونے نظر بر جام جہاں نما ہے۔ اردو سلیس زبان میں ترجمہ کرایا اور عربی اردو حواشی جو مبتدیان اور منتہیوں کو درد نکلیف و آمادہ مفید میں زائد کرنے سے زائد خوبی ہے کہ ایک کام عربی دوسرا اردو میں اسکا ترجمہ خوبصورتی سے سطور عربی کے حاشیہ پر اور اردو کے دوسرے حاشیہ پر لکھے گئے ہیں۔ اسکا ترجمہ و حواشی کی پوری بہبود پچھی ہے۔ مؤلف کا مکرر لکھنے کی حاجت نہیں۔ ان اغراض کو ناظرین ہر کہ حصول کتاب متین کی سند اور کار آمد ہو۔ مطلب خیز شرح ہے اسکی بڑی خوبی کل احادیث کے صحیح اور اصل ہیں۔ اسلئے لکھنے کی ضرورت نہیں کہ ہر صاحب اور آدمی ہی بدون خلاصہ کتاب ہے اوقف مدعیوں کا مرجعہ بسودت ذہن نشین ہو سکتا ہے اس جواب کتاب کی عمدگی کو بیان کرنا ہے۔ محققین کی تقریظیں درج کر رہی ہیں۔ اہل مطبوعہ ہونا کا لحاظ فرمائیں قیمت مجلد بذریعہ ویپو پارسل روانہ کرتا ہے۔ المشتہر محمد عبدالغفار بیگ مہتمم اکمل الاخبار مقام دہلی کوچہ چیلان

زندگی کی دو ضرورتوں کی چیزیں ضرور دیکھئے

(مراد آبادی تحفے)

رفیق الطریق:- مفرد حفظ کا ساتھی۔ ضروری پرتنوں کا مجموعہ۔ سفر خواہ پانی رکھنے اور پہرنے کی ڈوبی گلاس پیالہ لوٹا ۱۲ عدد کا بیان پیالہ کٹورہ چمچہ غرض کھانے پینے خوب ستھرے۔ ڈوبی کا کام دیتا ہے کھولو تو دسترخوان پر بندکرو تو لوٹا ہے۔ شفاف قلعی نمبر ۱، عدد ۱۰ پیکر نمبر ۲ عدد ۱۲ پیکر نمبر ۳ عدد ۱۴ پیکر سفری گلاس ۱۲ گلاس ساوہ، رکابدار ۱۲ اور ۱۵ گلاس سرپوش دبلی عدد کٹورہ ۱۰ اور ۱۲ اور تھالی کابدار ۹ عدد عدد کلان ۱۲ عدد پیکر دبلہ ۱۲ گلاس دان عدد کلان پیکر پاندان خانہ دار مقفل ۱۲ عدد پیکر ریکابی ہشت پہل وزنی چمچہ سپیچی سعہ سرپوش علوہ دست ۱۲ عدد آفتابہ مسکہ دار بدھنی ۹ عدد لوٹا عدد دیگ۔ خاصدان عدد دیگ پیچ پیالہ ۱۲ عدد حقہ فرشی ۱۲ عدد پیکر دیگ کلی گڑگڑی مسکہ دار پیکر مہتال ۲ عدد طشت جالیدار ۱۲ عدد گلاب پاش عدد سماوار لیمہ دست شوربا یا پان مدور ۱۲ عدد سماوار سلائی و چھینی تراندو ۳۰۰ پونڈ تولنے والی پیکا انٹا ۵ پونڈ والی ۲۰ عدد جادو کی لیمپ خود بخود روشن ہونیوالا عجیب جادو کی لالٹین تماشہ کی عدد تصویریں پیکا پیالہ جادو کی سوئیاں بے دیکھی پڑے درجن ۵ جادو کا قلم خود بخود لکھنے والا جادو زبان کے کرتب بین ۳۰۰ لفظ درجن ۲ جادو کی پچکاری جو بند ہو کر بھی چلتی ہے آپ سے آپ آتی ہے پیکا نظری کچلیاں ۱۲ سنہری الاسنما کوئی گولیاں فی تولہ ۲ جادو کے سانپ فی تجس ۲ جادو کی خوبصورت کتاب ۲

المشتاق انے ایم زمان برادرس ۵ چوک مراد آباد

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت ترکی ۳۵ تصاویر پورے صفحے کی اور دو دو صفحے کی کل حجم تین سو صفحے سے زیادہ

مجلد جہ سنہری اور روپہری حروف میں کتاب کا نام کندہ ہے

بالکل تیار۔ قابل دید!

قیمت بعد خرچ ڈاک وغیرہ ۴ ر

المشتہر مہتمم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

رام داس برادرز بی بازار لاہور

رام داس برادرز بی بازار لاہور

جواہر و کلاک انارکلی لاہور

مبارک! مبارک!! مبارک!!!

نیا سال اور ہماری دکان

جس مہربانی اور لطف عنایت سے آپ لوگوں نے میری ناچیز محنت کی قدر دانی فرمائی ہے میں آپکا نہایت مشکور ہوں۔ اب اس نئے سال کے آغاز پر آپکی خاطر عمدہ عمدہ طرح طرح کی چیزیں گھڑیاں منگوائی ہیں۔ انگوٹھی میں چوکی دودھیا اور نیز الحمد اللہ گھڑیاں منگوانے سے مجھکو رعایت ہوئی ہے لہذا اپنے بھی آپکی اس خیال سے کہ ہور لکھا نا بھاری ہی پچاتا ہے گھڑیوں کی قیمت بھی بہت کم کر دی ہے مجھکو پوری امید ہے کہ پہلے کیطرح اس سال بھی آپ میری مہربانی کی قدر دانی فرمائیں گے۔ آئندہ کو ممنون و مشکور فرمائینگے نیز گھڑیوں کی مرمت بھی عمدہ اور بکفایت ہر طرح کی ہو سکتی ہے

ریلوے ریولیٹر گارنٹی چار سال

نکل سلور اوپن بیک کیس سفید اول لوٹ نکل سلور اوپن لیور کیس کمپاس مع جدول ۱۲ پکا واچ گارنٹی چار سال سے ۱۲ پتا واچ گارنٹی دو سال سے ۔

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیاں لیور چال کی اعلیٰ ڈبل کیس کیلس لیور ۱۲ جواہر ۱۵ نیلسن ڈھکنے ۱۲ رسٹ واچ یعنی کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں گارنٹی چار سال نکل سلور کیلس لیور اول ۱۲ جواہر ۱۵ نیلسن چاندی مرصع اول ۱۵ جواہر ۱۵ نیلسن چاندی مرصع دوم ۱۵ جواہر ۱۵ بی ٹائم پیس گارنٹی دو سال پیکا پاکٹ کلاک ۸ گھنٹہ آواز گھنٹہ بجاتا ہے ۵ پاکٹ پیس کلاک ۱۲ گارنٹی دو سال

حبوب کیمیائے بصارت

دھنیاں۔ ناخنہ پچلی۔ سرخی چشم پڑوال۔ مغز اللہ۔ ڈھلکہ۔ ابتدائی موتیابند ضعف بصر و نیز جملہ امراض چشم کی یکی دوا ہے۔ ستر سال سے ہزارہا بندگان خدا کو فائدہ پہنچا رہی ہیں۔ چشمک سے بگڑی ہوئی آنکھ درست ہو جاتی ہے۔ سینک لگانیکی عادت چھوٹ جاتی ہے عمر بھر آنکھ کی روشنی سے زائل ضرورت نہیں ہوتی۔ قیمت فی گولی ۱۲ محصول ڈاک زیر خریدار۔ المشتہر مرزا احیاالدین بیگ نیاز آگرہ حاذق و حکیم سید نظام علی آگرہ۔ نوری دروازہ

علم مسمرزم پر ایک نادر کتاب

موسومہ بہ

زندہ کرامات

مصنف نے اپنے آٹھ سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اور دعویٰ ہے کہ اگر ایک ماہ کے اندر میرے شاگرد کو علم مسمرزم بشرط کوشش تکمیل کے ساتھ نہ آجائے تو سو روپیہ جرمانہ ادا کرونگا جو سیکڑوں تعریفی خطوط میں جمع ہیں۔ اس کتاب کے خریدار کو اُستاد کی ضرورت نہیں رہتی۔ کرنل الکاٹ صاحب بانی تھیوسوفیکل سوسائٹی نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے۔ اس کی عمدگی میں اس سے زیادہ کیا ثبوت ہو سکتا ہے۔ قیمت فی جلد عہ ۔ خط و کتابت بنام مصنف اپنا پتہ واضح لکھیں۔ ان کا پتہ [illegible]

دفتر سے ۵ بجے کرایہ مکان

نمبر مندرجہ بالا میں رہتا تھا نائب شرف سے پایا کہ جو علیم
دہ واسطے تعمیل حکم سے روبرو ہو کر جواب دہی کرے لیکن
فضہ ضابطہ میوانی مشتہر کیا جاتا ہے کہ میاں مذکور دلائی
پیشی ۱۹۲۶ء کو احاطہ عدالت ہو کر جواب دہی پیروی
علیہ تو کارروائی
آج تاریخ ۱۶ مارچ ۱۹۲۶ء ہر لحظ ہمارے دستخط
جاری کی گئی۔

جوہر زراعت

اردو میں اپنی کتاب چھپی ہے۔ سو صفحہ تصاویر دو انگریزی قیمت
سوا روپیہ۔ جس میں ہر قسم کی دیسی ترکاریاں۔ والایتی ترکاریاں
کے مسالے۔ پھل۔ پھول۔ اور جملہ اشیائے تجارتی کی حالات
اصل و ترکیب کاشت و داشت تخم و کھاد و زمین وغیرہ موجود ہیں
مندرج ہیں۔ ہر بڑی ضرورت اور مفید ہے۔ اسے خرید
رہنا چاہیئے۔ (اس کی روایت تاکید ہے)

جوہر حیوانات

یہ بھی بے نظیر ہے۔ خوبیت۔ عجیب اور ضروری جس میں
کے ہر قسم کے جانور۔ گائے۔ بھینس۔ ہر قسم کی۔ خانگی
جنگلی پرند۔ آبی پرند کیڑے مکوڑے۔ زہریلے جانور۔ تمیز
کی جانور۔ بندر۔ بن مانس۔ عجیب الخلقت جانور۔ سے
مفصل سو صفحہ تصاویر انگریزی حوالہ کے پڑھنے سے
خانگی کے دنیا کے عجائبات سے واقفیت ہوتی ہے اور طغان
کا شوق دل پر ہوتا ہے۔ قیمت وہی ایک روپیہ۔
ہر بنا تاست تیار ہے۔ قیمت ایک روپیہ۔ اس
میں باغبانی کا ذکر ہے اور ہر قسم کے درختوں کے
صفحہ تصاویر۔

صفحہ نباتات۔ جوہر مضامین۔ جوہر حکمت زیر طبع ہیں۔
المشتہر۔ بابو پیارے لعل رئیس بازار بردوان ضلع ہگلی بنگالہ

منشی پٹواری یا محاسب بننے میں
کارآموختہ ملازم کی نصرت

کرایہ شخص کے ملازم رہنے کی خواہش ہے
نظام

ہیضے سے بچو

ڈاکٹر برمن

آپ سے یہی کہتے آئے ہیں کہتے ہیں اور کہیں گے ہیضہ سے بچنے
کل وہی وسیلے ہیں (۱) جو کہیں ہیضہ پھیلا ہو تو روزانہ
پاؤ بوند اصل عرق کافور کھا لیا کرو پھر ہیضہ ہونیکا ڈر
نہ رہیگا (۲) جو کسی کو ہیضہ ہو گیا ہو تو جہانتک جلد ہو سکے
اصل عرق کافور پلاؤ۔ ڈاکٹر حکیم خواہ وید کی انتظار میں
وقت نہ بتاؤ۔ کیونکہ ہیضہ کی پہلی حالت بیت جانے پر کوئی بھی دوا کام
نہیں دیتی۔ اسلیئے آپکو چاہیئے کہ ہر وقت اصل عرق کافور اپنے
پاس رکھیں۔ سون برس سے یہ عرق مشہور ہوتا چلا آیا ہے جو آپ اس کے
عجیب خاصیت کو جانتے ہوں اور دوسروں کو بھی بتائیے۔ اگر نہ جانتے ہو تو
دو آنے کے پہلے خریدیکر استعمال کیجئے۔ ٹیسٹیمونیلز کی چھپی ہوئی کتاب
منگا کر دیکھیے۔ قیمت فی شیشی ۱۴ عدد ڈاک محصول میں ایسی
شیشیوں تک جاتی ہیں

پتہ۔ ڈاکٹر ایس کے برمن نمبر ۱۰ بنارس جنکشن ہسپتال کلکتہ

اگر فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس لے لو

فصل کے بڑھانے مرض نامردی کے دور کرنیکے واسطے
شربتیہ
مردمی کا عجس
قیمت ۵

اس عجس میں ادویات مفصلہ ذیل داخل خارجی علاج کی ہوئی
ہیں۔ مقوی باہ۔ مسہ۔ مجوب تقوی باہ۔ دافع۔ مقوی اعضائے
رئیسہ اور ہر قسم کی نامردی کے سوا خواہ کیسی ہی کمزوری
کی اور شکست و ماندگی سے ضعف اعضائے رئیسہ اور طاقت
جو بالکل کم ہو گئی ہو ان ادویات کے استعمال سے اعضائے
رئیسہ کو بہت جلد قوت باہ دیکر ان کی طاقت کو مخصوصا
بس نامی طاقت حاصل ہو گی کہ عین عالم شباب میں نہ دیکھی سنی
ہو۔ اطمینان کیجئے کہ یہ دعوٰی نہیں۔

نوٹ۔ خاص عجس نمبر ۱ کی نسبت یہ بات ہے کہ استعمال سے کیسا ہی
بیماری باقی رہتا ہو اگر ایسا ہو گی آدھا روپیہ واپس ہو گا۔ اس
قیمت پر کوئی ہرگز نہ دیگا اور نہ کوئی دوائی

مجرب اشرطیہ! اپر تاثیر!!!

تمام درخواستیں بنام پنڈت رام الطیب بٹالوی اور دوا نہ ہو ہماری جو کہ بھی
لاہور آنی چاہئیں۔ پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو سو فی روپیہ کمیشن
دیجا ویگی۔ مفصل موجود ہیں۔ طریق استعمال ہمراہ بکس۔

بیلی رام کی گولیاں

دافع دائمی قبض۔ دافع مہ کا چلانا
ان ایمان کا کام ہے قیمت ۵ گولی۔ مہ کیسو گولی ۵ دو گولی
عنقا گولی
فوری باہ مریض جلد راضی ہو جاتا ہے
دین سوزگی استعمال سے ہوگا۔ یقینی شروع ہو جاتی ہے۔
طاقت دوائی کے بالکل کر تیمین سے اثرت گولی
قیمت پچیس گولی

کلیات طالب ملتانی

یہ دیوان شاعر بے نظیر حضرت طالب کا مدتوں سے چھپا ہے جس میں
ان کا دیوان ہے۔ ایک قصیدہ دوسرا نعت حضرت غوث فی بلدہ علاوہ
مصطفیٰ ملتان بلدہ مذکور سے مل سکتا ہے

محتساب الاجواب۔ آزمودہ و مشرطیہ

ہزار روپیہ مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ محتساب ہائے میں
اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے لطف نوجوانی دکھاتا ہے
چاہی اور جوڑ توڑ
ہوں ہمیشہ بکثرت فروخت ہوتا رہا ہے اور ضعیف بلغمی مزاج
کیلئے بہت ہی مفید ہے۔ مضمحل ہو ہوئے نوجوانوں کا دوبارہ جوانی
بنانے کیلئے
بالکل مفت ارسال کیا جاتا ہے۔ خط لکھ کر منگوا لیں۔ المشتہر

تصویر دار

سب سے بہتر اخبار کرنیل مراد آباد ہے

صاحب (محسن الملک) کھانے کے مہتمم ہو گئے تھے اُس وقت تک کوئی دو ڈھائی ماہ کھانا اچھا ملتا رہا۔ لیکن اب پھر دن کے بعد سے ہر پہلے کی مانند خراب بالکل خراب ملنے لگا گو کہ وہ کہانے کے قابل تو نہیں ہوتا لیکن پیٹ بھرنے کی غرض سے مجبوراً کھا لیتے ہیں کیونکہ پیٹ بڑی بلا ہے اور مثل مشہور ہے کہ بھوک میں کیواڑ ہی پاپڑ معلوم ہوتے ہیں۔ کمترین۔ م۔ا۔ طالبعلم ایم اے او کالج علیگڈھ ۲۰ جنوری +

عرضی نویسان پنجاب کی گذارش بخصوص آرڈر صاحب پنجاب

ڈیر ایڈیٹر۔ آپ سے یہ امر مخفی نہیں ہے کہ پنجاب میں صرف یہی ایک فرقہ (عرضی نویسان) ہے جسکا کوئی سرپرست یا حامی نہیں ہے اور چونکہ یہ امر تسلیم شدہ ہے کہ طوطی کی آواز نقارخانہ میں سُنائی نہیں دیتی اس لیئے یہ فرقہ اس وقت تک چپ چاپ بیٹھا ہے مگر اب جو چار سو سے لاٹ صاحب پنجاب کی توجہ دوانی عدالتوں کا چرچا سنکر یہ بھی دُم ہلانے لگا ہے پر بھی ہر سان ہے۔ لیکن اُس پاک خدا اور اپنے عادل بادشاہ پر بھروسہ رکھکر اپنی معروضات کو ظاہر کیئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

اے لاٹ پنجاب نوشیروان زمان کیا تیرے زمانہ میں تو عہد مجاریہ چیف کورٹ پنجاب جو بروئے سرکلر نمبر ۱۳ سنہ ۱۸۹۰ء بنا بر ہدایت عرائض نویسان پنجاب جاری ہوئے موجودہ صورت برقرار اور بحال رہیں گے۔

(الف) قواعد عرائض نویسان کے قاعدہ نمبر ۲۷ کا یہ حکم "کوئی عرضی نویس بحیثیت مختار کسی مقدمہ میں عدالت دیوانی یا فوجداری یا عدالت محکمہ مال (سوائے اُس مقدمہ کے جسمیں وہ خود فریق ہو) یا کسی عدالت فوجداری میں کارروائی نہ کریگا۔ پابندی مستثنےٰ مذکور) کوئی ایسا مختار نامہ عام یا خاص منظور کریگا جسکے رو سے اُسکو اجازت کارروائی بطور مختار مقدمہ کسی دیوانی یا عدالت مال یا محکمہ مال میں دیگئی ہو۔" یہ قید بہت ہی سخت رکھی گئی ہے جسکے رو سے عرضی نویس اپنے بھائی باپ یا دادا یا چچا یا بابا یا عورت یعنے قریب سے قریب تر رشتہ دار کا بھی مختار نہیں ہو سکتا۔ کیا یہ سچ ہے کہ عرضی نویس کی عورت۔ یا والدہ یا اسکا ضعیف الحمر باپ۔ زیر دفعہ ۳۵۲ تعزیرات ہند یا زیر دفعہ ۳۴۔ یکٹا پولیس ماخوذ ہو اور باوجود موجودگی خاوند اس عورت کی اور باوجود موجودگی پسر اس باپ کی وہ خود عدالت میں پیروی و جوابدہی کریں اور انکا جیتا جاگتا خاوند یا فرزند ارجمند نہیں کچہری میں دیکھے کھاتا دیکھے اور مختار تک نہ بنے کے دوسرا اپنی آبرو کو خاک میں ملائے یہ کیسی دردناک حالت ایک شریف عرضی نویس کے ہے۔ جسے جینا حرام ہے چونکہ سرکار دولتمدار کو تمام رعایا جان سے پیاری ہے اس لیئے اس باریک سوال پر غور کر قواعد مجاریہ حال سنہ ۱۸۹۰ء عرائض نویسان کے فقرہ نمبر ۲۷ کی ضرور ہی ترمیم ہونی چاہیئے +

(ب) قاعدہ نمبر ۱۸-۱۹-۲۱-۲۲-۲۳-۲۵-۲۶-۲۷-۲۹ ۹ کی خلاف ورزی کی سزائے بہت بھاری ہے جو بلحاظ جرائم کے ایک خوفناک سزائے ہے۔ اس سزا میں کمی ہونی چاہیئے۔ کیا فہرکانہ لگانا یا اُجرت کا سہواً لکھے جانے سے رہجانا اس سزائے کے قابل ہے۔ قابل توجہ ہے

(راقم۔ ستمرسیدگان کا بھائی)

شب تاریک و بیم موج و گرداب چینی ہائیل

کجا دانند حال ما سبکساران ساحل ہا

موسم بہار کا آغاز ہے۔ تمام نیچر کے خوشی کے دن آئے ہیں۔ آسمان بھی خوش زمین بھی نہال۔ نباتات کی بھار جوبن پر۔ کیا حضرت انسان۔ کیا چرند کیا پرند غرض تمام دنیا خوشحال ہوگی۔ آپکو یہہ خوشنما موسم مبارک ہو۔ اس خوشی کی تصدق میں آپ بیکس بیوگان کی ہمیشہ کی نا اُمیدی اور ہمیشہ کی مصیبت پر غور کریں۔ صاحبو۔ کیا اگر آپ ہماری مدد کو بیڑہ صدق دلی سے اُٹھاویں تو کچھ مشکل ہے۔ پس ہمار ہو اور سرکار انگریزی کے مبارک اور آزاد راج میں تو ہماری آزادی میں مدد دو۔ پرمیشور تمہارے مددگار ہوں +

(ایک بیکس بیوہ)

نر یا مادہ بچہ کا حمل قرار پانا

جناب ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار لاہور

سطور ذیل ارسال خدمت ہیں مہربانی کر کے کسی گوشہ میں جگہ دیکر ممنون فرماویں۔

آجکل کا زمانہ ایک ایسا زمانہ ہے جسمیں ہر طرف سے ترقی ہو ترقی کی آواز سنائی دیتی ہے۔ کوئی ہنر اور پیشہ ایسا نہیں جسمیں کچھ نہ کچھ ترقی نہ ہوئی ہو۔ فرق صرف اتنا ہے کہ کسی میں کم اور کسی میں زیادہ۔ منجملہ انکے ایک پیشہ ڈاکٹری ہے جسمیں دن بدن نئی معلومات بڑھتی جاتی ہیں اور نئے معلوم اور کیا کیا روز بروز ترقی ہوتی جائے گی۔ اسی کے متعلق ایک بہت پُرانا مسئلہ ہے جسکی بابت ابتک کوئی دریافت نہیں ہوئی اور جہانتک مجھے معلوم ہے اسکی بابت کسی نے آجتک کچھ نہیں لکھا و مسئلہ حمل کا ہے۔ یعنی آیا یہہ ممکن ہے کہ جو وقت حمل قرار پائے اُسی وقت آدمی اور عورت دونوں کو معلوم ہو جائے کہ اب حمل ٹھیرا ہے اور اگر وہ حمل تائیر ہے تو بچہ نر پیدا ہوگا یا مونث مطلب یہ کہ حمل کا ٹھہرنا اور بچہ کی تذکیر و تانیث فوراً اُسیوقت معلوم ہو جائے جو وقت کہ حمل ٹھیرتا ہے۔ عموماً عورتوں کو مرد کی نسبت حمل کی بابت جلد معلوم ہو جاتا ہے۔ مگر وہ کم سے کم ایک ہفتہ یا زیادہ سے زیادہ ایک ماہ کے بعد لیکن تذکیر و تانیث کی نامکمل پہچان کے لیئے ۶ ماہ تک انتظار کرنا پڑتا ہے۔ یہہ بھی کوئی کلیہ قاعدہ نہیں کہ سکتے جنمیں ٹھیک ہی نکلے۔ بعض بعض کتابوں میں لکھا پایا گیا ہے کہ اگر خاص خاص تہوں میں عورت سے جماع کیا جاوے تو لڑکا پیدا ہوگا اور اگر خاص خاص تہوں میں کیا جاوے لڑکی۔ اس مسئلہ کے صحیح یا غلط ہونیکی بابت کچھ نہیں دیکھا۔ فرضاً اگر اسکو درست بھی مان لیا جاوے تو بھی یہہ حمل کے قرار پانے کی نسبت کچھ نہیں تبلا سکتا۔

میرا خیال ہے کہ حمل کا قرار پانا بچہ کی تذکیر و تانیث کی پہچان دونوں باتیں ایک ہی وقت میں ہونی چاہئیں اور وہ اُسیوقت جبکہ حمل قرار پاتا ہے۔ نہ کہ حمل ہونیکے بعد۔ اسخیال کی موید کتاب اختیار تولید ہے جو کہ امریکہ کے ایک ڈاکٹر صاحب نے تصنیف کی اور کارخانہ پیسہ اخبار لاہور نے بابو رام چہال (لودہیانہ) سے اسکا اُردو میں ترجمہ کرا کر چھپوایا ہے۔ اسکے متعلق دلیل میں یہہ دیسکتا ہوں کہ حمل ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کی دو مختلف حالتیں ہیں جنمیں عورتوں کے دو مختلف طریقوں سے ظاہر کرنا چاہیئے۔ اور ایسا ہی لڑکی اور لڑکے کے ہونے کی دو علیحدہ علیحدہ صورتیں ہیں۔ یہہ اسی طرح دو علیحدہ علیحدہ طریقوں سے ظاہر ہونی چاہئیں۔ ان چاروں حالتوں کا ایک ہی طریقہ سے ظاہر ہونا ناممکن ہے کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہونا چاہیئے ہے۔ جنے کہیں پڑھا ہوا ہے (مگر ٹھیک یاد نہیں کہ کہاں) کہ گائیں جب گیابن ہوتی ہیں تو بعض شخاص یہ تبلا سکتے ہیں کہ یہہ بچھڑا دیگی یا بچھڑی۔ جبکہ یہ حالت ہے تو کیا اس سے یہہ ضروری نہیں آتا کہ عورت کے حمل قرار پانے اور بچہ کی تذکیر و تانیث کی پہچان کے لیئے بھی نشانات مقرر ہوں۔ میرا یقین ہے کہ ضرور ہونے چاہئیں بلکہ ہیں۔ اور یہہ بات قانون قدرت کے خلاف بھی نہیں ہو سکتی۔ بلکہ ان چاروں حالتوں کا ایک ہی طریقہ سے بغیر کسی تبدیلی وغیرہ کے ظاہر ہونا خلاف قانون قدرت ہے۔ اب میں اس مضمون کو یہہ ختم کرتا ہوں تاکہ اور صاحبان بھی اپنے خیالات ظاہر کریں۔ خصوصاً آریہ صاحبان ممکن ہے کہ انکو کچھ اس مسئلہ کے متعلق معلوم ہو اور آخر کار بندہ بھی کچھ ظاہر کر دیگا +

(کمترین۔ ڈی۔ ایس پی از لاہور)

اشتہارات

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر رام تسر بہ تجویز منشی امام الدین صاحب منصف صدر رام تسر واقعہ ۹ مارچ ۱۸۹۴ء

جگت سنگھ ولد رام سنگھ ذات جٹ } مدعی
ساکن سنگھانی تحصیل امرتسر } بنام
ونیا ولد رجھاڑ ذات جٹ سکن سنگھانی تحصیل امرتسر مدعی

دعوئی مالیہ بروئے مسلک

مقدمہ مندرجہ عنوان مدعی نے بروئے بیان حلفی خود ظاہر کیا ہے میں مدعا علیہ کا پتہ نہیں لگا سکتا ہوں کہ کہاں ہے مجھے خبر نہیں ہے صرف چٹھیات سے پتہ تھا اُسکے سوا کوئی جاری نہیں ہوئی اسلیئے درج اخبار ہونا اشتہار کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ ۲۶ مارچ ۱۸۹۴ء کو حاضر ہو یا کوئی جوابدہی مقدمہ کے حاضر ہو یا کوئی بیعنہ بھیجدے کہ مقدمہ کا فیصلہ ہو جاوے۔

اشتہار زیر دفعہ ۳۸۲ ضابطہ دیوانی ایجلاسی بیتی محمد خانصاحب منصف پرگنہ سیالکوٹ ضلع گورداسپور

مولا شاہ ولد دہر شاہ } مدعی
ذات کہتری سکنہ } بنام
چوہڑ کرسا کن } مدعا علیہ

چاروں طرف کوٹوں پر پولیس کی کالی بیلی وردی والے ڈنڈے ہاتھوں مین لیئے ڈٹے رہتے ہین۔ ہندوستانی پرندہ کی مجال نہین کہ وہان پر مار سکے جہان زشت اور حور یان جنت موجود ہون وہان کالے دیوؤن کا کیا کام جن سے انگریزون کا گذر ہوتا ہے انکی تنگی صفائی اور چوکہ داری کے لیئے ایک عملہ کا عملہ موجود ہے مگر جدہر ہندوستانیون کی زیادہ آمد و رفت رہتی ہے وہان سارے دن خاک اڑا کرتی ہے اور زمین پر قدم رکھتے ہی گرد سر کو آتا ہے۔ سڑکین خراب خستہ حالت مین ہین۔

کنٹونمنٹ کمیٹی کا بڑا آدم ہی نرالا ہے۔ کسی ہندوستانی کا اسمین سایہ تک نہین ہے۔ چھاؤنی کا ملکان افسر (عنبارہ عہدہ اسکا پریزیڈنٹ اور کنٹونمنٹ مجسٹریٹ (جو فوجی ہوتا ہے) باعتبار عہدہ سکرٹری ہوتے ہین اور فوجی ڈاکٹر کے علاوہ پانچ چھ فوجی افسر ممبر ہے

وزیرے چنین شہریارے چنان
جہان چون نگیرد قرارے چنان

مین صاف کہتا ہون کہ ان فوجی افسرون کو کنٹونمنٹ کمیٹی کی کارروائی سے مطلق اُنس نہین ہوتا اور نہ وہ توجہ کرتی ہی اور حقیقت یہہ ہے کہ انکو کچھ معلوم ہی نہین ہوتا کہ معاملات کی صورت کیا ہے اور نہ وہ ان معاملات کو سمجھ سکتے ہین کیونکہ فوجی افسرون کو اپنی تو اعد پریڈ سکیٹ کلب اسٹاکھر گھوڑ دوڑ جو کہانا پولو وغیرہ سے کہان فرصت کہ وہ ہاسپٹل کی ضروریات کو سمجھین اور اُسے جدردی کرین۔ نتیجہ عملی طور پر کنٹونمنٹ مجسٹریٹ جو سکرٹری ہوتا ہے سارے معاملات کا گل کلاں" ہوتا ہے جو چاہے سیاہ سفید کرے۔ کوئی پوچھنے والا نہین سکرٹری کنٹونمنٹ کمیٹی کے مزاج پر منحصر کہ کنٹونمنٹ کمیٹی کے پرانے ریکارڈ پڑھے یا نہ پڑھے۔ یا منتظر نا گذار سے کارگذار آدمی کو دم بھر مین نکال باہر کرے اور اپنے آدمیون اور منظور نظرون کو بھرتی کردے اور سن مانتی انکو ترقیان دلائے۔ اگلے مہینہ مین ظاہر کرونگا کہ چھاؤنیون کی سکسونون کلب گھرون کافی شاپون وغیرہ وغیرہ مین جو خاصی تجارتی دوکانین ہین جو سال آتا ہے انکو محصول وغیرہ سے کسطرح بری رکھا جاتا ہے اور کس طرح سے ہمارے دیسی دوکاندارون سے محصول لیکر ادا نہین نقصان پہونچایا جاتا ہے ۔

الراقم قاضی جی تم کیون دُبلے ؟ شہر کا اندیشہ

گولڈ سبرین گورنمنٹ یا گلبری راج

چھاؤنی جالندہر مین عام لوگ کہتے ہین کہ پچھلے کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کوئی برس کوئی چھہ مہینے کوئی دو برس صدقین برس سے زیادہ نہین ٹہرا مگر نہ معلوم گلبری صاحب کیا جالندہر کے لیئے عمر بٹہ لکھا لائے ہین یا چھاؤنی کے وہ ہمیشہ کے لیئے راجہ بنا دیئے گئے ہین جو چھہ برس کے قریب ہونے آئے مگر ٹیس نہین لیجاتے۔ گلبری صاحب نے جسدن سے اپنا قدم مبارک یہان رکھا ہے اُسی وقت سے اگر ایک سلسلہ وار انکی سلطنتا شاہی یا بے اعتدالیان قلمبند کی جاوین تو دفتر درکار ہین مگر وہ موٹی موٹی باتین جنکا ہر کار دربار مین چرچا ہو جو ہونا نہین کو لکھا جاوے تو ایک تلاطم برپا ہو جاوے۔ بہت سی ایسی باتین ہین کہ جنکا اچھی طرح سے اخبارات مین تبصرہ نہین لکھا جا سکتا البتہ اگر گورنمنٹ مناسب اور ضروری سمجھے تو کئی طرح سے معلوم کر سکتی ہے۔ اگر وہ صرف ایک ہی مقدمہ کی مثل جو رائے سوداگر کی عدالت سے فیصل ہوا ہے دیکھ لے تو بہت سی باتین معلوم ہو سکتی ہین۔ مین آپکو یقین دلاتا ہون کہ چھاؤنی والون نے کئی مرتبہ تنگ آکر میموریل طیار کیئے۔ کئی مرتبہ لوگون نے مصالحت کی کہ سب ملکر لاٹ صاحب کے پاس چلو مگر ایک مرتبہ گئے بھی کئی دفعہ لوگ لکھ لکھ کر ایسے نالائق ہوئے کہ چھاؤنی چھوڑ دینے کی ٹہان لی مگر ہمارے گلبری صاحب جون کے توان ہی بنے رہے۔ پنجاب چیف کورٹ کے ڈسٹرکٹ جیفیدج پلوڈن صاحب جو شیخ عبدالرحمن کے مقدمہ مین اپیل پر بیارک پاس کیئے ہین اور جو اخبار ٹریبیون مین شایع ہو چکے ہین ایسے ہین کہ شاید اس سے پہلے ہندوستان مین کبھی کسی پر پاس نہ ہوئے ہون۔ نہ یہاں کبھی میموریل گورنمنٹ پنجاب کی خدمت مین بھیجے گئے ہین۔ گلبری صاحب کی وہ چٹھی جو انہون نے کرنل رابرٹس کو اپنی ذاتی عداوت کے لیئے چند آدمیون کو سزا دلانے کے لیئے لکھی تھی اور جسکو ٹریبیون نے شایع کر کے سارا بھانڈا پھوڑ دیا ایسی نظیر آپ ہی ہے۔ یہ چٹھی ہندوستان کا شاید ہی کوئی بااخبار ہو جسمین نہ چھپی ہو۔ لندن کے خاص "انڈیا" مین شایع ہوئی۔ سنا ہے کہ مڈروتھ وغیرہ اخبارات نے بھی اسے شایع کیا تھا۔ کہتے ہین کہ آجتک برٹش راج مین ایسی چٹھی پکڑی نہین گئی تھی۔ مین ایک مجسٹریٹ اور جسٹس آف دی پیس دوستون کو جو جج کے طور پر سزا دینے کے لیئے تاکید اور فرمایش کرے۔ کئی اخبارات نے اسپر ریمارک کرتے ہوئے یہانتک لکھا کہ پنجاب کی عدالتون کی اس چٹھی سے کسیقدر قلعی کھلتی ہے۔ کانگرس مین بھی ایک رزولیوشن کے ضمن مین یہ چٹھی پڑھی گئی تھی اور سارے کانگرس کے نمائندوں نے ایکزبان ہو کر زور و شور سے شرم شرم نفرت اور اسپر لعن طعن کے نعرے بلند کیئے تھے اور چاروں طرف سے بس ہس ہوا تھا۔ اب یہہ چٹھی کانگرس کی رپورٹ کیساتھ شایع ہو کر گلبری صاحب کی مستقل یادگار رہیگی اور حوالہ جات مین نظیر کے طور پر پیش ہوا کرے گی۔ نہ معلوم سر ڈیمنس نے اسپر کیا نوٹس لیا۔ مین مثال کے طور پر یہان انکے عہدے کے چند مقدموں کا حوالہ دیتا ہون۔ بہت عرصہ سے اسبگھ ایک معزز دکاندار نیز سرگرم موہر سنگھ بزازون کی ہے۔ بیچارے بنیئے آدمی کسی کے آجتک جھگڑے بکھیڑے مین نہین پڑے اور گھر کے مالدار ہین۔ جمال الدین نامی کو توال کو کسی ذات شریف نے ایک گمنام عرضی بھیجدی کہ ہرنام سوہری نے ایک سرکاری درخت چرایا ہے۔ اسپر جمال الدین معہ برقندازون کے اُنکے گھر مین گھس گیا اور دیکھ بھال شروع کی لیکن نہ رہے کہ یہ شخص پولیس کا کوتوال نہین ہے بلکہ نزول اور متفرقات کا ایک اہلکار ہے) ایکدرخت پڑا دیکھکر کہا کہ یہہ درخت تمنے چوری کیا ہے وہ لاکھ لاکھ کہتے رہے کہ یہہ صحن مین لگا ہوا تھا آندہی سے خود بخود گر پڑا ہمنے نہین گرایا ہے مگر اُنسے گلبری صاحب سے جو دلین آیا رپورٹ کر دی نتیجہ یہہ ہوا کہ گلبری صاحب نے معزز اور شریف دوکاندار کو وارنٹ جاری کر کے حوالات مین دیدیا۔ بیچارے بمشکل تمام ضمانت پر رہا ہوا۔ اور مقدمہ کے لیئے شہر جالندہر سے لاہور جیسا ہر ہیرٹر کو پیروی کے لیئے مقرر کیا خوبی قسمت سے گلبری صاحب کچھ دنون کی رخصت پر چلے گئے دوسرے قائم مقام مجسٹریٹ نے انکو رہا کر کے مقدمہ خارج کر دیا۔ معزز بزازون نے بعد مین بحال ایذین کو توال پر فوجداری استغاثہ کرنے کے لیئے اجازت چاہی مگر نامنظور ہوئی۔ اب مقدمہ کی مسل قابل دید ہے۔ لالہ امرت مل کو گلبری صاحب نے محض بر علت مین کہ انکی سوڈا واٹر کی کل کا پیسہ وقت معائنہ ہوا میلا تھا یا اسمین گدلا پانی تھا۔ حوالات مین کر دیا۔ ساری چھاؤنی مین تہلکہ پڑ گیا۔ وہ بیچارے بہت کہتے رہے کہ کئی روز سے کل بند تھی اسلیئے ممکن ہے کہ پانی کی گرد نیچے بیٹھ گئی ہو یا فلٹر میلا ہو گیا ہو مگر گلبری لڑنے ایک نہ سنی اور معقول قید یا جرمانہ کی سزا دیدی اور حکم دیا کہ کل بند کر دیجائے۔ آخر انکے لایق لڑکے دانا رام نے رات دن کی دوڑ دھوپ اور بہت کچھ خرچ کر کے چیف کورٹ پنجاب مین اپیل کیا۔ یہان سے سزا معاف ہوئی تو انکی جان مین جان آئی اگر ہمارے ہیرٹر سڈیمنس فسٹر پیٹرک صاحب جو ایک وقت مین خود جج رہ چکے ہین اس مقدمہ کی مسل طلب کر کے لاحظہ فرماوین تو انہین گلبری راج کی بہت کچھ کیفیت معلوم ہو جاسکے گی۔ واضح ہو کہ یہان ایک نیا اتوار منایا جاتا ہے یعنے جمعرات کو سارا دفتر اور دوکانین بند رہتی ہے اور اسکو پیوندی تعطیل کہتے ہین کو چند اہلکارون کو اس سے فایدہ پہونچے مگر جو پبلک کو اس سے تکلیف ہے اسکا اندازہ بھی ہونا چاہیئے۔ منگل نامی بیوپاری کے کچھ ضایع کرانے کا حال پچھلے نمبر مین دیا گیا ہے اُسکے بعد ایک حلوائی جسکا نام چھوٹا ہے کبھی لایا اُسکے ساتھہ بھی وہی تعقد ہوا اسی طرح سے قریب قریب لالہ جگن ناتھہ بزاز کے ساتھہ ہوا۔ ان ہر دو شخصون کے ساتھہ جو اجرا گزرا ہے اُسکی کیفیت آیندہ مفصل عرض کیجائے گی۔ کیا یہ سرکار انگریزی کا راج ہے یا گلبری راج ہے ۔

الراقم قاضی جی تم کیون دُبلے ؟ شہر کا اندیشہ

قابل توجہ مہتمان علیگڈھ کالج بورڈنگ

جناب من کیا بنظر رفاہ اطفال محمڈن کالج علیگڈھ میرے نام کی ایک ضروری تحریر درج اخبار دربار فرما کر مجھے ممنون اور مہتمان بلدہ بالخصوص سرسید کو متوجہ فرماوینگے جو وہان کے گل سرسبد ہین والسلام ۲۷ فروری از بڑودہ راقم۔ د (نقل خط) جناب بڑے بھائی صاحب و قبلہ۔ بعد۔۔۔ گزارش ہے میرا سالانہ امتحان ہونے والا ہے خدا کی ذات سے امید کامیابی رکھتا ہون یہان ہیضہ مین جبکہ مولوی عبدالغنی علیگڈھ

کرتے ہیں اور ہمارے راجے نواب حمدت میں ننگ پہناں سانے میں مصروف رہتے ہیں ؛

ایک خبر کی تصحیح

پچھلے دنوں میں ہندوستان کے بہت سے اخبارات میں یہ خبر چھپی تھی کہ حضرت سلطان المعظم نے دو قلمی نسخے ایک فرانسیسی سے پچاس پچیس ہزار پونڈ کو خریدے ہیں اور یہ نسخے آں حضرت کے لکھے ہوئے ہیں۔ چنانچہ بعض اخبارات مثل نور افشاں لودھانہ وغیرہ نے یہ بھی رائے لگا دی تھی کہ اگر یہ بات سچ ہے تو دین اسلام میں ایک بڑا انقلاب واقع ہو گیا۔ ہم نے اس سارے قصے پر اس لئے اعتبار نہیں کیا تھا کہ اول تو آں حضرت خود لکھتے نہیں تھے۔ دوم ایک ایک نسخے کے پچیس پچیس ہزار پونڈ جو ساڑھے چار چار لاکھ روپے کے پار ہوتے ہیں دنیا خلاف قیاس معلوم ہوتا تھا چنانچہ ہم نے متعصبہ سے ایک دوست سے اس خبر کی اصلیت دریافت کی اور وہاں سے جو جواب پہنچا ہے وہ حسب ذیل ہے ؛

"(۱) یہ نسخے قلمی رصیا کہ ان الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے) قرآن شریف کے نسخے نہیں بلکہ مکتوب یا خطوط یا نامہ جات ہیں جو آں حضرت کی طرف سے ملک مصر کے نام لکھے گئے تھے۔ اور ان کی نقل کتب تواریخ میں فتوح شام و مصر میں موجود ہے ؛

(۲) یہ نسخے آں حضرت کے دست مبارک کے لکھے ہوئے نہیں۔ بلکہ آں حضرت کے منشیوں کے دوسرے کاتب لکھے ہوئے ہیں ؛

(۳) ان کی قیمت ۲۵۰۰ پونڈ نہیں بلکہ ایک کی قیمت ۲۵ ہزار پونڈ اور ایک کی چار ہزار پونڈ دی گئی ہے ؛

(۴) گو آں حضرت کے منشیوں کا خط دستی ہوتا ہے مشارک ہے اور بلکہ صرف بناوٹی ہونا احتمال سے بعید نہیں مگر ہم صرف ایک نمونہ کے لئے خریدے گئے ہیں اب میں امید کرتا ہوں نور افشاں صاحب کو دین اسلام میں کسی قسم کے انقلاب کی امید نہ ہوگی" ؛

میڈیکل کالج کے جس طالبعلم کی افسوسناک موت کا حال کسی گزشتہ ہفتے کے پرچے میں لکھا گیا ہے۔ ایک صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ اس کے دوست جب اس کی لاش جلانے کو لے جا رہے تھے تو کالج کے مسلمان طالبعلموں نے جو مردم کے دوست باہم عہد بستہ طالبعلموں سے دریافت کیا کہ اگر تمہیں عذر نہ ہو تو ہم بھی اپنے مرحوم ہونے والے دوست کے جنازہ کو کندھا دیں۔ چنانچہ انہوں نے بخوشی منظور کیا اور اس طرح میڈیکل کالج لاہور کے ہندو مسلمان طالبعلموں نے اپنی دوستی اور وسیع خیالی کا ثبوت دیا ؛

انعامی مقابلوں کا نتیجہ

۱۲ جنوری کے پیسہ اخبار سے املا کی غلطی نکالنے کے مقابلہ میں کثرت سے لوگ شریک ہوئے۔ یہاں تک کہ دو تین ایڈیٹران اخبارات سے بھی صحیح آزمائی کی۔ چنانچہ ان میں سے جناب بابو گنپت سروپ صاحب ایڈیٹر انیس ہند خاصکر تذکرے کے قابل ہیں جنہوں نے نہ صرف غلطنامہ حسب ہی ہمیں بھیجا بلکہ انہیں ہند کے ایڈیٹروں کے بجائے بھی اس کو چھاپ دیا۔ مگر افسوس ہے انڈیٹر صاحب سب سے زیادہ بہک گئے۔ پیسہ اخبار میں غلطیاں نکالنے کے لئے انعام مشتہر کرنا یہ معنی نہیں رکھتا کہ پیسہ اخبار میں زبان دانی کی غلطی ہونا ناممکن ہے۔ کیونکہ پہلے تو پیسہ اخبار پنجاب میں چھپتا ہے اور پنجابی ہی اس کا ایڈیٹر ہے اس سے عربی اور نحو کی زبان کا کبھی اسے دعوی نہیں ہوا۔ البتہ اسے دعوی ہے ملک کی تھوڑی سی خدمت مستعدی سے ادا کرنے اور مالا مال اپنا فرض ادا کرنے کا۔ اور دعوی ہے صحیح املا اور صحیح معلومات اور قابل مطالعہ مضامین جمع کرنے کا۔ ہم نے جو املا کی غلطیاں نکالنے کا اشتہار دیا تھا اس کی غرض صرف یہ تھی کہ ناظرین غور سے اخبار کا مطالعہ کریں۔ سو شکر ہے کہ اس میں ہمیں امید سے بڑھکر کامیابی ہوئی۔ افسوس صرف اتنی بات کا ہوا کہ ایڈیٹروں تک دھوکا کھا بیٹھے۔ ہم نے ۱۲ جنوری کے پرچے میں عمداً چھپر پر سے "مطابق" کا لفظ کاٹ کر "متابق" لکھوا دیا تھا اور ہمیں یقین تھا اور ہے کہ اس کے سوائے اور کوئی غلطی نہ ملیگی مگر ہمارے دوستوں نے صرف نسخے اور ہم خط اور محاورہ اور خدا جانے کس کس فن کی غلطیاں نکالنے کی ٹراں ٹراں میں مگر وہ سب غلط ہیں۔ ان میں سے کئی ایک تذکرہ کے قابل ہیں مگر عدم گنجائش مانع ہے۔ اس لئے سب کو چھوڑ کر ایڈیٹر صاحب انیس ہند کی انگریزی غلطیوں کا نمونہ پیش کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں پیرش کونسل بل کے بجائے ہمیں کونسل بل چاہیئے۔ افسوس ہے بیچارہ اتنا نہیں جانتے کہ انگلش پارلیمنٹ میں انجمل پیرش کونسل بل کا کتنا جھگڑا پڑا ہوا ہے۔ وہ سمجھے ہیں پیرش خدا انخلافہ فرانس سے مراد ہے۔ قابلیت از قافہ قابل کی مثل یاد آ گئی۔ ایک جگہ آپ لکھتے ہیں لفظ کمیشن بیاک معروف کو سارے اخبار میں "کمشن" لکھا ہے وہ غلط ہے ہم پوچھتے ہیں حضرت وہ "کمی شن" کس جانور کا نام ہے۔ انگریزی لفظ تو کمشن (Oommissions) ہے۔ تشدید ہے۔ ایک ۴ روالی لفظ تو کمشن والی (Pronouncing) ڈکشنری ضرور پاس رکھا کیجئے۔ اسی طرح آپ پروفیسر پر تشدید دیکھ کر فرماتے ہیں غلط ہے۔ یہی حال آپ کی اردو فارسی کی اغلاط کا ہے۔ ہم سوائے اسکے کیا کہیں کہ بھائی تصویر پر صورت نے دھوکا کھایا" بہرحال مقابلہ بڑا دلچسپ اور پر لطف تھا ؛

ہمیں اپنی واقعی غلطیاں بھی تسلیم کرنی چاہئے۔ ایک تو خوں کے ذیل میں لفظ مجاز بجائے مجاز کے کاتب کی غلطی سے لکھا گیا۔ کہ املا کی غلطی نہیں کہہ سکتے۔ ایک دوسری جگہ بجائے مشن کابل سے روانہ ہونے کابل کو روانہ ہوئی لکھ دیا ہے۔ بحالیکہ تاریخیں دونوں حکایات کی صحیح لکھی ہیں۔ ایک تیسری جگہ واشنگٹن کا خلاف لکھا ہے تو تھی۔ لکھا گیا ہے کیونکہ یہ ہے کہ سکوں میں پڑھنے والا جانتا ہے کہ یہ صحیح نہیں۔ مگر یہ تینوں مطلب کی غلطیاں ہیں املائی نہیں اس لئے شرط سوال کے مطابق ہم انہیں نظر انداز کرنے پر مجبور ہیں۔ قریب قریب سب صاحبوں نے مقابلہ کی غلطی کو کہاں نکالا ہے۔ اسی لئے انعام چونکہ ایک دو روپے کا ہے اس لئے ہم یہ منشی صادق حسین صاحب مختار عام کی ندر کرتے ہیں جو نظم میں خط لکھکر مرزمیں ایک جنت پیدا کر گئے ہیں اور جو شعبہ ۴

مراسلات

کیا سرکار انگریزی کے ماتحت ہندی السیاہ اندھیر ہو سکتا ہے؟

اس نمبر میں راقم پبلک اور گورنمنٹ پر یہ امر بخوبی ظاہر کرنا چاہتا ہے کہ چھاؤنیوں کی رعایا کے ساتھ انصاف سے کام ہرگز نہیں لیا جاتا بلکہ انکے حق میں سراسر اندھیر ہو رہا ہے۔ میں ثابت کر سکتا ہوں کہ چھاؤنیوں کے لوگ شہر والوں کی نسبت زیادہ ٹیکس (Taxpayer) دینے والے ہیں) اول انکم ٹیکس یہانکے لوگ دیتے ہیں۔ چونگی کا محصول یہاں کے لوگ دیتے ہیں۔ تقریباً تمام چھاؤنیوں میں ہوس ٹیکس یعنے مکانوں کا محصول لگا ہوا ہے۔ باغانوں کا ٹیکس چھاؤنیوں کے لوگ دیتے ہیں۔ میں نے کا ٹیکس چھاؤنیوں کے لوگ دیتے ہیں۔ باغوں تالابوں کا ٹیکس چھاؤنیوں کے لوگ دیتے ہیں اب کوئی مرد میدان نکلے اور ثابت کرے کہ شہر کے لوگ۔ اسقدر ٹیکس ادا کرتے ہیں مگر باوجود ان سب باتوں کے چھاؤنیوں کے لوگ کسی شمار قطار میں نہیں ہیں۔ گلی کوچوں میں عمدہ الائٹینوں کی روشنی انکے حصے میں نہیں۔ کوئی باغ یا سیر گاہ انکے لیئے نہیں ہوتی کتب خانہ یا ریڈنگ روم انکے لیئے نہیں۔ کنٹونمنٹ فنڈ سے انکے لیئے کوئی رفاہ کا کام نہیں ہوتا۔ کنٹونمنٹ کمیٹی میں انکا دخل نہیں۔ جو آرام و آسایش اور تفریح طبع کے سامان ہیں سب انگریزوں کے لیئے۔ کالے آدمیوں کو کوئی خاطر میں نہیں لاتا۔ اگر میں یہاں ایک ایک شے کی تفصیل بیان کروں تو دفتر چاہیئے اور پبلک کو اچھی طرح سے معلوم ہو جائے کہ غریب ٹیکس ادا کرنے والوں کے روپیہ کا بغیر انکی رائے لیئے کسطرح سے خون کیا جاتا ہے۔ مثال کے لیئے ایک بات لکھتا ہوں۔ ہوٹڑا عرصہ ہوا کہ چھاؤنی جالندہر میں جسٹس جی سود اگر کی دوکان کے سامنے سے گرجے تک ایک نئی سڑک بنائی گئی ہے اسکا نام اسوقت کے کمان افسر کرنل پینگٹن صاحب کے نام پر (Penington road) رکھا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ سڑک پر سارے دن بات میں اگر کوئی شخص گزرے تو آٹھ دس گاڑیاں بھی نہیں گذرتی ہونگی اور بمشکل ۲۰ یا ۳۰ آدمیوں کو اس رستے سے گذرنے کا اتفاق ہوا ہوگا۔ اس بات کے کہ اتوار کے روز رسالہ کے دو تین انگریز افسروں کو گرجے جانے کے لیئے زیادہ سے زیادہ ۳ منٹ کی مسافت میں کمی ہو جائے مگر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اصل مطلب اس سڑک بنانے کا کرنل پینگٹن کا جن سے نہ رعایا کو کچھ سابقہ تھا نہ انہوں نے کوئی رعایا کی بہبودی کا کام کیا بلکہ کئی معاملات میں بہت سختی سے کام لیا۔ ایک بیمور ریل یا دگار قائم کرنا تھا۔

چھاؤنی جالندہر میں ایک باغ ہے جسکو عام آدمی کمپنی باغ کہتے ہیں۔ آئین در جنوں آدمی کنٹونمنٹ فنڈ سے ملازم ہیں۔ کبھی خیال کرکے کسی ہندوستانی کا آئین گزر ہوا ہے جو بسطا بعد کو دیکھ کر دل میں شام کو فرحزہ سیر کرے

میں انکم ٹیکس نہ بڑھایا جاوے۔ اور انگریزوں کی شرکت ہی کی وجہ سے یہ جا بجا کچھ شور و شغب بھی ہو رہا ہے ورنہ ہیجاے ہندوستانی کس شمار و قطار میں ہیں۔ ہندوستان کے غیر ملازم انگریزوں کی ناراضگی کی آواز انگلستان میں معلوم ہو گئی ہے اور ٹائمز جیسا معتبر اخبار اس بات کا قائل ہو گیا ہے کہ واقعی کپڑے پر محصول نہ لگنے سے اہل ہندوستان سخت ناراض ہیں۔ مگر اخبار سٹینڈرڈ ۱۰ مارچ کے پرچے میں اس مضمون پر جو رائے دیتا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ کپڑے پر محصول لگائے جانے کی کوئی توقع نہیں۔ جیسے روٹر کی ایک تار برقی اس طرح ظاہر کرتی ہے:۔

"آج ایک آرٹیکل میں سٹینڈرڈ لکھتا ہے کہ عملی مدبر پریکٹیکل پولیٹیشن) لنکاشائر کے ووٹ کے ضروری تسلیم کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اور ہندوستانی پبلک کو صلاح دیتا ہے کہ بجائے سوتی کپڑے پر محصول درآمد لگوانے پر اپنی محنت ضائع کرنے کے اس موقعے سے وائسرائے کے اخراجات کے صیغوں کی نظر ثانی کے نہایت اشد ضرورت کا کام لیں"۔ اس تار برقی سے صاف ظاہر ہے لنکاشائر کے کپڑے والوں کی بات گو خود غرضی اور ہٹ دھرمی کی ہو لیکن اتنی ضروری ہے کہ برٹش پبلک اور پارلیمنٹ ہندوستان کے انصاف پر اس کو ترجیح نہیں دے سکتی۔ البتہ آنسو پونچھنے کے لئے اہل ہندوستان کو ایک دوسری طرف ٹالا جاتا ہے۔ غرض سوائے لنکاشائر اور مانچسٹر کے زبردست ووٹ کے آخر کوئی دلیل موجود نہیں ہے کہ کیوں انکی کپڑے کی تجارت پر گورنمنٹ ہند محصول نہ لگائے۔ مگر گورنمنٹ ہند انگلستان کی رعایا اور صاحب سیکرٹری آف سٹیٹ ہند کے ہاتھ میں ایک کھلونا ہے۔ اور اپنی مرضی سے کچھ نہیں کر سکتی۔

جیسا کہ قاعدے کی بات ہے اصلاح کرنسی کے ایکٹ کی طرح ٹرف بل بھی چپ چپاتے اور پٹ بیاہ کی مثل صادق آئی۔ وائسرائیگل کونسل میں ایک ہفتے کے اندر اندر یہ مستوجہ باوجود اس قدر وسیع اور زنی مخالفت کے قانون بن گیا۔ ۱۰ مارچ کو کونسل میں روئی کے کپڑے کو محصول سے فارغ رکھنے پر گرما گرمی سے بحث ہوئی۔ مسٹر چنتواس۔ مسٹر راش بہاری گھوش۔ سر گریفیتھ ایونس۔ مسرلی وارنر۔ مسٹر سٹیونس اور مسٹر فضل بھائی وشرام نے لمبی چوڑی تقریریں کیں۔ مسٹر راش بہاری گھوش نے بیان کیا کہ انگلستان کی نیکنامی پر حرف آنے والا ہے اور دیانتداری کا جادو جو اس نے مدت تک اپنی رعایا پر برتا ہے اب ٹوٹنے کے اندیشے میں ہے۔ سر جنرل وائٹ۔ مسٹر پرچرڈ۔ جنرل برکنہیری اور مسٹر ولسٹ لیسٹنے اس تحریک کی مخالفت کی اور اکثر رائے سے بقایا ۷ کے تحریک نامنظور ہوئی۔ کیا یہ اکثر رائے ایک تمسخر کی بات نہیں؟ البتہ اگر کونسل کے ممبروں کی زیادہ تعداد منتخب شدہ ہوتی تو ایسی ضروری مسئلے پر گورنمنٹ کی طرف اکثر رائے کا ہونا مشکل تھا۔ بہرصورت منتخب کمیٹی کی رپورٹ کونسل میں پیش ہو کر قانون منظور ہو گیا مسٹر وائسرائے نے فرمایا کہ میری رائے میں بحث کرنے سے کوئی بہتر نتیجہ نہیں نکلے گا۔ مجھے بڑا افسوس ہے اپنے سامنے جو بیلا ہی بڑا حادثہ پیش ہوا ہے اس سے اس قدر بے اطمینانی پھیل گئی ہے۔ آپ نے فرمایا کہ انگلستان اور ہندوستان میں جن کے ہاتھ میں ہندوستان کی حکومت سپرد ہے انہیں معلوم نہیں تھا کہ مسودے کی تجاویز پر اس قدر اعتراض کئے جائینگے۔ وائسرائے کی تقریر کے خاتمے پر مسودہ بطور قانون کے منظور ہو گیا اور گورنمنٹ اور رعایا کو آئندہ اس بات پر غور کرنا باقی رہ گیا کہ آیا انکم ٹیکس بڑھایا جاوے یا کوئی اور ابواب محاصل کے موجودہ اخراجات میں مزید تخفیف سے پیدا ہو سکتے ہیں کہ جس سے سلطنت کے مداخل و مخارج ایک سال کے لئے ہموزن ہو جاویں۔

حضور لاٹ پنجاب کی توجہ کے قابل

کیا سردار بدھ سنگھ صاحب تحصیلدار ضلع جھنگ کو جو ایک دیانتدار اور محنتی افسر تھے قبل از وقت پنشن دی گئی ہے؟ کیا ان کی عمر پچپن سال ہو گئی تھی؟ کیا وہ کام کرنے کے قابل نہیں تھے؟ کیا کسی اعلیٰ افسر نے تحصیلدار پر قبل از وقت پنشن لینے کے لئے دباؤ ڈالا؟ اور کیوں ڈالا؟ یہ چند سوالات ہز آنر سر ڈینس فٹز پیٹرک بہادر کی توجہ کے قابل ہیں۔

دو ماہ کے اندر اندر کسی شخص کو سی۔ ایس۔ آئی اور کے سی ایس آئی بنا دینا کوئی معمولی بات نہیں۔ مسٹر پین ہیر صاحب کابل کے ایجنسی کے سال نو کے خطابوں کی تقسیم پر سی۔ ایس۔ آئی ہونے پر ہم نے ظاہر کیا تھا کہ گورنمنٹ کو اب امیر صاحب کی دوستی اور استقامت کتنی مدنظر ہے اور اب اسی کی تصدیق میں نہیں پین صاحب کا سر سالٹر پین بنایا جانا ہم پیش کرتے ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ علاوہ امیر صاحب کا ملازم ہونے کے پین صاحب نے گورنمنٹ ہند کی یہ بہت بڑی خدمت کی ہے کہ دونوں سلطنتوں کے مابین دوستی گویا از سر نو قائم کر دی ہے۔ اس سے پیشتر ہندوستان کے بڑے بڑے اینگلو انڈین اخبارات خصوصاً سول ملٹری گزٹ امیر صاحب کی نسبت بدظنی پھیلانے کے لئے نت نئی خبریں تراشا کرتے تھے اور گورنمنٹ انگریزی کو امیر صاحب کی دوستی کے بے اعتبار ثابت ہونے پر طرح طرح سے بھڑکایا کرتے تھے۔ اور جہاں تک ممکن ہوتا تھا ہم ایسی صلاحوں کی تردید کیا کرتے اور سرکار عالی وقار کو امیر صاحب کی دوستی اور نیک نیتی پر یقین دلایا کرتے۔ اور امیر صاحب کابل سے جنگ کرنے کے خیال کی تضحیک کیا کرتے۔ شکر ہے کہ امیر صاحب کے سر مودہ ٹیر بونڈری کمشن کے ساتھ دوستانہ قرارداد کرنے سے نصف اینگلو انڈین اخبارات کا مئہ بند کر دیا بلکہ ہمیں بھی روزمرہ ان کی تردید کی زحمت سے بچایا۔ اور سر سالٹر پین نے ان گھر سے تعلقات پیدا کرنے میں بہت بڑا حصہ لیا۔

قاضی محمد اسلم صاحب

قاضی محمد اسلم خاں بہادر سی۔ ایم جی ڈپٹی کمشنر ضلع جھنگ کے سفر کابل بنانے جانے کی افواہی خبر سے رعایائے جھنگ پر سناٹا گزر گیا ہے۔ قاضی صاحب نے جس خوبی سے عہدہ ڈپٹی کمشنری کے دشوار کام کو ضلع جھنگ میں ادا کیا ہے اس سے یقین ہے کہ گورنمنٹ پنجاب اور گورنمنٹ ہند بخوبی مطمئن ہو گئی ہونگی۔ اور انہیں مستقل ڈپٹی کمشنر مقرر کئے جانے کا مستحق سمجھتی ہونگی۔ ان کی کارگزاری کا ثبوت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ ان کے کام کی نسبت حکام بالادست نے ہمیشہ رضامندی اور خوشنودی ظاہر کی ہے۔ اور رعایا کو ان سے کسی قسم کی شکائت نہیں۔ قاضی صاحب کمشنر صاحب کے ضلع جھنگ کے دورے میں قاضی صاحب ان سے بہت فاصلے پر رہے کہ جس سے ہر شخص کو اگر اسے قاضی صاحب سے کوئی شکائت ہوتی تو صاحب کمشنر کے پاس پیش کر سکنے کا اختیار تھا۔ لیکن کسی شخص نے کوئی شکائت نہیں کی۔ قاضی صاحب کے جھنگ میں ڈپٹی کمشنری کرنے سے اس ضلع کی رعایا کو بیحد آسائش نصیب ہوئی ہے۔ اور اب انکے وہاں سے چلے جانے سے بیشک رعایا کو سخت صدمہ ہوگا خواہ قاضی صاحب ترقی پر ہی کیوں نہ جائیں۔ لیکن سفارت کابل کی نسبت بہرصورت وہ پنجاب میں مستقل ڈپٹی کمشنر کئے جانے کے زیادہ مستحق ہیں کہ جس عہدے کی قابلیت کا انہوں نے نہایت قابل تسکین ثبوت دیا ہے۔ اہل پنجاب کی نہایت دشکنی ہوگی اگر ان کے تین ہموطن ڈپٹی کمشنروں میں سے سر ڈینس فٹز پیٹرک کے عہد میں ایک بھی باقی نہ رہا۔

ہمعصر ٹریبون لکھتا ہے کہ ریاست بہاولپور سے ان کے پاس کئی شکائتیں آئی ہیں کہ ریاست کے مدارس میں ایسی کتابیں داخل ہیں کہ جو ہندوؤں کے مذہب کے مخالف ہیں وزیر صاحب اس طرف توجہ کریں۔ ہم بھی معزز ہمعصر کی اس درخواست کی تائید کرتے ہیں کہ اگر یہ امر واقعی صحیح ہے تو وزیر صاحب کو اہل ہنود کی شکائت رفع کرنے میں ایک منٹ بھی نہیں کھونا چاہئے۔ اب ہم ہمعصر ٹریبون کی درخواست کرتے ہیں کہ وہ سٹیٹ کونسل جیند سے ہماری اس درخواست کی تائید کر دیں۔ ہمارے پاس علاقے اور خاص شہر جیند سے کئی مرتبہ شکائتیں پہنچ چکی ہیں کہ جبراً قدیمی اس ریاست میں مسلمانوں سے کیجاتی ہے اس سے قطع نظر انہیں تعجب ہے میں مسلمانوں سے کیجاتی ہے (جیسا کہ دستور ہے) اذان کہنے کی اجازت نہیں۔ بلکہ اگر کبھی کسی پردیسی یا انجان نے بلند آواز سے اذان کہہ دی تو سخت جرمانہ ہو گیا کہ جس کی مثالیں موجود ہیں۔ بخلاف اسکے ساتھ ہی دوسری دو ریاستہائے پٹیالہ اور نابھہ میں بلند آواز سے اذان کہنے کی ہرگز ممانعت نہیں۔ کیا کوئی ہمعصر اس شکائت کی صحت میں شک کر سکتے ہیں؟

خبر ہے کہ راجہ گوہاری پرشاد عرف نبی راجہ بہادر نے حضور نظام کی رسم سنگنی کی تاریخ۔ اور مضمون پیش کی گنتی کی ہے اس بات سے کہ اتنی بڑی سلطنت کا والی آج تہذیب اور شائستگی کے زمانے میں اس لہو و لعب میں مشغول ہے کہ اب آپ شادیوں سے فرصت نہیں ملتی۔ جو لوگ اکثر دیسی ریاستوں اور خصوصاً حیدرآباد دکن کی نالائق حالت سے بیخبری رکھتی ہیں اور بدنظمی اور فضولی کی تمام شکائتیں گورنمنٹ انگریزی کے ذمہ لگاتے ہیں وہ اب تو انصاف کریں کہ گورنمنٹ کیا کہتی ہے کہ تم نت نئی شکایتیں کیا کرو اور ریاست اپنا فرض عین سمجھے حوالے کر دے۔ حیدرآباد میں ابھی کیا ہے اس سے بڑے بڑے انقلاب دیکھے جا چکے اگر حضرت اعلیٰ نے اس خواب غفلت سے آنکھیں نہ کھولیں۔ رعایا سانوں پر ریزیڈنٹ صاحب کی توجہ

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۱۶۔ مارچ ۱۸۹۴ء

لاہور و پنجاب

— اخبار کوہ نور لاہور چند ہفتہ بند رہ کر پھر جاری ہو گیا ہے۔ دیکھو کاوش کا نام قائم کرنے کرنے سے کیا مطلب بھی درست کیجائے گا۔

— سید احمد خان بہادر کے سفر پنجاب کے متعلق مقامات مثل لاہور لدھیانہ راولپنڈی سیالکوٹ ہوشیارپور اور ملتان سے مدرسۃ العلوم کے لئے جو چندہ جمع ہوا ہے اس کی رسید آڈیٹر ہیں جلد سے جلد روانہ ہو جائے گی۔

— مرزا محمد افضل خان سفیر کابل تین سال کی خدمات کے بعد واپس آتے ہیں جنگی بجائے قاضی محمد اسلم خان قائم مقام ڈپٹی کمشنر جہلم کے بھیجے جانے کی افواہ ہے۔

— ڈاکٹر کچھند اس نے پشاور کے حاکم مقدمہ میں خارجی فیصلہ صاحب کمشنر بھیجا ہے شنید ہے کہ رپورٹ میں اپیل دائر کرے گی پیشی ۲۰ مارچ کو ہوگی۔ اپیلانٹ نے پشاور سے منتقل ہو جانے کی بھی درخواست کی ہے۔

— ۱۱ مارچ کی صبح کو ہزآ ہائی نس دورہ میں پارہ چنار قلعہ کہالی گرام میں پہنچ گئے۔ تمام راستہ میں نوری اور مگر اقوام نے ہزآ ہائی نس کا بڑی خوشی سے استقبال کیا اور اپنی سرت ظاہر کی کیپٹن گرہنٹ نے انتظام اپنے ذمہ لیا ہے بہت امن اور آرام لکھا ہے۔

— کوئٹہ سے ہمیں خبر پہنچی ہے کہ یہاں گذشتہ دس روز سے بارش برابر ہو رہی ہے۔ نعمت خداوندی ہے۔ جو یاد فرمائی ہے۔

— بلوچستان میں جو شورش ہوئی ہے اس کی نسبت بیان کیا جاتا ہے کہ چند قبیلوں کے ملک سوٹ کے لئے جس قسم کا لگا ہے اس کا تعلق ہندوستان سے ابھی ٹھیک نہیں کہہ سکتے کوئی ہوا کچھ دستی ہے۔

— شیر خان بلوشانی میر صاحب کمشنر سٹوڈنٹ نے سمہ دس سواروں کے ساتھ پیچھا کیا جو خلق خان بلوچ کو سکہ دش کیا جو مقرب پیل کو روانہ ہوگا۔

— پاسی جو اب شاہ دستالیق میں نہاب انجینئری کا جو لدھیانہ کی ایک ایب رنڈی کو تبدیل زیورات مار ڈالا تھا حیات سشن سے پھانسی کا سزا یاب ہوا۔

— موضع کھرڑ ضلع لدھیانہ میں اپنے باپ کی لاش پر گھر سے زخم لگے رہتے پائی گئی۔

— پنجاب کے ۱۲ بڑے بڑے ضلع اقسات میں فصل ربیع ۱۸۹۴ء ۱۰۰ (بقدر ۵۲۶ مادہ) ہوئے اور ۹۹۶ - امنوا ۵۳۸ نزدہ اور ۴۵۹ مادہ) رقوع میں آئیں۔

— پشاور میں ایک پولیس کانسٹیبل دوست کا ٹیبل کو جو بیٹھا تھا کے پھرہ پہ تھا بندوق سے گولی مار کر بھاگ گیا۔ (ایڈیٹر)

— مہتمم صاحب بشارت ضلع گورداسپور سے لکھتے ہیں کہ اینگلو انسٹیٹیوٹ کی امداد کے لئے جلسہ عام جلسہ ہوا ۲۰ روپیہ چندہ ہوا جس میں سے ۲۰۱ اسی جگہ وصول ہو گیا۔ پروفیسر بیاس سنگھ صاحب ہیڈ ماسٹر خالصہ سمیرہ کا سرمہ نے نہ صرف پچیس روپیہ چندہ دیا بلکہ سو روپیہ سالانہ کا وعدہ بھی کیا۔

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

جناب نصیر احمد خانصاحب ضلعدار نہر جمن غربی تحریر فرماتے ہیں کہ آپکے اخبار پر بہار کی جانانک تعریف کیجاوے کم ہے۔ اور آپکی روز مرہ کی کوشش حمیدہ سے امید واثق ہوتی ہے کہ یہ اخبار ہندوستان کے کل اخبارات پر سبقت حاصل کریگا اور آپکے خریدار ہر ہفتہ میں اس قدر ہیں وجوہات سے اسکی کثرت اشاعت کی وسطے کوشش کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرکے دکھلائینگے۔

آپ ان تین اصحاب کے نام اپنا اخبار جاری فرماوین اور وہ خریدار عنقریب اور بہم پہونچا کر آپکے فرض سے سبکدوش ہونگا۔ جیسے کہ آپکے ایک خریدار کی رائے ہے:۔ (۱) لالہ کنج لال صاحب مقام خوشی ضلع دہلی (۲) نواب خان صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولیس (۳) حفیظ اللہ خان صاحب تعلقہ دار مظفر نگر۔ تینین بذریعہ ویلیو پے ایبل نقامی کتاب کے وصول کر لین۔

جناب لالہ ہرنام صاحب ڈپٹی خازیخان تحریر کرتے ہین کہ منشی غلام حسن صاحب سب انجینیر محکمہ اہبار سندہ کے نام اخبار جاری کر کے بذریعہ کتاب انعام قیمت وصول کر لین۔

جناب احسان اللہ صاحب ٹھیکری اشاب حیدر آباد دکن جو اس سے پہلے بھی پیسہ اخبار کے لئے خریدار مقرر فرما چکے ہین لکھتے ہین کہ مجھے پیسہ اخبار سے دلی محبت ہے اور ہین وعدہ کرتا ہون کہ بہت جلد سکے لئے دس خریدار پیدا کرونگا۔ خدا کرے اس پر جو کی دن دگنی رات چوگنی ترقی ہو۔

مولوی اشرف محمد صاحب میر منشی ایجنسی گلگت فرماتے ہین جانجھ خان صاحب شیخ نامشکر خان کے نام ایک اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کیجاوے۔

جناب عبد اللہ خان صاحب سابق ضلعدار نہر حال ساکن لاہور سندہ پہ ذیل ہین اصحاب مندرجہ ذیل کے نام اخبار جاری کرواتے ہین (۱) منشی محمد حسن خانصاحب معافیدار میر پور خاص (۲) نواب عبد الحکیم صاحب بھاولپور نئین قطب صاحب (۳) سید محمود شاہ صاحب سید و اخلعدار گڑھی شاہو ضلع لاہور۔

جناب محمد قاسم صاحب حاکم جودہ پور سے لکھتے ہین میرے عنایت فرما مسٹر ہیرا چند صاحب تہرڈ ماسٹر کے نام اخبار جاری کر دین۔

جناب محمد رکن الدین صاحب کمسریٹ پٹنہ سے لکھتے ہین پہلے مرلی سنگھ صاحب کے نام اخبار جاری کرایا تھا اب یہ امیر چند صاحب بیکری رائیٹر کے نام جاری کر دین اور قیمت بذریعہ انعامی کتاب وصول کر لین۔

جناب ڈاکٹر نور حسن صاحب صابر جو اس سے قبل کئی خریدار پیسہ اخبار کے پیدا کر چکے ہین گنبد سے لکھتے ہین کہ منشی عطا محمد صاحب کے نام اخبار جاری کر دین اور بذریعہ ویلیو پے ایبل طلب ہین۔

جناب محمد عبد الملک صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولیس لکھتے ہین کہ شیخ فرید صاحب پولیس انسپکٹر نصیر آباد کے نام اخبار جاری کر دین۔

انگریزی کپڑا محصول تجارت بری سے اور جدید ٹرف بل منظور

گزشتہ ہفتے میں ہندوستان اور انگلستان کے تمام بڑے بڑے اہل الرائے اس امر پر توجہ دے رہے ہیں کہ حاصل ہندوستان کی بہتری کرنے کے لئے ولایتی کپڑے پر جو ہندوستان میں آتا ہے محصول درآمد لگایا جاوے یا نہیں۔ اور کل باتوں پر غور کرنے سے نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ نہ صرف کثرت رائے محصول لگانے کے حق میں ہے۔ بلکہ جو لوگ مصلحتاً انگریزی کپڑے کو محصول ہندوستان میں بھی بری دکھانا چاہتے ہیں وہ بھی اس تجویز کے مخالف نہ ہونے کا دعوے نہیں کر سکتے۔ اخبارات میں جو رائیں جا بجا اس ضمن میں شائع ہوئی ہیں اُن کا خلاصہ یہ ہے کہ گورنمنٹ ہند شوق میں تو دولائی کپڑے پر محصول درآمد لگانے پر راضی تھی اور خود لارڈ کمبرلی سابق سکرٹری سٹیٹ سٹیٹ معہ ممبران اپنی کونسل کے اس بارے میں گورنمنٹ ہند سے متفق تھے۔ لیکن جبکہ مانچسٹر اور لنکاشائر کے سوداگروں کی طرف سے زور دار آواز تباہی مرنے لگا۔ بھلا ولایت کے دولتمند کپڑے کے کارخانے والے کب گوارا کر سکتے ہیں کہ اُن کے کپڑے کو ہندوستان میں کسی قدر گراں کر دیا جاوے کہ جس سے ہندوستان کے کپڑے کے کارخانے اُن کا مقابلہ کر سکین لیکن بمبئی کے کپڑے کے کارخانے جدا واویلا کرتے ہیں کہ پہلے تبادلہ سکہ اور ملکیں بند کر کے غیر ملکی سونے کا سکہ جاری کرنے کی کوشش سے ملک چین کے ساتھ تجارت کے کم ہو جانے سے انہیں بڑا نقصان پہنچا ہے۔ اب ولایت کے کپڑے کے مقابلے سے انہیں اگر کچھ بھی نقصان پہنچیگا اگر اس پر محصول درآمد بھی ایک بالکل جائز اور مناسب بات ہے نہ لگایا گیا۔ ہندوستان میں تین چار سو سوداگروں کی بڑی بڑی کمپنیاں بنا کر ایسے کارخانے کے وجود ہیں کہ جن میں تمام بڑے بڑے انگریز سوداگر حصہ دار ہیں اور ان کمپنیوں کی رسائی سرکار کے نزدیک بڑی اور بہت بھی جاتی ہے۔ ان سب نے کلکتہ۔ بمبئی۔ مدراس اور کانپور میں خود جلسے کر کے بڑی سختی کے ساتھ گورنمنٹ کی اس تجویز کی مخالفت کی ہے اور انگریزی کپڑے کو محصول درآمد سے بری رکھا جاوے کی درخواست کی ہے کہ ٹرف بل کی تجویز کو بھی منظور نہ کیا جاوے جب تک کہ انگریزی کپڑے کی درآمد پر محصول نہ لگایا جاوے۔

یہ کسی قدر غوش نصیبی کی بات ہے کہ انگریز اور ہندوستانی دونوں کے کپڑے پر محصول نہ لگنے سے یہاں ہر سال ہندوستان

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— حال کے انتظام کے مطابق لیجسلیٹو کونسل میں سر ایسکڈ ائل جیلانوں کے سودہ پر منتخب کمیٹی کی رپورٹ پیش کرینگے۔ مسٹر دسٹ لینڈ تعزیرات ہند، تھوڑی سی ترمیم مصنوعی اسٹام کے متعلق پیش کرینگے۔ مسٹر جنوا اس صوبجات متوسط کے بندوبست اراضی کے متعلق چند دیوانی قوانین کرینگے۔ اور غالباً ایک خاص کونسل کا اجلاس ساڑھے تین کروڑ کی کمی کو پورا کرنیکی تجاویز ٹکس بڑھانے یا کسی اور ذریعہ سے حاصل کرنے کے متعلق فیصلہ کرنیکے لیئے بیٹھے گا۔

— جمعہ کی رات کو حکم دیا گیا کہ ہفتہ کے روز سے نئے قانون کے مطابق اشیاء آمد ولائیت پر محصول لگایا جاوے۔

— سول ملٹری گزٹ کا ایک نامہ نگار کوئٹہ سے اطلاع دیتا ہے کہ لارڈ انچن کو انگلستان سے ہدایت ہوئی ہے کہ قلات کے تعلقات کی تحقیقات کریں چنانچہ اس لیئے سر جیمس ڈراؤن کو ہمکامہ میں طلب کیا تھا۔ یہ امور توجہ طلب تھے کہ معزول خان قلات کو جو سرکار انگریزی کے قبضہ میں ہے واپس دیا جاوے۔ چنانچہ امید ہے کہ اگر کسی شورش کا اندیشہ نہ ہوا تو موسم گرما میں میر صاحب خان کو مستانگ میں رہنے کی اجازت دیجاوے گی جو قلات سے صرف چالیس میل کے فاصلہ پر ہے اور قلات کا روپیہ انگریزی افواج کا خرچ وضع کرکے جو دستان رہی گئی تھیں باقی واپس قلات کو بھیجدیا جاویگا۔

— ۲-۱ اپریل کو گورنمنٹ ہند کے دفاتر شملہ پر کھولیں گے۔

— ۹-۱۰ مارچ الہ آباد۔ سال آئندہ میں جو رقم شاہی تقریرات پر صرف ہوگی اسکا اندازہ مقرر ہو چکا ہے یعنے (۳۵۰) لاکھ جنمیں سے (۲۹۷) ریلوں اور (۵۵) آبپاشی کے کاموں پر خرچ ہوگا۔ یہ رقم بجائے (۵۰۰) لاکھ کے مقرر کیگئی ہے جو اصل تخمینہ تھا۔ اضلاع مغربی شمالی میں جو تقریرات ملتوی کی گئی ہیں انمیں سے ہر لنٹیک گنگا کی کانپور کی توسیع اور بنارس تا لکھنؤ ریلوے ریل ریلوے کی توسیع ہوگی۔

— ۷ مارچ کو مدراس کے چیمبر آف کامرس (مجلس تجارت) نے ایک بہاری جلسہ کرکے دلایتی سوتی کپڑے کا محصول معاف کیئے جانے کی سخت مخالفت کی۔

— ۸ مارچ۔ کلکتہ۔ کونسل میں مہاراجہ اجودھیا کے سوال کے جواب میں سر ہی پرچرڈ نے فرمایا کہ جب انڈین ریلوی ایکٹ زیر تجویز تھا اس وقت اس بارہ میں کامل غور ہو چکا تھا اسلیئے ایک ریل پر پانی بنوا دیئے گئے ہیں۔ بالفعل گورنمنٹ ہند کا اسکی توسیع کا ارادہ نہیں۔

— پچھلی بارشوں سے سندھ بلوچستان ریلوے کو سخت نقصان پہنچا اور گذشتہ اتوار کو درگی کے چمن کے مابین چھ مقامات سے ریل کی سڑک ٹوٹ گئی تھی جسکی کسیقدر مرمت کیگئی۔

— ایک ضروری مسودہ ایکٹ ریلوے ہند کی ترمیم کے متعلق مسٹر پارنس پرچرڈ ممبر لیجسلیٹو کونسل میں پیش کرینگے

بہ مسودہ تیار ہو کر کونسل کے پاس بھیجا گیا ہے۔

— خبر ہے کہ امیر صاحب نے احمد شاہ گورنر بدخشان کو قتل کر دیا۔

— ۳۰ فروری کو مہم ابوسکی تمام گاروہ اور شاگرد پیشہ بورلوگون سے روانہ ہوئے۔ ابورلوگون نے اچانک حملہ کرکے کشتیاں تباہ کر دیں۔ کل سرکار کے پندرہ سپاہی اور پندرہ شاگرد پیشہ مارے گئے۔ حملہ بالکل ناگہانی تھا۔ اور تھوڑے دنون سے ان لوگون نے کوئی تکلیف نہیں دی تھی۔

— امسال ہندوستان کے بجٹ میں ساڑھے تین کروڑ روپیہ کی کمی کا تخمینہ کیا جاتا ہے۔

— گورنمنٹ ہند نے اپنے سرحدی افسروں کو حکم دیا ہے میر صاحب کا جو اسباب سرحد سے گذرے اسکے جلدی بھیجنے میں ہوشیار رہیں۔

— ایسٹ انڈین ریلوے پر پبلی کے مسافروں کی سہولیت کے لیئے میل ٹرین کے پون گھنٹہ بعد ایک اور تیز رفتار سپیشل گاڑی چلا کرے گی جس سے پنجاب کی میل پر مسافروں کی بھیڑ نہ ہوا کرے گی۔

— ۸ مارچ کو گنگا میں روئی کا محصول درآمد سے بری رکھنے کے خلاف کرنسی ایسوسی ایشن کا جلسہ ٹاؤن ہال میں ہوا۔

— ۱۰ مارچ الہ آباد۔ سرحد شمال مغرب کے بعض مقامات کی حد بندی کی نسبت جو گورنمنٹ ہند اور امیر کابل کے مابین خط و کتابت ہوئی تھی اسکا نتیجہ نکلنے والا ہے۔

— صاحب چیف کمشنر برہما کا نہلئے یاقوت سے رنگون واپس آئے۔

— مہاراجہ سکیم کو سرکار انگریزی نے دارجیلنگ میں رکھا ہوا ہے اور وہ بھی سرکار سے روٹھے ہوئے ہیں کہ نہ اپنے بیٹے کو تخت سے ہٹاتے ہیں اور نہ خود ریاست کی حکومت میں دخیل ہونے کی کوئی تدبیر بتلاتے ہیں۔

— مملکہ میں الٰہی خان ایک پولیس ساجنٹ نے بالکنت سکل ایک ہندو فقیر کو کھا بازار کی فلاں جگہ بیٹھ فقیر نے ساجنٹ کے پیٹ میں ایک چاقو ایسے زور سے مارا کہ وہ وہیں مر گیا۔ اور دو دوسرے سپاہیوں اور ایک حلوائی کو بھی زخمی کیا

— یو لاضلع ناسک میں حکم دیا گیا ہے کہ جو شخص بازار سے باجا وغیرہ گذارنا چاہے اسے ایک ماہ پیشتر اس تاریخ وقت اور نیز ان بازاروں کی اطلاع دینی چاہیئے اور جب اجازت بجاوے نہ اسکے خلاف کرنے پر سزا ملیگی۔

— کانپور میں سوداد کوٹھی وہ مکان ہے جہاں ۱۸۵۷ء کے غدر میں باغیوں نے یورپین عورتوں اور بچوں کو بند رکھا تھا اور پیچھے قتل کر دیا تھا۔ انگریز لوگ کانپور کے میونسپل کمیٹی کی طرح یہ مکان بھی گرا دینا چاہتے ہیں۔ اس مکان کی یہی یادگار کے طور سے عزت کرتے ہیں۔ اسکی مالک ایک مسلمان عورت اسکو گرا کر یہاں اور مکان بنوانا چاہتی ہے۔ انگریزوں نے ارادہ کیا ہے کہ چندہ کرکے اس مکان کو خرید لیا جاوے اور بطور یادگار کے قائم رکھا جاوے۔ سلاٹ صاحب اضلاع مغربی و شمالی نے بھی اس چندہ میں شریک ہونے کا وعدہ کیا۔

ممالک غیر

— ۱۱ مارچ لندن۔ سر موٹیمر ڈیورینڈ سفیر انگریزی مبارظہران مقرر ہوئے۔

— ۱۱ مارچ لندن۔ اڈیقہ (ہاتھرسٹ) کی آخری خبروں سے معلوم ہوا کہ ڈوبی صلح کے قبر کو انگریزی سپاہیوں نے خالی پایا یقین ہے کہ دشمن سرینگ بھاگ گیا ہے جسپر کہ فوج حملہ کرنیکو جا رہی ہے۔

— جنوبی افریقہ سے جنرل جوہرٹ نے ٹرانسوال کے بورلوگون کو صلح دی ہے کہ مشونالینڈ میں جا کر بسو کیونکہ اس سے مسٹر سیسل روڈس انگریزی علاقہ کو بڑھا رہا ہے اور ٹرانسوال جسکو ہمارے باپ دادوں نے اپنے خون سے انگریزوں سے آزاد کرایا تباہ ہو رہا ہے۔

— مسٹر گلیڈسٹون لارڈ مہر خاص کا عہدہ بھی نہیں رکھیں گے اور وزارت میں بھی شریک نہیں رہینگے۔ یہ بھی خیال ہے کہ مسٹر رسل مائبنے زیر رہنہ کو کوئی دوسری خدمت ملے گی جو ہنوز قرار نہیں پائی۔

— ۶ مارچ لنڈن۔ رائیٹ آنریبل ہنری بارٹلی فوانے عہدہ وزیر ہند منظور کیا اور لارڈ ڈنے غالباً نائب وزیر ہند مقرر ہونگے۔

— لنڈن ۷ مارچ۔ سر ولیم ہارکورٹ ہاؤس آف کامنز کے لیڈر مقرر ہوئے اور خزانہ کا کام بھی رکھا۔

— ۶ مارچ لنڈن۔ مسٹر لیوشر اور انکے فریق کی مخالفت لارڈ سپنسر کی وزارت سے بند ہو گئی۔

— یونیسٹ لوگون کی رائے ہے کہ وہ نئی وزارت کے مخالف نہیں۔ مگر ہوم رول بل کی مخالفت کرینگے۔

— ۶ مارچ لنڈن۔ سر فلپ کری جدید سفیر انگریزی متعینہ باب عالی نے حضرت سلطان کا شرف حضوری حاصل کیا۔ انمیں سلطان المعظم نے جز اکیسلنسی کو یقین دلایا کہ انگلستان اور ٹرکی کے مابین دوستانہ تعلقات مضبوط کرنے میں مدد دینے کا وعدہ کیا۔

— ۷ مارچ لنڈن۔ ہر خیال کے اخبارات نے لارڈ روزبری کے وزیر اعظم مقرر ہونے پر مسرت کیا اور ہوس آف کامنز نے کثرت رائے سے انہیں وزیر مقرر کیا۔

— ۷ مارچ لنڈن۔ باتھرسٹ (افریقہ) کی آخری خبروں سے معلوم ہوا کہ میجر سیڈن نے اپنی ہندوستانی فوج کے ہمراہ موضع جمبر کے پاس کی قلعہ بندی جلا دی اور موذی صلح کی گڈھی اڑا دی گو جو پر ایک متحدہ حملہ کل کیا جاویگا۔

— ۸ مارچ لنڈن کیمپ (افریقہ) سے آخری خبریں پہونچی ہیں کہ بوجہ بگلیوں کے برنٹس زمبری اور ٹیٹ کے مابین تار برقی لائن بنانے سے روکنے کے انگریزی گائیڈ ماسکٹو نے امپرا آگ برسائی۔ جسپر طرفین سے گولہ زنی ہوئی اور بندگی ہمراہ لیکر ٹیٹ کو روانہ ہوا۔

— سر ٹامین امیر صاحب کا ایجنٹ نائیٹ (سر) بنایا گیا۔

— ۹ مارچ لنڈن۔ پارنل کے گروہ نے اعلان ضابطہ جسپر وہ ناراض ہو کر گئے ہیں کہ سر ولیم ہارکورٹ ہوم رول بل کو نرمی کرنا چاہتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ انہیں ڈوبری کی وزارت کچھ اقتدار نہیں

ایام	جنوری				فروری				مارچ				اپریل				مئی				جون				جولائی				اگست				ستمبر				اکتوبر				نومبر				دسمبر			
اتوار	۱	۸	۱۵	۲۲	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۶	۱۳	۲۰	۲۷
پیر	۲	۹	۱۶	۲۳	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸
منگل	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹
بدھ	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۹	۱۶	۲۳	۳۰
جمعرات	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۲	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱
جمعہ	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۴	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۳	۱۱	۱۸	۲۵	۱
ہفتہ	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۱۱	۱۸	۲۵	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۶	۱۳	۲۰	۲۷	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹	۵	۱۲	۱۹	۲۶	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸	۴	۱۲	۱۹	۲۶	۲

حفظ الصحت
علاج

۲۸- ترجمہ دستور اک ۱۰ جواب استفسار امام علی شاہ صاحب کے تحریر ہے۔ کہ یہ ایک موذی مرض ہے۔ جب پرانی ہو جاتی ہے تو باوجود علاج فرج نشتر کے شکل سے جاتی ہے۔ اسی اخبار میں بہت بہت اچھی نسخے پہلے بھی اس کے متعلق چھپ چکے ہیں مگر ذیل کا نسخہ چند تجربوں کی بنا ہے جو ایک سنیاسی کا بتلایا ہوا اور کئی جگہ اور پر تجربہ ہو چکا ہے۔ اس سے ایک مریض دیوانہ پن کی حد تک پہنچا ہوا بھی اچھا ہو چکا ہے۔ میرے استاد ڈاکٹر صاحب نے بیسیوں مریض اس سے اچھے کر دیئے ہیں۔ اور بندہ کو مفت ازراہ نوازش بتا دیا۔ اپنے ہی کنبہ سے شہادتی تکمیم نامہ اخبار ہے ہیں۔ نسخہ اس کو قریب لے جانا مناسب نہ جانا۔ اور سید صاحب موصوف اور نامہ دیوانہ سے شہر کرتا ہوں۔ تخم کمیرہ ۳ ماشہ۔ تخم کدو ۳ ماشہ۔ تخم ککڑی ۳ ماشہ۔ خطمی ۳ ماشہ۔ پیاز کھٹ ۳ ماشہ۔ سنگجراحت ۲ ماشہ۔ گوند اتی الائچی ۲ ماشہ۔ سونف ۲ ماشہ۔ دار چینی قسم اول ایک ماشہ جنگ ہیڑ ایک ماشہ۔ سیندھل ۱ ماشہ۔ گوند دیول ایک ماشہ۔ تخم انگ تولہ۔ مصری صاف نصف کی ایک تولہ۔ ان میں سب خشک دواؤں کو سفوف اور کھرچ کر ایک جگہ کے تین چوتھائی صاف پانی میں گھول دیں اور صبح کا ہوا ہو تو شام کو یا شام کا ہوا ہو تو صبح نہار منہ پی جائیں۔ اسی طرح شام یا صبح پئیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اس طرح ۱۵ روز تک مسلسل کھائے۔ اور خوراک ہے۔ نئی بیماری ہو تو دس روز میں اور پرانی تین یا چار ہفتے میں آرام ہو گی۔ ایسی پرانی بیماری کہ صورت صحیح نہ رہی ہو اک بنا صرف ایک کپ روزانہ کے لئے ہیں۔ اس کے نہ کھانے سے ضرور مطلع نہ ہو گا۔ ہیڑ کا ٹکڑا بھی ہو تو اس سے ایک شخص کے موذی کی دو چھوٹ ہو گئے ہیں۔ پرہیز چرب۔ دودھ۔ گھی۔ گوشت۔ دال۔ چنا۔ شراب۔ مصالحہ دار کھانا۔ چار پانچ ہفتے تک جب تک دوا جاری رہے۔ مجامعت سے پرہیز کرے۔ (بندہ محمد بخش خان دفعدار سالوتری رجمنٹ ۱۴ ک)

۲۹- آنکھوں کی بیماری کا نسخہ۔ مسمی درخواست کرم بخش صاحب ساکن مندرجہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۹ فروری ۱۹۳۴ء کو میں بابت آنکھوں کے دکھنے کے تحریر ہے کہ ہمشہ ٹرک آنے سے آنکھوں میں دانہ نکلتا ہے اور تکلیف بہت ہوتی ہے۔ اس کے لئے ہمارے خاندان میں ملتی ہے کہ توتیا لے پانی میں گھس کر سرمہ سلائی کی طرح آنکھوں میں ملا کر آنکھ بند کر لیں۔ اس طرح تین چار دفعہ کریں۔ اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔ (راقم)

۳۰- نسخہ دافع بواسیر۔ ایک پیڑ ہوتا ہے کہ اس کی ٹہنی کو کچل کر اس کا رس نکالیں اور اس رس کو مسہ پر لگائیں۔ ایک دفعہ لگانے سے ہی مسہ خشک ہو کر گر جاتا ہے۔ (راقم)

شعر و سخن
دولشکر

سیاہی اور ڈاکٹر

(جو پیسہ اخبار کے لئے لکھا گیا۔ اور اسکے صلہ میں دیا گیا)

ٹپتی نگہ بشر کی ہے میدان جنگ پر — دو لشکر اس کو آتے ہیں ناقاعدہ نظر
ہیں ایک ایک صف میں کھڑی دو نو بسر بسر — پہنے ہوئے ہیں وردیاں باندھے ہوئے کمر
اک دوسرے کے دونو مقابل کھڑے ہوئے
اور اپنی جانبیں جوش میں دونو بھرے ہوئے

حائل ہے درمیان میں دریائے خونفشاں — کیسا ہی تنداب سے کوئی آنکھ کھول کر
ایسا سیاہ ہے کہ نہیں آتا کچھ نظر — یعنی ہے آب موت رواں آہیں الحذر
انساں کے پاؤں کو ہوئی لغزش ذرا نہیں
اور اس کا نام صفحہ ہستی پہ تھا نہیں

ان میں سے ایک کے آگے دف و طبل بجتے ہیں — باقاعدہ تمام جواں کوچ کرتے ہیں
جنرل کا ان کے حکم جو ہو اسپہ چلتے ہیں — فرمانبری کا عادہ سے سو اچھال کھتی ہیں
دیکھو ہے نصف کا بلا کا دلیر ہے
ہر ایک نمیتان شجاعت کا شیر ہے

ہیں اپنے بنک توپ کے گویا کہ یہ نشاں — اعزاز و افتخار کے اس کے لگا یہاں
آتی نہ حرف قوم پہ جوتی سے جا جاں — آئی نہ حرف قوم پہ جوتی سے جا جاں
قومی حمیت ان میں ہے اور قومی جوش ہے
جز قومیت نہ ان کو کسی شے کا ہوش ہے

لہرا رہا ہے سر پہ اک علم — خوش ہوتے دیکھ دیکھ کے ہیں جس کو بہم
ہے روشنائی خون کی شمشیر کا قلم — خط جلی ہیں ذیل کے الفاظ ہیں رقم
"وہ شہنشاہ دمانی ناقابل کرون ہست"
زیر آکہ از لوازم عاضر کشتن ہست"

مرتے نہیں ہیں مرض سے گھل گھل کے یہ جواں — نے چارپائی پر پڑ تڑپتے ہیں یہ یہاں
غیرت نے جسم اک بس کی تازی دہاں — بولے کہ گر لے جین بچیں تو کے سبکہ ہاں
شمشیر کھینچ جوش میں مدہوش ہو گئے
مردانگی سے جا کے ہم آغوش ہو گئے

جب اس طرح دلیری سے سر کٹتے ہیں — گل انکی یادگار میں چھوٹ بناتے ہیں
ہے خیال یہ کہ رتبہ شہادت کا پاتے ہیں — بنوا کے رنگ مقبرہ گیت گاتے ہیں
زیارت کو شائقین آتے ہیں پھول چڑھتے ہیں
اور شاعر لے شام و سحر نذر کرتے ہیں

لشکر وہ دوسرا ہے عجب اس کا حال ہے — دل ہر جواں کا زد ہدف تیر ہاں ہے
ہر سو جھکنا ہے سانسے اور آہ سے جاں ہے — لیکن نگاہ خونہی قابو میں خیال ہے
در لے کے اک کنارہ پہ یہ بھی جا رہے
آہستہ آہستہ چونک چونک قدم بڑھا رہے

راقم نوازش علیخاں (باقی ۱۴ پر)

معلومات کا سکت

— نیو یارک امریکہ میں گھوڑے بہت شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ ہر گیا ہے۔

— سوئیڈن کے ہر ہوائی جگی افسروں کو خود ہوائی جہاز اڑانا پڑتی ہے اور جب وہ فل ڈریس ہوتے ہیں تو ان کو ہیلمٹ پہننا پڑتی ہے۔

— اندازہ کیا گیا ہے کہ سٹنڈرڈ وار (انگلستان جرمنیا) کی عمومی سانڈوں کی لڑائی پر اس شہر کے ہر شخص کو بالاوسط دس شلنگ سالانہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔

— کیا یہ عجیب بات نہیں ہے کہ سلطنت عثمانیہ کی حدود میں قوم ترک سے کوئی فاحشہ عورت نہیں ہے۔

— یہ بھی قابل غور امر ہے کہ تمام ہندوستان میں کوئی مسلمان اور کوئی پارسی فقیر نہیں نظر آتا۔

— ایک اخبار لکھتا ہے حضرت پیغمبر آخر الزمان کے مقبرہ کے کروڑ کے جواہرات لگے ہوئے ہیں۔

— ممالک یورپ میں بالاوسط ۲۵ سے ۲۸ سال کی عمر میں عورت شادی کرتی ہیں۔

— یورپ میں سالانہ خرچ گوشت کھانے کا ۲۰ سیری کس کے لحاظ سے پڑتا ہے۔

— ایک منٹ میں ہزار میل کے حساب سے زمین سالتمام پچپن کروڑ میل خلاف گزرتی ہے۔

— انگلستان میں تمام ریلوں پر کل ۱۴۳۹ لوکو موٹو انجن چلتے ہیں۔

— بلجیم اور ہالینڈ میں عورتیں شورے سے کپڑے دھوتی ہیں گہرے پانی میں ایک مٹھی بھر شورہ ملایا جاتا ہے تو کپڑے صاف ہو جاتے ہیں۔

— ڈانس میں عدالت نے ایک مقدمہ میں فیصلہ دیا کہ قانونی عورت مختار نہیں کہ گھر کے نوکر موقوف کر سکے۔

— پوپ کے عالیشان قصور واقع روم میں ایک سنگ مرمر کا بت ہے جس کو قدرتی ہلکیں لگانی ہوئی ہیں۔

— ایک واقف علوم نے دریافت کیا ہے کہ کرہ ہوا میں دو جگہ ہوا خراب ہے۔ ایک تو زمین کے قریب جیسا کہ ہر شخص جانتا ہے اور دوسرا زمین سے نوے میل کی بلندی پر کہ جہاں شہاب ثاقب اور دمدار ستارے وغیرہ کے جمع ہونے کا طبقہ ہے کہ جس سے بلند وہ نہیں جا سکتے۔

— دربار سلطانی میں سب سے بڑا اختیار مادر سلطان کا ہوتا ہے اور صرف اسی معزز بیگم کو محلات حرم میں بلا برقع پھرنے جانے کا اختیار ہے۔

پیسہ اخبار

نمبر ۱۰ | یوم جمعہ ۱۹ مارچ ۱۸۳۱ء مطابق ۸ رمضان ۱۲۴۶ھ موافق ۵ چیت سمت ۱۹۸۷ بکرمی | جلد ۱

مذاق

جناب مولانا شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے طنزاً دریافت کیا کہ کیا وجہ ہے کہ جب رات کو عبادت کے لئے بیٹھتے ہیں تو نیند موجود۔ برخلاف اس کے محفل رقص و سرود میں تمام رات آنکھ سے آنکھ نہیں لگتی۔ مولانا نے کیا عمدہ جواب دیا کہ اس کی ایک ایسی مثال ہے جیسے کہ دو پلنگ ہیں۔ ایک پر رات کی عبادت کے پھولوں کی سیج ہے۔ اور دوسرا ناچ و رنگ کا جلسہ بغیر پھولوں کے جس میں بہت سے کھٹمل ہیں اور وہ مدت سے بھوکے ہیں۔ اب ظاہر ہے کہ نیند اس پھولوں کی سیج والے پر آوے گی نہ اوپر کہ تمام رات کروٹیں بدلتا ہے اور بے آرام ہے۔ وہ شخص ایسا برجستہ جواب سن کر خاموش رہا۔

انسپکٹر صاحب نے ایک چھوٹے سے لڑکے سے پوچھا کہ گرمی اور سردی کا چیز میں کیا فرق پڑتا ہے۔ اس نے فوراً جواب دیا کہ گرمی سے چیزیں پھیلتی ہیں اور سردی سے سکڑتی ہیں۔ انسپکٹر صاحب نے چھوٹے سے لڑکے کی زبانی علم طبیعیات کا ایسا برجستہ جواب سن کر نوراً انعام دیا۔ اور انعام دیتے وقت پوچھا کہ بھلا مثال تو دو۔ کہ گرمی اور سردی کیونکر پھیلاتی اور سکیڑتی ہے۔ وہ بولا صاحب اس کی مثال بہت آسان ہے۔ جیٹھ اساڑھ کے دن پھیل کر ۱۴ گھنٹے کے ہو جاتے ہیں اور جاڑوں کے دن سکڑ کر ۱۰ گھنٹے کے رہ جاتے ہیں۔ انسپکٹر صاحب انعام دوگنا کر بہت شرمندہ ہوئے اور سمجھ گئے کہ مدارس میں تعلیم صرف طوطوں کی طرح ہوتی ہے (محمد اصغر)۔

پیر و مرشد نے مسکرا کر اپنے امیدوار مرید سے فرمایا کہ کیوں بھلے آدمی تم میری بیٹی کی تمام صفات اور حوائج رفع کر سکو گے؟ تبھی دست عاشق نے تھرتھراتی ہوئی زبان سے کہا۔ میں امید کرتا ہوں جناب۔ وہ کہتی ہے کہ صرف میرے پل جانے کی خواہش ہے۔

ایک گدھے سے پوچھا کہ تو سب گھاس چھوڑ کھا جاتا ہے۔ مگر بھنگ نہیں کھاتا اس کی کیا وجہ ہے؟ گدھے نے جواب دیا کہ مجھ اس سے بہت ڈر لگتا ہے۔ پوچھا کیوں مگدھا جانور کہ تب انسان اس کو کھا لیتا ہے تو میرے درجہ کو پہنچ جاتا ہے۔ اگر میں کھاؤں گا تو پھر نہ معلوم کس درجہ کو پہنچوں گا۔

دوست: "کیا لکھتے ہو؟" شاعر: "نظم"۔ دوست: "مضمون کیا ہو گا؟" شاعر: "ابھی کچھ قصیدہ نہیں کیا"۔

عجیب عجیب باتیں

خودکشی کی وارداتیں:- اندازہ کیا گیا ہے کہ سارے تمام میں دنیا میں کل ایک لاکھ اسی ہزار (۱۸۰۰۰) خودکشی کی وارداتیں ہوتی ہیں کہ جن میں سے بڑا حصہ یورپ میں پیش آتا ہے اور بہت کم ماہ ستمبر میں۔ اور قریب قریب خودکشیاں درمیان چھ بجے صبح اور دوپہر کے ہوتی ہیں۔

ناصح لنڈن میں فرشتے کا رواج:- لنڈن آبادی سے جو ۲۵ لاکھ کے قریب ہے پندرہ لاکھ آدمی جو کم از کم تیرہ لاکھ گھر نے اسکتے ہیں کم و بیش شیاہ من کرتے رہتے ہیں۔ اور تیس کروڑ کے قریب اشیا سالانہ تمام میں اس ذریعے سے مرہون ہو جاتی ہیں۔

دہیل مچھلی کی طاقت:- یہ مچھلی جسے دریائی بچھڑا بھی کہتے ہیں حقیقت میں نہ تو مچھلی ہی ہے اور نہ بچھڑا ہی ہے۔ تاہم جو کچھ ہے اس میں اتنی طاقت ہوتی ہے کہ اڑتے پانی سے دریا بجھاب بارہ میل فی گھنٹے کے کھینچ کر لے جانے کے لئے ایک دو چست گھوڑوں کی طاقت درکار ہوتی ہے۔

ایک عظیم الشان کرپ توپ:- جرمنی کے مشہور کرپ کے کارخانہ والے صاحب کی تیس ٹن کی نالدار توپ کی مار پندرہ میل تک جاتی ہے۔ گولے کا وزن تیرہ سو سیر ہوتا ہے۔ اور سات سو پونڈ بارود ایک دفعہ چلنے پر خرچ ہوتا ہے۔ اور ایک منٹ میں دو مرتبہ چل سکتی ہے۔ اس توپ سے صرف ایک مرتبہ چلانے کا خرچ ساڑھے تین سو پونڈ قریب ۴۰۰۰ روپے کے ہوتا ہے۔ اور یہ توپ جس کی قیمت ایک لاکھ پونڈ یا سوا لاکھ روپے کی زائد ہے پچاس ساٹھ مرتبہ سے زیادہ نہیں چل سکتی۔

نمک کا قدرتی چشمہ:- ملک سائبیریا میں ایک نہایت عظیم الشان جھیل واقع ہے۔ جس کا طول ۱۰ میل اور عرض ۵ میل ہے گزشتہ زمانہ غیر معمولہ میں اس جھیل کے پانی سے بخارات اٹھ اٹھ کر سطح پر نمک کی تہ کی تہ جمع ہو گئی اور امتداد زمانہ کے باعث یہ تہ ایک دوسری پر چسپاں ہو گئی اور تمام پانی کی سطح ڈھک گئی۔ ۱۸۳۸ء میں جب جھیل کے پانی کو زمین کے بوجھ میں سے دریائے اوبی میں ملنے کے لئے رستہ مل گیا۔ جس کے باعث پانی بتدریج نیچے اتر گیا۔ نمک کی تہ اب اتنی موٹی ہو گئی تھی کہ وہ پانی کی کمی سے نیچے نہیں گئی۔ بلکہ جھیل ہی بلندی پر یعنی جھیل کے پانی کی اصلی سطح کی بلندی پر ہی ہے۔ اس وجہ سے درمیان جھیل اب ایک تہ نمک کی ہے جو چھت سے مستقف ہو گئی ہے۔ مانگنا کا ایک جزیرہ نما سا ہے جو جھیل میں ہے۔ یہ جزیرہ بھی ایک جھیل کی بھی یہی حالت ہو گئی ہے۔ اس جھیل کی سطح نمک کی تہ کی موٹائی ہے۔ اس پر گھوڑا دوڑ سکتا ہے۔ اس گداز ہونے

تثقیف عامہ کے لئے شمار اور اعداد

انگلستان کی مردم شماری ۱۸۳۱ء کی انگلستان کی مردم شماری کے عجیب حالات چند یک ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:-

انگلستان اور ویلز کی کل آبادی ۱۳ کروڑ ۹ لاکھ ۲ ہزار ۲۲۵ ہے جس میں ۱۰ کروڑ ۴۰ لاکھ ۵۱ ہزار ۹۰۱ مرد اور ایک کروڑ ۴۹ لاکھ ۹ ہزار ۶۶۴ عورتیں ہیں۔ ۷ لاکھ ۵۴ ہزار ۲۳۳ بچے بارہ مہینے سے کم عمر کے ہیں اور ۴۱ مرد اور ۱۰۲ عورتیں پورے سو برس اور سو برس سے زیادہ ہیں۔ ۹ لاکھ ۷۷ ہزار ۸۷۶ مرد اور ۱۰ لاکھ ۴۹ ہزار ۹۹۰ عورتیں ۲۰ برس سے کم عمر کی ہیں۔ ۵۰ برس کی عمر کے ۵ لاکھ ۴۹ ہزار ۷۹۰ مرد و ۵ لاکھ ۱۰ ہزار ۲۰۵ عورتیں ہیں۔ بیاہی عورتیں ۴۸ لاکھ ۴۸ ہزار ۱۰۱ اور بیاہے مرد ۴۹ لاکھ ۱۶ ہزار ۶۴۹ ہیں۔ ۵ لاکھ ۴۴ ہزار ۹۹۰ رنڈوے اور ۱۱ لاکھ ۴۴ ہزار ۳۱۰ رانڈیں ہیں۔ بیاہے لوگوں میں ۶۰ مرد اور ۲۸ ہزار ۶۶۸ عورتیں ۱۰ برس کی عمر کی ہیں۔ اور ۲۰ برس کی عمر کے رنڈوے ۱۷۱ اور رانڈیں ۱۶۹ ہیں۔ بن بیاہے مردوں کی تعداد ۱۷ لاکھ ۱۶ ہزار ۳۶۳ اور بن بیاہی عورتوں کی تعداد ۱۷ لاکھ ۸۹ ہزار ۲۰۶ ہے۔ ایک کروڑ ۵ لاکھ ۹۱ ہزار ۹۹۶ مرد اور ایک کروڑ ۱۴ لاکھ ۱۹ ہزار ۸۹۰ عورتیں دس برس اور اس سے زیادہ عمر کی صاحب روزگار ہیں۔ ان میں ۵ لاکھ ۹۷ ہزار ۷۲۹ مرد اور تین لاکھ ۶۰ ہزار ۳۹۳ عورتیں پیشہ وروں میں داخل ہیں۔ ایک لاکھ ۴۰ ہزار ۷۲۰ مرد اور ۱۰ لاکھ ۵۹ ہزار ۵۵۵ عورتیں خانہ داری کا کام کرتی ہیں۔ ۱۳ لاکھ ۴۶ ہزار ۳۸۰ مرد اور ۳۵ ہزار ۳۵۸ عورتیں سوداگروں میں داخل ہیں۔ ۱۲ لاکھ ۱۹ ہزار ۹۱۹ مرد اور ۵۲ ہزار ۲۶ عورتیں کاشتکاروں اور باغبانوں کے ہیں داخل ہیں۔ ۴۰ لاکھ ۹۵ ہزار ۴۶۲ مرد اور ۱۰ لاکھ ۴ ہزار ۱۹۰ عورتیں صنعتی کاموں میں مشغول رہتی ہیں اور ۷ لاکھ ۱۲ ہزار ۷۱۷ مرد ۸ لاکھ ۷۵ ہزار ۶۰۰ عورتیں بے روزگار یا بے نوکری میں پائی جاتی ہیں۔ انگلستان اور ویلز کی آبادی میں ایک لاکھ ۱۰ ہزار ۱۴۱ آدمی ایسے ہیں جو بیرونی ممالک میں پیدا ہوئے۔ ان میں مرد ایک لاکھ ایک ہزار ۱۰۰ اور عورتیں ۷ ہزار ۵۵۵ ہیں۔ اور یہ فوج مندرجہ ذیل ممالک سے تعلق رکھتی ہے یعنی ۴۴۶۴ سویڈن میں۔ ۶۲۶۷ ناروے میں ۳ ڈنمارک میں۔ ۶۳۵ ہالینڈ میں۔ ۲۹۱۷ بلجیم میں۔ ۲۰ ہزار ۷۹۷ فرانس میں۔ ۵۹۹۰ جرمنی میں۔ ۴۹۲۰ آسٹریا میں۔ ۷۲۸ ہنگری میں۔ ۶۶۱۰ سوئٹزرلینڈ میں۔ ۲۴۴۰ سپین میں۔ ۹۹۰ پرتگال میں۔ ۹۹۰ اٹلی میں۔ ۹۹۷۰ یونان میں۔ ۱۱ سو ریا میں۔ ۲۰۳۰ روس میں۔ ۴۱ ترکی میں۔ ناصح الاعضا آبادی کے متعلق انگلستان اور ویلز ۱۰ ہزار ۲۰۱ مرد اور ۹ ہزار ۴۸۰ عورتیں بہری اور گونگی ہیں اور ۴ ہزار ۲۹۲ مرد ۳ ہزار ۹۱۱ عورتیں مجہول الحواس ہیں اور اندھیرے اور گونگوں اور بہروں کی ایک بڑی تعداد بار بار گنی گئی اشخاص کی تعداد میں شامل ہے۔

بفضلہ تعالیٰ یہ کارخانہ ۱۸۷۶ء سے جاری ہے۔ ادویہ شرطیہ تا حصول صحت دی جاتی ہیں

خیر الدین شاہ دین سنز دواگران دویات انگریزی و غیرہ امرتسر ہال بازار کی ادویہ

عرق خیری

پکٹورل بام

کھانسی خشک و تر۔ کالی کھانسی۔ نزلہ اور زکام اور درد آواز بیٹھ جانا۔ ابتدائی سل۔ وغیرہ وغیرہ امراض کے لئے جو اکثر موسم سرما میں شروع ہوتی ہیں۔ ان کے دفعیہ کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوائی نہیں ہے صرف دو تین روز میں فائدہ

عرق نخامی تونیقی

یہ عرق ۱۸۷۶ء سے آزمایا جا رہا ہے پنجاب کا کوئی شہر یا قصبہ خالی نہیں جہاں بفضلہ تعالیٰ مریضان نخامی نے اس کے استعمال سے شفا نہ پائی ہو جب تک اس کے استعمال سے مریض کو آرام نہ ہو جائے فیس نہیں لی جاتی قیمت فی شیشی ۱۲

عرق طلاء

دانتوں کا منجن

دانتوں کے تمام امراض کی ضرورت ہر ایک جان کے ان کی حفاظت کیلئے یہ منجن بے نظیر فائدہ سوا کے ہر روز استعمال کرنے سے عمدہ چمکدار دانت ہو جاتے ہیں دانت ہلتے ہوں درد کرتے ہوں یا کیڑا کرتا ہے بڑی خوبی یہ کہ دانت مثل موتی کے طرح خوبصورت دکھائی دیتے ہیں۔ قیمت فی شیشی ۔۔۔ ۱۰

روغن کان درد

روغن ۔۔۔ ۱۰

عرق چیری جوب

خیر الدین شاہ دین سنز دواگران ادویات انگریزی امرتسر ہال بازار (پنجاب)

مطبع خادم التعلیم امرتسر

سچائی کا ثبوت

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھکر تسلی دے سکتا ہے

بفضل شافی مطلق ہمکو مندرجہ ذیل ادویات کے مؤثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپکو انکی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں۔ کہ اگر خدانخواستہ آپکو فائدہ نہ ہو۔ تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کرکے قیمت ادویات واپس کردیں گے۔ تاحصول صحت آپ اپنے روپیہ کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑا ہے تمام فرمایشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی۔ شاذونادر اگر روپیہ کے واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا

آتشک کی پوڑیاں۔ جدید آتشک کا علاج۔ ۴۸ پوڑیاں	عہ
مرہم دافع آتشک۔ آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے	فی ڈبیہ عہ
عرق عشبہ مرکب۔ فساد خون و سوء عصبی آتشک گنٹھیا کیواسطے	شیشی خورد عہ کلاں
عرق دافع سوزاک مقرحہ۔ اندرونی استعمال کیواسطے۔	فی شیشی عہ
دوائی پچکاری برائے سوزاک کے ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کے واسطے	عہ ۱۴
دوائی پچکاری برائے قرحہ سوزاک کے کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے	عہ
روغن دافع ضعف مقاربت و سوء عصبی۔ پیرنی دانس کیواسطے۔	فی شیشی عہ

عرق طحال۔ تپ تلی کے واسطے	۲۴ خوراک ۴۸ خوراک عہ
آسپرمٹوریا پلز۔ دافع کثرت احتلام جریان منی	۱۴ گولی ۳۰ گولی عہ
الفروڈیزک پلز۔ مقوی دل و دماغ ضعف اعصاب خفقان رعشہ نیز بخشی ہے	عہ
نروائن ٹانک پلز۔ علاج نامردی۔ کم طاقتی سکزوری	۴۰ گولی عہ
کاف مکسچر۔ تردخشک کھانسی کا علاج	فی شیشی عہ
بچھوٹے کا علاج جلے ہوئے پر لگانے کیواسطے	۴۰ پونڈ عہ
بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل۔ دافع آبرسانیکہ کھانے دوا	اچھا لانک ۱۲ عہ

تمام درخواستیں نیچے لکھے ہوئے پتے پر آنی چاہئیں

منیجر ڈسپنسری میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر

تحفۃ الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس نایاب کتاب کو فاضل مصنف محمد عبداللہ بن عبدالعلی القرشی الہاشمی المکی نے علامہ خلف سے عربی میں تصنیف کیا ہے اور نہایت عرق ریزی سے اس کو مرتب کیا ہے اس کتاب میں قسم قسم کے مستند مضامین لکھے ہیں جو ہر مسلمان کے لئے بہت مفید ثابت ہوگی اور خصوصی یہ کہ بعض تاریخوں اور حدیثوں کو نہایت آسان کر دیا ہے اور انکا نام ہی صحیح کر دیا ہے [illegible] کے لئے بہت مفید ہے [illegible] کے ساتھ [illegible] کے ساتھ [illegible] کے ساتھ

امیدواران امتحان انٹرنس پنجاب یونیورسٹی کو مژدہ!!!

امتحان مین ضرر چند روز باقی

امیدواران امتحان انٹرنس پنجاب یونیورسٹی کو مژدہ ہو کہ مطبع خادم التعلیم و کارخانہ پیسہ اخبار لاہور نے اُنکے لیئے کل سوالات امتحان انٹرنس مین ابتداے ۱۸۵۷ء تا نہایت ۱۸۹۳ء مضامین ریاضی انگریزی تاریخ و جغرافیہ علوم طبعی کو انگریزی زبان مین معہ جوابات و حل مفصل تحریر کرنیکو نہایت لایق ماسٹرون سے تیار کرا کر چھاپدیا ہے۔

سوالات و جوابات ریاضی مکمل ۱۸۵۷ء سے ۱۸۹۳ء تک جنمین سے ایکسال کا ایک مضمون حساب مساحت اقلیدس و الجبرا بھی کم نہین چھپکر تیار ہین قیمت فی جلد عہ خرچ ڈاک علاوہ

سوالات و جوابات ترجمہ و گرامر انگریزی ترجمہ اردو سے انگریزی اور انگریزی سے اردو و گرامر اور جواب مضمون انگریزی کے مفصل قیمت فی جلد عہ (۱) سوالات و جوابات تاریخ و جغرافیہ (۲) علوم طبعی انگریزی مین اور (۳) اردو کورس انٹرنس مقررہ پنجاب یونیورسٹی کے فرہنگ اردو مین یہ طبع ہین انکی لیئے درخواستین درج رجسٹر ہو رہی ہین۔

نوٹ۔ اگر ایسا ہو کہ کسی صاحب کو یہ اوپر کی کتابین بوجہ مفلسی خریدنی مشکل ہون تو وہ ہمکو لکھین ہم بقسط ماہوار بھی بھیج دینگے۔

المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

اگر فایدہ نہ ہو تو قیمت واپس لے لو

نسل کے بڑھانے مرض نامردی کے دور کرنیکے واسطے شربت مردنی کا جس قیمت ۴ عہ

اس بکس مین ادویات مفصلہ ذیل دہ شیشی ظاہری صلاح کی ہوتی ہین مشتوی ماہ دو سو راجوب مقوی ماہ دو سو عنبر ماہ دو سو تخم بیدمشک ماہ دو سو تخم کاہو ماہ دو سو تخم خربوزہ ماہ دو سو تخم کدو ماہ دو سو تخم خیارین ماہ دو سو تخم ترپ ماہ دو سو تخم بادرنگ ماہ دو سو تخم کاسنی ماہ دو سو تخم خطمی ماہ دو سو تخم بہی ماہ دو سو تخم ریحان ماہ دو سو تخم نیلوفر ماہ دو سو تخم بنفشہ

نرک مزاج شاہاں تب سخن ندارند

ہمارے گلبرگی راجہ کی باتیں لوگوں کو بہت دنوں تک یاد رہینگی۔

تازہ حال سنیئے کہ ۲۴ فروری کی شام کو کسی فقرہ بازنے افواہ اڑادی کہ کل کے فساد میں ایک پٹھن کے پٹھان کے سخت چوٹیں آئی تھیں سو وہ آج تیسرے پہر مر گیا ہے اس لیئے آج رات تک آٹھ نہ بجے پہر ساری پلٹن صد بازار یہ اسکے خون کا بدلہ لینے کے لیئے حملہ کرے گی۔ یہ سنتے ہی لوگ جنکے دلوں سے کل کا خوف ابھی دور نہیں ہوا تھا کانپ اٹھے اور چٹ ہڑتال کرکے اپنے اپنے گھروں میں جا دبکے۔ مدعا صل بات یہ تھی کہ کوئی پلٹن کا سپاہی جو عرصہ سے ہاسپٹل میں بیمار پڑا تھا وہ مر گیا تھا۔ دل لگی باز آدمی نے کچھ اور شوشہ چھوڑ دیا۔ اب سنیئے بازنہ بند بجائے میجر ٹیٹ صاحب کے شیر اصاحب ڈائکٹر آسٹے اور لوگوں کو پچکار پچکار کر دوکانیں کھلوانی شروع کیں۔ لوگ پہچان گئے ہیں کہ ڈاکٹر شیر اصاحب اس معاملہ میں کیوں اس قدر سرگرم ہیں اور ہر موقعہ پر کیسے موجود رہتے ہیں۔ کورٹ آف انکوائری بیٹھ گیا ہے جسمیں لال کوٹی کا کرنیل پریزیڈنٹ رسالہ کا کرنیل اور توپ خانہ کا میجر ممبر ہیں۔ سبحان اللہ کیا انصاف ہے!! خود ہی مدعی خود ہی مدعا علیہ خود ہی تحقیقات کنندے اور خود ہی منصف۔ بازار کے لوگ جو شہادت کے لیئے طلب کیے جاتے ہیں۔ سنا جاتا ہے کہ انکو پلٹن کے سپاہی دھمکاتے ہیں اور آنکھیں دکھلاتے ہیں کہ پولیس والوں کا تو جو حال ہوا سو ہوا تمہارا بھی اگر کچھ کہو گے تو یہی حال ہوگا۔ زخمیوں کو معتبر ذریعے سے سنا ہے کہ ڈاکٹر شیر اصاحب کہتے ہیں کہ جاؤ تھوڑی سی دارو پی لو نشہ ہو جائیگا ہو جاؤ گے۔ چوٹ ووٹ نہیں ہے۔ لوگ پکار پکار کر کہتے ہیں کہ پلٹن کے پوٹی ڈوالے سب ایک ہیں میری رائے میں اس ہفتہ پر ہائی کورٹ جامی سرڈنیس فٹز پیٹرک صاحب کو ضرور کمیشن کے ذریعہ تحقیقات کرنی واجب ہے)

برسوں لان طلع باشد و بس

مرا قمہ قاضی جی کیوں وہلے ہے شہر کا اندیشہ

اہم جلاس نیشنل کانگرس کے پریسیڈنٹ کی تقریر کا بقیہ

[ہمارا آئندہ کام]

اب آئندہ ہمیں کیا کرنا ہے؟ ابھی ہمیں بہت سی اصلی اور لیگل حالت کے باب میں بہت تعصب۔ ظن اور غلط فہمی کو مغلوب کرنا ہے۔ مگر ہمارا رستہ اب ہمارے روبرو صاف اور سیدھا ہے۔ ایک طرف تو ہمیں یا تو ہونے یا ان لوگوں کے ساتھ جھگڑا کرنے کی ضرورت نہیں جو ہمارے مخالف ہیں۔ اور دوسری طرف ہمیں ثابت قدمی۔ استقلال اور اعتدال سے اپنے دکھ اور جائز حقوق کے اظہار میں چلنا چاہیئے۔

[ہیجسٹی کونسلیوں]

ابھی ہیجسٹی کونسلوں کے بارہ میں بہت کام ہمارے لیئے باقی ہے۔ صرف قواعد موجودہ ہی ایکٹ حال کا منشا پورا کرنیکے لیئے غیر ممکنی نہیں (جیسا کہ سٹر ٹھیڈ سٹون نے ہوس میں انکا مفہوم بتایا) اور نہ صرف ہمیں ابتک ان کونسلوں میں ہندوستان کی جیتی جاگتی نیابت ہی حاصل نہیں ہوئی ہے بلکہ موجودہ انتہا درجہ کے محدود اختیارات کو بہت بھاری وسعت دیجانا لازم معلوم ہوتا ہے۔ جسنے یہ کونسلیں اپنی اس حالت میں محض بیکار نام ہیں بروئے ایکٹ ۱۸۶۱ء (۱۹) بلا اجازت گورنر جنرل کوئی ممبر ایسا قانون (جسے قطعاً اخراج مدنظر ہے) داخل نہیں کر سکتا۔ جو سرکاری قرضہ یا سرکاری جمع پر موثر ہو۔ یا سرکاری جمع مذکورہ پر کوئی بار ڈالے۔ یا ہز میجسٹی کی ملٹری یا بحری فوج کے کسی حصہ کی تربیت یا قائمی کے متعلق ہو۔ اسکے یہ معنی ہیں کہ جہانتک ہماری رائے کا تعلق ہو سکتا ہے اس باب میں ہیجسٹی کونسل کا کوئی وجود نہیں۔ کوئی ممبر کوئی تحریک نہیں کر سکتا۔ تحریک مذکور کسی قانون کے داخل کی اجازت کیواسطے ہو۔ یا کسی ایسے قانون سے تعلق رکھتی ہو جو فی الواقع ایسمیں داخل ہو۔ اس طرح پر کسی ڈیپارٹمنٹ یا گورنمنٹ سے اپنے مخلوں کی بابت پرسش کرنیکا کوئی حق حاصل نہیں (دفعہ ۵۲) صاحب سیکریٹری جو کچھ کریں اسکی طاقت اور جواز ایسا ہی ہوگا کہ گویا ایکٹ ۱۸۵۸ء نافذ ہوا۔ ایکٹ ۱۸۵۸ء (دفعہ ۵۲) کے رو سے کوئی ممبر کسی رزولیوشن کے پیش یا تحریک کرنے یا کونسل کو کسی مالی بحث کے متعلق یا کسی سوال کے جواب میں جو باختیار اس ایکٹ یا تو احد مرتبہ زیر ایکٹ مذکور کیا گیا ہو تقریر کرنیکا مجاز نہ ہوگا۔ پس مالی بحث یا سوالات کرنیکی نسبت رعایت حال کی وسعت انتقدیر ہے کہ اس ایکٹ (دفعہ ۶۷) کے رو سے جو قواعد مرتب کیئے گئے ہیں وہ ایسے استفادوں میں تبدیل یا منسوخ نہ ہو سکینگے جو قوانین اور قواعد مرتب کرنیکے واسطے ہوں۔ نیز ایکٹ ۱۸۷۰ء (دفعہ ۲۲) صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند مجاز ہیں کہ پارلیمنٹ کے کسی ایکٹ سے گورنمنٹ ہند کیواسطے یونائیٹڈ کنگڈم میں قرضہ لے سکیں۔ اور اسطرح ہندوستانی ٹکس ادا کرنے والوں کا ایک لفظ بھی سننے کے بغیر انپر کوئی بار ڈالیں۔ ہم ہر ایک طرح اور منشا سے بے آئین ضابطہ کے زیر ہیں۔ اور ابھی صرف یہی لیجس لیٹو کونسل کے آستان پر ہیں

[مباحثہ بجٹ]

کونسل کی اہم کارروائیوں میں سے بجٹ ہے۔ دونوں یہاں اور انگلستان میں مباحثہ بجٹ کی کیا حالت ہے؟ ہوس آف کامنز ہر ہفتہ انگلش بجٹ کیواسطے منظوری دیتا ہے۔ اور اس وقت ملک کی رقم مصارف پر بحث ہوتی ہے جسمیں رقم مذکور بتبدیل بھی ہو سکتی ہے۔ صرف یہی نہیں۔ بلکہ ڈیپارٹمنٹ کی کارروائی کی جو سال بھر میں ہوئی ہو۔ نظر ثانی کیجاتی ہے۔ جسپر ضابطہ۔ بعید از انصاف و ناجائز فعلوں پر ہماری روک ہوتی ہے۔ مگر بجٹ ہند کی بحث ضابطہ کیا ہے؟ یہاں فنانشل سیکریٹری فنانشل منسٹر تیار کرتا ہے۔ اسکے ایک ہفتہ کے بعد چند ایسی سپیچیں کی جاتی ہیں جنکا علاوہ کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اور نہ کوئی عملی تحریک یا رزولیوشن پیش ہوتا ہے۔ بس اسی پر بجٹ پاس ہو جاتا ہے۔ ہوس آف کامنز میں بھی بجٹ ہند کی یہی کیفیت ہے مگر فائدہ یہ ہے کہ وہاں کوئی ترمیم یا کم از کم ایک ترمیم ہوس کی عملی تقسیم یا ووٹ کے ساتھ ہو سکتی ہے مگر وہاں ہماری فائدہ یہ ہے کہ ریشن کے دوران میں کوئی قانون ہند یا تحریک کی طرح پیش ہو سکتے ہیں۔ گذشتہ بجٹ بجٹ کے موقعہ پر گو سیشن کے آخری دن معمولی زائد گہما گہمی نہیں مشکل ہوا کہ تہوڑے لوگوں کی موجودگی کی وجہ سے ہاؤس بجٹ نہ ہتھیا سکے میں نہایت شکر رہوں کہ ہوس میں جو معاملات پیش ہوتے ہیں انمیں دیسی پڑھتی جاتی ہے جسکے واسطے ہند کے درست شکریہ ادا کیئے جانیکے قابل ہیں۔ ہر دور دراز مقامات میں کسی صرف ہوا نظر ڈالنے کے لیئے ضرور کی اصطلاحات پر وہ کہ نہیں ہے۔ اس وقت میں اس کی تالیفوں اور اختیار کی نہ ترمیموں پر بحث نہیں کرتا۔ مگر یہ امور آپکی توجہ اور غور کے مقتضی ہونگے۔ بلکہ لیجس لیٹو کونسلوں کے کیا کی نسبت ابھی آپنے مسٹر گیٹ سٹون کی "اصلی زندہ آواز نیابت" کی شہادت گورنمنٹ برٹش ہند کی تمام کارروائیوں میں سماعت حاصل کرتی ہے۔

[ہند کی بلاواسطہ نیابت پارلیمنٹ میں]

ابھی اور ایک اہم امر باقی ہے جسے میری مراد امپیریل پارلیمنٹ میں ہند کی طرف سے بلاواسطہ نیابت ہے۔ چونکہ ہمارے تمام پولیٹکل مسائل اور ارتباط ہمارے ہند و یونائیٹڈ کنگڈم۔ تمام پارلیمنٹ کے پاس شدہ اور موجودہ ایکٹوں کی ترمیم یا تمام اہم ایکٹوں کا جو آئندہ پارلیمنٹ میں پاس ہو سکتے ہیں۔ اور تمام جاری آخری اپیل عرضیاں پارلیمنٹ میں فیصل ہو سکتی ہیں اور ہم آف کامنز میں کسی معقول بلاواسطہ نیابت کا ہونا بہت ہی ضروری ہے اور وہ نیابت کا ہونا بہت ہی ضروری ہے اور وہ جب تک کہ کانگرس کے ڈیلیگیٹوں کی طرح ہند و ستانیوں یا یورپینوں کی ہو ہند و ستانیوں یا یورپینوں کی ہو سکتی ہے۔

(باقی آئندہ)

اشتہارات

اشتہار عدالت دیوانی جلاس منشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر

کانشی رام ولد ہرنام داس ہمن کن [جنام منگو ولد [illegible] جاتی کن [illegible]
پنڈوری سنیہ تحصیل نندنہ [illegible] ساکن [illegible] تحصیل [illegible]

ایصال مدعا

بمقدمہ ہذا بیان حلفی ڈگریدار یہ جاتا ہے کہ [illegible] سے گرپتار کے روبرو پیش ہو کیا ہے۔ لہذا اشتہار ہذا جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ مذکور تاریخ [illegible] وقت [illegible] کے حاضر عدالت ہو کر جواب دہی مقدمہ نہ کریگا تو اسکے برخلاف یکطرفہ کارروائی کیجاوے گی آج میرے دستخط اور مہر عدالت سے [illegible] کو جاری کیا گیا

اشتہار عدالت مطالبہ حقیقہ جالہ اطلاعی منشی اکبر دین صاحب منصف درجہ اول جالہ

سندر داس ولد بھیکو داس [illegible] بستی ولہ کاہن گڑھ مگلا باولد [illegible]
کمیتری ساکن جالہ مدعی [illegible] ساکن [illegible] تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوی حریصہ جرو تمسک

ہر دو مدعا علیہ کا کوئی پتہ نہیں ہے کہ کہاں ہیں۔ تعمیل سمن انپر نہیں ہوئی۔ لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہم ۲۶ مارچ ۱۹۰۲ء کو حاضر عدالت نہ ہونگے تو انکی نسبت یکطرفہ کارروائی ہوگی۔

آج میرے دستخط اور مہر عدالت سے ۲ مارچ ۱۹۰۲ء کو جاری کیا گیا۔

[یہ میموریل صرف بحوف اخبار ٹریبیون لاہور مین شائع ہوچکا ہے] کہ حضور الانور ہماری فی الفور فریاد سنین ہم بہت مصیبتزدہ ہین۔ ایک ایک گھڑی ہمپر بھاری ہے اور ہر طرح بیخطا ہین۔ سخت تعجب ہے کہ حضور نور نے تحقیقات کرنا تو درکنار ہمینون گذر گئے رسید تک نہین ہوئی کہ تمہارا میموریل ہپونچا بھی یا نہین۔ تھوڑا عرصہ ہوا کہ اخبار ٹریبیون لاہور مین انہین سودا گرون کے اخراج کے متعلق چند سرکاری کاغذات شائع ہوئے تھے۔ انکا لب لباب یہہ ہے کہ میانیر کے جرنیل نے چاہ وانی جالندہر کے کمانڈر سے کیفیت طلب کی تھی کہ ان سوداگرون کو چاہ وانی سے کیون نکالا گیا۔ چاہ وانی کے کمانڈر افسر نے کرنل گولڈ سبری صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ سے کیفیت مانگی کہ وجوہات لکھو اسپر جو گلبری صاحب (یہ آپکا نام فہم نام ہے) نے کیفیت دی اسکا خلاصہ یہہ ہے کہ ان لوگون کو کسی خاص بارہ مین تاکید کیگئی تھی کہ عرضیان مت دو مگر یہ لوگ باز نہین آئے اور برابر عرضی پر چون سے ہمین دق کرتے رہے لہذا بینچے انکے چاہ وانی سے خارج کر دینے کا حکم دیدیا۔ (ناظرین خود سمجھ گئے ہونگے کہ ایسی حرکت روس مین بھی ناممکن ہے جہان کی نسبت مشہور ہے کہ شخصی سلطنت کی وجہ سے بہت زیادتیان ہوتی ہین) یہہ افواہی بات نہین برابر سرکاری کاغذات کی مصدقہ نقل دفتر ٹریبیون مین موجود ہے۔

مسئلہ نمونہ از خروارے ایک اور تازہ کیفیت سنیئے۔ ایک شخص منگل نامی سکنہ موضع منگل ایک من کے قریب گھی ناقص بوزن کرایا جائے۔ اسپر فی الفور حکم ہوگیا کہ اچھا دفن کرایا جاوے۔ اسمین مطلق کسی ڈاکٹر کی رائے نہین لیگئی اور نہ کسی مستند طبی افسر کا معائنہ کرایا گیا۔ آخر لاچار ہوکر بیوپاری نے درخواست دی کہ گھی دفن نہ کرایا جاوے مجھے واپس بھجاوے مین اپنے بیلون کو کھلاؤنگا اسکی درخواست پر گلبری صاحب نے حکم دیا کہ اچھا یہ گھی سرکاری بیلون کو کھلایا جاوے (واہ ری سمجھداشاہی!) اب اس موقعہ پر تین باتین قابل غور ہین۔ اول یہہ کہ ایک معمولی مارہ غہ صفائی کی گھی کی عمدہ اور ناقص ہونے مین رائے کی کیا وقعت ہوسکتی ہے۔ پھر گلبری صاحب کی اسقدر جلد بازی کہ بلا معائنہ ڈاکٹر صرف ایک معمولی اہلکار دفتر کی رپورٹ پر ایسا اندھا دھند حکم صادر کر دینا جس سے غریب بیوپاری کی معقول رقم پر پانی پھر گیا۔ تو یہ مثل جوتے انسان کے لیئے مضر صحت ہوسکتی ہے وہی شئے قریب قریب جانورون کے لیئے بھی ہوتی ہے۔ تیسرے اسکے کیا معنی کہ بیوپاری کے بیل اسے نہین کھا سکتے اور "سرکاری بیل اسے ہضم کر سکتے ہین"۔ اور پھر اسکا کیا ثبوت ہے کہ وہ گھی سرکاری بیلون نے کھایا یا سرکاری آدمیون نے۔ کیا گلبری صاحب تصدیق کر سکتے ہین کہ ہم نے اپنے سامنے کھڑے ہوکر سرکاری بیلون کو کھلایا۔ اسی طرح گھی کا معاملہ دودھ کے نمونون کے ساتھ بھی ہوا۔

کل قصہ قاضی جی تم کیون روئے ہو شہر کا اندیشہ

بلوچستان کی سابقہ اور موجودہ حالت

ملک بلوچستان جو بالکل پہاڑی علاقہ ہے۔ زمانہ قدیم مین اسکی آبادی بہت کم تھی۔ بڑے سے بڑے گاؤن یا شہر مین صرف چند جھونپڑے نظر آتے تھے جنمین صرف دس پندرہ آدمی رہائش رکھتے تھے۔ جھونپڑے مٹی یا کرنڈون سے بنائے جاتے تھے۔ اکثر لوگ لوٹ مار پر اپنی اوقات بسر کرتے تھے۔ بعضے انمین مالدار بھی تھے۔ ہیژڑے بکری گائے اونٹ کے گلے پہاڑون مین چراتے تھے علم و ہنر کا نام و نشان نہ تھا۔ گلے کہتی باڑی ہی کیا کرتے تھے۔ غرض بروہی۔ مری۔ دومڑ۔ کوکڑ۔ کہتران۔ موسیٰ خیل۔ ژوبی وغیرہ قومین اس ملک مین بود و باش رکھتی تھین انمین لوٹنی ترین شاخ زئی وغیرہ قومین ملک ایران اور خراسان سے آکر سکونت پذیر ہوئین۔ ہر ایک قوم کا اپنا اپنا سردار ہوتا تھا اور ہر سردار کی زیر اطاعت چند ملک یا معتبر قوم کے ہوتے تھے۔ قوم کا سردار وہی گنا جاتا تھا۔ جو زبردست اور بہادر آدمی ہوتا تھا۔ ان اقوام مین کبھی کبھی لڑائیان بھی ہوتی تھین۔ اسوقت شارع عام یا سڑکین ملک ہر مین نہین تھین۔ صرف ایک یا دو راستے تھے۔ جنپر ملک ایران و خراسان کے سوداگرون کے قافلے گذرا کرتے تھے اور یہ لوگ ملک ایران و خراسان کی شال قاقلین۔ پوستین۔ غالیچہ۔ بادام۔ ہر قسم کا خشک و تر میوہ اور کابل کے گھوڑے بطور تجارت ملک ہندوستان مین لاکر فروخت کرتے تھے۔ انہین راستون سے بادشاہان ایران و غزنی نے افغانستان و بلوچستان سے گذر کر ملک پنجاب و ہندوستان کو تسخیر و پائمال کیا تھا۔ یہہ راستے بہت خطرناک اور سنگلاخ تھے اور سوائے انکے اور کوئی راستہ پنجاب مشرق ہندوستان کو نہ تھا۔ کوئی لشکر قافلے کے سوائے شہانے ایسے رستے سے گذر نہین کر سکتا تھا کیونکہ فوراً مارا جاتا تھا۔ ان اقوام کے زیادہ حالات پھر کسی وقت نذر ناظرین کیے جائینگے۔

اب سرکار انگلشیہ کے ملک بلوچستان مین عنان حکومت سنبھالنے اور اقبال و انتظام سے یہہ حال ہوگیا ہے کہ جا بجا پختہ سڑکین بنائی گئی ہین۔ آبادی کئی گنا زیادہ ہوگئی ہے۔ مکانات پختہ تعمیر ہوگئے ہین۔ دن بدن وحشی قومین اپنی بہتری کے لیئے شائستہ ہو رہی ہین۔ ہر ایک نیچر زمین کا قطعہ مثل باغ کے لہرا رہا ہے۔ نہرین جاری ہین۔ ہر قسم کے انگور۔ انار۔ شفتالو۔ زردآلو۔ بادام اور کئی قسم کے میوہ جات کی بکثرت پیداوار ہے۔ پہلے اس طرف کھنڈر پڑا ہوا تھا اور وہ بھی کمیاب۔ لیکن اب لٹیا اور ایک ناری مکمل پھنچنے لگے ہین۔ مدرسے جاری ہین۔ ریل گاڑی روان ہے۔ اس تیرہ یا چودہ برس کے عرصہ مین کہ جسے انگریزی راج شروع ہوا ہے وہی پہاڑی قطعہ بلوچستان موافق ملک ہندوستان کے ہوگیا ہے۔ وہی راستے جو خطرناک اور قابض روح تھے۔ شب و روز خلق خدا بے خوف و ہراس آنہ جا رہی ہے۔ کچھ عرصہ مین یہہ کیفیت ہو جائے گی کہ ایک چوٹا لڑکا کف دست پر زر لیکر تن تنہا پہاڑون اور راستون پر گذر کریگا تو کسی کو جرات نہ ہوگی کہ اس سے پرسان بھی ہو۔ ان اقوام کی آپسمین جو لڑائیان ہوتی تھین وہ بالکل دور ہوگئین۔ مقدمات ان اقوام کے برروئے جرگہ اور عدالت انگریزی کے فیصل ہوتے ہین (رسالہ نامہ نگار مرغ بلوچستان)

(یہ بالکل مبالغہ ہے کیونکہ آجتک ہندوستان کے بڑے بڑے شہرون مین ڈاکے پڑجاتے ہین۔ ایڈیٹر)

چھاونی جالندہر مین غدر کی سی کیفیت

پچھلے نمبر مین دکھایا گیا ہے کہ جب پلٹن واپس آرڈر پر کرکے اپنی پلٹن کو واپس چلے گئے تو انکے صدر بازار سے بیٹھ پھیرتے ہی اندھیرے مین ایک بم گولے کی آواز سنائی دی جسمین درحقیقت ڈاکٹر شیرا صاحب تھے۔ مگر بازار کے لوگ جو ہمارے خوف کو دیکھ پڑے تھے یہ سمجھ کر کہ گلبی صاحب (کنٹونمنٹ مجسٹریٹ) آئے ہین کلبلا اٹھے اس وقت کا سین سننے کے قابل ہے۔ ایک غریب درزی اپنی کوٹھڑی سے نکلکر اور دل کڑا کرکے دوہائی دینے لگا کہ "حجور۔ گریبی پرور۔ دوہائی ہے۔ مارڈالا۔ مائے باپ ہمارے حجور ناحق بن ناحق مارا جاتا ہے۔ ہاکم مین پولس لائین مگر کہان دندا ایک سنی نا ڈی کسی وخت کا بدلا لیا۔ ہمارے بہینون بلدی تباہ ہے پڑا رہوگا۔ اللہ ہی بچاوے تو بچون کہان دندا نسا ہے سرکار کرے۔ مین غریب دو گنڈہ ہے حجور کا بجو بیمار ہے چھوٹے چھوٹے بال بچے اتنے دن کیسے گذرے گا ہمکو بچاؤ" ہے بن موت مارا۔ انکو کہان گرفتار کرے۔ ہائے ہائے" سامنے سے ایک بڈھے سکھ صاحب نمودار ہوئے اور غل مچانے لگے کہ "اوہ انہا ندی ایسی تہی کہ ان پلس والیان نون ان ماریا سو ماریا بچاروی کہلکتا دی بہی چند کڈہ دیئے۔ میرے آہ تہہ دے اتنے ڈاڈی سرٹ آئی ہمارے سامنے سے ایک پوربنی سائیس واویلا کرنے لگی "ارے ایدی دایہ بچارن کے پوتن مورنیہ دکا مارڈالا رس سے۔ تون گھس ہوڑے پر دہرے آوت رہا پکی ہتڑ کیا پر گانسٹیبل بہین سونٹن کے مارے پران نکارا بس۔ انکا ہوا نی کہاے" پکی ہتڑک کی طرف سے ایک پنجابی کانسٹیبل غل مچاتے آرہے ہین "ہائے رہا ہائے رہا۔ مینون تان تن من نے تپ آوندی سی۔ انہان کے ایمان نے مار مار کے ناس کر دتا۔ لینا نہ دینا۔ مین کلا آدمی اوہ پہوچ گیا پہوچ۔ ہائل وے رہا میرا سر پاٹ گیا"۔ دوسری طرف سے ایک تیسرا ہی فروش خانساماں نکلا۔ "ارے میاں کیا پوچھتے ہو قسم ہا جان کی مردودون نے بن ناحق ہڈی پسلی چور کر دی مارے ڈنڈون کے ہڑکس نکال دیا۔ یہ ساری شامت اس مردار کالی پوشاک کی وجہ سے آئی ورنہ کوئی نہ ٹوکتا۔ کیلا تھا اور ہاتھ مین لکڑی تک نہین ورنہ دس پانچ کو تو بے زخمی کیئے نہ چھوڑتا۔ بہینون مین چوٹین اچھی ہونگی۔ اب پہلے جاکر دودھ پہنگر ڈی پیتا ہون پھر اجلاس صاحب سے رپٹ بولون گا"۔ سنڈی کی طرف سے ایک دوکاندار باگڑی بنیے دہوتی پر تلہ لیف لائے اور غل مچانا شروع کیا۔ "ارے یوہ دیکھتے دیکھتے کے ظلم ہوگئو۔ غریب کی بات کون سنے۔ ہماری ٹانٹ گھنی کرکے سودا سلف لے گئے"۔

غرضیکہ ایک عجب ہڑبونگ کا عالم تھا مگر جب لوگون کو معلوم ہوا کہ یہہ مجسٹریٹ صاحب نہین ہین بلکہ ڈاکٹر شیرا صاحب ہین تو سب کے سب مایوس ہوگئے۔ یہان غدر کا مقام ہے۔ گو گلبری صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کی کوٹھی یا ہنگامہ یا میدان کارزار سے اگر ایک معمولی آدمی دوڑ کر جائے تو تین چار منٹ سے زیادہ کا راستہ نہین ہے اگر وہ کلب مین نہ ملے تو وہ بھی اتنے ہی فاصلہ پر ہے۔ مگر شاید کبھی کی جرات نہ پڑی ہو لیکن نہ دو سو ڈاکٹر شیرا کو اپنے اس علت مین بارہ پتھر سے باہر کر دیا کہ وہ عرضیان دے دیکر دق کرتے تھے اب اس وقت اگر انکے کوئی آدمی ہمدرد خیر اندیش ہوتا تو شاید انسے کہتا۔ (باقی آئندہ)

یہ ہوتی کہ میونسپل سوسائٹی کا کوئی بھی ایسا کام اس مضمون کے متعلق ظاہر نہوا۔ جس سے امید پڑتی کہ ملک کا دکھ کو یہ جماعت دور کر سکیگی۔ برسہ دو یا کی رکشا کرنے کے لئے ہندو قوم کا شکریہ ادا کرنا تو کچھ بڑا نہیں۔ لیکن وہ قوم اس وقت موجود کہاں ہے جس نے اپنا پڑشارتھ سارے کا سارا دھرم کی رکشا میں لگایا ہوا تھا۔ اُس پترا چین آریہ قوم کے نشان ہم موجودہ پجھر پرست باہمنوں میں تلاش کرتے پھریں تو ہم سے بڑھکر مورکھ اور کون ہے"۔

پنجاب میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں گاؤکشی کی حالت اور ہندو مسلمانوں کا اتفاق

ایک پرانے طرز کے مسلمان رئیس نے بطریق تذکرہ بیان کیا کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے زمانے میں پنجاب کے مسلمانوں میں گاؤکشی کا سوال بالکل بند نہیں تھا گو کم تھا۔ لیکن جب انگریزوں کے عہد میں اس کے بڑھ جانے کی وجہ دریافت کی تو اس نے نہایت معقول جواب دیا کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی طرف سے تو گاؤکشی کی قطعی ممانعت تھی اس لئے خفیہ خفیہ مسلمان لوگ یہ کام کیا کرتے لیکن جبکہ انگریز خود کثرت کے ساتھ کھاتے ہیں تو ممکن ہے کہ مسلمان رُک جاویں ؎

بہ نیم ہیفتہ چو سلطاں ستم روا دارد
زنند لشکریانش ہزار مرغ بکشج

مہاراجہ رنجیت سنگھ نے آخر زمانے میں حکم دیا تھا کہ جس گاؤں میں گاؤکشی کی واردات ثابت ہو وہ گاؤں کا گاؤں ہی جلا دیا جاوے۔ مگر اُس زمانے میں پنجاب کی ہندو اور مسلمان رعایا میں آپس میں اتفاق اتنا تھا کہ اگر بر تقدیر کسی واردات کا پتہ باہر نکل جاتا۔ اور کارندے سکھ گاؤں کو آگ لگا دیتے تو شوت فہم کرنے کے لئے ہندوؤں کی عورتیں مسلمانوں کے چولہوں سے اس گوشت کی ہانڈیاں اُتار کر اپنے گھروں میں لیجاتیں۔ بظاہر یہ بات بالکل غلط اور مبالغہ آمیز معلوم ہوتی ہے لیکن اس کے راوی کے اعتبار پر اور اُس زمانے کی رعایا کے آپس کے تعلقات پر اور زمانہ پر خیال کر کے ہم مان سکتے ہیں کہ یہ بات غلط نہوگی۔ مگر سب سے بڑی وجہ اس امر کی تصدیق کی ہمیں یہ نظر آتی ہے کہ مہاراجہ رنجیت سنگھ بڑا دور اندیش آدمی تھا۔ اس کا یہ حکم بھی مصلحت سے خالی نہ تھا کہ گاؤں کا گاؤں ہی جلا دیا جاوے۔ وہ سمجھتا تھا کہ اس تدبیر سے اُس کے ہندوؤں کو اس معاملہ میں مسلمانوں سے اختلاف کی کبھی جرأت نہوگی۔ کیونکہ سب گاؤں کا گاؤں ہی جلا دیا گیا تو اُن کے گھر بھی اُسی میں جل گئے جس بات کو وہ کبھی گوارا نہیں کرینگے۔ اور اس طرح ان کو شکایت کا موقع ہی نہیں ملیگا کہ مسلمان گاؤکشی کرتے ہیں۔ ہمارا مہاراجہ کیا منصفانہ ہوگا۔ کیا اچھا ہو اگر اب بھی ہندو مسلمان تفاق سے بسر کریں ؎

سوتی کپڑے پر کانپور کی چیمبر آف کامرس (مجلس تجاران) کے فیصلہ کے خلاف احتجاج کا سوال لگانے جاوے

کانپور کی چیمبر آف کامرس (مجلس تجاران) نے مندرجہ ذیل اشتہار مارچ کو شائع کیا۔

ایک پبلک میٹنگ جس میں تمام دلچسپی لینے والے لوگ شریک ہو سکتے ہیں ۱۰ مارچ منگل کے روز ٹاؤن تھیٹر میں منعقد ہوگی۔ تاکہ اس سخت بے انصافی کی مخالفت کیجاوے جو سوتی کپڑے کو اشیائے قابل محصول درآمد کے مسودے سے خارج رکھنے میں کی گئی ہے۔ یہ مسودہ اس وقت ایک منتخب کمیٹی کے پیش ہے جو ۱۰ مارچ روز شنبہ کو بطور قانون کے منظور ہو جائیگا۔ یہ معاملہ نہایت ضروری ہے کیونکہ گورنمنٹ نے جو محصول اشیاء برآمد تجویز کیا ہے وہ قریب دو کروڑ روپے کے مقدار مطلوبہ سے کم ہوگا۔ کہ جس کے لئے مزید ٹیکس کی ضرورت ہوگی جس کے لئے غالباً انکم ٹیکس کو بڑھانا پڑیگا۔ حال کے ہنگاموں کے بڑھ جانے سے تمام اسباب آمدہ ولایت کی قیمت دس فی صدی بڑھ گئی ہے اور اس سودے کی منظوری سے پانچ فی صدی اور قیمت بڑھانی پڑیگی۔ خواہ اگر ایکسچینج کی یہی صورت رہے تاہم کپڑے پر بھی اگر اسی حساب سے محصول لگا دیا جاوے جیسا کہ دیگر اشیا پر لگایا گیا ہے تو اس کا بوجھ تمام ملک پر تقسیم ہو جائیگا کیونکہ کپڑا سب لوگ یکساں خریدتے ہیں۔ اور اس صورت میں ٹیکس بڑھانے کی کوئی ضرورت نہ پڑیگی۔ معلوم ہوا ہے کہ سوتی کپڑے کو محصول درآمد سے محفوظ رکھنے کے لئے لنکا شائر کے کپڑے کے سوداگروں نے ہوم گورنمنٹ پر زور ڈالا ہے۔ اس لئے اس خیال سے کہ اس بارے میں تمام لوگوں کی طرف سے پورے طور پر اظہار ناراضگی کیا جاوے کہ کیوں ہندوستانی ٹیکس دینے والوں کا نقصان کر کے انگریزی کپڑے کے سوداگروں پر مہربانی کیجاتی ہے ایک بہت بڑے جلسے کی ضرورت ہے۔ مندرجہ بالا اشتہار اسی مطلب کی تائید کرتا ہے کہ جسے ہم نے کسی قدر وضاحت کے ساتھ لیڈنگ آرٹیکل میں بیان کر دیا ہے۔ بیشک سب طرف سے لوگوں کو اس بات پر زور دینا چاہیئے کہ دولامتہ کے سوتی پر محصول درآمد نگا دیا جاوے اور انکم ٹیکس کو ہرگز نہ بڑھایا جاوے۔ کہ جس سے غریب رعایا پر سخت مصیبت عائد ہوگی۔ اس قدر ہمارے لئے اطمینان باقی ہے کہ ہندوستان کے انگریز بھی ہمارے ساتھ اس مصیبت میں شریک ہیں اس لئے امید ہے کہ وہ کچھ شور و غوغا بھی مچینگے جیسا کہ کانپور کے چیمبر آف کامرس کے مندرجہ بالا اشتہار سے واضح ہوتا ہے ؎

پانچ روپئے کے انعامی مقابلہ کا نتیجہ

ایک پوسٹ کارڈ پر پیسہ اخبار کا نام زیادہ سے زیادہ مرتبہ لکھنے کا مقابلہ بہت گرمجوشی سے کیا گیا۔ ہماری پاس دو سو سے زیادہ کارڈ مقابلہ کے پہنچے جن میں سے واقعی بعض کو بڑی محنت سے لکھا گیا۔ کل کارڈوں کے ۱۴۸۷۴ مرتبہ "پیسہ اخبار" کا نام درج تھا۔ اس سے کم ایک کارڈ پر ۸۰ نام تھے اور سب سے زیادہ ایک کارڈ پر ۵۲۴۰ اس سے کم ایک کارڈ پر ۴۲۰۸ نام تھے اور اس سے کم والے پر ۴۰۸۰ لیکن دوسرے نمبر کا کارڈ لالہ ستیارام کا اول نمبر کے کارڈ سے زیادہ صفائی اور ایک لکھا ہوا ہے اگرچہ وہ شخص پیسہ اخبار کا خریدار نہیں ہے ہم شرط اصول کے مطابق مجبور اُسے توجہ نہیں کر سکتے۔ اس لئے پانچ روپے کے انعام میں سے چار روپے منشی چرنجی لال صاحب ساہتی بھوشن مالک مدیر کل ۵۲۴۰ نام لکھنے والے کو دیتے ہیں۔ اور ایک روپیہ منشی احمد علیخاں صاحب ڈپٹی انسپکٹر نمبر ۲۰۷۲ کو دوم درجہ کا کارڈ بہت اچھا لکھا ہوا تحریر کرتے ہیں۔ یہ تینوں کارڈ قابل دید لکھے ہوئے ہیں۔ مگر افسوس کہ ان کی نقل چھاپنا ناممکن ہے ؎

مراسلات

کیا سرکار انگریزی کے راج میں انسان اندھیر ہو سکتا ہے؟

ہندی میں ایک کہاوت ہے کہ "راجہ روہٹیگا تو اپنی نگری چھپن لیگا" اسی طرح اُردو میں ایک ضرب المثل ہے کہ "شہر بدر کیئے جاوگے" جنسے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں جبکہ سلطنت محض شخصی ہوتی نہیں اور بادشاہ کا حکم بمنزلہ نوشتہ تقدیر یا مرگ مفاجات کے سمجھا جاتا تھا اُس زمانہ میں اس قسم کا عذاب آ مدہ تھا کہ جو شخص ہو رعتاب سلطانی ہوتا یا جس کی شامت اعمال سے بادشاہ کا قہر نازل ہو جاتا تو اُسکو اپنے شہر یا علاقہ سے خارج کر دیتے تھے۔ مگر انیسویں صدی کی تہذیب کے زمانہ میں اور بہر سرکار انگریزی کے راج میں اس قسم کا عذاب آ مد ہونا معلوم! آسمان کو فی الفور محال اور ناممکن معلوم ہوگا مگر حیف کہ یہ بالکل صحیح ثابت کرتے ہیں کہ البتہ اس زمانہ میں سلطنت روس میں شاذ و نادر ایسے حکم صادر ہو جاتے ہیں مگر وہاں جرم سنگین ہونا ہے جسکی سزا دھان کے خیال کے مطابق اسی قسم کی ہوتی ہے۔ اگر میرا یہ آرگیمنٹ بجائے ہندوستان کے انگلستان میں شایع ہو کہ برٹش گورنمنٹ کے عہد حکومت میں ایسا ہو رہا ہے تو بلاشبہ ناظرین سمجھیں گے کہ لکھنے والے کا دماغ صحیح نہیں ہے۔ مگر شکر ہے کہ ہندوستان میں سینکڑوں لکھے ہزاروں ایسے آدمی ملینگے جو راقم کو سچا سمجھینگے مگر وہ ملینگے کہاں؟ چھاؤنیوں میں۔

تھوڑا عرصہ ہوا کہ چھاؤنی جالندھر سے دو بھلے مانسوں سر بخش و رحیم بخش سوداگران چرم کو لفٹنٹ کرنل گولڈ سبری کنٹونمنٹ مجسٹریٹ نے چھاؤنی سے خارج کر دیا اور پولیس کو حکم دیدیا کہ اگر یہ بغیر ہمارے حکم کے بارہ بجے دوپہر سرحد چھاؤنی کے اندر آویں تو گرفتار کر لو۔ یہ شخص عرصہ بیتیں چالیس سال سے یہاں رہتے ہیں۔ بہت کچھ جائیداد وغیرہ منقولہ رکھتے ہیں کارخانہ وار ہیں کبھی پہلے کسی علت میں نہیں پھنسے۔ تجارت پیشہ اور بال بچہ دار مگر گلبرٹی صاحب کے نادر شاہی حکم سے بیچارے گھر بار چھوڑ کر کاروبار کو بند کر کے نکل گئے۔ دن بدن گاؤں اور جنگلوں میں مارے مارے پھرنا روٹی پانی کی تکلیف رات کو کسی سرائے یا جھونپڑے میں پڑ رہنا۔ بیوی اور بال بچوں کے دُکھ سکھ کی خبر نہ ملنا ہر حرج میں شریک نہ ہو سکنا ایسی باتیں ہیں کہ اگر ان کا ذرہ بھی خیال کیا جائے تو بدن کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اور جنپر بیتی ہے وہ تو جانتے ہی ہونگے۔ جب اتنے دریافت کیا گیا کہ تم سے ایسی کیا خطا ہوئی جو ایسی کھلا شاہی سزا ملی تو وہ کہنے لگے کہ ہماری خود عقل حیران ہے۔ کیا خطا بتلائیں سوائے اسکے کہ گلبرٹی صاحب تجارت کے متعلق ایک فیصل کن نقص طلب مانگی تھی کہ آگے کہیں اپیل کریں اسکے جواب میں ہمیں شہر بدر کیا گیا۔ کئی مرتبہ لفٹنٹ گیسٹی۔ برگڈیر میاہنر کے حضور میں ناشر فریاد کی۔ کوئی سنتا ہی نہیں کہ ہم ہیں کون۔ آخر انہوں نے لوگوں کے کہنے سننے سے سر ڈینس فٹز پیٹرک اب لفٹنٹ گورنر پنجاب کو اپنی کل داستان لکھکر ایک میموریل بھیجا

ایک صاحب لکھتے ہیں کہ "کارخانہ پیسہ اخبار کی نادر جنتریوں میں اچنبا ہے" ؎

ان سے زیادہ کام کر دکھے انہیں نزک نہ پہنچائیں۔ لطف یہ ہے کہ ہندوستان کی رعایا کو خاندان کا اپنی خیرخواہی پیش کریں ان کا بہت کم خیال کیا جاتا ہے۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہے جیسے کہ ایک شہزادی کا بیٹا اور ایک فقیر کا بیٹا دونوں اکٹھے رہتے ہوں۔ امیر صاحب جو بات حقیقی بیٹے کے لئے روا سمجھیں گے اور اس کی درخواست پر کچھ نہ کچھ ضرور کریں گے وہی بات کسی غیر رشتہ دار فقیر کے بیٹے کی درخواست پر کب پورا کر سکتے ہیں۔

خیر یہ جملہ معترضہ تھا جو بات ہو رہی تھی وہ یہ کہ صاحب وزیر ہند نے انڈیا کو اپنے مالی معاملات کے سلجھانے میں پورا اختیار دیا اور ہندوستان کا وزیر مال (فنانشل ممبر گورنمنٹ آف انڈیا) مقرر ہو گیا۔ آج تک اس کی کوئی رائے ماننے کے لئے کسی وزیر سے اسباب مقدمہ منگوانے کی ضرورت نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ مسٹر ولیسٹ نے بات چیت کر کے معمول تجارت کی ترقی کے مسودہ کونسل وائسرائے آئین و قانون میں پیش کیا ہے۔ اس کے رو سے کوئی نیا محصول لگایا جائے گا سوائے اس کے کہ مٹی کے تیل پر فی بیرل چھ پائی محصول لگایا جاوے گا۔ اور درآمد قہوہ، میوہ جات اور ترکاریوں پر ولایتی کھانے کی چیزوں پر جو ٹین میں بند ہو کر صاحب لوگوں کے استعمال کے لئے آتی ہیں اور تاجر میس سٹور کہلاتی ہیں۔ مصالحہ وغیرہ خورد و نوش کے گیر سماب، اجزائے کیمیاوی، ادویات، نارکوٹک، اشیاء رنگنا کو وغیرہ پر۔ رنگنے کے مصالحے، رسد سامان کوئین کے جز نباتی اور ادویہ پر۔ شیلاک معدنی اور فلزاتی برسامان کلوں کے لئے ہر قسم کے لوہے اور فولاد پر سامان ریل کے کام کی چیزیں پر کسٹم ڈیوٹی پانچ فی صدی محصول میں اضافہ کیا جائے گا۔ یہ مسودہ قانون کمیٹی کے سپرد کیا گیا ہے جو یقیناً ایک دو روز میں رپورٹ دے دیگی۔ اور اس کے ذریعے سے قریب ایک کروڑ چالیس لاکھ روپیہ سالانہ کے محاصل بڑھ جاویں گے۔

اس کے علاوہ گورنمنٹ نے ارادہ کیا ہے کہ جہاں تک ہو سکے اخراجات کم کر دیئے جائیں۔ یہاں تک کہ بڑی بڑی پبلک ورکس مثل ریلوے لائنوں اور آبپاشی کی نہروں کے جو ہندوستان کی صنعت حرفت میں سرکاری اخراجات پر ہو رہی ہیں چند روز ملتوی کر دیئے جاویں۔ گو اس پر بھی رستے محکمہ ہے کہ ان کاموں کو ضرور جاری کیا جاوے یا جاری رکھا جاوے۔ تاہم ظاہر ہے کہ گورنمنٹ کو اضافہ کرنے کے لئے کتنی پریشان ہو رہی ہے۔ تاہم اگر نئے محاصل بھی جمع کئے جاویں اور اخراجات میں بھی کمی کیجاوے تو گو کچھ حصہ کمی ہو گی) تو بھی اس خسارت کا بہت حصہ بھی پورا ہو جاوے گا۔ یہ بھی امید کیا جاتا ہے۔ اس سے ابھی اندیشہ باقی ہے کہ اس وزیر سے ہم جو چاہیں کرا لیں گے کیا ہم کونسل ہند بھی بدل دیا جاوے؟ یہ سوال ہے جس کی طرف خود بخود سے لوگ متوجہ ہیں۔ گو ابھی سے اخبارات اور دیسی اور مخلص مزاج انگریز اہل رائے گروہ میں اس کی مخالفت شروع ہو گئی ہے۔ واقعی تنخواہ بھی بہت ہے ہزاروں روپے تنخواہ پانے والے کو روپے کی کمی قیمت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا ہے جو کہ روپے سالانہ کے ہے۔ اور غریب ہندوستانیوں کی فی کس آمدنی ۳۰ روپے سالانہ کی جاتی ہے۔ پس ہر انگریز فی کس بہت سخت اور بڑا بوجھ ہندوستان پر ہے۔ اس غریب ملک کے لوگوں کو

بہت گراں گزرتا ہے۔ اور چونکہ اس میں غیر ملازم انگریز بھی شریک ہونگے اس لئے امید ہے کہ وہ بھی اس بات میں رئیسوں کے ساتھ شامل ہو کر مخالفت کا شور مچائیں گے۔ کیونکہ کہتی ہے انصافی کی بات ہے کہ تاجروں وغیرہ لوگوں کو تو روپے کی قیمت کم ہونے سے نقصان پہلے ہی پہنچ رہا ہے اوپر انکم ٹیکس کا بوجھ لاد دینا ان کو آدھ بھی شان گزریگا۔ زیادہ تر اس سے کہ انگریز افسروں کو جو پشت ہا پشت دولت اور عیش و عشرت میں گزران کرتے ہیں روپے کی قیمت ہندیاوں کی وجہ سے کم ہو جانے سے اب ایک لاکھ روپے سالانہ کی جگہ ۱۲ ہزار روپیہ ماہوار ملتا ہے اور وہ رقم انکم ٹیکس لینے سے بھی کمی ہوتی ہے۔ لارڈ کرزن ہمارے گورنمنٹ سے ترقی ہے کہ وہ اس معاملے میں لارڈ ڈفرن اور لارڈ لینسڈاؤن کی گورنمنٹوں کی پیروی کریں گے۔ اور انکم ٹیکس کے بڑھانے میں کچھ پرواہ نہیں کریں گے۔ تاہم اصلاح کی تجویز ہی نہ ہو سکے گی۔ بلکہ اس کی کونسل تخفیف اخراجات شملہ و اخراجات سردی سے پورا کر دیئے۔

رائٹ آنریبل مسٹر گلیڈسٹون وزیر اعظم انگلستان خوشکار عہدہ وزارت عظمیٰ سے مستعفی ہو گئے اور وجہ اس سبکدوشی کی یہ قرار دی کہ اہل جماعت اور قلت بصارت وزارت ایسے نازک کے کام کا روز افزوں بوجھ اٹھانے دینے سے مانع ہیں۔ گو اب تین ہفتے گزرے ہیں جبکہ بالمال گزٹ نے اسی تغیر وزارت کی خبر سنائی تھی تو مسٹر گلیڈسٹون نے خود اسے بے بنیاد بتلایا تھا شاید کوئی مصلحت ہو لیکن ظاہر اکبر سبکی کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے۔ ادھر مسٹر گلیڈسٹون نے ہوس آف لارڈز کی صدارت اور ادھر الفاظ میں اس کے قلع و قمع کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے اور دوسری طرف خود ایسے اختیار اور رسوخ کے عہدے سے علیحدہ ہوتے ہیں حقیقت میں ہوس آف لارڈز نے جو ہوم رول بل کو اس آخری منزل میں زندہ درگور کر دیا اس سے مسٹر گلیڈسٹون کا حوصلہ ہار گیا۔ ایک یہ بھی خیال ہے کہ مسٹر گلیڈسٹون نے اب ہوس آف لارڈز سے لڑائی شروع کرنے کے لئے فراغت و حاصل کی ہو مگر زیادہ بعید الفہم ہے۔ بہرحال مسٹر گلیڈسٹون ابھی پبلک لائف نہیں چھوڑتے۔ اور لارڈ سپنسر کو اپنا جانشین چھوڑتے ہیں۔

امیر عبدالرحمن خاں کی نسبت ابھی نہیں کہی جا سکتی کہ وہ سیاحت انڈین کے لئے کابل سے روانہ ہوں گے یا نہیں کیونکہ ابھی افغانستان سے قدم باہر نکالنے سے ملک میں شورش پیدا ہونے کا اندیشہ ابھی رفع نہیں ہوا۔ امیر صاحب گو پہلے انڈین جانے کا قطعی ارادہ کر چکے تھے مگر اب امید ہے کہ خواجہ حافظ کا یہ شعر انہیں یاد آ گیا ہوگا کہ

بس آسان ہے نمود اول غم دریا ہوئے منور
غافل مگنم کہ ہر موجش بصد گوہر نے ارزد

انیون کمشن کی شہادتوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جمیع ملازمان و عہدہ داران سرکاری اور رؤسا و اعیان دیسی اور رؤسا اور عام لوگوں سے جو سرکاری افسروں کے رسوخ میں ہیں افیون کے جاری رکھنے کی صلاح دی ہے۔ جس سے امید نہیں ہے کہ افیون

کا انسداد ہو؟

---

۲۲ فروری کو جو شخص لاہور سے نکل کر ملتان کی سڑک پر چوبرجی سے آگے چلا جا رہا ہو اس نے عجیب نظارہ دیکھا ہوگا کہ سینکڑوں بوڑھے اور بوریشین رنگا رنگ کے گوروں سے ہر رنگ کے دیسی عیسائی انگریزی لباس میں شاندوس بارہ سال کی عمر سے لے کر ہر عمر کے لوگ سڑک کے ایک طرف قواعد کے لئے پیدل اور سوار جا رہے ہیں۔ ہر ایک کے کندھے پر بندوق ہے اور ہر ایک کے چہرے پر اطمینان اور مسرت ہیں ہویدا ہے۔ یہ ہفتہ وار تیراندازی کا مشاہدہ ہے جو ہر ہفتہ ہندوستانی اپنے آپ سے کرتا ہے۔ کیا کسی کے دل میں خیال گزرتا ہے کہ ہم بھی اسی بہادری اور عزت اور شرافت اور خوشی کے کام میں شریک نہیں کرتے؟

فرانس نے انگلستان کو بحری طاقت کی برتری اور ترقی میں مصروف دیکھ کر اپنے گھر کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو اسے بھی بہت عیب نظر آیا۔ مگر غضب تو یہ ہے کہ اگر یہ یورپ کی بڑی بڑی سلطنتیں ایک دوسری کی ضد سے اور جنگ کا ہر وقت قتل برابر دیکھنے کے درپے ہیں اسی طرح نوجیں اور جہاز اور سامان جنگ بڑھاتی گئیں تو آخر ایک دن ایک بارود کے ذخیرے میں رگڑ پیدا ہو کر خوفناک دھماکا آشوب عظیم کا پیدا ہوگا؟

سٹرابی ہیومنٹ صاحب نے ۲۲ فروری کو صاحب کے حکم سے لاہور چھوڑ دیا۔ ۲۳ کو امرتسر اور ۲۴ کو دہلی پہنچے۔ ۲۵ کو امبالہ اور ۲۶ کو لدھیانہ پہنچے۔ ۲۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۸ کو لاہور پہنچے۔ ۲۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۳۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ یکم مارچ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۱ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۱ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۳۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۳۱ کو پھر امرتسر آئے۔

سٹرابی ہیومنٹ صاحب نے ۲۲ فروری کو صاحب کے حکم سے لاہور چھوڑ دیا۔ ۲۳ کو امرتسر اور ۲۴ کو دہلی پہنچے۔ ۲۵ کو امبالہ اور ۲۶ کو لدھیانہ پہنچے۔ یکم مارچ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۱ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۱۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۱۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۱ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۲ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۳ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۴ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۵ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۶ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۷ کو پھر امرتسر آئے۔ ۲۸ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۲۹ کو پھر امرتسر آئے۔ ۳۰ کو پھر لدھیانہ پہنچے۔ ۳۱ کو پھر امرتسر آئے۔

آجکل پیسہ اخبار دنیا کے پانچوں براعظموں ایشیا۔ یورپ۔ افریقہ۔ امریکہ اور آسٹریلیا پر پہنچتا ہے

پنجاب و لاہور

اضلاع انبالہ جالندہر فیروزپور ملتان راولپنڈی اور ڈیرہ اسمٰعیل خان میں بارش ہوئی۔ دھلی جالندہر اور پشاور میں نرخ اجناس گر رہا ہے اور باقی سب جگہ قائم ہے۔ موسم ربیع کے فصلوں کی آبپاشی ہو رہی ہے۔ فصل ایشادہ کی حالت اچھی ہے۔ ضلع امرتسر میں چوہوں سے کچھ فصلوں کا نقصان پہنچا۔ مویشی کی حالت اچھی۔ چارہ وغیرہ بہتات سے ہے۔ اور پوست کی فصل بھی اچھی حالت میں ہے۔

مسمر ٹریمیوں کا ایک سرکلر نکلا ہے کہ یا تو مسمر جھلوں کے فضا کا خرچ کئی سال کا عرصہ گذرا ہے شعبہ راولپنڈی میں ۲۱ ڈویژن انسپکٹر کی کہ پٹھان سپاہیوں نے زیادہ ہی ظلم دلپوسیر والوں سے کیا تھا اور اپنے افسروں کی حمایت سے بچ گئے۔

مسٹر اسمتھ کو پنجاب سول سروس سے استعفیٰ دینے کی اجازت نہ ملی۔

پنڈت پریم ناتھ رائے بہادر اگزامینر آف اکاؤنٹس پنجاب مقرر ہوئے۔

ہمہ گاڑی کہتا ہے کہ ہارڈ سوامی کے مکدر ہیں ہیں ہر سال دولہا بھائی ہیں ہر بھی تینوں سو روپے کی آبپاشی اخراج رہا ہے صرف یہاں مزدوری سے نکل رہی ہے۔

راجہ رام سنگھ صاحب بہادر جاگیردار جموں کی دختر کی شادی جیسی کے راجہ کشمیر سے عنقریب گذشتہ کی صبح کو ہے تخلیف اور شان و شوکت سے ہوئی۔ مہاراجہ صاحب بہادر اور تمام شاہی خاندان و عہدہ داران دربار اور راجہ امر سنگھ صاحب آف پونچھ وغیرہ نے بہت بڑی مقدار جہیز اور ٹیلہ کی دی۔ دلہن کا چچا راجہ صاحب لیکر گران شادی کے موقع پر پہنچا جسکو کئی ماہ ضیافت ہوئی۔

ہیضہ کی ٹیکہ کے لیے بجٹ ایک ٹیکہ پیشہ ہیضہ کے جیرشٹ ڈاکٹر پاکستان انسپکٹر جنرل سول ہسپتال راولپنڈی راجہ بلدیو سنگھ صاحب والی پونچھ کی خدمت میں حاضر ہوئی انہی راجہ صاحب نے دس ہزار روپیہ کا ایک نسخہ دیا۔

نئے بہادر بخشی رام سنگھ سفر ولایت سے واپس پہنچ گئے اگر کمشنر انجیر تعینات ہوئے۔

گذشتہ شورش کے بعد ولایت سے کچھ کچھ کمیت نہیں کی۔

صاحب لفٹننٹ گورنر مع ہمراہیان کے ۱۱ مارچ کی صبح کو بنگلہ پہنچے۔

مہاراجہ سر رنبیر سنگھ والی کشمیر و پنجاب کو سفر کر رہے ہیں جو جموں کے شاہی خاندان کی شادی میں شریک ہونے آئے تھے۔

وزیر علی صاحب بھائی صاحب رئیس لاہور کی زوجہ پر جو مقدمہ ایک لڑکی کے کنوں اور دوسری کی ضرب شدید کا قائم ہوا تھا اور جو مقدمہ حالات میں کی گئی اب دونوں میں وہ ہو ہزار کی ضمانت پر رہا ہے اور مقدمہ چل رہا ہے۔ مفصل کارروائی درج کرنے کی گنجایش نہیں۔

کابل آج خبر پہنچی ہے کہ اشاعہ کے بعض مشہور تاجروں کے جنہوں نے امیر صاحب کے کابل میں داخل ہونے پر گرفتار کر لیا ہے کہ انکے پاس سے قندھار

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ ۹۔ مارچ سنہ ۱۸۹۴ء

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

ناظرین سے مخفی نہ ہے کہ بوجہ کثرت آمایش اور کثرت مضامین کی وجہ سے ہم ہر ہفتہ سے کام کو پورا نہیں کر سکتے۔ اس سے یہ سمجھا جاوے کہ ہاں پاس ایسا مضمون درج کرنے کو نہیں کیونکہ خدا کے فضل و آپ صاحبوں کی مہربانی سے بہت سے نام ہر ہفتہ اس کالم میں درج کرنیکو جمع ہو جاتے ہیں جو اب ایک گنجی کے قریب ہو گئے ہیں۔ جو صاحب ہماری امداد کر رہے ہیں ہم انکا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ جو آجکل توجہ نہیں ہوئے انہیں متوجہ کرتے ہیں اور جنکے نام ابھی درج نہیں ہوئے انسے عذر کرتے ہیں۔

جناب منشی احمد دین صاحب منصرم پنجہ دولت لوح بیکنیر سے فرماتے ہیں کہ (۱) جناب میر محمد عمر صاحب اوٹ ڈپٹی انسپکٹر تھانہ بہرانی (۲) شیخ فیروز محمد صاحب امین اور (۳) منشی آتما رام صاحب کلرک بنسلہ امین کے نام اخبار جاری کر کے تینوں سے قیمت بذریعہ کتب انعامی کے وصول کیجاوے۔ منشی احمد دین صاحب اس سے پیشتر بھی فریدار ہم پہنچانے میں کوشش کی ہے اور آئندہ بھی وعدہ کرتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے مگر ساتھ ہی یہ لکھتے ہیں کہ انکا نام اخبار میں درج نہ کیا جاوے۔ چونکہ اس خصوصیت کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی ہم اسے اتفاق نہیں کر سکتے۔

مسٹر اعباس علی بیگ صاحب اسسٹنٹ ماسٹر فاگپور سے لکھتے ہیں جناب عبدالغفار خان صاحب ماگنڈا ناگپور کے نام اخبار باقاعدہ جاری کر کے قیمت پیشگی منگوائی جاوے۔

جناب الکبرش صاحب مدرس درجہ ہفتم مدرسہ مہیں ضلع ملتان سے لکھتے ہیں کہ ایک خریدار پہلے مقرر کر چکا ہوں اب مولوی عبداللطیف صاحب ساکن کہروڑ کے نام اخبار جاری کیجیے۔

جناب منشی دیال داس صاحب سوداگر سکندرآباد دکن لکھتے ہیں کہ پنڈت ہیمند اس صاحب پوشماسٹر جیلسل نیل نے آپکا اخبار رنگ واسطے تحریک کی ہے۔ میں یقین کرتا ہوں کہ میرے اور پنڈت صاحب کے لیے دو کاپی جاری کر دینگے۔

جناب محمد بخش صاحب و محمد اسحاق صاحب ہر دو لکھتے ہیں کہ میاں علی محمد شیلر اسٹیمر جہاز ملتان ہو کے نام اخبار جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب طلب کر لیں۔

جناب محمد عبدالغفور صاحب کلرک سارجنٹ مقام جاورہ سے لکھتے ہیں کہ دو اشتہار حکیم محمد حسن صاحب جاورہ و دو اشتہار مخدوم شاہ الدین سوداگر پنجاب کے نام دو اخبار جاری کر دیں اور قیمت بذریعہ کتب انعامی طلب کر لیں۔

جناب لالہ بہولا ناتھ صاحب سپرنٹنڈنٹ پوسٹماسٹر ڈاک خانہ پنکہ لکھتے ہیں کہ مرزا سلطان بیگ صاحب سب انسپکٹر پولیس کے نام اخبار جاری کر کے قیمت طلب کیجاوے۔

جناب افتخار رخان صاحب سیشن جاٹر ضلع گنج شرقی لکھتے ہیں کہ [illegible] قابل قدر ہے کہ ہر ایک [illegible] پانچ روپیہ پیدا کرتا ہے [illegible] ہو جاوے۔ سو دست ایک پرچہ ہم [illegible] جاری کر کے قیمت بذریعہ انعامی کتاب طلب کریں۔

کیا انگلستان ہندوستان میں بڑھایا جاوے؟

کچھ دنوں سے گورنمنٹ ہند کی مالی حالت کی قابل افسوس صورت دیکھ کر اہل الرائے حیران ہو رہے ہیں کہ جبکہ مداخل کی نسبت مخارج اس قدر بڑھ رہے ہیں تو گورنمنٹ اپنا جمیع خرچ برابر کرنے کے لئے ہندوستان پر انکم ٹیکس بڑھانے کو مجبور ہوگی۔ چنانچہ سنہ ۱۸۹۳ء کے بجٹ کے تخمینے کی طرف ہر شخص کی آنکھیں لگی ہوئی تھیں کہ کیا ظہور میں آتا ہے۔ گورنمنٹ خود اس طرف سے بے فکر نہیں اور کوشاں ہے کہ کسی طرح اس مصیبت سے نجات ملے۔ چنانچہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنمنٹ ہند نے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ سے اجازت طلب کی ہوگی کہ ہندوستان کی تجارت درآمد پر سنہ ۱۸۷۵ء کے مندرجہ پر محصول لگا دیا جاوے۔ مگر ولایت کے سوداگر جن کی چیزیں کی بہت بڑی منڈی ہندوستان ہے اپنے کام میں بڑے ہوشیار ہیں اور غیب نصیبی سے بڑے بڑے اختیارات بھی رکھتے ہیں۔ انہیں اپنی طرف سے ممبر مقرر کر کے پارلیمنٹ میں بھیجنے کا اختیار ہے جو انہیں کے بھائی اور شریک حال ہوتے ہیں۔ جب یہ لوگ دیکھتے ہیں کہ ہندوستان میں ان کی تجارت کو کسی طرح نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے تو یہ پارلیمنٹ میں بڑا غوغا مچاتے ہیں۔ پھر اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ بڑے بڑے بار سوخ ڈیپوٹیشن بنا کر انڈیا سکرٹری آف سٹیٹ ہند کی خدمت میں پہنچتے ہیں اور انہیں مجبور کر دیتے ہیں کہ ہندوستان کے فوائد پر ملاحظات مانچسٹر کے اعتراض و مقاصد کی تائید کریں۔ چنانچہ حال میں ایسا ہی ہوا ہے۔ گورنمنٹ ہند نے تجارت درآمد محصول تام کرنے کے لئے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند سے استصواب کیا تو انچسٹر اور لنکا شائر کے کپڑا بننے والوں یا یوں کہو کہ جولاہوں نے فوراً صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کو آن دبایا کہ خبردار ہاں اگر ہندوستان میں جا کر کھلتا ہے اُسپر محصول مت لگا دینا۔ اس سے یہ کسی قدر گراں ہو جائیگا۔ اور ہندوستان میں جو ہمدرد کپڑا بننے کے کارخانے ہیں وہ ہمارے کپڑے کا مقابلہ کر سکیں گے جس سے ہمیں نقصان ہوگا۔ بیچارے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ و وزیر ہند کی کیا مجال تھی کہ ان کا کہا نہ مانتے خواہ وہ جو لاہے ہی کیوں نہوں۔ کیونکہ وہ لوگ اتنا اودھم مچا سکتے ہیں کہ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کی ناک میں دم کر دیں۔ الغرض کپڑے پر محصول نہ لگایا گیا۔

ناظرین سے مخفی نہ ہے کہ اس سے پیشتر ایک زمانے میں اسی کپڑے پر محصول لگتا تھا کہ جس سے ہندوستان کے محاصل کو بہت مدد ملتی تھی مگر وہ انہیں حضرات کے فوائد کی خاطر بند کیا گیا اور انہیں کے آنسو پونچھنے کے لئے دو سال گذرے ہیں ہندوستان کے صنعت و حرفت کے کارخانوں کا ایکٹ نافذ کیا گیا تا کہ یہاں کے کارخانے

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— بظر تخفیف اخراجات گورنمنٹ ہند کا ارادہ ہے کہ امسال اپنے گرمی کے صحت افزا مقام سملہ میں چھوڑ دیا جائے لیکن چونکہ اس کا یہ تبدیلی تخفیف اچانک ہوتی ہے اس لئے یہ تجویز ملتوی ہو رہی ہے ✦

— سر رچرڈ اکنڈ اپنے ریزائن کرنے کے بعد مقام نینی تال میں اپنے ایک مکان میں مقیم ہیں۔ ان کے متعلق ایک مسودہ قانون مرتب کیا گیا تھا جو پارلیمنٹ نے منظور کیا لیکن گورنمنٹ ہند نے اسے واپس کر دیا کہ سکرٹری آف سٹیٹ کے پاس بھیجا جائے۔ اس میں یہ بھی لکھا تھا کہ اگر صاحب موصوف کو جرمانہ ادا کرنا پڑے تو یہ رقم گورنمنٹ ہند کی طرف سے ادا کی جائے۔ لیکن گورنمنٹ ہند نے اس کو بھی منظور نہیں کیا ✦

— گورنمنٹ بنگال نے اس امر کی تحقیقات کرنے کے لئے کہ آیا ہندوستان میں ملیریا سے ہر سال کتنی اموات ہوتی ہیں ایک کمیٹی مقرر کی ہے جس کے صدر کرنل کریگ ہیں۔ اس کمیٹی کے ممبر ڈاکٹر بنرجی، ڈاکٹر ہیوٹ اور ڈاکٹر ہیملٹن ہیں ✦

— ۲۰ فروری کو ہندوستان اسوسی ایشن اور ریپبلیکن ایسوسی ایشن نے وائسرائے ہند کو ایک ڈیپوٹیشن ایڈریس پیش کیا ✦

— صاحب لفٹننٹ گورنر بہار و اڑیسہ ۲۱ فروری کو جلسہ دربار میں حاضر ہوئے اور شام کو پورہین فیلڈ اپنے ساتھ لے گئے ✦

— ۲۲ فروری کو صاحب لفٹننٹ گورنر کمشنر سے ملاقات کریں گے ✦

— ۲۳ اپریل کو صاحب رام پور کو آنریری مجسٹریٹی کا اعزاز عطا کریں گے ✦

— ایسٹ انڈین ریلوے کے پورہین ملازمین نے ۲۰ فروری کو ہال پورہین ایک جلسہ اس غرض سے کیا کہ غور کریں کہ سنڈیکیٹ کے ساتھ کس طرح برتاؤ کیا جائے۔ اس جلسہ میں یہ تجویز ہوئی کہ ۲۵ فروری سے ہڑتال کر دی جائے ✦

— ۲۲ فروری کو ۱۰ بجے صبح کے وقت ۱۲ ہوائی جہاز ایک ساتھ اڑے۔ ان میں سے ۱۱ تو بخیریت واپس آ گئے لیکن ایک جہاز کا انجن بند ہو جانے کی وجہ سے زمین پر گر پڑا۔ اس کا پائلٹ زخمی ہوا

	جنوری						فروری						مارچ						اپریل						مئی						جون						جولائی						اگست						ستمبر						اکتوبر						نومبر						دسمبر					
	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۵	۱۲	۱۹	۲۶			۵	۱۲	۱۹	۲۶			۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۷	۱۴	۲۱	۲۸			۴	۱۱	۱۸	۲۵			۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۶	۱۳	۲۰	۲۷			۴	۱۱	۱۸	۲۵			۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰	
پیر	۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۰	۱۱	۱۸	۲۵			۰	۱۱	۱۸	۲۵			۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷		۰	۵	۱۲	۱۹	۲۶		۰	۴	۱۱	۱۸	۲۵		۰	۳	۱۰	۱۷	۲۴		۰	۲	۹	۱۶	۲۳	
منگل	۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۰	۱۲	۱۹	۲۶			۰	۱۲	۱۹	۲۶			۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۰	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۰	۶	۱۳	۲۰	۲۷		۰	۵	۱۲	۱۹	۲۶		۰	۴	۱۱	۱۸	۲۵		۰	۳	۱۰	۱۷	۲۴	
بدھ	۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۱	۱۳	۲۰	۲۷			۱	۱۳	۲۰	۲۷			۳	۱۰	۱۷	۲۴			۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۱	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۱	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۱	۶	۱۳	۲۰	۲۷		۱	۵	۱۲	۱۹	۲۶		۱	۴	۱۱	۱۸	۲۵	
جمعرات	۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱		۲	۱۴	۲۱	۲۸			۲	۱۴	۲۱	۲۸			۴	۱۱	۱۸	۲۵			۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱		۲	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۲	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۲	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۲	۶	۱۳	۲۰	۲۷		۲	۵	۱۲	۱۹	۲۶	
جمعہ	۴	۱۱	۱۸	۲۵			۳	۱۵	۲۲	۲۹			۳	۱۵	۲۲	۲۹			۵	۱۲	۱۹	۲۶			۴	۱۱	۱۸	۲۵			۳	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱		۳	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۳	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۳	۷	۱۴	۲۱	۲۸		۳	۶	۱۳	۲۰	۲۷	
ہفتہ	۵	۱۲	۱۹	۲۶			۴	۱۶	۲۳	۳۰			۴	۱۶	۲۳	۳۰			۶	۱۳	۲۰	۲۷			۵	۱۲	۱۹	۲۶			۴	۱۱	۱۸	۲۵			۴	۱۰	۱۷	۲۴	۳۱		۴	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۴	۸	۱۵	۲۲	۲۹		۴	۷	۱۴	۲۱	۲۸	
اتوار	۶	۱۳	۲۰	۲۷			۵	۱۷	۲۴	۳۱			۵	۱۷	۲۴	۳۱			۷	۱۴	۲۱	۲۸			۶	۱۳	۲۰	۲۷			۵	۱۲	۱۹	۲۶			۵	۱۱	۱۸	۲۵			۵	۱۰	۱۷	۲۴			۵	۹	۱۶	۲۳	۳۰		۵	۸	۱۵	۲۲	۲۹	

حفظِ صحت

استفسار

۱۳۔ مشعوف۔ بالضمہ۔ عیرت یک دوست کو مشعوف اضعہ کی شکایت ہے۔ تناول طعام کے بعد کھٹی ڈکاریں آنے لگتی ہیں۔ سینہ پر کف جمی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ طبیعت بوجھل ہو جاتی ہے۔ کوئی کریم نفس دوا سے بتائے۔ (فرخ شکن۔ سید حبیب شاہ صاحب لاہور)

۱۴۔ ورد۔ شفا۔ غیرت یک صاحب ضلع ڈیرہ غازی خاں کے شاگرد ہیں موصوف چھ سال سے دورہ ہے۔ ہاتھ یہ ہے کہ نہ سال کے آگے دوسرے میں سواری اسپ سے گر پڑے تھے اور اس کے بعد تین سال تک تپ لرزہ آتا رہا۔ من جملہ ورد شفا ہر ہوا۔ کثیر نامی ڈاکٹروں کا علاج کیا گیا مگر کچھ فائدہ نہیں۔ لہٰذا آپ اپنے مشہور و معزز احباب میں سے کسی کو دیکھ کر موصوف اس کے معالجے سے تجربہ کامل رکھتے ہیں۔ (حبیب احباب کے مطلع فرما کر مشکور و ممنون فرمائیں (راجہ اعجاز مہاراجہ پور شاہ حیدرآباد)

علاج

۲۷۔ قرحہ سوزاک کہنہ۔ جواب سوال از علیشاہ صاحب کوٹ ادو مندرجہ پیسہ اخبار مطبوعہ ۲۰ فروری بابت نسخہ قرحہ سوزاک کہ جو ان کے ایک دوست کو درکار تھا۔ اس مریض کو ان دو نسخوں کا حسب حالات ذیل استعمال فرمانا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے حاصل ہو جائے گا۔ نسخہ اولیٰ بطور ملینی جلاب ہے جس سے قرحہ صاف اور دھویا جاوے۔ نسخہ ثانیہ بطور اصل علاج اور اندمال قرحہ کے ہے جس سے اندمال کی آمد اور تولید بند ہو جاوے اور اندمال قرحہ کا بحسن الوجوہ حاصل ہو۔

نسخہ اوّل:۔ شورہ قلمی ۱۲ ماشے۔ دانہ الائچی کلاں ۱۲ ماشے دونوں کو باریک پیس کر چھ پڑیاں بنا دیں۔ تین دن تک دونوں وقت صبح اور شام ایک ایک پڑیہ۔ ہمراہ آب تازہ کھا لیا کریں۔ اور بول و چک دریم کا دبہ ہوگا اور بعد اس تین دن کے آدر تین دن تک روزانہ ایک مرتبہ صبح کو پانی زیادہ جس میں سیر ساطی دو تولے تر کر کے مل کر چھان کر پیا کریں۔ بس چھ دن میں اور دو تین روز علاوہ تک غذا بے نمک و بے شیرینی کھاتے رہیں۔ تین تخم مقشر دانہ گاؤ کے ساتھ جس قدر چاہیں روغن گاؤ کھاویں۔ اور جب اس سے فرغت ہو جاوے تو نسخہ ثانیہ استعمال کریں۔

کباب چینی ۱۲ ماشے۔ دانہ الائچی خورد ۱۲ ماشے۔ بہلوں مغیدہ ۱۲ ماشے۔ تخمی گشنیز ۱۲ ماشے۔ ست سلاجیت آقاقیا ۱۲ ماشے۔ ست گلو ۱۲ ماشے۔ سفوف باریک کر کے ہمراہ شیر تخم خیارین ۲۰ روز روزانہ ایک ہفتہ تک اسی قدر کھایا کریں اور بہ نسخہ وزن ہیں۔ ایک خوراک کا لکھا گیا ہے۔ اسے ہی وزن کا روزانہ لیا کریں خواہ ایک ہفتہ کا اسی حساب سے بنا لیں۔ اس ہفتہ میں بھی غذا وہی رہے گی جو ہفتہ میں استعمال کیا تھا۔ دو روز اس ہفتہ میں کم نمک غذا اور ہو جاوے تو بہتر ہے اور دعائی ربانی جمیں وقت بخشش گی ڈالر کیا پاؤ تو ستاد اس کریں۔ باقی حالات استعمال نسخہ جات مجھ سے بذریعہ خط و کتابت مستفسر صاحب دریافت کریں۔ (ابو انعام محمد عبدالرشید انصاری نہر سہارنپور)

شعر و سخن

اجل

(ترجمہ مضمون ہوت مصنفہ مسٹر ہیمنس)

جبکہ تیرے آنے کا وقت ہوا — مرحبا کہہ کر اس سے مل جانا
ہو تیرے سر غروب ستاری — ہیں فقط چند ساعتیں باقی

دن ہی نالہ تو دوست کے واسطے — اور شام بر عشرت و راحت کے واسطے
سونے کو اور یاد خدا کو ہے شب بنی — ایک ہے اجل اتری تیرے لئے گھڑیاں ہیں بس تین

ہم جانتے ہیں وقت ملاقی ضرور — اور جبکہ طیر موسمی آویں نزدیک دور
در جب ہو تنگ دانہ و آب اے خانہ بدوش — آوے گا کب؟ بتا دو کوئی ہم کو بس یہیں

ہنگام سحر بلبل و اہل اس کیا؟ — یا وہ بہار جب کہ ہے برگ بلفشہ دار
یا جب ہوا کی بادیں ہر طرف ہیں برگ — ان کا ہی وقت ایک ہے یہ ہیں وقت گل

تو ہے وہاں جہاں کہ پڑی ہو سوچ پر — تو ہے جہاں کہ راگ کی محفل ہے آرج پر
مجھ سے نہ بچ سکے کوئی خلوت ہو یا کہ بزم — یا غرقہ تہ و اندھ ریخ و محن میں ہو

تو ہے جہاں کہ دست ملیریا ہے ہر طرف — ہے اس جگہ پہ دور کریں اگر ہم ایک
تو ہے جہاں کہ موت کا خونناک ہو — اور تاج حضرت ہیضہ سے لالہ رنگ ہو

کارآمد باتیں

گھڑی دیکھنے والوں کو ہدایت ہے تاج ہر شخص گھڑی رکھتا ہے۔ اس لئے ایک مختصر مضمون دیا جاتا ہے کہ گھڑی کس طرح ہی کر چابی دینی چاہیئے۔ شام کو سونے سے پہلی کمانی جو رات بھر آرام کرتی رہی گویا نیند میں رہی چابی کس دی جاتی ہے۔ دن بھر اس کا دن بھر کا کام ہے اور اگر دن کو چابی دی جاوے تو دن بھر گھڑی کسی نہ کسی وقت بند ہو جاوے گی۔ چلنے والے کے دن کے کاروبار اور ملنے والوں کے وقت خواہ یاد فراموش میں ہوں۔

سوڈا واٹر بنانے کی ہدایت — اجزا ترکیب: سوڈا ۱۲ ماشے۔ ٹارٹرک ایسڈ ۱۲ ماشے۔ شکر سفید ۱۲ تولے۔ پہلے پانی کی بوتل میں شربت بھرو۔ پھر سوڈا دوائل کے ملاؤ۔ پھر اس میں شربت ٹارٹرک ایسڈ ملے دوائل کے ٹارٹرک ایسڈ کے بوتل میں ڈالو اور فوراً خوراک جاوے گی۔ (فضل الرحمن اسپیشل بیسٹ)

جوتیوں کی خوبصورتی کا خیال رکھنا — اگر پہننے میں ایک دفعہ سے دو جوتیوں یا اگر نئی ہوں اور گرد کا ہیوں کو دو دھو میں دریا جاوے تو رنگ خوبصورت نکل آتا ہے۔ اور چمڑا بھی نرم ہو جاتا ہے۔

معلومات کا سکت

— ایک بیا لو لاکھ میں ایک سیل تار ہوتی ہے۔
— ۱۵ منٹ میں تیس لفظ لکھ لینا ایک ہیرو ہیمی سمجھا جاتا ہے۔
— ۱۸۹۳ء میں انگلستان میں ایک معمولی ہوشیار مزدور کی قیمت ڈیڑھ سو گنی ہوتی تھی۔
— صحت کی حالت میں ناخن زیادہ جلدی بڑھتے ہیں۔
— نیویارک آف ایڈنبرگ ملکہ معظمہ کے صاحبزادے سات زبانیں بول سکتے ہیں۔
— بلجیم میں دستور ہے کہ ایک قیدی کی کمائی کا تین دسواں حصہ اس کی رہائی کے بعد اسے مل جاتا ہے۔
— دنیا جبر میں نہایت پیچیدہ کل کی گھڑی مقام سڑاسبرگ (جرمنی) کی بہت بڑی علمی چیز گنی جاتی ہے۔
— ماسچوریا (چین) میں گئے کھالوں کے نئے پرورش کئے جاتے ہیں۔ ایک اچھے آسودہ حال ماسچوریا کے پاس کم از کم کھالیں دینے کے لئے پرورش پا رہے ہوتے ہیں۔
— بہ سکاٹ لینڈ میں زیادہ حادثات کا سبب گھنٹوں میں ہوتے ہیں جبکہ مزدور اور دستکار دن بھر کے ہوئے ہیں۔
— ریاست نیویارک میں جتنی لاشیں سال گزشتہ میں گئیں ان میں سے نصف جرمن لوگوں کی تھیں۔
— نہایت عمدہ لعل جو تین قیراط سے بڑا ہو اسی وزن کے ہیرے سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے۔
— طلاق سب سے زیادہ اس بعض اقوام میں رواج ہے کسی عورت کی شادی ہوتی ہے تو شوہر کی پہلی بیوی سے کہتا ہے۔

پندرہ روپے انعام کا مضمون

جو صاحب مندرجہ ذیل ٹکٹ پر اپنے خیال کے موافق برابر کر جس میں بالاوسط چوبیس سطریں ہوں۔ ایک مضمون لکھیں اور لفافہ پر مضمون لکھا ہو۔ ۲۰ مارچ سے پہلے پہلے ہمارے پاس آ جائے۔ اس دن جو مضمون سب سے اچھا ہوگا اس کے لکھنے والے کو پندرہ روپے انعام دیئے جائیں گے۔ مضمون کے لئے ضروری ہے کہ ہر سطر میں دس لفظ ہوں۔ ایک لفظ میں دو سے زیادہ حروف نہ ہوں۔ ایک حرف کے لفظ کی تعلیم اچھی نہیں سمجھی جائے گی۔ ایک ہی مضمون کئی صاحب بھیجیں گے۔ ایسی صورت میں قرعہ اندازی ہوگی۔ جس کے نام قرعہ نکلے گا اس کو انعام دیا جائے گا۔ مضمون کے لکھنے میں ہر قسم کی آزادی ہے۔ ہر ایک صاحب اپنی طبیعت کے موافق لکھ سکتے ہیں۔ مضمون کی تعلیم اچھی ہونی چاہیئے۔ اس کے لکھنے میں کوئی قید نہیں۔ ہر ایک صاحب اپنی طبیعت کے موافق لکھ سکتے ہیں۔ مضمون کی تعلیم اچھی ہونی چاہیئے۔ اس کے لکھنے میں کوئی قید نہیں۔ ہر ایک صاحب اپنی طبیعت کے موافق لکھ سکتے ہیں۔

پیسہ اخبار

نمبر ۱ | یوم جمعہ ۹ مارچ ۱۸۹۴ء مطابق یکم رمضان ۱۳۱۱ھ موافق ۲۶ پھاگن سمت ۹۵ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

انسان کا نشو و نما کس مقدار سے ہوتا ہے؟ یہ معلوم ہونا دلچسپی سے خالی نہیں کہ مرنے جانے کے بعد بچے کا جسم بہت تیزی سے بڑھتا ہے۔ یہاں تک کہ پہلے سال میں قریب آٹھ انچ کے بچہ بڑا ہو جاتا ہے۔ تین سال کی عمر تک اوسط نمو بتدریج کم ہوتی جاتی ہے۔ پانچ سال کے بعد سولہ سال کی عمر تک تقریباً شمار پورے قد کے آدمی میں بحساب اوسط دو انچ سالانہ کے ہوتا ہے۔ سولہ سال کے بعد قد کا بڑھنا کم ہو جاتا ہے۔ اور آئندہ دو سال میں بمشکل چھ دس حصہ انچ سالانہ کے ہوتا ہے۔ اور اٹھارہ سے بیس سال تک قد میں بمشکل ایک انچ سے زیادہ ترقی ہوتی ہے۔ پچیس سال کی عمر میں سوائے بعض اعضا خاص قسم کے تقریباً نشو و نما رک جاتا ہے۔

گورنمنٹ گزشتہ پانچ سال میں کتنا کوئلہ ہندوستان میں آیا۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۸۸۸-۸۹ء	۳۳۰۰ ٹن
۱۸۸۹-۹۰ء	۲۲۰۰ "
۱۸۹۰-۹۱ء	۴۸۵۰ "
۱۸۹۱-۹۲ء	۴۳۰۰ "
۱۸۹۲-۹۳ء	۶۴۸۰ "

اور آخری سال میں مختلف صوبجات سے اس تفصیل سے برآمد ہوا۔

بنگال	۱۳۰۰ ٹن
بمبئی	۵۰۴۰ "
سندھ	۳۷۰ "
مدراس	۲۶۰ "
برہما	۲۸۰ "
جملہ ٹن	۶۴۸۰

شاہانہ خدمات شہنشاہی — لارڈ ڈفرن نے جو ہندوستان کے وائسرائے تھے ہندوستان ہی کے دیسی ریاستوں کی خدمات شہنشاہی کے دیکھ ریکھ کا قبول کیا تھا۔ اس پانچ برس کے اندر اس نیز خوانخواہ کام میں راجپوتانہ کی ریاستوں میں جودھپور۔ گوالیار۔ جیپور۔ راجپوتانہ۔ میسور۔ حیدرآباد دکن۔ بڑودا۔ بھاؤنگر۔ جونا گڑھ۔ جودھپور۔ پٹیالہ۔ بہاولپور۔ ناہھہ۔ جیند نے اپنی تیز و طرار۔ فوج سوار و پیدل فوج کی جو نہایت شاندار طور پر قواعد و ورزش کرتی ہے۔ اور جس کے ساتھ توپخانہ بھی ہوتا ہے۔ ان ریاستوں میں سے بعض ریاستوں نے اپنی فوج کو انگریزی افسروں کے ماتحت کر دیا ہے۔ اور وہ ہمیشہ ہر مقام پر دورہ کرتی ہے۔ اس فوج کے کل آدمیوں کی تعداد ۲۰ ہزار ہے۔ جن میں ۱۲ ہزار سوار ہیں۔ سو توپخانے میں ہیں۔ ڈیڑھ سو سفر پلٹنیں ہیں۔ ۸ ہزار سو پیدل۔ ۸ سو شتر سوار اور ۱۱۰۰ بارہ برداری کے پلٹن میں ہیں۔

مذاق

بیوی (شوہر سے) "سچ سچ بتاؤ کہ اگر میں مر جاؤں تو تم پھر شادی کرو گے؟"

میاں (بیوی کو خوش کرنے کے خیال سے) "ہرگز نہیں۔ میں تو پھر شادی کا نام بھی نہ لوں۔ میں ہرگز نہیں کروں گا۔ اور ایسا خیال ہی کیونکر کو میرے دل میں آنے لگا؟"

بیوی (خفا ہو کر) "بیشک تم ہرگز نہیں کرو گے۔ تمہیں شادی میں کوئی تکلف نہیں آیا۔ بیشک تمہیں پڑا ہے کہ تم سے نہیں چھوٹ سے شادی کی؟"

میاں (اپنے بھی بیوی کو خوش کرنے کا خیال رکھتا ہے) "تم نے پہلی میری بات نہیں سمجھی۔ میں تم سے ہنسی کرتا تھا۔ میرا مطلب یہ تھا کہ میں پھر شادی کروں گا۔"

بیوی (زیادہ خفا ہو کر) "تم پھر شادی کرو گے۔ کبھی نہیں نہیں پھر شادی کرنے کی بڑی جلدی ہے۔ فائدہ تم جلتے ہو میں جلدی تمہارا راستہ صاف کروں۔ میں سمجھتی ہوں اگر میں مر جاؤں تو تم خوش ہو گے۔"

اُستاد "محکمہ تہامت جو قطب شمالی کو گئی ہیں ان کا نتیجہ کیا پیدا ہوا؟"

شاگرد "یہی کہ قطبی جغرافیے کے سبق مشکل ہو گئے ہیں۔"

مالک مکان (نشستہ شخص سے) "تم کیا چاہتے ہو؟"

نشستہ شخص "مجھ معلوم نہیں تمہارے پاس ہے کیا؟"

"تمہارا مہمانہ بڑی دشواری سے نکال چکا ہے۔"

"اس چوبیس روزہ اگلی دفعہ اس کے پرانے پن کی جوبیلی کا سال ہو گا۔"

مجرم "مجھے جلسازی کا مجرم ٹھہرانا ظلم ہے۔ میں تو اپنا نام بھی دستخط نہیں کر سکتا۔"

مجسٹریٹ "یہ عذر غیر متعلق ہے۔ تم پر انگوٹھا نام علی دستخط کرنے کا الزام قائم کیا جاتا ہے۔"

سوداگر باپ "جو نوجوان شخص تم سے شادی کرنا چاہتا ہے وہ مالدار بھی ہے؟"

لڑکی "مالدار! اس نے مجھ ایک طلائی انگوٹھی تیسری بیویوں سے ترجیح دی ہے۔"

سوداگر باپ "اچھا۔ تو اب اس کے پاس کچھ باقی بھی رہ گیا ہے؟"

عجیب عجیب باتیں

انگلستان میں عورتوں کی کثرت — انگلستان کی دس ہزار دو عورتیں شادی سے محروم ہو جائینگی۔ یہ قول ہے ایک اسی ملک کے بہت بڑے اہل الرائے کا۔ وہ لکھتا ہے۔ کہ بینک آف انگلینڈ نے عورتوں کا بطور کلرک کے ملازم رکھنا منظور کر لیا ہے اور مختلف تجارت کے دفاتر بھی عورتوں کو زیادہ جگہ دیتے جاتے ہیں سیول کی ملازمتوں میں بھی انہیں جگہ ملنے لگی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ قریب دس ہزار مردوں کے بے روزگار ہو کر مالک بیکار ہو جائینگے۔ اور اس طرح علاوہ ان دس ہزار عورتوں کے جو نوکری کر لینگی دس ہزار اور عورتیں شادی سے محروم ہو جائینگی۔ کیونکہ مرد انگلستان میں پہلے ہی کم ہیں۔ وہ جہازوں پر ملاحوں اور فوجوں میں بھرتی ہیں۔ ہندوستان کی فوج میں ملازم ہیں۔ ہندوستان امریکہ۔ آسٹریلیا۔ کینیڈا وغیرہ ممالک میں روزگار کر رہے ہیں اس لئے ان کے حصے کی جتنی عورتیں ہیں وہ مجرد رہنے پر مجبور ہیں۔ ہندوستان میں باوجود انگریزوں کی حکومت کے بمقابلہ انگریزنیوں کے صرف چھٹا حصہ یہیں موجود ہیں۔ جس سے ظاہر ہے کہ بہت کم لوگ ہیں جو شادی کر کے آتے ہیں۔ اس لئے انگلستان میں عورتیں بہت زیادہ ہیں اور اسی وجہ سے ان میں سے ہر ایک بھی خوش نصیب نہیں کہ اسے شادی کرنے کا اچھا موقع ملے۔

شہنشاہ چین انگریزی سیکھنے لگے — اللہ اکبر! زمانے کے تغیرات اور انقلابات عبرت کا تازیانہ ہیں۔ متکبر اور مغرور فغفوران چین کا جانشین موجودہ شہنشاہ چین جس کی عمر اب ۲۳ سال کی ہے اب انگریزی اور فرانسیسی زبانیں سیکھ رہا ہے۔ چین قوموں کے لوگ مالک رملک میں شہنشاہ چین کی حضوری کا فخر حاصل نہیں کر سکتے تھے اور ان کے سفیروں تک کو حضوری میں بار پانے کی نوبت نہیں آتی تھی آج وہی شہنشاہ زمانے کی ضرورتوں سے مجبور ہو کر ان زبانوں کے سیکھنے کا شائق ہے۔ غنیمت ہے کہ چین میں بھی مغربی شائستگی پھیلنے لگی ہے۔ لیکن ہنوز وہاں میں اب تک بہت کچھ ہونا دیکھنا ہے۔ شہزادہ ولیعہد چینی رئیسوں کے مدرسہ میں داخل ہے جہاں ہر طالبعلم کو ایک غیر زبان سیکھنی پڑتی ہے۔ گو نوجوان شہزادے کی عمر موجودہ سال سے زائد نہیں۔ لیکن زبان جرمنی میں وہ خوب ترقی کر رہا ہے۔

مجرموں کی شناخت — فرانس میں جس طریقے سے مجرموں کی شناخت کیجاتی ہے اس کو "برٹلن سسٹم" کہتے ہیں۔ مجرم کی کھوپڑی کا طول اور عرض لیا جاتا ہے۔ نیز انگشت خنصر اور وسطی کی لمبائی چوڑائی ناپی جاتی ہے۔ بائیں پاؤں کی لمبائی۔ بائیں بازو اور داہنے کان کی لمبائی۔ قد کی بلندی۔ پھیلائے ہوئے بازوؤں کی بلندی اور بیٹھے ہوئے دھڑ کی بلندی ناپی جاتی ہے۔ اور کیسی عجیب بات ہے کہ

آج کے پیسہ اخبار کے چوتھے صفحے پر ایک پندرہ روپے کے انعامی مقابلے کی شرائط درج ہیں

بفضل الٰہی ہمارا کارخانہ ۱۸۹۰ء سے جاری ہے ۔۔۔ ادویہ شرطیہ تا حصول صحت دیجاتی ہیں ۔۔۔

حکیم خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ مرستر ہال بازار کی ادویہ

عرق خیری سبوح

پکٹورل بام

عرق بنفشہ

عرق نخامی

عرق خیری جنوب

روغن بادام

روغن گلاب

روغن بان

عرق مالٹا

عرق بید مشک

عرق گاؤزبان

عرق کیوڑا

عرق نعناع

عرق بہار

عرق کاسنی

عرق بیدمشک

عرق مالٹا

عرق بان

روغن گلاب

روغن بادام

پکٹورل بام

عرق خیری سبوح

عرق نخامی

عرق بنفشہ

عرق خیری جنوب

حب سیر

دانتوں کا منجن

سچائی کا ثبوت

کیا کوئی سرٹیفکیٹ بھی اس سے بڑھکر تسلّی دے سکتا ہے

بفضل شافی مطلق ہمکو مندرجہ ذیل ادویات کے مؤثر ہونے پر اس قدر بھروسہ ہے کہ ہم آپکو انکی خریداری کے واسطے بدیں شرط آمادہ کرتے ہیں۔ کہ اگر خدانخواستہ آپکو فائدہ نہ ہو۔ تو ہم آپ ہی کی قسم پر اعتبار کر کے قیمت ادویات واپس کر دینگے۔ تا حصول صحت آپ اپنے روپیہ کو ایسا محفوظ سمجھیں جیسے کہ سیونگ بنک میں پڑا ہے تمام فرمایشوں کی تعمیل بطریق ویلیو پے ایبل پارسل ہوگی۔ شاذ و نادر اگر روپیہ کے واپسی کا اتفاق ہو تو بذریعہ منی آرڈر واپس ہوگا

آتشک کی بوٹی ماں :- جدید آتشک کا علاج - ۴۸ پوڑیاں عہ

مرہم دافع آتشک :- آتشک کے زخموں پر لگانے کیواسطے فی ڈبیہ صہ

عرق عشبہ مرکب - فاد خون دیرینہ عصبی آتشک گنٹھیا کیواسطے - فی شیشی خورد عہ کلاں ۱۰

عرق دافع سوزاک وقہہ - اندرونی استعمال کیواسطے - فی شیشی ۱۰

دوائی پچکاری برائے سوزاک :- ایکیوٹ سٹیج میں پچکاری کیواسطے عہ ۴

دوائی پچکاری برائے فرسودہ سوزاک کرانک سٹیج میں پچکاری کیواسطے عہ

روغن دافع وجع مفاصل و عصبی - بیرونی مالش کیواسطے - فی شیشی ۸

عرق طحال - تپ تلی کے واسطے ۲۴ خوراک ۴۸ خوراک ۱۰

اسپرمٹوریہ پلز دافع کثرت احتلام جریان منی ۴۰ گولی ۸۰ گولی ۱۰

الیفرڈیرنک مکسچر مقوی باہ و دافع اعصاب ضعف دماغ عشق پیچشی ۱۰

نروائن ٹانک پلز - علاج نامردی - کم طاقتی - کمزوری ۶۰ گولی ۸

کاف مکسچر - تر و خشک کھانسی کا علاج فی شیشی ۸

بچھو کاٹے کا علاج جائے نیش پر لگانے کیواسطے ۶۰ پونڈ ۸

بالوں کو خوشبودار کرنیوالا تیل - دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے (چھوٹا بنک ۱۲ بڑا بنک ۲۴

تمام درخواستیں نیچے لکھے ہوئے پتے پر آنی چاہئیں

محمد اسماعیل امین منیجر ولکٹوریہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر

تحفۃ الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس نایاب کتاب کو فاضل نبیہ میر محمد عبداللہ بن عبدالعلی الترمذی الہاشمی المانڈوی علماء سلف نے عربی میں تصنیف کیا ہے اور نہایت عرق ریزی سے اولاد خلفائے اربعہ کے فضائل مناقب میں یہ جامع بیان لکھی ہے جو ہر غیر عالم کے بھی بہت فائدہ آمد ہوگی اور قبول ہے جن کی تائید احادیث صحیحہ سے ہوتی ہے اور ان کے فضائل اور مناقب کے بیان میں ہے جو ہر ایک کو ضرور ہے تاکہ ہر ایک اپنا عقیدہ درست کرے اور ہدایت پائے اور ان کی محبت سے بہرہ مند ہو اور ان کے دشمنوں سے بچے اور ان کی محبت سے بہرہ مند ہو اور ان کے دشمنوں سے بچے اور ان کی محبت سے بہرہ مند ہو اور ان کے دشمنوں سے بچے

رام داس بزاز ڈبی بازار لاہور

رام داس بزاز ڈبی بازار لاہور

سلطان المعظم اور سلطنت عثمانیہ کے قابل دید حالات

عہد حکومت

حضرت سلطان عبدالحمید خان ثانی

ایک نقشہ کلان سلطنت ترکی - ۳۵ تصاویر پورے صفحے کی اور دو دو صفحے کی - کل حجم تین سو صفحے سے زیادہ

مجلد جیپر سنہری اور روپہری حروف میں کتاب کا نام کندہ ہے

بالکل تیار - قابل دید!

قیمت بمعہ خرچ ڈاک وغیرہ ۴ر

المشتہر مہتمم کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

زندگی کی دو زمزمہ ضرورتوں کی چیز میں ضرور دیکھئے

(مراد آبادی سنکھے)

رفیق الطریق - سفر و حضر کا ساتھی - ۱۰ ضرور ی چیز تو ہر ایک بھجو - ہر وقت پانی رہنے اور بہر نے کی ڈوبی لگا کر پیالہ لوٹا ۴ عدد کا بیان - پیالہ کشتی - خوش نما - ڈوبی سکا فرض کہانے پینے - وضو ستنجا - ڈوبی سکا کام دیتا ہے کبھی تو تو دستر خوان پر - بندکر و تو لوٹا ہے - شفاف قلعی نمبر ۱ عدد) بیانہ نمبر ۲ پیالے ۲ جیپر - سفری گلاس ۴ - گلاس سادہ ۴ - کادر ۱۲ عدد گلاس معہ سرپوش تعالی عدد کشورہ ۱۰ر و ۱۳ر تعالی کا مدار ۴ر دعدد گلاس عدد ۱۲ر - ولیدر اگادان عدد کلان - لیکہ پاندان خانہ تاشفل دعدد لیکہ ۱۲ر - لیکہ آہشت پیل ۲ نمبر ۱ - پیچ سہ سر پوش طلدوے - آفتابہ عدد ۱۲ر - دستے بدھنی ۴ر - لوٹا عدد ۱۲ر - خاصدان عدد ۱۲ر - پیچ پیالہ ۱۲ر دعدد حقہ فرشی ۱۲ر عدد دیگ کالی گڑگڑی سکہ ۲ پہلے نہال ۴ر - دعدد چیم جالیدار ۱۲ر - عدد گلاب پاش ۴ر - عدد سادہ ۱۲ر عدد دیگ ۲ پاندان سہ ۴ر - کرگس دیا سلائی ۴ر - چمنی ۲ر - ۱۰ پونڈ تولنے والی جبک ۱۲ر - ۲ پونڈ والی ۱۴ر - عادو کا جیبی لیمپ خوبصورت و روشن ۲ عدد ۱۲ر - جادو کی لالٹین تماشے کی معہ ۲ تھان کے عدد ۱۲ر - جادو کی سوئیاں ۲ دیکھنے کے ۲ر - جن و جادو کا فلم خوبصورت دلکش ۲ر - جادو زبان کا کرشمہ ۲ر - انظار و جن ۲ر - جادو کی چھڑی جو بند ہو کر سہ آنچہ ہاتھ میں ہے بہ نظر نہ آئے ۲ر - سنہری ۱ر - تماکو کی گولیاں فی تولہ ۱ر - جادو کے سانپ فی نمبر ۲ر - جادو کی خوبصورت کتاب ۲ر

المشتہر اے ایم زمان برادرس ۵۱ چوک مراد آباد

مجرب اشرطیہ! اپر تاثیر!!!

مصنوعہ لالہ حرچرن داس

تمام درد خواہ تین بلکم پیلی رام طبیب بٹالوی دروازہ لوہاری چوک متی لاہور آنی چاہئیں - پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو سو فی روپیہ کمیشن دیجاویگی - سندات موجود ہیں - طریق استعمال ہمراہ بکس ہے

بیلی رام کی گولیاں

دافع دائمی قبض - درد سر کا چاتا - متوحش اعضائے رئیسہ کی کاہندی دور کرنا ان گولیوں کا کام ہے قیمت ۵۰ گولی ۲ر - ۱۰۰ گولی ۳ر - ۲۵۰ گولی ۵ر

امرت گولی - مقوی باہ - مسکن جملہ امراض بلغمیہ دیرینہ کو دور کرنیوالی دو تین روز کے استعمال سے بھوک لگنی شروع ہو جاتی ہے - غذا کے ہضم کرنی اور طاقت بدنی کے زیادہ کرنیمیں سوائے امرت گولی کے کوئی عمدہ دوا نہیں ہے قیمت پچاس گولی ۵ر

جوب جریان وغیرہ قیمت پچاس گولی ۱۲ر

ممسک کار سہ سفید - میل زوال الما - جارہ - پھولہ - سرخی چشم ڈھلکہ وجملہ امراض چشم کو مفید ہے قیمت فی تولہ ۲ر

معجون سقوی - وہ کہاں ہیں جو ہمیشہ قوت باہ سے شاکی ہیں یہ معجون خوش ذائقہ خوشرنگ - برق التاثیر ہے - اللہ سے افضل تر مقوی دل و دماغ دیگر - پٹھوں کی سستی و جمیع مفاصل عرق النساء - نقرس جملہ امراض باطنیہ کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے کہنہ کا پھل کڑوا ہے - علاوہ اسکے خون ناقص پیدا کرکے مردہ دلوں کو لطف زندگانی دکھاتا ہے جو گرد و پیر کو دوسرا یقین گردوں قیمت فی پڑیا تین فی نصف سیر ۱۰ر

المشتہر حیلی رام طبیب بٹالوی دروازہ لوہاری چوک متی لاہور

دعوے بیسہ مہر مجمل

چونکہ بیان جلفی مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ نے اشتہار دیوانی جاری کیا ہوا اسلئے حکم اشتہار دیوج اجرا کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ خبر نالش کی پاکر تاریخ ۱۲ مارچ ۱۹۰۴ء کو بجہت پیروی مقدمہ حاضر ہووے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی ٭

اشتہار عدالت دیوانی باجلاس منشی محمد بخش خان صاحب منصف پرگنہ ٹہا ضلع گورداسپور ٭

بیلی رام ولد ہیرا قوم کلال ساکنہ سوجان پور مدعی بنام دونی ولد گنڈا اقوم کلال ساکنہ شاہ پور تحصیل و ضلع گورداسپور مدعا علیہ

دعوے بیسہ مہر مجمل

جلفی اظہار مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عدالت ہذا سے اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر دونی مدعا علیہ بتاریخ ۱۲ مارچ ۱۹۰۴ء بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی پیروی مقدمہ مندرجہ بالا نہیں کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی ٭

المرقوم ۲۲ فروری ۱۹۰۴ء

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی باجلاس منشی عزیز بخش صاحب منصف پرگنہ اجنالہ ۲۰ فروری ۱۹۰۴ء

بڑا مل ولد راہد بکشون وگنیشداس کشن سنگھ ولد عطر سنگھ ذات جٹ کین نلہ گنڈا مل ولد ہیرا نند ذات کھتری کین بنام جنا ولد اجایب ۱ تحصیل جنیو ضلع گورداسپور ۲ مسمات شیدا دختر بشیشر سنگھ زمیندار مدعا علیہ

وجہ پروانہ منشی محمد اسحاق مختار مدعی

دعوی مالیت روپیہ زرنامہ

بمقدمہ مندرجہ عنوان مدعا علیہ تعمیل سمن سے گریز کرکے عدالت ہذا سے روپوش ہے لہذا بذریعہ ہذا ضابطہ دیوانی یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ ۱۰ مارچ ۱۹۰۴ء کو بوقت ۱۰ بجے دن کے عدالت ہذا میں حاضر ہو کر جواب دہی پیروی مقدمہ بالا کی نہیں کریگا تو اسکے برخلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی

آج تاریخ ۲۰ فروری ۱۹۰۴ء کو ہمارے دستخط و مہر عدالت کے جاری کیا گیا ٭

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی اجلاسی جناب محمد بشیر علیخان صاحب تحصیلدار باختیارات منصف لوراللائی

بنام گل خانچند بذریعہ خانچند محمد قند ہاری پیشہ سرکار ڈرکاندار لورالائی مدعی

دعوے مبلغ ۱۲۰۰ روپیہ

بمقدمہ مندرجہ عنوان مدعا علیہ تعمیل سمن سے عمداً گریز کرتا ہے۔ لہذا یہ اشتہار حسب دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ مذکور مورخہ ۴ مارچ ۱۹۰۴ء بوقت ۱۰ بجے کے حاضر عدالت ہذا نہ ہوگا تو اسکی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل لائی جاویگی۔ فقط

آج تاریخ ۲۰ فروری ۱۹۰۴ء بہ ثبت دستخط و مہر عدالت ہذا کے جاری ہوا ٭

ضرورت ہے

نوجوان مخنی جفاکش ایجنٹوں کی جو شہر بشہر پھریں اور ہماری خاص چیزوں کو رواج دیں اور مشہور کریں روپیہ کی ضمانت بھی ہوگی۔ اور تنخواہ پندرہ سے بیس روپیہ تک دیجا سکتی ہے۔ علاوہ بریں خرچ کرایہ بھی علاوہ ملے گا شامل نہیں ہے ٭

ہمارا جماعت ہمارا لوگو کے اسمی جو تجارت سیکھنا چاہیں خود آویں یا خط لکھیں۔

اے برکت اینڈ کمپنی مینیجرز بازار ریلوے بکسیں

مبارک! مبارک!! مبارک!!! لاہور

نیا سال اور ہماری دکان

جس مہربانی اور نظر عنایت سے آپ لوگوں نے میری ناچیز محنت کی قدردانی فرمائی ہے میں آپکا نہایت مشکور ہوں اب اس بنجل کے لیئے پھر آپکی خاطر مہربانی عمدہ عمدہ کلاک ٹائم پیس اور مرمت کی چوبی گھڑیاں دیگر اقسام کی منگوائی ہیں۔ چونکہ دور دیہ اور غیر آشنا لوگوں کو حکم عنایت ہوئی ہے لہذا یہ بھی پھر لکھتے احسان ہے کہ تھوڑا کھانا ہماری بھی بچا تا ہے گھڑیوں کی قیمت بھی اسیقدر کم کردی ہے جو بہت پوری امید ہے کہ ہمیشہ کیطرح اس سال بھی آپ میری عنایات کی قدردانی فرماکر بندہ کو ممنون و مشکور فرمائینگے نیز گھڑیونکی مرمت بھی عمدہ اور بکفایت ہوگی ایک قسم کی ہو سکتی ہے

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی چار سال

نکل سلور اوپن کیس قیمت فی عدد اول نمبر نکل سلور اوپن کیس مع جواہر دوم نمبر پکا نکل گارنٹی چار سال سے ہمپتا واچ گارنٹی دو سال سے

ڈبل کیس کیلس لیور ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰

ڈبل کیس کیلس لیور ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰ ۱۰ ۰ ۰

رسٹ واچ یعنے کلائی پر باندھنے کی گھڑیاں گارنٹی چار سال

نکل سلور اوپن کیلس جواہر اول نمبر ۱۰ ۰ ۰ دوم نمبر ۱۰ ۰ ۰ خاص چوڑی دار اول نمبر ۱۰ ۰ ۰ دوم نمبر ۱۰ ۰ ۰ بی ٹائم پیس گارنٹی دو سال پکا کی کلاک گھنٹہ بجانے والا ۱۰ ۰ ۰ پکا کی پیٹر کلاک ۱۰ ۰ ۰ گارنٹی دو سال

اگر فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس لے لو

نسل کے بڑھانے مرض نامردی کے دور کرنیکے واسطے

شربتیہ صردنی کا جنس قیمت ۱۰ ۰

اس کیس میں ادویات مفصلہ ذیل داخلی خارجی علاج کی ہوتی ہیں مقوی باہ دافع ہر عیوب مقوی باہ ایکا ہر عضو اعضائے تناسلی کو بڑھانا مادہ نامردی کے سوا خواہ کیسی ہی کمزوری کی خرابی ہو اس کی اکثر کثرت عیاشی سے منعف اعضائے رئیسہ اور طاقت رجولیت کم ہوگئی ہو ان ادویات کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کو خصوصاً اور قوت باہ و رگوں پٹھوں کی ناطاقتی کو خصوصاً ایسی ناپائیدار طاقت حاصل ہوگی کہ عمر میں کبھی ایسا شباب میں نہ دیکھی سنی ہو لطف کر کرانیکا کہنا نہیں ہے ٭

نوٹ۔ شفاخانہ ہکیم فیاض الدین کا ہمکدہ ہے ہمالا ادویات کے استعمال سے کریگا ہمارا ہی آتی ہے جاوے گی ایسا ہو کبھی نہیں ہوا ہمارا ہی کہنا ہے کہ ہمارا ہی کہنا ہے کہ ہمارا ہی کہنا ہے کہ

کا جلسہ ختم ہوا۔ ڈاکٹر صاحب اب اپنے دلمن مالوف یعنے پٹیالہ مین
فوجی ہسپتال کے افسر بنکے گئے ہین۔ وہ اپنی نیکدلی خوش
خلقی اور بے تعصبی کے سبب سے طلبا مین بہت ہر دلعزیز خیال کیے
جاتے ہین اور جسقدر وہ مسلمانون کی نگاہون مین باوقعت ہین
اس سے زیادہ ہندؤن کے دلون مین عزیز ہین۔ امید ہے کہ
انکے اخلاق حسنہ اور انکی ذاتی لیاقتین۔ ریاست مین انکو نیکنام
اور فائز المرام کرینگے۔ مرسلہ محمد فضل احمد۔ ایڈیٹر اصحت

بھائی خاندہر سنگھ کے عجیب کیفیت

جناب اڈیٹر صاحب۔ اول تو آپکو عنوان سے ہی معلوم ہو گیا
ہوگا کہ معاملہ کوئی دھنتاکا ہے پھر بیشتر سکے کہ میں اپنی طرف سے
کچھ عرض کردون مجھے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سرورست اصل واقعات
کو بیان کردون تاکہ آپکو جنگا کی ماہیت معلوم ہو جاوے۔ ۲۵
فروری کو سے پہر کو وقت وال منڈی مین سنت رام بدری داس
پساری کے بیٹے کی شادی کی ترہب مین انکی دوکان کے عین سامنے
ڈیرہ رنگ کا جلسہ ہو رہا تھا۔ علاوہ ایک طائفہ کے نقان ہی موجود
تھے اور بہت سے لوگ علاوہ براتیون کے تماشا دیکھ رہے تھے
جنمین کافی پلٹن نمبر ۲۰ کے سپاہی بھی تھے منجملہ انکے چند اشوشہ
پٹھان جنکی وحشت ناک صورت ہونے کسی سے پوشیدہ نہین خلل انداز
محفل ہونے لگے دیکھتے ہی کہ نقالون کا ایک لڑکا گاتا ہوا تھا اور
خوبصورت بھی تھا اور نقل دلچسپ کر رہا تھا۔ پٹھانون کی یہ شرارت
دیکھکر چند پولس کے کانسٹبل جو انتظام کیلئے بلائے گئے تھے انہین
مداخلت کرنے لگے جب اونہون نے مطلق توجہ نہین کی تو اونہون نے
پیر مارنا شروع کیا مگر پٹھانون نے بجائے توجہ کرنیکے پولس والون کو سخت
سست کہنا شروع کیا اور بے نقط گالیان سنائین اور کہنے لگے خیال
مین نہین ہوا تھا کہ ہم پلٹن مین ہون کوئی کیا کر سکتا ہے جب
پولس نے مستعدی سے اونہین روکا اور جلسہ سے باہر کرنا چاہا تو وہ
آمادہ مقابلہ ہو گئے۔ یہ دیکھ کر کہ نوبت ہاتھا پائی تک پہنچتی ہے جمعدار
تمام صفدی مین پھیل گئی اور ایک تھلکہ مچگیا پولس کے کانسٹبل گتھے
پڑتے ہے اور گالی پلٹن والون کا غلون کا غلون کوتوالی مین خبر ہونے
پلٹن والے پارٹیکر زخیکر ہوئے مگر حقیقت یہ ہے کہ خالی ہاتھون
کے نہتے اور نکمے بھلا اچھی آئین گرفتوش مستی سے پولس والون کے
ہاتھ پلٹن کا ایک سپاہی جو اسی دنگہ فساد مین مشغول تھا پکڑ گیا اور وہ
اسکی گشتہ بناتے ہوئے کوتوالی لے گئے مگر تھوڑی ہی دیر بعد ڈاکٹر شیرز
اور ایک افسر گالی پلٹن اُسے چھوڑانے گئے اور پولس والون کا الزام
دینے لگے کہ تمنے سپاہیون کو ناحق مارا ہے خیر یہ تو ابتدا تھی مگر ابھی
جنگ افغانستان اور روم روس کا باقی تھا کیونکہ جب جب مرہٹی
جنگ نہین چھڑتے تو خانہ جنگیان ہی غنیمت ہین۔ بہادری دکھانے
اور نمبر حاصل کرنیکا شاید یہی باتین ذریعہ ہو سکین۔

قریب سات بجے شام کے گالی پلٹن لیطرف سے پندرہ بیس پٹھانون
کا جرگہ لاٹھیان مین موٹی موٹی لاٹھیان اور ڈنڈے لئے ہوئے اور
پرجوش نعرے مارتے ہوئے صدر بازار کیطرف حملہ آور ہوئے اور ہر
پولس والون نے چیخنا شروع کیا کہ دوڑو بچو پٹھان آگئے آگئے یعنی
بھی مرگ پر پانو نا تک۔ چند صاحب سود اگر اشیاء کہنہ کی دوکان کے
سامنے ایک پولس والا اسکو نظر پڑا اس نے دیکھتے ہی اوسپر برس پڑے
اور بیچارے نا کردہ گناہ کو اوسنے مار کر ڈالا۔ ہڈی پسلی چور ہو گئی اور آتا
فانا پٹھانون کا دو سو اور اسیطرح لگاتار پلٹن ٹوٹ پڑی کہ اب
غدر مچگیا۔ دوکاندارون نے چراغ ہی روشن ہی کئے تھے کہ سب
غل کر کے دوکانین بند کر اپنے اپنے گھرون تین جا دبکے۔ صدر بازار
مین اندھیر اگھپ اور سناٹا ہو گیا چار و نطرف ہو کا عالم۔ پٹھانون
نے پولس والون کے دہکہ کی کئی ضرب دو کاندار پر پیٹ ڈالے
اور متواتر توڑ پھوڑ کرنے شروع کئے۔ پہلے حملے مین جو کوتوالی
مین لڑا سکا مار مار کر ناس کر دیا۔ حوالات کے سامنے ایک سپاہی
پہرہ پر تھا اسکو تنہا مارا کہ وہ بیہوش ہو گیا اسکی ناک کاٹ کر چھین
لے گئے اور جدھر کوئی ادھر اُدھر احاطہ مین نظر آیا اسکا اچھی طرح آچار
بنا یا اور وہ موکہ آرائی دکھلائی کہ اگر کوئی انصاف پسند ہو تو ان کو
ڈبل تمغے ملنے چاہئین اور تمغے ہین دو گنی کر دینی چاہئین۔ بلکہ سب کو
صوبہ دار جمعدار اور حوالدار بنا دینا مناسب ہے۔ بیچارہ پولس والے
کل جمع پچاس آدمی۔ سو ہی منتشر اور ہر قریب نصف پلٹن کے
لڑائی بھڑائی کے سامان سے لیس کیا ہتھ جاتی۔ آخر پولس والے
جان بچا کر سب بھاگ گئے اور جہان جسکے سنگ سمائے گھسکر بیٹھ گئے
آخر کوتوالی بالکل خالی ہو گئی یا یون کہو کہ پٹھانون نے قلعہ فتح کر لیا
زینہا عمل دخل کر لیا۔ کوتوالی کے کواڑ اوتار دئے گئے اور گھنٹہ گھڑیال
توڑ مروڑ کر پھینکدیا اور خوب ٹھوٹل ٹھوٹل کر پولس والون کو مارا بلکہ
سیاہ پوشاک والون کی بھی شامت آگئی۔ جن لوگون نے غدر مچتا دیکھا
ہے وہ کہتے ہے کہ اسکی کیفیت اس نمونہ سے بہت کم ہے پٹھان
خود قتل مچا رہے تھے کہ ہمارے افسر کا حکم ہے کہ مار کر آؤ مار کھا کر
مت آؤ کیونکہ یہ آخر رعایا کی محافظت کرتا ہے اور سی تے فک
اونہین طیار کرتا ہے اور پالتا ہے۔ بازار والون کا بھی بہت نقصان
ہوا۔ یہ وہی ۲۷ نمبر گالی پلٹن ہے جسنے بریلی مین غدر مچا دیا تھا اور
بازاروں مین خون خرابے کی نوبت پہونچی تھی آٹھ بجے سے کچھ
پہلے یہ لوگ پلٹن کو واپس چلے گئے اور حسب ضابطہ حاضری دیدی گئی
تھوڑی دیر بعد اندھیرے مین ایک ٹم ٹم کی آواز سنائی دی لوگ
سمجھے کہ کلکٹری صاحب کنٹونمنٹ مجسٹریٹ تشریف لاتے ہی ان
سے فریاد کرینگے مگر کلکٹری صاحب کا کہان پتہ وہ اپنی کوٹھی کے گول
کمرہ یا کلب مین بیٹھے وہ اسوقت کیون تکلیف کرتے۔ سب امن
کی صورت ہو جانی تو آموجود ہونگے۔ ٹم ٹم سے ڈاکٹر شیر صاحب
برآمد ہوئے بازاروں نے ان سے فریاد کی مگر وہ ٹال گئے اور کہنے
گئے کہ سپاہی لوگ صرف پولس کو مارنے آیا تھا بازار کے لوگون کو
نہین۔ دو چار سپاہی مانسون نے دوڑ کر کمان افسر کو اطلاعدی وہ
البتہ فی الفور گئے اور انکے بعد یہ صاحب بہادر آئے اور وہ آئے
اور تھوڑی دیر بعد صاحب لوگ صاحب لوگ ہی نظر آنے لگے
آخر حکم دیا کہ رات بھر رسالہ کا ایک گارد چھاونی کی حفاظت کرے
اور سب چلے گئے۔ ۲۶ کی صبح کو شہر کی پولس کے افسر برموقعہ
آئے۔ تحقیقات ہو رہی ہے دیکھئے کیا نتیجہ نکلتا ہے۔ آیا معاملہ
رفع دفع ہو جاتا ہے یا کچھ کیسکو سزا ملتی ہے تاکہ آیندہ کو کان ہو جاوے
بیڑا صاحب۔ آپ سچ جانئے کہ یہ پلٹن والے یہ سمجھتے ہین
کہ ہمارے آدمی ہین اور قانون اور عدالتون کو نظر حقارت سے
دیکھتے ہین مگر یہ جاہل لوگ اتنا نہین سمجھتے کہ سرکار انگلشیہ کا قانون

وہ قانون ہے کہ دم بھر مین دیو بیعد سلطنت کو باندھ کر سامنے کھڑا
کر لیتا ہے۔ بڑے بڑے کمانڈر انچیف عدالتون مین معمولی ملزم
کیطرح آتے ہین ایران سے ویسا ہی سلوک ہوتا ہے جیسا
اچھی طرح جانتی ہے کہ لارڈ رابرٹس کمانڈر انچیف کی سفارش
نیکنامی اور کمائی پل بھر مین خاک مین ملگئی اور قانون دیکھائی
کے بارہ مین اپنے وہ دبدبہ آیا کہ حشر تک ہی نیگا جس تہ بیداری
اور عاجزی سے اونہون نے معافی مانگی ہے وہ اسبات کا کامل
ثبوت ہے۔ فوجیکو ملک اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی سے اسلئے
دیتا ہے کہ وہ اسکو اندرونی اور بیرونی دشمنون سے بچاوین نہ کہ
خود ملک کی ہی آسایش اور امن مین خلل ڈالین۔ اور آنکھون کی
کا ثبوت دین۔ کیا یہ سیاہی نہین ہے یا بزدلاپن کہ بیچارے
نانبائی اور سبزی فروشون کو مارنا اور زبردستی انکی چیز چھین لینا
اور ایک کوڑی تک نہ دینا۔

اگر گورنمنٹ کشن کے ذریعہ تحقیقات کرے تو اسے ثابت ہو جائیگا
کہ آجکل پلٹن کے اکثر سپاہیون کا سوائے اسکے کہ وہ دو ڈھائی مہینے
پریڈ مین کو دآتے ہین باقی بہت سا وقت بیہنگر قانون اور
قسم قسم کی بدمعاشیون مین صرف ہوتا ہے اور لطف یہ ہے
کہ دن دوپہر۔ کیا ملک اور گورنمنٹ انکی اخلاقی حالت کی ذمہ دار نہین
ہے آس پاس کے گاؤن کے لوگون کو یہ دائمی تکلیف دینے کا باعث
ہوتے تنے اگر دس سال کے اندر چوریون کے نقشے ملاحظہ کئے
جاوین تو معلوم ہوگا کہ پلٹن والے کتنے چوری کی علت مین ماخوذ
ہوئے گو بہت سے ہاتھ نہین آئے۔

ہمین اپنے بیدار مغز انصاف پرور سرڈینس فٹزپیٹرک صاحب
لفٹنٹ گورنر پنجاب سے کامل ہوفتہ ہے کہ وہ اسپارہ مین خوب تحقیقات
سے کام لینگے اور ایسا مکمل اور مستقل انتظام فرما دینگے کہ
آیندہ لوگ اس قسم کے ہنگامون کے محفوظ رہین۔

راقم۔ قاضی جی تم کیون دبلے؟ شہر کا اندیشہ

اشتہارات

اشتہار از جانب راجہ بہرن سنگھ صاحب راجہ شیخوپورہ

رکھ موسومہ رکھ ہرن منارہ جہان لکڑی قسم جنڈ بیری
وغیرہ اور گھاس تری کثرت سے ہوتا ہے۔ ملکیت ہماری یا
دو میل جانب شمال واقعہ ہے۔ اسکا ٹھیکہ دینا برائے چھ سال
سوائے چرائی گھاس اور کٹائی لکڑی۔ منظور رہے۔ یہ
ٹھیکہ ہماری حویلی واقعہ چونی منڈی مقام لاہور
بتاریخ ۵ مارچ ۱۹۰۶ء نیلام ہوگا۔ برائے آگاہی خریداران
یہ اشتہار دیا جاتا ہے اور شرط ٹھیکہ کی مفصل ہمارے دفتر
تحریر شدہ موجود ہین۔ کسی کو ضرورت ہو تو دیکھ لیوے۔ تحریر
۱۷ فروری ۱۹۰۶ء

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر رام نگر بتجویز مسمات
امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۹ فروری
مساۃ دولی زوجہ پیر و ولد امام الدین ذات جٹ سکنہ
ساکن نگلی پرگنہ امرتسر مدعی

انکو چار دن کا باس پہنا دیا اور اسلام سے بہیر دیا۔
قطب الدین ایبک شاہ دہلی نے سید یہ ان جلیس پر سالار کو ان لوگون کی ہدایت کے واسطے روانہ کیا۔ ان لوگون نے سید کے پہونچنے پر اپنا مسلمان ہونا ظاہر کیا۔ اور انہون نے انکو مسلمان سمجھکر انکے حال پر چھوڑ دیا۔

(۴) طریق معاشرت:- جس وقت سے آجتک کے سلطان بادشاہ کو یہ نہ سوجھا کہ انکے طرز معاشرت کو موافق اسلام بنائے۔ انکا اور انکی عورتون کا وہی لباس آجتک موجود ہے جو رائے پتھورا نے خطا کیا تھا۔ اگرچہ غدر ۱۸۵۷ء سے دیندار ان لوگون مین پھیلنے لگی ہے اور اب یہ قوم نماز روزے سے واقف اور انکی پابند ہے۔ پیشہ انکا کاشتکاری ہے۔ اور ملک میوات کی زمینون کے یہی لوگ مالک و بسوہ دار بطور پیتہا چارہ ہین۔

(۵) تعلیم:- علم اس قوم مین بالکل کم ہے۔ دس بیس ہی ایسے آدمی ہونگے جنہون نے مڈل پاس کیا ہوگا باقی کل قوم مین سے زیادہ سے زیادہ پانسو آدمی خواندہ ہونگے مدرسہ کل ناخواندہ ہین۔ اسی وجہ سے گورنمنٹ کے صیغہ ملازمت مین یہ لوگ داخل نہین۔ اب اگر خال خال کوئی آدمی کچھ تعلیم حاصل بھی کر لیتا ہے۔ تو اس وجہ سے کہ انکا کوئی بزرگ کسی سرکاری سلسلہ مین ملازم نہین سوائے پٹواری یا مدرسے کے کہین جگہ نہین ملتی۔ دو چار مدرس یا دس پانچ پٹواری اس قوم مین سے ہونگے۔ صیغہ فوج مین سپاہی یا حوالدار تک انکا عہدہ ختم ہے۔ الراقم نصیب احمد سیکنڈ ماسٹر پورڈ سکول گوگانوا بنجر ۱۷۔

کیا سر کار انگریزی کے راج مین ایسا اندھیر ہو سکتا ہے

سلطنتا ہی اور شخصی اسلامی سلطنت اس لیئے بدنام ہے کہ اسمین اندھا دھند کا رروائیان ہوتی تہین۔ آجکل کی طرح قانونی نرمی اور ضابطون کی نقاست نہ تھی کہ دو عدالتون مین مجرم رہا اور تیسری مین نلو پچ نکلا۔ دو کچہریون مین چین اور ڈالے رہے تیسری یا چوتھی مین بند ہ گئے۔ مجسٹریٹ اور جج جیسی طرح سے خود حقیقت حال کو جانتے ہین کہ معاملہ اس طرح پر ہے مگر قانونی الفاظ اور قانون پیشہ لوگون کی تقریر کا ایسا اثر ہوا پڑ گیا ہے کہ کچھ نہین ہو سکتا۔ خلق خدا سافٹ عدالتون کے احاطون مین پکارتی ہے کہ انصاف آجکل روپیہ ہے۔ اس زمانہ مین کوئی مقدمہ نہین کہ کارروائیان ضرور اندھا دھند ہوتی تہین مگر انصاف اور غور سے دیکھنے پر معلوم ہوگا کہ ۹ فیصدی مقدمات مین اصل مجرم ہی دہرا جاتا تھا کہ اسے یہ ملک چون و چرا کا موقعہ نہین دیا جاتا تھا۔ سزائین گو آجکل کی تہذیب اور پاکیزہ مذاق کے خلاف تہین اور انسانیت کے لحاظ سے اونہین وحشیانہ کہہ سکتے ہین مگر جو فرد انکا پڑتا تھا اسکے آجتک جا بجا ہاتھ پاؤں کاٹے جاتے ہین۔ پہاڑون جنگلون اور دور دور کی آبادیون مین جہان چوری۔ قتل۔ لوٹ اور معاشیون کا پتہ لگنا باوجود ساری عیاری کے قریب قریب ناممکن ہے وہان کی نسبت سب جانتے ہین کہ کسی کی شرفیون کی ٹھیلی بھی اگر کسی جگہ گر گئی ہے تو وہین پڑی رہتی تھی۔ یہ حال نہ تھا کہ معصوم جائین دن دوپہر گھرون مین ہلاک ہو جائین اور پھر اصل مجرم مدتون پتہ تا ڈا ہی دیتا رہا۔ وغیرہ وغیرہ۔ مگر وہ جائین تو وحشت کے زمانہ کی تہین لیکن جس راج کی نسبت یہ لکھا جاتا ہے کہ اسمین شیر اور بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہین وہان اندھیر ہونا قیامت ہے۔ وہان کالے اور گورے کی تمیز کرنا ستم ہے۔ وہان غریب اور مظلوم کی آہ و زاری کو نہ سننا غضب ہے۔ رعایا جب کسی حاکم کے ہاتھ سے ظلم سہتی ہے تو اول سب کی جرات نہین پڑتی کہ فریاد کرین مگر جب انتہا کر کے لوگ فریاد کرتے ہین تو ٹالدیا جاتا ہے۔ کیونکہ سرکاری افسرون کے رعب و داب مین فرق آنیکا احتمال ہوتا ہے مگر جب رعایا کسی افسر سے خوش ہوتی ہے اور چاہتی ہے کہ وہی ہمارے سر پر بنا رہے تو اسے تبدیل کرتے وقت یہ نہین سنا جاتا کہ اسکی ہر دلعزیزی مین فرق آجائے گا۔

اگر اس زمانہ مین برٹش راج کی برکتون سے کوئی محروم ہے تو وہی چہاڑ دنیان ہین۔ اگر برٹش راج سے بے بہا عطیہ (آزادی رائے) سے کوئی محروم ہے تو وہ چہانیان ہین۔ اگر برٹش راج مین کہیے شخصی حکومت اور نوابی اب تک چلی جاتی ہے تو وہ مقامات چہاڑ دنیون کے ہین۔ اگر برٹش راج مین کہیے شہنشاہ روس کے چچا زاد بہائی دیکھے ہون تو وہ چہاڑ دنیون مین جاکر کنٹونمنٹ مجسٹریٹون کو دیکھ سکتا ہے جہان بسا اوقات سلام نہ کرنے پر بھی مجرم قرار پاکر سزا بھگتی ہے (اور شاید یہ بات روس والے سے بھی زیادہ ہو) اگر برٹش راج مین جایا تو سخت حقارت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے تو وہ چہانیان ہین جہان کسی بارہ مین انکی رائے تک نہین لیجاتی۔ کنٹونمنٹ مجسٹریٹ نمبر ۱ بادشاہ کے ہین جنکو شان مین انگریز کی مندرجہ ذیل فقرہ چسپندہ ہو سکتا ہے کہ "I am the Monarch of all I survey"

بہت سے اصحاب خیال کرینگے ہونگے کہ ہا دنیان ایک لشکر ہے انکی نسبت چندان کوئی توجہ نہین کرتا۔ مگر مین ثابت کر سکتا ہون کہ انکا خیال اب سراسر غلط ہے۔ بعض بعض چہاڑ دنیون کو اب آباد ہوئے ایک صدی سے زیادہ عرصہ ہو گیا اور نصف صدی کی نوبت سی چہاڑ دنیان ہن۔ یون کہنے کو تو یہ عرصہ زیادہ نہین ہے مگر اس عرصہ مین ہر صیغہ مین انقلاب ہوئے ہے اور جو جو اصلاحین ہوئی ہین انہی نظر انداز نہین کرنا چاہیئے۔ اس وقت چہاڑ دنیان شہر دالے کم ہین ہین بلکہ کئی چہاڑ دنیان ایسی ہین جو اچھے اچھے شہون کو مات کرتی ہین۔ تہذیب کے جملہ سامان یہان موجود ہین۔ بڑی بڑی ریلوے سٹیشن دوہرے دوہرے تا گھر اور ڈاکخانون کے صدر مقام۔ تجارت کی منڈیان اور پختہ بازار۔ عالی جاہ لیاقت باغ ایجنسی۔ کوٹھیان۔ بنگلے۔ سکول۔ مدرسے ہر قسم کے ہاری اہل صنعت و حرفت یہان بستی ہے۔ بڑے بڑے سوز یہان رہتے ہین۔ ایک ایک ہندوستانی کا ہزارون روپیہ تجارت مین لگا ہوا ہے۔ ایک ایک کوٹھی بیس بیس تیس تیس ہزار روپیہ کی لاگت کی موجود ہے جو خاص دیسی آدمیون کی ملکیت مین ہے۔ لوگون کی کئی کئی پشتین چہاڑ دنیون مین گذر گئین۔ بیاہ شادی رشتے ناطے یہین ہوتے ہین اب فرمایئے شہرون مین کیا سرخاب کا پر لگا ہے۔ سوائے اسکے کہ وہ مدت کی آباد ہین اور وہان کے باشندون کی زمین کی ملکیت بھی ہوتی ہے۔ جو چہاڑ دنیون مین نہین مگر صرف اتنے فرق سے وہ اس قابل نہین ہے کہ انکو انصاف اور جائز آزادی اور اختیارات سے محروم رکھا جاوے۔ ذرہ ذرہ سے قصبون اور گاؤن مین میونسپل کمیٹیان موجود ہین جہان گاڑھے کا تنبہ پہنے ہوئے لوگ میونسپل کمشنر کہلاتے ہین اور معقول اختیارات رکھتے ہین مگر چہاڑ دنیون کے سیٹھ ساہوکار۔ رئیس سوداگر تعلیم یافتہ وکلا وغیرہ وغیرہ کو اتنا ہی منصب حاصل نہین ہے کہ کنٹونمنٹ کمیٹی کے معاملات مین ذرہ چون تک بھی کر سکین۔ ہندوستانی ڈپٹی کمشنر سے لگا کر جج ہائی کورٹ اور گورنر جنرل کی کونسل کے ممبر تو بن سکتے ہین مگر چہاڑ دنیون کی کنٹونمنٹ کمیٹی مین رائے دینے کی شاید قابلیت نہین رکھتے۔ کیا برٹش راج مین بھی انصاف ہی ہندوستانی پارلیمنٹ کے لایق فایق ممبر ثابت ہو سکتے ہین۔ مگر افسوس ہے کہ کنٹونمنٹ کمیٹی کے معاملات کو نہین سمجھ سکتے۔ کیا ہماری بیدار مغز گورنمنٹ عالیہ نے کبھی اس امر پر غور کیا ہے۔ اندنون چہاڑ دنیون کا ضابطہ طیار ہو رہا ہے۔ کیا گورنمنٹ نے چہاڑ دنیون کی حکومت کے اصول اور کنٹونمنٹ کمیٹی کی کانسٹی ٹیوشن پر بھی توجہ فرمائی ہے کہ کیسا ہے۔ جیسی شہرون کی رعایا حضور ملکہ معظمہ قیصر ہند کی وفادار اور نیک رعایا ہے ویسی ہی چہاڑ دنیان کی بھی ہے۔ پھر ایک کو پیار اور دوسرے کو جھڑکی کیا معنی رکھتا ہے۔ ایک ماں کے جب دو بچے ہون تو کیا یہ روا ہے کہ انکو دو آنکھون سے نہ دیکھا جائے۔ البتہ یہہ ہو سکتا ہے اور شاید بھی ہے کہ جو جس لایق ہے اسکے ساتھ اتنا ہی سلوک کیا جاوے مگر بالکل فراموش کر دینا سراسر ظلم اور اندھیر ہے۔ آیندہ مین ظاہر کرونگا کہ کنٹونمنٹ کمیٹی کیا شے ہے۔ اسکے ممبر کون ہوتے ہین اور چہاڑ دنیون کے معاملات کس طرح نبٹائے جاتے ہین۔

الراقم قاضی جی تم کیون ڈبے ہو؟ شہر کا اندیشہ

جلسہ مبارکباد

ڈاکٹر عبدالحکیم خان صاحب ایم اے کے گریجویٹ ہونے کی خوشی مین طلبائے اہل اسلام لاہور نے اسلامیہ کالج لاہور کے ہال مین ایک ٹی پارٹی کا جلسہ کیا۔ تمام بورڈنگ کالجون کے مسلمان طلبا۔ و قریباً کل مسلمان گریجویٹ اور دیگر شرفا بکثرت موجود تھے۔ میوجات۔ انواع و اقسام کی مٹھائیان اور چائے وغیرہ کا انتظام نہایت خوبی سے کیا گیا۔ مولوی شاہدین صاحب بیرسٹرایٹ لا اس جلسہ احباب کے چیرمین بنائے گئے۔ کئی صاحبون نے تقریرین کین اور ڈاکٹر صاحب ممدوح کی اوصاف حمیدہ اور اخلاق حسنہ کی تعریف کی۔ ڈاکٹر صاحب نے بھی بڑھکر سے حاضرین کا شکریہ اور اس مہربانی اور شفقت کا شکریہ ادا کیا جو ایام طالبعلمی مین دونون ہندو مسلمان طالبعلمون نے آپس مین ہمیشہ کی۔ بڑی خیر و خوبی کے ساتھ یہ فرحت اور مسرت

کہ سید صاحب پنجاب میں تشریف نہ لائیں کیونکہ بالکل سچی بات یہ ہے کہ بہت سے لوگ جو سید صاحب کے معتقد یا دوست یا اُن کی گوشوں کے شناوان ہیں وہ سید صاحب کے یہاں آنے سے نہایت خوش ہونگے۔ انگریزی میں ایک مثل ہے۔ The weather may go to the wall. یعنی کمزور کو نقصان اُٹھانا چاہیئے۔ تو پھر انجمن حمایت اسلام اس سے مستثنیٰ نہیں ہو سکتی تمام انجمن کو بابو سر دار پرشاد صاحب نے افضل ایک سفر کا پروگرام تجویز کیا ہے جس میں وہ چاہتے ہیں سات آدمی یا اس سے زیادہ شریک ہوں کہ جن میں سے چار اس وقت تک شرکت کا ارادہ ظاہر کر چکے ہیں۔ یہ کمپ لاہور سے روانہ ہو کر منزل بمنزل پیادہ شروع اپریل سے کشمیر جنت نظیر کو روانہ ہوگا۔ راہ میں سب مسافر کشمیر کی قدرتی فضا اور سبزہ زار بہار کا لطف حاصل کرتے سرنگر پہنچینگے۔ یہاں قیام کر کے امرناتھ کو دیکھنے چلے جائیں گے۔ وہاں سے تبت پہنچ کر اسکا قدیمی عظیم الشان تبت خانہ دیکھ شملہ آئیں گے۔ جہاں گرمائی کیمپ توڑ کر سرمائی سفر کی تیاری کرینگے جو وسط اکتوبر سے پنجاب۔ ممالک مغربی و شمالی۔ بہار۔ بنگال۔ ناگ پور۔ وسط ہند کے بڑے بڑے شہروں بمبئی اور مدراس پر مشتمل ہوگا۔ بابو صاحب نے اثنائے سفر میں ضروریات سفر۔ اخراجات اور انضباط اوقات کا ایسا عمدہ نقشہ کھینچا ہے کہ ہر شخص اس کو دیکھ کر بھڑک جاتا ہے ہر روز ہر شخص اپنی ڈائری لکھے گا اور اپنے مذہبی عقیدے کے مطابق عبادت کریگا۔ ہمیں یقین ہے کہ اس گروہ میں مسلمان جنٹلمین بھی شریک ہو سکتے ہیں۔ جو صاحب اس بات کو پسند کریں اس موقعے کو ہاتھ سے نہ دیں بلکہ بابو صاحب سے پروگرام منگوا کر دیکھیں کہ کیسا دلکش سفر ہوگا۔ ہم امید کرتے ہیں آئندہ بہار سے ملک کے نشتنیاب لوگ اور بوقت فرصت نوجوان بھی اس قسم کے کیمپ اور سبق آموز سفر پر سے ملک کے اندر مل قبل کر کیا کرینگے۔ کہ جس سے کہ انکو انہیں اپنے ہندوستان کی رکہ جسے پنجاب عالم کہا جاتا ہے کیفیت تو معلوم ہو۔ اور اس نہایت اعلیٰ درجہ کے دلچسپ سفر سے لطف اندوز ہوں۔

کچھ عرصہ سے آرام نہر ہے کہ لاہور کے گرد کے باغات کاٹ کر گنجی زمین نیلام کر دے اور لوگ وہاں پر مکانات تعمیر کر لیں۔ ہمنے ایک سے زیادہ مرتبہ اس تجویز کی مخالفت کی ہے۔ اب ہم صرف میونسپل اہل لاہور کو صلاح دیتے ہیں۔ اس حرکت کو سخت مخالفت کریں۔ مگر ہم افسوس کرتے ہیں کہ پبلک اور پنشنیں ہماری ملک میں کام نہیں کرتیں۔ لوگ ذرا ذرا سی بات کو نہ سوچتے ہیں لیکن جانتے نہیں کہ آرگینی زیشن کس چیز کا نام ہے۔ سوسائٹی کے لیڈروں کے نتیجہ پر بوجھ ہے کہ لوگوں سے اسکا مطلب سمجھائیں۔ شہر کے گرد کی فصیل گرائی جانے سے سخت اور مدلل حجت کی تھی اور ہم بھی متفق تھے مگر فصیل گرا کر کمیٹی نے انہیں کنال سرکلر گنتی دروازہ ہی قدیم اور گاری کی عمارت گرا کر ہنٹیں بیچ ڈالی گئیں۔ اب اگر لاہور کے بات کی زمین جیسے بیچ سکتی ہے تو لاہور کی صحت سنوارنے اور نہایت لاہور کے آرام کا خیال بھی ممبران بورڈ عنقریب روپے پر قربان کر دینگے۔

سول ملٹری گزٹ ناقل ہے کہ بھائی چند اسنگھ صاحب نابینا پلیڈر فیروزپور نے مسٹر اگنی ہوتری پنجیر و پوسٹ پر علاوہ فوجداری کے ایک دیوانی نالش پندرہ سو روپے توہین کے متعلق دائر کی۔

ایک دلچسپ سفر

بابو سر دار پرشاد بھٹاچاری کا ہم لوگوں کو بہت سیاحت کا پروگرام مشکور ہونا چاہیئے جنہوں پنشن یافتہ ہندوستانی ملازمان سرکار کی آئندہ زندگی کے مفید اور پُر امن قابل دید بنانے کا ایک نہایت قیمتی خیال پیدا ہوا ہے۔ بابو صاحب جو اب ایک مدت العمر کی سرکاری خدمت کے بعد بڑی عزت اور نیکنامی سے دفتر صاحب سپرنٹنڈنگ انجینیر تھرڈ سرکل لاہور کے عہدہ سپرنٹنڈنٹ سے پنشن حاصل کرتے ہیں ایک بہت عمدہ پروگرام ایک سفر کا تیار کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ جب ہمارے ملک میں کلرک اور اسی قبیل کے ملازمت پیشہ لوگ پنشن حاصل کرتے ہیں تو وہ سمجھتے ہیں کہ اب ہمارے آرام کا زمانہ آیا ہے اور عمر بھر کے باقاعدہ کام کی عادت کو یکلخت ترک کر دیتے ہیں۔ اس نوری کایلی سے اُن کے اعضا سست ہونے لگتے ہیں اور کچھ تو بوجہ انحطاط کے کمزوری کا زمانہ ہوتا ہے کچھ یہ لوگ خود بیکار رہ کر اپنے آپ کو تلف کر دیتے ہیں ایک روزہ بعضی کی شکایت ہوتی ہے تو دوسرے روز کوئی آفت وارد ہو کر لاحق ہو جاتا ہے یہاں تک کہ بہت جلد ایک باقاعدہ

مراسلات

ملک میوات کا حال

[اس مضمون کے صلہ میں دو روپیہ کا انعام دیا گیا]

مخدومی بندہ نواز ڈیئر صاحب۔ آپکے سوال حل طلب مفصل ارقام جلد بھیجے دینا فرض ہو گیا۔ کیونکہ (۱) میں ملک میوات کا رہنے والا (۲) خود قوم میو سے ہوں (۳) پیشہ اخبار کا فرمدار ہے۔ آپکے سوال کا جواب تحریر کرنے کے واسطے ایک آدمی تب چاہیئے مگر چونکہ آپکے قیمتی کاموں میں کم فجائیش اور اختصار پر نظر ہے۔ اس لیئے ان چند سطور پر شرط پلیٹ۔ درج فرمایئے۔ وہو ہذا

(۱) وسعت:۔ میوات کا وہ خطہ ہے جسمیں ریاست بھرتپور اور ریاست الور کا اکثر حصہ۔ اور ضلع گوڑگانوہ کی دو تحصیلیں نوح و فیروزپور جھرکا اور تحصیل جھاڈسہ و پلول کا کچھ حصہ شامل ہے۔ اس ملک کی وسعت شہر بہر تمور سے قصبہ سہت تک پچاس کوس اور شہر الور سے قصبہ کوسی ضلع متہرا تک ۴۵ کوس ہیں کر سکتے ہیں۔ قوم میو اس خطہ میں آباد ہے جنکی تعداد تیرہ لاکھ خیال کیجاتی ہے اور کل ہندوستان میں یہ قوم پچیس لاکھ سے زیادہ ہوگی؟

(۲) وجہ تسمیہ:۔ ملک میوات میں قوم میو آباد ہے اسلیئے اسکو میوات کہتے ہیں۔ لکھتہ ہجری میں سید مسعود غازی پیشتا فوج محمود غزنوی سے اس ملک کو تسخیر کیا۔ اور اس قوم کو خطہ باسلام کیا۔ چونکہ وہ لوگ میرہ کو مرغوب جانتے ہیں۔ ان نو مسلموں کو بھی انہوں نے خوش میر خوب۔ بھجکر میرہ سے مشابہ کیا۔ جس سے یہ قوم بنام میوہ شہرت پاکر میو ہو گئی۔ پنجاب سے ہٹ کر ہندوستان کی سب قوموں سے پہلے یہ قوم مسلمان ہوئی۔

(۳) اصل و نسل کی تحقیقات:۔ یہ قوم اپنا راجپوتوں سے مسلمان ہونا ظاہر کرتی ہے۔ گو سارے میو راجپوتوں سے مسلمان نہیں ہوئے مگر تاہم اسمیں کلام نہیں کہ اس قوم کی ۱۲ مشہور گوت جنکو ۱۲ پال کے نام سے نامزد کرتے ہیں۔ راجپوتوں میں سے ہیں۔ قوم میو میں کے ۱۲ پال اور ۵۲ گوت مشہور ہیں۔ یہ گوت وہ ہی ہیں جو قبل تبلیغ اسلام ہندوستانیوں کی حالت میں تھے اور ان سے اچھی طرح آگہی نسل کا پتہ ملتا ہے۔ کل میوؤں کی ۱۲ گوت ۱۲ بڑے بڑے فریقوں کے نام اُن ۱۲ گوتوں سے منسوب ہیں جنکے وہ بڑے اور آدمی بکثرت ہیں جنمیں سے وہ پال حاوی ہیں راجپوتوں کی۔ ۱ بیڑوٹ۔ ۲ ڈہلوٹ۔ ۳ جہر گوت۔ ۴ بوگلوت ۵ ڈاوت ہیں۔ تین پال کچھواہا راجپوت کی۔ ۶ دینگل۔ ۷ سیکرواٹی ہیں۔ باقی چار پال متفرق راجپوت میں سے۔ ۸ کلیہ راٹھور ۹ ڈاول۔ ۱۰ ڈاوٹ۔ ۱۱ ہالوت ہیں۔ باقی چالیس گوت ایسی ہیں کہ راجپوت و جاٹ و برہمن و مینوں سے مسلمان ہوئی ہیں۔ کٹاریہ گوت کی سب میو جاٹوں سے مسلمان ہوئی۔ ۱۲ ہنوات گوت کی برہمن سے مسلمان ہوئے۔ جلدار۔ خیلدار گوت کے میو مینوں سے مسلمان ہوئے۔ راجے پتھورا جب دہلی کے تخت پر بیٹھا وہ راجپوتوں کو اکٹھا کیا۔ تو اس نے نوجلگی کر کے جبرا آگی ڈالی۔ اس منڈ داوین۔ اور شراب پلوا کر ہی اور آگی خوشی کو اور

چاہیئے تھے۔ لیکن کچھ تو بوجہ بے توجہی اور کچھ بباعث افلاس کے مسلمان کم تعلیم پاتے ہیں۔ لیکن بقابلہ دس سال گزشتہ کے مسلمان طالبعلموں کی تعداد میں ترقی ہوئی ہے۔ پنجاب کے سرکاری مدارس میں ہر ایک سو ہندو طالب علموں کے مقابلے میں ۵۰ مسلمان طالبعلم موجود ہیں۔ لیکن یہ نسبت ابتدائی اور مڈل سکولوں میں زیادہ ہے مگر کالجوں میں جا کر بہت کم ہو جاتی ہے۔ دیہات میں مسلمانوں کے بچے مسجدوں میں میانجی سے قرآن کا سبق پڑھ لینے پر اکتفا کرتے ہیں۔ اسی لئے پرائیویٹ تعلیم گاہوں یعنی دیسی مکاتب میں مسلمان طلبا کی تعداد ہندو طلبا سے زیادہ ہے۔ جو بہ نسبت ۱۰۰ : ۵۰ کی ہے۔

بمقابلہ سال گزشتہ کے ۱۹۰۱ء کے امسال ۱۴ خاص تعلیم کے تعلیمگاہ رہ گئے کہ جن میں سے چھ ٹریننگ کالج اور سکول مدرسوں کی تعلیم کے لئے ہیں۔ ایک میڈیکل (طبی) سکول۔ ایک لا (قانونی) سکول۔ ایک ویٹرینری (علاج المویشی) سکول۔ ایک آرٹ (نقاشی و مصوری) سکول۔ اور چار انڈسٹریل (صنعت و حرفت) سکول ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ اس قسم کی خاص تعلیمگاہوں سے بمقابلہ عام تعلیم کے بہت فائدہ ملک کو پہنچ سکتا ہے کہ بہت سے ڈاکٹر اور قانون دان اور مصور اور اتقان صنعت و حرفت پیدا ہو سکتے ہیں۔ لیکن ہمارے نزدیک ضرورت صنعت و حرفت کے مدارس کے بڑھائے جانے کی ہے۔ کیا محکمہ تعلیم کا مطلب ان چار انڈسٹریل سکولوں سے اس قسم کے مدارس سے ہے جیسا کہ لاہور کا ریلوے مکینیکل سکول ہے۔ ہم نہیں سمجھ سکتے کہ اس قسم کے مدارس سے کیا نتیجہ نکل سکتا ہے اور آج تک اس ریلوے ٹیکنیکل سکول سے کیا نتیجہ برآمد ہوا ہے یا آئندہ ہونے کی توقع ہے۔ کیوں نہیں سیدھے سادے طور پر عام صنعت و حرفت کے پیشے سکھلانے کے لئے مدرسے کھولے جاتے کہ جن میں پرائمری اور مڈل کے مدارج تک تعلیم کا نصاب بھی شامل ہو۔ ایک مدرسہ ۱۹۰۲ء کے شروع میں اس قسم کا راولپنڈی میں آنریبل اکرام سنگھ صاحب بیدی کی فیاضی سے کھولا گیا ہے۔ جس میں لکڑی ساری اور عکسی مصوری اور درود گری اور معماری (نیز پیشوں کی تعلیم ابھی سے شروع کرا دی گئی ہے۔ مسماۃ ڈاکٹر سرجن گزشتہ تعلیم کو معلوم ہونا چاہیئے کہ جو طالبعلم ان کے مڈل کا امتحان پاس کر لیتے ہیں وہ آٹھ دس سال کی تعلیم کا معاوضہ پانچ سات روپے ماہوار سے زیادہ نہیں پا سکتے۔ اور نہ ہر جگہ انہیں فوراً نوکری مل سکتی ہے لیکن ایک عام دستکاری مثلاً بڑھئی۔ لوہار۔ مگھی ساز۔ فوٹوگرافر تالین باف۔ زین ساز وغیرہ وغیرہ کی ہر جگہ اور ہر وقت کچھ کمی سکتا ہے۔ گورنمنٹ نے جو لاہور میں آرٹس سکول کھولا ہوا ہے اس کے فائدے بمقابلہ اس کے خرچ اور سیاہ تعلیم کے بہت کم ہیں۔

سوئے میں انتظام تعلیم خصوصاً کل بورڈوں اور کسی قدر گورنمنٹ اور باقی کسی قدر پرائیویٹ انتظام کے ماتحت ہے۔ گورنمنٹ کے ہاتھ میں یہ دس مدارس خاص تعلیم کے ہیں۔ آرٹ سکول۔ میڈیکل کالج۔ پانچ نارمل سکول متعلقہ ٹریننگ تعلیمگاہوں کے۔ ہری اور شاہدرہ میں الارنس ملٹری اسائیلم اور دو ملی اینگلو ورنیکلر سکول۔ میونسپل کمیٹیوں کے ماتحت ۲۲، خصوصاً اینگلو ورنیکلر کے قصباتی مدارس ہیں کہ جن میں ۴۶۴ طلبا تعلیم پاتے ہیں۔ باقی کمیٹیاں جہاں تک اپنے مدارس کا انتظام کرتی ہیں قابل اطمینان ہے۔ گزشتہ ۱۷۰ دیہاتی اور ضلع سکول جو ڈسٹرکٹ بورڈوں کے متعلق ہیں اور جن میں کہ ۸۴۲۳ طلبا پڑھتے ہیں ان کا انتظام قابل اطمینان نہیں بتلایا جاتا۔ کیونکہ جہاں تک انسپکٹر صاحب نے توجہ کی انتظام خراب ہو گیا۔ جو لوگ واقف ہیں کہ پنجاب کے ڈسٹرکٹ بورڈوں میں عموماً کس قسم کے ممبر ہوتے ہیں وہ بیان دیکھ کر ذرا بھی تعجب نہیں کریں گے۔ بہت سے دیہاتی کے زمیندار اور معزز جون جو بورڈوں کے ممبر ہوتے ہیں کیا جانتے ہیں تاہم کل ۱۷۰ سرکاری مدارس جو کل بارڈیوں کے ماتحت رہے ہیں حیثیت مجموعی کل سے گورنمنٹ کی کارگزاری ظاہر کرتے ہیں۔

گورنمنٹ نے یونیورسٹی کی تعلیم پر اس سال میں ۱۹۰۱ء میں ۲۰ روپے خرچ کئے۔ جو سال سابق سے ۱۶ ہزار زائد ہے۔ شاہی محاصل سے کل تعلیم پر ۱۲۰۰۰۰ روپے سے زیادہ خرچ ہوا جو سال گزشتہ کی تعلیمی منظوری سے چھ ہزار روپے سے زیادہ ہے۔ پراونشل فنڈ سے ۶۷ ہزار سے زیادہ اور ڈسٹرکٹ فنڈوں سے چھ لاکھ سے زیادہ خرچ ہوا۔

فیس کی آمدنی کل ۱۰۰۶۰۰ روپے ہو گئی جو سال سابق سے قریب نصف لاکھ روپے کے زیادہ ہے اور آئندہ ہر سال زیادہ بڑھنے والی ہے۔ امتحانات میں سوائے ڈمرہ اور مینٹل کے پاس ہونے والوں کی تعداد میں ترقی ہوئی۔ اور جسمانی قواعد پر مدارس کے طلبا کی پابندی کا خیال رکھا گیا۔ مگر روحانی یعنی اخلاقی قواعد کی فروگزاشت سرکاری مدارس کی تعلیم کی پیشانی پر بہت بڑا دھبہ ہے۔ اور جہاں تک ممکن ہو تمام کے خیر خواہوں کا فرض ہے کہ وہ سرکار کو متوجہ کریں کہ اخلاقی تعلیم کا کورس خاص توجہ سے مدارس میں پڑھایا جاوے اور ہر درجہ کے مدرسوں کی ذاتی اخلاق اور نیک چلنی کا ہمیشہ خیال رکھا جاوے کہ جن کی عادات و اطوار کا اثر شاگردوں پر بہت بڑا اثر پڑتا ہے۔

پشاور میں حق کے متعلق کا خاتمہ

جو سلوک ہندوستانیوں کو انگریزوں کے ہاتھ سے نصیب ہوتا ہے اس کی بہترین مثال پشاور کے ایک دیسی اسسٹنٹ سرجن پر ایک یورپین اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے کوڑا مارنے کے مقدمے سے مل چکی ہے کہ جس کی نسبت ہم کسی پچھلے ہفتے میں لکھ چکے ہیں اور جس کے مفصل حالات ہوشیار ہمصر ٹریبیوٹوں نے خوب طرح پبلک کے سامنے پیش کئے ہیں۔ بیچارے دیسی اسسٹنٹ سرجن ڈاکٹر لچھمن داس کو انصاف حاصل کرنے میں بڑی تکلیف اٹھانی پڑی مگر کوئی انصاف ملا۔ صاحب ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹر لچھمن داس کو بلا کر کئی طرح تخفیف کیا۔ ورسٹر ٹامکس حملہ کرنے والے صاحب نے صرف اتنا کہہ دیا کہ مجھے افسوس ہے کہ میں نے اسسٹنٹ سرجن کو کوڑا مارا۔ لیکن میں اس سے بچا جانتا تھا کہ میرا اس سے یہ مطلب تھا کہ جس شخص کو میں پہچانتا نہیں اس سے کہے مارنے میں کیا ہرج ہے۔ ڈاکٹر لچھمن داس نے کہا تھا ہی معافی مجھ سے لکھوا لیا مگر معافی اتنی ہیچ ہے یورپین افسر کے لئے کب گوارا ہو سکتی ہے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ مجسٹریٹ نے جس کی عدالت میں مقدمہ دائر ہوا تھا ملزم کو طلب کیا اور مستغیث کو معہ وکیل کے کوئی ایک درجن دفعہ مختلف عدالتوں اور حکام کی کوٹھیوں پر گھسیٹا گیا۔ اور اخیر میں عدالت نے فیصلہ دیا کہ تادیبی معافی ملزم کی کافی ہے اس لئے مقدمہ خارج کیا جاتا ہے۔ لطف یہ ہے کہ وہ زبانی معافی بھی اس عدالت میں نہیں ہوئی تھی۔ یہی سے ڈاکٹر کو اس کے افسر یورپین سول سرجن نے جدا ڈسمکایا اور گزشتہ صاحب نے بھی بلا کر اشائے گفتگو میں کہا کہ تم نے اس خفیف معاملے کو اس قدر طول دینے میں جوش ظاہر کیا ہے۔ کیا اگر یہی معاملے کی صورت اس طرح ہوتی کہ ایک دیسی شریف آدمی ایک یورپین اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس کو بلا وجہ چابک مارتا تو پھر بھی تمام یورپین افسر اس کو خفیف

دیسی اخبارات کی نسبت مسٹر لیٹل ٹاکر ایک لاٹ صاحب کی رائے

ہمکو اللہ کے فضل کا شکر امسال بہت ارزانی ہے۔ اور ہر شخص اس غریب ملک میں مطمئن ہے۔ سال گزشتہ سے بہبودی کی گرانی یاد کر کے خدا کا شکر کرتا ہے۔

اس وقت ہمیں پنجاب گورنمنٹ کی ۱۹۰۲ء کی رپورٹ مال کے ریویو کا ایک فقرہ یاد آیا ہے۔ اگست ۱۹۰۲ء کے پنجاب گورنمنٹ گزٹ میں سر ڈینس فٹز پیٹرک جو اسوقت لکھتا تھا کہ وفور فروختی کا بھاؤ ہمہ پنج لاکھ ۱۹۰۱ء کی نسبت بہت زیادہ گراں تھا۔ پچھلے چند سال میں جو بڑی بھاری گرانی رونما ہوئی ہے اس کی زیادہ تر وجہ یہ ہے کہ غلہ گندم کی تجارت یورپ کے ساتھ روز افزوں ہوتی جاتی ہے۔ آبادی بعض فرقوں پر اس گرانی کا بڑا سخت اثر پڑا ہے۔ اور ہندوستانی اخبار اکثر اس مسئلے پر رائے زنی کرتے رہے اور ہمیشہ گورنمنٹ کو ملامت کرتے رہتے ہیں کہ وہ اس کا کچھ انتظام کرے۔ ان میں سے بعض اخبار پولیس تلخی کے اس قابل افسوس جوش میں آکر جو ان کو ہر بات کے اندر قومی سوال اٹھانے کی طرف راغب کرتا ہے اس تجارت کے معاملے پر اس طرح بحث کرتے ہیں کہ گویا وہ انجمن اغنیا تاجروں اور انگریز صرف کنندگان کے نمائندے کے وکیل ہیں۔ اور اس ملک کے لوگوں کے فوائد کے برخلاف ہے۔ اس امر کے لئے بھی بہت سی گنجائش رکھنی چاہیئے کہ اخبار نویس مذکور عموماً ان فرقوں میں سے ہوتے ہیں جن کو گرانی غلہ سے زیادہ تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے اور اس لئے ان کا کسی قدر غصہ اور کم مجوشی بجا طور پر معاف بھی کی جا سکتی ہے۔ بعض سطروں پر خط ہمنے کھینچ دئے ہیں۔ ہر آزاد منش افسر سے ایسے فقرات کا آنا ایک عجیب بات ہے۔ کیا وہ ہمدرد غریب اخبار نویس اپنے ضمیر نفسانیت کے حوالے کر دیتے ہیں کہ ہندوستانی غریب ایڈیٹروں کو اسپر محمول کیا جاتا ہے۔ ایک لاٹ صاحب خود مانتے ہیں کہ گرانی زیادہ بھی تو جلتا ہوا ٹھنڈا دینے کی کیا ضرورت تھی۔ کیا گورنمنٹوں کا یہی دستور ہے کہ اخبارات پر ایسے غیر متعلق حملے کریں۔ ہم غریبی کے لئے کوئی ڈیفنس پیش نہیں کرتے کیونکہ کسی قوم کا ایک وقت میں غریب اور مفلس ہونا کوئی بےعزتی کی بات نہیں اگر افسوس کی بات ہو۔ تاہم اب شکر کا مقام ہے کہ امسال بہت ارزانی ہے اور لاٹ صاحب کو آئندہ رپورٹ میں اس قسم کے فقرے لکھنے کی ضرورت نہ پیش آئیگی۔ کیونکہ اس وقت ایک روپے کو ۹ سیر غلہ ملتا تھا اور آج ۲۹ سیر ملتا ہے۔

انجمن اسلام حمایت لاہور کا کالج اور اسکے گران نہیں

ہم اس بارے میں اپنی رائے ظاہر کر چکے ہیں کہ سر سید احمد کالج کے پنجاب میں ہونے کے جن وجوہ کے ہم قائل ہیں ان میں سے انجمن حمایت اسلام لاہور کے مدرسے علیحدہ کالج کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ لیکن ہم نے یہ ہرگز نہیں کہا

پیسہ اخبار

لاہور- یوم جمعہ- ۲- مارچ سنہ ۹۴ء

صوبہ پنجاب میں سررشتہ تعلیم کا ایک سال

تعلیم ایک بہت بڑی برکت ہے کہ جس پر آج ہندوستان اپنے انگریزی راج کے لئے ناز کر سکتا ہے- اور ایک ایسے صوبے کی سالانہ تعلیمی کیفیت پر غور کرنا جو نہ صرف سرحدی صوبہ ہے بلکہ انگریزی حکومت کی عمر کے لحاظ سے ہندوستان کے دیگر ہمعصر صوبجات میں سب سے چھوٹا ہے دلچسپی سے خالی نہیں- سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء کی تعلیمی رپورٹ کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ محکمہ تعلیم کا کام کتنی بڑی ذمہ داری اور کتنی زیادہ وسعت کا حامل ہے جو ناظرین کو مندرجہ ذیل مختصر کیفیت سے واضح ہو سکتا ہے- سال زیر رپورٹ میں پنجاب میں سرکاری مدارس ۴۰۸ تھے جو سال سابق سے ۵۴ زیادہ تھے- لیکن پرائیویٹ مدرسے کسی قدر ۴۰۶ طلبا کے کم ہو گئے اور اسی طرح مدارس سرکاری کے ابتدائی مدارس میں سال کے بعض مہینے بیماری رہنے کی وجہ سے پانچ ہزار طلباکی کمی ہو گئی- صوبہ میں کل سرکاری اور پرائیویٹ مدارس کی تعداد ۹۲۴۴ ہے اور ان میں کل ۲۰۱۰۹۹ طلبا تعلیم پاتے ہیں- لیکن یہ تعداد بمقابلہ اس صوبے کے کل مدرسے میں جانے والی عمر کے لڑکوں کے صرف ۵ فیصدی ہے زیادہ نہیں- پنجاب میں ۹ کالجوں یعنی ۸- آرٹس اور ایک میڈیکل کالج میں امتحانات یونیورسٹی کے لئے تعلیم دیجاتی ہے- ان میں لاہور کے انجمن حمایت اسلام کے متعلق ایک نیا کالج کھلا ہے- ان سب کالجوں نے اس سال کے درمیان خاصی ترقی کی ہے اور ان میں اوسط حاضری ۲۳ فی صدی بڑھ گئی ہے- میڈیکل کالج میں ۱۹۰ طلبا زون و مرد تعلیم پاتے ہیں جو سال سابق سے ۱۴۱ زیادہ ہیں-

اس سال میں علاوہ اعلیٰ تعلیم کے وسطی درجے کی تعلیم کو بھی ترقی ہوئی اور ۱۲ نئے سکول اس درجے کے کھولے گئے کہ جن سے کل سکولوں کی تعداد ۱۷۱ تک پہنچ گئی- اور تعداد طلبا میں بھی اضافہ ہو کر ہزار ہو گئی- زنانہ وسطی تعلیم میں بھی کسی قدر ترقی ہو گئی- گو تعداد مدارس سال سابق سے ایک کی کمی رہی- اس درجے کے زنانہ مدارس ۱۲۹ اور مینکولر ۱۴۱- اینگلو ورنیکولر اور ۲۷ پرائمری سکول ہیں- ۱۲۳۹ مڈل اور ۲۶۰۹ پرائمری ۲۲۴۶ لڑکیاں ان سکولوں میں- گو بھی کل صوبہ میں تعلیم پاتی ہیں جو سال گزشتہ سے بہت زیادہ ہیں- گو بھی کل صوبہ کی آبادی کے تعلیم نسوان کوئی بہت اچھی حالت میں نہیں- تاہم ترقی کی جاتی ہے- اس صنف میں دن بدن ترقی ہو رہی ہے-

کل لڑکوں اور لڑکیوں کے پرائمری مدارس پنجاب میں ۲۰۰۷ ہیں جن میں ۹۲۷۹۵ طلبا تعلیم پاتے ہیں- ان میں ۱۲ اور نو پرائمری فائنل کرنے سے کل ۲۹۹۰ طلبا ہو جاتے ہیں کہ جن میں سے ۲۰۸۰۲ وہ ہیں اور ۱۰۰۰۴ درجہ نو میں تعلیم پاتے ہیں-

بلحاظ مذاہب کے پنجاب میں ہندو طلبا تعداد میں مسلمانوں کی بہ زیادہ ہیں گو بلحاظ آبادی کے مسلمان طلبا ہندوؤں سے بہت زیادہ

لاہور و پنجاب

— مسز انی بیسنٹ صاحبہ نے ۲۴ سے ۲۶ تک کانگریس پنڈال میں تین لکچر دیئے- سامعین کا ہجوم بہت زیادہ ہوتا رہا+

— انجمن حمایت اسلام لاہور کا جلسہ گذشتہ ہفتہ وار اتوار کو کامیابی سے ہوا+

— ڈاکٹر ویجمنڈس جنہوں نے پشاور کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پریس سٹرائکس پر حملہ کا مقدمہ دائر کیا تھا امرتسر کو جنرل ڈیوٹی پر تبدیل کیے گئے- اُنکا مقدمہ مجسٹریٹ چاوٹی نے خارج کر دیا تھا- اور یورپین ملزم کی صرف زبانی معافی کافی سمجھی گئی تھی+

— ۲۴ فروری کی شام کو فتحگڑھ جیل میں ایک قیدی نے ضرب شدید مین نور عدالتون سے وارنٹ بلا ضمانت بنام مسمات گلون زوجہ نواب صاحب محبوب سبحانی صاحب نکلے اور ایک گھنٹہ مین جنگل کی آگ کیطرح تمام شہر مین خبر پھیل گئی- نواب صاحب کے مکان کے قریب دونون طرف دور دور تک بازار ہجوم سے بھرا ہوا تھا اور مکان کے آگے سے گذرنا محال تھا- صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس معہ کوتوال شہر کے بازہ کمک گاڑی مین شہلا کر ضلع کی حوالات مین لیگئے- خون کے مقدمہ کی تحقیقات برٹن صاحب کی عدالت مین ۲۶ فروری کو ہوتی رہی- لوگون کو اس مقدمہ کے دیکھنے کا اتنا شوق تھا کہ عدالت کا کمرہ لبالب ہو گیا اور پولیس کو بجبور اُ ہجوم کو سختی سے روکنا پڑا- تیسرے دو تین آدمیون کو ضرب بھی پہونچی- نواب صاحب کے نام بھی عدالت سے سمن جاری ہوا تھا- نواب صاحب کی طرف سے مسٹر ریگن معہ کئی جونیر وکلا کے پیروکار ہین اور مستغیثہ کی طرف سے لالہ پرہو دیال پلیڈر اور مسٹر صدر الدین بیرسٹر معاونت کے وکلا کے بلامعاوضہ پیروی کرتے ہین- نتیجہ کیطرف لاہور کے لوگ بڑے شوق اور حیرت سے دیکھ رہے ہین+

— صاحب لفٹننٹ گورنر ۲۵ فروری کی صبح کو کوہاٹ پہونچے- انکے ہمراہ مسٹر اڈنی کمشنر پشاور و مجسٹریل ڈپٹی کمشنر کوہاٹ اور مسٹر گراوٹ ضلع نہی جو ۲۲ کو بمقام خوشحالگڈھ کیمپ مین شامل ہوئے تھے- ۲۶ و ۲۷ یہان قیام کیا+

— نمائش گاہ پنجاب بدھ کے روز ۲۸ فروری کی بند ہو گئی+

— سیالکوٹ کا میلہ نمائش سہ روز ۲۸ فروری کو شروع ہوا+

— خبر ہے کہ سر سید احمد خان ماہ رمضان کے بعد پنجاب کا دورہ پر آئین گے- اور لاہور مین اُنکے لکچر پر ایک روپیہ داخلہ کا ٹکٹ لگایا جائیگا+

— حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ کے آریا سماج مندر بنانے کو روپیہ جمع کر رہی ہے+

— مسٹر کنگھم ڈپٹی کمشنر ہزارہ پشاور کمشنر صاحب کے ملنے گئے+

— لفٹننٹ اے رابرٹس ڈپٹی اسسٹنٹ کمشنری جنرل راولپنڈی کمانڈ سے لاہور کمانڈ پر تبدیل ہوئے+

— ڈپٹی اسمٰعیل خان آریہ سماج کا سالانہ جلسہ ۲۱ و ۲۲ مارچ کو اور حصار کا ۳۱ مارچ و یکم اپریل کو ہوگا+

— جالندہر مین ایک تجارت پیشہ لوگون مین دو سال سے ایک پنچایت ثالثی ہے جو بہت سی مقدمہ بازی کو روکتی ہے اور دشمنی فیصلہ کرا دیتی ہے+

— تحصیل قصور مین ابھی جو ہیضہ فصلون کو نقصان پہونچا رہا ہے

— امرتسر مین لالہ گنیا لال کے تھیٹر ہال مین مسز انی بیسنٹ نے لکچر دیا تھا اور دربار صاحب امرتسر کا درشن کر کے میم صاحبہ نے کئی جگہہ ارداس بھی پڑھا تھا+

— سردار دیال منگا صاحب مجسٹریٹ کے امرتسر کی حویلی سے جن چار چوروں نے ستر ہزار کے زیورات چرائے تھے پولیس نے انکو گرفتار کر کے مسروقہ مال برآمد کر لیا+

— پنجاب کے ۴۵ بڑے میونسپل قصبات مین ہفتہ منتہیہ ۱۳ جنوری تک ۲۳۷ ولادت (۱۲۵ ذکور ۱۱۲ اناث) اور ۱۳۱ اموات (۷۰ ذکور ۶۱ اناث) رجسٹر ہوئین- ولادت کی اوسط ۴۵ فی ہزار آبادی اور موت کی ۹ ہے- وجہ لگاتار زیادہ چیچک کے کیتھل مین اوسط موت ۱۴۶ فی ہزار رہی+

— پنجاب کی ۲ آبادی مین وزیر آباد اور ملتان کے درمیان ایک چھوٹی سی ریل جاری کرنے کی تجویز پر غور ہو رہا ہے+

— نائیلا کپتان کے آر اے امپیریل سروس ۱۲ پٹھانہ گورلہ زمی کی مشق کرانے کے واسطے جلد چمون روانہ ہونگے+

— ڈیرہ دون کے سکول جنگلات مین طلبا کے داخلہ کا امتحان کنسرویٹر محکمہ جنگلات لاہور کے دفتر مین ۵ مارچ سے شروع ہوگا+

— اسسٹنٹ اور ایکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر اور چھاؤنی کے مجسٹریٹون کا کشمشاہی امتحان لاہور مین ۱۶- اپریل پیر کے روز شروع ہو کر چار روز تک رہیگا+

— ابھی حال مین کلو مین توپین لیجانے کے لائسنس ہر کس و ناکس کو بطور پرچاری ہوئے ہین- بیگار کی سختی دور ہو گئی ہے اور ہر ایک قسم کی پیداوار کی قیمت کا شتکارون کے مفید مطلب کر دیگئی ہے+

— بدھ کو چاندنی چوک دھلی مین پتا العل اور لکھی چند کی دکان مین دو چورون نے ڈاکہ مارا مگر دوکان کے ایک ملازم نے گرفتار کر لیا+

— میانمیر کے دولتمند سیٹھ رام رتن صاحب اہل و عیال کو داغ مفارقت دے کر ۵۲ سال کی عمر مین انتقال کیا- انکی صلبی اولاد کوئی باقی نہین انکے برادر زادہ رائے کنور و چند انکے متبنیٰ جانشین ہوئے- سیٹھ صاحب بڑے فیاض آدمی تھے قحط کشمیر کے زمانہ مین پچاس ہزار مین غلہ قحط زدگان مین مفت تقسیم کیا- ایام غدر مین گورنمنٹ کو نہایت وفاداری سے مالی و پچیس ہزار روپیہ پنجاب یونیورسٹی کو عطا کیا- پانچہزار روپیہ لیڈی ایجرٹن ہسپتال فنڈ کو دیا- ۱۸۷۸ء کے جنگ کابل کے ایام مین گورنمنٹ کو مدد دی- میانمیر مین ایک کلب کے لئے دس ہزار دیا- اور مرتے ہوئے پچاس ہزار روپیہ خیرات کرنیکی وصیت کر گئے- گو سیٹھ صاحب کی زیادہ فیاضی سرکار اور انگریزون سے ہوا کرتی تھی تاہم وہ کسیقدر دیسیون پر گوشہ چشم عنایت کیلا رکھتے تھے+

— گورنمنٹ سکول میانوالی کے مدرس ہولانچ صاحب ہمین ۱۵ روز ہوئے ہین کہ پچھلے ہفتہ کے پیسہ اخبار مین جو ہم نے آپکے [illegible] نہ انہین نوکس دیا گیا ہے اور نہ وہ معطل ہین- بلکہ بدستور اپنے کام مین مصروف ہین+

— [illegible] کپور تھلہ نے ۲۰ فروری کو کامیاب طلبائے مدارس ریاست کو انعام تقسیم کیا اور امتحان مڈل و انٹرنس کے نتیجہ پر [illegible]

روئے زمین کی خبریں

ہندوستان

— کانپور۔ ۲۵ فروری۔ ایسوسی ایٹڈ چیمبر آف کامرس (جماعت تاجران) کا چوتھا سالانہ جنرل اجلاس ہفتہ گذشتہ کے روز کانپور میں ہوا۔ آنریبل ڈبلیو سی کوپر پریسیڈنٹ منتخب ہوئے ✦

— بمبئی۔ ۲۵ فروری۔ بجواب بمبئی چیمبر آف کامرس کے تار کے جواب فنانشل گورنمنٹ ہند نے تار دیا کہ گیہوں اور تیل کے اجناس پر جو ڈیوٹی کا محصول لگائے جانے کی خبر بے بنیاد ہے ✦

— ۲۲ فروری کو نواب صاحب رام پور کی برات جاورہ گئی تھی ✦ شہر رام پور میں ۸۴ ہزار مسلمانوں اور ۲۵ ہزار ہندوؤں کی آبادی ہے۔ لیکن نواب صاحب رام پور کی شادی کی تقریب تمام شہر میں دو لاکھ حصے رعوت کے تقسیم کیے گئے

— مولوی علی رضا خان جج ہائیکورٹ نظام جو رخصت لیکر عازم بیت اللہ ہوئے تھے بمبئی میں انتقال کر گئے ✦

— افواہ ہے کہ آئندہ بجٹ میں تین کروڑ روپیہ کا خسارہ ہوگا ✦

— لارڈ ولنگڈن گذشتہ اتوار کو دریسرے کی ملاقات کے لیئے مدراس سے کلکتہ کو روانہ ہوئے ✦

— فارن آفس نے گورنمنٹ بنگال سے درخواست کی ہے کہ ڈپوٹیشن مسٹر سکم کی امدادی کمیٹی کے سکرٹری دیجاوے ✦

— ۲۰ فروری کو بمبئی یونیورسٹی کے کانوکیشن کا جلسہ ہوا اور چانسلر ہز ایکسیلنسی لارڈ ریڈنگ وائسرائے ہند نے ایک پر معنی تقریر کی ✦

— صاحب کمانڈر انچیف دارجیلنگ کو روانہ ہوئے ✦

— شائد وائسرائے بہادر اخیر مارچ پر کلکتہ جاتے ہوئے الہ آباد ٹھہرینگے ✦

— صاحب لفٹننٹ گورنر بنگال بہادر کا دورہ ختم کر کے کلکتہ کو لوٹ گئے ✦

— مہم ابور ۱۰ مارچ کو سدیہ پہنچ جاوے گی اگر راستہ میں کچھ مزاحمت نہ ہوئی ✦

— سرجان مالک پر برطانیہ قوم کے لوگ بیزکلیف دینے لگے۔ پچھلے ہفتہ گشت کا ایک سوار مارا گیا۔ ایک زخمی ہوا۔ ڈیرہ اسمٰعیل خان کمک جنڈولہ اور کھجوری کچھ کی سرحدی چوکیوں کو بھیجی گئی ہے سرعلیخیل تک براہ کھجوری کچھ ایک مستقل ماہرتی لین کی ضروری ملگئی ✦

— کمیشن قرضہ زمین کی تجاویز کے مطابق ایک مسودہ قانون تیار ہو رہا ہے۔ جو منظوری سے پہلے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ کی خدمت میں بھیجا جاویگا ✦

— گذشتہ ہفتہ کے روز لیڈی ڈفرن فنڈ کا سالانہ جلسہ کلکتہ میں ہوا۔ لارڈ ولجن پریسیڈنٹ تھے۔ سکرٹری نے سالانہ رپورٹ پڑھی جس سے اطمینان پڑھتا ہے کہ لیڈی ڈاکٹر لیڈی اسسٹنٹ سرجن اور نرسیں اسسٹنٹ اس سال میں زیادہ ہے۔ گنی ہیں۔ روپیہ کی حالت بھی ترقی پر ہے ✦

— لارڈ برڈس اور انکے چھوٹے بھائی جاوے وائسرائے بہادر کے ہمراہ کلکتہ پہنچے ولایت سے ایٹن کالج کی تعطیلات کے رام میں ہندوستان آئے ہیں ✦

— درہ گومل سے ایک کارواں گذر رہی تھی جسپر کھجوری کچھ کی آٹھ وزیر یونے گولیاں چلائیں جس سے ایک نائیک اور تین سپاہی مارے گئے اور تین بندوقیں چھین لیگئے ✦

— رنگون میں ۱۸ و ۱۹ سال کی ایک برمنی لڑکی نے غبارہ چڑھایا۔

— کمیشن افیون کے ممبروں نے دفتر سکرٹریٹ میں بیٹھکر اپنی تحقیقات کے متعلق تجویز طبار کرین کمیشن اپنی رپورٹ کا مسودہ انگلستان میں جاکر تیار کرے گی اور دو ہندوستانی ممبر جو یہاں ہیں انکے پاس جہاز سے پہلے مسودہ بھیجدیگی۔

— لوکل گورنمنٹوں کے انجینئن آخر کار تجویز ہوکر گورنمنٹ آف انڈیا کی خدمت میں پہنچ گئیں اور محکمہ مال کے زیر غور ہیں ✦

— صاحب چیف کمشنر صاحب متوسط ناگپور سے ۲۱ فروری کو سنبلپور پہنچے ✦

— صاحب لفٹننٹ گورنر اضلاع مغربی و شمالی نے گذشتہ دورہ میں اس صوبہ میں انتظام بندوبست کے لیئے ایک کمشنر کے تقرر کی ضرورت سمجھی ✦

— دفاتر گورنمنٹ ہند کلکتہ سے ۳۱ مارچ کو بند ہوکر ۲ اپریل کو شملہ پر کھلیں گے ✦

— یہ افواہ غلط ہے کہ لارڈ ولنگڈن گورنر مدراس سے مستعفی ہونیوالے ہیں ✦

— جنرل سرجیمس براؤن کی مدت ملازمت عہدہ ایجنٹ بلوچستان ستمبر ۱۹۲۹ء میں ختم ہوگی مگر شائد انہیں تین سال بعد ملازمت دیجاویگی ✦

ممالک غیر

— لندن ۱۴ فروری۔ ایک فرانسیسی سرکاری رپورٹ میں جو پچھلے فرانسیسیوں اور انگریزوں کی لڑائی میں مٹ بہڑ کے بارے میں ہے اس واقعہ کی یہ وجہ بیان کیگئی ہے کہ انگریزی پولیس نے حال میں ایک فرانسیسی گاؤں پر تصرف کر لیا تھا اور یہاں کے باشندوں کو سڑکیں بنانے کے واسطے مجبور کر رہی تھی ✦

— پیرس ۱۳ فروری۔ جشن شخص نے کل بم کا گولہ پھینکا تھا اسکا نام لی۔ برٹیان ہے۔ یہ قسمیہ بیان کرتا ہے کہ اسکا ارادہ ویلنٹیٹ کا بدلہ لینے کا تھا۔ اور اسکا بیان ہے کہ اسی قسم کے اور تشدد وہی عمل میں آئیں گے ✦

— لندن ۱۴ فروری۔ ایک جرمنی کمیشن چاندی کی قیمت کی تخفیف کے بارہ میں تحقیقات کے واسطے مقرر ہوئی ہے ✦

— لندن ۱۶ فروری۔ ہاؤس آف کامنز نے لارڈ سنڈ کی چند ترمیموں کی پیرسٹر کونسل بل میں ترمیم کی۔ یونینسٹ گورنمنٹ کی امداد کر رہے ہیں ✦

— لندن ۲۱ فروری خبر ہے کہ روس نے اس مطلب کی ایک یادداشت فرانس کو بھیجی ہے کہ اگر فرانس کے درآمد غلہ پر شرح محصول بڑھا دینے سے روس کی تجارت برآمد کو نقصان ہوا تو روس فرانس سے تجارتی عہدنامہ ختم کر یگا ✦

— روم ۲۱ فروری۔ اٹلی کا مالی تخمینہ مشتہر ہوا ہے جس سے ایکسو ستہتر ملین فرانک کی کمی پائی جاتی ہے۔ بجز زبیت پنتالیس ملین فرانک ہے جو ایک لاکھ فرانک کے نئے ٹکسال لگانے سے حاصل ہوگا زائد محصول اور غلہ اور شراب کی افزونی محصول بھی شامل ہے

نیز اکثم تمس میں بھی کچھ اضافہ کیا گیا۔ علاوہ برین پانچ فیصدی مزید فرضہ کو چار فیصدی سے تبدیل کیا گیا ✦

— لندن ۲۳ فروری۔ لارڈ کرزن وائسرائے خدیو کی خدمت میں حاضر ہوئے اور گرمجوشی سے ملاقات ہوئی ✦

— لندن میں جس انارکسٹ کرنے کے صدمہ سے گولا پھٹ گیا تھا اسکا جنازہ میں لندن کے انارکسٹوں نے بڑے دھوم دھام سے نکالا

— جرمنی نے روس کے ساتھ تجارتی عہدنامہ میں روسی غلہ کے برآمد پر ساڑھے چھ مارک سے ساڑھے تین مارک تک محصول گھٹا دیا ہے۔ اسکے عوض میں روس نے معدنیات کوئلہ اور صنعت حرفت کی چیزوں پر محصول درآمد کم کیا ہے۔ جرمنی نے کلر ڈیٹو اور اگریمنٹ فرین اس قرارداد کے خلاف تھے۔ لیکن ہز ہائنس نے ایک بڑی مدبرانہ سپیچ میں سمجھا دیا کہ یہ نہایت ضروری کام ہے۔ فرانس والے اس عہد نامہ پر اسلیئے خوش نہیں کہ روس نے اُن کے سوائے کسی اور قوم کو یہ رعایت کی ✦

— برلن کی اسمبلی میں عوام کی طرف سے کیا گیا کہ ڈیوک آف سیکس کوبرگ (جو ملکہ معظمہ کے منجھلے صاحبزادہ ہیں) جو جرمنی کی ایک ریاست کے حکمران ہیں۔ مگر معاملہ جلدی طے ہوگیا کہ وہ شہزادہ ہونیکی وجہ سے رعایا نہیں اور ایک جرمنی شہزادہ ہیں (کیونکہ انکے والد ایک جرمن شہزادہ تھے)

— لندن ۲۶ فروری۔ مقام باہرسٹ ساحل مغربی افریقہ سے خبر پہنچی ہے کہ ایک سو دو سو افغان سپاہیان انگریزی فوج کا علاوہ ایک جماعت ملاحان بحری فوج کے جہازات ریل روبن اور مبگپاہی سے اُتر کر ایک سردار بتجار غلاماں کے قلعہ پر حملہ کر گئے۔ غنیم نے انگریزی فوجوں کی واپسی پر سخت نقصان پہنچایا۔ پانچ افسر اور دس سپاہی مارے گئے اور چوبیس افسر اور سپاہی زخمی ہوئے۔ ہماری طرف سے علاوہ اس سخت نقصان کی ایک توپ اور چھ ہزار روند گولی بارود بھی دشمن نے چھین لیا۔ جو ایک دوسرے انگریزی جہاز لکسٹو کے مقابلہ پر خرچ کیا گیا جبکہ وہ موضع گورجو کے مقابل آ اترنے لگا تھا۔ کمک کے عنقریب پہونچنے کی امید ہے ✦

— پیرس ۲۰ فروری۔ ایک ڈائنامیٹ یہاں ایک کرایہ دار کے مکان میں ایک نئے کرایہ پر رہنے والے شخص نے جسکا اب تک پتہ نہیں لگا پھینکا۔ اسکے بعد پولیس نے اسکا پتہ لگا لیا۔ یہ دو کمرے کرایہ پر لیکر انمیں بسبب کا گولہ ایسی طرح رکھکر دروازہ بند کر گیا تھا کہ جو شخص دروازہ کھولے گولا پھٹ جاوے۔ دو پولیس افسر کانسٹیبل کو بذریعہ خطوط کے بلا کر خود بھاگ گیا تھا۔ ایک گولہ تو پھٹ گیا مگر دوسرا دور پڑا تھا۔ جسکو مارے ڈر پولیس نے بذریعہ برقی طاقت پھوڑا۔ اس سے بھی بہت نقصان مال کا ہوا۔ مگر پہلے سے بہت جانیں نہ ضمی ہوئی تھیں ✦

— لندن ۲۱ فروری۔ انگلستان فرانس ٹلی اور آسٹریا مارکو اصول دیتے ہیں ہسپانیہ کے دعاوی قبول کرے۔ بعد کی خبروں سے معلوم ہوا کہ مراکو نے فرانس کے دعاوی تسلیم کیے ✦

— واشنگٹن ۲۱ فروری۔ چونگی کا مسودہ ہنوز سینٹ کی مالی کمیٹی کے پیش ہے ✦

— لندن ۲۲ فروری۔ ڈبلومیٹک حلقوں میں گفتگو ہے کہ لارڈ لینسڈون سینٹ پیٹرزبرگ میں سفیر مقرر کیا جاوے گا ✦

— مہاراجہ دلیپ سنگھ مرحوم کی زندگی ستر ہزار پونڈ کی بیمہ کی ہوئی تھی

حفظ صحت علاج

۲۲- **نسخہ تلی**:- ایک بوتل عرق بیدمشک میں ایک رتی کوکوئی حل کر کے استعمال کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کامل صحت ہوگی۔ دقائق الدین سب اوورسیئر شاہدی پور۔ ریاست کشمیر ؛

۲۳- **باہ کے واسطے**:- کیچوے کسی قدر پکڑ کر ایک کنالی مٹی کے اندر شیرا ور پانی ملا کر ان کو چھوڑ دیویں۔ تقریباً نصف گھنٹے میں پیلی مٹی اُن کے اندر کی خارج ہو جاویگی۔ بعدہٗ پھر اسی طرح سے عمل کریں۔ علی ہذا القیاس متواتر تین مرتبہ یہ عمل ہونا چاہیئے۔ پھر اُن کو گوشت کے ساتھ بریان کر کے کھانے سے انشاء اللہ العزیز کمال طاقت ہو جاوے گی۔ اس کے استعمال کرنے کے بعد پھر بذریعہ پیسہ اخبار کے مطلع فرما دیں۔ نیز یہ شرط اس کو واجب ہوگی کہ اپنے ذمہ حلال کے واسطے یہ نسخہ استعمال کرے ہو رنہ بندہ بری الذمہ ہوگا ؛ (م)

۲۴- **سانگ گزیدہ**:- جناب کے اخبار کے پرچہ مورخہ ۲۴ نومبر میں ایک صاحب نے اپنی لڑکی کے واسطے بولائے کتے کے کاٹے کا علاج دریافت فرمایا ہے۔ اس لئے جو کچھ نیازمند کے تجربے میں چند دفعہ آچکا ہے عرض کرتا ہوں۔ جس جگہ پر بولائے کتے نے کاٹا ہو یعنی دانتوں کے نشان سے نیچے گردہ اگر دو گھر گوشت کا ٹکڑا کاٹ کر اچھی طرح گرم پانی سے دھوویں تاکہ خون اچھی طرح اخراج پاوے۔ بعد زخم کو دو تین ہفتے تک اچھا ہونے دیں۔ پھر کسی قسم کا اندیشہ نہیں رہتا۔ اور یہ بولائے جانور کے کاٹے ہوئے کو مدت کے بعد زہریلے ہونے کا باعث ہے کہ انسان کے جسم سے ایک قسم کا مادہ آہستہ آہستہ زہر کے ساتھ زخم کی جگہ ملتا رہتا ہے۔ جب تک کافی مادہ نہ ملے بیکار پڑا رہتا ہے۔ اس لئے زہر کی بیکار حالت میں اگر زہریلے حصہ جسم کو کاٹ کر پھینک دیا جاوے تو مرض بالکل رفع ہو جاتا ہے (گنیت رائے اسسٹنٹ منٹگمری)

۲۵- **آنکھ میں بسبب چیچک کے پھولہ پڑنے کا مجرب دوا**:- آپ کے ۴ دسمبر کے اخبار سے معلوم ہوا کہ منشی قلندر حسین ہوش کو اس دوائی کی سخت ضرورت ہے۔ ایک دانت گدھے کا لے کر تھوڑے سے پانی میں رگڑ کر بطور انجن کے استعمال کریں۔ تو انشاء اللہ ایک ہفتہ میں صحت کامل ہو جاویگی۔ (شمبھو ناتھ مصرا زبالی ضلع بستی)

۲۶- **علاج دوا**:- آپ کے اخبار کے ذریعے ٹھاکر بلونت سنگھ صاحب ریاست اسینٹ جھنگ جو اوپر برائے دوا دریافت فرماتے ہیں۔ لہذا ایک نسخہ احقر بھی روانکرتا ہے جو کہ مجرب اور آزمودہ ہے۔ کپور و تیل نارجیل ملاکر ۴ یوم تک بوقت کھجلی کے استعمال کریں تو کیسا ہی پرانا داد ہو صاف ہو جاتا ہے۔ (م)

۲۷- **پھولہ کا نسخہ**:- ۴ دسمبر ۱۸۹۳ء کے پیسہ اخبار کی حفظ صحت کی عبارت میں جناب منشی قلندر حسین صاحب ہوش جنگلوری نے اپنی آنکھ کے واسطے پھولے کا مجرب نسخہ طلب فرمایا ہے۔ تو بندے کو دوائی کشیر اور فوائد و خیر عام کے لئے میں منفعت دارین سمجھ کر پیش کرتا ہوں۔ یعنی آبہ کا پیک پھولہ مذکور پر صبح و مسا تین روز تک لگانے سے پھولہ بکلم خدا جاتا رہیگا۔ اگر اس فصل میں میسر نہیں ہو سکتا تو بذریعہ پیسہ اخبار مجھ سے اور نسخہ مجرب اور آزمودہ طلب فرمائیں۔ میں لکھ دونگا۔ (حکیم امیر الدین ف غریب۔ حکیم پونہ) ؛

حل طلب سوالات کا انعامی مقابلہ

۱۱ جنوری کے پرچے میں اس عنوان سے دو سوالات درج کئے تھے۔ جن میں سے پہلا سوال میوات کے مختصر حالات دریافت کرنے کے متعلق تھا اور دوسرا کیمیا کے متعلق ایک شعر حل طلب تھا۔ جیسا کہ بظاہر نظر آتا ہے۔ یہ مضمون ہر شخص کی طبع آزمائی کے لئے موزون نہیں تھے۔ اس لئے بہت تھوڑے خطوط مقابلے کے وصول ہوئے۔ لیکن ان میں سے میوات کا مضمون سوائے ایک کے کسی میں درج نہیں تھا۔ باقی سب خطوط میں کسی قدر کیمیا کی رباعی کی کیفیت درج تھی۔ لیکن قابل اطمینان جواب کوئی نہیں دیا۔ تاہم منشی غلام نبی صاحب سفری ڈاکخانہ نے اوروں سے اچھا لکھا تھا۔ جس سے اتنا تو معلوم ہو گیا کہ یہ رباعی جو سائل نے لکھی تھی غلط تھی صحیح اس طرح ہے ؎ خوش گفت شمس مغرب گو گرد و تویا — زر نیخ و ضرب وزیبق ایں جملہ را بیا — وانگہ بہ بوتہ در کن — مثل گداز زر کن این است کیمیا ؛ جواب میں خون تیرہ کے معنی ایک سے زیادہ اصحاب نے بالوں کا تیل لکھا ہے۔ شاید بالوں سے تیل نکل سکتا ہو۔ دوسرے سوال کا جواب نصیب احمد صاحب سکنڈ ماسٹر روڈ سکول گوڑگانوں نے لکھا۔ اور بہت اچھا لکھا گو قاعدے کے مطابق یہ انعام کسی صاحب کو نہیں مل سکتا تھا کیونکہ دونوں سوال کسی ایک صاحب سے حل نہیں کئے تھے۔ تاہم عم نصیب احمد صاحب کا مضمون بصیغہ مراسلات چھاپ کر انعام اُن کو پیش کرتے ہیں

بیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

جناب منشی حسین بخش صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ لکھتے ہیں ایک اخبار بنام کیپٹن راج بھیروں وان جی صاحب افسر فوج ریاست بیکانیر جاری فرماویں ؛

جناب شیخ محمد حسین صاحب مہتمم شفاخانہ ایلو چار روپے بھیج کر فرماتے ہیں کہ ایک اخبار خود اُن کے نام اور دوسرا بنام مولوی ایجا صاحب زمیندار و سنسنا پیٹ جاری کریں۔ اور اس کے سوا مکی آور بھی چند خریدار بنائے جائینگے ؛

جناب بابو تاج الدین صاحب سٹیشن ماسٹر کھتونگل سرار بیلی رام صاحب ڈپٹی انسپکٹر پولیس کے نام اخبار جاری کرا کر تحریر فرماتے ہیں کہ یہ اُن کی طرف سے پانچواں خریدار ہے۔ آفرین! صد آفرین!!

جناب محمد نصرت اللہ صاحب ازحیدرآباد دکن رقمطراز ہیں کہ ان دو خریداروں کے نام جو بینے بہم پہنچائے ہیں اخبار جاری کر دیں انشاء اللہ اور بھی کوشش کیجائیگی۔ (۱) مولوی سید اسد اللہ صاحب مدرگا مہتمم بندوبست ضلع درنگل۔ اور (۲) مولوی سید محمد علی صاحب رضوی نائب مدرگا مہتمم بندوبست درنگل ؛

جناب حکیم غلام نبی صاحب زبدۃ الحکما لاہور جو کچھ دنوں سے ضلع علیگڈھ میں مقیم ہیں اس سے پہلے تین چار خریدار بھیج چکے ہیں۔ آج تین اور اصحاب کے نام بھیجتے ہیں۔ (۱) جناب حبیب الرحمن خاں صاحب رئیس حبیب گنج ضلع علیگڈھ۔ (۲) جناب احمد سعید خاں صاحب رئیس بروہ ضلع ایٹہ (۳) جناب حاجی محمد یوسف خاں صاحب رئیس رتاولی ضلع علی گڈھ ؛

معلومات کا سکت

—— سوئٹزرلینڈ میں بہت سے لوگ گیارہ گھنٹے دن میں کام کرتے ہیں ؛

—— ہندوستان میں ہر چھ انگریزوں کے پیچھے ایک یتیم موجود ہے ؛

—— روئے زمین کے گرد سفر کرنے سے بالاوسط مساوی کو ۲۴ میل کا سفر کرنا پڑتا ہے ؛

—— ہر سال میں یکم اپریل اور یکم جولائی اور نیپ کے سال میں جنوری بھی ہفتے کے ایک ہی روز پڑتی ہیں ؛

—— سویڈن اور ناروے کے شمالی حالت میں وسط مئی سے جولائی تک سورج رات دن برابر ہمیشہ نظر آتا ہے ؛

—— سویڈن۔ ناروے اور آئرلینڈ میں مردوں سے عورتیں اندھی ہوتی ہیں اور باقی ممالک یورپ اور اضلاع متحدہ امریکہ میں عورتوں سے زیادہ اندھے ہوتے ہیں ؛

—— افغان مورخ اپنی نسل کو بنی اسرائیل سے ملتی کرتے ہیں اپنے آپ کو سائل اُن کے پہلے بادشاہ سے ملاتے ہیں ؛

—— انگلستان کے قانون کے مطابق ایک خانہ بدوش ایک دیوالیہ قرار دیا جا سکتا ہے۔ اور دیوالیہ کو ہوس آف لارڈز میں کی اجازت نہیں ؛

—— ممالک یورپ کے بحری جہازوں پر تین لاکھ آدمی ملازم ہوتے ہیں ؛

—— لنڈن میں سالتمام میں ایک لاکھ ساٹھ ہزار شراب خانے ہوتی ہے ؛

—— ایک انچ موٹی لوہے کی ساٹھ سے چار ہزار سیر کے بوجھ کو توڑ سکتی ہے ؛

—— بنگالہ میں ہاتھی کے پھول دکھانا قحط کی فال سمجھا جاتا ہے ؛

—— انگلستان میں جائیداد شلنگ سے اوپر کے نیچے جائیداد قانونی قسم نہیں سمجھی جاتی مثلاً کسی شخص نے کسی سے پانچ شلنگ تو وہ زیادہ سے زیادہ چالیس شلنگ دعوانی کا سکتا ہے اس کا اختیار ہے کہ سو نالے ؛

—— انگلستان میں فوج کی وردی سنہ ۱۸۱۴ء ایک قسم کی مقرر ہے ؛

—— انگلستان میں کل سرگنیں ملاکر اسی میل سے زیادہ ہوتے اور ہر گنیں ۵۰ گولی پونڈ سے زیادہ ہوتے ہیں ؛

—— ہیرا گو نہایت سخت اور ٹھوس چیز ہوتا ہے کہ جس سے تاہم تھوڑی سی ٹھوکر سے بھی ریزے ریزے ہو جاتا ہے بہت قیمتی ہیرا ایک لاکھ کے فرش پر گر کر بھی ٹوٹ جاتا ہے ؛

—— یورپ کے بہت سے حصوں میں دہقانوں میں کے دن ہوتا ہے وہ سمجھتے ہیں کہ یہ بڑا خوش تقدیر ہوگا ؛

—— انگلستان کی ایک زندگی کے بیمے کی کمپنی کا بیمہ کی اوسط مرگ بہت زیادہ ہے جو فی ہزار ۲۱۲ ہے ؛

نوٹ:- جس قدر حل طلب سوالات کے مقابلے کا فیصلہ ہونا ابھی تک باقی ہے اگلے ہفتہ پرچہ اخبار ہوگا۔ چونکہ بہت سے خطوط ان کے لئے دفتر میں موجود ہیں اور ہر ایک کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس سے پہلے نتیجہ شائع کرنے میں دیر ہوگی۔

ایڈیٹر

پیسہ اخبار

نمبر ۸ | یوم جمعہ - مطابق ۳ شعبان سنہ ۱۲۹۰ھ موافق ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۷۳ء | جلد ۱

انتقالِ تعلیم کے اعداد و شمار اور اعداد

ایکٹ امراضِ متعدی کا اثر امراضِ آتشک تناسل پر

[illegible] کے بعد ایک آنکھ بند کرتے ہوئے سنہ وار ذیل اعداد دیتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں سنہ ۱۸۶۰ء میں کہ اس ایکٹ کے نفاذ سے قبل ہندوستان کی گورہ [illegible] امراض آتشک تناسل کی مقدار حساب فی ہزار حسب ذیل تھی۔

سنہ ۱۸۶۰ء ۳۱۹ سنہ ۱۸۶۱ء ۳۲۹ سنہ ۱۸۶۲ء ۲۹۵ سنہ ۱۸۶۳ء ۲۴۸

[illegible] کے بعد سنہ ۱۸۶۴ء سے امراضِ متعدی کا ایکٹ جاری ہوا تو صورت ایسی عورتوں کو گوروں کی صحبت کے لیے مخصوص قیود و نگرانی کی قید کے ساتھ گورنمنٹ کے حکم سے چھاؤنیوں میں رکھا یا تو مقدار مرض کا تخمینہ حساب فی ہزار سپاہی حسب ذیل ہوا۔

سنہ ۱۸۶۴ء ۲۰۴ سنہ ۱۸۶۵ء ۱۸۰ سنہ ۱۸۶۶ء ۱۸۳ سنہ ۱۸۶۷ء ۱۹۶ سنہ ۱۸۶۸ء ۱۸۹ سنہ ۱۸۶۹ء ۱۹۶ سنہ ۱۸۷۰ء ۱۹۲

سنہ ۱۸۷۱ء ۲۰۹ سنہ ۱۸۷۲ء ۱۹۰ سنہ ۱۸۷۳ء ۲۱۶ سنہ ۱۸۷۴ء ۲۷۱ سنہ ۱۸۷۵ء ۲۳۵ سنہ ۱۸۷۶ء ۲۵۰ سنہ ۱۸۷۷ء ۲۷۱

سنہ ۱۸۷۸ء ۲۷۰ سنہ ۱۸۷۹ء ۲۷۴ سنہ ۱۸۸۰ء ۲۴۳ سنہ ۱۸۸۱ء ۳۰۹ سنہ ۱۸۸۲ء ۳۶۱ سنہ ۱۸۸۳ء ۳۰۱

سنہ ۱۸۸۴ء میں ہوس آتشک کا نشانہ ہو کر اس ایکٹ کو سخت موجب اخلاق و مفاد قرار دیا اور اس کے بعد سنہ ۱۸۸۵ء تک کہ جب تک کہ ہندوستان کی [illegible] صحت کی سرکاری رپورٹیں شائع ہوئیں حسب ذیل اوسط [illegible] سنہ ۱۸۹۱ء ۔

اسی ایکٹ کے متعلق ہوا لائف سپتال بنائے گئے تھے سنہ ۱۸۶۴ء [illegible] اضلاع غربی و شمالی و اودھ کی چودہ چھاؤنیوں میں سرکاری قانون کے مطابق جتنی رنڈیاں رجسٹر کی گئی تھیں وہ اوسط کم از کم مراد آباد کی چھاؤنی میں ۳۷۲ گوروں کے حصے پڑ آتی تھی۔ تو ان کی گنتی میں سے ایک عورت تھی۔ لکھنؤ میں اوسط ۱۷۔ اور فیروز پور میں ۱۴ گوروں کے لئے ایک ایک عورت تھی۔ اور کہا گیا کہ جبر پابندی اور سختی و نگرانی کے جو لاک ہسپتالوں میں اس پیشہ کی عورتیں تھی ان کی تعداد سال بسال میں سے صرف یا فراری یا اپنا نام رجسٹر کرا لینے سے ۴۵ فی صدی کم ہو گئیں۔ اب یہ ایکٹ منسوخ [illegible]

دس روپے کا انعام

۱۵ مارچ کا پیسہ اخبار اس مضمون کی کیفیت اور شرائط [illegible] ایڈیٹر پیسہ اخبار۔

مذاق

ایک برہمن دوتا نے کو کانگڑا۔ خوب گپی گپکار دنیاں تیار کیں۔ ایک مسلمان سے دور سے دیکھا پیٹ خالی تھا مٹھیں اپنی بھرا۔ چلم ہاتھ میں لے کر ملاقاتی چوکے ہیں آگ مانگنے آگئے برہمن بہت ناراض ہوا۔ مسلمان نے معافی مانگی اور رونی ہوئی برہمن کے کام کی ذمہ لی تھی۔ مسلمان نے خوب سیر ہو کر کھائی۔ دوسرے روز پھر برہمن سے چوکا لگایا اور روٹی مانگی۔ مسلمان صاحب پھر آمرد دیوے اور ہاتھ جوڑ کے کہنے لگے۔

"مہاراج جی معاف کرنا کل مجھ سے بڑی غلطی ہو گئی"۔

"ہمیں یہاں ہی معافی کی کونسی بات ہے۔ کیا مضائقہ"۔

مسلمان "میں نہایت شرمندہ ہوں"۔ (اور چوکے میں دوڑ کر برہمن کے پیر پکڑ کر) "خدا کے واسطے اب دل میں ملال نہ رکھئے اور مجھ کو معاف کر دیجئے"۔

محبت کی سچی قربانی۔ عورت "لیکن اگر میرا باپ غریب ہوتا تو کیا تم مجھ سے پھر بھی ایسے ہی محبت کرتے جیسی کہ اب کرتے ہو"۔

عاشق "ایسی ہی محبت کرتا؟ نہیں بلکہ اس سے زیادہ کرتا۔ میں اپنی محبت میں ایسا بے غرض ہو سکتا۔ اس لئے کہ کسی زیادہ لائق آدمی کو دے دینے کو آمادہ ہوتا جیسا کہ سچے عاشقوں نے اپنے معشوقوں کی آسائش کے لحاظ سے کئے کہا نہیں ہیں کیا ہے"۔

عورت "پیارے تیری۔ مجھ کو اب معلوم ہوا ہے کہ تم واقعی مجھ سے سچی محبت رکھتے ہو"۔

میاں "کیا اچھا ہوتا اگر یہ تمہارا درزی کا بل کل آجاتا"۔

بیوی "کیوں پیارے؟"

میاں "کیونکہ تب میں کل ایک اچھی صندوق گھر میں روپیہ محفوظ رکھنے کے لئے بنوانے کا بیعانہ دے دیتا ہے۔ جس کی اس وقت میں کوئی ضرورت نہیں ہے"۔

نوجوان مس سچی نے مس سے شادی کرنے سے انکار کر دیا تو مرنگی نے انکار کا سبب دریافت کرنے کی کوشش میں اس سے پوچھا "کیا تمہاری ماں مجھے پسند نہیں کرتی؟"

مس سچی نے کہا "میری ماں تو تمہیں پسند کرتی ہے۔ مگر اس کی شادی تو بارہ برس ہوئے ہو چکی ہوئی ہے"۔

"تم نے یہ گھڑی مفت کی لی ہے"۔ "نہیں تو کچھ دیدہ"۔

"ہیں تو اس کے مالک کو ایک کتا اور چھپیں بھی تم بھی جو قیمت

عجیب عجیب باتیں

سکم میں شادی کے مراسم۔ بابو سرت چندر داس سی آئی ای نے اس میں یہ دلچسپ مضمون شادی کے رواج سکم کے متعلق ایشیاٹک سوسائٹی میں پیش کئے۔ سکم میں شادی آسان نہیں ہے کیونکہ بہت سی رسمیں ادا کرنا پڑتی ہیں جو حسب مقدرت دو لمہا کے ہوتی ہیں۔ سابق میں یہ جشن مدت تک دن رات رہا کرتے تھے لیکن اب تین روز سے زیادہ نہیں رہتے۔ جب لوگ خوب شراب پی لیتے ہیں اور شادی کے ناچ کا خاتمہ ہو جاتا ہے تو آپس میں ایک دوسرے کی خوب گوشمالی کرتے ہیں۔ تب اپنے گھر چلے جاتے ہیں۔ مراسم کے وقت بجوں سے راستے بند ہوتے ہیں۔ گونگے دیکھتے ہیں مقام رنگ میں ہنوز شادی کی یہ رسم جاری ہے کہ دولہن کو زبردستی گھر لیجاتے ہیں اور دولہن کو بھگا کر لاتے ہیں۔ جب تک شادی کا وقت نہیں آتا اس کا پتہ نہیں لگتا۔ اگر دولہن اس شخص سے جس کو والدین پسند کرتے ہیں شادی کرنے پر راضی نہ ہو تو مقابلہ شروع ہو جاتا ہے۔ دولہا شہزادیوں کی سی خصوصیت کرتے ہیں اور شادی کا دن مقرر کرتے ہیں۔ لیکن جب لڑکی کسی کو پسند کرنے لگتی ہے والدین شادی میں راضی ہوں تو دولہا اس کے ساتھ جا کر بھاگ آتا ہے عزیز لڑکی کو والدین پکڑ لاتے ہیں۔ دولہا اسی وقت سے مراسم شروع کرتے ہیں۔ جب تک اس کے پوش درست نہیں ہوتے بار بار نہلاتے ہیں۔ لڑکے کے باپ اور بڑے عزیز جاتے ہیں لڑکی کے باپ سے ملتے ہیں اور لڑکی کے باپ کے ساتھ ہی آتے ہیں۔ لڑکی کے باپ اور بڑے عزیز جاتے ہیں کہ لڑکی سے ملتے ہیں اور لڑکی کے باپ سے ملتے ہیں۔ لڑکی کے باپ جاتے ہیں اور لڑکی کے لئے کپڑے لا

بفضل الٰہی کارخانہ ۱۸۹۰ء سے جاری ہے ادویہ شرطیہ تا حصول صحت دیجاتی ہیں

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ مرتسر بازار کی ادویہ

ملک کی عام رائے کا خلاصہ

ملک کی عام رائے کا خلاصہ

روغن طلا

حبوب خیری

عرق نجاستی

عرق طحال

پکٹورل بام

دانتوں کا منجن

روغن کان کیلئے

حبوب خیری

حب آسیر

روغن دافع سوداک و قرحہ

حبوب خیری

عرق خیری

حبوب ہاضمہ

خیر الدین شاہدین سوداگران ادویات انگریزی مرتسر ہال بازار (پنجاب)

جناب سردار ... صاحب سب ڈویژن نہر (۴) نومبر ۱۸۹۳ء آپکے جو ہاضمہ میرے مرض آنتوں کو بہت فائدہ دیا میں اداکرتا ہوں

جناب لالہ ... صاحب گرداور ... (۲۴) نومبر ۱۸۹۳ء: سابق دو دفعہ آپ کی دوائی منگوائی گئی۔ عمدہ ہے اب مجھکو ایک دوست کے لئے روغن طلا (۲) شیشی حبوب خیری (۲) بکس کی ضرورت ہے بواپسی ڈاک لطف فرماویں

جناب ... صاحب سب پوسٹماسٹر ... (۲۰) نومبر ۱۸۹۳ء: آپ کی ادویات واقعیت عمدہ اور جادو کا اثر رکھتی ہیں مجھکو روغن دافع سوداک جو کہ آپنے ارسال کیا تھا اس سے بہت فائدہ ہوا اب ہمراہ فرد باقی ادویہ کی بھیجدیں

جناب محمد شاکر صاحب ... از مراد آباد (۳) دسمبر ۱۸۹۳ء: ایجنسی کا ڈپو ہوگا کہ ایک دوکان آپ کی دوکان سنہ ۱۸۹۳ء میں صاحبہ بنایا ہے انشاء اللہ جو ہاضمہ شکایت دائمی قبض یا ... تک کل تنہا ہے استعمال ... آپکی دوا کی اور بابت ...

جناب ... از مقام ... ضلع مظفر گڈھ (۶) اکتوبر ۱۸۹۳ء: سابق انیں روغن طلا و حبوب خیری جو آپ ارسال فرمائی تھیں بندہ کو بہت فائدہ ہوا دو بکس حبوب خیری اور بھیجدیں

جناب ... خیال از مقام ... (۱۰) اکتوبر ۱۸۹۳ء: آپکی دوائی دافعہ مرض سوداک بھی ... یہ خالص اور عمدہ دوا ہے اسے بہت فائدہ ہوا جلاب جلن اور ... بالکل گم ہو گیا

نوٹ
ہر ایک دوائی بقیمت (قیمت طلب) ارسال ہوتی ہے

عرق عشبہ مرکب

شیشی خورد

یہ مرکب بدرجہ غایت احتیاط کے ساتھ جمیکا سارسپریلا اور دوسری نباتات سے جو کہ ہائیسٹ میڈیکل اتھارٹیز کیطرف سے مقرر کردہ اجزاء ہیں شامل کرکے تیار کیا گیا ہے۔ بیشمار لائق ڈاکٹروں اور یونانی حاذق حکماء کا اس امر پر کلی اتفاق ہے کہ فساد و جوش خون کیواسطے کوئی دیگر دوا اس سے بڑھکر مصفی خون نہیں ہوسکتی۔ یاد رہے کہ پھنسی۔ پھوڑا۔ خارش جسم۔ جذام۔ خنازیر۔ وجع مفاصل۔ درد عصبی۔ ورم غدود۔ بواسیر۔ ضعف جسمانی۔ ضعف معدہ رطوبی آتشک۔ نقرس ملغمی۔ آشوب چشم وغیرہ۔ ان تمام خطرناک بیماریوں کے پیدا ہونے کا صحیح باعث فساد خون ہوتا ہے۔ جن سے ماہر بیمار کو اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے۔ ہر فرد بشر کو اپنی صفائی خون کا خیال رکھنا نہایت امر ضروری اور واجب ہے۔ اس عرق کو چند یوم استعمال کرنے سے صفائی خون ہوکر تمام شکایات مذکورہ بالا رفع ہوتی ہیں اور چند دنوں میں ہی بیمار قوی اور پُر طاقت ہوجاتا ہے۔ تندرست اشخاص بھی موسم کرما کے آغاز یا اختتام پر اگر اسکا استعمال کریں تو بلاشک و شبہ یہ امر ثابت ہوچکا ہے کہ صدہا بیماریوں سے جو مختلف اقسام کی چیزیں کھانے کے باعث خون بگڑکر لاحق ہوتی ہیں محفوظ رہیں گے۔ عشبہ کے خواص کے بارے میں چند اعلےٰ میڈیکل اینڈ سنٹی فک اتھارٹیز کی شہادتیں ذیل میں ملاحظہ فرمائیے ✦

ڈاکٹر الفریڈ بینک کیرو ایم۔ ڈی۔ ایف آر۔ ایس۔ ایڈیٹر آف دی رائل کلن آف فزیشنز مصنف میٹریا میڈیکا یونیورسٹی آف لنڈن

عشبہ عرق آور مدبل۔ مقوی اور مصفی خون ہے۔ یہ ہر جگہ کا نسخی پروفیشنل سفاس میں دوسری اجزا سے ملاکر بنایا جاتا ہے اور یہ عموماً نہایت عمدہ علاج خیال کیا جاتا ہے۔ وجع مفاصل۔ نقرس اور دیگر جلدی بیماریوں میں بطریق مرکب (جس میں کہ دیگر مشدد رینگ اجزا بھی شامل ہیں) برتا جاتا ہے۔ جسکا نتیجہ ہمیشہ کامیابی ہوتا ہے۔

ڈاکٹر پریرا ایم۔ ڈی سالیف۔ آر۔ ایس فرینکن لڈی لنڈن ہاسپٹل

بسا اوقات مجھ پر ہوچکا ہے کہ بہت سی بیماریاں جو کہ آزمودہ ادویات سے رفع نہ ہوں اور جسم میں گھر کرکے آہستہ آہستہ بڑھیں آخکار عشبہ سے رفع ہوئی ہیں۔ اور انگلستان کے موجودالوقت اعلےٰ ڈاکٹروں سے تھیریپیوٹک طاقتوں کو قبول کرچکی ہیں عشبہ بگڑے ہوئے خون کو فاسد کرنے کے واسطے اور گنٹھیا۔ آتشک اور جلدی بیماریوں کا بڑا بہادری علاج ہے۔

ڈاکٹر گراہم مصنف ڈومسٹک میڈیسن

عشبہ مصفی خون اور عرق کا فائدہ رکھتا ہے۔ اور وجع مفاصل کہنہ۔ خارش جسمی اور بدمصفی کی بڑی ہی دوائی ہے۔ الخ میں اکسیر ثابت ہوا ہے۔ اور میری رائے میں واقعی اپنا نظیر نہیں رکھتا۔

پیرا لیسکوائر ایف۔ ایچ ایس لیبٹ پریسڈنٹ آف دی فارماسیوٹیکل سوسائٹی ممبر آف دی برٹش فارما کوپیا کمیٹی ✦

عشبہ مقوی اور مصفی خون ہے یہ سیکنڈری سفلس میں نہایت مفید دوائی ہے اور دوسرے سٹار ریفکس اور اینو ڈائین مرکبات کے ساتھ ملاکر کہنہ وجع مفاصل میں فائدہ بخش ہے اور نیز بہتے ہوئے پھوڑوں اور دیگر جسمانی بیماریوں کا مسلم علاج ہے عشبہ کے فوائد اور خاص پر بہت بحث ہوچکی۔ مگر بلاشک و شبہ جمیکا سارسپریلا ہی۔ جو مندرجہ بالا اوصاف سے موصوف ہے۔

ڈاکٹر ہوپر (باطنہار) انٹی اسکرا فیلوس سپیسی فکٹ

عشبہ ملکوں سے نہایت مفید علاج خیال کرکے قدر کیا گیا ہے۔ خنازیر یعنے غیر دل والے بیمار ایسے بہت کم ہیں جو اسکے استعمال سے صحت یاب نہ ہوئے ہوں مگر اسکے تمام فوائد اس امر پر منحصر ہیں کہ عشبہ اصلی پودے کی جڑ ہو۔

ڈاکٹر ڈکسن۔ عشبہ جبکہ باقاعدہ تیار کیا گیا ہو تو اسکے مصفی خون ہونے میں کسیکو شک و شبہ نہیں۔

ڈاکٹر جیمس ایم ڈی ایف آر ایس فیلو آف دی رائل کلن آف فزیشنز

میں نے کمپونڈ ڈیکوکشن سارسپریلا۔ یا فلوئڈ ایکسٹریکٹ سارسپریلا کو اجب ڈائیوٹ استعمال کرایا ہے) وجع مفاصل تازہ اور پرانے کے واسطے بنہایت عمدہ علاج پایا ہے۔

ڈاکٹر گوڈ اکھرسٹ ڈی آف میڈیسن۔

میں ان کہنہ بیماریوں میں عشبہ کو استعمال کرانے سے کامیاب ہوا ہوں جن میں دیگر ادویہ بالکل کارگر ہوکر دوگانی سے مایوس ہوچکے تھے اور نیز وہ بیمار بھی اسی کے استعمال سے شفایاب ہوئے ہیں جو کہ مرکبات پارہ وغیرہ کو بے طریق استعمال کرنے سے مبتلائے عذاب تھے۔

لارنس ایسکوائر ایف۔ آر۔ ایس سرجن ٹوپار تھلیمو ہاسپٹل۔

عشبہ بڑی طاقت بخش دوائی ہے۔ خصوصاً جبکہ کسی کیچیس بیماری کے متواتر حملوں کے باعث بیمار لاغر ہوگیا ہو۔ علاوہ بریں اس کا مسلم فائدہ ان بیماریوں کی حالتوں میں ظاہر ہے جن میں کہ پارہ وغیرہ کے بے طریق عمل میں لانے سے نقصان ہوا ہے۔

صدہا خطوط بمنزلہ سرٹیفکیٹ ہمارے مرکب کی عمدگی کے موجود ہیں جنمیں بکثرت ایسے مریض سے دستکاری پانے والوں کے ہیں کہ اگر ہم انکے اسمار گرامی درج کریں تو ہمارا یہ ایک ضخیم رجسٹر آف ٹرسٹ سے کم نہ ہوگا مگر تاہم وہ اسناد جو کہ تعریف نامہ نہیں ہیں آئندہ ہمیشہ درج ہوا کرینگی۔

مفصل فہرست جو دوا کے ساتھ ہے کا کارڈ بھیجکر مفت منگا لیجئے

المشتہر محمد امام الدین مینجر و کنور یہ میڈیکل ہال۔ ہال بازار امرتسر (پنجاب)

نوٹ۔ اگر تازہ آتشک ہو تو اس عرق عشبہ کی ہمراہ مرہم دافع آتشک ضرور طلب کریں۔ قیمت فی ڈبیہ عنصر

تفریح الاحباب فی مناقب الآل والاصحاب

اس نایاب کتاب کو فاضل متبحر محمد عبداللہ بن عبدالعلی القرشی الہاشمی العلوی نے علماء سلف سے عربی میں لکھا تھا۔ اب یہ کتاب اردو میں ترجمہ ہو کر شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں اہل بیت رسول اللہ صلعم کے فضائل و مناقب بیان کئے گئے ہیں۔ یہ کتاب ۱۲ فصلوں میں منقسم ہے۔ ہر فصل میں ۱۰ حدیثیں ہیں۔ جن کو بسند صحیح احادیث کو اخذ کیا ہوا ہے۔ ہر حدیث کے ساتھ اس کی تشریح بھی کی گئی ہے۔ اس کتاب کے مطالعہ سے ہر شخص کو معلوم ہو جائے گا کہ اہل بیت رسول اللہ صلعم کے فضائل کس قدر ہیں۔ اس کتاب کے مترجم نے اس کتاب کو ختم کر دیا ہی تھا کہ ان کا انتقال ہو گیا

اشتہار عدالت دیوانی باجلاس مسٹر ڈبلیو سوفٹ صاحب جج اور منصف بااختیار درجہ دوم پر گنہ ترنتارن واقعہ ۱۲ فروری ۱۸۹۴ء

گلبت سنگھ ولد لہنا سنگھ ذات بانیہ قوم [illegible] ساکن [illegible] (تارا چند ولد لہنا چند ذات برہمن ساکن موضع پرگنہ ترنتارن مدعی) برخلاف

(سکنہ موضع پرگنہ ترنتارن مدعا علیہ

دعوے معاوضہ بابت دست آبی

مقدمہ مندرجہ بالا میں بیان حلفی مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ مدعی کو حسب بیان مندرجہ عرضی دعوے ادا نہیں کرتا اور بہین عرض روپوش ہو جاتا ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع کیا جاتا ہے کہ تاریخ چند مدعا علیہ بتاریخ ۲۳ فروری ۱۸۹۴ء کو حاضر ہو کر پیروی مقدمہ ہذا میں حاضر ہو کر بصورت غیر حاضری مدعا علیہ مذکور کارروائی بخلاف مدعا علیہ عمل میں آوے گی لحاظ رہے تاریخ ۱۲ فروری ۱۸۹۴ء ہے بشہادت دستخط ہمارے اور مہر عدالت ہمارے کچہری کی ۱۲

اشتہار بنام مدیون از اجلاس کنور امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر

گیسر سنگھ ولد رام سنگھ ذات بکنو ساکن [illegible] (بنام) (کیمان ولد رد ساکھی ہیڈ مہرر ساکن ترنتارن محصیل و ضلع امرتسر گریدار) اور ہونکہ تحصیل امرتسر مدیون

استیسال ہے

مقدمہ مندرجہ بالا میں ڈگریدار نے درخواست اجرائے گذرانی ہے اور چند دفعہ نوٹس بنام مدیون جاری کیا گیا ہے مگر تعمیل نہیں ہوئی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر ۱۰ مارچ ۱۸۹۴ء تک مدیون حاضر ہو کر جواب نہیں پیش کریگا تو یکطرفہ کارروائی اسکے برخلاف کیجاویگی تاریخ ۱۲ فروری ۱۸۹۴ء

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر بہ جواب نالشی امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر واقعہ ۱۲ فروری ۱۸۹۴ء

بھی مل ولد [illegible] ساکن [illegible] (بنام) (بھوپ سنگھ و گوناپسان گوت سنگھ قوم ترکھان ساکن [illegible] ضلع امرتسر مدعی

دعوے مالیت اصلی روپیہ ۱۰۰ بابت [illegible] ممسک

بمقدمہ مندرجہ عنوان بیان حلفی مدعی سے تصدیق ہوتا ہے کہ مدعا علیہم کا پتہ نہیں ہے اور دانستہ چھپے ہوئے ہیں اس لیئے یہ اشتہار بذریعہ آگاہی ہر خاص و عام و مدعا علیہم بذریعہ اخبار شہر کرایا جاتا ہے کہ مدعا علیہم ۱۰ مارچ ۱۸۹۴ء کو حاضر ہو کر پیروی کریں بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی ؛

ضرورت ہے

ہم نے چند امیدواروں کے واسطے پہلے بھی اشتہار دیا تھا لیکن ان لوگوں کی درخواستیں آئین وہ بہت کم استعداد کے تھے۔ ہمین ضرورت ہے۔ نوجوان محنتی جفاکش ایجنٹوں کی جو شہر بہ شہر پھرین اور ہماری خاص چیزون کو رواج دین اور مشہور کرین۔ ماہوار سو روپیہ کی ضمانت لیجاوے گی اور تنخواہ پندرہ سے بیس روپیہ ماہوار تک دیجا سکتی ہے علاوہ سفر خرچ کے۔ جسمین خورا کی شامل نہین ہے۔

بڑا اچھا موقعہ ہے اُن لوگون کے واسطے جو تجارت سیکھنا چاہتے ہین۔ فورا ہو درخواستین اے برکت اینڈ کمپنی مظفری بازار کے نام بھیجین ؛

کیمسٹس تمانک :- طاقت کی تازہ دوائی۔ جی تو مل ٹے کے مراسلے کا زر پیشگی اخبار لاہور سے ملیگی ؛

نیا سال اور ہماری دکان

مبارک! مبارک!! مبارک!!! لاہور

بس مہربانی اور نظر عنایت آپ لوگون نے میری ناچیز محنت کی قدردانی فرمائی ہمین آپکا نہایت مشکور ہون۔ اب اس نئے سال کے لیئے پھر آپکی خاطر بہت عمدہ عمدہ کوالٹی کی پیس ہر طرح کی جیسی گرہستیان دیگر دلائیون سے منگوائی ہین۔ چکدار دوہرے اور ہر کاٹھ کی ململ منگائیے جسکو رعایت ہوتی ہی لہذا ہمیشہ ہی آپکی تینے اخیر اس سے کچھ تھوڑا کھانا جاری ہی بچاتا ہے گرہستی قیمت بھی بیحد کم کر دی ہے جو دوسری جگہ پہلے طرح اس سال بھی آپ میری عنایات کی قدردانی فرماکر بندہ کو ممنون و مشکور فرماوینگے نیز گرہستیون کی ہر طرح عمدہ اور بکفایت ہر ایک قسم کی ہو سکتی ہے

ریوے ریلوے گارنٹی چار سال

نکل سلور اپین کیسز ہر حبہ اول نمبر نکسلور اپین کیسز ہر حبہ دوم نمبر

پکا لوح گارنٹی چار سال سیلف ریسٹ واچ گارنٹی دو سال سے ؛

ڈبل کیس کی چاندی کی گھڑیان لیور چال کی ہین

ڈبل کیس کیلس لیور ۱۰ نمبر سٹیم ۱۲ نمبر سٹیم یعنے نیم ڈھکنہ ۱۲

رسٹ واچ یعنے کلائی پر باندھنے کی گھڑیان گارنٹی چار سال

نکل سلور کیلس ہر جواہل ۱۰ درجہ دوم نمبر ۱۰ نمبر ۱۲ نمبر ۱۵ درجہ اول ۱۵ درجہ دوم ۱۵ بی ٹائم پیس گارنٹی دو سال عمدہ پالکی کلاک ۱۲ گھنٹہ اور آدھ گھنٹہ بجاتا ہے ۱۵ پالکی پیتل کلاک ۱۵ گارنٹی دو سال

اگر فائدہ نہ ہو تو قیمت واپس لے لو

فصل کے برسہانے و مرض نامردی کے دور کرنیکے واسطے

شربت مردمی کا جسس قیمت ۵

اس جسس مین ادویات مفصلہ ذیل داخلی خارجی علاج کی ہوئی ہین۔ تخم تودی باہ، ریملہ، جوب کتھوی باہ دلکا، روغن انواع سنتی ریملہ، ہادہ زاوانام دی کے سوا خواہ کیسی ہی بچپن کی فرہیزش کی اور کیسی ہی دیرینہ کمزوری عیاشی سے ضعف اعضائے رئیسہ اور طاقت رجولیت کم ہو گئی ہون ان ادویات کے استعمال سے اعضائے رئیسہ کو عمدا اور قوت باہ و رگون پٹھون کی لاغری کو خصوصا ایسی تازہ طاقت حاصل ہوگی کہ عین عالم شباب مین نہ دیکھی ہی ہو لطف یہ کہ کرایہ کا ٹٹو نہین ؛

نوٹ :- شفاخانہ حکیم صاحب کا ہی مذکورہ بالا ادویات کے استعمال سے کسقدر بیماری نامردی رہ جاوے اگر ایسا ہو بھی تو ہزار امرض کو یہ اکسیر اور کافی دوائی دیتا ہے قیمت دیکھا یگی ہر بیماری کی ادویات شفاخانہ مین موجود ہین ؛

حکیم محمد شریف شفاخانہ مرہم عیسیٰ لاہور چونا منڈی محمد خان

ون کی خرابیون اور امراض جلد کے لیئے اس سے بڑھکر کوئی اور دوائی مفید نہین ہو سکتی۔ آتشک خواہ کسی درجہ مین ہو یا فساد خون کے باعث پھوڑے پھنسیان بدن پر نکلتی ہون۔ بدخوابی بے چینی ہو۔ خارش ہو یا ہیکنہ جسم پر بدنما یاہ داغ یا دھبے ہون۔ درد اعضا گنٹھیہ حتی کہ پارہ اسیر نک کو بھی پیچھے چھوڑ کر مفید ہے۔ بہتیرے دواسازون نے عرق عشبہ بنا رکھے ہین مگر بلحاظ ترکیب یہ جوہر عشبہ درحقیقت آب حیات ہے۔ مریض کو تمام جلدی اور خونی امراض سے نجات دیکر نئی زندگی بخشتا ہے۔ ہماری ترکیب ان تمام خرابیون کا وہ فیصد کیا گیا ہے جو اسکی گرمی سے گرم مزاجون کے لیئے پیدا ہوتی ہین۔ مزہ مین نہایت دلپسند خوش ذائقہ اور خوشبودار ہے۔ قیمت فی شیشی خورد عہ کلان ۱۰

دیگر ہر ایک مرض کی دوائی ہمارے یہان موجود ہے۔ ہمارے کارخانہ کی فہرست بالتصویر منگا کر ملاحظہ فرماوین ؛

المشتاقہ نرائن سنگھ پسر نام سنگھ سوداگران حال بازار امرتسر (دنیجا ب)

کیا سرکار انگریزی کے راج مین انسان ہمیشہ ظلم سہتا رہیگا؟

جناب ایڈیٹر صاحب! جب کبھی بے قاعدہ اور بے ضابطہ کارروائی کو سنتے ہی تو اکثر لوگ کہدیا کرتے ہین کہ یہ سکھا شاہی ہے۔ پر اس وقت سکھا شاہی کے اصول اور اسکے نتایج سے تو جہٹ نہین ہے مگر حقیقت یہہ ہے کہ سرکار انگریزی کے راج مین جبکہ عدل و انصاف شعار آفاق ہے اگر سکھا شاہی کہنی ہو یا زور شاہی زمانہ ملاحظہ کرنا ہو تو پھلیرے چھاونیان مین یہہ قانون کو بسا اوقات اوٹھا کر بالائے طاق رکھدیا جاتا ہے وہ قانون جس سے شہنشاہ زمان بھی ذرہ سرتابی نہین کر سکتے۔ کمشنر بجٹ ڈویژن (ڈویژنل کمشنر) کو سبھی اختیار ہین اور قریب قریب یہ سب باتین اخبار تریبون مین واضح طور پر دکھلائی گئی ہین۔ مگر نقار خانہ مین طوطی کی آواز والا معاملہ ہے۔ اپنا تو یہ عقیدہ ہے کہ اس سلطنت مین کوئی اصلاح اس وقت تک نہین ہو سکتی جبتک کہ سچائی کے ساتھ باقاعدہ جانچ (انویسٹیگیشن) کو دیر تک جاری نہ رکھا جاوے۔ ہمت اور استقلال سے کام لیا جاوے گورنمنٹ عالیہ کو یقین دلایا جاوے کہ جو کچھ ہم کہہ رہے ہین وہ سب صحیح ہے۔ مگر یہہ دوگد ایک دو کے بس کا نہین۔ اگرچہ غل غبار کرنے والے بہت ہوتے ہین مگر کام کرنیوالے ہتھ پر گنے چنے ہین۔ ہماری بیگرس نے دنیا بھر کی اصلاحون پر سرزلیوشن پاس کر دیے مگر کبھی ہوئے سے بھی چھاونیون پر توجہ نہ ہوئی۔ اس وقت چشم بدور وائسرائے کی کونسل و اضعان آئین و قوانین سے لیکر مختلف صوبجات کی کونسلون تک درجنون بیسوی اور آزاد ممبر ہین مگر نہ معلوم وہ کیون چھاونیون کے متعلق توجہ نہین کرتے۔ اور ادھر چھاونیون کے لوگون مین نہ اتنے آزاد منش ہمت والے اور اعلےٰ درجہ کے تعلیم یافتہ ہین کہ وہ خود کچھ ہاتھ پاؤن ماریں۔ بیچارے غلام و ستم سہنے کے عادی ہو گئے ہین۔ سہے جاتے ہین ع قہر درویش بجان درویش۔ انکے حامیون مین اخبار والے بھی ہین جو اپنا فرض منصبی سمجھکر انکی حالت پر قلم اوٹھاوین۔ اس وقت نمونے کے طور پر میں ایک معاملہ کی بخوف طوالت نہایت مختصر کیفیت عرض کرتا ہون اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہین کہ کیسا اندھیر مچ رہا ہے۔

چھاونی جالندہر مین عرصہ قریب چھ سال سے گولڈسبری صاحب بہادر کنفرنمنٹ مجسٹریٹ کا راج ہے۔ انکے زمانہ مین جو نئی باتین دیکھنے مین آئین وہ لوگون کے پہلے وہم و گمان مین بھی نہین نہین ایسا اظہار وقتاً فوقتاً تیموریل اور اخبارون کے ذریعہ ہوتا رہا ہے۔ یہان ایک معزز صاحب جسکا نام شیخ عبدالرحمن ہے وہ جوب اور کوئلہ کی تجارت کرتے ہین مدت سے آباد ہین ایک دن جمال الدین نامی کو پولیس نے اپنے مچلکا لیا کہ کچہری مین وقت مقررہ پر حاضر ہو شیخ صاحب جب حاضر ہوئے تو کرنل گولڈسبری نے بلا کسی قانونی کارروائی کے روائی پھنے فرد قرارداد جرم لگائے یا گواہ شاہد طلب کیے چٹ پانچ روپیہ جرمانہ کر دیا۔ شیخ صاحب حیران کہ یا خدا یہہ ماجرا کیا ہے نہ کوئی قصور نہ جرم یہ کیسا سکھا شاہی ہے آخر ڈپٹی کمشنر کمشنر تک فریاد کی کچھ شنوائی نہین ہوئی۔ چار و ناچار چیف کورٹ پنجاب مین معرفت شیخ محمد یعقوب صاحب بیرسٹر ایٹ لا ایڈووکیٹ جنرل پنجاب مقدمہ دائر کیا۔ جج صاحب نے حکم دیا کہ چونکہ کوئی مثل حکم ماتحت مقدمہ نہین ہے اسلیے ڈپٹی کمشنر جالندہر سے طلب کیجائے۔ چنانچہ ڈپٹی کمشنر صاحب بہادر نے جواب دعوےٰ پیش کیا کہ درحقیقت جرمانہ ہوا ہے اور پانچ روپیہ نائب شرف عدالت نے وصول کیے ہین تو کنٹونمنٹ مجسٹریٹ کو لڑنے کی کیا ضرورت ہوئی کہ مثل مقدمہ مع کیفیت بھیجکر اپنے کیون جرمانہ ہوا۔ اگر سبری صاحب نے کہا کہ ہمارے پاس کوئی مثل نہین ہے جسکے ساتھ چسپانہ بحیثیت مجسٹریٹی ہنیون کیا۔ بطور سکرٹری کنٹونمنٹ کر دیا۔ اسپر صاف الفاظ مین جج پلوڈن صاحب لکھتے ہین کہ ہمین اس بات کا علم نہین ہے کہ ایک پرائیویٹ شخص پر جو نہ ملازم سرکار ہے نہ ملازم کنٹونمنٹ کمیٹی ہے سے مجسٹریٹ کی حیثیت کے (بغیر طیکہ جرم ثابت ہو اور سب طرح قانونی کارروائی کیگئی ہو) اور جرمانہ کون کر سکتا ہے اور کس طرح ہو سکتا ہے۔ ہتے کسطرح پھکا لیا گیا اور کیون نائب شرف عدالت نے روپیہ وصول کیا۔ وہ نکتہ ہیر کہ ہمین معلوم نہین کہ ایک کنٹونمنٹ کمیٹی کا سکرٹری وہ خود قانون بنا سکتا ہے اور خود اسپر عمل کر سکتا ہے۔ شیخ صاحب نے کوئی جرم قرار دیا گیا نہ شہادت لیگئی نہ کوئی قانونی کارروائی کیگئی۔ نہ مثل موجود ہے۔ اس لیئے ہم کچھ نہین کر سکتے۔ سوائے اسکے کہ یہ حکم دین کہ لوکل گورنمنٹ سے جرمانہ جو وصول کیا جاوے اور سارا کاغذات اسپیشل کورٹ سے سائیل لینا چاہے تو ہم دیدین گے۔ اسپر شیخ صاحب نے ایک میمورنڈل (یادداشت) گورنمنٹ پنجاب کو دیا جو اس وقت ہوم ممبر تھے۔ لالہ صاحب کو یاد ہوگا کہ ۱۹۳۴ء کے آخر مین ہمارا انسپکشن کے لیئے جالندہر جانا ہوا تھا۔ اگر انسپکشن کے وقت ہم شکایت کرتے تو ہمارے سامنے ہی کچھ نہ کچھ کیا جاتا مگر کسی کی جرأت نہین ہوئی کہ آواز بلند کرے۔ ہم نے اخبار کے ذریعہ شکایت کی۔ الراقم قاضی حبیب احمد ایڈیٹر اخبار تریبون

نامہ نگاروں کی مرسلہ خبرین

مدرسہ احمدیہ آرہ:۔ ۱۴ مارچ ۱۹۳۶ء مطابق ۳۰ شعبان ۱۳۵۴ھ روز یکشنبہ کو مدرسہ احمدیہ آرہ ضلع شاہ آباد کا سالانہ جلسہ انشاء اللہ تعالیٰ منعقد ہوگا۔ اس سال جشن مدرسہ کے ہر ایک بلیار کو چین جیسو سلک متوسط وغیرہ کے شوقین بہت دور دور سے بہت دلون کو اس جلسے کے ملاحظہ کا آرزومند بنا دیا ہے اور یہی اطراف و اکناف خاک بنگال و پنجاب وغیرہ وغیرہ کے علماء و رؤسا مدعو ہونگے۔ اس جلسہ مین تعلیم کی جو جو خانہ پوری ہونیوالی ہین قابل دید ہونگی۔ حضرات مہمانان ذی شان کے رہنے اور کھانے وغیرہ کا نہایت عمدہ سامان موجود رہیگا۔ مستعد خدمتگار اشخاص استقبال کے لیئے اسٹیشن پر سواری لیئے ہوئے حاضر رہینگے تقسیم ٹکٹ و نوید و دعوت کا دفتر ۲۵ فروری سے ۳۸ فروری تک کھلا رہیگا۔ ہر شخص بے تکلف اپنا نشان و پتہ صاف حروف مین تحریر فرما کر ٹکٹ و نوید دعوت طلب فرمانیکے مجاز ہین یکم مارچ ۱۹۳۶ء سے ملازمان دفتر تقسیم ٹکٹ و نوید دعوت بند کر کے سامان دعوت مین مشغول ہو جاینگے۔ (عبدالحکم نائب مہتمم مدرسہ)

فیروزپور:۔ (۱) ۱۱ مارچ نامی ایک زرگر لڑکا سکنہ ابوصلح فیروزپور گھر سے دس روپے لیکر بہاگا ہوا تھا کہ ۲۸ دسمبر کو ایک شخص عارف علی شاہ خانہ بدوش نے بطمع زر لے دیکر ریل مین سوار کر لیا اور پولیس نے گرفتار کر کے چالان کر دیا۔ (۲) ۲۴ جنوری کو سبھی چاندی فیروزپور سے ایک ہزار اسی روپے کی چاندی خرید کر نا فضلکا کو ایک بجرون کے گاڑی پر سوار ہونے کو آیا۔ چاندی لوہی کے پیچے رکھی ہوئی تھی کہ دس منٹ کے عرصہ مین سبھی سوار اور گاڑیان غائب آنکھ بچا کر نکال لی۔ پولیس کی تحقیقات سے ملزم سعہ مال مسروقہ گرفتار ہو گئے۔ (مگن ناتھ ڈپٹی انسپکٹر)

قدرت الٰہی:۔ ایک ہندو بچہ جسکو چار روز پیدا ہوئے ہو گئے تھے شفاخانہ زنانہ آیا پاخانہ کا راستہ نہ تھا اور سب سامان موجود تھا۔ دودھ پیتا تھا۔ چوکا ہر وقت نہ تھا بول بھی بند ہو گیا تھا۔ خدا کو یہ منظور تھا کہ مقصد ڈاکٹر صاحب بنا دین۔ ہمارے ڈاکٹر صاحب نے راستہ برانکا بنا دیا۔ اب وہ پلتا ہے اور جیتا ہے (ناظر سکاؤٹ کمپنی ڈسٹرکٹ ہسپتال بہاولپور گڑھ)

انبالہ چھاؤنی:۔ یہان ۲۴ جنوری کو ایک خدمتگار عظیم الدین کا گھر مین ایک عجیب الخلقت لڑکا پیدا ہوا جسکے کا نشان عمدہ بایان ناتھ لنگا۔ عضو تناسل مین جگہ ایک پیچھے چوتڑون کے اور ایک بیٹھے ہین پیشاب کی جگہ بغیر فوطون کے۔ لڑکا کا نپسند زندہ ہے (انبالہ چھاؤنی مین رہ اور دیکھی چکلون مین رنڈیون کی کمی تو پہلے ہی نہ تھی مگر اب تو اندھیر آگیا ہے؟

اشتہارات

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر بتجویز منشی امام الدین صاحب منصف دائرہ ۱۱ فروری ۱۹۳۶ء

نہان لالہ ہوذات باشندہ	بنام	بوراولد لگھی ذات باشندہ
موضع لاہو تحصیل امرتسر مدعی		تحصیل و تھانہ منصل نیز مقدمہ علیہ

دعوےٰ ۵۰۰ روپیہ

بمقدمہ مندرجہ بالا بیان حلفی مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ خبر نالش کی پاکہ دانستہ چھپا رہتا ہے اسلیئے یہہ اشتہار برمد آگاہی واطلاع مدعا علیہ صرح اخبار ہوتا ہے کہ مدعا علیہ حاضر بتاریخ ۱۸ فروری ۱۹۳۶ء کو بوقت پیروی مقدمہ کرے بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی۔

اشتہار عدالت دیوانی باجلاس مسٹر ڈبلیو ایس سوفٹ صاحب بہادر منصف پرگنہ ترنتارن مؤرخہ ۱۸ فروری ۱۹۳۶ء

منیت رائے ولد رلیا رام ذات کہتری	بنام	بوتا ولد ساہیا مل ذات گوندرا
سکنہ پنڈوری گلہ پرگنہ ترنتارن مدعی		سکنہ مذکور مدعا علیہ

دعوےٰ ۱۰۰ روپیہ بوجہ ۶ فیصدی سود

مقدمہ مندرجہ بالا مین حلفی بیان مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ خبر نالش سنکر پوشش ہو گیا اور تعمیل سمن کی نہین ہونے دیتا لہذا یہہ اشتہار برمد آگاہی مدعا علیہ کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ ۲۷ فروری ۱۹۳۶ء کو حاضر ہو کر پیروی مقدمہ مذا مین کرے بصورت عدم حاضری مدعا علیہ کے کارروائی یکطرفہ عمل مین آوے گی نقط آج ۱۸ فروری ۱۹۳۶ء کو بمثبت دستخط ہمارے اور مہر عدالت ہذا کے جاری کیا گیا۔

نہایت اختصار کے ساتھ بیان کرتا ہے کہ بہت جگہ سرشماری تھن کے اس نسخہ کا استعمال کیا گیا۔ حقیقت میں گھوڑوں کے حق میں بہت مفید ثابت ہوا۔

(۶) اسی اخبار کو معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا ہے کہ دلیعہد روس اور عنقریب "بیت المقدس" آنے والے ہیں۔ اور غالباً وہاں سلطان المعظم کے مہمان ہونگے۔

(۷) سلطان المعظم نے حکم صادر فرمایا تھا کہ تمام ممالک محروسہ میں کسقدر مسجدیں ہر مرمت طلب ہیں۔ حسب الامر ناظر اوقاف نے ایک نقشہ پیش کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت پندرہ سو تیس ایک ولایت خداوندکار میں اور دو خاص قسطنطنیہ میں اور پانچ ولایت بصرہ میں اور سات ولایت جبل لبنان میں قابل مرمت ہیں۔ ان مسجدوں کی درستی کے واسطے پانچ ہزار لیرہ عثمانی (۵۲۵۰۰) جیب خاص سے حضرت سلطان نے مرحمت فرمایا ہے۔

(۸) "عبداللہ ندیم" اس لائق شخص کے زیادہ حالات لکھنے کی ضرورت نہیں خیال کرتا ہوں۔ کیونکہ ہر شخص جس کو اخبارات دیکھنے کا کچھ بھی شوق ہے وہ ضرور اس سے واقف ہوگا۔ اس بے نصیب آدمی کے حالات عربی اور ترکی ہی اخبارات تک محدود نہیں رہی بلکہ ہندوستان کے بعض اردو اخبارات نے بھی کچھ نہ کچھ اسکے متعلق لکھا ہے۔ نہایت خوشی کے ساتھ ہمنے اس خبر کو "نور" کے مشہور اخبار "النیل" میں پڑھا کہ حضرت سلطان نے حسب ہدعا احمد مختار پاشا عبدہ ندیم افندی کو اپنے پاس قسطنطنیہ میں طلب کر لیا۔ اور بگفتہ "مطبوعات عربی" بھی مقرر کر دیا۔ یہ ایک عہدہ ہے جسکی نگرانی میں خاص قسطنطنیہ کے عربی مطابع رہتے ہیں۔ عبداللہ ندیم وہی شخص ہے جسکی اڈیٹری سے "اوستاد" نامی ایک عربی اخبار مصر سے شائع ہوتا تھا۔ یہ شخص اول ہی سے انگریزی حکومت کا مصر میں اول درجہ کا مخالف تھا۔ چونکہ خدیو اسکا حامی تھا مدت تک لارڈ کرامر کو بر اموقع نہ ملا۔ اب اخیر میں بہت کچھ فکر اور تدابیر کے بعد خدیو کو اسکے تسفیر پر راضی کیا۔ اول بھی رائے تھی کہ اسکو ہندوستان بھیج دیا جاوے مگر اس خصوص الہیلان شخص کا ہندوستان میں آنا بھی گورنمنٹ انگریزی نے اپنے حق میں خلاف مصلحت سمجھا۔ زندہ درگور کرنے کے واسطے یہ بہت ہی انسب معلوم ہوا کہ اسکو سواکن بھیج دیا جاوے۔ جہاں بغیر علاج تدابیر کے خود ہی بہت جلد مر جاویگا۔ مگر اللہ کو ابھی اس سے کچھ اور کام لینا تھا۔ سلطان کو اسکی طرف پوری طرح متوجہ کر دیا۔ نظر سراسر عاصی از مکہ معظمہ (حجاز) ۲۰ رجب ۱۳۱۷ھ

گوجرانوالہ کی گورنری کا نتیجہ

جناب بندہ! افسوس کہ ایک خبر شہر کو عالم ہو جاوے اور آپ خاموش رہیں اور کہیں بھی تو مہمل۔ خیر اب تلافی مافات کیجئے گا۔ ہمارے شہر کے لارڈ چند لعل صاحب جو اپنے تئیں گورنر آف اودی سیتی سمجھا کرتے تھے اور مشن سکول کے سکنڈ ماسٹر اور سیاسی عہدہ کی بدولت ممبری میونسپل کمیٹی اور سیکرٹری شپ وغیرہ بھی۔ اب مشن سکول کے ایک شریف لڑکے پر الزام لگا کر اسکو سکول سے نکلوا دیا۔ اور ہیڈ ماسٹر صاحب کو نوٹس دیدیا ہے کہ جب تک تم عدالت میں اپیل نہ کرو گے اپنے الزام لگائے ہوئے لڑکے کو سزا نہ دلوا دیا نہ

چال چلن پبلک کی نظروں میں صاف اور شفاف ثابت کر کے نہ دکھلاؤ تو ہم بحال نہ کرینگے۔ اسکے بعد انکو یہ بھی نوٹس دیا گیا ہے کہ اگر ایک ہفتہ تک تم کوئی عملی کارروائی اپنی بریت کی نہ کرو گے تو اپنے آپ کو موقوف سمجھو سنا جاتا ہے کہ وہ کل الشر ازالہ حیثیت عرفی کی اپنے ملزموں پر کرینگے اور اسکے نتیجہ پر انکی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ مگر جہاں تک دیکھا جاتا ہے انکے رعونت نے پادریوں کو ایسا قائل اور ضدی کر رکھا ہے کہ وہ ماسٹر چند و لعل کے نام سے بیزار ہو گئے ہیں۔ اس صورت میں ممکن ہے کہ اول تو وہ مقدمہ میں بھی کامیاب نہ ہوں اور اگر ہو جاویں تو پادری انکو ہرگز نہیں رکھیں گے۔ انکی جابرانہ کارروائیوں نے جو وہ کمیٹی میں بمقابلہ عوام کے کرتے ہے لوگوں کے دلوں کو ناراض کر رکھا تھا اوپر کی سطح ہموار نظر آتی تھی مگر نہ میں لوگوں کا کینہ جوش زن ہو رہا تھا جو وقتاً موقعہ پا کر جوالا کھی کیطرح نکل آیا اور انکی گورنری کو تہ و بالا کر ڈالا۔ بڑی خوشی کی بات ہے کہ انکے مدعی عیسائی اور ہندو صاحبان ہیں اب دیکھیے مقدمہ کا کیا نتیجہ ہو۔ انکے مخالف جتھوں میں کوئی مسلمان شریک نہیں ہے۔

اب دو صورتیں ماسٹر صاحب کیلئے کھلی ہیں۔ اول یہ کہ وہ بذریعہ عدالت اپنا کیریکٹر صاف کرنے میں کامیاب ہو جاویں تو ممکن ہے کہ پادری انہیں انکی اسامی دیدیں۔ لیکن اگر وہ نالش ہی نہ کریں اور اگر کریں تو کامیاب نہوں اور اگر کامیاب بھی ہو جاویں تو پادری انہیں انکی اسامی نہ دیویں تو کیا یہ سوال پیدا نہ ہوگا کہ جبکہ وہ اپنے سکول کے عہدہ کے رسوخ سے میونسپلٹی کے ممبر ہوئے تھے تو اس صورت میں وہ ممبر رہینگے یا نہیں۔ اگر مقدمہ ہوا تو میں آپکو کیفیت سے اطلاع دونگا۔ یہاں کے لوگوں میں ہر دم اسی مقدمہ کا چرچا سنا جاتا ہے۔ راقم ایک گوجرانوالیہ ؛

پٹواریان ضلع امرتسر کی فریاد

جناب ایڈیٹر صاحب۔ صاحبڈپٹی کمشنر بہادر ضلع امرتسر آپنے ایک پروانہ مجریہ شروع فروری ۱۹۰۰ء میں تحریر فرماتے ہیں کہ پٹواریان ذرہ حقیقت نمبردار ان بابت ناداری نیتے وقت جو قیمت مقرر کرتے ہیں اکثر مقابلہ میں کم و بیش پائی جاتی ہے۔ پٹواری کوئی لائق اور ہوشیار نہیں ہوتے بلکہ بشر براہ پلاک ہوتے ہیں قیمت اراضی کم و بیش تجویز کرتے ہیں۔ گرد آور قانونگویان فرومرتبہ پٹواری کی پڑتال و تسلی کر کے رپورٹ کیا کریں وغیرہ وغیرہ ؛

تعجب کی بات ہے کہ ان بیچارے غریبوں پر یہ الزام بے بنیاد کیوں لگایا گیا ہے۔ قیمت جو پٹواریان مقرر کرتے ہیں تخمیناً ہوا کرتی ہے سو تخمینی اندازہ بمنزلہ صحیح قیمت کے کیسا ہو سکتا ہے گو قریب قریب صحیح کے ہوتا ہے۔ سو ایسا ہی پٹواری لوگ کرتے ہیں۔ البتہ یہ بات ہے کہ ہر ایک گاؤں میں مختلف منافع پر جو واقعات جدید و فروخت اراضیات کے ہوتے ہیں جب ضرورت بایعان قیمت کم و بیش لے لیتے ہیں۔ گویا نظر ہی مختلف پیدا ہو جاتے ہیں۔ تو پٹواریان بھی اگر تخمینی امور کی تقلیب کے مطابق عمل کریں تو کیا یہ انکی عدم لیاقت اور چالاکی پر دلالت کرتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ یہ مطلق غلط فہمی ہے بڑے افسوس کی بات ہے کہ صاحبڈپٹی کمشنر بہادر جیسے وجود ذی عقلمند۔ مدبر عالی حوصلہ صاحب ہوش بخیر بہ کار اور ماہر قانون ہونے کے ایسے انصاف نا شائستہ اور ناگفتہ بہ بلا سوچے سمجھے اپنی زبان گوہر فشان سے نکال دیئے۔ تقریباً نو دس سال کا عرصہ ہوگا کہ اس ضلع کے کل پٹواری پرانی تعلیم کے۔ نا سند یافتہ۔ معمولی لیاقت کے آدمی شد بود نوشت و خواند ملے ماہر۔ سرسری قانون کے واقف پرانے فیشن کے کارکن ہوا کرتے تھے۔ اب نئے بندوبست میں سب کے اضنام کو ابھی کوئی پانچ مہینے ہوئے ہونگے۔ اس قسم کے پٹواریان کو عموماً بسکدوش کیا گیا ہے۔ بجائے انکے لائق اشخاص پٹواری مقرر کیئے گئے ہیں جو صاحب تہم بندوبست بہادر جاہی گرانٹ کی زینہ نگرانی ہوتے رہے۔ تخمینہ کے طور پر اس ضلع کی ہر سہ تحصیل امرتسر۔ اجنالہ۔ ترنتارن کے پٹواریان کی تعداد غالباً تین سو ہوگی جنمیں کہ از کم پچاس ساٹھ کے قریب انٹرنس پاس کردہ و انٹرنس تک تعلیم یافتہ ہیں۔ قریباً ڈیڑھ سو کے جوانگریزی فارسی مڈل پاس کردہ ہیں۔ اور قریب چالیس پچاس کے ایسے ہیں جنکی تعلیم مڈل تک ہے۔ صرف دس بیس یا کچھ زیادہ سابقہ کے ہونگے جنکی تعلیم اس سے بھی کم ہو یا ایسی ہو۔ اب غور کے قابل ہے کہ پٹواریان موجودہ بہ نسبت سابق کس قدر لائق ہیں۔ باوجود اسکے نالائق کا خطاب دینا انصاف کا خون کرنا نہیں تو اور کیا ہے۔ نہیں معلوم صاحب موصوف کی رائے میں اس جلیل القدر عہدہ کے لیئے کسقدر لیاقت والے اشخاص درکار ہیں۔ شاید ایم اے بی ایل کے ڈگری یافتہ مطلوب ہونگے اور کیوں نہ ہو آٹھ آنہ دس روپیہ تنخواہ ماہوار ملتی ہے کوئی ہتوڑی نہیں ہے کہ ڈگری یافتہ نامنظور کرینگے بڑے افسوس کی بات ہے کہ بجائے اسکے کہ ان بیچاروں کو بندوبست کی جانفشانی کے صلہ میں کچھ انعام عطیہ ملتا۔ نالائقی اور شرارت کا تمغہ دیا گیا ہے۔ واہ صاحب اچھی کی۔ مانا کہ وہ بیچارے بردبار ہی سہی۔ آپکو بھی اتنا تو خیال کرنا چاہیئے کہ آگے پڑے کو شیر بھی نہیں کہا تا۔ ایسی نامہربانی ٹھیک نہیں ہوتی۔ برسر سلان ۱۴ باشد و بس۔ ۱۵ فروری ۱۹۰۰ء الراقم ہم بہرے ہتھے ہے کیون آپنے چھیڑا اکھلو۔ از اجنالہ ؛

مائی ڈیر اڈیٹر صاحب پیسہ اخبار۔ ۱۶ فروری کو ماسٹر چند لعل کے مشہور مقدمہ کی نالش عدالت صاحبڈپٹی کمشنر بہادر میں دائر ہو گئی ہے۔ استغاثہ یہ ہے کہ پادری جیمون مل نے مجھ جھوٹا الزام اغلام کا لگایا ہے۔ بیان ماسٹر چند و لعل کا حلفی سطح ہوا ہے کہ ایک دفعہ پادری جیمون مل نے مجھے ہندوؤں کی عورات کو تالاب پر ننگی نہانے کی بابت ملامت کی ہے اور یہ نے اسکو اسکی بیوی کے چلن کی شکایت کی ہے وجہ عداوت یہ بتلائی ہے۔ ماسٹر چند و لعل صاحب ۱۶ تاریخ سے ملازمت سے علیحدہ ہو گئے ہیں۔ شہادت کے لیئے پادری مسکی صاحب اور ہر دو مشنریان یورپین گوجرانوالہ طلب کیئے گئے ہیں تعجب یہ ہے کہ بیچارہ ماسٹر متہم اور اس بھی اس پیچ میں آگیا ہے اور اسکی ہی عطلی اور صفائی کا نوٹس ملا ہے۔ گوجرانوالہ میں اسمقدمہ سے سنسنیٹ پھیلا

کی خوبی کا کیا اندازہ کر سکتی ہے جسکو ہندوستان کی زمین پر قدم رکھے اب تیسرا مہینہ گذرتا ہے وہ ہندوستان کی تہذیب کا مغرب سے کیا مقابلہ کر سکتی ہے۔ اور آج جبکہ مغربی علوم کی روشنی اور انگریزی شائستگی کی بدولت خود اہل ہند سے ایک جم غفیر بت پرستی سے متنفر ہوتا جاتا ہے۔ ہندوؤں کے بڑے بڑے منصف مزاج فاضل و دوان تسلیم کرتے ہیں کہ گو ہندوستان میں بڑی شائستگی اور علوم کی ترقی رہ چکی ہے مگر آجکل کی یورپ نے اسپر بہت اضافہ کر لیا ہے۔ تو پھر مسز بیسنٹ کی طوطی کو کون شش سکتا ہے۔ یہ کیا مسز بیسنٹ پاہتی ہیں کہ بیچارے ہندوؤں کو پھر برہمنی زمانہ کی توہمات اور جہالت کی طرف الٹا لیجاویں۔ ہمارے پاس ایک اردو پمفلٹ مراد آباد سے "دیبی" نام کسی صاحب کا لکھا ہوا پہونچا ہے جو بمبئی ایک مطبع چتھی کے مسز بیسنٹ صاحبہ کی خدمت میں بھیجا گیا ہے۔ اسکا لکھنے والا بڑا آجر بہ کار اور ہندوؤں کا دلی خیر خواہ معلوم ہوتا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ میم صاحبہ خدا کے واسطے اس غریب ملک کو نہ ستایئے جہاں کے فاقہ کش باشندوں کی سالانہ آمدنی بقول انکے بمبئی سرکار کے بیان کے صرف ۳۰ روپیہ فی کس سے زیادہ نہیں اس پمفلٹ کا لکھنے والا نہایت عقلمندی سے لکھتا ہے کہ ہندو لوگ آج بھی جو اپنی ناعاقبت اندیشی کے برہمنوں کو اتنا کچھ دیتے ہیں جسکا گوشمنٹ ہند کے کل محاصل سے بڑھ جاتا ہوگا۔ اور برہمنوں کی تعویذ بھبوت ہی ہندوؤں کا سیاناس کر دیا ہے اب پھر یہ میم صاحبہ ہندوؤں کو اور اسی قسم کا جگڑا بند کرنے آئی ہیں۔ غرض ملک کے دلی دوست اور عاقبت اندیش لوگ مسز بیسنٹ صاحبہ کی شورہ پشت باتوں کی کچھ پروا نہیں کرتے۔ اس پمفلٹ سے بطور نمونہ ہم ایک پیرا گراف نقل کرتے ہیں:۔

"یہ باتیں بالکل سچ ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو کیوں ایک غیر جنس عورت سے آنکھوں میں دھول ڈلواتے۔ اور کون کہتا ہے کہ ہاشندگان ہند خدا پرست۔ رحیم۔ کریم۔ صابر۔ سچے مسکین ہوتے تو مسز بیسنٹ صاحبہ آجکے روز مذاق اور دل لگی کرنے یہاں نہ آتیں۔ سال گذشتہ میں آپ دینی سڑک پر داخل ہوئیں اور چاہیے آپکو ہستی خدا۔ دوسیل پر معمولی ہی یقین نہ ہوا ہو مگر امسال آپ ملک ہندوستان شہر بدر اس بیچ ہندوؤں میں جہاں کا بچہ بچہ ہستی خدا۔ روح۔ اوگون اور عمل نجات سے واقف ہو کر کمال عقیدہ سے عمل کار بند ہے وہاں لیڈی صاحبہ گھڑی ہوئی مسئلہ اوگون پر لکچر دے رہی ہیں اور ہندوستان میں شور ہو رہا ہے کہ مسز صاحبہ نے ایسا چال چلن (صلواتیاں) نہیں اختیار کیا تو کیوں نہیں ہمت کرتیں کہ اپنے محلہ اور کرسچن برادران کو کہ جو مسز صاحبہ سے قریب ہیں اس مسئلہ پر جمع کرتیں تاکہ یہ دونوں جو آگاہ کہیرہ کرتے ہیں اسلئے چین اور دائمی زندگی حاصل کریں اور مسز صاحبہ کو بھی اپنی محنت کا نتیجہ اسی دنیا میں حاصل ہو اور ہر ہندو میں امسال کیسی گرما گرمی تھی کہ مسز صاحبہ دیکھ اور سنکر جائیں گی پتہ کو نہ رہے۔"

ناظرین خیال رکھیں کہ مسز بیسنٹ جو کہ عمر بھر دھرم ہی کرتی رہی ہیں اور گرگٹ کیطرح رنگ بدل چکی ہیں ہندوستانیوں کی روحانی بہتری کرنے آئی ہیں۔ اور جنہوں نے عمر بھر شہر شہر کی نافرمانی کی ہے اور انکے گرو میڈم بلیوٹسکی نے بھی ساری عمر اپنے دونوں شوہروں کو چھوڑ دیا تھا اب وہ ہندوستان کے شوہر پرست و فادار بیبیوں کو ادب سکھلانے اور مکتب دینے آتی ہیں۔ لہذا ایسی استانی کے تر یا چلتر سے پناہ میں رہیئے۔

یولا کا مذہبی ہنگامہ

[بحوالہ اخبار ٹائمز آف انڈیا]

ابھی ۱۹۲۴ء کی ابتدا ہی ہے کہ ایسے ایسے آثار نمایاں ہونے لگے جس سے امید ہے کہ یہ سال اپنے ماسبق ۱۹۲۳ء سے بھی مذہبی اختلافات میں سبقت لیجائیگا حال میں ۶ فروری کو جو خوفناک ہنگامہ یولا علاقہ بمبئی میں ہوا ہے وہ کچھ کم خطرناک نہیں ہے بمبئی کی آتش فساد ابھی اطمینان بخش طور پر فرو نہ ہونے پائی تھی کہ یولا میں ایک اور گل کھلایا یہ ایک چھوٹا سا مقام ناسک کے ضلع میں بمبئی کے قریب واقع ہے۔ کیفیت اس فساد کی یہ ہے کہ ۶ فروری کی صبح کو کسی بدمعاش نے ایک سور کے بچہ کا گلا کاٹکر وہ ہڑ پاک مسجد کے آگے حصہ میں اور منبر کے سر پر رکھدیا۔ یہ کوئی خفیف امر نہ تھا کہ جسپر کوئی مسلمان خواہ کیسا ہی مردہ دل ہو تاموش میں نہ آجاتا مگر بیچارے مسلمان حسب دستور رہے یہاں بھی بہت ہی غریب جاہل اور شمار میں بہت ہی کم ہیں۔ تاہم اس قدر جوش کی آگ مشتعل ہوگئی اور یہ آگ اور بھی زیادہ بھڑک اٹھی جب خبر پہونچی کہ کسی ہندو نے بیچ رچ ایک مسجد کو آگ لگا دی۔ اسیر مسلمانوں نے ایک مندر میں گائے ذبح کی جسکے جواب میں عام طور پر ہندوؤں نے حملہ کیا۔ مسلمانوں کی چار مسجدیں اور کوئی ۲۵ مکان جلا کر راکھ کر دیئے۔ اور سوائے ایک مندر کے ہندوؤں کا کوئی مکان نہیں جلا۔ فساد ۳ گھنٹہ تک رہا۔ پولیس نے آخر گولیاں چلائیں۔ فوج احمد نگر سے آگئی چنانچہ تین مسلمان گولیوں سے مرے اور صرف ایک ہندو لاٹھیوں سے مرا۔ اور مال بھی سب مسلمانوں کا چوری گیا۔ اسقدر حالات ہمنے ٹائمز آف انڈیا اور دیگر اخبارات کے حوالے سے لکھے ہیں اور مزید حالات معلوم کرنیکے بعد اپنی رائے لکھیں گے۔

لاہور کے جس شبہ خون کے واقعہ کی نسبت پچھلے ہفتہ میں لکھا گیا ہے اخبارات ٹریبیون اور اخبار عام نے اس جوش کی مفصل کیفیت لکھی ہے کہ جو اس واردات کی نسبت شہر میں پھیلا ہوا تھا اور ابتدائی تحقیقات کا خلاصہ بھی درج کیا ہے۔ اس وقت سقدر زیر تحقیقات ہے۔ گو افواہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی رائے کے مطابق لاش کے زخم کسی فساد خون کی بیماری کی وجہ سے تھے۔ جبتک فیصلہ ہو کوئی رائے نہیں دیجا سکتی۔

پنجاب میں عنقریب سالانہ ایجوکیشنل کانفرنس بابت ۱۹۲۴ء ہونیوالی ہے ہمارے پاس بعض مدرس اور ہیڈ ماسٹر صاحبان نے کچھ امور کانفرنس کی توجہ کے لئے بھیجے ہیں۔ آئندہ تین چار ہفتوں کے اندر اندر جس قدر امور کانفرنس کی توجہ کے لئے ہمارے پاس پہونچیں گے ہم کانفرنس کو انپر متوجہ کرنیکی کوشش کرینگے۔ غرض معقول مدلل اور مناسب ہوں۔

مراسلات

عربی اور ترکی اخبارات کا انتخاب

[ہمارے خاص نامہ نگار مقیم مصر سے]

کرمی ایڈیٹر صاحب پیسہ اخبار۔ تسلیم۔ میں عربی اور ترکی اخبارات سے چند خبریں لیکر روانہ کرتا ہوں۔ غالباً ناظرین کی دلچسپی سے خالی نہ ہوں گی۔

(۱) سرکاری خبروں سے معلوم ہوا کہ اس وقت ولایت طربزون اور ارزروم میں سخت قحط پڑا ہوا ہے۔ دھنکے باشندوں نے حضرت سلطان المعظم کی پیشگاہ میں اپنی اور واجب الرحم حالت کا اظہار کیا ہے۔ جزاپسپر میں بیچ نے حکم صادر فرمایا ہے کہ تین ہزار بار بسو من غلہ وہاں کے فقراء کے واسطے بہت جلد روانہ کر دیا جائے۔

(از فرات)

(۲) ابھی چند روز نہ ہوئے ایک انگریزی تجارتی آگبوٹ کی نسبت جسکا نام "اوذکار" (ممکن ہے کہ آگبوٹ کا اصلی نام عرب ہو) نیے بدل گیا ہو۔ نامہ نگار اظہار کیا گیا ہے بحری پولیس کو کچھ شبہ ہوا۔ فوراً باقاعدہ تفتیش کیگئی۔ آگبوٹ مذکور میں پوشیدہ بہت سا سامان جنگ پایا گیا۔ جب قانون تمام اسلحہ ضبط کر لیئے گئے۔ چند صندوق مائیلنی بندوقوں اور سامان سے بھرے ہوئے ملے۔ علاوہ اسکے تین توپیں تھیں جو لی گئیں۔ کپتان مع آگبوٹ اور ملازمین کے اس وقت بندرگاہ قسطنطنیہ پر زیر حراست ہیں۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ یہ سامان کسی خاص جگہ پہونچانا منظور تھا۔ (از صباح)

(۳) ۱۸۵۱ء میں جو معاہدہ روس اور سلطنت ایران میں ہوا تھا اب اسکے خلاف روس نے شاہ ایران کو مجبور کرنا چاہا۔ ایران شاہ ایران طوعاً و کرہاً راضی ہوگئے۔ روس نے "فیروزہ" سمیت تمام سرحد ایران سے اپنے قبضہ میں کر لیا اور اسکے بدلے عباس آباد جس شرط پر دیدیا کہ سلطنت ایران اپنی استحکامات وہاں کی بنا سکے گی۔ اور فوج بھی مقدار معین سے زیادہ نہ رکھنی ہوگی۔

(۴) جرمن کا وہ گروہ جو ملکی معاملات سے بیچین رکھتا ہے بسمارک کے استعفا کرنے کا جرمن کے معاملات داخلیہ و خارجیہ کی نسبت جو انکے پاس عمدہ معلومات اور زیادہ دخت ہے ذکر کرین۔ خاصکر روس اور فرانس کے معاملات میں جو پرنس بسمارک نے ۱۸۷۵ء میں کارروائی کی تھی۔ پرنس مذکور نے ان کاغذات کے شائع کرنے سے صاف انکار کر دیا ہے۔ اور ایک موقع پر بیان کیا ہے کہ میں ان کاغذات کو لندن نہیں چھوڑ آیا ہوں کسی طرح ظاہر نہیں کر سکتا۔

(۵) بیروت کا ملکی اخبار لکھتا ہے کہ مسٹر مارٹن نے ایک نہایت ضعیف اور ناتوان گھوڑا نیلام میں ساٹھ فرنگ (قریب بتیس ۳۲ روپیہ) کو خریدا اور بہت ہوڑی مدت کے بعد گھوڑے کو ایک ہزار دو سو پچاس فرنگ کو فروخت کیا۔ مسٹر مارٹن بیروت (شام) میں ایک مشہور سلوتری ہیں وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے اس گھوڑے کو قہوہ (کافی) شہد کے ساتھ چند ہفتہ پلایا جسکے خرابیاں نہیں وہ سب جاتی رہیں اور ایک نہایت عمدہ گھوڑا ہو گیا۔ (از مصباح)

(۶) [illegible]

پیار بھی کرتے ہین - وہ خود شروع مین میڈم صاحبہ کے بڑے معتقد تھے - میڈم صاحبہ انکے مکان مین ٹھہری رہین - میڈم صاحبہ کے نام کوٹ ہومی جہاز کی چٹھیان آنے لگین - لیکن آخیر کو ہوم صاحب کو معلوم ہوا کہ یہ سب جعلسازی تھی - مس کو ہوم ایک عورت

(میڈم بلیوسٹسکی)

ہے جو میڈم صاحبہ کے ہمراہ رہتی تھی اور بقول بعض کے انکی پردہ اور رازدار تھی اس نے میڈم صاحبہ کی کارستانیون کے تمام بھید کھول دیے اور بتلا دیا کہ کس طرح آتی ہین چور دروازون سے شعبدہ بازی مین کام لیا جاتا تھا اور دو تین اور اشخاص کے ساتھ ملکر اس تمام کیفیت کی رپورٹ چھاپدی اور میڈم صاحبہ کو چیلنج دیا کہ اگر یہ سچ نہین ہے تو عدالت مین جاکر اپنا کیریکٹر صاف کرو - چنانچہ اس زمانہ مین مشہور ہوا تھا کہ میڈم بلیوسٹسکی جو انگلستان مین ہین ہندوستان مین نالش کرنے کے لیے آتی ہین مگر وہ نہ آئین اور وہ الزام بدستور آجتک قائم رہا اور وہ خود تھوڑا عرصہ بعد گذر گئین +

مرحومہ پہلے پہل انہون نے مسز اینی بیسنٹ کو شاگرد بنایا تھا - مسز اینی بیسنٹ انگلستان کی نہایت فاضل شخصون سے ایک عورت ہین - انکی عمر اسوقت ۶۴ سال کی ہے - بچپن مین یتیم ہوگئین اور ایک مخیر طبع فیاض مسیحی عورت نے انھین تعلیم دی - انہون نے موجہ علوم اور زبانین خوب شوق سے پڑہین اور بیس سال کی عمر مین ایک پادری بیسنٹ نامی سے شادی کی - انکی مان رومن کیتھالک باپ برائے نام عیسائی تھے - انکو کچھ مدت بعد عیسائی مذہب پر شکوک پیدا ہونے شروع ہوئے - شوہر نے کہا یا تو عیسائی بنکر رہو ورنہ مجھسے علیحدہ ہو جاؤ - انہون نے ضمیر کا خون نہ کیا اور شوہر سے علیحدہ ہوگئین - تھوڑا سا طریق شوہر کے ملتا تھا اور کچھ تصنیف کرکے گذارہ کرنے لگین - اس زمانہ مین صرف انھین خدا کی ہستی پر یقین تھا ورنہ کسی مذہب کی معتقد نہ تھین -

اسی اثنا مین مسٹر بریڈلا مرحوم نے جو انگلستان مین مشہور دہریہ اور منکر خدا گذرے ہین بڑی مشکلون سے اپنی دنیاوی حالت درست کرکے "نیشنل ریفارمر" کے نام سے ایک اخبار نکالنا شروع کیا تھا جسمین دنیا کو خدا کی ہستی کا انکار کرنے اور دہریہ بن جانے کی ترغیب دیجاتی تھی - مسز اینی بیسنٹ نے بریڈلا کا لکچر سنا اور اسکے حالات بھی سنے - مسٹر بریڈلا نے انھین ہوشیار اور کام کا آدمی سمجھکر ہوٹر کام کرنے کو دیدیا اور بتدریج اپنے اخبار کی ایڈیٹری مین شامل کر لیا - یہانتک کہ مسز اینی بیسنٹ مسٹر بریڈلا کا دایان ہاتھ بنگئین اور آزاد خیالی الحاد اور دہریہ پن مین مسٹر بریڈلا سے بھی دو قدم آگے بڑہ گئین - اور اسکے مضامین پر کئی تصنیفات مشتہر کین -

اپنے خدا کی ہستی سے منکر ہونے کی کیفیت مسز بیسنٹ اسطرح بتلاتے ہین کہ میرے دو بچے تھے - انمین سے ایک جو صرف چھ ماہ کا تھا بیمار ہوگیا اور کئی دن تھا تک درد کی تکلیف مین مبتلا رہا - اسکا درد دیکھکر کئی دفعہ کہنا پڑا کہ خدایا تو ایسے کیون تکلیف دیتا ہے - تون ہے کیون جلدی نہین مارڈالتا کہ عذاب سے بچے - اور اسی سے خیال ہوا کہ اگر کوئی خدا ہوتا تو کیون بیگناہ بچون کو تکلیف دیتا - اور نتیجہ نکالا کہ خدا صرف لوگون نے ایک ڈھکوسلا بنایا ہوا ہے - ورنہ جو کچھ ہے انسان ہے اور یہ دنیا ہے - اور اسطرح مسٹر بریڈلا کے ہمخیال ہوگئین - مسز اینی بیسنٹ آج دنیا کے مشہور لکچرر بولنے اور سوچنے والون مین شمار ہوتی ہین اور بڑی عقلمند عورت ہین لیکن انھین اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ ہے - اور ایسا ہی میڈم بلیوسٹسکی نے شروع مین انھین لکھا تھا - اب دیکھیے وہ عقل کس کام آئی کہ خدا کی ہستی سے منکر ہو بیٹھین -

یہانتک تو تعجب نہین تھا کہ مسز بیسنٹ کی عجوبہ طبیعت

(مسز اینی بیسنٹ)

نے ایک نیا بہروپ اختیار کیا اور میڈم بلیوسٹسکی کی تحریک سے انھین لوگون مین کہ جب اُنپر بڑے بڑے الزام لگائے گئے تھے اور وہ اپنے بریت نہین حاصل کر سکی تھین اُنہون نے انکی شاگردی قبول کی - اور ایک بالکل عیسائی اعتقاد نہایت کیا کہ جسمین انکے پہلے اعتقاد سے بلا مبالغہ بعد المشرقین واقع تھا - اب مسز بیسنٹ جو خدا تک کی قایل نہ تھین مذہب کا تو ذکر ہی کیا ہے اور صرف عقل کے دلایل پر چلتی تھین دفعتاً تمام مخفی اور پُر اسرار شعبدات کی قایل ہوگئین - مہاتماؤن تک سے انکی مخفی خطوکتابت شروع ہوگئی اور تمام بعید از قیاس باتین ماننے لگین - سپر چوالزم یعنے مردہ روحون سے گفتگو کرسکنے کی بھی معتقد ہوگئین +

حال مین انہین خیال پیدا ہوا کہ تہیا سوفی اور ایسے ہودے اعتقادات کے یورپ اور امریکہ کے آزاد خیال لوگون مین کاتہ ابھار ہوگیا، اور کتنے ون تھائت درد ناک تکلیف مین مبتلا رہا جسکا درد دیکھکر کئی دفعہ کہنا پڑا کہ خدایا تو ایسے کیون تکلیف دیتا ہے - تون ہے کیون جلدی نہین مارڈالتا کہ عذاب سے بچے - اور اسی سے خیال ہوا کہ اگر کوئی خدا ہوتا تو کیون بیگناہ بچون کو تکلیف دیتا - اور نتیجہ نکالا کہ خدا صرف لوگون نے ایک ڈھکوسلا بنایا ہوا ہے - ورنہ جو کچھ ہے انسان ہے اور یہ دنیا ہے - اور اسطرح مسٹر بریڈلا کے ہمخیال ہوگئین - مسز اینی بیسنٹ آج دنیا کے مشہور لکچرر بولنے اور سوچنے والون مین شمار ہوتی ہین اور بڑی عقلمند عورت ہین لیکن انھین اپنی عقل پر بڑا گھمنڈ ہے - اور ایسا ہی میڈم بلیوسٹسکی نے شروع مین انھین لکھا تھا - اب دیکھیے وہ عقل کس کام آئی کہ خدا کی ہستی سے منکر ہو بیٹھین -

یہانتک تو تعجب نہین تھا کہ مسز بیسنٹ کی عجوبہ طبیعت نے ایک نیا بہروپ اختیار کیا اور میڈم بلیوسٹسکی کی تحریک سے انھین لوگون مین کہ جب اُنپر بڑے بڑے الزام لگائے گئے تھے اور وہ اپنے بریت نہین حاصل کر سکی تھین اُنہون نے انکی شاگردی قبول کی - اور ایک بالکل عیسائی اعتقاد نہایت کیا کہ جسمین انکے پہلے اعتقاد سے بلا مبالغہ بعد المشرقین واقع تھا - اب مسز بیسنٹ جو خدا تک کی قایل نہ تھین مذہب کا تو ذکر ہی کیا ہے اور صرف عقل کے دلایل پر چلتی تھین دفعتاً تمام مخفی اور پُر اسرار شعبدات کی قایل ہوگئین - مہاتماؤن تک سے انکی مخفی خطوکتابت شروع ہوگئی اور تمام بعید از قیاس باتین ماننے لگین - سپر چوالزم یعنے مردہ روحون سے گفتگو کرسکنے کی بھی معتقد ہوگئین +

حال مین انہین خیال پیدا ہوا کہ تہیا سوفی اور ایسے ہودے اعتقادات کے یورپ اور امریکہ کے آزاد خیال لوگون مین آداں نہین گل سکتی ہندوستان کے لوگ بڑے سیدھے سادے خدا پرست اور عامل ہین دھان دھاؤ کرنا چاہیے چلکے اب آپ ہندوستان کا دورہ کر رہی ہین اور مختلف مقامات پر

(مسٹر بریڈلا)

لکچر دیتی ہوئی کل ہمارے شہر لاہور مین تشریف لاتے ہین میڈم بلیوسٹسکی کو وہ مذہب رکھتی نہین اور کرنل الکاٹ بھی ایسا لیکن مسز بیسنٹ عاطفہ کو سوجھا کہ یہ کیا بیہودہ ہے - ہندوستان مین زیادہ ہندو آباد ہین کیون نہ ہندو مذہب اختیار کیا جاوے - چنانچہ ماشاء اللہ اب آپ پوری ہندو بنی ہوئی ہین اور اپنے ہندو بھائیون کی راہنمائی کے لیے آئی ہین اور ہندوؤن مین بھی وہ قدیم طرز کی سناتن دھرمی ہندو - کیونکہ آپ یہ سمجھ یا بوجھ سماج اور تعلیم یافتہ ہندو بت پرستی کو اچھا نہین سمجھتے - مگر مسز بیسنٹ صاحبہ ہندوؤن کی [illegible] کرتی ہین کہ "بت پرستی کو ہرگز نہ چھوڑنا" اسی [illegible] ہوگی اور تمہارا فلاک ترقی کریگا - انہون نے بنگلور مین اور لاہور مین یہانتک کہدیا ہے کہ مین پچھلے جنم مین ایک ہندو پنڈت تھا یہ جنم عاریتاً مغرب مین اس لیے لیا تھا کہ وہان کے دہریہ پن کی تہذیب معلوم کرون - اب مین پھر اپنے ملک مین آتی ہون - اور تم لوگون کو تاکید کرتی ہون کہ (۱) ہندوؤن کی ہیوسوفی تمام فلسفون سے بہتر ہے (۲) ہندو تمام قوموں سے دانشمند ہین (۳) ہندی سنسکرت تمام زبانون سے بہتر ہے (۴) مغربی تہذیب باوجود اسکے کہ قسمت کی علمی ایجادون کے ہندو تہذیب کے مقابلہ مین ہیچ ہے - اور وہ مغرب مین جو کچھ عمدہ چیز ہے سب ہندوستان سے گئی ہوئی ہے -

یہ دستور کی بات ہے کہ "خوشامد ہر کرا گفتی خوش آمد" مسز بیسنٹ نے خوش اعتقاد ہندوؤن کو خوشامد سے خوب پھانسا ہے اب چاروں طرف جہان دیکھا تی مین عام اور نا عاقبت اندیش لوگ انکی تعریف کرتے گاتے ہین - سر شیشادری آئر دیوان بیجوارہ نے مسز بیسنٹ کو "سوسستی کا اوتار اور ہماری ہین" خاطب دیدیا -

لیکن خوش نصیبی سے اب ایسے ہندو بھی پیدا ہوگئے ہین جو کچھ سمجھنے کا بھی مادہ رکھتے ہین - وہ خوب جانتے ہین کہ یہ ڈھونگ بیسنٹ کی رائے محض ناکارہ ہے - وہ عورت جو سنسکرت کا ایک لفظ نہین جانتی وہ سنسکرت کے علوم اور ویدانت کے

(لاہور و پنجاب)

——— پنجاب یونیورسٹی کے امتحانات آرٹس یوم مقررہ سے ایک روز بعد بوجہ تعطیل ہونی کے شروع ہونگے ؛

——— کل اور پرسوں انجمن حمایت اسلام لاہور کا سالانہ جلسہ ہوگا ؛

——— کل سے نئے کرد و تین روز مسز اینی بیسنٹ صاحبہ لاہور میں لکچر دینگی ؛

——— افسوس کی بات ہے کہ لالہ سالگرام ایک میڈیکل سٹوڈنٹ جو کل سپتال کے کالج کے سال چہارم میں تعلیم پاتا تھا۔ بیسترروز ہوئے کہ ایک مُردہ چیر رہا تھا۔ اس مُردے کو کوئی خون کی بیماری تھی۔ معائنہ کے ہاتھ میں خنجر سے زخم آگیا اور لاش کا زہریلا خون سرایت کر گیا۔ تیسرے روز زہر اس کے تمام بدن میں سرایت کر گئی اور آج ۱۹ فروری کو بیچارہ گزر گیا۔ سخت افسوسناک اور عبرت موت ہے ؛

——— مہاراجہ پٹیالہ نے قیام دہلی میں لارڈ ہارڈنگ وائسرائے ہند و دیگر امرائے ہند و شاعر دہلی کو ڈیڑھ لاکھ روپیہ اور میونسپل بورڈ سکول اور سٹارٹ اتھلیٹک کلبوں کو دو دو سو روپیہ انعام دیا ؛

——— ہمیرو کا انگلو سنسکرت ہائی سکول جو صرف ایک پرائمری سکول تھا بہت ترقی کر رہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ بقول ایک صاحب کے معاند تعلیم میں ہمیرو پنجاب کا خط بوتان ہے ؛

——— جھنگ سے پیر کوٹلہ ایجنسی بہادر کی خدمت میں دو ڈیپوٹیشن پیش ہوئے جن میں سے پہلا پنجاب ایسوسی ایشن کے قائمقاموں کی طرف سے تھا۔ یہ ڈیپوٹیشن جھنگ اور ٹوبھا میں بڑی بڑی جگہوں پر گیا۔ جھنگ کی طرف سے خلیفہ محمد حسین اور میر تفضل حسین۔ جھنگ سے لالہ کرشن داس اور ٹوبھا سے دیوان نتھو لال اور محمد منور علیخاں حاضر تھے۔ ہر ایک نے نجٹ لاٹ صاحب کی خدمت میں اپنی اپنی ریاست کی وفاداری اور سرکار ہند سے دوستی کا اظہار کیا۔ خلیفہ محمد حسین صاحب نے کہا میں خود لارڈ ایجنسی کے ۱۸۵۷ء کے دربار میں موجود تھا ؛

——— کھوڑ سے ایک صاحب ہمیں اطلاع دیتے ہیں کہ وہاں کے ڈاکٹر نرسنگھ داس صاحب پچھلے لاس ڈاکٹر ہیں۔ ان کی تبدیلی ہوگئی تھی مگر کھوڑ کے باشندوں نے کوشش کر کے ان کی تبدیلی رکوا دی ؛

——— انجمن کا شتہ اطفال دہلی نے ۱۹۰۰ء سمبر کو کیا تھا۔ حقیقت میں یہ انجمن چوکا شتہ اڈکوں کے سلف ہیپروومنٹ کے لئے بنی ہوئی ہے ویگر اقوام کے لڑکوں سے بھی تقلید کے قابل ہے۔ یہ انجمن کارروائی کی ماہوار رپورٹ چھاپتی ہے ؛

——— پنجاب کی سنہ ۹۲-۱۸۹۱ء کی رپورٹ محکمہ تعمیرات سے معلوم ہوا کہ اس اہل میں کل خرچ ۲۷۷۷۲۵۹۰ روپیہ ہوا جو کہ سنہ ۹۱-۱۸۹۰ء کی میزان سے ۱۹۰۹۹۸ روپیہ کم ہیں۔ یہ کمی نہر چناب پر خرچ کم ہونے سے ہوئی ہے ؛

——— چند یوم ہوئے کہ کشنر صاحب ضلع جھنگ میں تشریف لائے تھے ؛

——— اب تک نہر چناب پر ۱۰۰۰ (۱۴۱) ایکڑ زمین لوگوں کو آباد ہونے کے واسطے ملی ہے ؛

——— راجندر برتاب خالصہ سکول پٹیالہ جہاں مڈل کلاس تک تعلیم ہیگی ۱۰-اپریل کو کھلیگا ؛

——— ڈسٹرکٹ بورڈ نے ڈھوری میں بینی عورت بیٹے اور مٹی پر گولی چلائی تھی جو فی پور کے پاکھلنے تھیں ۲۰ روپیہ فی گھر انی رکھا جائیگا ؛

——— یہ خبر ہے کہ ایک سٹیٹ فنس لبریری خالصہ کلب قائم ہوا ہے ؛

——— نہر چناب کے کنارے ۱۰ میل شہر کے آباد کرنے کی تجویز ہوئی ہے۔ اس کا نام لائل پور رکھا جائیگا جو کہ تمام نو آبادی کا صدر مرکز ہوگا ؛

——— آئندہ ۱۵ اگست سے ضلع گجرات میں اراضی زیر کاشت پر ست پرتی چوتھائی ایکڑ پیاس سے کم پر ایک روپیہ لگان لیا جائیگا ؛

——— مسٹر سائم پیر کی شام کو دہلی سے روانہ ہوگئے جہاں انہوں نے ایم ہی سکول۔ مڈل سکول اور عرب سکول کا معائنہ کیا ؛

——— راجہ ہربنس سنگھ نے ہز آنریبل گورنر کا شیخوپورہ میں اچھی طرح استقبال کیا۔ سلامی کے دستے گرے چلائے گئے۔ پین باجہ لاہور سے منگوا کر بجوایا گیا اور راجہ صاحب نے معہ اپنے فرزند کے ہز آنر کو قلعہ اور پرانے باغ کی سیر کرائی ؛

——— حصار۔ انبالہ۔ سیالکوٹ اور ملتان کے سوا سب جگہ بارش رہی۔ انبالہ میں نرخ گراں۔ جالندھر میں ارزاں اور آدمقامات میں کسان ہیں جمنا کی طغیانی سے دہلی میں غالیزوں کو بہت نقصان پہنچا ؛

——— پٹیالہ میں رات کو مسلح لٹیروں کی جماعتیں پھرتی رہتی ہیں۔ لوگ اپنے بستروں پر قتل ہو جاتے ہیں۔ کل رات صدر بازار میں ایک بنیا اپنی دوکان میں قتل ہوگیا اور کوئی تیس ہزار کا مال اُسکا جاتا رہا۔ مہاراجہ صاحب موجود نہیں یہ گھوڑدوڑ میں مستغرق رہتے ہیں۔ مختار امور افسر اپنے کاروبار میں مصروف ہیں۔ اب رہی بیچاری رعایا۔ تو یہ جانے اور اس کا کام جانے ؛

——— مسز اینی بیسنٹ نے ۱۲ فروری ۸ بجے شام کو رائل دہلی میں ہندوستان کی گزشتہ موجودہ اور آئندہ حالت پر لکچر دیا ؛

——— گرناں کی سرکاری نمائش چار روز تک نہائت کامیابی سے جاری رہی ؛

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

مولوی ولی اللہ صاحب مالک صدیقی پریس امرتسر تحریر فرماتے ہیں کہ میں نے جو ایک سو خریدار بہم پہنچانے کا وعدہ کیا تھا اُس میں سے دو صاحبوں کے نام پہلے اخبار جاری کرا چکا ہوں۔ اور دو مندرجہ ذیل صاحبوں کے نام آرڈر جاری فرمائے۔ باقی ۹۶ خریدار بھی بتدریج انشاء اللہ عنقریب پورے کر دونگا۔ آپ دعا کریں کہ خدا مجھے جلد اس وعدے سے سبکدوش کرے۔ (۱) جناب منشی فضل حق صاحب سررشتہ دار محکمہ صاحب ڈپٹی کلکٹر بہادر نہر باری دوآب امرتسر (۲) جناب منشی سید قائم شاہ صاحب پٹواری نہر باری دوآب ڈویژن سوم۔ چوکی باسکے۔ ڈاکخانہ کھارا ضلع لاہور ؛

جناب سردار رتیا سنگھ صاحب آہلو والیہ نے پہلے تین خریدار بہم پہنچائے ہیں اور اب پٹاد امرتسر میں شالہ کو خریدار بنایا ہے۔ لطف یہ ہے کہ نقیت کا روپیہ اپنی گرہ سے دیا ہے۔ شکریہ کہاں سے ایسے مہربان موجود ہیں ؛

منشی فیض محمد خاں صاحب رئیس دہلی تحریر فرماتے ہیں کہ پیسہ اخبار کے لیتھوگرافی مفرد کرنیکی تحریک سے سبکدوش ہوئی تھی کہ اب ۳۰ ہزار مشتری بڑھانیکی تحریک کے متعلق خیال پیدا ہوا۔ میں دل سے چاہتا ہوں کہ خدا کرے آپ کے منشا کے مطابق یہ تجویز بھی پوری ہو جائے لیکن آپکے ایک خریدار کی ایک سوچ مجھے پسند آئی ہے کہ ہر ایک خریدار گاہک اچھے خریدار پیدا کرے تو یہ مقدار پوری ہو جاوے گی۔ بہرحال میری ناچیز کوشش سے جو ممکن ہو گا کریگا۔ بالفعل ۱۲ ممبر اکبر بیداحب رئیس دہلی و شیخ محمد صاحب دہلی کے نام دو اخبار جاری کر کے بذریعہ کتب اعانتی نقیت طلب کرلیں ؛

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۲۳ فروری سنہ ۱۸۹۴ء

مسز اینی بیسنٹ

وہ کون ہیں؟ اور ہندوستان میں کیوں آئی ہیں؟

کچھ مدت گذری ہے کرنل الکاٹ اضلاع متحدہ امریکہ کے ایک ہوشیار پیر مرد نے میڈم بلیوٹیسکی ایک روسی عورت کے ساتھ شریک ہو کر بمقام نیویارک امریکہ ایک نئے پنتھ کی بنیاد رکھی اور اسکا نام تھیوسوفی قرار دیا۔ تھیوسوفی دو یونانی الفاظ "خدا" اور "عقل" سے مرکب ہے۔ لیکن اسکا اصول یہ ہے کہ "سچ سے بڑا کوئی دھرم نہیں"۔ انسان کی برادری قایم کرنے اور ہندوستان کی قدیم تعلیم اور شائستگی کو پھر زندہ کرنا چاہیئے۔ فقط یہی اسکے اصول ہیں اور اس لیئے نہ تو یہ کوئی علیحدہ دھرم یا مذہب کہلا سکتی ہے اور نہ ان اصولوں کے لیئے وہ نام ہی موزوں ہے جو اسکو دیا گیا ہے۔ تھیوسوفی صرف ایک جماعت یا فرقہ ہے کہ جسمیں ہندو مسلمان عیسائی سب کو شامل کر لیتے ہیں اور اس لیئے اسے تھیوسوفیکل سوسائٹی کے نام سے نامزد کرتے ہیں ؟

کرنل الکاٹ اور میڈم بلیوٹیسکی نے جب دیکھا کہ اس قسم کے کام کی بنیاد کے لیئے اچھی زمین ہندوستان کی ہے تو وہ امریکہ سے یہاں چلے آئے اور غالباً آخری اصول اپنی سوسائٹی کا یہیں آکر تجویز کیا۔ میڈم بلیوٹیسکی ایک عجیب طرح کی پراسرار عورت ہیں۔ انہوں نے دنیا کا بہت سیر کیا تھا اور مصر اور شام میں کچھ جادو اور سفلی عمل بھی سیکھا تھا۔ پھر بقول انکے تبت میں رہ کر کوہ ہمالیہ کے بڑے بڑے مہاتماؤں سے بہت کچھ فیض حاصل کیا۔ یہ مہاتما لوگ جسمیں بقول انکے کوٹ ہومی لال سنگھ ایک بہت بڑے مرتاض شخص ہیں دنیا سے کنارہ کش ہو کر ہمالیہ کی غاروں میں رہتے ہیں اور سب لوگ جسمانی آنکھوں سے انہیں دیکھ نہیں سکتے۔ کوٹ ہومی سے میڈم صاحبہ کی دوستی ہوگئی اور وہ خفی ڈاک کے ذریعہ سے اُن سے خط و کتابت کرتا تھا۔ یہ قصہ پورانا ہے اسلیئے دو لفظوں میں ختم کر دینا چاہیئے۔ میڈم بلیوٹیسکی نے اپنے پنتھ کی اساس مخفی اور روحانی شعبدات کو قرار دیا ہوا تھا۔ ہندوستان میں ایک دفعہ انہوں نے ہیولوں کی بارش کر کے دکھلائی۔ دوسری مرتبہ جنگل میں لوگوں کو گرم گرم چائے پلائی اور کوٹ ہومی کی چٹھیاں منگوانا تو معمولی بات تھی ہم نہیں کہہ سکتے کہ ان شعبدات میں میڈم صاحبہ کو کہاں تک کامیابی ہوئی۔ کیونکہ اسی زمانہ میں کہ جبکہ یہ دکھلائے جاتے تھے کوئی شخص انکی تصدیق نہیں کرتا تھا تاہم بہت اچھے اچھے لوگ جو اوائل میں میڈم صاحبہ کے معتقد تھے وہ اُن سے علیحدہ ہوگئے۔ مثلاً اے او ہیوم جو کانگرس کے باپ کہلاتے ہیں ہندوستان میں سب لوگ جانتے ہیں اور صرف بتلانے ہی نہیں لاکھوں آدمی ہو چکے اہل ہند سے ہمدردی رکھنے کے لئے

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

ایک ہم عصر مخصوص پالیسی پر کہ کانگریس کے لیڈر کے لیے ہندوستان کے لیجسلیٹو اسمبلی میں پارٹیوں کو جمع نصب کرنے کی اجازت ملی۔

امرتا بازار پتر کا لکھتا ہے کہ مسٹر جسٹس امیر علی نے اپنی ہمدردیوں کو گاندھی کے سوراج کے خلاف تحریک کرنے کی اصلاح دی تھی مگر اس کی تصدیق نہیں ہو سکتا۔

انڈین کا خیال ہے کہ ہندوستان کی کونسلماؤں وضع آئین تجویز میں جو سوال درپیش ہوتا ہے اس کی نسبت جو قواعد مرتب کیے جائینگے۔

کوچین میں آگ لگی۔ ایک لاکھ روپیہ کی دوکان جل گئی۔ ڈیڑھ لاکھ کا نقصان ہوا۔

مہاراجہ صاحب دربھنگہ سے سال گزشتہ میں انڈین نیشنل کانگریس کی برٹش کمیٹی کو بیس ہزار روپیہ دیا تھا۔

فلاح بمبئی کے اخبارات فساد پولا کے لئے وہاں کے حکام کو ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔ کیوں؟

ڈاکٹر شمبھو چندر گھوش سے بنگلہ کے ایک مشہور اور سب سے پرانے ہندوستانی ڈاکٹر تھے نوے سال کے انتقال کیا۔

سر پرفل چندر رائے کو انڈین نیشنل کانگریس کی ہمدرد کمیٹی کے جلسے میں شریک ہونگے۔

بہار میں گائے بچانے کی تحریک زور پکڑ رہی ہے۔

گلکتہ میں مسلمانوں نے ایک جلسہ کیا جس میں ہندوؤں کی طرف سے ہونے والی زیادتیوں کا اظہار کیا گیا اور گورنمنٹ سے اس کے روکنے کا مطالبہ کیا گیا۔

مسٹر جسٹس شیلٹ مرحوم کی یادگار کا فنڈ تیس ہزار روپے تک جمع ہو گیا ہے۔

لارڈ ولنگڈن نے میلوں سے بہت سے جواہرات خریدے۔

محمد زین العابدین خاں جو ریاست مکے بھائی ہندوؤں سے تھے حال میں یوم ناگہانی رحلت کر گئے ریاست سیتامئو کی ویرانی سے مستعفی ہو کر جاورہ گئے پر گنہ بھیرمہ کے عامل تھے ان کو کسی بدمعاش نے خفیہ گولی مار کر مار ڈالا۔

گزشتہ اتوار کی شام کو بمقام بھگلپور اہل اسلام محلہ شہر کا ایک جلسہ خان صاحب محمد علی صاحب پنشنر ڈپٹی کلکٹر کی خدمت میں بشکریہ خطاب مجوزہ مجلس منتخب صاحبزادہ صاحب میور ایک ایڈریس پیش کرنے کے لئے منعقد ہوا۔ جس میں ذکر تھا آپ نے بحیثیت ڈپٹی کلکٹر بہت بڑی خدمات قوم کی کیں گورنمنٹ انگریزی اور صاحب ایڈریس نے آپ کو خطاب دے کر مسلمانوں کی عزت بڑھائی۔ آپ نے مسلمان بچوں کے لئے یتیم خانہ اور چار مکتب مکتول جاری کئے۔

ریاست نیا گڑھ کا فساد چیف کمشنر اڑیسہ کی کوشش سے رفع ہو گیا۔

۱۱ جنوری کو پورٹ بلیئر کالا پانی کے چیف کمشنر کرنل ڈی سنوڈن کو ایک عمر قیدی نے ایک چاقو سے زخمی کیا۔

مہاراجہ صاحب کوچ بہار ۲۰ اپریل کو ضابطہ گدی نشین ہونگے۔

امرتا بازار پتر کا لکھتا ہے مسٹر جانسٹن جو ۱۵۰ روپے ماہوار

برزن جہاں مہاراجہ گوالیار کی تعلیم کے لئے مقرر ہوا تھا جبکہ دو سال سے معاملہ تعلیم چھوڑ چکے ہیں اس کو ابھی تک کیوں تنخواہ ملتی ہے۔

حیدرآباد کی مسجد مشہور کیا گیا شاہزادوں کی تقریب پر بارات بجانے والے جب مسجدوں کے آگے سے گزریں تو باجا بند کر دیا کریں۔

ہز ہائی نس نظام حیدرآباد کی کمیٹی سے اہل ہنود نے چندہ حاصل کرنے کے لئے ایک اشتہار شائع کیا ہے جس میں بتلایا ہے کہ گورنمنٹ سے اتنی ہزار روپے لگا کر کسی خدا کو خوش رکھنے کی کی ہے لیکن ابھی بہت کام کرنا باقی ہے اس لئے اہل ہنود کی فیاضی کو کھٹکھٹانے کی ضرورت ہے۔ وہ کام یہ ہیں (۱) گنگا کے کنارے پر ان مقامات میں جہاں بارہ ماسا جہاں پان رہتے اور گرنے پڑتے کا اندیشہ ہے۔ بیس ہزار روپے سے پورا ہوگا (۲) ہردوار اور گنگوتری کے پانی کا نکاس اور ان کی چھوٹی چھوٹی نالیوں کا پختہ بنانا۔ اس کام کا تخمینہ سو ہزار ہے۔ (۳) اڑیسہ سے ایک بڑی زرعی نہر نکالی ہوگی۔ (۴) اڑیسہ سے کانپا ناچور ہردوار کی بستی سے گوڑ اور میلا پانی دور پہنچانے کی یہ کام بھی بہت بڑے خرچ سے ہے گا (۵) بستی کے پانی کا نکاس اور جلانے کی لکڑیوں اور رستیوں کا بندوبست کرنا۔ اب تک ان کاموں کے لئے صرف ۲۰ ہزار روپیہ جمع ہوا ہے۔

سکم تبت کی سرحد سے ہندوستان کی تجارت کے متعلق ایک عہدنامہ ہوا ہے جس کے مطابق سرحد کی جانب تبت کے مقام یاتنگ پر ایک تجارتی منڈی قائم کی جاوے گی۔ جو سنہ ۱۹۰۴ء کی تمام برٹش رعایا کے لئے کشادہ ہوگی۔ گورنمنٹ ہند کو اختیار ہوگا کہ یاتنگ میں رہنے والے برٹش رعایا کے لئے اپنے افسر مقرر کرے تاکہ وہ برٹش تجارت کی شرائط کی نگہبانی کریں۔ برٹش رعایا کے لوگ جو یاتنگ میں تجارت کرینگے ان کو سرحد سے لیکر اس مقام تک آمد و رفت کرنے اور یاتنگ میں سکونت کرنے اور مکانات کرایہ پر لینے اور ان میں تجارتی مال کے ذخیرہ جمع کرنے کی کامل آزادی عطا کی گئی ہے چینی گورنمنٹ نے اس بات کا ذمہ اٹھایا ہے کہ برٹش رعایا کے تاجروں کی سکونت اور گودموں کے لئے مناسب مکان کی رہائش کے لئے گورنمنٹ ہند کی طرف سے مقرر کیا جاویگا یاتنگ میں سوداگران اور کافی مکانات تعمیر کر دے۔ برٹش رعایا کو اختیار ہوگا کہ یاتنگ کے پاس جا ہیں اپنا مال و اسباب زر دخت کریں۔ دیسی مال خرید کر کے یا مال کے خرید کریں اور چینی گورنمنٹ ان کی تجارتی آزادی میں کوئی دخل نہیں ڈالیگی۔ تمام برٹش رعایا جو تجارت کے لئے وہاں جائینگی ان کے مال و جان کی معقول حفاظت کی اعانت گورنمنٹ چین کے ذمہ ہوگی۔ سرحد سے یاتنگ تک تمام اور زادہ مقرر کرایہ اور لادنے پر مکانات میں ٹھہر سکتے ہیں جہاں برٹش رعایا اور زادہ مقرر کرایہ اور لادنے پر مکانات میں ٹھہر سکتے ہیں جہاں برٹش تجارت سے متعلق مشتبہ کی گئی ہیں یعنی آلو تک۔ گوند، بارود، سٹرچنی، نوشادر، شرابیں، ارنشی اور وہ سب تجارتی مال پر اول دو سال تک کوئی محصول نہ لیا جاویگا لیکن اس مدت کے بعد ان چیزوں کی منظور شدہ ہر شرح محاصل کی ادا کرنی ہوگی۔ ہندوستانی تجارت میں داخل ہونیکی اور اسپر چینی حکام اسی شرح سے محصول جاری کرینگے جو شرح چینی چاہ کی نسبت ہے۔

لیکن چاہ کی تجارت اول دو برس کی میعاد کے بعد جاری کی جاویگی۔ دوسرے تجارت کے یاتنگ میں لایا جاویگا عام اس سے آمد و رفت کا وہ سب چینگی کے مقام پر امتحان کیا جاویگا چینی اور برٹش تاجروں کے درمیان اگر کوئی تنازعہ ہوگا تو سرحد کے سپرنٹنڈنٹ افسر اور چینی سرحدی افسر کی باہمی مشورت سے تصفیہ ہوگا۔

(ممالک غیر)

لندن ۲ فروری۔ علاقہ ٹیلسو متصل سیرائے اوقصبہ میں کو فرانسیسی فوج گھس رہی تھی کہ وہاں کے لوگوں نے رات کو چھاپا مار فرانسیسی فوج کے کپتان اور سولجر کو قتل کر دیا۔ فرانسیسی فوج نے کپتان اور ۲۰ سولجر کو گرفتار کر لیا۔

لندن ۲ فروری۔ ٹائمز کا بیان ہے کہ لارڈ کرزن نے حکومت کیلئے کہ ہندوستان کی شکایتوں کے بند کرنے کی بڑی آئین تجویز کی ہے جو تھوڑے عرصہ کے بعد اگر پیس آف کانسٹرنس زیادہ شور نہ ہو تو اس مطلب کا اس کا نام لین محل جائیگا۔ لارڈ برکن ہیڈ صاحب وزیر ہند کو اس بات کا خیال ہے کہ ہندوستان کی مالی حالت بہت خراب ہے اور ہندوستانی روپے کی قدر گھٹنے کا بھی خیال ہے۔ اس لئے پھر اصول رائج نہیں کرینگے۔

لندن ۲ فروری۔ پیرون مسٹر کیسٹن ٹائمز میں لکھتا ہے کہ ہندوستان کے خلاف رائے پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کل مسٹر جان برائس سے ہیری پارک میں ایک تقریر میں کی کہ ہر شخص تسلیم کرتا ہے اور کہا کہ جس طرح سے شاہ ایڈورڈ کی وفات پر ہندوستان کی تمام رعایا نے اظہار ماتم کیا اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستان کی رعایا کو شاہ انگلستان سے کس قدر محبت ہے۔

پیرس ۲ فروری۔ ایک خط نگار لکھتا ہے کہ موقوف کیا گیا آج ٹریبیس پیرس کے ایک آدمی سے جو پہلے ہندوستان میں تھا کہ وہ بمبئی کا رہنے والا ہے۔ وہ آدمی ہوسٹ اور ایک دوسرے شخص زخمی ہوئے۔ مجرم کا نام لیا گیا۔ وہ اپنے پیچھے دو شخصوں کو زخمی کرنے کے بعد بھاگ گیا۔

قاہرہ ۲۰ فروری۔ خدیو نے آج جبل کھجت کا افتتاح کیا اور اس کے سٹاف کے کئی افسر کو ترقی دی۔

سینٹ پیٹرزبرگ ۱۱ فروری۔ روسی اخبارات جرمنی کی جنگ بندی پالیسی کا فرانس سے مقابلہ کرتے ہیں اور حال میں وزیر خارجہ فرانس محصول چنگی کے خلاف پریس جرمنی کا ہے۔

سینٹ پیٹرزبرگ کی پولیس نے ۱۲ اور دس کے قتل کرنے کی ایک نئی سازش دریافت کی۔ پچاس آدمی جو شریک گرفتار ہوئے ہیں ان میں عورتیں اور لڑکیاں بھی ہیں۔

ایک اخبار لکھتا ہے مسٹر محمد ڈگلس بنیاد رحال روب کی کوشش سے اس وقت تک امریکہ میں (۱۰۰) نو مسلم ہو گئے ہیں۔

گورنمنٹ سوئیزرلینڈ نے ترکی کو کہلا بھیجا ہے کہ اگر گولی کی بمباری کے حکم خانوں میں بند کیا ہے جو لوگ کسی قسم کی خیانت کی خبر چھپائیں یا ایسی باتوں سے ہمدردی ظاہر کریں ان کو تیس روپے جرمانہ دی جاویگی۔

ایک جہاز باشندہ سورات بوبیر جل بہادر شاہ نامی نے اپنے نام میں نشانہ انگریزوں کی دانست میں ہزار ہا لوگ مسلمان ہوتے ہیں اور ایک شیشہ لے بھی ہمدردی ہو کر اپنا فقرہ کر ڈالا ہے۔ یہ بیچارہ تو کل سنجار مین کے ہوٹل میں بیرہ تھا کیپٹل بردکشیر ہندوستان پہنچا گیا اور ہمارا پرسوار ہو کر ہندوستان پہنچا بیچارہ کے پاس روپیہ تھا اور نہ انگریزی زبان سمجھتا تھا۔ لندن کے شریر لوگوں نے بڑی تکلیف پہنچائی اور ایک ہندوستانی خلاصی کی مدد سے یہ روپیہ سٹیمر ٹکٹ پہنچ گیا۔ یہ کہتا ہے انگلستان کے لوگ ہندوستانیوں کو نہیں سمجھتے کسی کو ہندوستانی پڑھتے نہیں دیکھا کہ افغانستان میں سینکڑوں لوگ ہندوستانی پڑھتے دیکھے جاتے ہیں۔ وہ حیران ہے کہ لوگ انگلستان کو امیر ملک کیوں بتلاتے ہیں۔ یہاں کے لوگ تو اکثر وحشی ہیں۔

حفظ صحت

استفسار

۱۳۔ قرۃ العین سوزاک۔ میرے ایک دوست کو عرصہ چھ سال سے پیشاری سوزاک ہے اور اب تو حد ہو گئی ہے پیپ صبح و شام آتی رہتی ہے۔ درد و ارش بہت ہوتی ہے۔ بہت علاج کر لئے گئے ہیں۔ دوائی کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے بعد پھر وہی حال۔ اگر کسی صاحب کو اس بیماری قرحہ سوزاک کا تجربہ ہو اور کشتہ کا نسخہ یاد ہو تو براہ نوازش بذریعہ پیسہ اخبار مطلع بخشیں۔ اور استعمال دوائی دو خوراک پیشتر کا حال مفصل طور پر درج فرما دیں (امام علی شاہ۔ کوئٹہ)۔

۱۴۔ نوا سیر۔ زندہ کے عرصہ ۲ سال سے سوگلی پھیپھڑا سینہ کے اندر کی طرف نکلا ہوا ہے۔ کئی حکیموں سے علاج کرا چکا ہوں آرام نہیں ہوتا سال کے اندر دو تین دفعہ جو نکیں نہ لگوائی جاویں تو آرام نہیں رہتا۔ یہ پھیپھڑا مقعد کے اندر کی طرف ہے اور ظاہر معلوم نہیں ہوتا۔ بیچ میں ایک چھوٹا سا سوراخ ہے۔ اس میں سے مواد نکلتا رہتا ہے۔ خاصکر گرمی کے موسم اور گھوڑے کی سواری میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ دن بدن رنگ پیلا ہوتا جاتا ہے۔ اگر کوئی صاحب بذریعہ پیسہ اخبار اس پھوڑے کے علاج سے اطلاع دیں تو عین نوازش ہے۔ میں اس بیماری سے بہت تنگ ہوں۔ (کرتار سنگھ سوار باغبانی گارڈ کپورتھلہ)۔

[پیسہ اخبار کے کسی گزشتہ پرچے میں ایک علاج اس قسم کے دمبل کا درج ہو چکا ہے۔ ایڈیٹر]۔

۱۵۔ لکنت۔ میں آپ کا شکر گزار احسان ہوں گا کہ آپ نے میرے سوال کو جو لکنت زبان کے علاج و بابت پوچھنے کی نسبت تھا اور جس کے جواب کو اپنے قیمتی اخبار میں مندرج فرمایا۔ اب حضرت عجیب سے دریافت طلب امور مرقومۂ الذیل دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ امید کہ اس کو بھی بدستور اپنے ہر دلعزیز اخبار میں جگہ دے کر ممنون فرمائیں گے۔ پچکاری بیان جب نہ میں کھل جاوے گھونٹے جاویں ہاتھوں کو ٹھوک ڈالیں اور دن میں کے بار استعمال کریں اور ہر بار میں کتنی دیر۔ ایک بار لگا کر پچکاری کے استعمال سے پھیپھڑے کو یا کسی اور حصہ کو کسی امر میں ضرر تو نہیں پہنچے گا۔ اور تلاوت قرآن مجید (حسن قرأت۔ نہ صوت) گانے کا بدل ہو سکتا ہے یا نہیں۔ (سید مظفر الدین ایکا منٹنٹ)۔

علاج

۱۲۔ دائمی یرقان۔ دو بڑھی:۔ اخبار مطبوعہ ۱۲ جنوری ۱۹۱۸ء صفحہ ۴ کالم اول ضمن تحفہ صحت سوال نمبر ۲۔ دراز شدن ریش جناب عبدالرحمن سیلوضع نہ نالہ۔ خدا جانتا ہے کہ داڑھی کا چھوٹا ہونا بھی رسول بزرگ و بہبودی کی ہے آگے آپ کا جس ہے۔ اور سچ پوچھئے تو اللہ میاں کی جانب سے ایک ملاق نازل ہے۔ اے حضرت ہم بھی اسی علت میں معلول تھے۔ مگر ہم کو تو خواب میں ایک پیر دست ایک ترکیب بتلائی تھی اس کا عمل کرنا تھا کہ وہ تھوڑی سی داڑھی ایک اچھا خاصا چہرہ ہو گئی۔ اور وہ ترکیب یہ ہے کہ سورج کے نکلتے ہی دھوپ میں اوندھا لیٹ کر دونوں رخساروں کو ایک ٹاٹ کے ٹکڑے سے خوب ملو جب رخسار سرخ ہو جائیں تب تھوڑا سا بنفشہ لگا کر اور بعد اس کے بیت الخلا کر وضو کرو اور ریش کو ہر دو طرف سے کنگھی کر کے اور پھر وقت دوپہر صبح پھر اسی طرح عمل کرو۔ چند روز میں جتنی کھشک روئی اور پرانا گوشت نامل فرمائے ہے ہر رات روغن بنفشہ لگا کر سو رہا کرو۔ شفا کلی حاصل ہوگی (خلیل الرحمن وہ ہے پیلی بھیت)۔ [اگر دائمی صحیح علاج ہے تو پھر بھی مناسب ہے خانی میں لیٹنے

شعر و سخن

"اولوالعزمی کے لئے کوئی سد راہ نہیں"

(بقیہ ہفتہ گزشتہ)

ناگہ فلک پہ دمن شب چاک ہو گیا — بدر منیر سے طبق خاک ہو گیا
ظلمت رات کا جو صبح کے آئینے فق ہوا — گلونہ سے کے سامنے رنگ شفق ہوا
روئے سحر پہ شان تھی نور ظہور کی — چاروں طرف تھی زمزمہ خوانی طیور کی
دامن گہری سبزہ زار پر گل تری کی تھی نمایاں — اس پر اس کی بھی بھری ہوئی پھولوں کی تھالیاں
وہ صبح کی ہوا سے درختوں کا جھومنا — وہ جھوم جھوم کر وہ رقص گل کو چومنا
سبزہ جو رو رہی تھی خاک پر شبنم بچھا گئی — شبنم بھی آ کے رات کو موتی لٹا گئی
پانی وہ صاف صاف جو چل کے چلتے تھے — پانی کے سانپ گھاس اتر کے جاتے تھے
سورج نے سر نکالا یکایک پہاڑ پر — بولا جوان شیر کی صورت دہاڑ کر

آرام کی نہیں ہے یہ جا ہاں بڑھے چلو"

تبدیل چہرہ دھوپ سے رنگ سحر ہوا — اک مدرسے کے آگے سے اس کا گزر ہوا
تھا پاس اک خرابہ سجد بڑا ہوا — ملا تھا اس میں ہر منبر چڑھا ہوا
تھا ہر طرف کو دامن تقریر کھینچتا — اور دوزخ و بہشت کی تصویر کھینچتا
عود و قصور پر تھا دلوں کو لبھا رہا — دوزخ دکھا کے خلق خدا کو ڈرا رہا
تھے لوگ اس کی باتوں پہ دم بخود ہوئے — اور معتقد تھے سب ہمہ تن گوش ہو رہے
دیکھا یہ نوجوان کہ اس مرد پیر نے — اپنی لکیر پیٹی پرانے فقیر نے
یعنی کہ اک جملہ کا نقشہ کھنچ گیا — بیٹھو کہ دم کو عرش کے اوپر اڑا دیں ہم
بولا جواں کہ اب وہ زمانے گزر گئے — وہ رات ہو چکی وہ فسانے گزر گئے

اور اب سے چل ارشاد کیا "ہاں بڑھے چلو"

ملک خدا اگرچہ بہت بے ثبات ہے — بے پا و بے مدار مگر اک اسکی بات ہے
لیکن بجا کہا کہ جسی نے کہا ہے یہ — ہمت کے مرد کوں کے لئے خوب جا ہے یہ
پر دیکھتا جو ہوں تو یہاں طرفہ حال ہے — معلق زور دھر نہیں کوئی کرتا خیال ہے
دن رات ہی سیر ملک کو آرام سے غرض — ساتی سے مدعا ہی و بادہ سے غرض
باقی ملک نہ دل کا تو پھر کیا بھکا ہے یہ — افلاس ان کے واسطے پہلا بہانا ہے
اور جو کہ کچھ ہمت و غیرت ہے کام میں — محنت سمیٹ پال رہے صبح و شام میں
لڑکے ٹٹیوں پر ہیں سبق یاد کر رہے — تنخواہوں پر ہیں محنتیں استاد کر رہے
پھر نے نقیر بھی ہیں صبح و شام — کہتے ہیں بار بار کہ دے جا خدا کے نام

آزاد کی یہی ہے صدا "ہاں بڑھے چلو"

(مولوی محمد حسین آزاد)

کارآمد باتیں

جانور کے پروں پر نقش:۔ نمک کے تیزاب میں پچکاری حل کر کے بیضہ مرغ پر کچھ لکھو جس وقت اس میں سے بچہ نکلیگا اسکے پروں پر وہی لکھا ہوا نمایاں ہوگا۔

مصنوعی زلزلہ:۔ برادہ آہن پاؤ بھر۔ چونہ آب نارسیدہ۔ دو تولے گندھک ۴ تولے۔ سب کو ملا کر زمین میں دبا دو۔ چند عرصے کے بعد زمین کے اندر سے شور و غل اٹھیگا اور زمین پھٹ کر تمام مادہ باہر نکل پڑے گا۔

سوئی ہوا میں اڑے:۔ ایک لکڑی کے پنجرے کی چھت میں عمدہ اوطاقدار مقناطیس لگا دو اور ایک سوئی میں ریشم کا ڈورا ڈال کر اس کا ایک سرا بالمقابل دوسرے سوئی مقناطیس کی طرف لٹکا دیں مگر ڈور کی کشش سے معلق رہیگی۔

معلومات کاشت

— دنیا میں آدھا فرج قہوہ (کافی) کا ملک برازیل پورا کرتا ہے۔

— شاہ اٹلی دن بھر میں صرف ایک وقعہ کھانا کھاتے ہیں۔

— امیر کابل سلطنت کے ایک پائی کے خرچ پر بھی خود دستخط کرتے ہیں۔

— انگلستان میں کوئلہ کی گرم کانوں میں ۱۲ گھنٹہ کام کرنا پڑتا ہے۔

— فرانس کے مقام ہیور میں دنیا بھر میں اونچا بجلی روشنی کا مینار ہے۔

— انگلستان کے سونے اور ہندوستان کی چاندی کے سکوں میں بارھواں حصہ کھوٹ ہوتا ہے۔

— اضلاع متحدہ امریکہ کے موجودہ آبادی میں ۱۵ فیصدی ممالک غیر میں متولد ہوئے ہوئے ہیں۔

— شراب انگور کو بلا پانی ملائے کے پیناۃ یم یونانی اور اہل روما میں ایک وحشیانہ حرکت سمجھتے تھے۔

— جاپان کی زبان میں قسم کا کھانے کا رواج ہی نہیں۔ بلکہ قسم کا لفظ ہی موجود نہیں۔

— انگلستان میں ایک لاکھ آدمی بالکل بے مکان آوارہ گرد ہیں جن میں سے ساٹھ ہزار خاص لنڈن میں ہیں۔

— قلمیں آٹھ دھاتوں فولاد پیتل۔ تانبا۔ سونا۔ چاندی پلیٹینم المگم اور الومینم سے بنتی ہیں۔ آخری دھات کی قلمیں تا حال نئی چیز سمجھی جاتی ہیں۔

— کوے کے کئی دفعہ اڑتے ہوئے نیچے گرتے دیکھے جاتے ہیں۔ وہ دراصل ایک پنجے سے اپنا وزن سنبھالنے لگتے ہیں کہ مرکز ثقل قائم نہیں رہتا اور تھوڑی دیر نیچے گر کر سنبھلتے ہیں۔

— یورپ اور شمالی امریکہ کے مابین جہاز ۱۱ واسط ستر ہزار مسافر ماہوار لیجاتے ہیں۔

— لنڈن کا ایک سوداگر ہر روز دفتر سے گھر جاتا ہوا اپنی گاڑی میں مذبذبہ فونوگراف اپنے کلرکوں کو ہدایات بھیجتا جاتا ہے۔

— متعدی امراض جو بہت جلد پھیلتے ہیں ان میں سے بقول ایک معتبر ڈاکٹر کے رائے کے نصف تو خانگی (پالتو) جانوروں کی بدولت جا بجا پہنچتے ہیں۔

— امیر عبدالرحمن خاں والی کابل بہت عرصے سے لنڈن کے باتصویر اخبار السٹریٹڈ لنڈن نیوز کے باقاعدہ خریدار ہیں۔

— مراکو (مراقش) میں دلہن کے چہرے پر شادی کے وقت سرخ اور سفید رنگ دیتے ہیں اور ہاتھ پاؤں حنا سے سرخ رنگتے ہیں۔

— یورپ میں سب سے لمبا آہنی پل (ریل) دریائے سیجوا پر مقام فورتھ (پرشین پولینڈ) اور کلسی (جرمنی) کے ۱۴۵۰ فٹ لمبا کھلا ہے۔

— یورپ میں بھورے بالوں والے لوگ شہروں کی آب و ہوا میں بہ نسبت سیاہ بالوں والے لوگوں کے زیادہ بیمار ہوتے ہیں۔

— انگلستان میں آج تک سب سے معمر شخص ہنری جنکنس گزرا ہے جس نے ۱۶۹ سال کی عمر میں ۷ دسمبر ۱۵۷۰ء کو بقا سے فنا کا سفر اختیار کیا۔

— شاہان جاپان کے درباری لباس میں اٹھارہ لاکھ پونڈ کے ہیرے جڑے ہوئے ہیں۔

— انگلستان میں جس شخص نے پہلے پہل بنک سیونگز کے عہدہ کا کام کیا تھا اس کا نام مسٹر جان کنگ تھا جس نے ۱۸۰۵ء میں دستخط کیا تھا۔

پیسہ اخبار

نمبر ۷ | یوم جمعہ - ۲۳ فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۱۶ شعبان ۱۳۱۱ھ موافق ۱۲ پھاگن سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

لاہور کی سڑکیں وغیرہ :- لاہور سول سٹیشن کے اندر حدود میونسپل کے درمیان قریب چالیس میل کے پختہ سڑک ہے اور حد شہر کے اندر دس میل پختہ سڑک ہے اور اتنیس میل پختہ بازار ہیں - اور پانی تقسیم کرنے کے لئے ۳ میل لوہے کی نالیاں شہر بھر میں پھیلی ہوئی ہیں ؛

رگ وید - رگ وید میں ۱۰۴۰۲ سے ۱۰۶۲۲ تک ورس یعنی آیات ہیں - اور پد یعنی الفاظ ۱۵۳۸۲۶ - اور اجزا یا ارکان الفاظ ۴۳۲۰۰ - پروفیسر میکسملر صاحب اپنی کتاب قدیم علم زبان سنسکرت میں بیان کرتے ہیں ؛

پیرس کا شمشاہہ محاصرہ :- وزیر جنگ پیرس دارالفاخ فرانس نے ایک رپورٹ میں بیان کیا ہے کہ شہر پیرس کا اگر چھ ماہ تک محاصرہ رہے تو مندرجہ ذیل مقدار خوراک کی انسان اور حیوان کے لئے کافی ہوتی ہے :- غلہ خوردنی (۲۴۳۰۰۰ ٹن - گوشت (۱۱۸۰۰۰ ٹن - نمک (۱۴۷۰۰ ٹن - خشک نقولات (۳۴۴۴۰ ٹن - آلو (۲۲۵۲۶۰ ٹن - دودھ (۶۶۰۲۹۰۰ مکعب میٹر - کوئلہ (۵۰۰۰۰۰ ٹن - خشک گھاس (۲۰۳۸۹۴۰ ٹن - جئی (۴۵۰۰۵۳ ٹن - اور پرال (۶۸۸۹۴ ٹن) - (ٹن = ۲۰ من - میٹر = ۳۹ انچ) ؛

ڈول یورپ کی موجود فوجیں :- ڈول یورپ نے جس قدر فوجیں تیار اور میدان کارزار کے لئے آمادہ رکھی ہوئی ہیں اُن میں روس کی فوج سب سے زیادہ ہے جو آٹھ لاکھ (۸۰۰۰۰۰) آدمی کی ہے اس کے بعد نمبر وار جرمنی کی پانچ لاکھ بانوے ہزار (۵۹۲۰۰۰) فرانس پانچ لاکھ پچپن ہزار (۵۵۵۰۰۰) - آسٹریا تین لاکھ تیئیس ہزار (۳۲۳۰۰۰) اٹلی دو لاکھ پچپن ہزار (۲۵۵۰۰۰) - انگلستان دو لاکھ دس ہزار (۲۱۰۰۰) سلطنت عثمانیہ ایک لاکھ اسی ہزار (۱۸۰۰۰۰) اور سپانیہ ایک لاکھ چھتالیس ہزار (۱۴۵۰۰۰) ہے ؛

انگلستان کی دولتمندی :- محاسب لوگ اندازہ لگاتے ہیں کہ انگلستان میں (۷۰۰) "لکھ پتی" اور (۶۰) کروڑ پتی ہیں - (۹۶۵۰) "بہت دولتمند" - (۱۴۸۲۵۰) "دولتمند" - (۷۳۰۰۰۰) "متوسط حالات کے" - (۲۰۰۸۰۰۰) "گزارے کے لئے جدوجہد کرتے ہیں" - اور (۳۹۱۶۹۰) "مفلس" ہیں ؛

فرانس کے بادشاہ بیگمیں :- فرانس میں ۷۰ ملکہ گزری ہیں ان میں سے صرف تیرہ ایسی تھیں کہ جن کے مرنے پر ان کے دردناک زندگی کے حالات زبان پر نہ لائے - ۱۰ رانیاں سب مصیبت زدہ تھیں - ۴ کو طلاق ملی - ۲ کو پھانسی - نو نوجوان ملکہ میں سات جلاوطنی میں بیوہ ہو گئیں تین سے بیدردی سے سلوک کیا گیا - تین جلاوطن کی گئیں - ۲ قتل زہر یا قید و صعوبتوں سے دلشکستہ ہو کر مریں ؛

مذاق

ایک استاد صاحب بقول حضرت شیخ سعدی ؎ قوی در بلاغت در نحو چست — دے حرف ابجد نگفتے درست ؛ قاف کو ٹاف کہتے تھے - اور خوش قسمتی اور بدقسمتی طالع سے کسی سکول کے درجہ ابجد خوانان میں ملازم تھے - ایک شاگرد جو بھی تھوڑے دنوں سے مدرسے میں داخل ہوا تھا - اُن سے سبق لینے بیٹھا - اتفاق سے اُس کا اُس دن کا سبق ق - ک ہی تھا - استاد صاحب نے بڑی صحت اور آہستگی سے فرمایا - کہ کہو بھائی ٹاف - ٹاف - لڑکا بولا ٹاف - ٹاف - استاد صاحب نے دیکھا کہ تلفظ اور مخرج ٹھیک نہیں ہے - اور یہ بھی سمجھا کہ یہ نقص میری زبان کی وجہ سے ہے - اس لئے اُس کو سمجھانے لگے - کہ نہ بھائی میں تو کہتا ہوں ٹاف - ٹاف - مگر تو ایسے زور سے ملکہ تو کہ ٹاف - ٹاف - لڑکے نے حیران ہو کر اور بہت سوچ کر کچھ دیر کے بعد بلند آواز اور جلدی سے کہا - کہ ٹاف - ٹاف - اسی طرح دونوں میں کچھ دیر رگڑا ہوتا رہا - آخر استاد صاحب تنگ ہو کر چپ ہو گئے - (چوہدری سنگھ ہیڈ ماسٹر حافظ آباد) ؛

ایک دفعہ ایک لطیفہ سنج کی ایک سادہ طبع دوست سے ملاقات ہوئی - لطیفہ سنج نے کہا دیکھو دوست دنیا کتنی بے انصاف ہے - اور ہماری آنکھیں کتنی اندھی ہیں - اگر دنیا ایک اچھی چیز کو بری کہدے تو ہم اندھا دھند اُسے برا سمجھنے لگتے ہیں - مثلاً دیکھو گدھا کیسا حلیم اور بردبار حیوان ہے - انسان جتنا اس کا مشکور ہے اور کسی حیوان کا نہ ہوگا - کام اچھا اور زیادہ کرتا ہے - کھانا بچا اور تھوڑا کھاتا ہے - اگر یہی صفات کسی آدمی میں ہوں تو کتنی تعریف کے قابل ہیں - مگر ہم کسی کو گدھا کہدیں تو وہ خوش نہیں ہوتا ؛

سادہ طبع دوست :- آج کے بعد میں تو اس خطاب سے خوش ہوا کرونگا ؛

ایک صاحب نسبت کی تقریب سے بسنتی لباس زیب تن کئے ہوئے تھے اتنے میں کلانوت بھی حاضر ہوا - اور بسنت رُت کی ٹھٹھولوں سے حضرت کو خوب رجھایا - آپ نہایت سیاہ فام تھے - لیکن بسنتی کپڑوں میں پھولے نہیں سماتے تھے - رہا نہ گیا - کلانوت سے پوچھا کیوں میاں ہم نے کیسا رنگ روپ نکالا ہے - کلانوت بولا "حضور کیا کہنا ہے آج تو آپ کیسے نظر آتے ہیں جیسے سرسوں کے کھیت میں کٹنا" (دل سنگھ) ؛

شاگرد :- ماسٹر صاحب مجھے فلاں [illegible] لکھ دیجئے ؛ ماسٹر صاحب :- [illegible] ہو جائے گا ؛ (ماسٹر ہری کشن)

عجیب عجیب باتیں

— لارڈ جن نے اپنے ایڈیکانگ مندرجہ ذیل دیسی افسر مقرر فرمائے۔ صوبہ دار شیخ امداد علی بہادر گورنر جنرلس باڈی گارڈ۔ صوبہ دار میجر غلام سرور بہادر (۵۴ ویں بنگال انفنٹری) اور آنریری ایڈیکانگ۔ رسالہ دار میجر نواب محمد افضل خان بہادر رسالہ (۱۱ سابق) بنگال لانسرز۔ اور صوبہ دار میجر جمعدار بہادر سابق ۵ ویں گورکھا اور رسکے علاوہ پرسنل سٹاف میں آنریری دفیدار بہادر دوست محمد سوا سوای ہے۔ دو سابھائی پنشن یافتہ شاہ جہان بہادر پنجاب۔ مہر چند لمبے بہادر پنجاب۔

— دلیر سپاہی بہادر نے سرجان آرڈوائچ کو چانچوٹ سکر ٹری بنایا۔

— مسٹر ہین صاحب یا اسکے ساجبرادوں کے متعلق گفت و انتظام کر سکے تو افغانستان سے ایک جماعت وسط مئی میں لندن روانہ ہوگی۔

— مسٹر چنڈ وس آئندہ اجلاس نیشنل کانگریس کونسل میں وائسرائے سے مفصل میں حقوق چائلڈ اور جنگل کے نرخوں کی نسبت سوال پوچھنے کی اطلاع دی ہے۔

— سیجر جنرل جیمس براؤن ہیڈ کوارٹر جنرل ہندوستان کمانڈر انچیف چند واڑہ میں ایک اندھے اور محتاج کو ندی عورت نے پانچ پیسے دیکر اسکی مدد کی جسے

— لکھنؤ کے پرنس مرزا قمر الدین حیدر جو صفدر علی شاہ مصطفیٰ علی حیدر بہادر مرحوم نے دفعتاً بھاری عارضہ فالج سے ۱۶ ماہ میں انتقال کیا۔

— ۱۶ جنوری کو بہرام ٹوا سوک جہاز تحتی کپتان میکسویل قوم پارسی کے ایک قطعہ پر چلا ہوا اندر سے آنیوالوں نے پتھر برسانے شروع کیے۔ جب اور پتھر سے بہادری نہ بچا سکنے کام شروع کیا تو وہ قلعہ چھوڑ کر جنگل کو بھاگ گئے۔ انکے دس آدمی اور ہمارے دو سپاہی اور دو خدمتگار مارے گئے۔

— بقول صحیح فریدا ہمایا ایجرام مارنے تمام ہندوستان کا خراج گزار والی جو ملازم راج تھین ایک قلم موقوف کر دیں۔

— کشن ماضون ایام قیام اندور میں مہاراجہ صاحب ہولکر کی مہمان رہی۔

— صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند نے ۱۵ دسمبر کو ایک تجویز پاس کرنے کی کہ ایڈورڈ کالج پشاور کی تعمیر کیلئے (۱۷۴۵۴) روپیہ کے قرض پر گرنٹ کی۔

— پنڈت موتی لال صاحب ممبر کونسل جے پور نے ۱۴ جنوری کو اسی جاں کی عمر میں انتقال کیا۔

— آرچ بشپ کرسٹھوبیٹھ صاحب ایجنٹ گورنر جنرل وسط ہند جو ہی کی ریاست ریوان میں گئے۔ اور دربار میں بیان کیا کہ تیرہ برس ہوئے کہ جب بوجہ انتقال راجہ صاحب کے انتظام ریاست گورنمنٹ کے ہاتھ میں تھا۔ آمدنی مالگزاری اب بندوبست کے جو سابق کی نسبت دوچند ہو گئی ہے اور اظہار خوشنودی کا نقد خزانہ میں جمع ہوا ہے۔ نوجوان مہاراجہ صاحب جنوری اختیار ریاست دیئے جانیکے زیر تعلیم ڈاکٹر گلبٹ صاحب ہوشیار ہو گئے ہیں۔ اور کرنل رابرٹسن سپرنٹنڈنٹ ریاست بڑی مہربانی سے اصلاح اور ترقی ریاست میں کوشش کرتے ہیں۔

— ریاست بھارتپور (واقعہ بہ سیلاب) کے ہمارے جو سکہ صاحب ہیں۔ ان کے علاقہ میں ایک صنعت و حرفت کا مدرسہ کھولا ہوا ہے۔

— دلور میں سخت ہیضہ ہو رہا ہے۔

— اخبار مدرس میل لکھتا ہے کہ رائے راجن ہمارے بہادر مدبر سر ٹی مادھو راؤ (گوشتے کے تارک اور بقولات کھانیوالے) اور خراب ہے تائب ہیں۔

— برٹش گورنمنٹ کی بہادری انگریزی اپنے جدید ہدایات پیش کرنے کے لیے ایک چھوٹی سی کمیٹی مقرر ہوگی۔

— بمبئی پریزیڈنسی مسٹر دادا بھائی کو آنریری طور پر ایل ایل ڈی کی ڈگری دینا چاہتی ہے۔

— سر الگزنڈر مکنڈری کلکتہ پہونچ گئے مگر خراب اپنے پچھلے عہدہ چیف کمشنری پر نہ جائینگے۔

— مدراس کے کوچ انجینری نے اپنا سو سال کی سالگرہ جلی پر شفاخانہ زنان بطور ایک چھوٹے سے ہسپتال کے بدرشت کے جاری ہوا تھا۔

— مہاراجہ بیوہ اپنے چیف جج مسٹر تھیجو چیٹی کی خوشی پچیس سو اہدا کر دی۔

— کلکتہ میں ایک ہندو لیڈی ایک سو دس سال کی عمر میں فوت ہوئی۔

— ۳ جنوری کی سہ پہر کو کلکتہ یونیورسٹی کے سینٹ نے کانووکیشن کا اجلاس منعقد کیا اور ہز اکسیلنسی لارڈ لیجن چانسلر کے صدر نشین ہوئے۔ ریزولیوشن نے فرمایا میں لارڈ لینسڈون کے ارشاد کے موافق اس موقع پر بغیر حاضر ہو کر اس رسم کو نہیں توڑنا چاہتا جسکی گذشتہ پانچسال میں حوالہ سابق پابند رہے۔ البتہ میں کوئی لمبی تقریر نہیں کر سکتا کیونکہ مجھے ہندوستان میں آئے صرف ایک ہفتہ گذرا ہے جس میں لیے کی فرصت نہیں ملی۔

— کلکتہ یونیورسٹی نے امسال حسب ذیل ڈگریاں تقسیم کیں ایک ڈاکٹر آف ڈی سی۔ ایل) ۵۹۔ ایم اے۔ ۳۱۵ بی اے۔ چھبیس ایل ایل بی (تھین) ۶۸ بی ایل ۳۶ بی ایم ۱۵ ڈپلوما ڈگری ایسوسی ایٹ آف انجینرنگ اور ۳۔ اس آنری امتحان میں ۴۰ درجہ کی ایسوسی ایٹ کی ڈگری جس کو ریش میموریل ایلنڈ سوورٹ طلائی تمغہ والی ایک لیڈی طالبعلم نے پیش کیا چند کا دس ہزار کا روپیہ دیا۔

— ایسٹ کوسٹ ریلوے کی سڑک دنیا نگرم تک تعمیر ہو گئی ہے۔ گنجام سے آگے جیمل چلکا کے پاس سے گذر کر دریائے مہاندی پر پل بنانا پڑیگا۔

— اندور کی مہارانی صاحبہ نے اجمیر کے خواجہ صاحب کی درگاہ کی بڑی دیگ پکوا کر تقسیم کی۔

ممالک غیر

— ۱۶ فروری۔ لندن۔ لاہور کی خبروں سے معلوم ہوا کہ ماہر پاشا سابق گورنر سوڈان زیر حراست جسکو خدیو کی گذشتہ لڑائی سے تعلق۔ انگریزوں کے دباؤ سے معزول کیا گیا تھا اسکو خدیو نے اعلیٰ خطاب دیا کہ پھر دوسرے عہدہ پر فائز ہوئے۔ خدیو کا یہ فعل بہت ناپسند کیا گیا۔

— سینٹ پیٹرزبرگ کے ایک ایڈیٹر نے کاریٹ بلاسنگ کا نقد اخبار چلانا شروع کیا ہے۔

— ۱۶ فروری۔ لندن۔ روس اور جرمنی کے تعلقات گیہوں اور سخی کے تبادلہ پر جرمنی کا محصول جو حال ہی میں بڑھا دیا گیا ہے اسکی طرف اشارہ کر کے ایک موقعہ پر شہنشاہ جرمنی نے کہا کہ اگر یہ اصلاح نہ ہوئی تو محصول کے بڑھانے کی ہمیں تک پہنچ جائیگی۔

— فرانسیسیوں نے افریقہ میں اپنا جھنڈا گاڑنے کی غرض سے ٹمبکٹو پر قبضہ کر لیا ہے۔

— فرانس اور انگریزوں میں افریقہ میں پھر لڑائی ہوگئی ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوا کہ کہاں اور کب لڑائی ہوئی۔ مگر فریقین سے تیاریاں ہو رہی ہیں۔

— مسٹر برٹش سول لارڈ ممکہ ایرایجسی نے ایک اسپیچ میں بیان کیا کہ انگلستان نے اپنے جنگی جہازوں کی بنیادی کے لیے جو روپیہ تجویز کیا ہے اسکے ایک حصہ پر اس سال تعلقہ آمد ہوگی لیکن کل تجویز جو کئی سالوں کے پتے ہے ظاہر نہیں کیجائیگی تاکہ دوسری قوموں کو حال معلوم نہ ہو جائے۔

— لندن ۱۶ فروری۔ ہوس آف لارڈس نے پیٹرس کونسل بہت سی ترمیموں کے ساتھ منظور کیا۔

— انگریزی تجارتی کاغذات سے معلوم ہوتا ہے کہ جنوری میں بمقابلہ ماہ گذشتہ کے تجارت برآمد میں ایک لاکھ ۴۳ ہزار اور درآمد میں دس لاکھ پونڈ کی ترقی ہوئی ہے۔

— ٹروتھ لکھتا ہے کہ مسٹر گلیڈسٹون نے اپنی پہلی تقریر ہوس آف کامنز میں ۱۸۳۲ء کو جو اصلاح ہند میں مسئلہ غلامی کی نسبت کی تھی ۱۸ ماہ پاشا ہز سوبزا کا گورنر مقرر کیا گیا ہے مگر درجہ عثمانیہ اعلیٰ تمغہ اسے نہیں ملا۔

— اخبار سٹنڈرڈ روس و جرمنی کے تجارتی عہدنامہ پر پریشان ہو رہا ہے۔ اس لیے کہ اسکو ان دونوں سلطنتوں کے اتحاد کی ابتدا سمجھتے ہیں۔

— اضلع متھرا کا جہاز کیپٹن سارج بحیرہ کریبین کی ایک چٹان پر ٹوٹ گیا۔ افسر اور ملاح بچ گئے۔

— نمائشگاہ شکاگو کے اخراجات سوا سو روپے نکالکر ۱۱ لاکھ ۷ لاکھ خالص منافع حصہ داروں کو تقسیم ہوا۔

— بمقام پیرس دو دو پہیہ گھوڑوں (رائیسائیکل) کے سوار بیچ ایک میل دوڑ کی شرط بندی۔ آخر لنش انگریز ۴ منٹ گز آگے نکلکر شرط جیت گیا۔

— پچھلے دنوں میں چار عرب شیخ عبداللہ کو ملنے کی ملاقات کے لیے بمبئی گئے۔ انمیں ایک شریف اور باخاطر تھا۔ یہ لوگ اہل یمن کی طرف سے وادی کرما شاہ کے جو حال میں اپنی رعایا کے سلام قبول کیا ہے کچھ پیغام لیجا رہے تھے۔ وادی افریقہ میں ایک بہت بڑا علاقہ ہے جو کہ قریب فرانس کے ہے اور یہاں کے بادشاہ (جو تمام رعایا کے سلام قبول کرتا ہے)

حفظ صحت

استفسار

۹- آنکھوں کا دکھنا:۔ میرے ایک عزیز کی آنکھیں دو مہینے سے سخت درد کرتی ہیں۔ اب تکلیف ہو رہی ہے۔ سرخی بڑھ گئی ہے۔ نظر گھٹتی جاتی ہے۔ اگر کوئی صاحب بطور فائدہ عام اس کا نسخہ اخبار میں مشتہر فرما دے تو نہایت عنایت ہے (کرم بخش۔ بولان)

۱۰- کھانسی:۔ بلند شہر میں کھانسی کا زور ہے۔ کوئی صاحب کسی مجرب علاج سے مطلع کریں۔ (عبد القیوم)

۱۱- دمہ:۔ میرے ایک دوست کو دمہ کا عارضہ ہے۔ عرصہ دو برس کا گزرا کہ جب سے ہوا ہے دمہ ہر برسات میں دورہ اس کا عود کر آتا ہے۔ بذریعہ اخبار عین صاحب کو علاج مجرب اس مرض کا معلوم ہو ممنون فرمائیں۔ (خلیل الرحمن لی مرچنٹ)

۱۲- ضیق النفس:۔ میرے ایک دوست کو عارضہ ضیق النفس ایک عرصے سے لاحق ہے۔ کیا آپ کے ناظرین اخبار کوئی عمدہ نسخہ اس مرض کا تحریر فرما سکتے ہیں۔ اور یہ بھی ظاہر کریں کہ ضیق النفس اور دمہ میں کیا فرق ہے یا دونوں عوارض ایک ہیں۔ اگر دو ہیں تو دونوں کی شناخت علیحدہ علیحدہ کیا ہے۔ (بابو رام پرشاد اینٹ چکرتا)

علاج

۱۸- پھولہ:۔ حسب درخواست منشی تلسی بخش ہوش جگلور مندرجہ اخبار متعلق پھولہ ہمیشہ رسائل کے چاہتے کہ بیج کتانی عرق لیموں ۳ حصہ کا خذی میں حل کر کے ہر روز مالیا کریں۔ پھولہ دور ہو جائیگا۔ مجرب ہے۔ (بحکم اللہ دیا از سہنور)

۱۹- فرانس البول:۔ سفوف سدکرانی تولہ کشنیز تولہ خوبخاں تولہ۔ جملہ باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں خوراک ۱ ماشے ہمراہ شربت خشخاش ۲ مثقال یک ماشہ وقت بیدستر ۱ ماشے روغن سوسن میں ملا کر رات کو شلنے پر لیپ کر دا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد شفا ہوگی۔ آزمودہ ہے۔ صاحب سوزاک اول تین روز تلاب ہمراہ بستی شیرہ گاؤ۔ شوره قلمی ۱ ماشے مزید سفید ۱ ماشہ۔ کباب چینی ۱ ماشے۔ الائچی کلاں ۱ ماشے کوٹ چھان کر تین حصے کریں بعد گوند خبیثہ تولہ۔ نبات تولہ سفوف کر کے خوراک ۱ ماشے ہمراہ بستی وغیرہ

۲۰- مارگزیدہ:۔ پیسہ اخبار مجریہ ۲۲ ڈسمبر ۱۸۹۳ء حسب استفسار جناب سردار دیوی سہائے صاحب گزارش ہے کہ دوائی مذکور کے استعمال سے تو ضرور ہوگی۔ اسہال کا ہونا طبیعت پر منحصر ہے۔ اگر طبیعت نرم ہے تو اسہال بھی ضرور ہوگا۔ ورنہ دوائی مذکور دو تولہ سے سہ چند تک کھلا کر دودھ میں کمی زیادہ یعنی بحسب طبیعت سیر بھر دودھ کے ساتھ گھی ملا کر پلا دیں۔ قے اور اسہال ضرور شروع ہو جائینگے اور اس سے شفا کی خاطر امید ہو سکتی ہے۔ بعض صورتوں میں قے اور اسہال کے بغیر بھی شفا ہو جاتی ہے مگر قے اور اسہال کا ہونا ہر حالت مفید ہے۔ قے اور اسہال کی حالت میں کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں تسکین کے واسطے کسی قدر تماشہ منہ میں رکھ سکتے ہیں۔ البتہ اگرچہ تکلیف وہ حالت تک تجاوز نہ کر جاوے تو سنگ جہود صرف دو چھٹانک گرم پانی میں گھس کر ایک ایک تولہ پندرہ منٹ کے بعد پلاتے رہیں۔ یوں صحت حاصل ہوگی۔

حاکم الدین مستری از شکارپور۔ سندھ

شعر و سخن

"اُدو کو الفرمی کے لئے کوئی سدّ راہ نہیں"

اقبال اک برس جو مرا تاج سر ہوا — شملہ میں مجھ کو موسم سرما بسر ہوا
جاڑے کے مارے چلتے ہوئے پانی تھم گئے — اور جو جمی ہوئے تھے وہ یخ ہو کے جم گئے
دامان کوہسار میں سورج بھی لیٹ کر — دبکا لحاف برف میں منہ تک لپیٹ کر
دیکھا جدھر کو سب در و دیوار تھے سفید — باہر چلو تو دامن کوہسار تھے سفید
پتے تھے سوکھے جاڑے سب دور کر دئے — اور جسم درخت برف نے عریاں کر دئے
اک رات بیٹھے بیٹھے جو میں تنگ آ گیا — گھر سے نکل کے سوئے بیاباں چلا گیا
دیکھا کہ دور تک ہے اک تازہ نوجوان — ہمت کے ہاتھ میں ہے اٹھائے ہوئے نشاں

ہے اس پہ دھن سے لکھا "یہاں بڑھے چلو"

ہمت کا اس کی حال میں لکھ کر بتا دیں کیا — کاغذ کے ذرہ ذرہ میں دریا کو لا دیں کیا
جاتا تھا نوجوان عجب آن بان سے — پیدا شکوہ و شان تھی اس کے نشان سے
چلتا تھا دم بدم تھا اور سر بھی تھا بلند — گویا خروش جوش دل میں دبا تھا
کیا جانے فکرمند تھا یا کیا خیال تھا — تیور بدل گئے تھے کچھ ایسا خیال تھا
سینہ میں نور جوش تھا منہ میں تھی صدا — لیکن خموشی اس کی بآواز کہہ رہی تھی ہر قدم پہ صدا "یہاں بڑھے چلو"

وہ آگے آگے جاتا تھا میں ساتھ ساتھ تھا — وہ ہمت اس کے شوق کا اور میرا جذبہ تھا
ہو آگئے کچھ سیاہی شب روز پر پڑی — آبادی ایک شہر کی ہم کو نظر پڑی
خوشحال گھر در انہیں خوشی بولتی ہوئی — باتیں کہ دل سے غم کی گرہ کھولتی ہوئی
گھر گھر بجا رہے تھے سرود و رباب سے — دروازوں پہ چراغ تھے نوروز کے لئے
تھی ہر طرف سجاوٹ کا سامان کیا کہنے — تاریخ تھی کہ کنارے تھی آنکھ بچھائے
آرام کر رہا تھا کہ آگے نہ جا۔ نہ جا — اور میں یہی کہہ رہا تھا کہ چل چل بیجا بیجا
سمجھا تھا وہ کہ اب نہیں سمجھا کہے گئے — اتنا بھی ذی فہم مجھے کہیں کہ یہ رہے

چپکے سے گر کہا تو کہا "یہاں بڑھے چلو"

پھر تھا نہ تھا نہ ابھی نہ شب تیرہ فام نے — اک پیر مرد تجربہ کار آیا سامنے
پیری کی برف نے تھا اسے تن بدل دیا — موئے سفید نے مخملی پر چرخ دیا
بولا کہ اے جوان عجب کالی رات ہے — اور وقت وہ کہ رات باقی کی ذات ہے
تنسان منگل کی زد پہ خوشی سامنے میں ہیں — چاندی کی پہاڑیاں تھی وہ ڈلی ہاتھ میں
طوفان برف سر پہ کفن تولے تلا ہوا — ہے یہ وہ کہ موت کا شانہ ہے کھلا ہوا
مانا کہ لطف و عیش کا اب پر نظر نہیں — جانا کہاں سجان کا بھی کچھ گھر نہیں
یہ سنکے نکلا شعلہ دل نوجوان سے — گویا ستارہ ٹوٹ پڑا آسمان سے

اور اس نے دی گرج کے صدا "ہاں بڑھے چلو"

تھی رات تنگ ابھی نہ روح عالم پیر تھی — گو شک کی ڈالی تھی کسے عنبر کھیرتی
کیا جانے تم نکل کے کدھر سرکنے گئے — دیکھا کہ جاڑا زور سے اپنے آ گئے
موسم بھی معتدل ہے ہوا بھی مہک گئی — خوشبو کا ہے یہ حال کہ دنیا مہک گئی
اور جانور میں رات کی آواز دی رہے — بلبل کے ساز جیسی ہو لیسار دے رہے
پانی کی ہیں پہاڑ سے آوازیں آ رہیں — جو زور و شور کی تھی وہ میں مرغیں طاہریں
ناگاہ آئی ایک پری زاد سامنے — کی رنگ سے بلبل رنگیں کو مات نے
جاتے ہو ایسے وقت میں کس کام کے لئے — آرام کیجئے رات ہے آرام کے لئے
دیکھا پری کو اس نے مگر چشم ناز سے — اور پاس ہو کے نکلا عجب سوز و ساز سے

پر اتنا مسکرا کے کہا "وہاں بڑھے چلو"

(مولوی محمد حسین آزاد) باقی آئندہ

لسن ہلاؤ:۔ اگر کوئی صاحب ترکیب تیار لسن ہلاؤ مسدد اتفاقیہ بطل تو مذیعہ پیسہ اخبار مطلع فرماویں۔ (سیام سندر لال ہیڈ ماسٹر مڈل سکول بجنگ گڈھ)

پانچ روپے کا انعامی مقابلہ

ایک پوسٹ کارڈ پر ایک سے بارہ تک پیسہ اخبار کا نام جتنی مرتبہ ہو سکے لکھ کر ایڈیٹر کے پاس بھیجنا چاہئے۔ مفصل شرائط کے لئے ۲ فروری کا پرچہ دیکھو۔

معلومات کا گنج

——— دریائے نیل ایسی ہموار زمین پر بہتا ہے کہ ایک ہزار میل میں صرف چھ فیٹ نشیب ہے۔

——— مارسیلز و فرانس میں انسانی بالوں کی منڈی ہے۔

——— آسٹریلیا میں گاڈ سے چڑیا کی گھوڑوں کی نعلیں بنتی ہیں۔

——— انگلستان میں ۳۵ ہزار اندھے ہیں۔

——— فرانس کی فوج ۱۸۱۴ء سے اب تگنی بڑی ہے۔

——— جب کوئی شخص اچھا پڑھا ہوا چیخ چیخ کر پڑھتا ہو تو چاہیے سو لفظ فی منٹ کے حساب سے عبور کر جاتا ہے۔

——— جتنے لوگ پیدا ہوتے ہیں ان میں سے ایک چوتھائی چھ سال عمر سے پہلے مرتے ہیں اور نصف سال کی عمر سے پیشتر۔

——— لنڈن میں دس لاکھ پونڈ صرف جنازوں کا خرچ سالانہ ہے۔

——— چھ لاکھ سے زیادہ مویشی صرف گوشت گاؤ خاست کھانے کے لئے ذبح کئے جاتے ہیں۔

——— صرف سور ایسا حیوان ہے جس پر زہریلے سانپوں کا ڈنگ اثر نہیں کرتا۔

——— تیرہ سال مختتمہ ۱۸۸۵ء میں انگریزی جہازوں کے ٹوٹنے سے ۲۵۰۵۳ ملاح اور ۳۱۹ مسافر ڈوبے۔

——— جاپان میں دستور ہے کہ جب لوگ تماشا گاہ میں کسی کھیل پر تالیاں نہ بجاتے ہیں تو وہ نفرت یا تضحیک کے نعرے نہیں مارتے بلکہ صرف تماشا گاہ کی طرف پیٹھ کر کے کھڑے ہو جاتے ہیں تو تماشا والے پارٹ بدل دیتے ہیں۔

——— کہتے ہیں قصہ گو سننے والے کی پیشانی پر پیش از وقت جانی رہتی ہے۔ (ولی سنگھ۔ میرٹھ)

حکمت کے موتی

۱۱- عبد اللہ بن مبارک کہتے ہیں کہ یہ چار کلمے چار ہزار حدیث سے انتخاب کئے گئے ہیں:۔ (۱) عورت پر وثوق نہ کرنا۔ (۲) مال پر بھروسہ نہ رکھنا۔ (۳) معدہ کو اس چیز سے خالی نہ کرنا جس کی وہ طاقت نہیں رکھتا ہے۔ (۴) وہ علم سیکھنا جو کام آوے۔

۱۲- ڈر و جلد معصیت ہو۔ شاذ کہیں اس سے دوستداری اٹھے جو نہاں مانہ لوگوں میں کالا کرتوت یعنی رسوا ہو جاوے۔

۱۳- سقراط کے اقوال:۔ "ہم کو وہ بات نہیں کرنی چاہئے جس کی ہم خواہش کریں۔ بلکہ وہ بات کرنی چاہئے جو اچھی اور صحیح ہو۔ (۲) کوئی شخص کسی عزت اور دولت کو بلا عقلمندی اور راستبازی نہیں حاصل کر سکتا ہے۔ (۳) معیت ہم کو ایک نوع اور عمدہ زندگی تک پہنچاتی ہے۔"

۱۴- وصیت لقمان:۔ "آئندہ دیکھ اگر تو خوبصورت ہے تو وہ کام مت کیجیو جو خوبصورتی کے شایان ہو اور اگر بدصورت ہے تو وہ کام مت کیجیو کہ جس سے

پیسہ اخبار

نمبر ۶ | یوم جمعہ ۱۶ فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۹ شعبان ۱۳۱۱ھ موافق ۵ پھاگن سمت ۱۹۵۰ بکرمی | جلد ۸

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

یورپ کی فوجیں۔ مندرجہ ذیل جدول افواج یورپ کا اخبار "لی کانوسٹ یورپین" نے دیا ہے۔ اس میں ۱۸۶۹ء سے لے کر ۱۸۹۳-۹۴ء تک چار مختلف زمانوں کے افواج درج کی ہیں۔ ناظرین حیران ہونگے کہ اس زمانے میں یورپ میں فوجی افواج میں کتنی ترقی ہو گئی ہے۔ خصوصاً فرانس۔ روس۔ جرمنی اور اٹلی کے فوجی مصارف میں جو اس بوجھ کے نیچے مر رہے ہیں کتنا اضافہ ہوا ہے:-

اقوام	۱۸۶۹ء ملین فرانک	۱۸۸۰-۸۱ء ملین فرانک	۱۸۹۶-۹۷ء ملین فرانک	۱۸۹۲-۹۳ء ملین فرانک
فرانس	۶۴۹٫۳	۱۰۱۶٫۱	۹۰۴٫۷	۸۹۰٫۰
روس	۶۱۵٫۶	۸۶۲٫۸	۹۸۲٫۳	۱۱۰۷٫۱
جرمنی	۵۰۱٫۴	۵۳۹٫۴	۸۲۲٫۷	
آسٹرو ہنگری	۵۷۳٫۶	۳۱۱٫۴	۳۴۲٫۲	۴۲۱٫۴
اٹلی	۱۸۴٫۴	۲۳۷٫۰	۳۲۴٫۹	۳۵۵٫۱
انگلینڈ	۶۰۵٫۴	۷۶۰٫۰	۹۷۸٫۴	۸۳۲٫۴
بلجیم	۳۶٫۸	۴۴٫۱	۴۵٫۶	۴۷٫۰
سپانیہ	۱۲۷٫۸	۱۵۴٫۰	۲۰۰٫۳	۱۷۰٫۳
سویٹزرلینڈ	۵۰٫۵	۶۹٫۷	۶۹٫۴	۷۵٫۳
نیدرلینڈ	۴٫۸	۱۴٫۱	۱۷٫۲	۳۲٫۷
یورپ کل	۲۷۴۸٫۴	۳۹۸۱٫۲	۴۴۲۲٫۱	۴۷۵۸٫۰

دنیا میں اوسط بارش۔ کل روئے زمین کی سطح پر بارش کی اوسط ۳۹ انچ یا ۳ فیٹ حساب کی گئی ہے۔ اور کل سالانہ بارش سطح زمین پر ۱۵۲۰۰۰ مکعب میل تخمینہ کی گئی ہے۔ یہ امریکہ کی جھیل ایری کو ۳۰ مرتبہ پر کرنے کے لئے کافی ہے اور عظیم الشان جھیل سوپیریر کو ۱۵ مرتبہ۔ اس حساب سے پانی کی مقدار کا جو ہر سال بذریعہ ابخرات سمندروں میں چلا جاتا ہے اور زمین پر بصورت قطرات کے برستا ہے کچھ اندازہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ حرارت آفتاب کو اس باری میں کتنا کام کرنا پڑتا ہے۔

تعلیم کا خرچ۔ انگلستان میں تیس کروڑ روپیہ سالانہ علی العموم پر اور اس کروڑ روپیہ سالانہ ابتدائی تعلیم پر گورنمنٹ کو خرچ کرنا پڑتا ہے۔ کیونکہ انگلستان کی کل آبادی جدید مردم شماری کے مطابق صرف ۳ کروڑ ۷۰ لاکھ ہے۔ لیکن ہندوستان کہ جہاں کی مردم شماری ۲۸ کروڑ ۷۰ لاکھ ہے صرف ۸۰ لاکھ روپیہ سالانہ سرکار تعلیم پر خرچ کرتی ہے۔ اور اب اس کو بھی بہت کم کر دینے کی وسائل سوچ رہی ہے۔

سنہ ۱۸۹۳ء میں انگلستان میں کل ۲۰۷۲۰۰۰ گھر تھے جن کے کرایہ کی مالیت ۱۰۲ پونڈ تھی۔ مگر اب ۲۳۴۷۰۰۰ گھر ہیں جنکو کرایہ کی مالیت ۱۳۴۷۰۰۰۰ پونڈ اندازہ

مذاق

امام حسنؑ کے وجود اشارہ کو دیکھ کر حضرت معاویہؓ نے اعتراضاً یہ لکھ بھیجا کہ "لا خیر فی الاسراف" یعنی فضول خرچی میں بھلائی نہیں ہے۔ تو آپ نے انہیں کے الفاظ کو پلٹ کر لکھ دیا کہ "لا اسراف فی الخیر" یعنی نیک کاموں میں خرچ کرنا اسراف ہی نہیں ہے۔

ایک طوائف ایک محفل میں رقص و سرود کے لئے گئی۔ پاپوش کو گم ہونے کے خیال سے اپنے پاس رکھ لیا۔ میر مجلس کی نظر اس پر پڑی۔ از راہ ظرافت اس سے یہ کہا کہ بی صاحب اپنا جوڑا مجلس میں بھی بغل میں رکھتی ہو۔ یہ بازاری کب مچکنے والی تھی بے ساختہ کہہ بیٹھی جی جناب لونڈی ہمیشہ اپنا جوڑا اپنی بغل میں رکھتی ہے یہ حضور ہی کا جوڑا ہے جو شب و روز عذر منگا کی بغل میں رہتا ہے۔ (درباندیشوں کے لئے مقام عبرت ہے کہ مہینہ مذاق کیسا ذلیل کرتا ہے)۔

ایک مجلس میں بھانڈ نقل کے لئے بلائے گئے۔ میر مجلس اس کے ایک مفتی صاحب تھے۔ ایک بھانڈ ایک خوبصورت جوان عورت کو لایا اور دوسرے سے مخاطب ہو کر کہا کہ یہ بڑی مشکل میں ہاتھ آئی ہے۔ اس کے پیچھے بڑا روپیہ خرچ ہوا ہے۔ دوسرے نے کہا کہ کس قدر پہلے نے جواب دیا کہ پانچسو روپئے۔ دوسرے نے کہا کہ بھلا اس قدر کیسے ممکن ہے تم غلط کہتے ہو۔ آپ فرماتے ہیں کہ اچھا میرا کچھ نہیں خرچ ہوا یہ مفتی ہی کی سہی۔ اس پر فرمائشی قہقہہ پڑا۔ مفتی صاحب جھینپ کر چپ ہو گئے۔

ایک صاحب ذکر کرتے ہیں کہ پنجاب میں ایک پادری صاحب سے ایک مولوی صاحب ملاقات کرنے گئے۔ پادری صاحب یورپین نژاد تھے اور ملک کی زبان کے دقائق وغیرہ سے بہت زیادہ واقف نہ تھے۔ پادری صاحب نے مولوی صاحب کو ملاقات ہو چکنے کے بعد بطریق تواضع فرمایا کہ میں آپ کو اپنی ہم صاحب سے بھی ملاقات کرانا مگر اس وقت وہ ساتھ کے کمرے میں ایک بار کے ساتھ باتیں کر رہی ہیں۔ اس سے محفل ہونا مناسب نہیں۔ مولوی صاحب کو غضب ہوا کہ مسکوحہ بیوی کا پارچہ! پادری صاحب نے کہا ہمارا مطلب یا سے آشنا کا ہے۔ یعنی وہ صاحب ہماری بیوی کے بڑے گہرے دوست ہیں۔ مولوی صاحب کو گو اطمینان ہوا لیکن اتنا سمجھ گئے کہ یورپ میں عورتیں اپنے شوہروں کے سامنے آشنائیں سے بغل گیر محفل ملاقات کر سکتی ہیں۔

"اخبار میں کوئی چیز نئی بھی ہے؟" "ہاں" "کیا" "آج کی تاریخ"

عجیب عجیب باتیں

موت کی خبر دینے والا کلاک۔ یہ خبر کئی اردو اخبارات میں چھپ رہی ہے۔ ہم سے ایک انگریزی اخبار ڈیٹیشین سے ترجمہ کرتے ہیں۔ راست درج برگردن راوی۔ سینٹ لوئس (ریپبلک نامی امریکہ کے اخبار کو ونسٹن کے نامہ نگار نے لکھا ہے۔ کہ واشنگٹن کنٹری سے ایک عجیب روایت میرے پاس پہنچی ہے۔ یہاں ایک شخص پیٹر شرخ نامی ہے۔ اس کے پاس ایک بڑا پرانا کلاک تھا جو نہ چلتا تھا اور نہ بجتا تھا اور اس واسطے اس کو ایک عام جائداد کی اشیا میں پھینک رکھا تھا۔ اب تھوڑے دن ہوئے کہ کلاک بجا اور بجنے والے دیکھ کر بڑے حیران ہوئے کہ اس نے خود بخود دو بجائے۔ اور اس بجنے کے ٹھیک دو ہفتے بعد بجنے کا ایک آدمی ہر گیا۔ اسی چند ماہ بعد یہ کلاک پھر دو دفعہ بجا اور ویسے ہی دو ہفتے بعد ایک آدمی مر گیا۔ اس کی تھوڑی مدت بعد یہ پھر دو دفعہ بجا اور ایک آدمی پھر مر گیا۔ وہاں کے لوگ یہ عجیب کارخانہ دیکھ کر حیران ہیں اور ابھی تک کوئی اس مسئلے کو حل نہیں کر سکا۔ یہ ڈاکٹر پیرکن کے ایک رئیس نے جو اس کی تصدیق بھی کرتا ہے بیان کی ہے۔

گایوں کی پرورش اور ان کی آمدنی۔ جرسی کی گائیں دودھ اور دودھ کی چکنائی کی وجہ سے مشہور ہیں۔ ایک گائے جس کا نام بلس ہے سال بھر میں ۱۲۴۱۲ پونڈ دودھ دیتی ہے۔ جس سے ۲۰۹ پونڈ مکھن برآمد ہوتا ہے۔ ایک آڈر گائے یلی فلیک نامی کا ذکر ہے کہ سال میں وہ ۱۱۲۳۹ پونڈ دودھ دیتی ہے جس سے ۱۰۴۷ پونڈ مکھن برآمد ہوتا تھا۔ اس حساب سے پندرہ سیر دودھ اور ڈیڑھ پاؤ مکھن روز دیتی تھی۔ آڈر گایوں کا ذکر بھی ہے جو بیس سیر دودھ روز دیتی ہیں۔ پر مکھن کم نکلتا ہے۔ نیو انگلینڈ کے کسان ایسی گایوں کا رکھنا نقصان سمجھتے ہیں جو سے کم از کم ڈھائی سیر دودھ نہ ملے۔

چین کی عجیب رسمیں۔ چین سے خبر آئی ہے کہ وہاں کے شاہی کالج کے طبیب لوگ شہنشاہ کی بیماری کی درست تشخیص نہ کر سکے اس لئے ایک برس کے لئے ان سب کی تنخواہیں ضبط کی گئیں۔ وہاں کی بعض رسمیں ایسی ہی ٹیڑھی ہیں۔ یہاں ایک عدالت میں مقدمہ دائر دوسری میں جیتو گے۔ پھر اپیل کیا اور ہار گئے پھر اپیل کیا اور جیت گئے عدالتیں جو جی میں آیا اناپ شناپ فیصلہ دیتی گئیں۔ پیروی کنندہ اگر سر میں طاقت اور کمر میں روپیہ رکھتا ہے تو نیچی سے اونچی اور پھر اس سے اونچی عدالتوں میں قسمت آزمائی کیا کرے۔ چین میں ایسا نہیں ہے وہاں اگر چھوٹی عدالتوں کے فیصلے کا اپیل منظور کیا جائے تو مجسٹریٹ کو پوچھتے ہیں یہ غلطی کیوں کی۔ پوچھنے اور جواب لینے پر ہی اکتفا نہیں کرتے بلکہ سخت جرمانے ہوتے ہیں اور دوسری قسم کی بیعزتی اور بربادی بھی حسب مقدار جرم کیجاتی ہے۔ ایک آڈر قانون وہاں یہ ہے کہ جو شخص

بفضل الٰہی کارخانہ ۱۸۷۶ء سے جاری ہے ۔ ادویہ شرطیہ تا حصول صحت دی جاتی ہیں

خیر الدین بشا ہدین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ مرتسر بازار کی ادویہ

ملک کی عام رائے کا فوٹو

ملک کی عام رائے کا فوٹو

روغن جلا

کمزوری اعصاب کیواسطے جو اکسیر ہے اور ہر قسم کے درد کا ربوں سے ہو کر آرام ہو جاتا ہے اگر ہو تو ہر قسم کی ہیضہ کی بیماری ہو تو ہر قسم کی ہیضہ کی بیماری ہو تو ہر قسم کی ہیضہ کی بیماری

روغن خیری

حبوب خیری

پکٹورل بام

عرق بخار

عرق طحال

حبوب

روغن کان کیلئے

حبوب

روغن دانت

حبوب

جناب سردار ... صاحب سب اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ نہر (۴ نومبر ۱۸۹۳ء) آپکے جو نسخہ شافی سے مرض آتشک کو بہت فائدہ دیا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب لالہ ... صاحب گرداور ... (۲۴ نومبر ۱۸۹۳ء) سابق دو دفعہ آپ کی دوائی منگوائی گئی ۔ عمدہ ہے اب مجھکو ایک دوست کے لئے روغن طلا (۱۲ شیشی) حبوب خیری (۱۲ بکس) کی ضرورت ہے بواسیلی ڈاک لطف فرماویں ۔

جناب ... صاحب سب پوسٹماسٹر ... (۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء) ۔ آپ کی ادویات درحقیقت عمدہ اور جادو کا اثر رکھتی ہیں مجھکو روغن دافع ... جو کہ آپنے ارسال کیا تھا اس سے ۱/۲ فائدہ چار روز میں ہوا ۔ امید واثق ہے کہ باقی ادویہ سے بھی فائدہ ہو جاوے گا ۔

جناب محمد شاکر علیشاہ صاحب زمرادآباد (۱۰ جنوری ۱۸۹۴ء) ۔ آپکو واضح ہو کہ ایک مدت آپ کی دکان سے دوائیں لیکر استعمال کرتا رہا ہوں ۔ اب آپکی دوائیں ... سے منگوائی ہیں ۔ ... ۔

جناب ... صاحب ... (۱۸ اکتوبر ۱۸۹۳ء) ۔ آپ کی دوائی دافعہ مرض ... بہت مجرب ہے ۔ ... ۔

حبوب بواسیر

خونی ہو یا بادی ۔ دائمی قبض یا مسوں سے درد ہو بہت جلد فائدہ اور ایکہفتہ میں صحت ۔ فیکس ۳۶ گولی (۱۲ عدد)

پکٹورل بام

کھانسی خشک تر ۔ کالی کھانسی ۔ نزلہ اور زکام اور دمہ آواز بیٹھ جانا ۔ ابتدائی سل ۔ دغیرہ وغیرہ امراض کے لئے جو اکثر موسم سرما میں شروع ہوتی ہیں ۔ ان کے دفعیہ کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی دوائی نہیں ہے صرف دو تین روز میں فائدہ

عرق بخار

یہ عرق ۱۸۷۶ء ہی سے جاری ہے اور پنجاب کا کوئی شہر ما قصبہ خالی نہیں جہاں بفضلہ تعالیٰ مریضان نے اسکے نتیجہ وچہ تہیہ تپ اس کے جادو کے اثر سے مستفید نہ ہوئے ہوں ۔ ایک شیشی جو ہر مریضوں کے واسطے کافی ہے قیمت فی شیشی ۱۲

عرق طحال

تاب ڈالکیلئے نہایت مفید ہے ممالک شمالی مغرب میں کثرت سے اسکا استعمال ہوتا ہے پرانے مریض کے لئے عرق اور حبوب دونو استعمال کرنے چاہئیں ۔ یہ عرق صرف ایک دن کے استعمال سے بہوک شروع کر دیتا ہے اور بدن سے زردی دور ہونے لگتی ہے ۔ فی شیشی

دانتوں منجن کا

دانتوں کے فوائد اور انکی ضرورت ہر ایک جانتا ہے ان کی حفاظت کیلئے یہ منجن بیمثل فائدہ مند ہے سوا کے ہمراہ استعمال کرنے سے عام بیماریوں (خون بہنا ہو یا دانت ہلتے ہوں درد کرتے ہوں وغیرہ) کو دور کرتا ہے بڑی خوبی یہ کہ دانت موتیو نکیطرح خوبصورت اور مضبوط ہو جاتے ہیں ۔ قیمت فی شیشی ... (۸ر)

روغن کان کیلئے

خشک درد ہو ۔ ریم بہتی ہو یا ... ایک قطرہ کان میں ڈالنے سے آرام ہو جاتا ہے فی شیشی ... (۱۰ر)

حبوب خیری

فیکس ۳۶ گولی (۱۲ عدد)

خیر الدین بشا ہدین سوداگران ادویات انگریزی مرتسر ہال بازار (پنجاب)

کیا آپ مذہب کو عزیز رکھتے ہیں

کوئی ہندو یا مسلمان ہمکو قائل کر دے کہ انگریزی ادویہ شراب یا ہڈی جانور کردن سے پاک ہوتی ہیں۔ جو ہر یک مذہب میں ممنوع ہیں تو پس جب یہ حالت ہو تو روپیہ گیا سے خرچ کر کے مذہب کو کھوئے صحت سے ہاتھ دھوئے۔ وہ کون عقلمند ہے۔ کیونکہ بصورت ناموافق ہونے کے بعد عدم واپسی کی پالیسی ہمارے ہاں جاری ہے۔ ہمارا دیسی دواخانہ ہمیشہ سے آزمودہ ہے۔ شفاخانہ زبدۃ الحکماء حکیم محمد اکبر غلام نبی جی ہاں روزانہ ۱۰ بجے (۲) حب واکسیر قبض۔ نفخ شکم۔ قراقر۔ درد کمر۔ درد مفاصل۔ دل کا دھڑکنا۔ جسم کا پھڑکنا خرابی گردہ۔ درد دل۔ قلت حیض۔ ورم رحم۔ کمی ہشتا۔ سدہ۔ برق۔ اعضا۔ کثرت عطسہ و ریاح۔ شقیقہ وغیرہ ۳ درجن عدد۔ (۳) حب ذیابیطس۔ زیادہ پیشاب کی آگ۔ اشتعال۔ دماغی۔ سے جیسی کمزوری۔ حرارتی جگر۔ پیدائشی شکر و کاربکل کو روکتا ہے نی تولہ ۱۰ (۴) حبت بواسیر۔ دنیا سے اکثر کرنے والا مرض۔ بواسیر خونی و بادی درد ہو۔ دو ہفتے تا مفصل فہرست و سائر شکایت کی کتاب مفت محصول پاک آنے پر روانہ ہوگی +

اہل ہند کو تازہ خوشخبری

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین اکبر تسریع جو کہ پینتیس سال سے شفاخانہ قرشیہ ہیرا منڈی لاہور میں کام کر رہا ہے مریضوں کو مطلع کرتا ہے کہ جو مریض کہ ہمارے دواخانہ سے علاج کرنا چاہیں وہ اپنا کیس ہمارے پاس بھیج دیں۔ ہمارے ہاں ہر قسم کی دوائیں موجود ہیں۔ ہمارے پاس تجربہ کار حکیم مقرر ہیں۔ ہم ہر مریض کو دوا دینے سے پہلے اچھی طرح دیکھ بھال کر دوا دیتے ہیں۔ ہمارا دواخانہ ۱۸۹۰ء سے قائم ہے۔ ہمارے ہاں ہر قسم کی دوائیں موجود ہیں

ہمت نہ ہاریئے

ڈاکٹر رحمن کی دمہ کی دوا

راحت دے چلی ہے جیسے زور سے پھیلتا ہوا بس دوا کی دو ایک معتادی سے دبتا ہے

(۲) شروع میں اس دوا کا استعمال کیا جاوے تو زور جلد جاتا ہے

(۳) پرانے دمہ والے جسکا دمہ دم کا ساتھی ہو گیا ہے وہ بھی اس دوا سے بہت صحت پاتے ہیں یہاں تک کہ اس دوا کے سہارے بہتوں کی زندگی بوجھ ہو جاتی ہیں

قیمت فی شیشی بمعہ ڈاک محصول ایسی تین شیشی تک پانچ آنے (۵ر)

سارٹیفکٹ وغیرہ کی چھپی ہوئی کتاب مفت ملتی ہے

منگا کر پڑھیئے ✦

المشتہر ڈاکٹر ایس کے رحمن سرجن بند سرائیٹ کلکتہ

مجرب اشرطیہ! بے اثر تاثیر!!!

تمام دردوں اعصابی بنام بیلی رام کھیب بٹالوی۔ دروازہ لوہاری۔ چوک متی لاہور آنی چاہئیں۔ پانچ روپے سے زیادہ کی خریداری کنندہ کو ۱۰ فی روپیہ کمشن دیجاوے گی۔ مفردات موجود ہیں۔ طریق استعمال ہر ایک میں

بیلی رام کی گولیاں

واسطے دائمی قبض۔ دردسر۔ سر کا چکرانا۔ بیچ کا بدن سے دور کرنا۔ ان گولیوں کا کام ہے۔ قیمت ۵۰ گولی ۱ روپیہ ۲۰ گولی عجیب

امرت گولی:۔ مقوی باہ و مسکن جملہ امراض بلغمیہ بیچ کو دور کرنے والی۔ دو تین روز کے استعمال سے بھوک لگنی شروع ہو جاتی ہے۔ غذا کے ہضم کرنے اور طاقت بدنی کے زیادہ کرنے میں سوائے امرت گولی کے کوئی عمدہ دوا نہیں ہے قیمت پچاس گولی عجیب

جوہر جریان وغیرہ قیمت پچاس گولی ۱۲ ✦

میرے کا سرسہ سفید:۔ سیل نزول الماء جالہ پھولہ سرخی چشم ڈھلکہ دیگر امراض چشم کو مفید ہے قیمت فی تولہ عجیب ✦

معجون مقوی باہ:۔ وہ لکھان ہیں جو ہمیشہ قوت باہ کی شاکی ہیں۔ یہ معجون خوش ذائقہ۔ خوشرنگ۔ برق التاثیر ماء الحم منعظم ہر موسم میں موافق طبیعت۔ مقوی دل دماغ و جگر پٹھوں کی سستی دفع مفاصل عرق النساء۔ نقرس جملہ امراض بلغمیہ کو جڑ سے اکھاڑ دیتا ہے کثرت کا پھندا کرتا ہے۔ علاوہ اسکے خون خالص پیدا کر کے فربہ دلوں کو لطف نوجوانی دکھلاتا ہے۔ گرگ خوردہ پیر نوسال یقین گرد و جوان قیمت فی پوند طبعی نصف سیر بمحصول ہر ایک کو ڈاک خرید لازم ہے ✦

مفید عام

اگر تازہ مال ہر موسم سر ما کا عمدہ سے عمدہ ارزان۔ باکفائت اور فیشن ایبل خرید کرنا ہو تو ایک دفعہ ضرور بندہ کے ہاں تشریف لاکر ملاحظہ فرماویں۔ یا تھوڑا بہت بطور نمونے کے منگا کر دیکھیں۔ دور دیہات کے زمینداروں کی تکلیف اور جھوٹے وعدوں سے بچنے کے لیئے کارخانہ سلائی بھی جاری کیا گیا ہے۔ سلے سلائے کپڑے بھی ہر وقت برائے فروخت موجود رہتے ہیں۔ نقد قیمت کے خریدار کو دو پیسے فی روپیہ کاٹ دیا جاتا ہے۔ گر ان ہونے کی صورت میں مال خرید شدہ ایک ہفتے کے اندر واپس بھی ہو سکتا ہے بشرطیکہ خراب نہ ہو گیا ہو مختصر فہرست اسباب موجودہ دکان پیش ناظرین کیجاتی ہے:۔

گورنٹ چھوٹدار و سادی ہر قسم گاچ طلائی و سادی چھوٹدار ریشمی۔ ساٹن سادی و چھوٹدار مخمل ہر رنگ۔ پلین ساٹن چینی۔ بانات۔ کشمیرا۔ فلالین۔ سرج۔ کونگ۔ دوپٹہ۔ چادر۔ پشمینہ کشمیری۔ بانات برائے وردی ملازمان۔ پٹی کشمیری۔ چینٹ وغیرہ۔ سوتی مال ہر قسم موجود ہے۔ فہرست لکھنے سے مضمون بہت طول ہو جاتا ہے اس لیئے صرف اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ کپڑا ہر قسم کا بکفائت اور سال تیار سے ہی اس دکان پر ملتا ہے ✦

المشتہر

رام داس برادرز۔ ڈبی بازار لاہور

خضاب الجواب۔ آزمودہ و بے شرطیہ

ہزاروں ہر تبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ خضاب دنیا میں اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے بالوں سے لطف نوجوانی دیکھنا ہو تو بیباکی اور چستگی سے کام لیجئے۔ ہر تبہ جب چاہیں اپنی اصلی حالت پر آ سکتے ہیں۔ ہر قسم کے امراض دماغی سے بہت ہی جلد مفید ہے۔ ہر تبہ ۱ روپیہ۔ ہر تبہ ۲ روپیہ۔ ہر تبہ ۳ روپیہ۔ ہر تبہ ۴ روپیہ۔ ہر تبہ ۵ روپیہ۔ ہر تبہ ۶ روپیہ۔ ہر تبہ ۷ روپیہ۔ ہر تبہ ۸ روپیہ۔ ہر تبہ ۹ روپیہ۔ ہر تبہ ۱۰ روپیہ۔ ہر تبہ

دعوے حامیہ

اشتہار بنام مدعا علیہ مندرجہ بالا

مدعا علیہ مکرم نوٹس عدالت سے تعمیل کر کے ۲۰ جنوری ۱۸۹۶ء کو جاری ہوئے ہو نہ وقت پر تعمیل واپس آئے۔ ۳۰ جنوری ۱۸۹۶ء کیلئے تنظیم کیا گیا۔ ۳۰ جنوری کو بھی تعمیل واپس نہ آئی اب یہ اشتہار جستاً وجہ ہذا بطریق یونانی جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ اصالتاً یا بالتاً ۳ مارچ ۱۸۹۶ء کو عدالت ہذا میں حاضر ہو تو نسبت مدعا علیہ کے حسب منشاء قانون کارروائی یکطرفہ عمل میں آویگی۔ تحریر ۲۰ جنوری ۱۸۹۶ء

بالجلاس مسٹر ڈبلیو ایس سوونٹ صاحب بہادر منصف پرگنہ ترنتارن واقعہ ۳ فروری ۱۸۹۶ء

مقدمہ دیوانی نمبر ۱۷۶ ابابت ۱۸۹۳ء

چوہڑ سنگھ ولد گنڈا سنگھ قوم جٹ ساکن سنتو ولد دولو چوہڑا سکنہ کہڈور ساکن کہڈور صاحب پرگنہ ترنتارن مدعیان

بمقابلہ

دعوے ۱۰۵ روپے تمسک

مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ دیدہ دانستہ تعمیل سمن سے گریز کر رہا ہے اور اپنی ذات پر سمن کی تعمیل نہیں ہونے دیتا جیسا کہ بیان حلفی مدعی سے ثابت ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ سنتو مدعا علیہ بتاریخ ۱۵ ماہ فروری ۱۸۹۶ء حاضر ہو کر پیروی اور جوابدہی مقدمہ کی کرے ورنہ اسکی نسبت کارروائی یکطرفہ عمل میں آوے گی ۔

آج بتاریخ ۳ فروری ۱۸۹۶ء کو بثبت دستخط ہمارے اور بمہر عدالت ہذا جاری کیا گیا

اشتہار بنام مدعا علیہ عدالت دیوانی بالجلاس منشی محمد محمود علی صاحب منصف صدر انبالہ واقعہ ۳ فروری ۱۸۹۶ء

سمات جیوان زوجہ احمد حسین قوم [illegible] ساکن راجپورہ مدعی

بنام

[illegible] ساکن [illegible] مدعا علیہ

دعوے [illegible]

لہذا بنام مدعا علیہ عدالت ہذا جاری ہو کہ مقام مہیا نہ ہونے کی وجہ سے گرفتار نہ خود حاضر ہو اور نہ تعمیل سمن کرسی اسلئے اب یہ اشتہار جاری کیا جاتا ہے کہ اگر تم ۲ فروری ۱۸۹۶ء تک حاضر عدالت ہذا میں حاضر نہ ہوئے تو تمہارے نسبت یکطرفہ کارروائی عمل میں آویگی۔ مقدمہ مذکورہ ۲ فروری ۱۸۹۶ء کو پیش ہوگا۔ تحریر ۳ فروری ۱۸۹۶ء

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی بالجلاس بابو دوجنت سہائے منصف صدر بمقام امرتسر درجہ دوم واقعہ یکم فروری ۱۸۹۶ء

صوبہا سنگھ ولد چنا سنگھ ذات بخاری [illegible] ساکن [illegible] مدعیان

بمقابلہ

[illegible] ساکن [illegible] مدعا علیہ

دعوی حاسبی قبضہ مکان واقعہ [illegible]

مقدمہ مندرجہ بالا میں چند دفعہ سمن بنام مدعا علیہ مندرجہ بالا جاری ہوئے۔ شہادت سے پایا گیا ہے کہ مدعا علیہ سمن کی تعمیل سے گریز کر رہا ہے لہذا اشتہار زیر دفعہ ۸۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی مرسلہ فیصلہ تنفیذ طلب کی مقرر ہے ۲ فروری ۱۸۹۶ء کے پیسہ اخبار لاہور میں واسطے حاضری مدعا علیہ مندرجہ بالا کے مشتہر کیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ مذکور ۳ فروری ۱۸۹۶ء بوقت دس بجے دن کے تاریخ مقررہ پر حاضر عدالت ہو کر جوابدہی مقدمہ بالا میں نہ کریگا تو اسکی نسبت کارروائی یکطرفہ شروع ہوگی۔ تحریر یکم فروری ۱۸۹۶ء

آج بتاریخ یکم فروری ۱۸۹۶ء کو بثبت دستخط ہمارے اور بمہر عدالت ہذا جاری کیا گیا ۱۲

مبارک! مبارک!! مبارک!!!

نیا سال اور ہماری دکان

جس مہربانی اور نظر عنایت سے آپ لوگوں نے میری ناچیز محنت کی قدردانی فرمائی ہے میں آپکا نہایت ہی مشکور ہوں۔ اب اس نئے سال کے لیے مہینے آپکی خاطر بہت عمدہ عمدہ کاٹ کے پیٹرن اور ہر ایک طرح کی جیسی گرہیاں دیگر ولایتوں سے منگوائی ہیں۔ چونکہ دلور سے اونیر اگنٹھ بل منگانے سے مجھکو رعایت ہوئی ہے لہذا میں نے بھی آپکے لیے اس خیال سے کہ تھوڑا کھانا بیماری سے بچاتا ہے گہڑیوں کی قیمت بھی اسیقدر کم کر دی ہے جسکو پڑھ کر ہر ایک کو یقین ہو جائیگا کہ یہ کیطرح اس سال ہی آپ میری خدمات کی قدردانی فرما کر بندہ کو ممنون و مشکور فرماوینگے۔ نیز گہڑیوں کی مرمت بھی عمدہ اور بکفایت ہر ایک شخص کی ہو سکتی ہے ؛

ریلوے ریگولیٹر گارنٹی چار سال

نکلسلور اوپن فیس کیس جواول نمبر نکلسلور اوپن کیس کیس جو دوم نمبر ۲ پکا واچ گارنٹی چار سال ملے۔ سیمچا واچ گارنٹی دو سال سے

ڈبل کیس کی چاندی کی گہڑیاں سلور چال کی ہین ڈبل کیس کیلس سلور عمدہ ہاف ہنٹنگ یعنی نیم ہنٹنگ سے

رسٹ واچ یعنی کلائی پر باندھنے کی گہڑیاں گارنٹی چار سال

نکلسلور کیلس درجہ اول نمبر ۱ درجہ دوم نمبر ۲ خاص اعلیٰ قسم کی جو اول نمبر ۱ درجہ دوم نمبر ۲ بی نایم پیس گارنٹی دو سال ہیں باقی کی بھی گارنٹی دو سال کی ہے گھنٹہ اور گھنٹہ بجاتا ہے ؛ پاکٹ ریپیٹر کلاک نمبر ۱ گارنٹی دو سال ؛

بقیہ مضمون اشتہار ہذا میں ملاحظہ فرمائیں۔ دیہات کے سوداگر معاملات

زینت جاوید

مذکورہ عنوان کتاب کی ہدایتوں پر عمل کرنے سے ہر شخص اول ہی روز اپنے جسم و چہرہ پر نگاہ کرنے والوں پر رشتہ داروں پیارے بی بی جگر گوشہ بچوں دلجلیس سے ملنے کی تمنا ہوگی اور ارواح سے جو اکثر مجسم شکل سے خود دار ہوتی ہیں باتیں اور ملاقات کر سکتا ہے ؛ ہر نوجوان اگر مرد ہو جو ان مذہب پیشہ والا ہیں ہو کیا۔ عمل فضلاء بلکہ متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہو کر بہت سا فائدہ حاصل کر سکتا ہے دہریون۔ منکرون۔ لحدون۔ بشرگون نیچریون کو عالم ارواح زندگی بالعد وفات روح۔ ملائکہ اور خدا کی ہستی کلام ارواح کی زبان سے عملی طور پر ثبوت دلا سکتا ہے۔ مصنف نے اپنی سابق کتاب "تذکرہ کرامات" میں معمول میں حالت ردشنفسیری پیدا کرنیکا قاعدہ لکھا ہے لیکن اس کتاب میں خود عامل کے ردشنفسیر بننے کا قاعدہ صاف لکھدیا ہے۔ علاوہ ازیں جن جن امور کو اس کتاب میں مخفی رکھا تھا اس کتاب میں ظاہر کر دیا ہے۔ صفحہ تمہید پر ایک شیشے سی مکتہ چینی کی ہے جو ہر مذہب والوں کو تصویر صحیح معلوم ہوگی تیسرے سرورق پر کیفیت کے حیرت انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں مصنف کا وعدہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر باتیں سکھانے میں ہمہ وقت حاضر ہوں قیمت فی جلد عہ

المشتہر انبا پرشاد ایف اے ٹیلر (صوفی) مراد آباد

طلسمات کی گولیاں

طلسمات کی گولیاں

(از کارفتہ بڑھوں کے لیے عصائے جوانی۔ کمزور و ناتوان جوانوں کے لیے طلسم سلیمانی)

گولیاں کیا ہیں حقیقت میں جادو ہیں۔ چار دن کے بعد دیکھئے بوڑھے کو اور جوان کو نوجوان پائیگا مردہ دل کے بجائے زندہ دل مستی کے بجائے ہوشیاری پیدا کریگی ؛ گولیاں کیا ہیں درحقیقت یہ جادو ہیں۔ ایک دوا ہی ہیون امراض کو سلیمہ تمام اعصاب دل۔ دماغ۔ جگر۔ مثانہ تمام بدن کو طاقت بخشتی ہیں۔ گولیاں کیا ہیں درحقیقت یہ جادو ہیں۔ دردسر۔ درد کمر۔ دل تپنا یا دیگر تمام کے لیے اکسیر ہیں۔ کہیں انکی نظیر نہیں ملتی ہفتہ بھر کے استعمال میں معلوم ہو جاتا ہے۔ منگوا کر دیکھئے قیمت فی بکس عہ۔ محصول زمہ خریدار ؛ چار کارڈ ہیں جن سے ہماری ہی بنائی ہوئی دوائیاں موجود ہیں ؛ تصویر نہ بھیجنے سے ایک کارڈ ہمیشہ منگوا لیجئے ؛

المشتہر زائن سنگھ مینیجر سنگھ سوداگران جمال پاڑہ امرتسر سرحد پنجاب

باوجود ہندوؤں کی گریہ وزاری اور رونے پیٹنے کے ہمیشہ کیلئے ہندو پیدا ہوئے - باوجود اور مذکورہ بالا خیالی شکایتوں کے جب کبھی کوئی جگہ خالی ہوتی ہے تو اس بات کا پورا یقین ہوتا ہے کہ وہ کسی ہندو کو ملے گی گویا وہ اسکی میراث ہے - گذشتہ چھ ماہ میں ہمیں اس قسم کی چھ نظیریں مل چکی ہیں - پس مسلمانوں کو ہمیں اپنی قسمت پر رونا چاہیئے کہ وہ کیوں مسلمان پیدا ہوئے - ایک ایسی گورنمنٹ کے زمانہ میں جو برائے نام اور خیالی طور پر عیسائی گورنمنٹ کہلاتی ہے - لیکن عملاً ہندو سلطنت ہے - ہندوستان جیسے ملک میں اس حالت کے ہونا کہ نتائج اظہر من الشمس ہیں - ایک طرف تو ایک سادہ لوح کسان جسکو ہتھوڑے سے روپوں کی ضرورت ہے اور جو اپنے نفع و نقصان کو نہیں جانتا کھڑا ہے دوسری طرف سنگدل سود خوار مہاجن ایک ہاتھ سے روپیہ گنتا اور ایک ہاتھ سے رہن نامہ پر انگوٹھا لگواتا ہے - اگر کوئی شخص ان دو زخمی دروازوں کے درمیان کو دیکھے جو دونوں یعنی مسلمان کسان اور ہندو بنیئے کو یکساں قتل کرتے ہیں لیکن پہلے اور اسکی مصیبت کے دارثوں کو تباہی میں ڈالتے ہیں اور دوسرے اسکی غفلت کے دارثوں کو فوائد مندی کی طرف بڑھنا کرتے ہیں - اگر کوئی ان رجسٹروں کا ملاحظہ کرے جو رجسٹریشن آفس میں رکھے ہوئے ہیں اور نیز ان تغیرات کا جو اس شدہ بیشمار رجسٹروں کو دیکھے جو گورنمنٹ کے روبرو افسر رکھتے ہیں اور ہر گوش دل سے سنے کہ وہ کیسی دردناک کہانی سناتے ہیں؟ کیا روئے زمین کے کسی اور ملک میں بھی یہ حالت جائز خیال کیجاتی ہے؟ کیا اس صوبہ کو تعلیم یافتہ مسلمانوں کو (معدودے چند سوا) جو اپنے خالق کے آگے اپنے بیزبان بھائیوں کی مستقل اور تیز رفتار تباہی کے ذمہ دار ہیں کبھی ایک لمحہ بھی اس ہیبتناک قومی تباہی کا تصور باندھا ہے؟ یا انہوں نے کبھی اس طرف توجہ کی ہے؟ کیا وہ اس وقت خواب غفلت سے بیدار ہو کر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھینگے اس وقت اپنے نقصانات کو محسوس کرینگے - جب بہت دیر ہو جائیگی - جبکہ تمام ملک کے حقوق مالکانہ اسکے ہاتھوں سے نکلکر ہندوؤں کو منتقل ہو جائینگے - میں اس بارہ میں باعتبار ۲ جولائی ہو کے قریب ایک قصبہ ہے کے لوگوں کی تعریف کرتا ہوں اور انکی پرزور سرگرمی کو مستثنیات میں سے سمجھتا ہوں جنہوں نے کسانوں کی تیز رفتار تباہی کو دیکھکر انکو برباد ہونے سے بچانیکے لیے پورے جوش و خروش سے ایک پنچائت قائم کی ہے - لیکن میں تمام صوبہ کے مقتدر تعلیم یافتہ مسلمانوں سے پوچھتا ہوں (جو گو تعداد میں کم ہیں مگر پھر بھی کہہ سکتے ہیں بدرجہ کہ ہونا چاہیئں) کہ انہوں نے کبھی اس مسئلہ پر غور و خوض بھی کیا؟ امتحانات مقابلہ و سالانہ سپیچس (سول سروس) اور دیگر اسی قسم کی باتیں جنکی پیشل ہندو کانگرس (جیسا کہ اسے کہا جاتا ہے) تائید کرتی ہے ہندوستان کی اہل اسلام کو بالعموم اور اس صوبہ کے مسلمانوں کو بالخصوص سخت نقصان پہنچا رہے ہیں - لیجائینگے - اور پہنچانا چاہیئے - لیکن یہ تمام باتیں بمقابلہ اس روز افزوں مصیبت کے کچھ بھی نہیں ہیں جو بباعث کثرت و روز افزوں علہ رآمد کے ہماری زندگی میں ایک معمولی چیز خیال کیجا رہی ہے - اگر مسلمان اسی اور اسی رفتار سے اپنے زمین کے حقوق مالکانہ سے محروم ہوتے چلے گئے تو میں ڈرتا ہوں کہ آئندہ بیس سال میں تمام صوبہ میں ایک انچ زمین بھی انکے قبضہ میں نہیں رہیگی - ہندوستان جیسے زراعتی ملک میں اس حالت کا مسلمانوں کے حق میں جو کچھ نتیجہ نکل سکتا ہے اسکو میں ناظرین پر چھوڑتا ہوں - ہندوستان میں یہ عجیب حالت اپنے ناقابل برداشت سنج واندوہ کیوجہ سے ایک سہمے ہوئے مگر نہایت ہی خوفناک نظارہ میں - میں پھر ان چند معدود تعلیم یافتہ مسلمانوں سے دریافت کرتا ہوں کہ انمیں سے کتنوں نے اس امر کیطرف توجہ کی ہے؟ یا انکو کبھی بھولے سے بھی اسکا خیال آیا ہے؟ انکی تباہی کی ہیبتناک تصویر ہر وقت انکے آنکھوں کے سامنے رہتی ہے - چونکہ انکی زندگی میں یہ ایک عام بات ہو گئی ہے؟ اس لیئے وہ اس نظارے اور اسکی دہشتناکیوں کے دیکھنے کے عادی ہو گئے ہیں - کیا اب نازک وقت سر پر نہیں آ پہونچا ہے کہ وہ اپنی ہمت سے چوکیں؟ کیا اگر وہ چاہیں تو اپنی قوم کی مدد نہیں کر سکتے - خواہ وہ کتنی ہی قلیل ہو؟ کیا وہ اس مصیبت کو گورنمنٹ کے سامنے پیش کرکے اس سے تباہی سے بچنے کے لیئے فیاضانہ امداد کی درخواست نہیں کر سکتے؟ کیا چیفکورٹ کو (جو اس صوبہ کی اعلیٰ عدالت ہے اور جسکو اسبات کا فخر ہے کہ انکی بنچ میں پنجاب کیڈر کے پانچ بڑے بڑے لائق اور تجربہ کار ممبر موجود ہیں) تحریک نہیں کر سکتے ہے کہ گورنمنٹ کی توجہ کو اسطرف مبذول کرائے؟ ممکن ہے کہ اسپر یہ اعتراض کیا جائے کہ چیف کورٹ کا یہ کام نہیں ہے - چیفکورٹ جو صوبہ میں مثل کی اعلیٰ عدالت ہے اسکا فرض ہے کہ کافی شہادت پیش ہونے پر مقدمہ رض کی جائیداد اور زمین کے متعلق ڈگری دے یا اجرائے ڈگری کرائے - تاہم کوئی اس بات سے انکار نہیں کر سکتا کہ باوجود مکمل قانون شہادت (جسکو انگلش کونسل واضع قوانین نے جو متمدن کی ایک داتا اور مقدم جانتے ہیں خوشی اور فخر کے ساتھ اپنے لیئے قبول کیا ہے) اور اسکی متعدد شاخوان اور تغیرات ہند کی دفعہ ۹۲ کے سود خوار مہاجن کے لئے کسقدر آسان بات ہے کہ ایک ہیر سٹر دکیل مختار کو مقرر کرے اور انچہ دعوؤں کے ثبوت میں بناوٹی گواہ ایک کسان کے برخلاف پیش کیجائے - کل کی بات ہے کہ تقریباً ایکسو اسٹام عنایت بیتوانہ کے ضلع جہنگ میں ایک ہندو مہاجن کے گھر سے برآمد ہوئے - جو بغیر وارث چھوڑے مر گیا تھا - ایک اور موقع پر ایک بنیئے کی جب کسی جرم میں خانہ تلاشی ہوئی تو ایسا ہی اسٹامپ کا ایک گٹھا اسکے پاس سے نکلا - ان دونوں صورتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ اسٹام بدمعاشوں نے مختلف آدمیوں کے نام خریدے ہیں جنکے نام حسب معمول پشت پر لکھے ہوئے ہیں جنکے برخلاف

معلوم ہوتا ہے کہ سازشیں ہو رہی ہیں - خدا کی شان ہے ملانوں جان ہو جاتا ہے اور دور سرزمین امیدیں عین وقت پر خاک میں ملگئیں - ورنہ کسقدر تباہی دفعۃً انجان اور بیگناہ گھرانوں پر نازل ہوتی - صرف یہی مثالیں نہیں ہیں بلکہ اور بھی بہت سی ہو چکی ہیں - دروغ حلفی کی جو مقدمات جنگ میں سال بیوستہ میں ہوئی ہیں انکی کثرت اور اعلیٰ کی کثرت کی کافی شہادت دیتی ہیں - کیا چیفکورٹ ان تمام مقدمات کے کاغذات طلب کرکے بغرض توجہ لوکل گورنمنٹ کے سامنے پیش نہیں کر سکتے؟ کیا چیفکورٹ کوئی انجمنہ ترمیم کی سفارش عدالتہائے پنجاب کیلئے نہیں کر سکتی جس کو لوکل گورنمنٹ اپنے انصاف کے عمدہ قاعدہ کیمطابق پیش کرے - جو ہے چھوٹے چھوٹے قرض کے مقدمات کو حقیقتاً کا اختیار دیا جائے؟ اگر معاملات کی یہی صورت رہی تو تھوڑے ہی عرصہ میں مسلمانوں اور انگلش مشن کو ہمیشہ کیلئے ہندوستان کو خدا حافظ کہنا پڑیگا اور نہایت ہی کوشش کی تلاش کرنی پڑیگی - آخر میں میں آپ سے اور آپکے اخبار پڑھنے والوں سے اس مضمون پر زور دیکھنے کی وجہ سے معافی خواستگار رہوں - کیونکہ یہ مضمون میرے دل پر بہت بڑا اثر کر رہا ہے - میں اسکو روکنے کیلئے حتی المکان بہت کوشش کرتا ہوں تاہم یہ ورد انگیز غم اور جگر نہایت صحیح تصویر ہر وقت میری آنکھوں کے سامنے رہتی ہے - یہ مرقعہ اپنی طاقت استواری اور دہرہ کرنے میں کسی سے کم نہیں ہے سوائے گولڈ سمتھ کے اس مشہور شعر کے جو ذیل میں ترجمہ کیا جاتا ہے

(شعر کا ترجمہ)

"لیکن اگر بہادر کسانوں میں ہی جو کہ اپنے ملک کا بلاشک فخر ہیں ایک ہنیبل پیدا ہو جائے تو پھر پیدا نہیں ہو سکتا" (ایک مسلمان زمیندار)

مترجم میرزا علی حسین سابق اڈیٹر امپیریل پیپر لاہور

اشتہارات

اشتہار میلہ مویشی کپورتھلہ

(۱) بنا بر اطلاع ہر خاص و عام مشتہر کیا جاتا ہے کہ یہ میلہ امید ان برف خانہ سابق مین منعقد ہوگا جو جانب جنوب جھیل اور متصل میلہ چوگنی ہے -

(۲) مال مویشی ہر قسم حسب دستور سابق اسمین داخل ہوگا -

(۳) تواریخ میلہ ابتدائے ۱۰ پھاگن سنہ ۱۹۱۵ مطابق ۲۰ فروری ۱۹۰۹ء سے شروع ہو کر نہایت ۱۲ پھاگن سنہ ۱۹۱۵ مطابق ۲۲ فروری ۱۹۰۹ء تک ہونگی - نہیں ایام میں میلہ چوگنی بھی ہوگا -

(۴) جانور ہای لائق انعام کا انتخاب کمیٹی معائنہ کریگی - اور ۱۳ پھاگن کو انعامات تقسیم ہونگے -

(۵) کوئی محصول کسی قسم کا داخلہ یا فروخت مال پر نہیں لگایا جائیگا اور حفاظت مال کا انتظام دوران میلہ بھی محکمہ پولیس بدستور بحال رہیگا -

(۶) میلہ منڈی ہذا بحکم محکمہ ضروریات سرکاری خرید کیا جائیگا -

الشتہار عزیز بخش ڈپٹی کمشنر ریاست کپورتھلہ

اشتہار اجلاسی بی محمد محمود علی صاحب منصف صدر جوڑ ضلع سہارنپور جیون شنکر پرشاد ہندو پوری بنام لالہ منشی لالہ قمر علی قوم سید سکنہ ابتدا حال ہیکہ دار کالندھ ضلع

فیصلہ خلاف تم افغان اسکر بمعہ دیوانی

ثبیا و علی نقد ادائی ڈگری مبلغ

مراسلات

جس ہندوستانی نے پہلا پیس سمان تمغہ سرکار کی پنشن کھائی

جناب ایڈیٹر صاحب۔ تسلیم۔ آپ نے اپنے موقر اخبار کی گذشتہ اشاعت میں ایک خبر درج فرما کر مستفسر ہیں کہ کیا کسی ہندوستانی نے بھی ابتدائے سلطنت انگریزی سے اب تک پورے سال تک سرکار کی پنشن کھائی ہے؟ لہٰذا واقعیت ماسبق کے اسکا جواب ثبات میں دیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ آپ اپنے بیش بہا پرچہ میں جگہ دینگے۔

ناموَر عالم مولانا محمد شکور رحمۃ اللہ علیہ جو شہر پوقہ چھپلی شہر ضلع جونپور کے ایک بنک نام معتبر اور عالم خاندان جعفری زیدی کے ممبر تھے پچاس سال تک سرکار انگلشیہ سے پنشن پاتے رہے۔ بہت مختصر طور پر انکی سوانح عمری اس جگہ پر بیان کرنا غیر مناسب نہ ہوگا۔

آپ ۱۸۱۳ء ہجری میں تولد ہوئے ابتدائے عمر میں اپنے فاضل نانا مفتی جلی محمد اور جلیل القدر ماموں مولانا علی کبیر سے جو پراونشل کورٹ پٹنہ اور بنارس کے علی الترتیب افسر تھے۔ علم عربی بخوبی حاصل کیا اور چونکہ عقاب بہت بلند تھا دھلی جاکر شاہ عبدالعزیز دھلوی قدس سرہٗ اور اُس وقت کے دہان کے دیگر عالموں سے سرٹیفکیٹ تبحر کا حاصل کیا۔

بعد حصول کمالات علمی مثل اپنے نانا اور ماموں کے ۱۸۳۲ء میں منشی مقرر ہوئے اور پورے اعتماد اور اطمینان اپنے افسران اور ہر دو لعزیزی حاکمان کے ساتھ اس کام کو انجام دیا اور پھر اس عہدہ کی ہو قوفی کے بعد مختلف اضلاع ممالک متحدہ میں عہدہ صدر الصدوری کو زینت دیتے رہے جو اُس وقت ہندوستانیوں کے لیئے سب سے بڑا عہدہ سمجھا جاتا تھا ۱۸۳۳ء میں قدر دان سرکار نے انکی خدمات کے صلہ میں پنشن مرحمت فرمائی۔ اور آپ ترک نیابت فرماکر خانہ نشین ہوئے۔ شوق ترویج علم ایسا تھا کہ اپنے خاندان کے لوگوں اور نیز نوواردوں کے شاگردوں علم سے ایک بہت بڑا حلقہ شاگردوں کا اپنے گرد جمع رکھتے تھے جسکے تمام افکار اپنے سر لیتے اور انکو پورا موقع حصول علم کا دیتے۔ الخ۔ ماثر الامراء عناصر الجزء ۱۰

آپ نے سات مرتبہ حج اور زیارت تربت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم سے شرف برکت حاصل کیا۔ آپ انتہائے زیادہ پابند شرع شریف تھے۔ اس زمانہ میں جسکی نسبت کہا جاتا ہے کہ باب فتنہ من المجنون فرماتے ہیں آپ نے تہجد کا پڑھنا اپنے اوپر لازم کیا جو کبھی کسی حالت میں تادم واپسین ناغہ نہیں ہوئی جس وقت دنیا میں نیند میں ہوتی ہے اور خوش آئند نیند پچھلی رات کے اٹھنے سے مانع ہوتی ہے آپ وضو کر لاشریک کی عبادت میں مشغول رہتے۔

اس طرح ایک بہت بابرکت اور بافیض زندگی جس میں دین و دنیا کے تمام اعلےٰ مدارج حاصل تھے بسر کرکے ۱۸۹۳ء سلطانی ۱۳۱۰ھ میں آپنے انتقال فرمایا۔ آپکی وفات سے آپکا خاندان نہیں بلکہ تمام ہندوستان کی اسلامک ورلڈ ایک اہم دست عالم باعمل کے وجود سے خالی ہوگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون فقط

مولانا کے مرحوم کی شاگردی کا سرمایہ
ایم اے کالج میرٹھ
گورنمنٹ کالج الہ آباد
انجمن اسلامیہ لاہور
ابن ابراہیم

تردید

مندرجہ بالا عنوان سے ایک صاحب نے جو اپنے کو (جولاہو کے ایک اعلیٰ خاندان کا ممبر بتاتے ہیں) پنجاب پیپر ٹریڈ کو ایک پرزور اور مدلل خط لکھا ہے۔ جسکا ترجمہ ہمیں ذیل میں کرتا ہوں۔ امید ہے آپ سے ملتمس ہوں کہ آپ اسے ضرور اپنے ناموَر اخبار میں چھاپ دیجیے گا۔ ہو ہذا۔

میں ضرور کہونگا کہ مجھے بنگالی اخبارات کے دیکھنے کی عادت نہیں خواہ وہ بنگال سے نکلتے ہوں۔ یا اس صوبہ سے۔ ایک اقتباس کا پرچہ جولاہو سے شائع ہوتا ہے اسکا اعلیٰ مقصد ہے کہ ہر ایک قسم کے بغیانہ اور ناپسندیدہ خیالات کو ملک میں پھیلایا جائے۔ اور جسمیں انتہا درجہ کی مبالغہ آمیز تحریریں اور خیالی اور مصنوعی شکایتیں صرف اس غرض سے شائع ہوتی ہیں کہ حکام بالا دست اور اور لوگوں کی شہرت اور نیک نامی پر دھبہ عاید ہو۔ کچھ عرصہ ہوا ہے کہ میرے ایک ہندو دوست نے (جسکی رائیں ضلع جھنگ کے معاملات کی نسبت اسکی ذاتی وقعت عام معلومات اور پوری واقفیت کی وجہ سے ہمیشہ عزت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں) اخبار مذکور مطبوعہ ۹ نومبر ۱۹۳۵ء کے صفحہ ۳ و کالم چہارم کا ایک نوٹ دکھا کر کہا کہ "دیکھو! حکام جھنگ کے برخلاف کیسے غلط اور جھوٹے الزام لگائے گئے ہیں" اخبار مذکور کے اڈیٹر میں اگر اتنی عقل ہوتی کہ وہ "خفیہ خط و کتابت" سے اقتباس لینے سے پہلے ان الزامات کی صداقت کی نسبت اپنا اطمینان کر لیتا تو وہ بلاشبہ اپنے ریمارک کو سخت ناواجب پاتا۔ اسکے نوٹ کا دوسرا اقتباس یہ ہے کہ "ہندو اپنی قسمت پر افسوس کر رہے ہیں کہ وہ کیوں ہندو پیدا ہوئے کیا اچھا ہوتا اگر وہ ہندو نہ ہوتے" دراصل مسلمان اپنی قسمت پر لعنت کر رہے ہیں کہ وہ کیوں مسلمان پیدا ہوئے جسکی تصدیق میں یہ کہا جاتا ہے کہ جھنگ کے تمام اعلےٰ عہدوں پر ہندو مقرر ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کے انگریزی دفتر کے چار ملازموں میں سے ہیڈ کلرک اور ہیڈ سٹرسری کلرک ہندو ہیں۔ تیسرا مسلمان اور چوتھا عیسائی ہے۔ دفتر فارسی کا سپرنٹنڈنٹ اور دونوں اکاؤنٹنٹ اسسٹنٹ کمشنروں کے مشخوان ہی ہندو ہیں۔ واصل باقی لوکیس کو چھوڑ کر ہیڈ کوارٹر کا تمام عملہ ہندو ہے۔ تحصیل جھنگ کے ملازموں میں سوائے ایک کے باقی سب ہندو ہیں۔ تحصیل و منصفی چنیوٹ میں بھی کوئی مسلمان نہیں ہے۔ تحصیل جھنگ اور منصفی جھنگ کے دفتروں میں باستثنائے ایک کے سب ہندو ہیں۔ داروغہ چونگی اسی کے نائب ہندو۔ قانون گو اور اکاؤنٹنٹ ہندو۔ سنجی جیسا فیصلہ قانون گوؤں کے چار ہندو اور دو مسلمان ہیں۔ پٹواریوں میں ہندو اور مسلمان دونوں قوموں میں ایک سا تناسب ہے۔ پچیس کی نسبت ہے۔ اسی طرح ڈسٹرکٹ اور میونسپل بورڈوں میں بھی ہندوؤں کی تعداد مسلمانوں سے بہت زیادہ ہے۔ ضلع بھر کے تمام بڑے بڑے عہدوں میں سے ایک عہدہ مسلمانوں کے ہاتھ ہے۔ وہ سٹور کیپر اور اسکا اسسٹنٹ ہے۔ اسکی وجہ ظاہر کریہ ملازمت اسی پر منفعت نہیں ہے کہ کسی ہندو کو اپنے مفاد و آمدنی سے لالچا سکے۔ مندرجہ بالا فگرز (واقعات) سے فاضل ایڈیٹر بخوبی اندازہ کر لیں گے کہ "آیا ہندوؤں کو اپنی قسمت پر گریہ وزاری اور لعنت کرنی چاہیئے یا مسلمانوں کو؟" اگر وہ ایسے غلط اظہارات لگانے سے پہلے اپنا اطمینان کر لیتا تو بہتر اصح ہو جاتا کہ گذشتہ تین منحوس سالوں میں اگر تمیں چوتھائی نہیں تو دو تہائی عہدے ضرور ہندوؤں کو دیئے گئے ہیں۔ پس اسبارہ میں جو کچھ اسنے لکھا ہے محض غلط اور بنیاد ہے۔ جو عہدے ہندوؤں کو دیئے گئے ہیں وہ صرف تعداد میں ہی زیادہ نہیں ہیں بلکہ دیگر اوصاف میں بھی بڑھکر ہیں۔ ہی کہی چھوٹی موٹی اسامیاں مسلمانوں کو دیکھ اسکے حصہ پر پہنچے گئے ہیں۔ جو کم تنخواہ اور فضیل الوقعت ہونیکے علاوہ قابلیت ترقی کا بھی کوئی موقعہ نہیں رکھتیں۔ اگر فاضل ایڈیٹر ایک دفعہ بھی جہناب میں اپنی تکلیف گوارا کرتا تو وہ اپنے تئیں ہموطنوں کو امداد دینے کے علاوہ (جنکی نسبت خیالی پلاؤ پکانے نے اسے بہت رنج پہنچایا ہے۔ جو اس موقعہ پر ہوئیں جبکہ نیشنل کانگریس کے لیئے تجاویز سوچی جارہی تھیں۔ اور انتخاب ڈیلیگیٹ کے متعلق چھڑے جھگڑے ہو رہے تھے) وہ ضرور اسی کو پالیتا۔ نیز اسے معلوم ہوتا کہ ہندو اور اراضات ترقی مسلمانوں کی ایک بہت بڑی آبادی کو بے رحم اور خود غرض اصل ہندو اپنی حکومت اور نیز ہر ایک پہلو سے کسطرح تباہ و برباد کر رہے ہیں؟ وہ دیکھتا کہ اسکے اور اسکے ہموطنوں کا یہ سوال کہ "قوم کی حکومت قوم سے ہی ہونی چاہیئے" جھنگ کے حسب حال نہیں ہے۔ جھنگ کا اسکو یوں تسلیم نہ کر دیا جانے کچھ لالہ ہندوستان کی حکومت لالہ بھائیوں سے ہی ہونی چاہیئے کیا یہ اجارہ غیر منصفانہ نہیں ہے؟ کیا انصاف و خوش اسلوبی اسکے برخلاف تقاضا نہیں کرتی؟ باوجود چار لاکھ مسلمانوں کی کثیر التعداد آبادی کے جنمیں سے دس ہزار آدمی بکامل طور پر ملازمت کے قابل ہیں۔ انمیں بعض نہایت عالیخاندان لوگوں میں سے بھی ہیں۔ جبکہ ہندوؤں کی چالیس چالیس ہزار آبادی میں صرف دو سو ہی لیئے نکلتے ہیں۔ یہ جائز طور پر ہر ایک شخص سمجھ خیال کر سکتا ہے کہ گورنمنٹ کے تمام بڑے بڑے عہدے مسلمانوں ہی کے ہاتھوں میں ہونگے۔ اگر ضلع اور اسکے چند چھوٹے چھوٹے قصبات و دیہات کو دیکھا جائے تو سوائے خال خال ہندوؤں کے مسلمان ہی مسلمان نظر آئینگے۔ لیکن اگر ضلع اور جھنگ کے دیگر دفاتر کیطرف انکھ اٹھا کر دیکھا جائے تو ہندو ہی ہندو عہدہ دار نظر آئینگے۔ ناممکن ہے کہ کوئی کام سرکاری یا غیر سرکاری بلا مداخلت کسی ہندو کے نکل سکے۔ کیا یہ حالت ایک ایسے ضلع میں جو مسلمانوں سے آباد ہو دلخراش نہیں ہے؟ کیا یہ پرخطر اور سخت افسوسناک نظارہ نہیں ہے؟

مدراس میں ایک زنا کا مقدمہ

۲۰ جنوری کو مسٹر واکر سلیون ایک پلانٹر نے چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ انگیور پولیس کورٹ کے اجلاس میں ایک استغاثہ دائر کیا کہ مسٹر ایچ ٹی نارٹن بیرسٹر ایٹ لا کی طلبی کے لئے میری بیوی مسز کیرالڈ سلیون سے ارتکاب زنا کاری کے جرم میں سمن جاری کئے جاویں۔ مستغیث کا حلفی بیان یہ تھا کہ میں کورگ میں رہتا ہوں اور اب عارضی طور پر مدراس کے ایک ہوٹل میں مقیم ہوں۔ میری بیوی سے ۱۸۹۲ء میں مسٹر نارٹن کی ملاقات بمقام حیدرآباد دکن ہوئی تھی۔ اس کے بعد میری بیوی کی درخواست پر مسٹر نارٹن کو کورگ میں بلایا جو درخواست اس نے منظور کی۔ اپریل ۱۸۹۲ء میں میں اپنی بیوی کو علاج دندان کے لئے مدراس لایا اور ہم نے مسٹر نارٹن کے یہاں قیام کیا۔ یہاں پہنچ کر میری بیوی اور مسٹر نارٹن کے مابین ضرورت سے زیادہ گہرے تعلقات دیکھے اور بیوی کو سرزنش کی۔ کورگ پہنچ کر میں نے اپنی بیوی کو واپس بھیج دیا۔ یہ جہاز بمبئی پر روانہ ہوئی۔ اور مسٹر نارٹن بھی اسی جہاز پر روانہ گیا۔ ستمبر ۱۸۹۲ء میں میری بیوی نے مجھے چٹھی لکھی کہ اب اس سے مجھے کچھ الفت نہیں رہی۔ میں فوراً واپس کورگ روانہ ہوا اور لنڈن پہنچ کر تحقیقات پر معلوم ہوا کہ وہ مسٹر نارٹن کے ساتھ بطور میاں بیوی کے رہتی ہے۔ میں نے تحقیق کیا ہے کہ اکتوبر ۱۸۹۲ء سے لے کر میری بیوی مسٹر نارٹن کے ساتھ مدراس اور نجور میں رہی اور ہمبستر ہوتی رہی ہے۔ چنانچہ عدالت نے زیر دفعہ ۴۹۷ تعزیرات ہند مسٹر نارٹن کے نام سمن جاری کئے۔ مندرجہ بالا بیان بذریعہ ایک تار برقی کے جناب ہیں شائع ہوا ہے۔ چونکہ ہنوز مقدمہ زیر تحقیقات ہے اس لئے کوئی شخص کوئی رائے نہیں دے سکتا۔ لیکن اگر مقدمہ چلا تو چونکہ مسٹر نارٹن نے کانگریس کے تعلق بہت سی شہرت حاصل کی ہوئی ہے یہ مقدمہ بھی حیدرآباد دکن کے نواب مہدی حسن کے مقدمے کی طرح بڑی دلچسپی کا ہوگا کہ جس میں نارٹن صاحب نے نواب احمد حسن کے مقابلے میں خوب قابلیت کے جوہر دکھلائے تھے۔

یہاں میں ریمارک کر سکتا ہوں کہ میں نہیں سمجھ سکتا کہ کیوں اعلےٰ سول اور تعلیمی میڈیکل ملازمتیں ملٹری میڈیکل افسروں کو دیجاتی ہیں اور بجائے اسکے دیگر سرکاری ملازمتوں کی طرح جنکا یہاں امتحان ہونیکی کوئی امید ہے علیحدہ سول میڈیکل سروس کا امتحان یہاں نہیں ہوتا اور میں یہ بھی دریافت کر سکتا ہوں کیوں بعض اعلےٰ سول انجینرنگ عہدے ملٹری انجینروں کو دیئے جاتے ہیں ؛

[معاملات ہند میں برٹش پبلسٹی اور انصاف کرنے کی خواہش]

میں اور ایک بات کہہ سکتا ہوں۔ آپکی کوششوں کو معاملات ہند میں دلچسپی پیدا کرانے میں ہی کامیابی نہیں ہوئی بلکہ یونائٹڈ کنگڈم کے لوگوں میں تمہاری سچی ہمدردی کو ترقی دینے کی خواہش پیدا ہوگئی ہے۔ اگر تم گذشتہ ۸ سال کے عرصہ میں صرف یہی حاصل کرتے اور اس سے زیادہ کامیابی نہ ہوتی۔ تاہم تم اپنے وجود کو بخوبی جائز ثابت کر سکتے۔ آپ نے دو باتوں کا ثبوت دیا ہے۔ یعنے جو کچھ تم مانگتے ہو۔ اعتدال پر ہو اور معقولیت سے کرتے ہو۔ اور برٹش لوگ تمکو وہ سب کچھ دینے کو تیار ہیں۔ جو انکو معقول ثابت کیا جائے

[گذشتہ ریزولیوشن]

مجھے آپکے مجمعے کے جواز کو اس سے زیادہ لمبا کرنیکی ضرورت معلوم نہیں ہوتی کہ آپنے جو ریزولیوشن پاس کیئے۔ وہ سب کے سب کامیاب ہوئے ہیں۔ اور اس پر توجہ غور ہونا اس امر سے ظاہر ہوتا ہے کہ اخبارات میں اور پبلک میں

کی اور انگلستان کی پبلیسٹی اور رائے پر وہ برابر زبردست ہو رہی ہیں خاص انگلستان میں کئی باتوں پر خواہ وہ جھوٹی یا بڑی ہیں لوگوں کے دلوں پر منقوش کرنے سے پہلے ریجیکشن کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ قوانین انا ج۔ قوانین غلامی۔ قوانین لنجاب اور پارلیمنٹری اور دیگر اصلاحوں پر جنکے کہ ہر ایک اہم قانون پر پارلیمنٹ کے اندر اور باہر گفتگو جوش و خروش پیدا ہوئی ہیں جو صندر اور ثابت قدم رہنا چاہیئے۔ اور کبھی مرنے کا نام نہیں لینا چاہیئے ؛

[ہوس آف کامنز میں ہندوستانی کا ہیشتمال]

آپکی محنتوں کا اور ایک نتیجہ جو مجھے ٹھاٹھیں میں مختصر آبیان کرونگا۔ آپکی محنتوں نے یونائٹڈ کنگڈم کے لوگوں پر جو اثر پیدا کیا ہے اس نے ایک ہندوستانی کو عظیم الشان پارلیمنٹ میں شامل ہونیکے لیئے ہماری مدد دی جسکی تصدیق میں مجھے آپ کو سنٹرل فنسبری کے لوگوں کی رحیمانہ کارروائی یاد دلانے سے بڑھ کر کچھ کہنا ضروری معلوم نہیں ہوتا اور انفاظ ریزولیوشن مصدرہ یونائیٹڈ لبرل و ریڈیکل اسوسی ایشن کی کونسل کے میں اور پر آپکے پیش کر چکا ہوں ؛

[مسٹر لال موہن گھوس کی پہلی کوشش]

آپ جانتے ہیں جسکی نسبت میری نہایت سے خواہش تھی) مسٹر لال موہن گھوس نے پہلی دفعہ کوشش میں دو ہزار ووٹ کا مقابلہ کیا جسمیں انکو کامیابی کی بہت امید تھی۔ اگرچہ مخالف حالات زیادہ قوی پائے گئے۔ ہم ڈلفورڈ اور ہلبرن کے منتظر ہیں جنہوں نے پہلے مجھے

اشتہارات

اشتہار زیر دفعہ ۸۲ ضابطہ دیوانی باجلاس سٹی بوسو جسٹ صاحب منصف و ویم بٹالہ ضلع گورداسپور ۵ دسمبر ۱۸۹۸ء

مدعی خانصاحب ہمبر یہ مولوی محمد اعظم (نام۔ ولد۔ اقامہ الدین صاحبان) پیشہ وکالت سکنہ بٹالہ مدعی

مقابلہ عدالت سکنہ بٹالہ مدعی

دعوے مایہ ربروئے تمسک

چونکہ بیان حلفی مختار مدعی سے ظاہر ہے کہ عدالت مدعا علیہ ہیر ہیں کا کہیں پتہ نہیں چلتا کہ وہ کہاں ہے۔ اس لیئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر عمر مدعا علیہ تاریخ ۱۴ فروری ۱۸۹۹ء کو حاضر عدالت نہ ہوگا تو اسکی نسبت کارروائی یکطرفہ کیجاوے گی۔ تحریر ۲۵ جنوری ۱۸۹۹ء

(نوٹ) ۱۰ بجے صبح سے ۴ بجے شام تک کچہری ہوگی

آج بتاریخ ۲۵ جنوری ۱۸۹۹ء بشبت دستخط ہمارے اور مہر عدالت ہمارے جاری کیا گیا ؛

نوٹس

ہر خاص و عام کو اطلاع دیجاتی ہے۔ کہ بشیکہ جائداد چونگی بازار پشین و آبکاری و مسکرات و انبیون و درمیانہ جات کوئٹہ و پشین و بولان۔ بابت سال ۱۸۹۹ء بمقام کوئٹہ بتاریخ ۲۶ فروری ۱۸۹۹ء بروز شنبہ دفتر صاحب اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ بہادر کوئٹہ و پشین میں نیلام ہونگی جس شخص کو خریداری

تعلیم کرنے کے لیئے ایک تعلیمی کمیٹی قائم ہوئی جسمین ایک فریق کی رائے یہ تھی کہ ہندوؤن کو صرف سنسکرت اور مسلمانون کو عربی کی تعلیم دینا کافی ہے لیکن دوسرا فریق چاہتا تھا کہ جب تک علوم مغربی بذریعہ زبان انگریزی کے ہندوستان مین نہ پھیلائے جاوین سرکار تعلیم کے کسی حق سے سبکدوش نہ ہوگی ۱۸۳۵ء لارڈ میکالی کی رائے کے مطابق ہندوستان مین انگریزی تعلیم دیجانی منظور ہوئی کہ جسکے لیئے ہر ایک انگریزی خوان ہندوستانی بالواسطہ اس مشہور مورخ کا مشکور ہے۔ اسی سال کلکتہ کے اہل اسلام کے ایک گروہ کثیر نے جسمین بڑے بڑے قاضی اور علما اور بارسوخ لوگ شریک تھے گورنمنٹ مین عرضداشت بھیجی کہ ہمین انگریزی تعلیم کی ہرگز ضرورت نہین۔ اس سے ہمارے مذہب مین فتور آنے کا اندیشہ ہے ہمین صرف عربی کی تعلیم دیجاوے۔ یہان ایوبی لکچرار نے فرمایا کہ جس زمانہ مین اہل اسلام کے لیڈر انگریزی تعلیم کو مذہب کے لیئے مضر سمجھکر اس سے مذہب کی حفاظت کرنا چاہتے تھے اُس سے کئی سال پیشتر اہل ہنود کے لیڈر درخواست کر چکے تھے کہ سرکار انہین سنسکرت کے بجائے انگریزی تعلیم دے۔ جس سے ظاہر ہے کہ اہل ہنود انگریزی تعلیم حاصل کرنے کے لیئے کتنے آمادہ تھے۔ کیونکہ وہ اس سے قبل اپنے مسلمان بادشاہون کے زمانہ مین اُنکی زبان جو فارسی تھی بڑے رغبت سے سیکھتے تھے۔ یہان سید محمود صاحب نے چند ہندو مصنفون کا ذکر کیا جنکی فارسی تصنیفات مسلمانون مین آجتک مقبول ہین جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ لوگ اس زبان مین کیسی کیسی مہارت پیدا کرتے تھے۔ مگر سید محمود کے لکچر کا زیادہ کارآمد حصہ اس سے آگے شروع ہوتا ہے۔ اُنہون نے کہا کہ ۱۸۵۷ء سے یعنے جب سے کہ ہندوستان مین کلکتہ مدراس اور بمبئی کی یونیورسٹیان قائم ہوگئین۔ آجتک یعنے ۵۶ سال کے کیلنڈر حاصل کرکے کلکتہ بمبئی مدراس پنجاب اور الہ آباد پانچون یونیورسٹیون مین سے جتنے گریجوایٹ آرٹس قانون ڈاکٹری اور انجینیرنگ مین تیار ہوئے ہین سب کی میزان کرکے چار پیج لیسے ڈائگرام (نقشے) تیار کرلیے گئے جنسے ایک نظر مے معلوم ہو جاتا ہے کہ فلان یونیورسٹی سے آجتک کل کتنے ہندو اور کتنے مسلمان گریجوایٹ تیار ہوئے۔ چنانچہ ان نقشون کا کسیقدر خلاصہ ہم ذیل مین درج کرتے ہین جس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ مسلمان تعلیم کے بارہ مین اپنے ہندو بھائیون سے کتنے پیچھے ہین یہانتک کہ کل ہندوستان مین بمقابلہ پانسو نوّے ہندو انجینیرون کے صرف تین مسلمان انجینیر آجتک پاس ہوئے ہین:-

زمرہ آرٹس		زمرہ قانون	
ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان
۹۹۱۵ جو آجتک بی اے ہوئے ہین	۳۰۶ جو آجتک بی اے ہوئے ہین	۲۵۴۰ جو آجتک ایل ایل بی ہوئے ہین	۱۱۰ جو آجتک ایل ایل بی ہوئے ہین
ڈاکٹری		انجینیری	
ہندو	مسلمان	ہندو	مسلمان
۱۱۴۹ جو آجتک ڈاکٹری پاس ہوئے ہین	۳۴ جو آجتک ڈاکٹری پاس ہوئے ہین	۵۹۰ جو آجتک انجینیری پاس ہوئے ہین	۳ جو آجتک انجینیری پاس ہوئے ہین

صرف زمرہ آرٹس یعنی اشخاص ایم اے بی اے مین کل صوبجات کی یونیورسٹیون مین سے گذشتہ سال کے عرصے مین جو تعداد ہر ایک مذہب کی پاس ہوئی ہے وہ نیچے لکھی جاتی ہے:-

	ہندو	مسلمان
کلکتہ	۲۱۲	۱۲
مدراس	۱۲۲	۱۰
بمبئی	۱۲۲	۱۰
پنجاب	۱۲۲	۱۰
الہ آباد	۱۲۲	۱۰
میرٹھ	۱۲۲	۱۰
ہندو	۱۲۲	۱۰
مسلمان	۱۲۲	۱۰

اُسی شام کو لاہور کے مسٹر شاہین بیرسٹر ایٹ لا نے مسلمانان پنجاب کی تعلیم پر ایک لکھا ہوا یا چھپا ہوا مضمون پڑھا جسپر جلد بحث کبھی ہوگی۔

۹ دسمبر کو پانچوان ریزولیوشن پیش ہوا جسکا منشا یہ تھا کہ اب تک مسلمانون کی تعلیم کے متعلق جو کچھ ہوا ہے وہ اتنا کافی ہے کہ اگر ایسی نسبت سے ترقی ہوتی رہی تو کانفرنس کی رائے مین ترقی تعلیم مسلمانان سے مایوس ہو جانا چاہیئے۔ اس لکچر کو سید صاحب نے ایک بالیستہ تقریر کے ساتھ پیش کیا اور نواب محسن الملک بہادر نے ایک طول طویل تقریر مین اسکی تائید کی۔ سید صاحب کی تقریر کا ماحصل یہ تھا کہ ابتدائی تعلیم پر روپیہ نہین خرچ کرنا چاہیئے اور ہائی اور کالجیٹ کے لیئے علیگڈھ کالج کی زیادہ اعانت کرنی چاہیئے۔ اسپر کئی لائق سپیکرون نے اسروز اور دوسرے روز بھی تقریرین کین جنمین سے بعض کی رائے ابتدائی تعلیم کی معاون اور بعض کی مخالف تھی۔ مگر بہرحال یہ ریزولیوشن منظور ہوگیا۔ امسال سید صاحب نے بڑے دھوم دھام سے ایجوکیشنل کانفرنس کے جلسے کی تیاری کی تھی جسمین منجملہ دیگر دلچسپیون کے یہ بھی ایک بڑی دلکش بزنیچ تھی کہ سید صاحب امسال کی کانفرنس مین مسلمانون کی قسمت کا فیصلہ کرنا چاہتے تھے اور ہمین اس قسم کا فیصلہ سننے کا بڑا شوق تھا۔ مگر وہ فیصلہ اور تو کوئی نظر نہین آیا البتہ سید صاحب کی مایوسی بہری سکرٹری کی رپورٹ اور عربی تعلیم کی اشاعت کے ریزولیوشن پر نارضگی کا اظہار اس امر کا پتہ دیتے تھے کہ انہین قوم کی طرف سے اپنے ارادون مین سخت مایوسی ہوئی ہے اور اب وہ اس سے بہت پریشان ہین اور اندیشہ تھا کہ آئندہ کے لیئے کانفرنس بند کردین۔

اسکے بعد کچھ اور متفرق کارروائی ہوکر لکچر ہوئے اور شب کو مولوی نذیر احمد صاحب نے اپنا چھپا ہوا لکچر پڑھا جو نو بجے سے ایک بجے تک ختم نہ ہوا اور مولوی صاحب کو آخیر پر چھوڑنا پڑا۔ اس لکچر کی نسبت ہم ہمصر نجم الاخبار کی رائے بجنسہٖ لکھتے ہین جو معاملات کانفرنس پر مشتمل اخبار ہے:- "مولوی نذیر احمد صاحب کا لکچر ہوا۔ اگرچہ ابتدا لوگون کو اس لکچر کا بہت اشتیاق تھا۔ لیکن لکچر بہت پھیکا ہوا۔ بلکہ ہم کہہ سکتے ہین کہ مولوی نذیر احمد صاحب کی لیاقت سے بالکل گرا ہوا تھا۔ اور اس وجہ سے بہت سے لوگ اُٹھکر چلے گئے"۔

پچھلے سال کے نئے لاہور کے لکچر کے ربط اور سلسلہ مطالب کی نسبت ہمنے لکھا تھا کہ مولوی نذیر احمد صاحب نے کس مضمون پر طبع آزمائی کی تھی معلوم نہ ہو سکا۔ اُن کے خیالات عجیب پراگندہ تھے۔ اُسمین کوئی ربط اور کوئی سلسلہ نہ تھا۔ اس وقت چونکہ لاہور مین دو ہزار آدمی کا مجمع تھا ہمنے اسی رائے کو بنا ہماری پر محمول کیا تھا۔ مگر شکر ہے کہ امسال کی کانفرنس کے لکچر مین مولوی صاحب نے خود اعتراف کر لیا ہے کہ مجھ مین یہ بری عادت ہے کہ مین اپنے خیالات کا سلسلہ قائم نہین رکھ سکتا۔ اور مضمون زیر بحث سے دور نکل جاتا ہون۔ اب یہی ہمارا اعتراض کرنے والے شائد نادم ہونگے ذرا مولوی صاحب کا لکچر منگوا کر دیکھ لین۔

۳۰ دسمبر کی صبح کو جب پانچوان ریزولیوشن جو ہوٹل کرکے پاس ہوا تو کانفرنس کا مقررہ وقت گذر چکا تھا اس لیئے صاحب پریسیڈنٹ نے خاتمہ کی تقریر سے جلسہ ختم کر دیا۔ ایجوکیشنل کانفرنس کی خوبصورت پیشانی پر یہ بہت بدنما دھبا رہا ہے کہ دس ریزولیوشن جو اس سال کے لیئے تجویز کیئے گئے تھے انمین سے صرف دو ۲ جلاس مین پیش ہو سکے وجہ یہ کہ لکچر بہت دیئے گئے تھے اور وقت کی تنگی کی وجہ سے باقی ریزولیوشن پیش نہ ہو سکے۔ دیکھنے دیکھا ہے نیشنل کانگرس کے اجلاس مین ہر ریزولیوشن تجویز کرنے والے کے لیئے پانچ منٹ اور تائید کرنے والے کے لیئے پانچ منٹ کی مہلت مقرر ہوتی ہے اس مدت مین بڑے بڑے قابل لوگ بھی اپنی اپنی تقریرین ختم کر لیتے ہین صنعتمان کانفرنس کو بھی لازم ہے کہ ایک بے سود پا لکچرون کی نسبت ریزولیوشنون کی بحث کو مقدم رکھا کرین۔ زور بچانے کے ہر سال بہت سی اور ہر اجلاس مین کانفرنس مین پیش ہونے کے لیئے اکٹھی کرنے کی بجائے سیشن کی ضروری ریزولیوشن بار بار بطور تاکید کے پیش کرکے منظور کیا کرین۔ کہ یہ اعتراض رفع ہو جاوے کہ کانفرنس کے ریزولیوشن اگلے سال ڈیکلیئر ہو جاتے ہین اور لوگون کو بھول جاتے ہین۔

ہم علیگڈھ کالج کے طالبعلمون کی تعریف کیئے بغیر اس آرٹیکل کو ختم نہین کر سکتے۔ ان نوجوانون نے کانفرنس کے ممبروان کی مہمانی کے لیئے بہت سے کام بطور والنٹیرون کے اپنے ذمہ لیئے ہوئے تھے جنمین سب سے مشکل یہ تھا کہ کوئی تین درجن طالبعلم نیشنل بوٹس کے رات بھر کہڑے ہو کر مہمانون کے مکانون کے گرد پہرہ دیا کرتے تھے تاکہ انکا اسباب نہ چوری جاوے۔ ایم اے او کالج علیگڈھ کے طالبعلمون کی تعلیم کے ساتھ ساتھ انکی تربیت پر جس ڈھنگ سے ہوتی ہے وہ واقعی بہت اچھی اور یہان بھی اچھی دیکھنے مین آئی۔

امسال کی کانفرنس کی خوش نصیبی سے دو نامور مسلمان جسے سال مین بڑی بڑی پائے کی ملازمتون سے علیحدہ ہوگئے تھے۔ اور انکی علیحدگی سے گو ہر شخص کو صدمہ ہو چکا تھا لیکن کانفرنس کے اجلاس کے دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس علما کا کوئی کام کمیت سے خالی نہین ہوتا۔ سید محمود جج مدرسے تھے لیکن انہون نے جو ٹرننگ لکچر دیا تھا اُس سے لوگون کو آئندہ کے لیئے قومی خدمات کی بڑی امید ہو گئی تھی کیونکہ انکی جج سے کسی کو فائدہ نہا۔ ایسے ہی نواب محسن الملک کی قابلیت سے امید ہو گئی تھی کہ وہ اسی طرح بقیہ زندگی قومی خدمات مین صرف کر دینگے۔

لہ پچھلے ہفتہ مین ایجوکیشنل کانفرنس کے ریزولیوشنون کے ساتھ لگھا گیا ہے کہ یہ دس ریزولیوشن پاس ہوئے حالانکہ وہ صرف پانچ کرنے کے لیئے تجویز کیئے گئے تھے۔ انمین سے تین ریزولیوشن پاس ہوئے۔

پیسہ اخبار کی توسیع اشاعت

مندرجہ ذیل اصحاب نے مندرجہ ذیل بزرگواروں کے مہربانی اور عنایت فرما کر پیسہ اخبار کے اجرا کی اجازت دیتے ہیں۔ کہ جسکے لیئے ہم ان کے تہ دل سے شکر رہیں۔ اور توقع رکھتے ہیں کہ جس طرح بعض کرمفرماؤں نے ان اصحاب کو پیسہ اخبار کی خریداری کی تحریک اور ترغیب دی ہے ویسے ہی یہ خود بھی اپنے دوستوں کو شریک کر کے خریدار بنانے سے پیسہ اخبار کے اس حق سے سبکدوشی حاصل کرینگے ۔

جناب بابو لکھپت رائے صاحب کلرک لوراٹائی بنام لالہ رام کشن صاحب ٹھیکہ دار میڈیکل ورکس ۔

جناب منشی سلیمان خان صاحب پٹواری فیروز پور (۱) بنام منشی رحیم بخش صاحب پٹواری پتہ یاری شاہ والا و (۲) بنام منشی نور محمد صاحب پٹواری شیر خان والہ ۔

جناب مولوی محمد اسمٰعیل خان صاحب اسسٹنٹ نصر اللہ خان صاحب (۱) بنام منشی محمد اسمٰعیل خان صاحب صدر محاسب جیسے آباد دکن، و (۲) بنام منشی نذیر احمد صاحب اہلکار دفتر صدر محاسب حیدر آباد دکن ۔

جناب احسان اللہ صاحب مہکری شباب حیدر آباد دکن مولوی محمد ولی اللہ صاحب طاہر عالی پٹہ خانہ سرکار نظام گلبرگہ

جناب لالہ ہیرا نند صاحب کنڈکٹر امرتسر (۱) بنام ڈاکٹر ایچ آئیر صاحب ملازم میڈیکل ڈاکٹر ٹہا کر داس صاحب مقام شملہ (۲) بنام لالہ دیوانند صاحب کنڈکٹر امرتسر ۔

جناب امیر علی صاحب مدرس گھیر بنام لال ہیرا لال صاحب فلف ٹہاری ہمکو انداس صاحب ۔

جناب علاؤ الدین صاحب کلرک ملٹری ورکس انبالہ بنام بابو عبد الغنی صاحب سب ڈویژنل کلرک ۔

جناب میر اکبر صاحب اول مدرس ترناب بنام منشی امیر چند صاحب طالب علم ترناب تحصیل چارسدہ ۔

جناب لالہ روڑ چند صاحب پٹواری موضع ٹہلہ بنام مولوی نور احمد صاحب طبیب ساکن موضع لودی تحصیل ٹہالہ ۔

جناب جنگ بہادر صاحب، ہلڈ تحصیل ہلو مانگڑہ بنام منشی رحیم بخش صاحب ہلڈ تحصیل ٹہالہ ۔

جناب لالہ گوبند سہائے صاحب سکول ماسٹر فورٹ سنڈیمن بنام لالہ تیج بھان صاحب پٹواری ژوب ۔

جناب لالہ ٹہاکر داس صاحب محرر سرحدی تحصیل ٹانک بنام لالہ چند صاحب محرر ناظم ٹانک ۔

جناب لالہ ہرچند صاحب سٹیشن ماسٹر ازدنتر ڈی ٹی ایس ملتان بابو دیدیال صاحب سٹیشن ماسٹر چناب مغربی کنارہ ۔

جناب سردار ہردیال سنگھ صاحب مقام کلر بنام سردار گربخش سنگھ صاحب مقام کلر ۔

جناب سراج الدین چراغ الدین صاحب جراح دہلی بنام مولوی میر شاہجہان صاحب کامل سپاہ ٹانک نبش خان ضلع ہلی ۔

جناب سردار لال سنگھ صاحب جمعدار رجمنٹ نمبر ۱ بنگال لانسرز بنام میاں شہاب الدین صاحب مخبر میر منشی رجمنٹ نمبر ۱ بنگال لانسرز

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم۔ جمعہ۔ ۲ فروری ۱۸۹۴ء

محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا آٹھواں اجلاس

(خبر دوم)

۲۸ دسمبر کو ایجوکیشنل کانفرنس کے صبح کے اجلاس میں تیسرا ریزولیوشن پہلے پہل پیش ہوا جسکا منشا یہ تھا کہ مسلمان طلبا کو اعلےٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ زبان عربی سکھلائی جاوے تاکہ انکو مذہبی فایدہ حاصل ہو۔ جب اس تجویز پر کافی بحث ترمیم اور تائید ہو چکی تو آخری تقریر منشی شمس الدین صاحب سکرٹری انجمن حمایت اسلام لاہور کی تھی منشی صاحب کا مطلب علاوہ دیگر امور کے یہ تھا کہ باوجودیکہ گورنمنٹ پنجاب نے منظور کر لیا تھا کہ مسلمانان پنجاب اپنے ہم مذہب طلبا علیحدہ کی مذہبی تعلیم کا خارج از وقت مدرسہ مکان مدرسہ میں انتظام کر دیں مگر جب انجمن نے اس کام کے عملدرآمد کی اجازت گورنمنٹ سے طلب کی تو منظور نہ ہوئی۔ اسپر آنریبل سکرٹری صاحب نجو بھرے بیٹھے تھے کھڑے ہو کر بڑے جوش و خروش سے تقریر کی۔ جسکا ماحصل یہ تھا کہ مسلمان زبانی دین دین کہنا جانتے ہیں مگر عملی کام خاک نہیں کرتے۔ دینیات کی تعلیم کے لیئے مدارس پنجاب میں باوجود اجازت ملجانے کے پنجابیوں نے کچھ نہیں کیا۔ سارے ہندوستان میں عربی علوم کا ایک مدرسہ دیوبند میں ہے کہ جہاں کے طالب علموں اور اُستادوں کو شکم سیر روٹی نہیں ملتی۔ طالبعلم ٹہیاروں کی دوکانوں پر مارے مارے پھرتے ہیں۔ کیوں انہیں اس کا انتظام کیا جاتا کہ اُن لوگوں کو مایحتاج سے فراغت ہو جاوے۔ پھر اور جگہوں میں عربی کی تعلیم کو وسیع کیا جاوے۔ یہ دوسرا موقع تھا کہ سید صاحب نے اس جلسہ میں بہت خفگی اور جوش کا اظہار کیا تھا۔ بجالیکہ سمجھ میں نہ آیا کہ ایسے تجربہ کار اور متحمل شخص کو جیسے کہ جناب سید صاحب ہیں کیا ضرورت ایسے جوش کے اظہار کی پیش آئی تھی۔ وہ یہی مطلب سہولت اور آہستگی سے بھی ظاہر کر سکتے تھے۔ یہ تک تو سید صاحب کا کہنا بجا تھا کہ لوگ باتیں بہت بناتے ہیں مگر کچھ کر کے نہیں دکھلاتے اور جہاں عربی کی تعلیم کا طریق دیسی طرز کے مکاتب اور مدارس میں جاری ہے وہاں کچھ امداد نہیں کرتے۔ مگر یہ بات انکے لیئے کچھ نئی نہ تھی۔ ریفارمر اور کام کرنیوالے لوگ کو قدم قدم پر ایسے تجربے حاصل ہوا کرتے ہیں معلوم نہیں پنجاب کے مدارس میں دینی تعلیم کی نسبت سید صاحب کا اس بھرے جلسہ میں صرف کام کے ایک حصہ پر اعتراض کرنا کہاں تک بجا تھا جبکہ وہ سرے حصہ کو بھی ساتھ کر سکتے تھے۔

انجمن حمایت اسلام کے سکرٹری صاحب نے صاف بیان کیا تھا کہ جبسے پنجاب گورنمنٹ سے مسلمان طلبا کو مدرسہ کے وقت کے بعد دینیات کی تعلیم کے متعلق انتظام کرنے کے لیئے اجازت طلب کی تھی مگر نہ ملی۔ اسکی تصدیق میں انجمن حمایت اسلام کے دفتر میں ریکارڈ موجود ہے۔ مگر سید صاحب نے فرمایا ہم اور کچھ نہیں پوچھتے صرف اتنا بتلاؤ کہ پہلے سرکار نے اجازت دی تھی یا نہیں۔ اور اسپر وہ زور دار شور سے تقریر کی کہ الامان۔ اب بیچارے پریسیڈنٹ کا کام ہر خندہ کار فو کرنا تھا۔ انہوں نے اسکو بھی کچھ مذاق سے اور کچھ متانت سے اوڑا دیا۔ انہوں نے بہا اچھا کہا کہ اس ریزولیوشن کے مجوز سید صاحب کے قریب نہیں بیٹھے تھے ورنہ سید صاحب انکو ایک دو چھڑیاں مار بیٹھتے۔ اور اگر سید صاحب کے ہاتھ سے وہ چھڑیاں کہا لیتے تو اس فخر کو تا دم زیست نہ بھولتے معلوم نہیں سید صاحب ایسے متحمل اور تجربہ کار شخص کس طرح مغلوب الغضب ہو جاتے ہیں کہ انہیں اتنے بڑے جلسہ کی موجودگی کی پروا نہیں ہے۔ ورنہ اس موقع پر انکی خفگی اور طریق استدلال دونوں بچانہ تھے۔ شاید زیادہ نکتہ اس لوگ اسکی کوئی تاویل کر سکیں۔

اب ہم اس سال کی ایجوکیشنل کانفرنس کی سب سے دلچسپ اور بیش قیمت کارروائی کا ذکر کرتے ہیں۔ اور وہ سید محمود صاحب کا تاریخی لکچر ہے کہ جسمیں انہوں نے بڑی جستجو اور محنت کے ساتھ ایسٹ انڈیا کمپنی کے زمانہ سے لیکر ۱۸۵۷ء تک ہندوستان میں مسلمانوں کی انگریزی تعلیم کی تاریخ کو قلمبند کیا ہے۔ سید صاحب کے لکچر پر حضار جلسہ ہمتن گوش بنے ہوئے تھے۔ لکچر تو چار پانچ گھنٹہ میں ختم ہوا ہوگا۔ مگر اسکا خلاصہ یہ تھا کہ ۱۷۵۷ء میں بنگالہ بہار اور اڑیسہ کی دیوانی ایسٹ انڈیا کمپنی کو ملی ۱۷۹۳ء میں لارڈ کارن والس اور ہیسٹنگز نے مسلمانوں کی تعلیم کے لیئے کلکتہ مدرسہ جاری کیا جسمیں شرع محمدی کے جاننے والے عہدہ دار تیار کیئے جاتے تھے۔ کیونکہ اس زمانہ میں شرع محمدی پر ہی مقدمات انفصال پاتے تھے۔ ۱۸۳۵ء میں رائٹ آنریبل چارلس گرانٹ پریسیڈنٹ بورڈ آف ڈائرکٹرز ایسٹ انڈیا کمپنی نے اہل ہندوستان کی تعلیم کی نسبت ایک سیاہ داشت لکھی جو پارلیمنٹ کی خدمت میں بھیجی گئی۔ اور ۱۸۳۷ء میں پارلیمنٹ نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے منافع سے ایک لاکھ روپیہ سالانہ اہل ہندوستان کی تعلیم پر خرچ کرنا منظور کیا۔ لیکن ۱۸۴۳ء تک اس تجویز پر کچھ لحاظ نہ ہوا۔ اسی سال میں عربی کالج آگرہ کلکتہ۔ بنارس۔ دہلی وغیرہ مقامات میں قایم ہوئے۔ اور یورپین فلسفہ عربی زبان میں سکھایا جانا تجویز ہوا۔ اور ۱۸۴۴ء میں بمقام کلکتہ ہندوؤں نے ہندو کالج قایم کیا اور راجہ رام موہن رائے مرحوم نے انگریزی تعلیم کی اشاعت کے لیئے چندہ جمع کرنا شروع کیا۔ ۱۸۴۶ء میں بمقام کلکتہ پنجاب سرکار ایک سنسکرت کالج قایم ہونے لگا تھا کہ وہاں کے معزز ہندوؤں کے گروہ کثیر نے کہ جسمیں راجے مہاراجے زمیندار ساہوکار رئیس تھے سرکار کی خدمت میں میموریل بھیجا کہ ہمیں سنسکرت کی تعلیم کی ضرورت نہیں وہ ہمارے پنڈت کافی جانتے ہیں اور خود اسکی اشاعت کا فکر کرلیں گے۔ ہمیں انگریزی کی تعلیم ملنی چاہیئے کہ یہ ہماری کامیابی کی حکومت کا ذریعہ ہے۔ [illegible]

اخبارات کو اپنی ذات کی تعریف بھیجوا کر دیا ہے۔ وہ شخص جو بجا طور دنیا مین معتبر کروڑ مسلمانون کا مذہبی لیڈر ہونے کے روم کے پوپ سے بھی بڑا ہے کیونکہ وہ صرف مذہبی حکمران ہے اور زار روس سے بھی بڑا ہے کیونکہ وہ صرف دنیاوی شہنشاہ ہے مگر سلطان دینی اور دنیاوی دونون حیثیتون سے شہنشاہ ہین اور اس لیئے بہت بڑے شہنشاہ وہ باعتبار اصل یورپ کے متواتر اور معتبر بیانات اور تحریرات کے آستانہ جاکر اور معتمنی اور صلح ہے کہ شب و روز مین صرف چار گھنٹے آرام کرتا ہے اور باقی تمام وقت کاروبار سلطنت مین وقف کر دیتا ہے اور یہی اسکی بڑی عادت ہے۔ وہ صوم و صلوٰۃ کا بڑا پابند اور پورا متشرع ہے۔ سوائے قہوہ اور چرٹ کے کوئی دوسری چیز نہین پیتا۔ اُسنے آجتک صدہا یتیم خانون مدرسون اور خیرات کے کامون کے لیئے لاکھون روپیہ اپنی جیب خاص سے خرچ کر دیا ہے۔ ہم ٹرکی کی قریباً ہر ڈاک مین دیکھتے رہتے ہین کہ سلطان نے فلان بیت الشفقت اور فلان مدرسہ زراعت کے لیئے جیب خاص سے روپیہ دیا حال ہی مین سالگذشتہ کے موسم حج پر پیغمبر کی ہمدردی کا ذکر کرکے دل بے اختیار ہو گیا۔ حکم دیا کہ فوراً حجاج کی آسایش کے لیئے سات چار لاکھ روپیہ جیب خاص سے خرچ کیا جاوے۔ اور اور جتنا روپیہ درکار ہوگا وہ بھی جیب خاص سے دیا جاویگا حالانکہ دمشق کے ایک عظیم الشان اور قدیم (بنی امیہ کے عہد کی) مسجد جلنے سے سلطان نے اپنی گرہ سے روپیہ جیب خاص سے اسکی مرمت کیلیئے عطا کیا لیکن روپیہ سلطان کے سامنے بڑی بات نہین ہم کو اس طرح خزانہ سرکار نہی سمجھتے ہمکو تعریف نہین کرنی کسی بادشاہ اور شہنشاہ کی سچی تعریف کو اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ اپنی ذات پر کیا کیا فیاضیں (قربانی) گوارا کرتا ہے۔ ۱۸۹۲ء ہی مین معلوم ہوا ہے کہ سکاڈور شاہ جاپان نے اپنی بحری طاقت کو وسیع کرنے کے لیئے اپنے تمام سول لسٹ کے افسران کی تنخواہون سے چھ سال کے لیئے دس فیصدی تخفیف کر دینے کا حکم دیا۔ مگر سب سے پہلے کھد یا کہ میرے ذاتی وظیفہ مین سے اس کام کے لیئے تین لاکھ ڈالر سالانہ وضع کیئے جایا کرین۔ کتنی بڑی عالی ہمتی کی بات ہے۔ بجا ہے کہ سلاطین یورپ اپنی تن آسانی اور عیش کے لیئے اپنے اور اپنی اولادون کے وظیفے بڑھانے کی فکر مین رہتے ہین جو سلطان یہ عالی ہمتی کرے کیا وہ بھی تعریف کا مستحق نہین۔ خواہ اسکو اس تعریض کی کچھ بھی پروا نہ ہو مگر پولیٹیکل دانشمندی سلطان کی اس سے عیان ہے کہ باوجود انگریزون کے مصر پر قبضہ کرنے کے انکی دوستی خوبیون کے باعث سے دوستی بنی جاتی ہے شہنشاہ جرمنی جو اس وقت یورپ مین اکلوتا اول درجہ کا بادشاہ ہے سلطان کے پاس خود ملاقات کرنیکو گیا بجائیکہ پرنس بسمارک اسے بہتیرا منع کیا بعد میں خدیو جاسے جب قسطنطنیہ مین شرف ملاقات حاصل کر چکے تو تمام دنیا کی آنکھین اُدھر لگی ہوئی تھین کہ شاید سلطان خدیو کو انگریزون کے خلاف شورہ دین۔ لیکن سلطان نے کوئی ایسی بات بھی نہین کی جو خدیو کو اس بارہ مین جرات لاتی۔

ممکن ہے کسی طرح سے اگر سلطان مین ٹرکی کی حکومت آجکل کی ہندوستان سے ناقص ہو کہ آفتاب کے نیچے کسی حکومت کا انتظام بھی مکمل نہین ہو سکتا۔ لیکن اسمین کیا شک ہے کہ ٹرکی جس ہندوستان سے ہزار درجہ زیادہ مہذب اور تعلیم یافتہ ہے اور جسکے سوشل حالات یہان بہی بہت بڑھے ہوئے ہین یورپ کے جن سیاحون نے پندرہ بیس سال پیشتر ٹرکی کو دیکھا ہوا ہے وہ استنبول کا انقلاب دیکھکر دنگ رہجاتے ہین۔ مولوی شبلی صاحب کے جلسہ مین جس سید سر صاحب نے یہ فقرہ کہا ہے کہ "مین پانچ مہینا ہوئے اُس ہاوڈہ کو کہ بادشاہ ہو کر جھوٹ بولے اور جھوٹ طرح کرائے عام اس سے کہ سلطان ہو یا شاہ ایران کافر ہو یا مسلمان" ہمین اُنکے مبلغ علم اور تہذیب کی کم مائیگی پر افسوس ہوتا ہے۔ ویسے ہی اصحاب نے بیرسٹرون کی معزز جماعت کو بے وقار کر دیا ہے۔ کاش بیرسٹر صاحب صرف انگریزی اخبارات سے ہی ٹرکی کی خبرین پڑھ لیا کرتے۔ اور سلمانی تو درکنار تھذیب سے ایک حصہ ہی اُنمین حاصل ہوتا۔ کہنے کو تو ہر ایک مشورہ پشت نعوذ باللہ خدا کو بھی جو چاہے کہ سکتا ہے اور یہ آسکی بات نہین بلکہ ابوالفضل کو بھی ایسے ہی موقعون پر "ما نجا اللہ والرسول معا من لسان الوری کیف انجا" کہنا پڑا تھا۔ لیکن مصدق سوسائٹی صرف وہ باتین پسند کرتی ہے جنسے کسی کی دلشکنی نہ ہو اور جسمین کوئی نہ کوئی بہتری مدنظر ہو۔ ہم مانتے ہین کہ انگریزی انتظام بہت عمدہ ہین لیکن کیا اسمین صدہا نقص موجود نہین۔ رشوت کا یہان زور ہے۔ سفارش یہان چلتی ہے۔ حکام یہان بے اعتدالیان کر گذرتے ہین خون چوری زنا سب کچھ یہان ہی ہوتا ہے جیسا کہ دنیا کی ہر ایک دوسری سلطنت مین ہوتا ہے۔ مگر اپنی آنکھ کا شہتیر نظر نہین آتا اور ہمسایہ کی آنکھ کا تنکا نظر آجاتا ہے۔ اگر یہ بیرسٹر صاحب تین سال لنڈن مین رہ کر دہان کی شریف سوسائٹی سے ایک مٹن بھی تہذیب سیکھتے تو اپنا مطلب ادا کرنے کے لیئے اس سے اچھے الفاظ تلاش کرتے۔ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے اور اسی طرح انسان اپنی بات سے۔ کیا سلطان ڈاڑھی منڈواتے ہین؟ جھوٹ بولتے ہین؟ شراب پیتے ہین؟ بہتان۔ کیا سلطان جھوٹ بولتے یا لکھواتے ہین؟ افسوس بیرسٹر صاحب ذرا ہوش مین آوین۔ مسلمان بچے بچے جانتے ہین کہ سلطنت ترکان ہین کہ جسکے تاج مین آج کل پیشانی کی تولیت ہے دستور ہے کہ ہر نئے بادشاہ تخت پر بیٹھتا ہے اسکو ڈاڑھی رکھنا فرض ہو جاتا ہے خواہ عالم شہزادگی مین وہ ڈاڑھی منڈھا ہوا کرتا ہو۔ پھر جس سلطان کو اس سر بمہر خلافت پر متمکن ہوئے اٹھارہ سال منقضی ہو چکے ہین کیا وہ ڈاڑھی نہین رکھتا۔ گو انگلستان مین بعضی تصویرین شوکت آپ سلطان عبدالحمید خان کی بکتی اور شایع ہوئی ہین اُنمین ڈاڑھی نہین ہوتی۔ یہانتک کہ لنڈن کے رسالہ "ایسٹرن اور ویسٹرن ریویو" مین سالگذشتہ مین سلطان المعظم کے حالات کا جو سلسلہ چھپا ہے جب ہم نے اسکی تعریف سنی تو اسکو منگا کر دیکھا۔ اسمین بڑے دعوے کے ساتھ سلطان کی تصویر کا صحیح ہونا بیان کیا گیا ہے مگر وہ بھی غلط ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ سلطان کی ڈاڑھی والی تصویرین نہین ملتین۔ کیونکہ سلطان اتنے پابند شریعت ہین کہ کسیکو اپنا فوٹو گراف نہین لینے دیتے۔ کیا یہ عجیب بات نہین ۱۸۹۲ء کے لنڈن کے رسالہ "لیشر آورز" مین ایک سلسلہ کل موجودہ سلاطین یورپ کی حالات عمر یون کا چھپا ہے۔ ہر سال کا دریون کے آخر مہینہ مین ہے اور اسکو انکے مشہور پبلشر جس ایک سوسائٹی شایع کرتی ہے۔ اسمین سلطان کی زندگی کے حالات بھی درج ہین جنمین صاف لفظون مین لکھا ہے کہ سلطان روم مذہب کا کتنا پابند ہے۔ کتنا محنتی اور مسکرات سے پرہیز گار ہے اور ساتھ ہی اُسنے تھوڑی مدت مین ٹاک مین کتنی پولیٹیکل اور سوشل اصلاح کر دی ہے۔ یہ رسالہ ہمارے پاس موجود ہے اور ہر شخص اسکو دیکھ سکتا ہے۔ اب ہم ایک اور کتاب کا حوالہ دیتے ہین جو تین چار سال گذرے ہین ایک انگلستان کے شہزادے نے تصنیف کرکے لنڈن مین چھپوائی ہے اُسکا نام ہے

Thirteen years of reign of Sultan Abdul Hameed II

(تیرہ سالہ عہد حکومت سلطان عبدالحمید خان ثانی) اور اسکا ترجمہ بزبان اُردو حال مین لاہور کے مطبع خادم تعلیم نے شایع کیا ہے۔ بیرسٹر صاحب دیکھین کہ ایک انگریز نے عوت نے کس طرح سے رو رعایت اُس سلطان کی تعریف کی ہے کہ جسکی شان مین اُنہون نے ایسے پاکیزہ کلمات استعمال کیئے۔ آپ بیچارے شاہ ایران کو بھی لے ڈالا ہے کیونکہ وہ ڈاڑھی منڈواتے ہین۔ قصہ بہت طویل ہو گیا ہے ورنہ شاہ بھگلاہ کی بریت کی بھی کوشش کیجاتی۔ مولوی شبلی صاحب نے جو اسی جلسہ مین جناب رسالتمآب کا ذکر کرتے ہوئے بھی اُنکی علامت ہی کیا ایسے ایسے لایق لوگون کے مجمعون مین اسی طرح کی بیہودہ باتین ہوا کرتی ہین ؎

گر مسلمانی ہمین ست کہ داعظ دارد ۔۔۔

بیرسٹر صاحب کو بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ "بازی بازی باریش بابا ہم بازی"۔ کرن کے نام کی گستاخی کرتے ہین کہ جنکی عوت اور حرمت کا نوے کروڑ دلون کو پاس ہے۔ شاید تحریر کے وقت طیش ہو گئی ہو مگر ہمین ہمارا نصوص نہین سلطان ہی ایسا ہے کہ جسکی جتنی تعریف کیجائے اور تعظیم کی جائے

لکھا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جسکی مصری ازہر سوسائٹی نے ایک مبسوط حالات محمد بن محمد الغزالی کی مشہور کتاب منقذ من الضلال کا ترجمہ بامحاورہ اُردو مین (متن عربی حاشیہ پر) کیا ہے۔ امام صاحب مسلمانون مین حجۃ الاسلام کے فلسفی مشہور ہین یہ کتاب اُنکی تصنیفات مین اعلیٰ پایہ کی ہے۔ اسکے مطالعہ سے فلسفہ دانی کا زمانہ ہمارے ہندوستان مین بہت کچھ آسکتا ہے

لاہور و پنجاب

— تمام صوبہ پنجاب میں بارش ہوگئی۔ سیالکوٹ میں زخ اجناس چرہ اور پشاور میں گر رہا ہے۔ باقی سب جگہ فائیہ ہے موسم خوان کی فصل جمع ہو چکی۔ فصل ایستادہ کو بارش سے بہت فائدہ ہوا ہے۔ امید ہے کہ ہی اچھی ہوں ضلع لاہور کے بعض حصوں میں جو ہے نے فصل کو نقصان پہنچایا بارش کی عموماً اچھی حالت ہے۔ صوبہ بھر میں چارہ کافی تبلایا جاتا ہے۔ پوست کی فصل اچھی ہے۔

— شیخ علی احمد صاحب وکیل گورداسپور نے دس روپے دیانند اینگلو ویدک کالج کو اور دس روپے یتیم خانہ آریا سماج فیروز پور کو دان کیا۔

— شہر بالند ہر کا ہیتری پتسکالا (ہندو گرل سکول) میں تعلیم ۸۱ لڑکیاں تعلیم پاتی ہیں۔ چھ میں دو بیوہ ہیں۔ انہیں پانچ دیگر مقامات سے ہیں۔

— ہفتہ مختتمہ ۱۲ دسمبر ۱۹۰۹ء میں پنجاب کے ۱۴ بڑے میونسپل قصبات میں۔ ۱۴۳۰۔ بچے (۲۴۳ فی ہزار) (۱۰ مادہ) ۱۲۰۰ ہوئے اور ۱۱۹۴ (۲۰۲ فی ہزار) مرد و ۵۲۶ عورتیں امرتسر یعنے تولہ کی اوسط فی ہزار آبادی ۵۰۶ موت کی ۴۹ ہوئی۔ بڑے بڑے میونسپل قصبات کی موت کی مقدار ۴۸۷ فی ہزار رہی ہوئی ۳۶۲ فی ہزار سی ہیت زیادہ تھی جو باقی تمام صوبہ کی اوسط ہے۔ گنجلہ لدھیانہ پٹیالہ اور کرتارپور میں اموات کی اوسط بترتیب ۱۴۹-۸۲-۷۵ و ۷۰ فی ہزار رہی جو کہ بہت زیادہ ہے۔ پہلے دو مقامات میں اسقدر اموات کی وجہ وہاں چیچک کی شدت تھی۔

— نواب ممتاز حسین صاحب رئیس پاٹودی کا قرضہ بمشورہ نواب صاحب لوہارو دو صاحبزادہ پٹی کمشنر دہلی کے حکم سے ادا کیا جا رہا ہے۔ نواب ذوالفقار علیخان برادر نواب صاحب پاٹودی کو لاٹ صاحب کی سفارش سے کمشنر دہلی اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنری کا کام سپرد کیا ہوا ہے ہیں۔ (ریختہ)

— آل انڈیا کانفرنس متعلقہ امین مسئلہ بھی زائین صاحب بیرسٹر لاہور کو بصدائے انگلستان اور سکاٹ کو مذہبی پارلیمنٹ یا قوم کا لیسنے کے حالات مشتہر کرنے کے انہیں کامیاب عمل ہونے کا خطاب دیا گیا۔

— خبر ہے کہ سر سید احمد خان بمعیت سید محمود اور نواب محمد علی خان اور چند دیگر دوستوں کے ابتدائے ماہ مارچ میں پنجاب کا دورہ کرینگے جو انکا فیسرا دورہ کالج کی مدد کے لیئے ہوگا۔

— ۲۸ جنوری کو لاٹ صاحب گجرات کا دورہ کیا اور برسات کی ناسازی کی وجہ سے خلاف قرار داد سابقہ اتفاقاً لاہور کر چلے آئے۔

— نواب صاحب بہاولپور نے اسلامیہ سکول کے دس طلباء کو پانچ پانچ روپیہ کے وظائف دیئے۔

— میونسپلٹی کے گذشتہ اجلاس میں بھائی گوردت سنگھ کی درخواست ٹریموے کو دخانی طاقت سے چلانیکی مسترد کر دیگئی۔

— پنجاب یونیورسٹی کے قانون کے آخری امتحان میں حسب ذیل امیدوار کامیاب ہوئے۔ بہانا رام بی اے۔ بوج لال بی اے محمد یحییٰ ایم اے۔ موتی رام بی اے اور یعقوب خان بی اے۔

— لاہور کی سرین سبھا نے اپنی ضم کردہ یتیم لاوارث بچوں کی پرورش کے لیئے فنانی سرمایہ جمع کر لیا ہے۔

مراسلات

دعوت جناب نعمانی اور عبرت افزا کہانی

نہایت شکر کا مقام ہے کہ جناب مولوی محمد شبلی صاحب نعمانی اپنی ۶ شش ماہی بیمار اور سفر ترکی وغیرہ کا تذکرہ کہا اور اور دن کو بھی چکھایا یعنی خطاب شمس العلماء پایا۔ اسکی خوشی میں ایک جلسہ اور تاریخ ۱۷ جنوری ۱۹۱۰ء کو وقت شب ایک جلسہ دعوت واسطے تہنیت پانے کے خود مقرر فرمایا۔ اس جلسہ کی کیا تعریف کروں جلسہ نہ تھا بلکہ کتاب اسلامیوں کی عبارت تھی۔ کچھ ہندی کچھ انگریزی کچھ اسلامی طرز کچھ انگریزی گدڈ۔ انگریزی اور اسلامی ملا کر کھچڑی پکائی تھی اور اپنی طرز تحریر کو کہانا کہلانے میں بتا رہا تھا اور بڑا ہی۔ فرش پر دسترخوان لیکن دسترخوان پر خالی پلیٹ جا بجا رکھی گئی انگریزی طرز پر کہ ایک کہانا آیا آسمیں سے ذرا ذرا سا سب کو کھلایا پیچھا یا۔ ہم گوشت پسند ہیں لیکن سننے ہی سے مزہ آنے لگا یا چند منٹ تک سب کہانے والے بعد ہر ایک چاشنی کے منتظر جا رہے تھے جب بیٹھے بیٹھے پک جاتے ہے تو اسی طریقہ سے دوسرا کہانا آتا تھا لیکن اسیطرح پر چیسر کہانا ہی ختم ہوا۔ مگر افسوس ہے کہ مولوی صاحب نے اور ستادن کو مہمان کیوں کیا تھا۔ جنکو جناب مولوی صاحب کے ان بین ہان ملا نا دشوار تھا چنانچہ قبل کہانا کہانے کے تاریخی ذکر شروع ہوا۔ مولانا شبلی صاحب نے گفتگو میں مدح انتظامات دین سلطان معظم کرنے لگے۔ فی الواقع مولوی صاحب کو اس شخص کی مدح لازم تھی جسکے تمغہ کی نسبت سے یہ خطاب ملا۔

منجملہ حاضرین جلسہ دعوت کے ایک بیرسٹر صاحب بھی موجود تھے انہوں نے انتظامات کی مذمت کی اور مولوی صاحب کی مخالفت اور انگریزی انتظام کی تعریف۔ مولوی شبلی صاحب کو مخالفت کا رنج ہوا۔ اس کو رد کیا۔ مولوی ثناء الحق صاحب نو وارد اور طالبعلم سابق مدرسہ العلوم علیگڈھ بھی جو سر پا انتظامات ترکی کے بنے ہوئے تھے نہایت جوش سے بیرسٹر صاحب کو جواب دینے لگے۔ بیرسٹر صاحب نے انکو منع کیا اور نیز یہ دریافت کیا کہ اگر تم انتظامات ترکی کے حالات سے واقف ہو تو بتاؤ پولیس کا وہاں کیا انتظام ہے۔ تو وہ ساکت ہو گئے۔ لیکن مولانا شبلی صاحب انتظامات ترکی کی تعریف ہی کرتے رہے اسکے جواب میں بیرسٹر صاحب نے کہا میں نہایت پاجی جانتا ہوں اس بادشاہ کو کہ بادشاہ ہو کر جھوٹ بولے اور جھوٹ طبع کرائے۔ عام اس سے کہ سلطان روم ہو یا شاہ ایران کافر ہو یا مسلمان۔ جناب شمس العلماء نعمانی نے فرمایا اگر سلطان ایسے ہیں تو تمام اہل اسلام جناب سے الخطاب تک سب پاجی تھے۔ گفتگو سخت ہو گئی اور یہی اوستادن نے کچھ ٹھا گھاڑا ئی۔ لیکن بسبب مولانا کے طیش کے چنگا لڑائی نظر آئی تو رفع و دفع کر دیا گیا۔ اختتام بخیر ہوا کہانا شروع ہو گیا۔ کسی نے رنج کہا یا اور کسی نے شیرنی سمجھ لیا۔ واقعی مجمع قابل قدر تھا۔ شمس العلماء کے خطاب پر تو چھا ہے سواے اس کے مسلمانوں کا پاجی ہونے اس سے اعلیٰ خطاب پر امید ہے۔ انکی طرف سے بار بار خوشی سے خدا کو بھی ایسا ہی فرمانیگے۔ ثمرہ علم یہی ہے کہ حلم سے آراستہ ہو جائے اور فرانتا تو شکریہ خدا کا ادا کیا جاوے۔ ہمارے نزدیک شاہ ایران یا سلطان ٹرکی مسلمان ہونا کافر ہونا بعید کار نزدیک گمراہ ممدوح ہوگا اور نہ مذموم۔ ہمیں تو اتنا کہنا ہے کہ فضیلت ہے تقویٰ ہی ہے انکی کہ کیوں نہیں ہوس دشمت اور ادستادون سے جناب رسالتمآب کو یہ لفظ سنکر کچھ بھی تو اپنا جوش ظاہر کیا افسوس ہے مولوی صاحب اس خوشی میں بھول گئے۔ کہ ایمان میں ماموں کو شراب خواری وغیرہ کے ساتھ یاد کیا ہے۔ جب تک یہ خطاب نہ ملا تھا اور نہ یہ خیال تھا کہ میں کس اضافہ کو پاجی کہتا ہوں آیا وہ ایسا ہی انسان ہے۔ بادشاہ شہ اضافہ ڈاڑھی منڈانے والا تھا جیسے کہ ایرانی یا کوئی ٹرکی ہو یا بادشاہ دانین اور باعث خلق مخلوقات تھا۔ مولوی نعمانی صاحب پر فرض ہے کہ پھر رجوع کریں اور گفتگو سے تائید سیات توبہ کریں ورنہ ہم اوس رونگی پوری حالت بیان کرینگے (راقم ایک سابع مستقل

مندرجہ بالا خط پر پیسہ اخبار کا ریمارک

ہم نہایت افسوس کے ساتھ ایسی تحریر کو جو اپنے میں پیشہ ایسا کسی ایک فریق یا خیال کے آدمیوں کا آرگن نہیں۔ اور ہمیں ہر مخالف یا موافق جو چاہے لکھ سکتا ہے۔ مگر پیسہ اخبار کی پالیسی پر اسکا کچھ اثر نہیں پڑ سکتا۔ مولوی شبلی صاحب اپنی تصنیفات اور سفر ٹرکی کی وجہ سے پبلک آدمی ہو گئے ہیں اور پبلک کو حق حاصل ہے کہ انکے پبلک معاملات پر نکتہ چینی کرے اگر مولوی صاحب نے مخاطب شمس العلماء حاصل کرنے کی خوشی میں خود حوصلہ کیا ہے تو اب انکا ضمیر خود انہیں خفیف کرتا ہوگا۔ وہ تو مولوی صاحب اور مذہبی آدمی ہیں۔ سر گلیڈسٹون جیسے دنیا دار سے اسنے آجتک ظاہری نمود کی نفرت سے کسی خطاب کو منظور نہیں کیا مگر خود سینکڑوں کو لارڈ تک کے خطاب بخشدیئے ہیں۔ مگر ہم نہیں مانتے مولوی صاحب نے ایسا جلسہ خود کیا ہوگا۔ یا اس قسم کا کیا ہوگا۔ تاہم ہم مولوی صاحب کے سلطنت ٹرکی کی ترقی اور سلطان المعظم کے کیریکٹر اور انتظامات کی جو تعریف کی ہو وہ بیجا ہے۔ حضرت سلطان عبدالحمید ثانی کی سلطنت کے گذشتہ سترہ سال کی ترقی اور اصلاحات کو یورپ کے تمام سٹیٹسمین مانتے ہیں۔ وہ سلطنت ٹرکی جو آخری عالم آشوب جنگ روس و روم کے بعد ابتک صفحہ عالم سے معدوم ہو چکی تھی صرف ایک شخص کے تدبر اور کوشش اور کاوش سے دنیا کی اول درجہ کی سلطنتوں میں شمار ہونے لگی ہے۔ وہ سلطنت ترک جو طرز حکومت پارلیمنٹری کے نام سے مخاطب کیجاتی تھی اب بالکل پسند رست اور توانا ہو گئی ہے۔ ٹرکی کا خزانہ گو ابھی لبریز نہیں ہوا کیونکہ قرضہ جنگ اور پہلے کا بہت بڑا قرضہ ٹرکی کے ذمہ تھا لیکن کیا یہ عیب بات نہیں کہ آجتک صرف اقرار سے زیادہ روپیہ ادا کیا گیا ہے بلکہ آیندہ کی آمدنی کے لیئے ایسا انتظام ہو گیا ہے کہ ترکی کا ہر بات (اعتبار زر) یورپ کی دوسری دولتمند سلطنتوں کے برابر ہو گیا ہے۔ سلطان عبدالحمید خان نے اپنی نیک نیتی اور خدا ترسی کی بدولت سے جو بالکل نیچوں کے درجہ تک پہونچی ہوئی ہے تمام ایسے

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

——— کلکتہ ۲۵ جنوری۔ لارڈ اور لیڈی الجن اور خدام و خیم سامان کے ساتھ گورنمنٹ ہوس میں پہنچے۔ شہریوں پر گورنمنٹ کے اعلیٰ افسران نے ملاقات کی۔ گورنمنٹ ہوس میں پہنچ کر ہز ایکسیلنسی نے دربار کیا جس میں بہت سے دیسی رئیس اور وہ نقشہ گورنر بنگال۔ کمشنر کونسل سکریٹریوں اور ججوں کے پیش کئے گئے۔ شہر کی بڑی بڑی کمپنیاں بھی شامل تھیں۔ لارڈ الجن بہادر نے نقشہ کے بعد سب سے مصافحہ و شکریہ کے اختیار کرنے کا حکم دیا اور لارڈ لیفٹننٹ دن جب سب دل کے اختیار کرنے کے بعد کلکتہ سے روانہ ہو گئے۔

——— کرنل ہیج۔ اے ونسنٹ حال ہز میجسٹی کونسل رکن کونسل آف انڈیا پرنسپل انسپکٹر میڈیکل انسٹیٹیوشن پونہ کے بجائے مقرر ہوتے ہیں۔

——— امپیریل لیجسلیٹو کونسل کے جلسے کے اجلاس میں ڈاکٹر ستیش بھاری گھوس نے مقدر قتل ہلاکت کے متعلق پانچ سوالات دریافت کئے۔

——— جمعہ گزشتہ کے روز ہز ایکسیلنسی لارڈ و لیڈی الجن نے ڈیوک آف کناٹ کے ہمراہ بذریعہ ریل کے مشرقی بنگال کے دورہ کے لئے کلکتہ سے روانگی کی۔

——— لارڈ لیفٹننٹ گورنر بنگال کے چیف آف کابرس کے آنریبل امیر علی شامل تھے۔

——— جاورہ میں جس عظیم الشان میلہ ہوگا حضرت ابو سعید شہید کی درگاہ ہے۔ نواب صاحب بھی میلہ میں تشریف لے گئے تھے۔ مسلمان لیڈر مولوی محمد فاں اور مولوی محمد یحییٰ نے بھی کوشش سے کام کیا تھا۔

——— نواب صاحب جاورہ کے ہمراہ نواب محمد شیر علیخاں جاندار بھی گئے ہوئے تھے۔ نواب صاحب ایجنٹ گورنر جنرل بہادر سنٹرل انڈیا سے ملنے گئے تھے۔

——— بمبئی ۲۸ جنوری۔ ہز ایکسیلنسی لارڈ منٹو نے ۲۷ جنوری کو بمبئی کے ایڈورڈ میموریل پارک کا افتتاح کیا۔ جو رانی الگوراج کنور اور رانی بابا صاحب بڑودہ نے اس تقریب کو بابرکت بنایا تھا۔

——— لاہور آرٹ کانفرنس کی پوری کیفیت گورنمنٹ ہند کی خدمت میں پہنچ گئی اور دو لوکل گورنمنٹوں کی رائیں بھی وصول ہو گئیں۔

——— مہاراجہ صاحب ہنڈس ہے ایکشن چیف صاحب سابق ڈپٹی کمشنر الہ آباد کو دیوان ریاست مقرر کیا۔

——— ۲۲ جنوری کو لارڈ الجن نے بمقام بمبئی آن ہز ایکسیلنسی اور مشرقی مقامات کی سیر کی جو لارڈ ہارڈنگ کے گزر واقع ہیں۔ اور کچھ دن آپ نے مہاراجہ بھاونگر میسور و بڑودہ سے شاہی ملاقات کی۔ روہ پور بہاولپور تجارتی اور تمدنی گورنمنٹوں کے ڈیپوٹیشنوں سے ملاقات کی۔

——— ہندوستان میں ہندو مسلمانوں کے متعلق ہے کہ چونکہ گورنمنٹ نے گئو کشی بند کرنے کی طرف نظر مخالفت کی ہے اس لئے ہندوؤں نے بمقام لکھنؤ جلسہ کرکے اس کا اظہار کیا ہے۔ اب ارادہ کیا ہے جس میں سب ہندوؤں سے ڈیلیگیٹ شامل ہو کر بحث کرینگے کہ آئندہ کا کیا کس طریقہ پر کرنا چاہئے۔ تین روز تک جلسہ ہوگا اور ایک ڈیموریل تیار کرکے گورنمنٹ کی خدمت میں بھیجا جاویگا۔

——— ہز ایکسیلنسی کے روانگی کا پروگرام اور مختلف اسٹیشنوں پر ریسپشن سے لارڈ لیفٹننٹ دن کو الوداعی ایڈریس دینگے۔

——— الہ آباد میں بھی مسٹر داجی نوروجی کا استقبال بڑے جوش و خروش سے ہوا تھا اور وہاں بھی گاڑی کے آگے سے گھوڑے کھولے گئے تھے۔

——— مسٹر داجی نوروجی اور لارڈ الجن بہادر کے لئے ایک ہی اجلاس میں بمبئی کلب میں پارٹی دی گئی تھی۔ اور لکھا ہے کہ ۲۰ جنوری کو بار ایسوسی ایشن کا جلسہ جس وقت بمبئی پہنچے ہیں وہاں ہی اس نوروجی کو بار ایسوسی ایشن کا رکن دائمی ہو گیا۔

——— ایک اخبار لکھتا ہے کہ دہلی میں مہمان خاندان شاہی کی حالت بہت نازک ہے۔ ان میں سے کسی کا دو روپے اور کسی کا اڑھائی سو روپے ماہوار وظیفہ ہے۔

——— صاحب کمانڈر انچیف غالباً آسام کے بعد صوبہ مدراس کا معائنہ کرینگے۔

——— قیمتوں میں تبدیلی کی وجہ سے امسال گورنمنٹ ہند کے دفاتر ضروریہ کے صرفہ کو بڑھائیں گے۔

——— سر جارج لیس کراتھویٹ لفٹننٹ گورنر صوبجات مغربی و شمالی دورے پر بتاریخ ۲۶ فروری آباد شہر کے سیدھے کلکتہ کو لارڈ الجن کی ملاقات کے لئے پہنچے گئے اور دوسرے روز لوٹ آئے۔

——— کاچین کے لوگوں نے جنوب مشرقی جانب بہاموں کے جو فدر کیا ہے اس کا کسی کو خیال نہ تھا کیونکہ حال کے جرگوں نے کسی طرح کی مخالفت نہیں ظاہر کی تھی۔ جنگی پولیس کے لوگوں نے جو اسسٹنٹ کمشنر کے ہمراہ ہیں ہوا میں اوجہ کیا۔ ہماری فوج کمک پہنچنے تک یہاں قیام کریگی۔ یہ کمک بہاموں سے بھیجی گئی ہے۔

——— جنرل غلام حیدر خاں کمانڈر انچیف افواج ہیر کی نذر کرنے کے لئے ایک عربی گھوڑا پٹنہ کو بھیجا جاویگا۔

——— مراد آباد اسپورٹنگ کلب کی پریڈ سے سواریوں کے لئے کھل جاویگی۔ اکتوبر تک صرف ایک گاڑی چلا کریگی مگر موسم برسات کے بعد یہ مراد آباد سے سہارنپور تک اہل لائن ہو جاویگی اور چندی لائن صرف شوخ رہ جاویگی۔

حالات غیر

——— ایم پاسٹیور جنیوا دیوانے کتے کے کاٹے کے علاج نے بہت کامیابی حاصل کی ہے۔ حال میں انکا اکیتیسواں سالگرہ منایا گیا۔

——— انبار۔ ڈیلی ہیرلڈ لکھتا ہے ایک شخص سٹرنبرگ سویڈن کا باشندہ ایرانیوں کا بہبود بلکہ تبت کو بغرض جغرافیائی تحقیقات کی روانہ ہوا ہے۔

——— سٹینڈرڈ و ڈیلی تار نگار سینٹ پیٹرز برگ سے اطلاع دیتا ہے کہ دست اشیا میں اب بدرجہ غلط پھیلا ہوا ہے۔ سمرقند میں ایک روبل گیہوں کی قیمت دو روبل ہو گئی ہے۔ فرغانہ میں تین روبل اور تاشقند میں سوا روبل کو آتی ہے۔ فوجی ٹھیکہ داروں نے فوج کے لئے غلہ بہم پہنچانے سے انکار کیا۔ شہریوں میں لوگوں کو آدھ سیر روٹی کے لئے سات کوس جانے پڑتے ہیں۔ وجہ یہ کہ گیہوں کے بجائے جاروٹی کی کاشت کیگئی ہے جس سے غلہ کی کمی ہو گئی ہے۔ نیز سو بیات توجہ اور خرک میں خشک سالی اور ٹڈی کی وبا کی وجہ سے قحط پھیلا ہوا ہے۔

——— شہنشاہ جرمنی نے اپنا ایک بہت بڑا برقی بت پروفیسر میسار کو مندر کیا۔

——— سویڈن اور ناروے ایک سلطنت ہے مگر دو ملک ہیں۔ ناروے والے چاہتے ہیں کہ انکے سفیر اور ڈپلومیٹک سروس سویڈن سے علیحدہ ہو جائے۔ سویڈن اور ناروے کے لئے الگ الگ رہے ہیں علیحدہ مقرر ہوا ہے۔ ایسا ہونے سے بادشاہ کے اختیارات عدم کے برابر ہو جاوینگے جس سے تمام ناروے اور سویڈن میں خانہ جنگی کا اندیشہ ہے۔

——— بلگریڈ ۲۳ جنوری۔ ریڈیکل فرقہ سے گفتگو محض بے سود ثابت ہونے پر شاہ الگزینڈر نے لبرل اور پروگریسٹ لوگوں سے وزارت بنانے کا انتظام کیا ہے۔

——— وائسرائے ہند مقرر ہونے پر لارڈ الجن کو شہر ایڈنبرگ کی آزادی دیگئی۔

——— ٹائمز ڈیلی کی روانگی پر اخبار ڈیلی نیوز نے امید ظاہر کی ہے کہ وہ امتحانات سول سروس کے ہندوستان اور انگلستان میں یکساں ہونے کے معاملہ پر غور کرینگے اور لارڈ لیمنگٹن نے جو فیصلہ اس بارہ میں کیا ہے اسکا خیال نہ رکھیں گے۔

——— ہندوستان کے سکہ کے مسئلہ پر بحث کرتے ہوئے ٹائمز کہتا ہے کہ بھاری سے روپیہ کی قیمت نہیں بڑھے گی اور امید کرتا ہے کہ ہندوستان میں جاری یا بدیر انگلستان میں جاری ہوگی۔ اخبار سٹینڈرڈ لکھتا ہے کہ تجربہ سے معلوم ہوا ہے کہ گورنمنٹ ہند کی اصلاح سکہ کی حکمت عملی کسی غلط تھی۔

——— لارڈ کچنر لی اب اصل شفایاب ہو گئے۔

——— آبزرور اخبار صوبہ نے نوجوان کی تعریف کر دی جو قاہرہ کے اخبارات میں چھپ گئی۔ مؤلف نے بھی اس بارہ میں خدیو کی حمایت نہیں کی۔ بلکہ خدیو کو سمجھایا ہے کہ فوج سے اعتدال سے برتاؤ کرنا چاہیئے۔

——— شہنشاہ ولیم نے پرنس ہمبارک کو برلن میں بلا کر بڑی خاطر سے ملاقات کی اور اپنا مہمان رکھا۔ مگر کہا جاتا ہے کہ یہ صرف پرائیویٹ تعلقات کے ہی مدنظر کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ پولیٹیکل امور کی جانبین کے بدستور قائم ہیں۔

حفظِ صحت

علاج

۱۲۔ سوزاک و قُرحہ:۔ بہت سے مریض میرے زیرِ علاج آئے جو اپنے آپ کو لاعلاج تصور کر چکے تھے۔ مگر حکیم مطلق نے اُن کو شفائے کلی بخشی۔ یہ نسخہ انڈین میڈیکل ریکارڈ اور گنجینۂ طبابت میں محررب تصدیق ہو چکا ہے۔ نسخہ ہے:۔ فٹکری آبدیدین ایک ڈرام۔ بورک ایسڈ ۱۰ ڈرام گلیسیرین ایک اونس پانی صاف ۴ اونس صبح و شام پچکاری کرنی چاہیئے۔ یہ چار دن کے واسطے کافی ہے۔ چند روز پہلے پیشاب بہت میلا بدبودار آئے گا مگر بعد صاف ہو جائیگا۔ پرہیز ترشی تیل کی کی ہوئی چیز گرم مصالحہ مرچ زیادہ سے کرنا چاہیئے۔ ملاقم خادم الحکما نورحسین صابر اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ بلوچستان۔

۱۳۔ طب کا کتب خانہ:۔ ان شاء اللہ عشرہ کاملہ میں کتب خانہ طب کھولا جائیگا۔ (۱) ایسی چیز نہ کھائے جس کے چبانے میں دانتوں کو تکلیف ہو اور معدہ اُس کو ہضم نہ کر سکے۔ (۲) بجز خاصہ ضروریہ دوا نہ کھائے۔ (۳) جب تک پہلا کھانا نہ ہضم ہو جائے دوبارہ نہ کھائے۔ (۴) پیشاب کو نہ روکے اگرچہ گھوڑے پر سوار ہو۔ (۵) ہر مہینے میں نہیں تو مہینے بھر میں ضرور فصد کرے۔ (۶) اپنی عمر سے زیادہ عورت سے جماع نہ کرے گو حمل بشکم کا نہ ہو۔ (۷) دیر تک پاخانے میں نہ بیٹھے کہ محدث بواسیر ہے۔ (۸) جماع کھانا کھانے کے بعد پانی پینے سے (۹) حمام میں نہ جائے مگر بضرورت اشد اور نہ نکلے اُس سے مگر درجہ بدرجہ۔ (۱۰) خوب سیر ہو کر نہ کھائے۔ تنبیہ:۔ مجامعت میں باتیں کرنے سے اندیشہ ہے کہ بچہ بہرا گونگا پیدا ہو۔ (حکیم محمد عبدالقیوم از لیگیڈہ)

۱۴۔ خُدام کا مجرب علاج:۔ ہلیلہ سیاہ نیم کوفتہ توے جیرہ ایک تولہ۔ سب کو منفل خشک نیم کوفتہ ۱۰ ماشے۔ رات کو پانی مجھر پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر پی لیں۔ غذا بسیئی روٹی اور کچھ نہیں۔ چالیس روز تواتر سے استعمال کریں۔ بعد کو مریض اپنی کیفیت سے مطلع کرے۔ تبقاضائے وقت و حالت مریض ہم اپنے پاس سے دوا بھیجدینگے یا نسخہ لکھ بھیجیں گے (۱۲)

۱۵۔ نسخہ مجرب مقوی باہ و دافع جریان:۔ پوست بیخ ڈھاک نو رستہ تین سیر کو بارہ سیر پانی میں نرم آگ سے پکائیں۔ جب تین حصے پانی جل جائے اور ایک حصہ باقی رہ جائے اُس کو چھان لیں تین پاؤ ساٹھی چاول اُس میں ڈالکر نرم آگ سے پکائیں۔ جب چاول گل جائیں تب سایہ میں خشک کر لیں۔ پیس کر ہموزن شکر سفید اور روغن زرد ٹال کر حسب معمول حلوا بنائیں۔ ڈھائی تولے صبح اور ڈھائی تولے شام کو کھاتے رہیں۔ ترشی اور مرچ سرخ سے پرہیز رکھیں (۱۲)

منیجر کا نوٹس

خریداران پیسہ اخبار سے جس شخص کے پاس کسی ہفتے کا پرچہ نہ پہنچے وہ مہربانی کر کے اگلے ہفتے کا اخبار وصول ہونے پر عدم وصولی پرچہ کی اطلاع اِس دفتر کو دے تاکہ اِس کا انتظام کیا جاوے۔ ورنہ مابعد میں اِس امر کی شکایت کہ فلاں فلاں پرچہ اِس سال میں نہیں ملا قابلِ پذیرائی نہ ہوگی۔ منجانب مہتمم پیسہ اخبار لاہور

پیسہ اخبار کی سالانہ جلد ۱۹۰۲ء و ۱۹۰۳ء کی مکمل جلدیں پہلے اخبار کی تیار ہیں۔ قیمت سہ جلد کپڑہ چھ روپیہ۔ المشتہر مہتمم پیسہ اخبار لاہور

شعر و سخن

(بقیہ درحمایت ستر مستورات)

جنہوں نے پردہ داری کو خلاف عقل ہے جانا — دکھائیں نیر اخبار خانگی کا دشت میں جلوا
دلیل باطل ہے اس تمثیل کو لانا — مگر یہ بات یہ پہلو سمجھ سکتے ہیں سب دانا
اگر اُس وقت پوری طرح پردے کا چلن ہوتا
قیامت تک کبھی ممکن نہ تھا استیلا یورپ ہوتا

اگر کہتے کہ ہے پردہ مسلمانوں کی شامت ہی — چمکتا ہے عرب تو کون سے مغرب پہ لگا ہے ہے
جواب اسکا بھی یاں موجود ہے فضل الٰہی سے — سچا ہے جو کہ شرافت کو بتاتا ہے
مسلماں اب بھی ہیں لیکن نجابت کیوں نہیں آتی
وہ پانی آنکھ کا وہ شرم و غیرت کیوں نہیں آتی

اگر فوجِ مسلماناں نہاں پردہ داری ہے — تو کیوں پردہ مسلمانوں میں بھی جاری ہے
پئے عورات ڈھکی کی نفس کی کیوں سواری ہے — نہیں کیوں یہ بھی فرقہ کو کہ مرد و شامت ہے
سبب یہ ہے کہ محمل لیلیٰ خوبی کا ہے پردہ
شرافت کا جو پردہ کھولتا ہے وہ ہے پردہ

شریفوں کی شرافت ہند میں پردے سے قائم ہے — لحاظ پردہ داری محرموں مردوں کا لازم ہے
انہیں بے پردگی دستور و فعل نا ملائم ہے — یہی گویا نظر میں فرق انسان و بہائم ہے
اودھ کا اور کل مضامین غزل و شمائل کا
جو ہے قانون وہ حافظ ہی اُس کی باکمالی کا

ہر اک عورت جو یاں اہل تمیز و شیاری ہے — جوان پر پردہ کا حکم عیاں ہی خواہ کنواری ہے
سمجھتی ہے کہ پردہ جامہ عصمت شعاری ہے — تو دل سے خوشی سے شان پردہ داری ہے
یہ خود کرتی ہے پردہ اپنے صدارشہ مندوں سے
سرک جائے جو گھونگٹ شرم آئے سامنے مندوں سے

جہاں یوں اس کی نگہیں رہ دیں جا بیٹھیں — دل بے تاب کہیں کر جا شرم نہ پا بیٹھیں
خدا کے فضل سے سسرال والوں میں جو آ بیٹھیں — جہاں سے منہ نقاب پردہ دیر چھپا بیٹھیں
یہ کیا ہے بلکہ پردہ کا کچھ ایسا قدر داں دل ہو
پھر ہر منہ پردہ داری سے جو شوہر بھی مقابل ہو

زنان ہند کی شان شرافت یہ تریہ ہو — قیام آبرو کا بحر ہستی میں سفینہ ہو
یہی بام عروج پاکدامانی کا زینہ ہو — یہی انگشتر تہذیب کا سچا نگینہ ہو
یہی پردہ سد اسکندری ہے بد نگاہی کو
یہی ہے تہمتہ دیوار خوف روسیاہی کو

نہیں کھلتا کہاں ان باتوں سے غفلت کوشی کا — بتا تُو ہی کہ عورت کون سی لذت جا کر روئی ہے
جو اس کے خلاف رسم پردہ کو بولی ہے — مذمت ہی عرب ہے پردہ محمل کا وہ گویا ہے
ہر اک فی ڈینگ پردے کے مطالب پر اُلجھنے کی
ابھی سمجھیں نہیں عقل اس قوم ان کو سمجھنے کی

دلا مسلمین پردے کی نہیں بنیاد ہو کیا — نہیں اگر یہ پردہ پھر تو تمدن ہو کیا
اگر ہستی میں عورت آزاد ہو کیا — جو ہیں خصلتی مرد کی بہتر دشاد ہو کیا
یہ ہر ملک و دہر پردے کی اک قدیمی شہادت ہے
ہماری آدمیت ہو اور ان کی آدمیت ہے

پڑی ہے کیا جنیں تقلید یورپ کا ہوا دل میں — مچلا ہے دل سے جو قوی مسلم فضا دل میں
بچا کر عورتوں کو خبث غیر عورت کو حمائل ہیں — یہ الطاف اپنی غیر عورت کو حمائل ہیں
محبت ہے محل کو بار کر شوہ سازی کا — لگا دیں عاشقی عورت کو بے پروائی کا

اُٹھی عورت کا پردہ مٹنے پر جو مرتے ہیں — بوجھ پوچھو تو نادانی کا پردہ فاش کرتے ہیں
بھلا یہ ناصح مشفق کا درد سر بھرتے ہیں — ہاتھ یہ تہذیب شرافت کے نرتے ہیں
نہ غیرت آئے ہو کو تو ہو شرم اپنی مردی کی — نہیں عورات کو کوئی ضرورت کوچہ گردی کی

انعام! انعام!! انعام!!!

پانچ روپے کا انعامی مقابلہ

ایک معمولی کارڈ کی قیمت ڈیڑھ پیسہ ہے اور اس کارڈ کا لفافہ نہیں ہوتا۔ اوپر سے جناب پیسہ اخبار کا نام چھپا ہوا ہے۔ ہر ایک سطر سے ایک سطر کا فاصلہ ہے۔ ایک سطر میں موتی کی طرح صاف لکھ کر بھیجنے والے کو دوسری سطر میں اپنا پتہ لکھنا چاہیئے۔ جس کارڈ پر سب سے زیادہ نام شمار ہونگے یہ انعام اُس کو دیا جاویگا۔ ظاہر ہے کہ اخیر پرچوں کی تعداد سند جدول نمبر ۱ کے مطابق درج ہوتی چاہیئے۔ شمار میں دقت مقابلہ کرنے والوں کو کارڈ کے ایک گوشے میں اپنا خبر جسٹر مرتبہ [illegible] تھوڑی سی جگہ رکھ دینا چاہیئے۔ اور کارڈ کی آشیت یا انعامی مقابلہ [illegible] لکھنا چاہیئے اور کارڈ لیٹر بکس میں ڈالنے سے پہلے [illegible] دفتر میں وصول ہو جانا چاہیئے تاکہ [illegible] جانے کے بعد اخبار میں نتیجہ شائع کیا جاوے۔ کارڈ پر اس نمونے کا لکھا ہوا ہونا چاہیئے۔

۱	پیسہ اخبار [illegible]
۲	پیسہ اخبار [illegible]
۳	پیسہ اخبار [illegible]
۴	پیسہ اخبار [illegible]
۵	پیسہ اخبار [illegible]

علی الاتقاس

معلومات کا سمندر

——— جاپانیوں کا اعتقاد ہے کہ اُن کے بادشاہ دیوتاؤں کی نسل سے ہیں۔

——— آسٹریلیا کے علاقہ نیو انگلینڈ میں ۱۸۳۳ء سے ۱۸۴۳ء تک سفید رنگ کی گوریاں ۵ پنس کی قیمت کا سکہ تھیں۔ اور ایک شلنگ تک اُن کا چلن جائز تھا۔

——— ملکہ معظمہ کے عہد سلطنت کے درمیان گورنمنٹ ہند نے سپاہ پر ۲۰۰۰۰۰۰ پونڈ کا سونا اور ۲۰۰۰۰۰۰ پونڈ چاندی کا خرچ کیا۔

——— پچیس سال کی عمر کو پہنچ کر ہر شخص اپنی دماغی طاقت کے کمال کو پہنچتا ہے۔ اور تیس سے پینتالیس سال کی عمر تک ہر شخص کا عقل اور شعور شباب پر رہتا ہے۔

——— سال میں سخت سردی اور سخت گرمی کے مہینوں میں اوسط اموات زیادہ ہوتی ہے۔

——— دن کو عموماً ۲۴ گھنٹے کا سمجھا جاتا ہے۔ مگر درحصل یہ غلط ہے اصل میں دن ۲۳ گھنٹے ۵۶ منٹ ۴٫۰۹۱ سیکنڈ کا ہوتا ہے۔

——— سلطنت چین کے بندرگاہوں کے باہمی سالانہ [illegible] والا ہے۔ ۱۰ اس سال کے عرصے میں یہ تمام محکمہ [illegible] چین میں اب تک ڈاک تقسیم نہیں ہوتی؟

——— ڈنمارک کی ملکہ جو نارڈوس اور پرنس آف ویلز کی ساس ہے [illegible] ستر سال کی عمر ہونے کے ایسا عجیب ربط بجا سکتی ہے کہ بڑے بڑے اُستاد موسیقی دان حیران رہ جاتے ہیں۔

——— لنڈن کے ایک ڈاکٹر نے رائے دی ہے کہ تمباکو پینا بہت زیادہ [illegible] سے بھی ایک شخص زیادہ آکسیجن کے استعمال کے باعث بہت جلد [illegible] ہو۔ بہت سے پیچیدہ رستم ہے نوش اس بات سے خوش ہونگے۔

پیسہ اخبار

شنبہ | یوم جمعہ ۲۔ فروری ۱۸۹۴ء مطابق ۲۵ ربیع الثانی ۱۳۱۱ھ موافق ۲۲۔ ماگھ سمت ۱۹۵۰ بکرمی | جلد ۱

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

دنیا کی بحری جنگی طاقت ۔ پارلیمنٹ گزٹ سے لی ہیں

نمبر شمار	قوم	عدد جہاز	مقدار ٹن	انجنہائے بادی	مقدار ٹن
۱	برطانیہ	۵۶۹	۷۵۵۸۶۲۱	۹۲۷۷	۳۹۱۴۳۱
۲	جرمن	۷۷۹	۸۱۹۰۴	۱۳۸۶	۹۲۱۱۱۲
۳	فرانس	۵۰۰	۴۸۰۹۲۱	۱۴۹۰	۱۰۷۲۴۴
۴	امریکا	۴۲۳	۴۴۷۱۱۲	۳۳۷۱	۱۴۲۳۲۲۷
۵	اسپین	۳۵۴	۲۸۹۱۶۷	۱۰۵۳	۱۶۵۳۸۰
۶	ٹاروے	۴۹۰	۳۶۰۳۰۵	۳۲۷۸	۱۲۷۵۱۳۸
۷	اٹلی	۲۱۸	۲۹۳۸۰۱	۱۹۰۴	۵۳۶۴۷۱
۸	ڈنمارک	۲۹۷	۲۵۳۴۲۴	۱۷۰۴	۳۵۶۴۷۱
۹	ولندیز	۲۰۱	۲۰۷۲۹۶	۶۱۹	۱۶۵۹۸۶
۱۰	سویڈن	۴۵۹	۱۵۷۱۰۹	۴۱۰	۲۱۵۳۴۷
۱۱	آسٹریا	۱۳۷	۱۲۸۵۰۱	۲۶۲	۹۵۰۸۵
۱۲	ڈنمارک	۲۲۶	۱۲۰۷۷۵	۸۷۰	۱۵۹۰۳۵
۱۳	جاپان	۱۷۹	۸۸۸۳۸	۲۶۰	۳۷۶۱۵
۱۴	یونان	۱۹۶	۸۰۱۱۳	۱۱۲۱	۲۴۵۰۳۵
۱۵	برازیل	۱۷۶	۷۷۱۹۹	۲۸۲	۶۵۱۹۶
۱۶	ملیشیم	۶۳	۸۰۶۶۸	..	..
۱۷	پرتگال	۳۹	۴۲۶۵۷	۱۹۶	۴۳۰۸۶
۱۸	روم	۶۳	۳۷۶۳۷	۶۵۰	۱۲۵۱۸۶
۱۹	چلی	..	..	۱۴۹	۶۶۵۴۵
۲۰	ارجنٹائن	..	..	۱۱۵	۲۹۲۲۳

یورپ کی بیشمار فوجیں:۔ جنرل حساب سے معلوم ہوتا ہے کہ یورپ کے مختلف ملکوں میں بصورت ہمہ شش ماہی کتنی مقدار فوجوں کی تھی اور ۱۸۹۲ء میں کتنی تھی۔ یہ بات دیکھنے کو جی چاہتا ہے کہ یہ لاکھوں جوان اور بہادر آدمی جو ہر وقت میں رہتے ہیں اور خود بخود جنگی ورد یاں پہنتے ہیں بنی نوع انسان کی بہبودی کے لئے کچھ تدبیر کرتے

نام ملک	سنہ ۱۸۹۲ء	سنہ ۱۸۹۳ء
فرانس	۴۰۴۱۵۵	۲۷۲۲۹۰
روس	۹۱۳۹۰۰	۶۸۱۵۱۰
آسٹریا	۲۸۰۹۹۶	۳۳۹۳۲
پرشیا	۲۱۲۹۳۱	۵۰۷۰۰۷
دگر ریاستہائے جرمنی	۲۲۰۱۰۷	
اٹلی	۲۲۲۳۲۱	۲۴۷۷۹۸
انگلستان	۱۴۲۴۰۷۰	۲۲۷۳۲۱
میزان	۲۰۹۲۶۲۶	۲۹۷۰۷۵۳

مذاق

ماں (لڑکے سے) ۔ اگر تم چھوڑ اس طرح شوخی کرو گے تو میں اپنے بال کس سے بھلے لوں گی؟

بیٹا ۔ بہت سے دندانے دار!

ماں ۔ کیوں؟ کتنا نہیں بہشت ان کے بالوں کے پیچھے ہے؟

ماں ۔ بیٹا تم تیرے چلانے آواز سے منہ دھو کر کیوں نہیں رہتے؟

بیٹا ۔ اور جو نہ ہنسے تو؟

جج (گواہ سے) ۔ اگر تیرے بیان میں نصف سچائی ہے تو تیری کونشنس کا مدار ایسی سیاہ ہوگی جیسے تیرے سر کے بال!

گواہ ۔ یہ حضور گستاخی معاف ۔ اگر بالوں ہی پر کونشنس کا مدار ہے تو آپ کا کیا حال ہے؟

یوسف نامی ملزم ایک مقدمہ فوجداری میں ماخوذ ہو کر حسین خاں صاحب ہیڈ ڈپٹی کلکٹر کے اجلاس میں پیش ہوا۔ بعد سماعت مقدمہ ڈپٹی صاحب نے اس کو سپرد سشن کئے جانے کا حکم دیا۔ اس حکم کو سن کر ملزم نے زور سے قہقہہ لگایا۔ حاکم عدالت نے مستعجب ہو کر اس سے سبب تبسم پوچھا۔ یوسف ملزم نے حاکم عدالت سے کہا کہ اگر میرا قصور معاف فرمایا جاوے تو ایک نقطہ حسب حال اپنے یہ تصنیف کیا ہے۔ عرض کروں۔ ڈپٹی صاحب نے فرمایا کیا مضائقہ۔ یوسف نے یہ نقطہ پڑھا ؎

یوسف مصری لڑاں روز کی مگرو حسن صوری رہا یں یوسف سپرد
ہر دو یوسف را عجب کارے فتاد آں یکے زار گرگ ریں الکلب خورد

یہ نقطہ سن کر ڈپٹی صاحب کمال محظوظ ہوئے اور اس کو چھوڑ دیا ؎

چچا ۔ بیٹا لڑکپن میں بہت خوش ہوں کہ تم اب خوب محنت کرتے ہو۔ خوشی کی بات ہے کہ اب کے بھتے تیر بہدف نہیں پڑتے؟

شنکر ۔ جی ہاں۔ گزشتہ بھتے بہدف سے وقت اسٹر صاحب کا ہاتھ میرے اس زور سے چلا کہ ابھی تک کلائی میں سخت درد ہے ؎

ایک بدمعاش برہمن کے پاس ایک عورت چیلی ہو کے لگ گئی۔ برہمن نے کہا کہ چیلوں پر فرض ہے کہ گرو کو تن۔ من۔ دھن نذر کریں۔ اس نے جواب دیا کہ من پر میشر کلہے اور تن شوہر کا اور دھن اولاد کا۔ تمہارے واسطے پانچ جوتی اور ٹھنگے کا پانی ؎

انڈین نیشنل کانگرس نے عرصہ نو سال سے ہندوستان میں ایک ایسی روح اصلاح کی پھونکدی ہے کہ جو لوگ اس کانگرس کے پولیٹکل مطالب کو پسند نہیں کرتے یا جو ابھی اس قابل ترقی نہیں کر چکے کہ کانگرس کی پولیٹکل رفتار چل سکیں انہوں نے بھی اپنی قوموں اور سوسائٹیوں کے لیئے سوشل اصلاح کے سالانہ جلسے قایم کرلیئے ہیں چنانچہ سب سے پہلے کانگرس کی طرز کا جلسہ سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی تعلیمی اصلاح کے لیئے بنام "محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس" قایم کیا۔ گو بعض لوگ کہتے ہیں کہ سید صاحب نے مسلمانوں کو نیشنل کانگرس کی شمولیت سے روکنے کے لیئے یہ ایک چال چلی تھی کہ جسمیں ہم خرما و ہم ثواب حاصل ہو مگر ہم اسقدر بدظنی نہیں کر سکتے۔ ہم خواہ ایجوکیشنل کانفرنس کسی ایسی ہی غرض کا نتیجہ ہو اسمیں شبہ نہیں کہ مسلمان جو ہندوستان کی آبادی کا پانچواں حصہ ہیں کسی اس قسم کے سالانہ مجمع کے ضرور محتاج تھے کہ جسمیں انکی تعلیمی امور کا انطلیز علاج تلاش کیا جاوے۔ اگر ہمارے نیشنل کانگرس کے دوست زیادہ غور کریں تو محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کو اپنے مفید مطلب پائیں گے۔ یہ کانفرنس مسلمانوں کو جو تعلیم کے بعد ان میں ہمعصر قوموں سے بہت پچھڑے ہوئے ہیں اپر نیشنل کانگرس کے مطالب سمجھنے سے عاری ہیں دیگر اقوام کے ہم پھلو نیشنل کانگرس کے پلیٹ فارم پر کھڑا کرنے کے لیئے تیار کر رہی ہے۔ غرض نیشنل کانگرس سے دوسرا درجہ پر ہندوستان میں ایجوکیشنل کانفرنس کا اجلاس ہوتا ہے۔ اسکے بعد سوشیل کانفرنس کا اجلاس جگہ پاسکتا ہے جو ہر سال نیشنل کانگرس کے اجلاس کے بعد اسی مرکز میں سوشل اصلاح کے لیئے منعقد ہوتا ہے۔ جہاں کانگرس کا جلسہ ہوتا ہے وہیں سوشل کانفرنس کی مدد نہیں کرتے مگر جسے بات کہتے ہیں کہ چونکہ یہ ایک صرف نیشنل کانگرس کا مجمع ہے اسکی کارروائیوں میں آخر تک ذرہ بھی ملی روح نظر نہیں آتی جو لوگ پولیٹکل اصلاح کی غرض سے کانگرس میں جمع ہوتے ہیں وہ کچھ تو مخالفین کانگرس کے بتدائے زمانہ کے ایک اعتراض کے جواب میں اور کچھ نیشنل اصلاح کی ضرورت سمجھ کر ایک روز اس چرچا کے لیئے دے تو دیتے ہیں مگر اسکے ریزولیوشن اسکے پنڈال ہی میں دھرے رہجاتے ہیں۔ ان جلسوں میں قومیں اپنے پولیٹکل حقوق پوری کرانا تو کجا بہت تھوڑی تعداد میں قومی اصلاحین پوری کرانا بھی بھول جاتی ہیں۔ ممبروں کے حساب میں ہے۔ انمیں سے کتنے بڑے بڑے لوگ جو نہایت عمدہ انگریزی تقریر کر سکتے ہیں بہت عمدہ قانونی لیاقت رکھتے ہیں قدیم رسم و رواج اور زنانہ تعصب کے بندھنوں میں ایسے جکڑے ہوئے ہیں کہ ایک قدم چل نہیں سکتے۔ جسٹس شیلا نگ مرحوم انتقال کر چکے ہیں لیکن انکے مخلص مدبر اور زبردست مقنن ہونے میں کیسکو کلام نہیں۔ کانگرس کے سرگرم حامی ہیں اپنے سوشل کانفرنس میں شریک ہوتے ہیں جب انکی اپنی لڑکی کی نو سال کی عمر میں شادی ہونے لگی تو انہوں نے سر نہیں اٹھایا۔ مدراس میں ایک اور بڑے نامور سوشل ریفارمر نے جو کانگرس کی روح رواں رہے ہیں اپنے پوتے کی شادی پر بندہ کا ناچ کرایا۔ ایسے سینکڑوں مثالیں ثابت ہوئی ہیں یہ سالانہ کوشش ہے جسکو سوشل کانفرنس کہتے ہیں۔ چوتھا اور جداگانہ سالانہ اجلاس نظر مین کا ایجوکیشنل کانفرنس کا ہے جسنے امسال ساتواں سالانہ جلسہ امرتسر میں قایم کیا تھا یہ لوگ اپنی قوم کی اخلاقی اصلاح کی کوشش میں مصروف ہیں لیکن یہ اس اتنے کام کے لیئے کہ جو اب نوبتی کا بندوبست ہونا چاہیئے اور برادری کے لوگوں کی مالی حالت درست کیجاوے ضرورت سے زیادہ گرمجوش ہیں۔ انکے علاوہ ویش کانفرنس کا امسال دوسرا سالانہ جلسہ اور کشمیری پنڈت نیشنل ایسوسی ایشن کا اجلاس ہوا ہیں ہوئے۔ کھٹیکل سماج (ایک برہمنوں کا جلسہ) ہردوئی میں۔ بھارت کانفرنس آگرہ میں۔ استری سماج میرٹھ کا پانچواں سالانہ جلسہ آریہ پرتی ندھی سبھا اصلاح مغربی و شمالی کا جلسہ بلند شہر میں اور بنگال کے پنڈتوں کا پوریہ میں ایام تعطیلات کرسمس میں ہوئے۔ یہ اور اور بہت سی سالانہ جلسے مثل تہیاسوفیکل سوسائٹی امدا اس اور بہت سی مذہبی اور قومی سوسائٹیوں کی ہی انہیں تعطیلات میں ہوا کرتے ہیں اور اسلیئے تعطیلات کرسمس گویا ہندوستان میں جلسوں کا موسم ہو گیا ہے۔

گو یہ ثابت کرنا ذرہ مشکل کام ہے کہ ان سب جلسوں سے ملک کو کیا فایدہ پہنچتا ہے لیکن اسمیں شک نہیں کہ ان سب کا وجود اس امر کا بہاری ثبوت ہے کہ قومیں اپنی کمزوریوں سے واقف ہو کر اٹھ کھڑی ہوئی ہیں۔ گو ابھی بہت

جاوے کہ اس نے امتحان سول سروس کے ہندوستان میں ہی لیے جانے کے متعلق رزولیوشن پاس کیا اور درخواست کیجاوے کہ وہ اس رزولیوشن کے متعلق گورنمنٹ آف انڈیا اور سکرٹری آف سٹیٹ پر جو پورا زور دیں ۔

ششم :- یہ کانگریس سفارش کرتی ہے کہ گورنمنٹ ہند سے درخواست کرتی ہے کہ وہ مہربانی کرکے بلا دیر اس ظلم کے دور کرنے کی طرف توجہ فرمائیں جو اصل ہند پر اس باعث سے ہو رہا ہے کہ جوڈیشل اور ریونیو کشوا اختیارات ایک ہی افسر کو تفویض کیے جاتے ہیں ۔ بس اب بالکل ہی سکرٹری آف سٹیٹ سے درخواست کرتی ہے کہ وہ مہربانی کرکے بلا دیر کرنے کے اس تجویز پر علد آمد کرنے کی کوشش فرماویں جس سے ہندوستانیوں کو اس ظلم سے نجات ملے اور اس شروع بہترین طریق پر اس تجویز پر بلا کسی زیادہ خرچ کے علد آمد کیا جا سکتا ہے ۔ اس سر کی جانچ کے لیے صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہر ایک صوبہ میں ایک کمیشن مقرر فرماویں جس میں کم سے کم نصف ممبران غیر سرکاری ملازم ہوں اور وہ اپنی رائے پیش کریں ۔

ہفتم :- ساتواں رزولیوشن جو ایکٹ چاہ دنیوں کے متعلق تھا اور جسکی نسبت ہاؤس آف کامنز نے رزولیوشن پاس کیا تھا کہ چاہ دنیوں میں سرکاری طور پر کیپیوں کی بہم پہنچانا اور دلائی دکھائی کا قانون جاری رکھنا تہذیب کے خلاف ہونے کے باعث موقوف کیا جاوے ۔ چونکہ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ گورنمنٹ انڈیا نے اسکی تعمیل نہیں کی ۔ پس ہمارے لیے کوئی خاص قانون اسکے متعلق جاری کیا جاوے ۔

ہشتم :- یہ کانگریس گذشتہ جلاس کانگریسوں کے ساتھ متفق ہو کر اس امر کی طرف توجہ دلاتی ہے کہ ملک ہند میں بیس کروڑ آدمی ایسے ہیں جو نہایت افلاس کی حالت میں انتہا تنگی کے ساتھ زندگی بسر کرتے ہیں اور دن بدن ان افلاس زدہ لوگوں کی تعداد بڑھتی جاتی ہے اور ہر دس سال کے عرصہ میں لاکھوں آدمی فقط بھوک کی وجہ سے مر جاتے ہیں ۔ پس مناسب ہے اور کانگریس پھر اوپ کے ساتھ توجہ دلاتی ہے کہ ہوا آنے والی بربادی سے بچانے کی کوئی صورت گورنمنٹ نکالے ۔

نہم :- ملک ہند میں عموماً اور صوبہ پنجاب میں خصوصاً تاوان جنگلات کے علد آمد سے غربا پر سخت ظلم ہو رہا ہے ۔ پس کانگریس گورنمنٹ آف انڈیا کے حضور میں بخایت ادب کے ساتھ گذارش کرتی ہے کہ اس حالت کی پوری تحقیقات کرے اور ایسے قانون کے تشدد کو اسقدر کم کرے کہ جس سے غربا پر وہ مصیبتیں نہ ایذ نہوں کہ جو آجکل ہو رہی ہیں ۔

دہم :- یہ کانگریس پہلے موقعوں پر بھی بار بار گورنمنٹ کی خدمت میں اسکے بات کی ضرورت پیش کرتی رہی ہے کہ باوجودیکہ گورنمنٹ نے تیس سال گذشتہ سے یہ وعدہ کیا ہے کہ وہ ہندوستان کے تمام عہدوں کے جات میں جو اب تک محروم ہیں ہندوستانیوں کی ترقی جاری کرے گی لیکن جو وعدوں کے ایفا کرنے کے زور بنگالہ و بہار میں پیمائش کی نئی بندوبست جاری کرکے اور

جاری کرکے اسکو بالکل فراموش کر رہی ہے اور ایسی ہی کارروائی صوبہ مدراس میں بھی عمل میں آنے لگی ہے ۔ اس کارروائی کو کانگریس بہت اندیشے کی نظر سے دیکھتی ہے اور سنجیدہ وعدوں کے نظر انداز کرنے کے رویہ کو قومی عبست ہی منسوب کرتی ہے اور قسم کھاتی ہے کہ اس خلاف وعدہ کارروائی کی جاہے کیسی باتیں اسکے حق میں کیوں نہ بنائی جائیں اور کیسے ہی بہانے کیوں نہ کیے جائیں تمام جائز طریقوں سے مخالفت کرنے کی تاکہ بندوبست آئندہ میں کسی قسم کی دست اندازی نہ کیجاوے ۔

یازدہم :- یہ کانگریس سخت افسوس اس بات پر ظاہر کرتی ہے کہ گورنمنٹ ہند نے نہ فقط ان صوبجات میں بندوبست آئندہ کے جاری کرنے کے وعدوں کو جنمیں یہ موجود تھیں ہے نظر انداز کیا ہے بلکہ زمانہ وعدے میں کہ زمینداروں کے مراسلوں (۱۸۶۵ء و ۱۸۶۶ء) میں صاف طور پر دیے گئے ہیں) بلکہ لگان مقرر کرنے میں تخفیف کے کام لینے اور لگان کی ایذا دہی سے پرہیز کرنے کی پالیسی کا بھی کچھ خیال نہیں کیا حالانکہ یہ وہ پالیسی ہے کہ جو گورنمنٹ ہند نے ۱۸۷۷ء و ۱۸۷۸ء میں قائم فرمائی تھی اور جسکو صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے بھی شرف منظوری بخشا تھا ۔

دوازدہم :- اس کانگریس کی پرزور رائے یہ ہے کہ ملک کی تعلیم کی موجودہ حالت میں یہ بالکل واجب ہے کہ گورنمنٹ جو روپیہ اعلیٰ تعلیم پر صرف کرتی ہے اسکو موقوف کیا جاوے اور میونسپلٹیوں کی کانگریسوں کے ساتھ اس بات میں اتفاق کرتی ہے اور یہ رائے دیتی ہے کہ تعلیم کی تمام شاخوں میں ملکی خزانے سے جو امداد دیجاتی ہے اسکو ہر طرح بڑھانا چاہیے اور ان شاخوں میں سب سے ضروری شاخ جو صنعت کی تعلیم ہے اسکے بارہ میں وہ کمال ضرورت اسکی محسوس کرتی ہے کہ ملک کی موجودہ حالت صنعت کی تحقیقات کے لیے ایک ایسی کمیشن مقرر کیجاوے جسمیں سرکاری اور غیر سرکاری دونوں قسم کے لوگ شامل ہوں اور نیز وہ دیکھکر کہ ملک میں رعایا کے کئی فرقے بہت مفلسی حالت میں ہیں اس بات کی سفارش کرتی ہے کہ سرکاری یا میونسپل سکولوں یا کالجوں کی تمام جماعتوں کی فیسیں اس درجہ تک کہ جسمیں جو طلبا کے والدین اور سرپرا ہوں کی حیثیت کے مطابق ہوتی اور جو طلبا بالکل غریب ہوں انکی صورت میں فیسیں بالکل معاف کیجاوے اور نیز وہ اقوام ہند کی اس عالمگیر شکایت کو زور سے پیش کرتی ہے کہ موجودہ طریق تعلیم میں صرف ذہنی طاقت پر اور طوطے کی طرح رٹنے پر زور دیا جاتا ہے اور یہ چاہتی ہے کہ آئندہ سے تمام سکولوں اور کالجوں کے کل مدارج و جماعتوں میں طلبا کی جسمانی ترقی کیطرف بھی توجہ مبذول کرنی ضروری دلائی جاوے ۔

سیزدہم :- یہ کانگریس اس بات کے معلوم کرنے پر اپنا شوق ظاہر کرتی ہے کہ صاحب وزیر ہند نے حال میں اس مضمون کی ایک مراسلت گورنمنٹ ہند کو ارسال کی ہے کہ کیسے مواقع پیش آسکتے ہیں کہ جنمیں اگر کنگو گورنمنٹ کو لازم ہے کہ وہ جہاں عدالت کے فیصلوں پر بکلیہ چھنی کر سکے اور کانگریس یہ خیال کرتی ہے کہ ایسی نکتہ چینیاں اگر روا رکھی جائینگی تو بیلک کا اعتبار جسپر عدالتوں کی آزادی اور خود مختاری سے اٹھ جاویگا جو کسی صورت میں مستحسن نہیں ہے ۔

چہاردہم :- یہ کانگریس اس بات پر بہت افسوس کرتی ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا نے حال میں سخت جرأت کو کام فرما کر سکے کے بارہ میں ایسی صلاح پسند فرمائی کہ جس سے ہندوستانی مسلمانوں میں فرقہ کے مسلوک کرنے کی آزادی یکلخت بند ہو گئی اور اس کارروائی کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ اہل ہند پر انڈائرکٹ طور پر مزید ٹیکس کا بھاری بوجھ ڈالا گیا ہے کہ جسکے باعث بعض نہایت اہم تجارتیں اور کاروبار خصوصاً ملوں کے کاروبار تباہ ہو گئے ہیں ۔

پانزدہم :- ایسے وقت میں جبکہ ملک کے خزانہ کی حالت سخت ابتر ہے گورنمنٹ آف انڈیا کے غیر وطن یورپین اور یورپین ملازموں کو جنکے نام سے مزید تنخواہوں کا دینا کہ جس سے ہندوستان کے خرچ میں ایک کروڑ کا اضافہ ہوتا ہے اور نیز ہینکوں کو کروڑ ۲۰ لاکھ کے سالانہ دینا پڑتا ہے سخت قابل افسوس سمجھتی ہے اور کانگریس اس کارروائی کو بہت ناپسند کرتی ہے اور اسپر زور سے احتجاج کرتی ہے کہ جس سے ملک میں زاید ٹیکسوں کے بوجھ ڈالنے کا خوف پیدا ہوتا ہے ۔

شانزدہم :- گورنمنٹ آف انڈیا کو تحریک کی جاوے کہ جدید اور صریح احکام کے ذریعہ سے موجودہ اور ظالمانہ طریق بیگار اور جبری طریق رسد رسانی کا بند کرے کہ جو طریق برخلاف کئی ایکٹ اختیار شدہ کے اب تک ہندوستان میں جاری ہے ۔

ہفدہم :- یہ کانگریس صدق دل سے لارڈ رپن کو صاحب بہادر کا اسٹل رکالت کے لیے شکریہ ادا کرتی ہے جو ہندوستان کے ان عظیم اخراجات کے کم کرنے کے لیے جو ہوم چارجز کے نام سے مشہور ہیں انہوں نے کمال مہربانی اور غریب نوازی سے کمیٹی کمال دقت سے ہوس آف کامنز سے انتخاب کرتی ہے کہ وہ اپنے معزز اور چیدہ ممبروں کی ایک کمیٹی مقرر کرکے اس سوال پر غور کرے کہ اخراجات مذکورہ کا جائز حصہ انگلستان سے بھی لیا جائے کیونکہ قرین انصاف ہے کہ جو کام انگلستان کے فائدہ کے لیے کیا جاتا ہے اسکا تمام بوجھ ہندوستان پر جسکی غریبی کی حالت شہرہ آفاق ہے نہیں ڈالنا مناسب ہے ۔

ہشتدہم :- اس کانگریس کی رائے میں اب وقت آگیا ہے کہ چیلمکورسٹ پنجاب کے منصب کو پورے ہائیکورٹ کے درجہ پر ترقی دیجاوے اور اس صوبہ میں انصاف کے انتظام کا بار واقعی کے لیے اس بات کی ضرورت ہے کہ ایسا کرنے میں دیر نہیں کرنی چاہیے ۔

نوزدہم :- یہ کانگریس فنسبری کے منتخب کنندگان کا صدق دل سے شکریہ ادا کرتی ہے کہ انہوں نے تمام قومی تعصبات سے خیالات کو بالائے طاق رکھکر کمال فیاضی سے اپنے معزز ممبر مسٹر دادا بھائی نوروجی صاحب کی خدمات کی عدگی کا اعتراف فرمایا اور کانگریس کے مقاصد کے ساتھ ہمدردی ظاہر کی اور مسٹر نوروجی صاحب کی نسبت کانگریس صدق دل سے امید کرتی ہے کہ وہ مدت مدید تک ہاؤس آف کامنز میں انکی طرف سے اور نیز ہندوستان کیطرف سے ممبری پارلیمنٹ کے فرائض کو انجام دیتے رہیں گے ۔

بستدہم :- یہ کانگریس ریزولیوشن ہذا بران صاحب اور دیگر

لاہور پنجاب

— تمام صوبہ میں بارش ہوئی۔ جالندھر امرتسر راولپنڈی پشاور میں برف اور اولے گرے ہیں۔ باقی مقامات میں خاصی ٹھنڈ ہو گئی ہے۔ ان کی فصل اور میوہ جات کی حالت حال کی بارشوں سے بہت اچھی ہو گئی ہے۔ ضلع لاہور کے بعض مقامات میں چوہوں سے فصل کو نقصان پہنچا ہوا ہے کی حالت اچھی اور صوبہ میں چارہ کافی ہے۔ (گورنمنٹ گزٹ ۱۱ جنوری)

— شاہ آباد کیمپ ضلع انبالہ سے ۱۰ ملی ٹنفورڈ بندوقیں ۹ جنوری کو پوری گئیں +

— گلگت کی جانب راہ کا ہنگان کی رپورٹ پر غور ہو گا لیکن غالب نہیں کہ کشمیر کا راستہ بند کیا جاوے +

— سردار بہادر بھگت سنگھ صاحب اگزیکٹو انجینیر سانکن گجرات بتاریخ ۵ جنوری کو فوت ہو گئے انتقال کیا۔ انکے دو لڑکے ہیں سردار کرشن سنگھ اور سردار روشن سنگھ بیرسٹران ہیں مرحوم صاحب مرحوم بہت ہر دلعزیز تھے +

— لاہور بنیتیم خانہ نگریزوں کی اپیل کے جواب میں پٹیالہ کی سیم مہاراجہ نے دو ہزار روپیہ عطا کیا +

— مسٹر اینی بیسنٹ کا دورہ اسٹرلج ہو گا۔ ۱۰ فروری انبالہ ۱۱ لدھیانہ۔ ۱۲ جالندھر ۱۳ کپورتھلہ ۱۴ امرتسر ۱۵ لاہور +

— مسعود و زیرستان پر تعزیری فوج بھیجنے کی ضرورت نہیں۔ انکے مکانوں پر بمبار طیارے کافی سمجھا گیا +

— ہردوئی ریلوے پل متصل حسن ابدال پر ساڑھے تین لاکھ روپیہ خرچ ہو گا +

— دھلی کا میلہ ماگھ و بھادوں بجائے ۱۰ فروری سے ۱۵ کو ہو گا +

— ۱۰ اجمیٹنی کمشنر دہلی نے درگاہ نظام الدین کے متصل قحبہ کا شکار بارنے کی ممانعت کر دی ہے +

— دسمبر ۱۹۰۹ء کے اخیر پر پنجاب کو بنک کے خزانوں میں اور بنک کے حساب میں ۱۰۰۰ ۱۲۶۷۱ روپیہ تھے جو ۱۹۱۰ء کی اسی تاریخ کو ۱۰۰۰ ۹۵۴۳۴ ہو گئے۔ اس طرح ۱۰۰۰ ۵۸۹۳ کی کمی ہے +

— پنجاب پنشن لیڈی ٹرفوں فنڈ کا سالانہ جلسہ گورنمنٹ ہوس لاہور میں ۱۰ بجے ہفتہ پیر کے دن ہوا۔ سر ڈینس لیڈ پیٹرک صدر نشین تھے اور سکرٹری ڈاکٹر ڈگس نے رپورٹ پڑھی +

— خالصہ دیوان لاہور کی طرف سے سر ناروطر گیا گیا ہے لارڈ لیفٹننٹ کو ایڈریس پیش کرینگے +

— افیون کمشن کے دورہ پر پنجاب کی دیسی ریاستوں کے راجہوں نے عموماً افیون کے اندادکی مخالفت کی اور اپنی اپنی ریاستوں کی افیون کے محاصل کے بند ہو جانے پر اندیشہ ظاہر کیا +

— افیون کمشن پہلی طلاع کی نسبت دو روز اور لاہور میں قیام کر کے شہادتیں لے گی۔ کیونکہ گواہوں کی تعداد زیادہ ہے +

— ۷ فروری کو کرنال کا میلہ موقوف ہو گا +

— علاقہ بنوں میں وزیریوں نے پھر تکلیف دی +

— ایک اخبار لکھتا ہے دیوہر ہنش کا اخبار ہر ہر دھرم چھپتا ہے +

— راجہ رام سنگھ کی لڑکی کی شادی کے لیے کشمیر میں بڑی تیاریاں ہو رہی ہیں +

حیدر آباد دکن

— سر آسمانجاہ کو پرائیویٹ سکرٹری مسٹر زوبخی نواب وقار الامرا کے مستقل پرائیویٹ سکرٹری بنائے گئے۔ نئے وزیر دکن اپنے آپکو یورپین لوگوں میں ہر دلعزیز بنا رہے ہیں +

— سردار عبدالحق سی آئی ای حیدر آباد کے مخرج المطابع ابجکل پھر حیدر آباد میں براجمان ہیں اور پولیٹکس میں خوب دخیل کار۔ شاید سر آسمانجاہ کے بے اختیاری باعث ہو +

— ہنمنت راؤ جو پونا میں کمشنر کراچی فورڈ کے ٹرسٹ ثانی کے مقدمہ میں قید ہو گیا تھا اب حیدر آباد میں ہے اور ایک اعلیٰ افسر کی مہربانی سے خوب مزے میں ہے +

— پنجاب کے پراوری رجب علی صاحب دکن میں جو تاریخ آصفیہ لکھ رہے ہیں اسکی امداد اسمبلی میں الحکومت سرکار نظام تیس ہزار روپیہ دینے والی ہے۔ اسی کام کے لئے ۱۹۰۸ء میں دس ہزار روپیہ پاوری صاحب نے چندہ جمع کیا تھا +

— منشی شرف الدین سابق نائب تحصیلدار شملہ ایک دوسرے پنجابی ہیں جو حیدر آباد میں مزے میں ہیں۔ یہ راجہ کشن پرشاد کی جاگیر میں تعلقدار ہو نیوالے ہیں +

— حیدر آباد میں بھی ایک بجٹ لیڈ کونسل بننے والی ہے جسکا پریذیڈنٹ وزیر اعظم اور وائس پریذیڈنٹ اس صیغہ کا وزیر ہو گا کیونکہ جسکی شرائط کے متعلق مسودہ قانون پیش ہو گا۔ نو سرکاری اور چھ غیر سرکاری کل پندرہ ممبر ہونگے گورنمنٹ سرکاری ممبروں میں چیف جج نظامت مائی کورٹ۔ جوڈیشل سکرٹری اور گورنمنٹ نظام کا مشیر قانونی بھی عہدہ کے ممبر ہونگے۔ باقی چھ ممبر عہدہ داران سرکار نظام سے دو دو سال کے بعد وزیر اعظم منتخب کرینگے۔ غیر سرکاری ممبر بھی دو دو سال کے بعد مقرر ہونگے۔ انمیں سے ایک کو گورنمنٹ نظام کم از کم اول درجہ کے پلیڈروں سے دو جاگیر داران اور الکان ارضی سے اور باقی دو ہر درجہ کی رعایا سے وزیر اعظم منتخب کرینگے۔ گورنمنٹ نظام کا مشیر قانون کونسل کا سکرٹری بھی ہو گا +

وسط ایشیا۔ افغانستان سرحد شمال مغرب

— امیر صاحب سے ابا کابل سے بجلال آباد جانیکا ارادہ کیا ہے اب بالکل تندرست ہے +

— امیر صاحب نے ابا کابل سے بجلال آباد جانیکا ارادہ کیا ہے +

— سر مورٹیمر ڈیورینڈ اور مسٹر پین انگلستان پہونچ گئے ہیں وہاں سر موٹیمر نے ریوٹر کے ایک نامہ نگار سے بیان کیا کہ امیر صاحب سے سب قابل اطمینان انتظام ہو گیا ہے۔ اور امیر صاحب کی مہمان نوازی اثنائے قیام مشن بمقام کابل کی تعریف کی۔ مسٹر پین نے کہا کہ رسمی ملاقاتوں سے کوئی خوف کا مقام نہیں۔ امیر صاحب مدت سے انگلستان کی دوستی کے خواہاں تھے۔ مسٹر پین دوسری بات اس اتحاد کو زیادہ مضبوط کر دیگی یہ بتلائے ہیں کہ یا تو امیر صاحب یا انکے دونوں جانشینوں سے ایک کو انگلستان کا سفر کرنا چاہیئے +

حفظ و کن بات

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ مہمل (امرتسر)۔ آپکی ہمدردی کا شکریہ۔ ہم لاتبیل کے منتظر ہیں +

ہم جلاس نیشنل کانگرس مقعد کے لاہور ریزولیوشن

اول:۔ یہ کانگریس گو اپنا دلی شکریہ حضور وائسرائے کی خدمت میں اس فیاضانہ طریق کے لئے ادا کرتی ہے جس سے کہ حضور معدوح نے انڈیا کونسل کے ایکٹ کے عمل میں لانے کی کوشش کی ہے تاہم کانگریس افسوس کے ساتھ ظاہر کرتی ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کے قواعد اور اکثر بلکہ گورنمنٹوں کے طریق عملدرآمد اور خصوصاً گورنمنٹ بمبئی کے طریق عملدرآمد میں خاص ترمیموں کی ضرورت ہے تاکہ اس ایکٹ کے مطالب اور منشا پر پورا پورا عملدرآمد ہو سکے اور صوبہ پنجاب کو جو صوبہ جات ہندمیں ایک خاص صوبہ ہے تا حال حق نہیں دیا گیا ہے کہ کونسل دیا سر ہے یا اور کسی مقامی کونسل میں اسکے چھ نامزبوں کو وضع دیا جاوے +

دوم:۔ یہ کانگریس کانگریس کے اول جلسہ منعقدہ بمبئی اور ۱۸۸۵ء اور اسکے بعد کے اجلاس ہائے کانگریس کے ساتھ اتفاق کر کے اس امر کو نہایت لازمی سمجھتی ہے کہ صوبہ پنجاب کی بھلائی حکومت کے لئے اس صوبہ میں بھی ایک کونسل وابستہ ان آئین قائم کیا جاوے اور چونکہ صوبجات متحدہ میں اس قسم کی کونسل قائم کیگئی ہے پس پنجاب میں بھی اسکے قائم کرنے میں مطلق دیر نہیں ہونی چاہیئے +

سوم:۔ یہ کانگریس کانگریسوں سے متعلق ہو کر زور دیتی ہے کہ (الف) ہائی کورٹ کا محصول کم کیا جاوے (ب) اکثر کمشنریوں کی آمدنی کے ۱۰ سے ایک ہزار تک کی آمدنی پر عائد کیا جاوے (ج) آبکاری کی پالیسی کے متعلق گورنمنٹ کے ارشادوں کی تعمیل کا ان طور پر کرائی جاوے (د) اضافہ نوجداری میں ایک فقہ ایسی ایزاد کیجاوے کہ جس سے وارنٹ سے جو مجرموں کو استحقاق حاصل ہو کر انکا مقدمہ جائے جوڈیشل کے سامنے پیش ہو جاوے (ر) پولیس کے انتظام کو اس طریق پر درست کیا جاوے کہ قصبہ جات کم ہو لیکن بہتر درجہ کے لوگ انمیں بھرتی ہوں اور تنخواہیں ان کی اضافہ کیا جاوے۔ (ز) عہدہ داران انجینیرنگ ورک وغیرہ ایسے اصحاب میں سے چنے جاویں کہ جنکی واقفیت اور مشق ایسی ہو جو اصحاب میں سے چنے جاویں کہ جنکی واقفیت اور مشق ایسی ہو جو سوداگر اصحاب ہوں اور فقط فوجی طیالات رکھتے ہوں (ژ) ایکٹ اسلحہ میں ایسی ترمیم ہو کہ زیادہ لوگ اسلحہ رکھ سکیں کہ جس سے درندہ جانوروں وغیرہ سے لوگ خود کو بچا سکیں (س) ہندوستان میں ملٹری کی کالج قائم کیئے جاویں کہ جنکے تعلیم یافتہ کی بہادر فوجیں میں بھی بھرتی ہو سکیں (ش) فوجی خدمات کے لئے ہندوستان کی جنگجو قوموں کے لوگ بلا تامل قائم کرنے کا بندوبست ہو اور (ص) ہندوستانیوں کو بھی انگلینڈ میں بھی وہاں کے باشندوں کو وسیع طور پر رائفل پریکٹس دیا جاوے +

چہارم:۔ اب وقت آگیا ہے کہ ہندوستان میں فوجی عہدوں کو سول عہدوں سے بالکل علیحدہ کیا جاوے کہ جس سے علاوہ تعلیم اور سائنس کی ترقی کے کئی ایک ہندوستانیوں جو ہندوستان میں ڈاکٹروں کو ہو رہی ہیں وہ رفع ہو جاویں اور خرچ میں بھی تخفیف ہو گی +

پنجم:۔ ملایت کے ہاؤس آف لارڈز کا شکریہ ادا کرتی ہے کہ سول و مان کے ادا

روئے زمین کی خبریں

(ہندوستان)

— آگرہ کی پوریین لوگوں کی چند جلد جلد چوری گئیں۔ پولیس نے ایک عورت کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس اب اس کو لیا تک لگی ہی ہے کہ چوری کرنے والا کوئی اور ہے۔ پولیس اب تک تحقیقات ہے +

— آگرہ میں ایک مسلمان سنار کے دوکان کو چوروں نے شام کو لوٹ لیا +

— وائسرائے ہند جنرل سے ملنے کے لئے جو وفد گیا تھا اس کے ممبروں کے نام یہ ہیں۔ مسٹر ایس پی سنہا۔ مسٹر بھوپندر ناتھ بسو۔ مسٹر جسٹس امیر علی۔ بابو سریندر ناتھ بنرجی۔ مسٹر جسٹس چودھری۔ بابو سدرتر پوزدار +

— ہندوستان کے آرٹسٹوں کی نسبت ایک ہیڈ آرٹسٹ سکرٹری آف سٹیٹ نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ ان کا کام بہت کمزور ہے جس کا مضمون ابھی مخفی ہے +

— مسٹر آرسل نائب سکرٹری آف سٹیٹ نے جواب سر ولیم ویڈربرن کے ہندوستان کی بڑی خدمت ڈاک کی کارکردگی کے گنتوں کی تحقیقات کا مسٹر کرزن سے کہ اس کے جائزیوں کی کثرت سورت کی تحقیقات کا اور مسٹر کرزن سے متعلقہ جس جائزیوں کے متعلق ڈاکخانہ کی تحقیقات کا وعدہ کیا اور بیان کیا کہ سکرٹری آف سٹیٹ دیسرائے کا تار پہنچا ہے جو ان مقابلے کے مسئلے کے متعلق ہے جس میں مصروف ہے +

— بمبئی کی نوسے کپڑی کے مال کے جہاز سے بتوں کی بیمہ نہیں ہوا ہوا تھا پرنسس ڈاک کے نزدیک ۱۷ جنوری کو آگ سے جل گئے۔ پچاس ہزار کا نقصان ہوا +

— دھلی کے جیلخانہ کی سنگین کوٹھریوں سے دو سال کے دو میعادی قیدی تیل اور تار کے ساتھ کوٹھریوں کے آہنی دروازے کاٹ کر ۱۷ جنوری کو بھاگ گئے۔ پولیس تلاش میں ہے +

— ہمچو رست راکہ نشنگ چیرست۔ ایک کہاوت کی لڑکی (جو لڑکی کہاوت کی بیوی سے مشابہ ہے کہ اس سے بہت بڑی ہے) برآمد ہوئی ہے +

— رنگون میں بہت بیماری ہے اور برہما کے بعض حصوں میں ہیضہ خوفناک ہے +

— غالباً کلکتہ یا کسی دوسرے صوبہ کے دارالخلافہ میں دو یورپین ایک لوکل گورنمنٹ کا سکرٹری اور دو ہندوستانی سے دو دولتمند چینی سوداگر ہی ایک گاڑی میں سوار دوسری طرف گذر رہے تھے صاحبان کو انتظار شاق گذرا۔ اور سخت کلمے تبدیل کئے گئے آپس اور فوراً ہی ایک نے دوسرے ایک چینی کو چابکوں سے خوب پیٹا۔ مقدمہ حسب ضابطہ عدالت میں ہوگا +

— ہمبرٹ وینڈربلٹ امریکہ کے کروڑپتی جو اس وقت ہندوستان کی سیاحت کر رہے ہیں اور اپنے جہاز میں سوار ہوکر آئے ہیں انکا ایک بہت بڑا عالیشان مکان سٹیٹن آئلینڈ امریکہ میں اس آکہ پہنچنے کی اگت سے تیار ہوا ہے جو کہا جاتا ہے تمام دنیا میں سب سے بڑا اور خوبصورت پلیٹیشل مکان ہے +

— ۱۷ جنوری کو مکتبہ میسا ۱۷ جنوری کو شروع ہوا +

— تیسری جماعت ہجرین کا نوآبادیس سے بمبئی میں گذشتہ ہفتہ وارد ہوا +

— عارضی طور کی سے ہسپتال میں ایک بہت بڑی جماعت ٹھگوں کی گرفت کی +

— مدراسب ہائیکورٹ کے جسٹس سر رنگاچاری کلکتہ میں اس جگہ کے میر مجلس مقرر ہوکر لگال کی شاخ پریسیڈنسی انسٹیٹیوشن کی تائم کرنے والا ہے +

— مہاراجہ صاحب دھرا در راجپتانہ اور مہاراجہ کوچ بہار نے پاسٹوریشیڈنسی کی کمیٹی میں شامل ہونے کا ارادہ ظاہر کیا +

— گرنمنٹ جنرل صوبہ متحدہ نے ہندوستان کے سوائے کے لئے ہر تیسرا درجہ لیا ہے +

— گلشن حسین گورمکھ کی ہندو قزاقوں چوری گئیں پولیس نے پشاور تک پیچھا کیا مگر ناکام رہی +

— دسمبر ہند کا چھ یا سات اکبر جس نے سلطان سنگ کے گروہ سے علیحدہ ہوکر اپنا گروہ بنالیا تھا مسٹر ہینکن نے گرفتار کر لیا +

— کلکتہ کا اخبار بنگلی کہتا ہے کہ نیکال سے لاہور کی کانگرس میں صرف ۵۰ ڈیلیگیٹ ہوجود تھے جو بہت کم تعداد تھی بنگال کے اصلاح ہوگئی۔ بلکہ دراصل ہوم۔ ۱۷ سو ڈیلیگیٹ نیرہ اور کلکتہ سے ایک ہی ڈیلیگیٹ حاضر ہوا +

— مسٹر فرانس کرشن دہرا ایسوسی ایشن پریذیڈنسی کالج کے ایک ممبر کمیشن رپورٹ سوسائٹی سے ۱۷ جنوری کو ۶۴ سال کی عمر میں انتقال کیا +

— بنگال میں ہندوؤں کی کانفرنس جس میں بنگال کے پندرہ سو مندوب جمع ہوئے تھے بہت کامیاب ہوئی۔ اس میں بعض بڑے بڑے ہندو لوگ بھی تھے۔ سوا ہو یا ڈیڑھ سو ہندو ہوں ہوں دو ایسا مرحوم کے بجائے پنڈت مندرت تہجو دریا پرشاد پانڈے پریسیڈنٹ بنایا گیا۔ کالج کے سالانہ امتحان تمام بنگال کے سنسکرت کے اسٹوڈنٹوں سے دو سو طالب علم حاضر ہوئے سات گھنٹے کے کامیاب طلبا کو انعام و خطاب ملے +

— ۱۷ ڈیلیجن جو ۱۷ دسمبر کو ہوا ہے ہفتہ بعد ہوگا۔ ایسوسی ایشن کی ۱۷ ویں سالگرہ ہوگی اور ۱۷ مہمانوں کا استقبال کیا جاوے گا۔ ۱۷ ہندو مسلمان پارسی انڈین و انگلیز سلامی دوستی سب مل کر ایسوسی ایشن کو نشو و نما دیں گے +

فوجی خبریں

— لارڈ ایلجن کے ہمراہ کرنل ڈیورینڈ ایجنٹ گلگت آتے ہیں جو انکے فوجی سکرٹری ہونگے +

— مدراس اور بمبئی کے کمانڈر انچیف کے عہدے منظوری کے آئندہ سے منسوخ کئے گئے اور ان کے گورنمنٹ ہند انتظام فوج میں ضروری تغیرات کئے جاوینگے +

— صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کے حکم سے متعین کیا گیا کہ بنگال انفنٹری کا ۱۷ آئندہ نمبر ۱۷ گورکھا رجمنٹ بنگال انفنٹری کہا جائے +

— ۱۷ سال کی سزائی قواعد میں بضابطہ بحال رہا ہے صاحب کمانڈر انچیف نے ارادہ کیا ہے کہ ۱۷ سپیشل سروس فوج نہیں ہیں +

— صاحب کمانڈر انچیف نیپال کی ترائی میں پرندوں کا شوق کھیلا

(دھلی کا ایک غیر)

— سپیشل کرسپی ڈنر ٹیلی پیتھ نامہ نگار دھلی کے ایک ٹریجڈی مشن کے جواب میں کہا ہے کہ گورنمنٹ کو چاندی کی کمیت بڑھانے کی تاکید کرتے تھے کہ ہندوستان اور امریکہ کی حالات نے اس مسئلہ کو ضروری کر دیا ہے۔ گو اللعل ہائے غیر سے اس بارہ میں خط و کتابت ہے سود مند ہے تاہم ہندوستان کے سرکاری تحقیقات میں ہے اور ہمارا ہی ہے کہ ہم اپنی سرکار سے اس بارہ میں کارروائی کریں +

— صوبجات پنجاب میں کپاس کی فصل کی پیداوار میں بہت کمی ہوئی ہے۔ اس کی وجہ خشک موسم بتلائی جاتی ہے +

— پنجاب میں سخت سردی ہے۔ ۱۷ جنوری کو ۱۷ انچ برف گری۔ سرکاری عمارات کو جلا دیا ہے۔ ۱۷ ہزار مویشی مر گئے۔ ۱۷ ہزار مویشی بیمار ہیں۔ ۱۷ ہزار مویشی بیمار ہیں۔ ۱۷ ہزار مویشی بیمار ہیں +

— آج کل سردی ہے۔ ۱۷ ہزار مویشی بیمار ہیں +

— پنجاب میں

حفظ صحت

۱۔ سوزاک کا علاج: تجربہ کیا گیا ہے کہ سدا لگا کے پتے رات کو پانی میں بھگو کر شیشہ میں رکھ دیئے جائیں اور صبح کو خوب کف دار کر کے آدھ صاف اس کا پی لیا جائے تو سوزاک خواہ کیسا ہی کہنہ ہو دور ہو جاتا ہے ؛

۲۔ بالوں کا گرنا: دیکھا گیا ہے کہ بہت سی عورتوں کے سر کے بال کنگھے سے آپ گر نے لگتے ہیں۔ اسکے دفعیہ کی ترکیب یہ ہے کہ استعمال کی ہوئی کنگھی کو خشک کر کے اس کو گرے ہوئے بالوں میں ۲۔۴ گھنٹے تک خوش وضع پھیر سی سے سر جوڑا جائے۔ ۲۔۳ مرتبہ ایسے بالوں کو گانٹھ ہو جاویگا ؛

شعر و سخن

ترتیب بدست حضرت شمس العلماء مولوی محمد شبلی صاحب نعمانی پروفیسر دارالعلوم علی گڈھ

بجا ہے آج گرا ہیں بزم میں یہ زیب و ساماں ہیں
مگر ان کی بزم ہے جو یادگار نسل خدناں ہیں

خلیل نکتہ سے یہاں نوازی جن کو پہنچی ہے
ہزاروں کوس سے آ آ کے وہ اس گھر میں یہاں ہیں

فقط اک جذبہ قومی انہیں واں کھینچ لایا ہے
یہاں زر کو سوا جب ہیچ در باں ہیں

ہماری خدمتوں کا وہ اٹھانے آئے احساں ہیں
کہ اسلامی جماعت پر ہزاروں جن کے احساں ہیں

ہنر میں علم میں اخلاق میں مجد اور شرافت میں
سبھی ہیں یہ ہم آج نازاں ہیں

خدا نے ان کو بخشی ہے حکومت اور سطوت بھی
کہ جسم سلطنت کے یہ جوارح اور ارکاں ہیں

جو ان کی کسی خدمت پہ نازش ہے تو اس پر ہے
کہ یہ ہیں نام پر اسلام کے اور مسلماں ہیں

محمدوں کا تفاوت ہے یہ کچھ فرق مراتب ہے
یہاں جس سادگی سے یہ شریک بزم احباں ہیں

مگر ہیں ان میں جواں بھی اور کم سن بھی
مگر شان و قوت میں ممالح سب کے بمثال ہیں

یہ وہ ہیں جن میں ہے اسلاف کی اب تک اثر باقی
یہ وہ ہیں جن میں جوہر نسل صنادی کے پنہاں ہیں

جنہیں ہے ذوق میں درد فشانی کشور ستانی کا
نہیں کی یا بجا ہیں جا بجا اب تک نمایاں ہیں

یہ وہ ہیں جان دل سے جو فدائے قوم و ملت ہیں
یہ وہ ہیں نام پر اسلام کے جو دل سے قرباں ہیں

ہوگا ایک بھی دل - درد قومی سے جو خالی ہو
بظاہر گرچہ سب سرسبز ہیں تم ہیں شاداں ہیں

انہیں احساس ہے آئین و ملت کی تباہی کا
یہ واقف ہیں کہ بڑے قوم کے اب غرق طوفاں ہیں

انہیں معلوم ہے جس تاک میں ہے گردش گردوں
انہیں معلوم ہے جس گھات میں ہیں بام دوراں ہیں

خبر ہے ان کو جس آندھی میں چھوٹا بڑا ہے اب
یہ واقف ہیں کہ پہلے قوم کیا تھی اور کیا ہے اب

علاج اپنا ہم اب تک سمجھتے تھے کہ آساں ہے
مگر وہ درد نکلا جس کو ہم سمجھے کہ درماں ہے

وہ ہر دم جب ہمیں انداز خود بینی دکھاتے ہیں
تو ہنس کر کہہ دیا جاتا کوئی دم کا مہماں ہے

جو سچ پوچھو تو ہم ہیں اپنی ہستی کے خود اپنے
فنا ہونا بھی جینا ہے جو وہ شے بور داں ہے

سفینہ کا مدار اب جو ہمت کے غیر کا ہی نہیں
ہمارا بحر میں ہر سو یہ خواب پریشاں ہے

یہ اسلاف کے ٹوٹے ہیں ہم ہیں جن کی نسبت ہی
ہمیں احساس کب ہوتا ہمیں ذلت بھی عزت ہے

ہماری کاہلی ہے دور دوراں کی شکایت کیا
قمر کلیتہ میں ہر فرد اک مہ ہے کہ پرتو ہیں

نہیں ہے کوئی ہم میں گر کہ ہر فرد ہے اک محفل
ہیں اخوان ثلاثہ ہم کہ ہر اک ہے ثریا پر

نظر آتے ہیں ہم کو عیب اپنے نوبیاں بن کر
ہمیں ہے ننگ ماضی حال پر یہ زندگی ہم کو

بسر ہوتی اگر رفتار ماضی پر یہ زیبا تھی
حمیت اور خودداری نہیں گر قسمت میں

طبیعت میں اگر ہیں تیرہ پرانے کچھ جوہر
تو اچنبھا ہے کہ یکسر تو اوائل شرط ایماں ہے

تو دعوی ہے کہ تیرا اور سیاست فرض انساں ہے

وہ قوم اور وہ جماعت جس میں یہ اخلاق محکم ہیں
بلائیں سر تک جو آئیں وہ کم ہیں اور بہت کم ہیں

یہ جو کچھ ہم نے لکھا ہے قوم کی حالت اختر
سمجھو یہ ہے اس داستان کا خاتمہ اس پر

ہماری اب ہے دیکھو کیا نصیبی جو بدی ہے
کہ یہ پہلا ہی دفتر ہے کہ آخر ہے یہ دفتر

گیا وقت تھا جب اس کی نام ہر دری
کہ تو سر ہا ہیں قوم کی در ماندہ حالت پر

گیا وقت تھا کہ آپ اپنا فیصلہ کر
نہ تھی ضرورت تھی

گئے دن کہ ہم محتاج تھے عبرت دلانے کے
ہمارا حال خود عبرت ہے آج سر تا سر

ضرورت اب ہے اگر کچھ کو تو بس اس بات کی ہے
کہ ہمیں عبرت کو کر دکھلائے بھی ہم پر

فقط باتیں ہیں کچھ کام بھی دل سے کرو ہاتھوں سے
کہیں کچھ ہے نہ کہنا ہیں تم سے کچھ بڑھ کر

نہیں گر تو یہ سب کی سمجھ سکتے ہیں
یہ قوی مرض ہے یہ اصلاح پذیر

طلب اور سعی سے کچھ کام ہو آئے تو ہو جائے
نصاحت اور فصاحت کا بس چلتا نہیں منتر

نہیں جو کام ہیں ایسے کہ مشکل ہو نہیں سکتے
مگر کرنے پہ آجاؤ تو کتنا آساں ہے یہ آساں تر

ابھی تک تم سے اسلاف کا کچھ کچھ فرق باقی ہے
شرر ہو تو بھڑک جاتے ہیں اک پھونک سے خاکستر

ابھی کچھ کچھ رمق باقی ہے دل میں جذبہ قومی
ابھی کچھ کچھ نمک باقی ہے اس تن میں مگر پھیکا

کمی اس بات کی ہے تم میں جو وہ یہ ہے
کہ ہم ان قولوں کو صرف بیکار نہ ہونے دیں

مگر ہو جوش و تڑپ دل میں تو ہو وقت ہیں تیسر
کچھ اس سے کام ہو ہاتھ اور قلم کام ہے

مگر ہو جوش و تڑپ دل میں تو ہو وقت ہیں تیسر
کچھ اس سے کام ہو ہاتھ اور قلم کام ہے

فقط اب سب کے دل میں تم آگ کام ہے
سنبھلنا اب بھی گر چاہو تو ہے وقت اور ضرورت بھی
وگرنہ پھر نہیں ہے کی جو کچھ ہے حالت بھی

حکمت کے موتی

۱۔ بغرت: حضرت عزت کا خیال ایک لطیف اور باریک نقطہ ہے جو صرف ان دلوں میں پایا جاتا ہے جو طبعاً شریف ہیں۔ یا ان میں جنہوں نے بڑی بڑی مثالوں کی تقلید کی یا بہت اچھی تعلیم پائی (گراڈسٹون) ؛

۲۔ دنیا میں کس کو میسر ہوئی؟ ۔ ہر مضطراب میں آرام تھا۔ تحیر میں بسر ہوئی۔ اب جانے کو جی نہیں چاہتا اور اب جانا کہ کچھ نہ جانا" (افلاطون الہی) ؛

دنیاوی اسباب: دنیا کی چیزوں پر ہر آدمی کا دل نہیں مرتا بلکہ اس کے لئے بہت اس دل کے ہوتی ہیں جو ہوا یا غبار میں مرکز ثقل قائم کرنے کے لئے لادا جاتا ہے۔ ہر ایک پندار شخص ؛

معلومات کا کشت

جغرافیہ: اور ایک علم کے پہلے پہل ۱۷۵۰ء میں عربوں نے یورپ میں داخل کیا ؛

دنیا میں جتنے بڑے آدمی گزرے ہیں ان میں زیادہ متاثر ہوئے چینی لوگوں کی اور سب سے کم روم کے باشندے ؛

۱۸۷۰ء میں علم، تعلیم اور علم ہیئت کی کتابیں انگلستان میں اس قدر تعداد کی گئیں کہ ان سے چار گز کی لائبریری بھر سکتی ہے ؛

ایک ماہگیر دریا نمار نرہ ۴ ہم گنتے ہیں ۲۰۰۰

پیسہ اخبار

نمبر ۲ | یوم جمعہ ۱۹ جنوری ۱۸۹۴ء مطابق ۱۱ رجب ۱۳۱۱ھ موافق ۸ ماگھ سمت ۱۹ بکرمی | جلد ۱

واقفیت عامہ کے لئے شمار اور اعداد

ڈاکخانہ کا سیونگ بینک :- اس مفید کام کی طرف دن بدن لوگوں کی توجہ بڑھ رہی ہے کہ تھوڑے تھوڑے چند سالوں میں امانت رکھنے والوں کی تعداد نے بارہ فی صدی کے حساب سے ترقی کی ہے۔ یہاں تک کہ اب پانچ لاکھ شخصوں کی امانت ڈاک خانوں میں موجود ہے۔ سال گزشتہ میں کل رقم امانت چار کروڑ چودہ لاکھ (۴۱۴۰۰۰۰۰) اور سود جو اسپر دیا گیا ساتئیس لاکھ روپئے سے کسی قدر کم تھا۔ کل حسابوں میں سے ۹۰ فی صدی ہندوستانی امانت رکھنے والوں کے حساب تھے

فرانس :- فرانس کئی سال سے اس بات کے لئے مشہور ہے کہ وہاں پیدائش کی نسبت اموات کی اوسط زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ ۱۸۹۱ء کے اعداد یہ ہیں :- کل اموات (۸۷۹۰۰۰)۔ کل پیدائش (۸۶۶۰۰۰)۔ ۱۸۹۰ء میں اموات کی نسبت پیدائش صرف (۳۸۰۰۰) زیادہ تھی۔ شادیاں (۲۸۵۰۰۰) اور طلاقیں (۵۷۵۲)۔ یہ دونوں رقمیں ۱۸۸۶ء سے لے کر سب سالوں سے زیادہ ہیں۔ پیرس کے سیونگ بینک میں کل زر امانت (۱۵۰۰۹۹۳۰۴۱) فرانک کہ جس میں اس سال میں (۶۳۸۹۴۱۶) فرانک اضافہ ہوا۔ کل امانت رکھنے والے (۶۲۹۰۱۲) ہیں۔ اس سال شراب انگور کی فصل سنین گزشتہ سے بہت زیادہ تھی یعنی (۴۹۸۰۰۰۰۰) ہیکولٹر۔ جو سال گزشتہ سے (۲۰۷۰۰۰۰) زیادہ تھی ؛

زمانہ حال کے جنگ :- مندرجہ ذیل اعداد جو فرانس اور جرمنی کے گزشتہ جنگ کے حالات کی نسبت پرشیا کے صیغہ جنگ نے شتہر کئے ہیں۔ ہمارے زمانہ خوفناک فن رزم کی وسعت پر کسی قدر روشنی ڈالتے ہیں۔ اگست ۱۸۷۰ء میں (۴۸۰۷۲۸) جرمن سپاہیوں نے سرحد فرانس عبور کی۔ اور اثنائے جنگ میں (۲۲۲۷۶۲) اور سپاہی ان کے پیچھے بھیجے گئے۔ ان کے پیچھے جرمنی میں صرف (۴۰۰۰۰۰) سپاہی رہ گئے۔ لڑائی کے خاتمے پر جرمنی کی فوج میں کل (۹۳۶۹۱۸) آدمی رہ گئے۔ یعنی جرمنی کی فوج سے کل (۱۲۹۰۰۰) آدمی ضائع ہوئے۔ ان میں سے (۴۸۶۲) مقتول اور (۸۸۳۸) مجروح ہوئے۔ مقتولوں میں سے (۱۵۷۲) جنگ میں اور (۱۰۷۱۰) ہسپتالوں میں زخموں سے مرے۔ گریولاٹ کے جنگ میں (۲۰۱۵۹)۔ پارس لاٹور کی جنگ میں (۱۵۷۹۰)۔ ورتھ میں (۱۰۶۴۲)۔ سیڈن (۹۹۲۴)۔ محاصرہ پیرس میں (۱۳۵۰۹)۔ اور میٹز میں (۵۵۷۱) سپاہی مرے۔ فرانس والوں نے (۱۴۸۱۰۰) آدمی مارے۔ (۱۴۱۴۰) آدمی پیرس میں (۵۵۰۰۰) ہندوقیں کھوئیں۔ اور (۳۳۳۴۰) فرانسیسی قیدی جرمنی کو بھیجے گئے ؛

لنڈن کی آبادی :- لنڈن میں ۶۰ ہزار ممالک غیر کے رہنے والے ہیں۔ ۲۷ ہزار جرمن۔ ۲۶ ہزار روسی۔ ۱۰ ہزار فرانسیسی اور ۵ ہزار امریکن ؛

مذاق

ایک احمق ایک شہر میں گیا۔ دیکھا کہ آدمی ہال کے دیکھنے کے واسطے جمع ہوئے ہیں۔ آپ کہنے لگے یہ عجیب بات ہے کہ ہمارے شہر میں چکی کے پاٹ کے برابر چاند ہے اور کوئی نہیں پوچھتا۔ یہاں کے آدمی ذرا سے چاند کے دیکھنے کے واسطے جمع ہو رہے ہیں (ان ح۔ مہاجنی)

ایک احمق ایک مجمعے میں بیٹھا ہوا تھا اور اپنے فخر و مباہات سے کہہ رہا تھا کہ میں اب بڈھا ہو گیا ہوں۔ لیکن میری اب کی قوت اور جوانی کی قوت میں کچھ فرق نہیں ہوا۔ لوگوں نے پوچھا تجھے کیسے معلوم ہوا۔ اس نے کہا اس واسطے کہ ہمارے گھر میں ایک پتھر پڑا ہوا ہے۔ سو ایام جوانی میں بھی اس کو میں ہلا نہ سکتا تھا اور اب پیری میں بھی نہیں ہلا سکتا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ میری قوت میں کچھ فرق نہیں آیا۔ (د ر) ؛

ایک تازہ وارد ولایتی پٹھان ہندوستان کے ایک شہر میں آیا اور حلوائی کی دوکان کے پاس سے گزر رہا تھا کہ بھک رہ گیا۔ اس نے دیکھا کہ انواع و اقسام کی مٹھائیاں اور نفیس حلوے خوانچوں میں رکھے ہیں اور حلوائی سامنے چپکا بیٹھا ہوا دیکھ رہا ہے۔ پٹھان کو شک ہوا کہ شائد حلوائی اندھا ہے۔ اور وہ آگے بڑھ کر اپنا شک رفع کرنے کے لئے اس کی آنکھوں کے سامنے انگلیاں ہلانے لگا۔ حلوائی نے کہا "خان کیا کرتا ہے"۔ پٹھان نے کہا کہ "خان دیکھتا ہے کہ تو اندھا تو نہیں ہے۔ جو اندھا نہیں تو پھر تمہیں نظر نہیں آتا کہ تمہارے سامنے کیسی اچھی اچھی مٹھائیاں چنی ہوئی ہیں اور تم کھلاتے نہیں" ؛

شوہر (جس کی چھ کنواری بیٹیاں تھیں) :- "آؤ روزاملاقات کے کمرے میں ایک جنٹلمین بیٹھا ہے وہ تم میں سے کسی ایک سے شادی کرنا چاہتا ہے۔ یہ شراب کا تاجر ہے" ؛

بیوی :- "شراب کا تاجر! تو پھر تو وہ پرانی قسم کی لڑکی پسند کریگا۔ (کیونکہ پرانی شراب اچھی سمجھی جاتی ہے۔ اور پرانی لڑکی سڑی بڑی لڑکی مراد ہے)" ؛

چند مسافر فرانس کے قابل دید مکانات ایک سیر بار نہاکی مدد سے دیکھ رہے تھے اور یہ لائق شخص حسب دستور ایک ایسے مقامات دیکھنے والوں کو ان تاریخی مکانات کے تاریخی واقعات بتلایا کرتے ہیں۔ "ہمارے ان لوگوں کو کہا" اس کمرے میں فلاں بادشاہ قتل کیا گیا تھا۔ سیمیعین میں سے ایک نے کہا کہ تین سال پہلے بھی میں یہاں آیا تھا اور تم نے مجھے یہی بتلایا تھا کہ دوسرا کمرہ ہے جس میں بادشاہ مارا گیا تھا۔ ہمارے بلا تکلف کہا "اس وقت اس کمرے کی مرمت ہو رہی تھی" ؛

عجیب عجیب باتیں

کتوں میں انصاف :- فرانس کے ایک افسر نے وہاں کی ایک علوم طبعی کی سوسائٹی کے سامنے اپنا چشمدید واقعہ بیان کیا کہ ایک روز اس نے ایک کھیت میں قریب پچاس کے کتوں کو کمیٹی کرتے دیکھا۔ ایک اشارے پر وہ سب ہوا میں اڑ گئے اور غصے سے چیخ کر ایک چیز کی طرف جھپٹے جو فوراً زمین پر گر پڑی اور دیکھنے سے ایک مُردہ کوا معلوم ہوا۔ استحان سے معلوم ہوا کہ مجرم کو کہ کیونکہ وہ مجرم ہی معلوم ہوتا تھا۔ ایک چونچ سینے میں لگی ہے۔ اور اس کے جسم پر قریب بیس کے اور نشان چونچوں کے ہیں ؛

چھوٹے اور بڑے ہاتھوں کے خواص :- یہ عجیب تضاد ہے کہ جس شخص کے ہاتھ بڑے بڑے ہوں وہ چھوٹی چیزوں۔ تفصیلی حالات اور نہائت باریک اور نفیس کاریگری کی چیزوں کو پسند اور پیار کرتا ہے۔ اور اپنے میلانوں میں بہت خوردبین ہوتا ہے بخلاف اسکے جس شخص کے ہاتھ چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں وہ ہر قسم کی بڑی بڑی چیزوں سے خوش ہوتا ہے۔ وہ نمود اور ظاہری جھڑک پر مرتا ہے۔ بڑے بڑے گھروں۔ شاہانہ جائدادوں اور تمام بڑی پیمانے کی چیزوں کو پسند کرتا ہے۔ اس کا دستخط بڑا اور شائد کھلا ہوا اور دوسرے شخصوں کا چھوٹا اور صاف ہوتا ہے ؛

آتشی غبارہ :- ہمارے ملک میں خوشی کے جلسوں اور بیاہ شادی کی تقریبوں پر آتشی غبارہ اڑانے کا قدیم سے رواج چلا آتا ہے۔ یہ باریک کاغذ کا گنبد دھوئیں سے پر کیا جاتا ہے جس کو دو برج رکھتے ہیں۔ حال میں یورپ میں جنگی موقعوں پر رات کے وقت اس سے سگنل روشنی کا کام لیا جانا شروع ہوا ہے۔ اس کے نیچے ایک لمبی تار باندھ کر اس میں چھوٹی اور موٹی گرہیں کسی جلنے والے مادی کی لگا دیجاتی ہیں۔ جن کے جلنے سے خاص خاص مطلب سمجھ جاتے ہیں جو پہلے مقرر ہوتے ہیں ؛

کھانے کی میز :- ایک عورت نے یورپ میں ایک ایسی کھانے کی میز تیار کی ہے کہ جس کھانے کی رکابیوں کے لئے اوپنی جگہ بنی ہوئی ہے اور نیچے ایسی کل ہے کہ جو رکابی اسپر رکھی جاوے وہ اس کو جس کھانے والے کے سامنے چاہیں اس کی پہلی رکابی اٹھا کر اس کے سامنے رکھ دیتی ہے ؛

پانی میں تیز ترین رفتار :- تھارنی کرافٹ نے جو تارپیڈو کشتی ایسٹ نامی بنائی ہے وہ پانی کو ۲۰۱۶ میل بحساب فی گھنٹہ چیرتی ہے اور اس سے زیادہ تیز رفتار اب تک معلوم نہیں ہوئی۔ البتہ ہوا میں تیر چلنے والے تو ایسے جانور معلوم ہوئے ہیں جو ایک گھنٹے میں ۲۴۰ میل اڑ سکتے ہیں۔ اور بقول ڈاکٹر جرڈن کے چوڑی دم والا ابابیل اگر سلیون میں صبح کا ناشتہ کھائے تو ہمالیہ کی چوٹی پر دوپہر کا کھانا کھا سکتا ہے

کیا آپ مفت کا اخبار پڑھنا چاہتے ہیں؟ تو ۲۰ جنوری کے بعد اخبار کے دو ہفتہ بھر کے لئے "مفت اخبار" ملنے کی عرضداشت کر دیجئے ؛

کیا آپ ہمسب کو عزیز رکھتے ہیں؟

کوئی ہندو یا مسلمان ہم کو تعلیم کردے کہ ہمارے ہندی جالندھر دن سے پاک ہوتی ہیں جو ہر ایک مذہب میں ممنوع ہیں پس جس یہ حالت ہے۔ نو روپے اگر ہمیں خرچ کرکے مذہب کو کھونا صحت کو کھونا ہوئے۔ وہ کون عقلمند ہے کیونکہ بصورت نامواقف مریض کو جلد عدم آباد پہنچاتی ہیں ہمنے اپنی دیسی ادویہ کو صاف ستھرا سریع الاثر بنایا ہے۔ آؤ آزماؤ۔ پتہ۔ شفاخانہ زبدۃ الحکما۔ حکیم ڈاکٹر غلام یحییٰ ہوپی دروازہ لاہور۔ (۱) اسرمہ ممیرہ۔ مقوی بصر حافظ بینائی۔ غبار۔ دمند۔ جالا۔ خارش سرخی۔ کثیری رطوبتی کی بزہ اشت ہونا دور کرتا ہے۔ ۱۲ شیشے۔ (۲) حب واہی قبض۔ نفخ شکم۔ قراقر۔ درد کمر۔ یرقان۔ دل کا دھڑکنا۔ جسم کا پھر کنا۔ خرابی گردہ۔ درد دل۔ تکلیف حیض۔ ورم رحم کی اشتہا۔ دوسرے عرق النساء۔ کثرت بلغم۔ ریاح۔ شقیقہ وغیرہ ۳۰ درجن عدد (۳) حب ذیابیطس۔ بار بار پیشاب کی آمد۔ تشنگی۔ لاغری۔ بے چینی۔ کم خوابی۔ خرابی جگر۔ پیدائش تشنگی دکھار بکل کو روکتا ہے۔ فی تولہ ۵ (۴) حب بواسیر۔ سریہ سے نکما کرنے والا مرض۔ بواسیر مخملی رہا دی دور ہو۔ دو ہفتے کا مفصل فہرست روانہ ہے۔ ڈاک بفقت کی کتاب مفت محصول ایک آنہ کے ٹوپی روانہ ہے۔

اہل ہند کو تازہ خوشخبری

شفاخانہ یونانی حکیم نظام الدین امرتسر

جو کہ بیس بعد تجربہ تیس سال اشتہار شائع کیا ہے اور ہر ایک ہندی بھائی کو اس شفاخانہ پر تو جہ دلاتا ہے کہ ہر مریض کو واپس دیا جائے گا۔ مدعا صحت یا بی مریض ہے نہ کہ فقط نفع کی موجودہ ہندوستان میں ہر ایک شخص آزمائش کرسکتا ہے۔ ہر ایک دوا کا نسخہ علیحدہ ہے۔ ہر ایک مرض کی دوا علیحدہ

بفضل الٰہی یہ کارخانہ ۱۳ سال سے جاری ہے

خیر الدین شاہین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ امرتسر کی بے نظیر مشہور آفاق ادویہ

آپکی بکثرت مانگ ہے

ادویہ شریفیہ تا حصول صحت ضمانتی ہیں

جوہر خیری: - ان گولیوں نے کثیر الفوائد اور سریع التاثیر ہونے میں جملہ مشہور ہندوستان کی سرکاری اصلی اور دیسی باستوں میں شرق سے غرب تک اور شمال سے جنوب تک حاصل کی ہے اپنے استعمال کی عام خواہش کی ہے۔ اول ہر فرد بشر کی حفظ صحت کی شریفہ نہاد۔ دوم عام جسمانی کمزوریوں کی دافع اور عرقی جان ہے۔ ہر عصاب کو طاقت دینے والی سرعت انزال جریان بھی۔ کثرت احتلام کو دور کرنے والی ہیجان آور ہر قسم جنون کی ملغ کامیابی اور ہر قسم ہیجانی کے نقصوں کی مزیل۔ پنجم کثرت مجامعت اور دیگر فواحش سے ناکارہ شدہ نوجوانوں کی معین۔ ششم مدرسے کے طالب علمین۔ سکول ماسٹروں۔ امتحان کے امیدواروں وکلا اور علم مطالعہ کرنے والوں کے دماغ کی انوار ہفتم پیران ہشتاد سالہ کے ضعف اضمار اور عضایا کے حسب پیری قیمت فی بکس ۴ گولی ایک روپیہ آٹھ آنے

حیات بوٹی: - ورد گردہ۔ ریگ۔ شانہ۔ کمر درد کے لیے بہت نافع ہے قیمت فی شیشی (۱۲ عدد)

عرق طحال: - تاپ تلی کے لیے نہایت مفید۔ صرف ایک ہی دن کے استعمال سے ہوک شروع ہو جاتی اور زردی بدن دور ہونے لگ جاتی ہے قیمت (۱۲ عدد)

یکٹورل بام: - کہانسی خشک۔ تر نزلہ زکام خون تھوکنا سل۔ فوہ کیلئے ایک شیشی خورد ۴ گولی (۱۲ عدد)

حب طحال: - جگر اور طحال کے امراض کو بہت جلد نفع دینے والی قیمت فی بکس ۴۰ گولی (۱۲ عدد)

حب ممسک: - یہ گولیاں اپنے فوائد میں بے نظیر ہیں۔ قبض۔ ضعف نہیں آتا قیمت فی گولی ۱ عدد

حب قبض کشا: - مدقبض کے لیے نہایت سریع فائدہ دینے والی دوائی ہے قیمت فی بکس ۴ گولی (۱۲ عدد)

حب بواسیر: - خونی ہیرا بادی دائمی قبض مزمن کے درد کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے ایک ہفتہ میں صحت ۴ گولی (۱۲ عدد)

حب ذیابیطس: - پیشاب کا بار بار آنا تشنگی لاغری میں اختلاج کے مفید کیسے بے نظیر قیمت فی بکس ۴ گولی (۱۲ عدد)

روغن طلا: - کمر درد۔ اعصاب کے واسطے جوڑ ہام جوڑوں کی ملغ کامیابی سے ہوا کسر کا حکم رکھتا ہے اگر جوہر خیری کے ساتھ استعمال ہو تو دبل فائدہ (جسکی قیمت ۱۲ عدد) ہے ہوتا ہے قیمت فی شیشی (۱۲ عدد)

روغن دافع سوزاک و قرحہ: - اس روغن کے استعمال سے ۲۴ گھنٹے کے اندر بلبن پیشاب کا بار بار آنا بند ہو جاتا ہے اور ایک ہفتہ میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے قیمت فی شیشی روغن دو روپے (۱۲ عدد)

عرق بخار نوبتی: - یہ عرق نشہ سے بخار ہوا ہے چار خوراک سے بخار دچوتھیا تپ دور ہو جاتا ہے۔ ایک شیشی ہر مریضوں کے واسطے کافی ہے۔ قیمت فی شیشی (۱۲ عدد)

جوہر عشبہ: - یہ مرکب امراض ذیل کے واسطے نہایت مفید ہے آتشک (خواہ کیسا ہی سخت ہو) فنا زیرہ درد گنٹھیہ۔ پھوڑا پھنسی۔ سوزاخ حلق ضعف معدہ۔ درد اعضا (جو گشتہ پارہ کے استعمال سے عارض ہو) فساد خون۔ داد بدہ۔ خارش۔ چہرہ یا بدن کا سیاہ ہو جانا (یہ سب ایسی اجزا شامل ہیں جو صفراوی اور سوداوی طبائع کے لیے مفید پڑتا ہے اور لطف یہ کہ خوش ذائقہ ہے۔ ولایت کے تیار شدہ عرق عشبہ کی نسبت جو عام بازاروں میں فروخت ہوتا ہے قیمت میں ارزاں اور فائدہ میں زیادہ ہے قیمت فی شیشی خورد (عدد) فی شیشی کلاں ۴ عدد (۱۲ عدد)

تازہ بتازہ شہادتیں

جناب قاضی امام الدین صاحب جہانگیری ایڈیٹر مخبر شاہی دہلی اول نان دیرہ (۴ ستمبر ۱۹۰۶ء) ہمکو ہمیشہ سے ہیضہ یوں وغیرہ کی شکایت رہا کرتی تھی مگر جب سے میں نے جوہر عشبہ کا استعمال کیا (جسکی شیشی طبی ہند میں لکھا ہوا دیکھکر طلب کیا تھا) نہایت ہی فائدہ محسوس ہوا اگر آپکے تمام ہونے کے بعد بھی طلب کرونگا اور اسکا زادہ عرصہ تک استعمال کرونگا۔

جناب حکیم اللہ صاحب ایں مساحت نژاد خلف مرحوم عبدالرحمٰن صاحب چغتائی انگریز نہر ڈویژن بار سی ٹاپ ادمقام ... سونی پت ضلع دہلی (۱۰ ستمبر ۱۹۰۶ء) مجھے آپکی ادویہ کے مجربہ ہونیکا اعتبارات حاصل ہوا ہے۔ اس بنا پر میں ہر ایک شخص کو آپکی ادویہ کی ترغیب دیتا ہوں۔ چنانچہ میں نے اول ایک شیشی جوہر عشبہ اور ایک شیشی روغن طلا اور ہر ایک شیشی سی ظاہر ملازم نہر کے واسطے اور ہر ایک شیشی مرہم ساسی صاحب ڈپٹی کلکٹر ... تحصیل کھنول ضلع کرنال کے واسطے منگوائی تھیں اپنے حسب قدر فائدہ ہوا ہے کہ ہمکو بیان نہیں ہو سکتا اور جس جس بیماری کے واسطے تحریر فرمایا ہے نہایت مفید ہے

جناب منشی [illegible] صاحب پٹواری ... ضلع ہوشیارپور (۵ ستمبر ۱۹۰۶ء) میں چھ شیشی آپکی ادویہ ایسی منگوا چکا ہوں خود استعمال کیا اور ایک تہانہ دار صاحب ... میرے دوست ہیں انکو دیا باقی اور دوستوں کو جو اس مضمون میں لکھا ہے۔ چنانچہ ہر ایک شخص کو صحت ہو گئی ہے یہ دوا نہایت مجرب ہے۔ یہ دوا ہے۔ واقعی آپکی دوکان بہت سستی ہے یہ ادویہ باوجود اس قدر روپیہ نہیں ہے۔ شیشی کی قیمت بذریعہ منی آرڈر ارسال کرونگا۔ جلد روانہ فرمایئے۔ آپ سے بہت اور دوا منگایا کرونگا۔ آپکی ادویہ ایسی ہیں جسکی تعریف نہیں ہو سکتی۔ اسکی تعریف اخباروں میں چھپوا دونگا۔

ٹھکانہ

خیر الدین شاہین سوداگران ادویات انگریزی وغیرہ امرتسر (پنجاب) جال بازار

اشتہار

ایک ایسی شخص کی ضرورت ہے جو کاشتکاری اور زراعت کے علم سے بخوبی واقفیت رکھتا ہو بجز ہموار ہو۔ اور یہ بخوبی جانتا ہو کہ فلاں زمین میں فلاں چیز پیدا ہو سکتی ہے۔ اور بنجر اور کھاری زمین کو کیسے کیا جاتا ہے۔ کھاد وغیرہ جو زمین پر پڑتی ہے وہ سب بتانا جانتا ہو خصوصاً ہڈی کی کھاد خواہ انگریزی خواں ہو خواہ اردو خواں ہو تنخواہ ہماری سے لیگی اور کام دیکھکر مدت تک ترقی کیجائیگی عرضی اس پتے سے سرٹیفکیٹ وغیرہ آنی چاہیئے۔ المشتہر منشی شیر لعل سپرنٹنڈنٹ انجنیر بلدہ جرنت سنگاپور۔ بلاڑہ۔ ارواڑ +

ہمت نہ ہارئیے

ڈاکٹر ہارسن کی دمہ کی دوا

(۱) دمہ پرانا ہے جیسے زور سے اکھڑتا ہوا اس دوا کی دو ایک معتادی سے دبتا ہے

(۲) شروع میں اس دوا کا استعمال کیا جاوے تو دورہ جاتا ہے

(۳) پرانے دورے کا دمہ دم کا ساتھی ہو گیا ہے وہ بھی اس دوا سے بہت صحت پاتے ہیں جانکہ اس دوا کے سہارے بیچارہ بیماروں کی زندگی بوجھ ہو جاتی ہیں

قیمت فی شیشی محصول ڈاک بھی شیشی ۳ بکس پانچ آنے (۵ مر)

سارٹیفکیٹ وغیرہ کی چھپی ہوئی کتاب بلا مل سکتی ہے منگا کر پڑھیئے +

المشتہر ڈاکٹر ایس کے برن نمبر ۵ راجہ دت سٹریٹ کلکتہ

ماءاللحم انگوری آتشہ معروف بہ عرق بہت

اس عرق کی دو تین ہی بار خوراک کا استعمال صحت اور قوت قائم کرنیکے کافی دوا ہے۔ جملہ اعضائے رئیسہ دماغ۔ دل۔ جگر۔ (معدہ) اور تمام دستور کو قوت دینے اور خاصیت درجہ کا مقوی باہ ہونیکے علاوہ جن غالب کرکے تمام سرخ کرنیمیں عرق انجبات کا اثر رکھتا ہے۔ دمع مفاصل و درد نقرس خارج البلغم۔ مشہ۔ مادہ سودا وی ملغمی اور صالبال کی پرانی آشک کی بیخکنی میں اکسیر عظم کا حکم رکھتا ہے۔ نزلہ زکام ضیق النفس۔ سیلان اللعاب۔ سلب نسیان۔ صداع۔ دوران سر۔ اور دل کا دھڑکنا وغیرہ امراض کے لئے از حد مفید ہے۔ کمزور اور مرد افگن شخاص کو توانا اور فربہ کرنیکے علاوہ بوڑھوں اور نامرد کو نوجوان لطف جوانی اور جفاکش مرد میدان بنا دیتا ہے۔ بچوں خوش ذائقہ خوشرنگ۔ سبق التاثیر۔ ماءاللحم سے افضل۔ تقوی دل و دماغ و جگر۔ پٹھوں کی مضبوطی۔ دمع مفاصل عرق بنساء و تقویت جملہ امراض بلغمیہ کو جڑ سے اکھاڑ دینا اسکے ہاتھ کا پہلا کرتب ہے۔ علاوہ اسکے خون خالص پیدا کرکے افسردہ دلوں کو لطف جوانی دکھلاتی ہے۔ اگر محمود پیر نمود رسالہ یقین گرد دجوان قیمت فی بوتل بڑی ۱۲ بوتل ۱۰ روپے چھوٹی ۱۲ بوتل ۵ روپے محصول ڈاک علیحدہ

پانچ روپے سے زیادہ کے خریدار کو ۱۰ فی روپیہ کمیشن دیجاوے گی

المشتہر بہاری رام بیدیہ لاہوری۔ دروازہ لوہاری۔ چوک متی۔ لاہور

مفید عام

اگر تازہ مال ہر موسم میں کارخانہ سے منگوانا ہو۔ اور کفایت اور فیشن ایبل خریدنا ہو تو ایک دفعہ ضرور بندہ کے ہاں تشریف لاکر ملاحظہ فرماویں۔ یا تھوڑا بہت بطور نمونے کے منگا کر دیکھیں۔ دور دیہات کی تکلیف اور بھروسے و عدوں سے بچنے کے لئے کارخانہ سلائی بھی جاری کیا گیا ہے۔ سلے سلائے کپڑے بھی ہر وقت برائے فروخت موجود رہتے ہیں۔ نقد قیمت کی خریدار کو دو پیسے فی روپیہ کاٹ دیا جاتا ہے۔ گران ہونے کی صورت میں مال خریدہ ایک ہفتے کے اندر واپس بھی ہو سکتا ہے بشرطیکہ خراب نہ ہو گیا ہو مختصر فہرست اسباب موجودہ دکان پیش ناظرین کیجاتی ہے:۔

گرمائی پھولدار و سادی قسم۔ گاچ طلائی و سادی پھولدار ریشمی و سوتی سادی و پھولدار مخمل ہر رنگ۔ پلین ساٹن چینی۔ بانات۔ کشمیرا۔ فلالین سلیج۔ کوٹنگ۔ دوپٹہ۔ چادر پشمینہ کشمیری۔ بانات برائے دوزنی ملازمان۔ پٹی کشمیری چیلٹ وغیرہ۔ سوتی مال ہر قسم موجود ہے۔ فہرست لسٹ مضمون بلیک طول ہو جاتا ہے۔ اس لیے صرف اتنا لکھنا کافی ہوگا کہ ہر قسم کا بکمفائت اور مال تیار ملے گا۔ جو پسند نہ آوے واپس کیا جا سکتا ہے +

المشتہر

خضاب اللجواب۔ آزمودہ و بے ضرر طیہ

ہزاروں مرتبہ کے آزمانے سے ثابت ہو گیا ہے کہ یہ خضاب دنیا میں اپنا نظیر آپ ہے۔ دو گھنٹے باندھنے سے لطف و جوانی دکھاتا ہے بالوں کی سیاہی اور چمک تادیر قائم رہتی ہے۔ بہت ارزاں ہے۔ ہاتھوں کو بکثرت فرحت ہوتا ہے۔ ہر قسم کے ضعف بلغمی دماغی میں بہت ہی فائدہ مند ہے۔ دانتوں کا درد بھی اس خضاب سے جاتا رہتا ہے۔ بنظر طرح ہلاک تصور کیا جاتا ہے تو لکھو کہ روانہ ہو کا محصول زر خریدہ المشتہر حکیم ابوالواحد نائب ناظر کچہری دمومہ۔ گمشدہ جیلپور

بال اڑانے کا عجیب و غریب پوڈر

یہ پوڈر گرم پانی سے لگانے سے دم بھر میں بال بالکل اڑا دیتا ہے اور طرفہ یہ ہے کہ جلد کو کسی قسم کا ضرر نہیں پہونچاتا۔ قیمت فی بکس ۸ر۔ تین بکس ۲۵ر چھ بکس ۴۵ر۔ خرچ ڈاک علاوہ

کارخانہ پیسہ اخبار لاہور سے ملسکتا ہے +

علم مسمریزم پر ایک نادر کتاب

موسومہ بہ

زندہ کرامات

مصنف نے اپنے آٹھ سال کے ذاتی تجربے سے یہ کتاب لکھی ہے اسکا دعویٰ ہے کہ اگر ایک ماہ کے اندر میرے شاگرد کو علم مسمریزم بشرط کورس تکمیل کے ساتھ نہ آجائے تو سو روپے جرمانہ ادا کرونگا۔ سینکڑوں بنک میں جمع ہیں۔ اس کتاب کے خریدار کو دستاویز کی ضرورت نہیں ہوتی کرنل آکاٹ صاحب بانی تھیوصوفیکل سوسائٹی نے اس کتاب کو بہت پسند کیا ہے۔ اسکی عمدگی میں اس سے زیادہ ثبوت کی ضرورت نہیں۔ قیمت فی جلد عمدہ ۲ روپیہ خواہش بنام مسٹر انبا پرشاد ایسٹنٹ۔ ایس۔ مراد آباد۔ محفوظ لوگوں کو آنی چاہیئے +

عجیب چیز

یعنی جربان کی حکیمانہ دوا قیمت للعمر کیسی ہی پتلی دھات۔ پرانی بیماری اور علاج سے مایوسی ہو۔ اس دوا سے سب دفع ہو جاتی ہیں۔ شرطیہ علاج ہے۔ لطف یہ کہ پرانے سوزاک کو بھی جڑ سے کھو دیتی ہے۔

رسالہ معدن حکمت قیمت محصولڈاک ۱۲ سال

اس طب کے ماہواری رسالے میں ایسے مفید صحت مضمون۔ عجیب و زود اثر نسخے۔ ڈاکٹروں کے لکچر۔ موسمی پیشین گوئی۔ گاہ گاہ تشریح کے متعلق تصویر و مصل طلب سوالات درج ہوتے ہیں کہ بڑے بڑے لائق ڈاکٹروں اور خاندانی حکیموں نے تمام طبی رسالوں کو چھوڑ کر اسکی قدر فرمائی ہے۔

مفصلہ ابعہ قیمت ۲ر۔ یہ نایاب عرق جب کی کل چکیہ انطلون طلا سطوکی کرتا ہو جو بے نسخہ خیطان الدماغی میں المشتہر حکیم رلوی عبدالحمید

ایڈیٹر ماہنامہ طبیہ موچی دروازہ ۱۰ لاہور

اشتہارات

اطلاع

رائل کمیشن افسران واسطے لینے شہادت ۱۸-۱۹-۲۰ جنوری تشریف لاویں بمقام لاہور اجلاس کرینگی۔

اشتہار نمبر ۱۰ دفعہ ۱۲ ضابطہ دیوانی بعدالت مولوی اجلاس شیخ عبدالرحمن خانصاحب بہادر نیٹو اسسٹنٹ چمن لیکھو مل لدھ کیشمل داس بنام شہر بزرگ کھوڑا ولد رادلدرات مل ذات لکھپتی سکنہ دوکاندار چمن جدعلیہ

دعوے یہ ہے

مقدمہ مندرجہ صدر مدعا علیہ روپوش ہے اور باوجود تلاش کے کچھ پتہ مدعا علیہ کا نہیں ملتا۔ اس لئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ صدر تاریخ ۱۲ ماہ جنوری ۱۸۹۱ء اصالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ نہیں کریگا تو بموجب دفعہ ۱۰۰ ضابطہ دیوانی تجویز مقدمہ یکطرفہ عمل میں آوے گی۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے آج تاریخ ۲۳ ماہ دسمبر ۱۸۹۰ء جاری ہوا

اشتہار نمبر ۱۱ دفعہ ۱۲ ضابطہ دیوانی بعدالت مولوی اجلاس شیخ عبدالرحمن خانصاحب بہادر نیٹو اسسٹنٹ چمن

فیروز الدین ولد چندو سکنہ لاہور بنام ٹھیکہ دار سکنائے چمن قدیم مدعی

اسمٰعیل خان پٹھان و سلطانی رام

دعوے یہ ہے

مقدمہ مندرجہ صدر مدعا علیہ روپوش ہے اور باوجود تلاش کے کچھ پتہ مدعا علیہ کا نہیں ملتا اس لئے یہ اشتہار دیا جاتا ہے کہ اگر مدعا علیہ صدر تاریخ ۱۲ ماہ جنوری ۱۸۹۱ء اصالتاً حاضر عدالت ہو کر پیروی مقدمہ نہیں کریگا تو بموجب دفعہ ۱۰۰ ضابطہ دیوانی تجویز مقدمہ یکطرفہ عمل میں آوے گی۔

میرے دستخط اور مہر عدالت سے آج تاریخ ۲۳ ماہ دسمبر ۱۸۹۰ء جاری ہوا

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر تحصیل امرتسر

امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر داقعہ ۱۲ جنوری ۱۸۹۱ء

محمد بخش ولد رحیم بخش ذات جٹ ساکن کوٹ گڑھ تحصیل امرتسر مدعی

بنام کوڑا ولد محکمی قوم لوہار ساکن کوٹ گڑھ تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوے دو صد روپے مسئلک

اس مقدمہ میں بیان جانب مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ نیٹو پتہ پتہ نہیں ہے اسکا کچھ پتہ نہیں ہے کہاں ہے نہ اسکے گھر سے پتہ دیتے ہیں۔ اس لئے بحسب دفعہ ۱۲ ضابطہ دیوانی یہ اشتہار درج اخبار کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ خبر پاکر تاریخ ۱۲ جنوری ۱۸۹۱ء کو وا سطے پیروی مقدمہ کے حاضر ہووے۔ بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی ہوگی۔

اشتہار عدالت دیوانی منصفی صدر امرتسر تحصیل امرتسر

امام الدین صاحب منصف صدر امرتسر داقعہ ۱۲ جنوری ۱۸۹۱ء

محمد بخش ولد رحیم بخش ذات جٹ ساکن کوٹ گڑھ تحصیل امرتسر مدعی

بنام کوڑا ولد محکمی قوم لوہار ساکن کوٹ گڑھ تحصیل امرتسر مدعا علیہ

دعوے دو صد روپے مسئلک

مقدمہ مندرجہ بالا میں بیان جانب مدعی سے پایا گیا کہ مدعا علیہ کا پتہ نہیں

ہے کہ بلاسپور میں کہاں مدعا علیہ رہتا ہے۔ اسکا باپ بھی پتہ نہیں دیتا ہے۔ مدعا علیہ اشتہار چھپا پھرتا ہے۔ دعوی دائر کرنے کے بعد چلا گیا۔ چونکہ مدعا علیہ اشتہار چھپا پھرتا ہے اسلئے یہ اشتہار درج اخبار کیا جاتا ہے کہ مدعا علیہ خبر پاکر حاضر ہو کر پیروی مقدمہ کی ۱۸ جنوری ۱۸۹۱ء کو کرے۔ بصورت عدم حاضری یکطرفہ کارروائی عمل میں آوے گی۔

طب روحانی

یہ کتاب راقم کے والد مرحوم کی تصنیف ہے۔ اسمیں کل امراض جسمانی کا علاج بغیر دوا اور بذریعہ عمل الترتیب یعنی توجہ مندرج ہے۔ نشانہ اتحاد تعالیٰ اگر آپ چاہو بذریعہ خطوط آپکو بہتر کر دینے کی ذمہ داری کرتا ہوں۔ اور یہ عہد کرتا ہوں کہ اگر یہ کتاب غیر مفید اور یہ عمل غیر مؤثر ثابت ہو تو کتاب واپس کر کے قیمت لے سکتے ہو۔

قیمت مع محصول عہ

یہ کتاب دوسری دفعہ بہت عمدہ صحت اور صفائی کے چھپی ہے

افتخار احمد مقام قادیان ضلع گورداسپور

بچھڑے مردوں کی ارواح سے مجسم شکل میں ہزار روپیہ انعام

زندہ جاوید

مذکورہ عنوان کتاب کی ہدایتوں پر عمل کرنے سے ہر شخص اول اس روز اپنے مرحوم و مغفور بزرگوں۔ رشتہ داروں۔ پیارے بچوں جگر گوشہ پچوں کو جاں سے ملنے کی ٹھانتا ہو کی ارواح سے جو اکثر مجسم شکل سے نمودار ہوتی ہیں باتیں اور ملاقات کر سکتا ہے۔ بزرگان اقوام۔ ہر مذہب مذاہب۔ پیشوایان دین۔ علماء فضلاء و اطباء متقدمین کی ارواح کی زیارت سے فیضیاب ہو کر استعادہ حاصل کر سکتا ہے۔ دھریون۔ منکرون۔ ملحدون مشرکون نیچریون کو عالم ارواح۔ زندگی ما بعد وفات۔ روح ملایکہ اور خدا کی ہستی کا ارواح کی زبان سے علمی و بدیہی ثبوت دلا سکتا ہے۔ مصنف نے اپنی سابق کتاب "زندہ کرامات" میں معمول بن حالت روشنضمیری پیدا کرنیکا قاعدہ لکھا ہے لیکن اس کتاب میں سیلف مسمرزم یعنے خود عامل کے روشنضمیر بننے کا قاعدہ صاف صاف لکھدیا ہے۔ علاوہ ازیں جن امور کو اس کتاب میں مخفی رکھا تھا اس کتاب میں ظاہر کر دیا ہے۔ مسئلہ تناسخ پر ایک نئے پہلو سے نکتہ چینی کی ہے۔ جو ہر مذہب والوں کو قطعی عجیب معلوم ہوگی۔ علم سرد سیکھنے کی حیرت انگیز آسان قاعدے لکھے ہیں۔ مصنف کا وعدہ ہے کہ اپنی کتاب کے خریدار کو مذکورہ صدر باتیں سکھانے میں ذمہ دار ہوتا ہے

قیمت فی جلد عہ

المشتہر انبا پرشاد ایف ٹی ایس (صوفی) امرتسر

نادر چیزیں

سیر جن والے چاقو۔ یہ چاقو دو پھلے ہیں بہت پائیدار خوبصورتی کے ساتھ مضبوط بنایا گیا ہے اسمیں ہر قسم کی تصویر لیڈی کی تصویر نقشہ مسجد وغیرہ کا دیکھنے کی جگہ ہے۔ باکٹ بائے نہیں جاتی ہے باکٹ میں رکھنے اور روس بنٹ ہاک برابر نہایت دلکش و آسان باجا ہفتے جاؤ طرح طرح کے راگ بکلتے ہیں فی عدد ۲ عہ

(بوصرف ۶ ماہ میں تمام دنیا کی سیر کر لو)

آئینہ عالم

یعنی اردو اٹلس۔ اس کتاب میں ۱۶ نقشے تمام دنیا اور اسکی حصوں کے درج ہیں۔ یعنی تقسیم ملک۔ نقشہ کرہ زمین۔ جنوبی یورپ و سطی یورپ جزائر برطانیہ۔ ایشیا چین و جاپان۔ فارس و افغانستان۔ ہندوستان پنجاب و کشمیر و راجپوتانہ۔ ممالک غربی شمال۔ بنگال و آسام وغیرہ وغیرہ قیمت ۲ عہ

(اشفاق حسین ۲ چوک مراد آباد)

ضرورت

ایک مسلمان استاد جو ہیڈ ماسٹری کا کام سرانجام کر سکے بارعب دینداری انگلو ورنیکولر جونیر بسبب تعداد تنخواہ مولوی غلام حسین ہیڈ ماسٹر مشن گوجرانوالہ کے نام درخواست کرے۔ از انجمن حمایت اسلام گوجرانوالہ

جوہر کیمیائے بصارت

دیدہ جاہ۔ ناخنہ پھلی۔ مرض چشم۔ پڑہ۔ آل۔ نزول الماء۔ ڈھلکا۔ ہمیشہ موتیا بند۔ ضعف بصر و غیرہ امراض چشم کی ٹکیہ ہائے سرمہ ۱۰ سالہ ہے ہزارہا بندگان خدا کو فائدہ ہو چکا ہے بیشمار تعریفی خطوط آ چکے ہیں جو چاہے دیکھ لے درست ہونے پر ہی قیمت لی جاتی ہے۔ عمر آپکا گو ہو کسی زائد کی ضرورت نہیں ہوتی۔ قیمت فی گولی ۲ عہ محصول ڈاک

ہوتا ہے ایک زمانہ آیا کہ وہ صاحب کے اس چھوٹے سے کام کا بہت بڑا نتیجہ امریکہ کی معاشرتی اور مذہبی زندگی پر ظاہر ہوگا پاسٹیور انسٹیٹیوٹ کا ہندوستان میں قائم ہونا بھی ضروری بات تھی۔ کہ جس کے لئے ہم نے کئی مرتبہ سخت ضرورت ظاہر کی تھی۔ نیشنل کانگرس نے نواں اجلاس لاہور میں کیا۔ محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس نے آٹھواں اجلاس علیگڈھ میں اور کاشتکار کانفرنس نے دوسرا اجلاس مظفر نگر میں کیا۔

دیسی والیان ریاست ہندوستان سے گو کئی صاحب امپیریل انسٹیٹیوٹ لندن کے جلسہ افتتاح کے وقت حاضر تھے مگر سوائے نوجوان نواب صاحب رامپور اور راجہ صاحب کپورتھلہ کے اور کوئی خانگی کشتی نہ گیا۔ حیدرآباد دکن کے عالم آشوب مقدمہ میلٹ کے حالتے پر ریاست سے بہت سے لائق مشیر اور اہلکار علیحدہ کئے گئے۔ وزارت نے بھی ہاتھ بدلے مقدمہ مڈ انکاسیٹ کا شوشہ پیدا ہوا مگر دب گیا۔ اب حضور نظام کی ایک نئی شادی کی خبر ہے۔ کیا پہلے کچھ کمی تھی۔ بھوپال سے بھی ایک نسکامی گمنام پمفلٹ شائع ہوا۔ بہاولپور میں وزارت بدلی۔ مہاراجہ صاحب پٹیالہ نے بیم سے شادی کی۔

پنجاب میں کوئی بڑے واقعات رونما نہیں ہوئے مگر کونسل رجائسٹ ہم یہاں کے چند چھوٹے واقعات شمار کرتے ہیں۔ لفٹنٹ گورنر بہادر کا مسٹر ہیرسن سابق ڈپٹی کمشنر منٹگمری کی موقوفی کا فیصلہ۔ طالبعلموں کو نیشنل کانگرس سے علیحدہ رکھنے کا ریزولیوشن۔ ایچیسن چیفس کالج میں ہیڈ ماسٹر پر الزام اور تحقیقات۔ ضلع ملتان کا افتتاح۔ ضلع کو سدرسانی کا ریزولیوشن۔ پنجاب کی تیسری خانگاہ کا افتتاح۔ اور مسٹر دادا بھائی نوروجی پہلے ہندوستانی ممبر پارلیمنٹ کا پنجاب میں آکر کانگرس کی صدارت کرنا اور کانگرس کا دھوم دھام سے اجلاس۔

جن نامور آدمیوں نے اس سال رحلت کی ہے ان میں مہاراجہ دلیپ سنگھ۔ مہاراجہ صاحب بھرتپور۔ راجہ صاحب بتیالہ۔ رانا صاحب تلام۔ مسٹس ٹیلانگ۔ سر ہامایوں جاہ۔ مسٹر رگھوناتھ مدلیار۔ پنڈت ہری دت شاستری۔ فقیر سید نورالدین وغیرہ مشہور اور لائق آدمیوں کے نام پائے جاتے ہیں۔

۱۹۰۱ء ممالک غیر میں

۱۹۰۱ء کے کارنامے ممالک غیر میں بیشمار ہیں اور پیسہ اخبار کا دامن بہت تنگ ہے۔ اس لئے آدھی سے زیادہ انتخاب کے چند واقعات صرف گن دیئے جاتے ہیں۔

اٹلی:- فرانس کے نساوائیں ڈرامہ میں جو کئی ٹالین مارے گئے تھے اس سے اٹلی کے مختلف مقامات میں جوش پھیلا اور رعایائے فرانس کے سفیر متعینہ روم پر سخت ناراضگی ظاہر کی (۲۱- اگست) مال متکلات اور بینکوں کی خرابیوں میں حکام مبتلا رہے۔ جمہوریہ ارجنٹائن:- رعایائے حکومت کے خلاف کئی مرتبہ فساد اور بغاوتیں کیں۔ انتظام سخت امر تھا۔ سب سے بڑا واقعہ اس ملک کا ۱۹۰۱ء کی مردم شماری کا عالمگیر نمائشگاہ ہے۔ اور اس سے آتشکر جانڈی اور حیوانات کے سلاطین کی بحث وہاں کی پارلیمنٹ میں:- افغانستان:- مئی میں ہز رجاستھ امیر نیا فساد پھوٹا جو امیر صاحب کی فتح سے ۲۴ مئی کو

افروکیا۔ ستمبر کو کرنل بیٹ انگریزی افسر نے ایک روسی افسر کو ملکر وادی کشک کی حد بندی کی اور افغان سرحد پار کے علاقے چھوڑ کر ہرات میں آگئے۔ ۱۴- اکتوبر کو روسی فوج کے ایک دستے نے دریائے مرغاب سے عبور کر کے دروازہ علاقہ بخارا میں پہنچنا چاہا جس سے مقصد یہ تھا کہ شغنان اور روشان میں افغانی قبضے کی حقارت کریں۔ افغانوں نے مقابلہ کیا اور چھوٹی سی لڑائی ہوئی:- انگلستان:- ڈیوک آف یارک کی شہزادی مے سے شادی بڑی دھوم دھام سے ہوئی:- مسٹر گلیڈسٹون نے پارلیمنٹ میں ہوم رول بل پیش کیا جو گست میں ہاؤس آف کامنز سے منظور ہو کر ہاؤس آف لارڈز میں جا کر نامنظور کیا گیا:- ڈیوک آف کوبرگ کے انتقال سے ملکہ معظمہ کے سجھلے بیٹے ریاست کوبرگ کے ڈیوک بنائے گئے:- جہاز وکٹوریا کا بحیرہ روم میں جہاز کیمپرڈون سے ایک جنگی قواعد کے موقعے پر ٹکرا کر بمعہ بہت سے سپاہیوں کے غرق ہوا۔ انگلستان کی بحری طاقت کی توسیع کا خیال اور بحیرہ روم کے انگریزی بیڑے کی اٹلی میں آؤ بھگت:- ایران:- ایک جدید روسی تجارت کی کمپنی ۱۴ جنوری کو قائم ہوئی:- جون میں ایک دوسری روسی کمپنی کو بندر انبزلی بحیرہ کیسپین سے طہران تک ریل کی سڑک بنانے کا ٹھیکہ دیا گیا جس سے روسی تجارت کو بہت فائدہ ہوگا:- بخارا:- امیر بخارا آنجہانی ۱۸۹۸ء میں سیاحت روس کے لئے گئے اور فروری ۱۹۰۰ء میں واپس آئے۔ روس میں ان کی خوب خاطر مدارات ہوئی اور امیر صاحب آتے ہوئے منظور کر آئے کہ سرحد بخارا و افغانستان کے مابین روسی چوکی محصول کی قائم کیجاوے:- برازیل:- پریسیڈنٹ کے خلاف ایک مسودہ نامنظور کرنے پر سخت بغاوت کھڑی ہوئی:- ٹرکی:- خدیو مصر نے سلطان اعظم کی تذبیوسی حاصل کی۔ خیال تھا کہ سلطان انگریزوں کے خلاف حکمت عملی کی تائید کرینگے مگر کوئی ایسا واقعہ نہوا۔ تاہم خدیو عباس کی خوب تواضع کی گئی۔ جاتے میں گرمشہ کے موقعے پر ہیضہ سخت پھیلا تھا جس سے سلطان اعظم کو بہت رنج ہوا اور حکم دیا کہ سارے سے لاکھ روپے بسبب سلطانی سے خرچ کر کے آسائش حجاز کے لئے مکان بنائے جاویں۔ ڈسمبر ۱۸۹۹ء میں حجاز میں جوش پھیلا تھا جس کو استمالت سے زور کر کے ٹرکی فوج بڑھائی گئی۔ آرمینیا میں متعصب عیسائیوں نے فساد کر کے امریکن کالج جلا دیا۔ گورنمنٹ سلطانی نے تحقیقات کر کے بعض آدمیوں کو پھانسی حبس دوام اور قید کی سزائیں دیں۔ مگر سپیر یوپ کی اکثر سلطنتوں نے زور کر کے بعض مجرموں کو رہا کرا لیا:- جاپان:- فروری کو شاہ جاپان نے نوجی اخراجات کے لئے شراب اور تنباکو پر ٹیکس بڑھا کر رقم پوری کی:- ۱۰ مارچ کو شاہ جاپان نے حکم دیا کہ جنگی جہاز بڑھائے جاویں اور چھ سال تک میری تنخواہ سے تین لاکھ روپیہ سالانہ اور تمام سرکاری افسروں کی تنخواہوں سے دس فی صدی وضع کیا جاوے:- جرمنی:- شہنشاہ ولیم نے فوج کے بڑھانے کا مسودہ قانون اپنی پارلیمنٹ میں، مئی کو پیش کیا جو ۴ جون کی اکثرت رائے سے نامنظور ہوا۔ پھر جدید انتخاب جرمن پارلیمنٹ کے بعد ۱۱ کی اکثرت رائے سے ۲۰ جولائی کو پاس ہوا۔ [illegible] کے ساتھ جرمنی کا محصول چونگی کا جھگڑا رہا:- چین:- عیسائی مشنوں کے خلاف وقتاً فوقتاً بلوے پر فساد ہوئی جو روکے گئے۔ قحط سے خلقت بہت تنگ رہی:- پاسپورٹ میں زور سے فیصلہ کرنے کے لئے کوشش جاری رہی:- روس:- وزیر مال سے حکم دیا کہ تمام یہودی جو یہودی علاقوں سے باہر رہتے ہیں فوراً اندر چلے جاویں۔ جس سے پچاس ہزار مظلوم یہودی تارک وطن ہو مصیبت زدہ ہوئے۔ پاسپورٹ کا شغل بالکل گورنر جنرل ترکستان نے سڑک بنوا کر دامنی کو وہاں محصول چونگی قائم کرنے کے لئے حد بندی کو ختم کیا:- فرانس:- سرخیا کے متعلق رشوت خواری میں بڑے بڑے نامور لوگ گھسیٹ لئے گئے جس کے متعلق ایم۔ ڈی لیسپ بانی نہر سویز اور ایم ایفل بانی ایفل ٹاور جیسے لوگ پانچ پانچ سال قید کئے گئے۔ پولیٹیکل اور فرقہ وار جھگڑوں سے بار بار چیمبر آف ڈیپوٹیز بدلتا رہا:- ۲- جولائی کو وطالبعلموں نے فساد کیا جس میں پولیس کے ہاتھوں ۲ مرے اور ۲۰۰ زخمی ہوئے۔ چیمبر میں ڈرامہ سیٹ چلا گیا جس سے کئی ممبر زخمی ہوئے۔ سیام سے حد بندی پر جھگڑا ہوا مگر کے لڑائی کا نوشتہ دیا اور سیام سے سن مالی خبریں کھنچیں اور ہر جا بھی ہوا:- ۲۰- اکتوبر کو ریڈ بیڑہ بحیرہ روم کے لوگوں میں فرانس کا مہمان ہوا۔ جس کی خوشی میں تو اضع و اعزاز کے ساتھ کئی جہاز روس سے خوشی کا اظہار کیا:- مراکو:- فکری وحشی مراکو سے نکالا سیاہ لوگ جس کے متعلق سر رچرڈ تھامسن کو گئے (۲۰ جنوری) ایک انگریزی رعایا کے تبدیل مذہب قتل ہو جانے پر ۲۰ گھنٹے کا نوٹس مطالبے کے لئے انگلستان نے سلطان مراکو کو دیا۔ جس پر سلطان نے ایک لاکھ روپے جرمانہ دیا:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر فرانس نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر جرمنی نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر انگلستان نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر اٹلی نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر روس نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر امریکہ نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر آسٹریا نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر ہنگری نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر بلجیم نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر ہالینڈ نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر سپین نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر پرتگال نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر سویڈن نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر ناروے نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر ڈنمارک نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر سوئٹزرلینڈ نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر یونان نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر مصر نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر ایران نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر افغانستان نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر بخارا نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر خیوہ نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر کوکند نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر مرو نے سلطان سے ملاقات کی:- ۲۰- اکتوبر کو سفیر سمرقند

افغانستان کی تجارت کو اس سے سخت صدمہ پہنچا تھا۔ اسپر نکلسن اور سملہ میں کرنسی ایسوسی ایشن قائم ہوئی جس کی شاخیں ہندوستان کے اور جگہ بھی ہیں۔ بمبئی میں بھی قائم ہوگئیں۔ نکلسن کے ایک بڑے سوداگر اور وہاں کی چیمبر آف کامرس کے پریسیڈنٹ آرتھل سٹرلنگ اس کے میمبر مقرر ہوئے اور ۲ فروری کو ایک ڈیپوٹیشن سے کر نسولے ہند کی خدمت میں حاضر ہوئے کہ ہندوستان میں چاندی کی عام ٹکسال بند کیجاوے اور ایک سٹینڈرڈ سکہ سونے کا جاری کیا جاوے جس کی قیمت ملک کے اندر اور سونے کا سکہ استعمال کرنے والے ممالک غیر میں یکساں ہو۔ دوسرے دن لوگوں کی اغراض سے اطلاع دہندوں کے بعد بتلایا کہ جب تک لارڈ ہرشل کی کرنسی کمشن کی رپورٹ ظاہر نہ ہو کچھ نہیں ہو سکتا۔ ۲۰ جون کو کرنسی کمشن کی رپورٹ شائع ہوگئی اور کونسل وائسرائے کے فنانشل ممبر سر ڈیوڈ باربر نے ۱۸۹۳ء کے ایکٹ بکلہ اور ۱۸۹۳ء کے ایکٹ پیپر کرنسی کی ترمیم کا مسودہ پیش کیا جس کی غرض یہ تھی کہ روپے کی قیمت سونے پیش مقرر کر دیجاوے تاکہ چاندی کے عوض سونا بلا دقت مل سکے۔ یہ ضروری قانون صرف ایک اجلاس میں منظور ہوگیا۔ جس نے ہندوستان کی گل چاندی کی قیمت یکلخت ۱/۴ کم کر دی۔ ابھی بڑے بڑے اہل الرائے حیران ہیں کہ صرف ٹکسال بند کر دینے سے کس طرح روپے کی قیمت ملک کے باہر آ جاتی ہے۔ مگر اس سے بھی بڑی غلطی جو گورنمنٹ ہند نے اس ایکٹ کے طفیل کی وہ یہ تھی کہ وہ بل گست کو منظور کر لیا کہ تمام یورپین اور یورپین ملازمان گورنمنٹ کو انکی نصف تنخواہ آئندہ ولایت بھیجنے کے لئے بجائے ۱۶ روپے کے ۱۱ پنس مقررہ کے ۱۰ پنس کے حساب سے محسوب دیجاویگی۔ اور اسپر بھی اکتفا نہ کیا کہ صرف وہی روپیہ جو انسران ہند کے رشتہ داروں کو ولایت بھیجا جاوے ۱۰ پنس کے حساب سے دیا جاوے کیونکہ یہی دن لوگوں کی شکایت تھی کہ ہمیں ولایت روپے بھیجنے میں بڑی زیر باری ہوتی ہے۔ بلکہ صاف حکم دیا گیا کہ ہر شخص کو نصف تنخواہ ہندوستان ہی میں ۱۰ پنس کے حساب سے ملے خواہ وہ ولایت بھیجے یا نہ بھیجے۔ اس قومی رعایت کی ریاضی پر خزانہ ہند سے قریب اسی لاکھ سالانہ کے رقم صاف اڑ گئی۔

امتحان سول سروس:۔ اس سال میں اہل ہند کے متعلق ایک بھاری معاملہ امتحانات مقابلہ کا بھی پارلیمنٹ میں پیش ہو کر تھوڑی سی کثرت رائے سے منظور ہوگیا جس کا مطلب یہ تھا کہ ہندوستان کی ملازمت سول کا اعلیٰ امتحان جو آج تک لنڈن میں ہوتا ہے اگر ایسا ہی ایک ساتھ ہندوستان میں بھی ہوا کرے تو ہندوستانیوں کو اس سے بہت نفع ہو۔ ہندوستانی نوجوان بیس سال کی عمر سے بہت پہلے اپنے گھروں سے سات ہزار میل کے فاصلے پر انگلستان جانے کو مجبور ہوتے ہیں اور غربت میں بہت تکلیف اور خرچ کے زیر بار ہوتے ہیں۔ بجائے اس کے وہ اپنے گھروں سے نکل کر اپنی زبان میں اُن کا مقابلہ کرتے ہیں۔ مسٹر بائن کا یہ ریزولیوشن ہاؤس آف کامنز میں منظور تو ہو گیا لیکن انتظامی پابندیوں کی وجہ سے جب تک کہ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند سے منظور نہ کریں اس کی عملدرآمد ہو نہیں سکتی۔ مگر ابھی صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کو اس

ہند کو امتحان سول سروس ہند وستان میں لیا جانے کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ انہوں نے گورنمنٹ ہند سے اور گورنمنٹ ہند نے صوبجات کی گورنمنٹوں سے اس ضروری معاملے پر رائیں طلب کیں۔ وہ سب رائیں اس وقت صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کے پیش ہیں۔ اور عجب نہیں کہ یہ ریزولیوشن صرف مردہ رہے۔

بنگالی جوری نوٹیفیکیشن:۔ اکتوبر ۱۸۹۲ء میں سر چارلس ایٹ لفٹننٹ گورنر بنگال نے اس صوبے میں طریقہ جوری کے منسوخ کرنے کی اطلاع جاری کی تھی۔ اسپر بنگال کے اخبارات اور دیگر اہل الرائے نے مشفق ہو کر مخالفت شروع کی اور ۲ دسمبر ۱۸۹۲ء کو ایک زبردست اجلاس مخالفت کا کلکتہ میں کیا گیا۔ چونکہ اس میں چند بار سوخ غیر ملازم انگریز بھی تھے اور بنگالی اخبارات نے بھی خوب گلا پھاڑا۔ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ نے تمام معاملے کی تحقیقات کے واسطے ایک کمشن مقرر کی۔ ۷ مارچ کو اس کمشن کا پہلا اجلاس ہوا اور ۲۸ کو کمشن نے مفصلہ دیدیا کہ بنگال میں جوری کے طریقے کو کامیاب ہوئی ہے اور تمام مقدمات جو اکتوبر ۱۸۹۲ء سے پہلے بذریعہ جوری ہوتے رہے ہیں آئندہ بھی ہوا کریں۔ اس فیصلہ پر بنگال بہت خوش ہوا۔ اور لفٹننٹ گورنر مخصت لے کر ولایت گئے اور اب لوٹ بھی آئے ہیں۔

کابل مشن:۔ ۱۸۸۰ء کے عہدنامہ کے بعد جو زبانی تھا اب گورنمنٹ کو کئی سرحدی پیچیدگیوں کی وجہ سے جو من بعد پیدا ہوئیں امیر افغانستان سے ایک نئے سمجھوتے کی ضرورت پیش آئی۔ وسط ۱۸۹۲ء میں امیر عبدالرحمن خاں نے بجواب مراسلت گورنمنٹ ہند انگریزی سفارت کا کابل جانا منظور کیا۔ جو بسر کردگی لارڈ ربرٹس کمانڈر انچیف جاتی۔ مگر جیسا کہ ناظرین سے مخفی نہیں بوجوہات روکمشن ٹل گئی۔ اور اب مارچ ۱۸۹۳ء میں امیر صاحب نے مسٹر پین کے ہاتھ ایک مراسلہ گورنمنٹ ہند کے پاس بھیجا جس کے مطابق سر مورٹیمر ڈیورینڈ کی کمشن کا جانا منظور ہوا۔ ۷ ستمبر کو مشن کابل سے روانہ ہوا۔ ۲۰ کو جنرل غلام حیدر خاں نے بمقام ڈکہ مشن کا استقبال کیا۔ اور ۲ اکتوبر کو مشن کابل پہنچا۔ اور ۵ کو امیر صاحب سے پہلی ملاقات کی۔ ۱۸ کو اسور ضروری طے کر کے کابل سے روانہ ہوا۔ امیر صاحب نے منظور کیا کہ چترال۔ باجوڑ سوات اور کوہستان سندہ کی چھوٹی ریاستوں سے انہیں کچھ علاقہ نہیں۔ اللہ اسمار۔ گھائی کنور میں جلال آباد کے شمال کی جانب اُن کا حق ہے۔ وزیرستان معہ وانا انگریزوں کے قبضے میں لیا گیا اور گھائی کو رم میں بدستور انتظام انگریزی قائم رہا۔ امیر صاحب نے بلوچستان کے مقام چاغی سے اپنی چوکی اٹھالی اور ان کی رائے کی بیوچمین کے مستقل ریلوے ٹرمینس رکھنے پر قابل اطمینان تعمیل کی گئی۔ امیر صاحب کو اسلحہ وغیرہ کے براہ ہند یورپ سے منگوانے کی کوئی ممانعت نہ ہی اور ان کا وظیفہ بجائے ۱۲ لاکھ کے ۱۸ لاکھ سالانہ کیا گیا۔

فسادات ہند و مسلمانان:۔ یہ اگو ارمضمون بھی اس سال کی بہت بڑی یادگار ہے۔ اس کی تفصیل تاریخ سرپیہ اخبار لبریز ہوتا رہا ہے۔ اب ضرورت نہیں معلوم ہوتی بلکہ سال نو کے شروع میں ناظرین کو اُن کے ملک کے اعظم گڑھ علیا اور بمبئی و رنگون وغیرہ مقامات جیسے خوفناک ہندو مسلمانوں کے فسادات یاد دلا کر رنجیدہ کیا جاوے۔ گو جن مقامات میں یہ فساد ہوئے ہیں وہاں پر تو ان کی یادگار سالہا سال تک زندہ رہیگی۔ ان فسادات کے متعلق بھی لوکل گورنمنٹوں کی رائیں وائسرائے بہادر کی رائے کے ساتھ صاحب سکرٹری آف سٹیٹ ہند کی خدمت میں بھیجی جا چکی ہیں۔

بلوچستان:۔ خان قلات میر خداداد خاں نے اپنے وزیر اعظم اور اپنی چند بیویوں کو بیوفائی کے شبہ میں قتل کرا دیا۔ اس سے پہلے بھی ایجنٹ گورنر جنرل بلوچستان کے پاس اُن کے ظالمانہ کشت وخون کی بہت شکایتیں جمع تھیں۔ گورنمنٹ کے حکم پیمانہ لبریز ہو چکا تھا۔ امیر کو کوئٹہ میں طلب کر کے قید کر لیا اور اسکے بڑے بیٹے میر محمود خاں کو اس کا جانشین مقرر کیا۔ باپ کو اور چھوٹے بیٹے کو تھوڑی سی پنشن دیدی۔ قلات میں سردار گوہر خاں نے جدید امیر کے خلاف کچھ فساد کھڑا کیا تھا جس کے لئے انگریزی فوج بھیجی گئی مگر قلات کی فوج نے ہی اس کی جمعیت برہم کر کے اُسے بھگا دیا۔

رائل کمشن افیون و کمشن بھنگ:۔ اخیر سال میں یہ دو کمشنیں تحقیقات افیون و مرکبات افیون و بھنگ و گانجہ وغیرہ کے لئے ہندوستان میں بھیجی گئیں۔ اصل بات اس کی یہ ہے کہ ولایت میں ایک اینٹی اوپیم و مخالف افیون کمیٹی ہے۔ جس میں بڑے بڑے بار سوخ پادری لوگ شامل ہیں۔ وہ زور دیتے ہیں کہ افیون سے جو گورنمنٹ ہند ہندوستان اور چین میں فروخت کر کے فائدہ اٹھاتی ہے اور لوگوں کو اس کے استعمال کرنے اور اس تکلیف اٹھانے کی ترغیب دیتی ہے وہ بہت برا کام کرتی ہے مگر ادھر گورنمنٹ ہند کو صرف افیون کی تجارت سے سات کروڑ روپے سالانہ سے زیادہ خالص منافع ہے۔ ادھر انگلستان میں اینٹی اوپیم کمیٹی نے بہت لوگوں کو ہمدرد بنا لیا ہے۔ اس لئے ضرورت پیش آئی کہ بذریعہ کمشن تحقیقات کیجاوے کہ کیا افیون سچ مچ مضر صحت و اخلاق ہے اور اگر ہے تو اس کو بند کر کے اسکے محاصل کی کمی کس طرح پوری کیجاوے۔ اور اسی بنا پر کمشن قائم ہوئی ہے۔ یہ دونوں کمشنیں جابجا تمام ملک میں پھر کر شہادتیں فراہم کر رہی ہیں۔

اس کے علاوہ بڑے بڑے واقعات سی۔ ڈی ایکٹ کی کمشن تحقیقات اور اس ایکٹ کی موقوفی۔ لارڈ ربرٹس کا انڈیا چیف ہند کا ماہ اپریل میں سکدوش ہونا۔ اور میجر جنرل ولیٹ کا سپہ سالار ہند مقرر ہونا۔ لارڈ لینسڈون بہادر کے بجائے جدید وائسرائے پہلے سر ہنری نارمن اور پھر لارڈ ایلجن کا تقرر۔ مدراس و بمبئی کی پریسیڈنسی کمانڈس کی منسوخی۔ جسٹس محمود کی الہ آباد ہائیکورٹ سے علیحدگی۔ مسٹر محمد الگزینڈر رسل ونیہ کے لئے حیدرآباد بمبئی وغیرہ مقامات میں چندہ کر کے نیو یارک امریکہ میں اشاعت اسلام کے لئے مشن قائم کرنا۔ آخر سال میں پاسٹیور انسٹیٹیوٹ کے لئے جس میں دیوانے کتے کے کاٹوں کا علاج کامیابی سے ہوتا ہے افسران سرکاری کی امداد سے چندہ جمع ہونا ہیں۔ وقت ہندوستانی مسلمانوں کی مدد سے امریکہ میں اسلامی مشن قائم کرنا کوئی خفیف تاریخی واقعہ نہیں ہے۔ اور جیسا کہ قرائن یہ معلوم

پیسہ اخبار

لاہور۔ یوم جمعہ۔ ۱۲ جنوری ۱۸۹۴ء

پیسہ اخبار کے ۱۸۹۳ء کے کچھ حالات

۱۸۹۳ء پیسہ اخبار کی اشاعت کا ساتواں سال تھا جو بخیر و خوبی گزر گیا۔ اس سال میں بھی پیسہ اخبار برابر ہفتہ وار چھپتا رہا اور اکاون پرچے شامل کئے۔ ہر ایک پرچہ شروع سال میں ۳۷۰۰ کاپی سے کم کر کے آخر سال میں ۳۵۰۰ کاپی تک چھپتا رہا۔ اس حساب سے سال تمام میں پیسہ اخبار کی کل ۱۹۲۳۰۰ کاپیاں شائع ہوئیں۔ جن کے بعد اوراق ضمیمہ جات کے کل ۴۱۴۱۳۰۰ صفحے یا ۲۰۷۰۶۵۰ ورق ہوتے ہیں۔ اس تمام کاغذ کا ایک فیٹ چوڑا فرش کیا جاوے تو ۱۵۵۲۹۸۵ فیٹ یا ۲۹۴ ۱۷۶۶۳ گز یا ۲۹۴ میل تک بچھ سکتا ہے۔ جو لاہور سے سملہ اور پھر سملہ سے لاہور تک واپس فرش ہو سکتا ہے یا لاہور سے پشاور سے دہلی تک (جو قریب چھ سو میل کے فاصلہ ہے) نصف راستے تک پہنچ سکتا ہے۔ یا لاہور سے کہ بہاولپور تک بھی کئی میل آگے گزر جاتا ہے۔ اگر اسی کو بجائے ایک فیٹ کے بارہ فیٹ چوڑا فرش کیا جاوے تو لاہور سے امرتسر تک بچھ سکتا ہے۔

اس تمام کاغذ کا پیسہ اخبار کی تقطیع کے برابر اگر ایک تہ بتہ اونچا ڈھیر لگایا جاوے تو وہ ۹۳۳ ۳۱۱ فیٹ یا ۳۱۱ گز کے قریب بلند مینار بن جائیگا۔ جو دہلی کی قطب صاحب کی لاٹھ سے چوگنا اونچا ہوگا۔ اور دنیا کے بلند ترین مینار ایفل ٹاور (واقع پیرس) کے قریب برابر برابر ہوگا (جو ایک ہزار فیٹ بلند ہے)۔ اور قسطنطنیہ کی مسجد ایاصوفیہ کے میناروں سے سہ چند سے زیادہ بلند ہوگا۔

سالتمام میں ڈاکخانے کو پیسہ اخبار کا ۶۶۴۰ سیر ۱۶۶ من کاغذ تقسیم کرنا پڑا ہے۔ کہ جس کے عوض میں کارخانہ پیسہ اخبار نے لاہور کے جنرل پوسٹ آفس میں آٹھ ڈکلیئر شینوں کے ذریعہ سے ۲۱۷۳ روپے ۱۱ آنے داخل کر کے رسیدیں حاصل کیں۔ اس سال تخمیناً پیسہ اخبار کے کارخانے میں پانچ ہزار منی آرڈر اور ویلیو پے ایبل وصول ہوئے کہ جن کی فیس اقل درجہ ۲ کے حساب سے ۱۰۰۰ آنے یا ۶۲ روپے ۸ آنے ڈاکخانے کو بالواسطہ وصول ہوئے۔ مگر اس کے علاوہ تخمیناً ایک سو روپے شاہوار کے ٹکٹ اور کارڈ بطور پوسٹیج کے ڈاکخانے سے خریدنے پڑے۔

یہ چند واقعات ہیں جو پیسہ اخبار کے متعلق وثوق سے ظاہر کئے جا سکتے ہیں بیشتر اس کے کہ اس نے آٹھواں سال شروع کیا ہے

۱۸۹۳ء کی نظر ثانی

۳۶۵ روز گزرے ہیں کہ آج کے دن ہم نے ۱۸۹۲ء کے واقعات گزشتہ پر نظر ثانی کر رہے تھے۔ اس وقت کس کو معلوم تھا کہ ۱۸۹۳ء

[صفحہ تاریخ پر کن واقعات کی یادگار چھوڑ کر ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جاتا ہے۔ کون امید نظر ثانی کرنے کے لئے زندہ رہیگا۔ کس کو خیال تھا کہ ایک آوڈ ورق ہمارے سامنے آ لٹہ گیا اور اہل بصیرت کو ایک آوڈ عبرت حاصل کرنے اور ذخیرہ واقعات کا امتحان کرنے کو دیا گیا۔ اس سے فائدہ اٹھا کر سال گزشتہ کے پڑھ بڑھ حالات کی ایک اخباری آرٹیکل میں گنجائش ہو سکتی ہے فراہم کرتے]

[۱۸۹۳ء ہندوستان میں]

ایکٹ کونسلہائے ہندوستان

۱۸۹۳ء ہندوستان میں یادگار چھوڑ گیا ہے اُن میں اندین کونسلز ایکٹ کا نفاذ سب سے ضروری اور سب سے زیادہ کارآمد واقعہ ہے۔ یہ ایکٹ ۲۱ مارچ ۱۸۹۲ء میں شروع ہوتا ہے۔ اس کے مطابق اہل ہندوستان کو ایک درجہ ترقی کا انتظامی اصول حکومت میں گورنمنٹ انگریزی کی طرف عطا ہوا ہے۔ گو ۱۸۹۲ء کے مسودہ ایکٹ کونسلہائے ہند میں بہت سی اصلاح کی باتیں درج تھیں مگر ۱۸۹۳ء میں لارڈ کمبرلے جو کچھ ہندوستان کو عنایت کرنا منظور کیا وہ صرف یہ دو باتیں ہیں کہ ممبر ہوا میسر میل اور لیجسلیٹو کونسلوں میں انتخاب اور نامزدگی سے داخل ہوں اُن کو ایک تو بجٹ پر بحث کرنے کا حق دیا جاوے اور دوسرا جن امور پر مناسب ہووے گورنمنٹ سے سوال کر سکیں۔ دونوں باتیں گو قواعد کے ساتھ بہت حد تک کردی گئی ہیں تاہم ان کا اثر بہت کچھ ہو سکتا ہے۔ گورنمنٹ ہند نے اپنے ساتھ خاص مخلص کو منظور کرنے سے بیشتر اپنی رعایا کے تاعمتاموں کی پرواہ بھی کم اس کی نسبت سنتی گوارا کی ہیں۔ اور منظور کیا ہے کہ جن میں ممبران کونسل کو کچھ شک و شبہ ہووے وہ گورنمنٹ کو ان کی جانب متوجہ کرنا چاہیں اپنے مناسب خط مراتب کے ساتھ سوال کیا کریں اب یہ دوسرا سوال ہے کہ کونسلوں میں ممبر کون لوگ ہونگے یا ہو رہے ہیں اور وہ اپنے کام کو کس طرح نباہیں گے یہ نباہتے ہیں مسلمانوں کی وہ شکایت بیجا نہیں ثابت ہوئی کہ مقابلے کی گھوڑ دوڑ میں ایک قوم کے اعلیٰ درجہ کے آدمی آگے بڑھ جاتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ نیشنل کانگرس یا اس قسم کے انتخابی اصولوں کی انسٹیٹیوشن اچھی نہیں کرتے۔ ۱۸۹۲ء میں بنگال، بمبئی، مدراس و صلاع مغربی و اودھ کی کونسلوں میں جس قدر ممبر انتخاب سے لئے گئے ہیں ان میں کون مسلمان ہے۔ پٹنہ کے سید شرف الدین بیرسٹر اور لکھنؤ کے مسٹر حامد علی بیرسٹر جو ابتدا سے کانگرس کے ہمخیال ہیں باوجود سخت کوششوں اور حصار ہونے کے بنگال اور صوبجات مغربی و شمالی سے ممبر نہ منتخب ہو سکے۔ تو اور کس کو اس درجہ کے حاصل کرنے کی امید ہو سکتی ہے بجائیکہ بنگال کونسل میں بارہ ممبر انتخاب سے داخل ہوئے ہیں۔ تاہم ہماری آرزو ہے کہ ہندوستانی اس عنایت کو جو انہیں اپنے ملک کی آپ حکومت کرنے میں لوکل سلف گورنمنٹ سکیم سے بعد حاصل ہوئی ہے ایسی قدر کرینگے کہ سرکار ان سے اس سے زیادہ حقوق دینے پر آمادہ ہو جاوے۔

مسئلہ سکہ۔ دوسرا بڑا واقعہ اس سال میں ترسیم ایکٹ سکہ ہوا ہے۔ انگریزی سوداگر کیونکہ ہندوستان کی قریباً تمام تجارت کے ہاتھ میں ہے) نرخ تبادلہ سکہ کے بہت بڑھ جانے سے بہت پریشان تھے۔ ہنڈوی کا مقدار اتنی بڑھ گئی تھی کہ ہندوستان

انعام کی رقوم کی تفصیل یہ ہے:۔

اول:۔ ایک انعام ہزار روپے نقد کا ہوگا جو اس شخص کو ملیگا جو سب سے زیادہ خریدار پیدا کرے۔ خواہ اس کا خوش نصیب بنانے والا ہزار روپے تو ہم سے وصول کرے یا لاہور میں ایک مکان قیمتی ہزار روپے کا ہم سے لے کر جس کی خریداری کی نسبت گفتگو ہو رہی ہے۔

دوم:۔ ہر ایک انعام پانچ سو روپے کا ہوگا جو اس شخص کو ملیگا جو اول نمبر سے دوم درجے پر خریدار پیدا کرنے میں رہے۔

سوم:۔ دو انعام دو دو سو روپے کے ہونگے۔

چہارم:۔ تین انعام سو سو روپے کے۔

پنجم:۔ پانچ انعام پچاس پچاس روپے کے۔

ششم:۔ دس انعام بیس بیس روپے کے۔

ہفتم:۔ بیس انعام دس دس روپے کے۔

ہشتم:۔ پچیس انعام پانچ پانچ روپے کے۔

پس کل اکاسی انعام آویں گے جو پچیس ہزار خریدار پیدا پیسہ اخبار کے پورے ہو جانے پر کیونکہ پانچ ہزار خریدار اس وقت موجود ہیں) ان جماعت مقررین لاہور کے سامنے کہ جس میں امیدوار انعام پانے والے شامل ہونگے ہیں انعام کی رقم میں سے [illegible] اس کا علیحدہ [illegible] انعام [illegible] ہوگا۔

خریدار پیسہ اخبار سے کیا مزید فوائد

[illegible] پیسہ اخبار کے [illegible] سب سے بڑی خوبی یہ ہوگی کہ [illegible] اپنی قیمت کے نہایت مضبوط اور [illegible] ہوگی۔ اور کوشش کی گئی ہے کہ [illegible] جس سے اچھی نظری تیار ہو سکے ناظرین پیسہ اخبار کے پیش کیا جاوے۔ یوں تو ہر ایک اس کارخانے کا معاون اور مربی اس نظری کو مقررہ قیمت پر پیسہ اخبار کی یاد گار میں اپنے [illegible] کہہ سکتا ہے۔ مگر اصل غرض پیسہ اخبار [illegible] آنے کی یہ ہے کہ جو شخص اسے خریدے پیسہ اخبار چھ ماہ کے لئے مفت پیش کیا جاوے۔ اور اس طرح تیس ہزار خریدار پیدا کرنے کے [illegible] شان کام میں بالواسطہ ہم بھی اپنے معاونوں کی مدد کر [illegible] ان کے انعام کا روپیہ [illegible] میں سے کریں گے۔ مثلاً جو [illegible] بالواسطہ دس بیس پانچ سو پانے والے خریدار کو دس خدا "پیسہ اخبار" [illegible] مگر ہر یاں تک دو دو سو پانے والوں کو پانچ پانچ۔ سو سو پانے والوں کو تین تین۔ پچاس پچاس پانے والوں کو دو دو۔ بیس بیس پانے والوں کو ایک ایک انعام کی رقم میں محسوب دیا جاویگی۔ اور ان کے باقی روپے اور باقی سب کا روپیہ نقد دیا جاویگا بدیں میں سے ہر گھڑی کے ساتھ چھ چھ ماہ کے لئے پیسہ اخبار مفت دیا جاویگا۔

درصورت اتمام عام کے خیال سے یہ آخری شرط ان انعام کی رقوم [illegible] کہ [illegible] مناسب معلوم ہوتی ہے کہ ہر ایک انعام پانے والے خوش نصیب صاحب کے بیٹے اور اعانت دس فی صدی [illegible] کسی خیراتی [illegible] کے لئے [illegible] ہوگا۔ جو کہ انہیں کے صوبے میں کسی ہندو [illegible] یا [illegible] کہ جس مذہب [illegible] انعام پانے والے کی [illegible] خیراتی یا رفاہ عام انجمن یا سوسائٹی یا اسکول یا ہسپتال یا غریب خانے یا یتیم خانے کو دیا جائیگا۔ اس شرط کے رو سے ہر ایک نیک اور مخیر شخص کو ہماری غرض کی تائید فوری ہو جائیگی کیونکہ جہاں پیسہ اخبار کی خریداری اختیار کرنے سے بہت سے بالواسطہ نیک کاموں میں مدد دیتے ہیں۔ اس ایک براہ راست نیک کام میں مدد ہو جانے کی امید بندھتی ہیں۔ اور تسلیم کیا گیا ہے کہ ہر ایک نیک کام میں مدد دینے والا شخص گویا خود اس نیک کام کے کرنے والا ہوتا ہے۔

ہمارے فیاض مہربان اور ہمدرد خریداروں کا شکریہ

اس تجویز سے جو محض نیک نیتی سے پیش کیجاتی ہے ہماری آن اولوالعزم۔ عالیشان اور مستغنی ناظرین کو کہ جو آج تک بلا کسی طمع کے صرف ہمیں شکر کرنے یا ایک نیک کام میں مدد دینے کے خیال سے بڑی جدوجہد سے پیسہ اخبار سفید کے بڑھانے خریدار ہم پہنچا رہے ہیں کسی طرح دلبرداشتہ نہونا چاہئے کیونکہ ہماری مدد کا اصل سہارا وہی ہیں جن کی بلا غرض خدمات کے احسان سے ہماری پشت دوتا ہے۔ اگر یہی لوگ شروع سے آج تک کوشش نہ کرتے۔ اور انہیں میں سے کثیر تعداد میں دو دو خریدار ہم نہ پہنچاتے تو آج پانچ ہزار کی اشاعت مشکل ہوتی۔ اس لیے ان احباب سے جو ہماری طاقت اور حوصلے کے لئے بمنزلہ ریڑھ کی ہڈی کے ہیں۔ دست بستہ عرض ہے کہ وہ دیکھ کر کہ چونکہ اب پیسہ اخبار اپنے زور سے اشاعت میں ترقی کریگا اب ہماری مدد کی ضرورت نہیں۔ یا چونکہ ہمیں انعام کی خواہش نہیں یا ضرورت نہیں۔ یا شاید ہم اپنی کوشش ابھی کر سکے کہ ہمیں مقابلے میں کامیاب ہو سکیں اس لئے آگے مدد پیسہ اخبار کے نہ دیں۔ اشاعت کے دوڑ میں شکستہ دل و شکستہ پا ہو جائیں۔ امید ہے کہ ان میں سے نہ صرف وہی احباب جو اب تک ہمارے خود دو دو خریدار پیدا کر لینے کے فرض سے سبکدوش ہو چکے ہیں بلا غرض پیسہ اخبار کی اشاعت میں کوشاں رہینگے۔ بلکہ وہ فیاض اور مخیر صاحب لوگ بھی جو قبل ازیں ہماری کام کر چکے ہیں حسب دستور ہماری ہمدردی پر آمادہ رہیں گے اور یقین ہے کہ اس امید میں ہمیں مایوس ہونا نہ پڑیگا۔

پیسہ اخبار کس طرح ہر خریدار کو عمر بھر کے لئے مفت مل سکتا ہے؟

یہ ایک نئی قسم کی تجویز ہے کہ جس کے عملدرآمد سے یہاں ایک طرف پیسہ اخبار کے لئے مستقل خریدار پیدا کرنا اور پھر کے خریدار ہمیشہ کے لئے قائم رکھنا اور اخبار کو ہر دلعزیز بنانا مقصود ہے ساتھ ہی اپنے معاونین کی بھی طبعی اور کسی قدر دلی امداد بھی مدنظر ہے۔ اس سے غرض یہ ہے کہ کوئی صاحب اگر تا دم حیات پیسہ اخبار کے خریدار رہیں اور ہمیشہ دو روپے سال کا خوشگوار نکس ادا کرتے رہیں تو جب انہیں سفر آخرت نصیب ہو (کیونکہ اس سفر پر ہر فرد بشر کو ایک نہ ایک وقت روانہ ہونا ایسا ہی یقینی ہے کہ جیسا کہ خود اس کی ہستی ہے) تو پیسہ اخبار دو روپے تمام رقم جو اس نے ان کی زندگی بھر وصول کی ہے معہ اضافہ کے اسی قدر بشکریہ ان کے ورثا کو ادا کر دے۔ گو ہمارے عالی وقار اور عالی منزلت ناظرین سے بعض صاحب ایسے ہیں کہ جن کے لئے اتنی رقم بعد مرگ کچھ بڑی بات نہیں ہوگی۔ لیکن کثرت ایسے بزرگوں کی ہے جو اس بات کو غنیمت سمجھینگے کہ اگر اس ذریعہ سے ان کے ورثا کو کچھ رقم بلا محنت تو وہ دے سکیں پر دو ایک برس نام خرچ ہے پیسہ اخبار ہمیشہ خریدتے رہینگے۔

آپ تعجب کرینگے کہ وہ تجویز کیا ہے۔ آئیے ہم آپ کو زیادہ دیر منتظر نہیں رکھنا چاہتے۔ سنئے۔ پیسہ اخبار کے مالک نے تجویز کر لیا ہے کہ اخبار کو جہاں تک ممکن ہو ہر دلعزیز بنانے کے لئے یکم فروری ۱۹۳۶ء سے اہتمام کیا جاوے کہ پیسہ اخبار کی قیمتوں کی ہر روز کی آمدنی سے پچیسواں حصہ ہر روز علیحدہ کر کے بینک میں جمع کرایا جاوے۔ اور سال کے اخیر پر ناظرین پیسہ اخبار سے جس قدر احباب کہ اس راہ حق پرور انہ ہوں اور ان کی قیمت پیشگی اس وقت تک کی دفتر میں وصول ہو ان سب میں وہ روپیہ برابر تقسیم کر دیا جاوے۔ ممکن ہے کہ صرف ایک شخص قتال کرے مگر ہم دعا کرتے ہیں کہ ہمارے ناظرین سے کبھی کوئی ہتھیال نہ کرے تاکہ حل یہ روپیہ بچ جایا کرے) تو اس سے ورثا تو ہمارے حال کے تخمینے کے متعلق پانسو روپیہ مل جاویگا۔ اور اگر زیادہ لوگ ہم سے مفارقت اختیار کریں تو اسی رقم کو برابر برابر ان سب سے قریبی اور مقدار رشتہ دار میں تقسیم کر دیا جاویگا۔ اور اس طرح انہیں نہ صرف پیسہ اخبار ہمیشہ کے لئے مفت پڑیگا بلکہ متبلغ پیسہ اس کی قیمت کا عمر بھر میں دینگے اس سے بہت زیادہ ملنا بھی ممکن ہے۔

اس لئے جو احباب مفت کا اخبار لینا چاہتے ہیں وہ فوراً آج کی تاریخ سے دو روپے پیشگی بھیج کر پیسہ اخبار کی خریداری شروع کر دیں۔ اور ہمارے موجودہ ناظرین میں سے بھی وہ صاحب کہ جن کے ذمہ مطبع کا بقایا ہے روپیہ روانہ فرما کر اسی نئی طرح کے زندگی کے بیمے سے فائدہ اٹھائیں۔

انعامی مضامین

قابل مضمون نگاروں کے لئے صلائے عام ہے کہ پیسہ اخبار کے ہر کالم کے مضمون کے لئے ایک روپے سے دو روپے تک ممتاز دیا جاتا ہے۔ جو صاحب نہایت دلچسپ اور عمدہ مضامین بہت عمدہ کر سادہ عبارت میں واقعات سے پُر اور مدلل بھیجا کرینگے۔ بشرطیکہ ایڈیٹر کمیٹی مناسبہ ان کے مضامین کو کالم میں شائع کر دیا جاوے گا۔ نا پسند مضامین کے ہمراہ اگر ٹکٹ ڈاک ہونگے۔ تو راقمان مضمون کی مرضی سے مضامین انہیں واپس کئے جائیں گے۔ اخبار کی گنجائش کے خیال سے کوئی مضمون کالم سے بڑا نہ ہونا چاہئے۔ ہمارے کالم میں پینتالیس سطریں اور ہر سطر میں بالاوسط بارہ لفظ ہوتے ہیں۔

رقم اتم محبوب عالم ایڈیٹر و پروپرائٹر پیسہ اخبار لاہور

خطابات سال نو

کلکتہ یکم جنوری۔ ذیل میں سال نو کے اعزاز درج ہیں:۔

گرینڈ کراس آف دی آرڈر آف ہاتھ:۔ ہز ایکسیلنسی فرینک آرڈر آف ہاتھ:۔ کرنل ایس ٹرنچی کوار ٹرمسٹر جنرل۔ کے سی ایس۔ آئی۔ سر ارنیسٹ ڈیوریننڈ صاحب۔ سی۔ ایس۔ مسٹر آر۔ ٹاٹی صاحب قائمقام کمشنر و سپرنٹنڈنٹ پاسپورٹ۔ اے بینس کمشنر دوم شماری ہندوستان۔ سٹر ڈلیو۔ جی کو

لاہور و پنجاب

— شیخ رحمان بخش صاحب لاہوری نے جامعہ لنڈن میں ڈاکٹر کی ڈگری حاصل کر لی ہے۔ وہ پرسٹر بنکر آئیں گے۔

— سالانہ جلسہ کانووکیشن پنجاب یونیورسٹی برائے معافی ڈگریات ۲۲ جنوری کو ۱۱ بجے دوپہر کے گورنمنٹ کالج ہال لاہور میں منعقد ہوگا۔

— لاہور میڈیکل کالج میں تعداد طلبا میں گذشتہ چار سال میں ایک سو کی ترقی ہوئی ہے۔ ۱۹۰۰ء میں ۲۹۷ طالب علموں کے بجائے سالگذشتہ میں ۳۹۷ ہے جنمیں سے ۱۹۰۱ء اسسٹنٹ سرجن کلاس میں تعلیم پاتے ہیں۔ پچھلے سال میں اسسٹنٹ سرجن کلاس میں دس عورتیں تعلیم پاتی تھیں جنمیں سے چار کو میڈیکل اور اچھے کوالیفائی ڈگری نکلنے کے وظائف ملتے تھے۔ ہاسپٹل اسسٹنٹ کلاس میں صرف آٹھ عورتیں زیر تعلیم تھیں۔ سالگذشتہ میں ہاسپٹل اسسٹنٹ کلاس سے پچاس اور ڈاکٹروں سے صرف تیس پاس ہوئے۔ البتہ اسسٹنٹ سرجنوں میں پچیس سے پندرہ پاس ہوئے۔

— الیکشن کمیشن لاہور میں ۸ جنوری کو ساڑھے چھ بجے صبح سے پیسہ اسپیشل ٹرین آئے گی۔

— ایڈورڈ ٹیچرز ٹریننگ صاحب ہی بی نے حال میں لائیٹ میں انتقال کیا۔ یہ سنہ ۱۸۷۰ء میں پنجاب کے جوڈیشل کمشنر رہے۔ چھ سال ہندوستان میں ملازمت کر کے ستتیس سال تک پنشن انگلستان میں رہے۔ ہندوستانی نے بھی ابتدائے سلطنت انگریزی سے ۱۸۵۷ء تک سرکار کی پنشن کھائی ہے؟

— جو دھوین سکھ ان گذشتہ جمعرات کو جہلم میں فیروز پور

— ڈاکٹر فیصر انگن نے سیالکوٹ میں بھی ہتھوں کیسنکا ۱۰ جنوری کو امرتسر میں کام کیا اور وہاں سے کوہ نیلہ

— ڈنلڈ سی آئی ای کے خدمات سپرد گورنمنٹ پنجاب گئے ہیں۔ پنڈت امر داس اور لالہ ہرنام داس اور لالہ ہرچند داس لاہ سال کے امتحان مصلی میں پاس ہوئے۔

— پنجاب سے اکسٹرا اسسٹنٹی کے مقابلہ میں مولوی حبیب الرحمان اور لیپ سنگھ بی اے پاس ہوئے۔

— شملہ میں سخت برف پڑی۔

— کشمیر میں جس روز برف پڑتی ہے لوگ بہت خوشحال ہیں کیونکہ اس سے دھان کی فصل خوب ہوتی ہے جو اہل کشمیر کی خوراک ہے۔

— ہمیں اس خبر کے سننے سے نہایت افسوس ہوا کہ ہمارے دوست پنڈت مہاراج کشن صاحب مخمور ایڈیٹر و مالک مخمور ہند کے اہلیہ صاحبہ نے ۱۰ جنوری کو انتقال کیا۔ پنڈت صاحب صبر کریں۔ خدا صبر کا اجر دیتا ہے۔

— فیروز پور میں یورپین سپاہیوں اور افسروں کے دودھ کھین کے لیئے ایک گوشالہ قایم کیا گیا ہے جسکے لیئے سرکار نے چار ہزار روپیہ منظور کیا ہے۔

— مہاراجہ صاحب جیسلمیر شنبہ کو دہلی پہنچے

نقد تیس ہزار روپیہ!

ہم پیسہ اخبار کے خریداروں کو دینگے!!!

مگر ہم تیس ہزار نئے خریدار پیدا کرنا چاہتے ہیں!!!

معزز ناظرین! تیس ہزار خریدار ہمارے ملک میں ایک اردو اخبار کے لیئے پیدا ہونا واقعی بڑی بات ہے۔ مگر پیسہ اخبار نے تھوڑی سی کوشش سے یہ کامیابی حاصل کی ہے اور اب پانچ ہزار کی خریداری رکھنے کا فخر کر سکتا ہے جو اردو اخباروں میں پہلی مثال ہے۔ اس سے اسے حوصلہ ہو گیا ہے کہ آپ صاحبوں کی خدمت میں ایک دفعہ پھر ادب کے ساتھ درخواست کرے کہ اگر آپ کی ہمت اور کوشش سے پیسہ اخبار کی اشاعت تیس ہزار ہونا ممکن ہے۔ اور ہم کہتے ہیں کہ ممکن ہے۔ تو پھر آپ کیوں اس کام میں ہماری مدد کرنے کے لیئے مستعد نہیں ہو جاتے۔ آپ اپنی طرف سے نئے خریدار پیدا کر کے اپنے دوستوں عزیزوں اور آشناؤں کو تحریک کرنے اور ترغیب دینے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہ رکھئے اور یقین رکھئے کہ ہم اپنی طرف سے پیسہ اخبار کی ترقی میں کوئی دریغ اور محنت کا جو ہمارے بس کا ہے کمی نہ کرینگے۔

آپ غور کیجئے کہ اگر پیسہ اخبار تیس ہزار خریدار ہو جائے تو اس سے کتنے فائدے آپ کو حاصل ہو سکتے ہیں۔ (۱) جبکہ کسی اخبار کی اشاعت بڑھ جاتی ہے تو لامحالہ اس سے نفع زیادہ ہوتا ہے اور اسی لیئے اس کی تیاری کے لیئے عمدہ سامان بہم پہنچ سکتے ہیں۔ لائق مضمون نگار صحیح اور تازہ خبروں کی بہتر کاپی اور ارزانی صرف وہی اخبار حاصل کر سکتا ہے جو اوسط سب اخبارات سے زیادہ چھپتا ہو۔ (۲) ظاہر ہے کہ جو اخبار اس کثرت سے چھپے وہ ملک کے دور و نزدیک کے باشندوں کے ہاتھ تھوڑے خیالات کا ایک بہتر ذریعہ ہو سکتا ہے۔ (۳) اس میں شک نہیں کہ ایسا اخبار ملک کی ضروریات جس وثوق کے ساتھ گورنمنٹ کے ذہن نشین کر سکتا ہے کوئی دوسرا نہیں کر سکتا۔ کیونکہ گورنمنٹ اس کو ملک کا رئیس سمجھتی ہے۔ (۴) ایسے اخبار کی خبریں ایسی معتبر ہوا کرتی ہیں کہ جنپر ہر شخص بھروسہ کر سکے۔ (۵) ایسے اخبار کے لیئے اشتہار کی خبر ہے۔ (۶) اس قلیل قیمت میں ایسا عمدہ اخبار ملنا بالضرور غنیمت ہوگا۔ (۷) اور ہر ایک خریدار کو ہمیشہ کسی قسم کے انعاموں کے لیئے مقابلہ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ کہ ان میں سے سب سے پہلے تین ہزار روپے کے انعام کی مفصل کیفیت ذیل میں درج کیجاتی ہے۔ (۸) ایک قسم کے زندگی بھر کی قسم کی رعایت سے ہر خریدار کو یہ اخبار بقیمت عمدہ

کہ جس کا تفصیل علیحدہ درج کیجاوے گی۔

ہم نے ارادہ کیا ہے کہ اگر ہمارے مہربان اور شفیق خریدار جس طرح پچھلے دنوں میں ہماری مدد کرتے رہے ہیں اور جس کے لیئے شکریہ ادا کرنے کے لیئے ہم کافی الفاظ نہیں پاتے اگر ویسا ہی اب بھی توجہ اشاعت پیسہ اخبار کے لیئے ہمارا ساتھ دیں تو تک کر پیسہ اخبار تیس ہزار نہ پہنچنے لگے ہم اس کی آسانی میں ایک بستہ نہیں بیٹھنگے۔ بلکہ تمام امن اخبار کی ترقی کے لیئے ہی وقف کر دینگے۔ بلکہ اپنی گرہ سے بھی خرچ کر کے پانچ ہزار نئے خریدار پیدا کرنے کے لیئے ہم نے تجویز کیا ہے کہ ان تین پیسہ اخبار میں سے جو جو صاحب ہمتہ زیادہ سے زیادہ خریدار بہم پہنچائیں اخبار کی اشاعت تیس ہزار ہونے پر ان کو تین ہزار روپیہ انعام دیا جاوے گا۔ اس انعام کی تقسیم کس طرح ہوگی اس کا فیصلہ ہم نے ابھی نہیں کیا۔ اس کا فیصلہ اس وقت کیا جاوے گا جب اخبار کی اشاعت تیس ہزار ہونے پر آئیگی۔ ہاں اس قدر ہم ابھی ظاہر کر دیتے ہیں کہ انعام میں سب سے زیادہ حصہ پیدا کرنے والے کو ملیگا۔ اور ایک ہزار روپیہ سے کم انعام کسی کو نہ ملیگا۔ اور علی ہذا القیاس باقی دو ہزار روپیہ کئی انعام پانچ سو روپیہ سے پانچ روپیہ تک مقرر کیئے جاوینگے۔ ان انعامات کی تفصیل ذیل میں درج کیجاتی ہے:

اب معزز ناظرین سمجھ سکتے ہیں کہ پیسہ اخبار کہ جس کی قیمت دو تین آنے سے زیادہ سالانہ نہیں ہو سکتی اس کے لیئے ہم تیس ہزار روپیہ کیوں خرچ کرتے ہیں کہ سب خریداروں کو ملیں۔ اور یہ خسارہ وہ صریحہ ایک بیوقوفی ہوگی۔ ہم کہتے ہیں کہ ہم تیس ہزار خریدار پیدا کر کے ان سے کیا فائدہ اٹھائینگے۔

ان انعامات کے لیئے مقابلہ کرنے والوں کو ہم کوشش شروع کر دیں۔ ہم نہیں پیسہ اخبار کے نوٹس کے لیئے بھی بھیجا کرینگے۔ زیادہ اطمینان کے لیئے ہم ہر ہفتہ وار اور آخر سال کے بعد ہر مہینہ میں شخص کے نام دو نقد قیمت سالانہ پیسہ اخبار جاری کر دینگے یا اخبار جاری کرانے کے ساتھ انعامی کتاب دیدیا کرینگے۔ اور اس طرح پر جس شخص کی اجازت دیگے اور اس طرح پر جس شخص کے نام اس کے سالانہ وصول ہو جائینگے اس کے نام اس کے ساتھ ایک جدا رجسٹر میں درج ہوتے رہینگے کہ جن کی انہیں رسید دیجاوے گی۔ اور اسی رجسٹر سے ذمہ دار آخری نتیجہ کا لاجا کر کس شخص نے سب سے زیادہ خریدار پیدا کئے اور اس کو بڑا انعام دیا جاوے۔ چونکہ انعام کی رقمیں معقول ہیں اور تھوڑے میں بھی یہ تفصیل ذیل اکثر حصوں کے لیئے امید کرنے کے لیئے کافی ہیں اس لیئے امید کرتے ہیں کہ ہمارے معزز خریدار اس کی خریداری پر متوجہ ہونگے۔ ہر ایک صاحب کو ایک ہزار روپیہ کا انعام حاصل کرنے کے لیئے کھڑا ہونا چاہیئے۔ اور جو لوگ کوشش کرینگے وہی اس انعام کے مستحق ہونگے۔ استقلال کے ساتھ جو شخص محنت کرتا رہے تو یقین ہے کہ وہی یا انعام کریگا۔ اور جو لوگ تھوڑی کوشش کر کے رہ جاوینگے وہ انعام سے محروم رہینگے۔ کوشش کرنے والے صاحبوں کے اطمینان کے لیئے ہم یقین دلاتے ہیں کہ پیسہ اخبار کی خوبیاں اور ارزانی جو اس کے لیئے بہت بڑی ترغیب ہیں۔ ہمیں ہرگز نہیں سمجھنا چاہیئے کہ کسی سخت نے پیسہ اخبار کے خریدار بنانے میں ہماری مدد کی ہے۔ ہم صاحب کی خدمت میں بفرض خریداری پیش کیا ہوا وعدہ اخبار پڑھنے کا پورا کرتے ہوئے اور فرمائش کی ترمیم اس کی پرانا

ہند و ستان کی خبریں

(ہندوستان)

— مدراس سے مسٹر ایوٹی نارٹن سپرنٹنڈنٹ کونسل کے ممبر منتخب ہوئے ہیں۔

— آئندہ اجلاس لیجسلیٹو کونسل میں نشست جنرل برکنبری سودوا سٹیران اور ڈاکٹر لیتھ جو مسودہ قیدیان پیش کریں گے غالباً سودوا پیش ہوگا۔ مگر ابھی کچھ نہیں ہوا تھوڑی عرصہ کے لئے توی کیا جائیگا۔ غالباً سر انٹنی مسکڈانل جیلخانوں کا مسودہ بھی پیش کریں گے۔

— ایک مہم ابر لوگوں کے مقابلہ میں ایک سوار انفل ۲۴ ہوس رکھا اور ۴۰ فوجی پولیس کی بہت جلد روانہ ہونے والی ہے۔

— افیون کی شاہی کمشن گزشتہ منگل کو کلکتہ سے پٹنہ کو ریعہ سپیشل ٹرین گئی۔

— تلات اور چیلاس کی قلعہ بندی میں گورنمنٹ نے گھاٹی ہیڈ کلکتہ میں کانفرنس لینڈ ریکارڈس (کاغذات دیہی) نے لاس ختم کئے۔

— اسٹنڈین ریلوے والنٹیروں کو ۳۹ ہزار روپے کی امداد ارنے دی کہ حال کے موسم سرما میں دمشقی قواعد کے کمیپ کریں۔

— مسٹر ایوٹ کارنک کے مستعفی ہونے پر مسٹر رامنٹ کمشنر آباد بنارس افیون ایجنسی پر مقرر ہوئے۔

— گورنمنٹ ہند کے حکم سے سر جن نشنٹ کرنل ڈبلیو ب ر و ڈاکٹر ڈاکٹر فلکن کا طریقہ ہیضہ کا ٹیکا لگانے کا سیکھنے اور مشق کرنے تے خاص ڈیوٹی پر مقرر ہوئے۔

— مسٹر ہینڈرلبٹ امریکہ کا کروڑپتی "ریل کا بادشاہ" دہلی سے یہ سپیشل ٹرین آگرہ پہنچا۔ دہلی میں مسٹر و ہینڈرلبٹ نے اپنے رسوں کے ہمراہ جو گیارہ ہیں میٹروپولیٹن ہوٹل میں قیام کیا تھا۔

— سیلیں کے سوداگروں میں تحریک پیدا ہوئی ہے کہ سنگھالی دخانی جہاز رانی کی کمپنی قائم کریں جس کے جہاز ساحل اور جنوبی ہند کے مابین چلا کریں۔

— بندرس کا مندر رانی جی جو گورنمنٹ اصلاع مغربی و شمالی کے وہاں کی آبرسانی کی سکیم پر سخت فساد ہونے کی وجہ سے بند یا۔ اب اس کی تعمیر کی اجازت دی گئی ہے۔

— اصلاع بمبئی کے گانوں کی آبرسانی کی اصلاح کی طرف بڑی توجہ ی ہے چنانچہ ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ روپیہ اس کام کے واسطے ہو چکا ہے۔ کام بہت جلد شروع ہونے والا ہے۔

— کلکتہ میں ایک ہندو عورت نے مذہب عیسائی اختیار اپنے ہندو شوہر سے علیحدگی کی نالش دائر کی۔ شوہر نے بھی میں آکر بیان کیا کہ میں عیسائی عورت کے ساتھ رہنا نہیں رتا۔ سر شرچ علی پوسے اُن کی شادی فسخ کر دی۔

— ہندو کے دیوان موتی رام شوکی رام زبوان ناوڈ رائے کے بھائی نے انگلستان میں ایک یورپین لیڈی سے بمبئی کے مطابق شادی کی۔

— گورنمنٹ یو نے تو پخانہ تعلقہ میں ۱۲ سال سے کم عمر کی ۱۴ سال سے کم عمر کے لڑکے کی شادی کو جرم قرار دیا ہے۔

گورنمنٹ برودہ نے ایک قانون تیار کیا ہے جس کے رو سے اسال سے کم عمر کی لڑکی اور اسی قدر عمر کے لڑکے کی شادی جرم قرار دی گئی ہے۔ سوشل اصلاح میں بھی قانون خوب مدد گار معلوم ہو سکتا ہے۔

— جسٹس پرنسپ جج ہائیکورٹ کلکتہ کو خطابات کی فہرست شائع ہونے کے بعد بذریعہ تار خطاب نائٹ ہڈ ولایت سے آیا۔

— ضلع بدایوں میں جن ڈاکوؤں نے زمیر گزشتہ میں بہت شور مچایا تھا اور اُن کو منتشر کر دیا گیا تھا ۱۴ جنوری کو مسٹر ہلمٹن سپرنٹنڈنٹ پولیس کی کوشش سے اُن کا سرغنہ بچو سنگھ علی گنج ضلع ایٹہ میں گرفتار ہوا۔ اور اُس کا بھائی دھارا بندوق سے مارا گیا۔

— مدراس ڈویژن کے انسپکٹر تعلیم کرنل ہیڈ شاف ہونے سے انتقال کیا۔ یہ ۱۸۷۶ء سے ہندوستان میں آئے اور بہت پرانے اور ہر دلعزیز افسر تھے۔

— مسٹر جیمین مدراس کے ایک سالسٹر نے فورجان دی۔ وجہ یہ کہ کوئی زہریلی مچھلی کھائی تھی جبکہ زہر خون میں سرایت کر گیا۔

— بریلی میں گزشتہ جمعرات کی شام کو دو مرتبہ زلزلہ آیا۔

— ای۔ ڈی۔ نسل سپرنٹنڈنٹ سنگ انجینر شمالی ڈویژن۔ تھوری کے سوپرنٹنڈنٹ اور بمبئی کے مسٹر رحمت اللہ سیاتی زائد ممبران کونسل گورنر بمبئی مقرر ہوئے۔

— ۱۴ جنوری کو مسٹر نورجی کلکتہ پہنچیں گے۔

— پہلی سپریم لیجسلیٹو کونسل کا اجلاس ۱۴ جنوری کو ہوا۔

— مہاراجہ صاحب ڈمراؤں نے ایک اعلان شائع کیا ہے کہ اُن کو گورکھشنی سبھا سے کچھ تعلق نہیں ہے۔

— ایک نیا انگریزی اخبار آرمے بنام بہار پیٹریاٹ نکلا ہے۔

— گورنمنٹ ہند نے نشہر کیا ہے کہ عدن میں جدید واسرائے ۱۰ جنوری کو پہنچیں گے اور ۲۰ کے قریب بمقام بمبئی۔

— یکم اپریل سے سیونگ بینک کا نرخ سود ڈاکخانوں اور پریسیڈنسی سیونگ بنکوں میں ۳ سے ۳½ فیصدی سالانہ دیا جاویگا۔

— آخر جنوری میں ایک کمیٹی بصدارت کرنل ہوم رائل انجینر ایسٹ انڈین بمبئی۔ بروڈہ اور سنٹرل انڈیا ریلوں پر نرخ محصول تاربرقی کی درستی کے لئے گورنمنٹ کی طرف سے بیٹھے گی۔

— امرتسر بازار پیٹر کلنے افواہ سنی ہے کہ بنگال گورنمنٹ نے اپنے محکمہ اضلاع کی رائے کلرکوں کی تنخواہیں کم کر دینے کی نسبت دریافت کی ہے۔

— مسٹر محمد رفیق جج سمال کاز کورٹ لکھنؤ ایڈیشنل سشن جج لکھنؤ کئے گئے۔ اُن کی جگہ لالہ پیارے لال سبارڈینیٹ جج عدالت مطالبہ خفیفہ کے جج ہوئے۔

— بجنگ ڈاکو کی گرفتاری پر مس کے ساتھیوں سے پانچ بندوقیں۔ سات پستول اور چھ تلواریں پولیس نے چھینیں۔

— دسویں انڈین نیشنل کانگریس کا اجلاس مدراس میں ہوگا۔

— مسٹر دادا بھائی نوروجی کو ۱۱ جنوری بوقت دو بجے ایک ایڈریس میونسپلٹی کونسل ٹال مین دیا جسمین درج تھا کہ آپ ریوریشن ہمارے ممبر پارلیمنٹ منتخب ہونے پر کتنی خوشی ہے ہم دادا بھائی نے جواب دیا کہ تمہارے اتنا خوش ہونے سے مجھ بھی خوشی ہوئی اور میں بھی کہ میں اپنی تنخواہ چھوڑ کر انگریز جج

لیئے تو تنخواہ کا سوال ایک معمولی بات ہے لیکن ہم ہندوستانیوں کے لیئے یہ ایک نئی روح نئی زندگی اور ہماری قومی تاریخ کا نیا ورق ہے۔ اس لیئے ہمارا خوش ہونا بجا ہے مگر مجھے اس سے زیادہ خوشی ہوتی اور زیادہ خوشی پیدا ہوتی ہے کہ جنہوں نے مجھے چنا ہے اور جنہوں نے مجھے چنا ہے وہ ہندوستانی ہیں اور ان صفات کو ظاہر کیا ہے کہ ہندوستان کے لوگ میرے منتخب ہونے پر اعتبار رکھتے ہیں اور میرے منتخب کرنے والے اسے منظور کرتے ہیں۔

(دربار)

— لارڈ ہارڈنگ وائسرائے ۱۱ جنوری کو ہندوستان پہنچے۔

— ہز ہائینس نواب صاحب رامپور پرنس آف ویلز کی سیاحت سے واپس آکر ۱۰ جنوری کو بریلی اور ۱۱ کو رامپور پہنچے۔ اپالو بندر بمبئی میں گزشتہ ہفتہ کے روز نواب صاحب کے جہاز پہنچنے پر افسران ریاست اور معززان نواب صاحب کا استقبال کیا۔ اور نواب صاحب جاورہ کے دولہا کو آنجہانی جواہر کے سانے ہیں ملاقات کی۔

— نواب صاحب رامپور کی شادی نامزد ہو رہی ہیں اب صاحب جاورہ کی دختر سے ہونگی ہے۔ ریاست راجپور نے شادی کے لیئے چھ لاکھ روپیہ تجویز کیا۔

— امریکہ کے آنریبل مسٹر اور مسز وینڈربلٹ کلکتہ میں وائسرائے کے مہمان ہوئے۔

— لیڈی لینسڈون صاحبہ نے جبلپور میں اور ڈ مہاراجی کوچ بہار کی زنان سے ملاقات کی۔ (بیان ہر چندر سین کی بیوہ ہوگئی)

(انگلستان)

— مسٹر گلیڈسٹون تین ہفتہ سے بیمار تھے بقید ا واسطے موسم بہار فرانس کے مقام بیارٹز کو گئے

— لارڈ کچنر کی طبیعت بہت علیل ہے

اہل و عیال انکے بستر کے پاس جمع ہیں

— پرنس کونسل ہوس آف کامنز سے

— ٹائمز کو خبر ملی ہے کہ گورنمنٹ نے انگلستان کی تقویت کا انتظام کیا ہے۔ آئندہ پانچسال میں پا کے آہنی جہازوں کے سوائے اور بھی اضافہ ہوگا۔

— ڈریڈ ناٹ بوک آف بیمی کی نسبت فوبوک آ کی دوسری لڑاکی سے (۱۱ جنوری)

(افریقہ)

— میرالیشون (افریقہ) سے خبر پہنچی ہے کہ فرانسیسی فوج نے انگریزی فوج پر جو قوم صوما کے ساتھ مل کر لڑ رہی تھی حملہ کیا۔ انگریزی فوج سے ویسیشون کی فوج سمجھ کر حملہ کیا اور سخت لڑائی ہوئی جسمین کپتان لنڈے انسپکٹر سر لیشون پولیس اور بہت سے سپاہی مارے گئے۔ اور کئی افسران و سپاہیان ویسٹ انڈیا رجمنٹ کے مارے گئے جب فرانسیسی فوج کو پتہ لگا کہ انگریزی فوج سے لڑائی ہوئی ہے تو وہ ہٹ گئی مگر فرانسیسی سپہ سالار زخمی ہو کر مر گیا۔ انگریزی سپہ سالار نے اطلاع دی کہ فرانسیسیوں کے حملہ سے پہلے وہ قوم صوما کو [illegible]

DUE	RETURNED
FEB 10 201[illegible]	

Form 104A

UNIVERSITY OF MISSOURI - COLUMBIA
ELL
AP95.U7 P3 (1894) 8
010-013052732

RESTRICTED LOAN
AP
95
.U7
.P3
8
1894
G33178